مخلوط کا تناول اور استعمال جائز نہیں قبل ادا کرنے تاوان کے وصح الابراء صحیح ہے معاف کر دینا یعنے اگر مالک، مودع کو معاف کر دے تو صحیح ہے اور اسکا حق
نہیں اور دین سے ساقط ہوگا ابراء سے کذا فی البحر ولو خلطہ بردی ضمنہ لانہ عیبہ ولعکسہ شریک لعدمہ مجتبیٰ اور اگر جید کے ساتھ ردی کو ملایا تو جید کا تاوان دے
اسواسطے کہ اسنے اسکو عیب دار کر دیا اور اسکے بالعکس میں یعنی اگر مودع نے ردی ودیعت کے ساتھ جید کو ملایا تو مودع شریک ہے مالک کا بسبب نہونے عیب کے
کذا فی المجتبیٰ وان باذنہ اشترکا شرکۃ املاک کما لو اختلطت بغیر صنعہ کان انشق الکیس لعدم التعدی اور اگر ملانا ودیعت کے ساتھ مالک کے اذن سے ہو
تو مالک اور مودع شریک ہونگے بشرکت املاک چنانچہ اگر ودیعت ملجائے بغیر صنعت مودع کے جیسے تھیلی درموں کی پھٹ گئی اور ودیعت کے درم مودع کے
درموں کے ساتھ مل گئے تو دونوں شریک ٹھہرینگے اور مودع پر ضمان لازم نہوگا عدم تعدی کے سبب سے ولو خلطہا غیر المودع ضمن الخالط ولو صغیرا ولا یضمن
ابوہ خلاصہ اور اگر ودیعت کو سوا مودع کے کسی اور شخص نے ملا دیا تو ملانے والے پر تاوان آویگا اگرچہ وہ صغیر نا بالغ ہو اور صغیر کے باپ پر تاوان نہ آویگا کذا فی
الخلاصہ ولو انفق بعضہا فرد مثلہ فخلطہ بالباقی خلطا لا یتمیز معہ ضمن الکل لخلطہ مالہ بہا اور اگر مودع نے بعض ودیعت خرچ کر ڈالی سو برابر اسکے پھیر دے پھر
اسکو باقی ودیعت کے ساتھ اس طرح ملایا کہ باقی علیحدہ نہیں ہوسکتی اس خلط کرنے کے ساتھ تو تمام ودیعت کا تاوان اسپر لازم ہوگا بسبب مخلوط کرنے اپنے
مال کے ودیعت کے ساتھ ضمان کل اسواسطے لازم ہوا کہ بعض کا تاوان آیا خرچ کرنے کے سبب سے اور بعض باقی کا خلط کرنے سے تو وہ متعدی ہوا اتفاق
سے اور جو اسنے پھیر دیا وہ اسکی ملک پر باقی ہے کذا فی البحر فلو تاتی التمیز او انفق ولم یرد او اودع ودیعتین فانفق احدہما ضمن ما انفق فقط مجتبیٰ اور اگر باقی ودیعت
کی تمیز اور جدائی حاصل ہوسکتی ہو یا اسنے بعض ودیعت خرچ کی اور پھر اسمین داخل نہیں کی یا اسکے پاس دو ودیعتین رکھی ہین سو اسنے ایک ودیعت خرچ کر ڈالی تو فقط
اتنا تاوان دے جتنا اسنے خرچ کر ڈالا کذا فی المجتبیٰ وہذا اذا لم یضرہ التبعیض اور یہ یعنے ضمان بقدر اتفاق اسوقت ہے کہ جب کہ بعض کا خرچ کرنا ودیعت کو ضرر نہ کرتا ہو حم
بو مرتبط ہے اتفاق اور عدم رد سے بحر الرائق مین ہے رد مثل کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر رد نہ کریگا تو فقط اسیقدر کا ضامن ہوگا جتنا اسنے صرف کیا اسواسطے کہ
وہ باقی ودیعت کا حافظ ہے اور اسمین کچھ عیب نہین لگ گیا اسواسطے کہ وہ اس قسم سے ہے جسکو تبعیض مضر نہیں اسواسطے کہ گفتگو اسمین ہے جبکہ ودیعت
دراہم یا دنانیر یا کیلی یا وزنی ہو انتہی اور مین نے یہ مصرح نہین دیکھا کہ جب اس ودیعت کو خرچ کرے جسکو تبعیض مضر ہے کہ اسمین تمام کا تاوان ہے یا بقدر انفذ اور
نقصان باقی کا تو اسکی تحریر کرنا چاہیے کذا فی الطحطاوی واذا تعدی علیہا فلبس ثوبہا او رکب دابتہا او اخذ بعضہا ثم ردعینہ الی یدہ حتی زال التعدی زال
ما یودی الیہ الضمان اور جبکہ اسنے ودیعت پر تعدی کی سو ودیعت کا کپڑا پہن لیا یا اسکے جانور پر سواری کی یا بعض ودیعت نکال لی پھر عینہ ودیعت پھیر دی
اپنے قبض اور حفظ کی طرف یہان تک کہ تعدی زائل ہوگئی تو وہ چیز دور ہوگئی جو تاوان کی طرف مودی ہے یعنی تعدی رد کرنے سے دور ہوگئی جو تاوان کی موجب تھی ما دام
یلن من نیتہ العود الیہ اشباہ من شرط النیۃ رد ودیعت سے تاوان زائل ہوتا ہے جبکہ اسکی نیت مین اسکی طرف عود کرنے کا ارادہ نہو چنانچہ اشباہ مین ہے شرط
نیت کے بیان مین ہے تو اگر ودیعت کا کپڑا پہنا اور رات کو اتارا اور اسکا ارادہ یہ ہے کہ اسکو دن مین پھر پہنونگا پھر وہ رات مین چوری گیا تو وہ تاوان سے بری نہوگا کذا فی
الطحطاوی من جنایات البحر بخلاف المستعیر والمستاجر فلو ازالاہ لم یبرا لعملہما لانفسہما بخلاف مودع و وکیل بیع او حفظ او اجارۃ او استیجار و مضارب و مستبضع
و شریک عنان او مفاوضۃ و مستعیر رہن اشباہ بخلاف مستعیر اور مستاجر کے تو اگر وہ دونون تعدی زائل کر دین تو بھی تاوان سے بری الذمہ نہونگے اسواسطے کہ
مستعیر اور مستاجر کا عمل اپنی ذات کی منفعت کے واسطے بخلاف مودع اور بیع یا حفظ یا اجارہ یا استیجار کے وکیل کے اور مضارب اور مستبضع اور شریک عنان یا شریک
مفاوض کے اور اس شخص کے جسنے کوئی چیز عاریت لی گرو رکھنے کے واسطے کذا فی الاشباہ ھم تعدی مستاجر کی یہ صورت ہے کہ جانور کرایہ لیا ایک مکان تک پھر وہان
سے آگے بڑھ گیا پھر اسی مکان مین پلٹ آیا تو اگر جانور تلف ہوگا تو اسپر تاوان لازم ہوگا اور اسی قول پر فتوی ہے وکیل بیع تعدی کی یہ صورت ہے کہ جس کپڑے
کی بیع کا وہ وکیل ہوا اسکو پہنا پھر ترک استعمال کیا پھر وہ ضائع ہوگیا تو اسپر تاوان نہین اور وکیل استیجار کی یہ صورت ہے کہ موکل نے وکیل کو دراہم دیے کہ

ایک گھر اسکو کرایہ لے دے سو وکیل نے دکان کے کرایہ مین دراہم دیے پھر بعینہا اسوقت تلف ہوگئے تو تاوان نہین اور مستعیر رہن کی یہ صورت ہو کہ غلام یا جانور کو
عاریت لیا تا اسکو گرو رکھ دے پھر غلام سے خدمت لی یا جانور پر سواری کی گرو رکھنے سے پہلے پھر اسکو اتنے مال پر جو اسکی قیمت کے برابر گرو رکھا پھر اسنے مال ادا کیا اور
غلام یا جانور کو نہ چھوڑا یہان تک کہ غلام یا جانور تلف ہوگیا مرتہن کے پاس تو راہن پر ضمان نہین ہو راس مسئلے مین یہ قید ضرور ہو کہ تعدی کے بعد رہن بھی رکھے
تو اگر تعدی کے بعد رہن نہ رکھیگا ورنہ ضائع ہوگا تو اسپر تاوان لازم ہوگا اور وہ داخل ہوگا اس مسئلے مین جو متن مین مذکور ہو اور یہ مسئلہ مستثنے ہو مسئلہ مستعیر سے
جو متن مین مذکور ہو جیسا کہ مصنف رح نے اپنی شرح مین بیان کیا ہو کذا فی الطحطاوی مختصرا والحاصل ان الامین اذا تعدی ثم ازالہ لا یزول الضمان الا فی ہذہ العشرۃ
اور حاصل مقام یہ ہو کہ امانت دار جبکہ تعدی کرے پھر اسکو زائل کرے تو اسپر سے تاوان زائل نہین مگر ان دس مسائل مین تاوان زائل ہوجاتا ہو لان یدہ
کید المالک مودع پر بعد ازالہ تعدی تاوان اسواسطے نہین کہ مودع کا ہاتھ اور قبضہ مالک کے قبضہ کے مانند ہو ہم طحطاوی نے کہا یہ علت ہو مسئلہ ودیعت کی جو متن مین
مذکور ہو انتہی اور ایک نسخے مین یون ہو (لان ایدیہم کید المالک) یعنی اسواسطے تاوان نہین کہ اشخاص عشرہ کا قبض بمنزلہ مالک کے قبض کے ہو اور یہی مصلحت مناسب
مقام ہو واللہ اعلم ولو کذبہ فی عودہ للوفاق فالقول لہ وقیل للمودع عمادیہ اور اگر مالک مودع کی تکذیب کرے ازالہ تعدی مین تو اسی کا قول یعنے مالک ہی کا
مقبول ہو اور بعضون نے کہا موودع بالفتح کا قول مقبول ہو کذا فی العمادیہ وبخلاف اقرارہ بعد جحودہ ای جحود الایداع اور بخلاف اقرار کرنے موودع کے انکار ایداع
کے بعد ہم یعنے موودع نے اول انکار کیا ایداع کا اس طرح کہ مالک سے کہا کہ تو نے میرے پاس ودیعت نہین رکھی پھر ودیعت کا اقرار کیا کہ اسپر تاوان
لازم ہوگا لیکن چند شروط کے بعد جنکو مصنف رح آگے بیان کریگا حتی لو ادعی ہبۃ او بیعا لم یضمن خلاصۃ تو اگر موودع ہبہ یا بیع کا دعوے کریگا تو تاوان
نہ دیگا کذا فی الخلاصہ یعنے درصورت تلف ودیعت اسپر تاوان نہ آویگا ہبہ یا بیع کے دعوے سے وقید بقولہ بعد طلب ربہا ردہا فلو سالہ عن
حالہا فجحدہا فہلکت لم یضمن بحر مصنف رح نے اقرار بعد انکار مین یہ قید لگائی کہ ودیعت کے پھیر دینے کا مطالبہ مالک کے بعد انکار کیا ہو تو اگر مالک نے
موودع سے ودیعت کا حال پوچھا کہ وہ کس طرح ہو سو اسنے ودیعت کا انکار کیا پھر ودیعت تلف ہوگئی تو اسپر تاوان نہین کذا فی البحر وقید
بقولہ ونقلہا من مکانہا وقت الانکار ای حال جحودہ لانہ لو لم ینقلہا وقتہ فہلکت لم یضمن خلاصہ اور مصنف رح نے قید لگائی نقل کرنے ودیعت کی
اسکے مکان سے اپنے انکار کی حالت مین اسواسطے کہ اگر وقت انکار ودیعت کو وہان سے نہ اٹھا لیجائیگا پھر وہ تلف ہوگی تو اسپر تاوان نہوگا کذا فی
الخلاصۃ ہم عدم نقل حالت انکار اسپر صادق ہو کہ مطلقا نقل نہو یا بعد انکار یا قبل انکار کے نقل ہو طحطاوی نے کہا حالت انکار سے شاید مراد یہ ہو کہ انکار
کے زمانے مین اسنے نقل ودیعت کی اور یہ مراد نہین کہ وقت حقیقی انکار مین نقل واقع ہوئی اسواسطے کہ یہ صورت نادر الوجود ہو وقید بقولہ وکانت
الودیعۃ منقولا لان العقار لا یضمن بالجحود عندہما خلافا لمحمد فی الاصح غصب الزیلعی اور مصنف نے قید لگائی کہ ودیعت مال منقول ہو اسواسطے کہ
غیر منقول مین تاوان نہین انکار سے شیخین رحمہما اللہ تعالے کے نزدیک بخلاف محمد علیہ الرحمۃ کے قول اصح مین کذا فی کتاب الغصب من الزیلعی
ہم طحطاوی نے کہا بعد اشتراط نقل ودیعت اس قید کی کچھ حاجت نہ تھی وقید بقولہ ولم یکن ہناک من یخاف منہ علیہا فلو کان لم یضمن لانہ
من باب الحفظ اور قید لگائی کہ وہان یعنے انکار کے وقت ایسا شخص نہو جسکا خوف ہو ودیعت کے تلف کر ڈالنے کا تو اگر ایسا شخص ہوگا تو موودع پر
انکار ودیعت سے تاوان نہ آویگا اسواسطے کہ ایسے شخص کے سامنے انکار کرنا منجملہ حفاظت اور نگہبانی کے ہو وقید بقولہ ولم یحضرہا بعد
جحودہا لانہ لو جحدہا ثم احضرہا فقال لہ ربہا دعہا ودیعۃ فان امکنہ اخذہا لم یضمن لانہ ایداع جدید والا ضمنہا لانہ لم یتم الرد اختیار اور قید لگائی کہ
ودیعت کو بعد اسکے انکار کے موودع حاضر نہ کرے اسواسطے کہ اگر موودع انکار ودیعت کرے پھر اسکو حاضر کرے سو اسکا مالک اس سے
کہے کہ اسکو چھوڑ میرے پاس بطور ودیعت کے تو اگر موودع نے ودیعت کے لینے پر مالک کو قادر کردیا تو اسپر تاوان لازم نہوگا اسواسطے کہ

ثم ایداع جدید ہوا اور اگر مالک کو ودیعت کے لینے پر قادر نکیا تو مودع پر ودیعت کا ضمان لازم ہوگا اسواسطے کہ عدم تمکین سے پھیر دینا پورا نہوا کذا فی الاختیار وقید بقولہ لمالکہا
لانہ لو جحدہا لغیرہ لم یضمن لانہ من الحفظ اور قید لگائی مصنف رحمہ نے کہ مالک سے انکار ودیعت کرکے اقرار کیے اسواسطے کہ اگر مالک کے سوا دوسرے شخص سے مودع
ودیعت کا اقرار کریگا تو اسپر تاوان نہ آویگا اسواسطے کہ غیر سے انکار کرنا بجملہ حفظ ودیعت ہے ہم حاصل متن یہ ہے کہ اقرار بعد الانکار سے تاوان نہیں مگر سات شرطوں سے
تاوان لازم آتا ہے اول شرط یہ ہے کہ مطالبہ مالک کا بعد انکار کے ہو ۲ یہ کہ ودیعت کو نقل کر چکا ہو ۳ یہ کہنا نہ انکار میں نقل ہوا ہو ۴ یہ کہ ودیعت منقولات سے ہو
۵ یہ کہ انکار کے وقت وہ شخص نہو جسکے ضائع کر ڈالنے کا خوف ہو ۶ یہ کہ ودیعت کو انکار کرنے کے بعد سامنے نلاوے ۷ یہ کہ انکار مالک سے کیا ہو نہ غیر سے
فاذا تمت ہذہ الشروط لم یبرأ باقرارہ الا بعقد جدید ولم یوجد یعنی جبکہ یہ شروط سبعہ پوری ہوں تو مودع تاوان دینے سے بری الذمہ نہوگا اپنے اقرار کرنے سے
مگر ایداع کا عقد جدید ہوا اور حالانکہ عقد جدید موجود نہیں ولو جحدہا ثم ادعی ردہا بعد ذلک وبرہن علیہ قبل وبری اور اگر مودع نے ودیعت کا انکار کیا
پھر دعوے کیا کہ اسنے ودیعت کو پھیر دیا بعد اسکے اور اسپر گواہ لایا تو گواہی مقبول ہے اور تاوان سے بری ہوگا کما لو برہن انہ ردہا قبل الجحود وقال غلطت فی
الجحود او نسیت او ظننت انی دفعتہا قبل برہانہ چنانچہ اگر گواہی لایا کہ اسنے ودیعت پھیر دی انکار کرنے سے پہلے اور مودع نے کہا کہ میں نے انکار از راہ
غلط کیا یا میں بھول گیا تھا یا مجکو یہ گمان تھا کہ میں ودیعت کو دیچکا ہوں تو برہان اسکی مقبول ہوگی ولو ادعی ہلاکہا قبل جحودہ حلف المالک ما یعلم ذلک
فان حلف ضمنہ وان نکل بری وکذا العاریۃ منہاج اور اگر دعوے کیا ودیعت کے ہلاک ہونے کا قبل از انکار ودیعت کے تو مالک سے قسم لیجائے کہ
وہ اسکو یعنے ہلاک ودیعت کو نہیں جانتا ہے سو اگر مالک یہ قسم کھائے تو مودع سے تاوان لے اور اگر مالک قسم نہ کھائے تو مودع تاوان سے بری ہوگا
اور یہی حال ہے عاریت کا کذا فے المنہاج ہم قاضی مالک سے اسوقت قسم لیگا جبکہ مودع قسم کی درخواست کرے اور ودیعت کے تلف ہوجانے پر
گواہ نلاسکے اور عاریت کی یہ صورت ہے کہ مستعیر نے ہلاک عاریت کا دعوے کیا قبل انکار کے تو قاضی معیر سے علم پر قسم لیگا کذا فے الطحطاوی ویضمن
قیمتہا یوم الجحود ان علم والا فیوم الایداع عمادیۃ اور انکار کے دن جو ودیعت کی قیمت ہوگی اسکا تاوان لیا جاویگا اگر اس دن کی قیمت معلوم ہو اور اگر معلوم نہو
تو یوم الایداع کی قیمت کا تاوان لیا جائیگا کذا فی العمادیۃ بخلاف مضارب جحد ثم اشتری لم یضمن خانیہ بخلاف اس مضارب کے جسنے انکار کیا پھر خرید کیا تو
اسپر تاوان نہ آویگا کذا فی الخانیہ ہم منح الغفار میں خانیہ سے منقول ہے کہ مضارب نے جبکہ صاحب مال سے کہا کہ تو نے مجکو کچھ نہیں دیا پھر بولا کہ ہان دیا ہے
مجکو پھر مال سے کچھ خرید کی تو وہ خریداری مضاربت پر ہوگی اور اگر مال ضائع ہوگا اسکے پاس انکار کے بعد قبل خرید کے تو وہ ضامن ہے اور قیاس یہ ہے کہ وہ ہر حال
میں ضامن ہوا اور استحسان میں جبکہ اسنے انکار کیا پھر اقرار کیا پھر خرید کی تو تاوان سے بری ہوگا اور اگر مضاربت کا انکار کریگا پھر خرید کریگا پھر اقرار کریگا تو وہ ضامن ہے
اور متاع اسکی ہوگی انتہی تو اگر شارح یوں کہتا (بخلاف مضارب جحد ثم اقر ثم اشتری لم یضمن) ٹھیک ہوتا کذا فی الطحطاوی والمودع لہ السفر بہا ولو لہا حمل درر عند عدم
نہی المالک وعدم الخوف علیہا بالاخراج اور مودع کو جائز ہے سفر میں لیجانا ودیعت کا در صورت نہ منع کردینے مالک کے اور نہ خوف ہونے ودیعت پر
نکالنے سے اگرچہ ودیعت کے لیجانے میں بار برداری کی حاجت ہو کذا فی الدرر ہم جوہرہ میں حمل کی تفسیر یوں کی ہے کہ جسکے اٹھانے میں جانور یا اجرت حمال کی
حاجت ہو فلو نہاہ او خاف فان لہ بد من السفر ضمن والا فان سافر بنفسہ ضمن وباہلہ لا اختیار تو اگر مالک نے مودع کو سفر میں لیجانے سے منع کر دیا ہو یا راہ میں
خطرہ ہو تو اگر مودع کو سفر کی ضرورت نہو اور باوجود اسکے سفر میں لیجائے تو تاوان دیگا اور اگر سفر ضروری ہو تو اگر تنہا بذات خود سفر میں لیگیا تو تاوان دیگا اور اگر
اپنے اہل وعیال کے ساتھ سفر میں لیگیا تو تاوان نہ دیگا کذا فی الاختیار ولو اودعا شیئا مثلیا او قیمیا لم یجز ان یدفع المودع الی احدہما حظہ فی غیبۃ صاحبہ
اور اگر دو شخصوں نے ایک چیز ودیعت رکھی خواہ وہ چیز مثلی ہو چنانچہ وزنی اور کیلی یا قیمت والی ہو چنانچہ کپڑا یا کتاب تو مودع کو جائز نہیں یہ کہ انمین سے ایک
شخص کا حصہ دوسرے شخص کے پیچھے دیوے ہم قیمت والی کا عدم جواز دفع بالاجماع ہے اور مثلی میں صاحبین کا خلاف ہے یعنی انکے نزدیک اسکا حصہ دینا جائز ہے

ع
بخلاف مضارب سے
[illegible]
اسکا [illegible]
سے تاوان نہ دیگا ۱۲

اور وفعہ بل الضمن فے الدر انعم وفے البحر الاستحسان الاکان ہو المختار اور اگر دوسرے کی غیبت مین ایک کا حصہ دیگا تو اُسپر تاوان آویگا یا نہین درر مین ہی کہ
ان تاوان آویگا اور بحر الرائق مین ہی کہ استحسان مین اُسپر تاوان نہین پھر جب عدم تاوان استحسان ہوا تو عدم تاوان ہی مختار ہوگا طحطاوی نے
علامہ مقدسی سے نقل کیا کہ یہ قول کیونکر مختار ہوگا حالانکہ متون امام کے قول پر ہین فان اودع رجل عند رجلین مالقسم اقتسماہ وحفظ کل نصفہ
کمرتہنین ومستبضعین ووصیین وعدلی رہن ووکیلی شرا سواگر ودیعت رکھی ایک مرد نے دو مردون کے پاس وہ چیز جو قسمت پذیر ہی تو دونون مرد اسکو
بانٹ لین اور ہر مرد اُسکے نصف کی محافظت کرے مانند دو مرتہنون اور دو مستبضعون اور دو وصیون اور رہن کے دو عادل شخصون اور خرید کے
دو وکیلون کے ہم قسمت پذیر سے مراد مکیلات اور موزونات ہین اور جو چیز عیب دار نہو جائے تقسیم سے خرید کے دو وکیلون کی یہ صورت ہی کہ انکو مثلاً ہزار درم
دیے غلام کے خرید کرنے کو تو دونون ہزار کو قسمت کرلین پھر اگر ایک وکیل دوسرے کو اپنا نصف دیگا تو اُسپر تاوان لازم آویگا یعنی درصورت ہلاکی اور اسپر
اجماع ہی کہ مدفوع الیہ پر ضمان نہین کذا فی الطحطاوی ولو دفعہ احدہما الی صاحبہ ضمن الدافع اور اگر ایک مرد مودع اپنا حصہ اپنے ساتھی کو یعنے دوسرے
مودع کو دے تو دینے والا تاوان دیگا بخلاف مالا یقسم لجواز حفظ احدہما باذن الآخر بخلاف اُس ودیعت کے جو قسمت پذیر نہین کہ اُسمین دافع پر تاوان
نہین بسبب جائز ہوجانے ایک شخص کی حفاظت کے دوسرے کے اذن سے ہم غیر قسمت پذیر وہ چیز ہی جو تقسیم سے معیوب ہوجاے کذا فی الطحطاوی ولو قال لا تدفع
الی عیالک او احفظ فی ہذا البیت فدفعہا الی من لا بد منہ او حفظہا فی بیت آخر من الدار فان کانت بیوت الدار مستویۃ فی الحفظ
واحرز لم یضمن اور اگر مالک نے مودع سے کہا کہ میری ودیعت نہ دیجیو اپنے عیال کو یا محافظت کیجیو اُس کوٹھری مین سو مودع نے ودیعت
اُس شخص کی اپنے عیال مین سے دی جس سے اسکو چارہ نہین یا ودیعت کی حفاظت کی اُس گھر کی دوسری کوٹھری مین تو اگر اُس گھر کی کوٹھریان محفوظ ہونے مین
برابر ہون یا دوسری کوٹھری محفوظ تر مالک کی بتائی کوٹھری سے ہو تو اُسپر تاوان نہ آویگا یعنے درصورت تلف ہوجانے ودیعت کے اسواسطے کہ شرط مذکورہ مفید
نہین لہذا معتبر نہین ہم عیال لا بدی جیسے جانور سپرد کرنا اپنے غلام کو اور جو چیز عورتون کی حفاظت کے لائق ہی اُسکو اپنی زوجہ کو سپرد کرنا کذا فی شرح الوقایہ طحطاوی نے کہا
یہ اُس صورت مین ظاہر ہوتا ہی کہ عیال مین سے بعض معین کے سپرد کرنے سے منع کردیا نہ کہ مطلق عیال سے منع کیا والا ضمن لان التقیید مفید اور اگر ویسا
نہین تو تاوان نہین اسواسطے کہ قید لگانا مالک کا مفید ہی ہم یعنے اگر مودع غیر لا بدی عیال کو ودیعت سپرد کرے مثلاً اُس زوجہ یا اُس غلام کو سپرد کرے جسکے
دینے سے مالک نے منع کردیا اور حالانکہ مودع کی دوسری زوجہ یا دوسرا غلام موجود ہی یا دوسری کوٹھری مین حفاظت قلیل ہو اس طرح پر کہ اُسکی پشت راہ کی
طرف ہو تو مودع پر درصورت تلف ودیعت تاوان لازم آویگا اسواسطے کہ وہ متعدی ٹھہرا کیونکہ بعضے عیال پر اعتماد نہین ہوتا اور حفاظت مین بہت متفاوت
ہونے مین بدائع مین ہی کہ قاعدہ کلیہ اس باب مین یہ ہی کہ جس شرط کی مراعات ممکن ہوا اور اُسمین فائدہ بھی ہو تو وہ معتبر ہی اور جس شرط کی مراعات غیر ممکن ہوا ور وہ مفید
بھی نہو وہ لغو اور باطل ہی کذا فی الطحطاوی ولا یضمن مودع المودع فیضمن الاول فقط ان ہلکت بعد مفارقتہ وان قبلہا لا ضمان اور تاوان نہ سے مودع کا مودع
مثلاً زید نے خالد کے پاس ودیعت رکھی اور خالد نے محمود کے پاس تو مودع اول یعنے فقط خالد پر تاوان آویگا اگر ودیعت ہلاک ہوگئی مودع اول کے جدا ہونے کے بعد
اور اگر قبل از مفارقت ہلاک ہوئی تو ضمان نہین ہم یہ امام رہ کا قول ہی اور صاحبین رہ کے نزدیک مالک کو اختیار ہی چاہے اول سے تاوان لے اور چاہے ثانی سے ولو قال
المالک ہلکت عند الثانی وقال بل رد ہا وہلکت عندی لم یصدق اور اگر مالک نے کہا کہ ودیعت مودع ثانی کے پاس تلف ہوئی اور مودع اول نے کہا بلکہ اُسنے مجکو پھیر دی
تھی اور میرے پاس ہلاک ہوئی تو مودع اول کی تصدیق نہوگی وفی الغصب منہ یصدق لانہ امین سراجیہ اور مودع کے پاس سے غصب ہوجانے مین اسکی تصدیق ہوگی
اسواسطے کہ وہ امین ہی کذا فی السراجیہ ہم یعنے اگر ودیعت غصب ہوگئی مودع کے پاس سے اور تلف ہوگئی اور مالک نے چاہا کہ غاصب سے تاوان لے سو مودع نے
کہا کہ غاصب نے مجکو ودیعت پھیر دی سو میرے پاس وہ ہلاک ہوگئی تو مودع کا قول مقبول ہوگا کیونکہ وہ امین ہی کذا فی المنح وفی المجتبی القصار اذا غلط فدفع ثوب رجل

لغيره فقطعه فكلاهما ضامن اور مجتبے مین ہی کہ جب دھوبی جو کپڑا جائے سوایک مرد کا کپڑا دوسرے مرد کو دے پھر دوسرا شخص اسکو قطع کر ڈالے تو دونون شخص یعنے دھوبی اور قاطع ضامن ہین ہم یعنے مالک جس سے چاہے تاوان لے تو اگر دھوبی سے تاوان لے تو دھوبی قاطع سے پھیر نہ اور اگر قاطع سے لے تو وہ دھوبی سے نہ لے قواعد فقہ اسی کو مقتضے ہین كذا في الطحطاوي یعنے پر تفصیل بحث ہی نہ روایت مذہب و عن محمد اصاب الوديعة شئ فامر المودع رجلا ليعالجها فعطبت من ذلك فلربها تضمين من شاء لكن ان ضمن المعالج رجع على الاول ان لم يعلم انها لغيره والا لم يرجع انتهى اور محمد بن حسن سے روایت ہی کہ ودیعت کے جانور کو کچھ بیماری ہوگئی سو مودع نے ایک مرد سے کہا کہ اسکا معالجہ کرے سو وہ جانور ہلاک ہوگیا تو اسکا مالک جس سے چاہے تاوان لے لیکن اگر معالج سے تاوان لے تو وہ اول شخص یعنے مودع سے پھیر لے اگر معالج نہ جانتا ہو کہ ودیعت غیر شخص کی ہی اور اگر جانتا ہو کہ غیر شخص کی ہی تو رجوع نہ کریگا انتهى ما في المجتبے بخلاف مودع الغاصب فيضمن ايا شاء بخلاف غاصب کے مودع کے تو مالک جس سے چاہے تاوان لے خواہ غاصب سے خواہ اسکے مودع سے ہم غاصب سے تاوان لینا تو صریح ہی اور مودع سے اسواسطے کہ اسنے غاصب سے ودیعت لی بدون رضامندی اسکے مالک کے كذا في الدرر واذا ضمن المودع رجع على الغاصب وان علم على الظاهر درر خلافا لما نقله القهستاني والباقاني والبرجندي وغيرهم فتنبه اور جبکہ مالک مودع سے تاوان لے تو مودع غاصب سے پھیر لے اگرچہ مودع جانتا ہو کہ وہ چیز مغصوب ہی بر قول ظاہر كذا في الدرر بر خلاف اس قول کے جسکو قہستانی اور باقانی اور برجندی وغیرہم نے نقل کیا کہ در صورت علم کے رجوع نہین تو خبردار رہیو اس اختلاف سے معه الف ادعى رجلان كل منهما انه له او دعه اياه فنكل عن الحلف لهما فهو لهما وعليه الف آخر بينهما ایک شخص کے پاس ہزار درم ہین اسپر دو شخص مدعی ہین ہر شخص دعوی کرتا ہی کہ وہ ہزار اسکے ہین اسنے اس شخص کے پاس ودیعت رکھی ہی یعنی دونون کے گواہ نہین سو مودع سے قسم لینا چاہا سو اسنے دونون کے واسطے قسم نہ کھائی تو وہ ہزار دونون مدعیون کے مملوک ٹھہرینگے اور اس شخص پر ایک ہزار درم اور واجب الادا ہونگے جو دونون مدعیون مین نصفا نصف ہون ہم قسم نہ کھانا اقرار ہوا دونون دعوون کا لہذا ایک ہزار اسپر لازم آئے ولو حلف لاحدهما ونكل للآخر فالالف لمن نكل له اور اگر مودع نے ایک مدعی کے واسطے قسم کھائی اور دوسرے کی قسم سے انکار کیا تو ہزار درم اس مدعی کے ٹھہرینگے جسکے واسطے اسنے قسم نہ کھائی دفع الى رجل الفا وقال ادفعها اليوم الى فلان فلم يدفعها حتى ضاعت لم يضمن اذ لا يلزمه ذلك ایک شخص نے دوسرے کو ہزار درم دیئے اور کہا کہ یہ ہزار درم آج کے دن فلانے شخص کو پہونچا دے سو اسنے اسکو نہین پہونچائے یہان تک کہ وہ تلف ہوگئے تو اس سے تاوان نہ لیا جاویگا اسواسطے کہ یہ فعل اسپر کرنا لازم نہین كما لو قال له احمل الى الوديعة فقال افعل ولم يفعل حتى مضى اليوم وهلكت لم يضمن لان الواجب عليه التخلية عمادية چنانچہ اگر مالک نے مودع سے کہا کہ میری طرف اٹھالا ودیعت کو سو کہا اسنے کہ مین یہ فعل کرونگا پھر وہ نہ اٹھالایا یہان تک کہ وہ دن گذر گیا اور ودیعت ہلاک ہوئی تو اسپر تاوان نہ آویگا اسواسطے کہ مودع پر تخلیہ واجب ہی كذا في العمادية یعنے فلانے کو دینا یا مالک کی طرف ودیعت کا اٹھالانا اسپر واجب نہین ہی جسکے نہ کرنے سے تاوان اسپر لازم ہو بلکہ مالک اور ودیعت مین تخلیہ البتہ اسپر واجب ہی قال رب الوديعة للمودع ادفع الوديعة الى فلان فقال دفعت وكذبه في الدفع فلان وضاعت الوديعة صدق المودع مع يمينه لانه امين سراجية صاحب ودیعت نے مودع سے کہا کہ ودیعت فلانے شخص کو دے سو اسنے کہا کہ مین نے اسکو دی اور فلانے شخص نے دینے مین اسکے تکذیب کی اور ودیعت ضائع ہوگئی تو مودع کے قول کی تصدیق ہوگی قسم کے ساتھ ہم اسلیے کہ وہ امین ہی كذا في السراجية قال المودع ابتداء لا ادري كيف ذهبت لا ضمن على الاصح كما لو قال ذهبت ولا ادري كيف ذهبت فالقول قوله مودع نے شروع سے کہا نہین جانتا ہون کہ ودیعت کیونکر جاتی رہی تو اسپر تاوان نہین بر قول صحیح چنانچہ اگر یون بولا کہ ودیعت جاتی رہی اور مین نہین جانتا ہون کہ کیونکر وہ جاتی رہی تو مقبول قول مودع کا قول ہوگا بخلاف قوله لا ادري اضاعت ام لم تضع او لا ادري وضعتها او دفنتها في داري او موضع آخر فانه يضمن بخلاف قول مودع کہ مین نہین جانتا کہ ودیعت ضائع ہوگئی یا ضائع نہین ہوئی یا مین نہین جانتا کہ مین نے ودیعت رکھدی یا دفن کر دی اپنے گھر مین

یا کسی اور جگہ میں تو اسپر تاوان آویگا ہم طحطاوی نے کہا فتاوی عالمگیری میں عمادیہ سے اسکے برخلاف منقول ہے اسطرح کہ اگر بولا کہ میں نہیں جانتا کہ ضائع ہوگئی
یا ضائع نہیں ہوئی تو اسپر تاوان نہیں ولو لم یبین مکان الدفن لکنہ قال سرقت من المکان المدفون فیہ لا یضمن وتمامہ فی العمادیۃ اور اگر مودع نے دفن ودیعت کا
مکان بیان نکیا لیکن اسنے کہا کہ وہ چوری ہوگئی اس مکان سے جسمیں دفن تھی تو اسپر تاوان نہیں اور اسکا پورا بیان عمادیہ میں ہے فروع مسائل ملتقطہ مصلح کے ہیں دو مودع
والوصی علی دفع بعض المال ان خاف تلف نفسہ او عضوہ فدفع لم یضمن مودع یا وصی دھمکایا گیا بعض مال کے دینے پر تو اگر مودع یا وصی ظالم سے ڈرا اپنی
جان پر یا اپنے عضو پر سو اسنے بعض مال دیا تو اسپر تاوان نہیں وان خاف الحبس والقید ضمن اور اگر محبوس ہونے سے یا بیڑی ڈالنے سے ڈرا اور اسنے
مال دیدیا تو اسپر تاوان ہوگا وان خشی اخذ مالہ کلہ فہو عذر اور اگر مودع یا وصی اپنے تمام مال کے چھین جانے سے ڈرا تو وہ عذر ہے ہم فتاوے عالمگیری میں ہے
کہ سلطان نے مودع کو ڈرایا اسکے مال کے تلف کر ڈالنے سے اگر وہ ودیعت کو ندے تو اسپر تاوان آویگا اگر اسکے پاس مال بقدر کفایت کے باقی رہے اور
اگر سب مال لے تو وہ معذور رہے اور اسپر تاوان نہیں کما لو کان الجابر ہو الآخذ بنفسہ فلا ضمان عمادیہ چنانچہ اگر ظالم جابر وہی امانت خود لینے والا ہو تو تاوان نہیں
کذا فی العمادیہ ہم طحطاوی نے کہا کہ منح الغفار سے معلوم ہوتا ہے کہ جب ظالم خود لینے والا ہو تو تفصیل مذکور اسمیں نہیں خیف علی الودیعۃ الفساد رفع الامر للحاکم
لیبیعہ ولو لم یرفع حتی فسد فلا ضمان ودیعت پر خوف ہوا سڑ جانے اور بگڑ جانے کا تو مودع یہ حال حاکم سے کہے تاکہ وہ اسکو بیچ ڈالے اور اگر حاکم
سے نکہے یہان تک کہ ودیعت بگڑ جائے تو اسپر تاوان نہیں ہم حاکم سے کہنا بہتر ہے واجب نہیں فتاوے عالمگیری میں ہے کہ اگر اس شہر میں حاکم نہو تو
خود مودع اسکو بیچ ڈالے اور اسکا ثمن رکھ چھوڑے ولو انفق علیہا بلا امر فہو متبرع اور اگر مودع نے ودیعت پر کچھ خرچ کیا بدون حکم قاضی کے تو وہ
احسان کرنے والا ہے یعنے مالک سے وہ خرچ نہیں لے سکتا بلا امر حاکم قرأ من مصحف الودیعۃ او الرہن فہلک حالۃ القراءۃ لا ضمان لان لہ ولایۃ ہذا التصرف صیرفیہ
مودع نے ودیعت یا رہن کے مصحف میں پڑھا سو مصحف تلف ہوگیا پڑھنے کی حالت میں تو اسپر تاوان نہیں اسواسطے کہ مودع کو اس تصرف کی یعنے
پڑھنے کی ولایت ہے کذا فی الصیرفیہ ہم کتاب العاریۃ کے اخیر میں مذکور ہوگا کہ کتب علم میں نظر کرنا جائز ہے اگر نظر کرنے اور تقلیب اوراق میں ضرر نہوا اور یہ
ورق گردانی ۱۲
اس طرح ہے جیسے کسی کی دیوار کے سایے میں بیٹھنا اور اعتیاد یہ ہے کہ بلا اجازت مالک نظر نکرے اور فتاوی عالمگیری میں ہے کہ ایک شخص نے دوسرے کے پاس
طبق ودیعت رکھا سو اسنے خم یعنے مٹکے کے سر پر رکھا سو تلف ہوگیا اور اگر رکھنا بروجہ استعمال ہو تو تاوان ہے اور اگر بطریق استعمال کے نہیں ہے تو تاوان نہیں اور اسکی
معرفت کا طریقہ یہ ہے کہ اگر مٹکے میں پانی یا آٹا ہو تو رکھنا طبق کا استعمال ہے اور اگر مٹکا خالی ہو تو استعمال نہیں کذا فی الطحطاوی قال کذا لو وضع السراج علی المنارۃ صیرفیہ کے
مصنف نے کہا اور اسیطرح اگر ودیعت کا چراغ منارے پر رکھے تو تاوان نہیں در صورت تلف ہو جانے کے ہم منارے سے مراد محل النور ہے وفیہا اودع صکا وعرف اداء
یعنے چراغدان ۱۲
بعض الحق ومات الطالب وانکر الوارث الاداء حبس المودع الصک ابدا در صیرفیہ میں ہے کہ ایک شخص نے دوسرے کے پاس تمسک ودیعت رکھا اور ادائے بعض حق
معلوم ہے اور طالب مرگیا اور طالب کا وارث منکر ادائے بعض حق کا ہے تو مودع تمسک کو ہمیشہ بند رکھے ہم صورت اسکی یہ ہے کہ مثلاً زید کے محمود پر سو درم ہیں سو محمود نے زید کو
سو درم کا تمسک لکھدیا اور زید نے وہ تمسک حامد کے پاس ودیعت رکھا پھر محمود نے پچیس درم مثلاً زید کو ادا کیے اور یہ حال حامد کو معلوم ہے بعد اسکے زید مرگیا اور اسکا وارث
پچیس درم کے دینے کو نہیں مانتا ہے تو حامد کو چاہیے کہ تمسک محمود کے وارث کو نہ دے طحطاوی نے کہا اسواسطے کہ اسمین محمود کا ضرر ہے اور شاید کہ یہ اس صورت پر محمول ہے
جبکہ مدعا علیہ حق کا اقرار کرے تمسک دیکھ کر والا مجرد تثبت حق نہیں انتہی وفی الاشباہ لا یبرأ مدیون المیت بدفع الدین الی الوارث وعلی المیت دین اور اشباہ میں ہے کہ
میت کا مدیون بری الذمہ نہوگا وارث کو دین دیکر اور حالانکہ میت پر دین ہے اور لوگون کا م ظاہر اعدم برات اس صورت میں ہے جبکہ دین مستغرق ہو اور وارث موتمن نہو چنانچہ
ودیعت میں یہی شرط ہے جبکہ مودع وارث کو ودیعت دے وکذا فی الطحطاوی عن الحموی لیس للامیر اخذ ودیعۃ العبد میان کو جائز نہیں غلام کی ودیعت لینا یعنی اسواسطے کہ شاید وہ
غیر کا مال ہو جبکہ مولے گواہ لاوے کہ یہ میرا مال ہے العامل لغیرہ امانۃ لا اجر لہ الا الوصی والناظر اذا عملا جو شخص کہ غیر کے واسطے عمل کرتا ہے بطور امانت کے اسکے واسطے اجرت نہیں مگر

وصی اور ناظر وقف کیواسطے اجرت مثل ہی جبکہ دونون عمل کرین م وصی سے وہ وصی مراد ہی جسکو قاضی نے مقرر کیا اجرت معین کرکے اور میت کا وصی تو اجرت کا مستحق نہین کذا
فی الاشباہ قلت نعلم منہ ان لا اجر للناظر فی المسقف اذا حیل علیہ المستحقون فلیحفظ مین کہتا ہون تو اس سے معلوم ہوا یعنی وصی اور ناظر کے اشتراط عمل سے معلوم ہوا کہ ناظر
وقف کے واسطے اجرت نہین بیٹھے ہوے مکان مین جبکہ مستحقین وقف کو اُسکے بانٹنے کا حوالہ کردیا گیا ہو تو اسکو یاد رکھنا چاہیے م طحطاوی نے کہا کہ اگر وقف کرنیوالے
کی طرف سے اجرت مشروط ہوگی تو ناظر کو ملےگی وفی الوہبانیہ شعر ودافع الف مقرضا ومقارضا ٭ وربح القراض الشرط جاز ویحذر ٭ اور وہبانیہ مین ہی اور ہزار درم
قرض اور مضاربت مین دیکر نفع مضاربت کا فقط مالک کے واسطے شرط کرنا جائز ہی اور ممنوع ہی م یعنی ایک شخص نے دوسرے کو ہزار درم دیے اور کہا کہ نصف قرض مین
اور نصف بطور مضاربت اور مضاربت کا نفع مخصوص میرے واسطے ہی تو یہ شرط جائز ہی تو نصف بضاعت ٹھہریگا اور نصف قرض کا نفع مستقرض کا ہوگا اسواسطے کہ جب مضاربت
فاسد ہوگئی تو تمام نفع کی شرط کرنے سے صاحب مال کے واسطے تو مضاربت منقلب بہ بضاعت ہوگئی وجہ ممنوع ہونے کی یہ ہی کہ حدیث مین قرض سے جر منفعت کرنا منع ہی پھر جب
شرط صحیح ہوئی تو ہزار کا نفع دونون کے واسطے ہی اور ٹوٹا بھی دونون پر ہی اسواسطے کہ دونون ہزار مین شریک ہین کذا فی الطحطاوی شعر وان یدعی ذو المال قرضا وخصمہ ٭ قراضا فرب المال
قد قیل اجدر ٭ اور اگر صاحب مال قرض کا دعوی کرے اور اُسکا مخاصم مضاربت کا دعوی کرے تو بعضون نے کہا کہ صاحب مال کا قول لائق تر بقبول ہی م اور دوسرا قول یہ ہی کہ مضارب
کا قول مقبول ہی اور مصنف نے قول ثانی کو اختیار کیا ہی کتاب الایداع سے پہلے شعر وفی العکس بعد الربح فالقول قولہ ٭ کذلک فی الابضاع ما یتغیر ٭ اور اُسکے بالعکس دعوی
کرنا بعد نفع کے تو صاحب مال ہی کا قول مقبول ہی اسیطرح بضاعت دینے کے اختلاف مین حکم متغیر نہین ہی م بالعکس کی صورت یہ ہی کہ مضارب نے نفع حاصل کرنے کے بعد دعوے
کیا کہ میرے پاس مال قرض تھا اور صاحب مال نے کہا مضاربت کے طور پر تھا تو صاحب مال ہی کا قول مقبول ہی اور مضارب پر گواہ لانا لازم ہی اور ابضاع کی یہ صورت ہی کہ صاحب مال
کہتا ہی کہ مین نے اسکو مال بطور بضاعت کے دیا اور مضارب قرض کا دعوے کرتا ہی تو صاحب مال کا قول مقبول ہی کذا فی الطحطاوی شعر وان قال قد ضاعت من البیت وحدہا ٭ یصح ویستحلف فقد
یتصور ٭ اور اگر مودع نے کہا کہ فقط ودیعت کوٹھری سے ضائع ہوگئی تو یہ قول صحیح ہی یعنی صادق ہی اور اس سے قسم لیجاے اسواسطے کہ یہ صورت ہوسکتی ہی م یعنی سواے ودیعت کے
مکان سے اور کسی چیز کا ضائع نہونا متصور ہی اسطرح کہ سارق جلدی کے سبب سے ودیعت کے سوا اور کسی چیز کو چرا نسکا یا کہ وہی چیز اسکو مقصود تھی کذا فی الطحطاوی شعر وتارک قوم
الا صحیفۃ ٭ فراحوا ارحت لیضمن المتاخر ٭ اور ایک قوم مین ودیعت کا چھوڑنے والا بواسطہ امر مکتوب لہ کے پھر قوم کے لوگ وہان سے چلے گئے اور ودیعت تلف ہوگئی
تو پچھلا شخص جانے والا تاوان دے م شخص متاخر پر اسواسطے ضمان آیا کہ اُسپر حفاظت ودیعت کی متعین ہوگئی تو تاوان بھی اُسی پر مخصوص ہوگیا تو اگر سب لوگ ساتھ ہی اُٹھ گئے
تو سب پر تاوان آویگا کذا فی الطحطاوی شعر وتارک نشر الصوف صیفا فعث لم ٭ یضمن وقرض الفار بالعکس یؤثر ٭ اذا لم یسد الثقب من بعد علمہ ٭ ولم یعلم الملاک اہی
تقرر ٭ اور گرمی کے موسم مین صوف پھیلانے کا ترک کرنے والا مودع یعنی مالک کے امر سے پھر صوف کو صوف کا کیڑا چاٹ گیا تو مودع تارک سے تاوان نہ لیا جائیگا اسواسطے کہ
اُسنے ودیعت کی حفاظت کی جسطرح کہ اُسکو امر ہوا کذا فی الطحطاوی عن المحیط اور چوہے کا کاٹنا ودیعت کو برخلاف اس مسئلہ کے مروی ہی جبکہ مودع ودیعت کے مکان کا سوراخ نہ بند
کرے بعد اسکے دریافت ہونے کے یا کہ مالک ودیعت کو خبر نکردے کہ مکان ودیعت کا سوراخ دار ہی م یعنی جبکہ مالک نے ودیعت مودع کو سپرد کی اور مودع نے اُس مکان مین رکھی جسمین سوراخ نہین
پھر اُسکو چوہے نے کاٹ ڈالا یا آگ سے وہ جل گئی تو اُسپر تاوان نہین اور اگر اُس مکان مین سوراخ ہی اور مودع اُسکو جانتا ہی تو اگر مالک نے مودع کو خبر کردی سوراخ کی تو اُسپر تاوان
نہین اور اگر مالک نے خبر نہ کی اور مودع نے باوجود دانست سوراخ بند نہ کیا تو اُسپر تاوان ہی خلاصہ یہ ہی کہ تاوان دفع ہوتا ہی سوراخ کے بند کرنے سے یا مالک کے سوراخ بتانے سے اگرچہ
درصورت اعلام مالک کے مودع سوراخ کو نہ بند کرے اسواسطے کہ مالک راضی ہوگیا اُس مکان مین رکھنے سے باوجود سوراخ دار ہونے کے تو معلوم ہوا کہ واو قولہ لم یعلم کا بمعنی او ہی کذا فی الطحطاوی
قلت بقی لو سدہا مرۃ فنحہا الفار وافسدہ لم یذکرہ وینبغی تفصیلہ کما مر فتدبر مین کہتا ہون باقی رہا یہ احتمال کہ اگر مودع نے ایکبار سوراخ بند کردیا سو چوہے نے اُسکو کھول دیا اور ودیعت
کو خراب کرڈالا اسکا حکم مذکور نہین اور اسکی بھی تفصیل کرنا بطور گذشتہ لائق ہی سو اسکو غور کرو م تفصیل مذکور یہ ہی بقول طرطوسی کہ یا مالک سوراخ کو بتادے یا مودع درصورت عدم اعلام
سوراخ کو بند کردے تو تاوان اُسی سے دفع ہوا اور اس قول کو وہبانیہ کے شارحین یعنی علامہ عبد البر اور شرنبلالی نے پسند کیا ہی تتمہ مترجم کہتا ہی کہ ودیعت پھیر دینے کا مہونت

مالک پر ہی نہ مودع پر انتہی کذا فی الطحطاوی واللہ اعلم واستغفر اللہ الحلیم

کتاب العاریۃ

یہ کتاب ہی عاریت کے احکام مین م عاریت کی خوبی قرآن اور حدیث اور اجماع سے ثابت ہی حق تعالی نے فرمایا (ویمنعون الماعون) یعنی کفار ماعون کو روکتے ہین ماعون اُس چیز کی عبارت ہی جسکی عاریت مانگی ہوتی ہے۱۲ دینے کی لوگون مین عادت ہو پھر جب عاریت نہ دینا مذموم ٹھہرا تو عاریت دینا محمود ہوا اور بخاری مین ثابت ہی کہ آن حضرت صلعم نے ابو طلحہ کا گھوڑا جسکا مندوب نام تھا بطور عاریت کے لیا تھا تو اُسمین اختلاف ہی کہ عاریت دینا مستحب ہی یا واجب اکثر علما اسپر ہین کہ مستحب ہی کذا ذکرہ ابو السعود آخرہا عن الودیعۃ لان فیہما تملیکا وان اشترکا فی الامانۃ مصنف پیچھے لایا عاریت کو ودیعت سے اسواسطے کہ عاریت مین منافع کی تملیک ہی اگرچہ دونون امانت ہونے مین مشترک ہین م یعنی عاریت مین تملیک زائد اور ایداع بھی ہی تو عاریت ودیعت سے بمنزلہ مفرد کے ہی مرکب ہم ورمرکب موخر ہی مفرد سے ومحاسنہا النیابۃ عن اللہ تعالی فی اجابۃ المضطر لانہا لاتکون الا المحتاج کالقرض اور عاریت دینے کی عمدہ خوبیون سے حق تعالی کی نیابت ہی عاجز مضطر کی اجابت اور حاجت روائی مین اسواسطے کہ عاریت دینا نہین ہوتا مگر حاجتمند کے واسطے قرض کے مانند م یعنے مستعیر مضطر ہوتا ہی بسبب اپنی حاجت کے وقال تعالی (امن یجیب المضطر اذا دعاہ) اور معیر نے مستعیر کی فریادرسی کی تو گویا حق تعالی کا وہ نائب ہوا فریادرسی مین تو رعایت دینے والا متخلق ہوا بخلق فریادرسی بحکم تخلقوا باخلاق اللہ یعنی ای مومنین متخلق ہو باخلاق ربانی فلذا کانت الصدقۃ بعشرۃ والقرض بثمانیۃ عشر اسی واسطے یعنے بعلت محتاجی خیرات کا ایکدرم دس درم کے برابر ہی ثواب مین اور قرض کا ایک درم اٹھارہ درم کے برابر ہی م یعنی قرض نہین لیتا غالبا مگر حاجتمند اور خیرات محتاج اور غیر محتاج دونون کو پہونچتی ہی اگرچہ صدقہ دینے والا اسکو محتاج جانکر دیتا ہی صدقے کا ثواب دہ چند ہوا سواسطے کہ من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالہا اور قرض کا ثواب اٹھارہ گنا اسواسطے ہوا کہ قرض کا ایکدرم بعلت احتیاج صدقہ کے دو درم کے برابر ہی تو جب صدقہ کا ایک درم دس درم کے برابر ہوا تو قرض کا ایکدرم بیس درم کے برابر ٹھہرا لیکن صدقہ مین صدقہ کرنے والے کی طرف کچھ عود نہین کرتا اور قرض کا درم مقرض کی طرف عود کرتا ہی تو مقابل اُسکے دو درم ساقط ہوگئے تو اٹھارہ باقی رہگئے واذا اگر مقرض مستقرض کو معاف کردے تو بیس درم کا ثواب ہوگا ہی لغۃ مشددۃ وتخفف اعارۃ الشیٔ قاموس عاریت لغت عرب مین عبارت ہی چیز کے عاریت دینے سے عاریت کی یائے تحتانیہ مشددہ ہی اور اُسکی تخفیف بھی جائز ہی کذا فی القاموس م اعارہ عاریت دینا استعارہ عاریت مانگنا معیر عاریت دینے والا مستعیر عاریت لینے والا وشرعا تملیک المنافع مجانا اور شرع مین عاریت عبارت ہی منافع کے مالک کردینے سے مفت بلاعوض م یعنی معیر مستعیر کو اپنی چیز کی منفعت کا مالک کردے مثلاً گھوڑے کا سوار ہونا اور کتاب سے پڑھنا اور گھر کا رہنا منفعت کی قید اسواسطے لگائی تا عاریت سے اجارہ نکل جاے اسواسطے کہ اجارہ مین بھی تملیک ہی منافع کی مگر مفت تملیک نہین بلکہ بعوض ہی افاد بالتملیک لزوم الایجاب والقبول ولو فعلا مصنف نے تملیک کی لفظ سے ایجاب اور قبول کے لازم ہونے کا فائدہ عاریت مین ظاہر کردیا اگرچہ قول فعلی ہو نہ قولی م چنانچہ سابق مذکور ہوچکا کہ عقد تبرع فقط ایجاب پر موقوف ہوتا ہی ولہذا فتاوی عالمگیری مین کہا ہی کہ عاریت کا رکن فقط ایجاب ہی معیر کیجانب سے اور مستعیر کیطرف سے قبول کرنا اماراصحاب ثلثہ کے نزدیک از روے استحسان شرط نہین بحر الرائق مین ہی کہ اگر معیر نے بلا استعارہ مستعیر سے کہا کہ یہ غلام لے اور اُس سے اپنی خدمت کرا تو یہ عاریت نہین تو اسکا نفقہ مالک پر ہوگا انتہی من الخلاصۃ اور خانیہ مین ہی کہ اگر عاریت مانگی سو معیر چپ رہا تو عاریت نہوگی انتہی تو معلوم ہوا کہ ایجاب فعلی نہین ہوتا ہان قبول گاہے فعلی ہوتا ہی چنانچہ معیر نے کہا کہ یہ کپڑا لے بطور عاریت کے سو اُسنے اپنا ہاتھ پھیلایا اور لیا تو اُس سے ظاہر ہوگیا کہ ولو فعلا فقط قبول کیطرف راجع ہی کذا فی الطحطاوی وحکمہا کونہا امانۃ اور عاریت کا حکم یعنی اثر مترتب ہوتا ہی عاریت کا امانت ہے یعنی اگر عاریت بلا تعدی تلف ہوجاے تو مستعیر پر تاوان نہین اور اگر تعدی سے تلف ہو تو بالاجماع تاوان ہی وشرطہا قابلیۃ المستعار للانتفاع وخلوہا عن شرط العوض لانہا تصیر اجارۃ اور عاریت کی شرط قابل ہونا ہی مستعار کا فائدہ لینے کے واسطے اور خالی ہونا عاریت کا عوض کے مشروط ہونے سے سو واسطے کہ عاریت شرط عوض سے عاریت باقی نہین رہتی اجارہ ہوجاتی ہی م قابلیت انتفاع سے اور خنزیر کا عاریت ہونا مسلم کے حق مین نکل گیا اور یہ ضرور ہی کہ انتفاع بدون استہلاک عین کے ہو تو دراہم اور دنانیر اور فلوس اور مکیلات اور موزونات اور روئی اور صوف اور پشم اور مشک اور کافور کا عاریت لینا بلا بیان جہت عاریت نہین بلکہ قرض ہی اور اگر روپیہ یا پیسا کسی چیز کے تولنے کے واسطے یا زینت دوکان اور تجمل کیواسطے عاریت لیے تو یہ قرض نہین بلکہ عاریت ہی لیکن اسکو سوا

وجہ مذکور کے اُسکا استعمال کرنا جائز نہین کذا فی غایۃ البیان وصرح فی العمادیۃ بجواز اعارۃ المشاع وایداعہ وبیعہ یعنی الا ان جہالۃ العین لا تفضی الی المنازعۃ لعدم لزومہا اور تصریح کی ہی
عمادیہ مین مشاع کی عاریت دینے اور اُسکے ودیعت رکھنے اور اُسکے بیچنے کے جواز کی اسواسطے کہ جہالت عین کی یہان موجب نزاع نہین بسبب لازم نہونے عقد عاریت کے وقالوا علف الدابۃ علی المستعیر
وکذا نفقۃ العبد اما الکسوۃ فعلی المعیر اور فقہانے کہا ہی کہ عاریت کے جانور کا چارہ عاریت مانگنے والے پر ہی اور اسیطرح نفقہ غلام مستعار کا اور اُسکا لباس تو عاریت دینے والے پر ہی وہذا اذا
طلب الاستعارۃ فلو قال المولی خذہ واستخدمہ من غیر ان یستعیرہ فنفقتہ علی المولی ایضا لانہ ودیعۃ اور یہ یعنی غلام کا نفقہ مستعیر پر ہونا اُسوقت ہی جبکہ مستعیر نے عاریت لینے کی خواہش
کی ہو تو اگر مولی کہے کہ اس غلام کو لیکر خدمت لے بلا خواہش مستعیر تو اُسکا کھانا پینا بھی مولی پر ہی اسواسطے کہ یہ ودیعت ہی نہ عاریت ہم ظاہر یہ اباحت انتفاع ہی اسواسطے
کہ اگر ودیعت ہوتی تو اُسکو نفع لینا جائز نہوتا یا یون کہیے کہ یہ ویسی ودیعت ہی جسکے انتفاع کو مالک نے مباح کردیا **وتصح باعرتک** لانہ صریح اور عاریت صحیح ہی اعرتک کے لفظ
سے یعنی مین نے تجھکو عاریت دی اسواسطے کہ یہ لفظ عاریت مین صریح اور کھلا ہوا ہی **واطعمتک ارضی** ای غلتہا لانہ صریح مجازا من اطلاق اسم المحل علی الحال اور عاریت صحیح ہی
اس لفظ سے اطعمتک ارضی یعنی مین نے اپنی زمین تجھکو کھانے کو دی یعنی زمین کا غلہ تیرے کھانے کو دیا اسواسطے کہ یہ لفظ عاریت مین صریح مجازی ہی از قبیل بولنے اسم
محل کے حال پر ہم غلہ پیدا ہوتا ہی زمین مین تو غلہ حال ہی اور زمین اُسکا محل اور محل کا نام حال پر بولنا مجازا متعارف ہی بقرینہ اطعام اسواسطے کہ جب اطعام غیر مطعوم مثلاً
زمین کی طرف مضاف ہو تو غلہ زمین مراد ہوتا ہی **ومنحتک** بمعنی اعطیتک **ثوبی او جاریتی ہذہ وحملتک علی دابتی ہذہ** اذا لم یرد بہ منحتک وحملتک الہبۃ لانہ صریح فیفید العاریۃ
بلا نیۃ والہبۃ بہا ای مجازا اور عاریت صحیح ہی اس لفظ سے کہ منحتک یعنی مین نے تجھکو کپڑا اپنی یہ لونڈی دی اور صحیح ہی اس لفظ سے کہ حملتک یعنی مین نے تجھکو چڑھایا اپنے اس جانور
پر جبکہ متکلم منحتک اور حملتک کے لفظ سے ہبہ کا ارادہ نکرے اسواسطے کہ وہ ہبہ مین صریح ہی تو عاریت کو مفید ہی بلا نیت ہبہ اور ہبہ کو مفید ہی بطریق مجاز کے نیت ہبہ سے
ہم یعنی لفظین مذکورین سے درصورت عدم نیت ہبہ عاریت ثابت ہوگی اور درصورت نیت ہبہ کے ہبہ متحقق ہوگا **واخدمتک عبدی** اواجرتک داری شہرا مجانا اور اس لفظ
سے عاریت صحیح ہی کہ مین نے اپنا غلام تیری خدمت کے واسطے دیا اور اپنا گھر ایک مہینہ بھر تجھکو مفت اجارہ دیا ہم اجارہ بلا عوض درحقیقت عاریت ہی اور اگر مدت اجارہ مذکور نکریگا
تو بھی ایک قول مین عاریت ثابت ہوگی اور فتاوی عالمگیری مین عدم عاریت پر اعتماد کیا ہی کذا فی الطحطاوی **وداری** مبتدا **لک** خبر **سکنی** تمییز ای بطریق السکنی اور اس قول سے
عاریت صحیح ہی کہ داری لک سکنی یعنی میرا گھر تیرا ہی سکونت کی راہ سے داری مبتدا ہی اور لک خبر ہی اور سکنی تمییز ہی ہم سکنی مصدر ہی بمعنی اقامت یا اسم ہی بمعنی اسکان صاحب درر نے
کہا سکنی محکم ہی ارادہ نفع مین لہذا لام بمعنی ملک مراد نہوا **وداری لک عمری** مفعول مطلق ای عمرتہا لک عمری **سکنی** تمییز یعنی جعلت سکنہا لک مدۃ عمرک اور اس لفظ سے عاریت
صحیح ہی کہ داری لک عمری سکنی یعنی مین نے اپنے گھر کی سکونت تیرے واسطے مقرر کی تیری زندگی تک عمری مفعول مطلق ہی فعل محذوف کا یعنی عمرتہا لک عمری اور سکنی تمییز ہی ہم
اور یہ بھی احتمال ہی کہ عمری ظرف ہو یعنی مدۃ عمرک اسی کی طرف شارح نے تفسیر ثانی مین اشارہ کیا لیکن اُسنے ایک احتمال کو دوسرے احتمال کے ساتھ ملادیا زیلعی نے کہا داری
لک اسکا محتمل ہی کہ رقبہ دار مخاطب کا مملوک ہو اور اسکا محتمل ہی کہ اُسکی منفعت مخاطب کی مملوک ہو اور سکنی کا لفظ ارادہ منفعت مین محکم ہی بلا احتمال لہذا محتمل کو ارادہ منفعت پر
محمول کیا کذا فی الطحطاوی یعنی لام بمعنی ملک مراد نہوا **ولعدم لزومہا یرجع المعیر متی شاء** اور بسبب لازم نہونے عقد عاریت کے معیر کو رجوع عاریت مین اختیار ہی جب چاہے اپنی چیز پھیر لے
ولو موقتۃ معیر کو عاریت پھیر لینے مین اختیار ہی اگرچہ عاریت کا وقت بھی معین کردیا ہو ہم دریافت کرنا چاہیے کہ عاریت چار قسم ہی ایک یہ کہ عاریت مطلق ہو یعنی مدت اور
انتفاع مذکور نہوا اسکا حکم یہ ہی کہ مستعیر کو اُس سے فائدہ اٹھانا جائز ہی جس طرح چاہے اور جبتک چاہے دوسری قسم یہ کہ عاریت مقید ہو یعنی مدت اور انتفاع مذکور ہو مخصوص اسکا
حکم یہ ہی کہ وقت معین اور انتفاع معین سے تجاوز کرنا جائز نہین مگر درصورت بہتری خلاف تیسری قسم یہ کہ مقید درحق مدت ہو اور انتفاع مین مطلق ہو چوتھی قسم یہ کہ مدت کی
قید نہو بلکہ انتفاع کی قید ہو تو دونون کا حکم یہ ہی کہ تعیین معیر سے تجاوز کرنا درست نہین کذا فی الدرر او فیہ ضرر فتبطل وتبقی العین باجر المثل کمن استعار امۃ لترضع ولدہ وصار لا یاخذ
الا ثدیہا فلہا اجر المثل الی الفطام وتمامہ فی الاشباہ یا کہ عاریت کے پھیر لینے مین ضرر ہو تو عاریت باطل ہوگی اور عاریت کی چیز باجرت مثل باقی رہیگی یعنے اس صورت
مین عاریت منقلب باجارہ ہو جائیگی چنانچہ مستعیر نے لونڈی عاریت لی اپنے ولد صغیر کے دودھ پلانے کے واسطے اور لڑکا ایسا لونڈی سے ہل گیا کہ کسی کی چھاتی

منھ مین نہین لیتا سوائے اُس لونڈی کے تو اس لونڈی کے واسطے اجرت مثل ثابت ہوگی دودھ چھڑانے تک اور پورا بیان اسکا اشباہ مین ہے وفیہا معزیا للقنیۃ تلزم

العاریۃ فیما اذا استعار جدار غیرہ لوضع جذوعہ فوضعہا ثم باع المعیر الجدار لیس للمشتری رفعہا وقیل نعم الا اذا شرط وقت البیع قلت وبالقیل جزم فی الخلاصۃ والبزازیۃ وغیرہا

واعتمدہ محشیہا فی تنویر البصائر ولم یتعقبہ ابن المصنف وکانہ ارتضاہ فلیحفظ اور اشباہ مین قنیہ سے منقول ہے کہ عاریت لازم ہوجاتی ہے اُس صورت مین جبکہ ایک شخص نے

دوسرے کی دیوار عاریت لی اپنی دھنیان رکھنے کے واسطے پھر دھنیان اُسپر نصب کین پھر معیر نے وہ دیوار بیچ ڈالی تو مشتری کو دھنیون کا دفع کرنا جائز نہین اور قول

ضعیف یہ ہے کہ ہان دفع کرنا جائز ہے مگر جبکہ معیر عدم دفع شرط کرے بیع کے وقت مین کہتا ہون اور قول ضعیف کے قوی ہونے پر جزم کیا ہے خلاصہ و بزازیہ وغیرہا مین اور اسی پر

اعتماد کیا ہے اشباہ کے محشی نے تنویر البصائر مین اور شیخ صالح ابن مصنف نے اسپر اعتراض نہین کیا تو گویا اُسکو پسند کیا ہے تو اُسکو یاد رکھنا چاہیے ولا تضمن بالہلاک من غیر

اور بدون تعدی کی عاریت کے ضائع اور تلف ہوجانے سے تاوان اُسکا لازم نہین آتا یعنے اسواسطے کہ عاریت امانت ہے اور امانت مین تاوان نہین اگر تعدی سے بالاجماع تاوان

ہے تعدی کی صورتین یہ ہین کہ عاریت کے جانور کی باگ زور سے کھینچی اور وہ ہلاک ہوگیا یا مستعیر مسجد مین گیا اور اُسکو کوچہ مین چھوڑ گیا یا سواری کے واسطے عاریت

رکھا سو اُسکو بند کر رکھا یا پانی پلانے کے واسطے اسکو غیر جہت معینہ سے لیگیا سو وہ ہلاک ہوگیا یا زمین جوتنے کے واسطے بیل عاریت لیا اور دوسرے روز اسکو اور بیل کے ساتھ ملایا

اُسکے خلاف عادت سو وہ ہلاک ہوگیا تو بالاجماع اُسپر تاوان ہے اور اگر اُسکو چراگاہ مین چرانے کے واسطے چھوڑا سو وہ ضائع ہوگیا اگر وہان اسطرح کے چرانے کی عادت ہو تو تاوان نہین اور

اگر عادت معلوم نہو یا عادت مشترک نہو تو تاوان ہے اور اگر جنگل مین سو گیا اور باگ ڈور جانور کی ہاتھ مین ہے سو وہ چُرا لیا گیا تو اگر مستعیر بیٹا ہوگا تو تاوان ہے اور اگر بیٹھا ہوگا تو تاوان

نہین اور یہ حکم ہے غیر سفر کا اور سفر مین سو جانے سے تاوان مطلقا نہین جبکہ مستعار چیز اُسکے سر تلے ہو یا آگے رکھی ہو یا آس پاس ہو اسطرح پر کہ عادت مین اُسکی نگہبانی سے خارج نہو کذا فی الجوہرۃ

وشرط الضمان باطل کشرط عدمہ فی الرہن خلافا للجوہرۃ اور تاوان کا شرط کرنا عاریت مین باطل ہے جیسے عدم تاوان کی شرط رہن مین باطل ہے برخلاف روایت جوہرہ کے جوہرہ

مین ہے کہ تاوان شرط کرنے سے عاریت مین تاوان لازم ہوجاتا ہے ولا توجر ولا ترہن لان الشئ لا یتضمن ما فوقہ اور مستعار کا اجارہ اور رہن رکھنا جائز نہین اسواسطے کہ شے

متضمن نہین ہوتی اپنے مافوق کی ہم اسواسطے کہ اجارہ اور رہن عقد لازم ہے بخلاف عاریت کا لودیعۃ فانہا لا توجر ولا ترہن بل ولا تودع ولا تعار بخلاف العاریۃ علی المختار مانند

ودیعت کے اسواسطے کہ ودیعت کا اجارہ اور رہن نہین ہوتا بلکہ دوسرے شخص کے پاس ودیعت نہین رکھی جاتی اور نہ ودیعت عاریت دیجاتی ہے بخلاف عاریت کے بقول مختار

ہم یعنی عاریت کا ایداع اور اعارہ عند الاطلاق جائز ہے اور اگر مستعمل کی قید ہو تو عاریت دینا جائز نہین مگر اُس صورت مین جبکہ استعمال مختلف نہوتا ہو اور یہی قول صحیح مفتی بہ ہے کذا

فی الطحطاوی واما المستاجر فیواجر ویودع ویعار ولا یرہن والمستاجر بفتح جیم یعنے جس چیز کو اجارہ کیا تو اُسکا اجارہ رکھنا اور ودیعت رکھنا اور عاریت دینا جائز ہے اور رہن رکھنا اُسکا

جائز نہین واما الرہن فکالودیعۃ اور مرہون تو ودیعت کے مانند ہے یعنے اُسکا اجارہ اور رہن اور ایداع اور اعارہ جائز نہین وفی الوہبانیۃ نظم تسع مسائل لا یملک فیہا

تملیکا لغیرہ بدون اذن سوا قبض اولا اور وہبانیہ مین نو مسائل نظم کیے ہین جنمین اپنے غیر کو مالک کرنا بدون اذن مالک اصلی کے صحیح نہین خواہ اُسنے قبضہ

کیا ہو یا نکیا ہو فقال استعارہ و مالک امر لا یملکہ بدون ان امر وکیل مستعیر و موجر رکوبا و لبسا فیہا و مضارب و مرتہن ایضا و قال او مرسو قضاء بنائبہ

نے کہا اور وہ مالک امر کا جو مالک نہین دوسرے کی تملیک کا بدون امر مالک اصلی کے وکیل ہے اور مستعیر اور موجر بفتح جیم یعنے مستاجر بکسر جیم سوار ہونے اور قمیص

مثلاً پہننے کا غیر کے رکوب اور لبس کا مالک نہین اور مضارب اور مرتہن بھی اور قاضی مامور ہم مالک کا لفظ مبتدا ہے اور جملہ لا یملکہ کا اُسکی صفت ہے اور

وکیل وغیرہ اُسکی خبر ہے وکیل کو جائز نہین کہ دوسرے کو وکیل کرے بلا تفویض موکل اور اسیطرح مستعیر کو مستعار کا عاریت دینا بلا امر معیر درست نہین جبکہ

عاریت مختلف ہوجاتی ہو باعتبار اختلاف مستعملین کے اور اگر مختلف نہو جاتی ہو تو جائز ہے اور اسیطرح اگر مستاجر نے اپنی خاص ذات کی سواری کے واسطے

جانور کرایہ لیا یا اسی طرح قمیص کرایہ لیا تو دوسرے کو اُسپر سواری کرانا یا دوسرے کو اُس قمیص کا پہنانا جائز نہین اور اسیطرح مضارب دوسرے کے ساتھ مضاربت کرنے کا اور

مرتہن دوسرے کے پاس رہن رکھنے کا اور قاضی دوسرے کو خلیفہ کرنے کا بلا اذن امام مالک نہین کذا فی الطحطاوی شعر ومستودع مستبضع ومزارع اذا لم یکن من عندہ البذر بیذر

اور مستودع بفتح دال یعنی امانتدار اور مستبضع دوسرے کو بضاعت دینے کا اور جسنے زمین بعقد مزارعت لی جبکہ مزارع کے پاس بیج نہو کہ کھیت میں بیج ڈالا جائے تو غیر شخص کو وہ زمین بطور مزارعت کے نہیں دے سکتا بلا اذن ہم اور اگر مزارع کا بیج ہے تو وہ مالک ہے کہ دوسرے کو بطور مزارعت زمین دے کذا فی الطحطاوی قلت والعاشر والمساقی ان یساقی غیره وان اذن المولی له لیس بنکرہ میں کہتا ہوں اور دسواں مسئلہ وہبانیہ کی مساقات اور مزارعت کی فصل میں یوں مذکور ہے اور جائز نہیں عقد مساقات والیکو کہ غیر کو زمین بطور مساقات دے اور اگر مولی یعنی مالک زمین اذن دے تو غیر کو دینا جائز نہیں فان اجر المستعیر او رهن فهلکت ضمنه المعیر للتعدی سو اگر مستعیر عاریت کو اجارہ میں دے یا اسکو رہن رکھے پھر وہ تلف ہو جائے تو معیر اُس سے تاوان لے بسبب اسکی تعدی کے ولا رجوع له المستعیر علی احد لانه بالضمان ظهر انه اجر ملك نفسه ويتصدق بالاجرة خلافا للثانی اور مستعیر کو تاوان پھیر لینا کسی سے جائز نہیں اسواسطے کہ تاوان دینے سے ظاہر ہو گیا کہ اُسنے اپنی ذاتی ملک کو اجارہ دیا اور مستعیر اجرت کو تصدق کر دے برخلاف ابو یوسف رح کے ہم اجرت اسواسطے تصدق کرے کہ مستعیر بمنزلہ غاصب کے ہو گیا اور غاصب اجارہ دینے سے مالک ہوتا ہے اجرت کا اور خیرات کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اجرت حاصل ہوئی خبیث سبب سے یعنے مال غیر کے استعمال کرنے سے کذا فی الطحطاوی او ضمن المستاجر یا بعیر تاوان لے مستاجر سے سکت المرتهن وفی شرح الوهبانیة الخامسة لا یملك المرتهن ان یرهن فضمن وللمالك الخیار ویرجع الثانی علی الاول مصنف نے سکوت کیا مرتہن کے حکم سے اور وہبانیہ کی شرح میں ہے اور پانچواں مسئلہ یعنی نظم مذکور کا پانچواں مسئلہ یہ ہے کہ مرتہن مالک نہیں مرہون کے رہن رکھنے کا تو اسپر رہن رکھنے سے تاوان آویگا اور مالک کو اختیار ہے چاہے مرتہن اول سے تاوان لے چاہے ثانی سے اور اگر ثانی سے تاوان لے تو وہ مرتہن اول سے بھر لے ورجع المستاجر علی المستعیر اذا لم یعلم بانه عاریة فی یده دفعا للضرر الغرر اور جب مستعیر مستاجر سے تاوان لے تو مستاجر مستعیر سے اپنا مال بھر لے جبکہ مستاجر یہ نجانتا ہو کہ وہ عاریت ہے اسکے ہاتھ میں فریب کے دفع ضرر کے واسطے یعنے اگر عاریت جانکر اجارہ لیگا تو رجوع نہیں بسبب عدم فریب ولہ ان یعیر ما اختلف استعماله او لا ان لم یعین المعیر منتفعا اور مستعیر کو جائز ہے عاریت کا عاریت دینا خواہ اُسکا استعمال باعتبار اختلاف مستعملین مختلف ہوتا ہو یا نہ ہوتا ہو بشرطیکہ معیر نے نفع لینے والے کو معین نہ کر دیا ہو ہم اسواسطے کہ معیر نے مستعیر کو منافع عاریت کا مالک کر دیا اور مالک کو دوسرے کا مالک کرنا جائز ہے جیسے مستاجر کو اجارہ دینا جائز ہے کذا فی الدرر مختلف الاستعمال جیسے جانور کی سواری اور جسکا استعمال مختلف نہو جیسے جانور پر بوجھ لادنا کذا فی صدر الشریعة وله ان یعیر ما لا یختلف ان عین وان اختلف لا للتفاوت وعزاه فی زواهر الجواهر للاختیار اور اگر معیر نے نفع لینے والے کو معین کر دیا ہو تو مستعیر اُس عاریت کو عاریت دے جسکا استعمال مختلف نہیں ہوتا اور اگر مختلف ہوتا ہو تو عاریت نہ دے بسبب تفاوت مستعملین کے اور اس قول کو زواہر الجواہر میں اختیار کی طرف نسبت کیا ہے ومثله ای کالمعار المؤجر وهذا عند عدم النهی فلو قال لا تدفع لغیرك فدفع فهلك ضمن مطلقا خلاصه اور عاریت کی چیز کے مانند ہے اجارے کی چیز یعنے مستاجر کو اجارے کی چیز عاریت دینا جائز ہے خواہ اُسکا استعمال مختلف ہو یا نہو اور در صورت تعیین مختلف الاستعمال کا عاریت دینا جائز نہیں اور یہ تفصیل مذکور در صورت عدم نہی کے ہے تو اگر معیر نے مستعیر سے کہا کہ اپنے سوا کسی اور شخص کو نہ دیجیو سو معیر نے دی پھر عاریت تلف ہو گئی تو ہر طرح سے تاوان اسپر آویگا کذا فی الخلاصة یعنی خواہ وہ مختلف الاستعمال ہو یا نہو فمن استعار دابة او استاجرها مطلقا بلا تقیید الحمل ما شاء ویعیرها للحمل ویرکب عملا بالاطلاق سو جو شخص کہ عاریت لیے جانور کو یا کرایہ کے مطلقاً بلا تقیید تو بوجھ لادے اُسپر جو چاہے اور لادنے کے واسطے عاریت دے اور اُسپر سوار ہو اطلاق پر عمل کرنے سے وایا فعل اولا تعین مرادا اور جو فعل کہ اول کریگا وہی متعین ہو جائیگا مراد ہونے میں ہم اسواسطے کہ مطلق ہر انتفاع کو شامل ہے اور تعیین انتفاع میں مستعیر اور مستاجر کو اختیار ہے تو اگر اول سواری کی تو اب اُسپر بوجھ لاد نہیں سکتا اسواسطے کہ مطلق جبکہ متعین ایک قید کے ساتھ ہوا تو بعد اسکے مطلق باقی نرہا کذا فی الطحطاوی وضمن بغیره ان عطبت حتی لو البس او ارکب غیره لم یرکب بنفسه بعده هو الصحیح کافی اور تاوان دے اسکے غیر میں اگر جانور ہلاک ہو جائے تو اگر عاریت کا کپڑا غیر کو پہنایا یا عاریت کے جانور پر غیر کو سوار کیا تو بعد اسکے آپ سوار نہو یہی قول صحیح ہے کذا فی الکافی وان اطلق المعیر او الموجر الانتفاع فی الوقت والنوع انتفع ما شاء ای وقت شاء اور اگر معیر او موجر نے انتفاع کو وقت اور نوع میں مطلق بلا قید کہا تو عاریت سے نفع لے جو چاہے جس وقت چاہے بدلیل گذشتہ یعنی بنا بر عمل یا طلاق وان قیده بوقت او نوع او بهما ضمن بالخلاف الی شر فقط لا الی مثل او خیر اور اگر انتفاع میں وقت یا نوع یا دونوں کی قید لگائی تو تاوان دے بر خلاف کرنے میں تنہا بہتر خلاف میں ہم خلاف شر کی مثال یہ کہ جانور عاریت لیا مثلاً دو من گیہوں لادنے کے واسطے پھر اُسپر اسیقدر جو لادے تو تاوان آویگا اسواسطے کہ جو کا بوجھ زیادہ

پھیلتا ہی جانور کی پیٹھ پر گیہوں سے اور خلاف مثل کے مثال یہ ہی کہ میں گیہوں کے عوض اور گیہوں اسقدر لاد یا اتنے گیہوں کے عوض غیر کے گیہوں اسنے لادے اور ہر خلاف کی یہ صورت ہے
کہ جو کے واسطے عاریت لے اور اسپر گیہوں لادے وکذا التقیید بالاجارۃ نوع او قدر مثل العاریۃ اور اسیطرح کا حکم ہی اجارے مین نوع انتفاع یا قدر انتفاع کی قید لگانے کا عاریت کے مانند عاریۃ
الثمنین و المکیل و الموزون و العدد و المتقارب عند الاطلاق قرض ضرورۃ استہلاک عینہا روپیا اشرفی اور کیلی اور وزنی اور معدود متقارب کی عاریت طلاق کیوقت قرض
ہی بضرورت استہلاک عین اشیاء مذکورہ ہم یعنی عاریت عبارت ہی اذن فی الانتفاع سے اور اشیاء مذکورہ مین انتفاع نہین ہوسکتا بدون استہلاک عین اشیا کے لہذا ایسا عاریت معنی قرض
ٹھہری معدود متقارب چنانچہ اخروٹ اور انڈا اور اسیطرح صوف اور ریشم اور روئی اور مشک اور کافور اور باقی عطریات کی عاریت درحقیقت قرض ہی فیضمن المستعیر ہلا کہا قبل
الانتفاع لانہ قرض حتی لو استعارہا لیعیر المیزان او یزین الدکان عاریۃ تو تاوان دے عاریت دینے والا اشیاء مذکورہ کے تلف ہو جانے سے قبل انتفاع کے اسواسطے کہ وہ قرض ہی نہ عاریت تو اگر روپیا اشرفیا
کو عاریت لیا تاکہ انسے تول کر ترازو کی درستی جانچے یا انکو رکھکے دوکان کی آرائش کرے تو یہ استعارہ درحقیقت عاریت ہی نہ قرض یعنی اسواسطے کہ اسمین استہلاک عین نہین ولو اعارۃ قصعۃ
ثرید فہو قرض ولو بینہما مباسطۃ فاباحۃ اور اگر ثرید کا پیالہ عاریت دیا تو یہ قرض ہی اور اگر معیر اور مستعیر مین کشادہ چشمی اور بے تکلفی ہی تو یہ اباحت ہی ہم ثرید وہ کھانا ہی جو شوربے مین روٹی
ترکرنے سے مرتب ہوتا ہی جب قرض ہوا تو ردمثل یا اسکی قیمت دینا لازم ہی اور اباحت مین تاوان نہین وتصح عاریۃ السہم ولا الضمن لان الرمی یجری مجری الاہلاک صیرفیۃ اور تیر کی
عاریت صحیح ہی اور تلف ہونیسے تاوان نہین اسواسطے کہ کمان سے تیر مارنا قائم مقام ہلاکی کے ہی کذا فی الصیرفیہ یعنی یہ استہلاک بلا تعدی ہی مالک کی اجازت سے لہذا اسمین تاوان نہین
ولو اعار ارضا للبناء والغرس صح للعلم بالمنفعۃ اور اگر زمین عاریت دی عمارت بنانے اور درخت لگانے کو تو صحیح ہی منفعت کے معلوم ہونیسے ولہ ان یرجع متی شاء لما تقرر
انہا غیر لازمۃ اور معیر کو جائز ہی کہ عاریت پھیر لے جب چاہے اسواسطے کہ ثابت ہوچکا ہی کہ عاریت عقد لازم نہین ویکلفہ قلعہما الا اذا کان فیہ مضرۃ بالارض فیترکان
بالقیمۃ مقلوعین لئلا یتلف ارضہ اور معیر کو جائز ہی کہ مستعیر سے عمارت اور درختون کو کھدوا ڈالے مگر جبکہ کھودنے مین زمین کا ضرر ہو تو کھودے عمارت اور کھودے درخت کی قیمت دیکر
دونون چیزین قائم رکھی جاوین تاکہ اسکی زمین ضائع نہو یعنی حساب زمین قیمت دے وان وقت العاریۃ فرجع قبلہ کرہ قلعہما وضمن المعیر للمستعیر ما نقص البناء والغرس بالقلع بان
یقوم قائما الی المدۃ المضروبۃ وتعتبر القیمۃ یوم الاسترداد بحر اور اگر عاریت کی مدت ٹھہرالی سو معیر نے عاریت پھیر لی مدت سے پہلے تو مستعیر سے عمارت اور درخت کو کھدوا ڈالے اور معیر مستعیر کو اتنا
تاوان دے جتنا عمارت اور درخت کا نقصان ہوگیا کھودنے سے اس طرح پر کہ مدت معین تک عمارت اور درخت کو قائم فرض کر کے قیمت انکی مقرر کیجاے اور پھیر دینے کے دن کی قیمت کا
اعتبار ہی کذا فی البحر ہم مثلا درخت کی قیمت کھودنے کے وقت ایک روپیہ ہی اور اگر مدت معینہ تک قائم رہتا تو تین روپیہ قیمت ہوتی دو روپیہ کا نقصان ہوا اسیقدر تاوان دے واذا استعارہا
لیزرعہا لم توخذ منہ قبل ان یحصد الزرع وقتہا او لا وتترک باجر المثل مراعاۃ للحقین اور جبکہ زمین مستعیر کو کھیتی کرنے کے واسطے عاریت دی تو اس سے کھیت کٹنے سے پہلے زمین لیجائے
خواہ عاریت کی مدت مقرر کی ہو یا نہ کی ہو تو زمین مستعیر کے پاس بعوض اجرت مثل چھوڑی جائیگی دونون حقون کی عاریت کرنے کے واسطے فلو قال المعیر اعطیک البذر وکلفتک ان
کان لم تنبت لم یجز لان بیع الزرع قبل نباتہ باطل وبعد نباتہ فیہ کلام اشار الی الجواز فی المغنی نہایہ پھر اگر معیر نے کہا مستعیر سے کہ مین تجھکو بیج اور تیری مشقت کا خرچ
دیتا ہون اگر کھیت نہ جما ہو تو جائز نہین اسواسطے کہ کھیت کی بیع قبل اسکے جمنے کے باطل ہی اور بعد اسکے جمنے کے اسمین گفتگو ہی مغنی مین اسکے جائز ہونے کی طرف اشارہ کیا ہی کذا فی
النہایہ ہم قول مغنی یہی مختار ہی کذا فی الطحطاوی عن الغایۃ ومونۃ الرد علی المستعیر اور عاریت پھیر دینے کا خرچ مستعیر پر ہی یعنی اسواسطے کہ اسنے اپنے نفع کیواسطے اسپر قبضہ کیا تھا اور پھیر دینا
اسپر واجب ہی فلو کانت موقتۃ فامسکہا بعدہ فہلکت ضمنہا لان مونۃ الرد علیہ نہایۃ تو اگر عاریت کا وقت مقرر ہو سو مستعیر نے عاریت رکھ چھوڑی بعد اس وقت کے پھر عاریت
ضائع ہوگئی تو مستعیر تاوان دے اسواسطے کہ پھیر دینے کا خرچ مستعیر پر تھا کذا فی النہایۃ یعنی تو نہ پھیر دینے سے وہ متعدی ٹھہرا ہم اس مسئلے مین دو قول ہین تاوان قاضی خان کا مختار ہی اور
عدم ضمان کافی اور مجتبی مین مذکور ہی کذا فی الطحطاوی الا اذا استعارہا لیرہنہا فتکون کالاجارۃ رہن الخانیۃ عاریت پھیر دینے کا خرچ مستعیر پر ہی مگر جبکہ مستعیر نے رہن رکھنے کے
واسطے عاریت لی تو اب عاریت اجارے کے مانند ہی کذا فی رہن الخانیہ یعنی تو اب خرچ معیر پر ہوگا جیسے موجر پر ہوتا ہی کذا فی البحر وکذا الموصی لہ بالخدمۃ مونۃ الرد علیہ
اور اسیطرح جسکے واسطے خدمت مملوک کی وصیت ہوئی تو پھیر دینے کا خرچ اسپر ہی وکذا الموجر والغاصب والمرتہن مونۃ الرد علیہم لحصول المنفعۃ لہم اور اسیطرح موجر اور غاصب

اور مرتہن پر پھیر دینے کا خرچ ہے بسبب حاصل ہونے منفعت کے انہین کے واسطے ہذا لو الاخراج باذن رب المال والا فمؤنۃ رد مستاجر ومستعار علی الذی اخرجہ اجارۃ البزازیۃ یعنی یہ حکم خرچ

لازم ہونا اسوقت ہے جبکہ اخراج صاحب مال کے اذن سے ہوا ہو اور اگر مستاجر نے بلا اذن موجر اخراج کیا تو اجارہ اور عاریت والی چیز کے پھیر دینے کا خرچ اسیر ہے جسنے اسکو اخراج

کیا یعنی مستاجر اور مستعیر پر کذا فی اجارۃ البزازیۃ بخلاف شرکۃ ومضاربۃ وہبۃ تعنی بالرجوع مجتبی بخلاف شرکت اور مضاربت اور ہبہ کے کہ رجوع کا حکم ہوگا کذا فی المجتبی یعنی شرکت مین

راس المال کا خرچ اور مضاربت مین صاحب مال پر ہے اور ہبہ مین واہب پر کذا فی النہر وان رد المستعیر الدابۃ مع عبدہ او اجیرہ مشاہرۃ لا میاومۃ او مع عبد رہبا

مطلقا یقوم علیہا ولا فی الاصح او اجیرہ ای مشاہرۃ کما مر فہلکت قبل قبضہا بری لانہ اتی بالتسلیم المتعارف اور اگر مستعیر نے جانور پھیر دیا اپنے غلام کے ساتھ یا اپنے چاکر

مشاہرہ دار کے ساتھ نہ یومیہ دار چاکر کے ساتھ یا جانور پھیر دیا مالک کے غلام کے ساتھ خواہ اسکا غلام جانور کی خدمت پر معین ہو یا نہو قول اصح مین یا مالک کے چاکر

مشاہرہ دار کے ساتھ بھیجا چنانچہ قید مشاہرہ دار کی مذکور ہو چکی پھر جانور ہلاک ہو گیا مقبوض ہونے سے پہلے تو مستعیر بری الذمہ ہو گیا تاوان سے اسواسطے کہ وہ تسلیم مشہور ادا کر چکا

مع یومیہ دار کو اسواسطے نکالا کہ وہ عیال مین داخل نہین ہوتا بخلاف نفیس کجوہرۃ بخلاف عمدہ چیز کے چنانچہ عمدہ چیز کے جواہر یعنی اگر عمدہ چیز کو مستعیر غلام یا نوکر کے ہاتھ مالک کے

پاس بھیجے اور تلف ہو جاوے تو وہ بری الذمہ نہوگا وبخلاف الرد مع الاجنبی ای بان کانت العاریۃ موقتۃ فمضت مدتہا ثم بعثہا مع الاجنبی لتعدیہ بالامساک بعد المدۃ

اور برخلاف اجنبی کے ساتھ پھیر دینے کے یعنی اس طرح پر کہ عاریت کی مدت معین تھی پھر اسکی مدت ہو چکی پھر مستعیر نے اسکو بھیجا اجنبی شخص کے ہاتھ تو بری الذمہ نہوگا بسبب

تعدی کرنے مستعیر کے بعد مدت کے رکھ چھوڑنے سے والا فالمستعیر یملک الایداع فیما یملک الاعارۃ من الاجنبی بہ یفتی زیلعی فتعین حمل کلامہم علی ہذا اور اگر ایسا نہو یعنی اگر اجنبی کے

دینے مین انقضائے مدت کی قید نہ لگائیے بلکہ مطلقا تاوان کے قائل ہو جیسے تو صحیح نہین اسواسطے کہ مستعیر ودیعت رکھنے کا مالک ہے جسمین عاریت رکھنے کا مالک ہے اجنبی

سے اسی قول کا فتوی ہے کذا فی الزیلعی تو فقہا کے کلام کا محمول کرنا اسی قول پر متعین ہو گیا یعنے اجنبی کے دینے سے مستعیر پر تاوان آنا اسی صورت پر ہے جبکہ بعد انقضائے مدت کے

ہو نہ مطلقا وبخلاف رد ودیعۃ ومغصوب الی دار المالک فانہ لیس بتسلیم اور برخلاف پہونچا دینے ودیعت اور مغصوب کے مالک کے گھر تک کہ یہ تسلیم نہین یعنی جب خود مالک کو پہونچاویگا تو تسلیم

ثابت ہوگی واذا استعار ارضا بیضاء للزراعۃ یکتب المستعیر انک اطعمتنی ارضک لازرعہا فتخصص للاعلام البناء ونحوہ اور جبکہ سفید خالی زمین زراعت کیواسطے

عاریت لی تو مستعیر عاریت نامہ لکھے اس طرح پر کہ تو نے اپنی زمین میرے کھانے کو دی تا اسمین زراعت کرون تو زراعت کے واسطے تخصیص اسواسطے کی تا عمارت وغیرہ کو شامل نہ ہو

ہم عاریت نامہ لکھنا فضل ہے نہ واجب اور فائدہ لکھنے کا یہی ہے تا بطاول مدت سے مستعیر عاریت لینے کا انکار نکرے العبد ون المعاذون یملک الاعارۃ غلام ماذون عاریت دینے کا

مالک ہے یعنی اسواسطے کہ عاریت دینا سوداگرون کا دستور ہے کذا فی النہر والمحجور اذا استعار واستہلکہا یضمن بعد العتق غلام محجور جبکہ عاریت لے اور اسکو تلف کر ڈالے تو تاوان دے

آزاد ہونے کے بعد ولو اعار عبد محجور عبدا محجورا مثلہ فاستہلکہ ضمن الثانی للحال اور اگر غلام محجور اپنے مانند دوسرے غلام محجور کو عاریت دے سو وہ اسکو تلف کر ڈالے تو دوسرا یعنی مستعیر فی الحال

تاوان دے ولو استعار ذہبا فقلدہ صبیا فسرق الذہب منہ ای من الصبی فان کان الصبی یضبط حفظ ما علیہ من اللباس لم یضمن والا ضمن لانہ اعارۃ

والمستعیر یملکہا اور اگر ایک شخص نے سونا عاریت لیا سو ایک لڑکے کے گلے مین ڈالا پھر سونا چوری ہو گیا لڑکے سے تو اگر لڑکا ایسا ہوشیار ہو کہ حفاظت کرتا ہو اسکی جو اسکے

بدن پر ہے لباس وغیرہ سے تو مستعیر پر تاوان نہین اسواسطے کہ ایسے لڑکے کو سونا پہنانا عاریت دینا ہے اور مستعیر عاریت دینے کا مالک ہے اور اگر لڑکا حفاظت نکر سکتا ہو تو مستعیر پر

ضمان ہے یعنی اسواسطے کہ اسنے مال پرایا ضائع کیا تاوان کو دیکر وضعہا ای العاریۃ بین یدیہ فنام فضاعت لم یضمن لو نام جالسا لانہ لا یعد مضیعا لہا عاریت کو اپنے سامنے

رکھا پھر وہ سو گیا سو عاریت ضائع ہو گئی تو اسپر تاوان نہین اگر بیٹھے سو گیا اسواسطے کہ ایسا سونے والا عاریت کا ضائع کرنے والا نہین گنا جاتا وضمن لو نام مضطجعا لترک الحفظ

اور تاوان دے اگر لیٹ کر سو گیا بسبب نگہبانی چھوڑنے کے لیس للاب اعارۃ مال طفلہ لعدم البدل وکذا القاضی والوصی باپ کو جائز نہین اپنے ولد صغیر کا مال عاریت دینا بسبب

نہونے عوض کے اور اسیطرح قاضی اور وصی کو طفل کا مال عاریت دینا جائز نہین ہم یہ قول فتاوی عالمگیری کے مخالف ہے اسواسطے کہ اسمین بروع طحاوی سے منقول ہے کہ قاضی کو مال یتیم کا عاریت

دینا جائز ہے کذا فی الطحطاوی طلب شخص من رجل ثورا عاریۃ فقال اعطیتک غدا فلما کان الغد ذہب الطالب واخذہ بغیر اذنہ واستعملہ فمات الثور لا ضمان علیہ

خانیۃ عن ابراہیم بن یوسف لکن فی المجتبی وغیرہ انہ یضمن ایک شخص نے دوسرے مرد سے بیل عاریت مانگا سو اُسنے کہا مین کل تجھکو دونگا پھر جب کل ہوا تو طالب گیا اور بیل لیا بدون
اسکے اذن کے اور اس سے کام لیا پھر بیل مرگیا تو اُسپر تاوان نہین کذا فی الخانیۃ عن ابراہیم بن یوسف لیکن مجتبی وغیرہ مین یہ ہے کہ وہ تاوان دیگا ہم تو اسمین دو قول
ثابت ہوے جہز ابنتہ بما یجہز بہ مثلہا ثم قال کنت اعرتہا الامتعۃ ان العرف مستمر بین الناس ان الاب یدفع ذلک الجہاز ملکا لا اعارۃ لا
یقبل قولہ انہ اعارۃ لان الظاہر یکذبہ وان لم یکن العرف کذلک او تارۃ وتارۃ فالقول لہ بہ یفتی کما لو کان اکثر مما یجہز بہ مثلہا فان القول لہ اتفاقا باپ نے
اپنی بیٹی کو ایسا جہیز دیا کہ ویسا جہیز ویسی عورت کو دیا جاتا ہے پھر باپ نے کہا کہ مین نے بیٹی کو اسباب عاریت دیا تھا نہ ملک کی طور پر اگر لوگون مین رواج دائمی ہو کہ باپ ایسی جہیز کو
دیا کرتا ہو مالک کر دینے کی راہ سے نہ عاریت دینے کی راہ سے تو باپ کا یہ قول کہ اُسنے عاریت دیا تھا مقبول نہوگا اسواسطے کہ ظاہر حال اُسکی تکذیب کرتا ہے اور اگر اس طرح کا
رواج نہو کاہے بطور ملک کے دیا جاتا ہو اور کاہے بطور رعایت کے تو باپ ہی کا قول مقبول ہے اسی قول کا فتوی ہے چنانچہ اگر جہیز زیادہ تر ہو اس جہیز سے جو ویسی عورت
کو دیا جاتا ہے تو باپ ہی کا قول بالاتفاق مقبول ہے والام وولی الصغیرۃ کالاب فیما ذکر اور ماں اور صغیرہ کا ولی باپ کے مانند ہے حکم مذکور مین ہم یعنی اگر ماں یا ولی
صغیرہ کا نکاح کر دے جہیز دیکر پھر دعوی عاریت کا کرے تو رواج کا اعتبار ہوگا اور یہ حکم ماں اور ولی مین ابن وہبان کی بحث ہے کذا فی الطحطاوی وفیما ادعیہ
الاجنبی بعد الموت لا یقبل الا ببینۃ شرح وہبانیۃ وتقدم فی باب المہر اور جسمین اجنبی دعوی کرے بعد موت کے یعنی میت پر دعوی کرے کہ مین نے اسکو فلانی چیز عاریت
دی تو اُسکا قول مقبول نہین بدون شہادت کے کذا فی الشرح الوہبانیۃ اور باب المہر مین پہلے مذکور ہو چکا وفی الاشباہ کل امین ادعی ایصال الامانۃ
الی مستحقہا قبل قولہ بیمینہ کالمودع اذا ادعی الرد والوکیل والناظر اذا ادعی الصرف الی الموقوف علیہم یعنی من الاولاد والفقراء اشباہ مین
ہے کہ جو امین امانت کے پہونچا دینے کا اُسکے مستحق کی طرف دعوی کرے تو اُسکا قول قسم کے ساتھ مقبول ہے چنانچہ مودع جبکہ ودیعت پھیر دینے کا دعوی
کرے اور وکیل اور ناظر وقف کا جبکہ موقوف علیہم پر صرف کرنے کا دعوی کرے تو موقوف علیہم سے مراد وقف کی اولاد ہے اور محتاجین اور مانند انکے یعنی علماء و
اشراف کذا فی الطحطاوی واما اذا ادعی الصرف الی وظائف المرتزقۃ فلا یقبل قولہ فی حق ارباب الوظائف لکن لا یضمن ما انکروہ لہ بل یدفعہ ثانیا من مال الوقف
کما بسطہ سنہ حاشیۃ اخی زادہ قلت وقدمر فی الوقف عن مولی ابی السعود واستحسنہ المصنف واقرہ ابنہ فلیحفظ اور اگر ناظر دعوی کرے کہ مین نے روزی
لینے والون کے وظائف مین صرف کیا تو اُسکا قول مقبول نہین ارباب وظائف کے حق مین لیکن ناظر تاوان نہ دیگا جسکے لینے کے وہ منکر ہین بلکہ ناظر اُنکو دوبارہ وقف کے
مال سے چنانچہ حاشیۂ اخی زادہ مین شرح ہے مین کہتا ہون اور کتاب الوقف مین یہ مذکور ہو چکا مفتی ابو سعود رح سے اور مصنف رح نے اسکو پسند کیا ہے اور اُسکے فرزند نے
اسکو ثابت رکھا ہے حاشیۂ اشباہ مین تو اُسکو یاد رکھنا چاہیے وسواء کان فی حیاتہ مستحقہا او بعد موتہ الا فی الوکیل بقبض الدین اذا ادعی بعد موت الموکل
انہ قبضہ ودفعہ لہ فی حیاتہ لم یقبل قولہ الا ببینۃ اور برابر ہے کہ ادعائے ایصال مستحق امانت کی زندگی مین ہو یا بعد اسکی موت کے ہو مگر قبض دین کے وکیل مین جبکہ وہ بعد موت
موکل کے یہ دعوی کرے کہ اُسنے دین پر قبضہ کیا اور وہ موکل کو دیا اُسکی زندگی مین تو قول مذکور مقبول نہوگا مگر گواہی کے ساتھ بخلاف الوکیل بقبض العین کودیعۃ اذا قال
قبضتہا فی حیاتہ وہلکت وانکرت الورثۃ او قال دفعتہا الیہ فانہ یصدق لانہ ینفی الضمان عن نفسہ برخلاف قبض عین کے وکیل کی ودیعت کے مانند وکیل نے کہا کہ مین نے عین پر قبضہ کیا موکل کی
حیات مین اور وہ ہلاک ہو گئی اور موکل کے وارثون نے اُسکا انکار کیا یا وکیل نے کہا کہ مین نے وہ عین موکل کو دی تو اُسکے قول کی تصدیق ہوگی اسواسطے کہ وکیل اپنی ذات سے
تاوان کی نفی کرتا ہے یعنی وکیل اپنے اوپر سے تاوان کو ٹالتا ہے اور یہ اُسکا مقصود نہین کہ موکل پر ایجاب ضمان کرے بخلاف الوکیل بقبض الدین لانہ یوجب الضمان
علی المیت وہو ضمان مثل المقبوض فلا یصدق وکالۃ الولوالجیۃ بخلاف قبض دین کے وکیل کے کہ اُسکا قول مقبول نہین اسواسطے کہ وہ ایصال دین کے دعوی سے تاوان واجب
کرتا ہے میت پر اور وہ تاوان ہے مقبوض کے برابر تو اُسکی تصدیق نہوگی کذا فی وکالۃ الولوالجیۃ ہم ایصال دین کے دعوی مین میت پر ایجاب ضمان کی یہ وجہ ہے کہ قضائے دیون امثال
سے یون ہوتا ہے تو ادعائے ایصال ضمان مثل مقبوض کا موجب ہے اور مقبوض سمجھا جاتا ہے اُس حق کا جو مدیون پر ہے اور غیر پر ایجاب ضمان لازم جائز نہین کذا فی الطحطاوی مختصرا قلت وظاہرہ

انہ لا یصدق لا فی حق نفسہ ولا فی حق الموکل وقد افتی بعضہم انہ یصدق فی حق نفسہ لا فی الموکل وحمل علیہ کلام الوالوالجیہ فلیتامل عند الفتوے مین کہتا ہون اور
ظاہر کلام ولوالجیہ اسپر دلالت کرتا ہی کہ وکیل کی تصدیق نہوگی نہ اپنی ذات کے حق مین نہ موکل کے حق مین اور البتہ بعض فقہانے فتوی دیا ہی کہ وکیل کی
تصدیق اسکی ذات کے حق مین ہوگی نہ موکل کے حق مین اور ولوالجیہ کا کلام اسی تفصیل پر محمول کیا ہی تو تامل کرنا چاہیے فتوے دینے کے وقت ہم ظاہر
کلام ولوالجیہ شارح کی فہم کے موافق یہ دلالت نہین کرتا بلکہ اسکی عبارت سے یہ ظاہر ہی کہ فقط موکل کے حق مین وکیل کی تصدیق نہوگی بقرینہ ایجاب ضمان
علی المیت تو افتاے بعض فقہا متعین ہوگیا اور تامل کی کچھ حاجت نہی کذا فی الطحطاوی **فرع** مسائل ملحقہ شارح کے اوصی بالعاریۃ لیس للورثۃ
الرجوع ایک شخص نے عاریت کی وصیت کی تو ورثہ کو جائز نہین پھیر لینا مستعیر موصی لہ سے ہم یہ اس صورت مین ہی جبکہ رقبہ ثلث سے نکلتا ہو اور
مستعیر نے عاریت قبول کی موصی کی موت کے بعد اور اگر بعد موت قبول متحقق نہوگا تو وصیت باطل ہی کذا فی الطحطاوی العاریۃ کالاجارۃ تنفسخ بموت احدہما
عاریت اجارہ کے مانند فسخ ہو جاتی ہی معیر یا مستعیر کی موت سے مات وعلیہ دین وعندہ ودیعۃ بغیر عینہا فالترکۃ بینہم بالحصص ایک شخص مرگیا اور
اسپر دین ہی اور اسکے پاس ودیعت ہی غیر معین تو میت کا ترکہ اصحاب دیون مین مقسوم ہوگا بقدر انکے حصون کے ہم ودیعت غیر معین کی یہ صورت ہی کہ
میت مرگیا اور یہ بیان نہ کرگیا کہ فلانی چیز ودیعت ہی تو صاحب ودیعت اور باقی ارباب دیون ترکے مین برابر ہین بقدر اپنے حصص کے بشرطیکہ ترکہ ادا ے
کل دیون مین کفایت نہ کرے، استاجر بعیرا الی مکۃ فعلی الذاہب وفی العاریۃ علی الذاہب والجی لان ردہا علیہ اونٹ کرایہ کیا مکہ معظمہ تک تو یہ اجارہ فقط جانے
پر ہی نہ آنے پر اور عاریت مین جانے اور آنے دونون پر ہی اسواسطے کہ عاریت کا پہونچانا مستعیر پر ہی یعنے اور پہونچانا بدون آنے کے نہین ہو سکتا
بخلاف اجارہ کے کہ اسکے آنے کا خرچ موجر پر ہی نہ مستاجر پر استعار دابۃ للذہاب فامسکہا فی بیتہ فہلکت ضمن لانہ اعارہا للذہاب لا للامساک جانور
عاریت لیا جانے کے واسطے پھر اسکو باندھ رکھا اپنے گھر مین سو وہ تلف ہوگیا تو تاوان دے اسواسطے کہ اسنے اسکو جانے کے واسطے عاریت دیا تھا
نہ باندھ رکھنے کے واسطے استقرض ثورا فاغار علیہ الاتراک لم یضمن لانہ عاریۃ عرفا بل قرض لیا سو اسپر ترکون نے مثلاً غارتگری کی تو اسپر تاوان نہین
اسواسطے کہ وہ عاریت ہی رواج مین یعنی اور بلا تعدی مستعیر وہ تلف ہو گیا استعار ارضا لیبنی ولیسکن واذا خرج فی البناء للمالک اجر مثلہا مقدار
السکنی والبناء للمستعیر لان الاعارۃ تملیک بلا عوض فکانت اجارۃ معنی وفسدت بجہالۃ المدۃ زمین عاریت لی عمارت اور سکونت کے واسطے اور
جب وہ اس مکان سے نکل جاوے تو عمارت مالک زمین کی ہی تو مالک کو کرایہ ملیگا ویسی زمین کا بقدر اسکی سکونت کے اور عمارت تو مستعیر کی ہی اسواسطے
کہ اعارہ عبارت ہی تملیک منافع بلاعوض سے تو یہاں اعارہ درحقیقت اجارہ ہوگیا یعنے بقرعوض سے مدت کے مجہول ہونے سے ہم عوض وہ عمارت ہی جو
مستعیر نے بنائی پھر جب عاریت اجارہ فاسد ٹھہری تو اجرت مثل لازم آئی منفعت لینے سے اور اگر مدت بھی معلوم ہوتی تو بھی اجارہ فاسد ٹھہرتا جہالت
بدل سے اسواسطے کہ کیفیت عمارت کی معلوم نہین عاریت لینے کے وقت وکذا لو شرط الخراج علی المستعیر بجہالۃ البدل اور اسیطرح عاریت اجارہ فاسد ٹھہرے گی
اگر زمین کا خراج مستعیر پر شرط کیا گیا بسبب مجہول ہونے بدل کے ہم خراج تھا معیر پر پھر جب مستعیر پر شرط کیا تو منافع کا عوض ٹھہرا اور یہی حقیقت
ہی اجارے کی اسواسطے کہ عقود مین معانی کا اعتبار ہی نہ الفاظ کا وجہ فساد اجارہ یہ ہی کہ قدر خراج مجہول ہی والحیلۃ ان یوجرہا الارض سنین معلومۃ ببدل
معلوم ثم یامرہ باداء الخراج منہ اور مستعیر پر خراج صحیح ہونے کا حیلہ یہ ہی کہ مستعیر کو چند سال معین زمین اجارہ دے بعوض بدل معین کے پھر مستعیر سے ادائے خراج
کا عوض معلوم سے امر کرے استعار کتابا فوجد فیہ خطأ اصلحہ ان علم رضی صاحبہ قلت لا یاثم تبرکہ الا فی القرآن لان اصلاحہ واجب بخط مناسب ایک کتاب مانگ
لی سو اسمین غلطی پائی تو اسکی اصلاح کردے اگر مالک کی رضامندی جانے مین کہتا ہون اور گنہگار نہوگا ترک خطا اور عدم اصلاح سے مگر قرآن مجید مین ترک
اصلاح سے البتہ گنہگار ہوگا اسواسطے کہ قرآن کا صحیح کردینا واجب ہی بخط مناسب قرآن ہم اصلاح مین بغیر رضاے مالک اسواسطے کہ غیر کی ملک مین تصرف ہی

ابن وہبان نے کہا اگر مستعیر کا خط مناسب بخط کتاب ہو اور اسکو بالیقین خطا معلوم ہو تو بشرط رضائے صاحب کتاب اصلاح کر دے اور اگر خط مناسب نہو تو ایک کاغذ علٰحدہ پر لکھکر وہان رکھدے اور بحل خطا پر نشان کر دے تا مالک اُسکا مطلع ہو کر درست کرے اسواسطے کہ کتب علم کی اصلاح عبادت ہے کذافی الطحطاوی وفی الوہبانیۃ شعر وسفر رای اصلاحہ مستعیرہ یجوز اذا مولاہ لا یتاثر ۵ اور وہبانیہ مین ہے کہ ایک کتاب مین اسکے مستعیر نے غلطی کر نا معلوم کیا تو جائز ہے اصلاح جبکہ اسکا مالک آزردہ نہو وفی معایاتھا اور وہبانیہ کی معایات مین اگلی بیت ہے معایات وہ کلام ہے جسکے فہم اور جواب مین مخاطب عاجز ہو جیسے لغز اور پہیلیان اور پہیلی ؏ وای معیر لیس یملک اخذما اعارہ وفی غیر الرہان التصور ۵ اور وہ کون معیر ہے جو اپنی عاریت دی چیز کے لینے کا مالک نہین اور رہن کے سوا اسے مین یہ مسئلہ متصور ہے ہم صورت اسکی یہ ہے کہ زمین عاریت دی زراعت کے واسطے تو مالک زمین کو اُسکا لینا کھیت کٹنے سے پہلے جائز نہین ؏ وہل واہب الابن یحوز رجوعہ اور اپنے فرزند کا ایسا کوئی واہب ہے کہ اسکو پھیر لینا جائز ہو ہم صورت اسکی یہ ہے کہ ایک شخص کا بیٹا دوسرے کا غلام ہے تو اسکو ہبہ پھیر لینا جائز ہے اسواسطے کہ غلام مالک نہین ہو سکتا اور ہبہ درحقیقت اسکے مالک کے واسطے ہے تو درحقیقت اجنبی کے واسطے ہبہ ہوا تو پھیر لینا جائز ٹھہرا ؏ وہل مودع ما ضیع المال یخسر اور ایسا کوئی مودع ہے جسنے مال ضائع نہین کیا اُسپر تاوان پڑتا ہے ہم صورت اسکی یہ ہے کہ وصیت کرنے والے نے ایک شخص کے پاس ہزار درم ودیعت رکھے اور کہا کہ یہ درم میرے فلانے وارث کو دینا سو مودع نے بعد اسکی موت کے ویساہی کیا تو باقی وارث اُسسے تاوان لینگے کذافی الطحطاوی واللہ اعلم واستغفر اللہ العلیم الکریم

کتاب الہبۃ

یہ کتاب ہے ہبہ کی یعنی بخشش اور دینے کی وجہ المناسبۃ ظاہر وجہ مناسبت کی درمیان کتاب العاریۃ اور کتاب الہبۃ کے ظاہر ہے ہم اسواسطے کہ عاریت عبارت ہے تملیک منافع بلاعوض سے اور ہبہ عبارت ہے تملیک عین مع المنافع بلاعوض سے ہو لغۃ التفضل علی الغیر ولو غیر مال ہبہ لغت مین عبارت ہے فضیلت حاصل کرنے سے غیر پر اگرچہ تفضیل بغیر مال کے ہو وشرعاً تملیک العین مجاناً ای بلاعوض لاان عدم العوض شرط فیہ اور شرع مین ہبہ عبارت ہے عین کے مالک کر دینے سے مفت یعنی بدون عوض کے نہ یہ کہ عدم عوض شرط ہے ہبہ مین ہم تملیک عین سے اباحت وعاریت ہبہ سے خارج ہو گئی اور بلاعوض سے اجارہ اور بیع نکل گئی لیکن یہ تعریف وصیت کی مانع نہین لہذا ابن کمال نے تملیک حال کی قید لگائی بہتر یہ تھا کہ شارح بلاشرط عوض کہتا جیسے مصنف رح نے اپنی شرح مین کہا ہے تو مطلب یہ ہے کہ ہبہ عبارت ہے تملیک بلاشرط عوض سے اور یہ مطلب نہین کہ عدم عوض شرط ہے اسمین تا کہ تعریف ہبہ بشرط عوض سے ٹوٹ جائے واما تملیک الدین من غیر من علیہ الدین فان امرہ بقبضہ صحت لرجوعہا الی ہبۃ العین اور دین کی تملیک تو غیر مدیون کو اگر صاحب دین نے اسکو دین قبض کرنے کا امر کیا تو ہبہ صحیح ہے بسبب راجع ہونے ہبہ دین کے ہبہ عین کی طرف ہم یہ جواب ہے اس سوال مقدر کا کہ ہبہ کی تعریف مین تملیک عین داخل ہے تو چاہیے کہ دین ندکو۔ کی تملیک کو ہبہ نہ کہیے اسکا جواب شارح نے یون دیا کہ جب صاحب دین نے اسکو قبض دین کا امر کیا اور اُسنے دین پر قبضہ کیا تو دین عین ہو گیا تو تملیک عین متحقق ہو گئی وسببہا ارادۃ الخیر للواہب دنیوی کعوض ومحبۃ وحسن ثناء واخروی اور ہبہ کا سبب خیر کا ارادہ ہے واہب کے واسطے خواہ خیر دنیوی ہو چنانچہ عوض ومحبت اور نیکنامی خواہ خیر اخروی ہو چنانچہ ثواب بشرط خلوص نیت قال الامام ابو منصور یجب علی المومن ان یعلم ولدہ الجود والاحسان کما یجب علیہ ان یعلمہ التوحید والایمان اذ حب الدنیا راس کل خطیئۃ نہایۃ امام ابو منصور ماتریدی نے کہا واجب ہے ایماندار پر کہ اپنے فرزند کو سخاوت اور احسان سکھائے جس طرح اسپر یہ واجب ہے کہ اسکو توحید اور ایمان بتا دے اسواسطے کہ دنیا کی محبت ہر گناہ کی چوٹی ہے کذافی النہایۃ فیغنی بلا تعلیم فرزند کو نہ چھوڑے کہ وہ دنیا کی محبت پر جوان ہو جا اور وہ نہایت ندموم ہے اسواسطے کہ حب دنیا سر ہے ہر خطا کا تو تعلیم جود سے اس بلا سے نجات پاویگا اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تعلیم فرض عین ہے کذافی الطحطاوی وہی مندوبۃ وقبولہا سنۃ قال صلی اللہ علیہ وسلم تہادوا تحابوا اور ہبہ کرنا مستحب ہے اور ہبہ کا قبول کرنا سنت ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ باہم ہدیہ اور تحفہ دیا کرو تاکہ باہم دوست ہو جاؤ ہم اور کا ہے بسبب عارض کے ہبہ قبول نکرنا مخالف سنت نہین ہوتا چنانچہ اگر معلوم ہو جائے کہ ہبہ حرام مال ہے یا کہ واہب کا پناہ احسان جتایا کریگا وشرائط صحتہا فی الواہب العقل والبلوغ والملک فلا تصح ہبۃ صغیر ورقیق ولو مکاتبا اور صحت ہبہ کی شرطین ہبہ کرنے والے مین عقل اور بلوغ اور ملک ہے تو صغیر اور مملوک کا ہبہ صحیح

نہین اگرچہ مملوک کا سبب ہو وشرائط صحتها فی الموہوب ان یکون مقبوضا غیر مشاع ممیزا غیر مشغول کما سیتضح اور صحت ہبہ کی شرطین موہوب یعنی بخشی ہوئی چیز مین
ہونا اسکا مقبوض غیر مشاع متمیز غیر مشغول بغیر موہوب چنانچہ آگے واضح ہوگا ہم کہتے ہین یہ کہ قبض تو صرف وہی ثبوت ملک کیواسطے ہی اسواسطے کہ جواز ثابت ہی قبل قبض کے
بالاتفاق انتہی تو اس سے معلوم ہوا کہ قبض موہوب کا ثبوت ملک کی شرط ہو نہ صحت ہبہ کی اور مصنف رح کے کلام سے نکلتا ہی کہ قبض صحت کی شرط ہی اور باقی شرط موہوب
کی فتاوی عالمگیری مین یون مذکور ہی کہ موہوب موجود ہو ہبہ کے وقت تو اگر اپنے درخت کے پھل ہبہ کرے جو امسال پیدا ہونگے تو جائز نہین اسواسطے کہ فی الحال
معدوم ہین اور از انجملہ یہ شرط ہی کہ مال متقوم ہو تو شراب اور سور اور خون اور صید حرم کا ہبہ صحیح نہین اور از انجملہ یہ شرط ہی کہ مملوک ہو تو ہبہ مباحات کا جائز نہین کذا فی
الخلاصۃ ورکنها هو الایجاب والقبول کما سیجیء اور ہبہ کا رکن ایجاب اور قبول ہی چنانچہ آگے آویگا وحکمها ثبوت الملک للموہوب له غیر لازم فله الرجوع
والفسخ اور حکم یعنی اثر مترتب ہبہ کا ثابت ہونا ملک کا موہوب لہ کے واسطے ملک غیر لازم تو واہب کو ہبہ پھیر لینا اور عقد ہبہ کا فسخ کر دینا جائز ہی یعنی سوا ے سات صورتون کے
جو مذکور ہونگی وعدم صحة خیار الشرط فیها فلو شرطه صحت ان اختارها قبل تفرقها اور حکم ہبہ غیر صحیح ہونا شرط اختیار کا ہی ہبہ مین تو اگر موہوب لہ نے خیار شرط کیا تو ہبہ صحیح ہوگا اگر وہ ہبہ کو
اختیار کریگا قبل متفرق ہونے واہب اور موہوب کے کہم بہتر تھا کہ مصنف رح یون کہتا وعدم صحتها بخیار الشرط بقرینہ تفریع کے والا حاصل اسکا یہ ہی کہ ہبہ مطلقا صحیح ہی اور شرط باطل ہی وکذا الابراء
صح الابراء وبطل الشرط خلاصة ولیس براء اگر واہب شرط خیار سے ابراء کرے تو ابراء صحیح ہی اور شرط باطل ہی کذا فی الخلاصۃ علامہ حلبی نے کہا اسقاط لفظ کذا صواب ہی چنانچہ منح الغفار مین واقع ہی والا تشبیه
غیر صحیح ہی وحکمها انها لا تبطل بالشروط الفاسدة فهبة عبد علی ان یعتقه تصح ویبطل الشرط اور ایک حکم ہبہ کا یہ ہی کہ باطل نہین ہوتا ہی شروط فاسدہ سے پس ہبہ غلام کا اس شرط پر کہ اسکو موہوب لہ
آزاد کرے صحیح ہی اور شرط باطل ہی وتصح بایجاب کوهبت ونحلت اور ہبہ صحیح ہی ایجاب سے چنانچہ وہبت یعنی مین نے ہبہ کیا و نحلت یعنی مین نے بخشا اپنے دل کی خوشی سے بلا مطالبہ واطعمتک
هذا الطعام ولو ذلک علی وجه المزاح اور مین نے یہ کھانا تیرے کھانے کو دیا اگرچہ یہ ایجاب بطور خوش طبعی کے ہو م خلاصہ مین ہی کہ موہوب لہ نے طلب ہبہ کی بطریق مزاح اور خوش طبعی کے سو واہب نے
بلا مزاح ہبہ اسکی تو ہبہ صحیح ہی اسواسطے کہ واہب خوش طبعی کرنے والا نہ تھا اور موہوب لہ نے اسکو قبول کر لیا بقول صحیح انتہی اور اسیطرح خلاصہ کے مانند خزانے کی عبارت ہی جسکو
مصنف نے متن کی دلیل سمجھا ہی اور حالانکہ اس سے مصنف کا مطلب ثابت نہین ہوتا کذا فی الطحطاوی تو معلوم ہوا کہ ایجاب علی وجہ المزاح سے ہبہ صحیح نہین بخلاف
اطعمتک ارضی فانه عاریة لرقبتها واطعام لغلتها بحر بخلاف اس قول کے کہ مین نے اپنی زمین تیرے کھانے کو دی اسواسطے کہ یہ قول عاریت ہی رقبہ زمین کی اور اطعام
ہی اسکے غلہ کا کذا فی البحر یعنی وہ غلہ جسکو مستعیر بو دے چنانچہ کتاب العاریۃ مین مذکور ہو چکا او الاضافة الی ما ای الی جزء یعبر به عن الکل کوهبت لک فرجها
وجعلتها لک لان اللام للتملیک یا ایجاب مین اضافت ہو ایسی جزو کی طرف جس سے کل تعبیر کیا جاتا ہی چنانچہ مین نے تجھکو اس لونڈی کی شرمگاہ بخشی اور اسکو مین نے تیرے لیے
مقرر کر دیا ٹھہرا دیا اسواسطے کہ لام لک کے لفظ مین تملیک کے واسطے ہی م طحطاوی نے کہا یون کہنا واضح تر تھا کو بالاضافة یعنی اگرچہ ایجاب اضافت سے ہو بخلاف جعلته باسمک
فانه لیس بهبة بخلاف اس قول کے کہ اسکو مین نے تیرے نام کے ساتھ ٹھہرایا مقرر کر دیا اسواسطے کہ یہ قول ہبہ نہین ہی م یہ قول غیر اظہر ہی اسواسطے کہ فتاوی عالمگیری مین
خانیہ سے منقول ہی کہ صغیر کے باپ نے باغ لگایا اور کہا کہ جعلته باسم ابنی یعنی مین نے اسکو اپنے بیٹے کے ساتھ ٹھہرا دیا تو یہ ہبہ ہی یہی قول اظہر ہی اور اسی پر ہمارے اکثر مشائخ مین
کذا فی الطحطاوی وکذا هی لک حلال الا ان یکون قبله کلام یفید الهبة خلاصة اور اسیطرح یہ قول ہبہ نہین کہ وہ لونڈی تجھکو حلال ہی مگر اسوقت ہبہ ہو جبکہ اسکے پہلے ایسا
کلام ہو جو ہبہ کا مفید ہو کذا فی الخلاصۃ م قول مذکور اسواسطے ہبہ نہین کہ لونڈی کی حلت یا نکاح سے ہی یا اباحت سے سو نکاح تو ثابت نہین اور اباحت
فروج مین جائز نہین کلام سابق جو ہبہ کا مفید ہو اسطرح ہی کہ ایک شخص دوسرے سے کہے کہ کیا مجھکو تو یہ لونڈی ہبہ کرتا ہی یا میرا دل راغب ہی
اسکے لینے پر یا کہ تو نے اس سے پہلے مجھکو کوئی چیز نہین ہبہ کی سو مخاطب نے کہا کہ تجھپر یہ حلال ہی تو البتہ یہ قول اب ہبہ ٹھہریگا واعمرتک هذا الشیء
اور مین نے یہ چیز تجھکو بطور عمری دی یعنی عمر بھر کو دی م عمری یہ ہی کہ منافع کا مالک کر دے اور بعد موت موہوب لہ کے پھیر لے سو تملیک صحیح ہی
اور پھیر لینے کی شرط باطل ہی اسواسطے یہ ہبہ باطل نہین ہوتا فاسد شرط سے حدیث شریف مین وارد ہی کہ جو شخص بطریق عمری کوئی چیز دے تو وہ چیز موہوب لہ

کی مملوک ہے اور اُسکے وارثوں کی ہے بعد اُسکے کذا فی الزیلعی **وحملتک علی ہذہ الدابۃ** ناویا بالحمل الہبۃ کما مر اور مین نے تجھکو اس جانور پر محمل کر دیا حمل سے ہبہ کی
نیت کر کے چنانچہ کتاب العاریۃ مین مذکور ہو چکا ہم حمل کا ہے بمعنی ہبہ اور کا ہے بمعنی عاریت مستعمل ہوتا ہے لہٰذا ثبوت ہبہ کے واسطے نیت ہبہ شرط ہوئی وکسوتک ہذا الثوب
اور مین نے تجھکو یہ کپڑا پہنایا ہم پہنانے سے تملیک عین مراد ہوتی ہے بولتے ہین کہ فلانے نے فلانے کو کپڑا پہنایا یعنی اُسکو کپڑے کا مالک کر دیا اور عاریت مین اس طرح
نہین بولتے **وداری لک ہبۃ** اور میرا گھر تیرا ہے موہوب ہوکر ہم لفظ ہبہ منصوب ہے حال ہونیسے ضمیر لک سے اور لام تملیک کا ہے کذا فی الدرر **او عمری تسکنہا** لان قولہ
تسکنہا مشورۃ لا تفسیر لان الفعل لا یصلح تفسیر الاسم فقد اشار علیہ فی ملکہ بان یسکنہ فان شاء قبل مشورتہ وان شاء لم یقبل یا واہب یون بولا کہ میرا گھر تیرا ہے بطور
عمریٰ کے کہ تو اسمین سکونت کرے یہ قول بھی ایجاب ہبہ ہے اسواسطے کہ تسکنہا کا لفظ مشورہ ہے واہب کا نہ تفسیر اسواسطے کہ فعل اسم کی تفسیر پڑنے کی لیاقت نہین رکھتا
تو واہب نے موہوب لہ کو مشورہ دیا اُسکی ملک مین اسطرح کہ اُسمین سکونت اختیار کرے سو اگر موہوب لہ چاہے اُسکے مشورے کو قبول کرے اور چاہے نہ قبول کرے
لا لو قال ہبۃ سکنی او سکنی ہبۃ بل تکون عاریۃ اخذا بالمتیقن ہبہ صحیح نہوگا اگر یون واہب کہیگا کہ میرا گھر تیرا ہے موہوب ہوکر سکونت کی راہ سے یا سکونت کی راہ سے
موہوب ہوکر بلکہ یہ قول عاریت ہوگا امر متیقن کو لیکر ہم لفظ ہبہ حال ہے اور سکنی تمیز عاریت ہونے کی وجہ یہ ہے کہ لفظ سکنی محکم ہے تملیک منفعت مین تو یہ قول عاریت ٹھہرا
خواہ لفظ ہبہ مقدم ہو یا مؤخر کذا فی الطحطاوی عن البحر وحاصلہ ان اللفظ ان انبأ عن تملیک الرقبۃ فہبۃ او المنافع فعاریۃ او احتمل اعتبر النیۃ نوازل اور حاصل کلام یہ ہے
کہ ایجاب کا لفظ اگر خبر دے یعنے دلالت کرے تملیک رقبہ پر تو ہبہ ہے یا منافع پر دلالت کرے تو عاریت ہے یا ہبہ اور عاریت دونون کا محتمل ہو تو نیت معتبر ہے کذا
فی النوازل وفی البحر غرسہ باسم ابنی الاقرب الصحۃ اور بحر الرائق مین ہے کہ ایک شخص نے کہا کہ مین اس درخت کو جاتا ہون اپنے فرزند کے نام پر بقول اقرب صحت ہبہ ہے
ہم صاحب بحر نے یہ قول خلاصہ سے نقل کیا ہے اور عالمگیری مین فتاوی قاضی خان سے بصیغۂ جزم مذکور ہے کہ یہ قول ہبہ نہین ہے تو اسی پر اعتماد چاہیے کذا فی
الطحطاوی **وتصح بقبول** ای فی حق الموہوب لہ اما فی حق الواہب فتصح بالایجاب وحدہ لانہ متبرع حتی لو حلف ان یہب عبدہ لفلان فوہب ولم یقبل لا یحنث
یہ دیکھو حنث بخلاف البیع اور ہبہ صحیح ہوتا ہے قبول کرنے سے یعنے موہوب لہ کے حق مین اور واہب کے حق مین ہبہ صحیح ہو جاتا ہے فقط ایجاب بلا قبول سے تو اگر
واہب نے قسم کھائی کہ اپنا غلام فلانے شخص کو ہبہ کریگا سو اُسنے اُسکو ہبہ کیا اور اس شخص نے ہبہ قبول کیا تو حانث نہوا اور اسکے بالعکس مین حانث ہوگا یعنے
اگر قسم کھائی کہ مین فلانے شخص کا ہبہ لونگا سو اُسنے ہبہ کیا اور اُسنے قبول نکیا تو حانث نہوگا برخلاف بیع کے ہم یعنے اگر قسم کھائی کہ فلانے شخص کے ہاتھ
بیع کریگا سو اُسنے بیع کا ایجاب کیا اور اُسنے قبول نہ کیا تو حانث ہوگا اسواسطے کہ بیع عقد معاوضہ ہے تمام نہین ہوتا مگر ایجاب اور قبول سے تو جب تک قبول
نہ پایا جائے گا بیع ثابت نہوگی کذا فی الطحطاوی **وتصح بقبض بلا اذن فی المجلس** فانہ ہنا کالقبول فاختص بالمجلس اور صحیح ہے ہبہ موہوب لہ کے قبض
کرنے سے بلا اذن واہب کے مجلس عقد مین اسواسطے کہ قبض یہان یعنی ہبہ مین قبول کرنے کے مانند ہے لہٰذا مخصوص بہ مجلس عقد ہوا ہم قبض بجائے قبول کے اسواسطے
ہوا کہ مقصود ایجاب سے اثبات ملک ہے تو ایجاب مسلط کرتا ہے قبض پر باعتبار دلالت کے اسواسطے کہ ملک متصور نہین مگر قبض سے تو قبض مفید مجلس
ایجاب ہوگا قبول کے مانند کیونکہ وہ بمنزلۂ قبول کے ہے اور یہ استحسان ہے اور قیاس یہ تھا کہ جائز نہوتا مگر واہب کے اذن سے کذا فی الزیلعی **وبعدہ**
ای بعد المجلس بالاذن اور بعد انقضاے مجلس قبض صحیح ہوگا واہب کے اذن سے وفی المحیط لو کان امرہ بالقبض حین وہبہ لا یتقید بالمجلس ویجوز القبض
بعدہ اور محیط مین ہے کہ اگر واہب نے موہوب لہ کو قبض کرنے کا امر کیا ہو ہبہ کرنے کے وقت تو قبض مقید بہ مجلس نہوگا اور جائز ہوگا بعد اسکے بھی
والتمکن من القبض کالقبض فلو وہب لرجل ثیابا فی صندوق مقفل ودفع الیہ الصندوق لم یکن قبضا لعدم تمکنہ من القبض اور قادر ہونا
قبض پر قبض کے مانند ہے تو اگر ایک مرد کو کپڑے ہبہ کیے صندوق مقفل مین اور صندوق مذکور اسکی طرف بلند کیا یعنے سامنے کیا تو قبض نہوگا بسبب
اُسکے نہ قادر ہونے کے قبض پر **وان مفتوحا کان قبضا لتمکنہ منہ** فانہ کالتخلیۃ فی البیع اختیار اور اگر صندوق کھلا ہو تو قبض ثابت ہوگا

سامنے کرنے سے بواسطہ قادر ہونے موہوب لہ کے قبض سے اسواسطے کہ قادر ہونا قبض پر مانند تخلیہ کے ہے بیع مین وفی الدرر والمختار صحتہ بالتخلیۃ فی صحیح الہبۃ لا فاسدہا اور درر مین ہے اور قول مختار یہ ہے کہ صحیح ہونا قبض کا بہ تخلیہ سے ہبہ صحیح نہ ہبہ فاسد مین یعنی اگر واہب نے موہوب اور موہوب لہ مین تخلیہ کر دیا تو قبض صحیح ہو گیا بشرطیکہ یا حوالہ کرنے سے ۱۱

ہبہ فاسد نہو وفی التنف ثلثۃ عشر عقدا لاتصح بلا قبض اور تنف مین ہے کہ تیرہ عقد صحیح نہین ہین بدون قبض کے ہم عقود مذکورہ یہ ہین ۱ ہبہ ہے ۲ صدقہ ۳ رہن ۴ وقف بقول محمد رح و اوزاعی و ابن شبرمہ و حسن بن صالح ۵ عمری ۶ نحلہ یعنی عطا ۷ جنین ۸ صلح ۹ راس المال سلم مین ۱۰ بدل سلم مین جبکہ بعض بدل کچھ ثنا ہو تو اگر کچھ بٹے درمون کا عوض مقبوض نہو تو بقدر اسکے حصہ کے سلم باطل ہو گی ۱۱ عقد صرف ۱۲ جبکہ کیلی کی بیع کیلی سے ہو اور جنس مختلف ہو جیسا کہ گیہون کی بیع جو سے تو اسمین تفاضل جائز ہے نہ نسیہ ۱۳ جبکہ وزنی کی بیع وزنی سے ہو مع اختلاف الجنس تو اسمین بھی تفاضل جائز ہے نہ نسیہ کذا فی التحلی لا ذی اعن الحلبی عن المنح

ولو نہاہ عن القبض لم یصح قبضہ مطلقا ولو فی المجلس لان الصریح اقوی من الدلالۃ اور اگر واہب نے موہوب لہ کو منع کر دیا قبض سے تو اسکا قبضہ کرنا مطلقاً صحیح نہوگا اگرچہ مجلس ایجاب مین قبضہ کیا ہو اسواسطے کہ صریح قوی تر ہے دلالت سے ہم خلاصہ یہ ہے کہ اگر قبض کا اذن دیا تو قبض صحیح ہے مجلس مین اور بعد مجلس کے بھی اور اگر قبض سے منع کیا تو قبض صحیح نہین نہ مجلس مین نہ بعد مجلس کے اسواسطے کہ صریح قوی تر ہے دلالت سے یعنی صحت قبض بھی ایجاب سے باعتبار دلالت کے اور نہی عن القبض صریح ہے اور صریح قوی تر ہے دلالت سے اور اگر نہ اذن دیا اور نہ منع کیا تو قبض مجلس مین صحیح ہے نہ بعد مجلس کے اور اگر موہوب غائب ہو اور موہوب لہ وہان جا کر قبضہ کیا اگر قبض واہب کے اذن سے ہے تو صحیح ہے اور نہین تو نہین **وتتم الہبۃ بالقبض الکامل** اور ہبہ تمام ہوتا ہے قبض کامل سے ہم قبض کامل متقوم مین وہ ہے جو منقول کے مناسب ہے اور عقار مین وہ ہے جو عقار کے مناسب ہے تو گھر کی کنجی کا قبض گھر کا قبض ہے اور محتمل القسمۃ مین قبض کامل قسمت کرنے سے ہوتا ہے یا موہوب پر قبض بالاصالۃ واقع ہو بلا تبعیت قبض کل اور غیر محتمل القسمۃ مین قبض کامل بہ تبعیت کل ہوتا ہے کذا فی الدرر **ولو الموہوب شاغلا لملک الواہب لا مشغولا بہ** ہبہ کامل قبض سے پورا ہو جاتا ہے اگرچہ موہوب شاغل ملک واہب ہو نہ مشغول بملک واہب والاصل ان الموہوب ان مشغولا بملک الواہب منع تمامہا وان شاغلا لا اور قاعدہ یہ ہے کہ اگر موہوب مشغول بملک واہب ہوگا تو شغل مذکور ہبہ کے تمام اور کامل ہونے کا مانع ہوگا اور اگر موہوب شاغل بملک واہب ہوگا تو ہبہ تمام ہونے کا مانع نہوگا یعنے درصورت مشغولیت موہوب تسلیم ممتنع ہوگی تو ہبہ کی صحت متحقق نہوگی اور درصورت شاغلیت موہوب تسلیم ممتنع نہوگی تو ہبہ بھی صحیح ہوگا کذا فی الدرر فلو وہب جرابا فیہ طعام الواہب او دارا فیہا متاعہ او دابۃ علیہا سرجہ وسلمہا کذلک لاتصح تو اگر وہ تھیلا ہبہ کیا جسمین واہب کا طعام ہے یا وہ گھر جسمین واہب کا اسباب ہے یا وہ جانور بخشا جسپر واہب کا زین ہے اور تینون چیزون کو اسیطرح تسلیم کیا تو ہبہ صحیح نہوگا ہم اسواسطے کہ موہوب ملک واہب سے مشغول ہے کیونکہ ظرف کو مظروف مشغول کر دیتا ہے اور ظرف مظروف کو مشغول نہین کرتا کذا فی الدرر **وبعکسہ تصح فی الطعام والمتاع والسرج فقط لان کلا منہا شاغل الملک الواہب لا مشغول بہ** اور اسکے بالعکس ہین ہبہ صحیح ہے طعام اور متاع اور زین مین فقط اسواسطے کہ ہر واحد اشیاء ثلثہ سے ملک واہب سے شاغل ہے نہ مشغول ہم خلاصہ یہ ہے کہ ظرف کا ہبہ بدون مظروف صحیح نہین اور مظروف کا ہبہ بلا ظرف صحیح ہے کیونکہ اول مشغول ہے اور ثانی شاغل لان شغلہ بغیر ملک واہبہ لا یمنع تمامہا عدم تمام ہبہ مین مشغولیت بملک واہب کی قید اسواسطے لگائی کہ موہوب کا مشغول ہونا غیر واہب کی ملک سے کمال ہبہ کا مانع نہین ہم منجملہ اسکی صورتون کے ایک صورت یہ ہے کہ واہب نے موہوب لہ کو ایک گھر ہبہ کیا اُس متاع کے ساتھ جو اُس گھر مین ہے اور گھر تسلیم بھی کر دیا پھر متاع غیر شخص کی ملک ثابت ہوئی تو ہبہ پورا ہے گھر مین اسواسطے کہ واہب کا قبضہ گھر اور اسباب دونون پر تھا حقیقۃ تو اُسکی تسلیم صحیح ہوئی پھر استحقاق متاع سے ظاہر ہو گیا کہ متاع واہب کی ملک نہ تھی اور غیر واہب کی ملک ہونا مانع نہین کذا فی الطحطاوی **کرہن وصدقۃ لان القبض شرط تمامہا وتمامہ فی العمادیۃ** تمام ہونا ہبہ کا قبض کامل سے ہوتا ہے رہن اور صدقہ کے مانند اسواسطے کہ قبض شرط ہے رہن اور صدقہ کے تمام ہونے کی اور پورا بیان اسکا عمادیہ مین ہے ہم یعنی رہن اور صدقہ پورا نہین ہوتا مگر قبض کامل سے اور راہن کا مشغول ہونا بملک راہن اور صدقہ کا مشغول ہونا بملک متصدق مضر ہے اور دونون کا شاغل ہونا مضر نہین تو شبیہ راجع متن سے ہے کذا فی الطحطاوی وفی الاشباہ ہبۃ المشغول لا یجوز

الا اذا وہب الاب لطفلہ اور اشباہ مین ہی کہ ہبہ مشغول کا جائز نہین مگر جبکہ باپ اپنے صغیر کو ہبہ کرے تو جائز ہی قلت وکذا الدار المعارۃ مین کہتا ہون اور اسیطرح عاریت کا
گھر ہی صورت اُسکی یہ ہی کہ ایک گھر عاریت دیا انسان کو پھر مستعیر یا معیر نے کسیکا اسباب غصب کیا اور اُس گھر مین رکھا پھر مستعیر نے معیر کو وہ گھر ہبہ کر دیا تو اس گھر کا ہبہ
صحیح ہی اسواسطے کہ ظاہر ہو گیا کہ شاغل غیر واہب کی ملک ہی کذا فی الطحطاوی والتی وہبتہا لزوجہا ئلی المذہب لان المراۃ ومتاعہا فی ید الزوج فصح التسلیم اور ہبہ مشغول اُس گھر
مین جائز ہی جسکو زوجہ نے اپنے زوج کو ہبہ کیا بنا بر ظاہر مذہب کے اسواسطے کہ عورت اور اُسکا اسباب زوج کے ہاتھ مین ہی تو تسلیم موہوب صحیح ہو گئی ہم صورت اُسکی یہ ہی کہ زوجہ
نے اپنا گھر اپنے زوج کو ہبہ کیا اور زوجہ اُسین رہتی ہی اور اُسکا اسباب اُسین ہی اور زوج بھی اُسکے ساتھ اُسکے گھر مین رہتا ہی تو یہ ہبہ صحیح ہی اسواسطے کہ زوجہ گھر
اور اسباب کے زوج کے ہاتھ مین ہی اور مقابل مذہب ابو یوسف رح کا قول ہی کہ ہبہ مذکور جائز نہین کذا فی الطحطاوی وقد غیرت بیتہ الوہبانیۃ فقلت شعر ومن وہبت
للزوج دارا لہا بہا ٭ متاع وہم فیہا تصح المحررۃ اور مقرر مین نے بدل ڈالی وہبانیہ کی بیت سو مین نے یون کہا اور جس زوجہ نے زوج کو اپنا وہ گھر ہبہ کیا
جسمین زوجہ کا اسباب ہی اور زوج اور زوجہ اسمین رہتے ہین تو ہبہ صحیح ہی یہی قول محرر معتمد علیہ ہی ہم وہبانیہ کی اصل بیت یون تھی (ومن وہبت للزوج
دارا لہا بہا ٭ متاع وہم فیہا فقولان یزبر) یعنی جس زوجہ نے زوج کو اپنا وہ گھر ہبہ کیا جسمین زوجہ کا اسباب اور زوج اور زوجہ اُسین رہتے ہین تو دو قول
اُسین مرقوم ہین یعنے جواز ہبہ اور عدم جواز لیکن چونکہ عدم جواز قول ضعیف تھا لہذا شارح نے بیت مین تصرف کر دیا وفی الجوہرۃ وحیلۃ ہبۃ المشغول ان یودع
الشاغل اولا عند الموہوب لہ ثم یسلمہ الدار مثلا فتصح لشغلہا المتاع فی یدہ اور جوہرہ مین ہی کہ ہبہ مشغول کا حیلہ یہ ہی کہ پہلے شاغل کو موہوب لہ کے پاس ودیعت
رکھے پھر موہوب لہ کو مثلا مشغول گھر تسلیم کرے تو ہبہ صحیح ہوگا بسبب مشغول ہونے گھر کی متاع کے ساتھ موہوب لہ کے ہاتھ مین یعنی جب شاغل بطریق ودیعت
موہوب لہ کے قبض مین آیا پھر مشغول پر تسلیم واہب اُسکے پاس آیا تو دونون پر قبض کامل متحقق ہو گیا لہذا ہبہ صحیح ہو گیا فی متعلق بتتم محوز مفرغ ہبہ تمام ہوتا ہی
قبض کامل سے موہوب مفرغ مین ہم یعنی جو موہوب کہ فارغ ہو ملک واہب اور حق ملک سے تو احتراز ہو گیا پھل کے ہبہ سے درخت پر اور صوف کی ہبہ سے غنم پر
اور کھیتی کی ہبہ سے زمین مین مقسوم وہ موہوب مفرغ جسکی قسمت ہو گئی اور مشاع باقی نرہا ومشاع لایبقی منتفعا بہ بعد ان تقسیم کبیت وحمام
صغیرین اور ہبہ تمام ہوتا ہی قبض کامل سے اُس مشاع یعنے غیر مقسوم مین جو نفع لینے کے لائق نہین رہتا قسمت کرنے کے بعد چنانچہ چھوٹی کوٹھری اور حمام صغیر
ہم مشاع لایقسم یعنی جو قسمت کی صلاحیت نہین رکھتا بایمعنی کہ بعد قسمت کے اصلا منتفع بہ نہین رہتا چنانچہ عبد واحد اور دابہ واحدہ یا بعد قسمت کے منتفع بہ نہین
رہتا اس طرح کا انتفاع جو قبل قسمت کے تھا چنانچہ بیت صغیر اور حمام صغیر اور ثوب صغیر کذا فی الدرر لانہا لا تتم بالقبض فیما یقسم مشاع غیر قسمت پذیر کی قید اسواسطے
لگائی کہ ہبہ تمام نہین ہوتا قبض کرنے سے اُس مشاع مین جو قسمت پذیر ہی ہم قسمت پذیر چنانچہ زمین اور ثوب مذروع اور مانند اُسکے کذا فی الدر قہستانی نے کہا جسکی
قسمت موجب نقصان ہو وہ قسمت پذیر اور محتمل القسمۃ نہین اور نہین تو قسمت پذیر ہی انتہی بحر الرائق مین ہی کہ حد فاصل محتمل القسمۃ اور غیر محتمل القسمۃ مین یہ ہی کہ جو
چیز دو شخصون مین مشترک ہو سو ایک شخص قسمت طلب کرے اور دوسرا شریک قسمت نمانے تو اگر قاضی مانع قسمت پر جبر کر سکتا ہو شرع کی راہ سے تو وہ چیز محتمل القسمۃ ہی چنانچہ
گھر اور بڑی کوٹھری اور اگر قاضی جبر نکر سکے تو وہ محتمل القسمۃ نہین چنانچہ عبد اور حمام اور بیت صغیر اور دیوار ولو وہبہ لشریکہ او لاجنبی لعدم تصور القبض الکامل کما فی
عامۃ الکتب فکان ہو المذہب مشاع قابل قسمت کا ہبہ قبض سے پورا نہین ہوتا اگرچہ واہب اُسکو اپنے شریک کو ہبہ کیا ہو یا اجنبی کو بجہت عدم تصور قبض کامل چنانچہ
اکثر کتب فقہ مین ہی تو وہی یعنی شریک کو بھی ہبہ مشاع کا باطل ہونا بسبب ٹھیرا ہم درر سے مذکور ہو چکا کہ قابل قسمت مین قبض کامل بدون قسمت کے نہین ہوتا وفی الصیرفیۃ
عن العتابی وقیل یجوز لشریکہ وہو المختار او صیرفیہ مین عتابی سے منقول ہی اور بعضون نے کہا کہ ہبہ مشاع شریک کو جائز ہی اور وہ مختار قول ہی ہم فقہا کی ظاہر
عبارت سے عدم جواز معتمد ہی یہان تک کہ شیخ الاسلام نے جواز کو ابن ابی لیلی کی طرف منسوب کیا ہی بعد حکایت اطلاق کے اہل مذہب سے کذا فی الطحطاوی
فان قسمہ وسلمہ صح لزوال المانع پھر اگر مشاع کو قسمت کر ڈالا اور موہوب لہ کو تسلیم کر دیا تو صحیح ہوگا بسبب دور ہو جانے مانع یعنے مانع قبض کامل

اشاعت تھی سو قسمت اور تسلیم سے زائل ہو گئی ولو سلمہ شائعا لا یملکہ فلا ینفذ تصرفہ فیہ فیضمنہ وینفذ تصرف الواہب درر اور اگر مشاع کو بلا قسمت تسلیم
کردیا اس طرح پر کہ کل کو تسلیم کردیا تو موہوب لہ اسکا مالک نہوگا یعنی بواسطہ عدم قبض کامل تو اُسکا تصرف اُسمین نافذ نہوگا تو موہوب لہٗ اسکا تاوان دیگا

درصورت تصرف اور واہب کا تصرف اُسمین نافذ ہوگا کذا فی الدرر لکن فیہا عن الفصول الہبۃ الفاسدۃ تفید الملک بالقبض وبہ یفتی ومثلہ فی البزازیۃ علی خلاف ما صححہ
فی العمادیۃ لکن لفظ الفتوی آکد من لفظ الصحیح کما بسط المصنف مع بقیۃ احکام المشاع لکن درر مین ہو فصول سے کہ ہبہ فاسد ملک کا مقید ہوجاتا ہی قبض کرنے سے
اور اسی قول کا فتوی ہی اور مانند اُسکے بزازیہ مین ہی برخلاف اُس قول کے جسکو صحیح کہا ہی عمادیہ مین لیکن فتوی کا لفظ موکد تر ہی صحیح کے لفظ سے چنانچہ مصنف نے
اسکو مشرح بیان کیا ہی اپنی شرح مین مشاع کے بقیہ احکام کے ساتھ م ظاہر عبارت شارح دال ہی کہ ہبہ مشاع قبل قسمت فاسد ہی حالانکہ وہ صحیح غیر تام ہی چنانچہ سلبی
مین ہی اتقانی سے مذکور ہی اور کلام صاحب بحر بھی صحت پر دلالت کرتا ہی بیع مشاع کی جائز ہی قسمت پذیر اور عدم قسمت پذیر مین اور اجارہ اسکا جائز ہی شریک سے
نہ اجنبی سے وعلیہ الفتوی اور اجارہ مذکورہ فاسد ہی تو اجرت مثل لازم ہوگی اور اعارہ اسکا شریک سے جائز ہی اور اگر اجنبی کو عاریت دی تو اگر سب تسلیم کرے تو اعارہ ہستا نفعا
ہی والا جائز نہین اور رہن مشاع کا فاسد ہی مقسوم اور غیر مقسوم مین شریک اور غیر شریک برابر ہی اور وقف مشاع کا ابو یوسف رح کے نزدیک جائز ہی نہ محمد رح کے نزدیک اور
خلاف محتمل القسمۃ مین اور غیر محتمل القسمۃ مین بالاتفاق جائز نہین اور ایداع مشاع شریک سے جائز ہی اور قرض مشاع کا بالاجماع جائز ہی کذا فی الطحطاوی وہل للقریب الرجوع فی الہبۃ الفاسدۃ
قال فی الدرر نعم وتعقبہ فی الشرنبلالیۃ بانہ غیر ظاہر علی القول المفتی بہ من افادتہا الملک بالقبض فلیحفظ اور کیا جائز ہی قرابت دار کو رجوع کرنا ہبہ فاسدہ مین درر مین کہا کہ ہان
جائز ہی اور شرنبلالیہ مین ہی اُسپر اعتراض کیا ہی کہ رجوع غیر ظاہر ہی بنا بر قول مفتی بہ کے اس راہ سے کہ ہبہ فاسدہ ملک کا مقید ہوجاتا ہی قبض کرنے سے تو اُسکو یاد رکھنا چاہیے
والمانع من تمام القبض شیوع مقارن للعقد لا طاری کان یرجع فی بعضہا شائعا فانہ لا یفسد اتفاقا اور مانع تمام قبض سے وہ شیوع ہی جو عقد ہبہ کے مقارن
اور متصل ہو نہ شیوع طاری یعنی وہ شیوع مانع قبض نہین جو بعد عقد کے طاری ہو چنانچہ واہب بعض شائع مین رجوع کرے کیونکہ شائع طاری مفسد ہبہ نہین
بالاتفاق م شیوع متصل کی یہ صورت ہی کہ واہب اپنا نصف گھر شائع ہبہ کرے اور شیوع طاری کی یہ صورت کہ تمام گھر ہبہ کرے پھر نصف یا ثلث شائع مین ہبہ

کو باطل کردے والاستحقاق شیوع مقارن لا طاری فیفسد الکل حتی لو وہب ارضا وزرعہا وسلمہا فاستحق الزرع بطلت فی الارض لاستحقاق البعض الشائع فیما
یحتمل القسمۃ اور استحقاق شیوع مقارن ہی نہ شیوع طاری تو استحقاق ثابت ہونا مفسد ہی کل موہوب کا تو اگر زمین اور کھیتی ہبہ کی اور دونون کو تسلیم کردیا پھر کھیتی
مستحق ملک غیر نکلی تو ہبہ زمین مین باطل ہوگیا بسبب مستحق ہونے بعض شائع کے محتمل القسمۃ مین م زراعت کے بعض شائع ہونے مین کلام ہی اور صاحب درر نے
یون وجہ بیان کی ہی کہ زرع زمین کے ساتھ بحکم اتصال شئ واحد کے مانند ہی پھر جب احد ہما مستحق ٹھہرا تو یون ہوگیا کہ گویا بعض شائع مستحق ٹھہرا محتمل القسمۃ مین تو
ہبہ باطل ہوگا باقی مین اور اس تعلیل پر شارح کا قول آئندہ یعنے لانہ کمشاع بھی دلالت کرتا ہی کذا فی الطحطاوی ولان الاستحقاق اذا ظہر بالبینۃ کان مستندا الی ما
قبل الہبۃ فیکون مقارنا لہا لا طاریا کما زعمہ صدر الشریعۃ وان تبعہ ابن الکمال فتنبہ اور استحقاق جبکہ گواہون سے ثابت ہوا تو استحقاق ما قبل ہبہ کی طرف مستند
ہوگا تو شیوع ہبہ کے مقارن ہوگا نہ طاری جیسا کہ صدر الشریعۃ نے گمان کیا ہی اگرچہ ابن کمال نے صدر الشریعۃ کا اتباع کیا ہی اس قول مین سہو آگاہ
ہو م استحقاق زرع کو ظہیریہ مین شیوع مقارن کہا ہی اور نہایہ اور کرمانی مین اُسکو شیوع طاری قرار دیا ہی قہستانی نے کہا کہ شاید مسئلہ مین دو روایتین
ہین اس تقریر سے معلوم ہوا کہ صدر الشریعۃ اور ابن کمال اس قول مین متفرد نہین کذا فی الطحطاوی ولا تصح ہبۃ لبن فی ضرع وصوف علی غنم ونخل سعفہ
ارض وتمر فی نخل لانہ کمشاع اور صحیح نہین ہبہ دودھ کا تھن مین اور اون کا بھیڑ پر اور کھجور کے درخت کا زمین مین اور کھجور کا ہبہ کھجور کے درخت مین اسواسطے
کہ یہ ہبہ مشاع کے مانند ہی ولو فصلہ وسلمہ جاز لزوال المانع اور اگر واہب موہوب کو جدا کر ڈالے یعنے مثلاً دودھ کو تھن سے علیحدہ کرکے ہبہ اور تسلیم کردے تو
جائز ہی بسبب دور ہوجانے مانع قبض کامل کے وہل یکفی فصل الموہوب لہ باذن الواہب ظاہر الدرر نعم اور کیا کفایت کرتا ہی جدا کرنا موہوب لہ کا واہب کے

اذن سے ہیں کا ظاہر یہ ہے کہ ہاں کفایت کرتا ہے بخلاف دقیق فی بر ودہن فی سمسم وسمن فی لبن حیث لا یصح اصلا لانہ معدوم فلا یملک الا بعقد جدید برخلاف
اُس آٹے کے جو گیہون مین بالقوۃ ہے اور اُس تیل کے جو تلون مین ہے اور اُس گھی کے جو دودھ مین ہے کیونکہ ہبہ اصلاً صحیح نہین ہے واسطے کہ وہ بالفعل معدوم ہے تو مملوک
نہو گا مگر عقد جدید سے ہم عدم جواز کا بھید یہ ہے کہ گیہون مستحیل ہو کر آٹا ہو جاتے ہین اسی طرح باقی اشیاء مذکورہ بعد استحالہ کے دوسری چیز ہو جاتے ہین کذا فی الدرر
وملک بالقبول بلا قبض جدید لو الموہوب فی ید الموہوب لہ ولو بغصب او امانۃ لانہ حینئذ عامل لنفسہ اور شے موہوب مملوکہ ہو جاتا ہے قبول کے لینے سے بلا قبض
جدید اگر شے موہوب موہوب لہ کے ہاتھ مین ہو ہبہ کے وقت اگرچہ اسکا قبض بطریق غصب یا امانت کے ہو اسواسطے کہ اسوقت مین یعنی جبکہ موہوب لہ قابض سے
ہبہ قبول کیا وہ اپنی ذات کے واسطے عمل کرنے والا ہے یعنے بواسطہ قابض ہونے کے اپنی ملک پر والاصل ان القبضین اذا تجانسا ناب احدہما عن الآخر اور قاعدہ کلیہ
یہ ہے جبکہ دو قبض ہمجنس ہون تو ایک قبض دوسرے قبض کا نائب ہو جاتا ہے ہم چنانچہ ایک شخص کے پاس ودیعت تھی پھر مالک نے وہ بطور عاریت کے دی تو قبض ودیعت
قائم مقام قبض عاریت کے ہوگا اسواسطے کہ دونون قبض امانت کے قبض ہین تو صحیح ہوگا بلا قبض مستانف جدید واذا تغایرا ناب الاعلی عن الادنی لا عکسہ اور جبکہ
دونون قبض ہم جنس نہون متغایر ہون تو قبض اعلی قائم مقام ہوتا ہے قبض ادنے کے اور ادنے اعلی کا نائب نہین ہوتا ہم نیابت اعلی کی مثال یہ ہے کہ غصب کے
قبض کیا پھر مالک نے غاصب کو ہبہ کر دیا تو صحیح ہے اور قبض جدید کی حاجت نہین اور قبض ادنی کی مثال یہ کہ ایک چیز ایک شخص کے پاس بطور عاریت کے تھی پھر مالک نے
اُسکے ہاتھ بیچ ڈالی وہبۃ من لہ ولایۃ علی الطفل فی الجملۃ وہو کل من یعولہ فدخل الاخ والعم عند عدم الاب لو فی عیالہم اور ہبہ اُس شخص کا جسکی ف الجملہ
ولایت صغیر پر ثابت ہے اور ولی فی الجملہ وہ ہے جو صغیر کی پرورش کرتا ہو تو بھائی اور چچا ولی فی الجملہ مین داخل ہوا باپ کے نہونے کے وقت بشرطیکہ صغیر
اُنکے عیال مین ہو ہم ولی فی الجملہ سے مراد یہ ہے کہ وہ صغیر کے مال مین تصرف نکر سکے اور باپ سے مراد یہ کہ جو مال مین تصرف کرے اور باپ کا نہونا غیبت منقطعہ
اور موت کو شامل ہے کذا فی الطحطاوی تتم بالعقد لو الموہوب معلوما وکان فی یدہ او ید مودعہ لان قبض الولی ینوب عنہ ولی فی الجملہ کا ہبہ پورا ہو جاتا ہے
عقد سے یعنے فقط ایجاب بلا قبول اور قبض سے اگر موہوب معلوم ہے اور موہوب ولی کے ہاتھ مین ہو یا اُسکے مودع کے ہاتھ مین اسواسطے ہبہ مذکور پورا ہے
کہ ولی کا قبض صغیر کے قبض کے قائم مقام ہے والاصل ان کل عقد یتولاہ الواحد یکتفی فیہ بالایجاب اور قاعدہ یہ ہے کہ جس عقد کا متولی ایک شخص ہو سکے
تو اُسمین فقط ایجاب پر کفایت ہوتی ہے بلا اشتراط قبول وان وہب لہ اجنبی تتم بقبض ولیہ وہو احد اربعۃ الاب ثم وصیہ ثم الجد ثم وصیہ وان لم یکن
فی حجرہم وعند عدمہم تتم بقبض من یعولہ کعمہ اور اگر صغیر کو اجنبی نے کوئی چیز ہبہ کی تو ہبہ تمام ہوتا ہے اُسکے ولی کے قبض سے اور صغیر کا ولی چار شخصون مین سے
ایک شخص ہے اول باپ پھر اُسکا وصی پھر دادا پھر اُسکا وصی اگرچہ صغیر اُنکی گود یعنے اُنکی پرورش اور حمایت مین نہو اور اُنکے نہونے کے وقت ہبہ تمام
ہوتا ہے اُس شخص کے قبض سے جسکے عیال اور پرورش مین صغیر ہو چنانچہ صغیر کا چچا وامہ واجنبی ولو ملتقطا لو فی حجرہما والا لفوات الولایۃ اور ہبہ
اجنبی کا صغیر کو تمام ہو جاتا ہے اسکی مان کے قبض اور اجنبی کے قبض سے اگرچہ اجنبی ملتقط ہو بشرطیکہ صغیر مان اور اجنبی کی پرورش مین ہو اور اگر
پرورش مین نہو تو مان اور اجنبی کا قبض کافی نہین بواسطہ عدم ولایت اگرچہ صغیر کا قرابت دار محرم ہو کذا فی المنح وبقبضہ لو ممیزا یعقل التحصیل
اور ہبہ تمام ہوتا ہے خود صغیر کے قبض کرنے سے بشرطیکہ نابالغ ایسا تمیز دار ہو کہ تحصیل مال کو سمجھتا ہو ولو مع وجود ابیہ مجتبی لانہ فی النافع المحض کالبالغ
حتی لو وہب لہ اعمی لا نفع لہ وتلحقہ مؤنتہ لم یصح قبولہ اشباہ ہبہ تمام ہوتا ہے صغیر ممیز کے قبض سے اگرچہ باپ اُسکا موجود ہو کذا فی المجتبی اسواسطے
کہ نابالغ نافع محض مین بالغ کے برابر ہے تو اگر صغیر کو اندھا غلام جس سے کچھ فائدہ نہین ہبہ کیا گیا اور غلام مذکور کا خرچ اُسپر لاحق ہوتا ہو تو صغیر کا
قبول کرنا صحیح نہین کذا فی الاشباہ قلت لکن فی البرجندی اختلف فیما لو قبض من یعولہ والاب حاضر فقیل لا یجوز والصحیح ہو الجواز انتہی مین کہتا
ہون لیکن برجندی مین ہے کہ اسمین اختلاف ہے کہ اُس شخص نے قبض کیا جو صغیر کو پرورش کرتا ہے اور حالانکہ باپ موجود ہے

تو بعضوں نے کہا کہ قبض مذکور جائز نہیں اور صحیح قول یہ ہے کہ قبض مذکور جائز ہے انتہی ھم یہ استدراک ہے عند عدمھم کے قول پر وظاہر القہستانی ترجیحہ وعزاہ لفخر الاسلام
وغیرہ علی خلاف ما اعتمدہ المصنف فی شرحہ وعزاہ للخلاصۃ اور قہستانی کا ظاہر ترجیح جواز ہے اور قہستانی نے اسکو فخر الاسلام کی طرف منسوب کیا ہے برخلاف اُس قول
کے جسپر مصنف نے اپنی شرح مین اعتماد کیا ہے اور مصنف رح نے اسکو یعنی عدم جواز کو خلاصہ کی طرف منسوب کیا ہے ھم قہستانی نے جواز قبض مربی طفل باوجود حاضر ہونے باپ
کے مضمرات سے نقل کیا ہے بتصریح لفظ مختار اور فتاوی عالمگیری مین خانیہ سے منقول ہے کہ یہی قول صحیح ہے اور فتاوی صغرا سے نقل کیا ہے کہ یہی قول مفتی بہ ہے کذا فی الطحطاوی

لکن عنہ تحیملہ بوصل ولو بامہ والاجنبی ایضاً فتامل لیکن مصنف رح کا متن احتمال رکھتا ہے جواز کا بہ سبب وصل کرنے ولو مع وجود ابیہ کے امہ والاجنبی کے ساتھ بھی سو
اُسمین تامل کرھم یعنی جسطرح مصنف رح کا قول ولو مع وجود ابیہ موصول ہے اس قول سے ویقبضہ ولو ممیزا اسیطرح اگر اسکو امہ والاجنبی سے وصل کیجیے تو یہ مطلب حاصل ہوتا ہے
کہ مان اور اجنبی کے قبض سے باوجود حاضر ہونے باپ کے ہبہ تام ہوجاتا ہے کذا فی الطحطاوی وصح ردہ لہا کقبولہ سراجیہ اور صغیر کا ہبہ رد کرنا صحیح ہے جیسا قبول کرنا اسکا صحیح
ہے کذا فی السراجیہ وفیہا حسنات الصبی لہ وللابویہ اجر التعلیم ونحوہ اور سراجیہ مین ہے صغیر کی نیکیان اُسکے واسطے ہین یعنی اُسی کو ثواب ہے انکا اور اُسکے مان باپ کو تعلیم وغیرہ
کا ثواب ہے ھم بعضون کے نزدیک صغیر کی نیکیون کا ثواب اُسکے والدین کو ہے اور قول معتمد یہ ہے صغیر ہی کو ثواب ہے چونکہ گناہ صغیر پر نہین کہ حسنات اُسکا کفارہ ہون لہذا
اُسکے حسنات سے ترقی درجات ہوگی کذا فی الطحطاوی ویباح لوالدیہ ان یاکلا من ماکول وہب لہ وقیل لاانتہی فافاد ان غیر الماکول لایباح لہما الالحاجۃ اور صغیر کے والدین کو اُس
مال کا کھانا مباح ہے جو اسکو ہبہ ہوا اور قول ضعیف یہ ہے کہ کھانا مباح نہین انتہی ما فی السراجیۃ تو سراجیہ سے معلوم ہوا کہ موہوب غیر ماکول والدین کو مباح نہین مگر بضرورت
چنانچہ افلاس والدین وضعوا ہدایا الختان بین یدی الصبی بما یصلح کثیاب الصبیان فالہدیۃ لہ والا فان المہدی من اقرباء الاب او معارفہ فللاب ومن معارف

الام فللام قال ہذا للصبی اولا لوگون نے ختنے کے وقت صغیر کے آگے تحفے رکھے تو جو تحفہ صغیر کے لائق ہے چنانچہ لڑکون کے کپڑے تو وہ تحفہ صغیر کا مملوک ہے اور اگر ایسا
نہین چنانچہ دراہم اور دنانیر کذا فی العالمگیریۃ تو اگر تحفہ لانے والا باپ کے قرابت دارون یا اُسکے دوستون سے ہے تو تحفہ باپ کے واسطے ہے یا مان کے اقارب و دوستون سے ہے تو
تحفہ اُسکی مان کے واسطے ہے تحفہ لانے والے نے یہ کہا ہو کہ یہ تحفہ صغیر کے واسطے ہے یا نہ کہا ہو ولو قال اہدیت للاب او الام فالقول لہ اور اگر تحفہ لانے والا کہے کہ مین نے باپ یا مان کو تحفہ دیا ہے
تو اُسی کا قول مقبول ہوگا وکذا زفاف البنت خلاصۃ اور اسیطرح کا حکم ہے لڑکی کی شب زفاف کے تحفون کا کذا فی الخلاصۃ وفیہا اتخذ لولدہ او لتلمیذہ ثیابا ثم اراد دفعہا لغیرہ

لیس لہ ذلک ما لم یبین وقت الاتخاذ انہا عاریۃ اور خلاصہ مین ہے کہ اپنے فرزند یا شاگرد کے واسطے کپڑے بنائے پھر چاہا کہ کپڑے غیر کو دے تو یہ اُسکو جائز نہین جبتک
کپڑے بنانے کے وقت یون بیان نہ کرے کہ کپڑے عاریت ہین ھم ولد صغیر کے حق مین اتخاذ ثیاب بلا تسلیم ہبہ ہے لیکن شاگرد کے حق مین بلا تسلیم ہبہ معلوم نہین ہوتا مگر یہ کہ اُسکے
حق مین اتخاذ کو تسلیم پر محمول کیجیے بزازیہ مین ہے کہ شاگرد کے واسطے کپڑے بنائے پھر چاہا کہ غیر کو دے تو احتیاط یہ ہے کہ بنا لینے کے وقت بیان کر دے کہ وہ عاریت ہے تا غیر کو دینا
ممکن ہو انتہی تو لفظ عاریت مفید تسلیم ہے اسواسطے کہ عاریت متحقق نہین ہوتی بدون تسلیم کے کذا فی الطحطاوی وفی المبتغی ثیاب البدن یملکہا بلبسہا بخلاف نحو ملحفۃ ووسادۃ
اور مبتغی مین ہے کہ بدن کے کپڑون کا لڑکا مالک ہوتا ہے اُنکے پہننے سے برخلاف لحاف اور توشک وغیرہ کے ھم تو بعد موت صغیر کے بدن کے کپڑے میراث ہونگے اور لحاف توشک وغیرہ بلا لفظ
تملیک میراث نہونگے اور یہ مسئلہ اُس صورت مین مفروض ہے جبکہ قبل تولد صغیر کپڑے بنائے گئے ہون اور مسئلہ اتخاذ کا ثیاب تولد کے بعد مفروض ہے تو دونون مین فرق ظاہر ہوگیا

کذا فی الطحطاوی وفی الخانیۃ لا باس بتفضیل بعض الاولاد فی المحبۃ لانہا عمل القلب کذا فی العطایا اذا لم یقصد بہ الاضرار وان قصدہ یسوی بینہم یعطی البنت کالابن عند الثانی
وعلیہ الفتوی اور خانیہ مین ہے کہ کچھ مضائقہ نہین بعض اولاد کے زیادہ چاہنے مین اسواسطے کہ محبت دل کا فعل ہے یعنی اُسمین اختیار نہین اور اسیطرح بعض اولاد کے
زیادہ دینے مین کچھ مضائقہ نہین جبکہ ضرر رسانی باقی اولاد کی مقصود نہو اور اگر ضرر رسانی کا قصد کرے تو اُنمین برابری رکھے یعنی بیٹی کو دے بیٹے کے برابر
ابو یوسف رح کے نزدیک اور اسی پر فتوی ہے ھم عطایا مین کمی زیادتی مکروہ ہے جبکہ اولاد درجے مین برابر ہون اور اگر برابر نہون چنانچہ ایک لڑکا تحصیل علم مین مشغول ہے
اسکو زیادہ دیوے تو جائز ہے بلا کراہت اور اگر ایک فرزند فاسق ہو تو اُسکو قوت سے زیادہ نہ دے تا کہ معصیت کا مددگار نہ ٹھہرے اور خلاصہ مین ہے کہ اگر

اولاد کو عطا دینے مین کمی زیادتی مکروہ ہے

بیٹا فاسق ہو اور باپ چاہے کہ میں اپنا مال امور خیر میں صرف کر ڈالوں تو یہ بہتر ہے اُسکے واسطے چھوڑ جانے سے انتہی اور محمدؒ کا قول مختار ہے ... کا دو بیٹے کو
دے میراث کے مانند کذا فی الطحطاوی ولو وہب فی صحتہ کل المال للولد جاز و اثم اور اگر باپ اپنی صحت کے حال میں تمام مال ایک فرزند کو ہبہ کر دے تو جائز ہے اور وہ گنہگار
ہوگا ھم یعنی ایک ولد کو دے اور باقی کو محروم کرے تو جائز ہے یعنی ہبہ بعد موت کے منقوض نہوگا جاری رہیگا لیکن اس طرح کا ہبہ گناہ ہے تو نکرنا چاہیے اور بعضے مذہب میں ہبہ
مذکور منقوض ہوگا اسکی موت کے بعد اور سب وارث اسمین میراث پاوینگے کذا فی الطحطاوی تو یہ قول جو مشہور ہے کہ جبر مورث تا موت قول ضعیف ہے والله اعلم وفیہا الاحوط لا یہب
شعیا من مال طفلہ ولو بعوض لانہا تبرع ابتداء اور خانیہ میں ہے کہ باپ کو جائز نہیں اپنے طفل صغیر کے مال سے ہبہ کرنا اگرچہ بدلا لیکر ہبہ ہو اسواسطے کہ ہبہ ابتدا مین احسان ہے
یعنی اگرچہ آخر کار معاوضہ ہے وفیہا یبیع القاضی ما وہب للصغیر حتے لا یرجع الواہب فی ہبتہ اور خانیہ میں ہے کہ قاضی وہ مال بیچ ڈالے جو صغیر کو ہبہ دیا گیا تاکہ واہب
اپنا ہبہ نہ پھیر لے ولو قبض زوج الصغیرۃ اما البالغۃ فالقبض لہا بعد الزفاف ما وہب لہا صح قبضہ ولو بحضرۃ الاب فی الصحیح لنیابتہ عنہ فصح قبض الاب
کقبضہا ممیزۃ اور اگر صغیرہ کے زوج نے زفاف کے بعد وہ مال قبض کیا جو صغیرہ کو ہبہ کیا تو اُسکا قبض صحیح ہے اگرچہ قبض زوج باپ کے سامنے ہو قول صحیح
مین بہ سبب نائب ہونے زوج کے اُسکے باپ کی طرف سے پھر جب باپ کے نائب کا قبض صحیح ہوا تو باپ کا قبض بطریق اولی صحیح ہوگا جیسے خود صغیرہ ممیزہ کا قبض بغیر
شوہر اور باپ کے صحیح ہے اور اگر بالغہ ہے تو اُسی کا قبض معتبر ہے نہ زوج اور باپ کا ھم زفاف سے مراد زوجہ کا جانا ہے زوج کے گھر میں نکاح کے بعد وقبلہ ای الزفاف لا یصح
لعدم الولایۃ اور زفاف سے پہلے زوج کا قبض صغیرہ کے موہوب پر صحیح نہیں بسبب نہونے ولایت کے وہب اثنان دارا لواحد صح لعدم الشیوع دو شخصوں
یعنی دو شریکوں نے ایک گھر ایک شخص کو ہبہ کیا تو صحیح ہے بواسطہ عدم شیوع ھم اسواسطے کہ دونوں شخصوں نے تمام گھر تسلیم کیا اور موہوب لہ نے تمام پر قبضہ کیا تو شیوع ثابت نہوا
کذا فی الدرر والمنح وبعکسہ لکبیرین لا عندہ للشیوع فیما یحتمل القسمۃ اور بالعکس اُسکے یعنی ایک شخص نے دو بالغوں کو ہبہ کیا تو امام کے نزدیک ہبہ صحیح نہیں بسبب
شیوع کے محتمل القسمۃ میں ھم اسواسطے کہ ہر شخص کو نصف نصف گھر کا ہبہ ہوا اور نصف غیر معین اور غیر مقسوم ہے تو شیوع پایا گیا محتمل القسمۃ میں اور وہ ہبہ کا مانع
ہے اما ما لا یحتملہا کالبیت فیصح اتفاقا اور اگر موہوب محتمل القسمۃ نہو چنانچہ بیت صغیر تو ایک شخص کا ہبہ دو شخصوں کو باتفاق امامؒ اور صاحبینؒ کے صحیح ہے قید بکبیرین
لانہ لو وہب لکبیر وصغیر فی عیال الکبیر او لابنیہ صغیر وکبیر لم یجز اتفاقا ہمنے دو بالغوں کی قید لگائی اسواسطے کہ اگر واہب ہبہ کرے بالغ کو اور اس صغیر کو جو بالغ
کی عیال میں داخل ہے یا اپنے دو فرزند صغیر اور کبیر کو ہبہ کرے تو جائز نہیں بالاتفاق ھم بحر الرائق اور منح الغفار کی عبارت یوں ہے لو وہب لکبیر وصغیر والصغیر فی عیالہ
اور دونوں کتابوں میں محیط سے تعلیل مسئلہ یوں منقول ہے کہ واہب ہبہ کے وقت حصہ صغیر کا قابض ٹھہر گیا تو نصف آخر شائع باقی رہا انتہی اور یہ دلالت کرتا ہے کہ
عیالہ کی ضمیر واہب کی طرف راجع ہے برخلاف عبارت شارح اور یہی علت جاری ہے مسئلہ ثانیہ میں کذا فی الطحطاوی وقیدنا بالہبۃ لجواز الرہن والاجارۃ من اثنین اتفاقا
اور عدم جواز میں ہمنے قید لگائی ہبہ کی بسبب جائز ہونے رہن اور اجارے کے دو شخصوں سے بالاتفاق یعنی اگر ایک شخص دو شخصوں کے پاس ایک چیز رہن رکھے
یا اجارہ دے تو جائز ہے واذا تصدق بعشرۃ دراہم او وہبہا لفقیرین صح لان الہبۃ للفقیر صدقۃ والصدقۃ یراد بہا وجہ الله تعالی وہو واحد فلا شیوع
اور جبکہ دس درم دو فقیروں کو خیرات دیے یا ہبہ کیے تو صحیح ہے اسواسطے کہ فقیر کو ہبہ کرنا درحقیقت صدقہ اور خیرات ہے اور صدقہ سے مقصود رضائے ذات اقدس الہی
ہوتی ہے اور وہ ایک ہے تو شیوع ثابت نہوا ھم زیلعی میں ہے اور فقیر نائب ہے خدائے تعالی کا لا لغنیین لان الصدقۃ علی الغنی ہبۃ فلا تصح للشیوع ای لا تملک حتی لو قسمہا
وسلمہا صح نہیں صدقہ دینا دو مالدار شخصوں کو اسواسطے کہ مالدار کو صدقہ دینا درحقیقت ہبہ ہے تو ہبہ صحیح نہوگا بہ سبب شیوع کے یعنی مملوک نہوگا تو اگر درہم
مذکورہ کو قسمت کر دے اور دونوں کو تسلیم کرے تو ملک صحیح ہوگی ھم نفی صحت سے نفی ملک مراد ہے فروع مسائل ملحقہ شارح کے وہب لرجلین درہما ان صحیحا صح ایک
شخص نے دو مردوں کو ایک درم ہبہ کیا اگر درم صحیح یعنی جید اور کھرا ہے تو ہبہ صحیح ہے اسواسطے کہ یہ ہبہ ہے مشاع غیر قسمت پذیر کا کذا فی المنح وان مغشوشا
لا لانہ مما ینقسم لکونہ فی حکم العروض اور اگر درم مذکور مغشوش یعنی کھرا نہیں کھوٹا ہے تو ہبہ صحیح نہیں اسواسطے کہ درم مغشوش محتمل القسمۃ ہے اسواسطے کہ

وہ درحکم اسباب کے ہو معہ درہمان فقال لرجل وہبت لک احدہما فانہما ان استویا لم یجز ایک شخص کے پاس دو درم ہین سواسنے دوسرے مرد سے کہا کہ مین نے اُن دو درمون سے ایک درم تجکو ہبہ کیا یا انکا نصف ہبہ کیا تو اگر دونون درم برابر ہین یعنی وزن اور جودت مین تو ہبہ جائز نہین ہم اسواسطے کہ جب وزن اور جودت مین برابر ہوئے تو ہبہ مشاع کا ٹھہرا محتمل القسمۃ مین کیونکہ اسمین جبر علی القسمۃ جائز ہی کذا فی المنح وان اختلفا جاز لانہ مشاع لا یقسم ولذا لو وہب ثلثہما جاز مطلقا اور اگر دونون درم مختلف ہون اسطرح پر کہ ایک درم کا وزن زیادہ ہو یا ایک جید تر ہو کذا فی العالمگیریۃ تو ہبہ جائز ہی اسواسطے کہ وہ مشاع غیر قسمت پذیر ہی اور اسیواسطے اگر دونون درمون کے دو ثلث ہبہ کرے تو جائز ہی مطلقاً خواہ دونون مستوی ہون یا مختلف کذا فی الطحطاوی وتجوز ہبۃ حائط بین دارہ وبین دار جارہ لجارہ وہبۃ البیت من الدار فہذا یدل علی کون سقف الواحد علی الحائط واختلاط البیت بحیطان الدار لا یمنع صحۃ الہبۃ مجتبی جائز ہو ہبہ کرنا اپنے پڑوسی کو اس دیوار کا جو واہب کے گھر اور اُسکے پڑوسی کے گھر کے درمیان ہی اور جائز ہی ہبہ کرنا پڑوسی کو کوٹھری کا گھر مین سے تو یہ مسئلہ دلالت کرتا ہی واہب کی چھت کے ہونے پر دیوار پر اور اختلاط بیت گھر کی دیوارون سے صحت ہبہ کا مانع نہین کذا فی المجتبی ہم طحطاوی نے کہا دیوار پر چھپت کے ہونے کی دلالت اطلاق کی جہت سے البتہ ہی والا اُسکی صراحت نہین کلام مین فتاوی عالمگیری مین ہی کہ جب دیوار یا راہ یا حمام مین اپنا حصہ ہبہ کرے اور معین کرے اور موہوب لہ کو قبض پر مسلط کر دے تو ہبہ جائز ہی اسی طرح ہو ہبہ بیت کا مع جمیع حدود وحقوق مقسوم اور مفروغ ہوکر قبض باذن الواہب کے ساتھ لیکن بیت کا راستہ مشترک رہے اسمین اور دوسرے مین جائز ہی انتہی

باب الرجوع فی الہبۃ

یہ باب ہی رجوع فی الہبۃ مین یعنی دیکر پھیر لینا ہبہ سے مراد موہوب ہی اسواسطے کہ رجوع یعنی پھیر لینا اعیان مین ہوتا ہی نہ اقوال مین کذا فی الطحطاوی صح الرجوع فیہا بعد القبض اما قبلہ فلم تتم الہبۃ ہبہ کر کے پھیر لینا صحیح ہی بعد قبض کے اور قبض کے پہلے تو خود ہبہ تمام نہین ہوا ہم یعنی اگر قبل قبض موہوب لہ کے واہب نے موہوب کو نہ دیا تو موہوب واہب کی ملک سے خارج نہوا تو اُسکو رجوع فی الہبۃ نہین کہتے مع انتفاء مانعہ الآتی وان کرہ الرجوع تحریما وقیل تنزیہا نہایۃ یہ موہوب کا پھیر لینا صحیح ہی ساتھ نہونے مانع رجوع کے جو آگے مذکور ہوگا اگرچہ پھیر لینا مکروہ تحریمی ہی اور قول ضعیف یہ ہی کہ مکروہ تنزیہی ہی کذا فی النہایۃ ہم حدیث مین وارد ہی اسکے مثل جو دیتا ہی پھیر لیتا ہی اُس کتے کی سی مثل ہی جو کھاتا ہی پھر جب آسودہ ہوتا ہی تو قی کرتا ہی پھر اپنی قی کو نگل لیتا ہی اور دوسری حدیث یہ ہی کہ جو ہبہ کرے وہ اُسکا زیادہ ترحقدار ہی جب تک اُسکا عوض نہ لے انتہی تو رجوع فی الہبۃ کے صحیح اور مکروہ تحریمی کہنے مین جمع بین الحدیثین ہوگیا واللہ تعالی اعلم کذا فی الطحطاوی ولو مع اسقاط حقہ من الرجوع فلا یسقط باسقاطہ خانیہ واہب کو رجوع درست ہی اگرچہ اپنے حق رجوع کے اسقاط کے ساتھ ہو تو رجوع ساقط نہین ہوتا واہب کے ساقط کر دینے سے کذا فی الخانیہ وفی الجواہر لا یصح الابراء عن الرجوع ولو صالحہ من حق الرجوع علی شیء صح وکان عوضا عن الہبۃ لکن سیجیء اشتراطہ فی العقد اور جواہر مین ہی کہ صحیح نہین ابرا کرنا واہب کا رجوع سے اور اگر مصالحہ کر لیا حق رجوع سے کسی چیز پر تو مصالحہ صحیح ہی اور یہ عوض ہوگا ہبہ کا لیکن آگے آویگا مشروط ہونا عوض کا عقد مین یعنی مجتبی سے منقول ہوگا ویمنع الرجوع فیہا حروف دمع خزقہ یعنی الموانع السبعۃ الآتیۃ اور رجوع فی الہبہ کو حروف دمع خزقہ کے منع کرتے ہین حروف مذکورہ سے موانع سبع آئندہ مراد ہین ہم موانع سبع کو تسہیل ضبط کے واسطے امام نسفی نے حروف مذکورہ مین جمع کیا ہی اور معنی ترکیب یہ ہی کہ آنسو نے اُسکو زخمی کر ڈالا خزق بمعنی طعن ہی تو گویا آنسو کو برچھی کے ساتھ مشابہ کیا کذا فی الطحطاوی فالدال الزیادۃ فی نفس العین الموجبۃ لزیادۃ القیمۃ المتصلۃ تو حروف مذکورہ مین دال سے مراد زیادت ہی نفس عین موہوب مین ایسی زیادت متصل جو قیمت زیادہ ہوجانے کی موجب ہو ہم زیادت کی قید اسواسطے لگائی کہ نقصان موہوب چنانچہ حاملہ ہونا جاریہ کا اور قطع ثوب مانع رجوع نہین اور نفس عین کی زیادت کی قید سے زیادتی نرخ کی خارج ہوگئی کہ وہ رجوع کی مانع نہین اور زیادت قیمت کی قید سے وہ زیادتی نکل گئی جو نقصان قیمت کی موجب ہی چنانچہ غلام اور لونڈی مین طول فاحش وان زالت قبل الرجوع کان شب ثم شاخ لکن فی الخانیۃ ما یخالفہ واعتمدہ القہستانی فلیتنبہ لہ لان الساقط لا یعود اگرچہ زیادت متصلہ زائل ہوگئی ہو قبل رجوع کے چنانچہ غلام جوان ہوا پھر بڈھا ہوگیا لیکن خانیہ مین

اُسکے مخالف ہی اور اعتماد کیا ہی اُسپر قہستانی نے تو اُس سے آگاہ ہونا چاہیے یعنی زائل ہوئی چیز کا اعتبار کرنا منظور فیہ ہی اسواسطے کہ جو چیز ساقط ہو گئی وہ عود
نہین کرتی ہم زیادت زائلہ کے اعتبار مین دو قول مین محیط مین ہی کہ ایک مرد نے غلام ہبہ کیا پھر وہ جوان ہوا اور بڈھا ہو گیا اور قیمت اُسکی گھٹ گئی تو واہب کو رجوع
جائز نہین اسواسطے کہ اُسکا بدن زیادہ ہو گیا اور قد دراز ہوا پھر اور وجہ سے گھٹ گیا پیری کے سبب اور ناطفی نے اجناس مین ذکر کیا کہ اگر لونڈی ہبہ کی پھر وہ موٹی اور
بڑی ہوئی تو واہب کو رجوع جائز ہی اور اسی طرح جمیع حیوانات مین اور اسی طرح فتاوی عالمگیری مین ہی اور یہ جو شارح نے عود ساقط مذکور کیا سو مسلم نہین بلکہ یہ از قبیل
زوال مانع کے ہی کذا فی الطحطاوی کبناء و غرس ان عد زیادة فی کل الارض و الا رجع زیادت متصلہ جیسے عمارت اور درخت کا جمانا زمین موہوبہ مین اسطرحکہ عمارت
اور درخت لگانا تمام زمین موہوبہ کی زیادت مین شمار ہو اور اگر کل زمین کی زیادت مین معدود نہو تو واہب کو رجوع جائز ہی ولو عد فی قطعة منها امتنع فیها فقط زیلعی
اور اگر عمارت اور درخت لگانا زمین کے ایک قطعہ مین شمار ہو تو ممتنع ہوگا رجوع فقط اُسی قطع مین کذا فی الزیلعی ہم فتاوی عالمگیری مین کافی سے منقول ہی کہ اگر خالی
زمین ہبہ کی سو موہوب لہ نے ایک کنارے پر کھجور جمائی یا عمارت بنائی اور یہ عمارت بنانا کھجور جمانا زمین کی زیادت ٹھہری تو واہب کو ہبہ پھیر لینا جائز نہین کل
مین نہ بعض مین اور اگر یہ زیادت مین معدود نہو یا نقصان زمین مین شمار ہو تو مانع رجوع نہین تو اگر دکان نہایت صغیر بنا دے تو یہ اصلا زیادت نہ ٹھہرے گی تو
اُسکا کچھ اعتبار نہین اور اگر زمین عظیم یعنی طویل اور عریض ہو تو عمارت مذکورہ تمام زمین کی زیادت نہو گی بلکہ اُسکے ایک قطعہ کی زیادت ٹھہرے گی تو واہب کو اُس قطعہ
کے غیر مین رجوع جائز ہوگا انتہی و سمن و جمال و خیاطة و صبغ و قصر ثوب و کبر صغیر و سماع اصم و ابصار اعمی و اسلام عبد و مداواته و عفو جنایته و تعلیم قرآن و کتابة
و قراءة و نقط مصحف باعرابه و حمل تمر من بغداد الی بلخ مثلا و نحوها اور مانند فربہی اور خوبصورتی کے اور درخت اور رنگت اور کپڑے کے شوب کے اور
جوان ہو جانے صغیر اور سماعت بہرے اور دیکھنے اندھے کے اور مسلمان ہونے غلام کے اور اُسکے معالجے کے اور معاف ہو جانے جنایت عبد کے اور تعلیم
تمام قرآن اور کتابت کے یا پڑھانے بعض قرآن کے اور لکھنے اعراب مصحف کے اور مانند لادے جانے کھجور کے بغداد سے بلخ کی طرف مثلا اور مانند امثلہ
مذکورہ کے ہم معالجہ کرنا غلام کا اُسوقت زیادت متصلہ مین شمار ہوگا جبکہ وہ واہب کے پاس بیمار ہوا ہو اور موہوب لہ کے پاس علاج سے تندرست ہوا ہو اور اگر
موہوب لہ کے پاس بیمار ہوا اور معالجہ ہو کر چنگا ہوا ہو تو مانع رجوع نہین اور جنایت سے وہ جنایت مراد ہی جو غلام سے صادر ہوئی ہو یعنی اُسنے کسی کا عمدا خون
کیا ہوا اور مقتول کے وارث نے اُسکو معاف کر دیا ہو جبکہ وہ موہوب لہ کے پاس ہوا اور نقل متاع ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف زیادت قیمت کی موجب ہی لہذا اُسکو
زیادت متصلہ کی مثال قرار دیا و فی البزازیة و الحبل ان زاد خیرا منع الرجوع و ان نقص لا اور بزازیہ مین ہی اور حمل لونڈی کا اگر بہتری زیادہ کرے تو مانع ہوگا رجوع کا اور اگر
نقصان کرے تو مانع رجوع نہین ہم عورتون کا حال حاملہ ہونے مین مختلف ہوتا ہی بعضی عورت حاملہ ہونے سے موٹی اور خوبصورت ہو جاتی ہی اور بعض دُبلی اور بدصورت تو
در صورت اولی زیادت متصلہ ثابت ہوگی اور رجوع منع ہوگا بخلاف صورت ثانیہ و لو اختلفا فی الزیادة ففی المتولدة ککبر القول للواهب فی نحو بناء و خیاطة و صبغ للموهوب له
خانیة و حاوی و مثله فی المحیط لكنه استثنی ما لو كان لا یبنی فی مثل تلك المدة اور اگر واہب اور موہوب لہ نے زیادت کے حادث ہونے اور نہونے مین اختلاف
کیا تو زیادت متولدہ مین جیسے جوان ہو جانے مین واہب کا قول معتبر ہی اور مانند عمارت اور درخت اور رنگت کے موہوب لہ کا قول مقبول ہی کذا فی الخانیة
و الحاوی اور مانند اُسکے محیط مین ہی لیکن صاحب محیط نے اُس عمارت کو مستثنی کیا ہی جو بن نہین سکتی اسقدر مدت مین ہم توضیح اختلاف یہ ہی کہ مثلا موہوب لہ
نے کہا واہب سے کہ تو نے یہ لونڈی مجکو صغیرہ دی تھی سو جوان ہو گئی میرے پاس اور واہب نے کہا کہ نہین مین نے اسی طرح جوان ہبہ کی تھی تو اس اختلاف
مین در صورت عدم شہادت واہب کا قول مقبول ہوگا لا یمنع الزیادة المنفصلة كولد و ارش و عقر و ثمرة فیرجع فی الاصل لا الزیادة زیادت منفصلہ رجوع ہبہ کی مانع
نہین ہوتی جیسے بچہ موہوب کا اور دیت اور مہر مملوک کا اور پھل درخت کا تو واہب اصل مین رجوع کرے نہ زیادت مین ہم مثلا زید نے خالد کو غلام ہبہ کیا
اور اُسکا ہاتھ کسی نے کاٹ ڈالا اور اُسکا خون بہا خالد کو ملا تو زید غلام کو پھیر لیگا نہ خون بہا کیونکہ وہ زیادت ہی موہوب سے جدا اور زیادت

منفصلہ رجوع اصل کی مانع نہین لکن لا یرجع بالام حتی یستغنی الولد عنہا کذا نقلہ القہستانی لکن نقل البرجندی وغیرہ انہ قول ابی یوسف فلیتنبہ لہ لیکن مان کو واہب
نہ پھیرے جب تک کہ اسکا بچہ اس سے مستغنی ہو یہ نقل کیا ہے قہستانی نے لیکن برجندی وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ وہ ابو یوسف رح کا قول ہے نہ امام رح کا تو اس سے
خبردار رہنا چاہیے ولو حبلت ولم تلد ہل للواہب الرجوع قال فی السراج لا وقال الزیلعی نعم اور اگر موہوبہ لونڈی حاملہ ہوگئی اور ہنوز موہوب لہ کے پاس نہین
جنی تو کیا واہب کو رجوع جائز ہے سراج مین کہا کہ رجوع جائز نہین اور زیلعی نے کہا کہ ہان رجوع جائز ہے وفی الجوہرۃ مریض مدیون بمستغرق وہب امۃ فماتت
وقد وطیت ردہا مع عقرہا ہو المختار اور جوہرہ مین ہے مریض مدیون ہے جو سراپا مستغرق بدین ہے اسنے لونڈی ہبہ کی پھر وہ مرگئی اور حالانکہ موطوءہ ہوگئی
خواہ وطی موہوب لہ سے واقع ہوئی یا اسکے غیر سے تو موہوب لہ اسکو پھیر دے اسکی وطی کے ساتھ یہی قول مختار ہے ھ رد ہبہ بلحاظ حق غرما ہے والمیم موت
احد العاقدین بعد التسلیم فلو قبلہ بطل اور میم سے مراد موہوب لہ یا واہب کی موت ہے بعد قبض کے تو اگر قبض سے پہلے کوئی مرگیا تو عقد باطل ہے ولو اختلفا والعین
فی ید الوارث فالقول للوارث اور اگر دو شخصون مین اختلاف ہوا اور عین موہوب وارث کے ہاتھ مین ہے تو وارث ہی کا قول مقبول ہے ھ اختلاف کی یہ صورت ہے کہ واہب
کے وارث نے کہا موہوب لہ سے کہ تو نے موہوب پر قبضہ واہب کی زندگی مین نہین کیا بلکہ اسکی وفات کے بعد قبضہ کیا اور موہوب لہ نے کہا بلکہ اسکی حیات مین مین نے قبضہ کیا
تو وارث ہی کا قول مقبول ہوگا فتاوی عالمگیری سے معلوم ہوتا ہے کہ موہوب کا وارث کے پاس ہونا قید اتفاقی ہے وقد نظم المصنف ما یسقط بالموت فقال اشعار کفارۃ
دیۃ خراج ورابع ۞ ضمان لعتق ہکذا النفقات ۞ کذا ہبۃ حکم الجمیع سقوطہا ۞ بموت لما ان الجمیع صلات ۞ اور البتہ مصنف نے نظم کیا ان حقوق کو جو ساقط ہو جاتے ہین
موت سے تو یون کہا ہے کہ کفارہ اور خون بہا اور خراج اور چوتھا تاوان بعلت عتق اسی طرح نفقات اور اسی طرح ہبہ تمام حقوق مذکورہ کا حکم ساقط ہو جاتا ہے موت سے
اسواسطے کہ جمیع حقوق مذکورہ صلات ہین ھ سقوط کفارہ درصورت عدم وصیت ہے ضمان عتق کی یہ صورت ہے کہ ایک شریک نے اپنا حصہ غلام سے آزاد کردیا اور اسپر تاوان
لازم آیا بسبب اسکے مالدار ہونے کے پھر آزاد کرنے والا مرگیا والعین العوض بشرط ان یذکر لفظا یعلم الواہب انہ عوض کل ہبتہ اور عین سے مراد عوض ہے بشرطیکہ موہوب
لہ عوض دینے کے وقت ایسا لفظ ذکر کرے کہ واہب یہ جانے کہ وہ اسکے تمام ہبہ کا عوض ہے ھ طحطاوی نے کہا جوہرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عوض کی دلالت کافی ہے یعنی بلا ذکر
موہوب لہ فان قال خذہ عوض ہبتک او بدلہا او فی مقابلتہا ونحو ذلک فقبضہ الواہب سقط الرجوع تو اگر موہوب لہ نے واہب سے کہا کہ لے اپنے ہبہ کا عوض یا اسکا
بدلا یا اپنے ہبہ کے مقابل لے اور مانند اس کلام کے کوئی اور لفظ بولا پھر واہب نے عوض پر قبضہ کیا تو رجوع ساقط ہو گیا ھ اسواسطے کہ ہبہ بعوض درحقیقت بیع ہے ولو لم یذکر
انہ عوض رجع کل بہبتہ اور اگر موہوب لہ یون ذکر نہ کرے کہ وہ عوض ہے تو ہر شخص اپنا ہبہ پھیر لے وکذا یشترط فیہ شرائط الہبۃ کقبض وافراز وعدم شیوع ولو العوض مجانسا
او یسیرا وفی بعض نسخ المتن بدل الہبۃ العقد وہو تحریف اور چونکہ عوض بلا ذکر عوض ہونے کے ہبہ ہے اسیواسطے عوض مین ہبہ کی شرطین مشروط ہین چنانچہ قبضہ ہونا واہب کا
اور جدا ہونا عوض کا موہوب لہ کے مال سے اور عدم شیوع اگرچہ عوض ہمجنس ہبہ کے ہو یا کمتر ہو ہبہ سے اور متن کے بعضے نسخون مین بجا بدل الہبۃ کے بدل العقد ہے اور وہ
تحریف ہے کاتبون کی ھ مجانست اور قلت عوض اسواسطے جائز ہوئی کہ عوض درحقیقت بدل نہین اسواسطے کہ اگر بدل ہوتا تو قلت مین جائز نہین ہوتا بسبب لازم آنے بیاج کی
دلیل اسپر یہ ہے کہ موہوب لہ مالک ہے ہبہ کا اور انسان اپنی ملک کا غیر کو بدلا نہین دیتا اور عوض تو اسنے اسواسطے دیا تا واہب کا حق رجوع ساقط ہو جائے کذا فی الطحطاوی
ولا یجوز للاب ان یعوض عما وہب للصغیر من مالہ اور باپ کو یہ جائز نہین کہ عوض دے اسکا جو ہبہ کیا گیا صغیر کو صغیر کے مال سے ھ تو اگر صغیر کے مال کے سوا اپنے مال سے
عوض دے تو جائز ہے ولو وہبا لعبد التاجر ثم عوض فلکل منہا الرجوع بحر اور اگر غلام تاجر نے کچھ مال ہبہ کیا پھر موہوب لہ نے اسکا عوض دیا تو دونون مین سے ہر شخص کو
پھیر لینا درست ہے کذا فی البحر ھ وجہ اسکی یہ ہے کہ غلام اہل تبرع سے نہین ہے پھر جب بسبب بطلان ہبہ کے غلام رجوع کا مالک ہوا تو اسی طرح موہوب لہ بھی رجوع عوض پر
قادر ہوگا اسواسطے کہ بناء تعویض ہبہ پر تھا جب ہبہ باطل ہوا تو تعویض بھی باطل ہوئی ولا یجوز تعویض مسلم من نصرانی عن ہبتہ خمرا او خنزیرا اذ لا یصح تملیکہما من
المسلم بحر اور جائز نہین مسلمان کو شراب یا سور عوض دینا نصرانی کے ہبہ سے اسواسطے کہ مسلمان کی جانب سے شراب یا سور کی تملیک صحیح نہین کذا فی البحر ھ یعنی اگر نصرانی نے

کوئی چیز مسلم کو ہبہ کی سو مسلم نے بعوض اسکے شراب یا سور نصرانی کو دیا تو جائز نہیں تو نصرانی کو اپنا ہبہ پھیر لینا درست ہوگا ویشترط ان لایکون العوض بعض الموہوب
فلو عوضہ ببعض عن الباقی لایصح فلہ الرجوع فی الباقی اور یہ شرط ہی کہ عوض ہبہ کا بعض موہوب لہ نہو تو اگر بعض موہوب کو باقی موہوب کے عوض مین دے تو صحیح نہین تو
واہب کو باقی موہوب مین رجوع درست ہی ولو الموہوب شیئین فعوضہ احدہما عن الاخر ان کانا فی عقدین صح والا لا لان اختلاف العقد کاختلاف العین اور اگر موہوب
دو چیزین ہون سو موہوب لہ ایک چیز کو دوسری چیز کے عوض مین دے اگر دونون چیزین دو عقد مین موہوب ہوئی ہون تو عوض دینا درست ہی اور اگر
ایک عقد مین موہوب ہون تو درست نہین اسواسطے کہ اختلاف عقد اختلاف عین کے مانند ہی والدراہم تتعین فی ہبۃ ورجوع مجتبی اور دراہم متعین ہوجاتے ہین
ہبہ اور رجوع ہبہ مین کذا فی المجتبی ہم تو جب دراہم موہوبہ پر قبضہ کیا اور پھر دراہم کا بدل الجنس یا بغیر جنسہا دیا تو رجوع جائز رہا اور رجوع اسی وقت تک جائز ہوگا جبتک
دراہم موہوبہ بعینہا قائم اور موجود ہونگے اور اگر موہوب لہ نے انکو خرچ کرڈالا تو یہ خرچ کرنا اہلاک مانع رجوع ہی کذا فی الطحطاوی ودقیق الحنطۃ یصلح عوضا عنہا
لحدوثہ بالطحن اور گیہون کا آٹا گیہون کے عوض ہونے کی صلاحیت رکھتا ہی بسبب پیدا ہونے آٹے کے پیسنے سے ہم تو آٹا عین موہوب یا بعض موہوب نہین ہی کہ تو بعض اسکی
صحیح نہو وکذا لو صبغ بعض الثیاب او لت بعض السویق ثم عوضہ صح خانیہ اور اسی طرح اگر موہوب لہ نے کسی کپڑے کو رنگین کیا یا تھوڑے ستو پانی مین گھولے پھر اسکو عوض
مین دیا تو صحیح ہی کذا فی الخانیہ ہم ایک شخص نے دوسرے کو چار کپڑے ہبہ کیے سو موہوب لہ نے ایک کپڑا رنگین کرکے واہب کو عوض دیا تو صحیح ہی اسی طرح موہوب سیر بھر
ستو مین سے موہوب لہ نے پاؤ بھر ستو گھول کر عوض دیا تو صحیح ہی اسواسطے کہ رنگت اور پانی ملنے سے موہوب مین زیادت حاصل ہوئی تو بعینہ موہوب باقی نرہا گویا دوسری
چیز ہوگئی ولو عوضہ ولد احدی جاریتین موہوبتین وجد ذلک الولد بعد الہبۃ امتنع الرجوع اور اگر دو موہوب لونڈیون مین سے ایک لونڈی کا وہ لڑکا جو ہبہ کے
بعد پیدا ہوا موہوب لہ نے واہب کو عوض دیا تو رجوع ممتنع ہوگیا وصح العوض من اجنبی ویسقط حق الواہب فی الرجوع اذا قبضہ کبدل الخلع اور صحیح ہی عوض دینا
اجنبی کی طرف سے اور واہب کا حق رجوع ہبہ کا ساقط ہوجاتا ہی جبکہ واہب اسپر قبضہ کرے بدل خلع کے مانند یعنی اگر اجنبی موہوب لہ کی طرف سے عوض دے تو
صحیح ہی جیسے بدل خلع اجنبی کا دینا جائز ہی ولو التعویض بغیر اذن الموہوب لہ اور اگرچہ عوض دینا اجنبی کا بلا اذن موہوب لہ ہو ولا رجوع ولو بامرہ الا اذا قال عوض عنی
علی انی ضامن لعدم وجوب التعویض بخلاف قضاء الدین اور رجوع نہین یعنی اجنبی موہوب لہ سے عوض کا عوض نہین لے سکتا اگرچہ تعویض موہوب لہ کے امر سے ہو مگر
جبکہ موہوب لہ اجنبی سے کہے کہ عوض ہبہ کا دے میری طرف سے بایں شرط کہ مین ضامن ہون عدم رجوع تعویض کے واجب ہونے کے سبب سے ہی بخلاف ادائے دین ہم
یعنی وجہ عدم رجوع اجنبی یہ ہی کہ موہوب لہ کو عوض ہبہ کا دینا واجب نہین بخلاف ادائے دین یعنی اگر اجنبی نے مدیون کی طرف سے مدیون کے امر سے دین ادا کیا تو رجوع
ثابت ہی اسواسطے کہ ادائے دین مدیون پر واجب ہی تو جب اسنے دین ادا کرنے کو کہا تو گویا اجنبی سے بقدر دین اسنے قرض لیا والاصل ان کل ما یطالب بہ الانسان
بالحبس والملازمۃ یکون الامر بادائہ مثبتا للرجوع من غیر اشتراط الضمان وما لا فلا الا اذا شرط الضمان ظہیریۃ اور قاعدہ کلیہ رجوع اور عدم رجوع کا یہ ہی کہ جس حق
کا آدمی سے مطالبہ کیا جاے حبس اور ملازمت سے تو اسکے ادا کا امر کرنا رجوع کا مثبت ہی بلا اشتراط ضمان اور جو ایسا نہین یعنی اسکا مطالبہ بحبس وملازمت نہین تو اسکے
ادا کا امر رجوع کا موجب نہین مگر اسوقت جبکہ امر کرنے والا اپنے اوپر ضمان اسکا شرط کرے کذا فی الظہیریۃ ہم حبس اور ملازمت کی قید سے ادائے نذر اور کفارہ دینے کا
امر خارج ہوگیا کہ اگرچہ آدمی پر انکا مطالبہ ہی لیکن حبس اور ملازمت سے نہین کذا فی الطحطاوی وحینئذ فلو امر المدیون رجلا بالقضاء ویرجع علیہ وان لم یضمن لوجوبہ
علیہ اور اسوقت مین یعنی جبکہ قاعدہ مذکورہ معلوم ہوا تو اگر مدیون نے ایک مرد سے اپنے دین کے ادا کرنے کے واسطے کہا تو وہ مرد مدیون سے بھر لیگا اگرچہ وہ دینے کا
ضامن نہوا ہو بسبب واجب ہونے دین کے مدیون پر لکن یخرج عن الاصل ما لو قال انفق علی بنائی داری او قال الاسیر اشترنی فانہ یرجع فیہما بلا شرط رجوع کفالۃ خانیۃ
مع انہ لایطالب بہما لا بحبس ولا بملازمۃ فتامل لیکن قاعدہ مذکورہ سے یہ صورت خارج ہوئی جاتی ہی کہ اگر ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ میرے گھر کے بنانے پر خرچ کر
یا قیدی نے دوسرے سے کہا کہ مجکو خرید کرے یعنی مال دیکر مجکو ظالم سے خلاص کرا تو ان دونون صورتون مین مامور کو رجوع جائز ہی بلا اشتراط رجوع کذا فی کفالۃ الخانیۃ

باوجودیکہ آدمی یہ مطالبہ نہین سنار وار اور استخلاص کا حبس سے نہ ملازمت سے سو اسمین تامل کرم شاید وجہ رجوع یہ ہو کہ عرف مین اسکا ضمان لازم ہوتا ہی اور شارح نے بلفظ فتامل اشارہ کیا کہ وجہ استثنا مین نظر ہی کذا فی الطحطاوی **وان استحق نصف الہبۃ رجع بنصف العوض** اور اگر نصف ہبہ مستحق ملک غیر نکلا تو موہوب لہ نصف عوض پھیر لے م جوہرہ مین ہی کہ یہ رجوع نصف عوض اسوقت ہی جبکہ موہوب محتمل القسمۃ نہو اور اگر محتمل القسمۃ ہو تو بعض کے استحقاق سے باقی مین ہبہ باطل ہوگا تو تمام عوض پھیر لے کذا فی الطحطاوی **وبعکسہ لا** مالم یرد مابقی لانہ یصلح عوضا ابتداء فکذا بقاء لکنہ یتخیر لعدم سلامۃ العوض اور بالعکس اُسکے یعنی جبکہ نصف عوض مستحق ہو تو نصف ہبہ مین رجوع نہین جب تک کہ باقی عوض کو نہ پھیر دے اسواسطے کہ باقی صلاحیت عوض ہونے کے رکھتاہی ابتداء تو بعض مین سو اسی طرح اُسکی صلاحیت بقامین بھی رکھتاہی لیکن وہ مختار ہوگا تا عوض سلامت رہے م طحطاوی سے لکہا بہتر یہ تھا کہ شارح یون کہتا لکنہ یتخیر لعدم سلامۃ العوض یعنی درصورت استحقاق بعض عوض واہب کو اختیار ہوگا قبول اور عدم قبول عوض مین بسبب نہ سلامت ہونے عوض کے **والمراد العوض الغیر المشروط** فان المشروط فمبادلۃ کما سیجئ فیوزع البدل علی المبدل نہایہ اور مصنفؒ کی مراد عوض سے وہ عوض ہی جو غیر مشروط ہی عقد ہبہ مین سو اگر عوض مشروط ہو تو وہ مبادلہ ہی یعنی درحقیقت وہ بیع ہی چنانچہ آگے مذکور ہوگا تو عوض مشروط کے استحقاق مین بدل کی تقسیم ہوگی مبدل پر کذا فی النہایۃ **کما لو استحق کل العوض حیث یرجع فی کلہا اذا کانت قائمۃ لا ان کانت ہالکۃ** چنانچہ اگر تمام عوض مستحق ہو تو واہب تمام ہبہ مین رجوع کرے جبکہ ہبہ قائم ہو اور اگر ہبہ ہالک ہو تو رجوع نہین یعنی اسواسطے کہ ہلاک ہبہ مانع رجوع ہی کما لو استحق العوض وقد ازدادت الہبۃ لم یرجع خلاصہ چنانچہ اگر عوض مستحق ہوا اور حالانکہ ہبہ مین زیادت ہوگئی تو رجوع نہ کرے کذا فی الخلاصۃ یعنی اسواسطے کہ زیادت مانع رجوع ہی **وان استحق جمیع الہبۃ کان لہ ان یرجع فی جمیع العوض ان کان قائما و بمثلہ ان العوض ہالکا وہو مثلی و بقیمتہ ان قیمیا** غایۃ اور اگر تمام ہبہ مستحق ہو تو موہوب لہ کو جائز ہی کہ تمام عوض پھیر لے اگر موجود ہو اور عوض کا مثل پھیرلے اگر عوض ہالک ہو بشرطیکہ عوض مثلی ہو یعنی وزنی ہو یا کیلی ہو اور عوض کی قیمت پھیرلے اگر عوض قیمتی والا ہو کذا فی الغایۃ **ولو عوض النصف رجع بما لم یعوض** ولا یضر الشیوع لانہ طاری اور اگر نصف ہبہ کا عوض دے تو واہب نصف غیر معوض مین رجوع کرے اور شیوع یعنی وہ شیوع جو کہ رجوع فی النصف سے حاصل ہوا ہی وہ مضرت نہین کرتا کیونکہ وہ شیوع طاری ہی

تنبیہ یہ آگاہ کرنا ہی شارح کی جانب سے مضمون آیندہ پر نقل فی المجتبی انہ یشترط فی العوض ان یکون مشروطا فی عقد الہبۃ اما اذا عوضہ بعدہ فلا ولم ار من صرح بہ غیرہ د فروع المذہب مطلقۃ کما مر فتدبر مجتبی مین منقول ہی کہ عوض ہبہ مین یہ شرط ہی کہ عقد ہبہ مین عوض مشروط ہو اور اگر بعد عقد کے عوض دیا تو وہ مانع رجوع کا نہین ہی انتہی اور مین نے وہ شخص نہین دیکھا جسنے اس شرط کی تصریح کی ہو سوائے صاحب مجتبی کے اور مسائل خزینہ مذہب کے بلا قید مذکور کے ہین چنانچہ مذکور ہو چکے سو غور کر لے م منجملہ مسائل مذکورہ ایک یہ ہی کہ گیہون کا آٹا گیہون کا عوض ہو سکتا ہی یعنی اور آٹا نہین ہوتا مگر بعد گیہون کے اور از انجملہ دو موہوب لونڈیون سے ایک لونڈی کا وہ بیٹا جو پیدا ہوا بعد ہبہ کے عوض مانع رجوع ہوتا ہی کذا فی المنح **والخاء خروج الہبۃ عن ملک الموہوب لہ** اور خائے معجمہ سے مراد ہبہ کا خروج ہی موہوب لہ کی ملک سے یعنی خروج بھی مانع ہی رجوع کا **ولو بہبۃ الا اذا رجع الثانی** فللاول الرجوع سواء کان بقضاء او رضی کما سیجئ ان الرجوع فسخ حتی لو عادت بسبب جدید بان تصدق بہا الثالث علی الثانی او باعہا منہ لم یرجع الاول خروج عن الملک مانع ہی رجوع کا اگرچہ خروج ہبہ کے سبب سے ہو مگر جبکہ واہب ثانی رجوع کرے تو واہب اول کو بھی رجوع جائز ہی خواہ رجوع حاکم کے حکم سے ہو یا رضامندی سے اسواسطے کہ آگے آویگا کہ رجوع عبارت ہی فسخ ہبہ سے یعنی اور فسخ نہین ہوتا مگر قضا یا رضا سے تو اگر ہبہ عود کرے جدید سبب سے اسطرح پر کہ واہب ثالث واہب ثانی پر تصدق کرے یا اسکو اُسکے ہاتھ بیع کرے تو واہب اول رجوع نکریگا **ولو باع نصفہ رجع فی الباقی لعدم المانع** اور اگر موہوب لہ نے نصف موہوب کی بیع کی تو واہب نصف باقی مین رجوع کرے بواسطہ عدم مانع یعنی مانع رجوع فقط نصف بیع مین حاصل ہوا ہی نہ نصف باقی مین وقید الخروج بقولہ بالکلیۃ بان یکون خرج عن ملکہ من کل وجہ ثم فرع علیہ بقولہ اور مصنف رح نے خروج مین بالکلیہ کی قید لگائی باین معنی کہ موہوب لہ کی ملک سے خروج ہو ہر وجہ سے پھر اُسپر تفریع کی بقول آیندہ **فلو ضحی الموہوب لہ بالشاۃ الموہوبۃ او نذر التصدق بہا وصارت لحما لا یمنع الرجوع** تو اگر موہوب لہ نے دنبہ موہوبہ قربانی کیا یا اُسکے خیرات کرنے کی نذر مانی اور دنبہ حلال کرنے سے گوشت ہوگیا تو یہ مانع رجوع کا نہین م اسواسطے کہ قربانی کا

گوشت ملک میں داخل رہتا ہے تو خروج عن الملک ثابت نہوا کہ مانع ہوتا رجوع سے فتاوی عالمگیری میں محیط سے منقول ہے کہ قربانی مذکورہ اور متعہ ادا ہو جاتا ہے محمد رح کے نزدیک اور ابو یوسف رح کے نزدیک رجوع جائز نہیں اور صحیح یہ ہے کہ امام رح کا قول محمد رح کے قول کے مانند ہے ومثلہ المتعۃ والقران والنذر مجتبی اور قربانی کے مانند متعہ[۱] اور قران اور نذر ہے کذا فی المجتبی ھ طحطاوی نے کہا شاید کہ نذر سے شارح کے کلام میں نذر مطلق مراد ہے تو متن سے تکرار ثابت نہوئی ح وفی المنہاج وان وہب لہ ثوبا فجعلہ صدقۃ للہ تعالی فلہ الرجوع خلافا للثانی اور منہاج میں ہے کہ اگر اسکو کپڑا ہبہ کیا سو موہوب لہ نے اسکو خیرات کیا اللہ تعالی کے واسطے تو واہب کو رجوع جائز ہے بخلاف مذہب ابو یوسف رح ھ جب تک فقیر نے خیرات نہیں پائی تب تک رجوع درست ہے کذا فی الطحطاوی کما لو ذبحہا من غیر تضحیۃ فلہ الرجوع اتفاقا چنانچہ اگر دنبہ موہوبہ کو ذبح کیا بدون قربانی کرنے کے تو واہب کو رجوع جائز ہے باتفاق طرفین اور ابو یوسف رح کے فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا عبد علیہ دین او جنایۃ خطاء فوہبہ مولاہ لغریمہ او لولی

الجنایۃ سقط الدین والجنایۃ ثم لو رجع صح استحسانا ولا یعود الدین والجنایۃ عند محمد وروایۃ عن الامام کما لا یعود النکاح لو وہبہا لزوجہا ثم رجع خانیہ ایک غلام ہے جسپر دین یا جنایت خطا ہے پھر اسکے مالک نے اسکے دین والے یا ولی جنایت کو ہبہ کر دیا تو دین اور جنایت ساقط ہو گئی پھر اگر واہب رجوع فی الہبۃ کرے تو استحسان کی راہ سے صحیح ہوگا اور دین اور جنایت محمد رح کے نزدیک عود نکریگی اور امام رح کی ایک روایت میں جیسے نکاح عود نہیں کرتا اگر مالک نے لونڈی ہبہ کر دی اسکے شوہر کو پھر اسنے ہبہ پھیر لیا کذا فی الخانیۃ والزاء الزوجیۃ وقت الہبۃ اور زاء سے زوجیت وقت ہبہ کی مراد ہے فلو وہب لامرأۃ ثم نکحہا رجع تو اگر ایک عورت کو ہبہ کیا پھر اُس نکاح کیا تو رجوع کرے یعنی اسواسطے کہ ہبہ کے وقت زوجیت نہ تھی ولو وہب لامرأتہ لا کعکسہ انتہی اور اگر اپنی عورت کو ہبہ کیا تو رجوع نکرے جیسے بالعکس اسکے انتہی یعنی اگر واہب عورت ہو اور ایک مرد کو ہبہ کرے پھر اُس سے نکاح کرے تو رجوع جائز ہے اور اگر اپنے زوج کو ہبہ کرے تو رجوع درست نہیں فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا

تصح ہبۃ المولی لام ولدہ ولو فی مرضہ ولا تنقلب وصیۃ اذ لا بد للمحجور اما الوصی لہا بعد موتہ تصح لعتقہا بموتہ فیسلم لہا کافی صحیح نہیں ہبہ کرنا مولی کا اپنی ام ولد کو اگرچہ ہبہ اسکی مرض الموت میں ہو اور یہ ہبہ بدل کر وصیت نہو جائیگا اسواسطے کہ محجور کو کچھ تصرف نہیں اور اگر ام ولد کے واسطے وصیت کر جاے اپنی موت کے بعد یعنی یوں کہے کہ میری موت کے بعد ام ولد کو اتنا دینا تو وصیت صحیح ہوگی بسبب اسکے آزاد ہو جانے کے مولی کی موت سے تو ام ولد کا قبض[۲] کرا دیا جاویگا کذا فی الکافی ھ ام ولد کو ہبہ کرنا اسواسطے صحیح نہوا کہ شرط ہبہ سے قبض موہوب ہے اور وہ قبض کی لیاقت نہیں رکھتی بہ سبب محجور التصرف ہونے کے والقاف القرابۃ فلو وہب لذی رحم محرم منہ نسبا ولو ذمیا او مستامنا لا یرجع شمنی اور قاف سے مراد قرابت ہے تو اگر واہب ہبہ کرے اپنے قرابت دار محرم نسبی کو اگرچہ موہوب لہ ذمی یا مستامن ہو تو رجوع نکریگا کذا فی الشمنی ھ محرم وہ ہے جس سے نکاح حرام ہو محرم نسبی کی قید سے محرم رضاعی خارج ہو گیا تو مانع رجوع قرابت مع المحرمیۃ ہے نہ فقط قرابت اور نہ فقط محرمیت ولو وہب لمحرم بلا رحم کاخیہ رضاعا ولو ابن عمہ ولمحرم بالمصاہرۃ کامہات النساء والربائب واخیہ وہو عبد لاجنبی او لعبد اخیہ رجع اور اگر واہب نے ہبہ کیا اس محرم کو جس سے قرابت نہیں چنانچہ اپنی رضاعی بھائی کو اگرچہ اسکے چچا کا بیٹا ہو اور ہبہ کیا سسرالی محرم کو چنانچہ خوشدامن اور ناباپ[۳] اور ہبہ کیا اپنے نسبی بھائی کو اور حالانکہ وہ اجنبی شخص کا غلام ہے یا ہبہ کیا اپنے بھائی کے غلام کو تو رجوع کریگا ھ ابن عمہ کے لفظ سے متن پر مبالغہ کرنا صحیح نہیں اسواسطے کہ ابن عم قرابت دار ہے تو اسکو جدا مسئلہ قرار دینا بہتر تھا اور صاحبین رح کا یہ مذہب ہے کہ غلام بھائی کے ہبہ میں رجوع جائز ہے اور بھائی کے غلام کے ہبہ میں رجوع جائز نہیں کذا فی الطحطاوی ح ولو کانا ای العبد ومولاہ ذا رحم محرم من الواہب فلا رجوع فیہا اتفاقا علی الاصح لان الہبۃ لایہما وقعت تمنع الرجوع بحر اور اگر دونوں یعنی غلام اور اسکا مالک واہب کے محرم قرابت دار ہوں تو رجوع جائز نہیں باتفاق امام رح اور صاحبین رح کے بنا بر قول صحیح تر اسواسطے کہ دونوں شخصوں میں سے جس شخص کے واسطے ہبہ واقع ہو وہ مانع ہے رجوع فی الہبۃ کا کذا فی البحر ھ غلام اور مولی کی قرابت مع المحرمیہ کی یہ صورت ہے کہ واہب کا سوتیلا بھائی اسکے مادری بھائی کا غلام ہو کذا فی الطحطاوی عن المبسوط فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا وہب لاخیہ واجنبی مالا یقسم فقبضاہ لہ الرجوع فی حظ الاجنبی لعدم المانع درر اپنے بھائی اور اجنبی کو وہ چیز ہبہ کی جو قسمت پذیر نہیں چنانچہ پیالہ یا چکی سو دونوں نے اسپر قبضہ کیا تو واہب کو اجنبی کے حصے میں رجوع جائز ہے بسبب نہونے مانع کے کذا فی الدرر والہاء ہلاک العین

[۱] یعنی تمتع کہ اول عمرہ حج کے مہینوں میں کرکے حلال ہو جاوے پھر آٹھویں ذی الحجہ یا اس سے پیشتر احرام حج کا باندھے اور قران یہ کہ حج اور عمرہ کا احرام ایک ساتھ کرے اور بیچ میں حلال نہو ۱۲

[۲] یعنی مال وصیت ام ولد کو حوالہ کیا جاویگا ۱۲

[۳] یعنی وہ اولاد جو دوسرے شوہر سے ہمراہ عورت کے آوے ہندی میں اسکو ناباپ اور سوتیلا کہتے ہیں ۱۲

الموہوبہ اور اسے ہوزنسے یعنی شئے موہوبہ کا ہلاک ہونا مراد ہے م ہلاک سے تلف ہوجانا یعنی ہے یا اُسکے عامہ منافع کا تلف ہونا مراد ہے باوجود بقاء ملک تو یہ گمان کرنا چاہیئے کہ خروج عن الملک بمعنی ہلاکت سے تو اگر تلوار ہبہ کی سو موہوب لہ نے توڑ کر اُسکی چھیری یا دوسری تلوار بنائی تو رجوع جائز نہوگا بخلاف شاۃ مذبوحہ کذا فی الطحطاوی عن المکی **ولو ادعاہ ای الہلاک صدق بلا حلف لانہ ینکر الرد** اور اگر موہوب لہ موہوب کے تلف ہوجانے کا دعوی کرے تو اُسکی تصدیق ہوگی بدون قسم کے اسواسطے کہ وہ منکر ہے ہبہ پھیر دینے کا **فان قال الواہب ہی ہذہ** اعین حلف المنکر انہا لیست ہذہ خلاصہ پھر اگر واہب کہے کہ وہ یعنی ہبہ یہی چیز ہے تو منکر یوں قسم کھائے کہ ہبہ یہ چیز نہیں ہے کذا فی الخلاصہ **کما یحلف الواہب ان الموہوب لہ لیس باخیہ اذا ادعی الاخ ذلک لانہ یدعی مسبب النسب لا النسب** خانیہ جیسے واہب یوں قسم کھائے کہ موہوب لہ اُسکا بھائی نہیں جبکہ بھائی دعوے کرے بھائی ہونے کا اسواسطے کہ موہوب لہ مدعی ہے مسبب نسب کا نہ نسب کا کذا فی الخانیہ م یعنے جب واہب رجوع فی الہبہ کا ارادہ کرے اور موہوب لہ کہے کہ میں تیرا بھائی ہوں تو واہب پر نفی اخوت کی قسم آویگی اور یہ قسم درحقیقت نسب کے سبب یعنی مال پر ہے نہ نسب پر تو یہاں مال کا اثبات مقصود ہے نہ نسب کا اور اگر مقصود نسب ہوتا تو اسمیں قسم جاری نہوتی امام کے قول پر کذا فی الطحطاوی ملخصا بتصرف **ولا یصح الرجوع الا بتراضیہما او بحکم الحاکم للاختلاف فیہ** اور صحیح نہیں رجوع یعنی ہبہ کا پھیر لینا اگر دونوں کی رضامندی یا حاکم کے حکم سے بسبب اختلاف ہونے کے رجوع میں م بعض مجتہدین کے نزدیک رجوع فی الہبہ جائز نہیں پھر جب اسمیں اختلاف ہوا تو رجوع کا حکم ثابت نہوگا مگر رضاء طرفین سے یا حاکم کے حکم سے تو اگر واہب ہبہ کرکے پھیر لیگا بلا رضائے موہوب لہ یا حکم حاکم تو غاصب ہوگا تو اگر اب موہوب تلف ہوگا واہب کے پاس تو واہب اُسکی قیمت کا تاوان دیگا موہوب لہ کو **فیضمن بمنعہ بعد القضاء لا قبلہ** تو موہوب لہ بعد حکم حاکم موہوب کو نہ دینے سے تاوان دیگا نہ قبل از حکم حاکم م جبتک حاکم حکم نہ کرے استرداد کا یا فسخ ہبہ تراضی نہو تو موہوب لہ کی ملک موہوب میں ثابت ہے تو اُسکا تصرف اُسکی بیع اور عتق میں نافذ ہے اگرچہ بعد مرافعہ الی الحاکم ہو اور اسیطرح اگر حاکم موہوب لہ کو منع کرے اور موہوب اُسکے پاس تلف ہوجاے تو اُسپر تاوان نہیں کیونکہ اُسکی ملک تو قائم ہے اور اسیطرح اگر بعد حکم قبل منع تلف ہو تو تاوان نہیں اور اگر بعد حکم منع کرے تو تاوان لازم ہوگا بسبب اُسکی تعدی کے کذا فی المنح **واذا رجع باحدہما بقضاء او رضی کان فسخا لعقد الہبۃ من الاصل واعادۃ لملکہ القدیم لا ہبۃ للواہب** اور جبکہ رجوع کیا متعاقدین میں سے ایک شخص نے حکم حاکم یا رضامندی سے تو رجوع عقد ہبہ کا فسخ ہوگا اصل سے اور اعادہ ہوگا واہب کی ملک قدیم کا نہ ہبہ واسطے واہب کے م اور اگر موہوب لہ واہب کو ہبہ کرے قبل قضا یا رضا کے اور وہ قبول کرے تو مالک ہوگا بدون قبض کے اور جبکہ قبض کریگا تو بمنزلہ رجوع کے ہوگا قضا یا رضا سے اور موہوب لہ کو اسمیں رجوع کرنا جائز نہوگا کذا فی الطحطاوی عن البدائع **فلہذا لا یشترط فیہ قبض الواہب وصح الرجوع فی الشائع** ولو کان ہبتہ لما صح فیہ اور چونکہ رجوع بقضا یا رضا اعادہ ملک واہب ہے نہ ہبہ ہوگا اسیواسطے شرط نہیں رجوع میں قبض کرنا واہب کا اور رجوع صحیح ہے بعض شائع میں اور اگر رجوع ہبہ ہوتا تو شائع میں صحیح نہوتا یعنی اسواسطے کہ شائع کا ہبہ صحیح نہیں کما تقدم **وللواہب ردہ علی بائعہ مطلقا** اقضاء او رضی اور واہب کو جائز ہے پھیر دینا موہوب کا اُسکے بائع کو ہر طرح خواہ رجوع بقضا ہو خواہ برضا م یعنی واہب نے ایک چیز خرید کی پھر وہی چیز دوسرے شخص کو ہبہ کی پھر **بحکم قاضی** یا بتراضی رجوع فی الہبہ واقع ہوا پھر موہوب کے عیب قدیمی پر اطلاع واقع ہوئی تو بسبب عیب کے اُسکا پھیر دینا جائز ہے **بخلاف الرد بالعیب بعد القبض بغیر قضاء** بخلاف رد بالعیب کے بعد قبض بدون قضا کے م یعنی اگر ایک چیز خرید کی پھر اُسکی بیع کی پھر مشتری ثانی نے اُسکو بواسطہ عیب قدیم کے مشتری اول کو پھیر دیا تو اگر پھیر دینا حاکم کے حکم سے ہو تو یہ فسخ ہے عقد بیع کا تو مشتری اول کو بھی حق رد اپنے بائع پر ثابت ہوگا اور اگر متعاقدین کی رضامندی سے رد واقع ہوا ہو تو مشتری اول اُسکو نہیں پھیر سکتا کیونکہ وہ بمنزلہ بیع جدید کے ہے کذا فی الطحطاوی لان حق المشتری فی وصف السلامۃ لا فی الفسخ فافترقا ردا بالعیب بقضاء رضا بلا قضا سے اسواسطے جائز نہوا کہ مشتری کا حق سلامت مبیع کے وصف میں ہے نہ فسخ میں تو بیع اور ہبہ کا افتراق ثابت ہوگیا م چونکہ حق مشتری سلامتی مبیع میں ہے لہذا اگر مبیع کا عیب زائل ہوجاے تو پھیر دینا ممتنع ہوگا کیونکہ اُسکا حق اُسکو مل گیا اور بصورت عدم سلامت مبیع مشتری پھیر لیگا اور اُس سے فسخ بیع ضرورۃً لازم ہوگا بخلاف عقد ہبہ کہ اسمیں فسخ کا حق واہب کو ثابت ہے کیونکہ ہبہ عقد غیر لازم ہے تو بصورت رجوع عین ملک واہب اُسکی طرف عائد ہوگی نہ ہبہ جدا گانہ تو افتراق

بیع اور ہبہ کا ظاہر ہو گیا کذا فی المنح ملخصاً ثم مرادہم بالفسخ من الاصل ان لا یترتب علی العقد اثر فی المستقبل لا بطلان اثرہ اصلاً والا لعاد المنفصل الی ملک
الواہب برجوعہ فصولین پھر معلوم کرنا چاہیے کہ فقہا کی مراد فسخ من الاصل سے یہ ہے کہ عقد ہبہ پر کوئی اثر زمان مستقبل میں نہ مترتب ہو نہ باطل ہونا ہبہ کے اثر کا بالکل
یعنی زمان ماضی میں بھی اور اگر بالکل بطلان اثر ہوتا ماضی میں تو زیادت منفصل ملک واہب کیطرف عود کرتی واہب کے رجوع فی الہبہ سے کذا فی الفصولین م زواید منفصلہ
جیسے لونڈی موہوبہ کا بچہ اور درخت کا پھل اور دیت مملوک جو موہوب لہ کے پاس موجود ہوئی اور حالانکہ واہب کو بعد رجوع کے زوائد مذکورہ کا لینا نہیں پہونچتا تو معلوم
ہوا کہ فسخ سے بالکل بطلان اثر مراد نہیں اتفقا الواہب والموہوب لہ علی الرجوع فی موضع لا یصح رجوعہ من المواضع السبعۃ السابقۃ کالہبۃ لقرابۃ جاز ہذا
الاتفاق منہا جوہرہ واہب اور موہوب لہ نے رجوع پر اتفاق کیا اُس موضع میں جسمیں رجوع صحیح نہیں منجملہ مواضع سبعہ سابقہ کے چنانچہ ہبہ واہب کی قرابت میں
تو ان دونوں کا اتفاق جائز ہے کذا فی الجوہرہ وفی المجتبی لا یجوز الاقالۃ فی الہبۃ والصدقۃ فی المحارم الا بالقبض لانہا ہبۃ اور مجتبی میں ہے کہ جائز نہیں اقالہ ہبہ
اور محارم کے صدقہ میں بدون قبض کے اسواسطے کہ اقالہ ہبہ ہے ثم قال وکل شئ یفسخہ الحاکم اذا اختصما الیہ فہذا حکمہ پھر صاحب مجتبی نے کہا اور جس چیز کے
عقد کو حاکم فسخ کر ڈالے جبکہ متعاقدین حاکم کے پاس جھگڑا لیجاویں تو اسکا یہی حکم ہے م یعنی درصورت نالش جو عقد کہ لائق فسخ حاکم ہے اسمیں اقالہ کرنا نافع نہیں
بدون قبض کے کذا فی الطحطاوی بتصرف ولو وہب الدین لطفل المدیون لم یجز لانہ غیر مقبوض اور اگر طفل مدیون کو دین ہبہ کرے تو جائز نہیں اسواسطے کہ دین
غیر مقبوض ہے وفی الدرر قضی ببطلان الرجوع لمانع ثم زال المانع عاد الرجوع اور درر میں ہے حاکم نے حکم کیا بطلان رجوع کا بسبب کسی مانع رجوع کے پھر وہ مانع زایل
ہو گیا تو رجوع عود کریگا م زوجیت اور قرابت اور ہلاک عین اور موت اور عوض میں تو یہ نہیں ہو سکتا مگر خروج عن الملک میں ہو سکتا ہے جبکہ موہوب لہ کے پاس
وہ چیز پھر آوے کذا فی الطحطاوی تلفت العین الموہوبۃ واستحقہا مستحق وضمن المستحق الموہوب لہ لم یرجع علی الواہب بما ضمن لانہا عقد تبرع
فلا یستحق فیہ السلامۃ چیز موہوب تلف ہو گئی اور اُسکا کوئی اور شخص حقدار مالک ٹھہرا اور حقدار نے موہوب لہ سے تاوان لیا تو موہوب لہ واہب سے تاوان نہ لیگا
اسواسطے کہ ہبہ احسان کا عقد ہے نہ معاوضہ کا تو اُسمیں سلامت موہوب مستحق نہیں ہے م ہبہ کی قید اسواسطے لگائی کہ معاوضات کے عقود میں تاوان دینے سے غرر یعنی
فریب بائع وغیرہ کا ثابت ہوگا تو مشتری کو اپنے بائع سے رجوع بقدر ضمان جائز ہوگا اور اسیطرح ودیعت اور اجارے میں جبکہ ودیعت یا عین مستاجرہ تلف ہو جاوے
پھر ایک مرد اُسکا مستحق ثابت ہوا اور مودع اور مستاجر سے تاوان لے تو دونوں شخص دافع سے تاوان پھیر لینگے کذا فی الطحطاوی والاعارۃ کالہبۃ ہنا لان
قبض المستعیر کان لنفسہ ولا غرور لعدم العقد وتمامہ فی العمادیۃ اور عاریت دینا ہبہ کے مانند ہے اس مقام میں اسواسطے کہ قبض کرنا مستعیر کا عاریت پر اپنی ذات کے واسطے ہے
اور یہاں غرور نہیں بسبب نہونے عقد کے اور پورا بیان اسکا عمادیہ میں ہے م عقد نہیں یعنی عقد معاوضہ نہیں والا عاریت اور ہبہ میں عقد ضرور ہے خلاصۂ مقام یہ ہے کہ اگر عاریت
تلف ہو جائے اور اسکا کوئی اور مالک نکلے سوا معیر کے اور مالک مستعیر سے تاوان بھر لے تو مستعیر اُس تاوان کو معیر سے نہیں لے سکتا واذا وقعت الہبۃ بشرط
العوض المعین فہی ہبۃ ابتداءً فیشترط التقابض فی العوضین ویبطل العوض بالشیوع فیما یقسم وبیع انتہاءً فترد بالعیب وخیار الرؤیۃ وتؤخذ بالشفعۃ
ہذا اذا قال وہبتک علی ان تعوضنی کذا اما لو قال وہبتک بکذا فہو بیع ابتداءً وانتہاءً اور جبکہ ہبہ واقع ہو بشرط عوض معین کے تو وہ باعتبار ابتدا کے ہبہ ہے
تو دونوں عوضوں میں تقابض شرط ہوگا اور محتمل القسمۃ میں شائع ہونے سے عوض باطل ہوگا اور ہبہ بشرط عوض بیع ہے باعتبار انتہا کے تو ہبہ عیب اور خیار الرویہ سے
پھیر دیا جائیگا اور شفعہ سے لیا جائیگا یہ اُس صورت میں ہے جبکہ واہب یوں کہے کہ میں نے تجکو ہبہ کیا اس شرط پر کہ تو مجکو فلانی چیز عوض دے اور اگر یوں کہیگا کہ
میں نے تجکو ہبہ کیا بمقابلہ اُسکے تو وہ بیع ہے باعتبار ابتدا کے بھی اور باعتبار انتہا کے بھی م رد بالعیب عوض اور معوض دونوں میں ہوگا اور اسیطرح
خیار الرویہ اور شفعہ دونوں میں ثابت ہے اور جبکہ باعتبار ابتدا اور انتہا کے ہبہ بیع ہوگا تو دونوں کی ملک اپنے حق میں ثابت ہوگی اور امتناع تسلیم
جائز نہوگا اور قبض شرط نہیگا اور شیوع مفسد نہوگا کذا فی الطحطاوی وقید بالعوض بکونہ معینا لانہ لو کان مجہولا بطل اشتراطہ فیکون ہبۃ ابتداءً وانتہاءً

اور عوض مین مصنف رح نے معین ہونے کی قید لگائی اسواسطے کہ اگر عوض مجہول ہوگا تو عوض کا شرط کرنا باطل ہوگا تو درصورت جہالت عوض ابتدا اور انتہا کے دونون
اعتبار سے مقبوض ہبہ ہوگا نہ بیع فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا وہب الواقف ارضا شرط استبدالہ بلا شرط عوض لم یجز وان شرط کان کبیع ذکرہ الناصحی واقف نے
اس وقف کی زمین بلا شرط عوض ہبہ کی جسکا استبدال مشروط تھا تو جائز نہین اور اگر استبدال اُسکا مشروط تھا بعوض ہبہ کے تو بمنزلہ بیع کے ہوگی ناصحی نے
اسکو ذکر کیا ہے وفی المجمع واجاز محمد ہبۃ مال طفلہ بشرط عوض مساو ومنعاہ قلت فیحتاج علی قولہما الی الفرق بین الوقف ومال الصغیر اور مجمع مین ہے اور
جائز کہا ہے محمد بن حسن رح نے ہبہ کرنا اپنے طفل کا مال بشرط اُس عوض کے جو قیمت مین برابر ہے موہوب کے اور شیخین رح نے اسکو منع کیا ہے مین کہتا ہون تو
شیخین رح کے قول پر وقف اور مال صغیر کے درمیان مین فرق بیان کرنے کی حاجت ہوگی ہم یعنی وقف مشروط الاستبدال کا ہبہ بشرط عوض شیخین رح کے
نزدیک جائز ہے اور ہبہ مال طفل بشرط عوض جائز نہین تو دونون مین فرق بیان کرنا چاہیے طحطاوی نے خیر الدین رملی سے یون فرق مذکور کیا ہے کہ جب واقف نے
استبدال شرط کیا اور وہ حاصل ہوتا ہے ہر ایک عقد معاوضہ سے تو ہبہ بشرط عوض داخل ہے واقف کی شرط مین بخلاف ہبہ مال ابن صغیر اسواسطے کہ ہبہ تو باعتبار ابتدا کے
تبرع اور احسان ہے اور وہ ممنوع ہے طفل کے مال مین احسان کرنے سے مطلقاً **فصل فی مسائل متفرقۃ** یہ فصل ہے ہبہ کے مسائل متفرقہ مین **وہب امۃ الا حملہا او علی**
ان یعتقہا او یستولدہا او دارا علی ان یرد علیہ شیئا منہا ولو معینا کثلث الدار او ربعہا علی ان یعوض فی الہبۃ والصدقۃ شیئا منہا
صحت الہبۃ وبطل الاستثناء فی الصورۃ الاولی وبطل الشرط فی الصور الباقیۃ لانہ بعض او مجہول والہبۃ لا تبطل بالشروط لونڈی ہبہ کی سوائے اُسکے حمل کے ہبہ کی
اس شرط پر کہ لونڈی واہب کو پھیر دے یا موہوب لہ اُسکو آزاد کرے یا اُسکو اپنی حرم بنا دے یا گھر ہبہ کیا اس شرط پر کہ گھر مین سے کچھ واہب کو پھیر دے اگرچہ بعض معین ہو
چنانچہ تہائی گھر یا چوتھائی یا اس شرط پر ہبہ کیا کہ ہبہ اور صدقے مین سے کچھ عوض دے تو ہبہ صحیح ہے اور پہلی صورت مین استثنا حمل باطل ہے اور باقی صورتون مین شرط
باطل ہے اسواسطے کہ شرط بعض موہوب ہے یا مجہول ہے اور ہبہ باطل نہین ہوتا شرطون سے ہم مجہول ہونا پچھلی دو صورتون مین ظاہر ہے نہ صورت ثانیہ اور ثالثہ اور
رابعہ مین تو ہدایہ کی تعلیل بہتر ہے کہ یہ شروط مقتضائے عقد کے مخالف ہین تو فاسد ہوئین اور ہبہ باطل نہین ہوتا شروط فاسدہ سے ولا تنس ما مر من اشتراط معلومیۃ
العوض اور نہ بھولیو اُس مضمون کو جو معلومیت عوض سے مذکور ہو چکا ہم یعنی جہالت عوض کی مفسد ہے سراج مین اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جس عقد کی شرط قبض ہے
تو شرط اُسکی مفسد نہین ہوتی چنانچہ ہبہ اور رہن کذا فی الطحطاوی **اعتق حمل امتہ ثم وہبہا صح ولو دبرہ ثم وہبہا لم یصح** لبقاء الحمل علی ملکہ فکان مشغولا بہ
بخلاف الاول اپنی لونڈی کا حمل آزاد کیا پھر لونڈی ہبہ کی تو صحیح ہے اور اگر حمل کو مدبر کیا پھر لونڈی ہبہ کی تو صحیح نہین بسبب باقی رہنے حمل کے واہب کی
ملک پر تو موہوب مشغول بحمل ہوا یعنی اور شرط ہبہ یہ ہے کہ موہوب مشغول نہو واہب کی ملک سے بخلاف اول کے یعنی درصورت عتق حمل واہب کی
ملک پر جنین باقی نرہا تو موہوب مشغول بملک واہب نرہا **کما لا یصح تعلیق الابراء عن الدین** بشرط محض کقولہ لمدیونہ اذا جاء غد او ان مت بالفتح التاء
فانت بری من الدین او ان مت من مرضک ہذا او ان مت من مرضی ہذا فانت فی حل من مہری فہو باطل لانہ مخاطرۃ وتعلیق جیسے صحیح نہین تعلیق ابراء دین
کی شرط محض سے چنانچہ صاحب دین کا یون کہنا اپنے مدیون سے کہ جب کل کا دن آوے یا تو مرجاوے تو تو بری الذمہ ہے دین سے یا زوجہ کا یون کہنا
اپنے زوج سے اگر تو مرجاوے اپنے اس مرض سے یا مین مرجاؤن اپنے اس مرض سے تو تو میرے مہر سے پاک ہے ماخوذ نہین تو وہ باطل ہے کیونکہ وہ مخاطرہ اور
تعلیق ہے ہم مجیئ غد مین مخاطرہ نہین مگر جب مجیئ غد کو بقاے دین کے ساتھ ملاحظہ کیجیے کذا فی الطحطاوی **الا بشرط کائن** فیکون تنجیزا کقولہ لمدیونہ ان کان
لی علیک دین ابرأتک عنہ صح تعلیق ابرا کی بشرط محض صحیح نہین مگر بشرط موجود تعلیق صحیح ہے تا کہ تعلیق تنجیز ہو جاسے چنانچہ اپنے مدیون سے یون کہنا کہ اگر
میرا دین تجھپر ہو تو مین نے تجکو بری الذمہ کر دیا صحیح ہے وکذا ان مت بضم التاء فانت بری منہ او فی حل جاز وکان وصیۃ خانیہ اور اسیطرح یہ تعلیق کہ
اگر مین مرجاؤن تو تو اُس سے بری الذمہ ہے یا تو دین سے پاک ہے ماخوذ نہین اور یہ قول وصیت ہوگا کذا فی الخانیہ ہم مرض مخصوص مشار الیہ سے مرنا

یقینی نہین لہذا شارح نے اُسکو وہان مخاطرہ کہا اور مطلق موت یقینی الوجود ہے لہذا اُسکو یہان ذمیت کہا جاز العمری للمعمر لہ ولورثتہ بعدہ لبطلان الشرط ہبہ بطریق
عمریٰ جائز ہے اور موہوب اُسکا مملوک ہے جسکو مدت العمر کے واسطے اور بعد اُسکے اُسکے وارث کا مملوک کر دیا بسبب باطل ہونے رد کی شرط کے ہم عمریٰ بضم اول یہ ہے کہ
ایک شخص مثلاً اپنا گھر دوسرے کو دے کہ وہ عمر بھر اُسمین رہے پھر جب موہوب لہ مر جائے تو واہب یا اُسکا وارث اُسکو پھیر لے سو اسطرح کے دینے سے موہوب لہ
اور اُسکے ورثہ مالک ہو جاتے ہین اور پھیر لینے کی شرط باطل ہے لا الرقبی لانہا تعلیق بالخطر رقبہ جائز نہین کیونکہ تعلیق ہے خطر پر ہم رقبی بضم یہ کہ میرا گھر تیرا ہے
بطریق رقبے یعنی اگر مین مر جاؤن تجھسے پہلے تو وہ گھر تیرا ہے اور اگر تو مرے مجھسے پہلے تو وہ میرا ہے امام رح اور محمد رح کا یہ قول ہے کہ یہ ہبہ جائز نہین بسبب تعلیق بالخطر
کے اور ابو یوسف رح کا یہ قول ہے کہ ہبہ بطریق رقبی صحیح ہے کیونکہ فی الحال تملیک ہے اور شرط باطل ہے اور پہلا قول صحیح ہے کذا فی الطحطاوی عن المضمرات واذا لم تصح تکون
عاریۃ شمنی لحدیث احمد وغیرہ من اعمر عمریٰ فہی للمعمرہ فی حیاتہ وموتہ لا ترقبوا فمن ارقب شیئاً فہو سبیل المیراث اور جبکہ رقبی صحیح نہوا تو اس طرح کا دینا عاریت
ہوگا کذا فی الشمنی جواز عمریٰ اور عدم جواز رقبی احمد بن حنبل رح وغیرہ کی اس حدیث سے ثابت ہے کہ جو شخص ہبہ کرے بطریق عمریٰ تو اُسکا مال زندگی اور
موت مین وہی شخص ہے جسکو عمر بھر کے واسطے دیا اور بطریق رقبے نہ دیا کرو جو شخص بطریق رقبے کے دے تو اُس چیز کا طریقہ میراث کا طریقہ ہے یعنی رقبی لینے والے
کی میراث ہے بعث الی امرأتہ متاعاً ہدایا الیہا وبعثت ہی لہ ایضاً ہدایا عوضاً للہبۃ صرحت بالعوض او لا ثم افترقا بعد الزفاف وادعی الزوج
انہ عاریۃ لا ہبۃ وحلف واراد الاسترداد وارادت ہی الاسترداد ایضاً یسترد کل منہما ما اعطی اذ لا ہبۃ فلا عوض زوج نے زوجہ کی طرف اسباب تحفہ
بھیجا اور زوجہ نے بھی زوج کے واسطے تحفہ بھیجا ہبہ کے عوض خواہ اُسنے عوض کی تصریح کی یا نکی پھر دونون مین جدائی ہوگئی بعد زفاف کے اور زوج نے دعویٰ
کیا کہ وہ اسباب عاریت تھا نہ ہبہ اور اُسپر اُسنے قسم کھائی اور اسباب کے پھیر لینے کا ارادہ کیا اور عورت نے بھی پھیر لینا چاہا تو دونون مین سے ہر شخص نے
جو دیا تھا سو پھیر لے اسواسطے کہ ہبہ نہین سو بدلہ بھی نہین یعنی اُسنے ہبہ کی بابت سے عوض دیا تھا جب ہبہ باطل ہوا تو عوض بھی باطل ہوگیا ولو استہلکہ
احدہما ما بعثہ الاخر ضمنہ لانہ من استہلک العاریۃ ضمنہا خانیہ اور اگر زوج یا زوجہ نے وہ اسباب تلف کر دیا جو دوسرے نے بھیجا تھا تو اُسکا تاوان دیگا
اسواسطے کہ جو عاریت کو تلف کر ڈالے وہ اُسکا ضامن ہے کذا فی الخانیہ ہم استہلاک کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر متاع خود تلف ہو جائیگی تو تاوان لازم نہ
ہوگا کذا فی الطحطاوی ہبۃ الدین ممن علیہ الدین وابراؤہ عنہ یتم من غیر قبول اذا لم یوجب انفساخ عقد صرف او سلم ہبہ کرنا دین کا اُس شخص کو
جسپر دین ہے اور دین کا معاف کر دینا مدیون سے تمام ہو جاتا ہے بدون قبول کرنے مدیون کے بشرطیکہ عقد صرف اور عقد سلم کے فسخ ہو جانے کا موجب نہو
ہم قبول کی اسواسطے حاجت نہین کہ ہبہ دین اور ابرا بمعنی اسقاط ہے اور اسقاط مین قبول شرط نہین اور اگر ابرا عقد سلم یا عقد صرف کے فسخ کا
موجب ہو چنانچہ رب السلم نے ابرا کیا یا صرف کے متعاقدین مین سے ایک شخص نے ابرا کیا تو دوسرے کے قبول کرنے پر موقوف ہوگا
بسبب فوت ہونے اُس قبض کے جو مستحق بالعقد ہے اور ایک عاقد کو فسخ مین اختیار نہین لکن یرتد بالرد فی المجلس وغیرہ لما فیہ من معنی الاسقاط
وقیل یتقید بالمجلس کذا فی العنایۃ ہبہ اور ابرا تمام ہوتا ہے بلا قبول لیکن رد ہو جاتا ہے مجلس اور غیر مجلس مین رد کر دینے سے اسواسطے کہ اسمین
معنی اسقاط ہے اور بعضون نے کہا کہ رد کرنا مقید بہ مجلس ہے کذا فی العنایہ ہم معنی اسقاط تعمیم کی تعلیل ہے یعنی رد غیر مجلس اسواسطے صحیح ہوا کہ اسمین
معنی اسقاط ہے اسواسطے کہ تملیک محض کا رد مقید بہ مجلس ہے لکن فی الصیرفیۃ لو لم یقبل ولم یرد حتی افترقا ثم بعد ایام رد لا یرتد فی الصحیح
لیکن صیرفیہ مین ہے کہ اگر مدیون ہبہ یا ابرا قبول نکرے اور نہ رد کرے یہان تک کہ دائن اور مدیون جدا ہون پھر بعد چند روز کے مدیون رد کرے
تو قول صحیح مین رد نہ ہوگا ہم صاحب عنایہ نے جو قول ثانی کی تضعیف کی ہے اُسپر یہ استدراک ہے بعضون نے اسکا یون جواب دیا ہے کہ اگرچہ یہ قول
صحیح ہے لیکن دوسرا قول اصح ہے تو وہ قول صحیح ٹھہرے کذا فی الطحطاوی ولکن فی المجتبی الاصح ان الہبۃ تملیک والابراء اسقاط لیکن مجتبی مین ہے

صحیح تر یہ قول ہے کہ ہبہ تو تملیک ہے اور ابرا اسقاط ہے م یہ استدراک ہے فقہا کے اس قول پر کہ ہبہ اور ابرا ایک وجہ سے اسقاط ہے اور ایک وجہ سے تملیک
لیکن یہ استدراک قول مشہور کے مخالف ہے کذا فی الحلبی تملیک الدین ممن لیس علیہ الدین باطل الا فی ثلث حوالۃ ووصیۃ واذا سلطہ ای سلط المملک
غیر المدیون علی قبضہ ای الدین فیصح حینئذ دین کا مالک کر دینا اُس شخص کو جسپر دین نہیں ہے باطل ہے مگر تین صورتوں میں باطل نہیں حوالہ میں اور وصیت میں
اور جبکہ مالک کر دینے والا غیر مدیون کو قبض دین پر مسلط کر دے تو اب تملیک صحیح ہوگی م جب اسنے قبض پر مسلط کیا تو وہ وکیل قابض ٹھہرا موکل کے واسطے پھر اپنے
واسطے کذا فی الاشباہ حوالہ کی یہ صورت ہے کہ جب محال علیہ محیل کا مدیون ہو اور وہ کسی شخص کو دین مذکور دلا دے تو دین منتقل ہوگا محیل کے ذمے سے محال علیہ کے ذمہ
پر اور وصیت کی یہ صورت ہے کہ ثلث مال کی وصیت کی اور ترکے مین دیون ہین تو موصی لہ دیون سے بقدر وصیت کے مالک ہوگا یعنی مطالبہ کا مالک ہوگا کذا فی الطحطاوی
ومنہ ما لو وہبت من ابنہا ما علی ابیہ فالمعتمد الصحۃ للتسلیط اور منجملہ تملیک غیر مدیون سے یہ صورت ہے کہ اگر عورت نے اپنے فرزند کو ہبہ کیا وہ دین جو اسکے باپ پر
ہے تو معتمد صحت ہبہ ہے بسبب مسلط کرنے کے م یعنی تسلیط بنا بر عادت کے مراد ہے اور ظاہر کلام یہ ہے کہ تسلیط فرزند بالفعل شرط نہین اور فتاوی قاضی خان مین ہے کہ صحیح
قول یہ ہے کہ یہ ہبہ صحیح نہین مگر جبکہ عورت ہبہ کرے اور اپنے فرزند کو قبض پر مسلط کرے تو ایسا جائز ہے اور فرزند کی ملک بعد قبض کے ثابت ہوگی اور اسیطرح اشباہ مین ہے
کذا فی الطحطاوی وتفرع علی ہذا الاصل لو قضی دین غیرہ علی ان یکون لہ لم یجز ولو کان وکیلا بالبیع فصولین او اس اصل پر جو متن مین مذکور ہے یہ حکم متفرع ہوتا ہے
کہ اگر غیر شخص کا دین ادا کرے اس شرط پر کہ دین اسکا ہو یعنی ادا کرنے والے کا تو جائز نہین اگرچہ ادا کرنے والا بیع کا وکیل ہو کذا فی الفصولین م یعنی وکیل بیع
موکل کو اپنے پاس سے ثمن ادا کرے تاکہ جو دین کہ مشتری کے ذمے ہے وکیل کا ہو تو صحیح نہین ولیس منہ ما اذا اقر الدائن ان الدین لفلان وان اسمہ فی کتاب
الدین عاریۃ حیث صح اقرارہ لکونہ اخبارا لا تملیکا فللمقر لہ قبضہ بزازیۃ وتمامہ فی الاشباہ من احکام الدین اور تملیک غیر مدیون سے یہ صورت نہین جبکہ دائن
یہ اقرار کرے کہ دین فلانے شخص کا ہے اور اسکا نام یعنی میرا نام دین کے تمسک مین بطریق عاریت کے ہے کیونکہ اسکا اقرار صحیح ہے بسبب اسکے اخبار ہونے کے نہ
تملیک ہونے کے تو مقر لہ کو دین کا قبض کرنا جائز ہے کذا فی البزازیۃ اور پورا بیان اسکا اشباہ مین ہے دین کے احکام سے م تو اگر مدیون مقر لہ کو دین دیگا تو بری الذمہ
ہو جائیگا اور اسیطرح اگر مقر کو دیگا کذا فی المنح وکذا لو قال الدین الذی لی علی فلان لفلان بزازیۃ وغیرہا قلت وہو مشکل لانہ مع الاضافۃ الی نفسہ یکون تملیکا وتملیک
الدین ممن لیس علیہ باطل فتاملہ اور اسیطرح اقرار صحیح ہے اگر ایک شخص نے کہا کہ جو میرا دین فلانے پر ہے وہ فلانے شخص کا ہے کذا فی البزازیۃ وغیرہا مین
کہتا ہون اور یہ ادا مشکل ہے اسواسطے کہ اپنی ذات کی طرف نسبت کرنے سے تملیک ہوگی اور دین کی تملیک غیر مدیون کے واسطے باطل ہے تو اسکو تامل کر لے
م جواب اشکال کا یون ممکن ہے کہ مراد یہ ہے کہ میرا دین بسبب ظاہر فلانے پر ہے وہ نفس الامر مین فلانے شخص کا ہے تو کچھ اشکال نہین کذا فی الحلبی وفی الاشباہ
فی قاعدۃ تصرف الامام معزیا لصلح البزازیۃ اصطلحا ان یکتب اسم احدہما فی الدیوان فالعطاء لمن کتب اسمہ الخ اور اشباہ مین ہے تصرف امام کے قاعدے مین
بزازیہ کی کتاب الصلح سے منقول کہ دو شخصون نے اتفاق اور صلح کی اسپر کہ دونون شخصون مین سے ایک کا نام دفتر سلطانی مین لکھا جائے تو عطا سلطانی اُسی شخص کے
واسطے ہوگی جسکا نام دفتر مین لکھا گیا الی آخرہ م مضمون عبارت بزازیہ یون ہے جس شخص کی عطا دفتر مین ہے وہ دو فرزند چھوڑ کر مر گیا دونون نے اسپر اتفاق
کیا کہ ایک کا نام دفتر مین لکھا جائے اور وہی عطا لیا کرے اور دوسرے کو عطا مین کچھ نہین اور جو عطا لے وہ دوسرے کو کچھ مال دے تو یہ صلح باطل ہے اور بدل صلح اور عطا
اسکو دیا جائے جسکے واسطے نام یعنی سلطان نے عطا مقرر کی اسواسطے کہ استحقاق عطا سلطان کے اثبات سے ہے رضا کا غیر کو اسمین دخل نہین کذا فی الطحطاوی والصدقۃ کالہبۃ
بجامع التبرع اور صدقہ ہبہ کے مانند ہے بواسطہ اشتراک تبرع کے یعنی جسطرح ہبہ عطائے غیر واجب ہے اسیطرح صدقہ ہے لہذا دونون احکام مین یکسان ہین وحینئذ لا تصح
غیر مقبوضۃ ولا فی مشاع یقسم اور اسوقت مین یعنی جبکہ صدقہ ہبہ کے مانند ہوا تو صدقہ بدون قبض کے صحیح نہین یعنی تمام نہین اور نہ مشاع محتمل القسمۃ صحیح ہے ولا رجوع
فیہا ولو علی غنی لان المقصود فیہا الثواب لا العوض اور صدقہ دیکر پھیر لینا جائز نہین اگرچہ مالدار کو صدقہ دیا ہو اسواسطے کہ صدقہ مین مقصود ثواب ہے

نہ عوض لینا یعنی برخلاف ہبہ لہذا اُسمین رجوع جائز ہی ولو اختلفا فقال الواہب ہبۃ وقال الآخر صدقۃ فالقول للواہب خانیۃ اور اگر دو شخصون نے اختلاف کیا واہب نے تو کہا ہبہ ہی یعنی جو مین نے تجھکو دیا وہ ہبہ ہی تو مجھکو پھیر لینا جائز ہی اور دوسرے شخص نے کہا صدقہ ہی یعنی پھیر لینا جائز نہین تو واہب ہی کا قول مقبول ہوگا کذا فی الخانیہ

فائدہ جلیلہ سید حموی نے کہا کہ جان رکھو کہ تملیک بمعنی ہبہ ہوتی ہی اور قبض کرنے سے تمام ہو جاتی ہی اور جبکہ تملیک قبض و تسلیم سے خالی ہو تو اُسمین علما کا اختلاف ہی بعضون نے کہا جائز ہی اور بعضون کے نزدیک جائز نہین بقیاس علی الہبۃ اور اکثر علما اسیر ہین کہ تملیک جائز ہی بدون تسلیم کے اور تملیک غیر ہبہ ہی اسواسطے کہ تملیک اور ہبہ دونون مین باعتبار نام کے بھی اور باعتبار حکم کے بھی تمام کی مغائرت تو ظاہر ہی اور حکم کی مغائرت اسواسطے ہی کہ اگر درختون پر لگے پھلون کو ہبہ کرے تو جائز نہین اور اگر تملیک کا اقرار کرے تو جائز ہی تو ثابت ہوا کہ تملیک صحیح ہی بدون تسلیم کے اور تملیک ہبہ کی غیر ہی اور اسی قول پر فتوی ہی اور اسی پر لوگون کا عمل ہی اور مقر کی موت بمنزلہ تسلیم کے ہی بالاتفاق چنانچہ مفتاح مین ہی انتہی کذا فی الطحطاوی

فروع مسائل ملحقہ شارح کے کتب قصۃ الی السلطان لیسالہ تملیک ارض محدودۃ فامر السلطان بالتوقیع فکتب الکاتب جعلتہا ملکا لہ ہل یحتاج الی القبول فی المجلس القیاس نعم لکن لما تعذر الوصول اقیم السوال بالقصۃ مقام حضورہ ایک شخص نے اپنا حال بادشاہ کو لکھا اُس سے ایک زمین محدود کی طلب کی سو بادشاہ نے فرمان لکھدینے کا حکم کیا سو اُسکے منشی نے لکھدیا کہ اُس زمین کا مین نے اُسکو مالک کر دیا تو اس تملیک مین قبول مجلس کی حاجت ہی یا نہین جواب یہ ہی کہ ہان قیاس یہ ہی کہ قبول فی المجلس کی حاجت ہی لیکن ہرگاہ کہ پہونچنا شخص کا بادشاہ تک متعذر ہی سوال بالقصہ حاضر ہونے کے قائم مقام کر دیا گیا ہم وجہ قیاس یہ ہی کہ تملیک محتاج ہی قبول فی المجلس کی بہتر یہ تھا کہ شارح مقام حضورہ کے مقام پر مقام قبولہ کہتا کذا فی الطحطاوی

عطت زوجہا مالا بسوالہ لیتوسع فظفر بہ بعض غرمائہ ان کانت وہبتہ او اقرضتہ لیس لہا ان تسترد من الغریم وان اعطتہ لیتصرف فیہ علی ملکہا فلہا ذلک لانہ زوجہ نے اپنے زوج کو مال دیا اُسکے سوال پر تاکہ زوج وسعت کرے مصارف مین پھر اُس مال کو زوج کا بعض قرضخواہ پا گیا اگر زوجہ نے اُسکو مال مذکور ہبہ کیا ہو یا اُسکو قرض دیا ہو تو زوجہ کو قرضخواہ سے پھیر لینا جائز نہین اور اگر اُسنے دیا ہو تاکہ زوج اُسمین تصرف کرے زوجہ کے مالک ہونے پر تو عورت کو زوج کے قرضخواہ سے پھیر لینا جائز ہی نہ زوج کو دفع لانہ بالا التماس

فیہ فعل وکثر ذلک فمات الاب ان اعطاہ ہبۃ فالکل لہ والا فمیراث وتمامہ فی جواہر الفتاوی ایک شخص نے اپنے فرزند کو مال دیا کہ وہ اُسمین تصرف کرے سو اُسنے تصرف بطریق تجارت کے کیا اور مال زیادہ ہو گیا پھر باپ مرگیا اگر باپ نے اُسکو مال ہبہ کیا ہو تو تمام مال فرزند کا ہی اور نہین تو میراث ہی یعنے وہ مال سب وارثون مین قسمت ہوگا اور پورا بیان اسکا جواہر الفتاوی مین ہی

بعث الیہ بہدیۃ فی اناء ہل یباح اکلہا فیہ ان کان ثریدا ونحوہ مما لو حولہ الی اناء آخر ذہبت لذتہ یباح والا فان کان بینہما انبساط یباح ایضا والا فلا ایک شخص نے دوسرے کو کھانا تحفہ بھیجا برتن مین کیا اسکا کھانا لینا برتن مین مباح ہی یا نہین جواب یہ ہی کہ اگر کھانا ثرید ہو یعنے روٹی شوربے مین بھیگی ہو یا مانند اُسکے اس قسم کا کھانا کہ اگر اُسکو دوسرے برتن مین کیجیے تو لذت اُسکی جاتی رہے تو اُسمین کھا لینا جائز ہی اور اگر دوسرے برتن مین کرنے سے لذت نہ جاتی ہو تو اگر دونون شخصون مین بے تکلفی ہو تو بھی اُسمین کھانا مباح ہی اور نہین تو مباح نہین ہم فتاوی عالمگیری مین ہی کہ جب تحفہ بھیجا برتن مین اور پھیر دینا ظرف کا رواج اور عادت ہو چنانچہ پیالے اور تھیلے وغیر ذلک تو وہ شخص اُسکا مالک نہوگا اور اگر عادت ظرف پھیر دینے کی نہو جیسے ڈالیان پھولون کی تو ظرف بھی تحفہ ہی اور اُسکا پھیر دینا لازم نہین پھر جب تحفہ نہ ٹھہریگا تو امانت ہوگا

دعا قوما الی طعام وفرقہم علی اخونۃ لیس لاہل خوان مناولۃ اہل خوان آخر ولا اعطاء سائل وخادم وہرۃ لغیر رب المنزل ولا کلب ولو لرب البیت الا ان یناولہ الخبز المحترق للاذن عادۃ وتمامہ فی الجوہرۃ ایک شخص نے ایک قوم کے کھانے کی دعوت کی اور لوگون کو جدا جدا خوانون پر بانٹ دیا تو ایک خوان والے کو دوسرے خوان والے کو کچھ اپنے پاس سے کھانا دینا نہین جائز ہی اور نہ سائل اور خادم اور غیر صاحب خانہ کی بلی کو دینا جائز ہی اور نہ کتے کو دینا جائز ہی اگرچہ صاحب خانہ کا کتا ہو مگر یہ کہ اُسکو جلی روٹی دے تو جائز ہی کیونکہ عادت مین اسکا اذن ثابت ہی اور پورا بیان اسکا جوہرہ مین ہی ہم فقیہ نے کہا کہ قیاس تو یہی ہی اور استحسان مین یہ ہی کہ جو شخص اس ضیافت مین ہو اُسکا دینا جائز ہی اور اسی قول کو ہم لیتے ہین چنانچہ عالمگیری مین ہی خادم سے مراد وہ خادم ہی

جو دستارخوان پر کھڑا ہو کذا فی الجوہرہ تو معلوم ہوا کہ صاحب خانہ کا خادم مراد ہے پھر جب اسکو دینا درست نہوا تو اور خادم کو بطریق اولی دینا جائز نہوگا تتمہ دو مین
ہو کہ ایک نے دوسرے کو خط لکھا اور اُسمین یہ لکھا کہ اُسکی پشت پر جواب لکھے تو مکتوب الیہ کو اُس خط کا پھیر دینا لازم ہوگا اور اسکو اسمین تصرف کرنا درست نہوگا اور
اگر جواب پشت خط پر طلب نہین کیا تو مکتوب الیہ خط کا مالک ہوگا کذا فی الطحطاوی وفی الاشباہ لاجبر علی الصلات اور اشباہ مین ہے کہ جبر نہین صلاؤن پر مگر چند صلات پر جبر ہے
کی اور صلہ عبارت ہے ادا کرنے مال سے بلا مقابلہ عوض مال کے چنانچہ زکوۃ اور نذر اور کفارہ کذا فی الطحطاوی عن المعراج الا فی اربع شفعۃ ونفقۃ زوجۃ وعین موصی بہا ومال
وقف صلون پر زبردستی نہین مگر چار صلون پر زبردستی ہے شفعہ مین اور زوجہ کے نفقہ مین اور اُس چیز مین جسکی وصیت کی گئی اور وقف کے مال مین ہم تو مشتری پر
تسلیم عقار واجب ہے شفیع کو باوجودیکہ شفعہ صلہ شرعی ہے ولہذا اگر شفیع مرجاے تو شفعہ باطل ہوجاتا ہے اور نفقہ زوجہ اگرچہ صلہ ہے ایک راہ سے لیکن دوسری راہ سے
عوض ہے کیونکہ وہ احتباس کا بدلا ہے اور اسیطرح ناظر پر تسلیم مال وقف واجب ہے اگرچہ وہ صلہ محض ہے اگر مقابلہ عمل کے نہو اور پانچوین صورت نفقہ اقارب کی ہے اور چھٹی
صورت اداے دیت ہے عاقلہ پر کیونکہ ایجاب عاقلہ پر بطریق صلہ کے ہے کذا فی الطحطاوی وقد حررت ابیاتنا الوہبانیۃ علی وفق ما فی شرحہا للشرنبلالی فقلت شعر وواہب
دین لیس یرجع مطلقا ۰ وابراء ذی نصف یصح المحرر ۰ اور البتہ مین نے ابیات وہبانیہ کی تحریر اور تنقیح کی ہے شرنبلالی کی شرح کے موافق تو مین نے یون کہا
اور دین کا ہبہ کرنے والا رجوع نہین کرتا ہر طرح یعنی خواہ مدیون قبول کرے یا نہ قبول کرے اور نصف دین والے کا ابرا کرنا صحیح ہے اور یہی قول محرر اور محقق ہے ہم ابراے
نصف دین کی یہ صورت ہے کہ دو شخصون کا دین مشترک ہو ایک شخص پر پھر ایک شخص دین معاف کردے تو اگر دائن یون کہے کہ مین نے اپنا حصہ معاف کردیا تو یہ بالاتفاق
صحیح ہے اور اگر یون کہا بلا اضافت کہ مین نے نصف دین معاف کردیا تو ظاہر الروایۃ یہ ہے کہ پہلی صورت کی طرح اُسکا تمام حصہ معاف ہوگا اور بعضون نے کہا کہ نصف النصف
یعنی چہارم دین معاف ہوگا کذا فی الطحطاوی شعر علی حجہا او ترکہ ظلمۃ لہا ۰ اذا وہبت مہرا ولم یوف یخسر ۰ جبکہ عورت نے اپنے زوج کو مہر ہبہ کیا اپنے حج کروانے پر
یا زوج کے ظلم نہ کرنے پر اور زوج نے شرط مذکور پوری نہ کی تو زوج کو نقصان ہوگا ہم صورت اُسکی یہ ہے کہ بشرط حج کروانے عورت کے یا ترک ظلم کے عورت نے
مہر اپنا معاف کیا اور زوج نے قبول کیا پھر نہ اُسکو حج لیگیا نہ ظلم کرنا چھوڑا تو مہر بحال سابق باقی رہیگا اسواسطے کہ عورت ترک مہر پر راضی نہ تھی مگر شرط
مذکور سے پھر جب شرط فوت ہوئی تو رضامندی فوت ہوگئی یہی قول مفتی بہ ہے ہان اگر زوج تادیب مستحق پر زوجہ کو ماریگا تو البتہ مہر معاف ہوجائیگا اسواسطے کہ
جو حق زوج ہے وہ ظلم نہین کذا فی شرح الوہبانیہ لعبد البر شعر معلق تطلیق بابراء مہرہا ۰ بالنکاح اخری لم یرد یظفر ۰ طلاق کا معلق کرنے والا عورت کے ابراء مہر اور
دوسری عورت سے نکاح کرنے پر اگر ابراء کو رد کرے تو ظفریاب ہوگا یعنے طلاق نہ واقع ہوگی ہم صورت اُسکی یہ ہے کہ زوج نے زوجہ سے کہا کہ جب مین تیرے
اوپر دوسری عورت کا نکاح کرون اور تو اپنا مہر مجکو معاف کردے تو تو طالق ہے پھر جب زوجہ نے مہر سے ابرا کیا تو زوج نے ابرا قبول نہ کیا تو طلاق نہ واقع
ہوگی یہ مسئلہ وہبانیہ مین نہین بلکہ شرنبلالی نے اسکو نظم کیا ہے شعر وان قبض الانسان مال مبیعہ ۰ فابراؤہ منہ کالدین اظہر ۰ اور اگر آدمی نے اپنے
مبیع کا مال یعنی ثمن اُسکا لیا پھر ثمن اُسکا معاف کردیا تو ثمن مذکور اُس سے پھیر لیا جائیگا مانند دین کے یہ قول ظاہر تر ہے ہم ابراء ثمن کی یہ صورت ہے
کہ کوئی چیز بیچی اور مشتری سے اُسکا ثمن قبض کیا پھر بائع نے مشتری کو ثمن معاف کردیا بعد قبض کے تو ابرا صحیح ہے اور مشتری نے جو ثمن دیا تھا
اُسکو بائع سے پھیر لیگا اسیطرح اگر دائن بعد قبض دین مدیون کو دین معاف کردے تو مدیون اُس سے دین پھیر لیگا شعر ومن دون ارض فی البناء صحیحۃ ۰
وعندی فیہ وقفۃ فیحرر ۰ اور زمین کے سوا فقط عمارت مین ہبہ کرنا صحیح ہے اور میرے نزدیک اسمین توقف اور تامل ہے تو اسکی تحریر اور تحقیق کرنا چاہیے
قلت وجہ توقفی تصریحہم فی کتاب الرہن بان رہن البناء دون الارض وعکسہ لا یصح لانہ کالشائع فتاملہ مین کہتا ہون اور میرے توقف کی وجہ مسئلہ
مذکورہ مین تصریح کرنا فقہا کا ہے کتاب الرہن مین اس مسئلے کا کہ رہن رکھنا عمارت کا بدون زمین کے اور زمین کا رہن رکھنا بدون عمارت کے
صحیح نہین اسواسطے کہ یہ شائع کے مانند ہے تو اسمین تامل کر ہم اصل توقف علامہ عبد البر شارح وہبانیہ سے ہے شارح مذکور نے کہا کہ مسئلہ ہبہ عمارت

بلا ارض وغیرہ اور منیہ اور تتمہ سے منقول ہی اور دلیل مسئلے کی تتمہ مین یون مذکور ہی کہ مشتری جب کہے کہ مین نے زمین مول لی ہی اور بائع نے جبکہ عمارت اُسکی ہبہ کی ہی اور شفیع کہے بلکہ تو نے زمین اور عمارت دونون مول لین ہین تو مشتری کا قول مقبول ہوگا پھر شارح نے کہا کہ میرے نزدیک استدلال مین نظر ہی اسواسطے کہ یہان کی صحت تقدم ملک ارض سے حاصل ہوئی ہی اور لائق یہ ہی کہ ہبہ عمارت کا بدون ارض صحیح نہوا اسواسطے کہ قبض شرط ہی ہبہ مین اور یہ بمنزلہ مشاع کے ہی بتصریح مسئلہ کتاب الرہن کہ رہن عمارت بلا ارض وبالعکس صحیح نہین کیونکہ بمنزلہ مشاع کے ہی انتہی اور کافی مین ہی کہ اگر غلہ مزروع ہبہ کیا زمین مین اور پھل درخت پر اور زیور تلوار مین اور عمارت گھر مین اور من بھر اناج ڈھیر سے اور موہوب لہ کو کھیت کاٹنے اور پھل توڑنے اور زیور اوکھیڑنے اور عمارت ڈھانے اور اناج تول لینے کا امر کیا اور موہوب لہ نے امر کے موافق عمل کیا تو ہبہ صحیح ہوگا استحسان کی وجہ سے گویا اُسنے علیحدہ کرنے کے بعد ہبہ کیا اور اگر واہب قبض کا اذن ندے اور موہوب لہ ویسا کرے تو تاوان اُسپر لازم ہوگا انتہی تو مدار تحقیق اس تفصیل پر ٹھہرا اور کافی کا کلام فیصلہ توقف مین کافی ہوگیا یعنے صحت ہبہ عمارت بلا ارض اُس صورت مین ہی جبکہ واہب نے عمارت ڈھانے اور قبض کرنے کا امر کیا اور موہوب لہ نے اُسپر عمل کیا کذا فی الطحطاوی واشرت باظہر لما فی العمادیۃ عن خواہرزادہ انہ لا یرجع واختارہ بعض المشائخ اور اشارہ کیا مین نے بلفظ اظہر چوتھی بیت مین اس قول ضعیف کی طرف جو عمادیہ مین ہی خواہرزادہ سے کہ بعد قبض ثمن مشتری بائع سے ثمن نہ پھیرلے اور بعض مشائخ نے اس قول کو پسند کیا ہی وبظفر ای بنکاح ضرتہا لانہ یردہ للابراء البطلہ فلا حنث فلیحفظ اور بلفظ یظفر اشارہ کیا تیسری بیت مین یعنے زوجہ کی سوت کے ساتھ نکاح کرنے پر زوج ظفریاب ہوا اسواسطے کہ ابرا کے رد کرنے سے اُسنے تعلیق طلاق کو باطل کردیا تو قسم نہ ٹوٹی سو اسکو یاد رکھنا چاہیے **خاتمہ** تاتارخانیہ مین ہی طحطاوی نے کہا کہ اگر تحفہ اور ہدیہ ایسا ہو کہ قسمت کا محتمل نہو جیسا کہ کپڑا یا اُس قسم سے ہو کہ فی الحال ماکول نہو جیسا کہ گوشت اور مانند اُسکے تو اپنے ہمنشینون اور ساتھیون کو اُسمین سے کچھ ندے اور اگر فی الحال کھانے کے لائق ہو تو صحبت والون کو اُسمین سے کچھ دے اور باقی اپنے اہل وعیال کے واسطے رکھے سراج وہاج مین ہی ایک مرد مرگیا سو دوسرے شخص نے اُسکے فرزند کو کپڑا بھیجا اُسکے کفن کے واسطے تو اُس کپڑے کا فرزند کیا مالک ہوگا کہ اَور کپڑے سے کفن اُسکا کرے اور وہ کپڑا اُس کے واسطے رکھ چھوڑے یا مالک نہین جواب یہ ہی کہ اگر میت بزرگ شخص ہو جسکی تکفین سے برکت لینا منظور ہو بسبب اُسکے علم یا پرہیزگاری کے تو فرزند اسکا مالک نہین اور اگر دوسرا کفن دیگا تو کپڑے کا پھیر دینا اُسپر واجب ہوگا اور اگر ایسا نہین تو فرزند کو جائز ہی کہ کپڑے کو جہان چاہے صرف کرے کذا فی الطحطاوی واللہ سبحانہ اعلم واستغفر اللہ الحکیم الکریم وصلے اللہ علے سیدنا وشفیعنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین ؏

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ علے احسانہ کہ جلد تیسری غایۃ الاوطار ترجمۂ اردو دُرمختار بار چہارم مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بعلو ہمتی منشی پراگ نراین صاحب مالک مطبع موصوف بماہ محرم الحرام ۱۳۱۸ھ مطابق ماہ مئی سنہ ۱۹۰۰ء چھپکر تیار ہوئی۔

نام کتاب	قیمت
تام حق - مشہور درسی از شیخ شرف الدین بخاری -	۶ پائی
مائۃ مسائل - سو مسائل از مولانا احمد اللہ رحمہ اللہ -	۳ر ۱۳ ۹ پائی
شرح وقایہ فارسی - مع حاشیہ ملتقی الابحر از شاہ عبدالحق محدث دہلوی	۱۴ر ۶ پائی
مسلک المتقین - مرغوب علمائے ولایت از مولوی الہ یار خان -	عیہ ر
فتاوی برہنہ - جامع ابواب فقہ از مفتی نصیر الدین -	عنہ ر ۸ر
قدوری -	۶ ر
شرح فارسی مختصر وقایہ - از عبدالرحمن جامی -	۱۵ ر
کنز فارسی - از مفتی نصیر الدین کرمانی محشی مع فرہنگ -	۹
مالا بد منہ - از قاضی ثناء اللہ رحمہ اللہ مع وصیت نامہ -	۵ر ۳ پائی
شرح مختصر وقایہ کو رسیری از مولانا جلال الدین سمرقندی -	عہر
رسالہ تنبیہ الانسان - در حلت و حرمت جانوران -	۹ پائی
رسالہ قاضی قطب - ذکر بیان ارکان	۳ پائی

کتب فقہ عربی

نام کتاب	قیمت
ابو المکارم - شرح مختصر وقایہ از عبداللہ بن محمد معروف -	عاہر پ
مبادی الاصول - مصنفہ مولانا	

نام کتاب	قیمت
ابی المنصور الحسن بن یوسف -	ا ر ۹ پائی
برجندی - شرح مختصر وقایہ از مولانا عبدالعلی برجندی معتبر شرح ہے -	عہر پ
کنز الدقائق -	
جامع الرموز - شرح مختصر وقایہ از ملا شمس محمد قہستانی متداول -	عا ر پ
فتح القدیر - بقلم جلی ہدایہ اور بقلم مناسب فتح القدیر از امام کمال الدین بن الہمام نہایت مستند و باعظمت شرح مشہور و معروف اور آخرین تکملہ از زین الدین آفندی کامل چار مجلد ضخیم بتفصیل ذیل - کاغذ سفید گندہ -	[illegible]
ایضاً - کاغذ حنائی -	[illegible]
ہدایہ - حاشیہ جدید نہایت عمدہ زوائد و فوائد محشی مولانا محمد حسن سنبھلی مرحوم ہر چہار جلد کامل دو مجلدات بتفصیل ذیل -	عہ۵ ر پ
۱- جلدین اولین عبادات -	صہ ر پ
۲- جلدین آخرین معاملات -	عہر پ
ہدایہ مع شرح الکفایہ از سید جلال الدین کرلانی بہت معروف و مستند متداول چار جلدیں اس شرح ہدایہ پر حاشیہ بہت مستند لکھے گئے ہیں کاغذ سفید کامل و بتفصیل ذیل -	سہر پ
ایضاً جلد اول و ثانی تا آخر نکاح -	۱۲ ر پ
ایضاً جلد سوم و چہارم تا آخر کتاب -	۱۲ ر پ

نام کتاب	قیمت
فتاوی عالمگیری - ہر چہار جلد کامل در سہ جلد کاغذ حنائی و سفید -	[illegible]
فتاوی قاضیخان مع سراجیہ - از امام قاضی حسن بن منصور قاضی خان مستند معتمد معروف متداول دو مجلد کامل -	صہ ر پ
شرح وقایہ - از امام صدر الشریعہ جلی قلم مع کامل حاشیہ ذخیرۃ العقبیٰ از یوسف بن جنید چلپی داخل درس تقطیع کلاں خوشخط و صحیح کاغذ سفید -	عا ر پ
ایضاً - کاغذ حنائی -	عہر پ
شرح وقایہ خرد - مع دائرۂ ہندیہ متوسط قلم -	۸ر ۹ پائی
ذخیرۃ العقبیٰ - حاشیہ شرح وقایہ از یوسف بن جنید چلپی متداول معروف -	عا ر پ
اشباہ والنظائر - مع شرح حموی معروف مستند متداول -	سے ر پ
ملا مسکین - از بیوع تا وصایا محشی جدید -	عہ ر پ
کنز الدقائق محشی متداول درسی کتاب -	۸ ر
مستخلص الحقائق - شرح کنز الدقائق مشہور متداول -	ع
عینی شرح کنز الدقائق محشی ہر چہار جلد مستند معروف متداول دو مجلدین	۲ روپے
(۱) جلدین اولین عبادات میں -	عہر
(۲) جلدین آخرین معاملات میں	عہر
شرح الیاسی - شرح مختصر وقایہ از شیخ محمود بن الیاس کامل یکجائی -	سہر پ

نزدیک اُسپر کچھ تاوان نہین یعنی اسواسطے کہ وہ امانت تھا اور اگر یون کہیگا کہ یہ کپڑا مجکو دے اگر مین راضی ہونگا تو اُسکو لونگا پھر اگر ضائع ہوگا تو ضمان لازم آویگا اسواسطے
کہ یہ قبض علے سوم الشرا نہوا سوم النظر باقی نہ رہا وجہ فرق یہ ہی کہ پہلی صورت مین اُسنے تامل اور غیر کے دکھانے کے واسطے دیا تھا اور نہ بیع نہین اور دوسری صورت
مین اسواسطے دیا کہ وہ راضی ہو اور خرید کرے اور یہ بیع ہی کذا فی النہر وعلے سوم الرہن بالاقل من قیمتہ ومن الدین اور جو چیز مقبوض ہوئی گرو کرنے کی بات چیت پر
تو جو کمتر ہوگا قیمت اور دین مین اُسکا ضمان لازم آویگا صورت اُسکی یہ ہی کہ ایک شخص پر دین تھا سو اُسنے گرو رکھنے کے قصد سے ایک چیز نکالی
صاحب دین نے اُسپر قبضہ کیا رہن کی بات چیت پر پھر وہ چیز مرتہن کے پاس ہلاک ہوگئی تو مرتہن پر اقل کا ضمان لازم آویگا یعنی اگر اُس چیز کی قیمت دین سے
اقل ہی تو اُسکا ضمان لازم ہی اور اگر دین کمتر ہی قیمت سے تو اُسکا ضمان لازم نہین ہی تو رہن کی گفتگو مانند حقیقت رہن کے ہوئی کذا فی الطحطاوی وعلے سوم القرض
بالقرض ساوصرہ اور جو چیز قرض لینے کی بات چیت پر مقبوض ہوئی تو اُسکا ضمان قرض مذکور کے برابر ہی صورت اُسکی یہ ہی کہ زید نے خالد سے دس
روپے قرض مانگے خالد نے اُسکے مثلاً ایک تلوار دی کہ اُسکو دس پر رہن رکھدے پھر تلوار زید کے پاس ضائع ہوگئی تو زید پر دس روپے کا تاوان دینا
لازم ہوگا اور اُسمین اور رہن کے مسئلے مین دو وجہ سے فرق ہی ایک یہ کہ دین ثابت ہی راہن کے ذمے پر اور مستقرض کے ذمے پر ثابت نہین
دوسرے یہ کہ رہن مین عوض بالاقل ہی اور یہان ضمان بقدر قرض مساوٍ علیہ ہی کذا فی الطحطاوی وعلے سوم النکاح لامۃ بقیمتہا نہر اور اگر قبضہ ہوا لونڈی
کے نکاح کی بات چیت پر تو ضمان بقدر اُسکی قیمت کے ہی کذا فی النہر یعنے اگر قبضہ کیا غیر کی لونڈی پر تا اُسکے مالک کے اذن سے نکاح کرے اور
وہ ہلاک ہوگئی اُسکے پاس تو اُسکی قیمت کا ضمان اُسپر لازم ہی **ویخرج عن ملکہ ای البائع مع خیار المشتری فقط فیہلک فی یدہ بالثمن**
اور مبیع خارج ہوجاتی ہی بائع کی ملک سے فقط مشتری کے اختیار کے ساتھ تو ہلاک ہوگی مبیع مشتری کے ہاتھ مین بعوض ثمن کے ہم اسواسطے کہ ہلاکی
مقدمۂ عیب سے خالی نہین اور وجود عیب مانع رد ہی تو ہلاکی درصورت لزوم عقد ہوئی اور لزوم عقد ثمن کا موجب ہی نہ قیمت کا اور ثمن قیمت مین یہ
فرق ہی کہ ثمن وہ ہی جسپر متعاقدین راضی ہوجاوین خواہ قیمت سے زیادہ ہو یا کم اور قیمت وہ جس سے شی کی تقویم ہو یعنے مقدار مالیت بمنزلہ معیار کے بغیر
زیادتی اور نقصان کذا فی الطحطاوی کتعیبہ فیہا العیب لا یرتفع کقطع ید یا مانند معیوب ہوجانے مبیع کے مدت خیار مین ایسے عیب سے جو دور نہین ہوسکتا چنانچہ ہاتھ
کا کٹنا ہم یہ تشبیہ ہی معیوب ہونے کی ہلاکی کے ساتھ دونون صورتون مین یعنی درصورت خیار بائع یا درصورت خیار مشتری اسواسطے کہ تعیب مذکور مانند ہلاکی پہلی
صورت مین موجب قیمت کا ہی اور دوسری صورت مین موجب ثمن کا کذا فی النہر فیلزمہ قیمتہ فی المسئلۃ الاولی وللبائع فسخ البیع واخذ نقصان القیمی لا المثلی
لشبہۃ الربا حدادیہ تو مشتری کو عیب دار ہوجانے سے قیمت لازم آویگی پہلی صورت مین یعنے درصورت خیار بائع اور بائع کو جائز ہی بیع کا فسخ کرنا
اور نقصان قیمی کا لینا نہ مثلی کا سود کے شبہہ کے سبب سے کذا فی الحدادیہ یعنی اگر بائع نے مثلی چیز کو بیچا اور مشتری کو اختیار دیا سو مشتری کے پاس کچھ
عیب اُسمین لاحق ہوا باوجود باقی رہنے اُسکی ذات کے تو بائع نقصان مثلی کا مشتری سے نہ لے بسبب احتمال سود کے وثمنہ فی الثانیۃ اور درصورت
ثانی یعنے درصورت خیار مشتری عیب دار ہوجانے سے مشتری پر ثمن لازم ہوگا ولو یرتفع کمرض فان زال فی المدۃ فہو علی خیارہ والا لزمہ العقد لتعذر
الرد ابن کمال اور اگر مبیع کا ایسا عیب ہی جو زائل ہوسکتا ہی چنانچہ بیماری تو اگر عیب مذکور مدت خیار مین زائل ہوگیا تو مشتری کو اختیار ثابت ہی چاہے
لیوے چاہے پھیر دے اور اگر مدت خیار مین زائل نہوا تو اُسکو عقد لازم ہوگیا بسبب متعذر ہونے پھیر دینے کے کذا ذکرہ ابن کمال **ولا یملکہ المشتری**
خلافا لہما لئلا یصیر سائبۃ قلنا السائبۃ ہی التی لا مالک لہا فیہا الاحد ولا تعلق ملک والثانی موجود ہنا و یلزم اجتماع البدلین فالعود علے موضوعہ بالنقض شرح
تحریر اور درصورت خیار مشتری مبیع کا مالک مشتری نہین ہوتا امام کے نزدیک بخلاف صاحبین کے کہ اُنکے نزدیک مشتری اُسکا مالک ہوجاتا ہی
تا مبیع سائبہ یعنے غیر مملوک نہ ٹھہر جاوے اسواسطے کہ جب بائع کی ملک سے خیار مشتری کے سبب خروج ثابت ہوا تو اگر مشتری بھی اُسکا

مالک نہو تو پھر مبیع پر سائبہ ہونا صادق آوے ہم جواب دیتے ہین امام کی طرف سے کہ سائبہ وہ ہی جسمین کسی کی ملک نہو اور نہ علاقہ ملک کا اور تعلق ملک کا
یہان موجود ہی اور اگر ملک مشتری ثابت ہو تو اجتماع بدلین لازم آوے اور عود کرنا اپنے موضوع پر لازم ہو بواسطہ منقوض ہونے فائدہ خیار کے قربت دار
کی خریداری سے ہم درصورت خیار مشتری اگرچہ مبیع مین متعاقدین کی ملک ثابت نہین لیکن علاقہ ملک متعاقدین موجود ہی اسواسطے کہ درصورت عدم
خرید کے بائع کی ملک حقیقۃً عود کریگی اور اگر مشتری نے اپنا اختیار ساقط کرکے لے لیا تو مشتری کی ملک ثابت ہوگی اور اگر مشتری کو مالک مبیع قرار دیجیے
جیسا صاحبین کا مذہب ہی تو اسمین دو خلل لازم آتے ہین ایک اجتماع بدلین مشتری کی ملک مین یعنی مبیع اور ثمن اسواسطے کہ ثمن ہنوز مشتری کی ملک سے
خارج نہین ہوا اور شرع مین اسکی کہین اصل نہین کہ بدلین ایک شخص کی ملک مین مجتمع ہون اسواسطے کہ معاوضہ برابری کا مقتضی ہی اور دوسرا خلل
یہ ہی کہ اختیار اسواسطے مشروع ہوا ہی تا عاقد غور اور تامل کرکے اپنی مصلحت کے موافق عمل کرے تو اگر ملک مشتری مبیع مین ثابت ہو جاوے اور مبیع قریب
قرابت دار ہو مشتری کا فوراً آزاد ہو جاوے بلا اختیار مشتری کے تو نظر اور تامل جسکے واسطے خیار مشروع ہی بالکل فوت ہوا اور یہی مطلب ہی شارح کے
اس قول کا والعود علی موضوعہ بالنقض کذا فی الطحطاوی عن البحر فلا یخرج شئ منہما ای من مبیع و ثمن من ملک بائع او مشتر عن ملکہ اتفاقاً اذا کان الخیار لہما
وایہما فسخ فی المدۃ انفسخ البیع وایہما اجاز بطل خیارہ فقط اور کوئی دونون مین سے یعنی مبیع بائع کی ملک سے اور ثمن مشتری کی ملک سے نکل نہین جاتا جبکہ
بائع اور مشتری دونون کے واسطے خیار شرط ہو اور انمین سے جو فسخ کریگا تین دن کی مدت مین تو بیع فسخ ہو جاویگی اور جو دونون مین سے بیع کو جائز رکھیگا تو
فقط اسی کا اختیار باطل ہوگا نہ دوسرے کا اور بائع کا تصرف کرنا مبیع مین اور مشتری کا ثمن مین بجاے فسخ قولی ہی اور اگر دونون سے نہ فسخ ثابت ہوا نہ اجازت
اور مدت خیار گذر گئی تو بیع لازم ہو جاویگی اور اگر ایک سے فسخ ثابت ہوا اور دوسرے سے اجازت تو بیع باطل ہی ہر صورت اور اجازت کسی حال مین معتبر نہین کذا فی المنح
وبہذا الخلاف یظہر ثمرتہ فی عشر مسائل جمعہا العینی فی قولہ اسحق عزک فخم اور امام اور صاحبین کے اس خلاف کا فائدہ ظاہر ہوتا ہی دس مسئلون مین جنکو
علامہ عینی نے اپنے اس قول اسحق عزک فخم مین جمع کیا ہی بطور رمز کے چنانچہ شارح تشریح ان رموز کی حرف بحرف کرتا ہی الالف من الامۃ اذ شراہا بالخیار وہی زوجتہ
بقی النکاح الف اشارہ ہی امۃ سے یعنی اگر لونڈی کو خرید کیا بشرط خیار حالانکہ وہ منکوحہ ہی مشتری کی تو نکاح باقی ہی یعنی اسواسطے کہ مدت خیار مین زوجہ زوج کی
ملک مین داخل نہین امام کے نزدیک اور جب خیار ساقط ہوگا تو نکاح باطل ہوگا اور صاحبین کے نزدیک نکاح فسخ ہو گیا کیونکہ زوجہ زوج کی ملک مین
داخل ہوئی پھر اگر مشتری بیع کو فسخ کریگا تو لونڈی اپنے مولی کے پاس بلا نکاح جائیگی صاحبین کے نزدیک اور امام کے نزدیک منکوحہ جائیگی والسین من الاستبراء فحیضہا
فی المدۃ لا یعتبر استبراء اور سین اشارہ ہی استبراء سے تو لونڈی کا حیض مدت خیار مین استبراء معتبر نہوگا یعنی لونڈی کو بشرط خیار خرید کیا اور اسکو حیض آیا خیار کی مدت مین
تو یہ حیض استبراء مین نہ شمار ہوگا امام کے نزدیک اسواسطے کہ استبراء نہین ہوتا مگر بعد ملک کے بخلاف صاحبین کے کذا فی شرح الوقایہ اور اگر بحکم خیار لونڈی بائع
کو پھیر دیجاوے تو امام کے نزدیک استبراء واجب نہین اور صاحبین کے نزدیک واجب ہی بعد قبض کرنے مشتری کے کذا فی البحر من المحرم فلا یعتق محرمہ
اشارہ ہی محرم سے تو مشتری کا محرم آزاد نہوگا یعنی اگر مشتری نے قرابت دار محرم کو بشرط خیار خرید کیا تو ایام خیار مین آزاد نہوگا امام کے نزدیک بسبب عدم
ملک کے بخلاف صاحبین کے و من القربان لمنکوحۃ المشتراۃ فلہ ردہا الا اذا انقصہا بہ ق اشارہ ہی قربان بالکسر سے یعنی اگر اپنی منکوحہ لونڈی بشرط
خیار خرید کی اور مدت خیار مین اس سے قربت کی تو مشتری کو اسکا پھیر دینا جائز ہی مگر جب کہ اسمین نقصان لگ گیا ہو قربت سے ہم پھیر دینا اسواسطے
جائز ہوا کہ جماع بسبب نکاح کے ہوا نہ بسبب ملک یمین کے امام کے نزدیک تو جماع اجازت بیع کا موجب نہوگا مگر درصورت ظہور نقصان خواہ لونڈی باکرہ ہو
یا ثیبہ شارح نے مانند صاحب وقایہ کے نقصان کو بوطی بکر مخصوص نہ رکھا اسواسطے کہ بحر الرائق اور نہر الفائق مین ثیبہ کے نقصان کو بھی مانع رد کا مستوجب
قرار دیا ہی اور صاحبین کے نزدیک وطی بملک یمین ہوئی نکاح فسخ ہو گیا اب مشتری اسکو پھیر نہین سکتا اگرچہ لونڈی ثیبہ ہو گو نقصان بھی لاحق نہوا ہو نہر الفائق

مین درایہ سے منقول ہے کہ وطی زوجہ کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر غیر منکوحہ لونڈی سے وطی ہو گی تو پھیر دینا جائز نہوگا اگرچہ اُسمین کچھ نقصان نہ
ہوا ہو ع من الودیعۃ عند بائعہ فہلک علی البائع لارتفاع القبض بالرد لعدم الملک ع اشارہ ہے ودیعت سے یعنے جب مشتری نے بشرط خیار مبیع پر
قبضہ کیا بائع نے اذن سے پھر اُسکو امانت رکھا بائع کے پاس پھر وہ ہلاک ہوئی تو بائع کا مال ہلاک ہوا بسبب زائل ہونے قبض مشتری کے پھیر دینے
سے بواسطہ عدم ملک کے یعنے چونکہ مشتری بسبب خیار کے مالک مبیع کا نہین تو اُسکا امانت رکھنا صحیح نہوا بلکہ مشتری کا دینا بائع کو دفع قبض ہوا تو ہلاکی قبضہ بائع کی
ثابت ہوئی لہذا بائع کا نقصان ہوا نہ مشتری کا اور صاحبین کے نزدیک چونکہ مشتری مالک ہے تو اُسکی ودیعت صحیح ہے اُسکا قبضہ مرتفع نہوا تو گویا مشتری
کے ہاتھ مین ہلاکی ہوئی کذا فی شرح الوقایہ ع من الزوجۃ المشتراۃ لو ولدت فی المدۃ فی ید البائع لم تصر ام ولد ولو فی ید المشتری لزمہ العقد لان الولادۃ
عیب درر وابن کمال ع اشارہ ہے زوجہ سے یعنے اگر اپنی منکوحہ لونڈی کو بشرط خیار خرید کیا اور وہ مدت خیار مین لڑکا جنی بائع کے پاس تو وہ مشتری
کی ام ولد نہوگی بخلاف صاحبین کے اور اگر مشتری کے قبض مین جنی تو عقد بیع لازم ہوگیا اسواسطے کہ ولادت عیب ہے کذا فی الدرر وابن کمال ھم
اسیطرح شرح وقایہ مین بھی ہے کہ اگر مشتری کے پاس جنے گی ام ولد ہو جاویگی بالاتفاق اسواسطے کہ ولادت سے اُسمین عیب لگ گیا تو اب مشتری
اُسکو پھیر نہین سکتا سو وہ اُسکی مملوک ہوگئی وفی البحر عن الخانیۃ اذا ولدت بطل خیارہ وان کان الولد میتا ولم تنقصہا الولادۃ لا یبطل خیارہ واقرہ
المصنف اور بحر الرائق مین خانیہ سے ہے کہ جب لونڈی جنی یعنی مشتری کے پاس تو اُسکا اختیار باطل ہوگیا اور اگر لڑکا مردہ ہوا اور ولادت سے
لونڈی مین نقصان نہوا ہو تو مشتری کا اختیار باطل نہوگا بسبب عدم تعیب کے اور اس قول کو مصنف نے اپنی شرح مین ثابت رکھا ہے کذا فی
الطحطاوی ک من الکسب للعبد فی المدۃ فہو للبائع لعد الفسخ ک اشارہ ہے کسب سے یعنے اگر غلام مول لیا بشرط خیار اور اُسنے کچھ مال کمایا مدت
خیار مین تو وہ مال بائع کا ہے بعد فسخ بیع کے امام کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک مشتری کا مال ہے اور بصورت عدم فسخ زائد مبیع کا تابع ہے کذا فی
الطحطاوی ت من الفسخ کبیع الامۃ فلا استبراء علی البائع ت اشارہ ہے فسخ سے یعنی اگر لونڈی خرید کی بشرط خیار پھر بیع فسخ کر کے پھیر دی تو بائع پر استبراء
واجب نہین اسواسطے کہ استبراء واجب ہوتا ہے اُس وقت جب انتقال ہو ایک ملک سے دوسرے ملک کی طرف سو انتقال یہان امام کے نزدیک پایا نہین
گیا کیونکہ مشتری اُسکا مالک نہین ہوا بخلاف صاحبین کے خ من الخمر فلو شراہ ذمی من مثلہ بالخیار فاسلم احدہما فہو للبائع عینی وتبعہ المصنف لکن عبارۃ
ابن الکمال اسلم المشتری خ اشارہ ہے خمر سے اگر شراب کو خرید کیا ذمی نے اپنے مانند دوسرے ذمی سے بشرط خیار کے پھر کوئی ایک عاقد مسلمان ہو گیا
تو وہ شراب بائع کی ہے کذا فی شرح العینی اور مصنف اپنی شرح مین اُسکا تابع ہوا ہے لیکن ابن کمال کی یہ عبارت ہے کہ مشتری مسلمان ہوگیا ھم شرح وقایہ مین بھی
اسلام مشتری مذکور ہے چلپی نے کہا کہ مشتری بالیقین مراد ہے تو عینی اور مصنف کی عبارت مین لفظ احد کا معین پر محمول ہے یعنی مشتری پر انتہی بائع اسواسطے
شراب مذکور کا مالک ہے کہ اگر بیع باطل نہ کیجاوے باقی رہے تو اسقاط خیار کے نزدیک مشتری اُسکا مالک ٹھہرے تو شراب کا مالک ہونا مسلمان کو واسطے
لازم آوے اور صاحبین کے نزدیک خرید نافذ ہے اور خیار باطل ہے اسلیئے کہ اگر اختیار باقی رہے تو وہ پھیر دینے کا مالک رہے اور پھیر دینا تملیک ہے اور مسلم تملیک
خمر کا مالک نہین کذا فی شرح الوقایہ م من الماذون لو ابراہ البائع عن الثمن صح استحسانا وبقی خیارہ لانہ یلی عدم التملک کل ذلک عندہ خلافا لہما م رمز ہے
ماذون سے یعنے عبد ماذون نے کوئی چیز خرید کی بشرط خیار پھر بائع نے اُسکو ثمن معاف کر دیا یعنے مدت خیار مین تو صحیح ہے بنابر استحسان کے اور خیار عبد کا
باقی ہے اسواسطے کہ عبد ماذون نہ مالک ہونے کا اختیار رکھتا ہے یہ سب مسائل مذکورہ امام کے مذہب پر ہین بخلاف صاحبین کے ھم صاحبین کے نزدیک حالت
مذکورہ عبد ماذون کا اختیار باقی نہین رہتا اسواسطے کہ اگر باقی رہے تو اُسکو رد کرنے کی ولایت ثابت رہے تو اُسکا رد کرنا تملیک بلا عوض ہوگا اور ماذون کو
تملیک بلا عوض کی ولایت نہین اور امام اعظم رح کے نزدیک جبکہ عبد ماذون ثمن کا مالک نہوا تو اُسکا رد کرنا امتناع ہوا تملیک سے اور ماذون کو

عدم تملک کی ولایت ثابت ہی اسواسطے کہ جب اُسکی کوئی چیز نہ لیجاوے تو اُسکو قبول نہ کرنے کا اختیار ہی کذا فی شرح الوقایہ قلت وزید علے ذلک مسائل نہا
ت التعلیق کان ملکتہ فہو حر فشراہ بخیار لم یعتق مین کہتا ہون اور مسائل عشرۂ مذکورہ پر چند مسائل اور زیادہ کیے گئے ہین از انجملہ تعلیق ہی جسکا اشارہ
ت ہی چنانچہ ایک شخص نے کہا کہ اگر مین غلام کا مالک ہون تو وہ آزاد ہی پھر اُسنے غلام کو بشرط خیار کے خرید کیا تو امام کے نزدیک وہ آزاد نہوگا بسبب
عدم ملک کے بخلاف صاحبین کے ت واستدامۃ السکنی باجارۃ او اعارۃ لیس باختیار ت اشارہ ہی استدامت سے یعنی دوام سکنی بسبب اجارہ
یا اعارہ کے اختیار نہین ہم صورت اُسکی یہ ہی کہ ایک گھر خرید کیا بشرط خیار اور حالانکہ مشتری اُسکا ساکن ہی بواسطہ اجارہ یا عاریت مانگنے کے پھر سکونت
مستدام ہوئی خواہرزادے نے کہا کہ امام کے نزدیک استدامت سکنی ملک عین کا اختیار نہین اور صاحبین کے نزدیک اختیار ہی جامع الفصولین مین ہی
کہ درصورت ابتدا اسکنی خیار باطل ہوگا ص وصید شراہ بخیار فاحرم بطل البیع ص اشارہ ہی صید سے یعنی شکار خرید کیا بشرط خیار پھر حج کا احرام
باندھا یعنے درصورت قبض صید تو بیع باطل ہوگئی یعنے مبیع بائع کو پھیر دیجاوے امام کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک بیع لازم ہی اور اگر بائع کا اختیار ہی
تو بالاتفاق بیع منقوض ہوگی کذا فی الطحطاوی عن البحر والزوائد الحادثۃ فی المدۃ بعد الفسخ للبائع واشارہ ہی زوائد کا یعنی جو چیزین زوائد پیدا ہون مدت
خیار کے اندر سو بعد فسخ بیع کے بائع کی ہین امام کے نزدیک یعنی اسواسطے کہ انکا حدوث مشتری کی ملک مین نہین ہوا اور صاحبین کے نزدیک انکا مالک
مشتری ہی حلبی نے کہا زوائد عام ہین زوائد متصلہ اور منفصلہ سے تو اس مسئلے کے علٰحدہ ذکر کرنے کی کچھ حاجت نہ تھی اسواسطے کہ یہ آٹھوین مسئلے مین داخل ہی
یعنے کسب مین جسکی رمز کاف ہی ت و العصیر فی بیع مسلمین لو تخمر فی المدۃ فسد خلافا لہما فینبغی ان یرمز لہما لفظ تقصد و یضم الزائی الرمز ولم ارہ لاحد
فلیحفظ را اشارہ ہی عصیر سے یعنے اگر دو مسلمانون نے شیرۂ انگور کا بشرط خیار بیچا اور وہ شراب ہوگیا مدت بیع کے اندر تو بیع فاسد ہوگی بخلاف صاحبین کے
تو مناسب یہ ہی کہ ان مسائل خمسہ کو بلفظ تقصد رموز کیجیے اور یہ کہ اس رمز کو رمز اول سے ملائیے اور مین نے یہ نہین دیکھا کہ کسی نے ان مسائل کو
بایں لفظ رمز کیا ہو اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم رمز اول اور ثانی ملکر یہ ترکیب ہوئی اسحق عزک فخم تقصد یعنے اپنی عزت کو رگڑ ڈال حق تعالٰی
کی تعظیم کر امتثال اوامر اور اجتناب نواہی سے اور لوگون کی تعظیم کر بقدر اُنکے مراتب کے تا حق تعالٰی اور لوگون کے نزدیک تو صدر نشین ہو
اجاز من لہ الخیار ولو اجنبیا صح ولو مع جہل صاحبہ اجماعا الا ان یکون الخیار لہما و فسخ احدہما فلیس للآخر الاجازۃ لان المفسوخ
لا تلحقہ الاجازۃ جسکے واسطے اختیار دیا گیا تھا اگرچہ صاحب اختیار اجنبی ہو اُسنے بیع کو نافذ کردیا تو صحیح ہی باوجودنا واقفی اپنے ساتھی کے بالاتفاق
مگر یہ کہ بائع اور مشتری دونون کو اختیار ہو اور ایک نے بیع فسخ کردی ہو تو دوسرے کو اجازت کا اختیار نہین اسواسطے کہ فسخ والی چیز کو اجازت لاحق
نہین ہوتی ہم صاحب اختیار کی اجازت باوجود عدم اطلاع شخص ثانی اسواسطے صحیح ہی کہ اجازت عبارت ہی اپنے حق کے اسقاط سے تو دوسرے کا
علم ضرور نہین مانند طلاق اور عتاق کے فان فسخ بالقول لا یصح الا اذا علم الآخر فی المدۃ فلو لم یعلم لزم العقد پھر اگر صاحب اختیار نے بیع کو
فسخ کیا قول سے تو صحیح نہین جب تک دوسرا عاقد مدت کے اندر واقف نہو سو اگر وہ فسخ سے ناواقف رہیگا تو بیع لازم ہوگی ہم اگر مدت مین بیع فسخ کی
اور اُسکے ساتھی کو علم نہوا تو بیع موقوف ہی طرفین کے نزدیک تو اگر بائع نے بیع جائز رکھی بعد فسخ کرنے مشتری کے قبل علم مشتری کے تو بیع جائز ہی اور
فسخ باطل ہی والحیلۃ ان یستوثق بکفیل مخافۃ الغیبۃ او یرفع الامر للحاکم لینصب من یرد علیہ عینی اور تدبیر فسخ کی یہ ہی کہ مضبوطی کرے صاحب اختیار
اپنے ساتھی سے حاضر ضامن لیکر اُسکے غائب ہوجانے کے خوف سے یا حاکم سے نالش کرے تا حاکم اُس شخص کو قائم کرے جسپر رد بیع کیجاوے
کذا ذکرہ العینی ہم جب معلوم ہوا کہ بدون واقف ہونے عاقد ثانی کے بیع فسخ نہین ہوتی اور صاحب اختیار ڈرے کہ مبادا وہ غائب ہوجاوے
تو جسکو فسخ کا اختیار نہ رہیگا تو اُسکی یہ تدبیر ہی کہ اُس سے حاضر ضامن لے یا حاکم سے نالش کرے تا وہ کسی شخص کو اُسکی طرف سے مخاصم قرار دے

پھر صاحب اختیار بیع یا ثمن اسکو پھیر دے بموجب ایک قول کے اور دوسرا قول یہ ہے کہ حاکم کو مخاصم کا قائم کرنا جائز نہین کذا فی النہر قیدنا بالقول لصحتہ
بالفعل بلا علمہ اتفاقاً کما افادہ بقولہ شارح کہتا ہے یعنے عدم صحت مین فسخ قولی کی قید لگائی بواسطے صحیح ہونے فسخ کے فعل سے بلا علم شخص ثانی کے بالاتفاق
چنانچہ اسکو مصنف نے اپنے آیندہ قول مین صریح کیا ہم فسخ بالفعل کی مثال یہ ہے کہ بائع نے اپنے واسطے اختیار شرط کیا پھر مبیع مین تصرف مالکانہ شروع کیے مثلاً
مبیع اگر غلام ہے اسکو آزاد کر دیا یا اسکو بیچ ڈالا یا لونڈی سے وطی کی یا بوسہ لیا تو بیع فسخ فعلی ہے اور اگر اختیار مشتری کے واسطے مشروط ہوا اور یہ افعال کریگا
تو بیع تمام ہوگی اور اگر ثمن عین ہو یعنے منجملہ نقود نہ ہو اور مشتری اسمین تصرف مالکانہ کرے تو عقد فسخ ہوگا در صورت خیار مشتری کذا فی الطحطاوی عن المنح
وغیرہ وتم العقد بموتہ اور بیع تمام ہو جاتی ہے اسکی موت سے ہم یعنی جسکے واسطے اختیار مشروط تھا وہ مرگیا تو بیع پوری ہوگئی خواہ بائع ہو یا مشتری
سو اگر بائع صاحب اختیار مرگیا تو ثمن اسکے وارثون کی ملک مین داخل ہوا اور اگر مشتری تھا تو مبیع اسکے وارثون کی ملک مین داخل ہوئی اور بائع نے
اگر ثمن نہ پایا ہوگا تو اسکے متروکہ سے لیگا اور اگر وہ عاقد مرگیا جسکے واسطے اختیار مشروط نہ تھا تو دوسرے عاقد کو بالاجماع اختیار ثابت ہے کذا فی الطحطاوی اور
جنون اور بیہوشی موت کے مانند ہے کذا فی النہر ولا یخلفہ الوارث کخیار رویۃ وتعزیر ونقد لان الاوصاف لا تورث اور خیار شرط مین وارث خلیفہ نہین ہوتا
مورث کا جیسے خیار رویت اور خیار تعزیر اور خیار نقد مین خلیفہ نہین ہوتا اسواسطے کہ صفات مورث مین وراثت جاری نہین ہوتی ہم یعنی بیع منفسخ نہین ہوتی
وارث کے فسخ کرنے سے جیسے مورث کے فسخ کرنے سے فسخ ہوسکتی ہے اسکی حیات مین اسواسطے کہ اختیار عبارت ہے ارادے اور مشیت سے سو ارادہ مورث کا
اسکی موت سے منقطع ہوگیا جیسے اور تصرفات اسکے منقطع ہوگئے مانند علم اور قدرت کے خلاصہ یہ ہے کہ ارث اسمین جاری ہے جو انتقال پذیر ہے مانند اعیان کے
نہ اسمین جسمین انتقال متصور نہین مانند اوصاف کے منح الغفار مین ہے کہ خیار تعزیر یہ ہے کہ بیع بغبن فاحش واقع ہوئی ہو خواہ فریب بائع نے دیا ہو یا مشتری نے
انتہی الطحطاوی نے کہا کہ عدم ارث خیار التعزیر کی ظاہر البحث ہے مصنف کی اور خیار النقد بحث ہے صاحب نہر الفائق کی تو شارح کو مناسب تھا کہ انکو
بطور نصوص مذہب ذکر نہ کرتا وامّا خیار العیب والتعیین وفوات الوصف المرغوب فیہ فیخلفہ الوارث فیہا لا انہ یرث خیارہ درر فلیحفظ اور خیار العیب
اور خیار التعیین اور وصف مرغوب فیہ کے فوت ہونے کے اختیار مین وارث اپنے مورث کا خلیفہ ہوتا ہے امور مذکورہ مین یہ نہین کہ مورث کے خیار کا
وارث ہوتا ہے کذا فی الدرر اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم یہ جواب ہے سوال مقدر کا یعنی اگر اوصاف مین وراثت نہین ہے تو خیار العیب وغیرہ
وارث کو کیون ثابت ہوتا ہے خلاصہ جواب یہ ہے کہ وارث کو یہ امور بطور خلافت ثابت ہین نہ بطریق وراثت یعنی مثلاً خیار العیب وارث کو ابتداءً ثابت ہے
اسواسطے کہ مورث اس مبیع کا مستحق ہے جو عیب سے سالم ہے اسی طرح اسکا وارث بھی اسواسطے کہ وہ اسکا قائم مقام ہے تو عند التحقیق مورث عین مبیع بصفت
سلامت عیوب اور اسی طرح خیار التعیین وغیرہ علامہ نوح نے کہا یہی تقریر ظاہر ہے صاحب ہدایہ اور صاحب کافی وغیرہما کے کلام سے لیکن صاحب وقایہ
صاحب نقایہ نے تصریح کی ہے کہ خیار العیب اور خیار التعیین مین وراثت جاری ہے تو ظاہراً ہمارے مشائخ کے اسمین دو قول ہین ومضی المدۃ وان
لم یعلم لمرض او اغماء والاعتاق ولو لبعضہ وتوابعہ وکذا کل تصرف لا ینفذ ولا یحل الا فی الملک کاجارۃ ولو بلا تسلیم فی الاصح ونظر الی فرج
داخل بشہوۃ القول لمنکر الشہوۃ فتح اور بیع پوری ہو جاتی ہے مدت خیار کے گذر جانے سے اگرچہ صاحب خیار کو معلوم نہو بسبب بیماری یا بیہوشی کے
اور بیع تمام ہوتی ہے آزاد کرنے سے اگرچہ بعض حصّے کا اعتاق ہوا اور توابع اعتاق سے بیع تمام ہوتی ہے چنانچہ تدبیر اور کتابت سے اور اسی طرح
ہر ایک اس تصرف سے جو نافذ نہین ہوتا یا حلال نہین ہوتا بدون مالک ہونے کے چنانچہ مبیع کو اجارہ دینا اگرچہ اجارہ بدون تسلیم کے ہو قول اصح مین
اور چنانچہ شرمگاہ درونی کو شہوت سے دیکھنا اور درصورت اختلاف متعاقدین منکر شہوت کا قول معتبر ہے کذا فی الفتح ہم اجارہ اور نظر مین
لف ونشر مرتب ہے یعنے اجارہ ایسا تصرف ہے جو بدون ملک نافذ نہین ہوتا اور داخلی شرمگاہ کا دیکھنا وہ تصرف ہے جو بدون ملک کے

حلال نہین مشتری کا کرایہ مانگنا ساکن دار سے اور غلام کی حجامت کروانا اُسکو دوا پلانا کھیت کا سجپانا مبیع کو بیچ کے واسطے پیش کرنا مکان کی درستی
شکست ریخت کرنا یہ سب تصرفات مبطل ہی اور تمام بیع کے سبب ہین کذافی الطحطاوی ومفاده انہ لوشرا ہا بالخیار علی انہا بکر فوطیہا لیعلم اہی بکرام لاکان اجازة
ولو وجدہا ثیبا ولم یلبث فلہ الرد بہذا العیب نہر وسیجیٔ فی بابہ اور قاعدہ مذکورہ کا مقتضا یہ ہی کہ اگر لونڈی کو بشرط خیار خرید کیا اس شرط پر کہ وہ باکرہ ہی
پھر اُس سے قربت کی تا معلوم ہو کہ باکرہ ہی یا نہین تو یہ اجازت ہی بیع کی اور اگر اُسکو باکرہ نہ پایا اور فوراً قربت سے باز رہا تو قف تو
اُسکو پھیر دینے کا اختیار ہی اس عیب کے سبب سے اگرچہ خیار شرط قربت سے ساقط ہو گیا کذافی النہر اور عنقریب یہ مسئلہ خیار العیب
کے باب مین آویگا اور اگر بعد علم عدم بکارت قربت سے باز نہ رہیگا تو رضامندی ثابت ہو گی پھر فسخ بیع نہ کر سکیگا اور جب یہ قاعدہ ٹھہرا کہ ایسے تصرف
کرنے سے جو نافذ یا حلال نہین بدون ملک کے بیع لازم ہو جاتی ہی اور اختیار باطل ہوتا ہی تو اس سے معلوم ہوا کہ قربت کرنا امتحان بکارت کے واسطے
اجازت بیع کا موجب ہی اسواسطے کہ اس فعل کی اگرچہ امتحان کے واسطے حاجت ہی لیکن یہ حلال نہین بدون مالک ہونے کے ولو فعل البائع ذلک کان فسخا او
اگر بائع ایسا فعل کریگا جو نافذ یا حلال نہین بدون ملک کے تو ایسا تصرف فسخ بیع ہوگا وطلب الشفعة وان لم یاخذہا معراج بہا ای بدار فیہا خیار الشرط
بخلاف خیار رویت وعیب معراج اور بیع تمام ہو جاتی ہی شفعہ طلب کرنے سے بواسطہ اُس گھر کے جسمین خیار الشرط ہو اگرچہ شفعہ کو نہ لیا ہو کذافی المعراج
بخلاف خیار الرویة اور خیار العیب کے کذافی المعراج صورت اسکی یہ ہی کہ زید نے ایک گھر بشرط خیار خرید کیا پھر اسکے پڑوس مین دوسرا گھر بیع ہوا سو زید
نے بسبب خانۂ اول کے خانۂ ثانی کا شفعہ طلب کیا تو خانۂ اول کی بیع تمام ہو گئی بخلاف خیار الرویة اور خیار العیب کے یعنی اگر ایک گھر بدون رویت کے
خرید کیا اور اُسکے ہمسایہ مین دوسرا گھر بواسطہ شفعہ کے لیا تو اُسکو اختیار ہی کہ رویت کے بعد خانۂ اول کو بسبب خیار الرویة کے پھیر دے کذافی الدرر
من المشتری اذا کان الخیار لہ لانہ دلیل الاجازة یعنے بیع تمام ہوتی ہی مشتری کے شفعہ طلب کرنے سے جبکہ اختیار اُسکے واسطے مشروط ہو
اسواسطے کہ شفعہ طلب کرنا اجازت بیع کی دلیل ہی یعنے طلب شفعہ اسکی دلیل ہی کہ اسنے بیع کی ملکیت اختیار کی اسواسطے کہ بدون ملک طلب حق شفعہ نہین
ہو سکتی پھر جب ملک اختیار کی تو شرط خیار ساقط ہو ئی بیع تمام ہو گئی ولو شرط المشتری او البائع لما یقیدہ کلام الدرر ونہ جزم البہنسی الخیار لغیرہ
عاقدا کان او غیرہ بہنسی صح استحسانا وثبت الخیار لہما اور اگر مشتری یا بائع شرط کرے اختیار اپنے غیر کے واسطے خواہ غیر شخص عاقد ہو یا غیر عاقد
کذا صرح بہ البہنسی تو یہ صحیح ہی بنابر استحسان کے اور اس صورت مین دونون کے واسطے اختیار ثابت ہوگا شارح نے کہا اس حکم مین بائع بھی مشتری کے
مانند ہی چنانچہ درر کے کلام سے معلوم ہوتا ہی اور اسی کا یقین کیا ہی بہنسی نے ھم قیاس یہ ہی کہ غیر عاقد کے واسطے خیار صحیح نہو اسواسطے کہ خیار منجملہ احکام عقد
ہی تو غیر کے واسطے کیونکر جائز ہو وجہ استحسان یہ ہی کہ اجنبی کے واسطے اختیار ثابت نہین ہوتا مگر بطریق نیابت کے عاقد سے تو اختیار عاقد کے واسطے
لازم ہوا پھر اجنبی اُسکا نائب ٹھہرایا گیا تا عاقد کا تصرف حتی الامکان صحیح ہو لغو نہو جاوے پھر جبکہ اجنبی نائب ہوا تو نائب اور منیب دونون کے واسطے
اختیار ثابت ہو گا کذافی المنح والنہر حموی نے مفتاح سے نقل کیا کہ تقیید مشتری کی اتفاقی ہی اسواسطے کہ مبسوط وغیرہ مین مصرح ہی کہ احد المتعاقدین کو غیر کے
واسطے اختیار کا شرط کرنا صحیح ہی حلبی نے کہا بہتر یہ تھا کہ شارح غیر کو فقط اجنبی کر تفسیر کرتا اسواسطے کہ احد العاقدین کا اختیار اول باب مین مذکور ہو چکا
بلکہ کذافی البحر طحطاوی نے کہا اُسکی صورت یون ممکن ہی جبکہ بائع یا مشتری متعدد ہون علی وجہ الاشتراک اور ایک مشتری دوسرے مشتری کے واسطے یا ایک بائع
دوسرے بائع کے واسطے اختیار شرط کرے فان اجاز احدہما من النائب والمنیب او نقض صح ان وافقہ الآخر پھر جبکہ نائب او منیب مین سے ایک نے بیع کو
لازم کر دیا یا فسخ کیا تو صحیح ہی اگر دوسرے نے اُسکے ساتھ موافقت کی فان اجاز احدہما وعکس الآخر فالاسبق اولی لعدم المزاحم پھر اگر ایک نے اجازت
دی اور دوسرے نے بالعکس اُسکے بیع فسخ کی تو اول مقدم ہی بسبب عدم مزاحم کے یعنی شخص اول کی اجازت یا فسخ نافذ ہی اسواسطے کہ اُسوقت تعارض نہ تھا

شخص متاخر کا فعل لغو ہے ولو کانا معاً فالفسخ احق فی الاصح زیلعی لان المجاز یفسخ والمفسوخ لا یجاز اور اگر اجازت اور فسخ ساتھ ہی زمان احدین باہم کی
تو فسخ زیادہ تر ثابت ہے قول اصح مین کذا فی شرح الزیلعی اسواسطے کہ اجازت والی چیز فسخ ہو سکتی ہے اور فسخ پذیر اجازت پذیر نہین ہوتی واعترض بانہ یجاز الثانی
المبسوط لو تفاسخا ثم تراضیا علی فسخ الفسخ وعلی اعادۃ العقد بینہما جاز اذ فسخ الفسخ اجازۃ واجیب بمنع کونہ اجازۃ بل بیع ابتداء اور تعلیل مذکور پر
اعتراض وارد ہے کہ فسخ پذیر اجازت پذیر ہوتا ہے اسواسطے کہ مبسوط مین ہے کہ اگر عاقدین نے باہم بیع کو فسخ کیا پھر باہم راضی ہوگئے فسخ کے فسخ کرنے
پر اور فیما بین خود با عقد کے اعادے پر تو جائز ہے اسواسطے کہ فسخ کو فسخ کر دینا بھی اجازت کی حقیقت ہے اس اعتراض کا یون جواب دیا گیا ہے کہ ہم نہین مانتے
کہ فسخ الفسخ اجازت ہے بلکہ یہ دوسری بیع ہے سرے سے ہم نہر الفائق مین ہے کہ فسخ کا اولی ہونا یہ روایت ہے کتاب الماذون کی اور یہی اصح ہے اور کتاب البیوع
کی یہ روایت ہے کہ تصرف مالک کا اولی ہے اور بعضون نے کہا کہ اول قول ابو یوسف ہے اور ثانی قول محمد ہے باع عبدین علی انہ بالخیار فی احدہما
ان فصل ثمن کل واحد منہما وعین الذی فیہ الخیار صح البیع للعلم بالمبیع والثمن بائع نے دو غلام بیچے اس شرط پر کہ اسکو اختیار ہے ایک غلام مین اگر
ہر ایک کا ثمن جدا جدا ذکر کیا اور اُس غلام کو معین کر دیا جسمین اختیار شرط کیا تو صحیح ہے بسبب معلوم ہونے بیع اور ثمن کے ہم صورت اسکی یہ ہے کہ بائع
نے کہا کہ مین نے تیرے ہاتھ یہ دونون غلام بیچے ہر غلام پانسو درم کو اس شرط پر کہ مجکو اس غلام خاص مین اختیار ہے والا یعین ولا تفصیل او عین فقط او فصل
فقط لا یصح لجہالۃ المبیع والثمن او احدہما اور اگر بائع نے اُس غلام کی جسمین اختیار شرط کیا تعیین نہ کی اور نہ ہر ایک کا ثمن علیحدہ علیحدہ مذکور کیا یا فقط
غلام کی تعیین کی بلا تفصیل ثمن یا فقط ثمن کی تفصیل بلا تعیین غلام تو بیع صحیح نہو گی بسبب مجہول ہونے مبیع اور ثمن کے درصورت عدم تعیین و تفصیل کے
یا ایک کی جہالت کے سبب سے یعنی درصورت تعیین غلام ثمن مجہول ہے اور درصورت تفصیل ثمن مبیع مجہول ہے ہم عدم تعیین و تفصیل اس طرح کہ بائع نے کہا کہ مین نے
دو غلامون کو ہزار درم کے عوض اس شرط پر کہ ایک غلام مین مجکو اختیار ہے تو کسی غلام کی بیع صحیح نہین اسواسطے کہ جسمین اختیار شرط ہے وہ خارج بیع سے
اور جسکی بیع ہوئی ہے وہ معلوم نہین اس سبب سے کہ جسمین خیار شرط ہے وہ مجہول ہے علاوہ اسکے ثمن بھی مجہول ہے اسواسطے کہ قیمت والی چیزین ثمن مبیع پر برابر
منقسم نہین ہوا وکذا لو کان الخیار للمشتری تاتی ایضاً الانواع الاربعۃ اور ایسا ہی حکم ہے اگر اختیار مذکور مشتری کے واسطے مشروط ہو اسمین بھی چارون
صورتین حاصل ہوتی ہین ہم یعنی اگر مشتری نے دو غلام خریدے اور ایک غلام مین اختیار شرط کیا تو درصورت تفصیل ثمن و تعیین بیع صحیح ہے اور اگر
تعیین او تفصیل نہین یا فقط تعیین ہے یا فقط تفصیل ہے تو بیع صحیح نہین بسبب جہالت کے فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا وکلہ ببیع بشرط الخیار فباعہ بلا شرط
لم یجز ولو وکلہ بالشراء والحالۃ ہذہ نفذ علی الوکیل والفرق ان الشراء متی لم ینفذ علی الآمر ینفذ علی المامور بخلاف البیع فتح وسیجیئ فی الفضولی والوکالۃ
فلیحفظ وکیل کیا ایک نے دوسرے کو بیع بشرط خیار مین سو وکیل نے اُسکو بیچا بلا شرط خیار تو بیع جائز نہین اور اگر وکیل کیا خرید کرنے کے واسطے
بشرط خیار تو بیع نافذ ہے وکیل پر نہ موکل پر اور فرق دونون صورتون مین یہ ہے کہ خرید جب امر کرنے والے پر نافذ نہوئی تو مامور پر نافذ ہو گی بخلاف فروخت
کے کذا فی الفتح اور یہ مسئلہ آویگا بیع فضولی اور وکالت مین تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم جب بیع بشرط خیار کا امر کیا تو مالک کی ملک بدون اُسکی
رضامندی کے زائل نہین ہو سکتی لہذا اُسکی مخالفت سے بیع نافذ نہو گی وصح خیار التعیین فی القیمیات لا فی المثلیات لعدم تفاوتہا اور
خیار التعیین صحیح ہے قیمت والی چیزون مین نہ مثلیات مین بسبب نہ متفاوت ہونے مثلیات کے ہم قیمت والی وہ چیز ہے جسکے افراد مین تفاوت ہو چنانچہ
لونڈی غلام کپڑا کتاب اسواسطے کہ ایک لونڈی سو درم کی ہوتی ہے اور دوسری ہزار درم کی اور مثلی وہ چیز ہے جسکے افراد یکسان ہون بلا تفاوت چنانچہ
مکیل اور موزون پھر جب مثلیات مین تفاوت نہوا تو انمین خیار التعیین شرط کرنا بیفائدہ ہے ولو للبائع فی الاصح کافی خیار تعیین صحیح ہے اگرچہ بائع کے
واسطے مشروط ہو قول اصح مین کذا فی الکافی ہم مشتری کے واسطے خیار تعیین کی یہ صورت ہے کہ بائع مشتری سے کہے کہ مین نے ان غلامون مین سے

ایک غلام تیرے ہاتھ بیچا اس شرط پر کہ انمین سے تو ایک کو پسند کرے اور بائع کے واسطے خیار تعیین کی یہ صورت ہے کہ مشتری کہے بائع سے مین نے ان غلامون سے
ایک غلام خرید کیا اس شرط پر کہ جو غلام تو چاہے مجکو دے قول اصح کی یہ وجہ ہے کہ یہ بیع جائز ہے خیار مشتری کے ساتھ تو بائع کی خیار کے ساتھ بھی جائز ہوگی فتح القدیر
مین اسکو رد کیا ہے اس طرح پر کہ جواز خیار تعیین اسواسطے ہے تا مشتری سے غبن دفع ہو خوب جانچ کے یا غیر سے دریافت کرکے جسکو لینے موافق اور مناسب
جانے اُسکو خرید کرے اور بائع کو اُسکی کچھ حاجت نہین اسلیے کہ بائع کے پاس مبیع مدت سے موجود ہے اُسکو اُسکا حال خوب تر معلوم ہے اسکا جواب شارح نے
آیندہ قول مین دیا لانہ قد یرث قیمیا و یقبضہ وکیلہ ولا یعرفہ فیبیعہ بہذا الشرط فمست الحاجۃ الیہ نہر اسواسطے کہ بائع کا ہے قیمت والی چیز کو بطور وراثت
کے پاتا ہے اور بائع کا وکیل اُسپر قبضہ کرتا ہے اور بائع اُس چیز کو نہین پہچانتا تو اُسکو بشرط خیار تعیین بیچتا ہے تو اس صورت مین بائع کو حاجت پڑی خیار
تعیین کی تا اُسکو اپنی منفعت اور مصلحت مین اختیار رہے کذا فی النہر سید حموی نے کہا کہ یہ صورت نادر الوجود ہے اور مناط احکام نوادر پر نہین کذا فی الطحطاوی
فیما دون الاربعۃ لانہ فاغ الحاجۃ بالثلثۃ لوجود جید و ردی و وسط خیار تعیین صحیح ہے چار چیزون سے کمتر مین بسبب حاجت روائی کے
تین چیز سے بواسطے حاصل ہونے عمدہ اور ناقص اور متوسط کے ہم یعنے خیار تعیین دفع حاجت کے واسطے مشروع ہے اور دفع حاجت تین مین بخوبی
متصور ہے کیونکہ عمدہ اور ناقص اور متوسط کا ہونا تین مین حاصل ہے تو چار چیز یا زیادہ مین خیار تعیین کرنا حاجت سے زیادہ ہے تو غیر مشروع ہے ومدتہ کخیار
شرط اور خیار التعیین کی مدت خیار الشرط کے مانند ہے یعنی تین دن تک امام کے نزدیک ہم اگر تین دن مین تعیین کردے تو بہتر ہے اور اگر تین دن گذر گئے
بلا تعیین تو متعین کرنے کے واسطے اُسپر جبر کیا جاویگا اور اگر تعیین کے ساتھ خیار الشرط بھی مشروط ہو تو اُسکو اختیار ہے فسخ بیع اور اجازت مین اور بعد اجازت
کے اُسکو خیار تعیین ہوگا تین دن تک اجازت کے وقت سے کذا فی الحلبی عن النہر ولا یشترط معہ خیار شرط فی الاصح فتح اور خیار التعیین کے ساتھ خیار الشرط کا ہونا
مشروط نہین قول اصح مین کذا فی الفتح ہم منح الغفار مین ہے کہ جب مشتری نے دو مبیع کو بشرط خیار تعیین کرلیا اور قبضہ کیا پھر ایک مین عیب لگ گیا تو معیوب مین
بیع لازم ہو گئی ثمن معین کے ساتھ اور دوسرا مبیع امانت ہے اور اگر دونون ساتھ ہی ہلاک ہو گئے تو دونون مبیع کا نصف نصف ثمن لازم ہوگا خواہ ثمن متفق ہو
یا مختلف ولو اشتریا شیئا علی انہما بالخیار فرضی احدہما بالبیع صریحا او دلالۃ لا یردہ الاخر بل بطل خیارہ خلافا لہما اور اگر دو شخصون نے
ایک چیز خرید کی اس شرط پر کہ دونون کو اختیار ہے پھر ایک شخص بیع سے راضی ہو گیا خواہ صراحۃ یا دلالۃ اس طرح پر کہ وہ تصرف کیا جو نافذ
یا حلال نہین بدون ملک کے تو دوسرا شخص اُسکو رد نہین کرسکتا بلکہ اُسکا اختیار باطل ہوگیا امام کے نزدیک بخلاف صاحبین کے وکذا الخلاف
فی خیار الرویۃ والعیب فلیس لاحدہما الرد بعد رویۃ الاخر ورضاہ بالعیب خلافا لہما لضرر البائع بعیب الشرکۃ اور اسی طرح خلاف ہے امام اور
صاحبین کا خیار الرویۃ اور خیار العیب مین تو ایک شخص کو پھیر دینا دوسرے شخص کے دیکھنے کے بعد جائز نہین بسبب ضرر ہونے بائع کی شرکت کے
عیب سے ہم شرکت خیارات ثلثہ کی عدم رد کی علت ہے یعنے اگر دو شخصون نے ایک چیز بالاشتراک خرید کی بشرط خیار پھر ایک شخص راضی ہوا تو دوسرا پھیر
نہین سکتا یا ایک شخص نے بعد رویت کے پسند کی اور دوسرے نے ناپسند کی یا ایک شخص خیار العیب مین راضی ہوگیا تو دوسرا پھیر نہین سکتا اسواسطے کہ اگر
ایک مشتری کا لینا اور دوسرے کا پھیر دینا جائز ہو تو لینے والا بائع کا شریک ہو مبیع مین نصفا نصف اسمین صریحا بائع کا ضرر ہے کیونکہ اول بائع بلا شرکت
اُسکا مالک تھا اب اُسکا شریک پیدا ہوا اور شرکت بلا شبہہ عیب ہے اسواسطے کہ مشترک مین ہر شریک بالاستقلال تصرف نہین کرسکتا کما یلزم البیع لو اشتری
رجل عبدا من رجلین صفقۃ واحدۃ علی ان الخیار لہما للبائعین فرضی احدہما دون الاخر فلیس لاحدہما الانفراد اجازۃ او ردا خلافا لہما مجمع
چنانچہ بیع لازم ہوجاتی ہے اگر ایک مرد نے غلام خرید کیا دو مردون سے یکبارگی اس شرط پر کہ دونون بائع مختار ہین بیع اور عدم بیع مین پھر ایک
بائع راضی ہوا نہ دوسرا تو ایک بائع کو اجازت یا رد بیع مین تنہائی جائز نہین بسبب عیب شرکت کے بخلاف صاحبین کے کذا فی المجمع

اور اگر مشتری نے نصف غلام ایک بائع سے لیا اور نصف باقی دوسرے سے خرید کیا بعقد ثانی تو ہر شخص اجازت یا رد کا اختیار رکھتا ہی اسواسطے کہ مشتری عیب
شرکت سے خود راضی ہوگیا اشتری عبدا بشرط خبزہ او کتبہ ای حرفتہ کذلک فظہر بخلافہ بان لم یوجد معہ ادنی ما یطلق علیہ اسم الکتابۃ والخبز
اخذہ بکل الثمن ان شاء او ترکہ لفوات الوصف المرغوب فیہ غلام خرید کیا اُسکی نان پزی یا تحریر کی شرط سے یعنے روٹی پکانا اور لکھنا اُسکا
پیشہ ہی پھر برخلاف اُسکے ظاہر ہوا اس طرح پر کہ اُسمین اتنا ہنر نہ پایا گیا جسپر اسم کتابت اور نان پزی کا ادنی رتبہ صادق آوے تو مشتری اُسکو اگر چاہے
توپورے ثمن سے لے یا اُسکو نہ لے بسبب فوت ہونے وصف مرغوب فیہ کے ہم درصورت خرید پورا ثمن اسواسطے لازم ہوگا کہ اوصاف کے مقابل مین
کچھہ ثمن نہین پڑتا کیونکہ اوصاف عقد مین تابع ہوتے ہین نہ اصل لیکن کتابت اور نان پزی ازبسکہ لائق رغبت کے وصف ہی لہذا مشتری کو اُسکے نہ ہونے
سے رد بیع مین اختیار ہوا شارح نے نان پزی اور تحریر مین پیشہ وری کی قید اسواسطے لگائی کہ ہر شخص بقدر دفع ہلاک نفس روٹی پکا سکتا ہی یا اکثر لوگ بد خط
لکھ لیتے ہین اسقدر فعل سے اُسکو نان پز یا کاتب نہین کہتے کذا فی البحر ولو ادعی المشتری انہ لیس کذلک لم یجبر علی القبض حتی یعلم ذلک وکذا سائر الحرف اختیار
اور اگر مشتری نے دعویٰ کیا کہ وہ ایسا نہین یعنے غلام مین وصف مشروط موجود نہین تو اُسپر قبض مبیع کے واسطے زبردستی نہ کیجاویگی یہان تک کہ اس
وصف کا موجود ہونا غلام مین مثلاً معلوم ہوجاوے اور یہی حکم ہی باقی پیشون کا کذا فی الاختیار ولو امتنع الرد لسبب ما قوم کاتبا وغیر کاتب رجع بالتفاوت
فی الاصح اور اگر غلام مذکور کا پھیر دینا ممتنع ہوگیا ہو کسی سبب سے تو غلام کاتب اور غیر کاتب کی قیمت معین کیجاوے اور جسقدر تفاوت ہو دونون قیمتون
مین اُتنا مشتری بائع سے پھیرے قول اصح مین ہم مثلاً کاتب کی قیمت سو درم ہی اور غیر کاتب کی ساٹھہ درم تو اگر مشتری نے سو درم بائع کو دیے ہون
تو چالیس درم پھیرے بخلاف شرائہ شاۃ علی انہا حامل او تحلب کذا رطلا او یخبز کذا صاعا او یکتب کذا قدرا فسد لانہ شرط فاسد لا وصف
حتے لو شرط انہا حلوب او لبون جاز لانہ وصف بخلاف خرید کرنے مشتری کے بکری کو اس شرط پر کہ وہ گابھن ہی یا اتنا دودھہ دیتی ہی یا غلام اتنے
سیرون کی روٹی پکاتا ہی یا اتنے ورق لکھتا ہی تو بیع فاسد ہوگی اسواسطے کہ یہ شرط فاسد ہی وصف نہین ہی یہان تو اگر یہ شرط کریگا کہ مثلاً بکری دودھار ہی
یا شیردار ہی تو بیع جائز ہوگی اسواسطے کہ یہ وصف ہی نہ شرط فاسد ہم حاملہ ہونا اسواسطے شرط فاسد ہوا کہ پیٹ کا حال فی الحقیقت معلوم نہین ہوسکتا
کیونکہ احتمال ہی کہ حمل ہو یا ریح یا بیماری اسی طرح باقی شرائط کی حقیقت بالیقین معلوم نہین ہوسکتی بسبب احتمال کمی بیشی کے اور ظاہر کلام شارح اُنپر
دلالت کرتا ہی کہ جمیع اوصاف کا ذکر کرنا عقد مین مفسد نہین حالانکہ ایسا نہین اسواسطے کہ نہر الفائق مین مصرح ہی کہ جمیع اوصاف کا عقد مین شرط کرنا
صحیح نہین بلکہ اسکا قاعدہ یہ ہی کہ جس وصف مین غرر نہو یعنے اُسکے وجود مین تردد نہو تو اُسکا شرط کرنا جائز ہی اور جسکے وجود مین احتمال ہی اُسکا اشتراط
صحیح نہین مگر بمعنی برات وجود اس طرح پر کہ وہ وصف مرغوب فیہ نہوا نتہی وکذا فی الطحطاوی عن الحموی والقول للمنکر لو اختلفا فی شرط الخیار
علی الظاہر اور قول منکر کا معتبر ہی اگر بائع اور مشتری مختلف ہون شرط خیار مین بنا بر ظاہر الروایۃ کے اسواسطے کہ خیار ثابت نہین ہوتا مگر شرط
کرنے سے تو عوارض سے ہوا لہذا نفی کرنے والے کا قول درصورت عدم شہادت معتبر ہوگا کما فی دعوی الاجل والمضی والاجازۃ والزیادۃ
چنانچہ مدت اور اُسکے گذر جانے اور اجازت اور زیادتی مدت کے دعوی مین منکر کا قول معتبر ہی یعنی ایک عاقد مدت بیع کا مدعی ہی اور دوسرا منکر یا ایک
کہتا ہی کہ مدت گذر گئی اور دوسرا منکر ہی یا ایک کہتا ہی کہ صاحب اختیار نے بیع کی اجازت دی اور دوسرا منکر ہی یا ایک شخص زیادہ مدت کا مدعی ہی اور دوسرا منکر تو ان
صورتون مین منکر کا قول معتبر ہوگا اشتری جاریۃ بالخیار فرد غیرہا بدلہا قائلا بانہا المشتراۃ فقال البائع لیست ہی ولا بینۃ لہ فالقول للمشتری
بیمینہ وجاز للبائع وطیہا در ذا انعقد بیعا بالتعاطی فتح خرید کی لونڈی بشرط خیار پھر مشتری نے عوض اُسکے دوسری لونڈی پھیر دی یون
کہکر کہ یہ وہی خریدی لونڈی ہی بائع نے کہا وہ یہ نہین ہی اور بائع کے گواہ نہین تو مشتری کا قول قسم کے ساتھہ معتبر ہوگا اور بائع کو اُس لونڈی سے قربت

اگر ناجائز ہی کذا فی الدرر اور اس لونڈی کی بیع منعقد ہوگی تعاطی سے کذا فی الفتح ھ جب یہ مبادلہ بطریق تعاطی کے بیع ٹھہرا تو معلوم ہوا کہ بائع پر استبرا
واجب ہی اور ہر مبیع کا یہی حکم ہی لونڈی کی مثال اسواسطے دی کہ جب لونڈی مین یہ حکم ہوا تو اُسکے غیر مین بطریق اولی یہی حکم ہی اسواسطے کہ فروج مین زیادہ احتیاط
لازم ہی کذا فی الطحطاوی وکذا الرد فی الودیعۃ فلیحفظ اور یہی حکم ہی امانت کے پھیر دینے مین تو یاد رکھنا چاہیے یعنی اگر ایک شخص نے دوسرے کے پاس امانت رکھی
لونڈی ہو یا کچھ اور پھر امانت دار نے کوئی چیز اور بدل دی اور کہا کہ یہی تیری امانت ہی اور امانت رکھانے والا اسکا منکر ہی اور اُسکے گواہ نہین تو وہ چیز اُسکو حلال
ہی طحطاوی نے کہا ظاہر اعاریت اور اجارے کی چیز کا بھی یہی حکم ہی واللہ اعلم ولو قال البائع عند ردہ کان یحسن لکنہ نسی عندک فالقول للمشتری
لان الاصل عدم الخبز والکتابۃ فکان الظاہر شاہداله اور اگر غلام کو بشرط نان پزی اور کتابت کے مول لیا پھر یہ وصف اُسمین نہ پایا گیا اور مشتری نے اُسکو
پھیر دینا چاہا تو بائع نے پھیرنے کے وقت کہا کہ اس کام کو تو یہ خوب کرتا تھا لیکن وہ بھول گیا تیرے پاس تو مشتری کا قول معتبر ہوگا اسواسطے کہ عدم نان پزی
اور کتابت اصل ہی تو ظاہر حال مشتری ہی کا شاہد ہی ھ صفات عارضہ مین عدم اصل ہی اور صفات اصلیہ مین وجود اصل ہی چونکہ نان پزی اور کتابت صفات کسبیہ
عارضہ سے ہین لہذا اُسمین مشتری کا قول درصورت عدم شہادت معتبر ہی کیونکہ وہ اصل کا مدعی ہی ولو اشتراہ من غیر اشتراط کتبہ وخبزہ وکان یحسن ذلک
فنسیہ فی ید البائع ردہ علیہ لتغیر المبیع قبل قبضہ زیلعی قال ولو اختار اخذہ اخذہ بکل الثمن لما مران الاوصاف لایقابلہا شیء من الثمن اور اگر غلام کو خرید کیا
بلا شرط کتابت اور نان پزی کے اور وہ یہ کام خوب کرتا تھا سو بائع کے پاس اسکو بھول گیا تو مشتری بائع کو غلام پھیر دے بسبب متغیر ہو جانے مبیع کے
قبل قبضۂ مشتری کذا فی الزیلعی زیلعی نے کہا اور اگر مشتری با اینہمہ اُسکا لینا پسند کرے تو پورے ثمن سے لے اسواسطے کہ مذکور ہو چکا کہ اوصاف کے
مقابل کچھ ثمن نہین پڑتا ھ با وجود عدم اشتراط وصف پھیر دینا اسواسطے جائز ہوا کہ ظاہر مشتری نے اُسکو اسی وصف کے سبب سے خرید کیا تو باختیار دلالت
حال کے مشروط کے مانند ہوا کذا فی البحر فروع مسائل لحقہ شارح کے باع دارا بما فیہا من الجذوع والابواب والخشب والنخل فاذا لیس فیہا شیء من ذلک لاخیار
للمشتری گھر بیچا ان چیزون کے ساتھ جو اُسمین داخل ہین منجملہ دھنیون اور دروازون اور لکڑیون اور کھجور کے درختون کے پھر اُسمین یہ چیزین کچھ نہ نکلین تو
مشتری کو پھیر دینے کا اختیار نہین یعنی اسواسطے کہ دار عبارت ہی عرصے سے اور اشیاے مذکورہ تابع ہین اور تابع کے مقابل مین کچھ ثمن نہین پڑتا اور مراد عدم
اختیار سے یہ ہی کہ مشتری کو وصف مرغوب فیہ کے فوت ہونے سے اختیار رد حاصل نہین تو اگر گھر کو وقت عقد کے مشتری نے نہ دیکھا ہوگا تو خیار الرویۃ البتہ اُسکو
ثابت ہوگا کذا فی الطحطاوی شری دارا علی ان بناءہا آجر فاذا ہو لبن او ارضا علی ان شجرہا کلہا مثمرۃ فاذا واحدۃ منہا لا تثمر او ثوبا علی انہ مصبوغ بالعصفر فاذا
ہو بزعفران فسد گھر کو خرید کیا اس شرط پر کہ عمارت اُسکی پختہ اینٹ کی ہی سو وہ کچی اینٹ کی نکلی یا زمین اس شرط پر خرید کی کہ اُسکے سب درخت پھلتے ہین سو
اُنمین سے ایک درخت غیر مثمر نکلا یا کپڑا خرید کیا اس شرط پر کہ اُسپر کسم کا رنگ ہی اور اُسمین زعفران کا رنگ نکلا تو بیع فاسد ہوگی ھ اسواسطے کہ صفات
مذکورہ مین اغراض طالبین نہایت بکثرت متفاوت ہوتے ہین اور اختلاف غرض بجاے اختلاف جنس ہی کذا فی الطحطاوی عن الشلبی ولو علی انہا بغلۃ مثلا
فاذا ہو بغل جاز وخیر وبعکسہ جاز لاخیار لکونہ علی صفۃ خیر من المشروط مجتبی فلیحفظ الضابطۃ اور اگر خرید اس شرط پر ہوئی کہ مبیع خچری ہی لیکن وہ خچر نکلا تو جائز ہی
اور اُسکو اختیار ہی لینے نہ لینے مین اور اسکے بالعکس یعنی نر کی شرط مین مادہ نکلی تو بیع جائز ہی بلا خیار یعنے پھیر دینے کا مشتری کو اختیار نہین اسواسطے
کہ مبیع ایسی شرط پر شامل ہی جو مشروط سے بہتر ہی کذا فی المجتبی تو اس قاعدے کو یاد رکھنا چاہیے ھ قاعدہ یہ ہی کہ جب وصف مرغوب فوت ہوا تو مشتری
کو اختیار ہی اور اگر وصف مشروط سے بہتر اور عمدہ تر وصف ہو تو مشتری کو اختیار نہین چنانچہ اگر لونڈی اس شرط پر خرید ہو کہ وہ ثیبہ ہی سو وہ باکرہ ہو یا غلام
عیب دار خرید ہوا ہو اور وہ بے عیب نکلے تو مشتری اُسکو پھیر نہین سکتا البیع لایبطل بالشرط فی اثنین وثلثین موضعا مذکورۃ فی الاشباہ بیع باطل نہین ہوتی شرط سے
بتیس مقام مین جو اشباہ مین مذکور ہین ھ مواضع مذکورہ کے سوا شرط کرنے سے بیع باطل ہوتی ہی بیان اُسکا یون ہی کہ جو شرط کہ بیع مین مشروط ہوگی یا ایسی شرط ہوگی

عقد مقتضی ہی بلا شرط تو اُسکا شرط کرنا فساد عقد کا موجب نہین اسی طرح وہ شرط ہی کہ ہر چند اُسکو عقد مقتضی نہین لیکن عقد کے مناسب ہی یعنی موجب عقد کے موکد ہی اسی طرح وہ شرط ہی کہ ہر چند مناسب عقد بھی نہین لیکن شرع مین اُسکا جواز ثابت ہی چنانچہ شرط خیار اور شرط مدت اسی طرح وہ شرط ہی کہ ہر چند شرع مین اُسکا جواز وارد نہین لیکن اُسکا رواج ہی چنانچہ پھٹا موزہ خریدنا اس شرط پر کہ بائع اُسکو دوخت کردے یا پُرانا پھٹا کپڑا خریدکرنا اس شرط پر کہ بائع اُسکو پیوند کردے کہ یہ قیاساً جائز نہین لیکن استحساناً جائز ہی چنانچہ تاتارخانیہ مین ہی اور مختارات النوازل مین ہی کہ مشروط مفسدہ معاوضات مین ربوا کے مانند ہین نہ تبرعات مین انتہی اسواسطے کہ اسمین احد المتعاقدین کا نفع ہی بلا عوض کذا فی الطحطاوی عن ابی السعود اور منجملہ شروط مذکورہ اشباہ کی بیع بشرط رہن ہی یعنی بائع نے اس شرط پر بیع کی کہ مشتری کوئی چیز بعوض ثمن رہن رکھے بائع کے پاس اور ازان جملہ بیع بشرط کفیل یعنی ثمن کا کسی کو ضامن دے اور از انجملہ شرط بے عیبی بیع اور از انجملہ شرط قطع ثمار مشتری پر اسواسطے کہ اس شرط کو عقد مقتضی ہی تاکہ مشتری کی بائع کی ملک سے جدا ہو جائے اور از انجملہ پھیر دینا بیع کا اگر اُسمین عیب ہو اور از انجملہ گائے کا شیر دار ہونا اور گھوڑے کا تیز قدم ہونا ہی فراک شرط علی انہا مغنیۃ ان للبتری لایفسد وان للرغبۃ فسد بدائع بیع مین یہ شرط کی کہ لونڈی مغنیہ ہی اگر یہ شرط بیزاری کے واسطے ہی تو بیع فاسد نہین اور اگر رغبت کے واسطے ہی تو فاسد ہی کذا فی البدائع ہم سرود از بسکہ شرعاً حرام ہی لہذا اگر اُسکی خواہش سے شرط کی تو بیع فاسد ہی ولو شرط حبلہا ان الشرط من المشتری فسد وان من البائع جاز لان حبلہا عیب فذکرہ للبراءۃ منہ حتی لو کان فی بلد یرغبون فی شراء الاماء للاولاد فسد خانیہ اور اگر لونڈی کی بیع مین اُسکا حاملہ ہونا شرط ہوا تو اگر یہ شرط مشتری کی طرف سے ہی تو بیع فاسد ہی اور اگر بائع کی طرف سے ہی تو جائز ہی کہ حاملہ ہونا لونڈی مین عیب ہی تو بائع کا ذکر کرنا حمل کو براءت کے واسطے ہی یعنی اس عیب سے وہ پاک ہی تو اگر یہ شرط اُس شہر مین واقع ہوئی جسمین لوگ لونڈیون کی خرید مین رغبت ہین اُنکی اولاد لینے کے واسطے تو بیع فاسد ہو گی کذا فی الخانیہ یعنی اسواسطے کہ رواج شہر رغبت کی دلیل ہی تو اب اس شرط حمل کو براءت عن العیب پر محمول کرنا نہین ہو سکتا ہم اگر مشتری نے حمل جاریہ شرط کیا تو بیع فاسد ہی اسواسطے کہ مقصود مشتری کا زیادہ طلبی ہی اور زیادتی موہوم ہی اس احتمال سے کہ معلوم نہین کہ حمل ہی یا بیماری کذا فی الطحطاوی ولو شرطا انہا ذات لبن جاز علی الاکثر قلت والضابط الاوصاف ان کل وصف لاغرر فیہ فاشتراطہ جائز لامافیہ غرر الا ان یرغب فیہ اور اگر یہ شرط ہوئی کہ جاریہ شیر دار ہی تو بیع جائز ہی بنا بر قول اکثر فقہا کے مین کہتا ہون اور قاعدہ اشتراط اوصاف کا یہ ہی کہ جس وصف مین تردد نہو جیسا کہ شیر دار ہونا یا غلام کا کاتب ہونا تو اسکا شرط کرنا جائز ہی نہ اس وصف کا جو محتمل الوجود ہی چنانچہ حمل مگر از راہ بے رغبتی اور بیزاری کے البتہ اُسکی شرط مفسد نہین وفی الخانیۃ فی فصل الشروط المفسدۃ شئی عاین مایعرف بالعیان انتفی الغرر اور خانیہ کی شروط مفسدہ کی فصل مین ہی کہ جب مشتری نے دیکھ لیا اُس چیز کو کہ جو مشاہدہ کرنے سے معلوم ہو سکتی ہی احتمال فریب کا دور ہو گیا ہم اگر ستو کو خرید کیا اس شرط پر کہ بائع نے اُسمین سیر بھر گھی لت کیا ہی اور تقابض بدلین ہو چکا اور مشتری اُسکو دیکھتا ہی پھر ظاہر ہوا کہ بائع نے اُسکو آدھ سیر گھی سے لت کیا تو بیع جائز ہی اور مشتری اُسکو پھیر نہین سکتا اسواسطے کہ یہ چیز بالعیان معلوم ہوتی ہی پھر جب معائنہ کیا تو فریب نہ رہا چنانچہ اگر صابون خرید کیا اس شرط پر کہ اتنے تیل سے بنا ہی پھر ظاہر ہوا کہ اُس قدر سے کم تیل تھا اور مشتری نے صابون کو خرید کے وقت دیکھا تھا یا قمیص خرید کیا اس شرط پر کہ وہ دس گز سے طیار ہوا ہی پھر معلوم ہوا کہ نو گز سے تیار ہوا ہی تو مشتری کو اختیار نہین پھیرنے کا فروع اسکی کثیر ہین اور اعمار قصیر اگر تو اہل تقصیر سے ہی تو تکثیر بھی بے فائدہ ہی کذا فی النہر

باب خیار الرؤیۃ

یہ باب ہی خیار الرؤیہ کے احکام مین یعنی وہ اختیار کہ مشتری کو مبیع کے دیکھنے کے بعد حاصل ہوتا ہی من اضافۃ المسبب الی السبب وماقیل من اضافۃ الشئی الی شرطہ غیر ظاہر لما سیجیٔ ان لہ الرد قبل الرؤیۃ اضافت خیار کی رویت کی طرف از قبیل اضافت مسبب کے ہی سبب کی طرف اور وہ جو بعضون نے کہا کہ منجملۂ اضافت شئی کے ہی اپنی شرط کی طرف سو غیر ظاہر ہی اسواسطے کہ آویگا کہ مشتری کو پھیر دینا جائز ہی قبل رویت کے یعنی تو معلوم ہوا کہ رویت سبب ہی

ثبوت اختیار کی نہ شرط وثبت فی اربعۃ مواضع الشراء للاعیان والاجارۃ والقسمۃ والصلح عن دعوی المال علی شیء معین لان کلا
معاوضۃ فلیس فی دیون ونقود وعقود لا تنفسخ بالفسخ خیار الرویۃ فتح خیار الرویۃ ثابت ہی چار مقام مین اعیان کی خرید اور اجارہ اور قسمت اور صلح مین
یعنے وہ صلح جو شی معین پر ہوئی ہو مال کے دعوی سے اسواسطے کہ ہر ایک ان چارون مین سے معاوضہ ہی تو دیون اور نقود اور اُن عقود مین جو فسخ کرنے
سے فسخ نہین ہوتے خیار الرویۃ مین نہین کذا فی الفتح ہم فتح القدیر مین ہی کہ جب دیون مین خیار الرویۃ نہوا تو مسلم فیہ مین نہوگا اور نقود سے اثمان خالصہ
مراد ہین تو اگر مبیع چاندی یا سونے کا برتن ہوگی تو اُسمین خیار ہی اور عقود غیر منفسخہ جیسا نکاح اور بدل صلح قصاص سے اور بدل خلع اگرچہ مہر وغیرہ اعیان سے
صح الشراء والبیع لما لم یرہ یا صحیح ہی مول لینا اور بیچنا اُس چیز کا جسکو بائع اور مشتری نے نہین دیکھا ہم خواہ مبیع حاضر ہو یا نہو کذا فی الطحطاوی عن الملتقی
والاشارۃ الیہ ای المبیع او الی مکانہ شرط الجواز فلو لم یشر لذلک لم یجز اجماعا فتح وبحر وفی حاشیۃ اخی زادہ الاصح الجواز اور اشارہ کرنا
بیع کی طرف یا اُسکے مکان کی طرف شرط ہی جواز کی اور اگر بیع یا اُسکے مکان کی طرف اشارہ نہ کیا تو بالاتفاق بیع جائز نہین کذا فی الفتح والبحر اور
اخی زادہ کے حاشیے مین قول اصح یہ ہی کہ بلا اشارہ بھی بیع جائز ہی ہم خلاصہ مین ہی کہ اگر گیہون شہر مین دو جگہ ہون تو بیع جائز ہی بلا اشارہ اور یہی اصح ہی
او منتقی مین ہی کہ اگر گیہون غیر معین اور غیر مشار الیہ ہون تو بیع جائز ہی اگر بائع کی ملک مین ہون اور محیط مین ہی کہ اگر اپنے پاس کے گیہون بیچے اور اشارہ کی طرف
نکیا تو جائز ہی انتہی یہ نقول دلالت کرتے ہین کہ بیع جائز ہی اگرچہ مبیع بائع کے پاس حاضر نہو اور مشار الیہ نہو اور اسی طرح اطلاق متون مذہب اور بعض شروح کا
اور اطلاق قدوری کا دلالت کرتا ہی کذا فی الطحطاوی عن حاشیۃ الزیلعی نہر الفائق مین بعد ذکر اشتراط اشارہ حواشی سعدیہ سے نقل کیا کہ اشارے کی
شرط جواز ہونے مین علی الخصوص بالاجماع کلام ہی واللہ اعلم ولہ ای للمشتری ان یردہ اذا راہ اور مشتری کو جائز ہی کہ مبیع کو پھیر دے جب اُسکو دیکھے
ہم ابن ابی شیبہ اور بیہقی مین مکحول شامی سے حدیث مرسل مروی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کوئی چیز ایسی مول لے جسکو نہین دیکھا
تو اُسکو اختیار ہی جبکہ دیکھے اگر چاہے تو لے اور نہ چاہے تو ترک کرے اور حدیث مرسل اکثر اہل علم کے نزدیک حجت ہی اور یہی مذہب ہی امام مالک اور احمد کا
اور حدیث مین رویت سے علم بالمقصود مراد ہی بطریق عموم مجاز کے بدلیل ان مسائل اتفاقیہ کے جنمین فقط رویت کفایت نہین کرتی چنانچہ مبیع جبکہ سونگھنے سے
معلوم ہوتی ہو تو اگر مشک دیکھکر مول لیا تو اُسکو اختیار ثابت ہی سونگھنے کے وقت تو فسخ بیع کا اُسکو اختیار ہی سونگھنے کے وقت بعد رویت کے اسی طرح اگر چیز
کو دیکھکر خرید کیا پھر اُسکو متغیر پایا اسواسطے کہ وہ رویت معرفت مقصود مین کافی نہین اور اسی طرح اعمی کی خرید مین اختیار ثابت ہی جب کوئی مبیع کا حال
اُس سے بیان کرے تو اُسکے حق مین بیان شخص غیر بجاے رویت ہوگا کذا فی الفتح الا اذا حملہ البائع لبیت المشتری فلا یردہ اذا راہ الا اذا اعادہ الی البائع
بعد رویت کے مشتری کو اختیار ہی مگر جبکہ مبیع کو بائع اُٹھالایا مشتری کے گھر تو اُسکو نہ پھیرے جبکہ اُسکو دیکھے مگر اسطرح بعد حمل کے بھی پھیر سکتا ہی کہ
جبکہ مبیع کو پہونچا دے بائع کے مکان کی طرف کذا فی الاشباہ وان رضی بالقول قبلہ ای قبل ان یراہ لان خیارہ معلق بالرویۃ بالنص ولا وجود للمعلق
قبل الشرط خیار الرویۃ ثابت ہی اگرچہ مشتری راضی ہوگیا ہو زبانی قبل اُسکے دیکھنے کے اسواسطے کہ اختیار مشتری کا معلق ہی رویت کے ساتھ بنص حدیث
مذکور اور معلق بالشرط کا وجود نہین قبل شرط کے ہم رضا سے قولی کی اسواسطے قید لگائی کہ اگر اجازت فعلی قبل رویت پائی جائے اسطرح کہ اُسمین تصرف کرے
تو اختیار اُسکا زائل ہوگا کذا فی الشرنبلالیۃ ولو فسخہ قبلہا ای قبل الرویۃ صح فسخہ فی الاصح بحر لعدم لزوم البیع بسبب جہالۃ المبیع فلم یقع مبرما اور اگر مشتری نے
بیع کو فسخ کیا قبل رویت کے تو صحیح ہی فسخ اُسکا قول اصح مین کذا فی البحر بسبب نہ لازم ہونے بیع کے جہالت مبیع کے سبب سے تو بیع مستحکم ہی
نہ واقع ہوئی تھی لہذا فسخ مشتری قبل رویت صحیح ہوا وثبت الخیار للرویۃ مطلقا غیر موقت بمدۃ ہو الاصح عنایۃ لاطلاق النص مالم یوجد مبطلہ
اور خیار الرویۃ مطلقا ثابت ہی بلا تقرر مدت یعنی تمام عمر جب تک نہ دیکھیگا اختیار ثابت ہی یہی قول اصح ہی کذا فی العنایۃ بسبب مطلق ہونے

نص مذکور کے تاوقتیکہ مبطل اختیار نہ پایا جاوے ھم اور غیر اصح یہ قول ہی کہ خیار الرؤیۃ موقت بوقت امکان فسخ ہی رویت کے بعد وہو مبطل خیار الشرط
مطلقا ومفید الرضی بعد الرؤیۃ لاقبلہا قدرا اور خیار الرؤیۃ کا مبطل وہ ہی جو خیار الشرط کا مبطل ہی مطلقاً یعنی صراحۃً یا دلالۃً اور جو مفید ہی رضامندی کا بعد رویت
کے نہ قبل رویت کے کذا فی الدرر ھم مفید رضا چنانچہ مبیع کا قبضہ کرنا اور اسکو بیع کے واسطے پیش کرنا اور حق شفعہ لینا فلہ الاخذ بالشفعۃ ثم رد الاول بالرؤیۃ
درر من خیار الشرط فلیحفظ جب مفید رضا قبل رویت مبطل خیار نہوا تو مشتری کو جائز ہی لینا بسبب شفعہ کے پھر مبیع اول کو پھیر دینا بسبب رویت کے
کذا فی الدرر من باب خیار الشرط تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ھم مشتری نے گھر لیا بن دیکھے پھر دوسرا گھر اسکے پاس بکنے لگا تو اسکو بسبب شفعہ کے خرید لیا
پھر بعد اسکے پہلا گھر دیکھا تو اسکو پھیر سکتا ہی ولیشترط الفسخہ علم البائع بالفسخ خوف الغرر اور بیع فسخ ہونے کے واسطے دریافت کرنا بائع کا فسخ کو مشروط ہی
تا نہ ہو کہ ہانہ پڑے یعنی خریدے بائع کو اطمینان ہوتا ہی تو دوسرے مشتری کو وہ طلب نہیں کرتا لہذا علم بائع شرط فسخ ہوا تا وہ دھوکہ نہ کھاوے ولا خیار للبائع
فالمبیع فی الاصح اور اختیار نہیں اس بائع کا جسنے مبیع کو بن دیکھے بیچا قول صحیح مین ھم ایک شخص کو ایک چیز وراثت مین ملی اوسنے بدون رویت کے بیچ ڈالی
تو بعد رویت اسکو فسخ بیع مین اختیار نہیں ہدایہ وغیرہ مین تصریح ہی کہ اول امام اعظم کے نزدیک خیار بائع ثابت تھا پھر آخر کو عدم خیار کی طرف رجوع کیا طحطاوی
کما مجتہد کا قول مرجوع عنہ منسوخ کے مانند ہرگز معتبر نہیں ہوتا تو شارح کو اسکا اصح کہنا مناسب نہ تھا اسواسطے کہ اصح کا مقابل صحیح ہوتا ہی وکفی رؤیۃ ما یوذن بالمقصود
کوجہ صبرۃ ورقیق اور اسقدر کا دیکھنا کفایت کرتا ہی جس سے مقصود معلوم ہو جاوے چنانچہ ڈھیر کے اوپر کا سطح دیکھنا اور مملوک کا منھ دیکھنا ھم یعنے
تمام مبیع کا دیکھنا ضرور نہیں بسبب تعذر کے لہذا اتنا دیکھنا کافی ہوا جس سے مبیع کا حال معلوم ہو جاوے ڈھیر سے مکیلات اور موزونات کا ڈھیر مراد ہی یعنے
جب اناج کا مثلاً ڈھیر دیکھ لیا تو اب اسکو بسبب خیار الرؤیۃ کے پھیر نہیں سکتا اسواسطے کہ بعض کا دیکھنا بجائے کل کے ہی ہان اگر ڈھیر کے اندر ناقص اناج ہوگا
تو اسکا پھیرنا خیار العیب کے سبب سے جائز ہوگا نہ خیار الرؤیۃ سے اور اگر انار یا امرود ٹوکری مین ہون تو یہان بعض کا دیکھنا کافی نہین اسواسطے کہ اسکی افراد مین
تفاوت کثیر ہوتا ہی تو جب تک سب کو نہ دیکھیگا اختیار ساقط نہوگا بحر الرائق مین ہی لونڈی غلام کی ہتیلیان اور زبان اور دانت اور بال کا دیکھنا ہمارے نزدیک شرط نہین
شرنبلالیہ مین ہی کہ بنی آدم مین اگر جمیع اعضا دیکھے سواے چہرہ تو خیار الرؤیۃ باقی ہی کذا فی الطحطاوی ووجہ دابۃ وکفلہا ایضاً فی الاصح اور سواری کے جانور کا
چہرہ اور اسکا پٹھا دیکھنا بھی ضرور ہی قول صحیح مین یعنی چہرہ اور پٹھا دونون کا دیکھنا ضرور ہی ھم سواری کی قید سے بکری گاے نکل گئی کہ اسکا حکم آویگا ورؤیۃ ظاہر
ثوب مطوی وقال زفر لابد من نشرہ کلہ وہو المختار کما فی اکثر المعتبرات قالہ المصنف اور لپٹے کپڑے کی ظاہر کی تہ دیکھنا کافی ہی اور زفر نے کہا اس کپڑے کو
سب کھولنا ضرور ہی اور یہی مختار ہی چنانچہ اکثر کتب معتبرہ مین ہی ایسا کچھ کہا ہی مصنف نے اپنی شرح مین ھم قول زفر اسواسطے مختار ہوا کہ اس زمانے مین
ثیاب کے ظاہر اور باطن مین بہت اختلاف ہوتا ہی کذا فی الفتح عن المبسوط وداخل دار وقال زفر لابد من رؤیۃ داخل البیوت وہو الصحیح وعلیہ الفتوی جوہرہ
وہذا اختلاف زمان لا برہان ومثلہ الکرم والبستان اور داخل دار یعنی گھر کا صحن دیکھنا کافی ہی اور زفر نے کہا کہ داخل بیوت یعنے دالان اور کوٹھریون کے اندر
بھی دیکھنا ضرور ہی اور یہی قول صحیح ہی اور اسی پر فتوی ہی اور یہ بنا بر اختلاف زمان ہی نہ اختلاف حجت اور برہان اور اسی طرح حکم ہی باغ کا کنجان
درخت ہون یا متفرق ھم امام اور صاحبین کے نزدیک گھر کا صحن دیکھنا یا خارج سے دیکھنا کافی ہی اور صحیح یہ ہی کہ یہ بنا برانکی عادت کے ہی اسواسطے
کہ کوفہ اور بغداد کے گھر مختلف نہ ہوتے تھے مگر خردی اور بزرگی مین یا قدیم یا جدید ہونے مین بخلاف ہمارے دیار کے کہ انمین نہایت تفاوت ہوتا ہی اسواسطے
مکانات سرا اور گرما اور مکانات علویہ اور سفلیہ اور مرافق اور مطابخ اور سطوح مختلف ہوتے ہین تو اب ان سب کا دیکھنا ضرور ہوا اور یہی معتبر ہی دیار مصر اور شام اور عراق
(اور پیچھے کے ۱۲ منافع ۱۲ باورچی خانے ۱۲)
مین تو معلوم ہو گیا کہ یہ اختلاف باعتبار اختلاف عصر کے ہی نہ باعتبار اختلاف دلیل کے اور اسی طرح باغات مین بھی خارج سے دیکھنا کافی نہین کذا فی النہر وکفی
جس شاۃ لحم اور گوشت کی گوسفند کا ٹٹولنا کافی ہی یعنی اگر گوشت کے واسطے دنبہ یا بھیڑ مول لیتا ہو تو اگر ہاتھ سے اسکو ٹٹول لیا تو خیار الرؤیۃ ساقط ہی اسواسطے کہ

اس طرح سے کمی اور زیادتی گوشت کی معلوم ہو جاتی ہے تو اگر دور سے نظر کی اور ہاتھ نہ لگایا تو خیار ثابت ہے اسواسطے کہ گوشت کا دبال کثرت پشم سے بدون ٹٹولنے
کے معلوم نہین ہوتا کذا فی الطحطاوی عن الشلبی و نظر جمیع جسد شاۃ قنیۃ للدر والنسل مع ضرعھا ظہیریۃ اور جو گوسفند بالود و دھ پیچے لینے کے واسطے ہو تو اُسکے
تمام بدن کا دیکھنا تھنون کے ساتھ کافی ہے کذا فی الظہیریۃ وضرع بقرۃ حلوب وناقۃ لانہ المقصود وجہہ اور گاے اور اونٹنی شیر دار کے تھن کا دیکھنا کافی ہے اسواسطے کہ
وہی مقصود ہے کذا فی الجوہرۃ وکفی ذوق مطعوم وشم مشموم اور کھانے کی چیز کا چکھنا اور سونگھنے کی چیز کا سونگھنا کافی ہے لا خارج دار وصحنھا علی المفتی بہ
لما مر ا ورؤیۃ دہن فی زجاج لوجود الحائل کافی نہین خارج دار اور اُسکے صحن کا دیکھنا بموجب قول مفتی بہ چنانچہ عنقریب مذکور ہوچکا یا دیکھنا تیل کا شیشے
مین کافی نہین بسبب وجود حائل کے وکفی رؤیۃ وکیل قبض اور کافی ہے دیکھنا وکیل قبض کا ھم وکیل قبض وہ ہے جس سے موکل نے کہا کہ تو میرا وکیل ہے
میرے بن دیکھی خریدی چیز کے قبضہ کرنے مین و وکیل شراء اور کافی ہے دیکھنا خرید کے وکیل کا خرید کا وکیل وہ ہے جس سے موکل نے کہا کہ تو میرا وکیل
ہو کر فلانی چیز خرید کر لا رؤیۃ رسول المشتری وبیانہ فی الدرر کافی نہین رؤیت مشتری کے پیامی کی اور بیان اُسکا درر مین ہے ھم صورت رسالت یہ ہے
کہ مشتری ایک شخص سے کہے کہ تو میرا پیام پہونچا دے قبضہ کرنے کا تو وکیل قبض کی رؤیت بالاجماع مسقط خیار ہے اور وکیل خرید کی رؤیت امام کے نزدیک مسقط
خیار ہے جبکہ وکیل نے مبیع پر قبضہ کیا ہو دیکھ کر اور صاحبین کے نزدیک وکیل بالقبض اور رسول برابر ہے کذا فی الطحطاوی عن الدرر وصح عقد الاعمی ولو لغیرہ ھم
کالبصیر الا فی اثنی عشرۃ مسئلۃ مذکورۃ فی الاشباہ اور صحیح ہے عقد کرنا اندھے کا اگرچہ اُسنے غیر کے واسطے بطریق وکالت خریداری کی ہو اور اندھا البصیر
کے مانند ہے مگر بارہ مسئلون مین جو مذکور ہین اشباہ مین ھم ازانجملہ اُسپر جہاد اور جمعہ اور جماعت نہین اگرچہ چلنے والا پاوے اور بقول معتمد لائق شہادت مطلقا
نہین اور نہ لائق قضا نہ امانت عظمیٰ یعنے بادشاہی اور اُسکی آنکھ مین دیت نہین بلکہ حکومت واجب ہے اور اُسکی امامت نماز مین مکروہ ہے مگر اسوقت مکروہ
نہین جبکہ سب سے زیادہ تر عالم ہو اور اُسکا آزاد کرنا کفارے سے صحیح نہین اور اُسکے ذبیحہ اور شکار اور حضانت کا حکم مین نے نہین دیکھا او وصف مبیع
بجاے اُسکی رؤیت کے ہے کذا فی الاشباہ وسقط خیارہ بجس مبیع وشمہ وذوقہ فیما یعرف بذلک اور اندھے کا اختیار ساقط ہے مبیع کے ٹٹولنے
اور اُسکے سونگھنے اور چکھنے سے اُس چیز مین جو معلوم ہو جاتی ہے اس سے یعنے ٹٹولنے اور سونگھنے اور چکھنے سے ووصف عقار وشجر وعبد وکذا کل مالا یعرف بجس
وشم وذوق عند رؤیۃ اور ساقط ہوتا ہے خیار اندھے کا زمین اور درخت اور غلام کی صفت بیان کرنے سے اور اسی طرح جو چیز کہ ٹٹولنے اور سونگھنے اور چکھنے
سے معلوم نہین ہوتی اُسمین ذکر وصف بجاے رؤیت مسقط خیار ہے ھم بیان اوصاف اشیاء مذکور بابلغ وجوہ ممکنہ لازم ہے اعمی کے نزدیک ذکر اوصاف
بمنزلہ رؤیت ہے او نظر وکیلہ ولو ابصر بعد ذلک فلا خیار لہ یا اختیار اندھے کا ساقط ہوتا ہے اُسکے وکیل کے نظر کرنے سے اور اگر اندھے کو سوجھنے
لگے بعد وصف اور نظر وکیل کے تو اُسکو اختیار نہین بیع کے فسخ کرنے کا ھم اور اگر بصیر نے ایک چیز بن دیکھے خرید کی پھر وہ اندھا ہو گیا تو اُسکا اختیار
بیان وصف کی طرف منتقل ہوگا کذا فی الطحطاوی ہذا کلہ اذا وجدت المذکورات کشم الاعمی وکذا رؤیۃ البصیر وجہ الصبرۃ ونحوہا منہ
قبل شرائہ ولو بعدہ ثبت لہ الخیار بہا ای بالمذکورات لانہا مسقطۃ کما غلط فیہ بعضہم فیمتد خیارہ فی جمیع عمرہ علی الصحیح مالم یوجد منہ ما یدل
علی الرضی من قول او فعل او تعیب او یہلک بعضہ عندہ ولو قبل الرؤیۃ یہ سب کچھ اسوقت ہے جب کہ اشیاے مذکورہ چنانچہ سونگھنا اندھے
کا اور دیکھنا انکھیارے کا ڈھیر اور اُسکے مانند کو کذا فی النہر واقع ہو قبل اُسکے خرید کرلینے کے یعنے اگر قبل خرید اعمی نے سونگھ یا چکھ لیا اور بصیر نے
ڈھیر یا چہرہ غلام کو دیکھ لیا تو اختیار فسخ بیع ساقط ہے اور اگر امور مسطورہ بعد خرید کے ہوئے تو اُسکو بواسطے اشیاے مذکورہ کے اختیار ثابت
ہے یہ نہین کہ امور مذکورہ بعد خرید مسقط اختیار ہین جیسا کہ بعضون نے اُسکو غلط سمجھا ہے تو اُسکا اختیار ممتد رہیگا تمام عمر بنا بر قول صحیح کے جب تک کہ مشتری سے
وہ چیز نہ پائی جاوے جو رضامندی پر دلالت کرے منجملہ قول یا فعل کے یا مبیع عیب دار ہو جاوے یا بعض مبیع ہلاک ہو جاوے مشتری کے پاس اگرچہ عیب یا ہلاکی قبل رؤیت

ھم و صورت عیب اسواسطے پھیر دینا درست نہوا کہ بائع کے پاس اسمین عیب نہ تھا تو اب پھیرنے مین اسکا نقصان ہوگا اور ہلاک بعض مبیع کی یہ صورت ہے مثلاً
دو کپڑے مشتری نے خرید کیے پھر ایک کپڑا بیچا یا ہبہ مع التسلیم کیا تو اگر دوسرا کپڑا پھیرے تو تفریق صفقہ لازم آوے ولو اذن للاکار ان یزرعہا قبل الرؤیۃ فزرع
بطل لان فعلہ بامرہ کفعلہ عینی اور اگر مشتری نے خریدی زمین مین مزارع کو زراعت کرنے کا اذن دیا قبل رویت زمین کے پھر اسنے اسمین زراعت کی تو
خیار الرؤیۃ باطل ہوگیا اسواسطے کہ فعل مزارع کا مشتری کے حکم سے مشتری کے فعل کے مانند ہی کذا فی العینی ولو شری نافجۃ مسک فاخرج المسک منہا لم یکن لہ خیار
ولا عیب لان الاخراج یدخل علیہ عیبا ظاہرا نہر اور اگر مشک کا نافہ خرید کیا پھر اسمین سے مشک نکال لیا تو اسکو نہ پھیرے بسبب خیار الرؤیۃ کے اور نہ خیار
کے اسواسطے کہ اخراج نے اسمین عیب ظاہر داخل کر دیا کذا فی النہر طحطاوی نے کہا نہر الفائق مین خیار العیب مذکور نہین اس مسئلے مین لیکن حکم یہی ہی جو
شارح نے مذکور کیا اسواسطے کہ خیار العیب اسوقت تک ہی جب تک مشتری کے پاس دوسرا عیب نہ پیدا ہوا ہو اور یہان اخراج سے نافہ معیوب ہوگیا
ومن رای احد ثوبین فاشتراہما ثم رای الآخر فلہ ردہما ان شاء لا رد الآخر وحدہ لتفریق الصفقۃ اور جیسے دو کپڑون مین سے ایک کپڑا دیکھا پھر دونون
کپڑے خرید کیے بعد اسکے دوسرا کپڑا دیکھا تو اسکو دونون کا پھیر دینا جائز ہی اگر وہ چاہے نہ پھیر دینا فقط دوسرے کپڑے کا بسبب تفریق صفقہ کے یعنی چند چیزین
یکمشت لینی پھر بعض کا لینا اور بعض کا پھیر دینا ممنوع ہی ولو اشتری ما رآہ حال کونہ قاصدا لشرائہ عند رویتہ فلو رآہ لا لقصد شرائہ ثم شراہ قیل له الخیار
ظہیریۃ ووجہہ ظاہر لانہ لا یتامل التامل المفید بحر قال المصنف ولقوۃ مدرکہ عولنا علیہ عالما بانہ مرئیتہ السابق وقت الشراء فلو لم یعلم
بعدم الرضی در رفلا خیار لہ اذا تغیر فیخیر اور اگر خرید کیا اس مبیع کو جسکو بحالت قصد خرید دیکھا تھا خریداری کے وقت یہ جانکر کہ یہ مبیع وہی اگلی دیکھی چیز ہی
تو اسکو پھیر دینے کا اختیار نہین مگر جبکہ وہ متغیر ہوگئی ہو حالت سابقہ سے تو اب اسکو اختیار ہوگا اگر مبیع کو بلا قصد خریداری دیکھا پھر اسکو خرید کیا تو بعضون نے
کہا کہ اسکو اختیار ہی کذا فی الظہیریہ اور اسکی وجہ ظاہر ہی اسواسطے کہ جو بقصد خریداری نہین دیکھتا وہ خوب تامل مفید نہین کرتا کذا فی البحر تو اسکی رویت کالعدم ہی
مصنف نے اپنی شرح مین کہا اور بسبب قوت دلیل اس قول کے ہمنے اسپر اعتماد کیا علم وقت کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر مشتری یہ نجانے کہ اسکو مین دیکھ
چکا ہون تو اسکو اختیار ہوگا بسبب عدم رضامندی کذا فی الدرر ھم وقایہ اور کنز مین یہ مسئلہ بلا قید مذکور ہی اسطرح کہ دیکھی چیز کے خریدنے مین بلا تغیر اختیار نہین لیکن صاحب ہدایہ نے
یہ قید لگائی کہ وقت خریداری مشتری نے یہ جانا ہو کہ یہ میری دیکھی چیز ہی اور مصنف نے اپنے اس متن مین نیت بقصد خریداری کی قید زیادہ کی اور شرح مین اسکی وجہ بیان کی
کہ قوت دلیل ہو جب اعتماد تقیید مذکور کی ہوئی یعنی اگرچہ ظہیریہ مین یہ قید بصیغہ تمریض مذکور ہی اور صورت عدم علم کی یہ ہی کہ زید نے ایک لونڈی دیکھی پھر نقاب دار لونڈی
خرید کی اور یہ اسکو معلوم نہوا کہ یہ وہی لونڈی ہی جسکو مین دیکھ چکا ہون پھر معلوم ہوا کہ یہ وہی ہی تو مشتری کو اختیار ہوگا یا ایک کپڑا دیکھا پھر وہی کپڑا دوسرے کپڑے مین لپٹا
نادانستہ خرید کیا تو فسخ بیع مین اختیار ہوگا رای ثیابا فرفع البائع بعضہا ثم اشتری الباقی ولا یعرفہ فلہ الخیار کذا لو کانا ملفوفین وثمنہما متفاوت لانہ ربما
یکون الاردی بالاکثر ثمنا دیکھے چند کپڑے پھر بائع نے کوئی کپڑا اٹھا لیا پھر باقی کو خرید کیا اور مشتری باقی کپڑے کو نہین پہچانتا تو اسکو خیار الرؤیۃ ثابت ہی اور
اسی طرح اگر دو کپڑے کسی چیز مین پیچیدہ ہون اور دونون کا ثمن مختلف ہو تو اختیار ہی اسواسطے کہ شاید ناقص کپڑا زیادہ ثمن کو ٹھیرے ولو سمی لکل واحد من الثیاب
عشرۃ لا خیار لہ لان الثمن لما لم یختلف استویا فی الاوصاف بحر اور اگر منجملہ ثیاب ہر کپڑے کی قیمت دس درم مثلاً معین ہوگئی تو مشتری کو اختیار نہین اسواسطے
کہ جب ثمن مختلف نہوا تو دونون اوصاف مین برابر ہوگئے کذا فی البحر والقول للبائع بیمینہ اذا اختلفا فی التغیر ہذا لو المدۃ قریبۃ وان بعیدۃ
فالقول للمشتری عملا بالظاہر وفی الظہیریۃ الشہر فما فوقہ بعید وفی الفتح اشہر فی مثل الدابۃ والمملوک قلیل اور قول بائع کا معتبر ہو قسم کے ساتھ جب کہ
بائع اور مشتری مختلف ہون مبیع کے متغیر ہو جانے مین یہ اسوقت ہی کہ اگر مدت قریب ہو اور اگر مدت بعید ہوگی تو مشتری کا قول معتبر ہوگا ظاہر پر عمل کرنے
سے اور ظہیریہ مین ہی کہ ایک مہینا اور اس سے زیادہ بعید ہی اور فتح القدیر مین ہی کہ جانور اور غلام کے مانند مین ایک مہینہ قلیل ہی ھم عمل بالظاہر دونون مسئلون کا

ظاہر القلیل ہے یعنی مدت قلیل میں ظاہر حال عدم تغیر پر دلالت کرتا ہے لہذا قول بائع معتبر ہوا اور مدت بعید میں ظاہر حال تغیر کا شاہد ہے لہذا مشتری کا قول معتبر
ہوا شرنبلالی نے کہا کہ مدت مختلف ہوتی ہے باعتبار اختلاف اشیا کے اور تغیر اشجار سال کے اندر ہوتا ہے اور جانوروں کا تغیر اس سے کم مدت میں ہوتا ہے جیسے چارہ
وغیرہ کی قلت سے لہذا زیلعی نے مدت بعید کی حد مذکور نہیں کی اور اسی طرح صاحب ہدایہ نے کذا فی الطحطاوی کما ان القول للمشتری بیمینہ لو اختلفا فی اصل الرؤیۃ
لانہ ینکر الرؤیۃ جیسے مشتری کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہے اگر دونوں اصل رویت میں مختلف ہوں اسواسطے کہ مشتری منکر ہے رویت کا اور بہ اعتبار منکر کے قول کا ہے
وکذا لو انکر البائع کون المردود مبیعا فی بیع بات او فیہ خیار شرط او رؤیۃ فالقول للمشتری اور اسیطرح اگر بائع نے انکار کیا کہ مشتری نے جو چیز پھیر دی وہ مبیع نہیں
بیع قطعی بلا خیار میں یا اس بیع میں جسمیں خیار الشرط یا خیار الرؤیۃ ہے تو مشتری کا قول معتبر ہے یعنے بیوع ثلثہ مذکورہ میں جب تعیین مبیع میں اختلاف ہوگا تو مشتری
کا قول معتبر ہوا و مبیع بلا خیار میں پھیر دینا بیع کا بطریق اقالہ یا بظہور خیانت تولیہ یا مرابحہ میں یا وصف مرغوب فیہ کے فوت ہونے سے ہوگا ولو فیہ خیار
عیب فالقول للبائع والفرق ان المشتری ینفرد بالفسخ فی الاول لا الاخیر اور اگر بیع میں خیار العیب ہے تو بائع کا قول معتبر ہوا اور فرق یہ ہے کہ مشتری فسخ
بیع میں منفرد ہے اول قسم میں یعنی جسمیں مشتری کا قول معتبر ہے یعنے مسئلہ خیار الشرط اور خیار الرؤیۃ میں نہ قسم ثانی میں یعنی خیار العیب میں اسواسطے کہ خیار العیب
میں عقد منفسخ نہیں ہوتا مشتری کے فسخ کرنے سے بلا حکم قاضی تو مشتری مدعی حق فسخ ہوا اور بائع منکر لہذا منکر کا قول معتبر ہوا کذا فی الطحطاوی

اشتری عدلا من متاع ولم یرہ وباع او لبس منہ ثوبا بعد القبض او وہب وسلم ردہ بخیار عیب لا بخیار رؤیۃ و شرط لان الاصل ان رد البعض
یوجب تفریق الصفقۃ وہو بعد التمام جائز لا قبلہ فخیار الشرط والرؤیۃ یمنعان تمامہا وخیار العیب یمنعہ قبل القبض لا بعدہ خرید کی متاع کی گٹھری حالانکہ دیکھی نہیں
اور ایک کپڑا اسمیں سے بیچا بعد قبض کے یا پہن لیا کذا فی النہر یا ہبہ کیا اور قبضہ کرا دیا تو اسکو پھیر سکتا ہے خیار العیب سے نہ خیار الرؤیۃ یا خیار الشرط سے
قاعدہ اسکا یہ ہے کہ بعض مبیع کا پھیر دینا موجب تفریق صفقہ کا ہے اور تفریق بعد تمام ہوجانے بیع کے جائز ہے نہ قبل تمامی کے تو خیار الشرط اور خیار الرؤیۃ صفقہ
تمام ہونے کے مانع ہیں اور خیار العیب تمام ہونے کا مانع ہے قبل قبض کے نہ بعد قبض کے ولا یعود خیار الرؤیۃ بعد سقوطہ عن الثانی کخیار شرط وصححہ قاضی خان وغیرہ
اور کیا عود کرتا ہے خیار الرؤیۃ بعد اسکے ساقط ہونے کے ابو یوسف سے منقول ہے کہ عود نہیں کرتا جیسے خیار شرط بعد سقوط کے عود نہیں کرتا اور اس قول کو قاضی خان
وغیرہ نے صحیح کہا ہے یعنی اگر کوئی چیز بن دیکھی خرید کی پھر مشتری نے دوسرے کے ہاتھ بیچی یا ہبہ کی اور اسپر موہوب لہ کا قبضہ کروا دیا پھر اسکی طرف اس چیز نے عود کیا بسبب
فسخ بیع یا رد ہبہ کے تو اب اسکو بائع اول کی طرف پھیر نہیں سکتا اسواسطے کہ بیع یا ہبہ ایسا تصرف ہے کہ رضا پر دلالت کرتا ہے اور خیار الرؤیۃ کا مبطل ہے اور جب چیز ساقط ہوگئی تو اسکا عود بلا سبب
قوی نہیں ہوتا کذا فی الطحطاوی فروع مسائل ملحقہ شارح کے شری شیئا لم یرہ لیس للبائع مطالبتہ بالثمن قبل الرؤیۃ ایک چیز بن دیکھی خرید کی تو بائع ثمن کو قبل رویت کے
طلب نہیں کر سکتا اسواسطے کہ ہنوز بیع پوری نہیں ہوئی ولو تبایعا عینا بعین فلہما الخیار مجتبی اور اگر عاقدین نے باہم خرید فروخت کی عین کی بعوض عین کے
مثلاً کتاب کا مبادلہ کپڑے یا گھوڑے سے کیا تو دونوں کے واسطے خیار الرؤیۃ ثابت ہے کذا فی المجتبی اسواسطے کہ ہر واحد مشتری ہے اس عوض کا جو اسکو حاصل ہوگا
کذا فی الطحطاوی عن البحر شری جاریۃ بعبد والف فتقابضا ثم رد بائع الجاریۃ العبد بخیار الرؤیۃ لم یبطل البیع فی الجاریۃ بحصۃ الالف ظہیریۃ لما مر انہ لا خیار فی الدین خرید کی
لونڈی کو بعوض غلام اور ہزار درم کے پھر دونوں نے باہم قبضہ کیا پھر لونڈی کے بائع نے غلام کو پھیر دیا بسبب خیار الرؤیۃ کے تو بیع باطل نہ ہوگی لونڈی میں بقدر
حصہ ہزار درم کے کذا فی الظہیریۃ اسواسطے کہ مذکور ہوچکا کہ اختیار ثابت نہیں دین میں یعنی زر نقد میں اراد بیع ضیعۃ ولا یکون للمشتری خیار فالحیلۃ ان یقر
بثوب لانسان ثم یبیع الثوب مع الضیعۃ ثم المقر لہ یستحق الثوب المقر بہ فیبطل خیار المشتری للزوم تفریق الصفقۃ وہو لا یجوز الا فی الشفعۃ ولوالجیۃ ارادہ کیا زمین
کی بیع کا اور چاہا کہ مشتری کو اختیار نہ رہے فسخ کا تو تدبیر اسکی یہ ہے کہ کسی کپڑے کا اقرار کرے ایک انسان کے واسطے پھر اسی کپڑے کو زمین کے
ساتھ بیع کرے پھر مقر لہ اس کپڑے کا مستحق ہوگا جسکا اقرار کر چکا تو مشتری کا اختیار زمین میں باطل ہوجاویگا بسبب لازم آنے تفریق صفقہ کے

اور وہ جائز نہین مگر شفعہ مین کذا فی الولوالجیۃ ھ طحطاوی نے کہا یہان تفرق عقد سے کچھ ضرر نہین اسواسطے کہ اگر مشتری دونون مبیع کو رد کرتا تو بھی مستحق کپڑے کو
لیتا گواہون سے اُسکا اقرار ثابت کرکے تو وہ ہر حال مین ماخوذ ہی علاوہ اسکے یہ ضرر خود بائع کی طرف سے پیدا ہوا اُسکے اقرار کرنے سے شریٰ شیئین وباحدھما عیبا ان قبضھما
رد المعیب والا الا المامر خرید کیا دو چیزون کو اور ایک چیز مین عیب ہی اگر دونون پر قبضہ کرچکا ہی تو فقط معیوب کو پھیر سکتا ہی اور نہین تو نہین چنانچہ گذر گیا ھ مذکور یہ ہو چکا کہ بعض
مبیع کا پھیر دینا خیار العیب مین بعد قبضہ کرنے کے جائز ہی بسبب تمام ہوجانے صفقہ کے نہ قبل قبض کے اسواسطے کہ بدون قبض صفقہ ناتمام ہی کذا فی الطحطاوی واللہ اعلم

باب خیار العیب

یہ باب ہی خیار العیب کے احکام مین ہو لغۃ ما یخلو عنہ اصل الفطرۃ السلیمۃ عیب لغت عرب مین وہ چیز ہی جس سے فطرت سلیمہ خالی ہو یعنی جو اصل خلقت مین داخل ہو
و شرعا ما افادہ بقولہ اور اصطلاح شرع مین حقیقت عیب وہ ہی جسکو مصنف نے اپنے آیندہ قول مین ذکر کیا من وجد بمشریہ ما ینقص الثمن ولو یسیرا جوہرہ
عند التجار المراد بہم ارباب المعرفۃ بکل تجارۃ وصنعۃ قالہ المصنف اخذہ بکل الثمن او ردہ جسنے اپنی خریدی چیز مین ایسی چیز پائی جس سے ثمن گھٹ جاتا ہو سوداگرون
کے نزدیک اگرچہ تھوڑا ہی نقصان ہو کذا فی الجوہرہ تو مبیع کو تمام ثمن دیکر لے یا اُسکو پھیر دے سوداگرون سے وہ لوگ مراد ہین جنکو شناخت ہی ہر تجارت اور صنعت
کی ایسا کچھ مصنف نے کہا ہی اپنی شرح مین ھ تو معلوم ہوا کہ فقہ مین عیب اُسکا نام ہی جس سے قیمت کم ہوجاوے دستکارون کے نزدیک خواہ عیب سے عین مبیع
مین نقصان ہو یا نہو بلکہ فقط نمودار ہونے سے عیب صادق آتا ہی اگرچہ منفعت مین کچھ نقصان نہو چنانچہ سیاہ ناخن تندرست زور اور غلام کا عیب مین داخل ہی
تجار کو عام اسواسطے کیا کہ اگر بیع مصنوعات سے ہوتی ہی تو وہان کاریگرون کا عرف معتبر ہوگا نہ تجار کا حلبی نے کہا ہر تجارت مین اُسکے لوگ معتبر ہین اور صنعت مین
اُسکے اہل کا اعتبار ہی انتہی اور یہ مراد نہین کہ عیب وہ ہی جسکو سب سوداگر اور جمیع ارباب صنائع ناقص کہین اگرچہ اُنکی تجارت اور صناعت مین سے نہو مشتری کو رد کا
مین اسواسطے اختیار ہوا کہ مطلق عقد بے عیبی کا مقتضی ہی اور ثمن اسواسطے نہ کم ہوا کہ اوصاف کے مقابل مین کچھ ثمن نہین پڑتا ہان اگر بیع کے بعد بائع کے فعل سے عیب
پیدا ہوگا تو بقدر اُسکے ثمن کم ہوگا اگر مشتری اُسکے لینے کا ارادہ کریگا اور مسئلہ خیار العیب مین چند قیود کا ملحوظ رکھنا ضرور ہی اول یہ ہی کہ عیب بائع کے پاس حادث ہو نہ مشتری کے
پاس ۲ مشتری کو بیع کے وقت معلوم نہو ۳ عند القبض بھی معلوم نہو ۴ ازالہ عیب پر بلا مشقت قادر نہو اور اگر مشتری قادر ہو ازالہ پر چنانچہ تحلیل احرام جاریہ
یا کپڑے سے خون کا دھونا النادر صورت عدم نقصان تو عیب نہ ثابت ہوگا ۵ عدم اشتراط براءت ایک عیب یا جمیع عیوب سے ۶ وہ عیب زوال پذیر نہو قبل فسخ کے سوا اگر
زائل ہوگیا ہی چنانچہ آنکھ کی سفیدی جبکہ دور ہوجاوے یا تپ زائل ہوجائے تو مشتری کو پھیر دینے کا اختیار نہوگا کذا فی الطحطاوی وما لم یتعین لما سالہ کحلالین فاحرما او احدھما
در صورت عیب اُسوقت تک اختیار ہی جب تک مساک مبیع متعین نہوگیا ہو چنانچہ دو حلال مردون مین سے ایک نے دوسرے سے شکار مول لیا پھر دونون نے احرام باندھا
یا ایک نے تو اب رد بیع ممتنع ہی بقدر نقصان پھیر لینا چاہیے کذا فی الحلبی وفی المحیط وصی او وکیل او عبد ماذون شری شیئا بالف وقیمتہ ثلثۃ آلاف لم یرد بعیب بخلاف
خیار الشرط والرؤیۃ اشباہ للاضرار بیتیم وموکل ومولی وفی النہر ینبغی الرجوع بالنقصان کوارث شری من الترکۃ کفنا فوجد بہ عیبا ولو تبرع بالکفن اجنبی لا یرجع
اور محیط مین ہی وصی یا وکیل یا عبد ماذون نے کوئی چیز ہزار کو خرید کی اور قیمت اُسکی تین ہزار ہین تو رد بیع نکرے بسبب عیب مبیع کے بخلاف خیار الشرط
اور خیار الرؤیۃ کے کہ اُسمین رد بیع کرسکتا ہی کذا فی الاشباہ وصی وغیرہ کو رد بیع جائز نہوا بسبب ضرر ہونے یتیم اور موکل اور مولی کے اور نہر الفائق
مین کہا ہی لائق یون ہی کہ وصی وغیرہ کو رجوع بقدر نقصان عیب جائز ہی مانند اُس وارث کے جسنے ترکے سے کفن خرید کیا اور اُسمین عیب پایا اور کفن دینے مین
شخص اجنبی احسان کرے میت کے ساتھ تو رجوع بالنقصان نہین وہذہ احدے ست مسائل لا رجوع فیہا بالنقصان مذکورۃ فی البزازیۃ اور یہ ایسے عدم رجوع
بالنقصان ایک مسئلہ ہی اُن چھ مسئلون سے جنمین رجوع بالنقصان نہین جو مذکور ہین بزازیہ مین و ذکر فی شرحہ للملتقی معزیا للقنیۃ انہ قد یرد بالعیب
ولا یرجع بالثمن اور بہنسی اپنی ملتقی کی شرح مین قنیہ سے نقل کرکے مذکور کیا ہی کہ گاہے بسبب عیب کے رد مبیع ہوتا ہی اور ثمن نہین پھیر لیا جاتا ھ چنانچہ

غلام کو بیچ کیا اور اُسکو تسلیم کر دیا پھر قبض ثمن کے واسطے ایک وکیل مقرر کیا سو وکیل نے اقرار کیا کہ مین نے ثمن پر قبضہ کیا لیکن وہ میرے پاس ضائع ہوگیا یا وکیل نے یون کہا کہ مین نے ثمن موکل کو دیا اور موکل اسکا منکر ہی تو مشتری بری الذمہ ہوگیا اور وکیل پر ضمان نہین پھر اگر مشتری نے غلام مین عیب پایا اور اُسکو پھیر دیا تو ثمن کو بائع سے نہین پھیر سکتا بسبب اقرار وکیل کے اور بواسطے عدم ثبوت قبض بائع کے اور نہ وکیل سے لے سکتا ہی کیونکہ وہ امین ہی اور امانتدار مین کذا فی النہر عن القنیہ کالاباق الا افا ابق من المشتری الی البائع فی البلدۃ ولم یختف عندہ فانہ لیس بعیب چنانچہ غلام مین بھاگنا عیب ہی مگر جب کہ غلام مشتری کے پاس سے بھاگا اور اُسی شہر مین بائع کے پاس گیا اور اُسکے پاس چھپ نرہا تو یہ بھاگنا عیب نہین یعنی اگر دوسرے شہر مین بائع کے پاس بھاگ گیا یا مخفی ہو رہیگا تو عیب ثابت ہوگا واختلف فی الثور والاحسن انہ عیب اور اختلاف ہی بیل کے بھاگنے مین کہ عیب ہی یا نہین اور قول بہتر یہ ہی کہ بیل کا بھاگنا بھی عیب ہی ہم اسمین تین قول ہین ایک قول کو تو شارح نے ذکر کیا اور دوسرا قول یہ کہ بھاگنا عیب نہین تیسرا قول یہ کہ ہمیشہ بھاگنا عیب ہی دو تین بار کا بھاگنا عیب نہین اور ظاہر اور جانورون کا بھی یہی حکم ہی کذا فی الطحطاوی ولیس للمشتری مطالبۃ البائع بالثمن قبل عودہ من الاباق ابن ملک۔ قنیہ اور مشتری کو مطالبہ ثمن کا بائع سے قبل پلٹ آنے غلام کے فرار سے جائز نہین کذا فی شرح ابن ملک والقنیہ والبول فی الفراش والسرقۃ الا اذا سرق شیئا للاکل من المولی او یسیرا کالفلس والفلسین اور چنانچہ بستر پر پیشاب کرنا اور چوری کرنا مگر جبکہ کوئی چیز کھانے کے واسطے چرا وے مولی سے یا کمتر چیز چرا وے چنانچہ پیسا اور دو پیسے تو عیب نہین ہم اگر بیچنے کے واسطے چوری کرے یا کھانے سے زیادہ چرا وے یا مولے کے سوا کسی اور شخص کی چیز چرا وے تو عیب ہی ولو سرق عند المشتری ایضا فقطع رجع بربع الثمن لقطعہ بالسرقتین جمیعا اور اگر غلام نے مشتری کے پاس بھی چوری کی سو اُسکا ہاتھ کاٹا گیا تو مشتری چہارم ثمن پھیرے بسبب اُسکے مقطوع ہونے کے دونون چوریون سے ملا کر ہم ربع ثمن کے رجوع کی یہ وجہ ہی کہ غلام کے ہاتھ کا خونبہا اُسکی نصف قیمت ہی اور یہ نصف تلف ہوا دو سبب سے یعنی ایک چوری بائع کے پاس اور دوسری مشتری کے پاس کی تو موجب منتصف ہوگا تو تصفا لنصف کا رجوع ہوا یعنی ربع کا کذا فی الطحطاوی ولو رضی البائع باخذہ رجع بثلثۃ ارباع ثمنہ عینی اور اگر بائع راضی ہوگیا غلام کے لینے سے تو مشتری تین ربع اُسکے ثمن کے پھیرے یعنی پون قیمت کذا فی العینی وکلہا تختلف صغرا ای مع التمییز وقدر بخمس سنین او یاکل ویلبس وحدہ وتمامہ فی الجوہرہ فلو لم یاکل ویلبس وحدہ لم یکن عیبا ابن ملک وکبرا الانہا فی الصغر لقصور عقل وضعف مثانۃ عیب وفی الکبر لسوء اختیار وداء باطل عیب آخر اور جمیع عیوب ثلثہ مختلف السبب ہین طفلی اور جوانی مین اسواسطے کہ طفلی مین بھاگنا اور چوری عقل کی کمی سے اور پیشاب کرنا ضعف مثانہ سے عیب ہی اور جوانی مین بھاگنا اور چوری خبث اور بدذاتی سے اور پیشاب کرنا مرض باطنی سے دوسرا عیب ہی طفلی سے مراد طفلی باتمیز ہی اور فقہا نے تمیز کا اندازہ پانچ برس کا کیا ہی یا بلا اعانت وہ تنہا کھانے پہننے لگے اور پورا بیان اسکا جوہرہ مین ہی سو اگر وہ بذات خود نہ کھاتا ہو نہ کپڑا پہنتا ہو تو بھاگنا اور چوری اور پیشاب کر دینا اُسکے حق مین عیب نہین کذا فی شرح ابن ملک فعند اتحاد الحال بان ثبت اباقہ عند بائعہ ثم مشتریہ کلاہما فی صغرہ او کبرہ لہ الرد لاتحاد السبب تو حالت متحد ہونے مین اس طرح پر کہ غلام کا بھاگنا ثابت ہوا بائع کے پاس سے پھر مشتری کے پاس سے دونون بار کا بھاگنا اسکی طفلی مین ہو یا جوانی مین تو مشتری کو اُسکا پھیر دینا جائز ہی بسبب متحد ہونے سبب کے ہم جب طفلی یا جوانی مین دونون کے پاس سے بھاگا تو اُسکا سبب ایک ہی ٹھہرا طفلی مین قصور عقلی اور جوانی مین بدذاتی لہذا مشتری کو پھیر دینے کا اختیار ہوا کیونکہ یہ عیب قدیمی ثابت فقط مشتری کے پاس حادث نہین ہوا کہ رد ممتنع ہو وعند الاختلاف لا لکونہ عیبا حادثا اور اختلاف سبب کے نزدیک مشتری کو پھیر دینے کا اختیار نہین اسواسطے کہ وہ نیا عیب ہی ہم یعنی جب ثابت ہو غلام کا بھاگنا بائع کے پاس سے حالت طفلی مین اور مشتری کے پاس سے جوانی کی حالت مین تو اب مشتری اُسکو اس عیب سے پھیر نہین سکتا کیونکہ طفلی کا سبب فرار کم عقلی ہی اور جوانی کا سبب فرار شرارت اور بدذاتی ہی تو معلوم ہوا کہ یہ عیب دوسرا پیدا ہوا سوائے اُس عیب کے جو قبل اسکے بائع کے پاس تھا اور پھیر دینا جائز نہین مگر اُس عیب سے جو بائع کے پاس ہو کعبد حم عند بائعہ ثم حم عند مشتریہ ان من نوعہ لہ ردہ والا لا عینی چنانچہ وہ غلام جسکو تپ آئی بائع کے پاس پھر تپ آئی مشتری کے پاس اگر یہ تپ اُسی تپ کی قسم سے ہی تو اُسکو پھیرنا جائز ہی اور اگر دوسری قسم سے ہی تو جائز نہین کذا فی شرح العینی ہم خانیہ مین مذکور ہی کہ نوع حمی سے مراد یہ ہی کہ ایک ہی

وقت مین دونون کے پاس تپ آتی ہو اور اگر اسکے غیر وقت مین تپ آتی ہو تو پھیرنا جائز نہین یہی محفوظ ہی ہمارے اصحاب سے کذا فی الطحطاوی وبقی لو وجدہ
یبول ثم تعیب حتی رجع بالنقصان ثم بلغ ہل للبائع ان یسترد النقصان لزوال ذلک العیب بالبلوغ ینبغی نعم فتح باقی رہا یہ مسئلہ کہ اگر مشتری نے صغیر غلام کو بستر پر
پیشاب کرتا پایا پھر اُسمین دوسرا عیب پیدا ہوا یہان تک کہ مشتری نے بقدر نقصان بائع سے ثمن پھیر لیا پھر غلام بالغ ہوا تو کیا بائع کو جائز ہی کہ نقصان پھیر لے
مشتری سے بسبب زائل ہو جانے اس عیب کے جوان ہونے سے جواب مناسب قواعد مذہب یہ ہی کہ ہان استرداد نقصان جائز ہی کذا فی الفتح عن الظہیریۃ والجنون
ہو اختلال القوۃ التی بہا ادراک الکلیات تلویح اور جنون یعنی دیوانہ ہونا جنون عبارت ہی اس قوت کے اختلال سے جسکے سبب ادراک کلیات ہوتا ہی کذا فی التلویح
ہم یہ تعریف جنون کی صاحب بحر نے کی ہی اور تلویح مین یون ہی کہ جنون عبارت ہی اُس قوت کے اختلال سے جو ممیز ہی اشیاء حسنہ اور قبیحہ مین اور انجام کار کی مدرک ہی
کذا فی الطحطاوی وبہ علم تعریف العقل انہ القوۃ المذکورۃ ومعدنہ القلب وشعاعہ فی الدماغ درر اور جنون کی تعریف سے عقل کی تعریف معلوم ہو گئی کہ عقل عبارت
ہی قوت مذکورہ سے یعنے جو قوت کہ مدرک ہی کلیات کی اُسکا نام عقل ہی اور اُسکے کان دل ہی اور اُسکی روشنی دماغ مین ہوتی ہی کذا فی الدرر وہو لا یختلف
بہا لاتحاد سببہ بخلاف ما مر وقیل یختلف عینی اور جنون مختلف نہین ہوتا طفلی اور جوانی سے اُسکے ایک ہی سبب ہونے سے بخلاف اسکے جو عیوب کہ مذکور
ہو چکے یعنے اباق اور بول اور سرقہ اور قول ضعیف یہ ہی کہ جنون بھی طفلی اور جوانی سے مختلف ہوتا ہی کذا فی شرح العینی ہم جب اختلاف سبب نہوا تو اگر غلام مجنون
ہوا طفلی مین بائع کے پاس پھر مجنون رہا مشتری کے پاس طفلی مین یا بعد جوانی کے تو یہ عیب بعینہ اول عیب ہی تو مشتری کو پھیر دینے کا اختیار ہی ومقدارہ فوق
یوم ولیلۃ اور مقدار جنون کی ایک رات اور دن سے زیادہ ہی یعنے اُسقدر سے کم جنون ہونا عیب نہین اور دوسرا قول یہ ہی کہ ایک ساعت کا بھی جنون عیب ہی
اور تیسرا قول یہ کہ جنون مطبق عیب ہی نہ غیر مطبق کذا فی البحر ولا بد من معاودتہ عند المشتری فی الاصح والا فلا ردالا فی ثلث زنا الجاریۃ والتولد من الزنا والولادۃ
فتح اور جنون کا عود کرنا مشتری کے نزدیک ضرور ہی قول اصح مین اور نہین تو بلا معاودت عیب پھیر دینا جائز نہین مگر تین عیب مین رد مبیع بلا معاودت
جائز ہی لونڈی کی زناکاری مین اور زنا سے متولد ہونے مین اور ولادت مین کذا فی الفتح ہم ولادت اسواسطے عیب ہوئی کہ اُس سے ایسا ضعف حاصل ہوتا ہی
کہ کا ہے زائل نہین ہوتا فتح القدیر مین کہا کہ اسی قول پر فتوی ہی قلت لکن فی البزازیۃ الولادۃ لیست بعیب الا ان توجب نقصانا وعلیہ الفتوی واعتمدہ فی النہر مین
کہتا ہون لیکن بزازیہ مین ہی کہ ولادت عیب نہین مگر یہ کہ نقصان کی موجب ہو اور اسی پر فتوی ہی اور اسی قول پر نہر الفائق مین اعتماد کیا ہی ہم پہلا قول بھی مفتی بہ ہی تو یہان
قاضی اور مفتی مخیر ہین الحبل عیب فی بنات آدم لا فی البہائم اور نہر الفائق مین ہی کہ حاملہ ہونا عورتون مین عیب ہی نہ جانورون مین والجذام والبرص والعمی
والعور والحول والصمم والخرس والقروح والادر ائی عیوب اور کوڑھی اور سفید داغ اور اندھا اور کانا اور بھینگا اور بہرا اور گونگا ہونا اور زخم اور بیماریان
عیوب ہین وکذا الادر وہو انتفاخ الانثیین والعنین والخصی عیب اور اسی طرح فتق یعنی دونون فوطے پھولنا اور نامرد اور خصی ہونا عیب ہی ہم
بہتر یہ تھا کہ شارح یون کہتا والعنۃ والخصاء عیبان اور ظاہر ایک فوطہ بھی پھولنا عیب ہی کذا فی الطحطاوی واذا اشتری علی انہ خصی فوجدہ فحلا فلا خیار لہ جوہرہ
اور جبکہ مشتری نے غلام کو خرید کیا اس شرط پر کہ وہ خصی ہی پھر اُسکو تندرست نر پایا تو اُسکو پھیر دینے کا اختیار نہین کذا فی الجوہرہ اسواسطے کہ بے عیب نکلا
تو مشتری دوسرے عمدہ پایا والبخر نتن الفم والذفر نتن الابط وکذا نتن الانف بزازیۃ والزنا والتولد منہ کلہا عیب فیہا لا فیہ ولو امرد فی الاصح خلاصہ
اور بخر یعنے گندہ دہنی اور ذفر یعنے گندہ بغلی اور اسی طرح گندہ بینی کذا فی البزازیہ اور زنا اور زنا سے پیدا ہونا یہ سب عیب ہین لونڈی مین نہ غلام مین
اگرچہ غلام امرد سادہ رو ہو قول اصح مین کذا فی الخلاصہ ہم امور مذکورہ لونڈی مین اسواسطے عیب ہوے کہ مقصود کے مخل ہین یعنے لونڈی کی خرید سے
ہم بستری اور طلب ولد مقصود ہی اور گندہ دہنی وغیرہ قربت کے مانع ہین اور غلام سے مقصود خدمت لینا ہی اور یہ اشیا اُسکے مخل اور مانع نہین خواہ غلام امرد ہو
یا غیر امرد الا ان یفحش الاولان فیہ بحیث یمنع القرب من المولی مگر یہ کہ گندہ دہنی اور گندہ بغلی غلام مین بشدت ہون اس طرح پر کہ میان کے

[illegible]

پاس آنے کی مانع ہون تو البتہ عیب ہین غلام مین بھی او یکون الزنا عادۃ لہ بان یتکرر اکثر من مرتین یا یہ کہ زناکاری کی غلام کو عادت پڑ گئی ہو بطرح کہ زنا اس سے مکرر ہوا ہو دو بار سے زیادہ تو عیب ہی غلام مین بھی واللواطۃ بہا عیب مطلقًا اور لواطت لونڈی مین عیب ہی مطلقًا یعنی خواہ مفت ہو یا اجرت لیکر اسواسطے کہ مانع ہم بستری ہی کذا فی البحر وبہ ان مجانا لانہ دلیل الابنۃ وان باجر لا قنیہ اور لواطت غلام مین عیب ہی اگر مفت ہو اسواسطے کہ علت اُبنہ کی دلیل ہی اور اگر اجرت لیکر ہو تو نہین کذا فی القنیہ ہم اُبنہ اُس علت کا نام ہی جسمین ایسی چل ہو سیر زمین کہ بدون منی کے قرار نہ پڑے اور یہ سخت عیب ہی یہان تک جانورون مین بھی اور لواطت بعوض اجرت غلام مین ایسا عیب نہین کہ مشتری رد بیع کرے کیونکہ وہ علت اُبنہ کی دلیل نہین بلکہ حرص مال کی علامت ہی اور یہ مراد نہین کہ لواطت باجرت مطلقًا عیب نہین شرعًا اسواسطے کہ شرعًا اقبح اور معیوب تر ہی زنا سے وفیہا شری حمارا تعلوہ الحمر ان طلوع فعیب والالا وفی قنیہ مین ہی کہ خریدا گدھا جسپر گدھے چڑھتے ہین اگر برضامندی اُسکی یہ فعل ہوتا ہی تو عیب ہی کہ مرض کی دلیل ہی اور نہین تو عیب نہین واما التخنث بلین صوت وتکسر مشی فان کثر رد والا ان قل بزازیہ اور زنخا اور جہلا ہونا نرم آواز بنا کر اور چال مٹکا کر اگر بکثرت ہو تو غلام کو مشتری پھیر دے اور اگر بقلت ہو تو نہ پھیرے کذا فی البزازیہ والکفر باقسامہ وکذا الرفض والاعتزال بحر بحثا عیب فیہما ولو المشتری ذمیا سراج اور سب قسم کا کفر اور اسی طرح رفض اور اعتزال کذا فی البحر بحثا لا نصًا عیب ہی لونڈی غلام مین اگرچہ مشتری کافر ذمی ہو کذا فی السراج م حموی نے کہا کہ صاحب بحر نے رافضی سے یہ مراد لی کہ جو علی مرتضی کو اور اصحاب سے افضل کہتے ہین وہ رافضی جو شیخین کو برا کہے اسواسطے کہ وہ کافر مین داخل ہی کذا فی الطحطاوی وعدم الحیض لبنت سبعۃ عشر وعند ہما خمسۃ عشر ویعرف بقول امۃ اذا انضم الیہ نکول البائع قبل القبض وبعدہ ہو الصحیح ملتقی اور حیض نہ آنا سترہ برس کی لونڈی کو امام کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک پندرہ برس کی لونڈی کو عیب ہی اور عدم حیض معلوم ہوتا ہی لونڈی کے کہنے سے جبکہ اُسکے ساتھ بائع قسم سے انکار کرے قبل قبض کے اور بعد قبض کے یہی قول صحیح ہی کذا فی الملتقی ولا تسمع فی اقل من ثلثۃ اشہر عند الثانی اور مسموع نہو گا دعوی عدم حیض کا تین مہینے سے کمتر مین ابو یوسف کے نزدیک اور امام اور محمد کے نزدیک چار مہینے دس دن اور امام زفر کے نزدیک دو سال سے کمتر مین دعوی مسموع نہوگا لیکن عدم حیض جوان لونڈی مین عیب ہی نہ صغیرہ اور آئسہ مین کذا فی الطحطاوی فتح القدیر مین ہی کہ اگر قاضی مجتہد ہو تو بموجب اپنے اجتہاد کے عمل کرے اور اگر مقلد ہو تو دو سال پر عمل کرے والاستحاضۃ والسعال القدیم لا المعتاد اور استحاضہ اور قدیم کھانسی عیب ہی نہ عادت کی کھانسی ہم بحر الرائق مین ہی کہ مرض کی کھانسی عیب ہی قدیم ہو یا غیر قدیم کذا فی الطحطاوی والدین الذی یطالب فی الحال لا المؤجل بعتقہ فانہ لیس بعیب کما نقلہ مسکین عن الذخیرۃ اور لونڈی غلام پر اُس دین کا ہونا عیب ہی جسکا فی الحال مطالبہ ہو نہ وہ دین جسکی مدت اُسکی آزادی پر معین ہو اسواسطے کہ وہ عیب نہین چنانچہ اُسکو مسکین نے ذخیرہ سے نقل کیا ہی م دین مؤجل بعتق وہ ہی جو غلام پر خرید کرنے سے لازم ہوا ہو بلا اذن مولی لکن عمم الکمال وعللہ بنقصان ولائہ ومیراثہ لیکن کمال الدین محقق نے ہر دین کو عیب کہا ہی اور دلیل تعمیم کی نقصان ولا اور نقصان میراث بیان کی ہی م وجہ نقصان ولا اور میراث یہ ہی کہ ارباب دیون مولی اور عصبات پر مقدم ہین کذا فی الطحطاوی والشعر والماء فی العین وکذا کل مرض فیہا فہو عیب معراج کسبل وحوص وکثرۃ دمع والثؤلول بمثلثۃ کزنبور بثر صغیر صلب مستدیر علی صور شتی جمعہ ثاٰلیل قاموس وقیدہ بالکثرۃ بعض شراح الہدایۃ اور بال اور نزول آب آنکھ مین اور اسی طرح ہر مرض آنکھ مین عیب ہی کذا فی المعراج چنانچہ سرخ جالا اور کوئیہ تنگ ہونا اور آنسو کا ڈھلکا اور مسا ثؤلول بثا سے مثلثہ بروزن زنبور چھوٹی سخت پھنسی گول باشکال مختلفہ جسکو اہل ہند مسا بولتے ہین اور جمع اُسکی ثاٰلیل کذا فی القاموس اور ہدایہ کے بعض شارحین نے مسے مین کثرت کی قید لگائی ہی یعنی مسون کی کثرت عیب ہی نہ قلت وکذا الکی عیب لو عن داء والا لا اور اسی طرح داغ عیب ہی اگر آگ سے بسبب بیماری کے داغ دیا ہو اور نہین تو عیب نہین وقطع الاصبع عیب والاصبعان عیبان والاصابع مع الکف عیب واحد اور ایک انگلی کا کٹنا ایک عیب اور دو انگلیون کا مقطوع ہونا دو عیب ہین اور سب انگلیون کا قطع ہونا ہتیلی کے ساتھ ایک عیب ہی والعسر وہو من یعمل

بسیارہ فقط لا ان یعمل بالیمین ایضا کعمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اور جو شخص کہ فقط اپنے بائین ہاتھ سے کام کرے مگر جو شخص داہنے ہاتھ سے بھی کام کرے چنانچہ
فاروق اعظم عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کام کرتے تھے تو عیب نہین بلکہ عمدہ وصف ہی والشیب وشرب خمر جہرا وقمار ان عد عیبا اور پیری اور شراب پینا علانیہ
اور قمار بازی اگر عیب شمار ہو چنانچہ نرد اور شطرنج کا قمار اور مانند اُنکے کذا فی الطحطاوی عن البحر وعدم ختانہما لو کبیرین مولدین اور لونڈی غلام کا ختنہ نہونا اگر
بالغ دار الاسلام کے پیدا ہوے ہون ہم بالغ کی قید اسواسطے لگائی کہ صغیر کا ختنہ نہونا عیب نہین اور اسی طرح جو غلام دار الحرب سے گرفتار ہو آوے
صغیر ہو یا کبیر اُسکا عدم ختان عیب نہین اور قاضی خان کے فتاوی مین ہی کہ لونڈی کا ختنہ نہونا زمان سابق مین عیب تھا اب ہمارے زمانے مین عیب
نہین کذا فی الطحطاوی وعدم نحو حمار وقلۃ اکل دواب ونکاح وکذب ونمیمۃ وترک صلوۃ لکن فی القنیۃ ترکہا فی العبد لایوجب الرد اور نہ بولنا گدھے کا اور
کم کھانا جانورون کا اور لونڈی غلام کا نکاح ہونا اور جھوٹ بولنا اور چغل خوری اور ترک نماز عیب ہی لیکن قنیہ مین ہی کہ ترک نماز غلام مین موجب بیع
نہین وفیہا لو ظہر ان الدار مشومۃ ینبغی ان یتمکن من الرد لان الناس لا یرغبون فیہا اور قنیہ مین ہی کہ اگر ظاہر ہو کہ گھر منحوس ہی تو لائق یہ ہی کہ مشتری رد
بیع پر قادر ہو اسواسطے کہ لوگ ایسے گھر کے لینے مین خواہش نہین کرتے وفی المنظومۃ المحبیۃ والخال عیب لو علی الذقن والشفۃ لا الخد والعیوب کثیرۃ
براہ الاتدرینہا او منظومہ محبیہ مین ہی کہ خال عیب ہی اگر ٹھوڑی یا ہونٹ پر ہو نہ گال پر اور اُسکے سوا عیب بہت ہین حق تعالی ہمکو اُنسے بچاوے آمین
حدث عیب آخر عند المشتری بغیر فعل البائع فلو بہ بعد القبض رجع بحصتہ من الثمن ووجب الارش واما قبلہ فلہ اخذہ وردہ بکل الثمن مطلقا
پیدا ہوا دوسرا عیب مشتری کے پاس بدون فعل بائع کے سوا گر بائع کے فعل سے دوسرا عیب پیدا ہوا بعد قبض مشتری کے تو مشتری بقدر حصہ عیب
قدیم ثمن پھیر لے اور عیب جدید کا جرمانہ بائع پر واجب ہوگا اور قبل قبض کے تو مشتری کو اختیار ہی چاہے اُسکو لے بحصہ نقصان کو کم کرکے یا اُسکو
پھیر دے کل ثمن لیکر ہر طرح یعنی خواہ عیب قدیم ہو یا نہو کذا فی الحلبی ہم حلبی نے کہا قولہ بکل الثمن متعلق ہی بقولہ اوردہ سے فقط اور اُسکی کچھ حاجت نہ تھی کیونکہ
معلوم ہی بلا اشتباہ بلکہ یہ قول خلاف مراد کا موہم ہے یعنے قولہ فلہ اخذہ کے متعلق ہونے کا کما لا یخفی معلوم کرنا چاہیے کہ حدوث نقصان دو حال سے خالی نہین یا
نقصان بائع کے پاس پیدا ہوا یا مشتری کے پاس اگر بائع کے پاس پیدا ہوا اُسکی پانچ صورتین ہین بائع کے فعل سے یا مشتری کے فعل سے یا اجنبی یا مبیع کے
فعل سے یا آفت آسمانی سے سوا گر بائع کے فعل سے ہوا تو مشتری مختار ہی خواہ قدیم عیب ہو یا نہو چاہے اُسکو چھوڑ دے اور چاہے لے بحصہ نقصان کو گھٹا کر اور اگر
عیب مشتری سے ہوا تو اُسپر تمام ثمن لازم آیا ثمن کو بقدر نقصان کم نہین کر سکتا اور اگر نقصان بفعل اجنبی ہوا تو مشتری مختار ہی چاہے مبیع کو لے سب ثمن دیکر اور
اجنبی سے جرمانہ لے اور چاہے مبیع کو ترک کرے اور اُسپر سے ثمن ساقط ہی اور اگر نقصان آفت آسمانی سے ہوا یا مبیع کے فعل سے تو چاہے مشتری اُسکو ترک
کرے چاہے لے بقدر نقصان ثمن گھٹا کر اور اگر نقصان مشتری کے پاس پیدا ہوا ہو تو اگر مشتری یا مبیع کے فعل سے ہوا ہو یا آفت آسمانی سے تو اُسکو عیب
قدیم کے سبب سے پھیر نہین سکتا لیکن بقدر نقصان قدیم ثمن کم کر سکتا ہی اور اگر بائع ناقص لینے پر راضی ہو تو پھیر دینا بھی جائز ہی اور اگر نقصان بائع یا اجنبی کے فعل
ہو تو بحکم شرع جرمانہ واجب ہی اور پھیر دینا ممنوع ہی اور بقدر حصہ عیب قدیم ثمن پھیر لینا جائز ہی کذا فی البحر جبکہ یہ معلوم ہوا تو دریافت کرنا چاہیے کہ مصنف نے حدوث عیب
ثانی کو بعد القبض فرض کیا ہی چنانچہ قولہ عند المشتری اُسپر دلالت کرتا ہی اور مذکور ہو چکا کہ قبض کے بعد مشتری کو بقدر نقصان عیب قدیم ثمن پھیر لینا پانچون صورتون
مین جائز ہی مگر شارح نے فقط فعل بائع کا استثنے کر لیا اسواسطے کہ بائع کی رضامندی سے اُسمین پھیر دینا ممکن نہین لیکن شارح پر یہ اعتراض ہوتا ہی کہ فعل اجنبی کا
بھی یہی حکم ہی جو بائع کے فعل کا حکم ہی تو شارح پر لازم تھا کہ یون کہتا بغیر فعل البائع او الاجنبی کذا فی الحلبی ملخصا ولو برہن البائع علی حدوثہ والمشتری علی قدمہ
فالقول للبائع والبینۃ للمشتری اور اگر گواہ لایا بائع عیب کے جدید ہونے پر اور مشتری گواہ لایا اُسکے قدیم ہونے پر تو بائع کا قول معتبر ہی اور گواہ مشتری کے مقبول ہین
ہم نہر الفائق مین قاضی خان کی شرح سے مصرح ہی کہ دو صورت عاقدین کی گواہی کے مشتری کی گواہی مقبول ہی کیونکہ وہ مثبت اختیار ہی اور قول بائع کا معتبر ہی کیونکہ

بنائی پھر مشتری اس کپڑے کے عیب قدیم پر مطلع ہوا تو بقدر نقصان ثمن سے پھیرے بواسطے امتناع پھیر دینے کے بسبب زیادہ ہوجانے مبیع کے اور یہ امتناع
رد بواسطے حق شرع کے ہی بسبب حاصل ہونے ربوا کے یہان تک کہ اگر بائع اور مشتری دونون رد مبیع پر راضی ہوجاوین تو حاکم اُسپر حکم نہ کرے کذا فی الدرر
ابن کمال ھم زیادتی مبیع مین امتناع رد اسواسطے ہوا کہ اصل مبیع مین بلا زیادت فسخ نہین ہوسکتا کیونکہ زیادتی جدا نہین ہوسکتی اور مع زیادت فسخ کی کوئی وجہ نہین
تو بہر صورت فسخ ممتنع ہوا شارح کو مناسب تھا کہ یون کہتا لحصول شبہۃ الربوا اسواسطے کہ حرمت ربوا قدر اور جنس سے ہوتی ہی سو یہان دونون مفقود ہین کذا فی الطحطاوی
الا ان يرجع لو باعه اي المبيع رده في هذه الصورة بعد رؤية العيب قبل الرضى به صريحا او دلالة چنانچہ مشتری رجوع بقدر نقصان کرتا ہی اگر مبیع ممتنع الرد کو بیچا
اس صورت مذکورہ مین عیب دیکھنے کے بعد قبل اُسکے ساتھ راضی ہونے کے بطور صراحت یا دلالت کے ھم یعنی اگر اول رضامندی ثابت ہوگی تو بیع سے رجوع
نقصان نہوگا رضا بطریق دلالت اس طرح ہی کہ مبیع کو لباس یا رکوب مین استعمال کرے امتناع رد کی قید سے شارح نے اشارہ کیا کہ امتناع سابق ہی بیع پر تو بیع کو امتناع
مین کچھ تاثیر نہین تو مشتری بیع سے حابس مبیع کانہ ٹھہرا لہذا رجوع نقصان مین اُسکو اختیار ہوگا کذا فی الطحطاوی **او مات العبد** المراد هلاك المبيع
عند المشتري **او اعتقه او دبره او استولدها او وقف قبل علمه بعيبه** یا غلام مرگیا موت عبد سے ہلاک مبیع مراد ہی مشتری کے پاس خواہ مبیع آدمی ہو
یا غیر اُسکا یا غلام کو مشتری نے آزاد کردیا یا مدبر کیا یا لونڈی کو حرم بنایا یا مبیع کو وقف کیا اُسکے عیب خبر دریافت ہونے سے پہلے **او كان المبيع طعاما فاكله او بعضه**
او اطعمه عبده او مدبره او ام ولده او لبس الثوب حتى تخرق فانه يرجع بالنقصان استحسانا عندهما وعليه الفتوى بحر وعنهما يرد ما بقي ويرجع بنقصان ما اكل وعليه
الفتوى اختيار وقهستاني یا مبیع طعام تھا سو مشتری نے اُسکو سب یا تھوڑا کھایا یا اپنے غلام یا مدبر یا ام ولد کو کھلایا یا کپڑا پہنا یہان تک کہ
پھٹ گیا تو بقدر نقصان ثمن پھیرے گا صاحبین کے نزدیک بدلیل استحسان اور اسی قول پر فتوی ہی کذا فی البحر اور صاحبین سے دوسری روایت
یہ ہی کہ باقی کو پھیر دے اور جسقدر کھاتا کھایا ہی اُسکے نقصان کو پھیرے اور اسی قول پر فتوی ہی کذا فی الاختیار و القہستانی ھم جیسے اعتاق اور تدبیر اور استیلاد
اور وقف مین شرط ہی کہ یہ افعال قبل علم بالعیب ہون ویسے ہی اکل طعام اور لبس ثوب مین بھی شرط ہی کہ قبل علم بالعیب ہون چنانچہ ہدایہ سے معلوم ہوتا ہی
تو شارح کو مناسب تھا کہ قید مذکور لبس ثوب کے بعد مذکور کرتا تا مسائل عشرہ کو شامل ہوتا اور صاحبین کے قول پر فتوی فقط اکل طعام مین ہی اور شارح کے بیان
معلوم ہوتا ہی کہ جمیع مسائل یا مسئلہ اخیرہ مین فتوی ہی اور صاحبین کے قول کو بحر الرائق مین استحسان کہا ہی اور ہدایہ و عنایہ اور فتح القدیر اور شرح زیلعی مین
یون مصرح ہی کہ استحسان عدم رجوع ہی اور یہی قول ہی امام اعظم کا کذا فی الحلبی **ولو كان في وعائين فله رد الباقي بحصته من الثمن اتفاقا** ابن كمال وابن ملك وصححه وقلت
ونقل ما في الاختيار والقهستاني بترجيح القياس فتنبه اور اگر طعام دو برتنون مین ہو تو مشتری کو باقی طعام کا پھیر دینا اُسکے حصے کے موافق کم ثمن کر کے
باتفاق امام اور صاحبین کے درست ہی کذا صرح ابن کمال فی ایضاح الاصلاح و ابن ملک اور یہ مسئلہ اسی باب مین آویگا مین کہتا ہون بموجب اختیار
اور قہستانی کی عبارت کے قیاس راجح ہوگیا سو خبردار ہوجا ھم قیاس یعنے رجوع نقصان یہی قول صاحبین ہی یہان شارح کا بیان ہدایہ اور عنایہ
اور فتح القدیر اور شرح زیلعی کے موافق ہوگیا کہ قول صاحبین قیاس ہی نہ استحسان کذا فی الحلبی **ولو اعتقه على مال او كاتبه او قتله او ابق او اطعمه**
طفله او امراته او مكاتبه او ضيفه مجتبى **بعد اطلاعه على العيب** كذا ذكره المصنف تبعا للعيني في الرمز لكن ذكر في المجمع في الجميع قبل الرؤية واقره شراحه
حتى العيني فيفيد البعدية بالاولية فتنبه **لا يرجع بشيء** لامتناع الرد بفعله اور اگر مشتری نے غلام کو بعوض مال کے آزاد کیا یا اُسکو مکاتب کیا
یا مار ڈالا یا وہ بھاگ گیا یا کھانا اپنے طفل یا زوجہ یا مکاتب یا اپنے مہمان کو کھلایا کذا فی المجتبی بعد مطلع ہونے مشتری کے عیب پر ایسا ذکر کیا ہی
مصنف نے اپنی شرح مین تابع ہوکر عینی کا رمز الحقائق شرح کنز الدقائق مین لیکن مجمع مسائل مین قبل رویت کو ذکر کیا ہی اور اُسکے
شارحین نے اس قید کو مسلم رکھا ہی یہان تک کہ عینی نے بھی شرح مجمع مین تو کلام عینی مین بعدیت اولے ہونے کی مفید ہوئی خبردار رہنا

تو مسائل مذکورہ مین مشتری کچھ بھی رجوع نہین کر سکتا بسبب ممتنع ہونے رد کے اُسکے فعل سے ہم عینی کے کلام مین تناقض ہی شرح کنز مین بعدیت مذکور ہوا اور شرح مجمع مین قبل رویت حلبی نے کہا روایت صحیح یہی حق ہی و الا ان مسائل مین یعنی اعتاق بالمال سے آخر تک اور مسائل سابقہ مین یعنی بیع اور موت اور اعتاق اور تدبیر مین کچھ فرق نہین رہتا و الاصل ان کل موضع البائع اخذہ معیبا لا یرجع باخراجہ عن ملکہ و الا یرجع اختیار اور قاعدہ کلیہ ان مسائل مین یہ ہی کہ جہان کہین بائع کو مبیع کا باعیب لینا درست ہی تو وہان مشتری ثمن کو بقدر نقصان پھیر لے نہین سکتا بسبب اخراج مبیع کے اپنی ملک سے و الا پھیر سکتا ہی کذا فی الاختیار ہم بحر الرائق مین ہی کہ اس قسم کے مسائل مین اصل یہ ہی کہ جب رد مبیع ممتنع ہو مشتری کے فعل مضمون سے چنانچہ قتل اور تملیک غیر تو رجوع بالنقصان ممتنع ہی اور جب رد ممتنع ہو بلا جہت مشتری یا مشتری کی جہت سے ہو مگر بفعل غیر مضمون چنانچہ ہلاک ہونا آفت آسمانی سے یا مبیع کا گم ہو جانا یا زیادہ ہو جانا اسطرح پر کہ مانع رد ہو یا اعتاق اور تدبیر اور استیلاد تو رجوع بالنقصان ممتنع نہین کذا فی الطحطاوی و فیہ الفتوی علی قولہما فی الاکل اقرہ القہستانی اور اختیار مین ہی کہ فتوی صاحبین کے قول پر ہی اکل طعام مین اور ثابت رکھا ہی اُسکو قہستانی نے ہم ذکر فتوی عنقریب مذکور ہو چکا تو مکرر ہو گیا شری نحو بیض او بطیخ جوز و قثاء فکسرہ فوجدہ فاسدا ینتفع بہ و لو علف الدواب فلہ ان لم یتناول منہ شیئا بعد علمہ بعیبہ نقصانہ خرید کی انڈے اور خربوزے کے مانند کوئی چیز چنانچہ اخروٹ یا ککڑی کھیرا پھر اُسکو توڑا تو ایسا بگڑا پایا جو لائق انتفاع ہی اگرچہ جانورون کا چارہ ہوسکے تو اُسکو بقدر نقصان ثمن پھیر لینا جائز ہی اگر اُسمین سے بعد عیب دریافت ہونے کے کچھ نہ کھایا ہو یعنی بعد چکھ لینے کے کچھ پھیر لینا درست نہین کذا فی النہر الا اذا رضی البائع بہ مگر جب کہ بائع اُسکے پھیر لینے پر راضی ہو تو رجوع نقصان جائز نہین و لو علم بعیبہ قبل کسرہ فلہ ردہ اور اگر مشتری اُسکا عیب جان گیا قبل اُسکے توڑنے کے تو اُسکو پھیر دینا جائز ہی و ان لم ینتفع بہ اصلا فلہ کل الثمن لبطلان البیع اور اگر لائق انتفاع نہو اس طرح پر کہ انڈا گندا ہو یا ککڑی کڑوی ہو یا اخروٹ خالی بے مغز ہو تو کل ثمن مشتری کا ہی بسبب باطل ہونے بیع کے اسواسطے کہ توڑنے کے بعد معلوم ہوا کہ وہ مال نہین کذا فی النہر و لو وجد اکثرہ فاسدا لم یجز بیعہ عندہ نہر اور اگر اکثر انڈون اور خربوزون کو فاسد پایا اور کمتر کو صحیح تو بقدر صحیح بیع جائز ہی صاحبین کے نزدیک کذا فی النہر ہم نہایہ مین ہی کہ صاحبین کا قول اصح ہی قلیل وہ ہی جس سے اخروٹ خالی نہوتے ہون عادت مین چنانچہ سو مین ایک اور دو تو ایک دس مین کثیر ہی چنانچہ قنیہ مین صحیح ہی اور سرخسی نے کہا کہ تین عشرہ مین یعنی سو مین کذا فی النہر الفائق و فی المجتبی لو کان سمنا ذائبا فاکلہ ثم اقر بائعہ بوقوع فارۃ فیہ رجع بنقصان العیب عندہما و بہ یفتی اور مجتبی مین ہی کہ اگر گھی پگھلا ہوا ہو اور اُسکو مشتری نے کھایا پھر اُسکے بائع نے اُسمین چوہے گرنے کا اقرار کیا تو مشتری نقصان عیب کو پھیر لے صاحبین کے نزدیک اور اسی کا فتوی ہی ہم یعنے ظاہر گھی کی قیمت کیجائے پھر نجس گھی کی جو اس نجاست سے نجس ہو گیا ہو پھر قدر تفاوت کو بائع سے پھیر لے کذا فی الطحطاوی و باع ما اشتراہ فردہ المشتری الثانی علیہ بعیب ردہ علی بائعہ لو ردہ علیہ بقضاء لانہ فسخ لم یحدث بہ عیب آخر عندہ فانہ یرجع بالنقصان مثلاً زید نے بیچا اُسکو جسکو خرید کیا تھا خالد سے سو مشتری ثانی نے زید کو وہ چیز پھیر دی بسبب عیب کے تو زید اُسکے بائع کو یعنے خالد کو پھیر دے اگر رد بیع بحکم قاضی ہوا ہوا سواسطے کہ رد بحکم قاضی فسخ ہی اصل بیع کا تا وقتیکہ مشتری ثانی کے پاس دوسرا عیب سوائے عیب قدیم کے نہ پیدا ہو گیا ہو تو اب مشتری ثانی نقصان پھیر لیگا ہم مشتری ثانی کے رد بیع کی اسواسطے قید لگائی کہ اگر بیع کی ہو مشتری عیب قدیم پر مطلع ہوا اور دوسرا عیب اُسکے پاس پیدا ہوا اور اُسنے عیب قدیم کا نقصان پھیر لیا تو امام کے نزدیک بائع اُسکے بائع سے یعنے مشتری اول بائع سے عیب قدیم کا نقصان نہین پھیر سکتا ہی اور صاحبین کے نزدیک پھیر سکتا ہی کذا فی الطحطاوی عن البحر [illegible] ہذا الرد بعد قبضہ فلو قبلہ ردہ مطلقا فی غیر العقار کالرد بخیار رویۃ او شرط درر دریہ یعنے رد بیع کے واسطے حکم قاضی کا شرط ہونا اُسوقت ہی جب کہ مشتری ثانی کے قبض کے بعد ہوا ہو سو اگر مشتری ثانی نے بیع کو قبل قبض کرنے کے پھیر دیا تو مطلقاً خواہ بقضا ہو یا برضا پھیر سکتا ہی

اور اگر مشتری گواہ نہ لایا تو بائع سے قسم لیجائیگی کذا فی النہر واعلم ان العیوب انواع خفی کا باقی وعلم حکمہ معلوم کر کہ عیب چند قسم ہین ایک قسم کا عیب مخفی ہی
چنانچہ بچہ کا گنا اور اسکا حکم معلوم ہوچکا ہم یون معلوم ہوچکا گاہے متحقق ہونا عیب کا عاقدین کے پاس باوجود اتحاد حالت شرط ہی اور گاہے شرط نہین اور
اسکو اختیار ہی قبول اور رد مین مگر جبکہ دوسرا عیب اسکے پاس پیدا ہو کما تقدم گرنجگی کے مانند وہ عیب ہی جو معلوم ہو بدون تجربہ اور آزمایش کے چنانچہ بڑا
بول فی الفراش اور جنون کذا فی الطحطاوی وظاہر کعور وصمم واصبع زائدۃ او ناقصۃ فیقضی بالرد بلا یمین للتیقن بہ اذا لم یدع الرضی ہے اور دوسری قسم عیب ظاہر ہے
چنانچہ یک چشمی اور گنگی اور زیادہ یا کم انگلی تو قاضی رد بیع کا حکم کرے بدون قسم لینے بائع کے بسبب تیقن ہونے اس عیب کے مشتری اور بائع کے پاس
جبکہ بائع نے یہ دعوی نہ کیا ہو کہ مشتری اس عیب سے راضی ہوگیا تھا ہم اسی طرح اگر بائع نے دعوے کیا کہ مشتری اس عیب کا واقف تھا خرید کے
وقت یا اسنے ابراء عیب کا دعوے کیا سو اگر اسکا دعوے ثابت ہوا گواہون سے یا مشتری کے اقرار سے تو حکم رد نہین ہوسکتا والا مشتری سے قسم
لیجائیگی پھر اسنے اگر قسم کھائی تو پھیر دے اور اگر قسم سے انکار کیا تو رد ممتنع ہی کذا فی النہر وما لا یعرفہ الا الاطباء کلکبد فیکفی قول عدل والاشباہ عند بالعد
قول عدلین اور تیسری قسم وہ عیب ہی جسکو کوئی نہین جانتا سوائے اطبا کے چنانچہ درد جگر تو کفایت کرتا ہی ایک عادل طبیب کا قول اور اس عیب کے
ثابت کرنے کے واسطے اسکے بائع کے پاس دو عادل طبیبون کا قول کافی ہی ہم اور اگر قاضی خود طبیب ہو تو خود اسکو دریافت کرے کذا فی النہر عن البدائع
وما یعرفہ الا النساء کرتق فیکفی قول الواحدۃ ثم تحلف البائع عینی اور چوتھی قسم وہ عیب ہی جسکو کوئی نہین جانتا مگر عورتین چنانچہ عورت کی شرمگاہ کی گانٹھ
تو ایک عورت کا قول کافی ہی پھر بائع سے قسم لیجائے کذا فی العینی ہم عینی مین یون مذکور ہی کہ قیام عیب فی الحال مین ایک ثقہ عورت کا قول کافی ہی
پھر اگر یہ اختلاف بعد قبض کے ہی تو رد بیع نہین عورتون کے قول سے بلکہ تحلیف بائع ضرور ہی کذا فی الطحطاوی قلت وبقی خامس مالا ینظرہ الرجال
والنساء ففی شرح قاضی خان شری جاریۃ وادعی انہا خنثی حلف البائع مین کہتا ہون باقی رہی پانچوین قسم عیب کی جسکو نہ مرد دیکھین نہ عورتین سو
قاضی خان کی شرح مین ہی کہ خرید کی لونڈی اور مشتری نے دعوے کیا کہ وہ خنثی ہی تو اسمین بائع سے قسم لیجائے یعنے جب اسکو نہ مرد دیکھ سکے نہ عورت
تو بجز قسم بائع انفصال کا کوئی طریقہ نہین استحق بعض المبیع فان کان استحقاقہ قبل القبض للکل خیر فی الکل لتفرق الصفقۃ ببعض بیع من غیر [illegible]
کی ملک کا استحقاق ثابت ہوا سو اگر استحقاق قبل قبض کرنے کل مبیع کے ہو تو مشتری ہر ایک قیمی اور مثلی مین مختار ہی چاہے باقی مین بیع قائم رکھے
چاہے پھیر دے بسبب متفرق ہونے صفقہ کے ہم کل ثانی سے کل مبیع مراد نہین جیسا بعضون نے سمجھا ہی اسواسطے کہ بعض مستحق مین بیع باطل ہی بلکہ کل سے
قیمی اور مثلی مراد ہی کذا فی الطحطاوی وان بعدہ خیر فی القیمی لا فی غیرہ لان تبعیض القیمی عیب لا المثلی کما سیجئی اور اگر استحقاق بعد قبض کے ہی تو مشتری مختار ہی قیمی مین
نہ غیر قیمی مین اسواسطے کہ تبعیض قیمی کی عیب ہی نہ مثلی کی چنانچہ آویگا ہم یعنے اگر استحقاق سے باقی مین عیب پیدا ہو چنانچہ گھر یا زمین یا غلام یا مشتری
باقی مین مختار ہی چاہے اسکے حصے کے موافق ثمن دیکر لے چاہے پھیر دے اور اگر مبیع دو چیزین ہون جو بمنزلہ شی واحد کے ہین حکم مین پھر ایک چیز مستحق نکلی تو
بھی اسکو باقی مین اختیار ہی اور اگر استحقاق سے عیب نہ ثابت ہوتا ہو باقی مین چنانچہ مبیع دو کپڑے یا دو غلام ہون پھر ایک مستحق نکلے یا اناج کا ڈھیر سو اسمین بعض
مستحق غیر ہو تو اسکی تبعیض مین ضرر نہین تو باقی کا لینا مشتری کو لازم ہی اسمین اختیار پھیرنے کا نہین کذا فی النہر وان شری شیئین فقبض احدہما
دون الآخر فحکمہ حکم ما قبل قبضہما فلو استحق او تعیب احدہما خیر اور اگر دو چیزین خریدین سو ایک پر قبضہ کیا نہ دوسری پر تو اسکا حکم وہ ہی جو ما قبل
قبض کا حکم ہی یعنے اگر ایک مین استحقاق یا عیب ثابت ہو تو مشتری مختار ہو وہو ای خیار العیب بعد رویۃ العیب علی التراخی علی المعتمد وما فی الحاوی
غریب بحر اور وہ یعنے خیار العیب بعد دیکھنے عیب کے تراخی پر ہی یعنے فی الفور نہین بنا بر قول معتمد کے اور وہ جو حاوی مین ہی سو غریب ہی
یعنے قول ضعیف ہی کذا فی البحر ہم حاوی مین ہی کہ اگر مشتری نے بعد عیب دیکھنے کے باوجود قدرت علی الرد کے رکھ لیا تو یہ رضامندی ہی یعنی اب

لہ بہتر یہ تھا کہ بچہ کی جگہ کنگا بالضم اول و تخفیف سوم ہوتا جسکے معنی اردو میں گلے کے ہین ۱۲

اسکو پھیرنے کا اختیار نہین کذا فی الحلبی فلو خاصم ثم ترک ثم عاد وخاصم فله الرد ما لم یوجد مبطله کدلیل الرضی فتح تو اگر مشتری نے بسبب عیب کے
جھگڑا کیا پھر جھگڑا چھوڑ دیا بعد مدت پھر آیا اور جھگڑا کیا تو اسکو پھیر دینے کا اختیار ہی تا وقتیکہ مبطل اختیار نہ پایا گیا ہو چنانچہ دلیل رضامندی کی کذا فی الفتح
وفی الخلاصة لو لم یجد البائع حتی هلک رجع بالنقصان اور خلاصہ مین ہی کہ اگر مشتری نے بعد اطلاع عیب کے بائع کو نہ پایا یہان تک کہ مبیع ہلاک ہوئی تو بقدر
نقصان ثمن سے پھیرے و اللبس والرکوب والمداواة له وبه یعنی رضی بالعیب الذی یداویه فقط ما لم ینقصه برجندی اور پہننا اور سوار ہونا رضامندی
ہی عیب کی اور مبیع کی دوا کرنا یعنی مبیع کو علاج مین صرف کرنا کذا فی العینی رضامندی ہی فقط اسی عیب کی جسکی دوا کی تا وقتیکہ دوا سے اسکو ناقص نہ کر دیا ہو
کذا فی البرجندی ہم یعنی اگر مبیع غلام ہی اور مشتری نے اسکے عیب کی دوا کی تو یہ رضا ہی کیونکہ یہ دلیل ہی اسکے رکھ لینے کی لیکن اگر غلام مین دو بیماریان ہین اور ایک
بیماری کی اسنے دوا کی تو دوسری بیماری کے سبب سے اسکو پھیر دینے کا اختیار ہی بشرطیکہ دوا سے نقصان زیادہ نہو گیا ہو چنانچہ غلام کے ہاتھ مین درد تھا
اور اسکی دوا سے ہاتھ اسکا شل ہو گیا یا آنکھ مین اسکی سفیدی تھی اور دوا کرنے سے آنکھ پھوٹ گئی تو اب دوسرے عیب کے سبب سے اسکو پھیر نہین سکتا اسواسطے
کہ مشتری کے پاس اسمین دوسرا نقصان پیدا ہو گیا کذا فی الطحطاوی وکذا کل مفید رضی بعد العلم بالعیب یمنع الرد والارش اور اسی طرح ہر قول اور فعل جو مفید
رضامندی کا بعد دریافت کرنے عیب کے پھیر دینے کا اور بقدر نقصان ثمن پھیر لینے کا مانع ہی ومنه العرض علی البیع الا الدراهم اذا وجدها زیوفا فعرضها
علی البیع فلیس برضی کعرض ثوب علی خیاط لینظر ایکفیه ام لا او عرضه علی المقومین لیقوم ومنجملہ دلائل رضامندی پیش کرنا ہی مبیع کا بیچنے کے واسطے سوا
دراہم کے جب کہ انکو کھوٹا پایا پھر انکو بیع کے واسطے پیش کیا تو یہ پیش کرنا رضامندی نہین چنانچہ کپڑا سامنے کرنا درزی کے تاکہ وہ دیکھے کہ
اسکے قمیص وغیرہ کو کفایت کرتا ہی یا نہین یا سامنے کرنا مبیع کا قیمت والون کے آگے تا اسکی قیمت ٹھہرائی جاوے رضامندی نہین ہم اور منجملہ دلائل
رضامندی اجارہ اور رہن اور کتابت ہی بعد اطلاع عیب کے اور صحیح یہ ہی کہ دوسری بار کا خدمت لینا رضامندی ہی نہ اول بار کا استخدام کذا فی النہر ولو قال البائع
اتبیعه قال نعم لزم ولو قال لا لا لان نعم عرض علی البیع ولا تقریر لملکه بزازیه اور اگر بائع نے مشتری سے کہا کیا تو اسکو بیچتا ہی اسنے کہا ہان تو بیع لازم ہو گئی اب
خیار العیب سے نہین پھیر سکتا اور اگر مشتری نے کہا کہ نہین تو بیع لازم نہین اسواسطے کہ ہان کہنا بیع کے واسطے پیش کرنا ہی اور نہین کہنا بائع کی ملک
ثابت رکھنا ہی کذا فی البزازیہ یعنی یہ چیز میری مملوک نہین اسواسطے کہ مین اسکو پھیر دونگا بلکہ یہ تیری ملک ہی لا یکون رضی الرکوب للرد علی البائع او لشراء
العلف لها او للسقی والحال ان المشتری لا بد له منه ای الرکوب لعجز او صعوبة رضامندی نہین سوار ہونا بائع کو پھیر دینے کے واسطے یا جانور کے
چارہ خرید کرنے کے واسطے یا اسکو پانی پلانے کے واسطے اور حالانکہ مشتری کو سواری کی ضرورت ہی بسبب اپنی عاجزی کے یا جانور کی سرکشی کے ہم یعنی
مشتری ناتوانی سے امور مذکورہ کے واسطے پیدل نہین جا سکتا یا جانور سرکش ہی کہ بدون سوار ہونے کے نہین ٹھہرتا تو ایسا سوار ہونا دلیل رضامندی
کی نہین تو معلوم ہوا کہ سواری بلا ضرورت رضا ہی وهل هو قید للاخیرین او للثلثة استظهر البرجندی الثانی واعتمده المصنف تبعا للدرر والبحر والشمنی وغیرهم
الاول اور کیا ضرورت سواری کی اخیرین یعنی چارہ خرید کرنے اور پانی پلانے کی قید ہی یا تینون کی قید برجندی نے ثانی کو قوی کہا ہی اور اسی پر مصنف نے
اعتماد کیا ہی اپنی شرح مین درر اور بحر الرائق اور شمنی کا تابع ہو کر اور اسکے غیر اور مصنفین نے اول کو قوی کہا ہی ہم مصنف نے اپنی شرح منح الغفار مین کہا لا بد له
قید ہی اخیرین کی اور اسی پر ہمارے استاد نے بحر الرائق مین اعتماد کیا ہی انتہی تو اول سے اخیرین مراد ہین اور ثانی سے امور ثلثه اور اگر شارح بجای اول
ثانی کہتا تو بہتر تھا یعنی تا خلاف بنا در نہوتا خلاصہ یہ ہی کہ یہان دو قول ہین ایک قول مین اطلاق ہی اور دوسرے مین تفصیل ہی کذا فی الطحطاوی ولو قال
البائع رکبتها لحاجتک وقال المشتری لا بل لاردها فالقول للمشتری بحر اور بائع نے مشتری سے کہا کہ تو جانور پر سوار ہوا اپنے کام کے واسطے اور مشتری نے
کہا نہین بلکہ اسکے پھیر دینے کے واسطے تو مشتری کا قول معتبر ہی کذا فی البحر وفی الفتح وجد بها عیبا فی السفر فحملها فهو عذر اور فتح القدیر مین ہی

کہ جانور مین عیب پایا حالت سفر مین پھر اُسپر بوجھ لادا تو یہ عذر ہی یعنے بعد سفر کے اُسکو پھیر سکتا ہی ہم طحطاوی نے بزازیہ سے نقل کیا کہ بوجھ لادنے سے پھیر
نہین سکتا ہی اگرچہ اسباب کے راہ مین ڈال دینے سے خوف تلف ہوجانے کا ہو اور قول ضعیف یہ ہی کہ پھیر سکتا ہی بقیاس اُسکے چارہ لادنے کے انتہی
تو معلوم ہوا کہ روایت فتح القدیر کی ضعیف ہی اختلفا بعد التقابض فی عدد المبیع او احدہما مستقلا ولیتوزع الثمن علی تقدیر الرد او فی عدد المقبوض
فالقول للمشتری لانہ قابض والقول للقابض مطلقا قدرا وصفۃ وتعیینا اختلاف کیا بائع اور مشتری نے بعد تقابض بدلین کے مبیع کے عدد
مین کہ ایک ہی یا چند عدد تا قیمت منقسم ہو جاوے پھیرنے کی صورت مین یا اختلاف کیا مقبوض کے شمار مین تو مشتری کا قول معتبر ہی اسواسطے کہ
وہ قابض ہی اور قابض ہی کا قول لائق اعتبار ہی ہر طرح مقدار مبیع مین یا اُسکی صفت مین یا تعیین مین ہم عدد مقبوض کے اختلاف کی یہ صورت کہ دو غلام
خرید کیے بائع نے مشتری سے کہا کہ تو نے دونون غلام قبض کیے اور مشتری نے کہا کہ مین نے قبضہ نہین کیا مگر ایک غلام پر فلو جاء لیردہ بخیار شرط او رؤیۃ
فقال البائع لیس ہو المبیع فالقول للمشتری فی تعیینہ ولو جاء لیردہ بخیار عیب فالقول للبائع کما لو اختلفا فی طول المبیع وعرضہ فتح تو اگر مشتری آیا تا مبیع کو
پھیرے بسبب خیار الشرط کے یا خیار الرؤیۃ کے اور بائع نے کہا کہ یہ وہ مبیع نہین تو مشتری کا قول معتبر ہوگا اُسکی تعیین مین اور اگر آیا تا اُسکو پھیرے
خیار العیب کے سبب سے تو بائع کا قول معتبر ہوگا چنانچہ اگر دونون نے مبیع کے طول اور عرض مین اختلاف کیا تو بائع کا قول معتبر ہی کذا فی الفتح م خلاف
طول اور عرض کا اختلاف صفت مین داخل ہی تو اُسمین مشتری کا قول معتبر ہی چنانچہ نہر الفائق اور شرح حموی مین ہی ظہیریہ سے خلافا للمشایخ کذا فی الطحطاوی
واشتری عبدین ای شیئین ینتفع باحدہما وحدہ صفقۃ واحدۃ خرید کیے دو غلام یعنے وہ دو چیزین بصفقۃ واحدۃ خرید کین کہ اُنمین سے فقط ایک
چیز سے انتفاع متصور ہی م شارح نے تصحیح کردی کہ ذکر دو غلامون کا متن مین بطور مثال کے ہی نہ بطور قید کے اور اتحاد صفقہ کی یہ صورت ہی کہ دونون کا ثمن جدا جدا
مذکور نہین کیا اور اگرچہ جدا جدا ثمن ہر ایک چیز کا مذکور ہوگا تو مشتری کو عیب والی چیز کا پھیر دینا جائز ہی فقبض احدہما ووجد بہ او بالآخر عیبا لم یعلم بہ الا بعد القبض
اخذہما او ردہما اور دو چیزون مین سے ایک پر قبضہ کیا اور اُسمین یا دوسری چیز مین وہ عیب پایا جسکا مشتری کو علم نہوا مگر قبضہ کرنے کے بعد تو دونون کو
لے یا دونون کو پھیرے م یعنے فقط عیب والی چیز کو پھیرنا یا رکھ لینا اور بقدر نقصان ثمن کم کرنا جائز نہین اسواسطے کہ اُسمین تفریق صفقہ قبل تمام ہونے کے
اسواسطے کہ تمامی قبضہ کرنے سے ہوتی ہی اور قبل قبض تفریق جائز نہین ولو قبضہما رد المعیب بحصتہ سالما وحدہ لجواز التفریق بعد التمام اور اگر دونون
چیزون پر قبضہ کرلیا تو فقط عیب دار چیز کو پھیرے بیع سالم کے حصے کے موافق ثمن لیکر بسبب جائز ہونے تفریق صفقہ کے بعد تمام ہوجانے صفقہ کے اسواسطے
کہ خیار العیب مین صفقہ قبض سے تمام ہوتا ہی کذا فی الطحطاوی عن البحر کما لو قبض کیلیا او وزنیا او زوجی خف ونحوہ کزوجی ثور الف احدہما بالآخر حیث لا یعمل
بدونہ فوجد ببعضہ عیبا فان لہ رد کلہ او اخذہ بعیبہ لانہ کشی واحد ولو فی وعائین علی الاظہر عنایۃ وہو الصحیح برہان چنانچہ اگر قبضہ کیا کیلی چیز پر جیسے گیہون
اور جو یا وزنی چیز پر چنانچہ گھی اور زعفران یا قبضہ کیا موزے کی جوڑی پر اور مانند اُسکے چنانچہ بیلون کی ایسی جوڑی کہ ایک بیل دوسرے بیل سے ایسا
ہل گیا ہی کہ بے اُسکے کام نہین کرتا بعد اُسکے اور بعض کیلی یا وزنی مین یا ایک موزے یا ایک بیل مین عیب پایا تو مشتری کو جائز ہی کہ سب کو پھیرے یا عیب دار کو
رکھے اُسکے عیب کے ساتھ اسواسطے کہ اشیاے مذکورہ شی واحد کے مانند ہین اگرچہ تول ناپ کی چیز دو برتنون مین ہو بنا بر قول اظہر کے کذا فی العنایۃ اور یہی صحیح
تر ہی کذا فی البرہان اشتری جاریۃ فوطئہا او قبلہا او مسہا بشہوۃ ثم وجد بہا عیبا لم یردہا مطلقا ولو ثیبا خلافا للشافعی واحمد ولنا انہ استوفی
ماءہا وہو جزءہا خرید کی لونڈی اور اس سے قربت کی یا بوسہ لیا یا اُسکو مساس کیا شہوت سے پھر اُسمین عیب پایا تو اُسکو نہ پھیرے کسی طرح اگرچہ
وہ باکرہ نہو بخلاف امام شافعی اور احمد کے اور ہماری یہ دلیل ہی کہ مشتری نے بسبب قربت کے اُسکی منی نکالی اور منی اُسکا جسم و بدن ہی
م یعنے اگر اب پھیر دے تو ایسا ہی کہ گویا اُسنے بعض مبیع کو لیا اور باقی کو پھیر دیا کذا فی الطحطاوی عن الشرنبلالیہ اور تقبیل اور مساس مین

اگرچہ خروج منی نہو لیکن چونکہ مقدمہ ہی وطی کا لہذا حکم وطی مین ہی ولو الواطی زوجہا ان ثیبا ردہا وان بکرا لا بحر اور اگر قربت کرنے والا لونڈی کا زوج ہو اگر وہ ثیبہ ہی تو اُسکو پھیر دے اور اگر باکرہ ہی تو نہ پھیرے کذا فی البحر ورجع بالنقصان لامتناع الرد یعنے اگر مشتری وطی کا عیب پاوے تو بقدر نقصان ثمن پھیر لے بسبب نہ جائز ہونے پھیر دینے کے وفی المنظومۃ المحبیۃ لو شرط بکارتہا فبانت ثیبا لم یردہا بل یرجع باربعین درہما نقصان ہذا العیب وفی الحاوی والملتقط الثیوبۃ لیست بعیب الا اذا شرط البکارۃ فیردہا بالعدم المشروط اور منظومہ محبیہ مین ہی کہ اگر مشتری نے لونڈی کی بکارت کی شرط کی پھر وہ ثیبہ ظاہر ہوئی تو اُسکو نہ پھیرے بلکہ چالیس درم نقصان اس عیب کا پھیر لے اور حاوی اور ملتقط مین ہی کہ ثیبہ ہونا عیب نہین مگر جب کہ بکارت شرط کی ہو تو اُسکو پھیر دے اگر ثیبہ ہو بسبب نہونے مشروط کے ہم منظومہ کی روایت مین مراد یہ ہی کہ اُسکا ثیبہ ظاہر ہونا مشتری کی وطی سے ہوتا ما قبل کے موافق ہو جاوے اور حاوی اور ملتقط کی روایت اسپر محمول ہی کہ اُسکا ثیبہ ہونا بغیر وطی کے مشتری کو معلوم ہو جاوے تو اب دونون روایتون مین تعارض نرہا کذا فی الطحطاوی الا اذا قبلہا البائع لان الامتناع لحقہ فاذا رضی زال الامتناع ولیعود الرد بالعیب القدیم لبعد زوال العیب الحادث لعود الممنوع بزوال المانع در رفیرد المبیع مع النقصان علی الراجح نہر مگر جبکہ بعد وطی مشتری کے بائع نے اس لونڈی کو قبول کر لیا تو پھیر دینا جائز ہی اس واسطے کہ امتناع رد بسبب بائع کے حق کے تھا سو جبکہ وہ راضی ہو گیا تو امتناع زائل ہو گیا اور پھیر دینا پھر جائز ہو گیا بسبب عیب قدیم کے بعد زائل ہونے عیب حادث کے بواسطے عود کرنے ممنوع کے بسبب زائل ہونے مانع کے کذا فی الدرر تو مبیع کو اب پھیر دے نقصان کے ساتھ بنا بر قول راجح کے کذا فی النہر ھم نقصان کے ساتھ پھیر دے یعنے جبکہ پھیرنا ممنوع تھا اور مشتری نے بقدر نقصان قدیم ثمن پھیر لیا تھا اُسقدر ثمن کو بھی پھیر دے کذا فی الطحطاوی وظہر عیب بمشتری البائع الغائب واثبتہ عند القاضی فوضعہ عند عدل فاذا ہلک ہلک من المشتری الا اذا قضی القاضی بالرد علی بائعہ لان القضاء علی الغائب بلا خصم ینفذ علی الاظہر در رظاہر ہوا عیب اُس چیز مین جو خرید ہوئی تھی بائع غائب سے اور مشتری نے عیب کو ثابت کیا قاضی کے پاس سو قاضی نے مبیع کو شخص معتمد کے پاس رکھوا دیا تو اگر وہ چیز ہلاک ہو گی تو مشتری کا مال ہلاک ہو گا نہ بائع کا مگر جبکہ قاضی اُسکے پھیر دینے کا بائع پر حکم دے تو بائع کا مال ہلاک ہو گا اسواسطے کہ قضا علی الغائب بلا حضور نافذ ہو جاتی ہی بنا بر قول اظہر کے کذا فی الدرر ھم نفاد قضا علی الغائب مین دو روایتین مین کتاب المفقود مین نفاذ کی روایت کی تصحیح ہی اور کتاب القضا مین عدم نفاذ کی روایت کی تصحیح ہی شرح حموی مین ہی کہ ظاہر کلام فقہا اسپر دلالت کرتا ہی کہ قاضی سے قاضی مجتہد یا قاضی غیر حنفی المذہب مراد ہی جسکے مذہب مین قضا علی الغائب جائز ہی اور حنفی المذہب قضا علی الغائب کیونکر اپنی رائے پر قرار دے سکے حالانکہ اُسکے واسطے کوئی رائے نہین باوجود اعتقاد کرنے اپنے امام کے مذہب کے کذا فی الطحطاوی ملخصا قتل العبد المقبوض او قطع بسبب کان عند البائع کقتل او ردۃ والمقطوع او سرقۃ ورجع بنصف ثمنہ مجمع واخذ ثمنہا ای ثمن المقطوع والمقتول مارا گیا غلام مقبوض مشتری کا یا اُسکا ہاتھ کاٹا گیا اُس سبب سے جو واقع ہوا تھا بائع کے پاس چنانچہ قتل یا ارتداد یا سرقہ غلام کا تو مشتری غلام مقطوع کو پھیر دے اور دونون کا ثمن پھیر لے یعنے مقطوع اور مقتول کا ثمن یا مقطوع کو رکھ لے اور اُسکا نصف ثمن بائع سے پھیر لے کذا فی المجمع ھم اور اگر غلام نے بائع اور مشتری دونون کے پاس چوری کی اور مشتری کے پاس اُسکا ہاتھ کاٹا گیا تو صاحبین کے نزدیک بقدر نقصان ثمن پھیر لے اور امام اعظم کے نزدیک ربع ثمن پھیر لے اور اگر بائع اُسکا پھیر لینا قبول کرے تو یون ثمن پھیر لے کذا فی الطحطاوی عن البحر ولو تداولتہ الایدی فقطع عند الاخیر او قتل رجع الباعۃ بعضہم علی بعض وان علموا بذلک لکونہ کالاستحقاق لا کالعیب خلافا لہما اور اگر اُسکی بیع چند بار دست بدست ہوئی پھر اخیر مشتری کے پاس اُسکا ہاتھ کاٹا گیا یا وہ مقتول ہوا تو بعض بائعین بعض سے رجوع کرین یعنے ایک بائع دوسرے بائع سے ثمن پھیر لے اگرچہ اُنکو اس قطع یا قتل کا سبب معلوم ہو بسبب ہونے اس قطع یا قتل کے مانند استحقاق کے نہ مانند عیب کے بخلاف صاحبین کے ھم یعنے جیسے علم بالاستحقاق مانع رجوع نہین ویسے ہی اسکا علم بھی مانع رجوع نہین اور صاحبین کے نزدیک

مشتری اخیر اپنے بائع سے ثمن پھیرے اور وہ اپنے بائع سے نہ پھیرے اسواسطے کہ وہ بمنزلہ عیب کے ہے کذا فی الطحطاوی **وصح البیع بشرط البراءۃ من کل عیب وان لم یسم خلافا للشافعی لان البراءۃ عن الحقوق المجھولۃ لا تصح عنده وتصح عندنا لعدم افضائہ الی المنازعۃ ویدخل فیہ الموجود والحادث بعد العقد قبل القبض فلا یرده بعیب** اور صحیح ہے بیع بشرط بری الذمہ ہونے کے ہر عیب سے اگرچہ بائع نے عیب کو معین نہ مذکور کیا ہو بخلاف امام شافعی کے اسواسطے کہ بری الذمہ ہونا حقوق مجہولہ سے انکے نزدیک صحیح نہین اور ہمارے نزدیک صحیح ہے اسواسطے کہ عدم تعین برأت مین منازعت کو نہین پہونچاتی اور اس شرط مین داخل ہے وہ عیب جو موجود ہے قبل عقد کے اور جو پیدا ہو بعد عقد قبل قبض کے تو اب مشتری بیع کو پھیر نہین سکتا ام برأت عیب کی یہ صورت ہے کہ بائع نے مشتری سے کہا کہ مین نے یہ غلام تیرے ہاتھ بیچا اس شرط پر کہ مین بری الذمہ ہون ہر عیب سے کذا فی النہر تو اب مشتری کسی عیب قدیم یا حادث سے اسکو پھیر نہین سکتا اسواسطے کہ غرض اس شرط سے یہی ہے کہ عقد لازم ہو جائے اور مشتری کا حق درباب سلامت عیوب ساقط ہو اور یہ حاصل نہین ہوتا مگر عیب قدیم اور حادث کی برأت سے خواہ بائع عیب کا عالم ہو یا نہو اور مشتری اُسکا واقف ہو یا نہو اُسکی طرف اشارہ کیا ہے وانکیا ہو **وخصہ محمد ومالک بالموجود کقولہ من کل عیب بہ** اور محمد اور امام مالک نے برأت کو عیب موجود کے ساتھ مخصوص کیا ہے نہ عیب حادث کے ساتھ چنانچہ یون کہنا بائع کا کہ مین بری الذمہ ہون اسکے ہر عیب سے عیب موجود کے ساتھ بالاتفاق مخصوص ہے تو اسمین عیب حادث بالاجماع داخل نہین کذا فی البحر یعنی اگر بعد عقد قبل قبض عیب پیدا ہوگا تو اس صورت مین مشتری پھیر سکتا ہے **ولو قال مما یحدث صح عند الثانی وفسد عند الثالث** نہر اور اگر بائع نے کہا کہ مین بری الذمہ ہون اس عیب سے جو پیدا ہو تو صحیح ہے ابو یوسف کے نزدیک اور فاسد ہے بیع محمد کے نزدیک کذا فی النہر اسواسطے کہ ابراء محتمل اضافت کا نہین تو یہ شرط فاسد ہوئی اور ابو یوسف کی یہ دلیل ہے کہ غرض اس سے ایجاب بیع ہے اسطرح پر کہ استحقاق سلامت عیوب اسمین نہ رہے کذا فی الحلبی **ابراہ من کل داء فہو علی المرض وقیل علی ما فی الباطن واعتمدہ المصنف تبعا للاختیار والجوہرۃ لانہ المعروف فی العرف وما سواہ فی العرف مرض** بائع نے ابرا کیا ہر داء سے تو وہ مرض پر محمول ہے اور بعضون نے کہا کہ باطن کے مرض پر محمول ہے اور اسی قول ثانی پر مصنف نے اعتماد کیا ہے اختیار اور جوہرہ کا تابع ہو کر اسواسطے کہ لفظ داء عادت مین مرض باطنی مین مشہور ہے اور سواے بیماری باطن کے عرف مین مرض مشہور ہے ہم مذہب مشہور یہی ہے کہ داء مطلق مرض ہے اسواسطے کہ لغت مین ظاہر اور باطن دونون کو داء کہتے ہین لیکن عرف مین پیٹ کی بیماری کو داء بولتے ہین چنانچہ تلی یا فساد حیض کی بیماری کذا فی المنح **ولو ابراہ من کل غائلۃ فہی السرقۃ والاباق والزنا** اور اگر بائع نے ابرا کیا ہر غائلہ سے تو غائلہ سے مراد سرقہ اور گریختگی اور زنا ہے ہم ہر چند لغت مین غائلہ بمعنی شر اور بدی ہے لیکن یہ تخصیص عرفی اسواسطے ہے کہ مدار احکام عرف پر ہے **اشتری عبدا فقال لمن ساومہ ایاہ اشترہ فلا عیب بہ فلم یتفق بینہما البیع فوجد مشتریہ بہ عیبا فلہ ردہ علی بائعہ بشرطہ ولا یمنعہ من الرد علیہ اقرارہ السابق بعدم العیب لانہ مجاز عن الترویج** خرید کیا غلام کو پھر مشتری نے اس سے کہا جو اس خریداری کی گفتگو کرتا تھا کہ تو اس غلام کو خرید کر اسمین کوئی عیب نہین پھر دونون مین بیع کا اتفاق نہوا پھر مشتری نے اس غلام مین عیب پایا تو اُسکو پھیر دینے کا اختیار ہے اُسکے بائع کو رد بیع کی شرط کے موافق اور پھیر دینے کا مانع نہوگا اُسکا اگلا اقرار عدم عیب کا اسواسطے کہ وہ مجاز ہے ترویج سے ہم یعنی آدمی عیب سے کمتر خالی ہوتا ہے تو قاضی یقین کریگا کہ نفی کرنا مطلق عیب کا ظاہر مراد نہین لہذا اُسکا کلام ترویج مال پر محمول ہوگا چنانچہ مودے کا کہنا اپنی لونڈی سے یا زانیہ یا مجنونہ عیب کا اقرار نہین بلکہ شتم پر محمول ہے اور رد بیع کی شرط گواہ ہین یا اقرار بائع کا یا انکار قسم کذا فی الطحطاوی **ولو عینہ کآبق فقال لا عور بہ او لا شلل لا یردہ لاحاطۃ العلم بہ الا ان لا یحدث مثلہ کلا اصبع بہ زائدۃ فوجدہا فلہ ردہ للتیقن بکذبہ** اور اگر مشتری مذکور نے عیب کا نام لیا اور یون کہا اس شخص سے جو خریداری ظاہر کرتا ہے کہ اس غلام مین عیب یک چشمی یا برکاری دست نہین اور اُسنے خرید لیا اور پھر یہی عیب اُسمین ظاہر ہوا تو اب مشتری اُسکو پھیر نہین سکتا بسبب دریافت ہونے اس عیب کے بخوبی تمام

اگر یہ کہ ایسا عیب ہو کہ ویسا پیدا نہین ہو جاتا دفعتًا چنانچہ بائع کا یون کہنا کہ اُسکی زائد اُنگلی نہین پھر مشتری نے زائد اُنگلی اُسمین پائی تو اُسکو
اس صورت مین پھیر دینا جائز ہی با وجود نفی عیب مذکور بسبب متیقن ہو جانے اُسکے جھوٹ کے قال لاٰخر عبدی ہذا آبق فاشترہ منی فاشتراہ
وباع من آخر فوجدہ المشتری الثانی آبقا لایردہ بما سبق من اقرار البائع الاول مالم یبرہن انہ ابق عندہ لان اقرار البائع
الاول لیس بحجۃ علی البائع الثانی الموجود منہ السکوت کہا دوسرے سے کہ میرا یہ غلام بھگوڑا ہی تو اُسکو مجھسے خرید کرلے سو اُسنے اُسکو مول لیا اور دوسرے
شخص کے ہاتھ بیچا پھر مشتری ثانی نے اُسکو بھگوڑا پایا تو مشتری ثانی اُسکو پھیر نہین سکتا بائع اول کے اگلے اقرار سے تا وقتیکہ گواہون سے ثابت نہ کرے
کہ وہ اُسکے پاس سے بھاگا اسواسطے کہ بائع اول کا اقرار حجت نہین بائع ثانی پر جس سے سکوت حاصل ہی اور بائع ثانی کا سکوت بائع اول کے
اقرار کا مصدق نہین ہو سکتا کذا فی الطحطاوی واشتری جاریۃ لہا لبن فارضعت صبیا لہ ثم وجد بہا عیبا کان لہ ان یردہا لانہ استخدام
خرید کی شیر دار لونڈی سو اُسنے دودھ پلایا مشتری کے لڑکے کو پھر اُسمین عیب پایا تو اُسکو پھیر دینے کا اختیار ہی اسواسطے کہ دودھ پلوانا خدمت لینا
ہم یعنے اور خدمت لیکر پھیر دینا جائز ہی بخلاف الشاۃ المصراۃ فلا یردہا مع لبنہا وصاع من تمر بل یرجع بالنقصان علی المختار شروح مجمع وحررناہ فیما
علقناہ علی المنار بخلاف اُس بکری کے جو کم شیر تھی سو اُسکے بائع نے تھن باندھے یعنے دو چار روز دودھ نہ دوہا تاکہ اُنمین دودھ جمع ہو رہے اور مشتری
گمان کرے کہ بہت دودھ والی ہی تو اس بکری کو نہ پھیرے اُسکے دودھ کے ساتھ یا ایک صاع کھجور کے ساتھ بلکہ بقدر نقصان ثمن پھیر لے بقول مختار
کذا فی شروح المجمع اور ہمنے اسکی تحریر کی ہی منار کی شرح مین کما لو استخدمہا فی غیر ذلک ففی المبسوط الاستخدام بعد العلم بالعیب لیس برضی استحسانا
لان الناس یتوسعون فیہ وہو للاختبار وفی البزازیۃ الصحیح انہ رضی فی المرۃ الثانیۃ الا اذا کان نوع آخر وفی الصغری انہ مرۃ لیس برضی الا علی کرہ من المملوک
بحر چنانچہ اگر مشتری نے خدمت لی لونڈی سے دودھ پلوانے کے سوا کسی اور کام مین تو پھیر دینا جائز ہی اور مبسوط مین ہی کہ استخدام بعد دریافت
ہونے عیب کے باعتبار استحسان کے رضامندی نہین اسواسطے کہ استخدام مین لوگون کے نزدیک وسعت ہی تنگی نہین اور
استخدام آزمایش کے واسطے بھی ہوتا ہی کہ مملوک لائق کار ہی یا نہین اور بزازیہ مین ہی کہ صحیح قول یہ ہی کہ دوبارہ خدمت لینا رضامندی ہی
اگر جبکہ مملوک سے دوسرے قسم کا کام لیا تو رضامندی نہین اور صغریٰ مین ہی کہ ایکبار خدمت لینا رضامندی نہین مگر مملوک پر زبردستی کرکے
خدمت لینا البتہ رضامندی کی دلیل ہی کذا فی البحر اسواسطے کہ آدمی اپنی مملوک پر جبر کرتا ہی نہ غیر کی مملوک پر قال المشتری لیس بہا ای بالمبیع
اصبع زائدۃ ونحوہا مما لا یحدث مثلہ فی تلک المدۃ ثم وجدہ بہ ذلک کان لہ الرد بلا یمین لما مر مشتری نے کہا کہ مبیع مین زائد انگلی یا مانند
اسکے ویسا عیب نہین جو اتنی مدت مین پیدا ہو سکے پھر اس اقرار کے بعد وہی عیب پایا جسکا وہ انکار کر چکا تو اُسکو پھیر دینے کا اختیار ہی بدون
قسم کے بدلیل گذشتہ یعنے نفی عیب مذکور مین کذب مشتری متیقن ہی کیونکہ اُنگلی اتنی مدت مین پیدا نہین ہو سکتی تو معلوم ہوا کہ یہ عیب قدیم ہی
جو بائع کے پاس موجود تھا باع عبدا وقال للمشتری برئت الیک من کل عیب بہ الا الاباق فوجدہ آبقا فلہ الرد ولو قال
الا اباقہ لا لانہ فی الاول لم یضف الاباق للعبد ولا وصفہ بہ فلم یکن اقرارا باباقہ للحال وفی الثانی اضافہ الیہ فکان اخبارا بانہ آبق فیکون
راضیا بہ قبل الشراء خانیہ بیچا غلام کو اور مشتری سے کہا کہ مین بری الذمہ ہوا تیرے جانب اسکے ہر عیب سے سوائے گریختگی کے پھر اُسکو
مشتری نے بھگوڑا پایا تو اُسکو پھیرنے کا اختیار ہی اور اگر اُسنے کہا کہ مین اُسکے ہر عیب سے بری الذمہ ہون سوائے اسکے بھاگنے کے
تو پھیرنے کا اختیار نہین اسواسطے کہ پہلی صورت مین بائع نے گریختگی کی نسبت غلام کی طرف نہین کی اور نہ اُسکو موصوف بگریختگی کیا تو اُسکا
قول غلام کی فی الحال گریختگی کا اقرار نہوا اور دوسری صورت مین گریختگی کو اُسکی طرف نسبت کیا تو اُسنے خبر کر دی کہ وہ بھگوڑا ہی تو مشتری

دراہم مشتری کو دے اور مشتری اُسکو نہ پھیرے تو جائز ہی اور یہ مصالحہ ثمن کا گھٹا دینا قرار دیا جاویگا ھم بحر الرائق مین کہا کہ یہان تک ظاہر ہو گیا کہ خیار العیب ساقط ہوتا ہی
وقت بیع یا وقت قبض کے دریافت ہونے سے یا راضی ہو جانے سے بعد بیع اور قبض کے اور اشتراط براءت ہر عیب سے اور کسی چیز پر صلح کر لینے سے وعلی العکس
و ہو ان یصطلحا ان یدفع المشتری الدراہم الی البائع ویرد علیہ لا یصح لانہ لا وجہ لہ غیر الرشوۃ فلا یجوز اور بالعکس اُسکے وہ یہ ہی کہ دونون اسپر صلح کرین کہ مشتری چند
دراہم بائع کو دیکر مبیع پھیر دے تو صحیح نہین اسواسطے کہ اس دینے کی کوئی وجہ نہین سوا رشوت کے تو جائز نہوگی کیونکہ رشوت حرام ہی ھم سوداگرون کی اصطلاح مین
اُسکو ہمقانہ کہتے ہین سو معلوم ہوا کہ حرام ہی کیونکہ رشوت ہی ابو نصر بغدادی کی شرح قدوری مین ہی کہ رشوت اور ہدیہ مین یہ فرق ہی کہ رشوت وہ ہی جو ایک شخص دوسرے
کو کچھ دے بشرط اُسکی اعانت کے اور ہدیہ مین اعانت شرط نہین وفی الصغری ادعی عیبا فصالحہ علی مال ثم بری او ظہر ان لا عیب فیہ فللبائع ان یرجع بما
ادی ولو زال بمعالجۃ المشتری لا قنیہ اور صغری مین ہی کہ مشتری نے عیب کا دعوی کیا اور بائع نے اس سے مصالحہ کر لیا کچھ مال پر پھر وہ عیب زائل
ہو گیا یا ظاہر ہوا کہ اُسمین کچھ عیب نہین تو بائع کو جائز ہی کہ جو دیا ہی اُسکو پھیر لے اور اگر عیب زائل ہوا مشتری کے معالجہ کرنے سے تو پھیر لینا جائز نہین کذا فی القنیہ
رضی الوکیل بالعیب لزم الموکل ان کان المبیع مع العیب الذی بہ یساوی الثمن المسمی والا یساوہ لا یلزم الموکل راضی ہو گیا وکیل بیع کے
عیب سے تو موکل کو یہ بیع لازم ہوگی اگر مبیع اس عیب کے ساتھ جو اُسمین موجود ہی قیمت مین برابر ہو ثمن مسمی کے اور اگر قیمت اُسکی ثمن معین سے برابر نہو تو
موکل کو بیع لازم نہین چاہے تو پھیر دے۔ فروع مسائل ملحقۂ شارح کے لا یحل کتمان العیب فی مبیع او ثمن لان الغش حرام الا فی مسئلتین حلال نہین چھپانا عیب
کا مبیع یا ثمن مین اسواسطے کہ غش دینے یعنے تدلیس اور اخفاء عیب حرام ہی مگر دو صورت مین حرام نہین الاولی الاسیر لو شری شیئا ثمہ ودفع الثمن مغشوشا جاز
ان کان حرا لا عبدا پہلی صورت یہ ہی کہ مسلم اسیر اگر کوئی چیز وہان یعنے دار الحرب مین خرید کرے اور کھوٹا ثمن دے تو جائز ہی اگر وہ آزاد ہو نہ غلام ھم اشباہ مین
جہان سے شارح نے یہ مسئلہ نقل کیا یون ہی کہ خرید کیا مسلم اسیر کو دار الحرب سے اور ثمن کھوٹا یا مغشوش دیا تو جائز ہی اگر اسیر آزاد ہو اور اگر غلام ہو تو جائز نہین
انتہی اور اسی کے موافق قاضی خان مین یون ہی کہ ایک مرد نے قیدیون کو اہل حرب سے خرید کیا تو اُنکو کھوٹے اور مغشوش درم دینے جائز ہین اسواسطے کہ احرار
کی خرید درحقیقت خرید ہی نہین اور اگر قیدی غلام ہین تو کھوٹے درم دینے جائز نہین انتہی تو معلوم ہوا کہ اسیر مبیع ہی نہ مشتری غور کرے کذا فی الطحطاوی یعنی شارح نے
اشباہ کی عبارت مین دھوکھا کھایا کہ اسیر کو مشتری قرار دیا الثانیہ یجوز اعطاء الزیوف والناقص فی الجبایات اشباہ دوسری صورت یہ ہی کہ کھوٹے اور ناقص درم دینے
حاکم کے ظلم مین جائز ہین کذا فی الاشباہ ھم جبایات بباء موحدہ نہ بنون چنانچہ بعضے غلط سمجھے ہین اور وہ جمع ہین جبایت کی جبایت وہ ہی جو لوگون سے بظلم مال لیا
جاوے کذا فی الطحطاوی وفیہا رد المبیع بعیب بقضاء فسخ فی حق الکل الا فی مسئلتین اور اشباہ مین ہی کہ پھیر دینا مبیع کا عیب کی علت سے بحکم قاضی فسخ بیع ہی سب لوگون کے
حق مین مگر دو صورت مین فسخ نہین ھم سب کے حق مین فسخ ہی یعنے بائع اور مشتری کے حق مین فسخ ہی اور یہ فسخ باعتبار استقبال کے ہی نہ باعتبار ماضی کے لہذا زوائد
مبیع مشتری کے مملوک ہین تو اُنکو اصل کے ساتھ نہ پھیرے کذا فی الطحطاوی عن البحر احدیہما لو احال البائع بالثمن ثم رد المبیع بعیب بقضاء لم یبطل الحوالہ ایک
صورت یہ ہی کہ اگر بائع نے ثمن کا حوالہ کیا پھر مبیع پھیری گئی عیب سے بحکم قاضی تو حوالہ باطل نہین ہوتا ھم صورت اُسکی ذخیرہ مین یون ہی کہ غلام بیچا ایک مرد نے
ہزار درم کو پھر بائع نے اپنے قرضخواہ کو مشتری پر حوالہ کیا بقید ثمن پھر غلام مرگیا قبل قبض کے یہان تک کہ ثمن ساقط ہوا یا غلام پھیر دیا گیا خیار الرویۃ یا خیار الشرط
یا خیار العیب سے قبل قبض کے یا بعد قبض کے تو حوالہ باطل نہین استحسانا اور اگر مشتری نے حوالہ کیا تو قاضی اُسکو باطل کریگا انتہی ملخصا اس سے معلوم ہوا کہ لفظ بائع
شارح کی عبارت مین وقوع ہی بنا بر غلطیت کے کذا فی الطحطاوی الثانیہ لو باعہ المشتری بعد الرد بعیب بقضاء من غیر المشتری وکان منقولا لم یجز قبل قبضہ ولو کان فسخا لجاز دوسری صورت
یہ ہی کہ اگر بائع نے مبیع کو بیچا غیر مشتری سے بعد اُسکے پھیر دینے کے عیب کی علت سے بحکم قاضی اور مبیع مال منقول تھا تو یہ بیع جائز نہین قبل اُسکے قبضہ کرنے کے
اور اگر رد بالعیب بحکم قضا فسخ ہوتا تو بیع جائز ہوتی ھم غیر مشتری کی قید اسواسطے لگائی کہ مشتری سے دوبارہ بیع کرنا جائز ہی کیونکہ مبیع اُسکے پاس ہی اور

منقول کی قید اسواسطے لگائی کہ اراضی کی بیع قبل قبض صحیح ہے وفی البزازیۃ شری عبدا فضمن لہ رجل عیوبہ فاطلع علی عیب وردہ لم یضمن لانہ ضمان
العھدۃ وضمنہ الثانی لانہ ضمان العیوب وان ضمن السرقۃ والحریۃ او الجنون والعمی فوجدہ کذلک ضمن الثمن اور بزازیہ مین ہے کہ ایک غلام خرید کیا اور ایک مرد
اُسکے عیوب کا ضامن ہوا پھر مشتری کسی عیب پر مطلع ہوا اور اُسنے غلام کو پھیر دیا تو وہ مرد ضامن نہین اسواسطے کہ یہ ضمانت عھدہ کی ہے اور ضمانت
عھدہ امام کے نزدیک باطل ہے اور ابو یوسف نے اُسکو ضامن کہا ہے اسواسطے کہ یہ ضمانت عیوب ہے اور ضمان عیوب جائز ہے اور اگر وہ مرد دزدی یا
آزادی یا دیوانگی یا نابینائی کا ضامن ہوا پھر مشتری نے اُسکو اسی طرح پایا تو وہ شخص ثمن کا ضامن ہے وفی جواھر الفتاوی شری ثمرۃ کرم ولکن ھلاکھا
لغلبۃ الزنابیر ان بعد القبض لم یردہ وان قبلہ فان نقص المبیع بتناول الزنابیر فلہ الفسخ لتفرق الصفقۃ علیہ اور جواہر الفتاوی مین ہے کہ خرید کیے پھل انگور کے اور
ممکن نہین اُنکا توڑنا بھڑون کی کثرت کے سبب اگر بعد قبض غلبہ ہوا ہو تو نہ پھیرے کیونکہ یہ عیب مشتری کے پاس حادث ہوا اور اگر قبل قبض کے ہے اور پھل کم ہو گئے
ہون بھڑون کے کھاجانے سے تو اُسکو فسخ بیع مین اختیار ہے بسبب متفرق ہونے صفقہ کے مشتری پر یعنی جسقدر پھل خرید کیے تھے وہ پورے باقی نرہے بھڑونکے کھاجانے سے

باب البیع الفاسد

یہ باب ہے بیع فاسد کے احکام مین ہم بیع صحیح کو اسواسطے اول ذکر کیا کہ وہ مقصود کی موصل ہے کیونکہ مشروعیت عقود سے سلامت دین مقصود ہے تاکہ اُسکا منفع اور
حاجات دنیویہ حاصل ہون اور بیع فاسد کو اسواسطے موخر کیا کہ مخالف دین ہے اور فاسد مشتق ہے فساد سے جو ضد صلاح ہے اور حاصل معنی لغوی تغیر وصف کیطرف راجع ہے
اور اصطلاح شرع مین فاسد وہ ہے جسکی اصل مشروع ہو نہ وصف اُسکا اور مشروعیت اصل سے مراد یہ ہے کہ مال متقوم ہوا اور اُسکا جواز اور صحیح ہونا مراد نہین اسواسطے کہ فاسد
ہونا اُسکی صحت کا مانع ہے کذا فی الطحطاوی اور اس باب کو ملقب بفاسد کیا باوجودیکہ باطل کو بھی شامل ہے اسواسطے کہ فاسد کثیر الوقوع ہے تعدد اسباب کے سبب سے
کذا فی النھر المراد بالفاسد الممنوع مجازا عرفیا فیعم الباطل والمکروہ وقد یذکر فیہ بعض الصحیح تبعا فاسد سے مراد ممنوع ہے باعتبار مجاز عرفی کے تو اب فاسد بیع باطل اور مکروہ
بھی شامل ہو گئی اور گاہے اسباب مین بعض اقسام بیع صحیح کے بھی بالتبع مذکور ہوتی ہین ہم مجاز عرفی کا قول بہتر ہے اشتراک کے قول سے اور عرف سے عرف
فقہا مراد ہے کیونکہ اہل فقہ ایسے لوگ ہین جو تفرقہ کرتے ہین فاسد اور باطل مین بخلاف اہل لغت کے کہ اُنکے نزدیک فاسد اور باطل مین کچھ فرق نہین کیونکہ لغت مین باطل
بمعنی فاسد یا ساقط الحکم کے ہے اور فقہ مین بیع باطل وہ ہے جسکی اصل اور وصف دونون مشروع نہون اور حکم باطل عدم ملک ہے قبضہ ہوا ہو یا نہوا ہو اور مکروہ سے تحریمی مراد ہے
مکروہ لغت مین ضد محبوب ہے اور اصطلاح فقہ مین مکروہ وہ ہے جسکی اصل اور وصف دونون مشروع ہون لیکن وہ منہی عنہ ہے بسبب مجاور کے چنانچہ بیع اذان جمعہ کے وقت
کذا فی الطحطاوی وکل ما اورث خللا فی رکن البیع فھو مبطل وما اورثہ فی غیرہ فمفسد اور جو چیز خلل پیدا کرے بیع کے رکن مین وہ مبطل بیع ہے اور جو خلل پیدا کرے رکن کے
سوا اور امور مین وہ مفسد ہے بیع کا ہم شرح بدیع مین ہے کہ رکن بیع یعنی ایجاب اور قبول اور محل بیع یعنی مبیع اگر ہر ایک خلل سے سالم ہو تو بیع صحیح ہے اور اگر سالم نہو مثلا
کہ ایجاب اور قبول مین خلل پڑے عدم اہلیت متصرف سے بسبب ہونے عاقد کے صبی غیر ممیز یا مجنون یا مبیع مین خلل پڑے بسبب اُسکے ہونے کے
مردار یا خون یا شراب تو بیع باطل ہے بواسطے عدم اجتماع ارکان اور شرائط کے اور بیع فاسد وہ ہے جسکا رکن اور محل خلل سے سالم ہو لیکن اُسکے ثمن مین خلل
واقع ہو اس طرح پر کہ ثمن شراب ہو یا سور یا یہ خلل ہو کہ مبیع مقدور التسلیم نہو یا اُسمین ایسی شرط ہو جو مقتضائے عقد کے مخالف ہے تو اس طرح کی بیع فاسد ہے
نہ باطل کیونکہ رکن اور محل بیع خلل سے محفوظ ہے انتہی تو بہتر یہ تھا کہ شارح یون کہتا کہ جو صورت خلل ہے رکن بیع اور اُسکے محل مین وہ مبطل ہے تو فقہا کے مقتضائے
کلام سے ظاہر ہوا کہ اصل بیع عبارت ہے رکن بیع اور مبیع سے یعنے مال متقوم اسواسطے کہ بنا بیع اُنھین دونون چیزون پر ہے اور اصل شی اُسی کا نام ہے
جسپر اُس شی کی بنا ہو اور یہ ظاہر ہوا کہ وصف بیع اس سے عبارت ہے جو رکن اور محل بیع سے خارج ہو چنانچہ ثمن ہونا کہ یہ صفت ہے عقد کی کیونکہ
کے تابع ہے اور چنانچہ شرط مخالف مقتضائے عقد ہے کذا فی الطحطاوی لبطل بیع مالیس بمال المال مایمیل الیہ الطبع ویجری فیہ البذل

باب البیع الفاسد

والمنیۃ درر فخرج التراب ونحوہ باطل ہے بیع اُس چیز موجود کی جو مال نہین مال وہ ہے جسکی طرف طبیعت انسان کی مائل اور راغب ہو اور اُسمین دینا اور
بیع یا ہبہ کے اور غیر کو منع کرنا اور اُسکے تصرف سے باز رکھنا جاری ہو کذا فی الدرر تو مال کی تعریف سے مٹی اور مانند اُسکے چنانچہ قاذورات خالصہ نکل گئے
هم موجود کی قید درر کے موافق اسواسطے مترجم نے لگائی تا خارج ہو وہ معدوم جسکی طرف طبیعت مائل ہوتی ہے چنانچہ وہ مال جسکی آدمی آرزو رکھتا ہے اور
مٹی سے خالص مٹی مراد ہے تو اگر مٹی دقاذورات سے ملکر پانس ہوجاوے تو اُسکی بیع باطل نہین چنانچہ مذکور ہوگا کالدم المسفوح ح بیع کبد و طحال غیر
مال کی بیع باطل ہے چنانچہ خون جاری کی تو جاری کی قید سے کلیجی اور تلی کی بیع خارج ہوگئی باطل سے کیونکہ کبد اور طحال اگرچہ اصل اُنکی خون ہے لیکن جاری
نہین والمیتۃ سوی سمک وجراد ولا فرق فی حق المسلم بین التی ماتت حتف انفہا او بخنق ونحوہ اور چنانچہ مردہ جانور سوائے مچھلی اور ٹڈی کے
کہ اُنکی بیع باطل نہین اور کچھ فرق نہین مسلمان کے حق مین اس مردار جانور مین جو خود بخود مرگیا یا کسی نے اُسکو گلا داب کے یا کسی اور سبب سے
سوائے ذبح شرعی کے مردار کیا والحر والمبیع بہ ای جعلہ ثمنا بادخال الباء علیہ لان رکن البیع مبادلۃ المال بالمال ولم یوجد اور چنانچہ بیع حر کی اور
حر سے کسی چیز کو خرید کرنا باطل ہے اسواسطے کہ رکن بیع مبادلہ ہے مال کا دوسرے مال سے سو پایا نہ گیا حر سے خرید کرنا یعنے حر کو ثمن ٹھہرانا اُسپر
باء جارہ داخل کرکے ہم لغت عرب مین حر کو ثمن قرار دینا اسطرح ہوتا ہے کہ بعتک الدار بہذا الحر یعنے مین نے گھر بیچا بعوض اس حر کے تو حر اس مثال مین
ثمن ہے نہ مبیع خلاصہ یہ ہے کہ خون اور مردار اور حر کی بیع باطل ہے خواہ یہ چیزین مبیع قرار دی جاوین یا ثمن بسبب نہ پائے جانے رکن بیع کے والمعدوم
کبیع حق التعلی ای علو سقط لانہ معدوم اور چنانچہ معدوم کی بیع جیسے حق تعلی کو بیچنا یعنے وہ بالاخانہ جسکی عمارت گر پڑی ہے تو اس موضع کی
بیع باطل ہے کیونکہ وہ معدوم ہے ہم حق تعلی کی مثال یہ ہے کہ ایک گھر دو منزلہ ہے نیچے کا مکان ایک شخص کا ہے اور اوپر کا مکان دوسرے شخص کا سو دونون
درجے یا اوپر کا درجہ گر پڑا اور نیچے کا درجہ باقی رہا اور صاحب علو نے موضع کو بیچا تو بیع باطل ہے اسواسطے کہ حق تعلی معدوم محض ہے اور اسواسطے کہ وہ
متعلق ہوا ہے اور ہوا مال نہین کیونکہ مال وہ ہے جسکا رکھ چھوڑنا حاجت کے وقت کے واسطے ممکن ہو اور ہوا مین یہ امر حاصل نہین ومنہ بیع ما اصلہ
غائب کجزر وفجل او بعضہ معدوم کورد و یاسمین وورق فرصاد وجوزہ مالک لتعامل الناس وبہ افتی بعض مشائخنا رح عملا بالاستحسان وہذا اذا نبت
ولم یعلم وجودہ فاذا علم جاز ولہ خیار الرؤیۃ وتکفی رؤیۃ البعض عندہما وعلیہ الفتوی شرح مجمع اور منجملہ بیع معدوم اُسکی بیع ہے جسکی جڑ نظر سے غائب ہو
چنانچہ گاجر اور مولی یا بعض مبیع معدوم ہے چنانچہ گلاب اور چنبیلی کے پھول کہ بتدریج پیدا ہوتے ہین اور توت کے پتون کی بیع امام مالک رح نے
اس بیع کو جائز کہا ہے لوگون کے معمول کے سبب سے اور ہمارے بعض مشائخ مانند امام فضلی وغیرہ نے اسکے جواز کا فتوی دیا ہے قیاس چھوڑ استحسان
پر عمل کرکے اور یہ اختلاف جواز اور عدم جواز کا اُسوقت ہے جبکہ گاجر وغیرہ جمی ہو اور اُسکا موجود ہونا معلوم نہو پھر جبکہ معلوم ہوجاوے تو بیع جائز ہے اور
مشتری کو خیار الرؤیۃ ثابت ہے اور بعض مبیع کا دیکھنا صاحبین رح کے نزدیک کافی ہے اور اسی پر فتوی ہے کذا فی شرح المجمع والمضامین ما فی ظہور الآباء
من المنی اور مضامین کی بیع باطل ہے مضامین جمع ہے مضمونہ کی یعنے وہ منی جو نرون کے پیٹھون مین ہے یعنے جانور کا نطفہ بیچنا جو ہنوز اُسکی پشت سے
جدا نہین ہوا باطل ہے معدوم ہونے کے سبب سے والملاقیح جمع ملقوحۃ ما فی البطن من الجنین اور ملاقیح کی بیع باطل ہے ملاقیح جمع ہے ملقوحۃ کی ملقوحہ وہ
بچہ جو مادہ کے پیٹ مین ہے والنتاج بکسر النون حبل الحبلۃ ای نتاج النتاج الدابۃ او ادمی اور باطل ہے بیع نتاج کی نتاج بکسر نون عبارت ہے حبل الحبلہ
سے یعنے جانور یا آدمی کے بچے کا بچہ ہم حبل الحبلہ اُس بچہ کا بچہ جو ہنوز پیٹ مین ہے زمانہ جاہلیت مین دستور تھا کہ اونٹنی کے بچے کے بچے کو
خرید کرتے تھے یعنے مشتری یون کہتا تھا کہ اگر یہ اونٹنی مادہ بچہ جنے تو اُسکے بچے کو مین نے خرید کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکو
باطل کر دیا کذا فی العینی صحیحین اور سنن مین ابن عمر رض سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حبل الحبلہ کی بیع سے نہی فرمائی اور [illegible]

بیع مضامین اور ملاقیح اور حبل الحبلہ کی نہی مروی ہے اس احتمال سے کہ شاید وہ پیٹ ہی میں رہ جائے یا مر جائے بچہ ہونے سے پہلے کذا فی الفتح و بیع امۃ تبین انہ
ذکر الضمیر لتذکیر الخبر عبد و عکسہ بخلاف البہائم اور اس لونڈی کی بیع باطل ہے جس کا غلام ہونا ظاہر ہوا اور بالعکس اسکے یعنے اس غلام
کی بیع جس کا لونڈی ہونا ثابت ہوا باطل ہے بخلاف جانوروں کے مصنف نے ضمیر مذکر لایا بسبب تذکیر خبر کے والاصل ان الذکر والانثی من بنی آدم
جنسان حکما فیبطل و فی سائر الحیوانات جنس واحد فیصح و یتخیر لفوات الوصف اور قاعدہ جواز اور عدم جواز کا یہ ہے کہ نر اور مادہ بنی آدم میں
دو جنسین ہیں باعتبار حکم شرع کے تو دوسری جنس ہونے سے بیع باطل ہوگی اور باقی حیوانات میں نر اور مادہ ایک جنس ہین تو بیع
صحیح ہوگی اور مشتری کو لینے نہ لینے میں اختیار ہوگا بسبب فوت ہونے وصف مرغوب فیہ کے ہم آدمی میں نر اور مادہ اسواسطے دو جنس ہیں
کہ مرد اور عورت کے خرید کرنے میں اغراض بکثرت متفاوت ہیں بخلاف بہائم کے کہ انمین چندان تفاوت اغراض نہیں تو اگر بکرا خرید کیا اور وہ بکری
نکلی تو بیع صحیح ہوگی و متروک التسمیۃ عمدا و لو من کافر بزازیۃ و کذا ما ضم الیہ لان حرمتہ بالنص اور اس ذبیحہ کی بیع باطل ہے جسکے ذبح کرنے کے وقت
نام خدا عمدا متروک ہوا اگرچہ کافر کے ہاتھ اسکو بیچا ہو اور اسی طرح اس چیز کی بھی بیع باطل ہے جو متروک التسمیہ کے ساتھ ملا کر بیچے اسواسطے کہ متروک التسمیہ کا حرام
ہونا نص قرآنی سے ثابت ہے ہم متروک التسمیہ عمدا امام شافعی کے نزدیک حلال ہے اگر ذابح اسکا مسلم ہو اسواسطے کہ نام خدا ہر مسلم کے دل میں ہے تو اگر
کوئی کہے جبکہ متروک التسمیہ عمدا مجتہد فیہ ہوا تو چاہیے کہ اسکے ساتھ والی کی بیع جائز ہو جیسے مدبر کے ساتھ والی کی بیع جائز ہے صاحب کافی نے اسکا جواب
دیا کہ متروک التسمیہ کی حرمت نص قرآنی سے ثابت ہے اور مورد نص میں مساغ اجتہاد نہیں تو یہ اختلاف معتبر نہیں اور بحکم قاضی بھی نافذ نہیں و بیع الکراب
و کری الانہار لانہ لیس بمال متقوم بخلاف بیع بناء و شجر فیصح اذا لم یشترط ترکہا ولوالجیہ اور کھیت جوتنے اور نہر کھودنے کی بیع باطل ہے اسواسطے
کہ یہ موجود مال نہیں بخلاف عمارت اور درخت کے کہ وہ مال متقوم ہے تو بیع اسکی صحیح ہے بشرط اسکے عدم ترک کے کذا فی الولوالجیہ ہم یعنے
ایک شخص نے دوسرے شخص سے زمین اجارہ لی پھر اس زمین کو زراعت کے واسطے جوتا اور اسمین ہل چلایا یا اسمین پانی کی نہر کھودی پھر اجارہ
فسخ ہوگیا یا اسکی مدت منقضی ہوگئی پھر مستاجر نے چاہا کہ اپنا یہ عمل بیچے تو جائز نہیں کیونکہ یہ مال متقوم نہیں کذا فی الطحطاوی و ما فی حکمہ ای حکم ما لیس
بمال کام الولد و المکاتب و المدبر المطلق فان بیع ہؤلاء باطل ای بقاء فلم یملکوا بالقبض ابتداء فصح بیعہم من انفسہم و بیع من ضم الیہم درر
اور جو چیز کہ حکم مذکور میں ہے یعنے جو چیز کہ مال نہیں ہے چنانچہ ام ولد اور مکاتب اور مدبر مطلق تو انکی بیع باطل ہے یعنے باعتبار انجام کار باطل ہے
اشخاص مذکورین مملوک نہیں ہوتے قبض مشتری سے اور باطل نہیں انکی بیع باعتبار ابتدا کے تو انکو بیچنا خود انکی ذات سے صحیح ہے اور اس
مملوک کی بیع صحیح ہے جو انکے ساتھ ملا کر بیچا گیا کذا فی الدرر ہم حر کی بیع ابتداء و بقاء دونوں طرح باطل ہے کیونکہ وہ کسی طرح محل بیع نہیں اور ام ولد
اور مکاتب اور مدبر مطلق کی بیع ابتداء باطل نہیں کہ وہ فی الجملہ محل بیع ہیں کیونکہ حقیقت حریت بالفعل انمین موجود نہیں لیکن باعتبار انجام کار
کے انکی بھی بیع باطل ہے اسواسطے کہ استحقاق عتق ام ولد میں حدیث سے ثابت ہے کہ اسکو اسکے ولد نے آزاد کر دیا اور سبب حریت مدبر میں فی الحال
متحقق ہے کیونکہ بعد موت اہلیت باطل ہے اور مکاتب کا استحقاق اپنے تصرف ذاتی سے ثابت ہے تو اگر انکی ملک بیع سے ثابت ہو تو یہ سب حقوق باطل
ہو جاوین کذا فی الطحطاوی و قول ابن کمال بیع ہؤلاء باطل موقوف ضعفہ فی البحر بان المرجح اشتراط رضی المکاتب قبل البیع و عدم نفاذ القضاء ببیع
ام الولد و صحح فی الفتح نفاذہ قلت الوجہ توقفہ علی قضاء آخر امضاء او ردا عینی و نہر فلیکن التوفیق اور ابن کمال کے اس قول کی کہ انکی بیع باطل
موقوف ہے تضعیف کی ہے اس قول کی بحر الرائق میں کہ مرجح اشتراط رضا ہے مکاتب کی قبل بیع کے نہ بعد بیع کے اور راجح عدم نفاذ قضائے
ام ولد کی بیع میں اور فتح القدیر میں نفاذ قضا کی تصحیح کی ہے میں کہتا ہوں کہ قوی تر یہ ہے کہ قضائے بیع ام ولد دوسرے قاضی کے حکم پر موقوف ہے

حکم اول کے جاری رکھنے مین یا رد کرنے مین کذا فی العینی والنہر تو اسی قول کو دافع اختلاف قرار دینا چاہیے یعنے بحر الرائق کا قول عدم نفاذ اس صورت پر
محمول ہی جب دوسرے قاضی نے قاضی اول کے موافق حکم ندیا ہو اور فتح القدیر کے نفاذ کا قول اس صورت پر محمول ہی جبکہ دوسرے قاضی نے اسکو جاری
کردیا ہو مع بیع ام ولد کا مسئلہ صدر اول مین مختلف فیہ تھا عمرؓ فاروق اسکی بیع کے مجوز نہ تھے اور علیؓ مرتضیٰ مجوز تھے پھر تابعین کا اجماع ہو گیا عدم جواز پر پھر اگر
بعد اسکے قاضی جواز بیع کا حکم دے تو رافع خلاف سابق ہوگا یا نہین بعضون کے نزدیک رافع نہین اور ہمارے نزدیک رافع ہی خلاف کا فصول استروشنی مین ہی
کہ قضاے بیع ام ولد مین دو روایتین ہین اظہر الروایتین یہ ہی کہ نافذ نہین اور جامع مین یون ہی کہ قضاے قاضی دوسرے قاضی کے حکم پر موقوف ہی اگر وہ جاری
کردے تو نافذ ہی ورنہ باطل اور یہ اوجہ الاقاویل ہی کذا فی الطحطاوی عن العینی وفی السراج ولدہ ولد لا کہم وفی بیع معتق البعض والسراج مین ہی کہ ام ولد اور مکاتب و مدبر کی
اولاد انکے مانند ہی عدم جواز بیع مین اور عبد معتق البعض حر کے مانند ہی بطلان بیع مین **وبطل بیع مال غیر متقوم** ای غیر مباح الانتفاع بہ ابن کمال فلیحفظ
اور باطل ہی بیع مال غیر متقوم کی یعنی وہ مال جس سے فائدہ لینا مسلم کو شرعاً جائز نہین کذا صحح ابن کمال اسکو یاد رکھنا چاہیے ثم ابن کمال نے کہا کہ تلویح
مین مذکور ہی کہ تقوم دو قسم ہی تقوم عرفی یعنے احراز اور غیر محرز چنانچہ شکار اور گھاس مال متقوم نہین اور تقوم شرعی یعنی جس سے انتفاع مباح ہو وہی یہان مراد ہی
کذا فی الطحطاوی **وخمر وخنزیر ومیتة لم تمت حتف انفها بل بالخنق ونحوه** فانها مال عند ذمی کخمر وخنزیر مال غیر متقوم چنانچہ شراب اور سور اور مردہ
جانور جو خود بخود نہین مر گیا بلکہ گلہ دابنے اور مانند اسکے چنانچہ مارنے سے مر گیا کہ ایسا مردہ مال ہی کفار ذمیون کے نزدیک جیسے شراب اور سور
وہذا ان بیعت بالثمن ای بالدین کدراہم ودنانیر ومکیل وموزون بطل فی الکل وان بیعت کعین کعرض بطل فی الخمر وفسد فی العرض فیملکہ بالقبض
بقیمتہ ابن کمال اور یہ یعنے شراب اور سور اور مردار اگر انکی بیع ہو ثمن سے یعنے بعوض دین کے چنانچہ دراہم اور دنانیر اور مکیل اور موزون سے تو
بیع اور ثمن ہر ایک مین بیع باطل ہی یعنے قبضہ کرنے سے بھی مملوک نہین ہوتے اور اگر انکی بیع ہوئی بعوض عین یعنے متاع اور اسباب سے تو
شراب وغیرہ مین بیع باطل ہی اور اسباب مین فاسد ہی تو متاع کا مالک ہوگا قبضہ کرنے سے اسکی قیمت دیکر کذا صحح ابن کمال **وبطل بیع قن ضم
الی حر وذکیة ضمت الی میتة ماتت حتف انفها** قید بہ لتکون کالحر وان سمی ثمن کل ای فصل الثمن خلافا لهما اور باطل ہی بیع اس مملوک کی
جو ملایا گیا آزاد سے اور اس ذبیحہ کی بیع باطل ہی جو ملایا گیا اس مردار کے ساتھ جو خود بخود مر گیا اگرچہ ہر ایک کا ثمن مسمی ہو یعنے جدا جدا ثمن مذکور ہو
بخلاف صاحبین کے مصنف نے خود بخود مرنے کی قید لگائی تا مردار آزاد کے مانند ہو جاوے عدم مالیت مین مسلم اور ذمی دونون کے نزدیک و
مبنی الخلاف ان الصفقة لا تتعدد بمجرد تفصیل الثمن بل لابد من تکرر لفظ العقد عنده خلافا لهما فظاہر النہایة یفید انہ فاسد اور امام اور صاحبین کی
بناے خلاف یہ ہی کہ صفقہ یعنے عقد متعدد نہین ہوتا بمجرد تفصیل ثمن کے بلکہ تعدد مین مکرر رکھنا لفظ عقد کا ضرور ہی امام کے نزدیک بخلاف صاحبین
کے کہ انکے نزدیک تفصیل ثمن بلا تکرار لفظ عقد تعدد صفقہ مین کافی ہی اور نہایہ کا ظاہر اسکا مفید ہی کہ بیع عبد بضم حر اور بیع ذبیحہ بضم میتہ فاسد ہی **بخلاف
بیع قن ضم الی مدبر ونحوه او قن غیره وملک ضم الی وقف غیر المسجد العامر فانه کالحر** بخلاف العامر بالمعجمة الخراب فلمذا بالاشباه من قاعدة اذا اجتمع
الحرام والحلال بخلاف بیع غلام مملوک کے جو ملایا گیا مدبر اور اسکے مانند ام ولد اور مکاتب کے ساتھ یا غیر کے غلام کے ساتھ اور بیع مال مملوک کی
جو ملایا گیا وقف کے ساتھ سواے مسجد آباد کے اسواسطے کہ جو ملک مسجد آباد کے ساتھ ملکر بکے گی تو اسکی بیع باطل ہی جیسے آزاد کے ساتھ باطل ہی
بخلاف ویران مسجد کے کہ اسکے ساتھ ملک کی بیع جائز ہی جیسے مدبر کے ساتھ جائز ہی چنانچہ یہ تصریح اشباہ مین ہی منجملہ اس قاعدے کے کہ جب حرام اور حلال
مجتمع ہون تو حرام ہی غالب ہوتا ہی **ولو محکوما بہ** فی الاصح خلافا لما افتی بہ المولی ابو السعود اگرچہ لزوم وقف پر قاضی کا حکم ہو گیا ہو تو بھی ملک کی بیع
صحیح ہی قول اصح مین برخلاف ملا ابو السعود مفتی روم کے فتوے کے ہم مفتی مرحوم کا یہ فتوی ہی کہ اگر لزوم وقف کا قاضی نے حکم کیا تو اسکے ساتھ

ملک کی بیع فاسد ہی نہر الفائق مین اس قول کو رد کیا ہی اور اطلاق وقف کی تصحیح کی ہی فیصح بحصتہ فی القن وعبدہ والملک لانہا مال فی الجملۃ تو صحیح ہی
بیع بقدر اُسکے حصے کے غلام مین مدبر کے ساتھ اور بائع کے غلام مین غیر کے غلام کے ساتھ اور ملک مین وقف کے ساتھ اسواسطے کہ مدبر اور غیر کا غلام
اور وقف فی الجملہ مال ہین ولو باع قریۃ ولم یستثن المساجد والمقابر لم یصح عینی اور اگر ایک گانون بیچا اور وہان کے مساجد اور مقابر کو بیع سے استثنا
نہ کر لیا تو بیع صحیح نہین کذا فی العینی م بحر الرائق مین محیط سے منقول ہی کہ اگر قریہ بیچا اور اُسمین کے مساجد اور مقابر کو استثنا نہ کر لیا تو قول اصح یہ ہی کہ ملک
مین بیع صحیح ہی اسواسطے کہ مساجد اور مقابر بنا بر عادت کے مستثنے ہین طحطاوی نے کہا کہ بحر الرائق کا قول اولی ہی اسواسطے کہ جو عرف مین معلوم ہی وہ
مشروط کے برابر ہی کما بطل بیع صبی لا یعقل ومجنون شیئًا جیسے باطل ہی بیچنا صغیر غیر عاقل اور مجنون کا کسی چیز کو م غیر عاقل کی قید اسواسطے
لگائی کہ صبی عاقل کی بیع اور شرا منعقد ہی اور اُسکے ولی کی اجازت پر موقوف ہی و بول ورجیع آدمی لم یغلب علیہ تراب فلو مغلوبا بہ جاز کعذرۃ
ولعذرۃ کفی فی البحر بمجرد خلطہ تراب اور باطل ہی بیع آدمی کے پیشاب اور گوہ کی جسپر مٹی نہ غالب ہوگئی ہو اور اگر مٹی غالب ہوا اور وہ مغلوب ہو تو بیع جائز ہی
جیسے گوبر اور مینگنی کی بیع جائز ہی اور بحر الرائق مین اکتفا کیا ہی مجرد اُسکے ملنے کے قطع نظر مٹی کے غالب ہونے کے م طحطاوی نے کہا اگر کوئی کہے کہ فقط
گوہ مال نہین اور خالص مٹی مال نہین پھر دونون کے اجتماع سے کیونکر مالیت پیدا ہوگئی اسکا جواب یہ ہی کہ جواز بیع کا مدار حلت انتفاع پر ہی اور
خلط سے انتفاع جائز ہی نہ بدون خلط کے وشعر الانسان لکرامۃ الآدمی ولو کافرا ذکرہ المصنف وغیرہ فی بحث شعر الخنزیر اور آدمی کے بال کی
بیع باطل ہی بسبب آدمی کی بزرگی اور عزت کے اگرچہ آدمی کافر ہو مصنف وغیرہ نے اُسکو سور کے بال کی بحث مین مذکور کیا ہی فتح ومالیس فی ملکہ
لبطلان بیع المعدوم ومالہ خطر العدم اور باطل ہی بیع اُس چیز کی جو آدمی کی ملک مین نہین ہی بسبب باطل ہونے بیع معدوم کے اور جسمین نیستی کا خطرہ
لگا ہی م معقود علیہ کی شرط یہ ہی کہ مال موجود متقوم مملوک فی نفسہ ہوا اور بائع کی ملک ہو یا اُسکے موکل کی اور مقدور التسلیم ہو اور جو چیز اُسکے پاس
نہین تو وہ نہ اُسکی ملک ہی نہ مقدور التسلیم ہی اور جسمین نیستی کا خطرہ لگا ہی اُسکی بیع بھی جائز نہین چنانچہ حمل اور تھن کا دودھ اور ثمرا اور زرع قبل از ظہور اور
بیج خربوزے کے اندر اور گٹھلی کھجور کے اندر اور گوشت اور چربی اور کلہ پائے زندہ بکری کے اندر کے اور کھلی تلون کے اندر کذا فی المنح لا بطریق السلم فانہ صحیح
لانہ علیہ الصلوۃ والسلام نہی عن بیع مالیس عند الانسان ورخص فی السلم جو چیز آدمی کے پاس نہین اُسکی بیع بطریق سلم باطل نہین بلکہ وہ صحیح ہی اسواسطے کہ نبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا اُسکی بیع سے جو انسان کے پاس نہین اور رخصت دی سلم مین م اصحاب سنن نے حکیم بن حزام سے روایت کی کہ
مین نے کہا یا رسول اللہ بعضا شخص میرے پاس خرید کرنے کو آتا ہی اور میرے پاس وہ چیز نہین ہوتی سو کیا مین اُس سے بیع کیا کرون پھر اُسکو
بازار سے خرید کر دیا کرون فرمایا لا تبع مالیس عندک یعنی نہ بیچ اُسکو جو تیرے پاس نہین ہی کذا فی التیسیر وبطل بیع صرح بنفی الثمن فیہ لانعدام الرکن
وہو المال اور باطل ہی وہ بیع جسمین نفی ثمن کی تصریح ہی بسبب نہونے رکن کے یعنے مال م اور اگر سکوت ہو ثمن سے تو بیع فاسد منعقد ہوگی چنانچہ مذکور
ہوگا والبیع الباطل حکمہ عدم ملک المشتری ایاہ اذا قبضہ فلا ضمان لو ہلک المبیع عندہ لانہ امانۃ وصحح فی القنیۃ ضمانہ قیل وعلیہ الفتوی
اور بیع باطل کا حکم عدم ملک مشتری ہی یعنے مشتری مبیع کا قبضہ کرنے سے مالک نہین ہوتا تو مشتری پر تاوان نہین اگر مبیع اُسکے پاس ہلاک ہو اسواسطے
کہ وہ امانت ہی اور قنیہ مین تاوان رہنے کی تصحیح کی ہی بعضون نے کہا اسی قول پر فتوی ہی م حموی مین ہی کہ سرخسی کے نزدیک ضمان مختار ہی اور قنیہ مین
وجہ صحت یہ مذکور ہی کہ مشتری نے اُسکو اپنی ذات کے واسطے قبضہ کیا تو مشابہ غصب کے ہوا اور حاشیہ سری الدین مین قاضی خان سے منقول ہی کہ ضمان
دینا صحیح ہی تو خلاصہ یہ ہی کہ دونون قول صحیح ہین کذا فی الطحطاوی وفیہا بیع الحربی اباہ او ابنہ قیل باطل وقیل فاسد وفی وصایاہا بیع الوصی مال الیتیم بغبن فاحش باطل
وقیل فاسد وصحح اور قنیہ مین ہی کہ بیچنا حربی کا اپنے باپ یا بیٹے کو بعضون کے نزدیک باطل ہی اور بعضون کے نزدیک فاسد ہی اور قنیہ کی وصایا مین ہی کہ بیچنا وصی کا یتیم کے مال کو

به نقصان صریح باطل ہی اور بعضون کے نزدیک فاسد ہی اور اسی کی ترجیح ہی بعضون کے نزدیک ہم فائدہ خلاف کا یہ ہی کہ درصورت باطل ہونے کے بعد قبض
بیع مملوک نہین اور فاسد مین مملوک ہی وفی القنیۃ بیع المضطر وشراءہ فاسد اور قنیہ مین ہی کہ مضطر کا بیچنا اور خریدنا فاسد ہی ہم صورت اسکی یہ ہی کہ ایک شخص
کھانے یا پانی یا لباس کی طرف باضطرار حاجتمند ہی اور بائع اشیاے مذکورہ کو نہین بیچتا اگر بکثرت ثمن زیادہ کرکے اور اسی طرح مضطر سے خرید کرنا نہایت
ثمن کو کم کرکے کذا فی الفتح ابو داؤد مین علی مرتضی سے روایت ہی کہ نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن بیع المضطر یعنے حضرت نے منع فرمایا مضطر کی بیع سے
کذا فی التیسیر **و فسد بیع ما سکت ای وقع السکوت فیہ عن الثمن** اور فاسد ہی وہ بیع جسمین سکوت واقع ہوا ثمن سے چنانچہ بائع نے کہا کہ مین نے
یہ کپڑا بیچا اور مشتری نے کہا مین نے خرید کیا اور دونون نے ثمن کو ذکر نکیا تو بیع فاسد ہی اور اگر نفی ثمن کی تصریح ہوگی تو بیع باطل ہی چنانچہ مذکور ہو چکا کبیعہ
بقیمتہ جیسے بیع بیع کی بقدر اُسکی قیمت کے فاسد ہی ہم یعنے بلاتعیین ثمن قیمت مجملہ پر بیع فاسد ہی **و فسد بیع عرض** ہو المتاع القیمی ابن کمال **بخمر وعکسہ**
فینعقد فی العرض لا الخمر کما مر اور فاسد ہی بیع متاع اور اسباب کی شراب سے اور شراب کی بیع متاع سے تو بیع منعقد ہوگی اسباب مین نہ شراب مین جیسا گذرا
چنانچہ عنقریب گذر گیا عرض عبارت ہی متاع قیمت والی سے کذا صرح ابن کمال تو روپیہ اور اشرفی اور اناج عرض نہین **و فسد بیعہ ای العرض**
بام الولد والمکاتب والمدبر حتی لو تقابضا ملک المشتری العرض لما مر انہم مال فی الجملۃ اور فاسد ہی بیع متاع قیمتی کی ام ولد اور
مکاتب ومدبر سے یہان تک کہ اگر متعاقدین تقابض بدلین کرینگے تو متاع کا خریدار متاع کا مالک ہوگا اسواسطے کہ مذکور ہو چکا کہ مکاتب وغیرہ فی الجملہ مال ہین
بخلاف شراب یا سور یا مردار کے **و فسد بیع سمک لم یصد لو بالعرض والا فباطل لعدم الملک** صدر الشریعۃ اور فاسد ہی بیع اس مچھلی کی جو ہاتھ مین
نہ آئے شکار کرنے سے بشرطیکہ اُسکی بیع اسباب سے ہو اور اگر دراہم اور دنانیر یا کیلی اور موزون سے ہو تو بیع باطل ہی کذا فی شرح الوقایہ م صدر الشریعۃ نے
شرح وقایہ مین کہا کہ جو مچھلی شکار نہین ہوئی تو سزاوار یہ ہی کہ بیع باطل ہو اگر دراہم اور دنانیر سے ہو اور اگر متاع سے ہو تو فاسد ہی اسواسطے کہ وہ مال غیر
متقوم ہی اسلیے کہ تقوم احراز سے ہوتا ہی اور احراز یہان حاصل نہین **او صید ثم القی فی مکان لا یؤخذ منہ الا بحیلۃ للعجز عن التسلیم** یا مچھلی شکار ہوئی
پھر ڈالی گئی ایسے مکان مین یعنی حوض وغیرہ مین کہ اسمین سے گرفتار نہین ہوتی مگر جال کے حیلے سے تو بیع فاسد ہی بسبب عاجز ہونے کے تسلیم سے **وان**
اخذ بدونہا صح ولہ خیار الرؤیۃ اور اگر مچھلی پکڑ لیجائے بدون حیلہ جال کے تو بیع اسکی صحیح ہی اور مشتری کو خیار الرؤیۃ ہی **الا اذا دخل بنفسہ ولم یسد مدخلہ**
فلو سدہ ملکہ مگر جبکہ مچھلی خود حوض مین گھس گئی اور اُسنے اُسکا مدخل بند نکیا تو اُسکی بیع صحیح نہین بلکہ باطل ہی بسبب عدم ملک کے اور اگر اُسنے اُسکا مدخل بند
کردیا تو اُسکا مالک ہوگا اسواسطے کہ بند کرنا فعل اختیاری ہی اور موجب ہی ملک کا جیسے جال مین پڑنا موجب ملک ہی بحر الرائق مین ہی کہ جب مچھلی حوض مین کسی
آدمی کی تدبیر سے تو وہ اُسکا مالک ہوگیا اور بیع اُسکی بموجب تفصیل مذکور کے ہی یعنی درصورت تسلیم صحیح ہی والا غیر صحیح اور بعضون نے کہا مطلقاً بیع صحیح نہین بسبب
عدم احراز کے اور خلاف اس صورت مین ہی جبکہ انسان نے وہ حوض شکار کرنے کے واسطے نہ بنایا اور اگر بنایا ہوگا تو بالاجماع مالک ہوگا کذا فی الطحطاوی **ولم یجز اجارۃ**
برکۃ لیصاد منہا السمک بحر اور جائز نہین اجارہ حوض اور تالاب کا تاکہ اسمین سے مچھلیون کا شکار کیا جاوے کذا فی البحر **و بیع طیر فی الہواء لا یرجع بعد ارسالہ**
من یدہ اما قبل صیدہ فباطل لعدم الملک اور فاسد ہی بیع اُن چڑیون کی ہوا مین جو پلٹ نہین آتین ہاتھ سے چھوڑ دینے کے بعد اور اُنکا بیچنا قبل
اُنکے شکار کرنے کے تو باطل ہی بسبب عدم ملک کے ہم یعنی اگر چڑیا کو پکڑ کے چھوڑ دیا اور وہ ہوا مین اوڑتی پھرتی ہی اور اُسکی پلٹ آنے کی عادت نہین تو اُسکی
بیع فاسد ہی اور اگر ہنوز اُسکو نہین پکڑا تو بیع باطل ہی اگر دراہم یا دنانیر سے بیع ہوئی ہو اور اگر متاع سے بیع ہوئی ہو تو فاسد ہی مچھلی کے مانند کذا فی الحلبی **فان**
کان لیطیر ویرجع کالحمام صح وقیل لا ورجحہ فی النہر اور اگر چڑیا ایسی ہو کہ اوڑ جاتی ہو اور پھر آتی ہو پلٹ کر چنانچہ پالو کبوتر تو اُسکی بیع اوڑنے کی حالت مین
صحیح ہی اور بعضون نے کہا کہ صحیح نہین اور اسی قول کی ترجیح دی نہر الفائق مین ہم وجہ صحت یہ ہی کہ معلوم بطریق عادت کے واقع کے مانند ہی

اور یہ احتمال کرنا کہ شاید پلٹ آوے مانع جواز بیع نہین چنانچہ تجویز ہلاک مبیع قبل قبض مانع نہین پھر درصورت عروض ہلاکی بیع فسخ ہوتی ہی اسیطرح بیان
درصورت وقوع عدم معتاد قبل قبض کے بیع فسخ ہوگی کذا فی الفتح نہر الفائق مین کہا آمین نظر ہی اسواسطے کہ شرط صحت بیع سے قدرت ہی تسلیم پر بعد بیع کے
ولہذا بندۂ گریختہ کی بیع جائز نہین انتہا مین کہتا ہون کہ جواز بیع درصورت عادت عود منافی قدرت تسلیم کی نہین اسواسطے کہ جب پھر آنے کی عادت ہوئی
طائر کی تو مقدور التسلیم ہوا اور قدرت تسلیم کا دعوی بعد عقد کے لازم نہین اور اگر بعد عقد عدم سرعت عود فرض کیجیے تو بیع فسخ ہوجاویگی بخلاف بندۂ گریختہ
کے کہ عادت مین اُسکا عود کرنا معتاد نہین کذا فی الطحطاوی عن الحموی وبیع الحمل ای الجنین وجزم فی البحر ببطلانہ کالنتاج اور فاسد ہی بیع حمل یعنی پیٹ کے
بچے کی اور بحر الرائق مین اسکے باطل ہونے کا یقین کیا ہی ولد الولد کے مانند ہم مصنف نے باتباع صاحب دُرر بیع حمل کو فاسد کہا اور بحر الرائق اور برہان
اور حموی مین اُسکو باطل کہا ہی اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہی فرمائی ہی اُسکی خرید سے جو جانورون کے پیٹ مین ہو تا وضع رواہ احمد الزیلعی
وابن ماجہ اور اسواسطے کہ مشکوک الوجود ہی کذا فی الطحطاوی وامۃ الاحملہا لفسادہ بالشرط بخلاف ہبتہ ووصیتہ اور فاسد ہی بیع لونڈی کی سولے اسکے
حمل کے بسبب فاسد ہونے بیع کے شرط فاسد سے بخلاف ہبہ اور وصیت کے یعنی لونڈی کا ہبہ یا وصیت کرنا بدون حمل کے صحیح ہی ولبن فی ضرع وجزم
البرجندی ببطلانہ اور فاسد ہی دودھ کی بیع تھن کے اندر اور برجندی نے اسکے بطلان کا یقین کیا ہم فساد بیع کے چند وجوہ ہین ۱ معلوم نہین کہ تھن مین
دودھ ہی یا ریح ۲ اختلاف دوہنے کی کیفیت مین غالباً نزاع واقع ہوگا ۳ جائز ہی کہ دوہنے سے پہلے اور دودھ پیدا ہو تو مال بائع مخلوط ہوا مشتری کے
مال سے اسطرح پر کہ تخلیص اُسکی مقصور نہین ۴ امام شافعی نے ابن عباس سے اسکی نہی روایت کی اور صوف علی ظہر الغنم کی کذا فی الطحطاوی ولؤلؤ فی
صدف للغرر اور فاسد ہی بیع موتی کی سیپی کے اندر بسبب خطرۂ نیستی کے یعنے اُسکا وجود اور مقدار معلوم نہین وصوف علی ظہر غنم وجوزہ الثانی
ومالک اور فاسد ہی بیع اُون کی بھیڑ کی پیٹھ پر اور ابو یوسف اور امام مالک نے اُسکو جائز کہا ہی فساد بیع کا یہ سبب ہی کہ صوف نیچے سے بڑھتا ہی تو مبیع غیر مبیع
سے مختلط ہوگی کذا فی النہر وفی السراج لو سلم الصوف واللبن بعد العقد لم ینقلب صحیحا اور سراج مین ہی کہ اگر بائع نے صوف اور دودھ تسلیم کر دیا مشتری کو بعد عقد
کے تو بیع منقلب ہوکر صحیح نہوجاویگی وکذا کل ما اتصالہ خلقی کجلد حیوان ونوی تمر وبزر بطیخ لما مر انہ معدوم عرفا اور اسیطرح جس چیز کا کہ اتصال پیدائشی ہو
جیسے کھال جانور کی اور گٹھلی کھجور کی اور بیج خربوزے کا کہ اُسکی بیع فاسد ہی اسواسطے کہ مذکور ہوچکا کہ اشیاے مذکورہ عرف مین معدوم ہین وانما صحح بیع
الکراث وشجر الصفصاف واوراق التوت باغصانہا للتعامل اور گندنا اور درخت بید اور توت کے پتون کی بیع کر شاخون کے ساتھ فقہا نے صحیح کہا ہی
فقط رواج کے سبب سے ہم یہ جواب ہی اس سوال کا جو فقیہون کے اس قول پر وارد ہوتا ہی کہ صوف علی ظہر الغنم کی بیع اسواسطے فاسد ہی کہ وہ نیچے سے بڑھتا ہی
تو بائع اور مشتری کی ملک مین اختلاط ہوتا ہی خلاصۂ سوال یہ ہی کہ گندنا بیچنا جائز ہی اور حالانکہ گندنا بھی نیچے سے بڑھتا ہی حموی نے اپنی شرح مین کہا کہ
گندنے کی بیع جائز ہی اگرچہ وہ نیچے سے بڑھتا ہی بسبب رواج کے انتہی لیکن بید اور توت مین اس تعلیل یعنے تعامل اور رواج کی کچھ حاجت نہین
کیونکہ وہ دونون درخت اوپر سے بڑھتے ہین تو ملک مشتری بائع کی ملک سے مختلط نہین ہوتی لیکن قنیہ مین ہی کہ توت کی بیع اُسوقت صحیح ہی
جب کہ موضع قطع معلوم ہو صراحۃ یا عرفا کذا فی الطحطاوی وفی القنیۃ باع اوراق توت لم تقطع قبلہ سنۃ جاز وسنتین لا لانہ یشتبہ موضع قطع عرفا
اور قنیہ مین ہی بیچا اس توت کے اوراق کو جو قطع نہین ہوا قبل بیع کے ایک سال سے تو بیع جائز ہی اور اگر دو سال سے قطع نہین ہوا تو بیع جائز نہین اسلیے کہ
قطع کرنے کا مکان عرف مین مشتبہ ہوگا تو نزاع متصور ہی وجذع معین فی سقف اما غیر المعین فلا ینقلب صحیحا ابن کمال اور فاسد ہی بیع اس شہتیر
اور کڑی معین کی جو چھت مین منصوب ہی اور غیر معین کی بیع تو بعد قطع کے بھی منقلب بصحت نہین ہوتی کذا صرح ابن کمال ہم معین شہتیر اور
کڑی کی بیع اسواسطے ناجائز ہوئی کہ اُسکی تسلیم مین لزوم ضرر ہی بائع کے واسطے اور غیر معین مین دو علتین ہین ایک لزوم ضرر

دوسری جہالت مبیع ابن کمال نے عدم انقلاب بصحت زاہدی کی شرح قدوری سے نقل کیا اور علامہ نوح نے زاہدی کی شرح مختصر طحاوی سے انقلاب صحت
نقل کیا ہے واللہ اعلم (کذا فی الطحطاوی) وذراع من ثوب یضرہ التبعیض فلو قطع وسلم قبل فسخ المشتری عاد صحیحا ولو لم یضرہ القطع ککرباس جاز لانتفاء
المانع اور فاسد ہے بیع ایک گز کی اُس کپڑے سے جسکو پھاڑنا ضرر کرتا ہے چنانچہ عمامہ اور قمیص پھر اگر بائع نے ایک گز اُس کپڑے سے پھاڑ دیا یا کڑی کو
چھت سے کھود دیا قبل فسخ کرنے مشتری کے تو بیع پھر صحیح ہو جائیگی اور اگر کپڑے کو پھاڑنا مضر نہو چنانچہ ایک گز کا پھاڑنا تھان سے تو بیع جائز ہے بسبب
نہونے مانع کے ہم مانع بیع وجود ضرر تھا تسلیم کے وقت سو تھان مین ضرر مذکور حاصل نہین لہذا اُسکی بیع جائز ہوئی اور جب کہ قمیص وغیرہ سے بائع نے ایک
گز پھاڑ دیا تو اسواسطے بیع صحیح ہوگئی کہ مفسد بیع زائل ہوگیا بعد اُسکے موجود ہونے کے طحطاوی نے کہا شارح کو مناسب تھا کہ یون کہتا فلو قطع او قلع تاکہ یہ
بھی حکم مفہوم ہوتا لہذا مترجم نے اسکا ترجمہ زیادہ کردیا وضربة القانص بقاف ونون الصائد اور فاسد ہے بیع شکاری کی ایکبار جال لگانے اور کھینچنے کی
قانص بقاف ونون عبارت ہے شکار کرنے والے سے صورت اُسکی یہ ہے کہ شکاری کہے کہ مین نے تیرے ہاتھ اُسکو بیچا جو ایکبار کے جال لگانے اور کھینچنے مین
نکلے تو یہ بیع جائز نہین کیونکہ وہ چیز مجہول ہے علاوہ اسکے احتمال ہے کہ شکار جال مین آوے یا نہ آوے کذا فی المنح والغائص بغین معجمة الغواص اور فاسد ہے بیع غواص
کے ایکبار غوطہ لگانے کی غائص بغین معجمہ وصاد مہملہ غوطہ مارنے والا ہے صورت اُسکی یہ ہے کہ غواص سوداگر سے کہے کہ مین ایکبار غوطہ مارتا ہون تیرے واسطے جو
موتی وغیرہ نکلے سو تیرا ہے بعوض اتنے مال کے اور وجہ عدم جواز وہی ہے جو سابق مذکور ہوئی والبیع فیہما باطل للغرر بحر ونہر والکمال وابن کمال قال المصنف
وقد نظمہ ملا خسرو فی سلک الفاسد فتبعتہ فی المختصر ویجاب ان یراد بہ الباطل لانہ ما لیس فی ملکہ کما مر اور جال لگانے اور غوطہ مارنے مین بیع باطل ہے
غرر کے سبب سے کذا فی البحر والنہر والفتح والایضاح مصنف نے شرح مین کہا کہ ملا خسرو نے درر غرر مین اس بیع کو فاسد کی لڑی مین پرو دیا سو مین
بھی اُنکا پیرو ہوگیا اس مختصر مین اور واجب ہے کہ فاسد سے باطل مراد ہو اسواسطے کہ یہ بیع اس قسم سے ہے جو بائع کی ملک مین نہین چنانچہ گذر گیا کہ جو چیز
آدمی کی ملک مین نہین اُسکی بیع باطل ہے سوا سلم کے فافہم انتہی وبیع الرطب علی النخل بتمر مقطوع مثل کیلہ تقدیرا شرح مجمع وشملہ العنب بالزبیب عنایہ
للنہی وشبہة الربوا قال المصنف فلو لم یکن رطبا جاز لاختلاف الجنس اور فاسد ہے مزابنہ وہ بیع ہے تر کھجور کی کہ جو لگی ہے درخت پر خشک کھجور مقطوع سے
برابر اُسکے پیمانے کے گمان اور اٹکل سے کذا فی شرح المجمع اور مانند اُسکے انگور تر کی بیع ہے جو درخت پر لگا ہے خشک انگور سے کذا فی النہایہ
بیع مذکور فاسد ہے بسبب نہی شارع کے اور بیاج کے شبہہ سے بسبب احتمال کمی بیشی کے مصنف نے کہا اور اگر پختہ کھجور نہو بلکہ گدر ہو تو بیع
مذکور جائز ہے بسبب اختلاف جنس کے یعنے اختلاف جنس مین شبہہ بیاج کا نہین ہم اکثر کتب مین تفسیر مزابنہ یون مذکور ہے کہ وہ بیع الثمر بالمثلثة علی
رأس النخل بتمر بالتاء المثناة لیکن یہ خلاف تحقیق کے ہے اسواسطے کہ ثمر بثاء مثلثہ عبارت ہے بار درخت یعنی پھل سے اور پھل پختہ اور گدر دونون کو شامل ہے
حالانکہ گدر کھجور کا بیچنا خشک کھجور سے بطریق ظن وتخمین جائز ہے اختلاف جنس کے سبب سے لہذا تفسیر مزابنہ یہی بہتر ہے جو شارح نے کی والملامسة للسلعة
اور فاسد ہے بیع الملامسہ یعنی بیع مین ہاتھ لگانے سے بیع کا واجب ہونا ہم مغرب مین ہے کہ بیع الملامسہ اور بیع اللماس یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے سے کہے کہ
جبکہ تو نے میرا کپڑا چھوا یا مین نے تیرا کپڑا چھوا تو بیع واجب ہوگئی اور منتقی مین امام سے ہے کہ بیع الملامسہ یہ ہے کہ کہے مین تیرے ہاتھ یہ متاع بیچتا ہون اتنے کو
سو جبکہ مین تجکو چھوؤن اور ہاتھ لگاؤن تو بیع واجب ہے یا مشتری اسی طرح کہے کذا فی الطحطاوی فتح القدیر مین کہا ملامسہ یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے کا کپڑا بلا تامل
چھوئے تو چھونے والے کو بیع لازم ہوجاوے بلا خیار الرؤیة اور یہ اسطرح پر کہ مثلاً اندھیرا ہو یا کپڑا لپٹا ہو والمنابذة ای نبذہا للمشتری اور فاسد ہے بیع المنابذہ یعنی مبیع کا
ڈالنا مشتری کے سامنے ہم منابذہ یہ ہے کہ بائع کہے کہ جب مین کپڑا تیری طرف ڈالون یا مشتری کہے کہ جب تو اپنا کپڑا میری طرف ڈالے تو بیع واجب ہے یعنی بلا تامل بلا خیار
فسخ والقاء الحجر علیہا اور فاسد ہے بیع سنگریزہ ڈالنے کی بیع پر ہم القاء حجر کی یہ صورت ہے کہ سنگریزہ ڈالے اور وہان چند کپڑے ہون تو جس کپڑے پر سنگریزہ پڑے اُسیر

ایک شخص نے پانی سینچ کر گھاس جمائی ہو تو اُسکی بیع جائز ہے کیونکہ وہ اُسکا مالک ہے چنانچہ ذخیرہ اور محیط اور نوازل مین ہے اور یہی قول ہے اکثر فقہا کا خلافاً
للقدوری کذا فی الطحطاوی بتصرف واما لبطلان اجارتہا فلانہا علی استہلاک عین ابن کمال اور گھاس کے اجارے کا بطلان اسواسطے ہے کہ یہ اجارہ شئی
مباح کے استہلاک پر ہے کذا صرح ابن کمال حالانکہ شئی مملوک کے استہلاک کا اجارہ جائز نہین چنانچہ گاے کو اجارہ لینا دودھ پینے کے واسطے تو مباح کا بطریق اولے
جائز نہوگا کذا فی البحر ہذا اذا نبت بنفسہ وان انبتہ بسقیے وتربیتہ ملکہ وجاز بیعہ عینی وقیل لا یعنی گھاس کی بیع نہ جائز ہونا اسوقت ہے جب کہ گھاس خودرو ہو
اور اگر اُسکو پانی دیکر اور پرورش کر کے جمایا ہو تو اُسکا وہ مالک ہے اور اُسکی بیع جائز ہے کذا فی العینی اور بعضون نے کہا یعنی قدوری نے کہ جائز نہین قال

وبیع القصیل والرطبۃ علی ثلثۃ اوجہ ان لیقطعہ اولیرسل دابتہ فتاکلہ جاز وان لیترکہ لم یجز عینی نے کہا اور خوید اور رطبہ کی بیع تین طرح پر ہے اگر اسواسطے
ہے کہ اُسکو کاٹ لے یا اسواسطے کہ اپنے جانور کو اُسمین چھوڑے کہ اُسکو کھالے تو بیع جائز ہے اور اگر اسواسطے ہے تا مشتری اُسکو قائم رکھے تو جائز نہین
ہم قصیل بقاف وصاد مہملہ خوید ہے اور رطبہ ایک قسم کا چارہ ہے ولایت مین اُسکو بوتے ہین فارسی مین اُسکو سپست کہتے ہین وحیلتہ ان یستاجر الارض

لضرب فسطاط او لایقاف دوابہ او لمنفعۃ اخری کمقیل ومراح وتمامہ فی وقف الاشباہ اور گھاس کے اجارہ لینے کی تدبیر یہ ہے کہ زمین کو اجارہ سے
اپنے خیمے کھڑے کرنے کے واسطے یا اپنے چوپایون کے باندھنے کے یا اور منفعت کے واسطے چنانچہ آدھے دن یا دن ڈھلنے کے بعد جانورون کے ٹھہرانے
کے واسطے اجارہ لے اور پورا بیان اسکا اشباہ کے وقف مین ہے یعنی اسطرح اجارہ لینے مین دونون مطلب حاصل ہین منافع مذکورہ بھی اور وہان کی گھاس بھی
وبیع دود القز ای الابریسم وبیضہ ای بذرہ وہو بذر الفلیق الذی فیہ الدود اور جائز ہے بیع ریشم کے کیڑے کی اور اسکے انڈے کی یعنے اسکے بیج کی جسکو عربی
بذر الفلیق کہتے ہین جسمین ریشم کا کیڑا پیدا ہوتا ہے والنحل المحرز وہو دود العسل اور جائز ہے بیع نحل محرز کی یعنی شہد کی مکھی مقدور التسلیم کی اسطرح پر کہ شہد اور چھتے کے
ساتھ اُسکی بیع ہو کذا فی الطحطاوی وہذا عند محمد وبہ قالت الثلثۃ وبہ یفتی عینی وابن ملک وخلاصہ وغیرہا اور یہ یعنے ریشم کے کیڑے اور اُسکے انڈے اور
شہد کی مکھی کی بیع محمد کے نزدیک ہے اور یہی قول ہے ائمہ ثلثہ مالک اور شافعی اور احمد کا اور اُسی قول کا فتوی ہے کذا فی العینی وابن ملک الخلاصۃ وغیرہا
نحل محرز کی بیع اسواسطے جائز ہوئی کہ شہد منفعت کی چیز ہے حقیقت مین اور شرعاً مقدور التسلیم ہے اگرچہ مکھی ماکول نہین جیسے خچر اور گدھے کی بیع کذا فی الشرح

الحموی اور ریشم کے کیڑے کی بیع اسواسطے جائز ہوئی کہ لائق انتفاع ہے اور اسکے انڈے کی بیع بسبب ضرورت کے جائز ہے کذا فی الطحطاوی واجاز ابو اللیث
بیع العلق وبہ یفتی للحاجۃ مجتبی اور فقیہ ابو اللیث نے علق کی بیع جائز رکھی جسکو فارسی مین زلو اور ہندی مین کیڑی اور جونک کہتے ہین اور اسی کا فتوی ہے بسبب حاجت
اور ضرورت کے کذا فی المجتبے بخلاف غیرہا من الہوام فلا یجوز اتفاقاً کحیات وضب ومافی بحر کسرطان الا السمک وما جاز الانتفاع بجلدہ او عظمہ والحاصل

ان جواز البیع یدور مع حل الانتفاع مجتبے واعتمدہ المصنف وسیجی فی المتفرقات بخلاف اور کیڑون کے سواے ریشم کے کیڑے اور شہد کی مکھی کے کہ اُنکی بیع
بالاتفاق جائز نہین چنانچہ سانپ اور گوہ اور اُن حیوانات کی جو دریا مین رہتے ہین کہ اُنکی بیع جائز نہین سواے مچھلی کے اور اس جانور کے جسکی کھال اور
ہڈی سے فائدہ لینا جائز ہے اور خلاصہ یہ ہے کہ جواز بیع کا مدار حلت انتفاع پر ہے کذا فی المجتبے اور اسی پر اعتماد کیا ہے مصنف نے اپنی شرح مین اور اُسکا
بیان باب المتفرقات مین آویگا فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا انما تجوز الشرکۃ فی القز اذا کان البیض منہما والعمل منہما وہو بینہما انصافا فلو اثلاثا فلو دفع

بذر القز او البقرۃ او الدجاجۃ لآخر بالعلف مناصفۃ والخارج کلہ للمالک لحدوثہ من ملکہ وعلیہ قیمۃ العلف واجر مثل العامل عینی ملخصا مسئلہ دفع
البیض کما لا یخفی شرکت ریشم مین جائز نہین مگر جب کہ انڈے ریشم کے کیڑے کے دونون شریکون کے ہون اور عمل یعنے پرورش بھی دونون
سے ہو اور جو ریشم پیدا ہو وہ دونون مین آدھون آدھ ہو نہ تین تہائی تو اگر ایک نے ریشم کا بیج یا گاے یا مرغیان دوسرے
شخص کو دین نصفا نصف پر چرائی کے بدلے تو جو ریشم یا بچے گاے اور مرغی کے پیدا ہونگے وہ مالک کے مملوک ہونگے بواسطے

خرید کرنا اُسکا جسکی گواہی بائع کے فائدے کے واسطے جائز نہین چنانچہ اُسکے بیٹے اور باپ کی خرید بائع کی ذات کی خرید کے برابر ہو تو اُسکا خرید کرنا بھی جائز نہین بخلاف صاحبین کے کہ اُنکے نزدیک بائع کے اصول اور فروع کو کمتر ثمن سے خرید کرنا جائز ہو سواے اُسکے غلام اور مکاتب کے و لالا

لعدم الجواز من اتحاد جنس الثمن وکون المبیع بحالہ فان اختلف جنس الثمن او تعیب المبیع جاز مطلقا کما لو شراہ بازید او بعد النقد او رشرو ہی

عدم جواز کے واسطے جنس ثمن کا متحد ہونا اور مبیع کا بحال خود باقی رہنا اور اگر جنس ثمن مختلف ہو یا مبیع مین مشتری کے پاس عیب لگ جائے تو ہر طرح سے بیع جائز ہی خواہ نقصان ثمن بقدر عیب کے ہو یا زیادہ چنانچہ بیع جائز ہی اگر بائع نے ثمن اول سے زیادہ ثمن کو خرید کیا یا بعد قبض کرنے ثمن کے

کمتر ثمن سے خرید کیا والدراہم والدنانیر جنس واحد فی ثمان مسائل منہا ہنا وفی قضاء دین و شفعۃ و اکراہ و مضاربۃ ابتداء وانتہاء

بقاء و امتناع مرابحۃ و یزاد زکوٰۃ و شرکات و قیم متلفات دارش جنایات کما بسطہ المصنف معزیا الی العمادیۃ اور دراہم اور دنانیر ایک ہی جنس ہین آٹھ مسئلون مین از انجملہ یہ مقام ہی اور اداے دین مین اور شفعہ اور اکراہ اور مضاربت مین باعتبار ابتدا اور انتہا و بقا کے اور امتناع مرابحہ مین اور چار مسائل مذکورہ پر زیادہ کئے گئے ہین زکوٰۃ اور شرکات اور اشیاے تلف شدہ کی قیمتین اور جنایات کی دیت چنانچہ اسکو مصنف نے بیان کیا ہی مصنف نے اپنی شرح مین عمادیہ کی طرف نسبت کر کے حکم اقل ثمن سے خرید کی صورت یہ ہی کہ عقد اول دراہم سے تھا پھر بائع نے اُسکو دنانیر سے خرید کیا جنکی کمتر قیمت ہی دراہم سے تو جائز نہین اسواسطے کہ باعتبار استحسان دراہم اور دنانیر یہان متحد الجنس ہین اور اداے دین کی یہ صورت ہی کہ ایک شخص پر دراہم دین تھا سو اُسنے اداے دین مین پہلو تہی کی پھر اُسکے دنانیر قاضی کے ہاتھ مین پڑے تو قاضی کو جائز ہی کہ دنانیر کو دراہم سے بدلا کر اداے دین کرے اور غیر دنانیر کے اور مال سے قاضی اداے دین نہین کر سکتا امام کے نزدیک خلافا للصاحبین اور شفعہ کی یہ صورت ہی کہ شفیع کو خبر ہوئی کہ مشتری نے گھر کو ہزار درم سے خرید کیا پھر تسلیم شفعہ ہوئی پھر ظاہر ہوا کہ مشتری نے دنانیر سے گھر خرید کیا جنکی قیمت ہزار درم ہین یا زیادہ تو اُسکو دراہم کا مطالبہ نہین پہونچتا اور اکراہ کی یہ صورت ہی کہ ایک شخص پر زبردستی ہوئی کہ اپنا غلام ہزار درم کو بیچے سو اُسنے پچاس دینار کو بیچا جنکی قیمت ہزار درم ہی تو یہ بیع علی حکم الاکراہ ہی اور اگر کیلی یا وزنی یا اسباب سے جسکی قیمت اُتنی ہی بیع ہوگی تو یہ بیع زبردستی کی نہوگی اور ابتداے مضاربت کی یہ صورت ہی کہ ایک شخص نے ہزار دینار پر عقد مضاربت منعقد کیا اور فائدہ بیان کر دیا پھر مضارب کو اُتنے درم دیے جنکی قیمت ہزار دینار ہین تو مضاربت صحیح ہی اور فائدہ برقرار ہی شرط کے موافق اور اسی طرح انتہا اور بقاے مضاربت ہی اور امتناع مرابحہ کی یہ صورت ہی کہ ایک کپڑا دس درم کو خرید کیا پھر اُسکو بطور مرابحہ بارہ درم کو بیچا پھر اُسکو ایک دینار سے مول لیا تو اُسکو بطور مرابحہ بیع نکرے اور اسی طرح اگر دس درم کو خرید کرے اور ایک دینار کو بیچے جسکی بارہ درم قیمت ہی تو مرابحہ ممتنع ہی اور زکوٰۃ کی یہ صورت ہی کہ ضم دراہم کا دنانیر سے کرنا اور زکوٰۃ نکالنا ایک جنس کا دوسری جنس سے جائز ہی اور شرکات کی یہ صورت ہی کہ جب ایک شریک کا مال دراہم ہون اور دوسرے شریک کا مال دنانیر ہون تو دونون مین شرکت عنان منعقد ہوگی اور اشیاے تلف شدہ مین قیمت کرنے والا مختار ہی چاہے دراہم سے اُسکی قیمت مقرر کرے چاہے دنانیر سے اور جنایات کی دیت کی یہ صورت ہی کہ موضحہ مین نصف عشر دیت ہی اور ہاشمہ مین عشر ہی اور منقلہ مین عشر اور نصف عشر ہی اور جائفہ مین ثلث ہی اور دیت یا

ہزار دینار ہین یا دس ہزار درم ہین تو اشیاے مذکورہ مین چاہے دیت سونے کی مقرر کرے چاہے چاندی کی کذا فی الطحطاوی و فی الخلاصۃ کل عوض

ملک بعقد ینفسخ بہلاکہ قبل قبضہ لم یجز التصرف فیہ قبل قبضہ اور خلاصہ مین ہی کہ جو عوض کہ مملوک ہوا ایسے عقد سے جو فسخ ہو جاے عوض کی ہلاکی سے قبل اُسکے مقبوض ہونے کے تو اُس عوض مین تصرف جائز نہین قبل اُسکے قبض کے ہم چنانچہ مال منقول کو جبکہ خرید کرے تو مشتری کو اُسمین تصرف کرنا قبل قبض کے صحیح نہین عوض مذکر کی قید سے ثمن نکل گیا کہ اُسمین تصرف بطور ہبہ یا بیع کے قبل اُسکے مقبوض ہونے کے جائز ہی خواہ ثمن متعین ہو یا نا تعیین سے چنانچہ مکیل یا متعین نہو جاتا ہی چنانچہ نقود اور اُسکی علت یہ ہی کہ عقد بیع فسخ نہین ہوتا ثمن کی ہلاکی سے اسواسطے کہ اصل بیع مین بیع ہی

ہم بہتر یہ تھا کہ شارح باب الدار الاعظم کہتا یعنے اسواسطے کہ اعظم صفت ہی باب کی اور مراد اُس سے پہلا دروازہ ہی گھر کا انتہی لیکن فتح القدیر وغیرہ
مین بھی باب الدار العظمی دار ہی تو ظاہر اعظم کہنے کی کچھ حاجت نہین اسواسطے کہ بڑے گھر کا اکثر بڑا دروازہ ہوتا ہی جسکو ہند مین پھاٹک بولتے
ہین واللہ اعلم لا بیع مسیل الماء وہبتہ لجہالتہ اذ لا یدری قدر ما یشغلہ من الماء صحیح نہین پانی بہنے کے مکان کی بیع اور نہ ہبہ اُسکا بسبب
اُسکے مجہول ہونے کے اسواسطے کہ جتنا پانی مکان مسیل مین پھیلتا ہی اُسکی مقدار معلوم نہین ہم مسیل سے یا رقبۂ مسیل مراد ہی یعنے وہ مکان
جسمین پانی بہتا ہی چنانچہ نہر یا سطح یعنے چھت اور طریق سے یا رقبۂ طریق مراد ہی یعنے وہ مکان جسمین مرور واقع ہی تو مقدار مسیل مجہول ہی لہذا اُسکی
بیع اور ہبہ جائز نہین اور رقبۂ طریق معلوم ہی اگرچہ اُسکی حدود مذکور نہون تو اُسکی بیع اور ہبہ جائز ہی یا مسیل سے حق تسئیل یعنے پانی بہنے کا حق مراد ہی
تو اگر زمین پر مسیل ہی سو مجہول ہی اور اگر چھت پر ہی تو وہ حق تعلی ہی جسکو بقا نہین یا طریق سے حق مرور مراد ہی اسکے بیع مین دو روایتین ہین وجہ بطلان
یہ ہی کہ یہ مال نہین اور وجہ صحت یہ ہی کہ اسکی طرف حاجت ہی اور وہ حق معلوم ہی اور زمین باقی سے متعلق ہی یہ اس صورت مین ہی جب من حیث المسیل
اعتبار ہو اور اُسکا طول اور عرض نہ بیان ہو اور اگر مسیل کو نہر ہونے کی حیثیت سے اعتبار کیجیے تو وہ زمین مملوک ہی اور اُسکی بیع جائز ہی چنانچہ سرخسی
نے ذکر کیا ہی یا من حیث المسیل اعتبار کیجیے لیکن اُسکے حدود مذکور ہون تو بھی اُسکی بیع جائز ہی بقول قاضی خان کذا فی شرح الوقایہ وحاشیۃ الحسن الچلبی
وصح بیع حق مرور تبعا للارض بلا خلاف ومقصودا وحدہ فی روایۃ وبہ اخذ عامۃ المشایخ شمنی وفی اخری لا وصححہ ابو اللیث اور صحیح ہی
بیع حق مرور یعنے راہ چلنے کے حق کی بیع زمین کے ساتھ بالاتفاق بلا خلاف اور بالذات فقط حق مرور کی ایک روایت مین بیع جائز ہی اور اسی
روایت کو اکثر فقہا نے لیا ہی اور دوسری روایت مین بیع اُسکی صحیح نہین اور فقیہ ابو اللیث نے اسکو صحیح کہا ہی ہم حق مرور کی بیع زمین کے ساتھ
صورت اُسکی یہ ہی کہ ایک شخص زمین کا مالک ہی اور اُسکو دوسرے کی زمین مین ہوکر اپنی زمین مین آنے کا حق ثابت ہی اُس شخص نے اپنی زمین اور حق
مرور کو بیچا تو یہ بیع صحیح ہی کذا فی الطحاوی وکذا بیع الشرب وظاہر الروایۃ فسادہ الا تبعا خانیہ وشرح وہبانیہ وتحققہ فی احیاء الموات اور اسی طرح شرب
بالکسر کی بیع یعنی زراعت سینچنے اور جانورون کے پانی پلانے کو پانی لینے کی باری کی بیع جائز ہی زمین کے ساتھ بالاجماع اور فقط باری بیچنا
بدون زمین کے ایک روایت مین جائز ہی اور یہی مشایخ بلخ کا مختار ہی اور دوسری روایت مین جائز نہین اور یہ قول مشایخ بخارا کا مختار ہی کذا فی الفتح
اور ظاہر الروایۃ مین یہ بیع فاسد ہی مگر زمین کے ساتھ کذا فی الخانیہ وشرح الوہبانیہ اور ہم اُسکی تحقیق کرینگے احیاء الموات کی کتاب مین لا الصحیح بیع حق التسئیل وہبتہ

سواء کان علی الارض لجہالۃ محلہ کما مر او علی السطح لانہ حق التعلی وقد مر بطلانہ صحیح نہین بیع حق تسئیل کی اور ہبہ اُسکا خواہ سیلان آب کا حق زمین
ہو بسبب مجہول ہونے اُسکے مکان کے چنانچہ مذکور ہو چکا قبل اسکے یا چھت پر ہو اسواسطے کہ وہ حق تعلی ہی اور اُسکے بطلان کی
وجہ پہلے مذکور ہو چکی ولا البیع بثمن مؤجل الی النیروز وہو اول یوم من الربیع تحل فیہ الشمس برج الحمل وہذا النیروز السلطان ونیروز
المجوس یوم تحل فی الحوت وعدہ البرجندی سبعۃ فان لم یبینا فالعقد فاسد ابن کمال اور صحیح نہین بیع اُس ثمن سے جو مؤجل ہی نوروز
تک نوروز پہلا دن ہی فصل ربیع کا جسمین آفتاب برج حمل مین آوے اور یہ نوروز سلطان ہی اور مجوسیون کا نوروز وہ دن جسمین
آفتاب برج حوت مین آوے اور برجندی نے سات نوروز شمار کیے ہین پھر جب عاقدین نے نوروز کی مدت بیان کی اور
تصریح نہ کی کہ کون نوروز مراد ہی تو عقد فاسد ہی کذا صرح ابن کمال یعنے بسبب مجہول ہونے مدت کے والمہرجان
وہو اول یوم من الخریف تحل فیہ الشمس برج المیزان اور بیع صحیح نہین مہرجان کی مدت تک مہرجان پہلا دن ہی فصل خریف کا جسمین
آفتاب برج میزان مین آوے ہم مہرجان معرب ہی مہرگان کا چونکہ وہ دن بھی متعدد ہی نوروز کے مانند لہذا بیع صحیح نہین

وصوم النصارى وفطرهم وفطر الیهود وصومهم فالتقابذ کر احدهما سراج اور نصاریٰ کے روزہ رکھنے اور نہ رکھنے کی مدت اور یہودیوں کے روزہ نہ رکھنے
اور رکھنے کی مدت سے بیع صحیح نہیں مصنف نے نصاریٰ کے صوم اور یہودیوں کے فطر پر اکتفا کی اختصار کے واسطے کذا فی السراج اداکم بدر المتعاقدان
نیروز وما بعدہ فلو عرفاہ جاز بیع اسوقت صحیح نہیں جبکہ متعاقدین نوروز اور اسکے مابعد کی مدت کو نہ جانتے ہوں اور اگر دونوں اوقات مذکورہ کو جانتے
ہوں علی التحقیق تو بیع جائز ہے یعنے اسواسطے کہ اب جہالت مدت باقی نہ رہی بخلاف فطر النصاری بعد ما شرعوا فی صومهم للعلم به وهو خمسون یوما بخلاف
نصاریٰ کے روزہ توڑنے کی مدت مقرر کرنا انکے روزہ شروع کرنے کے بعد تو بیع صحیح ہے بسبب اسکے معلوم ہونے کے اور دو یعنے صوم نصاریٰ
کی مدت پچاس دن ہیں ہم دُرر میں تمرتاشی سے صوم نصاریٰ کی مدت پچاس دن مذکور ہیں اور فتح القدیر اور نہر الفائق اور حموی میں تحقیق انکی
اور تتارخانی میں سینتیس دن مسطور ہیں ولا الی قدوم الحاج والحصاد للزرع والدیاس للحب والقطاف للعنب لانها تتقدم وتتاخر
اور صحیح نہیں بیع حاجیوں کے آنے اور کھیت کاٹنے اور خرمن کوبی یعنے کھلیان باڑنے اور انگور توڑنے کی مدت تک اسواسطے کہ امور مذکورہ
میں تقدم اور تاخر واقع ہوتا ہے تو جہالت باعث منازعت ہوگی ولو باع مطلقا عنها ای عن هذه الآجال ثم اجل الثمن الدین اما تاجیل المبیع
او الثمن العین فمفسد ولو الی معلوم شمنی الیها صح التاجیل اور اگر مطلق بیع کی یعنے بلا ذکر اوقات مذکورہ کے پھر ثمن دین کی مدت اوقات مذکورہ
میں مقرر کی تو اس طرح مدت ٹھہرانا صحیح ہے اور مبیع اور ثمن عین کی مدت ٹھہرانا مفسد بیع ہے اگرچہ مدت معلوم اور معین ہو کذا فی الشمنی ہم ثمن دین کی
اس طرح تاجیل صحیح ہے بقول اصح اسواسطے کہ یہ دین کی تاجیل ہے اور تاجیل بعد بیع تبرع ہے تو تاجیل مجہول کو قبول کریگا پس مفسد بیع وہ تاجیل مجہول ہے
جو صلب عقد میں واقع ہو کذا فی النهر کما لو کفل الی هذه الاوقات لان الجهالة الیسیرة متحملة فی الدین والکفالة لا الفاحشة چنانچہ ضامن ہونا
ان اوقات تک صحیح ہے اسواسطے کہ کمتر جہالت دین اور ضمانت میں متحمل ہے نہ جہالت فاحشہ کثیرہ چنانچہ ہبوب ریح اور قدوم غائب او اسقط
المشتری الاجل فی الصور المذکورة قبل حلوله وقبل فسخه وقبل الافتراق حتی لو تفرقا قبل الاسقاط تاکد الفساد ولا ینقلب جائزا اتفاقا
ابن کمال وابن ملک لجهالة فاحشة کهبوب ریح ومجیء مطر فلا ینقلب جائزا وان ابطل الاجل عینی یا جیسے مشتری مدت کو ساقط کرے [illegible]
مذکورہ میں قبل آنے مدت تک اور قبل فسخ کرنے بیع کے اور قبل افتراق کے یہاں تک کہ اگر عاقدین متفرق ہو جاویں قبل اسقاط
مدت کے تو فساد بیع مضبوط ہو جائیگا اور منقلب بجواز نہوگا باتفاق کذا صحح ابن کمال وابن ملک مانند جہالت فاحشہ کے جیسے ہوا چلنے
اور مینہ برسنے کی مدت سے بیع بدل کر جائز نہوگی اگرچہ مدت مذکورہ کو باطل کردے کذا فی العینی وافسد امر المسلم ببیع خمر او خنزیر او شرائهما
ای وکل المسلم ذمیا وامر المحرم غیره ای غیر المحرم ببیع صیده یعنی صح ذلک عند الامام مع اشد کراهة کما صح ما مر لان العاقد یتصرف باهلیته و
انتقال الملک الی الآمر امر حکمی وقالا لا یصح وهو الاظهر شرنبلالیة عن البرهان یا جیسے امر کیا مسلم نے یعنے وکیل کیا مسلم نے ذمی کو شراب
یا سور کے بیچنے یا خرید کرنے کے واسطے یا محرم نے غیر محرم سے کہا اپنے شکار کے بیچنے کے واسطے یعنے یہ توکیل اور بیع اور شرا امام کے نزدیک
صحیح ہے نہایت کراہت کے ساتھ جیسے ضمانت سابقہ صحیح ہے اسواسطے کہ عاقد یعنے ذمی وکیل پہلی صورت میں اور غیر محرم وکیل دوسری صورت
میں تصرف کرتا ہے بیع اور شرا میں اپنی اہلیت سے نہ موکل کی اہلیت سے اور انتقال ملک کا موکل کی طرف امر حکمی ہے اور صاحبین نے کہا کہ
بیع مذکور صحیح نہیں یعنے باطل ہے اور یہی قول ظاہرتر ہے کذا فی الشرنبلالیہ عن البرہان ہم جب امام کے نزدیک جواز بیع اور شرا اشد کراہت کے ساتھ
ہوا تو مسلم کو واجب ہے کہ در صورت خرید شراب کو سرکہ بنا دے یا اسکو زمین پر بہا دے اور سور کو چھوڑ دے اور در صورت بیع اسکے ثمن کو تصدق کرے
کذا فی الطحاوی عن الحموی ولا بیع بشرط عطف علی النیروز هذا اور صحیح نہیں یعنے فاسد ہے بیع شرط کے ساتھ شارح نے کہا بیع بشرط عطف ہے نیروز پر ہم بلکہ

اُسکو اتنا ثمن دے تو قول اظہر فساد ہو اس بیع کا چنانچہ اخی زادہ نے اُسکو ذکر کیا ہی اور بحر الرائق کا ظاہر کلام صحت بیع کی ترجیح پر دلالت کرتا ہی کشرط
ان لا یبیع عبر ابن کمال بان لا یرکب الدابۃ المبیعۃ فانہا لیست باہل للنفع شرط غیر نافع جسکو عقد مقتضی نہین جیسے یہ شرط کرنا کہ بیع جانور کو
مشتری نہ بیچے اور ابن کمال نے یون تعبیر کی ہو کہ مشتری جانور پر سوار نہو اسواسطے کہ جانور مستحق نفع نہین کیونکہ اہلیت استحقاق منفعت آدمی مین منحصر ہی
او لا یقتضیہ لکن یلایمہ کشرط رہن معلوم وکفیل حاضر ابن ملک یا وہ شرط جسکو عقد مقتضی نہین لیکن وہ مناسب ہو عقد کے جیسے رہن معین اور کفیل حاضر کا
شرط کرنا کذا صحح ابن ملک سہم یعنے بائع مشتری سے کہے کہ مین بیچتا ہون اس شرط سے کہ بابت ثمن کے تو فلانی چیز میرے پاس رہن رکھ یا اس شخص کو
ثمن کا ضامن دے تو بیع صحیح ہی ایسی شرط سے بحر الرائق مین کہا کہ رہن کا معین ہونا خواہ باشارہ ہو یا بتسمیہ تو اگر مسمی اور مشار الیہ نہو تو جائز نہین مگر جبکہ
دونون اُسکی تعیین مین مجلس عقد کے اندر راضی ہو جاوین اور قبل تفرق مشتری اُسکو تسلیم کرے یا مشتری ثمن دینے مین تعجیل کرے اور عاقدین بیع کو
باطل کردین حضور کفیل کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر ضامن غائب ہو اور قبل تفرق قبول کرے یا حاضر ہو اور ضمانت قبول نکرے تو جائز نہین او جری
العرف بہ کبیع نعل ای صرم سماہ باسم ما یؤول الیہ عینی علے ان یحذوہ البائع ویشرکہ ای یضع علیہ الشراک وہو السیر ومثلہ تسمیر القبقاب استحسانا
للتعامل بلا نکیر یا عادت جاری ہو گئی ہو اس شرط کی جیسے نعلین کی بیع اس شرط پر کہ بائع چمڑا کاٹے اور اُسپر دوال لگاوے اور اُسی کے مانند کیلین
جڑنا ہی کھڑاؤن کا اس شرط سے بیع صحیح ہی بسبب تعامل اور رواج کے بلا انکار اہل علم شارح نے کہا مصنف نے چمڑے کا نعل نام رکھا باعتبار انجام کار کے
کذا فی العینی شراک بکسر اول عبارت ہی سیر سے بفتح سین مہملہ وسکون یاے تحتانیہ یعنے وہ دوام اور تسمہ جو نعلین مین پشت قدم پر رہتا ہی صرم بفتح صاد معرب ہی
چرم فارسی کا کذا فی الطحطاوی وہذا اذا علقہ بکلمۃ علے وان بکلمۃ ان بطل البیع الا فی بعت ان رضی فلان دوقتہ کخیار الشرط اشباہ من الشرط والتعلیق
وبحر من مسائل شتے یہ یعنے شرط مذکور سے بیع صحیح ہونا اُسوقت ہی جب کہ شرط کو بلفظ علی تعلیق کرے اور اگر بلفظ ان شرطیہ تعلیق ہو گی تو بیع سب
صورتون مین باطل ہی مگر اس مثال مین کہ مین نے بیع کی اگر فلانا شخص راضی ہوا اور اُسکی رضامندی کی مدت تین دن معین کی خیار الشرط کے
مانند کذا فی الاشباہ من الشرط والتعلیق والبحر من مسائل شتی واذا قبض المشتری المبیع برضی عبر ابن کمال باذن بائعہ صریحا او دلالۃ
بان قبضہ فی مجلس العقد بحضرتہ اور جب کہ مشتری نے مبیع پر قبضہ کیا اُسکے بائع کی رضامندی سے خواہ رضامندی صریحا ہو یا باعتبار دلالت حال کے
اس طرح کہ مشتری اُسپر قبضہ کرے مجلس عقد مین بائع کے سامنے ابن کمال کے بیان مین بجاے رضاے بائع اذن بائع مذکور ہی لیکن ابن کمال نے اذن
ذکر کیا نہ رضا اسواسطے کہ بیع فاسد مین رضاے بائع معتبر نہین اور صاحب کنز نے تعبیر بامر بائع کی ہی اور امر بائع شامل ہی بیع اکراہ اور تسلیم اکراہ کو کہ اُس سے
ملک ثابت ہوتی ہی باوجودیکہ رضامندی اکراہ مین ثابت نہین اگر مصنف کنز کے مانند بجاے رضا امر بائع کہتا تو بہتر تھا کذا فی الطحطاوی عن ابی السعود
فی البیع الفاسد وخرج الباطل فقدم مع حکمہ مشتری نے قبضہ کیا بائع کے امر سے بیع فاسد مین اور بیع فاسد کی قید سے بیع باطل نکل آئی اور اُسکا
حکم پہلے مذکور ہو چکا ہم بیع باطل کا یہ حکم مذکور ہو چکا کہ باطل مین قبض سے مشتری کی ملک ثابت نہین ہوتی اگر اُسکے پاس مبیع ہلاک ہو تو اُسپر
تاوان نہین کیونکہ وہ امانت ہی اور قنیہ مین تاوان کی تصحیح کی ہی اور اسی پر فتوی ہی وحینئذ فلا حاجۃ لقول الہدایۃ والعنایۃ وکل من عوضیہ مال کما
افادہ ابن الکمال لکن اجاب سعدی بانہ لما کان الفاسد یعم الباطل مجازا کما حقق اخراجہ بذلک فتنبہ اھ اُسوقت مین یعنی جب کہ بیع باطل
بیع فاسد کے ذکر سے خارج ہو گئی تو کچھ حاجت نہی اخراج کی باطل کے واسطے ہدایہ اور عنایہ کے اس قول کی اور بیع فاسد کے
دونون عوضون مین سے ہر ایک عوض مال ہو چنانچہ اُسکو ابن کمال نے بیان کیا ہی لیکن سعدی نے جواب دیا ہی اس طرح کہ جب
فاسد شامل ہی باطل کو مجازا چنانچہ اس باب کی ابتدا مین مذکور ہو چکا تو اخراج باطل کا ہدایہ کے اس قول سے محقق ہو گیا خبردار رہنا

احکام بیع فاسد

بلکہ بامر مشتری بائع کے آزاد کرنے سے آزاد ہوگا یعنے اگر قبل قبض کے مشتری بائع سے کہے کہ اس غلام کو میری طرف سے آزاد کر اور بائع آزاد کرے تو
آزاد ہوگا اور اسی طرح اگر مشتری نے قبل قبض گیہون یا بکری کے بائع کو امر کیا کہ گیہون کو پیسے یا بکری کو ذبح کرے تو مشتری اس طرح کے امر کرنے سے
قابض ہوگا بطریق اقتضا کے اور یہ عجیب بات ہے کہ البتہ شخص نا مامور مالک ہوا اُسکا جسکا امر کرنے والا مالک نہین وما فی الخانیۃ علے خلاف ہذا اما روایۃ
او غلط من الکاتب کما بسطہ الطحاوی اور جو خانیہ مین برعکس اسکے قول ہے یا دوسری روایت ہے یا اغلاط کاتب سے ہے چنانچہ طحاوی نے اُسکو شرح بیان
کیا ہے ہم خانیہ مین ہے کہ جب غلام کو بشراء فاسد خرید کیا اور قبل قبض بائع سے کہا کہ اسکو آزاد کرے میری طرف سے پھر بائع نے اُسکی طرف سے آزاد
کر دیا تو یہ عتق بائع کی طرف سے ہوگا نہ مشتری سے اور اسی طرح گیہون اور بکری کا مسئلہ کذا فی النہر او وقفہ وقفا صحیحا لانہ استہلکہ حین وقفہ واخرجہ عن
ملکہ وما فی جامع الفصولین علے خلاف ہذا غیر صحیح کما بسطہ المصنف یا مشتری نے بیع فاسد کو وقف صحیح کیا اسواسطے فسخ ممتنع ہوگا کہ مشتری نے مبیع کو
مستہلک کیا جبکہ اُسکو وقف کیا اور اُسکو اپنی ملک سے نکالا اور جو روایات جامع الفصولین مین برخلاف اسکے ہین صحیح نہین چنانچہ مصنف نے
اپنی شرح مین اُسکو مفصل بیان کیا ہے ہم جامع الفصولین مین یون ہے کہ اگر مبیع فاسد کو وقف کیا یا مسجد قرار دیا تو حق فسخ باطل نہین تا وقتیکہ
عمارت بنا دے انتہی نہر الفائق مین اُسکو روایت ثانیہ قرار دیا ہے اور یہ بہتر ہے تغلیط سے اور بحر الرائق مین اُسکو عدم تسجیل قاضی پر محمول کیا ہے کذا فی
الطحطاوی او رہنہ او اوصی او تصدق بہ لنفذ البیع الفاسد فی جمیع ما مر وامتنع الفسخ لتعلق حق العبد بہ الا فی اربع مذکورۃ فی الاشباہ یا بیع
فاسد کو رہن رکھا یا اسکی کسی شخص کے واسطے وصیت کی یا خیرات کی تو بیع فاسد نافذ ہو جاویگی جمیع تصرفات مذکورہ مین یعنے بیع یا ہبہ
یا اعتاق یا کتابت یا استیلاد یا وقف یا رہن یا وصیت یا تصدق کرنے سے اور اب فسخ بیع ممتنع ہوگا بسبب متعلق ہو جانے حق العبد کے
اُس سے مگر چار صورت مین جو اشباہ مین مذکور ہین ہم اشباہ مین ہے کہ عقد فاسد لتعلق حق العبد سے لازم ہو جاتا ہے اور فساد مرتفع ہو جاتا ہے مگر
چند مسائل مین اجارہ فاسد دیا پھر مستاجر نے اجارہ صحیح دوسرے کو دیا تو شخص اول کو اُسکا توڑنا جائز ہے ایک شخص نے مکرہ سے کوئی چیز مول لی
پھر اُسکی بیع صحیح کی تو مکرہ کو اُسکا توڑنا درست ہے مشتری نے مبیع فاسد کو اجارہ دیا تو بائع کو اُسکا توڑنا جائز ہے اور اسی طرح اگر نکاح کر دیا انتہی چونکہ کلام
متن کا تصرف مشتری مین ہے تو مسئلہ اولی کا استثنا صحیح نہین اور اسی طرح مسئلہ ثانیہ کا کہ خود متن مین موجود ہے اور اسی طرح مسئلہ ثالثہ اور رابعہ خود
شارح کے آیندہ قول مین موجود ہے کذا فی الحلبی وکذا کل تصرف قولی غیر اجارۃ ونکاح اور اسی طرح بیع وغیرہ کی مانند ہر تصرف قولی سوا اجارہ اور نکاح
کے چنانچہ تدبیر موجب ہے نفاذ بیع فاسد کا ہم اجارہ اور نکاح سے اسواسطے فسخ ممتنع نہوا کہ اجارہ فسخ ہو جاتا ہے عذر سے اور رفع فساد بھی عذر ہے اور نکاح
مین اخراج عن الملک نہین وہل یبطل نکاح الامۃ بالفسخ المختار نعم ولوالجیہ اور کیا نکاح لونڈی کا باطل ہو جاتا ہے اُسکے فسخ بیع فاسد سے قول مختار ہے
کہ ہان باطل ہو جاتا ہے کذا فی الولوالجیہ ہم بیان گفتگو اسمین ہے کہ مشتری بعد قبض نکاح کر دے چنانچہ یہی موضوع ہے جمیع مسائل سابقہ مین اور
کلام ولوالجی قبل از قبض مین مفروض ہے تو یہ جواب کیونکر صحیح ہوگا کذا فی الطحطاوی فلیحفظ ومتی زال المانع کرجوع ہبۃ وعجز مکاتب وفک رہن عاد
حق الفسخ لو قبل القضاء بالقیمۃ لا بعدہ اور جبکہ مانع فسخ کا دور ہو جاوے چنانچہ پھیر لینا واہب کا اپنی ہبہ کو اور عاجز ہونا مکاتب کا بدل کتابت
سے اور خلاص ہونا رہن کا تو بیع فاسد کا حق فسخ عود کریگا اگر زوال مانع کا قبل قضا ہو قیمت کے ساتھ یعنے قاضی نے ہنوز مشتری پر ادائے
قیمت کا حکم نہ کیا ہو نہ بعد قضا کے یعنے اگر بعد حکم قاضی مانع زائل ہوا تو حق فسخ عود نکریگا کیونکہ ابطال قضا لازم آویگا اور یہ جائز نہین
ولا یبطل حق الفسخ بموت احدہما فیخلفہ الوارث بہ یفتی اور حق فسخ باطل نہین ہوتا بائع یا مشتری کے مر جانے سے تو میت کا وارث اُسکا
خلیفہ ہوگا فسخ کرنے مین اسی کا فتوی ہے وبعد الفسخ لا یاخذہ بائعہ حتی یرد ثمنہ المنقود بخلاف فساد شراء من مدیونہ بدینہ شراء فاسدا

کہ عقد متعلق بمال متعین یعنے جاریہ ہو تو خبث اسمین جم گیا اور بائع کو اسواسطے حلال ہوا کہ عقد ثانی مال متعین سے متعلق نہین بلکہ اُسکا شی فی ذمہ پر واجب ہوا
تو خبث اُسمین متمکن نہوا تو اسکا تصدق واجب نہوا یہ حکم ہے اُس خبث کا جو بسبب فساد ملک کے تھا اور اگر بسبب عدم ملک کے خبث ہو چنانچہ مغصوب اور
امانات مین جبکہ اُسمین امانت دار خیانت کرے تو طرفین کے نزدیک مال متعین اور غیر متعین دونون کو خبث شامل ہوگا چنانچہ مودع یا غاصب جبکہ عرض یا نقد
مین تصرف کرے اور نفع حاصل ہو تو طرفین کے نزدیک تصدق نفع لازم ہے یعنی اگرچہ دونون نے ضمان ادا کیا ہو اور حلت نفع بائع اور حرمت نفع مشتری کا محل وہ ہے
جب تک بیع مقاصہ نہو کیونکہ اُسمین دونون کو نفع حلال نہین چنانچہ عقد صرف مین دونون کو نفع حلال ہے کذا فی الطحطاوی لا یطیب للمشتری ای فی مبیع یتعین بان
بان باعہ بازید لتعلق العقد بعینہ فیتمکن الخبث فی الربح فیتصدق بہ حلال نہین مشتری کو جو فائدہ کہ حاصل ہوا اس مبیع مین جو متعین ہو تعیین سے …
مذکور کو زیادہ تر ثمن سے بیچے بسبب متعلق ہونے عقد کے عین مبیع سے تو خبث جم گیا نفع مین تو اُسکو تصدق کرے ھ طحطاوی نے کہا عدم حلت عقد اول
مین منحصر ہے اور اگر مبیع بیچکر اُسکے ثمن سے تجارت کرے اور نفع حاصل ہو تو یہ فائدہ حلال ہوگا بسبب عدم تعیین کے عقد ثانی مین کما طاب ربح
مال ادعاہ علی آخر فصدقہ علی ذلک فقضی ای اوفاہ ایاہ ثم ظہر عدمہ بتصادقہما انہ لم یکن علیہ شئ کان بدل المستحق مملوکا ملکا فاسدا
والخبث لفساد الملک انما یعمل فیما یتعین لا فیما لا یتعین چنانچہ حلال ہے نفع اس مال کا جسکا مدعی نے دوسرے شخص پر دعوی کیا اور مدعا علیہ نے اسکی
تصدیق کی پھر اُسنے مدعی کو مال ادا کیا بعد اُسکے تصادق طرفین سے اُسکا عدم ظاہر ہوا اسطرح پر کہ مدعا علیہ پر کچھ مال مدعی کا نہ تھا اسواسطے نفع حلال ہے
کہ مستحق کا عوض مملوک ہوتا ہے بملک فاسد اور جو خبث کہ بسبب فساد ملک کے ہوتا ہے وہ فقط مال متعین مین عمل کرتا ہے نہ غیر متعین مین ھ مدعی مذکور کو نفع
اُسوقت حلال ہوگا جبکہ نقدین کا دعوے کیا ہو نہ عروض کا کیونکہ عروض مین تعیین ہے نہ نقدین مین صورت مسئلہ جامع صغیر مین یون مذکور ہے کہ اگر ایک شخص نے
دوسرے مرد سے کہا کہ میرے تجھپر ہزار درم ہین سو اُنکو ادا کر اُسنے ادا کیے پھر دونون نفی مال پر متفق ہوے اور مدعی نے مال مذکور مین تصرف کیا اور فائدہ اسکو
حاصل ہوا تو یہ فائدہ اُسکو حلال ہے اسواسطے کہ دین اقرار سے ثابت ہوتا ہے پھر جب مدعا علیہ نے اقرار کیا اور ادا کیا تو مدعی کو اپنی ملک مین نفع حاصل ہوا پھر
جب اسکے بعد دونون نے عدم دین پر اتفاق کیا تو دراہم مقبوضہ بمنزلہ بدل مستحق کے ہوے مستحق سے مراد یہان دین ہے اور بدل سے مراد دراہم مقبوضہ مین کذا فی
الطحطاوی واما الخبث لعدم الملک کالغصب فیعمل فیہما کما بسطہ خسرو وابن الکمال اور جو خبث کہ بسبب عدم ملک کے ہے چنانچہ غصب سو متعین اور غیر متعین دونون مین
عمل کرتا ہے چنانچہ ملا خسرو اور ابن کمال نے اسکی تصریح کی ہے وقال الکمال لو تعمد الکذب فی دعواہ الدین لا یملکہ اصلا وقواہ فی النہر اور کمال الدین نے فتح القدیر مین کہا کہ اگر
مدعی مذکور عمداً دعوی دروغ اپنے دین مین کریگا تو نفع کا اصلا مالک نہوگا اور نہر الفائق مین اس قول کی تقویت کی ہے ھ نہر الفائق مین کہا کہ فقہا نے کتاب الاقرار
مین تصریح کی ہے کہ اگر مقر لہ جانتا ہو کہ مقر کاذب ہے اپنے اقرار مین تو اُسکو زبردستی مال لینا حلال نہین ہان اگر اُسکو شبہہ ہو تو محمد کے نزدیک حلال ہے نہ ابو یوسف
کے نزدیک تو اُسوقت مین اُسکو نفع حلال نہوگا اور یہان کلام ظن مدعی پر محمول ہے یعنی مدعی کو گمان ہوا کہ میرے باپ کا قرض مدعا علیہ پر ہے پھر معلوم ہوا کہ
مدعا علیہ کے وکیل نے اُسکے باپ کو قرض ادا کر دیا تھا سو دونون کا دین پر تصادق ہوا تو اب نفع حلال ہوگا اور یہ نہایت خوب فہم ہے اُسکو غور کرے انتہی وفیہ الحرام ینتقل
فلو دخل بامان واخذ مال حربی بلا رضاہ واخرجہ الینا ملکہ وصح بیعہ لکن لا یطیب لہ ولا للمشتری منہ بخلاف البیع الفاسد فانہ لا یطیب لہ لفساد عقدہ ویطیب
للمشتری منہ لصحۃ عقدہ اور اسی کتاب مین ہے کہ حرام انتقال کرتا ہے ایک ذمہ سے دوسرے ذمہ تک سو اگر مسلم دار الحرب مین امان لیکر داخل ہو
اور حربی کا مال بدون اُسکی خوشی کے لے اور دار الاسلام کی طرف نکال لاوے تو اُسکا مالک ہوگا اور اُسکی بیع صحیح ہو گی لیکن چونکہ اُسکی ملک مین
خبث ہے دغا کے سبب سے تو وہ مال اُسکو حلال نہوگا اور نہ اُسکے خریدار کو بخلاف بیع فاسد کے کہ بائع کو حلال نہین اُسکے عقد کے فساد کے سبب سے
اور جسنے اس سے خریدا اُسکو حلال ہے بسبب اُسکی صحت عقد کے ھ جب معلوم ہوا کہ حرمت منتقل ہوتی ہے تو معلوم ہوا کہ مال منہوب اور طعام مغصوب کی

خریداری حرام ہی مگر یہ کہ غارت گر اور غاصب اُسکی قیمت ادا کرے یا مالک اُسکو معاف کردے تو اب اُسکو مول لینا درست ہی کذا فی الطحطاوی وفی حظر الاشباہ الحرمۃ تتعدد مع العلم بہا الا فی حق الوارث اور اشباہ کی کتاب الحظر مین ہی کہ حرمت متعدد ہوتی ہی اُسکے دریافت ہونے کے ساتھ مگر وارث کے حق مین نہین یعنی اگر حرمت کا علم ہو تو اشخاص متعددہ مین بھی متحقق ہوتی ہی سوائے وارث کے یعنے اگرچہ وارث جانتا ہو کہ مورث نے یہ مال بوجہ حرام پیدا کیا تو بھی اُسکے حق وہ مال حلال ہی وقیدہ فی الظہیریۃ بان لا یعلم ارباب الاموال وتحقیقہ ثمہ اور ظہیریہ مین حلت وارث کو باین قید مقید کیا ہی کہ وارث ارباب اموال کو نہ جانتا ہو اور ہم اسکی تحقیق کرینگے اُسکے مقام مین ہم یعنے اگر وارث جانے کہ مورث نے فلانے فلانے شخصون کا مال بسبب قہر یا غصب یا رشوت لیا ہی تو اُسپر واجب ہی کہ اُنکو یا اُنکے وارثون کو مال مذکور پھیر دے اور اگر نہ پھیریگا تو وارث پر وہ مال حرام ہی مجتبی مین ہی کہ مورث مرگیا اور کسب اُسکا حرام ہی تو میراث حلال ہی پھر لکھنے کہا کہ ہم اس روایت کو نہین لیتے ہین بلکہ میراث وارثون پر مطلقاً حرام ہی انتہی اس قول سے معلوم ہوا کہ درصورت علم وارث حرمت ثابت ہی اگرچہ ارباب اموال کو نہ جانتا ہو کذا فی الطحطاوی **بتصرف بنی او غرس فیما اشتراہ فاسداً** شروع فیما یقطع حق الاسترداد من الافعال الحسیۃ بعد الفراغ من القولیۃ لزمہ قیمتہما وامتنع الفسخ مشتری نے گھر بنایا یا درخت لگایا اُسمین جسکو فاسد خرید کیا تو اُسکو گھر اور زمین کی قیمت کا دینا لازم ہوگیا اور فسخ ممتنع ہوگیا شارح کہتا ہی یہ شروع ہی اُن مسائل مین جنمین حق استرداد قطع ہوجاتا ہی افعال حسیہ کے سبب سے بعد فارغ ہونے کے افعال قولیہ سے یعنے اول اقوال قاطعہ فسخ کو ذکر کیا بعد اُسکے اب افعال حسیہ کا ذکر شروع کیا وقالا ینقضہا ویرد المبیع ورجحہ الکمال اور صاحبین نے کہا کہ مشتری عمارت کو توڑے اور درختون کو اُکھاڑے اور مبیع کو پھیر دے اور اسی قول کی ترجیح دی ہی کمال الدین نے ثم کمال الدین نے فتح القدیر مین کہا یہ جو امام کی دلیل ہی امتناع فسخ مین کہ عمارت بنانے اور درخت لگانے سے دوام مقصود ہوتا ہی سو ممنوع ہی اسواسطے کہ اجارہ مین اگر درخت لگادے تو بالاتفاق قطع واجب ہی تو ظاہر ہوا کہ بنا اور غرس گاہے دوام کے واسطے ہوتا ہی اور گاہے نہین وتعقبہ فی النہر بحصولہما بتسلیط البائع اور کمال الدین کی ترجیح کا تعقب کیا ہی یعنی دفع کیا ہی نہر الفائق مین بواسطہ حاصل ہونے بنا اور غرس کے بائع کے مسلط کرنے سے ہم صاحب نہر نے کہا کہ جو عمارت کہ بائع کی تسلیط سے حاصل ہی اُس سے دوام مقصود ہوتا ہی بخلاف اجارہ کے کیونکہ اُسمین تسلیط نہین تو معلوم ہوا کہ مدار استدلال بائع کی تسلیط پر ہی انتہی طحطاوی نے کہا یہ تعقب اُسوقت مسلم ہو جبکہ بائع کے حق کے سبب سے فسخ ہو تو یہ کہنا ہوسکتا ہی کہ اُسنے اپنا حق تسلیط سے ساقط کردیا حالانکہ مذکور ہوچکا کہ بیع فاسد کا فسخ کرنا حق اللہ کے سبب سے ہی تو اب کچھ فرق نہ رہا بیع اور اجارہ مین وکذا کل زیادۃ متصلۃ غیر متولدۃ کصبغ وخیاطۃ وطحن حنطۃ ولت سویق وغزل قطن وجاریۃ علقت منہ اور اسی طرح مانع فسخ ہی ہر ایک وہ زیادتی جو مبیع سے متصل ہی اور اُس سے پیدا نہین ہوئی چنانچہ رنگ اور دوخت کپڑے مین اور پیسنا گیہون کا اور لت کرنا ستو کا اور کاتنا روئی کا اور لونڈی جو حاملہ ہوگئی مشتری سے ہم طحطاوی نے کہا کہ حمل جاریہ منجملہ زیادت غیر متولدہ ہی بنظر مرد کی منی کے فلو متصلۃ کولد او متولدۃ کسمن فلہ الفسخ وتضمینہا باستہلاکہا سوی منفصلۃ غیر متولدۃ جوہرۃ سو اگر زیادتی منفصل ہو یعنے غیر متولدہ ہو جیسے ولد یا زیادتی متولدہ ہو جیسے گھی تو اُسکو فسخ کا اختیار ہی اور اُسکا تاوان دے اُسکے استہلاک سے سوائے منفصل غیر متولد زیادتی کے کذا فی الجوہرۃ ہم زیادتی منفصل غیر متولد چنانچہ کسب خلاصہ یہ ہی کہ چارون قسم کی زیادتی مین سے فقط متصل غیر متولد زیادتی مین فسخ ممتنع ہی اور مشتری پر قیمت واجب ہو نہ باقی مین وفی جامع الفصولین لو نقص فی ید المشتری بفعل المشتری او المبیع او بآفۃ سماویۃ اخذہ البائع مع الارش ولو بفعل البائع صار مستردا ولو بفعل اجنبی خیر البائع اور جامع الفصولین مین ہی کہ اگر مبیع ناقص ہوگئی مشتری کے ہاتھ مین مشتری کے فعل سے یا مبیع کے فعل سے یا آفت سماوی سے تو بائع مبیع کو لے دیت کے ساتھ یعنے بقدر نقصان کچھ مال مشتری سے لے اور اگر نقصان ہوا ہو بائع کے فعل سے تو مبیع مسترد ہوگی اور اگر اجنبی کے فعل سے نقصان ہو تو بائع مختار ہی یعنے چاہے مشتری سے نقصان کا مواخذہ کرے چاہے اجنبی سے کذا فی البحر وکرہ تحریما مع الصحۃ البیع عند الاذان الاول الا اذا تبایعا یمشیان فلا باس بہ لتعلیل النہی بالاخلال

[illegible] [illegible] حرمت مال
[illegible] وارث درصورت
[illegible] صاحب مجتبی
مطلقاً حرمت ثابت [illegible]
وارث [illegible]
[illegible] مکروہ تحریمی

بالسعی فاذا انتفی اور مکروہ تحریمی ہی صحت کے ساتھ بیع کرنا جمعے کے دن اذان اول کے وقت مگر جبکہ بائع اور مشتری نے خرید فروخت کی نماز کے واسطے جانے کی
حالت مین تو کچھ مضائقہ نہین بواسطے تعلیل نہی کے چلنے کی خلل اندازی سے پھر جب خلل اندازی کی نفی ہوئی تو نہی بیع کی بھی نفی ہو گئی ہم قرآن مجید مین
منصوص ہی کہ اذان سنکر نماز کے واسطے سعی کرنا اور ترک بیع واجب ہی اگر بعد اذان خرید فروخت واقع ہو تو سعی واجب مین خلل پڑے اس سے معلوم ہوا کہ
حالت مین بیع مکروہ نہین کیونکہ مانع سعی کی نہین ہکذا فی العنایہ والنہایہ اور شرح زیلعی اور بحر الرائق مین اسکو بھی مکروہ کہا ہی یعنی اسواسطے کہ نص مطلق
کذا فی الطحطاوی وقد خص منہ من لا جمعۃ علیہ ذکرہ المصنف اور البتہ مخصوص ہی اسی سے بیع اسکی جسپر جمعہ فرض نہین مصنف نے اسکو اپنی شرح مین ذکر کیا ہے
عورتین اور مسافر اور بیمارون کی بیع بعد اذان کے مکروہ نہین کیونکہ انپر سعی واجب نہین وکرہ النجش بفتحتین ویسکن ان یزید ولا یرید الشراء او یمدحہ بما لیس فیہ
لیروجہ اور مکروہ ہی لاڑیا پن نجش بفتح نون وجیم اور سکون جیم بھی جائز ہی اسکو کہتے ہین کہ قیمت بڑھاوے اور خریداری کا ارادہ نکرے یا مبیع کی ایسی
تعریف کرے جو اسمین نہین تاکہ اسکی خریداری پر لوگ رغبت کرین ویجری فی النکاح وغیرہ اور لاڑیا پن نکاح وغیرہ مین بھی جاری ہو م یعنے حرمت
لاڑیے پن کی فقط بیع مین خاص نہین نکاح وغیرہ مین بھی حرام ہی اسواسطے کہ حدیث مین وارد ہی لا تناجشوا یعنے لاڑیا پن نکرو اور یہ نہی عام ہی بیع کو
بھی اور نکاح وغیرہ کو بھی ثم النہی محمول علی ما اذا کانت السلعۃ بلغت قیمتہا اما اذا لم تبلغ لا یکرہ لانتفاء الخداع عنایہ پھر دریافت کرنا چاہیے
کہ نہی نجش کی محمول ہی اس صورت پر جب کہ چیز کی قیمت پوری ہو گئی ہو اور اگر ہنوز قیمت پوری نہوئی ہو تو بلا قصد خرید ثمن کا زیادہ کر دینا بقدر قیمت
مکروہ نہین بسبب نفی ہونے فریب کے کذا فی العنایہ یعنے اس صورت مین بائع کا فائدہ ہی اور مشتری کا بھی کچھ نقصان نہین لہذا مکروہ نہین
والسوم علی سوم غیرہ ولو ذمیا او مستامنا اور مکروہ ہی مول چکانا غیر کے مول چکانے پر اگرچہ شخص غیر کا ذمی یا مستامن ہو م صحاح ستہ
مین ابو ہریرہ سے مروی ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مول نہ چکاوے مرد اپنے بھائی کے مول چکانے پر اور بیع کرے اپنے بھائی
کی بیع پر اور نہ پیام نکاح کا دے اپنے بھائی کے پیام پر کذا فی التیسیر اگر کوئی کہے کہ حدیث مذکور مین بھائی کا لفظ وارد ہی تو مسلم مراد ہی نہ ذمی اور مستامن
اسکا جواب شارح نے اپنے آئندہ قول مین دیا وذکر الاخ فی الحدیث لیس قیدا بل لزیادۃ التنفیر نہر اور بھائی کا ذکر حدیث ممدوح مین قید نہین کافر کے اخراج
کے واسطے بلکہ زیادتی تنفیر کے واسطے ہی کذا فی النہر یعنے مسلم کے ساتھ یہ فعل کرنا زیادہ تر قبیح لائق تنفر ہی وہذا بعد الاتفاق علی مبلغ الثمن او المہر
والا لا یکرہ لانہ بیع من یزید وقد باع علیہ الصلوۃ والسلام قدحا وحلسا بیع من یزید اور یہ یعنی کراہت مول چکانے کی مول پر اور منگنی کی منگنی پر بعد
متفق ہونے مشتری اور بائع کے ہی مقدار ثمن پر یا مہر پر در صورت پیام نکاح اور اگر طرفین کا ہنوز ثمن یا مہر پر اتفاق نہین تو کراہت نہین اسواسطے
کہ یہ بیع من یزید ہی اور حالانکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک پیالہ اور کملی بطریق بیع من یزید کے بیچی ہم عنایہ مین ہی کہ اتفاق ثمن کی یہ صورت ہی کہ
دو شخص مول چکا دین ایک چیز کا اور بائع اور مشتری ثمن پر راضی ہو جاوین اور ہنوز عقد بیع منعقد نکرین کہ تیسرا شخص آئے اور مول زیادہ کر دے تو یہ جائز ہی لیکن
مکروہ ہی کیونکہ اسمین وحشت انگیزی اور ضرر رسانی ہی تو یہ مکروہ ہی اگر بائع بیع کی طرف مائل ہو چکا ہو بعد انفصال ثمن کے اور یہی حکم ہی نکاح کا اور اگر بائع ہنوز مائل نہوا ہو
تو مول چکانا مکروہ نہین انتہی اور جامع ترمذی مین انس رض سے روایت ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک انصاری صحابی سوال کرنے آیا حضرت نے
فرمایا کیا تیرے گھر مین کوئی چیز نہین اسنے کہا کیون نہین ایک کملی ہی جسکو کچھ مین اوڑھتا ہون اور کچھ بچھاتا ہون اور ایک پیالہ ہی جس مین پانی پیتا ہون فرمایا
کہ انکو میرے پاس لے آ سو وہ دونون چیزین لے آیا حضرت نے انکو لیا اور فرمایا کہ کون شخص ان دونون کو خرید کرتا ہی سو ایک مرد نے کہا کہ مین انکو بعوض ایک درم کے
خرید کرتا ہون رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دو بار یا تین بار من یزید علی درہم کون ہی جو ایک درم سے زیادہ دے تو ایک مرد نے کہا کہ مین دو درم کو لیتا ہون
سو حضرت نے وہ دونون چیزین اسکو دین اور دونون درم مرد انصاری کو دیے اور فرمایا کہ ایک سے طعام خرید کر کے اپنے اہل و عیال کو دے اور دوسرے سے کلہاڑی خرید

پاس خرید کر لا سو وہ لایا اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُسمین اپنے دست مبارک سے بینٹ ڈالا پھر فرمایا کہ جا لکڑیان لایا کر اور بیچا کر اور مین تجکو
پندرہ دن نہ دیکھون اُسنے ایسا ہی کیا پھر وہ آیا اور اُسکو دس درم حاصل ہوے سو اُسنے کچھ درمون سے کپڑا خرید کیا اور کچھ سے کھانا تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا یہ تیرے حق مین بہتر ہی تیرے آنے سے سوال سیاہی کا داغ تیرے مُنھ مین ہو قیامت کے دن کذا فی الطحطاوی اھ یہ حدیث جواز نیلام کی جو بالفعل ہندمین مشہور ہی
اصل ہی **و تلقی الجلب** یعنی المجلوب او الجالب اور مکروہ ہی اناج کی بھرتی کو آگے بڑھ کر لینا اور خرید کرنا جلب بفتحتین بمعنی مجلوب یا جالب ہی ھم تلقی جلب کی صورت
اسبیجابی نے یون ذکر کی ہی کہ ایک شخص کو اہل شہر سے خبر ملی کہ اناج کا بڑا قافلہ آتا ہی اور اہل شہر قحط مین گرفتار ہین سو وہ شخص قافلے مین جا کر ملا اور اُسنے سب غلہ خرید لیا
اور شہر مین آکر اُسنے خاطر خواہ بیچا اور اگر یہ شخص نہ جاتا اور قافلہ شہر مین آتا تو اہل شہر کو کشاکش ہوتی درصورت قحط تلقی جلب مکروہ ہی اور اگر اہل شہر کو تلقی جلب سے ضرر نہوتا
تو مکروہ نہین اور بعضون نے کہا صورت اُسکی یہ ہی کہ شہر والا قافلے کو آگے بڑھ کر ملے اور شہر کے نرخ سے سستا خرید کر لے درحالانکہ اہل قافلہ کو نرخ شہر کا معلوم نہین تو
یہ خرید جائز ہی لیکن مکروہ ہی بسبب فریب کے خواہ اہل شہر کو ضرر ہو یا نہو کذا فی الطحطاوی عن الاتقانی **وہذا اذا کان یضر باہل البلد او یلبس السعر علی**
الواردین لعدم علمہم بہ فیکرہ للضرر والغرر اور یہ کراہت یعنی تلقی جلب اُسوقت ہی جبکہ اہل شہر کو مضر ہو یا وہ شخص غلہ لانے والون پر شہر کے نرخ کو مخفی رکھے بسبب انکی لاعلمی
کے تو یہ مکروہ ہی بسبب ضرر اہل شہر کے پہلی صورت مین اور بسبب دھوکھا دینے کے دوسری صورت مین **اما اذا انتفیا فلا یکرہ** اور جبکہ ضرر اور تلبیس نرخ منتفی ہون
تو تلقی جلب مکروہ نہین **وکرہ بیع الحاضر للبادی** اور مکروہ ہی بیع حاضر کی واسطے بادی کے یعنی شہر کا رہنے والا شخص بیرونی کا مال دلالی کر کے بیچے صحیح مسلم وغیرہ مین
جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہی فرمائی کہ حاضر بادی کے واسطے بیع نکرے اور چھوڑ دو لوگون کو تا اللہ تعالی روزی دے بعضے
آدمیون کو بعضون سے **وہذا فی حالۃ قحط وعوز والا لا لانعدام الضرر** اور یہ کراہت قحط اور حاجت کی حالت مین ہی اور اگر قحط نہو شخص بیرونی کا مال بیچدینا بطریق دلالی
کے مکروہ نہین بسبب معدوم ہونے ضرر کے ھم یعنی قحط کی حالت مین باہر کا آدمی اناج بیچنے لایا اور شہر والے نے اُس سے کہا کہ تو بیع مین جلدی مکر مین تجکو گران بیچ دونگا
تو ہو واسطے مکروہ ہی کہ اسمین اہل شہر کو ضرر رسانی ہی بخلاف فراخ سالی کے قیل الحاضر المالک والبادی المشتری والاصح کما فی المجتبی انہما السمسار والبائع لموافقتہ آخر
الحدیث دعوا الناس یرزق اللہ بعضہم من بعض ولذا عدی باللام لا بمن بعضون نے کہا کہ حاضر سے مالک مراد ہی اور بادی سے مشتری اور قول صحیح تر جنانچہ مجتبی مین ہی یہ ہی
کہ حاضر سے مراد دلال ہی اور بادی سے بائع بسبب موافق ہونے اس تفسیر کے آخر حدیث سے (رواہ مسلم) یعنی چھوڑ دو لوگون کو تا اللہ روزی دے بعضون کو بعضون سے اور اسی واسطے
بیع کا تعدیہ لام سے ہوا نہ من سے ھم یہ تفسیر ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہی سنن ابو داؤد مین **لا یکرہ بیع من یزید لما مر ویسمی بیع الدلالۃ** مکروہ نہین بیع
من یزید بدلیل حدیث گذشتہ جسمین پیالہ اور کمل کا قصہ مذکور ہو چکا اور اس بیع کو اہل مصر کے عرف مین بیع الدلالۃ کہتے ہین کذا فی الفتح اور بالفعل ہندوستان مین اُسکو
نیلام بولتے ہین اُسکو بیع من یزید اسواسطے کہا کہ بائع زیادتی ثمن چاہتا ہی لہذا کہتا ہی کہ اس ثمن سے کون شخص زیادہ دیتا ہی **ولا یفرق** عبر بالنفی مبالغۃ فی المنع
للعنۃ علیہ الصلوۃ والسلام من فرق بین والدۃ وولدہا واخ واخیہ رواہ ابن ماجہ وغیرہ عینی عن الثانی فسادہ مطلقا وبہ قال زفر والائمۃ الثلثۃ **بین صغیر غیر بالغ وذی**
رحم محرم منہ ای محرم من جہۃ الرحم لا الرضاع کابن عم ہو اخ رضاعا فافہم اور جدائی نکیجائے صغیر غیر بالغ اور اُسکے قرابت دار محرم کے درمیان یعنی وہ محرم جو بسبب
نسب کے ہی نہ رضاعت سے جنانچہ چچا کا بیٹا جو رضاعی بھائی ہو تو اُسکو بوجھ لے شارح کہتا ہی مصنف نے نہی تفریق کو نفی کر کے تعبیر کیا مبالغہ کے واسطے منع بیع مین بسبب
لعنت کرنے نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے اُسکو جو جدائی ڈالے درمیان باپ اور اُسکے بیٹے کے اور درمیان ایک بھائی اور اُسکے دوسرے بھائی کے روایت کیا
اس حدیث کو ابن ماجہ وغیرہ نے اور ابو یوسف سے روایت ہی کہ یہ بیع فاسد ہی ہر طرح سے خواہ قرابت ولادت ہو یا نہو ھم نفی مین مبالغہ منع کیا اسواسطے کہ تفریق کو
محال عدیم الوقوع ٹھہرایا اور صغیر مین غیر بالغ کی قید اس وہم کے دفع کے واسطے لگائی کہ صغیر سے وہ مراد ہی جو اپنا ضروری کام نکرسکے تو اس قید سے مراہق یعنے
قریب البلوغ بھی صغیر مین داخل ہوا **الا اذا کان التفریق باعتاق وتوابعہ ولو علی مال وبیع ممن حلف بعتقہ او کان المالک کافرا لعدم مخاطبتہ بالشرائع**

او متعدد دولو الآخر لطفله او مکاتبه فلا باس به او تعدد محارمه فله بیع ما سوے واحد غیر الاقرب والابوین والملحق بهما فتح مگر جب کہ تفریق بسبب اعتاق اور
اسکے توابع کے ہو چنانچہ تدبیر اور استیلاد اور کتابت اگرچہ اعتاق بعوض مال کے ہو یا اُس شخص کے ہاتھ بیع کے سبب سے تفریق ہو جسنے غلام بیع کے آزاد کرنے
کی قسم کھائی یا مالک غلام کا کافر ہو کیونکہ کافر مخاطب باحکام شرعیہ نہین یا مالک متعدد ہون اور اگر دوسرا غلام اُسکے طفل یا مکاتب کا ہو تو تفریق مین کچھ مضائقہ
نہین یا غلام کے محارم چند ہون تو مالک کو محارم کا بیچنا جائز ہی سوا ایک محرم غیر اقرب اور والدین کے اور جو ملحق بوالدین ہی کذا فی الفتح هم اگر صغیر کی دادی
عمہ اور خالہ ہو تو عمہ اور خالہ کی بیع جائز ہی نہ دادی کی کیونکہ وہ مان کے برابر ہی او بحق مستحق کخروجه مستحقا یا تفریق بواسطہ حق مستحق کے ہو چنانچہ ایک غلام کا
مستحق نکلنا یعنے زید کے پاس دو غلام محرم ہین اور ایک غلام اُنمین دوسرے شخص کا مملوک نکلا تو اب تفریق ممنوع نہین وکدفع احدهما بالجنایة وبیعه بالدین
او باتلاف مال الغیر ورده بعیب لان النظر فی دفع الضرر عن الغیر لا فی الضرر بالغیر اور چنانچہ دینا دو مین سے ایک غلام کو بسبب اُسکے ارتکاب جنایت کے اور
بیع غلام کی غلام کے دین کے سبب سے یا غلام کا دینا غیر کے مال تلف کر ڈالنے سے اور پھیر دینا غلام کا عیب ظاہر ہونے سے تو ان امور مذکورہ سے تفریق
جائز ہی اسواسطے کہ مالک کو جو تفریق غلام صغیر اور اُسکے محرم مین منع ہی تو بنظر دفع ضرر غیر کے ہی یعنی صغیر سے نہ غیر کے ضرر مین هم لیعنی منظور شرع یہ ہی کہ صغیر سے ضرر
دفع ہو لہذا صغیر کو جدا کرنا اُسکے محرم سے منع فرمایا اور یہ منظور نہین کہ غیر کو یعنے مالک کو ضرر پہونچے تو اگر مطلقاً تفریق منع ہو تو درصورت جنایت غلام کے
بر فدیہ لازم آوے اور دوسری صورت مین قرضخواہون کو قیمت دینی پڑے اور تیسری صورت مین عیب دار لینا پڑے کذا فی الطحطاوی بخلاف الکبیرین
والزوجین فلا باس به خلافا لاحمد فالمستثنی احد عشر بخلاف کبیرین اور زوجین کی تفریق کے کہ اسمین کچھ مضائقہ نہین برخلاف امام احمد بن حنبل
کے مذہب کے تو مستثنی گیارہ ہین هم یعنے صغیر اور اُسکے محرم نسبی مین تفریق بطریق بیع یا ہبہ جائز نہین مگر گیارہ صورتون مین جائز ہی ۱ اعتاق ۲
توابع اعتاق ۳ اُسکے ہاتھ بیچنا جسنے غلام کے آزاد کرنے کی قسم کھائی ہو ۴ جب کہ مالک غلام کا کافر ہو ۵ جبکہ مالک متعدد ہون ۶ جبکہ صغیر کے محارم کئی شخص
ہون ۷ جبکہ محرم صغیر غیر کا مستحق نکلے ۸ دینا غلام کو غلام کی جنایت مین ۹ بیچنا غلام کا غلام مدیون کے دین مین ۱۰ غلام کا بیچنا اتلاف مال غیر مین ۱۱
پھیر دینا بسبب عیب کے بحر الرائق مین بارھوین صورت یہ زیادہ کی ہی جبکہ صغیر قریب البلوغ ہو اور اُسکی مان اُسکی بیع سے راضی ہو وکما یکره التفریق بالبیع
وغیره من اسباب الملک کصدقة ووصیة یکره بالشراء الا من حربی ابن ملک وبالقسمة فی المیراث والغنائم جوہرہ اور جیسے تفریق مکروہ ہی بیع سے
اور اسکے سوا اور اسباب ملک سے چنانچہ صدقہ اور وصیت سے اسی طرح خرید کرنے سے بھی مکروہ ہی مگر حربی سے خرید مکروہ نہین کذا ذکرہ ابن ملک اور میراث اور غنائم
مین قسمت کرنے سے تفریق مکروہ ہی کذا فی الجوہرہ هم ایک شخص دو بیٹے اور دو غلام محرم جنمین ایک صغیر ہی چھوڑ کر مر گیا اور ایک ایک غلام ایک ایک بھائی کو پہونچتا ہی تو واجب
یہ ہی کہ دونون غلامون کو ایک بیٹا خرید کرے اور دونون بھائی اُنکا ثمن قسمت کر لین اور اسیطرح غنیمت کے قاسم اور غازی پر تفریق حرام ہی کیونکہ غازی بمنزلہ مشتری
کے ہی کذا فی الطحطاوی اب آگے شارح بیع مکروہ کا حکم بیان کرتا ہی بعد ذکر بیوع مکروہہ کے واعلم ان فسخ المکروه واجب علی کل واحد منهما ایضا بحر وغیره لدفع الاثم مجمع
اور معلوم کر کہ بیع مکروہ کا فسخ کرنا ہر ایک بائع اور مشتری پر واجب ہی یعنے جیسے بیع فاسد کا فسخ واجب ہی ویسے ہی مکروہ کا بھی واجب ہی کذا فی البحر وغیرہ بسبب
دور کر ڈالنے گناہ کے کذا فی المجمع وفیه صح شراء کافر مسلما ومصحفا مع الاجبار علی اخراجهما عن ملکه وسیجیئ فی المتفرقات والله اعلم اور مجمع مین یہ بھی روایت ہی
کہ ہم صحیح کہتے ہین شراء کافر مسلمان غلام اور مصحف کو اخراج عن الملک کی اجبار کے ساتھ اور یہ مسئلہ متفرقات مین آویگا والله تعالیٰ اعلم هم یعنی اگر کافر مسلمان غلام
یا مصحف کو خرید کرے تو یہ خرید صحیح ہی باطل یا فاسد نہین لیکن کافر جبر کیا جایگا کہ اُنکو اپنی ملک مین نہ رکھے تا مسلمان ذلت سے اور قرآن حمید اہانت سے محفوظ رہے والله اعلم
بالصواب فصل فی الفضولی یہ فصل ہی بیع فضولی کے احکام مین هم فضولی نسبت ہی فضول کی طرف جو جمع ہی فضل بمعنی زیادت کے چنانچہ تمہاری اور عربی مناسبت ظاہرہ
مناسبت بیع فضولی کی بیع فاسد سے ظاہر ہی کہ فاسد اور موقوف کی ملک ایک شی پر موقوف ہی یعنی فاسد مین قبض پر اور موقوف مین اجازت پر کذا فی الحلبی ذکره فی النہر

بعد الاستحقاق لانہ من صورہ اور کنز مین بیع فضولی کو باب الاستحقاق کے بعد ذکر کیا ہی اسواسطے کہ فضولی استحقاق کی صورتون مین سے ہی دوم وجہ اُسکی یہ ہی
کہ مستحق دعوی کے وقت یہ کہتا ہی کہ یہ مبیع میری ملک ہی اور جسنے تیرے ہاتھ بیچی اُسنے بلا اذن میرے بیچی سو یہی بعینہ بیع فضولی کی حقیقت ہی اور دوسری وجہ یہ ہی
کہ بیع فضولی کے بعد اگر اجازت نہو تو ظاہر ہوتا ہی کہ مبیع غیر کا حق ہی ہو من یشتغل بما لا یعنیہ فالقائل لمن یامر بالمعروف انت فضولی یخشی علیہ الکفر فتح وہ یعنی فضولی
لغت مین اُسکو کہتے ہین جو مشغول ہو بیفائدہ کام مین تو جسنے کہا اُس شخص سے جو امر بالمعروف کرتا ہی کہ تو فضولی ہی تو اُسپر کفر کا خوف ہی کذا فی الفتح اسواسطے
کہ امر بالمعروف شرعًا واجب ہی اور فاعل کو مفید ہی تو اُسکو فضولی کہنا ظاہر النفی وجوب پر دلالت کرتا ہی اور قائل مذکور کی فی الحقیقت تکفیر نہوگی اسواسطے کہ اس
کلام سے نفی وجوب مقصود نہین ہوتی و اصطلاحًا من یتصرف فی حق غیرہ بمنزلۃ الجنس بغیر اذن شرعی فصل خرج بہ نحو وکیل و وصی اور اصطلاح فقہ مین فضولی
وہ ہی جو اپنے غیر کے حق مین تصرف کرے بدون اذن شرعی کے تصرف کرنا حق غیر مین بمنزلہ جنس کے ہی تو اُسمین وکیل اور وصی اور ولی اور فضولی سب داخل ہین اور
بغیر اذن شرعی فصل ہی جنس سے مانند وکیل اور وصی کے چنانچہ قاضی نکل گیا فضولی کی تعریف سے کل تصرف صدر منہ تملیکا کان کبیع و تزویج او اسقاطا کطلاق
و اعتاق ولہ مجیز ای لہذا التصرف من یقدر علی اجازتہ حال وقوعہ انعقد موقوفًا جو تصرف کہ صادر ہو فضولی سے خواہ وہ تصرف تملیک ہو جیسا کہ بیع اور تزویج
یا اسقاط ملک ہو جیسا کہ طلاق اور عتاق اور حالانکہ اُسکا مجیز ہی یعنی اُس تصرف کے واسطے وہ شخص موجود ہی جو قادر ہی اُسکی اجازت پر تصرف کے واقع ہونے
کے وقت مین تو یہ تصرف منعقد ہوگا مالک کی اجازت پر موقوف ہوکر یعنی اگر مثلًا زید نے خالد کے مال کی بیع کی یا اُسکا کسی عورت سے نکاح کردیا یا اُسکی
زوجہ کو طلاق دی یا اُسکا غلام آزاد کردیا تو اگر خالد اجازت دیگا اور جائز رکھیگا تو بیع اور تزویج اور طلاق اور اعتاق نافذ ہوگا و الا باطل ہوگا وما لا مجیز لہ حالۃ
العقد لا ینعقد اصلا بیانہ صبی باع مثلا ثم بلغ قبل اجازۃ ولیہ فاجاز بنفسہ جاز لان لہ ولیا یجیزہ حالۃ العقد بخلاف ما لو طلق مثلا ثم بلغ فاجازہ بنفسہ لم یجز لانہ
وقت العقد لا مجیز لہ فیبطل مالم یقل اوقعتہ فیصح انشاء لا اجازۃ کما بسطہ العمادی اور جس تصرف کا کوئی مجیز نہین بحالت عقد مین تو وہ اصلا منعقد نہوگا تفصیل
اس اجمال کی یہ ہی کہ ایک صغیر نے اپنا مال بیچا مثلًا پھر وہ بالغ ہوا قبل اجازت اپنے ولی کے سو اُسنے بیع سابق کو جائز رکھا تو بیع مذکور جائز ہوگی
اسواسطے کہ اس بیع کے واسطے صغیر کا ولی اجازت دینے والا حالت عقد مین موجود تھا بخلاف اُسکے کہ اگر صغیر نے مثلا اپنی زوجہ کو طلاق دی پھر وہ
بالغ ہوا اور اُسنے بذات خود طلاق مذکور جائز رکھی تو طلاق جائز نہوگی اسواسطے کہ عقد طلاق کے وقت اُسکا کوئی مجیز نہ تھا یعنے صغیر بسبب عدم بلوغ
کے اہلیت طلاق کی نرکھتا تھا اور اُسکے ولی کو طلاق مین مطلق دخل نہین تو طلاق مذکور باطل ہوگی جب تک بعد بلوغ یون نہ کہے کہ مین نے طلاق واقع کی
تو اب طلاق صحیح ہوگی بطور انشاء طلاق کے نہ بطریق اجازت کے چنانچہ اُسکو عمادی نے مشرح بیان کیا ہی م ہر چند صغیر تصرفات مذکورہ مین فضولی نہین کیونکہ
غیر کی ملک مین متصرف نہین لیکن چونکہ اُسکا تصرف اپنے مال مین نافذ نہین لہذا اُسکو فضولی قرار دیا وقف بیع مال الغیر ان اخیر بالغا عاقلا فلو صغیرا او مجنونا
لم ینعقد اصلا کما فی الزواہر معزیا للحاوی اور غیر کے مال کی بیع متوقف ہی اگر شخص غیر بالغ عاقل ہو تو اگر غیر شخص صغیر یا مجنون ہو تو بیع اصلا منعقد نہوگی
چنانچہ زواہر الجواہر مین ہی حاوی سے نقل کرکے وہذا ان باعہ علی انہ لمالکہ اور یہ یعنے توقف بیع اس صورت مین ہی اگر فضولی نے مبیع کو اس شرط پر
بیچا ہو کہ بیع مالک کے واسطے ہی یعنے بیع فضولی جو اجازت پر موقوف ہوتی ہی تو فقط اسی شرط سے ہی اما لو باعہ علی انہ لنفسہ او باعہ من نفسہ او شرط الخیار
فیہ لمالکہ المکلف او باع عرضا من غاصب عرض آخر للمالک بہ فالبیع باطل اور اگر اُسکو بیچا اس طرح پر کہ مبیع میرا مال ہی یا اُسکو بیچا اپنی ذات سے یعنے
خود خرید کیا یا اُسمین اُسکے مالک کے واسطے خیار شرط کیا یا فضولی نے متاع کو بیچا اُس شخص سے جسنے دوسری متاع مالک کی غصب کی بعوض متاع
مغصوب کے تو بیع ان چار صورتون مین باطل ہی م ابو سعود نے حاشیۂ اشباہ مین ذکر کیا کہ دو شخصون نے ایک شخص کی دو متاع کو غصب کیا
پھر ایک غاصب نے دوسرے غاصب سے متاعین مغصوبین کی بیع کی پھر مالک نے اُس بیع کو جائز رکھا تو بیع جائز نہوگی اسواسطے کہ فائدہ

باقی وارثون کی اجازت پر موقوف ہو وبیع الورثۃ الترکۃ المستغرقۃ علے اجازۃ الغرماء اور جیساوارثون کا ترکہ مستغرقہ کو مورث کے قرضخواہون کی اجازت پر موقوف ہے
وبیع احد الوکیلین او الوصیین او الناظرین اذا باع بحضرۃ الآخر توقف علی اجازتہ او بغیبتہ فباطل اور دو وکیلون یا دو وصیون یا دو ناظرون مین سے ایک وکیل
یا وصی یا ناظر کی بیع دوسرے کے سامنے موقوف ہو دوسرے کی اجازت پر یا دوسرے کی غیبت مین بیع کی تو باطل ہو وتمامہ فی الاشباہ والتلفیق ونہر الفائق
مین بیع موقوف کو تیس اور کئی قسم تک پہونچایا ہو نہر الفائق مین اڑتیس قسمین بیع موقوف کی مذکور ہین ازانجملہ مصنف اور شارح نے تیس قسمین ذکر کی ہین
وحکمہ ای بیع الفضولی لو لہ مجیز حال وقوعہ کما مر قبول الاجازۃ من المالک اذا کان البائع والمشتری والمبیع قائما بان لا یتغیر المبیع بحیث یعد شیئا
آخر لان اجازتہ کالبیع حکما اور حکم یعنے اثر مترتب بیع فضولی کا اگر اسکے واسطے مجیز ہو وقوع بیع کے وقت چنانچہ گذر گیا قبول کرنا اجازت کا ہو مالک سے جبکہ
بائع یعنے فضولی اور مشتری اور مبیع قائم ہو اس طرح پر کہ مبیع متغیر نہو گئی ہو اسطرح پر کہ دوسری چیز شمار ہو گئی ہو اسواسطے کہ اجازت مالک کی بیع حکمی کے
برابر ہو ہم تغیر مبیع کی یہ صورت ہو کہ مثلا کپڑے کی قطع اور دوخت نہوئی ہو والا اجازت مفید نہو گی کیونکہ اب اُسکا نام کپڑا نہ رہا قبا یا قمیص نام ہو گیا بخلاف کپڑا
رنگین کرنے کے کہ اُسمین اجازت مفید ہو گی ایسا کچھ کہا ہو مصنف نے اپنی شرح مین لکن بحر الرائق مین اسکے خلاف ہو یعنی بعد رنگ کرنے کے اجازت غیر مفید ہو کذا فی
الطحطاوی وکذا یشترط قیام الثمن ایضا لو کان عرضا معینا لانہ مبیع من وجہ فیکون ملکا للفضولی وعلیہ مثل المبیع لو مثلیا والا فقیمتہ وغیر العرض ملک للمجیز
امانۃ فی ید الفضولی ملتقی - اور اسی طرح شرط ہو قائم رہنا ثمن کا بھی اگر ثمن عرض معین ہو اسواسطے کہ عرض معین مبیع ہو سکتا ہو ایک راہ سے تو فضولی مشتری
ٹھہریگا اور خرید فضولی کی خود فضولی پر نافذ ہو تو عرض مذکور فضولی کا ملک ہوگا اور فضولی پر مثل مبیع واجب ہوگا اگر مبیع مثلی ہو اور نہین تو قیمت اُسکی واجب
ہوگی اور جو ثمن کہ غیر عرض ہو یعنے منجملہ نقود ہو تو وہ مالک مجیز کی ملک ہو فضولی کے ہاتھ مین امانت ہو کذا فی الملتقی وکذا یشترط قیام صاحب المتاع
ایضا فلا یجوز اجازۃ وارثہ لبطلانہ بموتہ اور اسی طرح صاحب متاع کا بھی قیام شرط ہو تو جائز نہین اجازت اُسکے وارث کی بواسطے باطل ہو جانے اجازت
کے اسکی موت سے وحکمہ ایضا ان اخذ المالک الثمن او طلبہ من المشتری یکون اجازۃ عمادیۃ اور بیع فضولی کا یہ بھی حکم ہو کہ ثمن لینا مالک کا اور
اُسکا ثمن مانگنا مشتری سے اجازت ہو کذا فی العمادیۃ وہل للمشتری الرجوع علے الفضولی بمثلہ لو ہلک فی یدہ قبل الاجازۃ الاصح نعم ان لم یعلم انہ فضولی وقت
الاداء لا ان علم قنیہ واعتمدہ ابن الشحنۃ واقرہ المصنف وجزم الزیلعی وابن ملک بانہ امانۃ مطلقا اور کیا مشتری کو جائز ہو مثل ثمن کا پھیر لینا فضولی سے
اگر ثمن فضولی کے ہاتھ ہلاک ہو جائے قبل اجازت مالک کے قول اصح یہ ہو کہ ہان رجوع بالمثل جائز ہو اگر مشتری اداے ثمن کے وقت یہ نجانتا ہو
کہ وہ فضولی ہو اور جائز نہین اگر اُسکو فضولی جان چکا ہو کذا فی القنیہ اور اسی قول کو معتمد جانا ہو ابن شحنہ نے اور اسی کو ثابت رکھا ہو مصنف نے
اپنی شرح مین اور زیلعی اور ابن ملک نے اُسپر یقین کیا ہو کہ ثمن امانت ہو مطلقا یعنی خواہ قبل اجازت کے ثمن ہلاک ہوا ہو یا بعد اجازت کے کذا فی المنح
اور در صورت امانت رجوع مثل ثمن جائز نہین وقولہ اسائت نہر بئس ما صنعت او احسنت او اصبت علی المختار فتح اور مالک کا یون کہنا فضولی
سے کہ برا کیا تو نے کذا فی النہر بری چیز تو نے کی یا خوب کیا تو نے یا اچھا کیا تو نے اجازت ہو بقول مختار کذا فی الفتح ہم اور غیر مختار قاضی خان کا قول کہ احسنت
او اصبت اجازت نہین کیونکہ استہزا کے واسطے بھی بولتے ہین کذا فی الطحطاوی وہبۃ الثمن من المشتری والتصدق علیہ اجازۃ اذا المبیع قائما عمادیہ
اور ثمن ہبہ کرنا مالک کا مشتری سے اور ثمن کا تصدق کرنا مشتری پر اجازت ہو بیع کی بشرطیکہ مبیع قائم ہو کذا فی العمادیہ وقولہ لا اجیز رد لہ ای للبیع الموقوف
فلو اجاز بعدہ لم یجز لان المفسوخ لا یجاز بخلاف المستاجر لو قال لا اجیز بیع الآجر ثم اجاز جاز اور مالک کا یون کہنا کہ مین اجازت نہین دیتا بیع موقوف کا رد کرنا ہو
اگر بعد اسکے اجازت دیگا تو جائز نہین اسواسطے کہ مفسوخ اجازت پذیر نہین ہوتا بخلاف مستاجر کے اگر کہے کہ مین اجازت نہین دیتا اجارہ دینے والے کی بیع کو پھر بعد
اسکے اسنے اجازت دی تو جائز ہو وافاد کلامہ جواز الاجازۃ بالفعل وبالقول وان للمالک الاجازۃ والفسخ وللمشتری الفسخ لا الاجازۃ وکذا الفضولی قبلہا فی البیع لا النکاح لانہ معبر محض

بزازیہ اور مصنف کے کلام سے ثابت ہوا اجازت کا جائز ہونا فعل سے اور قول سے اور یہ کہ مالک کو بیع کا جائز رکھنا اور اُسکا فسخ کردینا جائز ہی اور مشتری کو فسخ جائز ہی
نہ اجازت اور اسیطرح فضولی کو قبل اجازت مالک کے بیع مین فسخ کرنا جائز ہی نہ نکاح مین کیونکہ فضولی نکاح مین سفیر محض ہی کذا فی البزازیہ م جب فضولی نکاح مین سفیر ہوا
تو حقوق نکاح موکل سے متعلق ہونگے نہ فضولی سے بخلاف بیع کے کہ اُسمین فضولی کو فسخ کا اختیار ہی تا حقوق اپنی ذات سے دفع کرے اسواسطے کہ اجازت مالک کے
بعد فضولی بمنزلہ وکیل ہوگا تو حقوق عقد اُسکی طرف راجع ہونگے یعنے مطالب بالتسلیم اور مخاصم بالعیب ہوگا اور اسمین اُسکا ضرر ہی تو اُسکو اپنے اوپر سے ضرر ہٹانا قبل اُسکے
ثبوت کے جائز ہوا کذا فی النہر وفی المجمع لو اجاز احد المالکین خیر المشتری فی حصتہ والزمہ محمد بہا اور مجمع مین ہی کہ اگر دو مالکون مین سے ایک مالک نے بیع جائز رکھی تو
مشتری مختار ہی اُسکے حصہ لینے مین اور محمد نے مشتری پر حصے کی بیع لازم رکھی ہی بلا اختیار **سمع ان فضولیا باع ملکہ فاجاز ولم یعلم مقدار الثمن فلما علم**
رد البیع فالمعتبر اجازتہ لصیرورتہ بالاجازۃ کالوکیل حتی یصح حطہ من الثمن مطلقا بزازیہ مالک نے سُنا کہ فضولی نے اُسکا مال بیچ ڈالا سو اُسنے بیع کو جائز رکھا
اور حالانکہ اُسکو ثمن کی مقدار معلوم نہین پھر جب اُسکو علم ہوا مقدار کا تو اُسنے بیع کو رد کیا تو اُسکی اجازت ہی معتبر ہوگی نہ رد بسبب ہو جانے فضولی کی اجازت
سے مانند وکیل کے تا اینکہ اُسکا کم کردینا ثمن سے صحیح ہی مطلقا کذا فی البزازیہ یعنی جبکہ فضولی وکیل کے مانند ہوا اجازت دینے سے تو وکیل کو بیع کرنا قلیل اور کثیر سے
جائز ہی مطلقا خواہ مالک کو اُسکا علم ہو یا نہو کذا فی المنح **اشتری من غاصب عبدا فاعتقہ المشتری او باعہ فاجاز المالک بیع الغاصب**
او ادی الغاصب الضمان الی المالک علی الاصح ہدایہ **او ادی المشتری الضمان الیہ** علی الصحیح زیلعی **نفذ الاول** وہو العتق **لا الثانی** وہو البیع لان
الاعتاق انما یفتقر للملک وقت نفاذہ لا وقت ثبوتہ خرید کیا غاصب سے غلام کو پھر مشتری نے اُسکو آزاد کردیا یا اُسکو بیچ ڈالا پھر مالک نے غاصب کی بیع جائز رکھی
یا غاصب نے تاوان دیا مالک کو بنا بر اصح قول کے کذا فی الہدایہ یا مشتری نے مالک کو تاوان دیا بنا بر صحیح قول کے کذا فی شرح الزیلعی تو اول یعنی عتق نافذ ہوگا
نہ ثانی یعنی بیع اسواسطے کہ اعتاق محتاج ہی ملک کا اپنے نافذ ہونے کے وقت نہ ثابت ہونے کے وقت م یعنی تا عدم اجازت عتق موقوف تھا مالک کے دفع ضرر
کے واسطے اور بعد اجازت کے نافذ ہوگیا اور اس حدیث شریف مین کہ لا عتق لابن آدم فیما لا یملک عتق نافذ فی الحال مراد ہی بخلاف بیع کے کہ وہ محتاج ملک ہی
ثبوت کے وقت قید بعتق المشتری لان عتق الغاصب لا ینفذ باداء الضمان لثبوت الملک بہ زیلعی مصنف نے عتق مشتری کی قید لگائی اسواسطے کہ غاصب کا آزاد
کرنا نافذ نہین تاوان دینے سے بسبب ثابت ہونے اُسکی ملک کے تاوان سے کذا فی الزیلعی م یعنی غاصب کی ملک تاوان سے ثابت ہی نہ غصب سے کیونکہ غصب
ملک کا سبب نہین تو عتق اُسوقت واقع ہوا جب کہ پہلا ملک نہ تھی لہذا نافذ نہوگا بخلاف مشتری کے ضمان کے کہ اُسمین ملک ثابت ہوگی بیع کے وقت سے کذا فی الطحطاوی
ولو قطعت یدہ مثلا عند مشتریہ فاجیز البیع فارشہ ای القطع **لہ** **وکذا کل ما یحدث من المبیع کالکسب والولد والعقر ولو قبل الاجازۃ**
یکون للمشتری لان الملک تم لہ من وقت الشراء بخلاف الغاصب لما مر اور اگر ہاتھ کاٹا گیا مثلا غلام بیع کا اُسکے مشتری کے پاس پھر اُسکی بیع کی اجازت ہوئی
تو قطع کی دیت مشتری کی ہی اور اسی طرح جو چیز پیدا ہو مبیع سے چنانچہ اُسکا کسب اور لونڈی کا لڑکا اور مہر اگرچہ قبل اجازت انکا حدوث ہو مشتری کے
مملوک ہین اسواسطے کہ اجازت کے سبب سے مشتری کی ملک پوری ہوگئی خرید کے وقت سے تو قطع وغیرہ اُسکی ملک مین حادث ہوا بخلاف غاصب کے
چنانچہ مذکور ہو چکا یعنے اُسکے ملک تاوان دینے سے ثابت ہوتی ہی نہ غصب سے **وتصدق بما زاد علی نصف الثمن** وجوبا لعدم دخولہ فی ضمانہ فتح اور
جسقدر دیت زیادہ ہو غلام کی نصف ثمن پر اُسکو مشتری تصدق کرے بنا بر وجوب کے بسبب نہ داخل ہونے زائد از نصف ثمن کے اُسکے ضمان مین
کذا فی الفتح م ایک ہاتھ کی دیت غلام مین نصف قیمت ہی اور مشتری کے ضمان مین اُسقدر داخل ہی جو مقابلہ ثمن کے ہی تو نصف ثمن سے جسقدر دیت
زیادہ ہوگی اُسمین شبہہ ہی عدم ملک کا لہذا اُسکا تصدق کرنا واجب ہوا کذا فی الطحطاوی عن الفتح **باع عبد غیرہ بغیر امرہ** قید اتفاقی
فبرہن المشتری مثلا **علی اقرار البائع الفضولی او علی اقرار رب العبد انہ لم یامرہ بالبیع** للعبد **واراد المشتری رد المبیع** رد رحیمتہ

ساتھ ہی تو نکاح باطل ہوگا اور دونون مشتریون کو نصف نصف غلام کے لینے یا ترک کرنے مین اختیار ہوگا کذا فی الفتح سکوت المالک عند العقد لیس باجازۃ خانیہ من آخر فصل الاقالہ مالک کا سکوت عقد کے وقت اجازت نہین چنانچہ خانیہ مین فصل اقالہ کی خیر سے

باب الاقالہ

یہ باب ہی اقالہ کے احکام مین ہم مناسبت اقالہ کی فضولی سے یہ ہی کہ اقالہ عبارت ہی رفع عقد سے اور عقد فضولی درصورت عدم اجازت مرفوع ہوتا ہی ہی لغۃ الرفع من اقال اجوف یائی اقالہ لغت مین رفع ہی اقال اجوف یائی سے ہم بعضون نے کہا کہ اقالہ قول سے مشتق ہی اور ہمزہ سلب کا ہی شارح نے اسکو رد کیا کہ اقالہ قیل سے مشتق ہی نہ قول سے علامہ نوح نے کہا کہ عرب بولتے ہین قلت البیع بالکسر گر قول سے مشتق ہوتا تو قلت بالضم بولتے دوسری وجہ یہ ہی کہ اسکا مصدر ثلاثی یائی آتا ہی نہ وادی مجموع اللغت مین کہا قال البیع قیلا فسخہ تیسری وجہ یہ ہی کہ اہل لغت مانند صاحب صحاح و قاموس وغیرہما نے اسکو ق ی ل کے مادے مین مذکور کیا ہی نہ ق و ل مین وشرعا رفع البیع اور شرع مین اقالہ عبارت ہی رفع بیع سے یعنی بیع کو بعد اسکے ثبوت کے زائل کرنا اور مٹا دینا وعمم فی الجوہرۃ فعبر بالعقد اور جوہرہ مین اقالہ کو عام کہا ہی تو یون تعبیر کیا ہی کہ اقالہ عبارت ہی رفع عقد سے تو یہ تعبیر بیع اور اجارہ وغیرہما کو شامل ہی وتصح بلفظین ماضیین وہذا رکنہا او احدہما مستقبل کا قلنی فقال اقلتک لعدم المساومۃ فیہا فکانت کالنکاح اور اقالہ صحیح ہی دو ماضی لفظون سے اور یہ اقالہ کا رکن ہی یا ایک لفظ ماضی ہو اور دوسرا مستقبل چنانچہ مشتری نے کہا کہ مجھسے اقالہ کر بائع نے کہا کہ مین نے تجھسے اقالہ کیا کیونکہ اقالہ مین مول چکانا نہین تو اقالہ نکاح کے مانند ہوا ہم یہ جواب ہی سوال مقدر کا خلاصہ سوال یہ ہی کہ ابو یوسف کے نزدیک جمیع الوجوہ سے اقالہ بیع ہی اور امام کے نزدیک بعض وجوہ سے بیع ہی اور حالانکہ بیع لفظ مستقبل سے منعقد نہین ہوتی خلاصہ جواب یہ ہی کہ اقالہ آمین درحکم بیع نہین اسواسطے کہ مول چکانا اقالہ مین جاری نہین بخلاف بیع کے وقال محمد کالبیع قال البرجندی وہو المختار اور محمد نے کہا کہ اقالہ بیع کے مانند ہی منعقد نہوگا مگر دو ماضی لفظون سے یا ماضی اور حال سے برجندی نے کہا یہی قول مختار ہی وتصح ایضا بفاسختک وترکت وتارکتک ورفعت اقالہ صحیح ہوتا ہی ان الفاظ سے بھی جو متن مین مذکور ہوے یعنی مین نے تجھسے بیع فسخ کی اور ترک کی اور تجھسے مین نے متارکہ بیع کا کیا اور بیع کو مین نے اٹھا ڈالا ہم مصنف نے اشارہ کیا کہ اقالہ فقط اقلتک کے لفظ پر منحصر نہین بلکہ الفاظ مذکورہ سے بھی صحیح ہی وبالتعاطی ولو من احد الجانبین کالبیع ہو الصحیح وبزازیہ اور اقالہ صحیح ہی تعاطی سے بھی اگرچہ تعاطی ایک ہی طرف سے ہو بیع کے مانند یہی قول صحیح ہی کذا فی البزازیہ ہم یعنی اگر مشتری مبیع بائع کو تسلیم کرے اور بائع ثمن مشتری کو تسلیم کرے بلا لفظ اقالہ وغیرہ یا ایک شخص تسلیم کرے بلا تلفظ اور دوسرا لفظ اقالہ وغیرہ زبان پر لاوے تو بقول صحیح اقالہ صحیح ہوگا جیسے بیع صحیح ہوتی ہی وفی السراجیہ لابد من التسلیم والقبض من الجانبین اور سراجیہ مین ہی کہ تسلیم مبیع اور قبض ثمن دونون جانب سے ضروری ہی ہم یہ قول مقابل ہی قول صحیح مذکور کے یعنی غیر صحیح ہی وتتوقف علی قبول الآخر فی المجلس ولو کان القبول فعلا کما لو قطعہ او قبضہ فور قول المشتری اقلتک ولان من شرائطہا اتحاد المجلس اور اقالہ موقوف ہی طرف ثانی کے قبول کرنے پر اُسی مجلس مین اگرچہ قبول فعل ہو نہ قول چنانچہ بائع نے مبیع کو قطع کیا یا اُسپر قبضہ کر لیا فی الفور مشتری کے اس قول کے بعد کہ اقلتک اسواسطے کہ اقالہ کی شرطون سے اتحاد مجلس ہی ہم فی الفور سے مراد یہ ہی کہ قبول اسی مجلس مین واقع ہو اشتراط اتحاد مجلس پر وہ مسئلہ متفرع ہی جو قنیہ مین مذکور ہی کہ دلال نے ایک چیز کو بائع کے امر مطلق سے بیچا پھر اُسکا ثمن بائع کے پاس لایا بائع نے کہا کہ مین اس ثمن پر نہ دونگا سو دلال نے یہ خبر مشتری کو دی مشتری نے کہا کہ مین بھی نہین چاہتا تو بیع مذکور فسخ نہوگی بسبب نہ متحد ہونے مجلس کے ورضی المتعاقدین او الورثۃ او الوصی ومن جملہ شرائط اقالہ رضامندی ہی متعاقدین کی یا اُنکے وارثون یا وصی کی والمحل القابل للفسخ بخیار فلو زاد زیادۃ تمنع الفسخ لم تصح خلافا لہما اور شرط ہی باقی رہنا اُس محل کا جو قابل فسخ ہی بواسطے خیارات ثلثہ یعنی خیار شرط اور خیار عیب اور خیار رویت کے تو اگر مبیع مین ایسی زیادتی ہوگئی جو فسخ کی مانع ہی تو اقالہ صحیح نہوگا خلافا للصاحبین ہم زیادت مانع فسخ زیادت متصلہ غیر متولدہ ہی چنانچہ رنگ در درخت

ولو بلفظ البیع فبیع اجماعا اور اگر اقالہ بلفظ متارکہ یا متارکہ یا تراد یعنی باہم رد کرنے کے ہوگا تو باتفاق امام اور صاحبین کے بیع ٹھہرایا نہ جاویگا اور اگر اقالہ بلفظ بیع ہوگا
تو بالاجماع بیع ہے صورت اقالہ بلفظ بیع اقالہ کے یہ صورت کہ بائع نے مشتری سے کہا کہ میرے ہاتھ بیچ جسکو تو نے خرید کیا وثمرتہ فی مواضع فالاول لو کان المبیع عقارا فسلم الشفیع
الشفعۃ ثم تقایلا قضی لہ بہا لکونہ بیعا جدیدا کذا کان الشفیع غائبا اور اسکا ثمرہ یعنی حق ثالث مین اقالہ کی بیع ہونے کا ثمرہ چند مواضع مین ہے سو موضع اول
یہ ہے کہ اگر بیع زمین ہوا اور شفیع نے شفعہ سے انکار کر دیا پھر بائع اور مشتری نے اقالہ کیا ہو تو اب اگر شفیع مدعی ہوگا تو شفعہ اسکو دلایا جاویگا بسبب اسکے ہونے کے بیع جدید
تو شفیع متعاقدین کا تیسرا ہوا والثانی لا یرد البائع الثانی علی الاول لعیب علمہ بعد ہا لانہ بیع فی حقہ اور موضع ثانی یہ ہے کہ بائع ثانی بائع اول پر رد بیع نہین
کر سکتا بسبب اس عیب کے جو اسکو معلوم ہوا بعد اقالہ کے اسواسطے کہ وہ بیع ہے اسکے حق مین ہم یعنی جبکہ مشتری نے بیع کو دوسرے شخص کے ہاتھ بیچا پھر دونون مین
اقالہ ہوا پھر معلوم ہوا کہ بیع مین عیب تھا بائع اول کے پاس اور بائع ثانی نے چاہا کہ اسکو پھیر دے بائع اول کو تو اسکو یہ جائز نہین اسواسطے کہ یہ اسکے حق مین بیع ہے
گویا بائع ثانی نے اپنے مشتری سے خرید کیا کذا فی المنح والثالث لیس للواہب الرجوع اذا باع الموہوب لہ الموہوب من آخر ثم تقایلا لانہ کالمشتری
من المشتری منہ اور موضع ثالث یہ ہے کہ واہب کو ہبہ پھیر لینا جائز نہین جبکہ موہوب لہ نے موہوب کو دوسرے شخص کے ہاتھ بیچا پھر دونون مین اقالہ ہوا اسواسطے کہ
موہوب لہ مشتری کے مانند ہے اپنے مشتری سے والرابع المشتری اذا باع المبیع من آخر قبل نقد الثمن جاز للبائع شراءہ منہ بالاقل اور موضع رابع
یہ ہے کہ مشتری نے جبکہ مبیع کو بیچا دوسرے کے ہاتھ قبل نقد ثمن کے تو بائع کو اس سے خرید کرنا کمتر ثمن سے جائز ہے ہم صورت اسکی یہ ہے کہ کوئی چیز خریدی اور قبضہ کیا
اور ہنوز ثمن نہین دیا پھر اسکو دوسرے کے ہاتھ بیچا پھر بائع ثانی اور مشتری ثانی مین اقالہ ہوا اور مشتری اول کے پاس وہ چیز پھر آئی پھر بائع اول نے مشتری
مذکور سے اسکو خرید کیا قبل نقد ثمن کے ثمن اول سے کمتر کو تو جائز ہے گویا بائع اول نے مشتری ثانی سے خرید کیا کذا فی الطحطاوی والخامس اذا اشتری
بعروض التجارۃ عبدا للخدمۃ بعد ما حال علیہا الحول ووجد بہ عیبا فردہ بغیر قضاء واسترد العروض فہلکت فی یدہ لم تسقط الزکوۃ
فالفقیر ثالثہما اذا رد بعیب بلا قضاء اقالۃ اور موضع خامس یہ ہے کہ جب اجناس تجارت سے خدمت کے واسطے غلام خرید کیا بعد گذر جانے سال کے اجناس مذکورہ پر
اور غلام مین کوئی عیب نکلا مشتری نے اسکو بغیر حکم قاضی پھیر دیا اور اجناس کو پھیر لیا اور اجناس ہلاک ہوگئین مالک کے ہاتھ مین تو انکی زکوۃ ساقط نہوگی یہان
فقیر تیسرا ہے متعاقدین کا اسواسطے کہ بواسطہ عیب کے پھیر دینا بلا حکم قاضی اقالہ ہے ہم غلام مین خدمت کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر تجارت کا غلام ہوگا تو انکی خرید
استہلاک نہوگا کیونکہ مال تجارت کو تجارت کے مال سے بدلنا استہلاک نہین اور غیر قضا کی قید کا یہ فائدہ ہے کہ بحکم قاضی رد کرنا سب کے حق مین فسخ ہے تو گویا بیع
واقع نہوگی اور اجناس ہلاک ہوگئین تو زکوۃ واجب نہوگی رد بالعیب بلا قضا اسواسطے اقالہ ہوا کہ وہ بیع جدید ہے فقیر کے حق مین تو مشتری بیع اول سے اجناس
کا مستہلک ٹھہرا لہذا زکوۃ واجب ہوئی اور اگر اقالہ فسخ ہوتا فقیر کے حق مین تو بیع اول سے مرتفع ہو جاتا کذا فی الطحطاوی وزاد التقابض فی الصرف ووجوب الاستبراء
لانہ حق اللہ تعالی فانہ ثالثہما صدر الشریعۃ اور مواضع خمسہ پر تقابض صرف کا اور وجوب استبراء کا زیادہ کیا گیا ہے اسواسطے کہ استبراء حق اللہ ہے تو اللہ تعالی تیسرا ٹھہرا
متعاقدین کا کذا فی صدر الشریعہ ہم وجوب استبراء کی یہ صورت ہے کہ لونڈی خریدی اور اسپر قبضہ کیا پھر اقالہ بیع ہوا تو یہ اقالہ بمنزلہ بیع کے ہے حق ثالث مین تو بائع اول کو
وطی اسکی جائز نہوگی مگر بعد استبراء کے والاقالۃ بعد الاجارۃ والرہن فالمرتہن ثالثہما نہر فہی لتسعۃ اور مواضع مذکورہ پر زائد ہے اقالہ بعد اجارہ اور رہن کے تو مرتہن
تیسرا ہے متعاقدین کا کذا فی النہر مواضع متن اور شرح کے تو ہوئے ہم نہر الفائق مین کہا کہ مجھسے سوال ہوا اقالہ بعد الرہن سے تو مین نے جواب دیا کہ اقالہ موقوف ہے بیع
مانند بدلیل قول فقہا کہ اقالہ بیع جدید ہے ثالث کے حق مین اور ثالث یہان مرتہن ہے اور اسیطرح اگر اجارہ دیا پھر اقالہ کیا انتہی تو اقالہ بعد رہن کے اجازت مرتہن یا افتکاک رہن پر موقوف
ہے اور اقالہ بعد اجارہ کے مستاجر کی اجازت پر موقوف ہے اگر اسنے جائز رکھا تو نافذ ہوا اور نہین تو باطل ہے شارح کو یون کہنا مناسب تھا کہ مرتہن یا مستاجر ثالث ہے کذا فی الطحطاوی
والاقالۃ یمنع صحتہا ہلاک المبیع ولو حکما کاباق اور صحت اقالہ کا مانع ہے ہلاک ہونا مبیع کا اگرچہ ہلاک حقیقی نہین بلکہ حکمی ہو چنانچہ بھاگ جانا غلام کا ہم اور اگر ہلاکی مبیع کی

بعد اقالہ کے ہو وے تو اقالہ باطل ہو کر بیع پھر قائم ہوگی کذا فی البحر لا الثمن ولو فی بدل الصرف نہ ہلاک ثمن کی بدل صرف مین واقع ہو ہم چونکہ اصل بیع مین مبیع ہی
نہ ثمن لہٰذا ہلاکی مبیع مانع صحت اقالہ ہی نہ ہلاکی ثمن کی وہلاک بعضہ یمنع الاقالۃ بقدرہ اعتبار اللجزء بالکل اور بعض بیع کا ہلاک ہو جانا مانع اقالہ کا نہین بقدر
باقی کے جزو کو کل کے ساتھ اعتبار کرکے ہم از انجملہ یہ ہی کہ زمین کو خرید کیا کھیت کے ساتھ اور کھیت کاٹ لیا پھر اقالہ کیا تو زمین مین بقدر اسکے حصہ کے اقالہ صحیح ہی چنانچہ
شارح اسکو قنیہ سے ذکر کریگا ولیس منہ مالو شری صابونا فجف فتقایلا لبقاء کل المبیع فتح اور ہلاک بعض مبیع سے یہ صورت نہین اگر صابون خرید کیا پھر وہ خشک ہوگیا پھر
دونون نے اقالہ کیا بسبب باقی رہنے تمام مبیع کے کذا فی الفتح تو مشتری کو ثمن کم کرنا بسبب خشکی صابون کے جائز نہین واذا ہلک احد البدلین فی المقایضۃ
وکذا فی السلم صحت الاقالۃ فی الباقی منہما وعلی المشتری قیمۃ الہالک ان قیمیا ومثلہ ان مثلیا ولو ہلکا بطلت الا فی الصرف اور جب کہ احد البدلین
مقایضہ اور اسیطرح سلم مین ہلاک ہو جاوے تو اقالہ صحیح ہی باقی بدل مین اور مشتری پر ہالک کی قیمت لازم ہی اگر وہ قیمت والی چیز ہو اور مثل ہالک لازم ہی اگر وہ مثلی ہو
اور اگر دونون بدل ہلاک ہو گئے تو اقالہ باطل ہی مگر صرف مین باطل نہین ہم مقایضہ عبارت ہی بیع العین بالعین سے یعنی متاع کو بعوض متاع کے بیچنا اور صرف کا
استثنا منقطع ہی تقایلا فابق العبد من ید المشتری وعجز عن تسلیمہ او ہلک المبیع بعدہا قبل القبض بطلت بزازیہ متعاقدین نے اقالہ کیا پھر
غلام بھاگ گیا مشتری کے ہاتھ سے اور وہ عاجز ہوا اسکی تسلیم سے یا مبیع ہلاک ہو وے بعد اقالہ قبل القبض کے تو اقالہ باطل ہی کذا فی البزازیہ وان اشتری ارضا
مشجرۃ فقطعہ او عبدا فقطعت یدہ واخذ ارشہا ثم تقایلا صحت ولزمہ جمیع الثمن ولا شیء للبائع من ارش الشجر والید ان عالما بہ بقطع
الید والشجر وقت الاقالۃ وان غیر عالم خیر بین الاخذ بجمیع الثمن والترک قنیہ اور اگر درخت والی زمین خرید کی پھر درخت کاٹ لیا یا غلام خرید کیا
اور اسکا ہاتھ کاٹا گیا اور مشتری نے اسکا خون بہا لیا پھر دونون نے اقالہ کیا تو اقالہ صحیح ہی اور تمام ثمن اسکو لازم ہی اور اسکے بائع کو درخت اور ہاتھ کے عوض سے
کچھ نہین اگر بائع قطع دست اور درخت سے آگاہ ہو اقالہ کے وقت اور وہ اگر آگاہ نہو تو وہ مختار ہی تمام ثمن کے لینے مین یا ترک کرنے مین کذا فی القنیہ وفیہا شری
ارضا مزروعۃ ثم حصدہا ثم تقایلا صحت فی الارض بحصتہا اور قنیہ مین ہی کہ زمین مزروعہ خرید کی پھر کھیت کاٹ لیا پھر اقالہ کیا تو اقالہ صحیح ہی زمین مین اسکے حصے کے برابر
ہم یہ صورت بعض مبیع کے ہلاک مین داخل ہی چنانچہ مذکور ہو چکا ولو تقایلا بعد ادراکہ لم یجز اور اگر دونون نے اقالہ کیا کھیت کی پختگی کے بعد تو جائز نہین اسواسطے کہ
عقد خوید پر وارد ہوا گیہون پر کذا فی البحر وفیہا تقایلا ثم علم ان المشتری کان وطی المبیعۃ ردہا واخذ ثمنہا اور قنیہ مین ہی کہ دونون نے اقالہ کیا پھر بائع کو معلوم ہوا
کہ مشتری نے لونڈی بیعہ سے وطی کی ہی تو اسکو پھیر دے اور اسکا ثمن لے وفیہا مؤنۃ الرد علی البائع مطلقا اور قنیہ مین ہی کہ پھیر دینے کا خرچ بائع پر ہی خواہ
یعنے خواہ اقالہ بیع کے حضور ہوا ہو یا اسکے غیبت مین کذا فی المنح لیکن یہ اطلاق قنیہ کی عبارت مین پایا نہین جاتا کذا فی الحلبی وتصح اقالۃ الاقالۃ فلو تقایلا
البیع ثم تقایلاہا ای الاقالۃ ارتفعت وعاد البیع الا اقالۃ السلم فانہا لا تقبل الاقالۃ لکون المسلم فیہ دینا سقط والساقط لا یعود اشباہ اور صحیح ہی اقالہ کرنا اقالہ کا سو اگر بیع کا
اقالہ کیا پھر اقالہ کا اقالہ کیا تو اقالہ اٹھ جائیگا اور بیع پھر آویگی سوائے اقالہ سلم کے کہ وہ اقالہ کو قبول نہین کرتا اسواسطے کہ سلم مین مسلم فیہ دین ہی کہ ساقط ہو گیا اور جو ساقط
ہوا وہ پھر نہین آتا کذا فی الاشباہ وفیہا راس المال بعد الاقالۃ کہو قبلہا فلا یتصرف فیہ بعدہا کقبلہا اور اشباہ مین ہی کہ راس المال بعد اقالہ کے ویسا ہی جیسا قبل اقالہ کے
تھا تو اسمین تصرف کرنا اقالہ کے بعد جائز نہین جیسے قبل اقالہ تصرف جائز نہین ہم یعنے مسلم الیہ کو قبل قبض راس المال کے اسمین تصرف جائز نہین جیسے رب السلم کو
بعد اقالہ قبل قبض راس المال کے تصرف جائز نہین یعنی کوئی چیز راس المال سے خرید نہین کر سکتا کذا فی الطحطاوی الا فی مسئلتین ذکرہما فیہ بعدہا فلا تخالف حکم راس المال
کا قبل اقالہ وبعد اقالہ کے یکسان ہی مگر دو صورت مین یکسان نہین ایک صورت یہ ہی کہ اگر رب السلم اور مسلم الیہ نے اختلاف کیا راس المال مین بعد اقالہ کے تو دونون پر یمین مستقیم
نہین ہم اس صورت مین مسلم الیہ کا قول معتبر ہوگا اور اگر دونون نے قبل اقالہ کے اختلاف کیا تو دونون قسم کھائینگے یعنے بصورت عدم بینہ کذا فی الطحطاوی دوم تفرقا
قبل قبضہ الا فی الصرف اور اگر رب السلم اور مسلم الیہ متفرق ہوئے قبل قبض کرنے راس المال کے بعد اقالہ کے تو جائز ہی مگر صرف مین جائز نہین ہم اور اگر متفرق ہوئے

قبل قبض راس المال کے قبل اقالہ کے تو جائز نہین اسواسطے کہ قبض راس المال بقاء عقد کی شرط ہی قولہ الا فی الصرف استثناء منقطع ہی کیونکہ کلام راس المال مین ہی و فیہا اختلف المتبایعان فی الصحۃ والبطلان فالقول لمدعی البطلان وفی الصحۃ والفساد لمدعی الصحۃ اور اشباہ مین ہی کہ متبایعین نے اختلاف کیا صحت عقد اور بطلان مین تو مدعی بطلان کا قول معتبر ہی اور صحت اور فساد کے اختلاف مین مدعی صحت کا قول معتبر ہی قلت الا فی مسئلۃ اذا ادعی المشتری بیعہ من بائعہ باقل من الثمن قبل النقد وادعی البائع الاقالۃ فالقول للمشتری مع دعواہ الفساد مین کہتا ہون مگر ایک صورت مین مدعی فساد کا قول معتبر ہی جبکہ مشتری نے مبیع کی بیع کرنے کا دعوی کیا بائع سے بعوض کمتر ثمن کے قبل ادا کرنے ثمن کے اور بائع نے اقالہ بیع کا دعوی کیا تو مشتری کا قول معتبر ہوگا باوجود دعوی فساد کے ہم اس صورت مین مدعی فساد مشتری ہی کیونکہ مشتری کا بیع کرنا بائع سے قبل ادائے ثمن فاسد ہی اور بائع مدعی صحت ہی اسواسطے کہ ادعاء اقالہ مستلزم صحت بیع ہی کیونکہ اقالہ صحیح نہین مگر بیع صحیح مین تو باوجودیکہ یہان صحت اور فساد مین اختلاف ہوا لیکن مدعی فساد کا قول معتبر ہوا نہ مدعی صحت کا ولو بالعکس تحالفا الشرط قیام المبیع الا اذا استہلکہ فی ید البائع غیر المشتری اور اگر اسکے بالعکس ہووے یعنے بائع مدعی ہو کہ مین نے مبیع کو مشتری سے باقل ثمن خرید کیا اور مشتری مدعی اقالہ ہو تو دونون پر قسم لازم آویگی بشرطیکہ مبیع قائم ہو مگر جبکہ مبیع کو مشتری کے سوا کسی اور شخص نے بائع کے ہاتھ مین ہلاک کر ڈالا ہو تو دونون پر قسم نہین ہم جبکہ غیر مشتری نے مبیع کو ہلاک کیا تو قیمت مبیع قائم مقام ہی مبیع کی اور جبکہ مشتری نے بائع کے ہاتھ مین مبیع کو ہلاک کیا تو وہ قابض قرار دیا جائیگا اور اقالہ ممتنع ہوگا کذا فی الطحطاوی ودرایت معزیا للخلاصۃ باع کرما وسلمہ فاکل مشتریہ نزلہ سنۃ ثم تقایلا لم یصح اور منسوب بخلاصہ مین نے یہ مسئلہ دیکھا کہ انگور کا باغ بیچا اور تسلیم کیا سو مشتری نے اسکا پھل کھایا ایک سال پھر دونون نے اقالہ کیا تو اقالہ صحیح نہین ہم نزل بضم نون و زاء معجمہ اگرچہ معنی روزی و مہمانی کے ہی لیکن یہان پھل انگور کا مراد ہی

باب المرابحة والتولیة

یہ باب ہی مرابحہ اور تولیہ کے احکام مین لما بین الثمن شرع فی الثمن مصنف نے جبکہ مبیع ثمن کے بیان سے فراغت پائی تو اب ثمن کا بیان شروع کیا ہم یعنی اب تک ان بیوع کا بیان تھا جنمین جانب مبیع ملحوظ تھا اب ان بیوع کا بیان شروع ہو جنمین جانب ثمن ملحوظ ہی چنانچہ مرابحہ اور تولیہ اور ربوا اور صرف اور تقدیم اول کی ثانی پر اسواسطے ہوئی کہ بیع مین مبیع اصل ہی نہ ثمن نہر الفائق مین ہی کہ تولیہ اور مرابحہ کی طرف اسواسطے حاجت ہی کہ ناواقف محتاج ہی تاجر واقف کار کے فعل کی طرف تو اسکے مانند ثمن سے یا قدرے منفعت کے ساتھ خرید کرنے سے ناواقف کی خاطر جمع ہوگی اور بروایت صحیح ثابت ہوتا ہی کہ آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہجرت کا ارادہ کیا تو صدیق نے دو اونٹ خرید کیے حضرت نے فرمایا کہ ایک اونٹ بطور بیع التولیہ ہمکو دے صدیق نے کہا وہ آپ کے واسطے مفت ہی سو حضرت نے نہ لیا مگر ثمن دیکر ولم یذکر المساومۃ والوضعیۃ لظہورہما اور مصنف نے مساومہ و وضعیہ کا ذکر نہ کیا بسبب انکے ظاہر ہونے کے ہم مساومہ وہ بیع ہی جسکے ثمن مین متعاقدین کا اتفاق ہو کوئی ثمن کیون نہو تو اسمین ثمن اول کی طرف التفات نہین اور یہی قسم بیع کی اکثر رائج ہے اور وضعیہ بیع ہی کمتر ثمن اول سے اور اسکا رواج سوداگرون مین کمتر ہی کیونکہ تجارت سے غرض استرباح المرابحۃ مصدر ہی رائج کا ہم عرب بولتے ہین باع المتاع او اشتری مرابحۃ یعنی بیچا متاع کو یا خرید کیا بطور مرابحہ کے جبکہ ہر قدر ثمن کا نفع مقرر کر دیا وشرعا بیع ما ملکہ من العروض ولو بہبۃ او ارث او وصیۃ او غصب فانہ اذا ثمنہ بما قام علیہ وبفضل مؤنۃ وان لم تکن من جنسہ کاجر قصار ونحوہ ثم باعہ مرابحۃ علی تلک القیمۃ جاز مبسوط اور اصطلاح شرع مین مرابحہ عبارت ہی اس چیز کی بیع کرنے سے جسکا بائع مالک ہوگیا ہی منجملہ اسباب اور متاع کے اگرچہ ملکیت بسبب ہبہ یا ارث یا وصیت یا غصب کے ہو تو جبکہ اسکا ثمن یا قیمت اتنی مقرر کریگا جتنے کو کہ مملوک اسکو حاصل ہوا اور ساتھ زیادہ کرنے مؤنت کے اگرچہ مؤنت مضموم مبیع کی جنس سے نہو چنانچہ مزدوری دھوبی کی اور مانند اسکے پھر بائع اسکو بیع کرے اس قیمت یا ثمن پر تو جائز ہی کذا فی المبسوط ہم خلاصہ یہ ہی کہ مرابحہ فقط اسی مین منحصر نہین کہ مبیع بائع کی خرید ہو اور ثمن اول پر نفع لیکے بیچے چنانچہ عبارت کنز اور وقایہ اسپر دال ہی بلکہ ہر مملوک چیز مین مرابحہ جاری ہی سو اگر مبیع خرید ہی بائع کی تو اسمین مرابحہ یون ہی کہ ثمن سابق پر نفع بڑھا کر بیچے اور اگر بائع کو مبیع بطریق ہبہ یا ارث یا وصیت کے ملی ہی تو اسمین مرابحہ یون ہی کہ اس چیز کی قیمت اور مالیت پر نفع زیادہ کرکے بیچے طحطاوی نے

باب المرابحة والتولیة

کیا کہ عروض کی قیمت دراہم کے مرابحہ نکل گیا تو اگر دراہم کو دنانیر سے خرید کیا تو بیع دراہم بطور مرابحہ جائز نہیں چنانچہ بحر الرائق میں ہے اور حاشیہ زیلعی میں بدائع
سے ہے اسکا جواز منقول ہے غصب کی صورت میں کہ مغصوب غاصب کے پاس ضائع ہوا اور غاصب نے اسکی قیمت کا تاوان دیا پھر مغصوب مل گیا تو وہ مملوک ہو گیا
غاصب کا تو اسکو بیچنا بطور بیع مرابحہ کے جائز ہے یعنی ضمان پر نفع لیکر حلبی نے کہا کہ شارح نے مصنف کی تعریف میں تصرف کر کے کچھ کا کچھ کر دیا حالانکہ مراد مصنف یہ ہے کہ
مرابحہ عبارت ہے بیع مملوک سے ساتھ ثمن اور زیادتی منفعت کے اور یہ عبارت ٹھیک تھی واللہ اعلم والتولیۃ مصدر ولی غیرہ جعلہ والیا اور تولیہ مصدر ہے ولی غیرہ کا یعنی غیر کو والی
اور کارساز مقرر کیا وشرعا بیعہ بثمنہ الاول ولو حکما ای بالقیمۃ وعبر عنہا بہ لانہ الغالب اور اصطلاح شرع میں تولیہ بیع ہے مملوک چیز کی اسکے ثمن اول سے اگرچہ ثمن حکمی ہو مراد
ثمن حکمی سے اس چیز کی قیمت ہے اور مصنف نے قیمت کو ثمن سے تعبیر کیا اسواسطے کہ تولیہ ثمن میں اکثر رائج ہے ہم جتنے کو خرید کرنا اتنے کو بیچنا اسکا نام تولیہ ہے لیکن ظاہرا یہ
تعریف بیع غاصب کو شامل نہ تھی جبکہ وہ مغصوب کو بعد التضمین قیمت کے بطریق تولیہ بیع کرے لہذا شارح نے ثمن کو عام ٹھہرایا ثمن حقیقی اور ثمن حکمی سے تا اسکو بھی
شامل ہو جاوے طحطاوی نے کہا بہتر یہ تھا کہ شارح لفظ عنہا کو حذف کرتا اسواسطے کہ ثمن سے مراد وہ ہے جو قیمت کو بھی شامل ہو نہ یہ کہ ثمن سے فقط قیمت ہی مراد ہے
وشرط صحتہما کون العوض مثلیا او قیمیا مملوکا للمشتری اور مرابحہ اور تولیہ کے صحیح ہونے کی شرط ہونا عوض یعنی ثمن اول کا مثلی یا ہونا عوض کا قیمت والی
چیز مملوک مشتری کی ہم ثمن مثلی جیسے دراہم اور دنانیر اور مکیل اور موزون اور عددی متقارب اور مثلی ہونا ثمن کا اسواسطے شرط صحت ہوا کہ اگر ثمن غیر مثلی ہو جیسا کپڑا
بعوض غلام کے خرید کیا تو یہاں مرابحہ اور تولیہ قیمت غلام پر ہوگا اور حالانکہ قیمت مجہول ہے ہاں اگر مشتری اسی قیمت والی چیز کا مالک ہو جو عوض تھا بائع کی خرید
میں تو غیر مثلی سے بھی مرابحہ جائز ہے صورت اسکی یہ ہے کہ اگر خرید کیا عوض کپڑے کے اور اسکو تسلیم کر دیا پھر گھر کے بائع نے وہی کپڑا مثلا زید کو بطریق بیع یا ہبہ کے دیا پھر
گھر کے مشتری نے گھر بیچا زید کے ہاتھ بعوض اسی کپڑے اور کچھ منفعت کے تو جائز ہے کیونکہ زید اسکے دینے پر قادر ہے کذا فی النہر فتح وکون الربح شیئا معلوما لو قیمیا
مشارا الیہ کہذا الثوب لانتفاء الجہالۃ حتی لو باعہ بربح دہ یازدہ ای العشرۃ باحد عشر لم یجز الا ان یعلم بالثمن فی المجلس فیخیر شرح المجمع للعینی اور شرط صحت مرابحہ ہونا نفع کا چیز معلوم
اگرچہ نفع مثلی نہو بلکہ قیمت والی چیز مشار الیہ ہو جیسا کہ یہ کپڑا بسبب نفی ہونے جہالت کے تو اگر بیع کریگا دہ یازدہ کے نفع پر یعنی دس کو بعوض گیارہ کے بیچے گا تو جائز نہوگا
مگر یہ کہ مشتری کو ثمن اسکا مجلس عقد میں معلوم ہو جاوے تو اسکو لینے نہ لینے میں اختیار ہوگا کذا فی شرح المجمع للعینی ہم دہ یازدہ کے نفع سے کل ثمن اسکا معلوم نہو لہذا
بیع جائز نہوئی ولہ ان یضم الی راس المال اجر القصار والصبغ بای لون کان والطراز بالکسر علم الثوب والفتل وحمل الطعام وسوق الغنم
واجرۃ الغسل والخیاطۃ وکسوتہ وطعام المبیع بلا سرف وسقی الزرع والکرم وکسح الکری المسناۃ والانہار وغرس الاشجار وتجصیص الدار اور دلالے بائع
راس المال کی طرف مزدوری دھوبی اور رنگ کی کوئی رنگ کیوں نہو اور مزدوری کپڑے کی نقش کاری کی اور رومال وغیرہ کے ڈورے بٹنے کی مزدوری اور غلہ
اٹھالانے اور بھیڑ بکریوں کے ہانک لانے کی مزدوری اور شوب اور دوخت کی مزدوری اور پوشاک اور طعام مبیع کا بدون اسراف کے اور سچائی کھیت اور
انگور کی اور اسکی جاروب کشی اور بندھوں اور نہروں کی صفائی اور درخت لگانا اور گھر کی چونہ کاری ہم اور اسیطرح لکڑی سے دروازہ بنانے اور معنی ہیں اصلاح
کرنے کی مزدوری اسکے ثمن کے ساتھ ملادے کذا فی النہر واجرۃ السمسار والدلال علی ما فی الخانیۃ وصححہا المشروطۃ فی العقد علی ما جزم بہ فی الدرر ورجح
فی البحر الاطلاق اور راس المال کے ساتھ ملاوے سمسار کی وہ مزدوری جو عقد اول میں مشروط تھی اسی قید پر یقین کیا ہے درر میں اور بحر الرائق میں اطلاق کو ترجیح دی ہے
سمسار وہ شخص ہے جو متاع اور صاحب متاع کو بتاوے ہم اہل لغت کے نزدیک سمسار اور دلال میں کچھ فرق نہیں صاحب قاموس نے کہا کہ سمسار اور دلال وہ ہے جو متوسط ہو
بائع اور مشتری میں لیکن عرف فقہا میں دونوں میں فرق ہے سمسار وہ ہے جو شارح نے ذکر کیا اور دلال وہ ہے جسکے ساتھ سامان ہو غالبا نہر الفائق میں ہے کہ عدم ضم اجرت دلال
بالاجماع ثابت ہے وضابطہ کل ما یزید فی المبیع او فی قیمتہ یضم درر واعتمد العینی وغیرہ عادۃ التجار بالضم اور قاعدہ کلیہ اشیاء مذکورہ کے ملانے کا یہ ہے کہ جو چیز کہ مبیع میں زیادہ ہو جاوے
جیسے رنگ وغیرہ یا اسکی قیمت میں زیادہ ہو چنانچہ حمل طعام اور خیاطت تو وہ ملائی جاویگی کذا فی الدرر اور عینی وغیرہ نے سوداگروں کے ملانے کی عادت پر اعتماد کیا ہے یعنی جسکو تجار

وقال ان غرہ ای غر المشتری البائع او بالعکس اوغرہ الدلال فلہ الرد والا لا وبہ افتی صدر الاسلام وغیرہ ثم قال وتصرفہ فی بعض المبیع قبل علمہ بالغبن
غیر مانع منہ فیرد مثل ما اتلفہ ویرجع بکل الثمن علی الصواب انتہی ملخصا جان اس بات کو کہ رد بیع نہین ظاہر الروایۃ مین غبن فاحش یعنی نقصان ظاہر سے غبن فاحش
وہ ہی جو قیمت ٹھہرانے والون کی قیمت مقرر کرنے مین داخل نہو اور اسی عدم رد کا بعضون نے فتوی دیا ہی مطلقا خواہ اُسکو دہوکھا دیا ہو یا نہ دیا ہو کذا فی القنیہ پھر
صاحب قنیہ نے رمز لکھے اور کہا اور غبن فاحش مین یہ پھیر دینے کا فتوی دیا جاوے لوگون پر آسانی کرنے کے واسطے اور اسی قول پر کتاب المضاربۃ کے آخر روایات مین
اور اسی کا فتوی ہی پھر صاحب قنیہ نے رمز لکھے اور کہا کہ اگر اُسکو دہوکھا دیا یعنی مشتری نے بائع کو یا بائع نے مشتری کو دہوکھا دیا یا اُسکو دلال نے دہوکھا دیا تو اُسکو رد بیع
کا اختیار ہی اور نہین تو نہین یعنی اگر اُسکو کسی نے دہوکھا نہین دیا تو رد بیع مین اختیار نہین اور اسی قول کا فتوی دیا ہی صدر الاسلام وغیرہ نے پھر صاحب قنیہ نے کہا اور
تصرف کرنا مشتری کا بعض مبیع مین قبل دریافت ہونے غبن کے مانع رد بیع نہین تو مشتری اُسکا مثل پھیر دے جسکو اسنے تلف کیا اور سب ثمن پھیر لے بنا بر صواب قول کے
انتہی قول القنیہ ملخصا ھم جسقدر تصرف کیا اُسکے رد مثل کے ساتھ باقی مبیع کو بھی رد کرے چنانچہ قنیہ مین مصرح ہی لیکن شارح نے رد باقی کو ساقط کیا تا اُسکا قول مردود
ہو جو قائل ہی کہ رد باقی جائز ہی اُسکے حصے کے موافق ثمن لیکر کذا فی الحلبی بقی لو کان قیمیا لم ارہ باقی رہی یہ بات کہ اگر مبیع قیمت والی چیز ہو اور اُسمین غبن فاحش ہو تو
مین نے اس مسئلہ کو مصرح نہین دیکھا قلت وبالاخیر جزم الامام علاء الدین السمرقندی فی تحفۃ الفقہاء وصححہ الزیلعی وغیرہ مین کہتا ہون قول اخیر پر یعنی اگر غبن فاحش
فریب دینے سے ہی تو رد جائز ہی والا نہین یقین کیا ہی امام علاء الدین سمرقندی نے تحفۃ الفقہاء مین اور اسی کی تصحیح کی ہی زیلعی وغیرہ نے ثم صاحب تحفہ نے کہا کہ ہمارے
اصحاب کہتے ہین کہ مغبون رد نہ کرے ولیکن یہ حکم اُس مغبون مین ہی جسکو کسی نے دہوکھا نہین دیا اور اگر اُسکو فریب دینے سے غبن ہوا تو اُسکو پھیر دینے کا اختیار
ہی انتہی صاحب تحفہ نے قول مطلق کو مفصل کی طرف رد کیا کذا فی الطحطاوی وفی کفالۃ الاشباہ عن بیوع الخانیۃ من فصل الغرور الغرور لا یوجب الرجوع الا فی ثلث منہا
ہذہ اور اشباہ کی کتاب الکفالہ مین خانیہ کی کتاب البیوع فصل غرور سے منقول ہی کہ غرور یعنی دہوکھا پڑنا موجب رجوع نہین مگر تین صورت مین از انجملہ ایک یہ صورت
ہی جو متن مین مذکور ہو چکی یعنی غبن فاحش سے رد ہی اگر اُسکا دہوکھا دیا ہو وضابطہا ان یکون فی عقد یرجع نفعہ الی الدافع کودیعۃ واجارۃ فلو ہلکا ثم استحقا
رجع علی الدافع بما ضمنہ اور قاعدہ اسکا یہ ہی کہ غرور اُس عقد مین ہو جسکا نفع دافع کی طرف راجع ہو چنانچہ ودیعت اور اجارہ پھر اگر دونون تلف ہون پھر مستحق غیر نکلین
تو دافع سے بھر لے جسقدر اُسنے تاوان دیا ہم دافع شامل ہی بائع اور مشتری اور مودع اور موجر کو اسواسطے کہ ودیعت رکھنے والا اپنے حفظ مال سے اور موجر اجرت سے
منتفع ہوتا ہی ودیعت کی صورت یہ ہی کہ زید نے کوئی چیز خالد کے پاس امانت رکھی یہ ظاہر کرکے کہ مین اسکا مالک ہون پھر ودیعت ہلاک ہوئی خالد کے ہاتھ مین پھر وہ
غیر کی مستحق نکلی تو مالک کو جائز ہی کہ خالد سے تاوان لے اور خالد کو اختیار ہی کہ زید سے بقدر ضمان بھر لے کیونکہ اُسنے اُسکو دہوکھا دیا اس بات مین کہ ودیعت میری ملک ہی اور صورت
اجارہ یہ ہی کہ مثلاً جانور اجارہ دیا یہ ظاہر کرکے کہ یہ میرا مملوک ہی پھر وہ مستاجر کے پاس ہلاک ہو گیا پھر مستحق غیر نکلا اور مالک نے اُس سے ضمان لیا تو مستاجر کو موجر سے بقدر ضمان پھیر
لینا جائز ہی کذا فی الطحطاوی ثم لا رجوع فی عاریۃ وہبۃ لکون القبض لنفسہ اور رجوع نہین فریب دینے سے عاریت اور ہبہ مین کیونکہ قبضہ عاریت و ہبہ مین اپنی ذات کے واسطے ہی یعنی
جب مستعار اور موہوب مستعیر اور موہوب لہ کے پاس تلف ہو پھر وہ مستحق غیر نکلے اور مستعیر اور موہوب لہ سے مالک تاوان لے تو دونون شخص معیر اور واہب سے رجوع نہین کر سکتے
کیونکہ مستعار اور موہوب کا نفع مستعیر اور موہوب کی طرف راجع تھا نہ معیر اور واہب کی طرف الثانیۃ ان یکون فی ضمن عقد معاوضۃ کبایعوا عبدی او ابنی فقد اذنت لہ
ثم ظہر حرا او ابن الغیر رجعوا علیہ للغرور ان کان الاب حرا والا فبعد العتق اور دوسری صورت یہ ہی کہ غرور معاوضہ کے ضمن مین ہو چنانچہ مثلاً زید نے اہل بازار سے کہا کہ میرے غلام
یا میرے بیٹے سے خرید فروخت کرو مقرر مین نے اُسکو تجارت کا اذن دیا ہی پھر ظاہر ہوا کہ غلام آزاد ہی یا وہ غیر کا بیٹا ہی نہ زید کا تو اہل بازار زید سے بھر لین بسبب غرور کے بشرطیکہ
باپ یعنی اذن دینے والا شخص آزاد ہو اور اگر وہ غلام ہو تو اُسکے آزاد ہونے کے بعد بھر لین وہذا ان اضافہ الیہ وامر مبایعتہ اور یہ یعنی دہوکھا دینے والے سے بھر لینا اُسوقت ہی کہ جب
اُسنے ماذون کی نسبت اپنی طرف کی ہو یعنی یون کہا ہو کہ یہ میرا غلام یا میرا بیٹا ہی اور اسکے ساتھ خرید اور فروخت کا امر کیا ہو ومنہ لو بنی المشتری او استولد ثم

استحقاق رجع علی البائع بقیمۃ البناء والولد اور منجملہ غرور عقد معاوضہ کی یہ صورت ہی کہ اگر مشتری نے گھر مین عمارت بنائی یا لونڈی حرم بنائی پھر گھر اور لونڈی غیر کا
مستحق نکلی تو بائع سے عمارت اور ولد کی قیمت بھرے گا یعنی بائع سے قیمت لینا عمارت کا اُسوقت ہی جبکہ عمارت بائع کو تسلیم کردے لیکن تسلیم ولد کو فقہانے ذکر نہین کیا
مگر اُنکا ظاہر کلام اسپر دلالت کرتا ہی کہ ولد مشتری کو دلایا جاوے اور وہ آزاد ٹھہرے اور مشتری قیمت ولد کی لونڈی کے مالک کو دے اور بائع سے اُس قیمت کو بھرلے
واللہ اعلم کذا فی الطحطاوی ومنہ ما یاتی فی باب الاستحقاق اشترنی فانا عبد بخلاف ارتہنی اور از انجملہ وہ مسئلہ ہی جو باب استحقاق مین آویگا کہ ایک شخص نے کہا کہ مجکو خرید
کرلے کہ مین غلام ہون بخلاف یون کہنے کے کہ مجکو رہن رکھ لے یعنی اُسکے کہنے سے اُسے خرید کیا پھر وہ آزاد نکلا تو اگر بائع حاضر یا غائب بغیبت معروفہ ہو تو فریب
دینے والے پر کچھ نہین والا مشتری اُسی سے بھرلے اور وہ بائع سے کذا فی الطحطاوی معلوم کر کہ درالمختار کے نسخے یہان مختلف ہین اکثر نسخون مین یون ذکر ہی اشترنی فانا عبد ارتہنی بعض نسخون
مین یون ہی بخلاف ارتہنی چونکہ نسخہ ثانیہ صحیح تھا اور خود اُس کتاب کے باب الاستحقاق کے موافق لہذا مترجم نے اسی کو اختیار کیا کیونکہ کتب فقہیہ مین مصرح ہی کہ خرید کرنے مین رجوع ہو نا
نہ رہن رکھنے مین واللہ اعلم الثالثۃ اذا کان الغرور بالشرط کما زوجہ امراۃ علی انہا حرۃ ثم استحقت رجع علی المخبر بقیمۃ الولد المستحق ویجی آخر الدعوی تیسری صورت یہ ہی
جبکہ غرور بسبب شرط کے ہو چنانچہ ایک شخص نے دوسرے شخص کا نکاح کردیا ایک عورت سے اس شرط پر کہ وہ عورت آزاد ہی پھر وہ لونڈی مستحق غیر کی نکلی تو لڑکے ولد کی
کی قیمت مخبر سے بھرلے اور یہ مسئلہ کتاب الدعوی کے آخر مین آویگا فرع مسئلہ لحقہ شارح کاہل ینتقل الرد بالتغریر الی الوارث استظہر المصنف لا لتصریحہم بان الحقوق المجردۃ
لا تورث قلت وفی حاشیۃ الاشباہ لابن المصنف وبہ افتی شیخنا العلامۃ علی المقدسی مفتی مصر قلت وقدمنا فی خیار الشرط معزیا للدرر کیا انتقال کرتا ہی ردبیع فریب
دینے سے وارث کی طرف یعنی اگر مورث کو فریب دیا ہو تو اُسکا وارث اُسکو پھیر سکتا ہی یا نہین مصنف نے اپنی شرح مین عدم انتقال کو قوی کیا ہی بسبب تصریح کرنے
فقہا کے کہ حقوق مجردہ موروث نہین ہوتے حالانکہ یہ حق مجرد عن العوض ہی کیونکہ عبارت ہی فقط ارادہ اور مشیت سے مین کہتا ہون کہ شیخ صالح ابن مصنف کے حاشیہ
اشباہ مین یون ہی کہ اسی عدم انتقال کا فتوی دیا ہی ہمارے اُستاد علامہ علی مقدسی مفتی مصر نے مین کہتا ہون اور ہم اسکو پہلے ذکر کرچکے ہین خیار الشرط مین درر سے نقل کرکے
لکن ذکر المصنف فی شرح منظومتہ الفقہیۃ ما یخالفہ ومال الی انہ یورث کخیار العیب ونقل عنہ ابنہ فی کتابہ معونۃ المفتی فی کتاب الفرائض واقرہ بما فی بحث القول فی الملک
من الاشباہ قبیل التاسعۃ ان الوارث یرد بالعیب ویصیر مغرورا بخلاف الوصی فتامل لیکن مصنف نے اپنی منظومہ فقہیہ کی شرح مین جسکا تحفۃ الاقران نام ہی ذکر
کیا ہی وہ جو اُسکے مخالف ہی اور مصنف مائل ہوا اُسکی طرف کہ ردبیع غرور سے موروث ہوتا ہی خیار العیب کے مانند اور مصنف سے اُسکے بیٹے شیخ صالح نے اپنی کتاب
معونۃ المفتی مین کتاب الفرائض کے اندر موروث ہونے کو نقل کیا ہی اور اُسکی تائید کی ہی اشباہ کے اُس قول کی بحث سے جو قاعدہ تاسعہ کے قبل واقع ہی کہ وارث
ردبیع کرتا ہی بسبب عیب بیع کے اور مغرور ٹھہر جاتا ہی بخلاف وصی کے کہ وہ مغرور نہین ہوتا بسبب عدم ملک کے سو اسکو تامل کرو ہم وجہ تائید یہ ہی کہ وارث کا مغرور بننا
اسکو مفید ہی کہ خیار الغرر موروث ہوتا ہی یعنی وارث مغرور ٹھہرا مورث کے دھوکا دینے سے وقدمنا عن الخانیۃ انہ متی عاین ما یعرف بالعیان تنتفی الغرر وقد مر اور
ہمنے مقدم ذکر کیا ہی باب خیار الشرط مین خانیہ سے کہ جب اُسنے مشاہدہ کی وہ چیز جو معلوم ہوجاتی ہی مشاہدہ کرنے سے تو خطرہ نیستی ساقط ہوجاتا ہی غرور کرنے

فصل فی التصرف فی المبیع والثمن قبل القبض والزیادۃ والحط فیہما وتاجیل الدیون یہ فصل ہی بیع اور ثمن کے تصرف کرنے مین قبل قبضہ کرنے کے اور زیادہ اور کم
کرنے دونون مین اور دیون کی مدت مقرر کرنے مین صح بیع عقار لا یخشی ہلاکہ قبل قبضہ من بائعہ لعدم الغرر لندرۃ ہلاک العقار حتی لو کان علوا او علی شط نہر ونحوہ کان
کالمنقول فلا یصح اتفاقا بیع عقار کی یعنی اس مال غیر منقول کی جسکے تلف ہونے کا خوف نہین قبل اس بات کے کہ اُسکے بائع سے لیکر اُسپر قبضہ کیا صحیح ہی بسبب عدم خطرہ انفساخ
عقد کے بر تقدیر ہلاکی کے کیونکہ ہلاکی عقار نادر الوجود ہی تو اگر عقار بالاخانہ ہو یا زمین ہو دریا کے کنارے پر محتمل السقوط اور مانند اسکے چنانچہ خوف ہو زمین یا آگ کے چھپ جانے کا
ریت سے تو اُسوقت مین غیر منقول مانند منقول کے ہوگا عدم صحت بیع مین تو اُسکی بیع بالاتفاق قبل قبض کے صحیح نہین ہم امام شافعی اور محمد کے نزدیک بیع عقار کی
قبل قبض کے جائز نہین کیونکہ حدیث شریف مین غیر مقبوض کی بیع سے نہی وارد ہوئی ہی شیخین کہتے ہین کہ نہی کی علت یہ ہی کہ بر تقدیر ہلاکی بیع کے انفساخ بیع محتمل ہو اور ہلاکی عقار مین نادر

[illegible]

نادر کا کچھ اعتبار نہین تخ الغفار ہی کہ مصنف نے تعبیر بصحت کی نہ بنفاذ اور لزوم اسواسطے کہ نفاذ اور لزوم بیع نقد ثمن یا رضاے بائع پر موقوف ہین تو بائع کو قبل اُسکے
ابطال بیع جائز ہی طحطاوی نے کہا کہ قولہ من بائعہ قبض سے متعلق ہی نہ بیع سے کذا کتابۃ و اجارۃ و بیع منقول قبل قبضہ ولو من بائعہ کما سیجئی جیسے بالاتفاق صحیح نہین کتابت
غلام کی اور اجارہ زمین کا اور بیع منقول کی قبل اُسکے مقبوض ہونے کے اگرچہ بیع غیر مقبوض کی اُسکے بائع سے ہو چنانچہ عنقریب متن مین آویگا کذا فی الطحطاوی بخلاف
عتقہ و تدبیرہ و ہبتہ والتصدق بہ و اقراضہ و رہنہ و اعارتہ من غیر بائعہ فانہ صحیح علی قول محمد و ہو الاصح بخلاف آزاد کرنے منقول کے قبضہ کرنے سے پہلے
اور اُسکے مدبر کرنے اور اُسکے ہبہ اور تصدیق کرنے اور قرض دینے اور رہن رکھنے اور عاریت دینے کے دوسرے شخص کو اُسکے بائع کے سوا کہ وہ صحیح ہی محمد کے قول پر اور
یہی اصح ہی یعنے اگر منقول خرید کیا اور ہنوز اُسپر قبضہ نہین کیا تو اُسکا عتق اور تدبیر اور ہبہ اور تصدق اور اقراض اور رہن اور اعارہ محمد کے قول پر صحیح
ہی خلافاً لابی یوسف وجہ قول محمد یہ ہی کہ یہ تصرفات جائز نہین مگر بعد قبض کے اور غیر بائع مشتری کا نائب ہو سکتا ہی قبض مین تو قبضہ مامور بجاے قبضہ مشتری
ہوگا اول بطریق نیابت کے پھر بالاصالت اپنی ذات کے واسطے قابض ہوگا تملیک سے بخلاف بیع کہ وہ مفید ملک نہین قبل قبض کے اور تملیک بیع قبل
قبض کے فاسد ہی اور غیر بائع کی قید اسواسطے لگائی تا معلوم ہو کہ ہبہ وغیرہ تصرفات بائع سے بطریق اولی صحیح ہین کذا فی الطحطاوی والاصل ان کل عوض ملک
بعقد ینفسخ بہلاکہ قبل قبضہ فالتصرف فیہ غیر جائز و مالا فجائز عینی اور صحت تصرفات مذکورہ کا قاعدہ کلیہ یہ ہی کہ جو عوض کہ مملوک ہو بسبب ایسے عقد کے جو فسخ پذیر ہی
ہلاکی عوض سے قبل اُسکے مقبوض ہونے کے جیسے چنانچہ بیع اور اجرت بشرطیکہ عین ہو نہ نقد تو اُسمین تصرف قبل القبض جائز نہین اور جو عقد کہ فسخ نہو ہلاکی عوض
سے چنانچہ مہر اور عتق بعوض مال تو اُسمین تصرف کرنا قبل قبض کے جائز ہی کذا فی العینی والمنقول لو وہبہ من البائع قبل قبضہ فقبلہ البائع
انتقض البیع ولو باعہ منہ قبلہ لم یصح ہذا البیع ولم ینتقض البیع الاول لان الہبۃ مجاز عن الاقالۃ بخلاف بیعہ قبلہ فانہ باطل مطلقاً جوہرہ قلت
وفی المواہب وفسد بیع المنقول قبل قبضہ انتہی ونفی الصحۃ یحتملہما فلیحرر اور جو بیع منقول اگر ہبہ کیا بائع کو قبل اُسکے مقبوض ہونے کے سو بائع نے اُسکو قبول
کیا تو بیع ٹوٹ جائیگی اور اگر منقول کی بیع کی بائع سے تو یہ بیع ثانی صحیح نہین اور بیع اول نہ ٹوٹیگی اسواسطے کہ ہبہ مجاز ہی اقالہ سے یعنی اقالہ کو ہبہ بولنا بطریق
مجاز کے جائز ہی کیونکہ اقالہ بغیر لفظ اقالہ بھی صحیح ہی بقول مختار بخلاف بیع منقول قبل القبض کے کہ وہ باطل ہی مطلقاً خواہ بائع سے ہو یا غیر بائع سے کذا فی الجوہرہ
مین کہتا ہون اور مواہب الرحمن مین ہی کہ بیع منقول قبل القبض کے باطل ہی انتہی اور نفی صحت باطل اور فاسد دونون کو محتمل ہی غور کرے ہم یعنی بیع منقول کی
قبل قبض کے بقول صاحب جوہرہ باطل ہی اور بقول صاحب مواہب فاسد اور مصنف نے اُسکو غیر صحیح کہا تو باطل اور صحیح اُسمین دونون محتمل ہین کیونکہ باطل کو بھی
غیر صحیح کہتے ہین اور فاسد کو بھی طحطاوی نے کہا فاسد ہونا اس بیع کا ظاہر ہی اسواسطے کہ بیع کے دونون رکن یعنی مبیع اور ثمن ثابت ہین تو فساد آیا دوسری جہت سے یعنی
انفساخ عقد در صورت ہلاکی مبیع اور اطلاق باطل کا فاسد پر بکثرت ہی اشتری مکیلا بشرط الکیل حرم اے کرہ تحریماً بیعہ واکلہ حتی یکیلہ وقد صرحوا بالفساد بانہ لا یقال لاکلہ
اکل حرام لعدم التلازم کما بسطہ الکمال لکونہ اکل ملکہ خرید کیا مکیل کو بشرط کیل کے تو حرام ہی یعنی مکروہ تحریمی ہی اُسکا بیچنا اور کھانا تاوقتیکہ اُسکو ناپ نہ لے اور البتہ علما نے
اُسکے فساد بیع کی تصریح کی ہی اور اُسکی کہ اُسکے کھانے والے کو حرام خور نہ کہینگے بسبب عدم تلازم کے یعنی فساد کو حرمت لازم نہین چنانچہ کمال الدین نے اسکو شرح
بیان کیا ہی حرام خور اسواسطے نہ کہینگے کہ وہ اپنی مملوک چیز کا کھانے والا ہی مکروہ گنہگار ہوگا کیونکہ اُسنے کیل کرنے کے حکم کو ترک کیا کذا فی الفتح ابن ماجہ نے جابرؓ سے روایت کی
نہی النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم عن بیع الطعام حتی یجری فیہ الصاعان صاع البائع وصاع المشتری یعنی حضرت نے طعام کی بیع سے منع فرمایا تاوقتیکہ اُسمین دو صاع جاری
نہون ایک صاع بائع کا اور دوسرا صاع مشتری کا اور اس مضمون کو اسحق اور بزار اور عبد الرزاق اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہی اگرچہ اس حدیث مین ضعف ہی لیکن
بسبب کثرت طرق اور اجماع ائمہ اربعہ کے واجب العمل اور حجت ہی کذا فی فتح اللہ پر اور عدم جواز کی علت فقہی کو شارح بعد اسکے بیان کریگا مثلہ الموزون والمعدود بشرط الوزن
والعد لاحتمال الزیادۃ وہی للبائع او مکیل کے مانند ہی موزون اور معدود خرید کرنا بشرط وزن اور شمار کے بسبب احتمال زیادتی کے اور حالانکہ زیادتی بائع کا حق ہی یعنی جبکہ

مکیل اور موزون اور معدود کو خرید کیا بشرط کیل اور وزن اور شمار کے تو اسمین تصرف کرنا قبضہ کرنے کے بعد بدون ناپنے اور تولنے اور شمار کرنے کے جائز نہین کہ شاید
زیادہ ہو مثلاً بائع نے کہا کہ یہ چیز دس پیمانے یا دس سیر ہی تو اگر واقع مین وہ بارہ سیر ہوئی تو دو سیر بائع کا مال ٹھہرا لہذا مشتری کو ناپنا اور تولنا اور شمار کر لینا واجب
ہوا تا غیر کے مال مین تصرف کرنا لازم نہ آوے اور دوسرا فائدہ کیل اور وزن اور شمار کا یہ ہی کہ اگر مبیع کم ہو شرط سے تو مشتری اُتنا ثمن کم کر دے اسے فتح القدیر مین کہا کہ معدود سے
عددی متقارب مراد ہی چنانچہ انڈا اور اخروٹ بخلاف مجازفۃ لان الکل للمشتری بخلاف بیع مکیل اور موزون اور معدود کے بطور تخمین اور اٹکل کے بلا شرط کیل اور وزن اور
شمار کے چنانچہ ایک ڈھیر گیہون کا خرید کیا تو اُسکا تولنا اور ناپنا لازم نہین اسواسطے کہ وہ بالکل مشتری کا مال ہی تو اُسمین احتمال زیادتی کا نہین وقید بقولہ غیر الدراہم والدنانیر
لجواز التصرف فیہما بعد القبض قبل الوزن کبیع التعاطی فانہ لا یحتاج فی الموزونات الی وزن المشتری ثانیا لانہ صار بیعا بالقبض بعد الوزن قنیہ وعلیہ الفتوی خلاصہ اور
مصنف نے موزون مین غیر دراہم اور دنانیر کی قید لگائی بسبب جائز ہونے تصرف کے دراہم اور دنانیر مین بعد قبض قبل وزن کرنے کے مانند بیع التعاطی کے اسواسطے
کہ موزونات مین دوبارہ مشتری کے وزن کرنے کی حاجت نہین کیونکہ قبض بعد الوزن بیع ہو گیا کذا فی القنیہ اور اسی پر فتوی ہی کذا فی الخلاصہ م خلاصہ یہ ہی کہ بیع موزونات
مین دو صورت مین مشتری کو دوسرے بار وزن کر لینا شرط نہین ایک دراہم اور دنانیر کے عقد صرف مین اسواسطے کہ اُنکی مقدار مقرری مین غالباً تفاوت نہین ہوتا اور
دوسرے بیع التعاطی مین تو جب مشتری نے دراہم دیے اور بائع نے مقدار معلوم کو کیل یا وزن کر دیا تو بیع منعقد ہو گی بطریق تعاطی کے کذا فی الطحطاوی وکفی کیلہ من البائع
بحضرتہ ای المشتری بعد البیع لا قبلہ اصلا او بعدہ بغیبتہ فلو کیل بحضرۃ رجل فشراہ فباعہ قبل کیلہ لم یجز وان اکتالہ الثانی لعدم کیل الاول فلم یکن قابضا فتح وکفایۃ کرنا ہی
بائع کا کیل کرنا یعنی پیمانے سے ناپنا مشتری کے سامنے بعد انعقاد بیع کے نہ قبل بیع کے مطلقاً خواہ اُسکے سامنے کیل ہوا ہو یا پیچھے یا بعد بیع کے مشتری کے پیچھے تو اگر کیل ہوا
اجنبی مرد کے سامنے پھر اُسنے مکیل کو خرید کیا پھر اُسکو بشرط کیل بیچا قبل اُسکے کیل کرنے کے تو جائز نہین اگرچہ مشتری ثانی نے اُسکو کیل کر لیا ہو بواسطہ عدم کیل
مشتری اول کے تو وہ قابض ہی نہ ٹھہرا کذا فی الفتح تو اُسکی بیع غیر مقبوض کی بیع ہوئی م حضور مشتری مین کیل بائع اسواسطے کافی ہوا کہ بیع معلوم ہو گی کیل وعدہ سے
اور تسلیم ثابت ہو چکی اور قبل بیع کے کیل کرنا اسواسطے کافی نہوا کہ اُسوقت بائع اور مشتری کا اطلاق دونون صحیح نہین ولو کان المکیل والموزون ثمنا جاز التصرف
فیہ قبل کیلہ ووزنہ بجوازہ قبل القبض فقبل الکیل اولی اور اگر مکیل اور موزون ثمن ہو تو جائز ہی اُسمین تصرف قبل اسکے کیل اور وزن کے بسبب جواز تصرف ثمن کے قبل
قبض کے تو قبل کیل کے تصرف بطریق اولی جائز ہی یعنی کیل اور وزن تتمات قبض سے ہین پھر جب ثمن مین تصرف قبل قبض کے جائز ہوا تو قبل تتمات بطریق اولی جائز ہو گا
لا یحرم المذروع قبل ذرعہ وان اشتراہ بشرطہ الا اذا افرد لکل ذراع ثمنا فہو فی حرمتہ ما ذکر کموزون والاصل ان الذرع وصف لا قدر فیکون کلہ للمشتری
الا اذا کان مقصودا واستثنی ابن الکمال من الموزون ما یضرہ التبعیض لان الوزن حینئذ فیہ وصف حرام نہین بیع مذروع قبل از پیمایش گز اگرچہ اسکو بشرط پیمایش خرید کیا ہو
مگر جبکہ جدا جدا ہر گز کا ثمن مقرر کیا ہو تو اب مذروع بیع وغیرہ کی حرمت مین موزون کے مانند ہو گیا اور قاعدہ اسکا وہ ہی جو چند بار مذکور ہو گیا کہ گز وصف ہی نہ مقدار تو کل
مذروع مشتری کا ہو چکا مگر جبکہ گز مقصود بالذات ہو جاوے یعنے ہر گز کا جدا ثمن مقرر کرنے سے اور ابن کمال نے موزون سے اُس موزون کو مستثنے کیا ہی جسکو
تبعیض یعنی ٹکڑے کرنا مضر ہو اسواسطے کہ اب موزون مین وزن مقدار نہ رہا وصف ہو گیا م مضرت تبعیض موزون چنانچہ تانبے وغیرہ کا برتن قطع سے لائق استعمال
کے نہین رہتا تو اسوقت مین موزون مین تصرف کرنا قبل اُسکے وزن کے جائز ہی اگرچہ بشرط وزن خرید کیا ہو مناسب یہ تھا کہ اسکو وزن کی بحث مین شارح ذکر کرتا
کذا فی الطحطاوی وجاز التصرف فی الثمن بہبۃ او بیع او غیرہما لو عینا ای مشارا الیہ ولو دینا فالتصرف فیہ تملیکہ ممن علیہ الدین ولو بعوض ولا یجوز من غیرہ ابن ملک
قبل قبضہ اور قبضہ کرنے سے پہلے ثمن مین تصرف کرنا جائز ہی بطریق ہبہ یا بیع کے یا اور طرح بشرطیکہ ثمن عین ہو یعنی اُسکی طرف اشارہ ہو سکتا ہی متاع ہو یا نقد اور اگر ثمن
دین ہو تو اُسمین تصرف اُسکی تملیک کا ہی مدیون کو اگرچہ تملیک بعوض ہو اس طرح کہ مدیون سے کوئی چیز خرید کرے عوض ثمن کے جو دین ہی اور تملیک دین جائز نہین غیر
مدیون کو کذا صحح ابن ملک سوی التعیین بالتعیین لتکمیل اولا لعقود فلو باع ابلا بدراہم او بکر بر جاز اخذ بدلہا شیئا آخر قبل قبض لصرف ثمن مین جائز ہی خواہ ثمن معین ہو جاتا ہی جیسے کپڑے

کمیں تا متعین ہوتا ہو تعیین سے چنانچہ نقود تو اگر اونٹ درم یا گیہوں سے بیچا تو درم اور گیہوں کے عوض کوئی اور چیز لینا جائز ہی ہم عبد اللہ بن عمر نے کہا کہ ہم اونٹ
البقیع مین بیچتے تھے تو درم کی جگہہ دینار اور بجاے دینار درم لیتے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسکو جائز رکھتے تھے کذا فی المنح وکذا الحکم فی کل دین قبل قبضہ کمہر و
اجرۃ وضمان متلف وبدل خلع وعتق بمال وموروث وموصی بہ والحاصل جواز التصرف فی الاثمان والدیون کلہا قبل قبضہا عینی سوی صرف وسلم فلا یجوز اخذ
خلاف جنسہ لفوات شرطہ اور یہی حکم ہو ہر دین مین قبل اُسکے مقبوض ہونے کے چنانچہ مہر اور اجرت اور تلف کی چیز کا تاوان اور بدل الخلع اور مال کا اور وراثت اور وصیت کی
چیز خلاصہ یہ کہ تمام اثمان اور دیون مین قبل اُنکے مقبوض ہونے کے تصرف کرنا جائز ہی کذا فی العینی سوائے صرف اور سلم کے کہ اُنمین خلاف جنس ثمن لینا جائز نہین بسبب
فوت ہونے اُسکی شرط کے ہم یعنی شرط صحت صرف اور سلم قبض ثمن ہی تو قبل اُسکے تصرف اُسمین جائز نہین وصح الزیادۃ فیہ ولو من غیر جنسہ فی المجلس ولعدہ من
المشتری او وارثہ خلاصہ ولفظ ابن ملک او من اجنبی اقر صحیح ہی زیادہ کردینا ثمن مین اگرچہ زیادتی اُسکے خلاف جنس ہو زیادتی مجلس عقد مین ہو یا بعد اُسکے مشتری کی طرف
سے زیادتی ہو یا اُسکے وارث سے کذا فی الخلاصہ ابن ملک نے کہا یا زیادتی اجنبی کی طرف سے ہو ہم اگر اجنبی کی زیادتی بامر مشتری ہی تو مشتری پر واجب ہی نہ اجنبی پر اگر
اُسکے بلا امر ہی تو اگر مشتری نے قبول کرلی تو اُسپر لازم ہی ورنہ باطل ہی اور اگر اجنبی نے زیادہ کرنے کے وقت مشتری کی طرف سے ذمہ کرلیا یا اپنے مال سے دینے کا اظہار کیا پھر
اگرچہ بامر مشتری تھا تو اجنبی مشتری سے پھیرے اور نہین تو نہین کذا فی الطحطاوی عن البحر ان فی غیر صرف وقبل البائع فی المجلس ولو بعدہ بطلب خلاصۃ زیادتی ثمن کی صحیح ہی اگر غیر صرف مین
ہو اور بائع اُسکو زیادتی کی مجلس مین قبول کرلے اور اگر مجلس کے بعد قبول کریگا تو زیادتی باطل ہو جائیگی کذا فی الخلاصہ ہم صرف مین زیادتی اور کمی ثمن کی جائز نہین کیونکہ سود ہی
وفیہا لو ندم بعد ما زاد اجبر اور خلاصہ مین ہی کہ اگر مشتری ثمن زیادہ کرنے کے بعد پچتاوے تو اُسپر جبر کیا جاوے یعنی حاکم بزور دلاوے وکان المبیع قائما فلا تصح بعد ہلاکہ ولو
حکما علی الظاہر بان باعہ ثم شراہ ثم زادہ اور زیادتی صحیح ہی بشرطیکہ مبیع قائم ہو تو زیادہ کرنا صحیح نہین بعد ہلاک ہونے مبیع کے اگرچہ ہلاکی حکمی ہو بنا بر قول ظاہر کے اسطرح پر کہ مشتری نے
اُسکو بیچا پھر اُسکو خریدا پھر ثمن زیادہ کیا یعنی خرید اول مین ہم مبیع کو ہلاک حکمی اسواسطے کہا کہ اختلاف اید مثل اختلاف سلعہ کے برابر ہی اور اگر مبیع کے بعد بلا خرید ثانی ثمن زیادہ کرتا
تو بطریق اولی جائز ہی کذا فی الطحطاوی وزاد فی الخلاصۃ وکونہ محلا للمقابلۃ فی حق المشتری حقیقۃ فلو باع بعد القبض او دبر او کاتب او ماتت الشاۃ فزاد لم یجز لفوات محل البیع بخلاف
ما لو آجر او رہن او جعل الحدید سیفا او ذبح الشاۃ لقیام الاسم والصورۃ وبعض المنافع اور خلاصہ مین زیادت ثمن کی تیسری شرط زیادہ کی ہی یعنی ہونا مبیع کا محل مقابلہ زیادتی در الحکم
مقابلہ حقیقی ہو مشتری کے حق مین اسطرح پر کہ مبیع مشتری کے ہاتھ سے خارج نہو گئی ہو بیع وغیرہ سے تو اگر مشتری نے اُسکو بیچا بعد قبض کے یا غلام کو مدبر یا مکاتب کیا یا بکری
مر گئی پھر مشتری نے زیادہ ثمن کر دیا تو جائز نہین بسبب فوت ہونے محل بیع کے بخلاف اُسکے کہ اگر مبیع کو باجارہ دیا یا اُسکو رہن رکھا یا لوہے کی تلوار بنائی یا بکری ذبح کرڈالی
تو ان صورتون مین زیادہ کرنا جائز ہی بسبب قائم ہونے نام اور صورت اور بعض منافع مبیع کے ہم بعد ذکر ہلاک حکمی کے قول خلاصہ کے ذکر کی کچھ حاجت نہ تھی اسواسطے کہ بیع اور تدبیر اور
کتابت اور موت ہلاک حکمی مین داخل ہین کذا فی الحلبی وصح الحط منہ ولو بعد ہلاک المبیع وقبض الثمن اور صحیح ہی کم کردینا ثمن کا یعنی بائع کیجانب سے اگرچہ کم کرنا بعد ہلاک مبیع اور
قبض ثمن کے ہو والزیادۃ والحط یلتحقان باصل العقد بالاستناد فبطل حط الکل اور زیادتی اور کمی ثمن اصل عقد سے ملحق ہی بطریق استناد کے یعنی گویا زیادتی اور کمی ابتداے عقد سے
ثابت ہوئی تو باطل ہی تمام ثمن کا کم کردینا ہم وجہ بطلان یہ ہی کہ اسمین اصل عقد کی تبدیل ہی کیونکہ بعد عقد کے تمام ثمن کا گرا دینا یا ہبہ ہی یا بیع بلا ثمن ہی تو فاسد ہی کذا فی الزیلعی واثر
الالتحاق فی تولیۃ ومرابحۃ وشفعۃ واستحقاق وہلاک وحبس مبیع وفساد صرف لکن انما یظہر فی الشفعۃ الحط فقط اور زیادتی اور کمی کے الحاق کا اثر ظاہر ہوتا ہی تولیہ اور مرابحہ اور شفعہ اور ہلاک
اور حبس مبیع اور فساد صرف مین لیکن شفعہ مین تو فقط کمی کا اثر ظاہر ہوتا ہی نہ زیادتی کا ہم یعنی اگر اول دس کی خرید تھی پھر مشتری نے پانچ درم ثمن مین زیادہ کردیے تو تولیہ اور مرابحہ پندرہ درم
پر کرے اور درصورت کم کردینے ثمن کے باقی پر تولیہ اور مرابحہ کرے اور اگر مبیع مستحق غیر نکلے تو مشتری کل ثمن زیادتی کے ساتھ پھیرے اور بائع کو حبس مبیع مین تا قبض زیادتی اختیار ہی
اور صرف مین زیادتی اور کمی مفسد عقد ہی اور شفعہ مین شفیع کو زیادتی اسواسطے لازم نہوئی کہ اُسکا حق ثابت ہوچکا تھا بیع اول سے تو لزوم زیادت مین اُسکے حق کا ابطال ہی اور
حالانکہ بائع اور مشتری اُسکے ابطال کے مالک نہین وصح الزیادۃ فی المبیع ولزم البائع دفعہا ان فی غیر سلم زیلعی وقبل المشتری اور مبیع مین زیادہ کردینا صحیح ہی بائع کیجانب سے

اور بائع کو اُسکا دینا لازم ہی بشرطیکہ زیادتی مسلم فیہ مین ہو کذا فی الزیلعی اور مشتری اُسکو قبول کرے ھم زیلعی نے کہا مسلم فیہ مین زیادہ کرنا صحیح نہین کیونکہ وہ فی الحقیقت معدوم ہی
اُسکو تو موجود فرض کیا ہی مسلم الیہ کے دفع حاجت کے واسطے اور مسلم فیہ مین زیادہ کرنا اُسکی حاجت کا دافع نہین بلکہ موجب مزید حاجت ہی لہذا جائز نہین **و یلتحق ایضاً**
بالعقد فلو ہلکت الزیادۃ قبل قبض سقط حصتہا من الثمن اور مبیع کی زیادتی بھی مانند زیادت ثمن اصل عقد سے ملحق ہی تو اگر مبیع کی زیادتی ہلاک ہوگئی قبل قبض
کے تو اُسکا حصہ ثمن سے ساقط ہوگا ھم مثلاً تین درم کو چھ سیر جنس لی اور بائع نے بعد عقد کے تین سیر اور زیادہ کردی پھر تین سیر تلف ہوئی قبل قبض کے تو مشتری کو
دو درم کا دینا لازم ہوگا ایک درم ساقط ہوجائیگا **وکذا لو زاد فی الثمن عرضا فہلک قبل التسلیم انفسخ العقد بقدرہ** قنیہ اور اسیطرح اگر مشتری نے ثمن مین اسباب زیادہ کردیا
پھر وہ تلف ہوگیا قبل تسلیم کے تو عقد منفسخ ہوگا بقدر اسباب کے کذا فی القنیہ ھم مثلاً ایک چیز سو درم کو خرید کی اور بعد تقابض البدلین مشتری نے ثمن مین ایک کتاب
زیادہ کردی جسکی قیمت پچاس درم تھی پھر کتاب ضائع ہوگئی قبل التسلیم کے تو بیع کی ایک تہائی مین بیع فسخ ہوگی کذا فی المنح یعنی اسواسطے کہ پچاس ڈیڑھ سو کی تہائی ہی
طحطاوی نے کہا چونکہ مبیع قائم ہی تو اُسکا مقتضی یہ ہی کہ مشتری کتاب کی قیمت کا ضمان دے واللہ تعالی اعلم **ولا یشترط للزیادۃ ہنا قیام المبیع فتصح بعد ہلاکہ بخلافہ فی الثمن**
کما مر اور شرط نہین یہان کی زیادتی مین یعنی زیادت مبیع مین قائم رہنا مبیع کا شرط نہین تو زیادہ کرنا صحیح ہی بعد اُسکے ہلاکی کے بخلاف ثمن کی زیادتی کے کہ اُسمین قیام
مبیع شرط ہی چنانچہ عنقریب مذکور ہوچکا **فیصح الحط من المبیع ان کان المبیع دینا وان عینا لا یصح لانہ اسقاط و اسقاط العین لا یصح بخلاف الدین فرجع بالدفع فی براءۃ**
الاسقاط لا فی براءۃ الاستیفاء اتفاقا اور صحیح ہی کم کردینا مبیع سے اگر مبیع دین ہو اور اگر مبیع عین مشار الیہ ہو تو کم کرنا صحیح نہین اسواسطے کہ کم کرنا اسقاط ہی اور اسقاط عین کا
صحیح نہین بخلاف دین کے کہ اُسکا اسقاط صحیح ہی تو پھیر لے جو اُسنے دیا تھا براءت اسقاط مین نہ براءت استیفا مین بالاتفاق ھم محیط مین ہی کہ متعین گیہون پیمانہ بھر
خرید کیے پھر بائع نے مشتری سے چہارم گیہون ساقط کردیے قبل قبض کرنے کے تو جائز نہین اسواسطے کہ گیہون عین ہین یعنی متعین مشار الیہ ہین اور حالانکہ اسقاط
عین صحیح نہین اور اگر گیہون کے ڈھیر سے بقدر ایک پیمانے کے خرید کیے پھر چہارم ساقط کیے قبل قبض کے تو جائز ہی اسواسطے کہ گیہون یہان دین ہین اور اسقاط دین
صحیح ہی انتہی براءت اسقاط کی مثال یہ ہی کہ مشتری کہے بائع سے کہ مین نے تجکو بری الذمہ بطریق براءت اسقاط کے کیا اور براءت استیفا کی مثال یہ کہ مین نے تجکو بری الذمہ
کیا بطریق براءت استیفا اور قبض کے کذا فی الطحطاوی **ولو اطلقہا فقولان** اور اگر براءت کو مطلق کہا بلا قید اسقاط یا استیفا کے تو اسمین دو قول ہین یعنی جواز رجوع اور
عدم رجوع مین اختلاف ہی **واما الابراء المضاف الی الثمن فصحیح ولو بہبۃ او حط فیرجع المشتری بما دفع علی ما ذکرہ السرخسی فیتامل عند الفتوی** بحر اور وہ ابرا جو ثمن کی طرف
مضاف ہو وہ تو صحیح ہی اگرچہ ابرا بطریق ہبہ یا کم کردینے ثمن کے ہو تو مشتری پھیر لے جو اُسنے ثمن دیا تھا بموجب سرخسی کے قول کے تو مفتی کو تامل کرنا چاہیے فتوی
دینے کے وقت کذا فی البحر ھم یعنی شیخ الاسلام کے نزدیک ابرا مین تفصیل ہی کہ براءت اسقاط مین رجوع ہی نہ براءت استیفا مین اور شمس الدین سرخسی کے نزدیک ابراء ثمن بعد استیفا اور
قبض کے صحیح ہی تو بائع پر رد ثمن بعد قبض واجب ہی اور جب براءت استیفا مین رجوع جائز ہوا تو براءت اسقاط مین بطریق اولی جائز ہوگا اور جب اسمین اختلاف ہوا تو مفتی پر
تامل کرکے فتوی دینا لازم ہوا شارح نے جو مسئلہ سابقہ مین رجوع کرنا براءت اسقاط مین اور عدم رجوع براءت استیفا مین باتفاق علما نقل کیا ہی سو خلاف واقع ہی کذا فی
الطحطاوی **وقال فی النہر وہو المناسب للاطلاق** نہر الفائق مین کہا اور وہ یعنی سرخسی کا قول اطلاق کے مناسب ہی **وفی البزازیۃ باعہ علی ان یہبہ من الثمن کذا لا یصح ولو علی ان یحط**
من ثمنہ کذا جاز للحوق الحط باصل العقد دون الہبۃ اور بزازیہ مین ہی بیع کی اس شرط پر کہ مشتری کو ثمن سے اسقدر ہبہ کردے تو صحیح نہین اور اگر اس شرط پر بیع کی کہ ثمن سے اتنا کم کردے
تو صحیح ہی بسبب لاحق ہونے اسقاط کے اصل عقد سے سوائے ہبہ کے یعنے ہبہ اصل عقد سے لاحق نہین ہوتا **والاستحقاق للبائع او مشتر او شفیع یتعلق بما وقع علیہ العقد**
ویتعلق بالزیادۃ ایضاً فلو ردہ بنحو عیب رجع المشتری بالکل اور استحقاق بائع اور مشتری اور شفیع کا اُس سے متعلق ہوتا ہی جسپر عقد واقع ہوا اور زیادتی سے بھی متعلق ہی تو
اگر عیب وغیرہ سے مبیع پھیر جاوے تو مشتری سب پھیر لے یعنی ثمن اور زیادت ھم جب استحقاق کل سے متعلق ہوا تو بائع کو حبس مبیع کا اختیار ہی تا قبض زیادت اور اگر مبیع مستحق نکلے
تو مشتری بائع سے ثمن مع زیادت پھیر لے اور جب شفیع مبیع کو مستحق شفعہ لے تو اُس زیادتی کے ساتھ لے جسکو بائع نے مبیع پر زیادہ کردیا بعد عقد کے کذا فی الطحطاوی والدر المنتقی

کل دین ان قبل المدیون اور لازم ہے تعیین مدت ہر دین کی اگر مدیون قبول کرے ہم دین وہ ہے جو کہ گردن پر واجب ہو بسبب عقد یا استہلاک کے کذا فی الطحطاوی عن السمرقندی
نہر الفائق مین ہے تاجیل ہر دین کی صحیح ہے خواہ ثمن بیع ہو یا سوا اسکے اسواسطے کہ صاحب دین کو معاف کر دینا جائز ہے تو تاخیر مطالبہ بطریق اولی جائز ہوگی بشرط قبول
مدیون اور جو مدیون مدت کو قبول کرے تو دین حال یعنی بلا مدت باقی رہیگا اور خانیہ مین ہے اگر مدیون نے کہا کہ مین نے مدت کو باطل کیا یا اسکو چھوڑا تو دین حال ہو جائیگا اور اگر
مدیون بولا کہ مین مدت سے بری ہون یا مجکو اسکی کچھ حاجت نہین تو یہ قول ابطال اجل نہوگا انتہی ما فی النہر الا فی سبع علی ما فی مداینات الاشباہ بدل صرف وسلم وثمن عند اقالۃ
وبعدہا وما اخذ بہ الشفیع ودین المیت والسابع القرض مگر سات صورتون مین تاجیل دین لازم نہین چنانچہ اشباہ کی مداینات مین ہے صرف کے دونون عوضون مین اور سلم مین
یعنی راس المال مین اور ثمن مین اقالہ کے وقت اور اسکے بعد اور اس دین مین جسکے عوض شفیع نے شفعہ کیا اور دین میت مین اور ساتوین قرض مین ہم بحر الرائق مین ہے کہ
اگر مشتری شفیع سے ثمن کی مدت مقرر کرے تو صحیح نہین خلاصہ مین ہے کہ اگر مدیون مرگیا اور دین حال ہو گیا اور داین نے اسکے وارث سے دین کی مدت مقرر کی تو صحیح نہین نہر الفائق
مین ہے کہ ظاہر کلام فقہا اسپر دلالت کرتا ہے کہ مسائل مذکورہ مین تاجیل صحیح نہین نہ یہ کہ صحیح غیر لازم ہے چنانچہ ظاہر بحر الرائق اسپر ناطق ہے کیونکہ صاحب بحر نے مسائل مذکورہ کو قرض کے ساتھ ملحق کیا ہے فلا یلزم
تاجیلہ تو تاجیل قرض کی لازم نہین ہم وجہ اسکی یہ ہے کہ قرض باعتبار ابتدا کے اعارہ وصلہ ہے ولہذا بلفظ اعارہ صحیح ہے اور جو تبرع کا مالک نہین وہ قرض دینے کا بھی مالک نہین چنانچہ وصی اور صبی اور ولی اور مکاتب اور
عبد باذن پھر جب عاریت ٹھہرا تو اسمین تاجیل لازم نہوئی کیونکہ معیر کو اگر اسنے عاریت کی مدت ٹھہرائی ہو تو پھیر لینا قبل مدت کے جائز ہے اور باعتبار انتہا کے قرض معاوضہ ہے کیونکہ اسمین
رد مثل واجب ہے تو اس اعتبار سے تاجیل صحیح نہین کیونکہ لازم آتا ہے کہ دراہم کی بیع دراہم سے ادھار ہو اور یہ مقتضی فساد قرض ہے حالانکہ یہ خلاف اجماع ہے لہذا علماء حنفیہ قائل ہوے کہ تاجیل
قرض صحیح غیر لازم ہے کذا فی الزیلعی وفی النہر یعنی اگر قرض مہینہ بھر کے وعدے پر دیا ہو تو مقرض مستقرض سے فی الحال مطالبہ کر سکتا ہے الا فی اربع اذا کان مجحودا تاجیل قرض لازم نہین مگر چار صورتون
مین لازم ہے جبکہ قرض مجحود ہو یعنی مستقرض انکار کرتا ہو در صورت عدم شہادت ہم صورت اسکی یہ ہے کہ مستقرض مقرض سے کہتا ہو کہ مین تیرے قرض کا اقرار نہ کرونگا تاوقتیکہ تو اسکی کچھ مدت نہ مقرر کرے یا اصل
مال سے کچھ کم کرڈالے پھر مقرض نے ایسا ہی کیا تو صحیح ہے تو اب مدت لازم ہوگی کہ اسکا فی الحال مطالبہ نہین کر سکتا یہ اس صورت مین ہے جبکہ اسنے پوشیدہ کہا ہو اور اگر علانیہ گواہون کے
روبرو یہ کہا تو مقر فی الحال اخذ ہوگا کذا فی الطحطاوی او حکم مالکی بلزومہ بعد ثبوت اصل الدین عندہ یا مالکی مذہب نے لزوم مدت کا حکم کیا ہو بعد ثابت ہونے اصل دین کے مالکی کے نزدیک
او احالہ علی آخر فاجلہ المقرض او احالہ علی مدیون مؤجل دینہ لان الحوالۃ مبریۃ یا مستقرض نے قرض کا حوالہ دوسرے شخص پر کیا تو مقرض نے محال علیہ کے واسطے کچھ مدت مقرر کردی یا مستقرض نے اپنے
اس مدیون پر حوالہ کیا جسکا دین مؤجل ہے اسواسطے کہ حوالہ بری الذمہ کر دینے والا ہے مجمل کلام حوالہ کی دونون صورتین ملکر ایک مسئلہ ہین جیسے مسئلہ رابعہ یعنی وصیت مین دو صورتین ہین والرابع الوصیۃ
او وصی بان یقرض من مالہ الف درہم فلانا الی سنۃ فیلزم من ثلثہ ویسامح فیہا نظرا للموصی او اوصی بتاجیل قرضہ الذی لہ علی زید سنۃ فیصح فیلزم چوتھی صورت لزوم تاجیل قرض کی
وصیت ہے یعنی ایک شخص نے وصیت کی کہ اسکے مال سے ہزار درم فلانے شخص کو قرض دیے جائین سال بھر کی مدت پر تو وصیت لازم ہوگی اسکے ثلث مال سے اور آسانی کیجائیگی سال کی
مدت مین بلحاظ قول موصی کے یا ایک شخص نے اپنے اس قرض کی جو زید پر ہے سال بھر کی مدت ٹھہرائی تو وصیت صحیح ہے اور مدت لازم ہے والحاصل ان تاجیل الدین علی ثلثۃ اوجہ باطل فی بدل صرف
وسلم وصحیح غیر لازم فی قرض واقالۃ وشفیع ودین میت ولازم فیما عدا ذلک الا فرہ المصنف او تعقبہ فی النہر بان الملحق بالقرض تاجیلہ باطل او خلاصہ یہ ہے کہ تاجیل دین کی تین طرح ہے بدل صرف
اور سلم مین تو تاجیل باطل ہے اور تاجیل صحیح غیر لازم ہے قرض اور اقالہ اور شفیع اور دین میت مین اور تاجیل لازم ہے سوائے دیون مذکورہ کے اور صاحب بحر کی اس تقریر کو مصنف نے اپنی شرح مین
ثابت رکھا ہے لیکن نہر الفائق مین اسپر اعتراض کیا ہے کہ ملحقات قرض یعنی اقالہ اور شفیع اور دین میت کی تاجیل باطل ہے ہم قول صاحب نہر کا سابق مین مفصلاً مذکور ہو چکا قلت من حیل تاجیل القرض
کفالتہ مؤجلا فیتاخر عن الاصیل لان الدین واحد بحر ونہر فہی خامستہ فتحفظ مین کہتا ہون در منجملہ تدابیر تاجیل قرض کی ضمانت ہے قرض کی مدت ٹھہرا کر تو مطالبہ قرض کا اصیل سے ضمنا متاخر
ہو جائیگا اسواسطے کہ دین تو ایک ہی ہے کذا فی البحر والنہر تو یہ پانچوین صورت عدم جواز تاجیل قرض سے مستثنے ہوئی اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم یعنی اگر زید نے مثلاً سو درم خالد سے قرض لیے اور چاہا کہ ادا کے
قرض کی کچھ مدت مقرر ہو جائے تو اسکا طریقہ یہ ہے کہ زید محمود کو ضامن بنائے اور محمود ایک سال یا ایک مہینے کی مدت سے ضمانت کرے تو ضمنا زید سے مطالبہ ہٹ جائیگا لیکن نہر الفائق مین مبسوط سے منقول ہے
کہ ابو یوسف کے نزدیک صورت ضمانت قرض ضامن سے تا مدت معلومہ مطالبہ نہوگا مگر مستقرض سے بالفعل مطالبہ ہے تو شاید کہ حیلہ مذکورہ طرفین کے مذہب پر مبنی ہے واللہ تعالی اعلم وفی حیل الاشباہ

تاجیل دین المیت ان یقر الوارث بانہ ضمن ما علی المیت فی حیاتہ مؤجلا الی کذا ویصدقہ الطالب انہ کان مؤجلا علیہما ویقر الطالب بان المیت لم یترک شیئا والا امر الوارث بالبیع للدین وہذا علی ظاہر الروایۃ من ان الدین اذا حل بموت المدیون لا یحل علی کفیلہ اشباہ کے باب الحیل مین تاجیل دین میت کا یہ حیلہ مذکور ہی کہ وارث اقرار کرے کہ وہ یعنے وارث ضامن ہوا تھا میت کے دین کا اتنی مدت مقرر کرکے اور طالب دین اسکی تصدیق کرے کہ میت اور اُسکے کفیل پر دین موجل تھا اور طالب یہ اقرار کرے کہ میت نے کچھ متروکہ نہین چھوڑا اور اگر متروکہ ہوگا تو اُسکے بیچ ڈالنے کا ادائے دین کے واسطے وارث کو حکم ہوگا اور یہ حیلہ ظاہر الروایۃ پر مبنی ہی کہ جب دین موجل فی الحال واجب الادا ہوجاتا ہی مدیون کی موت سے تو میت کے کفیل پر فی الحال لازم الادا نہین ہوتا ہم عنقریب مذکور ہوچکا کہ ضامن پر دین موجل ہوجاتا ہی اگرچہ اصیل پر دین حال ہو تو اُسکے واسطے فقط تصدیق ضامن کافی ہی علاوہ اسکے اگر طالب کی مراد تاخیر ہی تو اس تکلف کی کچھ حاجت نہین خلاف واقع ظاہر کرے کذا فی الطحطاوی وقلت سیجئ فی آخر الکتاب انہ لو حل بموتہ واداہ قبل حلولہ لیس لہ من المرابحۃ الا بقدر ما مضی من الایام وہو جواب المتاخرین مین کہتا ہون آخر کتاب مین آویگا کہ اگر دین مدیون کی موت سے فی الحال لازم الادا ہوا یا مدیون نے دین کو قبل اُسکی مدت کے آنے کے ادا کردیا تو اُسکے واسطے منافع تجارت سے کچھ نہین مگر بقدر ایام گذشتہ اور یہ جواب ہی متاخرین فقہا کا یعنے جو مرابحۃ کہ جاری ہوا ہی مدیون اور داین کی بیع مین اُسمین سے مدیون کچھ نہ پاویگا مگر بقدر ایام گذشتہ کذا فی الطحطاوی عن القنیۃ

فصل فی القرض یہ فصل ہی قرض کے بیان مین ہو لغۃ ما تعطیہ لتتقاضاہ قرض لغت عرب مین وہ چیز ہی جسکو تو دے تا اُسکا تو تقاضا کرے ہم چیز عام ہی قیمتی اور مثلی سے اور تقاضا بھی عام ہی بعینہ ہو یا بمثلہ تو قرض لغوی عام ہی قرض شرعی سے وشرعا ما تعطیہ من مثلی لتتقاضاہ وہو اخصر من قولہ اور شرع مین قرض وہ ہی جسکو تو دے بجملہ مثلیات کے تا اُسکا تو تقاضا کرے اور یہ تعریف قرض کی مختصر تر ہی مصنف کی تعریف آیندہ سے ہم طحطاوی نے کہا لیکن یہ تعریف اُسپر بھی صادق آتی ہی جسمین عین شی کا تقاضا ہوتا ہی چنانچہ ودیعت عقد مخصوص بلفظ القرض ونحوہ یرد علی دفع مال بمنزلۃ الجنس مثلی خرج القیمی لآخر لیرد مثلہ خرج نحو ودیعۃ وہبۃ قرض وہ عقد مخصوص ہی جو وارد ہو مال مثلی کے دینے پر دوسرے شخص کو تا وہ شخص ویسا ہی مال پھیر دے شارح نے کہا عقد مخصوص بلفظ قرض ہو یا مانند اُسکے چنانچہ یون کہنا کہ مجکو اتنے درم دے تا مین تجکو مثل اُسکے پھیر دون دفع مال بمنزلہ جنس کے ہی اور مثلی کی قید سے قیمت والی چیز نکل گئی اور رد مثل کے قید سے مانند ودیعت اور نسیہ نکل گئی ہم ودیعت کے مانند عاریت ہی کیونکہ ودیعت اور عاریت مین رد عین ہی نہ رد مثل اور ہبہ کے مانند صدقہ ہی کہ دونون مین رد عین ہی نہ رد مثل وصح القرض فی مثلی ہو کل ما یضمن بالمثل عند الاستہلاک اور صحیح ہی قرض مال مثلی مین مال مثلی وہ ہی جسکے تلف کر ڈالنے سے اُسی کے مانند تاوان دینا پڑے ہم مال مثلی جیسے کیلی وزنی چیز اور عددی متقارب چنانچہ انڈا اور اخروٹ تو حیوانات اور ثیاب اور عدد یات متفاوتہ مین قرض صحیح نہین کذا فی العالمگیریۃ ظاہرا اینٹ پختہ اور خام عددی متقارب ہی بشرطیکہ قالب یکسان ہو لا فی غیرہ من القیمیات کحیوان وحطب وعقار وکل متفاوت لتعذر رد المثل قرض صحیح نہین مثلی مال کے سوا قیمت والی چیز دن مین چنانچہ حیوان اور لکڑی اور زمین اور ہر متفاوت چیز بسبب متعذر ہوجانے رد مثل کے ہم چونکہ مثلیات کے سوا قیمیات مین رد مثل نہین ہو سکتا لہذا قرض اُن مین صحیح نہوا فتاوی عالمگیری مین ہی متفاوت چیزین قرض صحیح نہین چنانچہ ریاحین تر رطبہ اور بقول مین لیکن حنا اور وسمہ اور ریاحین یابسہ کا استقراض بطریق کیل کے کچھ مضائقہ نہین واعلم ان المقبوض بقرض فاسد کمقبوض ببیع فاسد سواء فیحرم الانتفاع بہ لا بیعہ لثبوت الملک جامع الفصولین اور دریافت کر کہ جو چیز مقبوض بقرض فاسد ہی وہ بیع فاسد کے مقبوض کی برابر ہی تو اُس سے فائدہ لینا حرام ہی لیکن اُسکا بیچ ڈالنا حرام نہین بسبب ثابت ہونے ملک کے کذا فی جامع الفصولین ہم قرض فاسد جیسے گھر کا قرض لینا بلکہ سائر اعیان کا قرض فاسد ہی انتفاع اسواسطے حرام ہوا کہ شارع کی اُسمین اجازت نہین اگرچہ متعاقدین راضی ہوجاوین کذا فی الطحطاوی فیصح استقراض الدراہم والدنانیر وکذا کل ما یکال او یوزن او یعد متقاربا فصح استقراض جوز وبیض وکاغذ عددا ولحم وزنا وخبز وزنا وعددا کما سیجئ تو صحیح ہی قرض لینا دراہم اور دنانیر کا اور اسیطرح ہر ایک اُس چیز کا جسمین پیمانہ کرنا اور تولنا جاری ہی یا اُسکا شمار ہوتا ہی بشرط تقارب مقدار پس صحیح ہی قرض لینا اخروٹ اور انڈے کا اور کاغذ کا شمار کرکے اور گوشت کا تول کر اور روٹی کا تول کر اور گن کر چنانچہ باب الربوا مین آویگا طحطاوی نے کہا کہ کاغذ کے استقراض سے فقہا نے عددگی اور کمی اور زیادتی کو معتبر نہین رکھا استقراض من الفاظ

الرائجۃ والعدالی فلسدت فعلیہ مثلہا کاسدۃ ولا یغرم قیمتہا وکذا کل ما یکال و یوزن لما مر انہ مضمون بمثلہ فلا عبرۃ لغلائہ ورخصہ ذکرہ فی المبسوط من غیر خلاف

وجعلہ فی البزازیۃ وغیرہا قول الامام وعند الثانی علیہ قیمتہا یوم القبض وعند الثالث قیمتہا فی آخر یوم رواجہا وعلیہ الفتوی ایک شخص نے فلوس مروجہ اور عدالی قرض لیے

پھر انکا رواج جاتا رہا تو اُسپر بابند اُسکے غیر مروج فلوس لازم الادا ہیں اور وہ شخص اُنکی قیمت کا تاوان نہ دے اور اسیطرح ہر کیلی اور وزنی چیز کے قرض کا حکم ہے اسواسطے

کہ مذکور ہو چکا کہ قرض میں ضمان بالمثل ہے تو کچھ اعتبار نہیں اُسکی گرانی یا ارزانی کا مبسوط میں اسکو بلا ذکر خلاف مذکور کیا ہے اور بزازیہ وغیرہ میں وجوب مثل کو امام

اعظم کا قول ٹھہرایا ہے اور ابو یوسف کے نزدیک اُسپر یوم القبض کی قیمت ہے اور محمد کے نزدیک رواج فلوس کے پچھلے دن کی قیمت اُسپر لازم ہے اور اسی قول پر فتوی ہے

ھم گرانی اور ارزانی کا اُسوقت اعتبار نہیں جبکہ قرض لینا اور اداے قرض کرنا ایک ہی شہر میں ہو چنانچہ آگے مذکور ہوگا عنایہ میں ہے کہ ظاہر اعدالی جمع ہے عدلی

کی اور بحر الرائق کے باب الصرف میں بنایہ سے منقول ہے کہ عدالی بفتح عین مہملہ وتخفیف دال مہملہ ولام مکسورہ وہ دراہم ہیں جو عدال کی طرف منسوب ہیں شاید عدال

بادشاہ کا نام ہے جسکی طرف دراہم مغشوشہ کی نسبت ہے کذا فی الطحطاوی وقال وکذا الخلاف اذا استقرض طعاما بالعراق فاخذہ صاحب القرض بمکۃ فعلیہ

قیمتہ بالعراق یوم استقرضہ عند الثانی وعند الثالث یوم اختصما ولیس علیہ ان یرجع معہ الی العراق فیاخذ طعامہ صاحب بزازیہ نے

کہا اور اسیطرح مسئلہ فلوس کے مانند ائمہ ثلثہ میں خلاف ہے جبکہ ایک شخص نے گیہوں یا مطلق اناج قرض لیا عراق میں سو مستقرض سے صاحب قرض نے مواخذہ لیا مکہ شریف میں

تو اُسپر قیمت طعام واجب ہے وہ قیمت جو عراق میں تھی اُسکے قرض لینے کے دن ابو یوسف کے نزدیک اور محمد کے نزدیک وہ قیمت لازم ہے جو بروز خصومت ہے اور صاحب

قرض پر واجب نہیں کہ مستقرض کے ساتھ پھر جاے عراق کی طرف اور وہاں اپنا طعام لے ھم اس مسئلہ میں قیمت عراق اور قیمت مکہ معظمہ کا حال بیان نہیں کیا سو اگر

دونوں شہروں کی ایک ہی قیمت ہے تو قیمت عراق کا کچھ اعتبار ضرور نہیں اور اگر قیمت مختلف ہے تو یہ حکم مسئلہ لاحقہ کے مخالف ہے واذا استقرض الطعام ببلد الطعام فیہ

رخیص فلقیہ المقرض فی بلد الطعام فیہ غال فاخذہ الطالب بحقہ فلیس لہ حبس المطلوب ویؤمر المطلوب بان یوثق لہ بکفیل حتی یعطیہ طعامہ

فی البلد الذی اخذ منہ اور اگر اناج قرض لیا اُس شہر میں جس میں اناج ارزان ہے پھر قرض دینے والے نے اُس شہر میں قرض لینے والے سے ملاقات کی جسمیں اناج گران

ہے اور طالب نے اپنے حق کا اس سے مواخذہ کیا تو طالب کو قید کرنا مطلوب کا جائز نہیں اور مطلوب کو حکم ہوگا کہ اعتماد کرا دے ضامن دیکر تا شخص مطلوب طالب کا اناج دے

اس شہر میں جسمیں اُس سے قرض لیا تھا استقرض شیئا من الفواکہ کیلا او وزنا فلم یقبضہ حتی انقطع فانہ یجبر صاحب القرض علی تاخیرہ الی مجیء الحدیث

الا ان تراضیا علی القیمۃ لعدم وجودہ بخلاف الفلوس اذا کسدت وتمامہ فی صرف الخانیۃ قرض لیا کوئی میوہ ناپ کر پیمانے سے یا تول کر اور قرضدار نے صاحب

قرض کو ادا نہ کیا یہاں تک کہ میوہ منقطع ہو گیا یعنی اُسکی فصل جاتی رہی تو صاحب قرض پر جبر کیا جائیگا تاخیر قرض پر تازہ میوہ پیدا ہونے تک مگر یہ کہ دونوں اُسکی قیمت پر راضی

ہو جاویں بسبب نہ موجود ہونے میوے کے بخلاف فلوس کے جبکہ اُنکا رواج جاتا رہے تو اُنکی قیمت دینا جائز نہیں کیونکہ فلوس غیر مروجہ نایاب نہیں اور پورا بیان اسکا

خانیہ کے باب الصرف میں ہے ویملک المستقرض القرض بنفس القبض عندہما ای الامام ومحمد خلافا للثانی فلہ رد المثل ولو قائما خلافا لہ بناء علی انعقادہ بلفظ القرض فیہ تصحیحان

وینبغی اعتماد الانعقاد لافادتہ الملک للحال بحر اور مالک ہو جاتا ہے مستقرض قرض کا بمجرد قبضہ کرنے کے امام اعظم اور محمد کے نزدیک برخلاف ابو یوسف کے تو طرفین کے

نزدیک رد مثل جائز ہے اگرچہ قرض موجود ہو بخلاف ابو یوسف کے کہ اُنکے نزدیک تا قیام قرض اُسکا رد مثل جائز نہیں طرفین کے قول کی بنا قرض کے انعقاد پر ہے بلفظ قرض

یعنی بدون اُسکے استہلاک کے اور اسمیں انعقاد اور عدم انعقاد دونوں قولوں کی تصحیح ہوا وہی اور لائق ہے اعتماد کرنا انعقاد قرض پر بسبب اُسکے مفید ہونے کے ملک کو

فی الحال کذا فی البحر یعنی بمجرد لفظ قرض اور قبض کے ملک عین فی الحال ثابت ہو جاتی ہے تو ثابت ہوا کہ استہلاک عین پر انعقاد موقوف نہیں فیجوز شراء المستقرض القرض ولو

قائما من المقرض بدراہم مقبوضۃ ولو تفرقا قبل قبضہا بطل لانہ افتراق عن دین بزازیہ فلیحفظ تو جائز ہے مستقرض کو قرض کا خرید کرنا اگرچہ قرض قائم ہو خرید جائز ہے

مقرض سے بعوض دراہم مقبوضہ کے پھر اگر دونوں شخص متفرق ہوے قبل قبض دراہم مذکورہ کے تو خرید باطل ہے کیونکہ یہ افتراق عن الدین ہے بلا قبض کذا فی البزازیہ خرید مستقرض باؤلہ

ملک پر متفرع ہے یعنی جبکہ مستقرض قرض کا مالک ہوا تو اسکے ذمہ پر ضمان مثل ثابت ہو گیا تو اب اُسکو اُسکا خرید کرنا ثمن نقد جائز ہوا بحر الرائق مین ہے کہ بیع الدین بالدین جائز ہے بشرطیکہ بعد قبض بدلین افتراق ہو صرف مین تا بعد قبض احد البدلین افتراق ہو غیر صرف مین کذا فی الطحطاوی اقرض صبیا محجورا فاستهلكه الصبي لا ضمن خلافا للثاني وکذا الخلاف لو باعہ او اودعہ ومثلہ المعتوہ قرض دیا صغیر ممنوع التصرف کو اور صغیر نے اُسکو تلف کیا تو اُسپر ضمان نہین بخلاف ابو یوسف کے اور اسی طرح خلاف ہے طرفین اور ابو یوسف کا اگر صغیر کے ہاتھ کوئی چیز بیع کی یا اُسکے پاس امانت رکھی اور اُسنے تلف کر ڈالی اور صغیر کے مانند بیہوش ہے ہم ابو یوسف کے نزدیک صغیر پر ضمان قرض ہے فتاوی عالمگیری مین مبسوط سے منقول ہے کہ یہی قول صحیح ہے کذا فی الطحطاوی ولو کان المستقرض عبدا محجورا لا یواخذ بہ قبل العتق خلافا للثانی ومہم کالودیعۃ سواء خانیہ اور اگر قرض لینے والا عبد ممنوع التصرف ہو تو اُس سے قرض کا مواخذہ نہین اُسکے آزاد ہونے سے پہلے بخلاف ابو یوسف کے اور قرض و ودیعت حکم مین برابر ہین کذا فی الخانیہ وفیہا استقرض من آخر دراہم فاتاہ المقرض بہا قال المستقرض القہا فی الماء فالقاہا قال محمد لا شيء علی المستقرض وکذا الدین والسلم بخلاف الشراء والودیعۃ فانہ بالالقاء یعد قابضا والفرق ان لہ اعطاء غیرہ فی الاول لا الثانی وعزاہ لغریب الروایۃ اور خانیہ مین ہے کہ ایک شخص نے دوسرے سے دراہم قرض مانگے سو مقرض اُسکے پاس دراہم لایا مستقرض نے کہا کہ انکو پانی مین ڈال دے اور اُسنے دراہم پانی مین ڈال دیے محمد نے کہا کہ مستقرض پر کسی چیز کا مواخذہ نہین اور یہی حکم دین اور سلم کے رأس المال کا ہے بخلاف خرید اور امانت کے کہ وہ یعنی مشتری اور صاحب ودیعت پانی مین ڈال دینے سے قابض گنا جائیگا اور فرق دونون صورتون مین یہ ہے کہ مامور کے غیر کے دینے کا اختیار ہے پہلی صورت مین یعنی قرض اور دین اور رأس المال مین نہ دوسری صورت مین یعنی خرید اور ودیعت مین اور صاحب خانیہ یعنی قاضی خان نے اس قول کو روایت غریبہ نادرہ کی طرف نسبت کیا ہم خرید سے مراد یہ ہے کہ بائع مبیع کو مشتری کے کہنے سے پانی مین ڈال دے اور ثمن منقود کا پانی مین ڈالنا مراد نہین کذا فی الطحطاوی وفیہا القرض لا یتعلق بالجائز من الشروط فالفاسد منہا لا یبطلہ ولکنہ یلغو شرط رد شیء آخر فلو استقرض الدراہم المکسورۃ علی ان یودی صحیحا کان باطلا وکذا لو اقرضہ طعاما بشرط ردہ فی مکان آخر وکان علیہ مثل ما قبض اور خانیہ مین ہے کہ قرض متعلق نہین ہوتا جائز شرط سے یعنی تعلیق بالشرط کو قرض قبول نہین کرتا تو شرط فاسد قرض کو باطل نہین کرتی ولیکن دوسری چیز کے پھیر دینے کی شرط لغو ہو جاتی ہے تو اگر ٹوٹے پھوٹے دراہم قرض لیے اس شرط پر کہ مستقرض صحیح اور ثابت دراہم ادا کریگا تو یہ شرط باطل ہے اور اسیطرح اگر مقرض نے مستقرض کو اناج قرض دیا اس شرط پر کہ اسکو دوسرے شہر مین ادا کرے اور واجب ہوگا مستقرض پر مانند مقبوض کے یعنی ٹوٹے پھوٹے دراہم کا دینا اور اسیطرح اُسی شہر مین اناج کا دینا جہان قرض لیا جامع الفصولین مین ہے کہ قرض مین محل ایفا شرط نہین اور قرض کا محل متعین ہے کذا فی الطحطاوی فان قضاہ اجود بلا شرط جاز ویجبر الدائن علی قبول الاجود وقیل لا بحر پھر اگر مستقرض نے نہایت کھری جنس ادا کی بدون مشروط ہونے عمدگی کے تو جائز ہے اور صاحب دین پر زبردستی کیجائیگی کھری چیز کے قبول کرنے پر اور دوسرا قول یہ ہے کہ اُسپر زبردستی نہین کیجائیگی کذا فی البحر ہم قول ثانی یعنی عدم جبر صحیح ہے جیسے ناقص تر کے قبول مین جبر نہین کذا فی العالمگیریہ اور اگر دین مؤجل تھا اور اسنے قبل مدت کے ادا کیا تو اُسکے قبول مین جبر ہوگا شارح نے اسکا حکم بیان نہ کیا جبکہ مستقرض قرض سے زیادہ دے تو فتاوی عالمگیری مین ہے کہ اگر ایسی زیادتی ہو جو دو وزنون مین جاری اور مروج ہو چنانچہ ایک دانگ یعنی بقدر چھ جو کے سو درم مین تو جائز ہے نہ ایک درم اور دو درم کی زیادتی اور نصف درم کے جواز اور عدم جواز مین دو قول ہین اور اگر ایسی زیادتی ہو جو دو وزنون مین جاری اور مروج نہین اور مدیون اُسکو جانتا نہو تو اُسکو پھیر دینا چاہیے اور اگر مدیون زیادتی کو جانتا ہو تو اگر اُس چیز کو تبعیض یعنی اُسکا کاٹنا یا جدا کرنا مضر نہو تو جائز نہین اور اگر دراہم کا توڑنا مضر ہو تو اگر تمیز زیادت بدون توڑنے کے ممکن ہو اسطرح پر کہ اُنمین کوئی خفیف الوزن درم بقدر زیادت موجود ہو تو جائز نہین اور اگر تمیز بدون توڑنے کے ممکن نہو تو جائز ہے بطریق ہبہ کے انتہی ملخصا اور تبیین المحارم مین ہے کہ اگر مستقرض نے زیادت ہبہ کر دی مقرض کو تو صحیح نہین کیونکہ ہبہ مشاع محتمل القسمۃ مین جائز نہین اور غیر محتمل القسمۃ مین جائز ہے کذا فی الطحطاوی وفی الخلاصۃ القرض بالشرط حرام والشرط لغو بان یقرض علی ان یکتب بہ الی بلد کذا لیوفی دینہ اور خلاصہ مین ہے کہ شرط کر کے قرض دینا حرام ہے اور شرط لغو ہے اسطرح کہ قرض دے اس شرط پر کہ مستقرض اُسکو فلانے شہر کی طرف لکھدے تا اُسکا دین وہان دیا جاوے ہم اور اگر استقراض مطلقا بلا شرط ہوا اور اسکے

ایضاً دین دوسرے شہر مین ہو تو مکروہ نہین کذا فی العالمگیریۃ اس صورت کو ہندوستان مین ہنڈوی کہتے ہین اور باقی بیان ہنڈوی کا کتاب الحوالہ مین آویگا و فی
الاشباہ کل قرض جر نفعا حرام فکرہ للمرتہن سکنی المرہونۃ باذن الراہن اور اشباہ مین ہے کہ جو قرض کہ نفع کھینچ لاوے وہ حرام ہے تو مرتہن کو گروی مکان مین راہن کے
اذن سے رہنا مکروہ ہے یعنی اسواسطے کہ قرض سے سکونت کا فائدہ حاصل ہوا بعضون نے کہا کہ سکونت باذن حلال ہے چنانچہ مصنف کتاب الرہن مین بیان کریگا مرکرخی
نے کہا کہ نفع قرض کا اُسوقت حرام ہے جبکہ منفعت مشروط ہو اور اگر مشروط نہو اور مستقرض عمدہ تر ادا کرے تو کچھ مضائقہ نہین اور اگر مقرض نے درم اسواسطے قرض دیے تا مستقرض
اُس سے متاع بثمن غالی خرید کرے تو کرخی کے نزدیک جائز ہے اور طحاوی کے نزدیک مکروہ تنزیہی ہے اور سلف نے جو اُسکو حرام کہا ہے تو شیخ الاسلام نے حرمت کو شرطی اقرار
پر محمول کیا ہے اور افضل یہ ہے کہ مقرض تحفہ مستقرض کا قبول نکرے اگر جانے کہ یہ قرض کے سبب سے ہے اور اگر دوستی اور قرابت کے سبب سے ہو یا مستقرض سخی مشہور ہو تو تحفہ لینے
سے پرہیز نکرے اور اگر معلوم نہو کہ دوستی کے سبب سے تحفہ ہے یا قرض سے تو پرہیز کرنا چاہیے اور دعوت قبول کرنے کا بھی اسیطرح حکم ہے شمس الائمہ نے کہا کہ یہ جو محمد نے کہا ہے کہ مدیون
کی دعوت کا کچھ مضائقہ نہین تو اسپر محمول ہے کہ قبل اقراض کے بھی دعوت کرتا ہو اور اگر دعوت کی عادت نہو یا بنسبت سابق کے مکرر دعوت کرتا ہو یا اقسام طعمہ زیادہ کرے
سابق سے تو قبول دعوت حلال نہین اور اگر ادا مین مدیون کے دراہم یا وے بشرطیکہ دین مؤجل نہو اور دراہم عمدہ تر نہون تو اُسکو لینا جائز ہے فاما جائز نہین چنانچہ اگر درم قرض
ہون اور اُسکے دینار پاوے تو لینا درست نہین کذا فی الطحطاوی ملخصاً فرع مسائل متفرقہ شرح کے استقرض عشرۃ دراہم وارسل عبدہ لاخذہا فقال المقرض دفعتہا الیہ
اقر العبد بہ وقال دفعتہا الی مولای وانکر المولی قبض العبد العشرۃ فالقول لہ ولا شئ علیہ ولا یرجع المقرض علی العبد لانہ اقر انہ قبضہ باجرۃ انتہی بحر قرض مانگے دس درم اور
اپنے غلام کو اُنکے لینے کے واسطے بھیجا اور مقرض نے کہا کہ مین نے غلام کو قرض دیا اور اسکے دینے کا غلام نے اقرار کیا اور کہا کہ مین نے درم اپنے مولی کو دیے اور مولی نے
قبض غلام کا انکار کیا یعنی دس درم غلام کے قبض مین نہین آئے تو مولی ہی کا قول معتبر ہوگا اور اسپر کچھ لازم نہ آویگا اور مقرض غلام سے نہ بھر لیگا اسواسطے کہ غلام مقر ہے کہ
اُسنے دراہم پر بواجبی قبضہ کیا انتہی کذا فی البحر وجہی قبض کی وجہ یہ ہے کہ غلام نے بواسطہ استقراض مولی کے درہم پر قبضہ کیا تو معلوم ہوا کہ اگر مولی قبض غلام کا اقرار کریگا تو ادا کے
قرض اُسپر لازم ہوگا کذا فی الطحطاوی وعن الخانیۃ عشرون رجلا جاؤا واستقرضوا من رجل وامروہ بالدفع لاحدہم فدفع لیس لہ ان یطلب منہ الا حصتہ قلت ومفادہ
صحۃ التوکیل لقبض القرض لا بالاستقراض قنیہ مین بیس مرد آئے اور قرض مانگا ایک مرد سے اور اُسکو امر کیا اپنے گروہ مین سے ایک مرد کو دینے کا سو مقرض نے ایک کو
دیا تو مقرض مطالبہ نہین کر سکتا اُس شخص سے مگر بقدر اُسکے حصے کے مین کہتا ہون اس قول سے مستفاد ہوا کہ قبض قرض کی توکیل صحیح ہے نہ قرض مانگنے کی توکیل کذا فی
م فتاوی عالمگیری مین کہا خلاصہ یہ ہے کہ اقراض کی توکیل جائز ہے اور استقراض کی توکیل جائز نہین اور استقراض کی پیام رسانی اسکے واسطے جائز ہے اگر استقراض کے کیفیت
بطور رسالت کے کلام کیا اسطرح کہ فلانے شخص مرسل کو قرض دیدے تو قرض امر کے واسطے ہوگا اور اگر بطریق وکالت کے کلام کیا یعنی قرض کو اپنی ذات کی طرف نسبت کیا اسطرح
کہ مجکو قرض دیدے فلانے شخص مرسل کے واسطے تو وکیل اپنی ذات کے واسطے مستقرض ہوگا اور جو دراہم کہ قرض لیے وہ اُسی کے مملوک ہونگے اسکو اختیار ہے چاہے
موکل کو نہ دے کذا فی الطحطاوی وفیہا استقراض العجین وزنا یجوز وینبغی جوازہ فی الخمیرۃ بلا وزن سئل علیہ الصلوۃ والسلام عن خمیرۃ یتعاطاہا الجیران ایکون ربا فقال ما راٰہ المسلمون حسنا
فہو عند اللہ حسن وما راٰہ المسلمون قبیحا فہو عند اللہ قبیح اور قنیہ مین ہے کہ قرض لینا گوندھے آٹے کا تول کر جائز ہے اور لائق ہے جائز ہونا قرض کا خمیر مین بدون وزن کے رسول خدا صلے
اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال ہوا اُس خمیر کا جسکو پڑوسی ایک دوسرے کو دیا لیا کرتے ہین کہ کیا یہ بیاج ہے تو فرمایا کہ جسکو مسلمان اچھا جانین وہ خدا تعالی کے نزدیک خوب ہے اور جسکو مسلمان
بُرا جانین وہ خدا کے نزدیک بُرا ہے مختار الفتوی مین ہے کہ استقراض عجین بطریق وزن کے قول مختار ہے بحر الرائق مین ہے کہ وزن کی قید سے اٹکل نکل گئی تو اٹکل سے قرض بلا وزن
جائز نہین اور حدیث ما راٰہ المسلمون کی مسند احمد مین ابن مسعود سے مروی ہے اور یہ حدیث موقوف حسن ہے یعنی ابن مسعود کا قول ہے نہ رسول کریم علیہ الصلوۃ
والسلام کا کذا فی الطحطاوی عن المقاصد الحسنۃ وفیہا شراء الشئ الیسیر بثمن غال لحاجۃ القرض یجوز ویکرہ واقرہ المصنف اور قنیہ مین ہے کہ کم چیز کا خریدنا ثمن گران سے بسبب
حاجت قرض کے جائز ہے اور مکروہ ہے اور مصنف نے اسکو اپنی شرح مین ثابت رکھا ہے ہم اسکی گفتگو عنقریب مذکور ہو چکی قلت وفی معروضات المفتی ابی السعود لو ادان زید اعشرۃ

باثنی عشر او ثلاثۃ عشر بطریق المعاملۃ فی زماننا بعد ان ورد الامر السلطانی وفتوی شیخ الاسلام بان لا تعطی العشرۃ بازید من عشرۃ ونصف دینہ علی ذلک فلم یمتثل ماذا
یلزمہ فاجاب یعزر ویحبس الی ان تظہر توبتہ وصلاحہ فیترک میں کہتا ہوں اور مفتی ابو سعود کے معروضات میں یہ سوال ہے کہ اگر زید نے دس درم بارہ یا تیرہ درم پر قرض
دیے ہمارے زمانے میں بطریق معاملہ کے بعد اسبات کے کہ حکم سلطانی اور فتوی شیخ الاسلام کا وارد ہوا ہے اسپر کہ دس درم ساڑھے دس سے زائد پر نہ دیے جاویں
اور زید کو اسپر آگاہ کر دیا گیا ہو اور اسنے نہ مانا کیا سزا اسپر لازم ہے تو مفتی مرحوم نے جواب دیا کہ اسکو تعزیر دیجاے اور قید کیا جاے یہانتک کہ اسکی توبہ اور صلاحیت
ظاہر ہو تب اسکی خلاصی ہو ہم معاملہ سے مراد بیع العینہ ہے جسکا ذکر کتاب الکفالہ میں آویگا صورت اسکی یہ ہے کہ زید نے محمود سے قرض مانگا اور اسنے یہ حیلہ کیا حصول
نفع کے واسطے کہ ایک کپڑا جسکی قیمت بازار میں دس درم تھی وہ زید کے ہاتھ بارہ درم کو بیچا پھر زید نے اسکو دس درم کو بیچ لیا تو محمود کو دو درم زیادہ حاصل ہوے اور زید کو
دس درم وفی ہذہ الصورۃ ہل یرد ما اخذہ من الربح لصاحبہ فاجاب ان حصلہ منہ بالتراضی ورد الامر بعدم الرجوع لکن الظاہر ان المناسب الامر بالرجوع واقبح من ذلک السلم حتی ان
بعض القری قد خربت بہذا الخصوص انتہی اور اسی صورت مذکورہ میں سوال ہے کہ کیا صاحب دین پھیر دے جو اسنے نفع لیا ہے مدیون سے تو مفتی ممدوح نے جواب دیا کہ اگر اسکو نفع
اس سے بتراضی حاصل ہوا تو حکم سلطانی عدم رجوع پر وارد ہوا ہے لیکن ظاہرا پھیر دینے کا حکم مناسب ہے اور بیع المعاملہ سے مراد سلم ہے یہانتک کہ بعضے قریات اس فعل مخصوص سے ویران ہو گئے
انتہی جواب للمفتی المرحوم یہاں سلم سے ایک قسم خاص مراد ہے یعنی دراہم قلیلہ دیے اور بہت سے گیہوں یا گھی وغیرہ ٹھہرا لیے اسطرح کہ دراہم مدفوعہ نصف ثمن ہو مسلم فیہ کا یا کمتر کذا فی الطحطاوی واللہ تعالی اعلم

باب الربوا

یہ باب ہے ربوا یعنی سود اور بیاج کے احکام میں ہم مرابحہ کے بعد ربوا کو اسواسطے ذکر کیا کہ دونوں میں زیادت ہے مگر یہ مرابحہ کی زیادت حلال ہے اور ربوا کی زیادت حرام قطعی قال
اللہ تعالی (یایہا الذین آمنوا لا تاکلوا الربوا) یعنی حق تعالی نے فرمایا کہ اے ایمان والو بیاج نہ کھاؤ اس آیت میں ربوا سے مراد قدر زائد ہے خواہ زائد قرض میں ہو یا اموال
ربوا کی بیع میں ہو اور کا ہے ربوا نفس زیادت کو بھی کہتے ہیں یعنی بمعنی مصدری قال اللہ تعالی (واحل اللہ البیع وحرم الربوا) یعنی حق تعالی نے فرمایا کہ حلال کیا اللہ نے
بیع کو اور حرام کیا ربوا کو یعنی اموال ربویہ کے قرض اور بیع میں زیادہ دینے لینے کو کذا فی فتح القدیر ملخصا معلوم ہوا کہ جیسے بیع میں سود حرام ہے ویسے ہی قرض میں بھی حرام ہے
تو یہ جو بعضے ناقص الفہم کہتے ہیں کہ سود تو فقط بیع میں حرام ہے نہ قرض میں سو غلط ہے صحیح مسلم وغیرہ میں ابن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی
سود کھانے اور کھلانے والے پر ابو داؤد اور ترمذی میں اتنی روایت زیادہ ہے کہ سود کے دونوں گواہوں اور کاتب پر لعنت فرمائی ابو داؤد اور نسائی میں ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آویگا کہ کوئی باقی نہ رہیگا مگر سود کھائیگا اور اگر سود نہ کھائیگا تو اسکو اسکی بھاپ لگیگی اور ایک روایت
یوں ہے کہ اسکا غبار لگے گا کذا فی التیسیر ہو لغۃ مطلق الزیادۃ ربوا لغت میں مطلق زیادت کو کہتے ہیں یعنی خواہ کیل یا وزن میں زیادت ہو یا سوا اسکے وشرعا فضل ولو حکما فدخل
ربوا النسیئۃ والبیوع الفاسدۃ فکلہا من الربو فیجب رد عین الربوا لو قائما لا رد ضمانہ لانہ یملک بالقبض قنیہ وبحر اور شرع میں ربوا عبارت ہے زیادتی سے اگرچہ زیادتی حقیقی نہو بلکہ حکمی ہو
اس تعمیم سے ربوا نسیئہ یعنی تاخیر کا ربوا اور بیوع فاسدہ ربوا کی تعریف میں داخل ہو گئیں اسواسطے کہ جمیع بیوع فاسدہ منجملہ ربوا ہیں تو واجب ہے پھیر دینا عین ربوا کا
اگر قائم ہو نہ اسکا ضمان اسواسطے کہ ربوا میں عوض مملوک ہو جاتا ہے قبضہ کرنے سے کذا فی القنیہ والبحر ہم نسیہ کی یہ صورت ہے کہ درم کو درم سے بیچے سوا ایک درم نقد کے
اور دوسرے درم کا وعدہ ہو ایک دن یا دو دن کا تو اگرچہ یہاں حقیقی زیادتی نہیں لیکن حکمی ہے کیونکہ نقد بہتر ہے نسیہ سے اور اسیطرح بیوع فاسدہ فضل حکمی سے خالی نہیں
چنانچہ بیع بالشرط میں خال عن عوض خرج مسئلۃ صرف الجنس بخلاف جنسہ ربوا وہ زیادتی ہے جو عوض سے خالی ہو اس قید سے مسئلہ صرف جنس کا اسکے خلاف جنس سے
نکل گیا جو باب الصرف میں مذکور ہوگا کہ اگر پیمانہ بھر گیہوں اور پیمانہ بھر جو اسکے دو چند گیہوں اور جو سے بیع کرے تو جائز ہے کیونکہ گیہوں بمقابل جو اور جو بمقابل گیہوں واقع ہو گئے
تو یہ زیادتی خالی عوض سے نہ ٹھہری کہ بیاج ثابت ہو بمعیار شرعی وہو الکیل والوزن فلیس الذرع والعد بربوا زیادتی خالی از عوض معیار شرعی سے ہو معیار شرعی سے
مراد کیل اور وزن ہے تو گز اور شمار ربوا کی چیز نہیں ہم یعنی کیلی اور وزنی کی زیادتی عوض سے خالی ربوا ہے تو گز اور شمار کی زیادتی ربوا نہیں مثلا دس گز ثوب ہروی کو پانچ گز ثوب ہروی سے

دست بدست بیچا ربوا نہین کیونکہ مقدار شرعی منتفی ہی اوراسیطرح ایک انڈے کو دو انڈون سے دست بدست بیچا ربوا نہین مشروط ذلک الفضل لاحد المتعاقدین
ای بائع او مشتر فلو شرط لغیرہما فلیس بربوا بل بیعا فاسدا اور یہ زیادتی احد المتعاقدین کے واسطے مشروط ہو یعنی بائع اور مشتری کے واسطے تو اگر ان دونون کے سوا غیر کے
واسطے زیادتی مشروط ہو تو یہ ربوا نہین بلکہ بیع فاسد ہی ہم ربوا نہین یعنی مصطلح ربوا نہین والا مذکور ہو چکا کہ بیع فاسد ربوا مین داخل ہی قہستانی نے کہا کہ شرط فضل کا
ترک کرنا بہتر ہی اسواسطے کہ یہ مشعر ہی اسکا کہ ثبوت ربوا شرط فضل پر موقوف ہی حالانکہ ایسا نہین ہی متعاقدین کی تفسیر بائع اور مشتری سے بطور مثال کے ہی کیونکہ مقرض اور
مستقرض اور راہن اور مرتہن بھی بائع اور مشتری کے برابر ہین اسمین تو شرط انتفاع رہن چنانچہ استخدام اور رکوب اور زراعت اور لبس اور شرب لبن اور اکل ثمر یہ سب حرام ہی
چنانچہ جواہر اور قنیہ مین مصرح ہی انتہی کذا فی الطحطاوی فی المعاوضۃ فلیس الفضل فی الہبۃ بربوا فلو شری عشرۃ دراہم فضۃ بعشرۃ دراہم وزادہ دانقا ان وہبہ منہ
انعدم الربوا ولم یفسد الشراء وہذا ان ضرہ الکسر لانہا ہبۃ مشاع لایقسم کما فی الشرح عن الذخیرۃ عن محمد ربوا وہ ہی جسمین فضل مذکور معاوضہ کے اندر مشروط ہو تو فضل ہبہ مین
ربوا نہین اگر خریدے دس درم چاندی کے بعوض دس درم کے اور ایک دانگ یعنی چھٹا حصہ درم کی برابر چاندی ثمن مین زیادہ دے اگر یہ زیادتی بائع کو ہبہ کر دی مشتری نے
تو ربوا معدوم ہو گیا اور خرید فاسد نہوئی یعنی اسواسطے کہ یہ فضل فی الہبہ ہی نہ فضل فی المعاوضہ اور فضل فی الہبہ ربوا نہین اگرچہ فضل مشروط ہو کذا فی الطحطاوی عن الدر
المنتقی اور یہ یعنی صحت ہبہ اسوقت ہی جبکہ بقدر دانگ درم کا توڑنا درم کو مضر ہو اسواسطے کہ یہ ہبہ اس مشاع کا ہی جو قسمت پذیر نہین کذا فی الشرح عن الذخیرۃ عن محمد وفی
صرف المجمع ان صحۃ الزیادۃ والحط قول الامام وان محمدا اجاز الحط وجعلہ ہبۃ مبتدأۃ کحط کل الثمن وابطل الزیادۃ قال ابن الملک الفرق بینہما خفی عندی اور مجمع کے باب
الصرف مین ہی کہ زیادہ کرنے اور کم کر ڈالنے کی صحت امام کا قول ہی اور محمد نے کم کرنا جائز رکھا ہی اور اسکو ہبہ ابتدائی قرار دیا ہی تمام ثمن کے کم کرنے کے مانند اور زیادہ
کرنے کو باطل کہا ہی ابن ملک نے کہا کہ زیادہ اور کم کرنے کے درمیان فرق کرنا میرے نزدیک مخفی ہی ہم طحطاوی نے کہا یہ مسئلہ مستقلہ ہی موضوع اسکا یہ ہی کہ متعاقدین نے عوض
متساویین پر عقد کیا پھر ایک عاقد نے عوض کم کر ڈالا یا زیادہ کر دیا بعد عقد کے اور مسئلہ سابقہ کا موضوع ان دو درمون کے مسئلے کے مانند ہی جسمین ایکدرم کا وزن زیادہ ہی
قال وفی الخلاصۃ لو باع درہما بدرہم واحدہما اکثر وزنا فحللہ زیادتہ جاز لانہ ہبۃ مشاع لایقسم ولو باع قطعۃ لحم بلحم اکثر وزنا فوہب الفضل لم یجز لانہ ہبۃ مشاع یقسم ابن ملک
نے کہا اور خلاصہ مین ہی کہ اگر ایک درم کی بیع کی دوسرے درم سے اور ایک درم کا وزن زیادہ تر ہی پھر زیادہ کو اسنے حلال کر دیا یعنی بطریق ہبہ کے تو جائز ہی کیونکہ
یہ ہبہ مشاع غیر قسمت پذیر کا ہی اور اگر گوشت کا ٹکڑا بیچا دوسرے گوشت کے ٹکڑے سے جبکا وزن اکثر ہی سو زیادتی کو اسنے ہبہ کر دیا تو جائز نہین کیونکہ یہ ہبہ ہی
مشاع قسمت پذیر کا قلت وما قدمنا عن الذخیرۃ عن محمد صریح فی عدم الفرق بینہما وعلیہ فالکل من الزیادۃ والحط والعقد صحیح عند محمد وکذا عند الامام سوی
العقد فیفسد لعدم التساوی فلیحفظ فانی لم ار من تنبہ علی ہذا مین کہتا ہون کہ ہمنے جو ذخیرہ سے محمد کا قول نقل کیا وہ صریح ہی عدم فرق مین زیادہ کرنے
اور کم کرنے کے اور بموجب اسکے تو زیادہ کرنا اور کم کر ڈالنا اور عقد سب کچھ صحیح ہی محمد کے نزدیک اور اسیطرح امام اعظم کے نزدیک سوائے عقد کے کہ وہ فاسد ہی
بواسطہ عدم تساوی عوضین کے اسکو یاد رکھنا چاہیے کہ مین نے وہ شخص نہین دیکھا جسنے اسپر آگاہ کر دیا ہو ہم طحطاوی نے کہا کہ شارح نے یہان ایک مقام کو
دوسرے مقام سے خلط کر ڈالا اسواسطے کہ موضوع ذخیرہ وہ ہی جب کہ زیادت ظاہر ہو گئی ہو احد العوضین مین یعنے بلا قصد اور مجمع کا موضوع وہ ہی جبکہ
عقد متساویین پر ہوئی ہو پھر احد المتعاقدین نے اپنے عوض مین زیادہ کر دیا ہو تو اول مین ہبہ کی تفصیل جاری ہی اور ثانی مین زیادت باطل ہی
اور عقد صحیح ہی وعلتہ ای علۃ تحریم الزیادۃ القدر المعہود بکیل او وزن مع الجنس اور علت اسکی یعنے تحریم زیادت کی علت وہ مقدار ہی جو فقہا کے
نزدیک متعین ہی کیل یا وزن سے ساتھ جنس کے ہم اصطلاح فقہ مین علت وہ ہی جسکی طرف حکم منسوب ہو بلا واسطہ اور ہر چند لفظ قدر ذراع اور عدد کو بھی
شامل ہی لیکن جب قدر معہود فقہا مراد ہوئی تو سوائے کیل یا وزن کے ذراع اور عدد کو شامل نرہی کذا فی الطحطاوی جنس عبارت ہی مشاکلت معانی سے
اور اختلاف جنس معلوم ہوتا ہی اختلاف اسم خاص اور اختلاف مقصود سے اور اصل اس باب مین وہ حدیث ہی جو صحاح ستہ مین سوائے بخاری کے

عبادۃ بن الصامت سے مروی ہی (قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم الذہب بالذہب والفضۃ بالفضۃ والبر بالبر والشعیر بالشعیر والتمر بالتمر والملح بالملح مثلاً بمثل سواء بسواء
یداً بید فاذا اختلف ہذہ الاجناس فبیعوا کیف شئتم اذا کان یداً بید زاد مسلم فمن زاد واستزاد فقد اربیٰ کذا فی النہر والفتح) یعنی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
کہ سونا سونے سے اور چاندی چاندی سے اور گیہون گیہون سے اور جو جو سے اور کھجور کھجور سے اور نمک نمک سے بیچو مثل کو بعوض مثل کے برابر برابر دست بدست پھر جبکہ
یہ اجناس مختلف ہون تو بیچو تم جا ہو جسطرح بشرطیکہ دست بدست ہو صحیح مسلم مین اتنی روایت زیادہ ہی کہ جسنے زیادہ دیا اور زیادہ لیا وہ بیاج کا مرتکب ہوا شارع علیہ السلام نے
اس حدیث مشہور مین تماثل کو شرط بیع قرار دیا تا اموال خلق تلف ہونے سے محفوظ رہین اور اشیاء ستہ کو بطور مثال کے ذکر فرما کر قاعدہ کلیہ کیطرف اشارہ فرمایا اسواسطے کہ
سونا چاندی موزون ہین اور گیہون اور جو اور کھجور اور نمک مکیل ہین تو گویا ارشاد ہوا کہ ہر کیلی اور وزنی چیز مین مماثلت واجب ہی اور پوری مماثلت دو چیز مین واقع
ہوتی ہی باعتبار صورت کے اور باعتبار معنی کے تو کیل اور وزن سے مماثلت صوری حاصل ہوتی ہی اور متحد الجنس ہونے سے مماثلت معنوی اور تحملہ تتمیم تماثل
مساوات ہی تقابض البدلین مین کیونکہ حال کو موخر پر فوقیت ہی مثل مشہور ہی (النقد خیر من النسیئۃ) لہذا امام اعظم نے کہا کہ علت تحریم ربوا کیل یا وزن ہی اتحاد جنسیت کے ساتھ
فان وجدا حرم الفضل ای الزیادۃ و النساء بالمد التاخیر فلم یجز بیع قفیز بقفیز منہ متساویا واحدہما نساء سو اگر مقدار اور جنس دونون ساتھ پائے جائین تو فضل یعنی
زیادتی اور تاخیر دونون حرام ہین اور جائز نہین قفیز بھر گیہون کی بیع قفیز بھر گیہون سے برابر اور حالانکہ ایک عوض مین تاخیر ہو نساء بالمد وفتح نون عبارت ہی تاخیر سے
اسیطرح اگر دونون عوض نسیہ ہون تو بھی حرمت ثابت ہی شارح نے فضل پر تصریح نہ کی بسبب اسکے ظاہر ہونے کے اور اگر فضل اور تاخیر دونون مجتمع ہون تو حرمت
فضل کے سبب سے ہوگی کذا فی الطحطاوی وان عدما بکسر الدال من باب علم ابن ملک حلا کہروی بمرویین لعدم العلۃ فبقی علی اصل الاباحۃ اور اگر مقدار اور اتحاد
جنس دونون معدوم ہون تو زیادتی اور تاخیر دونون حلال ہین چنانچہ ثوب ہروی کی بیع دو ثوب مروی سے بسبب نہونے علت تحریم کے تو بیع اپنی اصل اباحت پر باقی رہی
شارح نے ابن ملک سے نقل کیا کہ عدما بکسر دال علم یعلم کے باب سے ہی ہروی کپڑے مین نفی مقدار تو ظاہر ہی کیونکہ وہ ذرعی ہی نہ کیلی اور وزنی اور نفی جنسیت بسبب اختلاف نام اور
اختلاف مقصود کے ہی پھر جب علت تحریم کے دونون جزء نہ پائے گئے تو بحکم اباحت اصلیہ زیادتی بھی جائز ہوئی اور تاخیر بھی اسیطرح نسخہ گلستان کو دو نسخون میزان الطب سے
بیچنا یا گاڑھے کے ایک تھان کو دھوتر کے دو چار تھانون سے بدلنا حلال ہی اگرچہ احد البدلین نقد ہو اور دوسرا نسیہ وان وجد احدہما ای القدر وحدہ او الجنس حل الفضل
وحرم النساء ولو مع التساوی حتی لو باع عبداً بعبد الی اجل لم یجز لوجود الجنسیۃ اور اگر دونون چیزون مین سے ایک چیز پائی جاوے یعنی فقط قدر یا فقط جنس
تو زیادتی حلال ہوگی اور تاخیر حرام اگرچہ تاخیر تساوی بدلین کے ساتھ ہو تو اگر ایک غلام کو دوسرے غلام سے بیچا کچھ مدت مقرر کرکے تو بیع جائز نہوگی بسبب پائے جانے
جنسیت کے ہم اجتماع امرین مذکورین حقیقی علت تھا تو ایک امر کے ہونے سے شبہہ علت کا ہوگا تو حقیقت علت سے حقیقت فضل حرام ہوئی اور شبہہ علت سے شبہہ فضل کا
یعنی تاخیر اسواسطے کہ تاخیر مشابہ فضل کے ہی اور حقیقت مین فضل نہین تو اگر ایک پیالہ بھر گیہون دو پیانہ بھر جو سے بیچے دست بدست تو جائز ہی کیونکہ یہان فقط قدر ہی اسواسطے کہ
دونون کیلی ہین مگر جنس متحد نہین لہذا زیادت احد البدلین جائز ہوئی اور اگر جو نقد ہون اور گیہون کا وعدہ دو روز کا یا بالعکس تو بیع حرام ہی اور فقط جنس ہونے کی
یہ مثال ہی کہ بیع غلام کی غلام سے یا کتاب کی کتاب سے یا ثوب ہروی کی ثوب ہروی سے یا تخت کی تخت سے اسواسطے کہ اشیاء مذکورہ کیلی یا وزنی نہین اگر کوئی کہے کہ ابو داؤد
مین روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن عمرو بن عاص کو فرمایا کہ ایک اونٹ بعوض دو اونٹ کے بمدت خرید کرے اور موطا مین ہی کہ علی مرتضیٰ نے ایک اونٹ بعوض
بیس اونٹ کے بمدت بیچا تو معلوم ہوا کہ فقط اتحاد جنس محرم تاخیر کا نہین اسکا جواب یہ ہی کہ ترمذی وغیرہ اصحاب سنن نے سمرہ بن جندب سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے حیوان کا بیچنا حیوان سے بطریق نسیئے یعنی مدت ٹھہرا کر منع فرمایا اس حدیث سے قاعدہ معلوم ہوا کہ علت ربوا کا ایک جزء یعنی اتحاد جنس تحریم تاخیر کی پوری علت ہی اور اس
حدیث سے اگلی دونون حدیثین معارض نہین ہوسکتین کیونکہ مبیح ہین اور یہ محرم اور حالانکہ محرم مقدم ہی مبیح پر اور جمع بین الاحادیث یون ہو سکتا ہی کہ اجازت مدت قبل تحریم ربوا کے
ہوگی واللہ تعالیٰ اعلم استثنی فی المجمع والدرر اسلام منقود فی موزون کیلا یفسد اکثر ابواب السلم اور استثنا کیا ہی مجمع اور درر مین نقود کی سلم کا جائز ہونا موزون مین تا اکثر ابواب سلم کے

بند ہو جاوین علم یہ جواب ہو سوال مقدر کا تقریر سوال یہ ہو کہ حدیث مشہور مین وارد ہو کہ درصورت اختلاف جنس فضل جائز ہو اور تاخیر حرام تو اس سے لازم آتا ہو کہ نقدین
دراہم اور دنانیر کو راس المال قرار دینا موزونات مین جیسا کہ زعفران اور روئی وغیرہ مین جائز نہو حالانکہ یہ بالاجماع جائز ہو تقریر جواب یہ ہو کہ تحریم تاخیر سے اسلام نقود کا موزونات
مین بالاتفاق مستثنیٰ ہو والا سلم کے اکثر ابواب بند ہو جاوین اور ہدایہ مین اسکے جواز کی دوسری علت بیان کی ہو یعنی نقود کا وزن تولون اور ماشون سے ہوتا ہو اور زعفران اور
روئی وغیرہ کا سیرون سے پھر جب طریقہ وزن کا مختلف ہوا تو باعتبار صورت کے دونون مختلف ہو گئے علاوہ اسکے اختلاف معنوی اور حکمی بھی یہان ثابت ہو بخلاف معنوی
یہ ہو کہ نقود ثمن غیر متعین ہین اور زعفران اور روئی غیر ثمن متعین اور حکمی اختلاف یہ ہو کہ نقود مین تصرف قبل قبض کے جائز ہو بخلاف مثمن کے تو نقد اور موزونات کو ہر وجہ سے
قدر جامع نہوئی ونقل ابن الکمال عن الغایۃ جواز اسلام الحنطۃ فی الزیت قلت ومفادہ ان القدر بانفرادہ لا یحرم النساء بخلاف الجنس فلیحرر وقد مر فی السلم حرمۃ النساء بتحقق احد
وبالقدر المتفق فتنبہ اور ابن کمال نے نہایۃ التحقیق سے نقل کیا ہو گیہون کی سلم کا جائز ہونا روغن زیتون مین مین کہتا ہون اور ابن کمال کے کلام سے مستفاد ہوا کہ فقط
قدر تاخیر کی محرم نہین بخلاف جنس کے تو اسکی تنقیح کرنا چاہیے اور سلم مین گذر گیا کہ حرمت تاخیر کی جنس اور قدر متفق سے ثابت ہوتی ہو آگاہ رہنا چاہیے عبارت ابن کمال
یہ ہو کہ (قد نص علی جواز اسلام الحنطۃ فی الزیت عندنا) انتہی بلفظہ یعنی ہمارے مذہب مین گیہون کا سلم زیتون مین منصوص ہو اور وجہ اسکی یہ ہو کہ دونون مختلف القدر ہین کیونکہ
گیہون کیلی ہین اور زیتون وزنی تو ابن کمال کے کلام سے کہان یہ نکلا کہ فقط قدر محرم تاخیر نہین کیونکہ اُسنے اسلام مکیل کا موزون مین فرض کیا ہو اور حالانکہ وہ دونون
مختلف القدر ہین تو جواز اسلام موزون کا موزون مین یا مکیل کا مکیل مین کیونکر نکلا تو اب مقام خوب منقح ہو گیا زیادہ اس سے کچھ تنقیح کی حاجت نرہی اور جب سلم مین
یہ ثابت ہوا کہ قدر متفق تاخیر کی محرم ہو تو اب اسکے سوا کچھ تنقیح باقی نرہی کذا فی الطحطاوی ثم فرع علی الاصل الاول بقولہ فحرم بیع کیلی ووزنی بجنسہ متفاضلا
ولو غیر مطعوم خلافا للشافعی کجص کیلی وحدید وزنی شارح کہتا ہو پھر اصل اول یعنی درصورت وجود قدر اور جنس پر مصنف نے تفریع کی لینے اس قول سے
تو حرام ہو کیلی کی بیع اپنی ہمجنس کیلی سے اور وزنی کی بیع اپنی ہمجنس وزنی سے بڑھا کر اگرچہ کیلی اور وزنی کھانیکی چیز نہو بخلاف امام شافعی کے چنانچہ گچ کیلی
اور لوہا وزنی ہو جیسے کیلی کا کیلی سے اور وزنی کا وزنی سے تفاضل حرام ہو ویسے ہی نسیہ بھی حرام ہو لیکن مصنف نے اسواسطے ترک کیا کہ حرمت تفاضل کو حرمت
نسیہ لازم ہو بالعکس اور حلت تاخیر کو حلت تفاضل لازم ہو بلا عکس کذا فی الحلبی ثم اختلاف الجنس یعرف باختلاف الاسم الخاص واختلاف المقصود کما بسط
الکمال پھر معلوم کرنا چاہیے کہ اختلاف جنس کا معلوم ہوتا ہو اسم خاص کے اختلاف سے اور مقصود کے اختلاف سے چنانچہ شرح کیا ہو اسکو صاحب فتح القدیر نے ہم فتح
القدیر مین ہو کہ اختلاف جنس اختلاف اسم خاص اور اختلاف مقصود سے معلوم ہوتا ہو تو گیہون اور جو دو جنسین ہین اور ثوب ہروی اور مروی دو جنسین ہین بناوٹ کے اختلاف کے
سبب سے اور قیام ثوب کا صنعت کی جہت سے ہو اور تمر یعنی کھجور کا پھل سب ایک ہی جنس ہو اور لوہا اور رانگا اور پیتل اجناس مختلفہ ہین اور اسیطرح صوف اور بالون کا
سوت اور گاے بھیڑ اور بکری کا گوشت اور دُنبے کی چکتی اور گوشت اور پیٹ کی چربی اجناس مختلفہ ہین اور روغن بنفشہ اور خیری دو جنسین ہین اور دہان جنکے اصول
مختلف ہین وہ اجناس مختلفہ ہین انتہی ملخصا اور لحوم ابل جنس واحد ہین اور ابو یوسف سے مروی ہو کہ لحوم طیر کی بیع بعض طیر کی بعض سے زیادہ کرکے درست ہو اگرچہ
طیر نوع واحد ہو اسواسطے کہ چڑیون کا گوشت موزون ہو کر بیع نہین ہوتا عادت مین کذا فی النہر وحل بیع ذلک متماثلا لا متفاضلا اور بیع اسکی یعنے متحد القدر والجنس
کی بیع برابر حلال ہو نہ بڑھا کر وبلا معیار شرعی فان الشرع لم یقدر المعیار بالذرۃ وبمادون نصف صاع کحفنۃ بحفنتین وثلث وخمس مالم یبلغ نصف صاع اور حلال ہو بیع
بتفاضل بدون معیار شرعی کے اسواسطے کہ شرع نے بقدر جو یا نصف صاع سے کمتر کی کوئی معیار مقرر نہین فرمائی چنانچہ بیع ایک لپ بھر کی دو لپ سے اور تین اور
پانچ سے جب تک نصف صاع کو نہ پہنچے ہم معیار عبارت ہو پاسنگ سے یعنی وہ آلہ جس سے مساوات کیلی یا وزنی معلوم ہو جاوے نہر الفائق مین ہو کہ ایک لپ کی
بیع اسواسطے صحیح ہوئی کہ معیار موجود نہین جس سے مساوات معلوم ہو اسواسطے کہ شارع نے واجبات مالیہ مین چنانچہ کفارات اور صدقہ فطر مین نصف صاع سے کمتر
تقدیر نہین فرمائی تو اس سے معلوم ہوا کہ اگر نصف صاع سے کمتر کوئی پیمانہ موضوع ہو چنانچہ بیع اور ثمن قدح مصر مین رائج ہو تو اسکا تفاضل معتبر نہین یہ اُس صورت مین ہو کہ جب

احد البدلین نصف صاع کو نہ پہونچے اور اگر نصف صاع ہوگا تو بیع جائز نہین فتح القدیر مین کہا کہ قول صحیح یہ ہی کہ لپ دو لپ مین بھی ربوا ثابت ہی انتہی و تفاحۃ
بتفاحتین وفلس بفلسین او اکثر باعیانہما لو اخرہ لکان اولی لمافی النہر انہ قید فی الکل فلو کانا غیر معینین او احدہما لم یجز اتفاقا اور حلال ہی بیع ایک سیب کی
دو سیب سے اور ایک پیسے کے دو پیسے سے یا زیادہ سے بشرطیکہ دونون بدل متعین ہون شارح نے کہا کہ اگر مصنف تعیین بدلین کی شرط سب مثالون کے بعد لاتا
تو خوب تر ہوتا اسواسطے کہ نہر الفائق مین ہی کہ تعین سب مین قید ہی تو اگر دونون عوض غیر معین ہون یا ایک غیر معین ہو تو بیع جائز نہین باتفاق شیخین اور محمد کے و تمرۃ بتمرتین
وبیضۃ ببیضتین وجوزۃ بجوزتین وسیف بسیفین ودواۃ بدواتین واناء باناءین الفقل منہ مالم یکن احد النقدین فیمتنع التفاضل فتح اور حلال ہی ایک کھجور کی بیع دو کھجور سے
اور ایک انڈے کی دو انڈون سے اور ایک اخروٹ کی دو اخروٹ سے اور ایک تلوار کی دو تلوار سے اور ایک دوات کی دو دوات سے اور ایک برتن کی دو برتن
بھاری سے بشرطیکہ برتن سونے یا چاندی کا نہو اور اگر سونے یا چاندی کا برتن ہوگا تو تفاضل ممتنع ہی کذا فی الفتح و ذرۃ بذرتین و ذرۃ من ذہب و فضۃ
مما لا یدخل تحت الوزن بمثلیہا فیجوز التفاضل لفقد القدر و حرم النساء لوجود الجنس حتی لو تقابلا حفنۃ بحفنتین شعیر فیحل مطلقا لعدم العلۃ و حرم الکل محمد و صحح کما نقلہ الکمال
اور حلال ہی بیع ایک سوئی کی دو سوئی سے اور ذرہ برابر سونے اور چاندی کی بیع جو تحت الوزن داخل نہین دونون کے مماثل ہجنس سے یعنی ایک ذرہ کی بیع
دو ذرے سے تو فضل جائز ہی جمیع امثلہ سابقہ مین بسبب نہونے مقدار کے یعنی اشیاے مذکورہ کیلی اور وزنی نہین اور تاخیر حرام ہی بسبب پائے جانے جنس کے
یعنی چونکہ بدلین متحد الجنس ہین لہذا تاخیر حرام ہی یہان تک کہ اگر جنس بھی منتفی ہو چنانچہ ایک لپ بھر گیہون کی بیع جو کے دو لپ سے تو تاخیر حلال ہی مطلقا خواہ فضل ہو
یا نہو بسبب معدوم ہو جانے علت ربوا کے اور حرام کہا ہی محمد نے سب کو یعنی امثلہ سابقہ کی بیع کو اور اس قول کی تصحیح ہوئی ہی چنانچہ اسکو کمال الدین نے فتح القدیر مین
نقل کیا ہی و فی فتح القدیر مین یون ہی کہ اس سے تسکین خاطر نہین ہوتی بلکہ جب علت تحریم ربوا صیانت اموال ناس ٹھہری تو واجب ہی تحریم ایک سیب کی دو سیب سے اور
ایک لپ کی دو لپ سے اور اگر مکاییل نصف صاع سے کمتر ہون چنانچہ ہمارے دیار مصر مین ہین تو کچھ بھی شک نہین اور عدم تقدیر شرعی کمتر از نصف صاع اسکی مستلزم نہین
کہ تفاوت متیقن کو باطل کر دیجئے اور مجکو فقہا کے اس کلام سے نہایت تعجب آتا ہی اور حالانکہ معلی نے محمد سے روایت کی ہی کہ انکے نزدیک مکروہ ہو تمر کی بیع دو تمر سے اور محمد نے کہا ہی
کہ جو شی کثیر مین حرام ہی اسکے قلیل مین بھی حرام ہی انتہی ملخصا و ما نص الشارع علی کونہ کیلیا کبر و شعیر و تمر و ملح او وزنیا کذہب و فضۃ فہو کذلک لا یتغیر ابدا فلم یصح بیع
حنطۃ بحنطۃ وزنا کما لو باع ذہبا بذہب او فضۃ بفضۃ کیلا ولو مع التساوی لان النص اقوی من العرف فلا یترک الاقوی بالادنی اور جس چیز کے کیلی ہونے پر صاحب
شرع نے تصریح کی چنانچہ گیہون اور جو اور کھجور اور نمک یا جسکے وزنی ہونے پر تصریح فرمائی چنانچہ سونا اور چاندی سو وہ اسی طرح ہی تا قیامت کبھی متغیر نہوگا تو صحیح نہین بیع
گیہون کی گیہون سے تول کر کیونکہ وہ وزنی ہین اگرچہ تساوی بدلین کے ساتھ بیع ہو اسواسطے کہ نص شارع قوی تر ہی عرف سے تو اقوی متروک نہوگا ادنی سے [illegible] اسواسطے
عرف سے اقوی ہی کہ رواج کا ہے باطل پر ہو جاتا ہی جیسے ہمارے زمانے مین متعارف ہی کہ شمع اور چراغ قبرستان مین لیجاتے ہین عید کی راتون مین اور نص شارع بعد از ثبوت
باطل پر نہین ہو سکتی اور عرف اہل عرف پر حجت ہی اور نص کل پر حجت ہی کذا فی فتح القدیر و مالم ینص علیہ حمل علی العرف اور جس چیز کے کیلی یا وزنی ہونے پر شارع
سے تصریح نہین تو وہ رواج پر محمول ہی یعنی اگر رواج ہی اسکے کیل کا تو وہ کیلی ہی اور اگر وزن کی عادت ہی تو وہ وزنی ہی و عن الثانی اعتبار العرف مطلقا و رجحہ الکمال
ابو یوسف کے نزدیک عرف کا اعتبار ہی ہر طرح سے اگرچہ کیل یا وزن کا رواج مخالف شرع ہو اور اسی قول کو ترجیح دی ہی کمال الدین نے فہم ابو یوسف کے نزدیک
عرف مطلقا اسواسطے معتبر ہوا کہ گیہون وغیرہ کا کیلی ہونا اور چاندی سونے کا وزنی ہونا جو شرع مین وارد ہوا ہی تو اسوجہ سے ہی کہ شارع علیہ السلام کے زمانے مین اشیاء مذکورہ کیلی
یا وزنی مروج تھین پھر جب رواج بدل جاوے تو رواج ہی کا اعتبار ہوگا و خرج علیہ سعدی افندی استقراض الدراہم عددا و بیع الدقیق وزنا فی زماننا یعنی بمثلہ اور ابو یوسف کے قول پر سعدی افندی نے
استخراج کیا ہی دراہم کا قرض لینا گن کر اور بیع آٹے کی ہمارے زمانے مین اسکے مانند سے تول کر یعنی دراہم وزنی ہین اور آٹا کیلی تو جواز استقراض دراہم اور آٹے کی بیع اسکی مثل سے
تول کر جائز نہین مگر عرف کے اعتبار پر اور یہ بھی توجیہ جواز استقراض پر ہو سکتی ہی کہ باعتبار عادت کے دراہم کے وزن مین اختلاف نہین ہوتا فتاوی عالمگیری

مین تاتارخانیہ سے منع استقراض دراہم گن کر وارد ہی اور غیاثیہ مین ابو یوسف سے منقول ہی کہ استقراض دقیق تول کر جائز ہی اگر لوگون مین رواج ہوا اور اسی پر فتوی ہی
تو اب سعدی افندی کے استخراج کی کچھ حاجت نہی کذا فی الطحطاوی وفی الکافی الفتوی علی عادۃ الناس بحر واقرہ المصنف اور کافی مین وارد ہی کہ لوگون کی عادت پر
فتوی ہی کذا فی البحر اور مصنف نے اپنی شرح مین اسکو ثابت رکھا ہی ہم کافی کے فتوی کے موافق ہندوستان مین گیہون کا بدلنا گیہون سے اور جو کا جو سے تول کر جائز ہی
کیونکہ کیل یہان رائج نہین وزن ہی مروج ہی واللہ تعالی اعلم ثم المعتبر تعیین الربوی فی غیر الصرف ومصوغ ذہب وفضۃ بلا شرط التقابض حتی لو باع
برا ببر بعینہما وتفرقا قبل القبض جاز خلافا للشافعی فی بیع الطعام اور مال ربوا کا متعین ہونا معتبر ہی غیر صرف مین اور سونے چاندی کے برتن اور زیور کے غیر
مین بلا شرط التقابض کے تو اگر گیہون گیہون سے بیچے معین کرکے اور بائع اور مشتری متفرق ہوئے قبل قبض کے تو جائز ہی بخلاف امام شافعی کے بیع طعام
مین ولو احدہما دینا فان ہو الثمن وقبضہ قبل التفرق جاز اور اگر احد البدلین دین ہو تو اگر وہ ثمن ہوا اور اسپر قبضہ کرلے قبل تفرق کے تو بیع جائز ہی ہم
مثلاً گیہون کو گیہون سے بیچا اور ایک دین ہی تو اگر وہ ثمن ہی یعنی مدخول باء جارہ ہی اس طرح پر کہ (بعت منک ہذا القفیز من الحنطۃ) اور جو مدخول باء جارہ نہین
وہ مبیع ہی قبض اسواسطے شرط ہوا کہ دین متعین نہین ہوتا مگر قبض سے والا فالبیعہ بالیس عندہ سراج اور اگر دین ثمن نہو بلکہ مبیع ہو تو بیع جائز نہین
کیونکہ یہ بیع اس چیز کی ہی جو اسکے پاس نہین کذا فی السراج وجید مال الربوا لا حقوق العباد وردیئہ سواء اور ربوا کا کھرا مال اور کھوٹا برابر ہی اور حقوق
عباد مین کھرا کھوٹے کے برابر نہین ہم ربوا مین کھرا کھوٹا اسواسطے برابر ٹھہرا اگر جودت اور ردائت کا تفاوت معتبر ہو تو بیع کا باب بند ہو جاوے اسواسطے
کہ مثلاً گیہون دوسرے گیہون کے مثل نہین ہوسکتے ہر وجہ سے اور اسواسطے کہ وصف کو عرف مین تفاوت (کھرا ہونا کھوٹا ہونا) شمار نہین کرتے اور اسواسطے کہ حدیث مین وارد ہی جیدہا
وردیہا سواء کذا فی الطحطاوی بسبب کھرا مال اور کھوٹا برابر ٹھہرا تو ایک کی بیع دوسرے سے کم زیادہ کرکے جائز نہین مال ربوا کی قید اسواسطے لگائی کہ حقوق العباد
مین جودت ردائت کے برابر نہین تو اگر زید خالد کا مال تلف کریگا تو اسکے برابر مقدار اور جودت مین زید پر دینا لازم آویگا اگر مال مثلی ہو والا قیمت اسکی لازم ہوگی ولکن مستحق جودت
بعقد بیع نہوگا کذا فی الطحطاوی الا فی اربع مال وقف ویتیم ومریض وفی القلب الرہن اذا انکسر اشباہ مگر چار مسائل مین مال ربوا کی جودت اور ردائت برابر نہین وقف ویتیم
اور مریض کے مال مین اور گروی پاک بخت کنگن مین جبکہ وہ ٹوٹ جاوے کذا فی الاشباہ ہم مال وقف کو مال یتیم سے صاحب بحر نے ملحق کیا ہی بطریق بحث کے تو اگر وصی یتیم
کے مال سے ایک قفیز جیدہ گیہون دو ردی گیہون کی قفیز سے بیع کرے تو جائز نہین اور اگر مریض قریب المرت جید کو ردی سے بیع کرے تو یہ تصرف ثلث مال مین نافذ ہوگا یعنی
برعایت حق ورثا اور اگر گروی کنگن مرتہن کے پاس ٹوٹ کر کم قیمت ہوجاوے تو مرتہن پر قیمت غیر منکسر کا ضمان لازم آویگا کذا فی الطحطاوی وباع فلوسا بمثلہا او بدراہم
او دنانیر فان نقد احدہما جاز وان تفرقا بلا قبض احدہما لم یجز کما مر فلوس کو بیچا فلوس سے یا دراہم یا دنانیر سے پھر اگر احد البدلین کو نقد دیا تو جائز ہی اور اگر بائع اور مشتری
متفرق ہوے بلا قبض احد البدلین کے تو بیع جائز نہین چنانچہ مذکور ہوچکا ہم حاوی مین ہی کہ مبیع مذکور اسواسطے صحیح ہی کہ بیع الفلوس بالفلوس مین یا وبیع الفلوس باحد النقدین
مین تقابض شرط نہین چنانچہ کلام قدوری اسپر دلالت کرتا ہی اور کلام محمد یہین مختلف ہی انتہی اور بیع الفلس بالفلس مین اشتراط تعیین مذکور ہوچکا نہ قبض کذا فی الحلبی کما جاز بیع
اللحم بالحیوان ولو من جنسہ لانہ بیع الموزون بما لیس بموزون فیجوز کیف ما کان بشرط التعیین لا النسیئۃ فلا جیسے جائز ہی بیع گوشت کی جانور سے اگرچہ گوشت جانور کے جنس سے
ہو مثلاً گاے کا گوشت گاے یا بیل سے بیع کرے تو جائز ہی کیونکہ یہ بیع وزنی چیز کی ہی غیر وزنی سے تو جائز ہی جس طرح سے کہ ہو برابر یا کم و بیش بشرط تعیین کے اور بطریق
نسیہ تو جائز نہین ہم اگر گوشت جانور کی جنس سے ہو تو ظاہر ہی کہ اتحاد جنس مین تاخیر حرام ہی اور اگر خلاف جنس سے ہو مثلاً گاے کا گوشت بکری سے بیع کرے تو اگر
نسیہ بکری مین ہی تو یہ سلم ہی حیوان مین اور اگر اسکے برعکس ہی تو یہ سلم ہی گوشت مین حالانکہ حیوان اور لحم دونون مین سلم جائز نہین وشرط محمد زیادۃ المجانس اور محمد نے
شرط کیا ہی زیادہ ہونا مجانس کا لحم مجانس سے گوشت متنازع مراد ہی تاکچھ گوشت جانور کے گوشت کے مقابل ہو اور کچھ گوشت اسکے جگر اور طحال وغیرہ کے مقابل ہو والا

ربوا ثابت ہوگا کذا فی الحلبی وفی البائع مذبوحۃ بجنسہ اوبغیر جنسہ جاز اتفاقا وکذا المسلوختین ان تساویا وزنا ابن ملک واراد بالمسلوختہ المفصولۃ عن السقط

الگرش واسعاد بحراور اگر مذبوح جانور کو زندہ جانور سے یا مذبوح سے بیچا تو باتفاق شیخین اور محمد کے جائز ہی اور اسیطرح کھال اور ھیٹرے دو جانورون کی باتفاق بیع
جائز ہی اگر دونون وزن مین برابر ہون کذا ذکرہ ابن ملک و طحاوی نے مسالخ سے اُس جانور کا ارادہ کیا جو اوجھڑی اور انتڑیون وغیرہ سے جدا ہو کذا فی البحر
م طحطاوی نے کہا کہ بحر الرائق مین ضمیر اراد طحاوی کی طرف راجع ہی شارح کو مناسب تھا کہ اُسکا کلام ذکر کرتا اُسکا ربط اُسسے ہوجاتا منح الغفار مین ہی کہ سقیط تقین
وہ ہی جسپر گوشت کا نام منطبق نہین ہوتا چنانچہ کھال اور اوجھڑی اور انتڑیان اور تلی وکما جاز بیع کرباس بالقطن وغزل مطلقا کیف ماکان لاختلافہما جنسا اور
جیسے جائز ہی بیع روئی کے کپڑے کی روئی اور سوت سے مطلقاً جسطرح سے ہو برابر یا زیادہ بسبب مختلف ہونے دونون کے باعتبار جنس کے یعنی اسواسطے کہ کپڑا الگ
نقض کے سوت اور روئی نہین ہوجاتا کذا فی البحر کبیع قطن بغزل القطن فی قول محمد وہو الاصح حاوی جیسے روئی کی بیع روئی کے سوت سے جائز ہی مطلقاً محمد کے
قول مین اور یہی قول اصح ہی کذا فی الحاوی القدسی وفی القنیۃ لاباس بغزل قطن بثیاب قطن یدا بید لانہما لیسا بموزونین ولا بجنسین وکذلک غزل کل جنس بثیابہ اذالم
توزن اور قنیہ مین ہی کہ کچھ مضائقہ نہین روئی کی سوت کی بیع مین روئی کے کپڑون سے دست بدست اسواسطے کہ دونون موزون نہین جو زیادتی جائز ہو اور دونون
مختلف الجنس نہین کہ دست بدست شرط ہوا اور اسی طرح مطلقاً دست بدست جائز ہی بیع ہر جنس کے سوت کی اُسکے کپڑے سے بشرطیکہ سوت موزون نہو تا ہوم
مسئلہ سابقہ سے معلوم ہوا کہ سوت اور کپڑا مختلف الجنس ہین تو اس سے معلوم ہوتا ہی کہ ایک کی بیع دوسرے سے بھی بطریق نسیہ جائز ہو لیکن قنیہ کا قول اقرب بصواب ہی
کہ تفاضل جائز ہی نہ تاخیر کذا فی الطحطاوی عن البحر وکبیع رطب برطب وتمر متماثلا کیلا لا وزنا خلافا للعینی فی الحال لا المآل خلافا لہما فلو باع مجازفۃ ثم وازنہ لم یجز الا اتفاقاً
ابن ملک اور چنانچہ جائز ہی بیع تر کھجور کی تر کھجور سے اور خشک کھجور سے برابر برابر کیل کی رو سے نہ وزن سے بخلاف عینی کے کہ وہ تماثل وزنی کا قائل ہی امام کے نزدیک تساوی
رطب کی تمر سے فی الحال شرط ہی نہ انجام کار مین بخلاف صاحبین کے کہ اُنکے نزدیک فی الحال کی تساوی کافی نہین پھر جب تماثل کیلی شرط ہوا تو اگر بیع بطور تخمین اور موازنہ کے
ہوئی تو باتفاق امام اور صاحبین کے جائز نہین کذا صرح ابن ملک م صاحبین اور باقی ائمہ ثلثہ کے نزدیک رطب کی بیع تمر سے اسواسطے جائز نہین کہ رطب کم ہوجاتا ہی
خشک ہوکر انجام کار مین اور امام اعظم کے نزدیک مساوات عقد کے وقت معتبر ہی اور ثانیاً حال کا کم ہوجانا مساوات فی الحال کا مانع نہین بشرطیکہ موجب اُسکا امر خلقی ہو
مساوات کیلی اسواسطے بالاتفاق شرط ہوئی کہ تخمین اور وزن سے مساوات معلوم نہین ہوتی اسواسطے کہ ایک چیز دوسری چیز سے بھاری ہوتی ہی ترازو مین اور
پیمانے مین ہلکی ہوتی ہی کذا فی الطحطاوی امام اعظم جب بغداد مین وارد ہوے تو اہل حدیث نے سوال کیا کہ رطب کی بیع تمر سے جائز ہی یا نہین امام نے کہا کہ دو حال
سے خالی نہین کہ رطب تمر ہی یا نہین اگر تمر ہی تو عقد جائز ہی بدلیل حدیث التمر بالتمر اور اگر تمر نہین ہی تو بھی عقد جائز ہی بدلیل حدیث (اذا اختلف النوعان فبیعوا کیف شئتم) پھر اہل
حدیث نے وہ حدیث وارد کی جو موطا اور سنن اربعہ مین زید بن عیاش عن سعد بن ابی وقاص سے مروی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال ہوا خرید کرنے
تمر کا رطب سے تو ارشاد ہوا کہ رطب کیا کم ہوجاتا ہی خشک ہوکر لوگون نے کہا ہان تو اس سے ہمکو منع فرمایا انتہی امام اعظم نے جواب دیا کہ اس حدیث کا مدار روایت زید
بن عیاش پر ہی اور زید بن عیاش کی حدیث مقبول نہین بعضون نے یون جواب دیا ہی کہ بر تقدیر صحت سند حدیث مذکور نہی بیع کی بطریق نسیہ مراد ہی اسواسطے کہ ابوداؤد
اور حاکم اور دار قطنی اور طحاوی نے شرح معانی الآثار مین یحیی بن کثیر سے روایت کی کہ ابوعیاش نے جسکا نام زید بن عیاش ہی سعد بن ابی وقاص سے سنا کہ نہی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن بیع الرطب بالتمر نسیئۃ یعنی منع فرمایا بیچنا رطب کا تمر سے بطریق تاخیر کے وتمامہ فی فتح القدیر وعنب بعنب اور بزبیب متماثلا کذلک اور چنانچہ
جائز ہی بیع تر انگور سے یا خشک انگور سے برابر برابر اسیطرح یعنی فی الحال نہ فی المآل وکذا کل ثمرۃ تجف کتین ورمان یباع رطبہا برطبہا وبیابسہا اور اسیطرح جو پھل کہ خشک ہوتا ہی
چنانچہ انجیر اور انار اُسکا تر بیچا جاوے تر سے اور خشک سے کبیع بر رطبا او مبلولا بمثلہ وبالیابس جیسے جائز ہی بیع تر یا بھگوئے گیہون کی اپنی مثل سے اور خشک سے وکذا بیع تمر او
زبیب منقوع بمثلہ وبالیابس منہما خلافا لمحمد زیلعی اور اسیطرح جائز ہی بیع بھگوئی خشک کھجور یا انگور کی اُسکے مانند سے یا دونون کی خشک سے بخلاف محمد کے کذا فی الزیلعی کہ آگے
نزدیک حنطہ یابس کی بیع مبلول سے جائز نہین بشرط انتفاخ والا جائز ہی کذا فی الطحطاوی عن الخلاصۃ وفی العنایۃ کل تفاوت خلقی کالرطب والتمر والجید والردی فہو ساقط الاعتبار وکل تفاوت
گندم خشک ۱۲ پھولنا ۱۲

بصنع العباد کالحنطة بالدقیق والحنطة المقلیة بغیرہا الفیسد کما سیجی اور عنایہ مین ہی کہ جو تفاوت پیدایشی ہی چنانچہ تر کھجور اور خشک کھجور اور عمدہ اور ناقص پس وہ ساقط
الاعتبار ہی یعنی اُنمین تفاضل جائز نہین اور جو تفاوت کہ آدمیون کے فعل سے ہی چنانچہ گیہون کی بیع آٹے سے اور بھُنے گیہون کی بیع بن بھنے سے وہ مفسد ہی
چنانچہ آگے مذکور ہوگا و کبیع لحوم مختلفة بعضہا ببعض متفاضلا یدا بید اور جیسے جائز ہی بیع لحوم مختلفہ کی بعض کی بعض سے زیادہ کرکے دست بدست ہم
لحوم مختلفہ مین تفاضل جائز ہوا بسبب اختلاف جنس کے اور دست بدست کی شرط ہوئی بسبب اتحاد قدر کے و لبن البقر و الغنم اور جائز ہی بیع گاے کے دودھ کی بکری کے
دودھ سے بڑھا کر دست بدست بخلاف بکری اور بھیڑ کے دودھ کے کہ اُنمین تفاضل جائز نہین کہ دونون ایک ہی جنس ہین کذا فی الطحطاوی و خل دقل بفتحتین ردی التمر
خصہ باعتبار العادة بخل عنب اور جائز ہی ناقص کھجور کے سرکے کی بیع انگوری سرکے سے بڑھا کر دقل بفتح دال و قاف عبارت ہی ناقص کھجور سے اسکو مخصوص ذکر کیا
باعتبار عادت کے یعنی ہر کھجور کے سرکے کا یہی حکم ہی لیکن عادت خلق یہ ہی کہ ناقص کا سرکہ بناتے ہین لہذا فقط اُسکو مذکور کیا و شحم البطن بالیة بالفتح ما یسمیہ العوام لیة او لحم اور جائز ہی
بیع پیٹ کی چربی کی دُنبہ کی چکتی سے یا گوشت سے اگرچہ دُنبے کا گوشت ہو کذا فی الطحطاوی و الیة بفتح الف وہ ہی جسکو عوام عرب لیہ کہتے ہین و خبز ولو من بر او دقیق ولو منہ
اور جائز ہی روٹی کی بیع گیہون اور آٹے سے اگرچہ گیہون کی روٹی اور گیہون کا آٹا ہو تو بھی زیادتی جائز ہی اسواسطے کہ روٹی بسبب فعل عباد کے دوسری جنس ہو گئی بکیل
بخلاف گیہون اور آٹے کے کہ وہ دونون مکیل ہین تو قدر و جنس دونون مفقود ہین یہانتک کہ بیع بطریق نسیہ بھی جائز ہی کذا فی الطحطاوی عن البحر و زیت مطبوخ بغیر مطبوخ و دہن
مربی بالبنفسج بغیر المربی منہ متفاضلا وزنا کیف کان لاختلاف اجناسہا فلو اتحد المربی متفاضلا الا فی لحم الطیر لانہ لا یوزن عادة حتی لو وزن لم یجز زیلعی اور جائز ہی بیع روغن زیتون
پختہ کی غیر پختہ سے اور روغن بنفشہ کی روغن سادہ سے بڑھا کر یا تول کر جسطرح سے ہو بسبب مختلف ہونے اُنکی اجناس کے یعنے لحوم مختلفہ سے لیکر روغن بنفشہ تک سب کی بیع مین
تفاضل اسواسطے جائز ہوا کہ اجناس مختلفہ ہین اگر متحد الجنس ہون تو تفاضل جائز نہین مگر چڑیون کے گوشت مین باوجود اتحاد جنس تفاضل جائز ہی کیونکہ اُنکا گوشت موزون
نہین رواج مین اگر اُسکا بھی تولنا رائج ہو تو تفاضل جائز نہین کذا فی الزیلعی وفی الفتح لحم الدجاج والاوز وزنی فی عادة مصر وفی النہر لعلہ فی زمنہ اما زمننا فلا والحاصل
ان الاختلاف باختلاف الاصل او المقصود او بتبدل الصفة فلیحفظ اور فتح القدیر مین ہی کہ مرغی اور بط کا گوشت وزنی ہی مصر کی عادت مین اور نہر الفائق مین ہی کہ شاید
وزنی ہونا اُسکے زمانے مین ہوگا ہمارے زمانے مین تو مصر مین وزنی نہین اور خلاصہ یہ ہی کہ اختلاف جنس کا اصل کے اختلاف سے ہی یا اختلاف مقصود سے یا تبدل صفت سے
یعنے صاحب فتح
اُسکو یاد رکھنا چاہیے ہم اختلاف اصل چنانچہ گاے کا گوشت بکری کے گوشت کے ساتھ اور اختلاف مقصود چنانچہ چربی اور دُنبے کی چکتی مین اور تبدل صفت چنانچہ زیت
مطبوخ غیر مطبوخ کے ساتھ وجاز الاخیر ولو الخبز نسیئة بہ یفتی دُرر ای اذا اتی بشرائط السلم لحاجة الناس والاحوط المنع اذ قلما یقبض من جنس ما سمی اور جائز ہی اخیر صورت یعنے روٹی کی
بیع گیہون اور آٹے سے اگرچہ روٹی کی تسلیم مین تاخیر ہو اُسی کا فتوی ہی کذا فی الدرر یعنی تاخیر اُسوقت جائز ہی جب سلم کی شرائط پوری ملجاوے فتوی ہوا ہی بسبب حاجت
آدمیون کے اور زیادہ تر احتیاط منع سلم مین ہی اسواسطے کہ اکثر قبض واقع ہوتا ہی سمی کی جنس سے ہم یعنی اکثر ہوتا ہی کہ سلم ہوتا ہی گیہون کی روٹی مین اور مقبوض جو کی روٹی ہوتی ہی
تو اسمین استبدال مسلم فیہ ہی اُسکے قبضہ ہونے سے پہلے اور یہ جائز نہین وفی القہستانی معزیا للخزانة الاحسن ان یبیع خاتما مثلا من الخباز بقدر ما یرید من الخبز و یجعل الخبز الموصوف
بصفة معلومة ثمنا حتی یصیر دینا فی ذمة الخباز و یسلم الخاتم ثم یشتری الخاتم بالبر اور قہستانی مین خزانہ سے منقول ہی کہ بہتر طریقہ گیہون کے سلم کرنے کا روٹی مین یہ ہی
کہ مثلا انگوٹھی بیچے نان بائی سے بقدر ارادہ روٹی کے اور اُس روٹی کو جو موصوف بصفت معین ہی ثمن قرار دے تاکہ وہ نان بائی کے ذمے پر دین ہو جاوے اور
انگوٹھی اسکو تسلیم کرے پھر انگوٹھی گیہون سے خرید کرے یعنی اس طریق سے شرائط سلم مشروط نہونگی وفیہ معزیا للمضمرات یجوز السلم فی الخبز وزنا و کذا عددا و علیہ الفتوی ثم حکی
جواز استقراضہ ایضا اور قہستانی مین مضمرات سے منقول ہی کہ سلم جائز ہی روٹی مین تول کر اور اسیطرح گن کر اور اسی پر فتوی ہی اور روٹی کا جواز استقراض مذکور ہوگا ہم سلم کا
جواز روٹی مین گن کر قہستانی مین مذکور نہین علاوہ اسکے روٹی معدود و منضبط نہین تو سلم کیونکر صحیح ہوگی اور حاشیہ ابو سعود مین نہر الفائق سے منقول ہی کہ روٹی مین سلم
ابو یوسف کے نزدیک جائز ہی کیونکہ وہ وزنی ہی اُنکے نزدیک تو سلم جائز ہی بشرط وزن اگرچہ رواج شمار کا ہو کذا فی الطحطاوی و جاز بیع اللبن بالجبن لاختلاف المقاصد

والاسم حاوی اور جائز ہے دودھ کا بیچنا پنیر سے بسبب اختلاف مقاصد اور اختلاف نام کے کذا فی الحاوی لا یجوز بیع البر بدقیق او سویق ای مجروش ولا بیع دقیق
بسویق مطلقا ولو متساویا لعدم التسوی فیحرم لشبهة الربوا خلافا لهما جائز نہین گیہون کی بیع گیہون کے آٹے یا اُسکے ستو سے اور نہ بیع آٹے کی ستو سے کسی طرح اگرچہ دونون
برابر ہون اسواسطے کہ دونون کا برابر کردینے والا کوئی پیمانہ نہین تو بیع حرام ہے بسبب شبہہ ربوا کے بخلاف صاحبین کے کہ اُنکے نزدیک آٹے کی بیع ستو سے بسبب اختلاف نام اور
اختلاف مقصود کے جائز ہے دست بدست ہم گیہون بیع آٹے یا ستو سے امام کے نزدیک مطلقاً جائز نہین تفاضل اسواسطے جائز نہین کہ دونون جنس واحد ہین کیونکہ آٹا اور
ستو گیہون کے اجزا ہین اور تساوی اسواسطے جائز نہین کہ معیار دونون مین کیل ہے اور کیل سے تسویہ نہین ہوسکتا کیونکہ گیہون پیسنے سے زیادہ ہوجاتا ہے واما بیع الدقیق بالدقیق
متساویا کیلا اذا کان مکبوسین فجائز اتفاقا ابن ملک کبیع سویق بسویق وحنطة مقلیة بمقلیة واما المقلیة بغیرها ففاسد کما مر اور بیع آٹے کی آٹے سے برابر پیمانہ کرکے بشرطیکہ
دونون کو پیمانے مین داب داب کر بھرا ہو تو جائز ہے باتفاق امام اور صاحبین کے کذا صحح ابن ملک جیسے ستو کی بیع ستو سے اور بھنے گیہون کی بیع بھنے گیہون سے جائز ہے
اور بھنے گیہون کی بیع غیر بھنے سے تو فاسد ہے چنانچہ گذر گیا ہم بھوننے سے گیہون ہلکا ہوجاتا ہے لہذا اُسکی بیع غیر بھنے سے فاسد ہے طحطاوی نے زیلعی سے نقل کیا کہ اگر آٹا
آٹے سے بیچے تول کر تو اُسمین دو روائتین ہین ولا الزیتون بزیت والسمسم بحل بمهملة الشیرج حتی یکون الزیت والحل اکثر مما فی الزیتون والسمسم لیکون قدره بمثله
والزائد بالثفل وکذا کل ماله ثفل قیمة کجوز بدهنه ولبن بسمنه وعنب بعصیره فان لا قیمة له کبیع تراب ذهب بذهب فسد بالزیادة لربوا الفضل اور جائز نہین زیتون کی
بیع روغن زیتون سے اور نہ تل کی بیع میٹھے تیل سے یہان تک کہ روغن زیتون اور تیل زیادہ تر ہو اُس روغن سے جو زیتون اور تل مین ہے تاکہ روغن کی مقدار
مقدار روغن کے مقابل مین ہو اور روغن زائد کھلی کے مقابل ہو اور اسی طرح حکم ہے ہر ایک اُس چیز مین جسکی کھلی اور پھوک کی قیمت ہو جیسے اخروٹ کی بیع اُسکے
تیل سے اور دودھ کی اُسکے گھی سے اور انگور کی اُسکے شیرے سے سو اگر کھوج کی قیمت نہو جیسے زر آلودہ مٹی کی بیع سونے سے تو بیع فاسد ہے سونا زیادہ ہونے سے
بسبب زیادتی بیاج کے ویستقرض الخبز وزنا وعددا عند محمد وعلیه الفتوی ابن ملک واستحسنه الکمال واختاره المصنف تیسیرا اور روٹی قرض لیجاوے تول کر
اور گن کر محمد کے نزدیک اور اسی پر فتوی ہے کذا ذکره ابن ملک اور مستحسن جانا ہے اُسکو کمال الدین نے اور پسند کیا ہے مصنف نے اپنی شرح مین آسانی کے واسطے
وفی المجتبی بلا رغیفا نقدا برغیفین نسیئة جاز وبعکسه لا وجاز بیع کسیرات کیف کان اور مجتبی مین ہے کہ ایک نقد روٹی بیچی اور دو ادھار روٹیون سے تو جائز ہے اور برعکس
اسکے یعنی نقد دو روٹیون کی بیع ایک روٹی ادھار سے جائز نہین اور روٹی کے ٹکڑون کی بیع ہر طرح یعنی نقد اور نسیئة ولا ربوا بین سید وعبده ولو مدبرا او ام ولد
اور بیاج نہین درمیان مولی اور اُسکے غلام کے اگرچہ غلام مدبر ہو نہ مکاتب ہم غلام کا مال مملوک ہے مولی کا جس طرح چاہے لے یہان ربوا کو کیا دخل ہے بخلاف مکاتب کے
کہ وہ بجائے حر کے ہے قبض اور تصرف کی راہ سے اذا لم یکن دینه مستغرقا لرقبته وکسبه فلو مستغرقا تحقق الربوا اتفاقا ابن ملک وغیره لکن فی البحر عن المعراج تحقیق
الاطلاق وانما یرد الزائد لا لربوا بل لتعلق الغرماء اور میان سکے مابین اُسوقت بیاج نہین جبکہ غلام کا دین اُسکی ذات اور کمائی کو مستغرق نہو سو اگر مستغرق ہو
تو بیاج ثابت ہوگا بالاتفاق کذا ذکره ابن ملک وغیره لیکن بحرالرائق مین معراج سے منقول ہے کہ تحقیق اطلاق ہے یعنی ہر طرح بیاج نہین خواہ اُسکا دین مستغرق ہو یا نہو اور
غلام مدیون کا زائد مال جو پھیر دیا جاتا ہے تو بیاج کے سبب سے نہین بلکہ قرضخواہون کے حق متعلق ہونے سے ولا ربوا بین متفاوضین وشریکی عنان اذا
تبایعا من مالها ای مال الشرکة زیلعی اور بیاج نہین دو متفاوض اور عنان کے دو شریکون مین جبکہ دونون نے خرید فروخت کی ہو شرکت کے مال سے
کذا فی الزیلعی ہم قید مذکور شرکت عنان مین ہے اسواسطے کہ مفاوض کے پاس مال شرکت کے سوا کوئی مال مستقل نہین دونون صورتون مین بیاج اسواسطے ثابت نہین
کہ ثمن اور مبیع مین دونون شریک ہین تو احد العوضین کا فضل اُسکے ملک سے خارج نہین ہوتا کہ ربوا متحقق ہو ولا بین حربی ومسلم مستامن ولو بعقد فاسد او قمار ثمه
لان ماله ثمة مباح فیحل برضاه مطلقا بلا غدر خلافا للثانی والثلاثة اور بیاج نہین کافر حربی اور اُس مسلم مین جو حربیون کا مستامن ہے اگرچہ عقد فاسد یا قمار بازی سے ہو بیاج
نہین وہان یعنی دار الحرب مین اسواسطے کہ حربی کا مال دار الحرب مین مباح ہے مانند حطب اور صید کے تو حلال ہوگا اُسکی رضامندی سے ہر طرح بدون دغا بازی کے بخلاف ابو یوسف

اور ائمہ ثلثہ کے ہم حلت ربوا مین دار الحرب کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر کافر حربی دار الاسلام مین آویگا اور مسلمان سے ایکدرم عوض دو درم کے بیع کریگا تو بالاتفاق جائز نہوگا اور اباحت مال حربی کی تعلیل سے معلوم ہوتا ہے کہ بیاج اُسوقت نہین ہے جبکہ زیادت مسلم کو حاصل ہو اور حالانکہ بیاج عام ہے خواہ زیادت مسلم کی طرف سے ہو یا حربی کیطرف سے اور جواب مسئلہ حلت دونون صورتون کو شامل ہے کذا فی الطحطاوی فتح القدیر مین ہے کہ ابو یوسف اور ائمہ ثلثہ کی یہ دلیل ہے کہ نصوص حرمت ربوا مطلق ہین خواہ دار الحرب مین ربوا ہو یا دار الاسلام مین اور طرفین کی دلیل یہ حدیث ہے کہ (لا ربوا بین المسلم والحربی فی دار الحرب) اور یہ حدیث غریب ہے مبسوط مین کہا کہ یہ حدیث مکحول کی مراسیل سے ہے اور مکحول ثقہ ہے اور ایسے شخص کی مرسل حدیث مقبول ہے اور دوسری دلیل یہ ہے کہ قبل ہجرت جب سورۂ روم نازل ہوئی تو صدیق نے غلبۂ روم کی فارس پر شرط کی تھی مشرکین مکہ سے اور بحکم صاحب شرع مال شرط کا زیادہ کر دیا تھا پھر جب اہل روم فارس پر غالب ہوئے تو صدیق نے مال مشروط مشرکین مکہ سے لیا اور یہ بعینہ قمار ہے اور مکہ اُسوقت دار الحرب تھا اور تیسری دلیل یہ ہے کہ مال اہل حرب مباح ہے بشرط عدم غدر اور اطلاق نصوص کا مال محظور مین ہے نہ مال مباح مین اور علمائے مذہب نے درس مین التزام کیا ہے کہ حلت ربوا اور قمار سے فقہا کی مراد یہ ہے کہ زیادت مسلم کو حاصل ہو اگرچہ اطلاق جواب اسکے مخالف ہے انتہی ما فی الفتح ملخصا (وحکم من اسلم فی دار الحرب ولم یہاجر کحربی فللمسلم الربوا معہ خلافا لہما لان مالہ غیر معصوم فلو ہاجر الینا ثم عاد الیہم فلا ربوا اتفاقا جوہرۃ قلت ومنہ یعلم حکم من اسلما ثمہ ولم یہاجرا) اور جو حربی مسلمان ہو گیا دار الحرب مین اور اُسنے دار الاسلام کی طرف ہجرت نہ کی اُسکا حکم حربی کے مانند ہے تو مسلم کو اُسکے ساتھ بیاج درست ہے بخلاف ابو یوسف اور شافعی کے اسواسطے کہ اُسکا مال قبل ہجرت کے معصوم نہین اگر اُسنے ہجرت کی ہماری طرف بعد اسکے پھر گیا اہل حرب کی طرف تو ربوا بالاتفاق نہین کذا فی الجوہرہ مین کہتا ہون مصنف کے قول سے معلوم ہو گیا حکم اُن دونون شخصون کا جو دار الحرب مین مسلمان ہوئے اور دار الاسلام کی طرف اُنھون نے ہجرت نہ کی کیونکہ وہ دونون حربی کے مانند ہین حکم مین ھم یہ جو شارح نے جوہرہ سے نقل کیا کہ درصورت اسلام و ہجرت ربوا نہین سو غلط ہے ٹھیک یہ ہے کہ اس صورت مین بالاتفاق ربوا جائز نہین چنانچہ منح الغفار مین ہے کذا فی الطحطاوی اور اسی طرح نہر الفائق مین ایضاح کرمانی سے منقول ہے کہ جب اُسنے ہماری طرف ہجرت کی اور پھر گیا اُنکی طرف تو اُسکے ساتھ بیاج جائز نہین (والحاصل ان الربوا حرام الا فی ہذہ الستۃ) مسائل اور خلاصہ یہ ہے کہ بیاج حرام ہے مگر ان چھہ مسئلون مین حرام نہین ھم صواب یہ تھا کہ شارح چھہ کی جگہہ پانچ کہتا مہاجر کو ساقط کر کے ۱ میان کو اپنے غلام کے ساتھ ۲ دو شریک مفاوض ۳ دو شریک عنان ۴ مسلم کو حربی کے ساتھ دار الحرب مین ۵ مسلم کو اُسکے ساتھ جو دار الحرب مین مسلمان ہوا اور اُسنے ہجرت نہ کی اور اگر دو مسلم غیر مہاجر کو مسئلہ سادسہ قرار دیجیے تو صحیح ہے واللہ تعالی اعلم کذا فی الطحطاوی

باب الحقوق فی البیع

اخرہا لتبعیتہا او تبعیۃ لترتیب الجامع الصغیر یہ باب ہے بیع کے حقوق مین مصنف نے اس باب کو مسائل بیع کے پیچھے لایا بسبب تابع ہونے حقوق کے اور بسبب اتباع ترتیب جامع صغیر کے ھم حقوق جمع ہے حق کی اور اصطلاح فقہا مین حق وہ ہے جو مبیع کا تابع ہو اور مبیع کے واسطے ضروری ہو اور مقصود نہو مگر بیع کے سبب سے جیسے راہ وغیرہ چونکہ مصنف نے محمد کی جامع صغیر کی ترتیب کا التزام کیا ہے لہذا باب الحقوق کو بعد مسائل بیع کے لایا اور الا قیاس یہ چاہتا تھا کہ اول کتاب البیوع مین قبل اجارہ کے اسکو ذکر کرتا (اشتری بیتا فوقہ آخر لا یدخل فیہ العلو مثلث العین ولو قال بکل حق ہو لہ او بکل قلیل وکثیر ما لم ینص علیہ لان الشیء لا یستتبع مثلہ) خرید کی کوٹھری جسپر دوسری کوٹھری ہے تو اس خرید مین بالاخانہ داخل نہوگا اگرچہ بائع نے بیع کے وقت بکل حق ہو لہ یا بکل قلیل وکثیر کہا ہو تاوقتیکہ تصریح نہ کر دی بالاخانے کے بیع کی اسواسطے کہ چیز اپنی برابر والی چیز کی تابع نہین ہوتی شارح نے کہا لفظ علو مثلث العین ہے یعنی عین پر حرکات ثلثہ جائز ہین اور لام بہرحال ساکن ہے ھم دریافت کرنا چاہیے کہ یہان تین چیز کا معلوم کرنا ضروری ہے بیت اور منزل اور دار کا بیت وہ ہے جسکی ایک چھت ہو اور شب باشی کے واسطے وہ بنا ہو اور بعضون کے نزدیک بیت مین ڈیوڑھی کا ہونا بھی شرط ہے اور حکم اُسکا یہ ہے کہ بیت کی بیع مین بالاخانہ داخل نہین ہوتا اگرچہ بکل حق ہو لہ یا کل قلیل وکثیر اُسنے کہا ہو اسواسطے کہ بالاخانہ بیت کے مانند ہے مسقف ہونے اور شب باشی مین اور شیء اعلی کی تابع ہوتی ہے نہ برابر کی اور منزل بیت سے فوق اور دار سے کمتر ہے یعنی وہ مکان جو دو تین بیوت پر مشتمل ہو جسمین رات دن آدمی رہین

اور اسمین بادرچیخانہ اور پاخانہ بھی ہو مگر اُسکا صحن غیر مسقف نہین اور اسمین اصطبل نہین اور دار نام اُس ساخت کا جسکے گرد حدود ہون اور وہ مکان ہو
اور اصطبل اور صحن غیر مسقف پر مشتمل ہو کذا فی الفتح **وکذا لا یدخل العلو بشراء منزل** ہو ما الاصطبل فیہ **الا بکل حق** ہو لہ **او بمرافقہ** ای حقوقہ کطریق ونحوہ وعند الثانی
المرافق المنافع اشباہ اور سطح بالاخانہ داخل نہین منزل کی خریدمین منزل وہ ہی جسمین اصطبل نہین مگر بکل حق ہو لہ یا بذکر مرافق البتہ بالاخانہ داخل خرید ہوگا مرافق سے
مراد حقوق ہین چنانچہ راہ وغیرہ اور ابو یوسف کے نزدیک مرافق سے منافع مراد ہین کذا فی الاشباہ ہم مرافق جمع ہی مرفق کی بکسر میم وفتح فا مرافق عبارت ہین توابع سے
چنانچہ شرب اور مسیل اور حق وہ ہی جو مبیع کا تابع ہو اور کل قلیل اور کثیر کا لفظ بطریق مبالغہ مذکور ہوتا ہی تا بائع کا حق مبیع سے ساقط ہو جاوے اُسکی متصل چیزون سے اور
جامع الفصولین مین ہی کہ حقوق عبارت ہین مسیل اور طریق وغیرہ سے بالاتفاق اور مرافق ابو یوسف کے نزدیک منافع دار ہین اور ظاہر الروایۃ مین مرافق حقوق ہین کذا فی النہر
او بکل قلیل وکثیر ہو فیہ او منہ یا بالاخانہ منزل کی خریدمین داخل ہوتا ہی بکل قلیل وکثیر ہو فیہ او منہ سے یعنی جو قلیل اور کثیر کہ منزل مین داخل ہی یا اُس سے متعلق ہی
وہ مبیع ہی ہم چونکہ منزل دار اور بیت دونون سے مشابہ ہی لہذا بالاخانہ بذکر توابع داخل ہوگا دار کی مشابہت سے اور اگر ذکر توابع نہین تو داخل نہوگا بیت کی مشابہت
سے **ویدخل العلو بشراء دار وان لم یذکر شیئا** ولو الابنیۃ بتراب او بخیام او قباب اور داخل ہوگا بالاخانہ دار کی خریدمین اگرچہ کچھ مذکور نہو یعنی بلا ذکر حقوق یا مرافق یا کل
قلیل وکثیر بالاخانہ دار کی بیع مین داخل ہی اگرچہ مکانات دار کے مٹی کے ہون یا خیمے یا خرگاہ وہذا التفصیل عرف الکوفۃ وفی عرفنا یدخل العلو بلا ذکر فی الصور کلہا فتح و
کافی سواء کان المبیع بیتا فوقہ علو او غیرہ الا دار الملک فتسمی سرای نہر اور یہ تفصیل بیت اور منزل اور دار کی بموجب رواج کوفہ کے ہی اور ہمارے عرف مین بالاخانہ
داخل بیع ہو جاتا ہی بدون اُسکے ذکر کے سب صورتون مین کذا فی الفتح والکافی خواہ بیت کے اوپر بالاخانہ ہو یا سوا اُسکے مگر دار السلطان مسمی بسرای ہی کذا فی النہر
ہم استثنا کرنا دار ملک کا کلام سابق سے مرتبط نہین اور یہ خلل پیدا ہوا النہر الفائق کی عبارت کے حذف سے عبارت اُسکی یہ ہی (وفی عرفنا یدخل من غیر ذکر فی الصور کلہا
سواء کان المبیع بیتا فوقہ علو او منزل کذلک لان کل مسکن یسمی خانہ فی العجم ولو علو اسواء کان صغیرا کالبیت او غیرہ الا دار الملک فتسمی سرای انتہی) اور چونکہ بنا احکام کی
عرف پر ہی تو ہر اقلیم اور ہر زمانے مین وہان کے لوگون کا عرف معتبر ہوگا کذا فی الطحطاوی **کما یدخل فی شراء الدار الکنیف وبئر الماء والاشجار التی فی صحنہا وکذا
البستان الداخل** وان لم یصرح بذلک جیسے داخل ہوتا ہی دار کی خریدمین پاخانہ اور پانی کا کنوان اور وہ درخت جو گھر کے صحن مین واقع ہین اور ایسا ہی داخل بیع ہی
وہ باغ جو گھر کے اندر داخل ہی اگرچہ اُسکے بیع کی تصریح نہ کی ہو **لا البستان الخارج** الا اذا کان اصغر منہا فیدخل تبعا او لو مثلہا او اکبر فلا الا بالشرط زیلعی یعنی داخل
بیع نہین ہی باغ گھر کے باہر کا مگر اُسوقت داخل بیع ہی بطریق تبعیت کے جبکہ باغ گھر سے چھوٹا ہو اور اگر گھر کے برابر ہو یا بڑا تو داخل نہین مگر شرط سے کذا فی الزیلعی یعنی
والظلۃ لا تدخل فی بیع الدار لبنائہا علی الطریق فاخذت حکمہ **الا بکل حق ونحوہ** مما مر وقالا ان مفتحہ ای الدار تدخل کالعلو اور چھتا داخل نہین ہوتا گھر کی بیع
مین اسواسطے کہ اُسکی بنا راہ پر ہوتی ہی تو اُسنے راہ کا حکم لیا مگر بذکر کل حق یا مانند اسکے جو مذکور ہو چکا البتہ چھتا داخل ہوگا اور صاحبین نے کہا کہ اگر چھتے کا دروازہ گھر کے
اندر ہی تو گھر کی بیع مین داخل ہی بالاخانے کے مانند **ویدخل الباب الاعظم فی بیع بیت** او دار **مع ذکر المرافق** لانہ من مرافقہا خانیہ اور بڑا دروازہ داخل ہوتا ہی
بیت اور دار کی بیع مین ذکر مرافق کے ساتھ اسواسطے کہ دروازہ گھر کے مرافق مین داخل ہی کذا فی الخانیہ **لا یدخل الطریق والمسیل والشرب الا بنحو کل حق** ونحوہ مما مر داخل
بیع نہین راہ اور پانی کی جگہ اور پانی لینے کی باری مگر مانند کل حق سے جو مذکور ہو چکا یعنی بذکر مرافق یا کل قلیل وکثیر ہم عدم دخول طریق سے طریق خاص مراد ہی جو
انسان کی ملک مین ہی لیکن وہ راہ جو کوچہ غیر نافذہ کی طرف ہی وہ داخل بیع ہی چنانچہ بحر الرائق مین معراج سے منقول ہی اور گھر کی راہ کا عرض اُس گھر کے دروازے کے
عرض کے برابر ہی اور طول اُسکا شارع عام تک ہی چنانچہ قہستانی مین ہی اور مسیل وہ مکان ہی جسپر بارش وغیرہ کا پانی بہتا ہی اور شرب بکسر اول وسکون ثانی عبارت ہی پانی کے حصے سے کذا فی
الطحطاوی **بخلاف الاجارۃ لدار** او الارض فتدخل بلا ذکر لانہا تعقد للانتفاع لا غیر بخلاف گھر اور زمین کے اجارے کے تو طریق اور مسیل اور شرب اجارہ مین داخل ہونگے بلا ذکر
حقوق اور مرافق کے اسواسطے کہ عقد اجارہ انتفاع کے واسطے ہی نہ سوا اُسکے یعنی اسمین بلا طریق وغیرہ کے انتفاع حاصل نہین بخلاف بیع کے کہ اُسمین قطع نظر انتفاع کے ملک

رقبہ بھی مقصود ہے والرھن والوقف خلاصہ اور بخلاف رہن اور وقف کے کذافی الخلاصہ یعنی رہن اور وقف مین طریق اور مسیل اور شرب بلاذکر حقوق داخل ہین و لواقر بدار او صالح علیہا او اوصی بہا ولم یذکر حقوقہا و مرافقہا لا یدخل الطریق کالبیع اور اگر ایک شخص نے گھر کا اقرار کیا کہ فلانے کا ہے یا اُسپر صلح کی یا اُس گھر کی وصیت کی کسی شخص کے واسطے اور اُس گھر کے حقوق اور مرافق ذکر نہ کیے تو راہ داخل نہوگی بیع کے مانند ولا یدخل فی القسمۃ وان ذکر الحقوق والمرافق الا برضی صریح نہر عن الفتح اور قسمت مین راہ داخل نہین اگرچہ حقوق اور مرافق مذکور ہون مگر صریح رضامندی سے کذا فی النہر عن الفتح و فی الحواشی الیعقوبیۃ ینبغی ان یکون الرھن کالبیع اذ لا یقصد بہ الانتفاع قلت ہو جید لولا مخالفتہ للمنقول بحامر ولفظ الخلاصۃ ویدخل الطریق فی الرھن والصدقۃ الموقوفۃ کالاجارۃ و اعتمدہ المصنف تبعا للبحر اور حواشی یعقوبیہ مین ہے لائق یون ہے کہ رہن بیع کے مانند ہوا سواسطے کہ مرہون سے انتفاع مقصود نہین ہوتا مین کہتا ہون کہ یہ کلام جید ہے اگر اُسکی مخالفت منقول سے نہوتی چنانچہ خلاصہ سے مذکور ہو چکا اور عبارت خلاصہ یہ ہے اور داخل ہے طریق میں اور صدقہ موقوفہ مین اجارے کے مانند اور اس قول پر مصنف نے اعتماد کیا ہے بحر الرائق کا تابع ہو کر نعم ینبغی ان یکون الہبۃ والنکاح والخلع والعتق علی مال کالبیع والوجہ فیہ لا یخفی انتہی ہان لائق یون ہے کہ ہبہ اور نکاح اور خلع اور عتق بعوض مال بیع کے مانند ہو عدم دخول طریق مین اور وجہ اسکی مخفی نہین انتہی ما فی النہر و ہبہ وغیرہ مین استحداث ہے اس مؤلف کا جو سابق مین نہ تھی تو اشیائے مذکورہ مانند بیع ہوئین تو مناسب ہے کہ اُنمین بیع کا حکم جاری ہو کذا فی الطحطاوی

باب الاستحقاق

باب الاستحقاق

ہو طلب الحق یہ باب ہے استحقاق کے احکام مین استحقاق لغت مین عبارت ہے طلب حق سے ہے اور استحقاق فقہ مین عبارت ہے ہو جانے شخص سے مستحق واسطے ایک شئی کے حق اس باب کا یہ تھا کہ تمام ابواب بیوع کے بعد مذکور ہوتا کیونکہ عبارت ہے ظہور عدم صحت بیع سے بعد تمام ہونے بیع کے ولیکن جبکہ استحقاق حقوق سے مناسب ہوا لفظاً و معنیً لہذا اُسکے بعد مذکور ہوا کذا فی الطحطاوی الاستحقاق نوعان احدہما مبطل للملک بالکلیۃ کالعتق والحریۃ الاصلیۃ ونحوہ کتدبیر وکتابۃ استحقاق دو قسم ہے ایک قسم مبطل ہے ملک کی بالکل چنانچہ عتق اور اصلی حر ہونا اور مانند اسکے چنانچہ مدبر اور مکاتب ہونا یعنی جبکہ یہ ثابت ہو کہ مبیع غلام آزاد یا حر اصلی یا مدبر یا مکاتب ہے تو یہ استحقاق بائع اور مشتری کی ملک کا بالکلیہ مبطل ہے و ثانیہما ناقل لہ من شخص الی آخر کالاستحقاق بہ ای بالملک بان ادعی زید علی بکر ان ما فی یدہ من العبد ملک لہ و برہن اور قسم ثانی استحقاق کی ملک کی نقل کرنے والی ہے ایک شخص سے دوسرے کی طرف چنانچہ ملک کے سبب سے مستحق ہونا اسطرح پر کہ زید نے بکر پر دعوی کیا کہ جو اُسکے قبضے مین غلام ہے وہ میرا مملوک ہے اور اُسپر گواہی گذرانی فالناقل لا یوجب فسخ العقد علی الظاہر لانہ لا یوجب بطلان الملک تو استحقاق ناقل ہے فسخ عقد کا موجب نہین بنا بر ظاہر الروایۃ کے اسواسطے کہ ناقل بطلان ملک کا موجب نہین ہے یعنی عقد سابق مستحق کی اجازت پر موقوف رہیگا اور تا عدم رجوع مشتری فسخ عقد نہوگا والحکم بہ حکم علی ذی الید و علی من تلقی ذوالید الملک منہ ولو مورثہ فیتعدی الی بقیۃ الورثۃ اشباہ فلا تسمع دعوی الملک منہم للحکم علیہم اور استحقاق کا حکم کرنا یہ حکم ہے قابض پر اور اُس شخص پر جس سے قابض نے ملک حاصل کی اگرچہ وہ شخص قابض کا مورث ہو تو یہ حکم باقی وارثون تک متعدی ہوگا کذا فی الاشباہ تو مسموع نہوگا دعوی ملک کا اشخاص مذکورین سے کیونکہ اُنپر حکم ہو چکا یعنی جب حکم استحقاق بقیہ ورثہ تک متعدی ہوا تو اب کوئی وارث من حیث الارث دعوی نہین کر سکتا بل دعوی النتاج بلکہ دعوی نتاج کا مسموع ہوگا اسطرح پر کہ بائعین مین سے کوئی بائع کہے کہ مین ثمن نہین پھیرتا کیونکہ مستحق کاذب ہے اسواسطے کہ بیع میرے ملک مین جنی ہے یا میرے بائع کی ملک مین بواسطہ یا بلا واسطہ کذا فی الحلبی ملخصاً ولا یرجع احد من المشتری علی بائعہ ما لم یرجع علیہ ولا علی الکفیل ما لم یقض علی المکفول عنہ لئلا یجتمع ثمنان فی ملک واحد لان بدل المستحق مملوک اور کوئی مشتری ثمن نہ پھیرے اپنے بائع سے جب تک اُس سے ثمن نہ پھیر لیا جاوے یعنی مشتری اوسط رجوع ثمن نہ کرے تاوقتیکہ مشتری اخیر اس سے نہ رجوع کرے اور نہ ضامن سے ثمن پھیرے جب تک مکفول عنہ پر قاضی کا حکم نہو تا دو ثمن ایک ملک مین مجتمع نہو جاوین اسواسطے کہ چیز مستحق کا بدل مملوک ہے مع اجتماع ثمنین کی تعلیل غیر مشتری اخیر اور غیر بائع اول مین ظاہر ہوتی ہے یعنی بائعین متوسطین مین اسواسطے کہ متوسطین مین سے ہر واحد کے پاس ایک ثمن ہے تو اگر یہ شخص متوسط ثمن پھیر لے قبل پھیر دینے کے تو اُسکی ملک مین دو ثمن مجتمع ہو جاوین اور حالانکہ یہ جائز نہین ولو صالح لشئی قلیل او ابراہ عن ثمنہ بعد الحکم لہ یرجع علیہ فلبائعہ ان یرجع علی بائعہ ایضا لزوال البدل عن ملکہ اور اگر مشتری نے

صلح کر لی بائع سے کمتر چیز پر یا ثمن سے بائع کو بری الذمہ کر دیا بعد اس بات کے کہ قاضی کا حکم ہو گیا مشتری کو بائع سے ثمن پھیر لینے کا تو مشتری کے بدل کو اپنے
بائع سے ثمن پھیر لینا جائز ہے بسبب زائل ہونے بدل کے مشتری کی ملک سے یعنے جب مشتری نے بعد حکم رجوع کے ابرا کر دیا ثمن سے تو گویا اُسنے بائع سے لے لیا
کذا فی الطحطاوی فلو صالح المستحق فصالح المشتری لم یرجع لانہ بالصلح ابطل حق الرجوع وتمامہ فی جامع الفصولین اور اگر مستحق کے واسطے حکم ہوا اور مشتری سے مستحق نے صلح کر لی [illegible]
تو اب مشتری بائع سے ثمن نہ پھیر لے اسواسطے کہ مشتری نے صلح سے حق رجوع کو باطل کر دیا اور پورا بیان اسکا جامع الفصولین مین ہے (یعنی مستحق نے مشتری سے کہا
کہ کچھ تھوڑا ثمن مجھسے لے اور بیع مجکو دے تو اب مشتری اپنے بائع سے رجوع نہین کر سکتا) والمبطل لوجوبہ ای لوجوب فسخ العقود اتفاقا اور استحقاق مبطل موجب ہے فسخ
عقود کا بالاتفاق یعنی جو عقود کہ بائعین مین جاری ہوئے ہین اُنکے فسخ ہونے مین قاضی کے حکم کی کچھ حاجت نہین کذا فی الدرر ولکل واحد من الباعۃ الرجوع
علی بائعہ وان لم یرجع علیہ تو ہر ایک مشتری کو ثمن کا پھیر لینا اپنے بائع سے جائز ہے اگرچہ اُس مشتری سے ثمن نہ پھیر لیا گیا ہو ویرجع ہو ایضا لذلک علی الکفیل
ولو قبل القضاء علیہ لعدم اجتماع الثمنین او بدل الحر لایملک اور مشتری اسی طرح اپنے بائع کے ضامن سے بھی ثمن پھیر لے اگرچہ قاضی کا حکم ضامن پر پھیر دینے کا نہ ہو
بسبب عدم اجتماع ثمنین کے اسواسطے کہ آزاد کا بدلہ مملوک نہین ہوتا بخلاف استحقاق ناقل کے چنانچہ مذکور ہو چکا والحکم بالحریۃ الاصلیۃ حکم علی الکافۃ
من الناس سواء کان ببینۃ او بقولہ انا حر اذا لم یسبق منہ اقرار بالرق اشباہ اور اصلی آزادی کا حکم سب آدمیون پر حکم ہے خواہ ثبوت آزادی گواہی سے ہوا ہو یا
خود اُسکے اس قول سے کہ مین آزاد ہون بشرطیکہ اس قول سے پہلے اُس سے غلامی کا اقرار نہ ہو گیا ہو کذا فی الاشباہ صورت اُسکی یہ ہے کہ زید نے خالد پر دعوی کیا
کہ یہ میرا غلام ہے خالد نے کہا کہ مین حر اصلی ہون اور سابق مین اُسنے غلامی کا اقرار نہین کیا اور مدعی گواہی سے عاجز ہوا اور قاضی نے اُسکی حریت اصلی کا
حکم کر دیا تو یہ حکم حریت کا سب لوگون پر ہوگا کذا فی الحلبی فلا تسمع دعوی الملک من احد تو جب حریت اصلیہ کا حکم سب لوگون پر ہوا تو کسی شخص کی
ملک کا دعوی اُسپر مسموع نہوگا وکذا العتق وفرعہ بمنزلۃ الحریۃ الاصل اور اسیطرح عتق اور فروع عتق مانند حریت اصلیہ کے ہین مثل فروع عتق کتابت اور تدبیر اور
استیلاد ہے اور عتق سے مراد ہے جو ملک مطلق مین ثابت ہو واما الحکم بالعتق فی الملک المورخ فعلی الکافۃ من وقت التاریخ فلا یاول قضاء قبلہ کما بسطہ
ملا خسرو ویعقوب باشا فاحفظہ فان اکثر الکتب عنہ خالیۃ اور عتق کا حکم ملک مورخ مین سب خلق پر ہوتا ہے تاریخ کے وقت سے اور حکم نہین ہوتا قبل تاریخ کے چنانچہ
اسکو ملا خسرو اور یعقوب باشا نے مشرح بیان کیا ہے اسکو یاد رکھنا چاہیے کیونکہ اکثر کتب فقہ اس تفرقہ سے خالی ہین خلاصہ یہ ہے کہ عتق کا حکم ملک مطلق مین
بمنزلہ حریت اصلیہ کے ہے کہ سب خلق پر حکم ہے اور ملک مورخ مین عتق کا حکم سب خلق پر ہے تاریخ کے وقت سے یعنے قبل تاریخ سب پر حکم نہین تو اگر زید نے بکر سے کہا کہ تو میرا
غلام ہے مین تیرا مالک ہون پانچ برس سے اور بکر نے کہا کہ مین تو محمود کا غلام تھا چھ برس سے سو اُسنے مجکو آزاد کر دیا اور اُسنے اس دعوی پر گواہ گذرانے تو زید کا
دعوی مندفع ہوگا پھر اگر حامد بکر سے کہے کہ تو میرا غلام ہے مین تیرا مالک ہون [illegible] برس سے اور تو اب تک میرا مملوک ہے اور اس دعوی کو اُسنے بگواہی ثابت کیا تو حریت
کا حکم فسخ ہوگا اور بکر حامد کا مملوک ٹھہر جائیگا کذا فی الطحطاوی عن الدرر واختلفوا فی القضاء بالوقف قیل کالحریۃ وقیل لا فتسمع فیہ دعوی ملک آخر ووقف آخر
وہو المختار وصححہ العمادی اور فقہا نے اختلاف کیا ہے وقف کے حکم مین بعضون نے کہا کہ حریت کے حکم کے مانند ہے اور بعضون نے کہا کہ وقف حریت کے مانند نہین اور وقف
مین دوسری ملک اور دوسرے وقف کا دعوی مسموع ہوگا اور یہی قول مختار ہے اور عمادی نے اسکو صحیح کہا ہے وفی الاشباہ القضاء یتعدی فی اربع حریۃ ونسب ونکاح وولاء
فی الوقف یقتصر علی الاصح اور اشباہ مین ہے کہ قضا متعدی ہوتی ہے چار صورت مین حریت اور نسب اور نکاح اور ولا مین اور وقف مین قضا متعدی نہین مقصور ہے
قول صحیح کے بموجب یعنی جب قاضی عورت کے نکاح کا ایک آدمی سے حکم کرے یا نسب یا ولاء عتاقہ کا حکم کرے پھر دوسرے کا دعوی مسموع نہین وثبت رجوع المشتری
علی بائعہ بالثمن اذا کان الاستحقاق بالبینۃ کما مر انہا حجۃ متعدیۃ اور ثابت ہے ثمن پھیر لینا مشتری کا اپنے بائع سے جبکہ استحقاق گواہی سے ہوا اسواسطے
کہ اوپر گذرا کہ شہادت حجت متعدیہ ہے اما اذا کان الاستحقاق باقرار المشتری او بنکولہ او باقرار وکیل المشتری بالخصومۃ او بنکولہ فلا یرجع لانہ حجۃ قاصرۃ

اور اگر استحقاق مشتری کے اقرار سے ہوا یا اُسکے انکار قسم سے یا مشتری کی خصومت کے وکیل کے اقرار سے یا اُسکے انکار قسم سے تو ثمن پھیر لینا ثابت نہین
اسواسطے کہ اقرار حجت قاصرہ ہی نہ متعدیہ والاصل ان البینۃ حجۃ متعدیۃ تظہر فی حق کافۃ الناس لکن لا فی کل شیء کما ہو ظاہر کلام الزیلعی والعینی بل فی عتق ونحوہ
تمامہ فی المصنف اور قاعدہ کلیہ یہ ہی کہ شہادت حجت متعدیہ ہی جسکا ظہور سب آدمیون کے حق مین ہوتا ہی لیکن ہر چیز مین نہین چنانچہ ظاہر کلام زیلعی اور عینی ہی بلکہ عتق اور
اُسکے مانند یعنی کتابت اور تدبیر اور استیلاد اور نکاح اور نسب اور ولاء عتاقہ مین چنانچہ مذکور ہوچکا ذکر کیا ہی اسکو مصنف نے اپنی شرح مین لا الاقرار بل حجۃ قاصرۃ علی المقر
لعدم ولایتہ علی غیرہ نہ اقرار یعنی اقرار حجت متعدیہ نہین بلکہ اقرار حجت قاصرہ ہی مقر پر بسبب نہونے ولایت مقر کے اپنے غیر پر چونکہ مقر کی ولایت غیر پر ثابت نہین
لہذا اُسکا اقرار اُسپر حجت ہی نہ غیر پر بخلاف شہادت کے اسواسطے کہ شہادت حجت نہین ہوتی مگر قاضی کے حکم سے اور قاضی کو ولایت عامہ حاصل ہی لہذا کافہ ناس کے
حق مین نافذ ہی کذا فی المنح بقی لو اجتمعا فان ثبت الحق بہا قضی بالاقرار لا عند الحاجۃ فالبینۃ اولی فتح ونہر باقی رہا یہ احتمال کہ اگر شہادت اور اقرار دونون مجتمع ہون
سو اگر حق دونون سے ثابت ہو تو اقرار پر حکم کیا جائیگا مگر حاجت کے وقت پھر تو شہادت پر حکم کرنا اولی ہی کذا فی الفتح والنہر اجتماع کی صورت یہ ہی کہ مدعی نے اپنا
دعوی شہادت سے ثابت کیا پھر مدعا علیہ نے اُسکی ملک کا اقرار کیا تو یہان اقرار پر حکم ہوگا اسواسطے کہ گواہی منکر پر مسموع ہوتی ہی نہ مقر پر مگر جبکہ حاجت پڑے چنانچہ
مشتری کو بائع سے ثمن پھیر لینے کی حاجت ہو تو گواہی اقرار پر مقدم ہی کذا فی الطحطاوی فلو استحقت مبیعۃ ولدت عند المشتری لا باستیلادہ ببینۃ تبعہا ولدہا
بشرط القضاء بہ ای بالولد فی الاصح زیلعی وکلام البزازی یفید تقییدہ بما اذا سکت الشہود فلو بینوا انہ للذی الید او قالوا لا ندری لا یقضی بہ نہر پھر اگر وہ مبیع جو جنی
مشتری کے پاس بلا استیلاد مستحق غیر کی نکلی گواہی سے تو اُسکا بچہ اُسکے تابع ہوگا بشرطیکہ قاضی کا حکم ولد پر ہو گیا ہو قول اصح مین کذا فی الزیلعی اور بزازی کا کلام
مفید ہی اس تقیید کا جبکہ گواہون نے سکوت کیا ہو سو اگر گواہون نے یہ بیان کردیا ہو کہ بچہ قابض کا ہی یا یون کہا ہو کہ ہم نہین جانتے تو قاضی ولد کا حکم نکرے
کذا فی النہر ثم استیلادہ ای منع استحقاق الولد بالبینۃ فیکون ولد المغرور حرا بالقیمۃ کما مر فی باب دعوی النسب پھر دریافت کرنا چاہیے کہ قابض کا استیلاد ولد کے
استحقاق کو گواہی سے مانع نہین تو شخص مغرور کا ولد آزاد ہوگا اُسکے مستحق کو ولد کی قیمت دے کر چنانچہ دعوی نسب کے باب مین مذکور ہوچکا وان اقر ذو الید
بہا لرجل لا یتبعہا فیاخذہا وحدہا والفرق مامر من الاصل اور اگر قابض نے لونڈی کا اقرار کیا ایک مرد کے واسطے تو اُسکا بچہ لونڈی کے تابع نہوگا تو وہ مرد فقط
اُس لونڈی کو لیگا اور فرق گواہی اور اقرار کا مذکور ہوچکا قاعدہ مذکورہ مین یعنی گواہی حجت متعدیہ ہی اور اقرار حجت قاصرہ وہذا اذا لم یدعہ المقر لہ فلو ادعاہ تبعہا
وکذا سائر الزوائد نعم لا ضمان بہلاکہا لان زوائد المغصوب ... اور یہ یعنے نہ تابع ہونا ولد کا مبیعہ کے اُسوقت ہی جبکہ مقر لہ نے ولد کا دعوی نہ کیا ہو اور اگر دعوی کیا ہوگا تو ولد
تابع ہوگا اپنی والدہ کا اور ایسا ہی حکم ہی باقی زوائد کا چنانچہ درخت کے پھل درخت کے تابع نہین اگر مستحق کے (جسکے لیے اقرار ہوا) واسطے قابض کے درخت کا اقرار کیا مگر درصورت
دعوی مقر لہ ہان یہ البتہ ہی کہ ہلاک زوائد سے ضمان نہین مانند زوائد مغصوب کے ولم یذکر النکول لانہ فی حکم الاقرار قہستانی معزیا للعمادیۃ اور مصنف نے انکار قسم کو
مذکور نہ کیا اسواسطے کہ وہ اقرار کے حکم مین ہی چنانچہ قہستانی نے اسکو ذکر کیا ہی عمادیہ کی طرف منسوب کرکے ومنع التناقض ای التدافع فی الکلام دعوی الملک
لعین او منفعۃ لما فی الصغری طلب نکاح الامۃ یمنع دعوی تملکہا اور تناقض یعنی مخالفت کلامی ذات یا منفعت کے دعوی ملک کی مانع ہی اسواسطے کہ صغری مین ہی کہ لونڈی کا
نکاح طلب کرنا اُسکے مالک ہونے کے دعوی کا مانع ہی ہم تناقض اسواسطے مانع ہی کہ قاضی کلام متناقض پر حکم نہین کرسکتا اسواسطے کہ ایک دوسرے سے اولی نہین تو
دونون ساقط الاعتبار ہوے چنانچہ ایک لونڈی کے مالک ہونے کا دعوی کرنا پھر اُسکے نکاح کی درخواست کرنا صریح متناقض ہی کیونکہ مملوکہ منکوحہ نہین ہوتی
یہ مثال ہی ملک عین کے دعوی کی اور ملک منفعت کی یہ مثال ہی کہ ایک عورت کے نکاح کا دعوی کرنا پھر اُسکے نکاح کا پیغام دینا کما یمنعہا لنفسہ یمنعہا لغیرہ الا اذا وفق اذ
تناقض اپنی ذات کے دعوی کا مانع ہی اسیطرح اپنے غیر کے دعوی کا مانع ہی مگر جبکہ توفیق یعنی رفع تناقض ہو سکے ہم بزازیہ مین ہی کہ اول دعوی کیا کہ یہ چیز میرے فلانے موکل کی
ہی پھر دعوی کیا کہ دوسرے موکل کی ہی تو یہ دعوی مقبول نہین مگر درصورت توفیق اسطرح کہ یہ چیز میرے فلانے موکل کی تھی جسنے مجکو خصومت مین وکیل کیا تھا پھر اُسنے میرے دوسرے

سو کس کے ہاتھ اسکو بیچا اور اُسنے بھی مجکو خصومت کے واسطے وکیل کیا کذا فی الطحطاوی ہل یکفی امکان التوفیق ام لا خلاف وتحققہ فی متفرقات القضاء اور کیا امکان
توفیق رفع تناقض کے واسطے کافی ہی یا توفیق بالفعل بھی ضرور ہی اسمین اختلاف ہی علما کا اور اُسکی ہم تحقیق کرینگے کتاب القضا کی متفرقات مین فروع ہذا الاصل کثیرۃ تجیء فی کتاب الدعوی

منہا ادعی علی آخر انہ اخوہ وادعی علیہ النفقۃ فقال المدعی علیہ لیس ہو باخی ثم مات المدعی عن ترکۃ فجاء المدعی علیہ یطلب میراثہ ان قال ہو اخی لم یقبل للتناقض وان قال
ابی او ابنی قبل اور اس اصل یعنی منع تناقض کی بہت فروع ہین جو کتاب الدعوی مین آوینگی اور از انجملہ یہ ہی کہ دعوی کیا دوسرے پر کہ یہ میرا بھائی ہی اور اُسپر نفقہ کا
دعوی کیا سو مدعا علیہ نے کہا کہ وہ میرا بھائی نہین پھر مدعی کچھ ترکہ چھوڑکر مر گیا تو مدعا علیہ آیا اُسکی میراث طلب کرتا اگر اُسنے کہا کہ وہ میرا بھائی تھا تو مقبول نہوگا
بسبب تناقض کے اور اگر اُسنے کہا کہ میرا باپ یا بیٹا تھا تو مقبول ہوگا شارح کے کلام سے معلوم ہوتا ہی کہ مدعی نے اول اخوت کا دعوی کیا اُسکے بعد مدعا علیہ نے
ابوۃ یا بنوۃ کا دعوی کیا حالانکہ ایسا نہین ہی اور شارح کو یہ دھوکھا صاحب بحر وغیرہ کے کلام سے پڑگیا بلکہ مطلب ہانکا یہ ہی کہ اگر بجاے دعوی اخوۃ مدعی بنوۃ یا ابوۃ
کا دعوی کریگا تو دعوی مدعا علیہ کا مقبول ہوگا کیونکہ اصول اور فروع کا تناقض مقبول ہی بخلاف اخوۃ کے کذا فی الطحطاوی ملخصًا الا الحریۃ کلام کا تناقض دعوی حریت کا
مانع نہین والاصل ان التناقض لا یمنع دعوی ما یخفی سببہ کالنسب والطلاق وکذا الحریۃ اور قاعدہ کلیہ یہ ہی کہ تناقض اُسکے دعوی کا مانع نہین ہی جسکا سبب
مخفی ہی چنانچہ نسب اور طلاق اور حریت ہم تناقض نسب کی یہ صورت ہی کہ زید کے پاس ایک غلام پیدا ہوا اور اُسنے اُسکو بیچا اور مشتری نے دوسرے کے ہاتھ بیچا پھر زید نے
دعوی کیا کہ غلام اُسکا بیٹا ہی دعوی اُسکا مسموع ہوگا اور بیع اول اور ثانی باطل ہوگی اسواسطے کہ نسب کی بنا علوق پر ہی اور یہ نطفہ رہنا امر مخفی ہی تو مدعی تناقض
مین معذور ہی اور اسیطرح اگر بولا کہ مین اُسکا وارث نہین پھر بولا کہ مین اُسکا وارث ہون تو مسموع ہی اگر سبب تناقض مذکور کرے اور تناقض طلاق کی صورت یہ ہی کہ زوجہ
نے اپنے زوج سے خلع کیا پھر زوجہ گواہ لائی کہ زوج نے اسکو قبل خلع کے طلاق دی تھی تو دعوی مقبول ہی اور خلع کا مال وہ پھیرلے گی اگرچہ کلام تناقض ہی اسواسطے کہ زوج
ایقاع طلاق مین مستقل ہی اور اُسکی اطلاع زوجہ کو ضرور نہین کذا فی الطحطاوی عن المنح فادہ قال عبد لمشتر اشترنی فانا عبد لزید فاشتراہ معتمدا علی مقالۃ فاذا ہو حر

ای ظہر حرا فان کان البائع حاضرا او غائبا غیبۃ معروفۃ یعرف مکانہ فلا شیء علی العبد لوجود القابض تو اگر غلام نے کہا مشتری سے کہ مجکو خرید کر مین زید کا
غلام ہون سو اُسنے خرید کیا اُسکے کلام پر اعتماد کرکے اور وہ آزاد نکلا یعنی اُسکا آزاد ہونا ظاہر ہوگیا پس اگر بائع حاضر ہو یا بغیبت معروفہ غائب ہو یعنی مکان اُسکا معلوم
ہو تو غلام پر کچھ نہین بسبب موجود ہونے قابض کے یعنی قابض سے ثمن پھیرلینا متصور ہی والا رجع المشتری علی العبد بالثمن خلافا للثانی اور اگر بائع حاضر نہو یا مکان
غیبت اُسکا معلوم نہو تو مشتری غلام سے ثمن پھیرلے بخلاف ابویوسف کے ہم عدم رجوع ابویوسف کا مذہب نہین بلکہ ایک روایت ہی اُنسے کذا فی الطحطاوی عن البحر ولو قال اشترنی
فقط او انا عبد فقط لا رجوع علیہ اتفاقا در اور اگر اُسنے کہا کہ مجکو خرید کر فقط یا یون کہا کہ مین غلام ہون فقط تو اُسپر رجوع نہین بالاتفاق کذا فی الدرر ہم عدم رجوع کی وجہ
پہلی صورت مین یہ ہی کہ کبھی آزاد کی خرید اُسکی خلاصی کے واسطے ہوتی ہی چنانچہ مسلم اسیر کی خرید اہل حرب سے اور عدم رجوع کی دوسری صورت مین یہ ہی کہ ایک شخص
گاہے غلام ہوتا ہی کسی کا اور اُسکا خرید کرنا صحیح نہین چنانچہ مکاتب کی خرید ورجع العبد علی البائع اذا ظفر بہ اور غلام ثمن پھیرلے بائع سے جب اسکو پاوے بخلاف الرہن
بان قال ارتہنی فانی عبدہ لم یضمن اصلا والاصل ان الغرور یوجب الضمان فی عقد المعاوضۃ لا الوثیقۃ بخلاف رہن کے اسطرح پر کہ ایک شخص نے کہا مرتہن سے کہ مجکو رہن رکھ لے
مین غلام ہون پھر ظاہر ہوا کہ وہ آزاد ہی تو ضامن نہوگا اصلا اور قاعدہ یہ ہی کہ دھوکھا موجب ضمان ہی عقد معاوضہ کے ضمن مین نہ عقد وثیقہ کے ضمن مین یعنی بیع مین ضمان
اسواسطے ہی کہ وہ عقد معاوضہ ہی اور رہن مین اسواسطے ضمان نہین کہ وہ عقد وثیقہ ہی نہ عقد معاوضہ باع عقارا ثم برہن انہ وقف محکوم بلزومہ قبل والا لا لان

مجرد الوقف لا یزیل الملک بخلاف الاعتاق فتح واعتمدہ المصنف تبعا للبحر علی خلاف ما صوبہ الزیلعی وتقدم فی الوقف وسیجیء فی آخر الکتاب ایک شخص نے زمین بیچی پھر شاہد لایا کہ
وہ زمین موقوف ہی جسکے لزوم وقف پر قاضی کا حکم ہوگیا ہی تو یہ تناقض مقبول ہی اور نہین تو نہین یعنی وقف غیر محکوم کا تناقض مقبول نہین اسواسطے کہ فقط وقف بلا حکم
قاضی مزیل ملک نہین بخلاف اعتاق کے کذا فی الفتح اور اسی قول پر مصنف نے اعتماد کیا بحر الرائق کی پیروی کرکے برخلاف تصویب زیلعی کے اور اسکا ذکر کتاب الوقف مین ہو چکا

اور آخر کتاب مین آویگا عدم اشتراط حکم قاضی لزوم وقف مین امام کا قول ہے اور فتوی زوال ملک پر ہے مطلقاً اشتری شیئاً ولم یقبضہ حتی ادعاہ آخر انہ لا تسمع دعواہ
بدون حضور البائع والمشتری للقضاء علیہما خرید کی ایک چیز اور اُسپر قبضہ نہین کیا تا اینکہ دوسرے شخص نے اُسکا دعوی کیا کہ وہ چیز میری ہے تو دعوی اُسکا مسموع نہین
بدون حاضر ہونے بائع اور مشتری کے تا حکم قاضی اُنپر جاری ہو ولو قضی لہ بحضرتہما ثم برہن احدہما علی ان المستحق باعہ من البائع ثم ہو باعہ من المشتری قبل لزوم البیع
وتمامہ فی الفتح اور اگر مدعی کے واسطے بائع اور مشتری کے سامنے حکم قاضی ہو جاوے پھر بائع یا مشتری اُسپر گواہ لائے کہ مستحق نے اُسکو بائع کے ہاتھ بیچا تھا پھر بائع
نے اُسکو مشتری کے ہاتھ بیچا تو مقبول ہے اور بیع لازم ہوگی اور پورا بیان اسکا فتح القدیر مین ہے لا عبرۃ بتاریخ الغیبۃ بل العبرۃ لتاریخ الملک فلو قال المستحق عند
الدعوی غابت عنی ہذہ الدابۃ منذ سنۃ فقبل القضاء بہا للمستحق اخبر المستحق علیہ البائع عن القصۃ فقال البائع لی بینۃ انہا کانت ملکا لی منذ سنتین
شہادۃ وبرہن علی ذلک لا تندفع الخصومۃ بل یقضی بہا للمستحق لبقاء دعواہ فی ملک مطلق خال عن التاریخ من الطرفین نہین کچھ اعتبار غائب ہونے کی تاریخ کا بلکہ
مالک ہونے کی تاریخ کا اعتبار ہے تو اگر مستحق نے دعوی کے وقت کہا کہ میرے پاس سے یہ جانور غائب ہوگیا ایک برس سے تو قبل اسکے کہ قاضی مستحق کے واسطے
جانور کا حکم کرے مستحق علیہ نے اس حال کے بائع کو خبر کی سو بائع نے کہا کہ میرے پاس اسکے گواہ موجود ہین کہ یہ جانور میرا مملوک تھا دو برس سے مثلاً اور اسپر گواہ لایا تو
خصومت منقطع نہوگی بلکہ مستحق کے واسطے جانور کا حکم ہوگا بسبب باقی رہنے اُسکے دعوی کے ملک مطلق مین جو خالی ہے تاریخ سے دونون طرف سے یعنی دخول ملک اور
ملک کی تاریخ مذکور نہین اگر کوئی کہے کہ بائع کے کلام مین تاریخ موجود ہے اسکا جواب یہ ہے کہ منح الغفار مین محیط سے منقول ہے کہ ایک شخص کا تاریخ ذکر کرنا امام کے نزدیک معتبر
نہین تو ذکر تاریخ ساقط الاعتبار ہے اور ملک مطلق کا دعوی باقی ہے لہذا مستحق کو جانور کا حکم ہوگا کذا فی الطحطاوی والعلم بکونہ ملک الغیر لا یمنع من الرجوع علی البائع
عند الاستحقاق فلو استولد مشتراہ بعلم غصب البائع ایاہا کان الولد رقیقا لانعدام الغرور ویرجع بالثمن وان اقر بملکیۃ المبیع للمستحق درر اسکا معلوم ہونا کہ بیع غیر
کی مملوک ہے بائع سے ثمن پھیر لینے کو استحقاق کے نزدیک مانع نہین تو اگر مشتری نے ام ولد بنایا اُس خریدی لونڈی کو جسکو جانتا ہے کہ بائع نے اُسکو غصب
کیا ہے تو ولد غلام ہوگا مالک کا بسبب نہونے فریب کے اور مشتری ثمن پھیرے بائع سے اگرچہ ملکیت مبیع کا واسطے مستحق کے اقرار کرتا ہو یعنی مشتری حقیقت حال سے
مطلع ہے تو بائع کا فریب ثابت نہین کہ ولد آزاد ہوتا وفی القنیۃ لو اقر بالملک للبائع ثم استحق من یدہ ورجع لم یبطل اقرارہ فلو وصل الیہ بسبب ما امر بتسلیمہ الیہ بخلاف ما اذا لم
یقر لانہ محتمل بخلاف النص اور قنیہ مین ہے کہ اگر مشتری نے ملک بائع کا اقرار کیا پھر بیع مستحق غیر نکلی مشتری کے قبض مین اور مشتری نے بائع سے ثمن پھیر لیا تو مشتری کا اقرار
باطل نہوگا اور اگر بیع بائع کو مشتری کو کسی سبب سے یعنی خرید یا ہبہ یا وصیت سے پہونچی تو اسکو حکم ہوگا کہ بیع بائع کو تسلیم کرے بخلاف اُس صورت کے جبکہ مشتری نے ملک
بائع کا اقرار نہ کیا ہو کیونکہ وہ محتمل ہے بخلاف صریح اقرار کے یعنی اگرچہ خرید کرنا ملک بائع کا اقرار ہے لیکن یہ محتمل ہے اور صریح اقرار محتمل نہین لا الحکم القاضی بسجل الاستحقاق
بشہادۃ انہ کتاب قاض کذا لان الخط یشبہ الخط فلم یجز الاعتماد علی نفس السجل بل لا بد من الشہادۃ علی مضمونہ لیقضی للمستحق علیہ بالرجوع بالثمن نہ حکم
کرے قاضی استحقاق کی سجل پر اتنے ثبوت سے کہ یہ نوشتہ ہے فلانے قاضی کا سواسطے کہ ایک خط دوسرے خط سے مشابہت رکھتا ہے تو فقط سجل پر اعتماد جائز نہین
بلکہ سجل کے مضمون پر شہادت کا ہونا ضرور ہے تا مستحق علیہ کے واسطے ثمن پھیر لینے کا حکم دیا جاوے ہم ذخیرہ مین ہے کہ بخارا مین ایک شخص کے پاس ایک گدہا مستحق غیر کا
نکلا اور مستحق علیہ نے اسکی سجل پائی پھر بائع کو اُسنے سمرقند مین پایا سو اُسکو سمرقند کے قاضی کے پاس لے گیا اور ثمن پھیر لینے کا ارادہ کیا اور قاضی بخارا کی سجل ظاہر کی
اور بائع نے بیع کا اقرار کیا لیکن استحقاق اور سجل کا منکر ہوا تو مستحق علیہ نے گواہ گذرانے کہ یہ سجل قاضی بخارا کی سجل ہے تو سمرقند کے قاضی کو اسپر عمل کرنا اور ثمن پھیر لینے کا
حکم دینا جائز نہین تا وقتیکہ گواہ اسکی گواہی نہ دین پس بخارا کے قاضی نے مستحق علیہ کے ہاتھ سے گدہا نکال کر مستحق کو دلایا اور مستحق علیہ کے واسطے ثمن پھیر لینے کا اس بائع سے
حکم دیا کذا فی الطحطاوی وکذا الحکم فیما سوی نقل الشہادۃ والوکالۃ من محاضر وسجلات وصکوک لان المقصود بکل منہا الزام الخصم بخلاف نقل وکالۃ وشہادۃ لانہما
لتحصیل العلم للقاضی ولذا لزم اسلامہم ولو الخصم کافرا اسی طرح عدم اعتماد کا حکم ہے سوائے نقل شہادت اور وکالت کے منجملہ محاضر اور سجلات اور صکوک کے

اسواسطے کہ انمین ہر ایک سے الزام خصم کا مقصود ہی بخلاف نقل وکالت اور شہادت کے اسواسطے کہ دونون قاضی کے علم حاصل کردینے کے واسطے ہین اور ہر سوائے
اسلام شہود لازم ہی اگرچہ خصم کا فرہو یعنی نقل شہادت اور وکالت مین توالبتہ قاضی کا نوشتہ کافی ہی اور محضر اور سجل اور صک بلا شہادت اسکے مضمون کے معتبر نہین نقل
شہادت کی یہ صورت ہی کہ گواہون نے خصم غائب پر گواہی دی تو قاضی اُسپر حکم نہ کرے بلکہ گواہی لکھ لے تا قاضی مکتوب الیہ اُسپر حکم کرے اور مکتوب شہود ہین کو سپرد کرے
اور نقل وکالت کی یہ صورت ہی کہ مثلاً مدعی نے قاضی کے سامنے کسیکو اپنا وکیل مقرر کیا تاوکیل ایک شخص پر دعوی کرے دوسرے قاضی کی حکومت مین اور قاضی کا
نامہ لکھکر اس قاضی کو وکالت سے مطلع کرے محضر وہ ہی جسمین قاضی حضور خصمین اور تداعی اور شہادت لکھے اور سجل وہ ہی جسمین اسی کے مانند لکھا اور وہ اُسکے پاس ہو اور صک
وہ ہی جو مشتری اور شفیع غیر ہما کو لکھدے کذا فی الطحطاوی ولا رجوع فی دعوی حق مجہول من دار صولح علی شئ معین واستحق بعضہا لجواز دعواہ فیما بقی ولو استحق کلہا رد کل العوض
لدخول المدعی فی المستحق اور بدل صلح کا پھیر لینا نہین ایک گھر کے حق مجہول کے دعوی مین جبکا مصالحہ ہوگیا شی معین پر اور بعض گھر مستحق غیر نکلا اسواسطے کہ جائز ہی کہ مدعی کا
دعوی باقی مین ہو نہ مستحق مین اور اگر تمام گھر مستحق غیر نکلا تو تمام عوض پھیرا جائیگا بسبب داخل ہونے مدعا کے مستحق مین واستفید منہ ای من جواب المسئلۃ امران احدہما
صحۃ الصلح عن مجہول علی معلوم لان جہالۃ الساقط لاتفضی الی المنازعۃ والثانی عدم اشتراط صحۃ الدعوی لصحۃ الصلح لجہالۃ المدعی یعنی لو برہن لم یقبل مالم یدع اقرارہ بہا
اس سے یعنی جواب مسئلہ مذکورہ سے دو امر حاصل ہوئے ایک صحیح ہونا صلح کا دعوی مجہول سے شئ معین پر اسواسطے کہ نادانی شئ ساقط کی منازعت کو نہین پہونچاتی
دوسرے نہ مشروط ہونا صحت دعوی کا واسطے صحیح ہونے صلح کے بسبب مجہول ہونے اُس چیز کے جسکا دعوی کیا تا اینکہ اگر دعوی مجہول پر گواہ لاویگا تو مقبول نہوگی جبتک
یہ دعوی نکرے کہ مدعا علیہ نے حق مجہول کا اقرار کیا ہی یعنی اگر اس اقرار پر گواہ لاویگا تو گواہی مقبول ہوگی اور مقر سے زبردستی بیان کرایا جاویگا کذا فی الطحطاوی ورجع المدعی علیہ
بحصتہ فی دعوی کلہا ان استحق شئ منہا لفوات سلامۃ البدل اور سب گھر کے دعوی مین اگر کچھ اُسمین سے مستحق غیر نکلے تو مدعا علیہ بقدر اُسکے حصے کے پھیرلے بسبب
فوت ہونے سلامت بدل صلح کے یعنی تمام گھر کا مدعی نے دعوی کیا اور مدعا علیہ نے مال معین دیکر اُس سے صلح کرلی پھر بعض گھر مستحق غیر نکلا تو مدعا علیہ بقدر استحقاق مدعی سے
پھیرلے کیونکہ بدل صلح استحقاق کی جہت سے سلامت نرہا قید بالمجہول لانہ لو ادعی قدرا معلوما کربعہا لم یرجع مادام فی یدہ ذلک القدر وان بقی اقل رجع بحساب ما استحق منہ
مصنف نے دعوی مجہول کی قید لگائی اسواسطے کہ اگر مدعی قدر معین کا دعوی کریگا جیسے چوتھائی گھر کا دعوی تو بدل صلح کو نہ پھیرے جبتک اسکے ہاتھ مین اسقدر یعنی چوتھائی
باقی ہی اور اگر اس مقدار سے کمتر باقی رہے تو استحقاق کے حساب سے موافق مدعی سے پھیرلے یعنی مثلاً مدعی نے ربع کا دعوی کیا اور استحقاق کے بعد مدعا علیہ کے پاس ثمن باقی
تو بقدر حصہ ثمن کے مدعی سے پھیرلے کذا فی الطحطاوی فرع مسئلہ لطیفۃ شارح کالو صالح من الدنانیر علی دراہم وقبضہا فاستحقت بعد التفرق رجع بالدنانیر لان ہذا الصلح فی معنی الصرف فلا ذا تحقق
البدل بطل الصلح فوجب الرجوع ذکرہ سوفیہا فروع آخر فلتنظر اگر دنانیر سے صلح کی دراہم پر اور اُسپر قبضہ کیا سو دراہم مستحق غیر نکلے بعد متفرق ہونے کے تو دنانیر کو پھیرے اسواسطے کہ یہ صلح
بمنزلہ صرف کے ہی پھر جب بدل صلح مین استحقاق ثابت ہوا تو صلح باطل ہوگئی تو اصل یعنی دنانیر کا پھیر لینا واجب ہوگیا کذا فی الدرر اور اسی کتاب مین اسطرح کی چند فروع اور ہین
انکو دیکھنا چاہیے وفی المنظومۃ المحبیۃ بہمۃ منہا اور منظومہ محبیہ مین چند مسائل کو شارح ذکر کرتا ہی اشعار لو استحقا ظہر للمبیع لہ علی بائعہ الرجوع
بالثمن الذی لہ قد دفعا الا اذا البائع ہہنا ادعی بانہ کان قدیما اشتری من ذا المشتری بلا مراء اگر مبیع کا مستحق ظاہر ہو تو مشتری کو اُسکے بائع سے اس ثمن کا پھیر لینا جائز
دیا ہی جائز ہی مگر جبکہ بائع نے یہان یہ دعوی کیا کہ مین نے اس مبیع کو زمان قدیم مین اسی مشتری سے خرید کیا تھا بلا شک یعنی اگر اس دعوی کو بائع نے ثابت کیا تو رجوع نہین ثمن
اتحاد ثمن اور اگر ثمن زیادہ ہی تو رجوع بقدر زیادت جائز ہی کذا فی الطحطاوی اشعار لو اشتری خرابۃ وانفقا شیئا علی تعمیرہا وطفقا ذلک یسوی بعدہا اکمامہا ثم استحق رجل تمامہا
فالمشتری فی ذلک لیس راجعا علی الذی عدا الذکی بائعا ولا علی ذا المستحق مطلقا بہذا الذی کان علیہا انفقا اگر ویران زمین خرید کی اور کچھ اُسکی مرمت مین خرچ کیا
اور اس مشتری نے بعد اسکے اُسکے ٹیلون کا برابر کرنا شروع کیا پھر ایک مرد اُس تمام زمین کا مستحق نکلا تو مشتری اسمین پھیر نہین سکتا اُسکے بائع سے اور نہ اس شخص مستحق سے مطلقاً پھیر سکتا
اُس مال کو جو اُسکی درستی مین صرف کیا اور مستحق سے مطلقاً رجوع جائز نہین نہ ثمن کا نہ صرف تعمیر کا اور بائع سے رجوع صرف تعمیر جائز نہین لیکن رجوع جائز ہی کذا فی الطحطاوی اشعار

وان مبیع مستحقا ظہر ثم قضی القاضی علی من اشتری بہ فصالح الذی ادعاہ وصالحا علی شئ لہ اداہ یرجع فی ذاک بکل الثمن علی الذی قد باعہ فاستبن اور اگر ایک مبیع مستحق
غیر ظاہر ہوئی پھر قاضی نے مشتری پر استحقاق کا حکم کیا سو مشتری نے اُسکے مدعی سے کچھ اُسکے مال موعود پر صلح کر لی تو مشتری اس امر مین تمام ثمن اُسکے بائع سے پھیرے
یعنی اسواسطے کہ گویا مشتری نے مبیع کو مستحق سے خرید کر لیا کذا فی الطحطاوی وفی الہندیۃ شری دارا وبنی فیہا فاستحقت رجع بالثمن وقیمۃ البناء مبنیا علی البائع اذا سلم النقض الیہ
یوم تسلیمہ وان لم یسلم فبالثمن لا غیر اور ہندیہ مین ہے کہ ایک گھر خرید کیا اور اُسمین عمارت بنائی پھر وہ گھر مستحق غیر کا نکلا تو مشتری بائع سے ثمن اور بنی بنائی عمارت کی قیمت جو
اُسکے تسلیم کے دن قیمت ٹھہرے پھیرے بشرطیکہ منقوض یعنی لکڑی اور اینٹ وغیرہ بائع کے قبضے مین کر دے اور اگر قبضہ نکرا دیا ہو تو فقط ثمن پھیرے نہ کچھ اور کما لو
استحقت بجمیع بنائہا لما تقرر ان الاستحقاق متی ورد علی ملک المشتری لا یوجب الرجوع علی البائع بقیمۃ البناء مثلاً چنانچہ اگر گھر مستحق غیر کا نکلے اپنی تمام عمارت کے ساتھ
تو رجوع ثابت نہین مگر ثمن کا اسواسطے کہ ثابت ہو چکا ہے کہ استحقاق جبکہ ملک مشتری پر وارد ہوتا ہے تو بائع سے قیمت بنا کی مثلاً پھیر لینے کا موجب نہین ہوتا ولو حفر بئرا او نقی
البالوعۃ او رم من الدار شیئا ثم استحقت لم یرجع بشئ علی البائع لان الحکم یوجب الرجوع بالقیمۃ لا بالنفقۃ کما فی مسئلۃ الخزانۃ حتی لو کتب فی الصک ما انفق المشتری فیہا
من نفقۃ او رم فیہا من مرمۃ فعلی البائع لفسد البیع اور اگر مشتری نے کنوان کھودا یا نجاسات کا چہ بچہ پاک کیا یا گھر مین کچھ مرمت کی پھر وہ گھر مستحق غیر نکلا تو اس قسم کا
در مقہ اُسکے بائع سے کچھ پھیر نہ لے اسواسطے کہ قاضی کا حکم استحقاق رجوع قیمت کا موجب ہے نہ رجوع صرف کا چنانچہ ویران زمین کے مسئلہ مین مذکور ہو چکا یہان تک
کہ اگر بائع نے بیعنامہ مین لکھدیا کہ جو مشتری گھر مین صرف کریگا اور اُسمین کچھ مرمت کریگا تو وہ بائع کے ذمہ ہے درصورت ظہور استحقاق تو بیع فاسد ہوگی
ہم فساد بیع کی وجہ یہ ہے کہ یہ شرط ملائم بیع نہین اور عقد اسکو مقتضی نہین ولو حفر بیرا او طواہا یرجع بقیمۃ الطی لا القیمۃ الحفر فاذا شرطاہ فسد اور اگر کنوان کھودا اور اُسکی
من بنائی تو من کی قیمت پھیرے نہ کھودنے کی قیمت تو اگر بائع اور مشتری دونون قیمت کی شرط کرینگے تو بیع فاسد ہوگی وکذا لو حفر ساقیۃ ان قنطر علیہا رجع بقیمۃ
بناء القنطرۃ لا بنفقۃ حفر الساقیۃ وبالجملۃ فانما یرجع اذا بنی فیہا او غرس بقیمۃ ما یمکن نقضہ وتسلیمہ الی البائع فلا یرجع بقیمۃ جص او طین وتمامہ فی الفصل الخامس
عشر من الفصولین اور اسی طرح اگر نہر کھودی تو اگر اُسپر پل بنایا تو بنائے پل کی قیمت پھیرے نہ نہر کھودنے کے خرچ کو اور خلاصہ یہ ہے کہ پھیر لیتا تو اُسوقت ہے جب کہ
اُسمین کچھ عمارت بنا دے یا درخت بو دے اُس چیز کی قیمت پھیرے جسکو توڑنا اور بائع کا اُسپر قبضہ کروا دینا ممکن ہو تو چونہ اور مٹی کی قیمت نہ پھیرے اور پورا بیان
اسکا فصولین کی پندرھوین فصل مین ہے وفیہ شری کرما فاستحق نصفہ لہ رد الباقی ان لم یتغیر فی یدہ ولم یاکل من ثمرہ اور فصولین مین ہے کہ انگور کا باغ خرید کیا
اور نصف اُس باغ مستحق غیر نکلا تو مشتری کو باقی باغ کا پھیر دینا جائز ہے اگر باغ اُسکے پاس متغیر نہوا ہو اور اُسنے اُسکا پھل نہ کھایا ہو ولو شری ارضین فاستحقت
احدیہما ان قبل القبض خیر للمشتری وان بعدہ لزم غیر مستحق حصتہ من الثمن بلا خیار اور اگر دو قطعہ زمین کے خرید کیے اور ایک قطعہ مستحق غیر نکلا اگر استحقاق
قبل قبض کے ہے تو مشتری مختار ہے چاہے دوسرے قطعہ کو رکھے چاہے پھیر دے اور اگر استحقاق بعد قبض کے ہے تو اُسکو قطعہ ثانیہ غیر مستحق کی بیع لازم ہوگی
اُسکی قیمت کے حصے کے موافق بلا خیار ولو استحق العبد او البقرۃ لم یرجع بما انفق ولو استحق ثیاب الرقیق او برذعۃ الحمار لم یرجع بشئ لانہ تبع دخل فی البیع تبعا لا حصۃ لہ
من الثمن ولکن یخیر المشتری فی قبضہ اور اگر غلام یا بیل مستحق غیر نکلا تو اُسپر جو خرچ کیا ہے اُسکو نہ پھیرے اور اگر غلام کے کپڑے یا گدھے کی پیٹھ پر کی کملی مستحق غیر نکلی تو کچھ
نہ پھیرے اور جو چیز کہ بیع مین بالتبع داخل ہوتی ہے قیمت مین سے اُسکا کچھ حصہ نہین ہوتا ولیکن مشتری مختار ہے چاہے لے چاہے پھیر دے کذا فی القنیۃ ولو استحق
من ید المشتری الاخیر کان لمن قبلہ الرجوع علی البائع دون من ان یرجع علی الاخر بالثمن بلا اعادۃ بینۃ لکن لا یرجع قبل ان یرجع علیہ المشتری عند ابی حنیفۃ وقال ابو یوسف لہ ان یرجع
قال الاتری ان المشتری الثانی لو ابرا الاول من الثمن کان للاول ان یرجع کما لو وجد العبد حرا فلکل الرجوع قبلہ خانیۃ اور اگر مبیع مستحق نکلی پچھلی مشتری کے ہاتھ سے
تو ہر استحقاق کا حکم ہوگا جمیع بائعین پر تو ہر ایک کو جائز ہے کہ ثمن پھیرے اپنے بائع سے بلا اعادہ شہادت لیکن نہ پھیرے قبل اسکے کہ اُسکا مشتری اُس سے
پھیرے امام ابو حنیفہ کے نزدیک اور ابو یوسف نے کہا کہ اُسکو پھیر لینا قبل رجوع بھی درست ہے ابو یوسف نے کہا کہ کیا تو نہین دیکھتا کہ مشتری ثانی اگر

مشتری ہی اول کو ثمن معاف کردے تو مشتری اول کو رجوع درست ہی چنانچہ اگر غلام آزاد پایا جاوے تو ہر ایک مشتری کو رجوع جائز ہی قبل لینے پھیر دینے کے کذا فی الخانیہ

لکن فی الفصولین بائعہ الذ فتنبہ لیکن فصولین مین اس روایت کے مخالف ہی خبر دار رہنا ولو اشتری عبداً فاعتقہ بمال اخذہ منہ ثم استحق العبد لم یرجع المستحق بالمال

علی المعتق اور اگر غلام خرید کیا پھر اُس سے مال لے کر آزاد کردیا پھر غلام مستحق غیر نکلا تو شخص مستحق مال نہ پھیرلے آزاد کرنے والے سے کیونکہ اُسکو اُسکا بعینہ پورا

مال مل گیا ولو اشتری دارا بعبد واخذہ بالشفعۃ ثم استحق العبد بطلت الشفعۃ ویاخذ البائع الدار من الشفیع لبطلان البیع انتہی اور اگر ایک گھر خرید کیا عوض غلام

کے اور وہ گھر شفیع نے بسبب شفعہ کے لیا پھر غلام مذکور مستحق غیر نکلا تو شفعہ باطل ہوگیا اور بائع شفیع سے گھر لیگا بسبب باطل ہوجانے بیع کے

باب السلم

یہ باب ہی سلم کے احکام مین مصنف نے اُس بیع کا ذکر شروع کیا جسمین قبض احد العوضین یا دونون عوض کا شرط ہی اور سلم کو صرف پر مقدم کیا اسواسطے کہ سلم بمنزلہ

مفرد کے اور صرف بجائے مرکب کے ہی کیونکہ صرف مین قبض عوضین کا شرط ہی اور سلم مین احد العوضین کا اور سلم جائز ہی قرآن اور حدیث سے اسواسطے کہ ابن عباس نے

آیت مداینہ کو سلم پر محمول کیا ہی اور رسول خدا صلی اللہ تعالی علیہ وسلم جب مدینہ مین تشریف لائے تو وہان کے لوگون مین بیع سلم کا رواج تھا ایک سال اور دو سال اور

تین تین سال کی مدت تک تو فرمایا کہ جو شخص سلم کرے کسی چیز مین وہ سلم کرے کیل معلوم اور وزن معلوم مین اجل معلوم تک اور سلم کے جواز پر اجماع منعقد ہی باعتبار حاجت اور

ضرورت کے کیونکہ فقیر اپنے نفقہ عیال کے واسطے بالفعل محتاج ہی اور غنی نفع آیندہ کے واسطے کذا فی الطحطاوی ہو لغۃ کالسلف وزنا ومعنی سلم بفتحتین لغت مین

سلف کے مانند ہی وزن اور معنی مین ہم مشرب مین ہی کہ جب ثمن پہلے دیا تو عرب بولتے ہین کہ سلف فی کذا واسلم واسلف کذا فی النہر وشرعا بیع آجل وہو المسلم فیہ

بعاجل وہو راس المال اور اصطلاح شرع مین سلم عبارت ہی مدت والی چیز کی بیع سے بلا مدت مال کے ساتھ مدت والی چیز مسلم فیہ ہی اور بلا مدت راس المال ہی

یعنے مثلاً پہلے روپیہ دینا اور ایک دو مہینے کی مدت پر گیہون یا جو خرید کرنا اسکا نام سلم ہی ورکنہ رکن البیع حتی ینعقد بلفظ البیع فی الاصح اور سلم کا رکن وہی جو بیع

کا رکن ہی یعنی ایجاب اور قبول یہان تک کہ سلم منعقد ہوتی ہی بیع کے لفظ سے قول اصح مین ہم اور قول غیر اصح مین سلم بلفظ بیع منعقد نہین ہوتی لیکن انعقاد بیع بلفظ

سلم باتفاق روایات ہی سلم مین ایجاب اور قبول اسطرح ہی کہ ایک شخص کہے کہ سلمتک وسلفتک فی کذا اور دوسرا شخص کہے قبلت کذا فی الطحطاوی ویسمی صاحب الدراہم

رب السلم والمسلم بکسر اللام اور صاحب دراہم کو رب السلم اور مسلم بکسر لام کہتے ہین ویسمی الآخر المسلم الیہ والحنطۃ مثلاً المسلم فیہ والثمن راس المال اور دوسرے شخص کو

مسلم الیہ کہتے ہین اور گیہون کو مسلم فیہ بولتے ہین اور ثمن کو راس المال وحکمہ ثبوت الملک للمسلم الیہ ورب السلم فی الثمن والمسلم فیہ لف ونشر مرتب اور حکم سلم کا ثابت ہونا

ملک کا ہی ثمن مین مسلم الیہ کی ملک ثابت ہی اور مسلم فیہ مین رب السلم کی ترکیب مین لف ونشر مرتب ہی رب السلم کی ملک مسلم فیہ مین باعتبار دین کی فی الذمہ ثابت ہی لیکن ملک فی العین بلا

قبض ثابت نہین کذا فی النہر ویصح فیما امکن ضبط صفتہ کجودتہ ورداءتہ اور صحیح ہی سلم اُس چیز مین جسکی صفت کا ضبط کرنا ممکن ہی چنانچہ اُس چیز کا عمدہ ہونا اور ناقص ہونا

ہم ضبط صفت اور معرفت مقدار ہی اسواسطے شرط صحت ہوئی کہ مسلم فیہ دین ہی تو اگر اُسکی صفت اور مقدار ممکن الضبط نہو تو وہ مجہول ہوگا اور جہالت مفضی الی المنازعہ ہوگی لہذا جائز

نہین ومعرفۃ قدرہ کمکیل وموزون وخرج بقولہ ثمن الدراہم والدنانیر لانہا اثمان فلم یجز فیہا السلم خلافا لمالک اور صحیح ہی سلم اُس چیز مین جسکی معرفت مقدار کا ضبط کرنا ممکن ہی چنانچہ

مکیل اور موزون جو ثمن ہی ثمن کی قید سے دراہم اور دنانیر نکل گئے اسواسطے کہ درہم اور دنانیر اگرچہ موزون ہین لیکن یہ ثمن ہین نہ مثمن تو انمین سلم جائز نہین یعنی دراہم اور دنانیر مسلم فیہ

نہین ہوتے بخلاف امام مالک کے وعددی متقارب کجوز وبیض وفلس وکمثری ومشمش وتین ولبن بکسر الباء واجر بقالب معین بین صفتہ ومکان ضربہ خلاصۃ اور چنانچہ عددی متقارب

جیسے اخروٹ اور انڈے اور پیسے اور امرود اور زردآلو اور انجیر اور کچی اینٹ اور پکی اینٹ معین قالب کی جسکی صفت اور پاتھنے کا مکان مصرح ہوگیا ہو کذا فی الخلاصہ ہم عددی متقارب سے مراد

وہ ہی جسکی افراد قیمت مین متفاوت نہون اور اُسکا ضمان بالمثل ہوتا ہو بحر الرائق مین کہا کہ جوز سے جوز شامی اور جوز فرنگی مراد ہی بسبب عدم تفاوت کے نہ جوز ہندی وذرعی کثوب بین قدرہ

طولا وعرضا وصفتہ کقطن وکتان ومرکب منہما وصنعتہ کعمل الشام او مصر او زید او عمرو ورقتہ او غلظہ ووزنہ ان بیع بہ وان الدیباج کلما ثقل وزنہ زادت قیمتہ والحریر کلما خف وزنہ زادت

قیمتہ فلا بذرع بیان الذرع اور جیسا کہ ذرعی یعنی وہ چیز جو گز سے ناپی جاتی ہے جیسے کہ کپڑا جب کی مقدار صحیح ہو گئی ہے باعتبار طول اور عرض کے اور صفت اسکی صحیح ہو گئی ہے چنانچہ
سوتی کا کپڑا یا کتان کا یا دونوں سے مرکب اور اُسکی صفت کا بیان ہو گیا ہے چنانچہ شام کا بنا یا مصر کا یا زید کا بنا یا عمرو کا اور تصریح ہو گئی ہے کہ باریک ہو یا گاڑھا اور تول اُسکی شرح
ہو گئی ہو اگر وہ کپڑا وزن سے بکتا ہو اسواسطے کہ دیبا جتنا گران وزن ہوتا ہے قیمت اُسکی زیادہ ہو جاتی ہے اور حریر جتنا کہ ہلکا ہوتا ہے قیمت اُسکی زائد ہوتی ہے تو ایسے کپڑے میں
وزن کا بھی بیان ضرور ہے گز گت کے بیان کے ساتھ ہم امور مذکورہ کا بیان اسواسطے صحت سلم کے لیے شرط ہوا تا آخر کار نزاع نہ لاحق ہو اور گفتگو کا مقام نہ باقی رہے لا یصح
فی عددی متفاوت ہو یا تفاوت مالیتہ کبطیخ وقرع ورمان سلم بحر عددا بلا تمییز یعنی نہیں سلم عددی متفاوت میں عددی متفاوت وہ ہے جسکی مالیت میں تفاوت ہو یعنی
باوجود اتحاد جنس کے اُسکے افراد کی قیمت مختلف ہے چنانچہ خربوزہ اور کدو اور سول اور انار تو ایسی چیزوں میں سلم جائز نہیں گن کر بلا تمییز یعنی بلا ذکر ضابطہ چنانچہ طول یا غلظ یا غیر
ذلک فقط ذکر سے عدد سلم جائز نہیں کذا فی المنح وما جاز عددا جاز کیلا ووزنا نہر اور جس میں سلم جائز ہے گن کر اُسمیں کیل اور وزن سے بھی سلم درست ہے کذا فی النہر ہم اور جسمیں کیل جائز ہے
اُسمیں وزن بھی جائز ہے اور جسمیں وزن جائز ہے بقول معتمد اور کچھ اسمیں ہین کیں اوزن جائز ہے کذا فی الطحطاوی عن البحر والمنح فی سمک ملیح ومالح لغۃ ردیۃ والفصیح ہے
سلم خشک مچھلی نمک سود میں شامل جسنے کہا سمک ملیح لغت فصیح ہے اور سمک مالح کہنا لغت ردی ہے وفی طری حین یوجد وزنا وضربا ای نوعا قید لہما اور صحیح ہے سلم تازہ مچھلی
میں اُسوقت جبکہ وہ پائی جاتی ہے وزن سے اور اُسکی قسم بیان کرکے بیان وزن اور قسم خشک اور تازہ دونوں کی قید ہے ہم طحطاوی سے کہا جواز سلم بوقت وجود ظاہرا
تر مچھلی کی قید ہے اسواسطے کہ خشک مچھلی بازاروں میں ہر وقت ملتی ہے ہان اگر بعض وقت بازار میں منقطع ہو تو سلم جائز نہیں اقسام مچھلی کے بکثرت ہین چنانچہ رہو اور چال
اور پرھن وزن اور بیان قسم اسواسطے مشروط ہوا تا یقین حاصل ہو جاوے ولا عددا للتفاوت جائز نہیں سلم مچھلی میں باعتبار شمار کے بسبب تفاوت کے یعنی مچھلی یکسان
نہیں جو شمار کفایت کرے اور نزاع واقع نہو ولو صغارا جاز وزنا وکیلا اور اگر مچھلیاں چھوٹی ہوں تو اُنمیں وزن اور پیمانہ دونوں جائز ہین یعنی بعد ذکر نوع کے تا نزاع منقطع
وفی الکبار روایتان مجتبی اور بڑی مچھلیوں میں دو روایتین ہین کذا فی المجتبی ہم جواز اور عدم جواز امام سے وزن میں مروی ہے اور کیل تو بروایت واحدہ جائز نہیں اور وزن میں
تو جواز ثابت ہے کذا فی الطحطاوی ولا فی حیوان خلافا للشافعی سلم جائز نہیں کسی جاندار میں بخلاف امام شافعی کے ہم حیوان آدمی ہو یا غیر آدمی سلم اُسمیں جائز نہیں اسواسطے
کہ حدیث میں نہی وارد ہے سلف فی الحیوان سے اور اسواسطے کہ باطن حیوان منضبط نہیں ہو سکتا اگرچہ ضبط ظاہر ممکن ہے کذا فی البحر واطرافہ کروس واکارع خلافا لمالک
جاز وزنا فی روایۃ اور سلم جائز نہیں جانور کے اطراف میں چنانچہ اُسکے کلہ پائوں میں بخلاف امام مالک کے اور ایک روایت میں سلم جائز ہے تول کر ولا فی حطب
بالحزم ورطبۃ بالجرز الا اذا ضبط بما لا یودی الی النزاع فیجاز وزنا فتح اور سلم جائز نہیں لکڑیوں میں گٹھے باندھکر اور رطبہ میں مٹھی باندھکر مگر جبکہ اسطرح ضبط اور تعیین ہو جاوے
کہ باعث نزاع نہو اور لکڑیوں اور رطبہ میں تول کر سلم جائز ہے کذا فی الفتح ہم تعیین قاطع نزاع کی یہ صورت ہے کہ جس رسی سے گٹھا باندھا جاتا ہے اُسکا طول مصرح ہو جاوے اسطرح کہ مقام گفتگو نہ باقی
نہ رہے حزم بضم حاء حطی وفتح زاے معجمہ جمع ہے حزمہ کی یعنی گٹھا اور جرز بضم جیم وفتح راے مہملہ جمع جرزہ کی یعنی القبضہ کذا فی الطحطاوی ولا جواہر وخرز اور سلم جائز نہیں جواہرات اور پوت
کی چیزوں میں ہم خرز بالتحریک وہ چیز ہے جو تاگے میں پروئی جاوے مانند موتی وغیرہ کے ظاہر جواہرات اور موتیوں میں بطریق وزن کے بھی سلم جائز نہیں اسواسطے کہ دو موتیوں میں
تفاوت فاحش ہوتا ہے مالیت میں اگرچہ عدد اور وزن میں اتفاق ہو کذا فی الطحطاوی الا الصغار لؤلؤ تباع وزنا لانہ انما یعلم بہ مگر چھوٹے موتی بیچے جاتے ہین تول کر
اسواسطے کہ اُنکی قیمت تو تولنے ہی سے معلوم ہوتی ہے طحطاوی نے مکی سے نقل کیا کہ یہی حکم ہے صغار جواہر کا ولا منقطع لا یوجد فی الاسواق من وقت العقد الی وقت الاستحقاق
اور اُس نایاب چیز میں سلم جائز نہیں جو بازاروں میں نہیں ملتی عقد سلم کے وقت سے استحقاق کے وقت تک ہم بازار کی قید سے معلوم ہوا کہ اگر ایک چیز بازار میں نہو اور گھروں میں ہو تو
اُسکا اعتبار نہیں ولو انقطع فی اقلیم دون آخر لم یجز فی المنقطع اور اگر منقطع ہوا ایک اقلیم میں نہ دوسری اقلیم میں تو سلم جائز نہیں منقطع میں یعنی اقلیم عدیم الوجود میں شی منقطع کی
سلم جائز نہیں اسواسطے کہ اُسکا لانا بدون مشقت عظیم کے متصور نہیں تو عجز عن التسلیم لازم آیا ولو انقطع بعد الاستحقاق خیر رب السلم بین انتظار وجودہ والفسخ واخذ راس مالہ اور اگر
مسلم فیہ منقطع ہو گئی بعد استحقاق قبل ایفاء مسلم فیہ کے تو رب السلم کو اختیار ہے چاہے اُسکے پائے جانے کا انتظار کرے اور چاہے عقد سلم کو فسخ کرے اور اپنا راس المال لے والحکم لو انقطع عظم وجوزا

اذا بین وصفہ وموضعہ لانہ موزون معلوم وبہ قالت الائمۃ الثلثۃ وعلیہ الفتوی بحر وشرح مجمع اور گوشت مین سلم جائز نہین امام کے نزدیک اگرچہ بے ہڈی کا گوشت ہو اور
صاحبین نے اسکو جائز کہا ہی جبکہ اسکا وصف بیان ہوگیا ہو یعنی موٹا یا دبلا اور گوشت کا مکان مصرح ہو یعنی دست کا گوشت یا ران یا پہلو کا اسواسطے کہ گوشت موزون اور معلوم چیز ہی
اور یہی قول ہی تینون اماموں کا اور اسی پر فتوی ہی کذا فی البحر وشرح المجمع ہم اتقانی نے کہا صاحبین کے نزدیک گوشت مین سلم جائز ہی بشرطیکہ بیان جنس اور سن اور نوع اور صفت اور
موضع اور مقدار کے یعنے گائے کا گوشت یا بکری کا جانور یکسالہ ہو اگر دو برس کا ہو یا موٹا ہو یا دبلا ہو کا گوشت ہو یا اور موضع کا دست یا سیرہ کا گوشت ہو کذا فی الاسبیجابی لکن فی القہستانی یصح
فی المنزوع بلا خلاف انما الخلاف فی غیر المنزوع فتنبہ لیکن قہستانی مین ہی کہ بے ہڈی کے گوشت مین سلم جائز ہی بلا خلاف امام اور صاحبین کے خلاف تو اُس گوشت مین ہی جسکی ہڈی
جدا نہین ہی خبردار رہو لکن صرح غیرہ بالروایتین فتدبر لیکن قہستانی نے تصریح کی ہی دو روایتون کی سو تامل کر نام یعنے امام سے دو روایتین ہین ایک روایت مین مطلقًا سلم جائز
نہین اور دوسری روایت مین تفصیل مذکور ہی طحطاوی نے کہا کہ استدراک لکن کا ضرور کرنا بہتر تھا یعنی اسواسطے کہ جب فتوی صاحبین کے قول پر ہوا تو اب استدراک کی کیا
ضرورت ہی ولو حکم بجوازہ صح اتفاقا بزازیہ اور اگر قاضی جواز سلم کا حکم کرے تو بالاتفاق صحیح ہی کذا فی البزازیۃ وفی العینی انہ قیمی عندہ مثلی عندہما اور عینی مین ہی کہ گوشت
امام کے نزدیک قیمی ہی اور صاحبین کے نزدیک مثلی ولا بمکیال و ذراع مجہول قید فیہما اور جائز نہین سلم پیمانہ مجہول اور گز مجہول سے شارح نے کہا مجہول دونون کی
قید ہی نہ فقط ذراع کی ہم حلبی نے کہا پیمانہ معین اور گز معین مراد ہی اسواسطے کہ دو احتمال الہلاک ہی تو اینفا استدراک ہی مجہول کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر پیمانہ یا گز معلوم المقدار ہوگا
تو سلم جائز ہی وجوز الثانی فی الماء قربا للتعامل فتح اور ابو یوسف نے سلم کو جائز رکھا ہی پانی مین مشکون بھر کے بسبب رواج کے کذا فی الفتح ہم یعنی سقے سے چند مشکین پانی
کی خرید کرنا معین مشک سے جائز ہی وبر قریۃ بعینہا او ثمر نخلۃ معینۃ الا اذا کانت النسبۃ لثمرۃ او نخلۃ او قریۃ لبیان الصفۃ لا لتعیین الخارج کخشمرانی مرجی او بلدی ببخارا
ف المانع واقتضی العرف فتح اور جائز نہین سلم مخصوص گانون کے گیہون اور معین کھجور کے درخت کے پھل مین مگر جبکہ نسبت پھل اور کھجور کے درخت اور گانون کے
بیان صفت کے واسطے ہی نہ واسطے معین کرنے شی خارج کے جیسے مرغزاری یا شہری گیہون کی نسبت ہمارے ملک مین بیان صفت کے واسطے ہوتی ہی تو مانع اور مقتضی
سلم کا عرف ہی ہم یعنی اگر اسکا عرف ہو کہ نسبت کا ذکر کرنا بیان صفت کے واسطے ہوتا ہی تو جائز ہی والا غیر جائز قریہ معینہ کے گیہون یا درخت معین کے پھل مین
سلم اسواسطے ناجائز ہی کہ شاید کسی آفت سے گیہون اُس گانون مین یا پھل اُس درخت مین نہ پیدا ہون تو قدرت علی التسلیم نہ باقی رہی اسمین احتمال فسخ عقد کا ہی لہذا صحیح
نہین علاوہ برین وہ چیز فی الحال معدوم بھی ہی قریہ کی قید سے اقلیم سے احتراز ہوگیا کیونکہ اقلیم کی طرف نسبت کرنا صحیح ہی اور یہ احتمال کہ شاید اقلیم مین بھی گیہون نہ پیدا ہون
احتمال ضعیف ہی ولا فی حنطۃ حدیثۃ قبل حدوثہا لانہا منقطعۃ فی الحال وکونہا موجودۃ وقت العقد الی وقت المحل شرط فتح اور صحیح نہین سلم نئے گیہون مین قبل اُسکے پیدا ہونے کے
اسواسطے کہ وہ منقطع فی الحال ہی اور ہونا اُنکا موجود عقد سلم کے وقت سے تا وقت حلول مدت شرط ہی کذا فی الفتح ہم فتح القدیر مین ہی کہ مسلم فیہ کا موجود ہونا عقد کے
وقت سے تا وقت حلول مدت شرط ہی تو اگر عقد کے وقت منقطع ہوا اور حلول کے وقت موجود ہو یا بالعکس اسکے یا دونون وقتون کے مابین منقطع ہوا اور عقد اور حلول
کے وقت موجود ہو تو سلم جائز نہین اور یہی قول ہی اوزاعی کا اور شافعی اور مالک اور احمد اور اسحق کے نزدیک وجود وقت حلول کافی ہی وفی الجوہرۃ اسلم فی حنطۃ جدیدۃ
اوفی ذرۃ حدیثۃ لم یجز لانہ لا یدری یکون فی تلک السنۃ شیء ام لا قلت وعلیہ ما یکتب فی وثیقۃ السلم من قولہ جدید عامہ مفسد ای قبل وجود الجدید اما بعدہ فیصح کما لا یخفی اور
جوہرہ مین ہی عقد سلم کیا نئے گیہون یا نئے چینے مین تو جائز نہین کیونکہ معلوم نہین کہ اُس سال مین وہ پیدا ہوگا یا نہین مین کہتا ہون اور بوجہ اس روایت کے
وہ وثیقہ سلم مین یہ قول لکھا جاتا ہی کہ اس سال کے نئے گیہون سو مفسد سلم ہی یعنی مفسد ہی قبل پیدا ہونے جدید کے اور بعد پیدا ہو چکنے کے تو سلم صحیح ہی چنانچہ
مخفی نہین وشرطہ ای شروط صحتہ التی تذکر فی العقد سبعۃ بیان جنس کبر او تمر و بیان نوع کسقی وبعلی وصفۃ کجید وردی و قدر ککیل لا ینقبض ولا ینبسط
اور شرط سلم کی یعنے صحت سلم کی وہ شرطین جو عقد مین مذکور ہوتی ہین سات ہین ۱ بیان ہو مسلم فیہ کی جنس کا چنانچہ گیہون یا کھجور ۲ بیان نوع کا چنانچہ
آدمیون کے سینچے یا بارش آسمانی کے سینچے ۳ بیان اُسکی صفت کا چنانچہ عمدہ قسم یا ناقص خالص گیہون ۴ بیان مقدار مسلم فیہ کا کہ [illegible]

یعنے دو برس کی عمر مین [illegible] ۱۲

بالضم تشفیف ارزن
یعنے چینا ۱۲

ہوگی اُس کیل سے جو سکڑے اور پھیلے نہیں و اجل و اقلہ فی السلم شہر یفتی ۵ بیان مدت کا اور کمتر مدت سلم میں ایک مہینہ ہے اسی کا فتوی ہے ہم مقدار مدت میں اختلاف ہے اور اصح وہ ہے جو محمد سے مروی ہے کہ ایک مہینہ ہے کیونکہ ادنی عاجل اور اقصی آجل ہے اور ماخوذ ہے مسئلۂ یمین سے یعنی جو قسم کھائے کہ دین کو جلد ادا کریگا اور اُسنے قبل تمام ہونے مہینے کے ادا کر دیا تو حانث نہوگا تو معلوم ہوا کہ مادون شہر کے حکم عاجل میں ہے اور شہر و ما فوق اُسکے آجل ہے علما نے کہا اسی پر فتوی ہے کذا فی فتح القدیر و فی الحاوی لا باس فی السلم فی نوع

واحد علی ان یکون حلول بعضہ فی وقت و بعضہ فی وقت آخر اور حاوی میں ہے کہ سلم کرنے کا کچھ مضائقہ نہیں نوع واحد میں اس شرط پر کہ حلول البعض کا ایک وقت میں ہو اور بعض کا دوسرے وقت میں

ویبطل الاجل بموت المسلم الیہ لا بموت رب السلم فیؤخذ المسلم فیہ من ترکتہ حالا لبطلان الاجل بموت المدیون لا الدائن ولذا شرط دوام وجودہ لتدوم القدرۃ علی التسلیم ہوتا اور باطل ہوجاتی ہے مدت مسلم الیہ کی موت سے نہ رب السلم کی موت سے تو رب السلم مسلم فیہ کو مسلم الیہ سے لے گا بسبب باطل ہوجانے مدت کے مدیون کی موت سے نہ دائن کی موت سے اور اسی واسطے یعنی ترکے سے مسلم فیہ کے لینے کے واسطے دوام وجود مسلم فیہ مشروط ہوا ہے تحت سلم میں تا اُسکی تسلیم پر قدرت ہمیشہ رہے مسلم الیہ کی موت سے یعنی تا مسلم الیہ کا وارث بعد اُسکی موت کے تسلیم پر قادر ہو و بیان قدر راس المال ان تعلق العقد بمقدارہ کما فی مکیل

وموزون وعددی غیر متفاوت واکتفیا بالاشارۃ کما فی مذروع و حیوان ۶ مقدار راس المال کا بیان اگر عقد متعلق ہو راس المال کی مقدار سے چنانچہ مکیل اور موزون اور عددی غیر متفاوت میں اور صاحبین نے اشارہ پر کفایت کی ہے جیسے مذروع اور حیوان میں ہم صاحبین نے کہا کہ جب راس المال کیطرف اشارہ ہوا تو اب بیان اُسکی مقدار کا ضرور نہیں چنانچہ اگر راس المال مذروع یا حیوان ہو تو وہان اشارہ بالاتفاق کافی ہے اسواسطے کہ مذروع میں گزون کا معلوم ہونا مشروط نہیں کیونکہ عقد اُسکی مقدار سے متعلق نہیں اسواسطے کہ مسلم فیہ گزون کے شمار پر منقسم نہیں اسواسطے کہ گز وصف ہے اُسکے مقابل میں کچھ ثمن نہیں پڑتا تو اُسکی جہالت جہالت مسلم فیہ لازم نہیں کذا فی الطحاوی

قلنا ربما لا یقدر علی تحصیل المسلم فیہ فیحتاج الی رد راس المال ابن کمال ہم جواب دیتے ہیں امام کی طرف سے کہ گاہے مسلم الیہ قادر نہیں ہوتا مسلم فیہ کی تحصیل میں تو راس المال کے پھیر دینے کی حاجت ہوگی کذا صحح ابن کمال یعنی اگر مقدار راس المال کو عیب دار پاتا ہے تو اُسکو پھیر دیتا ہے اور رب السلم مجلس رد میں اُسکو بدل نہیں دیتا تو عقد سلم منفسخ ہوگا اسقدر راس المال میں جو پھیر دیا گیا اور عقد باقی رہیگا غیر مردود میں تو جہالت مسلم فیہ لازم آویگی ما بقی میں کذا ذکرہ ابن ملک تو واجب ہے بیان راس المال کی مقدار کا والسابع

بیان مکان الایفاء للمسلم فیہ فیما لہ حمل و مؤنۃ اور ۷ ایفاء مسلم فیہ کے مکان کا بیان ہے اُس مسلم فیہ میں جسمیں بار برداری اور کلفت ہے یعنی جسمیں مسلم فیہ کی بار برداری میں کلفت اور مشقت ہو وہان بیان مکان ایفا شرط ہے مانند مشک اور موتی کے و مثلہ الثمن و الاجرۃ و القسمۃ اور مانند سلم کے ثمن اور اجرت اور قسمت ہے ثمن کی صورت یہ ہے کہ ایک شخص نے عبد حاضر کو مکیل یا موزون سے اُدھار خرید کیا مدت معین کرکے تو امام کے نزدیک مکان ایفا شرط ہے اور اجرت کی یہ صورت ہے کہ ایک شخص نے گھر یا جانور اجارہ لیا بعوض مکیل یا موزون کے مدت مقرر کرکے تو امام کے نزدیک مکان ایفا شرط ہے اور قسمت کی صورت یہ ہے کہ دو شخصون نے ایک گھر قسمت کر لیا اور ایک شخص نے اپنے حصے سے زیادہ لیا اور بمقابلہ زیادت کے مکیل یا موزون کے دینے کا وعدہ کیا مدت معین کرکے تو امام کے نزدیک بیان مکان ایفا شرط ہے بخلاف صاحبین کے کذا فی الطحطاوی و عینا مکان العقد

وقالا الثلثۃ کبیع وقرض و اتلاف و غصب قلنا ہذہ واجبۃ التسلیم فی الحال بخلاف الاول اور صاحبین نے مکان عقد سلم کو معین کر دیا ہے واسطے ایفاء مسلم فیہ کے اور یہی مذہب ہے باقی تینون اماموں کا چنانچہ بیع اور قرض اور اتلاف مال اور غصب میں واسطے تسلیم مبیع اور قرض اور بدل متلف اور مغصوب کے مکان بیع اور قرض اور اتلاف اور غصب کا معین ہے ہم جواب دیتے ہیں امام کی طرف سے کہ یہ اشیا یعنی بیع اور قرض وغیرہما واجب التسلیم ہین فی الحال لہذا انمین وہی مکان متعین ہو گیا بخلاف پہلی صورتون کے یعنے مسلم فیہ و ثمن اور اجرت اور قسمت شرط الایفاء فی مدینۃ فکل محلاتہا سواء فیہ ای فی الایفاء حتی لو اوفاہ محلۃ منہا بری و لیس لہ ان یطالبہ فی محلۃ اخری بزازیۃ ایفاء مسلم فیہ کو شرط کیا ایک شہر مین تو سب محلے اُسکے برابر ہین ایفا میں تو اگر وہ تسلیم کرے اس شہر کے کسی محلے مین بری الذمہ ہوگا اور رب السلم کو اختیار نہیں کہ اُس سے مطالبہ کرے دوسرے محلہ مین کذا فی البزازیۃ و فیہا قبلہ شرط حملہ الی منزلہ بعد الایفاء فی المکان المشروط لم یصح اجتماع الصفقتین الاجارۃ و التجارۃ اور بزازیہ مین قبل مسئلۂ سابقہ کے ہے کہ رب السلم نے مسلم فیہ کا لا کر پہونچانا اپنے گھر تک بعد ایفاء مکان مشروط کے شرط کیا تو صحیح نہیں بسبب مجتمع ہوجانے دو عقد کے یعنے اجارہ

اور تجارت ہم تو شرط حمل بعد الایفا سے ثابت ہوا اور تجارت تو خود عقد سلم سے ثابت ہے وما لا حمل لہ کمسک وکافور وصغار لؤلؤ لا یشترط فیہ بیان مکان الایفاء
اتفاقا ویوفیہ حیث شاء فی الاصح وصحح ابن الکمال مکان العقد اور جس چیز میں اُٹھانے کی کچھ حاجت نہین چنانچہ مشک اور کافور اور چھوٹے موتی تو اُسمین مکان ایفا
مسلم فیہ کا بیان کرنا شرط نہین باتفاق امام اور صاحبین کے اور پہونچاوے جہان اُسکا جی چاہے قول صحیح مین اور ابن کمال نے مکان عقد کی تصحیح کی ہے ہم حمل اور نوبت
اُس چیز مین نہین جسمین پیٹھ پر لادنے اور حمال کی مزدوری دینے کی حاجت نہین اور یہی قول معتمد ہے کذا فی الطحطاوی ولو عین فیما ذکر مکانا تعین فالاصح فتح لانہ یفید
سقوط خطر الطریق اور اگر مکان معین کر لیا اُسمین جو مذکور ہو چکا یعنے جسمین بار برداری کی حاجت نہین تو مکان مشروط متعین ہو جائیگا قول اصح مین کذا فی الفتح
اسواسطے کہ تعین مکان سقوط خطرۂ راہ کی مفید ہے وبقی من الشروط قبض راس المال ولو عینا قبل الافتراق بابدانہما وان ناما او مشیا فرسخا او اکثر اور
باقی رہا شروط سے راس المال کا مقبوض ہونا ابدان عاقدین کے افتراق سے پہلے اگرچہ راس المال عین ہو نہ نقد اور گو کہ عاقدین سو گئے ہوں یا بقدر فرسخ
یا زیادہ ساتھی چلے گئے ہوں ہم مصنف اور شارح نے بیان شروط مین تغییر اسلوب اسواسطے کیا کہ یہ شروط ایسی نہین ہین جنکا ذکر کرنا شرط ہوا انکا وجود بلا ذکر کافی ہے
ولو دخل لیخرج الدراہم ان توارے عن المسلم الیہ بطل وان بحیث یراہ لا اور اگر رب السلم مکان مین داخل ہوا تا دراہم نکال لاوے اگر مسلم الیہ سے چھپ گیا ہو تو سلم
باطل ہو گیا اور اگر اسطرح پر داخل ہوا ہو کہ اسکو دیکھتا ہو تو سلم باطل نہین وصحت الکفالۃ والحوالۃ والارتہان برأس مال بزازیہ اور ضمانت اور حوالہ اور گرو رکھنا
سلم کے راس المال کے واسطے صحیح ہے ہم تو اگر مسلم الیہ نے راس المال کو محتال علیہ یا ضامن یا رب السلم سے قبض کیا تو عقد سلم تمام ہوا بالشرط اتحاد مجلس اور اعتبار عاقدین کے
مجلس کا ہے نہ محتال علیہ اور ضامن کی مجلس کا اور درصورت عدم قبض مذکور سلم اور ضمانت اور حوالہ باطل ہین اور صحت کفالت اور حوالہ کی یہ ہے کہ فائدہ مطالبہ کفیل اور
محتال علیہ کی طرف متوجہ ہوگا کذا فی الطحطاوی وہو شرط بقائہ علی الصحۃ لا شرط انعقادہ لوصفہا فینعقد صحیحا ثم یبطل بالافتراق بلا قبض او قبض راس المال
سلم کے صحیح باقی رہنے کی شرط ہے نہ شرط ہی انعقاد سلم کی بوصف صحت تو درصورت عدم قبض سلم صحیح منعقد ہوگا پھر بلا قبض افتراق ابدان عاقدین سے باطل ہو جائیگا
ولو ابی المسلم الیہ قبض راس المال اجبر علیہ خلاصہ اور اگر مسلم الیہ قبض راس المال سے انکار کریگا تو اُسپر زبردستی کیجائیگی کذا فی الخلاصہ وبقی من الشروط کون
راس المال منقودا وعدم الخیار وان لا یشمل البدلین احدی علتی الربوا وہو القدر المتفق او الجنس لان حرمۃ النساء تتحقق بہ اور باقی رہا شروط سلم سے ہونا راس المال کا
نقد اور خیار شرط کا نہونا اور نہ شامل ہونا بدلین کا ایک علت کو ربوا کی دو علتون سے کہ وہ علت یا قدر متفق علیہ ہے یا جنس ہے اسواسطے کہ حرمت تاخیر ثابت ہو جاتی
ہے ایک علت کے ہونے سے ہم قدر متفق علیہ کی قید سے سلم نقود کا گیہون مین اور اسیطرح زعفران اور گھی مین صحیح ہوا اسواسطے کہ اگرچہ بدلین مین وزن متفق ہے لیکن
کیفیت وزن مختلف ہے کہ نقود کے باٹ علحدہ ہین اور زعفران وغیرہ کے جدا چنانچہ باب الربوا مین ہدایہ سے اسکا ذکر ہو چکا وعدہا العینی تبعا للغایۃ سبعۃ عشر
اور عینی نے باتباع غایۃ التحقیق کے سلم کی شرطین سترہ شمار کی ہین ہم ازان جملہ چھہ شرطین راس المال مین یعنی بیان جنس اور نوع اور صفت اور مقدار راس المال
اور اسکا منقود اور مقبوض ہونا اور نو شرطین مسلم فیہ مین یعنی بیان جنس اور نوع اور صفت اور مقدار اور مکان ایفا اور مدت اور عدم انقطاع اور ایسا مال ہونا جو متعین ہو
تعیین سے اور منضبط ہونا وصف سے چنانچہ اجناس اربعہ جیسے مکیل اور موزون اور مذروع اور معدود متقارب اور ایک شرط عقد سے متعلق ہے یعنے عقد کا لازم ہونا جسمین
خیار الشرط نہو اور ایک شرط بنظر بدلین ہے یعنی ربوا کی دو علتون مین سے ایک علت کا نہونا کذا فی الطحطاوی عن المنح وزاد المصنف وغیرہ القدرۃ علی تحصیل المسلم فیہ اور
اپنی شرح مین مصنف وغیرہ نے ایک شرط اور زیادہ کی ہے یعنے قادر ہونا مسلم فیہ کی تحصیل پر ہم قدرت کی شرط کرنے کی کچھ حاجت نہین باوجود اشتراط عدم انقطاع کے
نہر الفائق مین کما قدرت علی التحصیل یہ ہے کہ وہ چیز منقطع نہو ثم فرع علی الشرط الثامن بقولہ فان اسلم مائتی درہم فی کر بضم فتشدید ستون قفیزا والقفیز ثمانیۃ مکاکیک
والمکوک صاع ونصف عینی برصالی کون المائتین مقسومۃ مائۃ دینا علیہ ای علی المسلم الیہ ومائۃ نقدا انقدہا رب السلم وافترقا علی ذلک فالسلم فی حصۃ الدین
باطل لانہ دین بدین وصح فی حصۃ النقد ولم یشع الفساد لانہ طاری حتی لو نقد الدین فی مجلس صح فی الکل مصنف نے شرط ثامن یعنے قبض راس المال

اپنے اس قول کو متفرع کیا کہ اگر عقد سلم کیا دو سو درم کا ایک کر گیہون مین حالانکہ دو سو یا ین طریق مقسوم ہین کہ ایک سو درم مسلم الیہ پر دین ہین اور ایک سو نقد
جنکو رب السلم نے فی الحال دیا اور دونون عاقد اسی حال پر جدا ہو گئے تو دین کے حصے مین سلم باطل ہی کیونکہ یہ مبادلہ ہی دین کا دین سے اور یہ جائز نہین اور سلم صحیح ہی
نقد کے حصے مین اور یہ فساد تمام عقد مین شائع نہوا کیونکہ یہ فساد پیچھے لگ گیا یعنی سلم کل مین صحیح واقع ہوا بعد اُسکے بقدر دین باطل ہو گیا اما اینکہ اگر مجلس عقد
مین دین کو ادا کر دیا تو کل دو سو درم مین سلم صحیح ہوگا شارح نے کہا کر بضم کاف وتشدید راے مہملہ عبارت ہی ساٹھ قفیز سے اور قفیز آٹھ مکوک کا ہوتا ہی اور ہر مکوک
ڈیڑھ صاع کا ہوتا ہی اور صاع آٹھ رطل بغدادی ہی اور ہر رطل ایک سو تیس درم کا ولو احدہما دنانیر او علی غیر العاقد فسد فی الکل اور اگر دو سو مین ایک سو دینار ہون
اور ایک سو درم غیر عاقد پر دین ہون تو سب دونون سو مین سلم فاسد ہی ولا یجوز التصرف للمسلم الیہ فی رأس المال ولا لرب السلم فی المسلم فیہ قبل قبضہ
بنحو بیع وشرکۃ ومرابحۃ وتولیۃ ولو ممن علیہ حتی لو وہبہ منہ کان اقالۃ اذا قبل اور جائز نہین مسلم الیہ کو تصرف کرنا راس المال مین اور نہ رب السلم کو مسلم فیہ مین اسکے
قبضہ کرنے سے پہلے مانند بیع اور شرکت اور مرابحہ اور تولیہ کے اگرچہ تصرفات مذکورہ اُسی شخص سے کیے ہون جسپر راس المال یا مسلم فیہ ہی یہان تک کہ اگر رب السلم مسلم فیہ
مسلم الیہ کو ہبہ کرے تو یہ اقالہ ہوگا سلم کا اگر مسلم الیہ ہبہ قبول کرے ہم راس المال مین اسواسطے تصرفات جائز نہین کہ وہ مستحق القبض ہی مجلس عقد مین اور تصرف کرنا اُسمین
قبل قبض کے قبض کو فوت کرتا ہی اور مسلم فیہ مین اسواسطے تصرف درست نہین کہ وہ مبیع ہی اور مبیع منقول مین قبل قبض کے تصرف جائز نہین شرکت کی یہ صورت ہی کہ رب السلم
دوسرے شخص سے کہے کہ تو مجکو نصف راس المال دے تا نصف مسلم فیہ تیرا ہووے اور مرابحہ اور تولیہ کی یہ صورت ہی کہ غیر شخص سے کہے کہ راس المال پر کچھ مجکو فائدہ زیادہ دے یا اُسکے
برابر دے تا مسلم فیہ بالخصوص تیرا ہو وفی الصغری اقالۃ بعض السلم جائزۃ اور فتاوی صغری مین ہی کہ بعض سلم کا اقالہ کرنا جائز ہی یعنی بعض سلم مین اقالہ کرنا اور بعض کو قائم رکھنا
جائز ہی بشرطیکہ باقی معلوم ہو جیسا کہ نصف وغیرہ خواہ بعد حلول اجل ہو یا قبل اُسکے کذا فی الطحطاوی ولا یجوز لرب السلم شراء شیء من المسلم الیہ براس المال بعد الاقالۃ
فی عقد السلم الصحیح فلو کان فاسدا جاز الاستبدال کسائر الدیون اور جائز نہین رب السلم کو خرید کرنا مسلم الیہ سے بعوض راس المال کے بعد اقالہ کے صحیح سلم کے عقد مین اور اگر
سلم فاسد ہو تو استبدال راس المال سے جائز ہی جیسے باقی دیون مین جائز ہی قبل قبضہ بحکم الاقالۃ لقولہ علیہ الصلوۃ والسلام لا تاخذ الا سلمک او راس مالک ای الا سلمک
حالۃ قیام العقد او رأس مالک حال انفساخہ فامتنع الاستبدال خرید مذکور جائز نہین قبل قبضہ کرنے راس المال کے بحکم اقالہ سلم بدلیل قول نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے کہ نہ لے تو مگر اپنا سلم یا اپنا راس المال یعنی اپنا مسلم فیہ لے درصورت قیام عقد سلم یا اپنا راس المال لے درحالت انفساخ عقد تو بدلنا ممتنع ہو گیا
ہم یہ حدیث بلفظ مذکور دار قطنی نے روایت کی ہی اور اہل حدیث کو اسمین گفتگو ہی لیکن یہ حدیث ابوداؤد اور ابن ماجہ اور ترمذی مین بالمعنے باین لفظ ابوسعید خدری
سے مروی ہی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اسلم فی شیء فلا یصرفہ فی غیرہ یعنے جو ایک چیز مین سلم کرے وہ اُسکو اُسکے غیر مین نہ پھیرے اور یہ مقتضی ہی اسکو
کہ نہ لے مگر اُسی چیز کو کذا فی الفتح بخلاف بدل الصرف حیث یجوز الاستبدال عنہ لکن بشرط قبضہ فی مجلس الاقالۃ لجواز تصرفہ فیہ بخلاف السلم بخلاف بدل
صرف کے کیونکہ اُس سے استبدال جائز ہی لیکن بشرط مقبوض ہونے بدل صرف کے اقالہ کی مجلس مین بسبب جائز ہونے اُسکے تصرف کے بدل صرف مین بخلاف سلم کے یعنی راس المال
مین تصرف جائز نہین ہم یعنے اگر عاقدین نے عقد صرف کا اقالہ کیا تو صحت اقالہ کی شرط یہ ہی کہ بدل صرف پر قبضہ کر لیا ہو اقالہ کی مجلس ہی اسواسطے کہ صرف تعیین مین حاصل نہین ہوتی بدون
قبض کے کیونکہ اُسکا استبدال جائز ہی تو اُسمین قبض فی المجلس تعیین کیواسطے ضرور ہوا بخلاف سلم کے کہ اُسکے اقالہ مین استبدال جائز نہین تو اسمین تعیین بالقبض کی حاجت نہین
لہذا اُسمین نفس قبض واجب ہوا بلا رعایت مجلس اقالہ کذا فی الطحطاوی ولو شری المسلم الیہ کرا وامر المشتری رب السلم بقبضہ قضاء عما علیہ لم یصح لزوم الکیل مرتین
ولم یوجد اور جس مسلم الیہ نے سلم قبول کیا ایک کر گیہون اگر اُسنے ایک کر گیہون مثلا خرید کیے اور خریدار مذکور نے رب السلم کو امر کیا اُسکے قبضہ کر لینے کا اپنے اوپر سے دین ادا کرنے
کے واسطے تو صحیح نہین بسبب لازم ہونے کیل کے دو بار اور حالانکہ وہ یہان پایا نہین گیا ہم یہان ناپنا دو بارا سواسطے واجب ہوا کہ دو عقد واقع ہوئے ایک عقد
مسلم الیہ اور اُسکے بائع مین اور دوسرا عقد مسلم الیہ اور رب السلم مین اور دونون عقد بشرط کیل ہین سو یہان حاصل نہین لہذا صحیح نہین اور اصل اسمین وہ

حدیث ہی جسمین بیع طعام سے نہی وارد ہی تا وقتیکہ اُسمین دو صاع جاری نہون ایک صاع بائع کا اور دوسرا مشتری کا اور اول صورت [illegible] ہی کہ دو عقد مجتمع ہون اور
ایک عقد مین تو ایک ہی بار کا پیمانہ کرنا کافی ہی اور قید کیل کی اتفاقی ہی تو یہی حکم ہی موزون و معدود کا کذا فی الطحطاوی [illegible] ولو کان الکُر قرضاً وامر مقرضہ بہ لانہ اعارۃ
لا استبدال اور اگر ایک کُر قرض ہوا اور اپنے مقترض کو وہ قبض کا امر کرے تو صحیح ہی اسواسطے کہ قرض عاریت دینا ہی نہ بدلنا [illegible] ایک کُر گیہون قرض لیے
پھر زید نے ایک کُر گیہون خریدے اور خالد کو اُسپر قبضہ کرنے کا امر کیا ادا سے قرض کے واسطے اور دوسری صورت [illegible] اسکی آئی تو مسلم الیہ
نے ایک شخص سے ایک کُر گیہون قرض لیے اور رب السلم کو امر کیا اُسپر قبضہ کرنے کا مقترض سے تو جائز ہی کذا فی [illegible] وصح لو امر المسلم الیہ رب السلم بقبضہ منہ ثم لنفسہ
فقبض فاکتالہ مرتین لزوال المانع چنانچہ قبض صحیح ہی اگر مسلم الیہ نے رب السلم کو امر کیا اپنی خریدی چیز کے قبض کا اُسکے بائع سے اپنی ذات کے واسطے بعد اسکے امر کیا
رب السلم کے واسطے قبض کرنے کا اور رب السلم نے ایسا ہی کیا اور اُسکو دو بار پیمانہ کیا یعنی ایکبار مسلم الیہ کے قبض کے واسطے اور دوسری بار رب السلم کے واسطے
تو یہ قبض صحیح ہی بسبب دور ہو جانے مانع کے یعنی مانع قبض عدم کیل مرتین تھا سو یہان دو بار پیمانہ کرنے سے زائل ہو گیا امرہ ای المسلم الیہ رب السلم ان یکیل المسلم فیہ
فی ظرفہ فکالہ فی ظرفہ ای فی وعاء رب السلم [illegible] اما بحضرتہ فیصیر قابضاً بالتخلیۃ او امر المشتری البائع بذلک فکالہ فی ظرفہ ظرف البائع لم یکن قابضاً حقیقۃ
بخلاف کیلہ فی ظرف المشتری بامرہ فانہ قبض لان حقہ فی العین والاول فی الذمۃ رب السلم نے مسلم الیہ سے کہا کہ مسلم فیہ کو ناپ کے میرے ظرف مین سو اُسنے
ناپ دیا اُسکے ظرف مین یعنی رب السلم کے برتن مین رب السلم کی غیبت مین اور اگر رب السلم کے سامنے ناپ دیا تو وہ قابض ہو جائیگا بسبب تخلیے کے یا مشتری نے بائع سے کہا
اسی طرح کے ناپنے کو سو اُسنے ناپ دیا بائع کے ظرف مین تو وہ یعنی رب السلم اور مشتری اپنے حق کا قابض نہوگا بخلاف ناپ دینے بائع کے مشتری کے ظرف مین مشتری کے امر سے
کہ وہ تو قبض ہی اسواسطے کہ حق مشتری کا عین حاضر مین ہی اور اول یعنی رب السلم کا حق ثابت فی الذمہ ہی خلاصہ یہ ہی کہ یہان سلم اور خرید مین فرق ہی کہ در صورت مذکورہ مشتری
قابض ٹھہریگا اسواسطے کہ مشتری کا حق شئ موجود مین ہی تو وہ مالک ہو گیا مجرد عقد سے تو بائع اُسکا وکیل ہو گیا اسکے ظرف مین بخلاف سلم کے اسواسطے کہ رب السلم کا حق
ثابت فی الذمہ ہی سو اُسکا مالک نہین ہو سکتا بدون قبض کے پھر جب قبض صحیح نہ ٹھہرا تو مسلم الیہ مستعیر ظرف ہو گیا اپنی ملک کی چیز کے رکھنے کے واسطے کیل العین
المشتراۃ ثم کیل الدین المسلم فیہ وجعلہما فی ظرف المشتری قبض بامرہ لتبعیۃ الدین للعین پیمانہ کرنا خریدے عین کا پھر پیمانہ کرنا دین مسلم فیہ کا اور دونون کا بھر دینا
مشتری کے ظرف مین قبض ہی بامر مشتری بسبب تابع ہونے دین کے عین کو صورت مسئلہ یہ ہی کہ ایک شخص نے سلم کیا گیہون کے ایک کُر مین پھر جب سلم کی مدت آئی
تو رب السلم نے مسلم الیہ سے معین گیہون بقدر ایک کُر کے خریدے پھر رب السلم نے مسلم الیہ کو ایک برتن دیا کہ دونون قسم کے گیہون یعنی دین اور عین اسمین بھر دے تو اگر اُسنے پہلے
عین گیہون کا پیمانہ کیا ظرف مین تو عین کا قابض ہوا کیونکہ اسمین امر کرنا صحیح ہی اور دین مسلم فیہ کا بھی قابض ہی باتباع عین کے اور اگر پہلے دین کا پیمانہ شروع کیا تو عین
اور دین کسی کا قابض نہوگا دین کا تو اسواسطے قابض نہوا کہ اُسمین امر کرنا صحیح نہین ہی اور عین کا اسواسطے قابض نہ ٹھہرا کہ ملک کا خلط ہو گیا قبل تسلیم کے اور خلط
امام کے نزدیک استہلاک ہی کذا فی الطحطاوی ملخصاً وعکسہ وہو کیل الدین اولاً لا یکون قبضاً وخیرہ بین نقض البیع والشرکۃ اور اسکے بالعکس یعنی پہلے دین کا پیمانہ کرنا
نہوگا قبض اور صاحبین نے مشتری کو مختار کیا ہی نقض بیع اور شرکت مین ہم چونکہ خلط صاحبین کے نزدیک استہلاک نہین لہذا مشتری مختار ہی چاہے بیع کو توڑ دے
چاہے اُستے مال مین بائع کا شریک ہو جاوے اسلم امۃ فی کر وقبضت فتقایلا السلم فماتت قبل قبضہا بحکم الاقالۃ بقی عقد الاقالۃ او ماتت فتقایلا صح
لبقاء المعقود علیہ وہو المسلم فیہ وعلیہ قیمتہا یوم القبض فیہما فی المسئلتین لانہ سبب الضمان لونڈی کا عقد سلم کیا ایک کُر گیہون مین اور لونڈی پر قبضہ ہو گیا پھر رب السلم
اور مسلم الیہ نے سلم کا اقالہ کیا سو لونڈی مر گئی قبل اسکے کہ بحکم اقالہ وہ مقبوض ہو تو عقد اقالہ باقی ہی یا لونڈی پہلے مر گئی اُسکے بعد اقالہ کیا تو اقالہ صحیح ہی بسبب باقی رہنے
معقود علیہ یعنے مسلم فیہ کے اور مسلم الیہ پر لونڈی کی قیمت لازم ہی دونون صورتون مین وہ قیمت لونڈی کی جو یوم القبض تھی اسواسطے کہ قبض ہی تو سبب ہی
ضمان کا لہذا یوم القبض ہی کی قیمت معتبر ہوئی ہم صورت ثانیہ مین اقالہ اسواسطے صحیح ہوا کہ صحت اقالہ بقاء عقد پر معتمد ہی اور بقاء عقد مبیع کی بقا پر ہی تا اینکہ د

مقبوض ہو اور اسمین کچھ شک نہین کہ مبیع یعنی مسلم فیہ مسلم الیہ کے ذمے باقی ہی تو ہلاک اور عدم ہلاک لونڈی کا مسلم فیہ کو معدوم نہین کرتا اور چونکہ لونڈی کا رد عین متعذر ہی
لہذا اُسکی قیمت واجب ہوئی کذا فی النہر کذا الحکم فی المقایضۃ اور اسیطرح سلم کے مانند حکم ہی مقایضہ مین ہم یعنی اقالہ صحیح ہی خواہ دونون عوض باقی ہون یا ایک ہلاک
(بیع عین کی عین کے ساتھ)
ہوگیا ہو اسواسطے کہ بیع المقایضہ مین ہر عوض مبیع ہی من وجہ اور ثمن ہی من وجہ تو باقی مبیع قرار دیا جائیگا اور ہالک ثمن ٹھہریگا بخلاف الشراء بالثمن فیہما
لان الامۃ اصل فی البیع بخلاف خرید کرنے کے ثمن سے دونون صورتون مین اسواسطے کہ لونڈی اصل ہی بیع مین ہم یعنی اگر لونڈی کو مثلاً ہزار درم سے خرید کیا پھر لونڈی مرگئی
بعد اقالہ قبل القبض کے تو اقالہ باطل ہوگیا یا اقالہ ہوا اسکی موت کے بعد تو صحیح نہین اسواسطے کہ اس صورت مین لونڈی اصل ہی بیع مین کیونکہ وہ مبیع ہی اور ہلاک
مبیع قبل القبض مبطل اقالہ ہی بخلاف مسئلہ سلم کے کہ وہان لونڈی راس المال تھی نہ مسلم فیہ والحاصل جواز الاقالۃ فی السلم قبل ہلاک الجاریۃ وبعدہ بخلاف البیع اور خلاصہ
یہ ہی کہ اقالہ جائز ہی سلم مین قبل ہلاک ہونے جاریہ کے اور بعد ہلاک ہونے کے بخلاف بیع کے کہ اُسمین اقالہ جائز نہین دونون طرح کے ہلاک مین تقایلا البیع فی عبد
فابق بعد الاقالۃ من ید المشتری فان لم یقدر علی تسلیمہ للبائع بطلت الاقالۃ والبیع بحالہ قنیہ بائع اور مشتری نے اقالہ کیا ایک غلام مین پھر
غلام بھاگ گیا بعد اقالہ کے مشتری کے ہاتھ سے سو اگر مشتری قادر نہو اسکی تسلیم پر واسطے بائع کے تو اقالہ باطل ہی اور بیع بحال خود قائم ہی کذا فی القنیۃ والقول لمدعی
الرداءۃ والتاجیل لا لنافی الوصف وہو الرداءۃ والاجل اور معتبر قول نقصان اور تاجیل کے مدعی کا ہی نہ وصف اور اجل کی نفی کرنے والے کا یعنے اگر
ایک شخص کہے کہ مین نے ردی یعنی ناقص شرط کیا ہی اور دوسرا کہے کہ مین نے کچھ شرط نہین کیا تو مدعی کا قول معتبر ہی نہ نافی کا اور اسیطرح مدعی اجل کا معتبر ہوگا نہ نافی کا اور
رداءت یعنی نقصان بیان بطور مثال کے ہی تو اگر ایک شخص مدعی ہوگا جودت کا اور دوسرا نافی ہوگا تو بھی ایسا ہی حکم ہوگا تاجیل عبارت ہی تقدیر اجل سے لیکن یہان
(تقدیر مدت ۱۲)
تاجیل سے اجل مراد ہی اور اجل عبارت ہی غایت وقت سے کذا فی النہر والطحطاوی والاصل ان من خرج کلامہ تعنتا فالقول لصاحبہ بالاتفاق وان خرج خصومۃ ووقع
الاتفاق علی عقد واحد فالقول لمدعی الصحۃ عندہ وعندہما للمنکر اور مسئلہ سابقہ کا قاعدہ کلیہ یہ ہی کہ جسنے اپنا کلام بطریق تعنت کے نکالا تو دوسرے اُسکے ساتھی کا قول
معتبر ہی بالاتفاق امام اور صاحبین کے اور اگر اُسنے اپنا کلام بطریق خصومت کے نکالا اور اتفاق واقع ہوگیا ایک ہی عقد پر تو مدعی صحت کا قول معتبر ہی صاحبین کے
نزدیک اور امام کے نزدیک منکر کا قول معتبر ہی ہم تعنت لغت مین اس سے عبارت ہی کہ انسان وہان گرے جہان سے نکل نہ سکے لیکن یہان تعنت سے مراد یہ ہی
کہ اُسکا منکر ہو جو اُسکے حق مین نافع ہی تعنت کی صورت یہ ہی کہ رب السلم کہے کہ مین نے کچھ شرط نہین کیا تو یہان مسلم الیہ کا قول اشتراط مین معتبر ہوگا اور چونکہ مسلم فیہ راس المال پر
عادت مین زائد ہوتا ہی تو رب السلم اپنی منفعت کا منکر ہوا اور اسیطرح مسلم الیہ کا یون کہنا کہ مدت نہ تھی اور رب السلم مدت کا قائل ہی تو رب السلم کا قول معتبر ہوگا اسواسطے کہ
مسلم الیہ متعنت ہی اپنے حق کے انکار مین یعنی مدت مین اور خصومت کا کلام وہ ہی کہ اپنے مضر چیز کا منکر ہو چنانچہ رب السلم کا یون کہنا کہ مین نے ردی شرط کیا تھا اور مسلم الیہ نے
کہا کہ مین نے کچھ شرط نہین کیا اور چنانچہ رب السلم نے کہا کہ اجل نہ تھی اور مسلم الیہ نے کہا بلکہ اجل شرط تھی تو پہلی صورت مین رب السلم کا قول امام کے نزدیک معتبر ہی کیونکہ
وہ مدعی ہی صحت کا اگرچہ دوسرا منکر ہی اور صاحبین کے نزدیک مسلم الیہ کا قول معتبر ہی کیونکہ وہ منکر ہی اگرچہ صحت کا منکر ہی اور دوسری صورت مین امام کے نزدیک
مسلم الیہ کا قول معتمد ہی کہ مدعی صحت ہی اگرچہ دوسرا منکر ہی اور صاحبین کے نزدیک رب السلم کا قول معتبر ہی اگرچہ منکر صحت ہی صاحب دُرر نے کہا خلاصہ یہ ہی کہ امام کے نزدیک
دونون صورتون مین یعنے تعنت اور خصومت مین مدعی صحت کا قول معتبر ہی اور صاحبین کے نزدیک منکر کا قول لائق اعتبار کے ہی اس تقریر سے معلوم ہوا کہ شارح کو یون کہنا مناسب تھا
فالقول لمدعی الصحۃ عندہ وعندہما للمنکر کذا فی الطحطاوی یعنی شارح نے امام کا قول صاحبین کی طرف نسبت کیا اور صاحبین کا امام کی طرف نہر الفائق مین بھی امام اور صاحبین کا
مذہب دُرر کے مانند مصرح ہی طحطاوی نے کہا عقد واحد پر اتفاق ہونا چنانچہ اس مقام مین ہی اسواسطے کہ سلم عقد واحد ہی کیونکہ سلم بلا مدت بھی سلم فاسد ہی دوسرا عقد نہین بخلاف خلاف
مضاربت کے کہ اگر وہ فاسد ہوگی تو اجارہ ثابت ہوگا اور بصورت صحت شرکت متحقق ہوگی ولو اختلفا فی مقدارہ فالقول للطالب مع یمینہ لانکارہ الزیادۃ اور اگر عاقدین نے
اختلاف کیا مدت کی مقدار مین تو طالب یعنی مدعی اقل کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہی کیونکہ وہ زیادت کا منکر ہی ہم طالب سے مراد رب السلم ہی جو اقل مدت کا مدعی ہی وای بین قبل وان برہنا

قضی ببینة المطلوب ای المسلم الیه لاثباتها الزیادة اور دونون مین سے جو گواہ لاویگا تو مقبول ہونگے اور اگر دونون گواہ لاوینگے تو مطلوب یعنی مسلم الیہ کے گواہون پر قاضی کا حکم ہوگا بسبب ثابت کرنے زیادت کے یعنی زیادت اجل کے وان اختلفا فی مضیه فالقول للمطلوب ای المسلم الیه بیمینه الا ان یبرهن الآخر وان برهنا فبینة المطلوب اور اگر دونون نے اختلاف کیا مدت کے گذر جانے مین تو مطلوب یعنی مسلم الیہ کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہی مگر جبکہ دوسرا گواہ لاوے اور اگر دونون گواہ لاوین تو مطلوب کے گواہ مقبول ہونگے ولو اختلفا فی السلم تحالفا استحسانا فتح اور اگر دونون سلم مین اختلاف کرین یعنی ایک شخص عقد سلم کا مقر ہو اور دوسرا مدعی تو دونون قسم کھاوین بطریق استحسان کے کذا فی الفتح والاستصناع هو طلب عمل الصنعة اور استصناع عبارت ہی طلب عمل صنعت سے یعنی کوئی چیز بنوانا اھ یہ لغوی معنی ہین اور شرع مین استصناع یہ ہی کہ صانع یعنے کاریگر جیسے موزہ گر یا کفشگر یا ٹھٹیرے سے کہے کہ مجکو اتنا لنبا جوڑا موزہ یا کفش بنادے یا ایسی دیگچی جسمین اتنا سماوے اور وزن اُسکا اتنا اور شکل ایسی ہو اتنی قیمت کو بنادے خواہ قیمت دے یا نہ دے اور صانع اسکو قبول کرے کذا فی البحر باجل ذکر علی سبیل الاستمهال لا الاستعجال فانه لا یصیر سلما سلم فیعتبر شرائطه استصناع سلم ہی اگر اسمین مدت علی سبیل الاستمہال مذکور ہو نہ بطریق استعجال کے اسواسطے کہ بطریق استعجال کے (بطور مدت دینے کے) مدت ذکر کرنے سے استصناع سلم نہین ہوجاتا پھر جب استصناع موجل سلم ہوگا تو شرائط سلم کی معتبر ہونگی یعنی قبض قبل الافتراق اور عدم خیار وغیر ذلک ھم اگر استصناع مین سلم کی مانند مدت ہی چنانچہ ایک مہینہ یا زیادہ تو وہ امام کے نزدیک سلم ہی بلا تفصیل اور اگر مدت سلم کے لائق نہین تو وہ استصناع ہی اگر اُسمین تعامل خلق جاری ہو اور اگر تعامل نہین تو وہ استصناع فاسد ہی اگر مدت علی سبیل الاستمہال مذکور ہو اور اگر مدت علی وجہ الاستعجال مذکور ہو اس طرح پر کہ اُسنے کہا ہو کہ صانع اپنے عمل سے کل فراغت کرے یا پرسون تو یہ استصناع صحیح ہوگا کیونکہ یہ مدت فراغ کے واسطے ہی نہ تاخیر مطالبہ کے واسطے شرح زیلعی وغیرہ مین ایسا کچھ مذکور ہی اور مصنف کا کلام اُس مدت مین موضوع ہی جو سلم کے لائق ہی تو معلوم ہوا کہ شارح کا کلام اپنے محل پر نہین کذا فی الطحطاوی دریافت کرنا چاہیے کہ استصناع بطریق قیاس جائز نہین اور یہی قول ہی زفر اور شافعی کا اسواسطے کہ وہ اجارہ نہین ہوسکتا کیونکہ استیجار اُس عمل پر جو اجیر کی ملک مین ہو جائز نہین چنانچہ اگر ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ تو اپنا طعام اُٹھا لیچل اس مکان سے وہان تک اتنی اجرت پر یا اپنا کپڑا رنگین کر اتنی مزدوری پر تو صحیح نہین اور نہ استصناع بیع ہوسکتا ہی کیونکہ بیع معدوم کی جائز نہین ولیکن علماء حنفیہ نے اسکو بطریق استحسان کے جائز رکھا ہی بسبب تعامل و رواج کے جو راجع ہی اجماع عملی کی طرف زمانہ رسالت سے اب تک بلا انکار اور اس طرح کا تعامل اس حدیث مین مندرج ہی کہ لا تجتمع امتی علی الضلالة یعنی میری امت گمراہی پر مجتمع نہوگی اور ثابت ہوا ہی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انگوٹھی بنوائی تھی لہذا تعامل ناس پر استصناع مقصود ہوا اور جسمین تعامل نہین اُسمین عدم جواز ہی بنظر قیاس مذکور کے چنانچہ جولاہے سے بنوانا اُسکے سوت سے یا قمیص سلوانا درزی سے اُسکے سوت سے کذا فی الفتح القدیر جری فیه تعامل اھ لا وقالا الاول استصناع استصناع موجل باجل معلوم سلم ہی خواہ اُسمین تعامل جاری ہو یا نہ جاری ہو اور صاحبین نے کہا کہ اول یعنی جسمین تعامل جاری ہی وہ استصناع ہی نہ سلم وبدونه ای الاجل فیما فیه تعامل الناس کخف وقمقمة وطست بمهملة وذکر فی المغرب بالشین المعجمة وقد یقال طسوت صح الاستصناع اور بدون مدت کے جسمین معمول لوگون کا جاری ہی چنانچہ موزہ اور آفتابہ اور طاس مین استصناع صحیح ہی شارح نے کہا طست بسین مہملہ ہی اور مغرب مین اسکو بشین معجمہ ذکر کیا ہی اور گاہے اسکو طسوت بھی بولتے ہین ھم طست لغت طی مین طس بسین مشدد تھا [illegible] بدل ڈالا اور طسوت جمع ہی طست کی تو اگر شارح یون کہتا ویقال فی جمعه طسوت تو ٹھیک ہوتا کذا فی الطحطاوی بیعا لا عدة علی الصحیح ثم فرع علیه بقوله استصناع صحیح ہی بطریق بیع نہ بطریق وعدہ بقول صحیح پھر مصنف نے اُسکے بیع ہونے پر تصریح کی اپنے آیندہ قول سے فیجبر الصانع علی عمله ولا یرجع الآمر عنه ولو کان عدة لما لزم تو کاریگر پر زبردستی کیجائیگی اُسکے بنانے پر اور بنوانے والا اُس سے پھر نہین سکتا اور اگر استصناع وعدہ ہوتا نہ بیع تو صانع پر جبر اور آمر پر عدم رجوع لازم نہوتا والمبیع هو العین لا عمله خلافا للبردعی اور استصناع مین بیع خود وہ شی مستصنع ہی نہ عمل اُسکا برخلاف ابو سعید بردعی کے فان جاء الصانع بمصنوع غیره او بمصنوعه قبل العقد فاخذه صح ولو کان المبیع عمله لما صح تو اگر کاریگر نے غیر کی بنائی چیز لا دیا یا اپنا مصنوع لایا جسکو قبل عقد کے بنایا تھا سو آمر نے اسکو لیا تو صحیح ہی اور اگر کاریگر کا عمل بیع ہوتا تو اُسکا لینا صحیح نہوتا ولا یتعین المبیع له ای للآمر بلا رضاه فصح بیع الصانع لمصنوعه قبل رؤیة آمره ولو تعین له لما صح بیعه اور مبیع متعین نہین ہو جاتی آمر کے واسطے بدون اُسکی

روایت ہی کہ کھلونے کی بیع اور لڑکون کا اُس سے کھیلنا جائز ہی م طحطاوی نے کہا کہ طرز بیان اسپر دلالت کرتا ہی کہ یہ قول بھی ضعیف ہی **وصح بیع الکلب** ولو عقورا
والفہد والفیل والقرد والسباع بسائر انواعہا حتی الہرۃ وکذا الطیور **علمت او لا** سوی الخنزیر وہو المختار للانتفاع بہا وبجلدہا کما قدمناہ فی البیع الفاسد اور صحیح ہی
بیع کتے کی اگرچہ قابل تعلیم نہو اور چیتے اور ہاتھی اور بندر اور درندون کی بیع انکی باقی اقسام کے ساتھ یہان تک کہ بلی کی بھی بیع جائز ہی اور اسیطرح درندون پرندون
کی خواہ وہ معلم ہون یا نہون سوا سور کے اور یہی قول صحت بیع کا مختار ہی بسبب فائدہ لینے کے انسے اور انکی کھالون سے چنانچہ ہم اسکو بیع فاسد مین پہلے ذکر کر چکے ہین
م امام شافعی کے نزدیک بیع کلب مطلقاً جائز نہین بدلیل حدیث صحیحین کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہی فرمائی ثمن کلب اور زانیہ کی خرچی اور کاہن کی شیرینی سے لیکن
ابو حنیفہ نے اپنی مسند مین ہیثم سے عن عکرمہ عن ابن عباس روایت کی قال رخص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فی ثمن کلب الصید یعنی حضرت نے رخصت دی کلب
شکاری کی ثمن مین اور سند اس حدیث کی جید ہی اسواسطے کہ ابن حبان نے ذکر کیا ہی کہ ہیثم ثقات تابعین سے ہی وتمامہ فی فتح القدیر والتسخیر بالقرد ان کان حراما
لا یمنع بیعہ بل یکرہ کبیع العصیر شرح وہبانیہ اور تسخیر اپن کرنا بندر سے اگرچہ حرام ہی مانع اُسکی بیع کا نہین بلکہ اُسکی بیع مکروہ ہی چنانچہ انگور کا نچوڑا پانی بیچنا شراب بنانے والے
سے کذا فی شرح وہبانیہ **فرع** مسئلہ ملحقہ شارح کا لا ینبغی اتخاذ کلب الا لخوف لص او غیرہ فلا باس ومثلہ سائر السباع عینی لائق نہین کتے کا پالنا اور رکھنا مگر چور وغیرہ
کے خوف سے تو کچھ مضائقہ نہین اور کتے کے مانند باقی درندے ہین کذا فی العینی م یعنی کتے کا گھر مین رکھنا جائز نہین مگر چور وغیرہ کے خوف سے بدلیل
حدیث صحیح من اقتنی کلبا الا کلب صید او ماشیۃ نقص من اجرہ کل یوم قیراطان کذا فی الفتح یعنی جو کتا رکھیگا سوا شکار اور مواشی کے کتے کے تو اُسکے ثواب
سے ہر روز دو قیراط گھٹتے جاوینگے وجاز اقتناؤہ لصید وحراسۃ ماشیۃ وزرع اجماعا اور جائز ہی کتے کا پالنا شکار اور بھیڑ بکری اور کھیت کی حفاظت کے واسطے
بالاتفاق کما صح بیع خرء حمام کثیر جیسے کبوتر کی بہت بیٹ کی بیع صحیح ہی طحطاوی نے کہا کہ بہت بیٹ سے شاید مراد یہ ہی جسکی قیمت ایک پیسہ ہو اسواسطے کہ قلیل
قیمت مبیع ہی **وصح ہبتہ** قنیہ اور صحیح ہی اسکا ہبہ کرنا کذا فی القنیہ **وادنی القیمۃ التی تشترط لجواز البیع فلس** اور کمتر وہ قیمت جو جائز ہونے بیع کی شرط ہی
ایک پیسہ ہی ولو کانت کسرۃ خبز لا یجوز قنیہ اور قیمت اگر ٹکڑا ہو روٹی کا تو جائز نہین کذا فی القنیہ م یعنی اگر ٹکڑا روٹی کا پیسے کے مساوی نہو تو بیع جائز نہین کذا فی الطحطاوی
کما لا یجوز بیع ہوام الارض کالخنافس والقنافذ والعقارب والوزغ والضب چنانچہ جائز نہین زمین کے کیڑون کا بیچنا مانند خنافس اور سیہی
اور بچھو اور چھپکلی اور گوہ کے م خنافس جمع ہی خنفساء کی بضم خائے معجمہ وسکون نون وفتح فا کہ سیاہ کیڑا ہی گندہ بو سوائے جعل کے فارسی مین اُسکو جنروک کہتے ہین
طحطاوی نے کہا محیط مین ہی کہ علق یعنی کیڑی اور جونک کی بیع جائز ہی بقول صحیح اسواسطے کہ لوگ اسکو مال جانتے ہین اور خون نکالنے کے معالجے مین اسکی طرف حاجت
ہی **ولا ہوام البحر کالسرطان** اور جائز نہین دریا کے کیڑون کی بیع مانند کیکڑے وغیرہ کے م چونکہ جواز بیع کا مدار حلت انتفاع پر ہی اور کیڑون سے فائدہ لینا حرام ہی
لہذا انکی بیع جائز نہوئی کذا فی الطحطاوی عن القہستانی وکل ما فیہ سوی سمک جوز فی القنیۃ بیع ما لہ ثمن کسقنقور وجلود خز وجمل الماء لو حیا واطلق الحسن الجواز اور جو جانور کہ دریا
مین ہین سوائے مچھلی کے انکی بیع جائز نہین اور قنیہ مین جائز کہا ہی اسکا بیچنا جو ثمن والی چیز ہی چنانچہ سقنقور اور کھال خز کی اور پانی کا اونٹ بشرطیکہ زندہ ہو اور حسن نے
اُسکے جواز بیع کو مطلق کہا ہی یعنی بلا قید حیات م سقنقور جانور ہی گوہ کے مانند دریائے نیل کے کنارے پر تقویت باہ مین بے مثل ہی اور خز بفتح خائے معجمہ اور زائے معجمہ مشددہ
دریائی جانور ہی اُسکے صوف سے کپڑا بنا جاتا ہی بحر الجواہر مین ہی کہ صاحب ذخیرہ نے کہا کہ خز جانور ہی جسکا خصیہ جند بیدستر ہی صاحب مغرب نے کہا خز جانور کا نام ہی پھر یہ نام
اُس کپڑے کا ہوگیا جو اُسکے صوف سے بنا جاتا ہی وجوز ابو اللیث بیع الحیات ان انتفع بہا فی الادویۃ والا لا ورد فی البدائع بانہ غیر سدید لان المحرم شرعا لا یجوز الانتفاع
بہ للتداوی کالخمر فلا تقع الحاجۃ الی شرع البیع اور فقیہ ابو اللیث نے سانپون کی بیع کو جائز کہا ہی اگر انسے فائدہ حاصل ہو دواؤن مین چنانچہ تریاق فاروق
وغیرہ مین اور اگر فائدہ نہین تو بیع جائز نہین اور اس قول کو بدائع مین رد کیا ہی اس طرح کہ یہ کلام راست اور درست نہین اسواسطے کہ جو چیز شرعا حرام ہی اُس
سے فائدہ لینا بطریق دوا کے جائز نہین مانند شراب کے تو اُسکی بیع کے مشروع کرنے کی حاجت واقع نہین ہوتی م کتاب الطہارۃ مین مذکور ہو چکا

کہ یہ امام حبر سے اُسوقت علاج کرنا جائز ہی جبکہ اُسی مین شفا معلوم ہو اور کوئی دوا اُسکے قائم مقام نہو سکے تو توفیق بین القولین یہ ہوسکتی ہی کہ قول فقیہ موج اُسصورت پر
محمول ہی جبکہ شفا سانپ کے استعمال مین منحصر معلوم ہو اور بدائع کا قول اُس صورت پر محمول ہی جبکہ سانپ کا بدل دوسری دوا ہوسکتی ہو واللہ تعالی اعلم ویجوز بیع دہن نجس
ای متنجس لما قدمناہ فی البیع الفاسد اور جائز ہی بیع نجس تیل کی نجس سے مراد متنجس ہی کہ بالذات نجس نہین نجاست کے پڑنے سے ناپاک ہوگیا چنانچہ ہم اُسکو مسائل
بیع مین بیع فاسد کے باب مین مقدم ذکر کرچکے ہین ہم متنجس کی قید سے مردار اور سور کے تیل سے احتراز ہوگیا وینتفع بہ للاستصباح فی غیر مسجد لما مر اور فائدہ
لیا جاوے روغن متنجس سے بغرض روشن کرنا اُس مکان مین جو مسجد کے سوا ہی چنانچہ کتاب الطہارۃ مین گذر گیا والذمی کالمسلم فی بیع کصرف وسلم وربوا وغیرہا
اور کافر ذمی مسلم کے مانند ہی بیع مین چنانچہ صرف اور سلم اور بیاج وغیرہ مین ہم ذمی مسلم کے مانند اسواسطے ہوا کہ مکلف حاجتمند ہی تو جو بیاعات مسلم کو جائز ہین
وہ اُسکو بھی جائز ہین اور جو مسلم کو جائز نہین وہ اُسکو بھی جائز نہین سوائے مستثنات آیندہ کے غیر الخمر والخنزیر ومیتۃ لم تمت حتف انفسہا
بل بخنق او ذبح مجوسی فانہا کالخنزیر وقد امرنا بترکہم وما یدینون بیع مین ذمی مسلم کے مانند ہی سوائے شراب اور سور اور اُس مردار جانور کے جو خود بخود نہین مرگیا
بلکہ گلا دابنے یا مجوسی کے ذبح کرنے سے مرا کہ وہ سور کے مانند ہی اور ہم مامور ہین اُنکے عدم تعرض پر اور اُنکے معتقدات کے ترک پر ہم شارح نے اس قول سے اشارہ کیا
کہ اہل اسلام کا عدم تعرض ان اشیاء مین اسواسطے نہین کہ یہ چیزین اُنکے حق مین شرعاً مباح ہین چنانچہ بعضے سمجھے ہین بلکہ حرمت اُنکے حق مین بھی ثابت ہی کیونکہ
بقول صحیح کفار مخاطب باحکام شرعیہ ہین لیکن وہ اشیاء مذکورہ کی بیع سے روکے نہین جاتے کیونکہ وہ اُنکی حرمت کے معتقد نہین اور ہم مامور ہین اُنکے اعتقادات
کے عدم تعرض پر وصح شراء ای الکافر کما قدمناہ فی البیع الفاسد عبداً مسلما او مصحفا او شقصا منہما اور صحیح ہی کافر کو خرید کرنا مسلمان غلام کا و مصحف
شریف کا یا دونون مین سے کچھ حصہ مول لینا یعنی ربع یا نصف غلام یا مصحف چنانچہ ہم اسکو بیع فاسد مین ذکر کرچکے ہین ویجبر علی البیع اور کافر پر زبردستی کیجائیگی
بیچ ڈالنے پر یعنے اگر کافر غلام مسلم یا مصحف مجید کو خرید کریگا تو مالک ہوگا لیکن حاکم زبردستی اُس سے بکوا ڈالے کیونکہ خدمت سے غلام مسلم کی ذلت ہوگی اور مصحف کی
بے ادبی کا خوف ہی ولو المشتری صغیرا اجبر علیہ ولیہ فلو لم یکن اقام القاضی لہ ولیا اور اگر کافر مشتری صغیر ہو تو بیع پر اُسکا ولی جبر کیا جاوے اور اگر صغیر کا کوئی ولی
نہو تو قاضی اُسکے واسطے ولی قائم کردے تاکہ اُسپر بیع مین زبردستی کیجائے وکذا لو اسلم عبدہ وتبعہ طفلہ اور اسیطرح جبر کیا جائیگا بیع مین اگر کافر کا غلام مسلمان ہوجاوے
اور غلام کا لڑکا غلام کا تابع ہوگا اسلام مین ولو اعتقہ او کاتبہ جاز فان عجز اجبر ایضا اور اگر کافر نے غلام مسلم کو آزاد کردیا یا اُسکو مکاتب کیا تو جائز ہی پھر اگر مکاتب
ادائے بدل کتابت سے عاجز ہوگیا تو اُسکے مالک پر بھی جبر کیا جائیگا بیچ ڈالنے کے واسطے ولو دبرہ او استولدہا سعیا فی قیمتہما اور اگر کافر نے مسلمان غلام کو مدبر کیا
یا مسلمان لونڈی کو اپنا حرم بنایا تو دونون محنت مزدوری کرین اپنی قیمت کے ادا کرنے مین ولیوجع ضربا بوطیہ مسلمۃ وذلک حرام اور ذمی مستولدہ کو مالک کیا جاوے
مارکوٹ کر مسلمان لونڈی کے جماع کرنے سے اور یہ وطی حرام ہی فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا من عادتہ شراء المردان یجبر علی بیعہ دفعا للفساد نہر وغیرہ وکذا محرم صید
جس شخص کی عادت بے ریش لڑکون کا خرید کرنا ہی تو اُسپر امرد کی بیع پر جبر کیا جاوے دفع فساد کے واسطے کذا فی النہر وغیرہ اور اسی طرح جس محرم نے شکار لیا
تو اُسکے چھوڑ دینے کا حکم کیا جاوے ولو اسلم مقرض الخمر سقطت ولو المستقرض فروایتان اور اگر شراب کا قرض دینے والا مسلمان ہوگیا تو شراب ساقط
ہوگئی یعنے اسواسطے کہ شراب کا قبضہ کرنا مسلم کو متعذر ہی اور اگر قرض لینے والا مسلمان ہوگیا تو دو روایتین ہین ایک روایت امام سے سقوط شراب کی ہی
اور دوسری روایت ادائے قیمت کی اور یہی قول ہی محمد کا کذا فی الطحطاوی وطی زوج الامۃ المشتراۃ التی انکحہا مشتریہا قبل قبضہا قبض لمشتریہا
لحصولہ بتسلیطہ فصار فعلہ کفعلہ جماع کرنا لونڈی کے شوہر کا جس خریدی لونڈی کا نکاح کردیا اُسکے مشتری نے اُسپر قبضہ کرنے سے پہلے قبضہ ہی اُسکے مشتری کا
بسبب حاصل ہونے جماع کے مشتری کے مسلط کرنے سے تو اُسکے شوہر کا فعل مشتری کے فعل کے مانند ہوا لا مجرد نکاحہا استحسانا لانہ فقط اُسکا
نکاح کر دینا بلا وطی زوج قبض ہی مشتری کا بطریق استحسان کے فلو انتقض البیع قبل القبض بطل النکاح فی قول الثانی ہو المختار

تو اگر بیع ٹوٹ گئی قبض سے پہلے تو نکاح باطل ہوگیا ابو یوسف کے قول مین اور یہی مختار ہی وقیده الکمال بما اذا لم یکن بطلانه بموتها فلو به قبل القبض لم یبطل النکاح
وان بطل البیع فیلزمه المهر المشتری فتح اور بطلان نکاح کو کمال الدین نے مقید کیا ہی اُس قید سے جبکہ بطلان بیع لونڈی کی موت سے نہو اور اگر بیع کا باطل ہونا
اُسکی موت سے ہو قبل قبضہ کرنے کے تو نکاح باطل نہوگا اگرچہ بیع باطل ہوگئی تو اُسکے زوج پر مہر دینا مشتری کا لازم ہوگا مشتری کے واسطے مہر کا لازم
ہونا فتح القدیر مین مذکور نہین اور شیخ شاہین نے اسپر اعتراض کیا ہی کہ یہ کیونکر ہوگا کہ لونڈی تو ہلاک ہو بائع کے مال سے اور مہر کا مالک مشتری ہو جاوے الا انکہ قول فقہا
یہ ہی کہ نفع بدلے نقصان کے ہی کذا فی الطحطاوی اشتری شیئا منقولا اذ العقار لا یبیعه القاضی وغاب المشتری قبل القبض و نقد الثمن غیبة معروفة
فاقام بائعه بینة انه باعه منه لم یبع فی دینه لامکان ذهابه الیه وان جهل مکانه بیع المبیع ای باعه القاضی او مأموره نظر اللغائب وادی الثمن فضل
یمسکه للغائب ان نقص بیع البائع اذا ظفر به خرید کی چیز منقول اور مشتری قبل قبض اور قبل ادا ثمن کے غائب ہوا بغیبت معروفہ یعنی اُسکا مکان معلوم ہی
اور اُسکے بائع نے گواہ قائم کیے اسپر کہ اُسنے اُسکو بیچا شخص غائب کے ہاتھ تو وہ چیز اُسکے دین مین نہ بیچی جائیگی اسواسطے کہ بائع کا جانا مشتری کے پاس
ممکن ہی اور اگر مشتری غائب کا مکان معلوم نہو کہ کہان ہی تو مبیع بیچی جاویگی یعنی قاضی اُسکو بیچے یا غائب کا مامور بیچے برعایت حال غائب کے اور ثمن بائع
ادا کرے اور جو ثمن سے زیادہ ہو تو اُسکو غائب کے واسطے رکھ چھوڑے اور اگر ثمن سے کم ہو تو بائع اُسکا پیچھا کرے جبکہ اُسکو پاوے شارح نے کہا چیز منقول کی
قید اسواسطے لگائی کہ زمین کو قاضی نہ بیع کریگا اور اگر مشتری غائب ہوا بعد قبض کے تو قاضی بائع کی نالش نہ سنے کیونکہ بائع کا حق مبیع سے متعلق نہ رہا
اور بیع کے مانند مرہون ہی یعنے اگر راہن بغیبت منقطعہ غائب ہوگیا اور مرتہن نے اپنے دین کے واسطے بیع مرہون کی نالش کی قاضی کے پاس تو لائق یہ
کہ بیع اُسکی جائز ہی کذا فی الطحطاوی عن جامع الفصولین وان اشتری اثنان شیئا وغاب واحد منهما فللحاضر دفع کل ثمنه ویجبر البائع علی قبول الکل و
علی دفع الکل للحاضر اور اگر دو شخصون نے ایک چیز خرید کی اور اُنمین سے ایک شخص غائب ہوا یعنی اسطرح پر کہ اُسکا مکان معلوم نہین کذا فی النہر تو شخص حاضر کو اُسکا کل ثمن دینا
جائز ہی اور بائع پر زبردستی کیجائے کل ثمن کے قبول کرنے پر اور حاضر کو کل مبیع کے دینے پر وله قبضه وحبسه عن شریکه اذا حضر حتی ینقد شریکه الثمن بخلاف احد
المستاجرین اور حاضر کو جائز ہی مبیع پر قبضہ کرنا اور اُسکا روک رکھنا اپنے شریک سے جبکہ وہ سفر سے آوے یہان تک کہ اُسکا شریک ثمن ادا کرے بخلاف احد
المستاجرین کے یعنی اگر ایک مستاجر غائب ہوا قبل نقد اجرت کے سو دوسرے مستاجر حاضر نے سب اجرت دی تو اُسکو حبس کرنا اور اُسے اجرت جائز نہین والفرق ان
للبائع حبس المبیع لاستیفاء الثمن فکان مضطرا بخلاف الموجر اور فرق بیع اور اجارہ مین یہ ہی کہ بائع کو حبس کرنا مبیع کا پورا ثمن لینے کے واسطے جائز ہی تو مشتری حاضر مضطر ٹھہرا بخلاف
موجر کے ہم یعنی جبکہ بائع کو حبس مبیع کا اختیار ہوا تو مشتری حاضر کو اپنے ملک سے فائدہ لینا ممکن نہین بدون ادا کرنے جمیع ثمن کے تو حاضر مضطر ٹھہرا اور مضطر کو
رجوع ثمن اور حبس مبیع مین اختیار ہی بخلاف احد المستاجرین کے غائب ہونے کے کہ اگر مستاجر حاضر سب اجرت دیگا تو وہ متبرع ہوگا نہ مضطر اسواسطے کہ موجر کو حبس دار کا
استیفاء اجرت کے واسطے جائز نہین کذا فی النہر اللهم الا اذا شرط تعجیل الاجرة خداوندا مگر جبکہ تعجیل اجرت مشروط ہو یعنی درصورت شرط تعجیل اجرت اجارہ در حکم بیع ہوگا یہ
بحث ہی صاحب نہر الفائق کی نہ روایت مذہب باع شیئا بالف مثقال ذهب وفضة تنصفا به ای بالمثقال فیجب خمسمائة مثقال من کل منهما لعدم الاولویة کوئی
چیز بیچے سونے اور چاندی کی ہزار مثقال سے تو سونا اور چاندی نصفا نصف ہونگے مثقال سے تو پانسو مثقال ہر ایک سے واجب ہونگے بسبب عدم اولویت کے درم مثقال
چاندی اور سونے دونون کی ہوتی ہی تو جب مثقال کی اضافت دونون کی طرف برابر ہوئی تو پانسو مثقال سونا اور پانسو مثقال چاندی واجب ہوئے مشتری پر بسبب عدم ترجیح
کے نہر الفائق مین کہا لیکن اس صورت مین بیان صفت جودت وغیرہا شرط ہی اور اگر یون کہا کہ ہزار دراہم اور دنانیر سے بیچا تو بیان صفت شرط نہین کہ وہان جید ہی مراد ہونگے
وفی بیعه شیئا بالف من الذهب والفضة تنصفا والصرف للوزن المعهود فالنصف من الذهب مثاقیل والنصف من الفضة دراهم اور کسی چیز کی بیع مین
بعوض ہزار کے سونے اور چاندی سے سونا اور چاندی نصفا نصف ہونگے اور ہر ایک وزن مقرری مراد ہوگا تو سونے کے نصف سے مثقال مراد ہونگے و چاندی کے نصف سے درہم مراد ہونگے

وَاِذَا الوَ اشتری لم یقل بہذہ الدراہم و اعطی من الدراہم اور اسیطرح اگر کوئی چیز خرید کی اور یہ نہ کہا کہ بعوض ان دراہم کے خرید کی اور ثمن دیا دراہم سے یعنی دراہم مغصوبہ سے
هم فتاوی عالمگیری مین محیط سے منقول ہی کہ اگر مال غصب کیا یا ودیعت اور مضاربت مین مخالف مالک کے عمل کیا اور فائدہ حاصل ہوا تو امام کے قول مین زائد مال کو تصدق
کرے اور ابو یوسف نے کہا کہ زائد مال اُسکو حلال ہی اور اگر کوئی چیز بغیر غصب خرید کی اور غصب کا ثمن دیا یا العوض غصب خرید کی اور غیر غصب سے ثمن دیا تو وہ بھی اسیطرح ہی ابو یوسف
کے قول مین اور امام نے کہا کہ اسمین تصدق نہ کرے کذا فی الطحطاوی دفع مالہ مضاربۃ لرجل جاہل جاز اخذ ربحہ مالم یعلم انہ اکتسب الحرام اپنا مال دیا بطریق مضاربت کے اُس مرد
کو جو مسائل مضاربت سے جاہل ہی تو اُسکی منفعت لینا جائز ہی جب تک معلوم نہو کہ اُسنے کسب حرام سے حاصل کیا هم طحطاوی نے کہا مناسب مقام وہ مسئلہ ہی جو خانیہ مین
مذکور ہی کہ ایک مرد نے کچھ خرید کیا تو اُسپر یون سوال کرنا کہ وہ حلال ہی یا حرام ہی لازم ہی یا نہین تو تامل کرنا چاہیے کہ اگر بائع اُس شہر اور اُس زمانے مین ہو جسکے
بازارون مین اکثر مال حلال ہی تو مشتری پر پوچھنا لازم نہین اور بناء حکم ظاہر پر رکھی اور اگر غالب مال حرام ہو یا بائع حلال حرام دونون بیچتا ہو تو احتیاط کرے اور سوال
کرے من رمی تر بہ لایجوز لاحد اخذہ مالم یقل حین رمی لیاخذہ من اراد جسنے اپنا کپڑا پھینکدیا تو کسیکو اُسکا لینا جائز نہین جب تک کہ اُسنے اپنا کپڑا پھینکنے کے وقت
یون نہ کہا ہو کہ اسکو لے جسکا جی چاہے هم یہ قول ظاہرا اباحت ہی نہ ہبہ کیونکہ موہوب لہ متعین نہین اور مباح لہ کو استہلاک مباح کا مبیح کی ملک پر جائز ہی اور جبکہ اباحت
یا عدم اباحت کا قول معلوم نہو تو ظاہر الینا جائز نہین کیونکہ بقاء ملک مالک اصل ہی کذا فی الطحطاوی باع الاب ضیعۃ طفلہ والاب مفسد فاسق لم یجز بیعہ استحسانا باپ نے
اپنے طفل کی زمین بیچی اور حالانکہ باپ مفسد فاسق ہی تو اُسکی بیع جائز نہین بطریق استحسان کے شرت لطفلہا علی ان لا ترجع علیہ بالثمن جاز وہو کالہبۃ استحسانا
مان نے اپنے طفل کے واسطے کوئی چیز خرید کی اس شرط پر کہ صغیر پر رجوع ثمن نہ کریگی تو جائز ہی اور یہ خرید ہبہ کی مانند ہی بطریق استحسان کے قال الاسیر اشترنی
او قلنی فشراہ رجع بما ادی کالذا قرضہ قیدی نے دوسرے سے کہا کہ مجکو خرید کر یا مجکو خلاص کر سو اُسنے اسکو خرید کیا تو جو اُسنے دیا ہی پھیر لے قیدی سے گویا
اُسنے اسکو قرض دیا هم پھیر لینا احد القولین ہی اور مفتی بہ عدم رجوع ہی اور اسیر کے مانند وہ شخص ہی جسکو سلطان نے مصادرہ کے واسطے پکڑا کذا فی الطحطاوی
وعن جامع الفصولین ولو قال بالف فشراہ باکثر لم یلزمہ الفضل لانہ تخلیص لا شراء اور اگر اسیر نے کہا کہ مجکو مثلاً ہزار درم سے خرید کر سو اُسنے اُسکو زیادہ ہزار درم سے
خرید کیا تو اُسپر ہزار درم سے زیادہ لازم نہوگا اسواسطے کہ یہ خلاص کرنا ہی نہ خرید کرنا هم جامع الفصولین مین لزوم رجوع فضل مذکور ہی اور تعلیل تخلیص مفید لزوم ہی نہ عدم لزوم
کذا فی الطحطاوی اخصما اشتری دارا و دبغ دتاذی جیرانہ ان علی الدوام منع وعلی الندرۃ یتحمل منہ اور ایک گھر خرید کیا اور اُسمین دباغت یعنی چمڑا پکایا اور اُسکے پڑوسی
اذیت پانے لگے تو اگر دباغت علی الدوام کرتا ہو تو منع کیا جاے اور اگر گاہے کرتا ہو تو برداشت کرنا چاہیے هم جامع الفصولین مین ہی ایسے مسائل مین قیاس یہ ہی
کہ جو اپنے ملک خاص مین تصرف کرے وہ روکا نہ جاسے اگرچہ غیر کو ضرر ہو لیکن یہ قیاس متروک ہی وہان جہان غیرون کو ضرر بیّن ہو صریح بعضون نے کہا اسی کو اکثر مشایخ
نے لیا ہی اور اسی پر فتوی ہی کذا فی الطحطاوی شری لحما علی انہ لحم غنم فوجدہ لحم معز لہ الرد گوشت خرید کیا اس شرط پر کہ وہ بھیڑ کا گوشت ہی اور اسکو بکری کا گوشت پایا
تو اُسکو پھیر دینا جائز ہی هم غنم بکری کو بھی شامل ہی سو پھیر دینے کی کیا وجہ ہی مگر یہ کہ عرف مین غنم بھیڑ کے ساتھ مخصوص ہو قال زن لی من ہذا اللحم ثلثۃ ارطال فوزن لہ
جبر من ہذا الخبز فوزن لم یجبر مشتری نے کہا کہ مجکو اس گوشت سے تین رطل تول دے سو اُسنے تول دیا تو مشتری پر جبر کیا جائیگا اُسکے لینے پر اور اگر کہا کہ اس روٹی
مین سے تول دے اور اُسنے تول دی تو اُسپر لینے کے واسطے جبر نہوگا شری بزرا غریفیا فاذا ہو ربیعی او شری بزر البطیخ فاذا ہو بزر القثاء ان قائما ردہ وان مستہلکا
فعلیہ مثلہ خرید کیا خریف کا بیج اور وہ ربیع کا بیج نکلا یا خرید کیا خربوزے کا بیج اور وہ ککڑی کا بیج نکلا اگر قائم ہو تو اُسکو پھیر دے اور اگر مستہلک ہو تو اُسپر اُسکے مانند
پھیر دینا جائز ہی هم پھیر دینے کی وجہ یہ ہی کہ جو مشتری نے لیا وہ غیر مبیع ہی ساوم صاحب الزجاج فرفع لہ قدحا ینظرہ فوقع منہ علی اقداح فانکسرت ضمن الاقداح لا القدح
الواقع ایک شخص نے خرید کی گفتگو کی شیشے والے سے اور اُسنے پیالہ دیا کہ اسکو دیکھے سو اُسکے ہاتھ سے پیالہ گر پڑا اور پیالون پر کہ وہ ٹوٹ گئے تو تاوان دے
پیالون کا نہ اُسی پیالے کا جو گر پڑا هم پیالون کا ضمان اسواسطے لازم ہوا کہ لوگون کے اموال مین خطا معاف نہین اور اُس پیالے کا ضمان اسواسطے

نہین کہ وہ مقبوض علی سوم الشراء یا علی سوم النظر ہی بلا بیان ثمن تو وہ امانت ہی کہ بلا تعدی ہلاک ہوئی لہذا مطلقاً مضمون نہین شتری شجرة باصلها وفی قلعها
من الاصل ضرر بالبائع یقطعه من وجه الارض من حیث لا یتضرر به البائع ولو انهدم من سقوطه حائط ضمن القالع ما تولد من قلعه ایک درخت خرید کیا جڑ سمیت
اور جڑ سے اسکے اکھاڑنے مین بائع کا ضرر ہی تو اسکو کاٹ لے زمین کے اوپر سے جہان سے بائع کو ضرر نہو اور اگر اسکے ساقط ہونے سے کوئی دیوار گر جاے تو
درخت کا اکھاڑنے والا اسکا تاوان دے جو اسکے اکھاڑنے سے پیدا ہوا دفع دراہم زیوفا فکسرها المشتری لا شیء علیه ونعم ما صنع حیث غشه وخانه وکذا لو دفع الیه
لینظر الیه فکسره کھوٹے درم دیے سو مشتری نے انکو توڑ ڈالا اسپر کچھ تاوان نہین اور اسنے بہت اچھا کیا کیونکہ اسنے اسکو دغا دی اور خیانت کی اور
اسیطرح اگر اسنے اسکو دیا تا وہ انکو دیکھے اور اسنے اسکو توڑ ڈالا تو اسپر کچھ نہین ف مناسب یہ تھا کہ شارح بجاے مشتری بائع کہتا یا یہ مسئلہ عقد صرف
پر محمول ہی کہ وہان ہر عاقد بائع اور مشتری صادق آتا ہی لا باس ببیع المغشوش اذا بین غشه او کان ظاهرا یراه وکذا قال ابو حنیفة رحمه الله فی حنطة خلط فیها
الشعیر والشعیر یری لا باس ببیعه وان طحنه لا یبیع کچھ مضائقہ نہین مغشوش چیز کی بیع مین جبکہ بائع اسکی ملونی بیان کردے یا ملی چیز ظاہر ہو کہ مشتری
اسکو دیکھتا ہو اور اسیطرح امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے کہا اس گیہون مین جسمین جو مخلوط ہون اور جو نظر آتے ہون اسکی بیع مین کچھ مضائقہ نہین اور
اگر مخلوط کا آٹا پیسا تو نبیچے ف اسواسطے کہ پیسنے سے امتیاز نہین رہتا ہان اگر بیان کردے تو بیچ جائز ہی وقال الثانی فی رجل معه فضة نحاس لا یبیعها حتی
اور ابو یوسف نے کہا اس مرد کے باب مین جسکے پاس تانبا ملی چاندی ہی کہ اسکو نہ بیچ کرے یہان تک کہ بیان کردے وکل شیء لا یجوز فانه ینبغی ان یقطع ولا
صاحبه اذا انفقه وهو یعرفه اور جو چیز کہ ظاہر نہین سو لائق یہ ہی کہ کاٹ ڈالی جاوے اور اسکا مالک مارا جاوے جبکہ مغشوش کو وہ خرچ کرے جان بوجھکر شتری [illegible]
بدرهم فدفعها الیه وقال هی بدرهمک لا ینفقها حتی یعدها پیسے خرید کیے درم سے سو بائع نے اسکو پیسے دیے اور کہا کہ یہ تیرے درم کے عوض ہین تو انکو خرچ
نہ کرے جب تک کہ شمار نہ کرے ف ظاہر اشمار کرنا اس صورت پر محمول ہی جبکہ بیع بطریق عدد کے ہوئی ہو نہ بطریق وزن کے شمار کرنا اس احتمال سے ضرور ہوا کہ
شاید درم باعیب ہون تو فلوس کے خرچ کر ڈالنے کے بعد معلوم ہو کہ کتنے پیسے تھے شتری بالدرهم الزیف ورضی باقل مما یشتری بالجید حل له کوئی چیز خرید کی کھوٹے درم
سے اور جسقدر کھرے درم سے مول لیتے ہین اسکے کمتر سے راضی ہو گیا تو اسکو حلال ہی یعنی ایک چیز کھرے درم سے مثلاً سیر بھر بکتی ہی اور اسنے کھوٹے درم سے آدھ سیر
لی راضی ہو کر تو اسکے واسطے حلال ہی شتری ثیابا ببغداد علی ان یوفی ثمنه بسمرقند لم یجز لجهالة الاجل کپڑے خرید کیے بغداد مین اس شرط پر کہ اسکا ثمن سمرقند مین
ادا کریگا تو جائز نہین بسبب مجہول ہونے مدت کے باع نصف ارضه بشرط خراج کلها علی المشتری فهو فاسد ایک شخص نے اپنی نصف زمین بیچی اس شرط
پر کہ ساری زمین کا خراج مشتری پر ہی تو بیع فاسد ہی یعنی اسواسطے کہ اس شرط کو عقد مقتضی نہین اور اسمین بائع کا فائدہ ہی اخذ الخراج من الاکار له ان یرجع علی الدهقان
استحسانا خراج لیا گیا کاشتکار سے تو اسکو زمیندار سے پھیر لینا بطریق استحسان جائز ہی شتری الکرم مع الغلة وقبضه ان رضی الاکار جاز البیع وله حصة من الثمن
وان لم یرض لم یجز بیعه انگور کے درخت خرید کیے پھلون کے ساتھ اور اسپر قبضہ کیا اگر کاشتکار راضی ہو تو بیع جائز ہی اور کاشتکار کو بقدر اسکے حصے کے ثمن ملیگا اور
اگر وہ راضی نہین تو اسکی بیع جائز نہین ف مراد وہ کاشتکار ہی جسکا پھلون مین حصہ ہی قضاه دراهم فقال انفقها فان لم تنفق فردها علی فقبله ولم ینفقه له رده استحسانا
بخلاف جاریة وجد بها عیبا فقال اعرضها او بعها فان نفقت والا ردها فعرضها علی البیع سقط الرد مشتری نے بائع کو درم دیے اور کہا اسکو خرچ کر اور اگر
خرچ نہو تو مجکو پھیر دے سو بائع نے اسکو قبول کیا اور خرچ نہ کیے تو اسکو پھیر دینے کا اختیار ہی بطریق استحسان کے بخلاف اس لونڈی کے جسمین مشتری نے
عیب پایا سو بائع نے کہا کہ اسکو بیع کے واسطے پیش کر یا بیچ ڈال سو اگر بک جاے تو بہتر ہی والا مجکو پھیر دے سو مشتری نے اسکو بیع کے واسطے پیش کیا تو
پھیر دینا ساقط ہو گیا ف دونون صورتون مین فرق یہ ہی کہ درم مقبوض عین حق قابض نہین بلا تجوز بخلاف تصرف فی العین کہ وہ عین ملک قابض ہی لہذا
اسمین اختیار باطل ہی کذا فی الطحطاوی ملخصا قال ابو حنیفة رحمه الله اذا وطی رجل امته ثم زوجها مکانه فللزوج وطیها بلا استبراء وقال ابو یوسف استحب

عدم التفریق ہی اور مالک کے اس قول مین غاصب وارث کہ گھر کو فارغ کر دے اور نہین تو کرایہ اسکا ہر مہینے مین اتنا ہی جائز ہی چنانچہ متفرقات اجارہ مین آدیگا باوجودیکہ یہ تعلیق
عدم التفریق ہی والاجازۃ بالزائے فقول البکر اجزت النکاح ان رضیت امی بطل الاجازۃ بزازیۃ اور اجازت بزائے معجمہ یہ ہی کہ باکرہ کا یون کہنا کہ مین نے نکاح کو جائز رکھا اگر میری ماں راضی ہو
سباطل ہی اجازت کا کذا فی البزازیۃ وکذا کل ما لا یصح تعلیقہ بالشرط اذا انعقد موقوفا لا یصح تعلیق اجازتہ بالشرط بحر فقصرہا علی البیع قصور کما وقع فی المنح اور اسطرح جسکی تعلیق
شرط پر صحیح نہین یعنی جسمین تملیک یا تقیید ہی جبکہ وہ موقوف منعقد ہو تو اسکی تعلیق صحیح نہین شرط پر کذا فی البحر تو منحصر کرنا تعلیق اجازت کا بیع پر قصور بیان ہی چنانچہ
منح الغفار مین واقع ہوا ہی ھم طحطاوی نے کہا منح الغفار مین بیع کی تمثیل واقع ہی اور مثال سے تخصیص ثابت نہین ہوتی اور کلیہ صاحب بحر کو مصنف نے خود ذکر کیا ہی
یعنے تو اب کچھ قصور نرہا والرجعۃ قال المصنف انما ذکرتہا تبعا للکنز وغیرہ قال شیخنا فی بحرہ وہو خطاء والصواب انہا لا یبطل بالشرط اعتبارا لہا باصلہا وہو النکاح واطال
الکلام لکن تعقبہ فی النہر وفرق بانہا لا تفتقر لشہود ومہر ولہ رجعۃ امتہ علی حرۃ نکحہا بعد طلاقہا وتبطل بالشرط بخلاف النکاح اور رجعت مصنف نے اپنی شرح مین
کہا کہ مین نے تو رجعت کو باتباع کنز وغیرہ کے ذکر کیا ہی ہمارے اُستاد نے اپنی کتاب بحر الرائق مین کہا کہ رجعت کا یہان ذکر کرنا خطا ہی اور ٹھیک بات یہ ہی
کہ رجعت شرط سے باطل نہین ہوتی باعتبار اپنی اصل کے اور وہ اصل نکاح ہی یعنی جیسے رجعت کی اصل یعنی نکاح شرط سے باطل نہین ہوتا ویسے ہی رجعت بھی باطل
نہین ہوتی اور صاحب بحر نے یہان بہت گفتگو دراز کی ہی لیکن نہر الفائق مین اُسپر اعتراض کیا ہی اور فرق بیان کیا ہی رجعت اور نکاح مین اسطرح پر کہ رجعت مین
گواہون اور مہر کی حاجت نہین اور مرد کو رجعت کرنا لونڈی کا اُس حرہ پر جس سے نکاح کیا بعد اسکے طلاق کے جائز ہی اور رجعت باطل ہوتی ہی شرط سے بخلاف نکاح کے کہ اسمین گواہون اور
مہر کی حاجت ہی اور نکاح لونڈی کا حرہ پر جائز نہین اور نکاح باطل نہین ہوتا شرط سے ھم طحطاوی نے کہا کہ ظاہرا یہ اعتراض قوی نہین کیونکہ چند احکام کی مخالفت سے
یہ لازم نہین کہ رجعت نکاح کے مخالف ہو اس حکم مین بھی اور تعجب ہی صاحب نہر سے کہ اُسنے صورت نزاع کو مخالفت کی صورتون مین ذکر کیا والصلح عن مال بمال درر وغیرہا اور صلح
مال کی بعوض مال کے کذا فی الدرر وغیرہا وفی النہر الظاہر الاطلاق حتی لو کان عن سکوت او انکار کان فداء فی حق المنکر ولا یجوز تعلیقہ اور نہر الفائق مین ہی کہ ظاہر اطلاق صلح مراد ہی یعنی بیع کی
تخصیص نہین یہان تک کہ اگر صلح سکوت یا انکار سے ہو تو یہ فداء ہوگا حق منکر مین اور اسکی تعلیق جائز نہین ھم حلبی نے کہا کہ حق تقیید ہی نہ اطلاق کیونکہ یہان گفتگو اُسکی ہی جو شرط فاسد سے
باطل ہوتا ہی یعنے معاوضات مالیہ اور سکوت اور انکار کی صلح معاوضات مالیہ سے نہین اور ہر چند اسکی تعلیق صحیح نہین لیکن کلام ہی اُسکے ابطلان مین شرط فاسد سے والابراء عن الدین لانہ
تملیک من وجہ اور دین سے بری الذمہ کر دینا کیونکہ وہ تملیک ہی ایک راہ سے ھم منح الغفار مین ہی کہ ابراء عن الدین ایک وجہ سے تملیک ہی لہذا پھر جاتا ہی رد کرنے سے اگرچہ اسمین معنے
اسقاط ہی انتہی حلبی نے کہا کہ ابراء عن الدین مین مبادلہ مال کا مال سے نہین تو لائق یہ ہی کہ شرط سے باطل نہو اور تملیکات مین اسکا معتبر کرنا دلالت نہین کرتا مگر اُسکے ابطلان پر واضح یہان
مناسب یہ تھا کہ قسم ثانی مین مذکور ہوتا الا اذا کان الشرط متعارفا فتعلیق ابراء صحیح نہین مگر جبکہ شرط مشہور ہو چنانچہ مبتوتہ[1] نے زوج سے کہا کہ مین نے تجکو بری الذمہ کیا مہر سے بشرطیکہ تو تجدید
نکاح کرے بعوض مہر کے اور اُسکا مہر مثل سو درم ہی تو وہ بری الذمہ ہوگا بدون شرط کے کذا فی الطحطاوی او علقہ بامر کائن کان علیہ شیء فقد ابرأتک قد اعطاہ صحیح یا ابراء کو معلق
کرے امر ماضی محقق پر چنانچہ طالب کا مدیون سے کہنا کہ اگر تو نے فلان چیز میرے شریک کو دی تو البتہ مین نے تجکو بری الذمہ کیا اور حالانکہ مدیون اُسکے شریک کو دے چکا ہی تو تعلیق
مذکور صحیح ہی وکذا بموتہ ویکون وصیۃ ولو لوارثہ علی ما بحثہ فی النہر اور اسیطرح تعلیق صحیح ہی طالب کی موت سے اور تعلیق مذکور وصیت ہوگی اگرچہ وارث کو ہو
چنانچہ صاحب نہر الفائق نے اسکو بطریق بحث کے ذکر کیا ہی وعزل الوکیل والاعتکاف اور معزول کرنا وکیل کا اور اعتکاف ھم چنانچہ یون کہنا اپنے وکیل سے کہ مین نے تجکو معزول کیا
بشرطیکہ تو مجکو تحفہ دے یا فلانا شخص آوے اور حق تعالی کے واسطے مجپر اعتکاف واجب ہی اگر میرا بیمار صحت پاوے یا فلانا شخص آوے فانہما لیسا مما یحلف بہ فلم یجز تعلیقہما بالشرط
اسواسطے کہ عزل وکیل اور اعتکاف اُس جنس سے نہین جنسے قسم کھاتے ہون تو انکی تعلیق شرط سے جائز نہوئی وہذا فی احدی الروایتین کما بسط فی النہر اور یہ یعنی عدم جواز تعلیق
دو روایتون مین سے ایک روایت ہی چنانچہ اسکو مشرح بیان کیا ہی نہر الفائق مین ھم نہر الفائق مین مذکور ہی کہ سرخسی کی روایت مین تعلیق بالشرط جائز ہی اور عدم جواز تعلیق اعتکاف
منافی ہی اسکی جو اعتکاف مین مذکور ہو چکا بلکہ خانیہ سے اعتکاف معلق کے جواز پر اجماع ثابت ہوتا ہی اور جب اُسکی تعلیق ہوئی تو شرط فاسد سے باطل نہین ہو سکتا

[1] یعنے جس عورت کو طلاق بائن دیدی گئی ۱۲

اور امیر مقرر کرنا چنانچہ بادشاہ کا یون کہنا کہ مین نے تجکو فلانے شہر کا والی مقرر کیا دائمی تو صحیح ہی اور شرط باطل ہی تو بادشاہ کو اُسکے معزول کرنیکا بلا قصور اختیار ہی ھم ولایت سوم
سے مراد یہ ہی کہ گاہے اُسکو معزول نکرے دیل لتیرط التعویة مغز له کدرس ابدہ السلطان ان اقول رجعت عن التابید افتی بعضہم بذلک واختار فی النہر اطلاق الصحة اور قاضی دائمی یا امیر دائمی
کے معزول کرنے کی صحت مین مانند اس مدرس کے جسکو ہمیشہ کے واسطے سلطان نے مقرر کیا یون کہنا کیا شرط کہ مین نے تابید یعنی ہمیشہ منصوب رکھنے سے رجوع کیا بعضے علمانے اسکا
فتوی دیا ہی اور نہر الفائق مین اطلاق صحت کو پسند کیا ہی یعنی خواہ رجوع کرے یا رجوع نہ کرے ہر وقت معزولی کا بادشاہ کو اختیار ہی وفی البزازیة لو شرط علیه ان لا یرتشی ولا یشرب الخمر
ولا یمتثل قول احد ولا یسمع خصومة زید صح التقلید والشرط اور بزازیہ مین ہی کہ اگر بادشاہ قاضی سے یہ شرط کرے کہ وہ رشوت نہ لے اور شراب نہ پیے اور کسیکا کہنا نہ مانے اور زید کی مثلاً خصومت
نہ سنے تو تقلید قضا اور شرط دونون صحیح ہین ھم یعنی اگر انمین سے کوئی فعل کریگا تو معزول ہوگا اور زمان گذشتہ کا اُسکا حکم باطل نہوگا اور اُس کا حکم خصومت زید مین نافذ
نہوگا اور سلطان پر واجب ہی کہ اگر اُسکا قضیہ پیش ہو تو آپ فیصل کرے کذا فی الطحطاوی عن البزازیة والکفالة ۱۵ ضامنی اسطرح کہ مین تیرے غریم کا ضامن ہون اگر تو مجکو
قرض دے ۱۶ والحوالة ۱۷ احوالہ اسطرح کہ مین نے تیرا دین مثلاً زید پر حوالہ کیا اس شرط سے کہ درصورت انکار یا موت زید کے تو مجھسے مطالبہ نکرے الا اذا شرط فی الحوالة الاعطاء من دار
المحیل فتفسد لعدم قدرته علی الوفاء بالملتزم کما عزاه المصنف للبزازیة واجاب فی النہر بان ہذا من المحتال وعد ولیس الکلام فیه فلیحفظ مگر جب حوالہ مین شرط ہو محتال بکا دینا محیل کے گھر کے
ثمن سے تو حوالہ فاسد ہی کیونکہ محتال علیہ قادر اسکے ادا پر نہین جسکا اسنے التزام کیا چنانچہ اس قول کو مصنف نے اپنی شرح مین بزازیہ کی طرف نسبت کیا ہی اور نہر الفائق مین جواب دیا
کہ یہ قول محتال کی جانب سے وعدہ ہی اور وعدے مین کلام نہین تو اسکی تنقیح کرنا چاہیے ھم شارح نے اشارہ کیا کہ کلام صاحب نہر غیر منقح ہی کیونکہ یہ شرط ہی نہ وعدہ اور یہ شرط محتال علیہ
کیجانب سے ہی نہ محتال کیطرف سے کذا فی الطحطاوی ۱۸ والوکالة ۱۹ وکالت اسطرح پر کہ مین نے تجکو وکیل کیا بشرطیکہ تو اپنے دین سے مجکو بری الذمہ کردے ۲۰ والاقالة ۲۱ اقالہ اسطرح کہ عاقدین
اقالہ کرین اس شرط پر کہ ثمن زائد ہو اول سے یا کمتر تو اقالہ صحیح ہی اور شرط لغو کذا فی الطحطاوی والکتابة ۹ کتابت اسطرح کہ مولے کہے اپنے غلام سے کہ مین نے تجکو مکاتب کیا ہزار درم پر
بشرطیکہ تو شہر سے باہر نکلے یا فلانے سے معاملہ نہ کرے یا تو فلانی قسم کی سوداگری کرے تو کتابت صحیح اور شرط باطل ہی کذا فی المنح الا اذا کان الفساد فی صلب العقد ای نفس البدل ککتابة علی
خمر فتفسد انه وعلیه یحمل اطلاقهم کما حررہ خسرو مگر جبکہ فساد صلب عقد مین یعنی نفس بدل کتابت مین ہو چنانچہ اُسکا مکاتب کرنا شراب پر تو اس سے کتابت فاسد ہو جاتی ہی اور اسی پر اطلاق
فقہا محمول ہی چنانچہ اسکو ملا خسرو نے درر مین تحریر کیا ہی ھم عمادی اور استروشنی وغیرہ نے کہا کہ کتابت کی تعلیق شرط سے جائز ہی اور شرط فاسد سے کتابت باطل ہو جاتی ہی ملا خسرو نے کہا کہ بطلان
اس فساد کے بطلان پر محمول ہی جو صلب عقد مین ہو لیکن بزازیہ کی یہ روایت اس حمل کے مخالف ہی کہ حاملہ لونڈی کو مکاتب کیا اس شرط پر کہ اسکا حمل داخل کتابت نہین تو کتابت فاسد ہی اسواسطے کہ کتابت
شرط فاسد سے باطل ہو جاتی ہی انتہی تو اگر اختلاف روایت پر حمل کیا جاوے تو اشکال زائل ہو کذا فی الطحطاوی ۲۰ واذن العبد فی التجارة ۲۱ غلام کو اذن دینا تجارت مین چنانچہ یون کہنا کہ مین نے تجکو تجارت
کا اذن دیا اس شرط پر کہ تو ایک مہینے تک تجارت کرے فلانے امر مین تو اذن جمیع تجارات اور اوقات کو عام ہوگا اور شرط باطل ودعوة الولد کہذا الولد منی رضیت امراتی او لا ولد کے نسب کا دعوی
کرنا چنانچہ یہ لڑکا میرا ہی اگر میری عورت راضی ہو یعنی نسب ثابت ہی اور شرط باطل والصلح عن دم العمد ۲۲ قتل عمد سے صلح کرنا یعنی جو شخص عمداً مقتول ہوا اسکا ولی قاتل سے کسی شی پر صلح کرے
اس شرط پر کہ قاتل اسکو قرض دے یا تحفہ تو صلح صحیح ہی اور شرط فاسد اور قصاص ساقط کیونکہ اسقاطات سے ہی اور شرط کا محتمل نہین کذا فی المنح وکذا الابراء عنه لم یذکره والظاهر الحاقه بالصلح
درر ۲۳ اور اسیطرح قتل عمد سے ابرا کرنا شرط فاسد سے باطل نہین ہوتا اور فقہا نے ابرا کو مذکور نہین کیا صلح پر کفایت کرکے کذا فی الدرر وجہ کفایت یہ ہی کہ صلح اور ابرا مین چندان فرق
نہین اسواسطے کہ جب ولی نے قاتل عمد سے کہا کہ مین نے تجکو بری الذمہ کیا اس شرط پر کہ تو اس شہر مین نہ رہے یا اس سے صلح کرکے تو ابرا اور صلح صحیح ہی کذا فی الطحطاوی عن الدرر
وعن الجراحة التی فیہا القود والامکان من القسم الاول ۲۴ صلح کرنا اس زخم سے جسمین قصاص لازم ہی اور اگر ایسا زخم جسمین دیت لازم ہی تو وہ قسم اول سے ہوگا
یعنی دیت مین اموال کا طریقہ جاری ہی تو گویا وہ معاوضات مالیہ مین ہی تو وہ شرط فاسد سے باطل ہوگا وعن جنایة غصب ودیعة عاریة اذا ضمنہا رجل وشرط فیہا حوالة
او کفالة درر ۲۵ صلح کرنا جنایت غصب سے یعنی جنایت مغصوب سے ۲۶ صلح کرنا جنایت ودیعت سے ۲۷ صلح کرنا جنایت عاریت سے جبکہ کوئی مرد جنایات ثلثہ کی صلح کا ضامن ہو
اور امین حوالہ یا ضمانت شرط کرے کذا فی الدرر یعنی غاصب مغصوب مین اور امانت دار امانت مین اور مستعیر عاریت مین جنایت کرے اور کچھ مال پر صلح کرے ادائے بدل صلح

مین کوئی شخص جانے کا ضامن ہو اور ضامن حوالہ یا ضمانت انمین شرط کرے اسطرح کہ مغصوب یا امانت یا عاریت کی جنایت کی بدل صلح کا مین ضامن ہوا بشرطیکہ فلانا شخص کفیل ہو یا فلانے
شخص پر حوالہ ہو تو صلح صحیح ہے اور شرط باطل کذا فی الطحطاوی عن الدرر و جامع الفصولین والنسب والحجر علی الماذون نہر ۲۸ نسب ۲۹ عبد ماذون پر تصرف کا روکنا کذا فی النہر نسب مثلاً ولد مین کو
ہوچکا لیکن وہ ولد مین خاص ہے اور یہ عام ہے تو شرط فاسد سے باطل ہوگا والغصب وامان لنفس اشباہ ۳۰ غصب ۳۱ امان نفس کذا فی الاشباہ یعنی حربی کو امان دینا بشرط فاسد صحیح ہے اور
شرط باطل بعضے نسخون مین بجائے امان نفس امان القن مذکور ہے طحطاوی نے کہا کہ غصب سے شاید ضمان فوات مغصوب بشرط مراد ہے والانفس غصب مین بشرط لیا شرط باوجہ ہے وعقد الذمة
۳۲ عقد ذمہ اسطرح پر کہ بادشاہ کہے اے کافر حربی سے کہ جو دار الاسلام کی اقامت کا ارادہ رکھتا ہے کہ مین نے تجہیز خرید یہ مقرر کیا بشرطیکہ تو مجکو تحفہ دے کذا فی الطحطاوی وعن الحموی وتعلیق
الرد بالعیب ۳۳ رد بالعیب کو معلق کرنا اسطرح پر کہ اگر مین مبیع مین کچھ عیب پاؤنگا تو تجکو پھیر دونگا بشرطیکہ تو مجکو بعض ثمن سے بری الذمہ کردے طحطاوی نے کہا
یہ مثال مناسب مقام ہے بخلاف عینی وغیرہ کی مثال کے فتعلیقہ بخیار الشرط ۳۴ رد بخیار شرط کو معلق کرنا اس طرح پر کہ اگر مین بیع کو تین دن مین جاری نکرون تو تجکو پھیر دون بشرطیکہ
مین تجکو تحفہ دون تو مجکو تحفہ دے طحطاوی نے کہا یہی مثال مناسب مقام ہے وعزل القاضی کقولہ لك ان شاء فلان فمعزول وبطل الشرط لما ذكرنا انها كلها ليست معاوضة مالية فلا تؤثر
فيها الشروط الفاسدة ۳۵ قاضی کا معزول کرنا چنانچہ بادشاہ کا یون کہنا قاضی سے کہ مین نے تجکو معزول کیا اگر فلانا شخص چاہے تو قاضی معزول ہوگا اور شرط مذکور باطل ہوگی
اسواسطے کہ ہمنے ذکر کیا ہے کہ جمیع تصرفات مذکورہ یعنی قرض سے عزل قاضی تک معاوضہ مالیہ نہین توانمین شروط فاسدہ اثر نہین کرتین ہم ترجمہ مین مذکور ہوچکا کہ شرط فاسدہ بیاج کیطرح
راجع ہین اور بیاج متحقق نہین ہوتا مگر معاوضات مالیہ مین وبقی ما یجوز تعلیقہ بالشرط وہو مختص بالاسقاطات المحضة التی یحلف بہا کالطلاق والعتاق وبالالتزامات التی یحلف بہا کالحج
والصلوٰۃ والتولیات کالقضاء والامارۃ عینی وزیلعی اور باقی رہے وہ تصرفات جنکی تعلیق شرط سے جائز ہے اور وہ مخصوص ہے ان اسقاطات خالصہ سے جنسے قسم کہائی جاتی ہے چنانچہ طلاق اور
عتاق اور ان التزامات سے مختص ہے جنسے قسم کہاتے ہین چنانچہ حج اور نماز اور مخصوص ہے تولیات سے چنانچہ قضا اور امارت کذا فی العینی والزیلعی ہم اور جمیع تصرفات مذکورہ شرط فاسد
سے باطل نہین ہوتے کما مر زاد فی النہر الاذن فی التجارۃ وتسلیم الشفعۃ والاسلام نہر الفائق مین ما یجوز تعلیقہ مین اذن فی التجارۃ اور تسلیم شفعہ اور اسلام کو زیادہ کیا ہے وحررہ المصنف فی دخول الاسلام
فی القسم الاول لانہ من الاقرار ودخول الکفر فیہا لانہ ترک اور مصنف نے اپنی شرح مین منقح کیا ہے دخول اسلام کا قسم اول مین یعنی جسکی تعلیق شرط سے صحیح نہین کیونکہ اسلام اقرار کی قسم سے ہے اور
منقح کیا ہے دخول کفر کا بیان یعنی جواز التعلیق مین کیونکہ کفر عبارت ہے ترک سے یعنی ترک اسلام سے ہم اسلام عبارت ہونا اقرار سے علما مین مشہور نہین بلکہ تحقیق یہ ہے کہ اسلام عبارت ہے تصدیق
قلب سے اور اقرار احکام دنیویہ کے اجرا کی شرط ہے بلکہ عدم صحت تعلیق اسلام کی وجہ یہ ہے کہ تصدیق قلبی کی تعلیق شرط صحیح نہین سواسطے کہ یہ معلوم ہے کہ جو کافر اپنے اسلام کو کسی فعل پر معلق کرتا ہے وہ گویا
اس فعل سے نفرت رکھتا ہے تو معلق علیہ کی تحصیل کا ارادہ نہین رکھتا تو اسکو کیونکر مسلمان قرار دیجیے باوجود اس تنفر کے جو تعلیق سے اسنے ظاہر کیا ہے اور خود مصنف نے بھی اسکو آخر کلام مین بیان کیا ہے
کذا فی الطحطاوی ویصح تعلیق هبته والحوالة والكفالة والابراء عنهما بملائم اور صحیح ہے معلق کرنا ہبہ اور حوالہ اور کفالت کا اور کفالت کی ابراء کا شرط مناسب سے ہم بزازیہ کی کتاب البیوع مین ہے کہ تعلیق ہبہ بلفظ
ان شرطیہ باطل ہے اور بلفظ علی جائز ہے اگر شرط ملائم ہو چنانچہ ہبہ بشرط عوض اور اگر شرط مخالف ہے تو شرط باطل ہے اور ہبہ صحیح ہے اور تعلیق کفالت اگر متعارف ہو چنانچہ مطلوب کا آنا تو صحیح ہے اور اگر
شرط محض ہے چنانچہ دخول دار اور ہوا کا چلنا تو کفالت جائز ہے اور شرط باطل کذا فی الطحطاوی وما تصح اضافته الی الزمان المستقبل الاجارة وفسخها والمزارعة والمعاملة و
المضاربة والوكالة والكفالة والايصاء والوصية والقضاء والامارة والطلاق والعتاق والوقف فهی اربعة عشر اور جسکا اضافت کرنا زمان مستقبل کیطرف صحیح ہے وہ اجارہ
ہے اور فسخ اجارہ اور مزارعت اور معاملت یعنی مساقات اور مضاربت اور وکالت اور کفالت اور کسیکو وصی مقرر کرنا اور کسی کے واسطے وصیت کرنا اور قضا اور امارت اور طلاق اور عتاق اور وقف تو یہ چودہ
تصرف ہین ہم یعنی تصرفات مذکورہ کو آیندہ زمانے کیطرف مضاف کرنا بغیر صیغہ تعلیق صحیح ہے کیونکہ ذکر تعلیق سے فراغت ہوچکی اور فائدہ صحت اضافت کا یہ ہے کہ مستاجر تقاضائے عین کر سکتا ہے
زمانہ مضاف الیہ کے آنے کے وقت اور موجر کو جائز نہین کہ اسکے غیر کو اجارہ دے اضافت اجارہ کی یہ مثال ہے کہ موجر کہے کہ مین نے تجکو اپنا یہ گھر اجارہ دیا بعد ایک مہینے کے اور وقف کی یہ مثال ہے
کہ مین نے اپنا گھر یا باغ وقف کیا بعد اپنی موت کے اور جواز اضافت فسخ اجارہ یہ ایک قول ہے شرنبلالیہ مین ہے کہ اختیار عدم صحت اضافت معتمد ہے کذا فی الطحطاوی وبقی العاریة والاذن فی التجارة
فیصحان مضافین القنیة عاریة اور باقی رہا ذکر عاریت اور اذن فی التجارۃ کہ یہ دونون بھی مضاف بزمان آیندہ صحیح ہین کذا فی العمادیة وما لا تصح اضافته الی المستقبل عشرة البيع

والاجارة وفسخہ والقسمة والشرکة والہبة والنکاح والرجعة والصلح عن مال والابراء عن الدین لانہا تملیکات للحال فلا تضاف للاستقبال کما لا تعلق بالشرط لما فیہ
من معنی القمار اور جن کی اضافت زمانِ مستقبل کی طرف صحیح نہیں وہ دس ہیں بیع اور اجازت بیع کی اور فسخ کرنا اُسکا اور قسمت اور شرکت اور ہبہ اور نکاح اور رجعت اور صلح مال سے
اور ابراء دین سے کیونکہ یہ تصرفات فی الحال کی تملیکات ہیں تو مضاف نہونگے زمانہ استقبال کی طرف جیسے کہ شرط کے ساتھ معلق نہیں ہوتے کیونکہ اسمین معنی قمار ہی
یعنے مخاطرہ ہی کہ شرط متحقق ہو یا نہو الخ ظاہر رجعت اور ابراء پر تملیک صادق نہیں کیونکہ رجعت تقلید ہی اور ابرا اسقاط ہی مگر یون کہیے کہ رجعت مین تملیک از رجع ہی تمتع سے اور
ابرا مین تملیک ہی دین ہی یہ دیون کہ وینبغی الوکالة علی قول الثانی المفتی بہ اور جنکی اضافت صحیح نہین انہین وکالت کا شمار کرنا باقی رہا موجب البزازیہ کے مفتی بہ قول ہے
ھم جب یا عدم صحت اضافت وکالت پر فتوی ہوا تو اُسکا شمار کرنا اُن تصرفات مین جنکی اضافت صحیح ہی بقول طرفین ہے

باب الصرف

یہ باب ہی بیع الصرف کے بیان مین عنونہ بالباب لا الکتاب لانہ من انواع البیع مصنف نے اسکا عنوان باب سے کیا نہ کتاب سے یعنے اسکو لفظ باب الصرف شروع کیا
اور کتاب الصرف نہ کہا اسواسطے کہ صرف بیع کی اقسام سے ہی ھم شارح نے یہ اشارہ کیا کہ مصنف کی تعبیر بہتر ہی کنز کی تعبیر سے کہ اسمین کتاب الصرف واقع ہی صرف انواع بیع سے
اسطرح ہی کہ بیع کی چار قسمین ہین چنانچہ کتاب البیوع کے شروع مین مذکور ہو چکا یعنی یا بیع العین بالعین ہی یا بیع العین بالدین ہی یا بیع الدین بالعین ہی یا بیع الدین بالدین ہی اور
بیع الدین بالدین عبارت ہی صرف سے اور دین سے مراد احد النقدین ہی ہو لغة الزیادة صرف لغت مین بمعنی زیادت کے ہی ھم ولہذا احدیث شریف مین نفل کو صرف فرمایا چنانچہ ارشاد ہے
کہ جو اپنے باپ کے سوا غیر سے اپنا نسب لگاوے تو حق تعالی اُسکا صرف اور عدل قبول نہ کریگا صرف سے مراد نفل ہی کیونکہ وہ فرض سے زائد ہی اور عدل سے مراد فرض ہی اور لغوی معنی شرعی معنی
مین موجود ہی اسواسطے کہ صرف مین تقابض بدلین شرط ہی تو یہ زیادتی ہی غیر صرف پر کیونکہ اور بیوع مین تقابض بدلین شرط نہین وفی الشرع بیع الثمن بالثمن ای ما خلق للثمنیة ومنہ المصوغ جنسا بجنس
او بغیر جنس کذہب بفضة اور شرع مین ثمن کا بیچنا ثمن سے صرف ہی خواہ بیع جنس کی جنس سے ہو چنانچہ چاندی کی چاندی سے اور سونے کی سونے سے یا غیر جنس سے بیع ہو جیسے سونے کی بیع
چاندی سے اور ثمن سے مراد وہ ہی جو ثمن ہونے کے واسطے مخلوق ہوا ہو یعنی چاندی یا سونا اور چاندی سونے کا زیور اور برتن بھی اسمین داخل ہی یعنی اُسکی بیع بھی صرف مین داخل ہی
خواہ زیور اور برتن کی بیع زیور اور برتن سے ہو خواہ نقد سے لیکن زیور اور برتن بسبب صنعت کے ثمن صریح باقی نرہا ولہذا عقد مین متعین ہو جاتا ہی کذا فی النہر فتح القدیر مین ہی کہ ثمن وہ ہی جو ثابت
فی الذمہ ہو بطریق دین کے مقابلے کے وقت اور نقود مستحق بالعقد نہین ہوتے مگر بطریق دین کے ویشترط عدم التاجیل والخیار والتماثل ای التساوی وزنا اور شرط ہی عدم تاجیل اور عدم خیار
اور تماثل یعنی دونون عوضون کا برابر ہونا وزن مین ھم عدم تاجیل وخیار مکرر ہی کہ خود یا تن بیان کریگا والتقابض بالبراجم لا بالتخلیة قبل الافتراق اور شرط ہی باہم قبضہ کرنا عوضین
کا انگلیون کے جوڑون سے قبل افتراق عاقدین کے نہ تقابض بالتخلیہ یعنی تقابض بالتخلیہ کافی نہین جب تک ہاتھ سے قبض نہو اور ظاہر آستین سے قبض تقابض بالبراجم مین
داخل ہی کذا فی الطحطاوی وہو شرط بقائہ صحیحا علی الصحیح اور تقابض صرف کے صحیح باقی رہنے کی شرط ہی بنا بر قول صحیح کے ھم تو اگر احد البدلین کی مدت معین ہوئی پھر مدت معین گذرنے سے
عاقد نے مدت باطل کر دی قبل افتراق کے اور عوض کو نقد دیا پھر افتراق واقع ہوا بعد تقابض جانبین کے تو عقد منقلب بصحیح ہوگا اور بعد افتراق کے صحیح نہین۔ ان اتحد جنسا وان
وصلیة اختلفا جودة وصیاغة لما مر فی الربا تماثل اور تقابض شرط ہی اگر دونون عوض ایک ہی جنس ہون اگرچہ عمدگی اور صنعت زرگری مین مختلف ہون اسواسطے کہ باب الربا مین گذر
ہو چکا کہ مال ربوا مین جید اور ردی برابر ہی ھم جبکہ عمدگی اور صنعت شرعا ساقط الاعتبار ہوئی تو یہ جو معمول ہی کہ عمدہ چاندی بنارسی وغیرہ زیادہ روپیہ دیکر خرید کرتے ہین یا اچھا یا آرسی
بسبب صنعت سادہ کاری کے بڑھا کر روپے سے مول لیتے ہین سو عین ربوا اور حرام قطعی ہی مسلمانون کو اُس سے احتراز واجب ہی اور تدبیر اس طرح کی خرید کی یہ ہی کہ بشمن اُلٹا لے
یعنے چاندی کو اشرفین یا پیسون سے خرید کرے والا بان لم یتجانسا شرط التقابض لحرمة النساء اور اگر دونون عوض ہم جنس نہون چنانچہ چاندی کا بیچنا سونے سے تو فقط باہم قبض کرنا شرط
ہی بسبب حرام ہونے تاخیر کے ھم یعنی دو صورت اختلاف جنس کے تقابض البدلین شرط ہی تماثل شرط نہین طحطاوی نے کہا کہ صرف نقدین مین جب تقابض البدلین شرط ہوا تو معلوم ہوا کہ
اگر چاندی کو فلوس سے یا سونے کو فلوس سے بیچے تو اُسمین قبض احد البدلین قبل افتراق شرط ہی نہ دونون عوض کا قبض فلو باع النقدین احدہما بالآخر جزافا او بفضل وتقابضا

مراد ہوتا ہے چنانچہ قرآن مجید میں ہے کہ نسیا حوتہما اور یخرج منہما اللؤلؤ والمرجان مفتی ابو السعود نے کہا کہ تخلص بلا ضرر کا ذکر موہم ہے کہ یہ شرط ہے اداسکے تحسین میں حالانکہ ایسا
نہیں ہے یعنے ضرر اور عدم ضرر حکم میں یکساں ہے کذا فی الطحطاوی ملخصا بتصرف وکذا لو قال ہذا المعجل حصۃ السیف لانہ اسم للحلیۃ ایضا لدخولہا فی بیعہ تبعا ولو زاد خاصۃ فسد البیع لازالۃ
الاحتمال اور اسیطرح مثل سابق چاندی کا ثمن ٹھہرایا جائیگا اگر مشتری نے یوں کہا کہ یہ ثمن معجل تلوار کا حصہ ہے اسواسطے کہ تلوار زیور کا بھی نام ہے بسبب داخل ہونے زیور کے
تلوار کی بیع میں تابع ہو کر یعنے تلوار اور زیور گویا ایک چیز ہیں اور اگر مشتری نے خاصۃ لفظ زیادہ کیا یعنی یوں بولا کہ یہ ثمن معجل فقط تلوار ہی کا ثمن ہے تو بیع فاسد ہوگی اسواسطے کہ
اس قول نے احتمال کو دور کر دیا یعنی اب اسیطرح گنجائش نہ رہی کہ زیور کو تلوار میں داخل کیجیے فان افترقا من غیر قبض بطل فی الحلیۃ فقط وصح فی السیف ان تخلص بلا ضرر
کطوق الجاریۃ وان لم تتخلص الا بضرر بطل اصلا سو اگر بیع مذکور میں عاقدین کا افتراق ہوا بدون قبض ثمن تو بیع فقط زیور میں باطل ہے اور تلوار میں صحیح ہے اگر زیور بلا ضرر
جدا ہو سکتا ہو چنانچہ طوق جاریہ اور اگر جدا نہو سکتا ہو بدون ضرر کے تو بالکل بیع باطل ہے ہم یعنی نہ زیور میں بیع صحیح ہے نہ تلوار میں اسواسطے کہ زیور کا حصہ قبل الافتراق واجب
القبض ہے پھر جب قبض واقع نہوا تا افتراق تو زیور کی بیع باطل ہوئی بواسطہ فقدان شرط اور اسیطرح تلوار کی بھی باطل ہے کیونکہ تسلیم اسکی بلا ضرر متعذر ہے بخلاف طوق وغیرہ کے
جسکے جدا کرنے میں ضرر نہیں کہ وہاں فقط جاریہ یا تلوار کی بیع صحیح ہے کیونکہ تسلیم پر قدرت حاصل ہے بلا ضرر والاصل انہ متی بیع نقد مع غیرہ کمفضض ومزرکش بنقد من جنسہ شرط زیادۃ الثمن
فلو مثلہ او اقل او جہل بطل ولو بغیر جنسہ شرط التقابض فقط اور مسائل مذکورہ کا قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جب عقد غیر نقد سے ملکر چنانچہ مفضض اور مزرکش بیچا جائے بعوض اس نقد کے جو اسکے ہمجنس ہے تو زیادہ
ہونا ثمن کا شرط ہے تو اگر ثمن نقد مبیع کے برابر ہو یا کمتر ہو یا کمی بیشی معلوم نہو تو بیع باطل ہے اور اگر نقد کی بیع ہوا اس نقد سے جو اسکا غیر جنس ہے تو فقط تقابض شرط ہے
ہم مفضض وہ ہے جسپر چاندی کا پتر ہو چنانچہ لکڑی کا زین یا کرسی یا پلنگ کے پائے چاندی کے پتر سے منڈھے اور مزرکش عہ چنانچہ کمخواب یا زردوزی کی چیز تو مفضض کے ثمن
میں بالیقین زیادت لازم ہے تاکہ چاندی کے مقابل اسکے برابر چاندی واقع ہو اور باقی ثمن مثلاً اس لکڑی کے مقابل ہو جسپر چاندی کا پتر ہے اور درصورت تساوی ثمن اسواسطے
بیع فاسد ہے کہ مثلاً لکڑی کے عوض میں کچھ ثمن نہیں رہتا اور درصورت عدم علم کمی بیشی کے اسواسطے بیع فاسد ہے کہ اسمیں شبہ ہے فضل کا اور شبہ بسبب الحق بحقیقت ربوا ہے اور اگر مفضض
کی بیع مثلاً اشرفیوں سے کی تو یہاں زیادت اور قلت اور مساوات کچھ شرط ثمن نہیں اختلاف جنس کے سبب سے ہاں تقابض البدلین البتہ شرط ہے ومن باع اناء فضۃ بفضۃ او بذہب
ونقد بعض ثمنہ فی المجلس ثم افترقا صح فیما قبض واشترکا فی الاناء لانہ صرف اور جسنے چاندی کا برتن چاندی یا سونے سے بیچا اور اسکا کچھ ثمن ادا کیا مجلس عقد میں یعنی بشرط قبض ظرف
پھر دونوں میں جدائی واقع ہوئی تو بیع صحیح ہے اسقدر میں جسمیں قبض ہوا اور دونوں شخص برتن میں شریک ہوگئے کیونکہ یہ صرف ہے ولا خیار للمشتری للتعیب من قبلہ بعدم نقدہ
اور اسمیں اختیار نہیں مشتری کا بسبب عیب دار ہو جانے برتن کے مشتری کے جانب سے پورا ثمن نہ دینے سے ہم یعنی بوجہ عیب شرکت مشتری رد بیع نہیں کر سکتا کہ عیب اسکی طرف سے
ہوا نہ بائع کی طرف سے بخلاف ہلاک احد العبدین قبل القبض فیخیر لعدم صنعہ بخلاف ہلاک احد العبدین کے قبل از قبض کہ اسمیں مشتری مختار ہے کیونکہ عیب مشتری کے فعل سے نہیں وان استحق
بعضہ ای الاناء اخذ المشتری الباقی بقسطہ او ردہ لتعیبہ بغیر صنعہ قلت ومفادہ تخصیص استحقاقہ بالبینۃ لا بالاقرار فلیحرر اور اگر بعض ظرف یعنی نصف یا ثلث برتن مستحق نکلا تو
مشتری باقی کو بقدر اسکے حصہ کے خرید کرے یا رد بیع کرے مختار ہے بسبب معیوب ہو جانے مبیع کے بلا فعل مشتری میں کہتا ہوں ومفاد تعلیل کو استحقاق کے مخصوص ہونے کا ہے
شہادت سے نہ اقرار سے تو اسکی تلاش و تنقیح کرنا چاہیے ہم جب علت خیار مشتری عدم صنعت مشتری ٹھہرا تو درصورت استحقاق اسوقت مشتری کو اختیار ہوگا جبکہ استحقاق مستحق کے
گواہوں سے یا بائع کے انکار قسم سے ثابت ہو نہ مشتری کے اقرار سے کیونکہ اسوقت ثبوت عیب مشتری کی جانب سے ہوگا تو اب بائع سے ثمن کو نہیں پھیر سکتا کیونکہ اقرار حجت قاصرہ ہے
فان اجاز المستحق قبل فسخ الحاکم العقد جاز العقد واختلفوا متی ینفسخ البیع اذا ظہر الاستحقاق وظاہر الروایۃ انہ لا ینفسخ ما لم یفسخ وہو الاصح فتح پھر اگر مستحق بیع کا اجازت دے
قبل اس بات کے کہ حاکم عقد کو فسخ کرے تو عقد جائز ہے فقہا میں اختلاف ہے کہ بیع کب فسخ ہو جاتی ہے جبکہ استحقاق ظاہر ہوا اور ظاہر الروایت یہ ہے کہ وہ فسخ نہیں ہوتی جب تک فسخ نہ کیجائے اور
یہی اصح ہے کذا فی الفتح وکان الثمن لہ یاخذہ البائع من المشتری ویسلمہ لہ اذا لم یفترقا بعد الاجازۃ ویصیر العاقد وکیلا للمجیز فتتعلق احکام العقد بہ دون
المجیز حتی یبطل العقد بمفارقۃ العاقد دون المستحق جوہرۃ اور ثمن مستحق کا ہوگا بائع ثمن لے مشتری سے اور مستحق کو سپرد کرے عقد مذکور اسوقت صحیح ہے جبکہ بائع اور مشتری متفرق

سلہ یعنے دونوں بھول گئے اپنی مچھلی حالانکہ بھولنے والا حضرت موسے علیہ السلام کا ساتھی تھا ۱۲ سلہ نکلتا ہے ان دونوں سے موتی اور مونگا حالانکہ صرف ایک پانی سے نکلتا ہے ۱۲

عہ مزرکش زرکش سے بنا یا ہے ۱۲

ہو گئے جن بعد اجازت مستحق کے اور اس صورت میں عاقد یعنی بائع وکیل ہو جائیگا اجازت دینے والے کا تو عقد کے احکام عاقد سے متعلق ہونگے نہ مجیز سے تا اینکہ
عقد باطل ہوگا عاقد کی مفارقت سے نہ مستحق کی جدائی سے کذا فی الجوہرہ ولو باع قطعۃ نقرۃ فاستحق بعضہا اخذ المشتری الباقی بقسطہ بلا خیار لان التبعیض
لا یضرہ یا اور اگر چاندی کا ڈلا بیچا اور اسمیں سے کچھ مستحق غیر نکلا تو مشتری باقی کو بقدر اسکے حصہ کے لے بلا اختیار رد بیع اسواسطے کہ کاٹنے والے کو ضرر نہیں کرتا ہم مشتری کو اسواسطے اختیار
ہو اگر البتہ حصہ بائع کاٹ لینا ممکن ہے بلا ضرر بخلاف ظرف کے کہ اسمیں قطع کرنا مضر ہے لہذا استحقاق ظرف میں مشتری مختار ہو وہذا لو کان الاستحقاق بعد قبضہما وان قبل
قبضہما الخیار لتفرق الصفقۃ وکذا الدینار والدراہم جوہرہ اور یہی یعنی عدم خیار مشتری ثابت ہے اگر استحقاق ظاہر ہو بعد قبضہ کرنے چاندی کی ڈلی کے اور اگر قبل قبض ہو تو مشتری
کو اختیار ہے بسبب متفرق ہونے عقد کے اور یہی حکم ہے دینار و درم کا کذا فی الجوہرہ ہم یعنی اگر دینار یا درم خرید کرے اور بعض دینار یا درم مستحق غیر نکلے تو مشتری باقی کو اسکے حصے کے
موافق لے بلا اختیار اسواسطے کہ دینار و درم کی شرکت عیب میں داخل نہیں کیونکہ استیفاء کل حق عوض لیکر ممکن ہے کذا فی الطحطاوی وصح بیع درہمین ودینار بدرہم ودینارین
بصرف الجنس بخلاف جنسہ اور صحیح ہے بیع دو درم اور ایک دینار کی ایک درم اور دو دینار سے جنس کو غیر جنس کیطرف پھیر کر یعنی درم بمقابلہ دینار اور دینار بمقابلہ درم واقع ہوکر صحیح
قسمت کرنا اُسکے قبضہ کرنے سے پہلے جائز نہین کذا فی الظہیریہ ہم دین مشترک کے ضمانت کی یہ صورت ہی کہ حامد اور محمود کا دین زید پر ثابت ہی سو حامد نے زید سے تقاضا کیا محمود و اُسکے حصہ کا ضامن ہوا تو یہ ضامنی صحیح نہین اگرچہ دین صحیح ہی کیونکہ اُسمین قسمت دین قبل قبض لازم آتی ہی وصحیح تعیین الا فی مسئلۃ النفقۃ المقررۃ

فتصح مع انہا تسقط بموت وطلاق اشباہ وکانہم اخذوا فیہا بالاستحسان للحاجۃ لا بالقیاس سوائے دین صحیح کے ضمانت صحیح نہین مگر نفقہ مقررہ کے مسئلے مین تو ضامنی صحیح ہی باوجودیکہ نفقہ موت اور طلاق سے ساقط ہوجاتا ہی کذا فی الاشباہ اور گویا کہ فقہا نے مسئلہ نفقہ مین استحسان پر عمل کیا ہی حاجت کے سبب سے نہ قیاس پر یعنی اگرچہ نفقہ دین صحیح نہین مگر ضامنی اسکی صحیح ہی تو یہ صحت استحسانی ہوگی نہ قیاسی والا فی بدل السعایۃ عندہ بزازیۃ وکانہ الحق ببدل الکتابۃ والا فہو لا یسقط لانہ لا یقبل التعجیز فیلغزا ای این صحیح والاصح الکفالۃ بہ وای دین ضعیف وتصح بہ دین صحیح مین ضمانت صحیح ہی مگر بدل سعایت مین اگرچہ وہ دین صحیح ہی اسکی ضامنی صحیح نہین امام کے نزدیک اور گویا کہ امام نے بدل سعایت کو بدل کتابت کے ساتھ ملحق کیا اور اگر بدل سعایت کو بدل کتابت سے ملحق نہ کیجیے بلکہ اسکو دین غیر صحیح قرار دیجیے تو صحیح نہین کہ وہ ساقط نہین ہوتا اسواسطے کہ وہ تعجیز کو قبول نہین کرتا تو بطریق چیستان اور پہیلی کے پوچھتے ہین کہ کون صحیح دین ہی جسکی ضامنی صحیح نہین تو جواب اسکا یہ ہی کہ بدل سعایت ہی اور کون دین ضعیف ہی جسکی ضمانت صحیح ہی تو جواب یہ ہی کہ نفقہ ہم دین مشترک اور بدل سعایت کا استثنا بنظر عدم صحت ضمانت کے ہی اور نفقہ کا استثنا بنظر صحت کے ہی والدین الصحیح ہو ما لا یسقط الا بالاداء او الابراء ولو حکما بفعل یلزمہ سقوط الدین فیسقط دین المہر بمطاوعتہا لابن الزوج للابراء الحکمی ابن الکمال اور دین صحیح وہ ہی جو ساقط نہ ہو کسی طرح بدون ادا یا ابراء کے اگرچہ ابرا حکمی ہو اُس فعل سے جسکو سقوط دین لازم ہی تو ساقط ہوگا عورت کا دین مہر ابن زوج کی مطاوعت سے یعنی اگر زوجہ اپنے زوج کے فرزند کی وطی سے راضی ہو تو مہر اسکا ساقط ہو جائیگا بسبب ابراء حکمی کے کذا صرح ابن کمال فلا تصح ببدل الکتابۃ لانہ یسقط بدونہما بالتعجیز ولو کفل وادی رجع بما ادی لجبرہ یعنی لو کفل بامرہ وسیجیٔ قید آخر تو ضامنی صحیح نہین بدل کتابت کی کیونکہ بدل کتابت بدون ادا یا ابرا تعجیز مکاتب سے ساقط ہوجاتا ہی اور اگر کوئی شخص مکاتب کا ضامن ہوا اور اُسنے بدل کتابت ادا کیا تو مکاتب سے پھیر لے جتنا اُسنے دیا یعنی اگر وہ ضامن ہوا ہو مکاتب کے امر سے اور آگے دوسری قید آویگی ہم قید آیندہ یہ ہی کہ ضامن ادا کرے اس گمان سے کہ مجھپر ادا کرنا لازم ہی ضمانت کے سبب سے بکفالت متعلق بتصح عنہ بالف

مثال المعلوم ضامنی صحیح ہی اس لفظ سے کہ مین اُسکا ضامن ہوا ہزار درم کا یہ مثال ہی دین معین کی ضمانت کی شارح نے کہا بکفالت کا لفظ تصح کے لفظ سے متعلق ہی ومثل المجہول باربعۃ امثلۃ بما لک علیہ وبما یدرکک فی ہذا البیع وہذا یسمی ضمان الدرک اور مصنف نے دین مجہول کی چار مثالین مذکور کین پہلی مثال یہ ہی کہ مین ضامن ہوا تیرے مال کا جو تیرا اُسپر ہی دوسری مثال یہ ہی مین ضامن ہوا اُس مال کا جو تجکو دینا ہے اس بیع مین اور اسکو ضمان الدرک کہتے ہین ہم درک بفتحتین وسکون ثانی عبارت ہی ثمن پھیر لینے سے جب مبیع مین استحقاق ثابت ہو کذا فی الطحطاوی اور ضمان درک کو ضمان استحقاق بھی کہتے ہین یعنی ثمن پھیر دینے کی مشتری سے ضمانت کرے اگر مبیع کا کوئی شخص مستحق نکلے کذا فی شرح الوقایہ طحطاوی مین سراج سے منقول ہی کہ جب مبیع مستحق غیر ہو تو مشتری کو چاہیے کہ اول بائع سے خصومت کرے پھر جب استحقاق ثابت ہو تو مشتری کو اختیار ہی چاہے بائع سے ثمن پھیر لے چاہے ضامن سے اور ظاہر الروایۃ مین ضامن سے پہلے خصومت کرنا مشتری کو جائز نہین وبما بایعت فلانا فعلی وکذا قول الرجل لامرأۃ الغیر کفلت لک بالنفقۃ ابدا ما دامت الزوجیۃ خانیہ تیسری مثال دین مجہول کی ضمانت کی یہ ہی کہ جو تونے بیچا فلانے شخص سے سو مجھپر ہی اور اسی طرح مرد کا کہنا غیر کی عورت سے کہ مین تیرے نفقہ کا ضامن ہوا ہمیشہ جبتک کہ زوجیت قائم رہے کذا فی الخانیہ وما غصبک فلان فعلی ما ہنا شرطیۃ ای ان بایعتہ فعلی لا ما اشتریتہ لما سیجیٔ ان الکفالۃ بالمبیع لا تجوز اور جو غصب کر لیا تجھسے فلانے شخص نے وہ مجھپر ہی لفظ ما کا مثال ثالث اور رابع مین شرطیہ ہی یعنی اگر تو بیچیگا فلانے سے تو وہ مجھپر ہی نہ وہ چیز جو تو خرید کرے اُس سے اسواسطے کہ آگے آویگا کہ مبیع کی ضامنی صحیح نہین ہم جو لفظ کہ لزوم پر دلالت کرے وہ ضمانت کے مانند ہی چنانچہ یون کہنا کہ جو اسپر ہی وہ مجھپر ہی یا مجھپر یہ ہی کہ مین ادا کرون جو اُسپر ہی یا مین نے لازم کر لیا جو تیرا اُسپر ہی ہی تاتارخانیہ سے معلوم ہوتا ہی کہ فقہا کے نزدیک ایک قسم ضمانت کی ضمان تقاضا بھی ہی چنانچہ ایک نے دوسرے سے اپنا دین طلب کیا سو ایک مرد نے طالب

سے کہا کہ مین تیرے دین کا ضامن ہون کہ اُس سے لیکر دے دونگا تو یہ مال ضامنی نہین بلکہ ضمان تقاضا ہی کذا فی الطحطاوی وشرط فی الکل القبول ای ولو دلالۃ بان
بایعہ او غصب منہ للحال نہر اور ضمانت کی سب صورتون مین قبول کرنا شرط ہی یعنی اگرچہ قبول باعتبار دلالت حال کے ہو اسطرح پر کہ اُسسے بیع کی ہو یا اُس سے غصب کیا ہو کذا
فی النہر ہم یہ قبول غیر صریح بحث ہی صاحب نہر کی یعنی زید نے خالد سے کہا کہ جو تو محمود سے خرید کریگا یا جو تجھسے محمود غصب کریگا اُسکا مین ضامن ہون پھر فی الفور بیع
یا غصب واقع ہو تو ضامنی صحیح ہی اگرچہ قبول ضمانت صریح نہین ولو باع ثانیا لم یلزم الکفیل الا فی کلما وقیل یلزم الا فی اذا وعلیہ القہستانی والشرنبلالی فلیحفظ اور
اگر دوسری بار بیع کریگا تو ضامن پر ضمانت لازم نہوگی مگر کلما کے لفظ مین لازم ہوگی اور قول ضعیف یہ ہی کہ لازم ہوگی مگر اذا کے لفظ مین لازم نہین اور اسی قول پر
قہستانی اور شرنبلالی ہین تو اسکو یاد رکھنا چاہیئے ہم عینی نے مجرد سے نقل کیا کہ امام اعظم نے کہا کہ اگر ضامن نے کہا کہ ما بایعت فلانا فعلی پھر اُسنے چند بار بیع کی تو اُسپر ضمانت
لازم نہین مگر اول بار کی انتہی اور قول ضعیف عین لفظ ما کلما کا مفید ہی عموما کذا فی الطحطاوی ولو رجع عنہ الکفیل قبل المبایعۃ صح بخلاف الکفالۃ بالذوب اور اگر ضامن
ضامنی سے رجوع کریگا قبل خرید فروخت کے تو رجوع صحیح ہی بخلاف ضمانت بلفظ ذوب ہم یعنی اگر ضامنی اسطرح کی کہ ما بایعت فلانا فعلی پھر قبل بیع اُسنے ضمانت سے
انکار کیا تو صحیح ہی اور اگر یون کہا کہ اذا ب لک نا یہ فعلی یعنی جو تیرا دین اُسپر واجب اور ثابت ہو وہ مجپر ہی تو رجوع ضمانت سے صحیح نہین کیونکہ یہ ضمانت ہی دین متاخر
الظہور کی وبخلاف ما غصبک الناس او من غصبک من الناس او بایعک او قتلک او من غصبہ او قتلہ فانا کفیل فانہ باطل اور برخلاف اس قول کے کہ جو تجھسے غصب
کرین لوگ یا جو شخص لوگون مین سے تیرا مال غصب کرے یا جو شخص تیرے ہاتھ بیچے یا جو شخص تجکو قتل کرے یا جسکا تو غصب کرے یا تو قتل کرے تو مین اُسکا ضامن ہون
تو یہ ضامنی باطل ہی ہم اسواسطے باطل ہی کہ امثلہ مذکورہ مین یا مکفول عنہ کی جہالت سے یا مکفول لہ کی کقولہ ما غصبک اہل ہذہ الدار فانا ضامن فانہ باطل حتی یسمی
انسانا بعینہ چنانچہ یون کہنا کہ جو تجھسے غصب کرین اس گھر کے لوگ تو مین ضامن ہون سو یہ ضامنی باطل ہی جبتک ایک انسان معین کا نام نہ لے ہم بخلاف اس قول کے
کہ جماعت حاضرین سے کہنا کہ جو تم لوگ اُس شخص سے بیع کروگے تو مین ضامن ہون تو یہ ضامنی درست ہی پھر جو شخص اُس سے بیع کریگا تو ضامن پر ضمانت لازم ہوگی کذا
فی النہر او علقت بشرط صحیح ملائم ای موافق للکفالۃ باحد امور ثلثۃ یا ضامنی کی تعلیق ہو بشرط صحیح ملائم یعنی وہ شرط جو موافق اور مناسب ہو ضامنی کے واسطے امور ثلثہ
سے ہم او علقت عطف ہی کان پر یعنی کفالۃ المال تصح اذا کان المال دینا صحیحا او علقت بشرط بکونہ شرطا لزوم الحق نحو قولہ ان استحق المبیع او جحدک المودع او غصبک
کذا او قتلک او قتل ابنک او صیدک فعلی الدیۃ وعنی بہ المکفول جاز بخلاف ان اکلک سبع ہونا شرط کا مناسب ضمانت اسطرح پر کہ وہ لازم ہونے حق کی اصیل پر
شرط ہو یعنی وہ شرط وجوب حق کا سبب ہو چنانچہ یون کہنا ضامن کا کہ اگر بیع مستحق غیر نکلے یا امانت دار تیری امانت کا انکار کرے یا کوئی چیز تجھ سے غصب کرے
یا تجکو یا تیرے فرزند کو یا تیرے شکار کو قتل کرے تو مجپر دیت ہی اور مکفول یعنی مکفول لہ اُس سے راضی ہو تو جائز ہی بخلاف اس شرط کے کہ اگر تجکو درندہ کھا جاوے
تو مین ضامن ہون ہم بعضے نسخے مین بجاے صیدک صیدلک ہی اور دیت سے مراد وہ ہی جو قیمت کو بھی شامل ہی اور قتل مخاطب قتل خطا مراد ہی اسواسطے کہ
قتل عمد مین حنفیہ کے نزدیک قصاص ہی نہ خون بہا اکل سبع کی شرط اسواسطے صحیح نہین کہ درندہ مکفول عنہ ہونے کی صلاحیت نہین رکھتا اور اسواسطے
کہ اُسکا فعل ہدر ہی او شرط الامکان الاستیفاء نحو ان قدم زید فعلی ما علیہ من الدین وہو معنی قولہ وہو ای والحال ان زید مکفول عنہ او مضاربہ او
مودعہ او غاصبہ جازت الکفالۃ المتعلقۃ بقدومہ لتوسلہ للاداء یا شرط ہی امکان استیفا کی یعنی ضامن کو اصیل سے حاصل کرنا ممکن ہو چنانچہ اگر زید آوے
تو مجپر ہی وہ دین جو اُسپر ہی اور یہی مطلب ہی مصنف کے اس قول کا اور حالانکہ وہ یعنی زید مکفول عنہ ہی یا ضامن کا مضارب یا امانت دار یا اُسکا غاصب
ہی تو وہ ضامنی جو اُسکے آنے سے متعلق ہی جائز ہی بسبب قادر ہونے ضامن کے ادا دین پر او شرط لتعذرہ ای الاستیفاء نحو ان غاب زید عن المصر
فعلی وامثلتہ کثیرۃ فہذہ جملۃ الشروط التی یجوز تعلیق الکفالۃ بہا یا شرط ہو اُسکے تعذر کی یعنی استیفاء دین کے تعذر کی چنانچہ یون کہنا کہ اگر زید شہر
سے غائب ہو تو اُسکا دین مجپر ہی اور تعذر کی مثالین بہت ہین سو یہ بالکل وہ شرطین ہین جن پر معلق کرنا ضمانت کا جائز ہی ہم منجملہ امثلہ کثیرہ مذکورہ کے

یہ مثالیں ہیں کہ اگر تیرا مال جو فلانے پر ہے تلف ہو یا وہ مر جائے یا تیرے دین کا وعدہ آوے اور وہ نہ دے یا تیرا دین چھ مہینے تک نہ دے تو میں ضامن
ہوں ولا تصح ان علقت بغیر ملائم نحو ان ہبت الریح او جاء المطر لانہ تعلیق بالخطر فتبطل ولا یلزم المال درر وما فی الہدایۃ سہو کما حررہ ابن الکمال اور ضامنی صحیح
نہیں اگر اسکی تعلیق ہو شرط غیر موافق سے چنانچہ اگر ہوا چلے یا مینہ آوے تو مجھپر ہے کیونکہ یہ تعلیق خطر پر ہے یعنی وجود اسکا بالیقین معلوم نہیں تو ایسی شرط باطل
ہوگی اور مال لازم نہو گا ضامن پر اور جو ہدایہ میں ہے وہ سہو ہے چنانچہ اسکو ابن کمال نے تحریر کیا ہے م خلاصہ ہدایہ یوں ہے کہ تعلیق بہبوب ریح و مجی مطر اگرچہ صحیح نہیں مگر
ضمانت صحیح ہے کیونکہ جب کفالت کی تعلیق شرط پر صحیح ہوئی تو شروط فاسدہ سے باطل نہو گی مانند طلاق اور عتاق کے فتح القدیر میں کہا خلاصہ یہ ہے کہ شرط غیر ملائم
کے ساتھ کفالت اصلا صحیح نہیں ہوتی اور اجل غیر ملائم کے ساتھ فی الحال صحیح ہوتی ہے اور مدت باطل ہو جاتی ہے اور اس مقام میں بہت گفتگو ہے اسکا کچھ ثمرہ نہیں
سوائے اس خلاصہ کے کذا فی الطحطاوی نعم لو جعلہ اجلا صحت ولزم المال للحال فلیحفظ ہاں اگر شرط غیر ملائم کو ضامن مدت ضمان قرار دے تو ضمانت صحیح ہوگی
اور مال فی الحال لازم ہوگا تو اسکو یاد رکھنا چاہیے م مدت قرار دینا اسطرح کہ ضامن کہے کہ میں ضامن ہوں تا ہبوب ریح و مجی مطر ولا تصح ایضا بجہالۃ المکفول
عنہ فی تعلیق واضافۃ لا تخییر ککفلتک بمالک علی فلان او فلان فتصح وتعیین للمکفول لہ لانہ صاحب الحق اور صحیح نہیں ضامنی مکفول عنہ کی جہالت سے بھی تعلیق اور اضافت
میں نہ تخییر میں چنانچہ میں ضامن ہوں تیرے اس مال کا جو فلانے پر ہے یا فلانے پر تو تخییر میں یہ ضمانت صحیح ہے اور ایک کا معین کر لینا مکفول لہ کے اختیار میں ہے کیونکہ
وہ صاحب حق ہے م تعلیق کی مثال یہ ہے کہ اگر تجھسے کوئی انسان کوئی چیز غصب کرے تو میں ضامن ہوں اور اضافت کی مثال یہ ہے کہ جو لوگوں پر تیرا دین ثابت ہو
اسکا میں ضامن ہوں کذا فی الحلبی طحطاوی نے کہا کہ اس مثال کو اضافت کی مثال ٹھہرانا بلا وجہ ہے اور حلبی نے تعلیق کی مثال دی ہے اسکو عمادیہ میں اضافت کی مثال میں
ذکر کیا ہے اور حالانکہ یہ بھی اضافت نہیں تو شاید اضافت سے زمان مستقبل کی اضافت مراد ہے واللہ تعالی اعلم ولا بجہالۃ المکفول لہ وبہ مطلقا اور صحیح نہیں ضامنی مکفول لہ
اور مکفول بہ کی جہالت سے ہر طرح خواہ تعلیق ہو یا اضافت م مکفول بہ سے مراد یہاں نفس ہے نہ مال اسواسطے کہ سابق مذکور ہو چکا کہ جہالت مال مانع ضمانت نہیں نعم لو قال کفلت
رجلا اعرفہ بوجہہ لا باسمہ جاز وای رجل اتی بہ وحلف انہ ہو بری بزازیہ ہاں اگر ضامن کہے کہ میں ضامن ہوا ہوں اس مرد کا جسکا منھ پہچانتا ہوں نہ نام اسکا تو ضامنی
جائز ہے اور جس مرد کو لادیگا اور قسم کھا دیگا کہ یہی شخص مکفول بہ ہے تو وہ بری الذمہ ہوگا ضمانت سے کذا فی البزازیہ فی السراجیہ قال لضیفہ وہو یخاف علی دابتہ
من الذئب ان اکل الذئب حمارک فانا ضامن فاکلہ الذئب لم یضمن اور سراجیہ میں ہے کہ صاحب خانہ نے اپنے مہمان سے کہا اور حالانکہ مہمان اپنے جانور
پر بھیڑیے سے ڈرتا ہے کہ اگر بھیڑیا تیرا گدھا کھا جائے تو میں ضامن ہوں سو اسکو بھیڑیا کھا گیا تو وہ ضامن نہیں م علت عدم ضمان اکل ذئب اکل سبع
میں مذکور ہو چکی بخلاف ما ذاب ای ما ثبت لک علی الناس او علی احد منہم فعلی مثال للاول ونحوہ ما بایعت بہ احدا من الناس معین المفتی چنانچہ جو ثابت ہو تیرا
دین لوگوں پر یا کسی شخص پر سو مجھپر ہے یہ مثال ہے اول کی یعنی مکفول عنہ کی جہالت کی مانند اسکے یہ ہے کہ جو تو بیع کرے کسی سے لوگوں میں سے وہ مجھپر ہے کذا فی
معین المفتی او ما ذاب علیک للناس او لاحد منہم علیک فعلی مثال للثانی یا جو ثابت ہے لوگوں کا تجھپر یا کسی کا لوگوں میں سے تجھپر سو مجھپر ہے یہ ثانی کی مثال ہے یعنی مکفول لہ
کی جہالت کی ولا تصح بنفس حد وقصاص لان النیابۃ لا تجری فی العقوبات اور صحیح نہیں ضمانت نفس حد اور قصاص کی اسواسطے کہ نیابت جاری نہیں ہوتی
عقوبات میں ولا بحمل دابۃ معینۃ مستاجرۃ لہ وخدمۃ عبد معین مستاجر لہا ای للخدمۃ لانہ یلزم تغییر المعقود علیہ اور نہ ضمانت صحیح ہے معین جانور کی باربرداری
کی جسکو کرایہ لیا باربرداری کے واسطے اور نہ ضمانت خدمتگذاری غلام معین کی جسکو کرایہ لیا خدمت کے واسطے کہ ضمانت میں معقود علیہ کا تغیر لازم
آتا ہے م تغیر معقود علیہ اسواسطے لازم آتا ہے کہ جب جانور معین ہوا تو ضامن اسکی تسلیم سے عاجز ہے کیونکہ اسکو قدرت نہیں غیر کے جانور پر اور اگر ضامن اپنا جانور
تسلیم کرے تو مستحق اجرت نہو گا اسواسطے کہ وہ جانور لایا جسپر عقد اجارہ منعقد نہیں ہوا کذا فی الطحطاوی عن البحر بخلاف غیر معین لوجوب مطلق الفعل لا
التسلیم بخلاف غیر معین جانور کے اجارہ کے کہ اسمیں ضمانت صحیح ہے بسبب واجب ہونے مطلق فعل کے نہ تسلیم کے م یعنی غیر معین جانور میں مطلق باربرداری واجب ہے

لکن نقل المصنف عن الطرسوسی ان الفتوی علی قولہما واختارہ الشیخ قاسم ہذا حکم الانشاء اور ابو یوسف نے جائز رکھا ہے ضامنی کو بدون قبول کرنے طالب کے اور اسی کا فتوی
ہے کذا فی الدرر والبزازیہ اور ثابت رکھا ہے اسکو بحر الرائق مین اور یہی قول ہے تینون اماموں کا لیکن مصنف نے اپنی شرح مین طرسوسی سے نقل کیا ہے کہ فتوی امام اور محمد
کے قول پر ہے اور شیخ قاسم نے اس قول کو پسند کیا ہے یعنی عدم صحت ضمانت بلا قبول طالب انشاء ضمانت کا حکم ہے ولو اخبر عنہا بان قال انا کفیل بمال فلان علی
فلان حال غیبتہ الطالب او کفل وارث المریض الملی عنہ بامرہ بان یقول المریض لوارثہ اکفل عنی بما علی من الدین فکفل بہ مع غیبتہ الغرماء صح فی الصورتین بلا
قبول الطالب استحسانا لانہا وصیۃ فلو قال لاجنبی لم یصح وقیل یصح شرح المجمع اور اگر ضامن خبر دے ضمانت سے اسطرح پر کہ کہے کہ مین فلانے کے مال کا ضامن
ہوں جو فلانے پر ہے یہ خبر دی طالب کے غائب ہونے کے وقت یا ضمانت کی مریض مالدار کے وارث نے مریض کی طرف سے اسکے امر سے اسطرح پر کہ مریض کہے
اپنے وارث سے کہ تو میری طرف سے ضامن ہو اس مال کا جو مجھ پر دین ہے سو وہ ضامن ہوا باوجود غائب ہونے ارباب دیون کے تو ضمانت صحیح ہے دونوں
صورتوں مین بلا قبول طالب کے باتفاق طرفین اور نزدیک ابو یوسف کے بطریق استحسان کے کیونکہ ضمانت مریض مذکور کی وصیت ہے تو اگر مریض مذکور ضمانت
کے واسطے کہے تو ضمانت صحیح نہوگی اور بعضوں نے کہا کہ صحیح ہے کذا فی شرح المجمع م کفالت وارث اسواسطے جائز ہوئی کہ مریض قائم مقام ہے طالب کا اس
ضرورت سے کہ مریض فارغ الذمہ ہو جائے اور اسمین طالب کا فائدہ ہے تو گویا وہ بذات خود حاضر ہے شارح نے تعلیل مسئلہ اولی مذکور نہ کی بسبب اسکے ظاہر ہونے کے
اسواسطے کہ اخبار عن العقد اخبار ہے اسکے دونوں رکن سے یعنے ایجاب و قبول سے وفی الفتح الصحۃ اوجہ وحقق انہا کفالۃ لکن یرد علیہ توقفہا علی المال اور فتح القدیر مین ہے کہ ضمانت
اجنبی کا صحیح ہونا زیادہ ترجیح ہے اور ثابت کیا ہے کہ وہ یعنی ضمانت وارث کفالت ہے نہ وصیت لیکن اسپر اعتراض وارد ہوتا ہے موقوف ہونے کفالت کا مال پر اگر کفالت ہوتی تو
مطلقا جائز ہوتی مال پر موقوف نہوتی ولو لہ مال علی غائب ہل یؤمر الغریم بانتظارہ او یطالب الکفیل لم ارہ وینبغی علی انہ وصیۃ ان ینتظر لا علی انہا کفالۃ اور اگر مریض کا مال غائب پر ہو
تو کیا صاحب دین کو اسکے انتظار کا امر کیا جائیگا یا وہ ضامن سے مطالبہ کرے مینے اسکو کسی کتاب مین نہین دیکھا اور اسکے وصیت ہونے پر لائق یہ ہے کہ شخص غائب کا انتظار
کیا جائے نہ اسکی کفالت ہونے پر م یہ بحث ہے صاحب نہر کی اور صاحب بحر الرائق نے بیان کیا ہے کہ مریض مذکور کی ضمانت ہر طرح ضمانت نہین ہے اسواسطے کہ وہ صحیح نہین بدون
مال مریض کے تو اگر مطلقا کفالت ہوتی تو مطلقا صحیح ہوتی اور وصیت نہین ہے ہر طرح اسواسطے کہ اگر وصیت ہوتی مطلقا تو شخص صحیح سالم کا امر بھی صحیح ہوتا حالانکہ ایسا نہین
وقیدنا بامرہ لان تبرع الوارث بضمانہ فی غیبتہم لا یصح وروی الحسن الصحۃ اور قید لگائی ہے ضمانت مریض مین اسکے امر کی اسواسطے کہ تبرع وارث کا اسکی ضمانت مین اصحاب
دیون کی غیبت مین صحیح نہین اور یہی قول معتمد ہے کذا فی الطحطاوی اور حسن نے صحت کی روایت کی ہے بدون امر کے بھی ولو ضمنہ بعد موتہ صح سراج ولعلہ قول الثانی لما مر اور
اگر وارث ضامن ہوا میت کا اسکی موت کے بعد تو صحیح ہے کذا فی السراج اور شاید کہ یہ ابو یوسف کا قول ہے چنانچہ مذکور ہو چکا کذا فی النہر م مذکور یہ ہو چکا کہ ابو یوسف کے
نزدیک قبول کرنا شرط نہین وفی البزازیۃ اختلفا فی الاخبار والانشاء فالقول للمخبر اور بزازیہ مین ہے کہ دونوں نے اختلاف کیا کفالت کے اخبار اور انشا ہونے
مین تو مخبر کا قول معتمد ہے یعنی مدعی اخبار کا اور وہ طالب ہے اسواسطے کہ اصل صحت ہے اور صحت عقد نے بیان کلام کو اخبار قرار دیا کذا فی الطحطاوی ولا تصح بدین
ساقط ولو من وارث عن میت مفلس الا اذا کان بہ کفیل او رہن معراج او ظہر لہ مال فتصح بقدرہ ابن ملک اور صحیح نہین ضمانت اس دین کی جو ساقط ہے
میت مفلس سے اگرچہ ضمانت میت کے وارث کی ہو مگر اسوقت دین ساقط نہین جبکہ دین میت کا کوئی کفیل ہو گیا ہو اسکی زندگی مین رہن ہو کذا فی المعراج
یا اسکا مال ظاہر ہو گیا ہو تو ضمانت صحیح ہوگی بقدر مال مذکور کے کذا ذکرہ ابن ملک م سقوط دین میت مفلس دنیا کے احکام مین ہے بسبب ضرورت کے تو بقدر
ضرورت اسکی تقدیر ہوگی تو جو کفالت اسکی حیات مین ہوئی یا اسنے کچھ رہن رکھدیا تو اب دین اسکا ساقط نہوگا بسبب عدم ضرورت کے قنیہ مین ہے کہ
ایک شخص نے کفالت کی میت مفلس کی پھر میت کا مال ظاہر ہوا تو اسقدر مال کی ضمانت صحیح ہوگی و لحقہ دین بعد موتہ فتصح الکفالۃ بہ بان حفر بیرا علی الطریق
فتلف بہ شی بعد موتہ لزمہ ضمان المال فی مالہ وضمان النفس علی عاقلتہ لثبوت الدین مستندا الی وقت السبب وہو الحفر الثابت حال قیام الذمۃ بحر ایا

میت کو دین لاحق ہوا اسکی موت کے بعد تو اسکی کفالت صحیح ہے اسطرح پر کہ میت نے کنوان کھودا تھا راہ مین یعنی غیر ملک مین پھر اُس سے کوئی چیز تلف ہوگئی بعد اسکی موت کے
تو لازم آویگا ضمان مال کا اُسکے مال مین اور ضمان نفس اُسکے اہل محلہ اور برادری پر بسبب ثابت ہونے دین کے سبب کے وقت سے مستند ہوکر اور سبب کنوان
کھودنا ہی جو ثابت ہے قیام ذمہ کی حالت مین کذا فی البحر وہذا عندہ وصححاہا مطلقا وبہ قالت الثلثۃ اور یہ یعنی عدم صحت ضمانت دین میت مفلس امام کے نزدیک ہے اور صاحبین
نے ضمانت کو صحیح کہا ہے مطلقا خواہ اُسکا مال ظاہر ہو یا نہو اور یہی قول ہے ائمہ ثلثہ کا ولو تبرع بہ احد صح اجماعا اور اگر کسی شخص نے بطریق تبرع ضمانت کی تو صحیح ہے
بالاجماع اسواسطے کہ تبرع کا اعتماد قیام دین پر نہین کذا فی الطحطاوی و لا تصح کفالۃ الوکیل بالثمن للموکل فیما وکل ببیعہ لان حق القبض لہ بالاصالۃ فیصیر ضامنا لنفسہ
اور صحیح نہین ضامنی وکیل کی ثمن مین واسطے موکل کے اُس چیز مین جسکے بیچنے کے واسطے اُسکو وکیل کیا اسواسطے کہ قبض ثمن کا حق وکیل کے واسطے ہے بالاصالۃ
تو وکیل اپنی ذات کے واسطے ضامن ٹھہریگا اور حالانکہ یہ صحیح نہین ہم وکیل کی قید اسواسطے لگائی کہ ضمانت رسول صحیح ہے اور توکیل بالبیع کی قید اسواسطے لگائی تا وہ
صورت نکل جائے جبکہ موکل دوسرے شخص کو وکیل کرے قبض ثمن کا وکیل سے تو اب ضمانت وکیل کی صحیح ہے اور ثمن کی قید اسواسطے لگائی کہ نکاح کے وکیل کو مہر کا
ضامن ہونا صحیح ہے کذا فی النہر ومفادہ ان الوصی والناظر لا یصح ضمانہما الثمن عن المشتری فیما باعاہ لان القبض لہما ولذا لو ابراٗہ عن الثمن صح وضمنا اور تعلیل مذکور
کا مفاد یہ ہے کہ وصی اور ناظر وقف کا ضامن ہونا مشتری کی طرف سے اُس چیز مین جسکو دونون نے بیچا ہے صحیح نہین اسواسطے کہ قبض ثمن کا حق انھین دونون
کے واسطے ہے لہذا اگر دونون مشتری کو بری الذمہ کردین ثمن سے تو صحیح ہے اور دونون پر ضمان لازم ہوگا ہم یہ استنباط ہے صاحب نہر اور بحر کا فقہا کے کلام سے
ولا تصح کفالۃ المضارب لرب المال بہ ای بالثمن لما مر ولان الثمن امانۃ عندہما فالضمان تغییر لحکم الشرع اور صحیح نہین مضارب کو ضمانت ثمن کی صاحب مال
کے واسطے اُس دلیل سے جو وکیل کی ضمانت مین مذکور ہوچکی اور اسواسطے وکیل اور مضارب کی ضمانت صحیح نہین کہ ثمن امانت ہے وکیل اور مضارب کے پاس تو ضامن
ہونا اُنکا حکم شرع کا بدلنا ہے کیونکہ امین پر ضمان نہین ہم طحطاوی نے کہا کہ امین ہونا دونون کا بدون قبض ظاہر نہین اور عدم صحت کفالت کا حکم عام ہے قبض
اور عدم قبض سے ولا تصح لشریکین بدین مشترک مطلقا ولو بارث لانہ لو صح الضمان مع الشرکۃ یصیر ضامنا لنفسہ ولو صح فی حصۃ صاحبہ یؤدی الی قسمۃ الدین قبل
قبضہ وذا لا یجوز اور صحیح نہین ایک شریک کو دوسرے شریک کے واسطے ضامن ہونا دین مشترک مین کسی طرح کا اشتراک ہو اگرچہ بطریق ارث کے اشتراک ہو اسواسطے کہ
اگر ضمانت شرکت کے ساتھ صحیح ہو تو شریک اپنی ذات کا ضامن ہو یعنی اسواسطے کہ جو قلیل یا کثیر مشتری یا ضامن ثمن ادا کریگا تو شریک کا اسمین حصہ ضرور ہوگا اور اگر
اپنے شریک کے حصے مین ضمانت صحیح ہو تو قسمت دین قبل اُسکے مقبوض ہونے کے لازم آتی ہے اور یہ یعنی ضمان لنفسہ اور قسمت دین قبل قبض جائز نہین نعم لو تبرع
جاز کما لو کان منفقین ہان اگر شریک بطریق تبرع ضامن ہوگا تو جائز ہے جیسا کہ اُس صورت مین ضمانت شریک جائز ہے جب ہر ایک شریک کا عقد بیع جدا جدا ہو ہم
جدائی عقد امام کے نزدیک اسطرح ہے کہ لفظ بعت مکرر ہو اور صاحبین کے نزدیک اسطرح کہ ثمن جدا جدا مذکور ہو تو اب ایک شریک کو دوسرے شریک کے حصے کا ضامن
ہونا صحیح ہے کیونکہ ہر ایک کا حصہ جدا جدا ہوگیا تو شرکت باقی نرہی ولا تصح الکفالۃ بالعہدۃ لاشتباہ المراد بہا اور عہدہ کی ضمانت صحیح نہین کیونکہ عہدہ کی مراد مین
اشتباہ ہے ہم ضمانت عہدہ اسطرح ہے کہ غلام کو خرید کرے اور ایک شخص مشتری سے عہدہ کا ضامن ہو اور مشتری اور ضامن اسپر سکوت کرین بیان نکرین کہ عہدہ سے
کیا چیز مراد ہے تو ضمانت صحیح نہین اسواسطے کہ عہدہ کا لفظ اس وثیقہ مین مستعمل ہے جو ملک بائع کا شاہد ہو اور وہ بائع کا مملوک ہے تو اگر اسکی تسلیم کا مشتری کے واسطے
ضامن ہوا تو اُسکا ضامن ہوا جسپر قادر نہین اور مشترک ہے عقد مین اور اُسکے حقوق اور درک اور خیار شرط مین اور چونکہ عمل اُسپر قبل بیان متعذر ہے بسبب جہالت کے
لہذا اسکی ضمانت صحیح نہین ہے باطل ہے کذا فی الطحطاوی ولا بالخلاص ای تخلیص مبیع یستحق لعجزہ عنہ اور نہ ضمانت خلاص کی یعنی اُس مبیع کے خلاص کرنے کی ضمانت صحیح نہین
جو مستحق غیر ہے بسبب عاجز ہونے ضامن کے اس سے نعم لو ضمن تخلیصہ ولو بشراء ان قدر علیہ او ردالثمن کان کالدرک عینی ہان اگر تخلیص مبیع کا ضامن ہو اگرچہ تخلیص
اسکے خرید کرنے کے سبب سے ہو اگر قدرت ہو خرید پر اور نہین تو ثمن مشتری کو پھیردے تو یہ ضمانت مثل ضمان درک کے صحیح ہوگی کذا فی العینی فائدہ یہ فائدہ ہے جسکو شارح نے زیادہ کیا

آٹھ صورت کو محتمل ہے چار صورتین باعتبار صلح اصیل کے اور چار باعتبار صلح کفیل کے فاذا شرط براءتہما او براءۃ الاصیل او سکت برءا تو جبکہ دونون کی برات شرط کی صلح مین یا
برات اصیل یا برات سے سکوت کیا تو دونون بری الذمہ ہوگئے و اذا شرط براءۃ الکفیل وحدہ کانت فسخا للکفالۃ لا اسقاطا لاصل الدین اور جبکہ صلح مین فقط کفیل کی برات شرط
کی تو یہ فسخ ہے ضمانت کا نہ اسقاط اصل دین کا ہم فسخ کفالت اسقدر دین مین ہے جسمین صلح واقع ہوئی شرنبلالی نے کل دین مین فیبرأ ہو وحدہ عن خمسمائۃ دون الاصیل
فیبقی علیہ الالف فیرجع علیہ الطالب بخمسمائۃ والکفیل بخمسمائۃ لو بامرہ تو فقط کفیل کی برات مین فقط کفیل ہی بری الذمہ ہوگا پانسو سے نہ اصیل تو اصیل پر ہزار باقی رہینگے تو طالب
اصیل سے پانسو بھر لے اور کفیل سے پانسو بھر لے اگر ضمانت اصیل کے امر سے ہوئی ہو ولو صالح علی جنس آخر رجع بالالف لو بامرہ اور کفیل نے صلح کرلی طالب سے کسی دوسری جنس پر
مثلا بعوض درم کے کپڑا دیا تو کفیل اصیل سے ہزار درم بھر لے چنانچہ مذکور ہو چکا ہم ہزار اسواسطے لیگا کہ وہ بہاد لہ سے دین کا مالک ہوگیا صالح الکفیل الطالب علی شیء لیبرئہ
من الکفالۃ لم یصح الصلح ولا یجب المال علی الکفیل خانیہ وہو باطلاقہ یعم الکفالۃ بالمال والنفس بحر مستیح کی فقہ اسمین طالب کسی چیز پر تا طالب اوکو ضمانت سے بری الذمہ کردے
تو صلح صحیح نہین اور کفیل پر مال صلح کا واجب نہین کذا فی الخانیہ اور وہ یعنی عدم صحت صلح بسبب اپنے اطلاق کے مالی ضمانی اور جانی ضمانی دونون کو شامل ہے کذا فی البحر کفالۃ النفس مین
عدم صحت صلح بالاتفاق ہے تو اگر ضامن طالب کو دس درم مثلا دے تا اسکو حاضر ضامنی سے بری الذمہ کردے تو اسکو عوض لینا باتفاق روایات مسلم نہین اور اسکی برات مین کفالت سے
دو روایتین ہین کذا فی البحر ونہر قال الطالب للکفیل برئت الی من المال الذی کفلت بہ رجع الکفیل بالمال علی المطلوب لو کانت الکفالۃ بامرہ لاقرارہ بالقبض کما طالب نے
ضامن سے کہ برئت الی یعنی تو بری الذمہ ہوا مجھہ تک اس مال سے جسکا تو ضامن ہوا تھا تو ضامن مطلوب سے مال بھر لے جبکہ ضمانت مطلوب کے امر سے ہوئی ہو بسبب اقرار کرنے طالب کے قبض مال کا
ضامن سے ہم اقرار قبض نکلتا ہے برئت الی کی ترکیب سے اسواسطے کہ فقط الی موضوع ہے انتہا غایت کے واسطے اور متکلم صاحب دین منتہی ہے اس ترکیب مین تو ضرور ہے کہ منتہی کے واسطے مبتدا بھی ہو
سو یہان ابتدا نہین مگر کفیل مخاطب سے تو طالب کے کلام سے برات مال سے ثابت ہوئی جسکی ابتدا کفیل سے ہے تو گویا طالب نے یون کہا کہ تو نے مجھکو مال دیا تو اب طالب ضامن اور اصیل
سے نہین لے سکتا تو ضامن اصیل سے مال مذکور لیگا واللہ اعلم و مفادہ براءۃ المطلوب للطالب لاقرارہ کالکفیل اور مفاد تعلیل برات مطلوب ہے طالب کی طرف سے بسبب اسکے
اقرار کے ضامن کے مانند یعنی طالب کا مطالبہ مطلوب سے متوجہ نہین ہوسکتا بسبب اقرار قبض کے کفیل سے کیونکہ ایک دین دو بار مقبوض نہین ہوتا و فی قولہ للکفیل برئت بلا الی او ابرأتک
لا رجوع کقولہ انت فی حل لانہ ابراء لا اقرار بالقبض اور طالب کے یون کہنے مین کفیل سے کہ برات ہے بدون لفظ الی یعنی تو بری ہوگیا یا مین نے تجھکو بری کردیا رجوع نہین
یعنی کفیل مطلوب سے مال نہین لے سکتا چنانچہ اس قول مین رجوع نہین کہ انت فی حل یعنی تو خلاصی اور کشادگی مین ہے کیونکہ یہ بری کردینا ہے طالب کی طرف سے
نہ اقرار قبض مال کا ہم برئت محتمل ہے ابراء طالب اور اداء کفیل کا تو رجوع ثابت نہین ہوسکتا بسبب شک کے اور ابراتک مین تو صاف ابراء اسقاط ہے نہ اقرار قبض کا کیونکہ
متکلم نے فعل کو اپنی ذات کی طرف نسبت کیا اور کفیل مالک دین نہین ہوتا مگر ایفا سے تو اس لفظ مین بالاتفاق رجوع نہین مگر طالب اپنے دین کو مطلوب سے لیگا کیونکہ
اسنے تو فقط کفیل کو بری الذمہ کردیا ہے نہ مطلوب کو اور انت فی حل اسقاط ہے باجماع ائمہ اربعہ کیونکہ لفظ حل برات بالابراء مین مستعمل ہے نہ براءۃ بالقبض مین کذا فی
الطحطاوی خلافا لابی یوسف فی الاول ای برئت فانہ جعلہ کالاول ای الی قیل وہو قول الامام واختارہ فی الہدایۃ وہو اقرب الاحتمالین فکان اولی نہر معزیا
للعنایۃ بخلاف ابو یوسف کے لفظ اول مین یعنی برئت مین اسواسطے کہ ابو یوسف نے برئت کو لفظ اول یعنی برئت الی کے مانند کہا ہے اور بعضون نے کہا کہ وہ
امام اعظم کا قول ہے اور ہدایہ مین اسی کو پسند کیا ہے اور وہ یعنے ابو یوسف کا قول اقرب الاحتمالین ہے تو وہی بہتر ہوا کذا فی النہر عن العنایۃ ہم دو احتمال یعنے برات استیفا
اور برات اسقاط و اجمعوا انہ لو کتبہ فی الصک کان اقرارا بالقبض عملا بالعرف اور اجماع علما ہے کہ اگر طالب لفظ برات کو کاغذ مین لکھیگا تو یہ قبض مال کا اقرار ہوگا
بنابر عمل بالعرف کے ہم یہ راجح ہے مسئلہ خلافی کی طرف یعنی اگر لفظ برئت طالب لکھدیگا تو ضامن دراہم ضمانت سے بری ہو جائیگا بالاتفاق اسواسطے کہ عرف
مین کتابت نہین مگر ایفا سے مال کے بعد تو کتابت اقرار ٹھہر گئی کذا فی الطحطاوی وہذا کلہ مع غیبۃ الطالب ومع حضرتہ یرجع الیہ فی البیان
لمرادہ القا لانہ المجمل اور یہ یعنے جو تفصیل مسائل ثلثہ کی مقدم ہو چکی طالب کے غائب ہونے کے ساتھ ہے اور اسکے حاضر ہونے کے ساتھ

سے متعین ہوتا ہو چنانچہ نقود تو وہان رد کرنا مستحب نہین ہم جامع صغیر مین استحباب رد کے واسطے اداء اصیل کی قید مذکور نہین لیکن درر کی عبارت موہم ہو خلاف مقصود کے کذا فی الطحطاوی وجہ استحباب کی یہ ہو کہ اسمین خبث آگیا ہو بسبب متعلق ہونے حق مطلوب کے لیکن حاکم اُسکے پھیر دینے پر جبر نہین کر سکتا کذا فی النہر ولو ردہ ای الربح الی الاصیل الذی قضی عنہ ولو غنیا عنایۃ اور اگر نقد مال کی منفعت کفیل اصیل کو پھیر دے تو کیا اصیل کو وہ حلال طیب ہو یا نہین قول اشبہ بالحق یہ ہو کہ ہان حلال طیب ہو اگرچہ اصیل غنی ہو کذا فی العنایۃ امر الاصیل کفیلہ ببیع العینۃ ای بیع العین بالربح نسیئۃ لیبیعہا المستقرض باقل لیقضی دینہ اخترعہ اکلۃ الربوا وہو مکروہ مذموم شرعا لما فیہ من الاعراض عن مبرۃ الاقراض امر کیا اصیل نے اپنے ضامن کو بیع العینہ کا یعنی بیچنا عین کا اودھار فائدہ لیکر تا قرض لینے والا اُسکو ثمن اول سے کمتر بیچ لے تا وہ اپنا دین ادا کرے بیع العینہ کو سود خوارون نے ایجاد کیا ہو اور وہ بیع شرع مین مکروہ اور مذموم ہو کیونکہ اُسمین قرض دینے کے احسان سے روگردانی ہو ہم عینہ بکسر عین مہملہ عبارت ہو سلف سے اُسکو بیع العینہ اسواسطے کہا کہ اسمین میلان ہو دین سے بیع العین کی طرف مسکین نے کہا کہ عینہ مشتق ہو عین سے بیع العین بالربح کی صورت یہ ہو کہ دس روپیہ کی قیمت کا کپڑا پندرہ روپے کو اودھار بیچے منفعت حاصل کرنے کے واسطے پھر وہ مشتری وہ کپڑا دس روپے کو بیچے اور پانچ روپے کا نقصان اٹھاوے اور بعضون نے کہا صورت اُسکی یہ ہو کہ عین خرید کرے زیادہ تر اُسکی قیمت سے تا اُس ثمن سے کمتر کو بیچے غیر بائع کے ہاتھ پھر بائع اول شخص غیر سے بعوض اتنے ثمن کے لے جتنے کو غیر نے خرید کیا اور بائع اول شخص غیر کو کمتر ثمن دے اور غیر شخص مشتری مدیون کو دے مثلاً زید نے دس روپیہ کی قیمت کا کپڑا خالد کے ہاتھ بیس روپے کو اودھار بیچا پھر خالد نے محمود کے ہاتھ دس روپے کو بیچا پھر محمود سے زید نے دس کو خرید کیا اور دس روپیہ اُسکو دیے محمود نے وہی دس روپے خالد کو دیے تو سط شخص غیر اسواسطے فرض ہوا تا خرید کرنا بائع کا کمتر ثمن اول سے قبل از نقد ثمن لازم نہ آوے اُسی طرح بیع العینہ کی چند صورتین اور بھی ہین محمد نے کہا کہ یہ بیع میرے دل مین پہاڑون کے برابر ہو اُسکو سود خوارون نے اختراع کیا ہو اور شارع علیہ السلام نے اُسکی مذمت کی ہو سو فرمایا کہ اذا تبایعتم بالعینۃ واتبعتم اذناب البقر ذللتم وظہر علیکم عدوکم یعنی جب تم خرید فروخت بطریق بیع العینہ کے کروگے اور بیلون کی دمون کے پیچھے پڑوگے یعنی کھیتی مین مشغول ہوکر جہاد کرنے سے غافل ہوگے تو ذلیل ہو جاؤگے اور تمھارے دشمن یعنی کفار تمپر غالب ہونگے اور ابو یوسف نے کہا کہ یہ بیع مکروہ نہین کیونکہ اکثر صحابہ نے ایسا کیا ہو کمال الدین نے فتح القدیر مین کہا کہ میرے دل مین یہ آتا ہو کہ جسکو دافع اخراج کرتا ہو اگر اُسنے ایسی صورت کی بیع کی جسمین وہ چیز سب یا بعض دافع کی طرف عود کر آئی جیسے کپڑے کا عود کرنا پہلی صورت مین اور جیسا کچھ یہ صورت کہ پندرہ روپے قرض دینے تھے پھر لیے اُسکے ہاتھ دس روپے کا کپڑا پندرہ روپے کو بیچا اور پندرہ روپے جو قرض میرے تھے پھر لیے تو دافع سے خارج نہوئے مگر دس اور جو خارج ہوا تھا اُسمین سے بعض پھر آیا تو ایسی بیع مکروہ ہو یعنی مکروہ تحریمی اور اگر عین مبیع اُسکی طرف راجع نہوئی تو اس بیع مین کراہت نہین مگر خلاف اولیٰ ہو شیخ الاسلام مفتی ابو سعود نے کہا کہ جو فتح القدیر مین مذکور ہوا وہ توفیق بین القولین کی صلاحیت رکھتا ہو اسطرحپر کہ قول محمد بکراہت بیع العینہ اُس صورت پر محمول ہو جبکہ دافع کی طرف کل یا بعض عین پھر آوے اور قول ابو یوسف بعدم کراہت اُس صورت پر محمول ہو جبکہ دافع کی طرف کچھ عود نکرے اسی طرح حدیث بھی اسی صورت پر محمول ہو جسپر محمد کا قول محمول ہوا تو اب شبہ ساقط ہو گیا کہ ابو یوسف بیع العینہ کی عدم کراہت کیونکر قائل ہوے باوجود اس حدیث کے جو کہ مقتضی ہو مذمت کی واللہ اعلم کذا فی الطحطاوی ہم فتح القدیر مین مذکور ہو کہ جب دافع کی طرف وہ عین جو اُسکے ہاتھ سے خارج ہوئی عود کریگی تو وہ بیع مسمی ببیع العینہ ہوگی کیونکہ وہ ماخوذ ہو عین مسترجعہ سے نہ مطلق عین سے والا ہر بیع بیع العینہ ہوجا ففعل الکفیل ذلک فالمبیع للکفیل والزیادۃ الربح علیہ لانہ العاقد والشیء علی الامر لانہ اما ضمان الخسران او توکیل مجہول وذلک باطل پھر کفیل نے ویساہی کیا یعنی بموجب امر اصیل بطریق بیع العینہ کے خرید کی تو مبیع مذکور کفیل کے واسطے ہو اور زیادتی منفعت کی جو تاجر کو حاصل ہوئی اُسکی مضرت کفیل ہی کو ہو کیونکہ کفیل ہی عاقد ہو اس بیع کا اور کچھ لازم نہین آیل امر کرنے والے پر کیونکہ وہ یا ضمانت ہو نقصان کی یا مجہول کی توکیل ہو اور وہ یعنی ضمان نقصان یا توکیل مجہول باطل ہو ہم خلاصہ یہ ہو کہ یہ صورت کفالت فاسدہ یا وکالت فاسدہ کی طرف راجع ہو ضمان خسران اسواسطے باطل ہو کہ ضمان نہین ہوتا مگر مضمون کا اور نقصان کسی پر مضمون نہین تو اگر بائع بازار مین کہے مشتری سے کہ جو نقصان تجکو لاحق ہوا وہ مجھپر ہو یا غلام کے خریدار سے کہے کہ اگر تیرا غلام بھاگ گیا تو وہ مجھپر ہو تو جائز نہین وکالت فاسدہ کی وجہ یہ ہو کہ مقدار مبیع اور ثمن مذکور نہین کفل عن رجل بما ذاب لہ او بما قضی لہ علیہ او بما لزمہ لہ عبارۃ الدرر لزم بلا ضمیر وفی النہایۃ وہذا ماض ارید بہ المستقبل کقولہ اطال اللہ بقاءک ضامن ہوا ایک مرد کی طرف سے اُس مال کا جو مکفول لہ کے واسطے ثابت اور واجب ہو اُس مرد پر لینے

یعنی اصیل پر یا اُس مال کا ضامن ہوا جسکا قاضی اُسپر حکم کرے یا جو مال کہ اُسکو لازم ہو درر کی عبارت مین لفظ لازم بدون ضمیر کے ہی اور ہدایہ مین ہی کہ یہ یعنی لفظ ذاب و قضی
ماضی ہی اور مراد اس سے مستقبل ہی چنانچہ اطال اللہ بقاءک مین فغاب الاصیل فبرہن المدعی علی الکفیل ان لہ علی الاصیل کذا لم یقبل برہانہ حتی یحضر الغائب فیقضی علیہ
فیلزمہ تبعا للاصیل پھر ضمانت مذکورہ کے بعد اصیل غائب ہوا سو مدعی نے ضامن پر گواہی ثابت کیا کہ مدعی کا اصیل پر اتنا مال ہی تو گواہی اُسکی مقبول نہوگی جب تک
کہ اصیل غائب حاضر نہو پھر جب وہ آویگا تو اُسپر مال مذکورہ کا حکم دیا جائیگا پھر ضامن پر مال دینا لازم آویگا باتباع اصیل ھ وجہ اُسکی یہ ہی کہ کفیل نے اُس مال کا التزام کیا
جو اُسپر قاضی ضمان مستقبل مین حکم کرے یا جو اصیل پر واجب اور ثابت ہو زمان آیندہ مین تو یہ ضمانت ہی اس مال کی جو اصیل پر ثابت ہو بعد عقد کفالت کے نہ قبل کفالت کے
اور مدعی کا دعوی مطلق ہی کیونکہ اُسنے وجوب مال بعد کفالت کا تعرض نہین کیا بلکہ محتمل ہی کہ قبل کفالت کے واجب تھا اور وجوب قبل کفالت تحت کفالت داخل نہین
تو دعوی فاسد ہوا لہذا گواہی مسموع نہین کذا فی الطحطاوی عن الاتقانی وان برہن ان لہ علی زید الغائب کذا من المال و ہو ای الحاضر کفیل قضی بالمال علی الکفیل
فقط اور اگر مدعی نے یہ گواہی ثابت کیا کہ اُسکا زید غائب پر اتنا مال ہی اور وہ یعنی شخص حاضر ضامن ہی غائب کا تو فقط ضامن پر مال کا حکم کیا جائیگا و لو زاد و بامرہ قضی
علیہما فللکفیل الرجوع لان المکفول بہ ہہنا مال مطلق فامکن اثباتہ بخلاف ما تقدم اور اگر مدعی نے قول مذکور مین اتنا زیادہ کہا کہ شخص حاضر ضامن ہی غائب کا اُسکے
امر سے تو ضامن اور زید غائب دونون پر مال کا حکم کیا جائیگا تو اب ضامن کو مال کا پھر لینا اصیل غائب سے جائز ہی اسواسطے گواہی مسموع ہوئی کہ مکفول بہ یہان
یعنی مسئلہ ثانیہ مین مال مطلق ہی تو اسکا اثبات ممکن ہی بخلاف ما تقدم کے ھ گواہی یہان مقبول ہوئی و مسئلہ متقدمہ مین اسواسطے کہ وہان مکفول بہ مال مقید
ہی یعنی جو مال کہ ضامن پر بعد کفالت کے ثابت ہو اور دعوی مدعی کا مطلق تھا تو دعوی فاسد ہوا لہذا گواہی مقبول نہوئی اور یہان مکفول بہ مال مطلق ہی اور مال
کا دعوی بھی مطلق ہی تو دعوی صحیح ہوا لہذا گواہی مقبول ہوئی کیونکہ وہ صحت دعوی پر مبتنی ہی حموی نے کہا کہ اگرچہ یہ قضا علی الغائب ہی مگر یہ کہ یہ حکم ضمنی ہی
اور اکثر شی ضمنا ثابت ہوتی ہی اور قصدا ثابت نہین ہوتی کذا فی الطحطاوی و ہذہ حیلۃ اثبات الدین علی الغائب اور یہ یعنی مسئلہ ثانیہ حیلہ ہی اثبات دین کا
غائب پر یعنی بضمن کفالت غائب پر دین ثابت ہو جاتا ہی ولو خاف الطالب موت الشاہد تواضع مع رجل و یدعی علیہ مثل ہذہ الکفالۃ فیقر الرجل بالکفالۃ و ینکر
الدین فیبرہن المدعی علی الدین فیقضی بہ علی الکفیل و الاصیل ثم یبرئ الکفیل فیبقی المال علی الغائب و کذا الحوالۃ و تمامہ فی الفتح و البحر اور اگر طالب یعنی صاحب
دین شاہد کے مرجانے سے ڈرے تو موافقت کرے کسی مرد کے ساتھ اور اسپر اسی طرح کی کفالت یعنی کفالت بالامر کا دعوی کرے پھر وہ مرد کفالت کا اقرار کرے اور
دین کا منکر ہو جاوے پھر مدعی گواہی سے دین ثابت کرے تو دار القضا مین ضامن اور اصیل پر ثبوت دین کا حکم کیا جائیگا پھر مدعی ضامن کو بری الذمہ کر دے تو
غائب پر مال باقی رہیگا اور اسی طرح کفالہ کے مانند حوالہ ہی اور پورا بیان اسکا فتح القدیر اور بحر الرائق مین ہی کفالتہ بالدرک تسلیم منہ للمبیع کفالت بالدرک تسلیم ہی
واسطے مبیع کے جانب کفیل سے ھ یعنی جسنے ثمن کی ضمانت کی درصورت استحقاق مبیع تو اُسنے تصدیق اور اقرار کیا کہ مبیع بائع کی ملک ہی تو اگر بعد اُسکے یہ دعوی کریگا کہ
مبیع مذکور میری ملک ہی تو دعوی اُسکا مسموع نہوگا کیونکہ اقدام علی الکفالۃ ملک بائع کا اقرار ہی اُسکے بیع کے وقت تو بعد اُسکے اپنے ملک کا دعوی صحیح نہین کذا فی الطحطاوی
کشفعۃ فلا دعوی لہ مانند شفعہ کے پھر اُسکا دعوی نہین یعنی کفالت بالدرک تسلیم ہی شفعہ کی تو اگر ایک شخص شفیع ہو ایک حویلی کا اور حویلی کا مالک اُسکو بیچے اور شفیع درصورت
استحقاق مبیع ثمن کا ضامن ہو تو اب شفعہ کا دعوی کرنا بعد ضمانت مذکورہ کے صحیح نہین کتب شہادتہ فی صک کتب فیہ باع ملکہ او باع بیعا نافذا باتا فانہ تسلیم ایضا
چنانچہ اپنی گواہی لکھنا اُس کاغذ مین جسمین یہ لکھا ہی کہ بائع نے اپنی ملک بیچی یا بیع نافذ لازم کی تو یہ شہادت بھی تسلیم اور تصدیق ہی ملک بائع کی کما لو شہد بالبیع
عند الحاکم قضی بہ او لا چنانچہ یہ بھی ملک بائع کی تصدیق ہی اگر گواہی دی بیع کی حاکم کے نزدیک خواہ حاکم نے گواہی کے بموجب حکم دیا ہو یا نہ دیا ہو ھ حموی نے نقل کیا کہ
گواہی دینا لفظ بیع کا اقرار ہی باتفاق روایات لا یکون تسلیما کتب شہادتہ فی صک بیع مطلق عما ذکر تسلیم نہوگا اپنی گواہی کا لکھنا اس بیع کے کاغذ مین
جو مطلق ہی قیود مذکورہ سے ھ قیود مذکورہ سے وہ مراد ہی جو اعتراف ملک بائع کے مفید ہو چنانچہ قید ملکیت بائع اور بیع کا نافذ اور لازم ہونا تو اگر ایسی قیود بیع نامے مین

سنون تو گواہی لکھنے سے تسلیم اور تصدیق ثابت نہوگی بلکہ دعوی ملکیت شاہد لعد اسکے مسموع ہوگا کیونکہ اسمین دو بات نہین جو ملک بائع کے اقرار پر دلالت کرے اسلیے
بیع کا ہے غیر مالک سے صادر ہوتی ہے جیسا بیع فضولی سے اور شاہد اسواسطے گواہی لکھی ہوتا واقعہ یاد رہے لعد اسکے اثبات بینہ مین کوشش کرے یا تامل کرنے کے واسطے
گواہی لکھی ہو کہ اگر اسمین مصلحت معلوم ہو تو اسکو جائز رکھے کذا فی الطحطاوی او کتب شہادتہ علی اقرار العاقدین لانہ مجرد اخبار فلا تناقض یا اپنی گواہی لکھے عاقدین
کے اقرار پر تو بھی تسلیم اور تصدیق ملک بائع نہین کیونکہ یہ مجرد اخبار ہے تو کچھ تناقض نہین یعنی دعوی ملک شاہد مسموع ہوگا کیونکہ شہادت بیع مین شہود نہین اور
نہ گواہی مالک کا اقرار ہے اسواسطے کہ بیع کا ہے مالک سے صادر ہوتی ہے غیر مالک سے کذا فی النہر ولم یذکر الختم لانہ وقع اتفاقا باعتبار عادتہم اور مصنف نے کتابت شہادت
کے ساتھ مہر کرنا مذکور نہ کیا چنانچہ کنز وغیرہ مین مذکور ہے اسواسطے کہ مہر کا ذکر اتفاقی ہے باعتبار عادت قدیمہ اہل زمانہ کے یعنی اہل زمان سابق کی عادت یہ تھی کہ لعد
کتابت اپنے ناموں کے مہر بھی کردیتے تھے تا تغییر اور تزویر سے محفوظ رہے لیکن حکم ہر صورت ایک ہی ہے مہر ہو یا نہو قال الکفیل ضمنتہ لک الی شہر وقال
الطالب ہو حال فالقول للضامن لانہ ینکر المطالبۃ ضامن نے کہا کہ مین اسکا تجھسے ضامن ہوا ہون ایک مہینے تک اور طالب نے کہا کہ وہ یعنی دین حال
ہے نہ موجل تو ضامن ہی کا قول معتبر ہے کیونکہ وہ مطالبہ حالیہ کا منکر ہے وعکسہ ای الحکم المذکور فی قولہ لک علی مائۃ الی شہر مثلا اذا قال الآخر ہو المقر لہ
حالۃ لان المقر لہ ینکر الاجل اور حکم مذکور کے بالعکس حکم ہے اس قول مین کہ تیرے مجھپر سو مین ایک مہینے کی مدت تک مثلا جبکہ دوسرے شخص یعنی مقر لہ نے کہا کہ

سو حال ہین نہ موجل اسواسطے کہ مقر لہ مدت کا منکر ہے والحیلۃ لمن علیہ دین موجل وخاف الکذب او حلولہ باقرارہ ان یقول اہو حال او موجل فان قال حال
انکرہ ولا حرج علیہ زیلعی اور جسپر دین موجل ہو اور وہ کذب یا حلول دین سے بسبب اپنے اقرار کے ڈرے تو اسکا حیلہ یہ ہے کہ صاحب دین سے کہے کہ تیرا دین مجھپر حال ہے
یا موجل پھر اگر دائن کہے کہ دین حال ہے تو مدیون اسکا انکار کرے اور اس انکار مین اسپر کچھ حرج نہین کذا فی الزیلعی ہم خوف کذب در صورت انکار دین ہے اور حلول
کا خوف یعنی مواخذہ حلول دین کا بسبب قرار دین موجل کے ہے انکار حلول مین اسواسطے حرج نہین ہے کہ وہ اسمین صادق ہے ولا یؤخذ ضامن الدرک
اذا استحق المبیع قبل القضاء علی البائع بالثمن اذ بمجرد الاستحقاق لا ینتقض البیع علی الظاہر کما مر اور ماخوذ نہین ہوتا ضامن درک کا جبکہ بیع مستحق ٹھیرے
قبل اس بات کے کہ بائع پر ثمن پھیر دینے کا حکم ہو اسواسطے ضامن ماخوذ نہین ہوتا کہ بمجرد استحقاق کے بیع منتقض نہین ہوتی بنا بر ظاہر مذہب کے چنانچہ

کتاب البیوع مین مذکور ہوچکا وصح ضمان الخراج ای الموظف فی کل سنۃ وہو ما یجب علیہ فی الذمۃ بقرینۃ قولہ والرہن بہ اذ الرہن بخراج المقاسمۃ باطل نہر
علی خلاف اطلاقہ فی البحر اور صحیح ہے ضمانت خراج کی یعنی خراج موظف کی جو ہر سال ایکبار ہوتا ہے خراج موظف وہ ہے جو کشتکار کے ذمہ پر واجب ہوتا ہے قید موظف
کی مصنف کے اس قول کے قرینے سے لگائی اور صحیح ہے بواسطہ خراج کے رہن لینا اسواسطے کہ رہن لینا بذریعۂ خراج مقاسمہ باطل ہے کذا فی النہر بر خلاف
اطلاق بحر الرائق کے ہم خراج موظف کی تخصیص ضمانت کی یہ وجہ ہے کہ موظف دین ہے جسکا مطالبہ من جہۃ العباد ہو تو موظف باقی دیون کے مانند ہوگیا مضمون ہونے
مین بخلاف خراج مقاسمہ کہ وہ غیر مضمون ہے یہان تک کہ اگر کھیتی تلف ہوجائے تو کشتکار پر کچھ واجب نہین اور کفالت اعیان غیر مضمونہ کی جائز نہین اور جیسا کہ بحر

نے اطلاق اور تقیید دونون نقل کیے ہین تو اسپر کچھ اعتراض وارد نہین کذا فی الطحطاوی ملخصا وتجویز الزیلعی الرہن فی کل ما تجوز بہ الکفالۃ بجامع التوثق
منقوض بالدرک لجواز الکفالۃ بہ دون الرہن اور جواز رہن کہنا زیلعی کا ہر ایک اس چیز مین جسکی کفالت جائز ہے بواسطہ جامع توثق کے منقوض ہے درک سے
بوجہ جائز ہونے کفالت بالدرک کے نہ رہن بالدرک کے ہم جامع توثق یعنی حصول وثوق کفالت اور رہن مین یکسان ہے طحطاوی نے کہا نقض مذکور صاحب بحر
سے ہے اور متاخرین مصنفین اسکے تابع ہین حموی نے کہا جواب دیا ہے کہ فقہا کے قضایا اغلبیہ ہین نہ کلیہ اور انکو کلیہ جو کہتے ہین تو بایں معنی کہ داخل تحت شرع
نہین ہین نہ بایں معنی کہ ہر فرد پر منطبق ہین وکذا النوائب اور اسی طرح نوائب کی ضمانت صحیح ہے ہم نوائب جمع ہے نائبہ کی یعنی مصیبت وحادثہ یہان مراد
وہ مال ہے جسکو حاکم لوگون پر مقرر کرے نہر الفائق مین ہے کہ نوائب دو قسم ہین واجبی اور غیر واجبی نوائب واجبی جیسے نہر مشترک کا صاف کرانا جس سے سب خلق کو فائدہ ہے اور

[illegible] باطل ہے ۱۲

جو کہ بیدار محلہ کی اجرت اور جو مال کہ بادشاہ اسلام لشکر اسلام کے سامان کے واسطے اور مسلمان قیدیون کے چھڑانے کے واسطے معین کرے درصورتیکہ بیت المال خالی ہو تو ایسے
نوائب کی کفالت بالاتفاق جائز ہی کیونکہ امور مذکورہ ہر مسلم مالدار پر واجب ہین احتیاطاً کہ اطاعت بادشاہ اسلام کی ان امر مین جس مین مصلحت ہر مسلمین کی واجب ہی بشرطیکہ
بیت المال مین کچھ مال نہو دوسری قسم نوائب غیر واجبی چنانچہ جبایات یعنی مظالم سلطانی جو ہمارے زمانے مین لوگون پر ناحق مقرر ہوگئے ہین انکی صحت کفالت
مین اختلاف ہی لیکن ایضاح الاصلاح مین صحت کفالت پر فتوی ہی انتہی ملخصا ولو بغیر حق کجبایات زماننا فانہا فی المطالبة کالدیون بل فوقہا حتی لواخذت من الاکار
فلہ الرجوع علی مالک الارض وعلیہ الفتوی صدر الشریعة واقرہ المصنف وابن الکمال کفالت نوائب کی صحیح ہی اگرچہ نوائب غیر واجبی اور ناحق ہون چنانچہ مظالم سلطانی
ہمارے زمانے کے کیونکہ وہ مظالم مطالبہ مین دیون کے مانند نہین بلکہ اُنسے بھی فوق ہین یہان تک کہ اگر مزارع سے بابت زمین کے ناحق مال حاکم لے تو مزارع
کو مالک زمین سے اسکا بھر لینا جائز ہی اور اسی پر فتوی ہی کذا فی شرح الوقایہ اور مصنف نے اپنی شرح اور ابن کمال نے ایضاح الاصلاح مین اُسکو مسلم رکھا ہی ہم
وزرا اور منتقی مین ہی کہ اُسکو معلوم کرنا چاہیے اُسپر فتوی دینا چاہیے فتح القدیر مین ہی کہ جبایات موظفہ لوگون پر ہمارے زمانے مین بلاد فارس کے اندر درزی اور رنگریز
وغیرہم پر بطور ماہانہ یا یومیہ یا سہ ماہی سلطان کے واسطے مقرر ہوا بنا یہ مین ہی کہ مصیبت کبریٰ مکس ہی یعنی مصادرہ سلطانی وہ قطعاً حرام ہی اور اُسکی کفالت جائز نہین
کذا فی الطحطاوی وقید شمس الائمة بما اذا امرہ بہ طائعا فلو مکرہا فی الامر لم یعتبر امرہ بالرجوع ذکرہ الاکمل اور شمس الائمہ نے رجوع مین یہ قید لگائی ہی جب اُسکو اُسکا امر
بخوشی سو اگر اُسپر زبردستی ہوگی امر کرنے مین تو اُسکا امر بالرجوع معتبر نہوگا ذکر کیا ہی اُسکو اکمل نے عنایہ مین ہم یہ کلام مرتبط ہی محذوف سے جسکے حذف کرنے سے
مطلب مین خلل پڑ گیا مضمون عبارت مصنف منح الغفار مین یہ ہی کہ جو غیر کے نائب کو اُسکے امر سے ادا کرے تو اس سے بھر لے اگرچہ رجوع شرط نہ کیا ہو یہی صحیح ہی چنانچہ
خانیہ مین ہی جیسے کہ ایک شخص نے غیر شخص کا دین اُسکے امر سے ادا کیا اور عنایہ مین ہی کہ شمس الائمہ نے کہا کہ یہ اُسوقت ہی جبکہ اُسکا یعنی ادائے دین کا امر اکراہ سے
نہ کیا ہو اور اگر زبردستی سے امر کیا ہو تو اُسکا امر بالرجوع معتبر نہین کذا فی الطحطاوی وقالوا من قام بتوزیعہا بالعدل اجر علیہ فلا الفسق حیث عدل اور ہونا درا در
علمانے کہا ہی کہ جو شخص تقسیم جبایات مین قائم بالضاف ہو یعنی متولی قسمت بین المسلمین از روے انصاف کے ہو وہ ماجور ہی یعنی ثواب پاویگا اور اُس قول کے
موجب متولی قسمت فاسق نہ ٹھہریگا جبکہ وہ عدل کرے اور ایسا شخص نادر الوجود ہی کذا فی النہر وفی وکالة البزازیة قال لرجل خلصنی من مصادرة الوالی او قال الاسیر
اطلقنی فخلصہ رجع بلا شرط علی الصحیح قلت وہذہ تقع فی دیارنا کثیرا وہو ان الصوباشی یمسک رجلا ویحبسہ فیقول للآخر خلصنی فیخلصہ بمبلغ فحینئذ یرجع بغیر شرط الرجوع بل
ہو کذا بخط المصنف علی حاشیتہا فلیحفظ اور بزازیہ کی کتاب الوکالة مین ہی کہا کسی شخص نے کہ مجکو چھڑا مصادرہ حاکم سے یا قیدی نے اسی طرح
کہا کہ چھڑایا تو مال تخلیص مین جو خرچ کیا ہو وہ اُس شخص سے بھر لے بلا شرط رجوع بنا بر صحیح مذہب کے مین کہتا ہون اور ایسا حادثہ ہمارے ملک مین
بکثرت ہوا کرتا ہی کہ صوباشی پکڑ رکھتا ہی کسی مرد کو اور اُسکو قید کرتا ہی تو وہ محبوس دوسرے شخص سے کہتا ہی کہ مجکو چھڑا سو وہ اُسکو چھڑا لیتا ہی کچھ مبلغ
دیکر تو ایسے وقت مین مبلغ مذکور بھر لے محبوس سے بلا شرط رجوع بلکہ بمجرد اُسکے امر کرنے کے سو تامل کر ایسا کچھ مذکور ہی حاشیہ بزازیہ مین مصنف کے خط سے
تو یاد رکھنا چاہیے والقسمة ای النصیب من النائبة وقیل ہی النائبة الموظفة وقیل غیر ذلک وایا ما کان فالکفالة بہا صحیحة صدر الشریعة اور ضمانت قسمت
یعنے نائبہ کے حصے کی صحیح ہی اور بعضون نے کہا کہ قسمت عبارت ہی نائبہ موظفہ معینہ سے اور بعضون نے سوائے اُسکے تفسیر کی ہی اور جو کچھ کہ قسمت
سے مراد ہو سو اُسکی ضمانت صحیح ہی کذا فی شرح الوقایہ ہم قسمت بتفسیر مذکور مصدر ہی بمعنی مقسوم نائبہ موظفہ سے نائبہ مرتبہ مراد ہی جو ہر ماہ یا سہ ماہی مین
مقرر ہو بعضون نے تفسیر قسمت یون کی ہی کہ پہلے دونون شریک قسمت کرلین پھر ایک شریک دوسرے کو دخل نہ دے سو اُسکا کوئی ضامن ہوا اور بعضون
نے یون تفسیر کی کہ ایک شریک قسمت کی درخواست کرے اور دوسرا شریک نمانے پھر اُسکا کوئی ضامن ہو تو صحیح ہی کیونکہ اُسپر قسمت واجب ہی کذا فی المحیط او
قال رجل لآخر اسلک ہذا الطریق فانہ امن فسلک واخذ مالہ لم یضمن ایک مرد دوسرے سے کہا کہ یہ راہ چل اسواسطے کہ اس راہ مین کچھ خوف نہین یا امن ہی پھر وہ شخص اُس راہ مین گیا اور اُسکا

مال چھین لیا گیا تو وہ شخص ضامن نہین ولو قال ان کان مخوفا واخذ مالک فانا ضامن والمسئلۃ بحالہا ضمن اور اگر یون بولا کہ اگر یہ راہ خوفناک ہو اور تیرا مال چھین لیا جاوے تو مین ضامن ہون اور یہ مسئلہ بدستور مسئلہ سابقہ ہے یعنی بموجب اُسکے کہنے کے وہ شخص اُس راہ مین گیا اور اُسکا مال چھین گیا تو وہ شخص ضمان دیگا ہذا واوردعلی ما قدمہ لقولہ ولا تصح بجہالۃ المکفول عنہ کما فی الشرنبلالیہ یہ اعتراض وارد ہے مصنف کے اس قول مقدم پر کہ ضمانت صحیح نہین مکفول عنہ کی جہالت سے کذا فی الشرنبلالیہ مین بیان صحت نہ مان صحت کفالت کی جہت سے نہین تا اعتراض مذکور وارد ہو بلکہ ضمان اسوجہ سے ہے کہ قائل نے دھوکھا دیا اور فریب رجوع کا موجب ہے اگر بشرط ہو چنانچہ اشباہ کی آئندہ عبارت مین ہے کذا فی الطحطاوی عن ابی المسعود والاصل ان المغرور انما یرجع علی الغار اذا حصل الغرور فی ضمن المعاوضۃ او ضمن الغار صفۃ السلامۃ للمغرور نصا درر وتمامہ فی الاشباہ مرفی المرابحۃ اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ فریب کھانے والا فریب دینے والے سے اسی صورت مین رجوع کرتا ہے جبکہ فریب درضمن عقد معاوضہ ہو یا فریب دینے والا سلامتی کی صفت کا فریب کھانے والے سے بصراحت ضمانت کرے کذا فی الدرر اور پورا بیان اسکا اشباہ مین ہے اور باب المرابحہ مین مذکور ہو چکا ہم عقد معاوضہ احتراز ہے عقد تبرع سے چنانچہ ہبہ اور صدقہ اور ضمانت سلامتی کی مثال متن مین مذکور ہے اسواسطے کہ تعلیق مذکور کا حاصل یہ ہے کہ وہ اسکے مال کے سلامت رہنے کا ضامن ہوا فروع مسائل ملحقہ شارح کے ضمان الغرور فی الحقیقۃ ہو ضمان الکفالۃ فریب کا ضمان فی الحقیقۃ وہ ضمان کفالت کا ہے یعنی کفالت کے مانند ہے نہ ضمان اتلاف کے مانند للکفیل منع الاصیل من السفر لو کفالۃ حالۃ لیخلصہ منہا باداء او ابراء مال ضامن کو روکنا اصیل کا سفر سے جائز ہے اگر اسکی کفالت فی الحال کی ہو نہ موجل تا اصیل ضامن کو ضمانت سے خلاص کرے بسبب ادا کرنے دین کے یا معاف کر دینے طالب کے ہم تو معلوم ہوا کہ ضمانت موجل مین روکنا اُسکو جائز نہین اگر ضامن چاہے اسکے ساتھ بنا رہے تا حلول مدت فی الکفیل بالنفس یردہ الیہ کما فی الصغری ای لو بامرہ اور کفیل بالنفس مین تو یہ حکم ہے کہ حاضر ضامن اصیل کو پھیر لاوے اسکے پاس کما فی الصغری یعنی اگر حاضر ضامن اصیل کے امر سے ہو من قام عن غیرہ بواجب بامرہ رجع بما دفع وان لم یشترطہ کالامر بالانفاق وبقضاء دینہ الا فی مسائل امرہ بتعویض عن ہبتہ وباطعام عن کفارتہ وباداء زکوۃ مالہ وبان یہب فلانا عنی الفا جو شخص غیر کی طرف سے مال واجب اُسکے کہنے سے ادا کرے تو جو مال دیا ہے اسکو اُس غیر سے بھر لے اگرچہ رجوع مال شرط نہ کیا ہو چنانچہ انفاق زوجہ اور اسکے ادائے دین کے امر مین مگر چار مسئلوں مین رجوع مال نہین ۱- پہلا مسئلہ یہ کہ غیر شخص نے امر کیا اپنے ہبہ کے عوض دینے کا ۲- امر کیا اپنے کفارہ سے کھانا دینے کا ۳- امر کیا اپنے مال کی زکوۃ دینے کا ۴- امر کیا کہ فلانے شخص کو میری طرف سے ہزار ہبہ کرے ہم فتاوی عالمگیری مین ہے کہ اگر ایک مرد نے اجنبی کو مال ہبہ کیا پھر موہوب لہ نے دوسرے شخص سے کہا کہ واہب کو اپنے مال سے اُسکے ہبہ کا عوض دے سو اُسنے ایسا ہی کیا تو جائز ہے اور یہ شخص امر سے رجوع مال نکرے مگر بشرط رجوع انتہی اور استثنا بنظر اُس مسئلہ کے منقطع ہے کیونکہ عوض دینا موہوب لہ پر واجب نہین فی کل موضع یملک المدفوع الیہ المال المدفوع الیہ مقابلا بملک مال فان المامور یرجع بلا شرط والا فلا وتمامہ فی وکالۃ السراج والکل فی اشباہ حیان مین کہ وہ شخص جسکو مال دیا گیا وہ اُس مال کا مالک ہو جائے بمقابلہ ملک مال کے تو مامور امر سے اپنا مال بھر لیگا بدون شرط کے اور اگر ایسا نہین تو رجوع نہین اور پورا بیان اسکا سراج کی کتاب الوکالہ مین ہے اور یہ سب فروع مذکور اشباہ سے منقول ہین ہم مالکیت مال بمقابلہ ملک مال چنانچہ بائع ثمن کا مالک ہے بمقابلہ مملوک ہونے مبیع کے واسطے مشتری کے تو اگر مشتری کسی مرد سے کہے کہ میری طرف سے ثمن ادا کر تو صحیح ہوگا اور اگر مامور اپنا مال بھر لے گا مشتری سے اور اسی طرح اگر غاصب اپنی طرف سے غصب کا بدلا کسی سے دلا دے تو صحیح ہے کیونکہ مغصوب منہ مالک ہوتا ہے بدل کا بمقابلہ مغصوب اور اگر بمقابلہ ملک نہین چنانچہ کسی سے اپنے کفارہ دینے کا امر کیا یا اپنی طرف سے حج کروانے کا امر کیا تو یہان مدفوع الیہ طعام یا مال مملوک بمقابلہ ملک مال نہین تو مامور کو یہان اپنا مال بھر لینا آمر سے جائز نہین الا بشرط رجوع کذا فی الطحطاوی وفی الملتقط الکفیل للمختلعۃ بما علی الزوج من الدین لا یبرا بتجدید النکاح بینہما اور ملتقط مین ہے کہ جو ضامن ہے مختلعہ کے اُس مال کا جو اُسکے زوج پر دین ہے وہ بری الذمہ نہین ہوتا ضمانت سے دونون مین نیا نکاح ہو جانے سے ہم صورت اسکی یہ ہے کہ زوجہ نے اپنے زوج سے خلع کیا اور بدل خلع ادا کر دیا اور زوج پر اُسکا دین ہے جو اُس نکاح کے متعلقات سے نہین سو اُس دین کا کوئی شخص

ضامن ہوا زوج کی طرف سے پھر عورت اور مرد مین عقد جدید ہوا تو ضمانت علی حالہا باقی ہے کیونکہ تجدید نکاح شخص حاصل مین ساقط کفالت نہ کور نہیں ثوب غاب عن دلال الاضمان
علیہ کپڑا غائب ہوگیا دلال سے تو اُسپر تاوان نہیں ہے اسواسطے کہ دلال وکیل اجرت گیر ہے تو وہ امین ٹھہرا اور امین پر ضمان نہیں مگر تعدی سے ولو غاب عن صاحب الحانوت
وقد ساوم والتقا علی ثمن فعلیہ قیمۃ الثوب اور اگر کپڑا غائب ہوگیا دوکاندار سے اور حالانکہ اُسنے خریدار کی خواہش کی تھی اور مالک ثوب اور دوکاندار ثمن پر
متفق ہوگئے تھے تو دوکاندار پر قیمت کپڑے کی واجب ہوگی ولو طاف بہ الدلال ثم وضعہ فی حانوت فہلک ضمن بالاتفاق ولاضمان علی صاحب الحانوت عند الامام
لانہ مودع المودع اور اگر دلال کپڑے کو لے پھرا پھر اُسکو دوکان مین رکھدیا سو کپڑا ضائع ہوگیا تو دلال ضمان دیگا بالاتفاق اور دوکاندار پر تاوان نہیں امام اعظم
کے نزدیک کیونکہ وہ امانت دار کا امانت دار ہے ہم دلال پر اسواسطے ضمان ہوا کہ اُسنے بلا اذن مالک کیون دوکان پر کپڑا رکھدیا تو تعدی اُسکی ثابت ہوئی دلال معروف
فی یدہ ثوب تبین انہ مسروق فقال رددت علی الذی اخذت منہ بری مشہور دلال ہے جسکے ہاتھ مین کپڑا ہے جسکا مسروق ہونا کھل گیا سو دلال نے کہا مین نے کپڑا
پھیر دیا جس سے لیا تھا تو وہ بری الواخذہ ہے ولو قال طالب غریمی فی مصر کذا فاذا اخذت مالی فلک عشرۃ منہ یجب اجر المثل لا یزاد علی عشرۃ الملتقط اور اگر صاحب
دین نے کہا کہ میرا مدیون فلانے شہر مین ہے جسوقت کہ تو میرا مال اُس سے لیگا تو تیرے واسطے دس درم یا دینار ہین اُس مال سے تو اجرت مثل واجب ہوگی
جو دس سے زیادہ نہو کذا فی الملتقط وافتیت بان ضمان الدلال والسمسار الثمن للبائع باطل لانہ وکیل بالاجر وذکروا ان الوکیل لا یصح ضمانہ لانہ یصیر عاملا
لنفسہ فلیحرر شارح کہتا ہے اور مین نے اُسکا فتوے دیا ہے کہ دلال اور سمسار کا ضامن ہونا ثمن کا بائع سے باطل ہے کیونکہ وہ اجرت دار وکیل ہے اور فقہا نے ذکر
کیا ہے کہ وکیل کی ضمانت صحیح نہیں کیونکہ وہ اپنی ذات کے واسطے عامل ہو جاتا ہے تو اُسکی تحریر کرنا چاہیے ہم عامل لنفسہ اسواسطے ٹھہرتا ہے کہ قبض ثمن کی ولایت
اُسی کے واسطے ہے اور ضامن غیر کے واسطے عامل ہوتا ہے دلال وہ ہے جسکے پاس قماش اور متاع ہو غیر کی اور سمسار وہ ہے کہ جو متاع اور اُسکے مالک کو بتادے
چنانچہ کتاب البیع مین مذکور ہو چکا فائدۃ ذکر الطرسوسی فی مؤلف لہ ان مصادرۃ السلطان لارباب الاموال لا یجوز الا لعمال بیت المال مستدلا بان عمر
رضی اللہ عنہ صادر ابا ہریرۃ انتہی وذلک حین استعملہ علی البحرین ثم عزلہ واخذ منہ اثنی عشر الفا ثم دعاہ للعمل فابی رواہ الحاکم وغیرہ یہ فائدہ ہے جسکو طرسوسی
نے اپنی کتاب مین ذکر کیا کہ سلطان کو ڈانڈ لینا مالدارون سے جائز نہیں مگر بیت المال کے عاملون سے بایں استدلال کہ عمر رضی اللہ عنہ نے
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ڈانڈ لیا انتہی کلامہ اور یہ اُسوقت ہوا تھا جبکہ فاروق اعظم نے اُنکو بحرین کا عامل کیا تھا پھر اُنکو معزول کیا اور بارہ ہزار
اُنسے لیے پھر اُنکو عاملی کے واسطے بلایا سو اُنھون نے نہ مانا حاکم وغیرہ نے یہ روایت کی ہے ہم سیوطی نے تفسیر درمنثور مین سورۂ یوسف کے اندر (اجعلنی
علی خزائن الارض) کی تفسیر مین بسند حاکم وابن ابی حاتم ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ عمر نے مجکو بحرین کا عامل کیا پھر مجکو معزول کیا اور دس
ہزار مجسے ڈانڈ لیے پھر عاملی کے واسطے مجکو بلایا مین نے انکار کیا سو فاروق نے کہا کیون انکار کرتے ہو اور حالانکہ یوسف علیہ السلام نے عاملی کی درخواست
کی اور حالانکہ وہ بہتر تھے تجسے تو مین نے کہا کہ یوسف علیہ السلام خود نبی اور فرزند نبی کے اور پوتے نبی کے اور پرپوتے نبی کے اور مین تو امیہ کا بیٹا
ہون ڈرتا ہون کہ بے علمی سے کچھ کلام کرون اور بے علمی سے کچھ فتوی دون اور میری پیٹھ پر مار پڑے اور میری بے عزتی ہو اور میرا مال چھینا جاوے
کذا فی الطحطاوی واراد بعمال بیت المال خدمتہ الذین یجبون اموالہ ومن ذلک کتبتہ اذا توسعوا فی الاموال لان ذلک دلیل علی خیانتہم ویلحق بہم
کتبۃ الاوقاف ونظارہا اذا توسعوا وتعاطوا انواع اللہو وبنوا الاماکن فللحاکم اخذ اموالہم منہم وعزلہم فان عرف خیانتہم فی وقف معین رد المال الیہ
والا وضعہ فی بیت المال نہر وبحر اور طرسوسی نے عمال بیت المال سے خادم مراد لیے ہین جو بیت المال کے اموال کی تحصیل کرتے ہین اور منجملہ اُنکے منشی
اور متصدی ہین بیت المال کے جبکہ وہ لوگ کشایش اور بہتایت مال مین ظاہر کرین اسواسطے کہ توسع اُنکی خیانت کی دلیل ہے اور ملحق ہین اُنکے ساتھ
متصدیان اوقاف کے ناظر ملحق ہین جبکہ وہ کشایش اور فضول خرچی کرین اور انواع لہو ولعب مین مشغول ہون اور عمارت بناوین تو حاکم کو اُنکے مال

مسئلہ مصادرۂ سلطان

اُنسے حجیین لینا اور اُنکا معزول کرنا جائز ہی سو اگر اُنکی خیانت کسی وقت مخصوص مین معلوم ہو جاے تو اُس مال کو اُسی وقت مین داخل کرے اور نہین تو بیت المال مین رکھے کذا فی النہر و البحر ہم سید حموی نے کہا کہ یہ مسئلہ اس قسم کا ہی جسکو دربانت کیجیے اور چھپا ڈالیے اور اسکا فتوی دینا جائز نہین کیونکہ یہ فتوی ارتکاب ممنوع کا ذریعہ ہوگا اسواسطے کہ اگر ہمارے زمانے کے حاکمون کو اُسکا فتوی دیا جائے تو وہ عمال مذکورین کے اموال کو چھین لین نہ اوقات مین اُن اموال کو داخل کرین نہ بیت المال مین بلکہ اُنکو نالائق امور مین صرف کرین یعنی اپنی خواہش نفسانی مین تو اسکو خوب یاد رکھنا چاہیے کذا فی الطحطاوی و فی التلخیص لو کفل الحال مؤجلا تاخر عن الاصیل و لو ضمن الدین واحد قلت و قد منا انما حیلۃ تاجیل القرض اور تلخیص مین ہی کہ اگر دین فی الحال کی ضمانت کرے کوئی مدت مقرر کرکے تو مطالبہ موخر ہو جائیگا اصیل سے اگرچہ دین قرض ہو اسواسطے کہ دین تو ایک ہی ہی مین کہتا ہون اور ہم مقدم ذکر کر چکے ہین کہ کفالت مؤجلہ تاجیل قرض کا حیلہ ہی و صحح ان للمدیون السفر قبل حلول الدین ولیس للدائن منعہ و لکن یسافر معہ فاذا حل منعہ لیوفیہ اور آدیگا کہ مدیون کو سفر کرنا قبل حلول دین جائز ہی اور صاحب دین کو اسکا روکنا درست نہین و لیکن صاحب دین اُسکے ساتھ سفر کرے پھر جب دین کی مدت ہو چکے تو اُسکو سفر سے روکے تا وہ ادا ے دین کرے ہم منتقی مین ہی کہ درصورت ارادہ سفر مدیون صاحب دین کو ضامن لینا جائز ہی اگرچہ دین مؤجل ہو اور بعضون نے کہا کہ اگر مدیون ادا ے دین مین ٹال بال کرتا ہو تو ضامن لے اور نہین تو نہین کذا فی الطحطاوی و استحسن الو یوسف رح اخذ کفیل شہر الامراۃ طالبت کفیلا بالنفقۃ لسفر الزوج و علیہ الفتوی اور ابو یوسف نے بطریق استحسان جائز رکھا ہی ایک مہینہ کا ضامن دینا اُس عورت کے واسطے جسنے اپنے نان نفقہ کا ضامن مانگا بسبب سفر کرنے زوج کے اور اسی قول پر فتوی ہی ہم جواز کفالت نفقہ بطور استحسان ہی اور بطور قیاس اسکی کفالت صحیح نہین کیونکہ نفقہ دین صحیح نہین و قاس علیہ فی المحیط لبقیۃ الدیون لکنہ مع الفارق کما فی شرح الوہبانیۃ للشرنبلالی اور محیط مین کفالت نفقہ پر بقیہ دین کا قیاس کیا ہی لیکن وہ قیاس مع الفارق ہی چنانچہ شرنبلالی کی شرح وہبانیہ مین ہی ہم یعنے صاحب محیط نے بقیہ دین مؤجلہ کو قیاس کیا ہی کہ کفالت اُسکی لیجائے بسبب سفر کرنے مدیون کے علامہ عبد البر نے کہا کہ یہ ترجیح قول ہی صاحب محیط سے قیاس مع الفارق ہونے کی وجہ یہ ہی کہ دیون قوی ترین نفقہ سے کیونکہ وہ مدت گذر جانے اور موت مدیون سے ساقط نہین ہوتی بخلاف نفقہ کے علاوہ برین منتقی مین تجویز تکفیل مدیون مسافر مصرح ہی اگرچہ دین موجل ہو اور بلاشک صاحب محیط کی ترجیح مین لوگون کو آسانی ہی کذا فی الطحطاوی لکن فی المنظومۃ المحبیۃ اشعار لو قال مدیونی مرادہ السفر ✣ واجل الدین علیہ ما استقر ✣ و طلب التکفیل قالوا ایلزم ✣ علیہ اعطاء کفیل نعلم ✣ لیکن منظومۂ محبیہ مین ہی کہ اگر صاحب دین نے کہا کہ میرے مدیون کی مراد سفر ہی اور دین کی مدت اُسپر ہنوز مستقر نہین اور اُسنے تکفیل کی طلب کی تو فقہا نے کہا کہ اُسکو ضامن کا دینا لازم ہی وہ کفیل جو معلوم اور مشہور ہو یعنے اسواسطے کہ کفیل مجہول لائق اعتماد نہین اشعار او حبس الکفیل قالوا جازلہ ✣ اذا اراد حبس من قد کفلہ ✣ لانہ قد کان لا جلہ ✣ حبس فلیجازہ بفعلہ ✣ اگر ضامن محبوس ہو تو علما نے کہا کہ جب وہ حبس اصیل کا ارادہ کرے تو اسکو جائز ہی کیونکہ ضامن کی محبوسی اُسی کے واسطے ہوئی ہی تو چاہیے کہ وہ اُسکو بدلا دے اپنے فعل سے اشعار ثم الکفیل ان یمت قبل الاجل ✣ لاشک ان الدین فی ذو الحال حل ✣ علیہ قالوا رثۃ ان اداہ لم ✣ یرجع بہ من قبل ما التاجیل تم ✣ پھر اگر ضامن مر جائے قبل مدت کے تو بیشک اس حالت مین دین فی الحال اُسپر واجب الادا ہو گیا تو اگر ضامن کا وارث اُسکو ادا کرے تو اصیل سے نہ پھرلے قبل تمام ہونے مدت کے ہم اصل مین یون تھا کہ لم یرجع من قبل ما تم الاجل ما مصدریہ ہی اور فاعل فعل مقدم ہو گیا اپنے فعل پر اور یہ بعضون کے نزدیک جائز ہی یا مبتدا اور خبر ہی کذا فی الطحطاوی۔

باب کفالۃ الرجلین

یہ باب ہی دو مردون کے ضامن ہونے کا ہم چونکہ کفالت رجلین مرکب کے مانند ہی تو بعد فراغت مفرد اسکو شروع کیا دین علیہما لآخر بان اشتریا منہ

عبدا بالفۃ وکفل کل عن صاحبہ بامرہ جاز ولم یرجع علی شریکہ الا بما اداہ زائدا علی النصف لرجحان جہۃ الاصالۃ علی النیابۃ دین ہو دو شخصون پر دوسرے آدمی کا اسطرح پر کہ دونون نے اس سے ایک غلام سو روپے کو خرید کیا اور ضامن ہوا ہر دونون اپنے ساتھی کا اسکے امر سے تو جائز ہے اور نہ پھیرے اپنے شریک سے مگر اتنا جتنا زیادہ ادا کیا نصف سے بسبب غالب ہونے جہت اصالت کے نیابت کی جہت پر یعنی ضمانت کی جہت پر کیونکہ پہلے جہت دین ہے اور دوسرے مطالبہ ہے یہ حکم اس صورت مین ہے جبکہ دونون دین صفت اور سبب مین برابر ہون اور اگر صفت مختلف ہو اسطرح پر کہ ایک شخص پر دین موجل ہو اور دوسرے پر حال تو اگر صاحب اجل ادا کریگا تو اسکی تعیین اپنے شریک کی جانب سے صحیح ہے اور اس سے پھیر لے اور اسکے بالعکس مین رجوع نہین اور اگر سبب مختلف ہو اسطرح پر کہ ایک پر قرض ہو اور دوسرے پر ثمن مبیع تو تعیین مودی اپنے شریک کی جانب سے صحیح ہے اسواسطے کہ دو جنس مختلف مین نیت معتبر ہے نہ جنس واحد مین اور دونون کی کفالت اسواسطے شرط کی کہ اگر ایک اپنے شریک کا ضامن ہوگا نہ دوسرا اور ضامن ادا کریگا اور اپنے شریک کی جانب سے اسکو ٹھہرا دیگا تو اسکی تصدیق ہوگی اور نصف سے مراد وہ ہے جو اسکے حصے سے زیادہ ہو اگرچہ نصف سے کم یا زیادہ ہو کذا فی الطحطاوی

ولانہ لو رجع بنصفہ لادی الی الدور دور نہ اور اسواسطے کہ اگر رجوع بنصف دین کریگا تو دور کا موجب ہوگا کذا فی الدرر اسواسطے دور ہوگا کہ اگر نصف شریک کی جانب سے ہو بسبب کفالت کے تو اسکو شریک سے پھیر لینا جائز ہوگا اور شریک کو بھی رجوع کرنا جائز ہوگا اسواسطے کہ ادا نائب یعنی ادا کفیل بامر اصیل مانند ادا کرنے اصیل کے ہے اور اگر اصیل آپ ادا کرتا تو رجوع کرتا اسی طرح نائب کے ادا کرنے سے رجوع کریگا دریافت کرنا چاہیے کہ یہان حقیقت دور مراد نہین کیونکہ وہ عبارت ہے توقف الشئی علی نفسہ اور فی الحقیقۃ یہان تسلسل فی الرجوعات لازم ہے وان کفلا عن رجل لشئی بالتعاقب بان کان علی رجل دین فکفل عنہ رجلان کلواحد منہما بجمیعہ منفردا ثم کفل کل من الکفیلین عن صاحبہ بامرہ بالجمیع وبہذہ القیود خالفت الاولی اور اگر دو شخص ضامن ہو ایک مرد کی جانب سے بطریق تعاقب اسطرح پر کہ ایک مرد پر دین تھا سو اسکے دو مرد ضامن ہوئے انمین سے ہر شخص جمیع دین کا علیحدہ علیحدہ ضامن ہوا پھر دونون کفیلون مین سے ہر کفیل اپنے ساتھی کا ضامن ہوا اسکے امر سے سب دین کا اور ان قیود ثلثہ مذکورہ سے یہ مسئلہ پہلے مسئلے سے جدا ہو گیا ہم تعاقب کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر دونون شخص جانب اصیل سے جمیع دین کے ساتھ ہی ضامن ہون پھر ہر شخص اپنے ساتھی کا ضامن ہو تو یہ پہلا مسئلہ ہو جائیگا کیونکہ دونون پر دین نصفا نصفا منقسم ہوگا تو اصیل کے جمیع دین کا ضامن نہ ٹھہرا اور جمیع دین کی کفالت کی اسواسطے قید لگائی کہ اگر ہر شخص نصف نصف کا ضامن ہوگا پھر ہر واحد اپنے ساتھی کا ضامن ہو تو یہ پہلا مسئلہ ہو جائیگا اور اپنے ساتھی کے جمیع دین کی ضمانت کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر ہر شخص اصیل کے جمیع دین کا ضامن علی التعاقب ہو پھر ہر واحد اپنے ساتھی کے نصف دین کا ضامن ہو تو پہلا مسئلہ ہو جائیگا فما اداہ احدہما رجع بنصفہ علی شریکہ لکون الکل کفالۃ ہہنا سو دونون شخصون مین سے جو شخص جتنا مال قلیل یا کثیر ادا کریگا اسکے نصف کو اپنے شریک سے پھیر لیگا کیونکہ بالکل کفالت ہے ہم جب بالکل کفالت ہوئی بلا شائبہ صالت تو رجحان یہان ثابت نہوا بخلاف مسئلہ اولی کہ وہان اصالت راجح ہے کفالت پر اویرجع ان شاء بالکل علی الاصیل لکونہ کفل بالکل بامرہ یا اگر چاہے اصیل سے سب مال مودی پھیر لے کیونکہ وہ کل دین کا ضامن ہے اصیل کے امر سے وان ابرأ الطالب احدہما اخذ الطالب الکفیل الآخر بکلہ بحکم کفالتہ اور اگر طالب بری الذمہ کر دے ایک ضامن کو تو طالب دوسرے ضامن سے مواخذہ کرے تمام دین کا بحکم اسکی کفالت کے ہم چونکہ صورت مفروضہ یہ ہے کہ ہر واحد کل دین اصیل کا ضامن ہے پھر ہر شخص اپنے شریک کا ضامن ہے پھر جب طالب نے ایک کو معاف کر دیا تو دوسرے شخص کی کفالت جمیع دین کی باقی ہے لہذا کل دین کا مطالبہ اس سے صحیح ہے ولو افترق المفاوضان وعلیہما دین اخذ الغریم ایا شاء منہما بکل الدین لتضمنہا الکفالۃ کما مر اور اگر دو شریک مفاوض مین افتراق ہو یعنے شرکت مفاوضہ باقی نہ رہے اور دونون پر دین ہو تو صاحب دین انمین سے جس سے چاہے اپنے دین کا مواخذہ اور مطالبہ کرے بسبب متضمن ہونے مفاوضہ کے کفالت کو یعنے ہر شخص اپنے شریک کا ضامن ہوتا ہے چنانچہ کتاب الشرکۃ مین مذکور ہو چکا ہم دستور مین مذکور ہے کہ غریم وہ ہے جسکا دین ہو اور جسپر دین ہو کذا فی الطحطاوی یعنی دائن اور مدیون دونون کو غریم کہتے ہین ولا رجوع علی صاحبہ حتی یودی اکثر من النصف لما مر اور رجوع نہین اپنے ساتھی سے تاوقتیکہ

اگر نصف دین سے ادا کرے چنانچہ مسئلہ اولی کی تعلیل مین مذکور ہو چکا کہ وہ اصیل ہر نصف مین اور کفیل ہر نصف باقی مین تو جو ادا کریگا وہ اُسکے دین
مین شمار ہوگا بجہت اصالت پھر اگر نصف سے زیادہ ہوگا تو زائد کفالت مین داخل ہوگا تو اسی قدر مین رجوع ہر کاتب عبدیہ کتابۃ واحدۃ وکفل
کل من العبدین عن صاحبہ صح استحسانا مولی نے مکاتب کیا اپنے دو غلامون کو ایکبارگی کتابت سے یعنی یون کہا مثلاً کہ مین نے تمکو مکاتب کیا ایک ہزار درم
پر ایک سال تک اور ہر غلام اپنے ساتھی دوسرے غلام کا ضامن ہوا تو صحیح ہر بطریق استحسان کے ہم بطریق قیاس یہ کفالت صحیح نہین کیونکہ کفالت مکاتب کی اور بدل
کتابت کی کفالت علاحدہ علاحدہ صحیح نہین تو در صورت اجتماع بطریق اولی صحیح نہوگی وجہ استحسان یہ ہر کہ تصرف انسان کا حتی الامکان واجب التصحیح ہر اور شارع کی
رضامندی عتق مین ثابت ہر کذا فی الطحطاوی ملخصاً وحینئذ فما ادی احدہما رجع علی صاحبہ بنصفہ لاستوائہما اور اسوقت مین جو کچھ کہ ایک مکاتب ادا
کریگا اپنے ساتھی سے اسکا نصف مال پھر لیگا بسبب برابر ہونے دونون کے یعنی اصالت اور کفالت مین ولو اعتق المولی احدہما والمسئلۃ بحالہا صح واخذ ایاً شاء
منہما بحصتہ من لم یعتقہ المعتق بالکفالۃ والآخر بالاصالۃ اور اگر مولی نے ایک مکاتب کو آزاد کر دیا اور مسئلہ بدستور سابق ہر تو صحیح ہر اور مواخذہ کرے مولی دونون
مین سے جس سے چاہے اُس غلام کا حصہ جسکو اُسنے آزاد نہین کیا غلام آزاد سے مطالبہ کرے بسبب کفالت کے اور دوسرے غلام غیر آزاد سے بباعث اصالت کے
فان اخذ المعتق رجع علی صاحبہ لکفالتہ وان اخذ الآخر لا لاصالتہ پھر اگر مولی مواخذہ اور مطالبہ کرے آزاد غلام سے تو وہ اپنے ساتھی سے پھر لے
بسبب اسکی ضمانت کے اور اگر دوسرے غلام سے مطالبہ کرے تو وہ رجوع نہین کر سکتا بسبب اپنی اصالت کے واذا کفل شخص عن عبد مالا موصوفا بکونہ لم یظہر
فی حق مولاہ بل فی حقہ بعد عتقہ کمال لزمہ باقرار او استقراض او استہلاک وودیعۃ فہو ای المال المذکور حال وان لم یسمہ ای الحلول لحلہ علی العبد ولم
مطالبتہ لعسرتہ والکفیل غیر معسر ویرجع بعد عتقہ لو بامرہ ولو کفل بہ حالاً اجل کما مر اور جبکہ ضامن ہوا ایک شخص غلام کی طرف سے اُس مال کا جسکا دین ہونا حق
مولی مین ظاہر نہین بلکہ غلام کے حق مین ظاہر ہر بعد اسکے آزاد ہونے کے چنانچہ وہ مال جو غلام کو لازم ہوا اقرار یا استقراض یا استہلاک ودیعت سے ہر
تو وہ یعنی مال مذکور حال ہر نہ موجل اگرچہ اُسنے حلول کا نام نہ لیا ہو بسبب حلال ہونے مال کے غلام پر اور عدم مطالبہ مال غلام سے بسبب اُسکی فقیری یا تنگدستی
کے ہر اور کفیل اسکا فقیر اور تنگدست نہین اور ضامن غلام سے مال مذکور پھر لیگا اگر کفالت غلام کے امر سے ہوئی ہو اور اگر ضامن نے مال کی ضمانت موجل
کی ہو تو اس صورت مین مال موجل ہوگا نہ حال چنانچہ مذکور ہو چکا ادعی شخص رقبۃ عبد فکفلہ رجل فمات العبد المکفول بہ قبل تسلیمہ فبرہن المدعی
انہ کان لہ ضمن الکفیل قیمتہ لجوازہا بالاعیان المضمونۃ کما مر دعوی کیا ایک شخص نے غلام کی گردن کا سو اسکا ایک مرد ضامن ہوا پھر غلام مکفول بہ مرگیا
قبل اسکی تسلیم کے سو مدعی نے بشہادت ثابت کیا کہ وہ غلام اسکا مملوک تھا تو ضامن ضمان دے اسکی قیمت بسبب جائز ہونے اعیان مضمونہ کی ضمانت
کے چنانچہ مذکور ہو چکا ہم اعیان مضمونہ سے اعیان مضمونہ بنفسہا مراد ہین اور اعیان قابض پر عین واجب ہر اور بعد ہلاکی عین رد قیمت واجب ہر اسی طرح
ضامن پر شہادت کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر ملک مدعی قابض کے اقرار سے یا عند التحلیف قسم کے انکار سے ثابت ہو تو قیمت عبد مدعی علیہ پر لازم ہر نہ کفیل پر
کذا فی الطحطاوی ولو ادعی علی عبد مالا فکفل بنفسہ ای نفس العبد رجل فمات العبد بری الکفیل کما مر فی الحر اور اگر غلام پر مال کا دعوی کیا سو ایک
مرد غلام کا حاضر ضامن ہوا پھر غلام مرگیا تو ضامن بری الذمہ ہو گیا چنانچہ آزاد کی حاضر ضامنی مین مذکور ہو چکا یعنی اسواسطے کہ مکفول بہ کی موت سے ضمانت
باطل ہو جاتی ہر بسبب تعذر تسلیم کے ولو کفل عبد غیر مدیون مستغرق عن سیدہ بامرہ جاز لان الحق لہ اور اگر وہ غلام جو مدیون مستغرق بالدین نہین
ضامن ہوا اپنے مولی کی طرف سے اُسکے امر سے تو جائز ہر اسواسطے کہ حق ملکیت غلام مولی کے واسطے ثابت ہر ہم ظاہراً غلام مین لیاقت کفالت نہین کیونکہ اہل
تبرع نہین مانند صغیر کے مگر مولی کے امر سے اسکی عدیم التصرفی زائل ہوگی پھر جبکہ غلام پر دین نہو تو اسکی مالیت مین مولی کا حق ہر لہذا مولی کا اذن اسکے ضامن
ہونے مین کافی ہو گیا اور اگر غلام مستغرق بالدین ہوگا تو اسکی کفالت صحیح نہین کذا فی الطحطاوی فاذا اعتق فاداہ وکفل سیدہ عنہ بامرہ فاداہ لو بعد

نہین تو حوالہ عبد ماذون اور مجور کا صحیح ہے اور رضا محیل کی بھی شرط ہے تو اگر وہ مکرہ ہوگا تو صحیح نہوگا اور صحت محیل شرط نہین تو مریض کا حوالہ صحیح ہے اور محتال مین بھی عقل اور بلوغ
شرط نفاذ ہے تو صغیر عاقل کا احتیال ولی کی اجازت پر موقوف ہوگا اور اگر محتال علیہ محیل سے زیادہ تر مالدار ہو اور منجملہ شرائط رضا ہے تو احتیال مکرہ غیر صحیح ہے اور ہونا اُسکا مجلس حوالہ مین
شرط ہے تو اگر محتال غائب ہو مجلس سے اور سنکر جائز رکھے تو حوالہ منعقد نہین اور محال علیہ مین عقل اور بلوغ شرط ہے تو حوالہ قبول کرنا صغیر کا صحیح نہین اگرچہ بامر محیل ہو اور گو
اُسکا ولی اُسکو جائز رکھے اسواسطے کہ بامر رضا ہے اور منجملہ شرائط رضا ہے اور ہونا محال علیہ کا مجلس حوالہ مین اور شرط انعقاد ہے اور محال بہ مین یہ شرط ہے کہ دین صحیح لازم معلوم ہو تو
بدل کتابت کا حوالہ صحیح نہین تو جسکی کفالت صحیح نہین اُسکا حوالہ بھی صحیح نہین کذا فی الطحطاوی عن البحر والحوالۃ شرط لصحتہا رضی الکل بلا خلاف الا فی الاول
وہو المحیل فلا یشترط علی المختار شرنبلالیۃ عن المواہب اور صحت حوالہ کے واسطے رضامندی سب کی بلا خلاف مشروط ہے مگر اول یعنی محیل مین سو اُسکی رضامندی بنابر قول مختار
شرط نہین کذا فی الشرنبلالیۃ عن المواہب ھ زیادات مین رضا محیل شرط نہین مگر قدوری مین شرط ہے رضامندی محتال کی اسواسطے شرط ہے کہ دین منتقل بحوالہ محتال کا حق ہے
اور لوگ حسن ادا اور مطل یعنی ٹال بال مین متفاوت ہوتے ہین تو اُسکی رضامندی ضرور ہے کہ اُسکا ضرر لازم نہ آوے محتال علیہ کی نادہندی سے اور رضامندی محتال علیہ
کی اسواسطے شرط ہوئی کہ اُسپر دین کا ادا کرنا لازم ہوتا ہے اور لزوم دین نہین ہوتا مگر اُسکے التزام سے اگرچہ محتال علیہ محیل کا مدیون ہو کیونکہ لوگ تقاضا کرنے مین متفاوت
ہوتے ہین کوئی آسانی سے مانگتا ہے اور کوئی سختی سے ورضا محیل اسواسطے شرط نہوئی لقول مختار کہ دین کا التزام یعنی قبول کرنا یہ تصرف ہے محتال علیہ کا اپنی ذات کے حق مین
اور محیل کا اسمین کچھ ضرر نہین بلکہ اسمین اُسکا فائدہ ہے کیونکہ محتال علیہ اُسپر رجوع نہین کر سکتا جبکہ حوالہ بامر محیل نہو کذا فی النہر امام احمد بن حنبل اور ابن ابی شیبہ نے
روایت کی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مطل الغنی ظلم اذا احیل احدکم علی ملی فلیحتل) یعنی مالدار کا ٹالنا اور ادا دین نہ کرنا ظلم ہے اور جب تم مین سے کسی کو حوالہ
کیا جاے مالدار پر تو چاہیے کہ حوالہ قبول کرے اکثر اہل علم کے نزدیک یہ استحباب کا امر ہے اور امام احمد کے نزدیک امر وجوب ہے اور حق ظاہر یہ ہے کہ یہ امر اباحت کا ہے یعنی دلیل ہے جواز
نقل دین یا نقل مطالبہ کی شرعًا کذا فی الفتح ملخصًا بل قال ابن الکمال انما شرطہ القدوری للرجوع علیہ فلا اختلاف فی الروایۃ بلکہ ابن کمال نے کہا کہ قدوری نے رضاء
محیل اسی واسطے شرط کی ہے کہ اُسپر رجوع درست ہو تو کچھ اختلاف نہین روایت مین ھ یہ توفیق بین القولین ہے یعنی اشتراط رضا کا قول اسپر محمول ہے کہ محتال علیہ محیل پر
رجوع نہین کر سکتا مگر جبکہ حوالہ اُسکی رضا سے ہو اور عدم اشتراط کا قول صحت حوالہ پر فی حد ذاتہا محمول ہے لکن استظہر الاکمل ان ابتدارہا ان من المحیل شرط ضرورۃ والا لا کذا
اکمل نے عنایہ مین قول ظاہر اُسکو کہا ہے کہ ابتدا حوالہ اگر محیل کی طرف سے ہو تو رضا محیل ضرور شرط ہے اور نہین تو شرط نہین ھ یعنی اگر محیل کیجانب سے ہے تو احالہ
ہے اور یہ فعل اختیاری ہے کہ بدون ارادہ اور رضا کے متصور نہین اور یہ روایت قدوری کا محمل ہے اور اگر ابتدا اُسکی محال علیہ کی جانب سے ہے تو احتیال ہے کہ فقط رضا
محال علیہ سے تمام ہو جاتا ہے بدون رضا محیل اور یہ روایت زیادات کا محمل ہے انتہی خلاصۃ العنایۃ الحاصل حوالہ قدوری کے کلام مین یعنی احالہ ہے اور زیادات کے
کلام مین یعنی احتیال ہے کذا فی الطحطاوی عن الحموی وارادبالرضی القبول فان قبولہا فی مجلس الایجاب شرط الانعقاد بحر عن البدائع اور رضا سے قبول کا ارادہ کیا
یعنی عدم رد بلا قبول مراد نہین اسواسطے کہ حوالہ قبول کرنا ایجاب کی مجلس مین انعقاد حوالہ کی شرط ہے کذا فی البحر عن البدائع ھ اور بعضے نسخے مین قبولہا ہے یعنی قبول
محتال اور محتال علیہ شرط انعقاد ہے یہ مذہب ہے طرفین کا اور ابو یوسف کے نزدیک قبول نفاذ حوالہ کی شرط ہے تو اگر محتال علیہ غائب ہو مجلس سے پھر اُسکو خبر پہونچے اور وہ
جائز رکھے تو حوالہ منعقد نہوگا طرفین کے نزدیک بخلاف ابو یوسف کے اور صحیح طرفین کا قول ہے کذا فی البحر لکن فی الدرر وغیرہا الشرط قبول المحتال او نائبہ ورضی الباقین
لا حضورہما واقرہ المصنف لکن درر وغیرہا مین محتال یا اُسکے نائب کا قبول کرنا شرط ہے اور باقی شخصون کی رضامندی شرط ہے نہ حاضر ہونا محیل اور محتال علیہ کا اور
ثابت رکھا اُسکو مصنف نے اپنی شرح مین ھ بزازیہ اور خانیہ مین بھی یہی مذکور ہے اور اگر ان کتب کے روایات کو ابو یوسف کے قول پر محمول کیجیے تو منافات باقی نہین رہتی
لیکن مذکور ہو چکا کہ طرفین کا قول صحیح ہے نہ ابو یوسف کا کذا فی الطحطاوی وتصح فی الدین المعلوم لا فی العین زاد فی الجوہرۃ ولا فی الحقوق انتہی اور حوالہ صحیح ہے دین
معلوم غیر مجہول مین نہ عین مین جوہرہ مین زیادہ کیا اور نہ حوالہ صحیح ہے حقوق مین انتہی ھ عین مین اسواسطے حوالہ صحیح نہین کہ وہ ثابت فی الذمہ نہین تو اُسکا نقل کرنا

اُسمین قسم لیتین سپر ہو نہ علم پر اور اعتبار قول محیل کی یہ وجہ ہی کہ وہ عود دین کا منکر ہی طالب المحتال علیہ المحیل بما ای بمثل ما احال بہ مدعیا قضاء دینہ بامرہ فقال المحیل انما
احلت بدین ثابت لی علیک لم یقبل قولہ بلا حجۃ ضمن المحیل مثل الدین للمحتال علیہ لانکارہ مطالبہ کیا محتال علیہ نے محیل سے اس دین کے مماثل کا جسکا محیل نے
حوالہ کیا تھا مطالبہ کیا یون مدعی ہوکر کہ اُسکا دین ادا کیا اُسکے امر سے سو محیل نے کہا کہ مین نے تو اُسی دین کا حوالہ کیا جو میرا ثابت تھا تیرے اوپر تو اُسکا قول مقبول نہ
ہوگا بلکہ محیل مماثل دین کا ضامن دیگا محتال علیہ کو بسبب منکر ہونے محتال علیہ کے ہم یعنی محیل مدعی دین ہی اور محتال علیہ منکر ہی لہذا منکر کا قول معتبر ہوا اگر کوئی شبہہ
کرے کہ جب محتال علیہ نے حوالہ قبول کیا تو معلوم ہوا کہ وہ محیل کا مدیون تھا اُسکا جواب شارح نے آئندہ قول مین دیا و قبول الحوالۃ لیس اقرارا بالدین لصحتہا بدونہ اور حوالہ
قبول کرنا دین کا اقرار نہین بسبب صحیح ہونے حوالہ کے بدون دین کے بھی وان قال المحیل للمحتال احلتک علی فلان بمعنی وکلتک لتقبضہ لی فقال المحتال بل احلتنی
بدین لی علیک فالقول للمحیل لانہ منکر ولفظ الحوالۃ مستعمل فی الوکالۃ اور اگر محیل نے محتال سے کہا کہ مین نے تیرا حوالہ کیا فلانے پر یعنی تجھکو وکیل کیا تاکہ دین
میرے واسطے قبض کرے سو محتال نے کہا بلکہ تو نے میرے دین کا حوالہ کیا تھا جو تجھپر ثابت ہی تو محیل کا قول معتبر ہی کیونکہ وہ منکر ہی یعنی محتال مدعی دین ہی اور وہ دین کا
منکر ہی اور لفظ حوالہ وکالت مین مستعمل ہی یعنی باعتبار مجاز ہم اگر کوئی کہے کہ حقیقت حوالہ نقل دین ہی تو حوالہ بمعنی وکالت خلاف حقیقت ہی بلا دلیل اُسکا جواب یہ ہی کہ دلالت
محتملات لفظ سے ہی اسواسطے کہ حوالہ وکالت مین مستعمل ہوتا ہی مجازا کیونکہ وکالت مین نقل تصرف ہی موکل سے طرف وکیل کے تو اُسکا ارادہ کرنا جائز ہوا تو محیل کی تصدیق ہوگی
اس مراد مین لیکن قسم کے ساتھ کیونکہ اسمین کچھ مخالفت ہی ظاہر کی کذا فی الطحطاوی احال بمالہ عند زید حال کونہ ودیعۃ بان اودع رجلا الفا ثم احال بہا غریمہ صحت
حوالہ کیا محیل نے اپنے اُس مال کا جو زید کے پاس ہی در انحالیکہ وہ ودیعت ہی اسطرح پر کہ امانت رکھی ایکمرد کے پاس ہزار پھر اُنکا حوالہ کیا اپنے دائن کو تو حوالہ صحیح ہی
ہم ودیعت سے امانت مراد ہی تو عاریت اُسمین داخل ہوئی اور وہ عین مستاجر ہی جسکی مدت اجارہ منقضی ہوگئی فان ہلکت الودیعۃ بری المودع دعاد الدین للمحیل
لان الحوالۃ مقیدۃ بہا بخلاف المقیدۃ بالمغصوب فانہ لا یبرأ لان مثلہ یخلفہ پھر اگر ودیعت ہلاک ہو تو ودیعت دار بری الذمہ ہو جائیگا حوالہ سے اور دین عود کریگا محیل پر
اسواسطے کہ حوالہ مقید تھا ودیعت کے وجود سے بخلاف اُس حوالہ کے جو مقید بمغصوب ہی اسواسطے کہ ہلاک مغصوب سے محال علیہ یعنی غاصب بری الذمہ نہین ہوتا حوالہ سے
کیونکہ مثل یعنی بدل مغصوب اُسکے قائم مقام ہوتا ہی ہم تعلیل مذکور سے معلوم ہوتا ہی کہ اگر مغصوب بلا بدل ہلاک ہوا اسطرح پر کہ وہ مستحق ملک غیر ثابت ہو شہادت سے تو مغصوب
ودیعت کے مانند ہوگا براءت مین کذا فی الطحطاوی عن شرح العینی وتصح ایضا بدین خاص فصارت الحوالۃ المقیدۃ ثلثۃ اقسام اور حوالہ صحیح ہوتا ہی دین خاص سے
کبھی تو حوالہ مقیدۃ تین قسم ہوگیا ہم یعنی ایک حوالہ مقیدہ بودیعت اور دوسرا مقیدہ بمغصوب اور تیسرا مقیدہ بدین خاص تقیید بدین خاص اسطرح پر کہ حوالہ کو قرض یا اُسکے
اُسکے اور کسی دین کے ساتھ مقید کرے وحکمہا ان لا یملک المحیل مطالبۃ المحتال علیہ ولا المحتال علیہ دفعہا للمحیل مع ان المحتال اسوۃ لغرماء المحیل بعد موتہ اور حوالہ مقیدہ
کا حکم یہ ہی کہ محیل محتال علیہ سے مطالبہ کا مالک نہین اور نہ محتال علیہ محیل کو اُسکے دینے کا مالک ہی باوجودیکہ محتال محیل کے دین والون کے ساتھ برابر ہی اُسکی
موت کے بعد ہم یعنی اگر محیل مریگا قبل قبض کرنے محتال کے تو عین یا دین محال محیل کے سبب ارباب دیون مین حصون کے موافق منقسم ہوگا کیونکہ وہ محیل کا مال ہی
اُسپر کسی کا قبض ثابت نہین کیونکہ محتال کا بھی وہ مملوک نہین ہوا بسبب عدم قبض کے کذا فی الطحطاوی بخلاف الحوالۃ المطلقۃ کما بسطہ خسرو وغیرہ بخلاف حوالہ
مطلقہ کے چنانچہ ملا خسرو وغیرہ نے اُسکو مشرح بیان کیا ہی ہم یعنی حوالہ مطلقہ مخالف ہی حوالہ مقیدہ کے احکام مذکورہ مین یعنی محیل محتال علیہ سے عین یا دین کا مطالبہ
کر سکتا ہی اور محتال علیہ محیل کو دے سکتا ہی اور محتال علیہ محیل سے رجوع کر سکتا ہی بعد ادا کے اگر حوالہ اُسکی رضا سے ہو کذا فی الطحطاوی عن فتح القدیر مین ہی کہ حوالہ مطلقہ
یہ کہ محیل طالب سے کہے کہ مین نے تیرا حوالہ کیا اس مرد پر اور یہ نہ کہا کہ محال علیہ اُس مال سے ادا کرے جو میرا اُسپر ہی تو اگر اسطرح حوالہ کرے اور محیل کا محال علیہ کے پاس
مغصوب یا ودیعت یا دین ہو تو محیل اُسکو طلب کر سکتا ہی کیونکہ اس عین اور دین سے محتال کا حق متعلق نہین اسواسطے کہ حوالہ اس سے مطلق واقع ہوا ہی بلکہ حق محتال کا محتال علیہ
کے ذمہ پر ہی اور ذمہ مین آسانی اور گنجایش ہی یعنی وہ اپنے مال سے ادا کرے تو محیل محتال علیہ سے اپنا دین یا عین لیگا اور حوالہ باطل ہوگا اور منجملہ حوالہ مطلقہ یہ صورت ہی کہ

اُسپر حوالہ کرے جسپر محیل کا دین ہو نہ اُسکے پاس اُسکا عین ہو (انتہی باع بشرط ان یحیل علی المشتری بالثمن غیر یالہ ای للبائع بطل ولو باع بشرط ان یحتال بالثمن صح لانہ شرط ملائم کشرط الجودۃ بخلاف الاول) بائع نے بیع کی اس شرط سے کہ مشتری پر ثمن کا حوالہ کریگا بائع اپنے دین والے کو تو بیع باطل ہے اور اگر بیع کی اس شرط سے کہ بائع ثمن کا حوالہ قبول کریگا تو بیع صحیح ہے اسواسطے کہ احتیال شرط ملائم عقد ہے مانند شرط کرنے جودت ثمن کے بخلاف اول کے ہم وجہ بطلان بیع یہ ہے کہ اس شرط کو عقد بیع مقتضی نہیں اور اسمیں بائع کا فائدہ ہے پھر جب بیع باطل ہوئی تو حوالہ بھی باطل ہو گیا بخلاف صورت ثانیہ کی شرط کے کہ وہ مناسب عقد ہے کیونکہ وہ تاکید عقد کی موجب ہے اسواسطے کہ حوالہ عادت میں اکثر اس شخص پر ہوتا ہے جو مالدار اور خوش معاملہ ہو تو یہ جودت ثمن کی شرط کے مانند ہوئی کذا فی الدرر (ادی المال فی الحوالۃ الفاسدۃ فہو بالخیار ان شاء رجع علی المحتال القابض وان شاء رجع علی المحیل وکذا فی کل موضع ورد الاستحقاق براز یۃ) محتال علیہ نے مال ادا کیا حوالہ فاسدہ میں تو اُسکو اختیار ہے چاہے اپنا مال محتال قابض سے پھیر لے اور چاہے محیل سے پھیر لے اور اسی طرح حکم ہے ہر ایک اس مکان میں جہاں استحقاق وارد ہو کذا فی البزازیہ ہم استحقاق وارد ہو یعنی محال علیہ کا استحقاق رجوع ثابت ہو جیسا کہ بائع نے کوئی چیز بیچی اور ثمن کا حوالہ کیا ایک شخص کو پھر بیع مستحق غیر ثابت ہوئی بعد ادا کرنے کے تو محال علیہ کو اختیار ہے چاہے بائع سے چاہے قابض سے اپنا مال پھیر لے

وفیہا من صور فساد الحوالۃ ما لو شرط فیہا الاعطاء من ثمن دار المحیل مثلا لعجزہ عن الوفاء بالملتزم نعم لو اجاز جاز کما لو قبلہا المحتال علیہ بشرط الاعطاء من ثمن دارہ ولکن لا یجبر علی البیع ولو باع یجبر علی الاداء اور بزازیہ میں ہے کہ فساد حوالہ کی صورتوں میں سے وہ صورت ہے جسمیں مثلاً محال بہ کا دینا ثمن دار محیل سے شرط ہو بسبب عاجز ہونے محتال علیہ کے اُسکے دینے سے جسکا التزام کیا ہاں اگر محیل اپنے گھر بیچنا جائز رکھے تو حوالہ جائز ہو گا جیسا کہ اسطرح سے جائز ہے اگر حوالہ کو محتال علیہ قبول کرے بشرطیکہ محیل اپنے گھر کے ثمن سے عطا کرے ولیکن محال علیہ پر زبردستی نہو گی بیع پر اور اگر بیع کر لیگا تو ادا کے محال بہ پر زبردستی ہوگی ہم یعنی اگر محیل نے اپنے گھر کی بیع کا امر کیا محال علیہ کو تو اب حوالہ جائز ہو گا کیونکہ اب اُسکو بیع اور ادا پر قدرت حاصل ہوئی لیکن اُسکے بیچ ڈالنے پر زبردستی نہو گی کیونکہ ادا واجب نہیں قبل بیع کے ہاں اگر بیع کریگا تو ادا پر زبردستی ہو گی بسبب ثابت ہونے وجوب کے کذا فی الطحطاوی ملخصاً (ولا یصح تاجیل عقدہا فلو قال ضمنت بما لک علی فلان علی ان احیلک بہ علی فلان الی شہر الصرف التاجیل الی الدین لانہ لا یصح تاجیل عقد الحوالۃ بحر عن المحیط) اور عقد حوالہ کی تاجیل صحیح نہیں تو اگر ایک شخص نے کہا کہ میں تیرے اُس مال کا ضامن ہوا جو فلانے شخص پر ہے اس شرط سے کہ میں تیرے مال کا فلانے شخص پر حوالہ کر دونگا بعد مہینے کے تو یہ تاجیل دین کی طرف منصرف ہو گی یعنی ضامن پر ادائے دین بعد ایک مہینے کے لازم ہو گا اسواسطے کہ عقد حوالہ کی تاجیل صحیح نہیں کذا فی البحر عن المحیط (وکرہت السفتجۃ بضم السین وتفتح وفتح التاء) اور مکروہ ہے سفتجہ بضم سین و سکون فا و فتح تا اور سین کا فتحہ بھی جائز ہے ہم سفتجہ معرب ہے سفتہ کا جو بمعنی شئے محکم ہے چونکہ اس قرض میں سقوط خطر طریق سے محکمی اور مضبوطی حاصل ہوگی لہذا اسے سفتجہ ہوا (وہی اقراض لسقوط خطر الطریق) اور سفتجہ یعنی ہنڈوی کرنا قرض دینا ہے خطر راہ کے ساقط ہو جانے کے واسطے ہم صورت اُسکی یہ ہے کہ اپنا مال دے کسی شہر میں ایک تاجر یا مہاجن کو بطریق قرض تاکہ وہ اُسکے دوست یا وکیل کو مثلاً دوسرے شہر میں دے تا اس طریقے سے خطر راہ سے محفوظ رہے تو مقرض کو اس قرض سے فائدہ حاصل ہوا یعنی خطر راہ کا ساقط ہو گیا وجہ کراہت وہ حدیث ہے جو حارث بن اسامہ کی سند میں علی مرتضی رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (کل قرض جر نفعا فہو ربوا) یعنی جو قرض کہ فائدہ کھینچے وہ بیاج ہے اور یہ حدیث ضعیف ہے کہ اُسکی سند میں سوار بن مصعب ہے جسکو عبد الحق نے متروک کہا اور ابن عدی نے کامل میں جابر بن سمرہ سے روایت کی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (السفتجۃ حرام) یعنی ہنڈوی حرام ہے اور یہ حدیث بواسطہ عمرو بن موسی ضعیف ہے کہ اُسکی بخاری اور نسائی اور ابن معین نے تضعیف کی ہے اور ابن جوزی نے اُسکو موضوعات میں ذکر کیا اور اس باب میں احسن روایت جو صحابہ اور سلف سے منقول ہے وہ اثر ہے جو ابن ابی شیبہ کے مصنف میں عن خالد الاحمر عن حجاج عن عطاء سے منقول ہے (کانوا یکرہون کل قرض جر منفعۃ) یعنی صحابہ کرام مکروہ جانتے تھے ہر ایک اس قرض کو جو منفعت کھینچ لاوے کذا فی الفتح ملخصاً حموی نے کہا اور دوسری وجہ کراہت یہ ہے کہ یہ تملیک دراہم ہے بعوض دراہم کے پھر جب یہ شرط ہوئی کہ دوسرے شہر میں دے تو یہ بحکم تاجیل ہے اور تاجیل اعیان میں صحیح نہیں (وکانہ احال الخطر المتوقع علی المستقرض فکان فی معنی الحوالۃ) گویا مقرض نے خطر متوقع کو قرض لینے والے پر ڈالا تو بمعنی حوالہ ہو گیا ہم شارح نے یہ وجہ مناسبت سفتجہ کی

کتاب الحوالہ کے ساتھ بیان کی باتباع امام کردی فتح القدیر اور نہر الفائق مین وجہ مناسبت یون مذکور ہی کہ سفتجہ معاملہ فی الدیون ہی مانند کفالت اور حوالہ کے طحطاوی نے علامہ دانی
سے نقل کیا کہ ہنڈوی مشابہ حوالہ ہی اسی سبب سے کہ مقرض قرض دیتا ہی تاجر کو پھر مقرض حوالہ کرتا ہی اپنے مال کا جو مستقرض پر اپنے دائن یا دوست کے واسطے جو دوسرے
شہر مین ہی وقالوا اذا لم تکن المنفعۃ مشروطۃ ولا متعارفۃ فلا باس یہ اور فقہا نے کہا کہ جب ہنڈوی مین منفعت مذکورہ مشروط اور متعارف نہو تو اسکا کچھ مضائقہ نہین ھم ظاہر عبارت
اسپر دلالت کرتی ہی کہ یہ قول متفق علیہ ہی اور حالانکہ ایسا نہین بلکہ ایک قول یہ ہی کہ کراہت اس فعل کی مطلقاً ہی چنانچہ اس متن مین اور کنز کے متن کے اطلاق سے معلوم
ہوتا ہی شارح زیلعی نے کہا کہ مناط کراہت جر نفع ہی خواہ مشروط ہو یا نہو اور دوسرا قول یہ ہی کہ جب منفعت مشروط نہو تو کچھ مضائقہ نہین اور اسی قول پر جزم کیا ہی فتاوے
صغرٰی مین اور واقعات حسامیہ اور کفالہ شہیدیہ مین اور بزازیہ کے باب الصرف مین بھی اسی کو مذکور کیا ہی کذا فی النہر فتح القدیر اور شرح حموی مین واقعات سے شرطی کی صورت
اسطرح مذکور ہی کہ ایک مرد نے دوسرے کو مال قرض دیا اس شرط پر کہ مستقرض اسکو لکھدے فلانے شہر کی طرف اور اگر قرض دیا بغیر اس شرط کے اور مستقرض نے لکھدیا
تو جائز ہی فتح القدیر اور نہر الفائق مین ہی کہ فقہا نے کہا کہ عدم شرط کے ساتھ اسوقت حلال ہی جبکہ اسکا یعنی دوسرے شہر پر لکھدینے کا رواج اور عرف ظاہر نہو اور اگر
معروف اور رائج ہو کہ یہ فعل اسواسطے ہوتا ہی یعنی یہ اقراض سقوط خطر کے واسطے مروج ہو تو حلال نہین انتہی طحطاوی نے کہا خلاصہ یہ ہی کہ عدم اشتراط کے قول پر حلت
ہونے کا محل وہ ہی جبکہ اسکا رواج نہو اسواسطے کہ متعارف مشروط کے مانند ہی انتہی فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا فی النہر والبحر عن صرف البزازیۃ ولو ان المستقرض وہب منہ
الزائد لم یجز لانہ مشاع یحتمل القسمۃ نہر اور بحر مین بزازیہ کے باب الصرف سے منقول ہی اور اگر مستقرض اسمین سے زائد کو ہبہ کر دے تو جائز نہین کیونکہ وہ مشاع ہی
محتمل القسمۃ ھم شارح نے اختصار کیا عبارت کا اور پوری روایت بزازیہ کی یون ہی کہ مدیون کے ہدیہ قبول کرنے اور اسکی دعوت قبول کرنے مین بلا شرط کچھ مضائقہ
نہین اور اسی طرح اگر عمدہ تر ادا کرے مقبوض سے تو حلال ہی بلا شرط اور اگر ناقص تر یا وزن مین راجح تر ادا کرے اگر وہ کثیر ہی تو جائز نہین اور اگر قلیل ہی
تو جائز ہی اور جو تفاوت موازین مین داخل ہو اور مین الکیلین جاری ہو تو وہ اسکو یعنی دائن کو مسلم نہین بلکہ اسکو پھیر دے اور ایک درم کو سو درم مین بالاتفاق
پھیر دے اور نصف درم مین اختلاف ہی بعضون نے کہا کہ کثیر ہی اور بعضون نے کہا قلیل ہی اور اگر مستقرض اسمین سے زائد ہبہ کرے تو جائز نہین کیونکہ وہ مشاع
محتمل القسمۃ ہی انتہی اور اسکو تامل کر کہ اگر نصف دینار قرض لے اور پورا دینار ادا کرے اور زائد کو ہبہ کر دے تو وہ ایسا مشاع ہی جو محتمل القسمۃ نہین پھر مین نے
عارف سنان افندی کی تبیین المحارم مین دیکھا کہ اول تو انھون نے قاضی خان سے بزازیہ کے مانند نقل کیا پھر یہ کہا کہ جسمین احتمال قسمت نہو تو جائز ہی یعنی ہبہ مشاع
کذا فی الطحطاوی ولو توکل المحیل عن المحتال القبض دین الحوالۃ لم یصح اور اگر وکیل ہو محیل محتال کی طرف سے دین حوالہ کے قبض کرنے کا تو صحیح نہین ھم اسواسطے صحیح نہین
کہ محیل اپنے واسطے عمل کرتا ہی تا ابراء ذمہ حاصل کرے کذا فی البحر طحطاوی نے کہا بعضی نسخے مین بجاے عن المحتال علی المحتال ہی تو وہان علی بمعنی عن ہی و لو شرط المحتال الضمان
علی المحیل صح ولیطالب ایاشاء لان الحوالۃ بشرط عدم براءۃ المحیل کفالۃ خانیہ اور اگر محتال محیل پر تاوان شرط کرے تو صحیح ہی اور مطالبہ کرے جس سے چاہے خواہ محیل سے خواہ
محال علیہ سے اسواسطے کہ حوالہ بشرط عدم براءت محیل کفالت ہی کذا فی الخانیہ چنانچہ کفالت بشرط براءت اصیل حوالہ ہی کذا فی العالمگیریہ وفیہا عن الثانی لو غاب المحال علیہ ثم
جاء المحال وادعی جحودہ المال لم یصدق وان برہن لان المشہود علیہ غائب فلو حاضر وجحد الحوالۃ ولا بینۃ کان القول لہ وجعل جحودہ فسخا اور خانیہ مین ابو یوسف سے
مروی ہی کہ اگر محال علیہ غائب ہو پھر محتال آوے اور اسکے انکار مال کا دعوی کرے تو اسکی تصدیق نہوگی اگرچہ اس دعوی کو بشہادت ثابت کرے اسواسطے کہ مشہود علیہ
یعنی محال علیہ غائب ہی سو اگر محال علیہ حاضر ہوا اور وہ حوالہ کا انکار کرے اور گواہ نہون عقد حوالہ کے تو محتال ہی کا قول معتبر ہوگا اور اسکا انکار فسخ حوالہ قرار
دیا جائیگا ھم تو اس صورت مین محیل پر دین عود کریگا کیونکہ براءت محیل بشرط السلامت حق محتال ہی اور یہ مسئلہ ہلاکت دین کا ہی جو سابق مین مذکور ہو چکا فرع مسئلہ
ملحقہ شارح کا الاب او الوصی اذا احتال بمال الیتیم فان کان خیرا للیتیم بان کان الثانی املأ صح سراجیہ والا لم یجز کما فی مضاربۃ الجوہرۃ وافاد ہنا عدم الجواز
لو تساویا او تقاربا وبہ جزم فی الخانیۃ والوجہ لہ لانہ حینئذ اشتغال بما لا یفید والعقود انما شرعت للفائدہ انتہی باپ یا وصی جبکہ مال یتیم کا حوالہ

قبول کرے تو اگر یہ یتیم کے حق مین بہتر ہو اسطرح پر کہ دوسرا شخص یعنی محال علیہ زیادہ تر مالدار ہو محیل سے تو صحیح ہی کذا فی السراجیہ اور اگر زیادہ تر مالدار نہو تو حوالہ قبول کرنا جائز نہین
چنانچہ جوہرہ کی کتاب المنار ہی مین ہی مین کہتا ہون کہ مفاد اشتراط خیریت عدم جواز حوالہ ہی اگر دونون شخص محیل اور محال علیہ متساوی ہون مالداری اور ادائی دین مین یا دونون
متقارب ہون اور اسی کا الیقین کیا ہی خانیہ مین اور دلیل بھی اسی کی مقتضی ہی اسواسطے کہ در صورت تساوی یا تقارب حوالہ قبول کرنا اس چیز کا اشتغال ہی جو مفید نہین اور شیرو عیث
عنود نہین مگر فائدہ کے واسطے واللہ تعالی اعلم ہم مدیون نے دائن کا حوالہ کیا سو محتال علیہ شہر سے اسطرح غائب ہو گیا کہ اسکا مکان معلوم نہین بسبب اسکی عسرت اور عاجزی کے
سو محتال نے چاہا کہ اپنا حق محیل سے پھیر لے تو اسکو رجوع بالدین محیل پر جائز نہین جبتک محتال علیہ کی موت ثابت نکرے کذا فی الطحطاوی عن العالمگیریہ واللہ سبحانہ اعلم واستغفر اللہ الحلیم

کتاب القضاء

یہ کتاب ہی مسائل قضا یعنی جھگڑا فیصل کرنے مین لما کان اکثر المنازعات تقع فی الدیون والبیاعات اعقبہا بالقطعہا ہرگاہ کہ اکثر جھگڑے دیون اور بیاعات مین واقع
ہوتے ہین تو مصنف دیون اور بیاعات کے متعاقب اسکو لایا جو انکی قاطع اور رافع ہی یعنی قضا کہ رافع منازعات دیون اور بیاعات ہی دیون سے مراد وہ دیون ہین جنین کفالہ
اور حوالہ واقع ہوتا ہی ہو بالمد ولقصر لغۃ الحکم قضا بالف ممدودہ ہی اور بالف مقصورہ بھی آیا ہی لغت مین بمعنی حکم ہی ہم ہرچند قضا لغت مین بمعنی حکم و فراغ و ہلاک و ادا و انہا و مضی
و صنع و تقدیر مستعمل ہی کذا فی البحر لیکن شارح نے فقط حکم پر اقتصار کیا تا معنی لغوی اور اصطلاحی کی مناسبت ظاہر ہو جاوے و شرعاً فصل الخصومات وقطع المنازعات اور اصطلاح
شرع مین قضا عبارت ہی فیصل کرنے خصومات اور قطع کرنے منازعات سے ہم یعنی وہ فیصلہ جو خصومات مین واقع ہو اسطرح کہ حقدار کا حق بیان ہو اور مبطل کا منع اور الزام
ثابت ہو تو فیصل راجح بمعنی قطع ہی تو تعریف مین عطف تفسیری ہی اور بہتر یہ تھا کہ مصنف علی وجہ مخصوص کی قید زیادہ کرتا تا امیر اور حکم فصل خصومات قضا سے نکل جاتی
کذا فی الطحطاوی وقیل غیر ذلک کما بسط فی المطولات اور بعضون نے تعریف قضا کی اسکے سوا اور طرح سے بھی کی ہی چنانچہ کتب مطولہ مین مصرح ہی ہم از انجملہ بدائع مین تعریف یون
مذکور ہی کہ قضا عبارت ہی حکم بین الناس بالحق سے جو خدا کے نزدیک حکم حادثات مین ثابت ہی خواہ حکم قطعی ہو اسطرح پر کہ اسپر دلیل قطعی ہو یعنی نص مفسر کتاب اور سنت متواترہ
یا مشہورہ یا اجماع سے خواہ حکم ظاہر ہو اسطرح پر کہ دلیل ظاہر قائم ہو جو غلبہ ظن کے موجب ہی کتاب اور سنت اور قیاس سے اور قیاس ان مسائل اجتہادیہ مین ہی جسمین اختلاف فقہا ہی
یا جسمین سلف سے روایت نہین تو اگر قاضی وہ حکم کرے جو دلیل قطعی کے مخالف ہی تو وہ جائز نہین کیونکہ وہ حکم بالیقین باطل ہی اور اسی طرح تو ضع اختلاف
مین وہ حکم کرے جو اقاویل فقہا سے خارج ہی تو جائز نہین کیونکہ حق انکے متجاوز نہین اور تفصیل مذکور مجتہد قاضی کے حق مین ہی اور مقلد قاضی یعنی مثلاً حنفی یا شافعی پر تو یہ
واجب ہی کہ اپنے مذہب کے معتمد قول پر حکم کرے تو وہ بہ نسبت اپنے خلاف مذہب کے حکم کرنے مین معزول ہی اور اگر غیر مذہب کے موافق حکم کریگا جان کر تو اسکا حکم جاری نہوگا اور اگر
نادانستہ حکم کرے تو اسکا ابطال حکم مناسب ہی اور بعضی روایات مین اسکی قضا امام اعظم کے نزدیک جائز ہی برخلاف صاحبین کذا فی الطحطاوی عن البحر وارکانہ ستۃ علی
مانظمہ ابن الغرس بقولہ اطراف کل قضیۃ حکمیۃ ٭ ست یلوح بعدہا التحقیق ٭ حکم و محکوم بہ ولہ ٭ و محکوم علیہ وحاکم و طریق ٭ اور ارکان قضا کے چھ ہین چنانچہ ابن الغرس
نے اپنے اس قول مین نظم کیے ہین یعنے اطراف ہر قضیہ حکمیہ کے چھ ہین جنکے شمار کر لینے سے تحقیق ظاہر ہوتی ہی ا حکم ہی ۲ محکوم بہ ۳ محکوم لہ ۴ محکوم علیہ ۵ حاکم
۶ طریق ہم ابن الغرس یعنی معجمہ فواکہ بدریہ کا مصنف ہی اور اطراف سے مراد ارکان ہین اور قضیہ عبارت ہی حادثہ سے جسکو عرف مین مقدمہ کہتے ہین حکم دو قسم
ہی قولی اور فعلی حکم قولی یہ کہ قاضی کہے کہ مین نے تجھ پر حکم کیا یا لازم کیا یا تجھ پر قضا مین نے جاری کی یا میرے نزدیک ظاہر یا صحیح ہو گیا یا مین جان گیا اور
حکم فعلی اسطرح پر کہ قاضی نے مثلاً یتیم کا مال آپ خرید کیا یا اپنا مال یتیم کے ہاتھ بیچا تو جائز نہین کیونکہ قاضی کی بیع حکم ہی اسکا اور وہ اپنی ذات کا قاضی
نہین ہو سکتا اور محکوم بہ یعنی جس امر کا قاضی نے حکم دیا اسکی شرط یہ ہی کہ معلوم ہو اور محکوم لہ یعنی مدعی اسکی شرط یہ ہی کہ دعوی اسکا صحیح ہو اور مدعی آدمی ہو جنکی
شہادت قاضی کے واسطے مقبول ہی اور محکوم علیہ یعنی مدعا علیہ مین یہ شرط ہی کہ حاضر ہو کیونکہ قضا علی الغائب صحیح نہین اور حاکم یعنی قاضی کی نو شرطین ہین اول عقل
۲ بلوغ ۳ اسلام ۴ حریت ۵ سمع ۶ بصر ۷ نطق ۸ حد قذف سے سلامت رہنا ۹ حکم دینے کے واسطے مقرر ہونا نہ فقط دعوی کی سماعت کے واسطے

اور مراد ہونا اور مجتہد ہونا شرط نہین اور طریق عبارت ہی بینہ یا اقرار یا نکول سے کذا فی الطحطاوی ملخصا و اہلہ اہل الشہادۃ ای ادائہا علی المسلمین کذا فی الحواشی السعدیۃ اور لائق قضا
کے وہ ہی جو گواہی کے لائق ہو یعنی ہمیشہ ادا شہادت علی المسلمین کے لائق ہو کذا فی الحواشی السعدیۃ ہم ادا شہادت کی قید سے تحمل شہادت خارج ہو گیا کیونکہ تحمل شہادت کا رقیت اور
کفر کی حالت مین صحیح ہی نہ ادا شہادت اور مراد ماتن یہ ہی کہ قضا اور شہادت دونون کا مرجع ایک چیز کی طرف ہی یعنی حر مسلم بالغ عاقل عادل ہونا اندھا نہ محدود فی القذف
نہ بہرا گونگا ہونا اور چونکہ اوصاف شہادت زیادہ تر مشہور تھے اوصاف قضا سے لہذا اوصاف قضا کو اوصاف شہادت سے بیان کر دیا اور اطروش یعنی جو شور کی آواز
سنے تو قول اصح یہ ہی کہ اسکا قاضی ہونا جائز ہی کذا فی النہر و یرد علیہ ان الکافر یجوز تقلیدہ القضاء لیحکم بین اہل الذمۃ ذکرہ الزیلعی فی التحکیم اور کلیہ مذکور دیرینہ جو اہل شہادت
علی المسلمین ہو وہ قضا کا اہل ہی پر اعتراض وارد ہوتا ہی کہ کافر کو تقلید قضا جائز ہی تا وہ ذمیون مین حکم کرے چنانچہ زیلعی نے اسکو باب التحکیم مین ذکر کیا ہی ہم خلاصہ
اعتراض یہ ہی کہ کافر با وجودیکہ شہادت علی المسلمین کی اہلیت نہین رکھتا مگر اسکا قاضی ہونا ذمیون پر صحیح ہی تو کلیہ مذکورہ صادق نہ رہا یہ اعتراض ہی صاحب نہر کا جواب اعتراض
یہ ہی کہ یہ قاضی خاص ہی کی تعریف ہی یعنی قاضی مسلم کی اور یہ خود ظاہر ہی کہ شاہد علی المسلم شاہد علی الذمی ہوتا ہی تو ذمی پر اسکی قضا بھی جاری ہو گی کذا فی الطحطاوی و شرط
اہلیتہا شرط اہلیتہا لان کلا منہا من باب الولایۃ و الشہادۃ اقوی لانہا ملزمۃ علی القاضی و القضاء ملزم علی الخصم فلذا قیل حکم القضاء یستفی من حکم الشہادۃ ابن کمال
اور اہلیت شہادت کی شرط اہلیت قضا کی شرط ہی اسواسطے کہ شہادت اور قضا دونون باب ولایت سے ہین اور شہادت قوی تر ہی قضا سے کیونکہ شہادت قاضی پر لازم ہی
اور قضا مخاصم پر لازم ہوتی ہی اسواسطے کہا گیا ہی کہ حکم قضا حکم شہادت سے مستفید ہی کذا صرح ابن الکمال ہم حلبی نے کہا کہ ماتن کا یہ قول مکرر ہو گیا اسکے قول پر سابق کے ساتھ
طحطاوی نے کہا تکرار کا فائدہ یہ ہی کہ قول آیندہ یعنی والفاسق اہل ایسپر مترتب ہو والفاسق اہلہا فیکون اہلہ لکنہ لا یقلد وجوبا و یاثم مقلدہ کقابل شہادتہ بفتیہ
اور فاسق اہل ہی شہادت کا تو قضا کا بھی اہل ہو گا لیکن واجب ہی کہ فاسق کو قاضی نکیجے اور اسکا قاضی کرنے والا گنہگار ہوتا ہی جیسے اسکی گواہی قبول کرنے والا
عاصی ہوتا ہی ادا کا معنی یہ ہم مغرب مین ہی کہ لغت مین فسق خروج عن الاستقامۃ کو کہتے ہین اور شرع مین ارتکاب کبیرہ یا اصرار علی الصغیرہ فسق ہی فاسق کو اسواسطے
قاضی کرنا نہ چاہیے کہ قضا باب امانت سے ہی اور فاسق امر دین مین امانت داری کے لائق نہین اسکی قلت مبالات کے سبب سے اور قول مختی یہ کے مقابل وہ قول ہی
جو بعضون نے کہا کہ بہتر یہ ہی کہ شہادت فاسق مقبول نہو اور اگر قبول کرے تو جائز ہی اور وہ قول ہی کہ قضا فاسق صحیح نہین اور یہی قول ہی ائمہ ثلثہ کا اور یہی
مختار ہی طحطاوی کا عینی نے کہا کہ اسی قول پر فتوی دینا لائق ہی خصوصا اس زمانے مین نہر الفائق مین کہا کہ اگر اسکا اعتبار کیجیے تو قضا کا دروازہ بند ہو جائے
خاص کر ہمارے زمانے مین لہذا جو مصنف نے اختیار کیا وہی اصح ہی چنانچہ خلاصہ مین ہی اور یہی اصح الاقاویل ہی چنانچہ عمادیہ مین ہی کذا فی الطحطاوی و قیدہ فی القاعدیۃ
بما اذا غلب علی ظنہ صدقہ فلیحفظ درر اور قاعدیہ مین قبول شہادت کو اس طرح مقید کیا ہی جبکہ قاضی کے گمان مین فاسق کی صداقت اور راستی غالب ہو جائے
تو اسکو یاد رکھنا چاہیے کذا فی الدرر یعنی اگر ظن غالب صدق کا نہو یا صدق اور کذب گمان مین دونون برابر ہون تو اسکو قبول نہ کرے یعنی اصلا قبول کرنا صحیح نہین
و استثنی الثانی الفاسق ذا الجاہ و المروۃ فانہ یجب قبول شہادتہ بزازیہ قال فی النہر و علیہ فلا یاثم ایضا بتولیتہ القضاء حیث کان کذلک الا ان یفرق بینہما
انتہی قلت سیجی تضعیفہ فراجعہ اور ابو یوسف نے فاسق صاحب جاہ اور مروت کو مستثنی کر لیا ہی کیونکہ اسکی شہادت قبول کرنا واجب ہی کذا فی البزازیہ نہر الفائق
میں کہا تو بموجب اس قول کے اسکے قاضی کرنے مین بھی گنہگار نہو گا جبکہ فاسق صاحب جاہ اور مروت ہو مگر یہ کہ ابو یوسف قبول شہادت اور قضا کی تقلید مین
فرق کرے ہم انتہی مافی النہر مین کہتا ہون تضعیف اس قول کی آگے آوے گی سو اسکی طرف رجوع کر ہم کتاب الشہادت مین فتح القدیر سے مذکور ہو گا کہ فاسق کی بات
پر بسندی گواہی مقبول نہین کیونکہ یہ تعلیل بمقابلہ نص ہی و فی معروضات المفتی ابی السعود لما وقع التساوی فی قضاۃ زماننا فی وجود العدالۃ ظاہرا ورد الامر بتقدیم
الافضل فی العلم و الدیانۃ و العدالۃ اور مفتی ابو سعود کی معروضات مین ہی کہ ہرگاہ ظاہر التساوی واقع ہوئی ہمارے زمانے کے قاضیون مین وجود عدالت
مین تو امر سلطانی وارد ہوا اسکی تقدیم کا جو افضل یعنے زیادہ تر ہو علم اور دیانت اور عدالت مین ہم یہ مفتی ممدوح کے زمانے مین تھا اور اب تو

فقہا نے اختیار کیا ہی اور اسی پر صاحب مجمع نے اپنے متن مین یقین کیا ہی اور عینی کی شرح مجمع مین عبارات بلیغہ مین اور یہی ائمۂ ثلثہ کا بھی قول ہی وظاہر ما فی التحریر
انہ لا یحل استفتاءہ اتفاقا کما بسط المصنف اور جو تحریر مین ہی اسکا ظاہر مطلب یہ ہی کہ فاسق سے فتوی لینا اور مسئلہ پوچھنا بالاتفاق حلال نہین چنانچہ اسکو مصنف نے
اپنی شرح مین مشرح بیان کیا ہی وقیل نعم یصلح و بہ جزم فی الکنز لانہ یجتہد حذار نسبۃ الخطاء اور قول ضعیف یہ ہی کہ ہان فاسق مفتی گری کی صلاحیت رکھتا ہی اور اسی قول
پر کنز مین یقین کیا ہی اسواسطے کہ مفتی فاسق قول صواب کے بتانے مین کوشش کرتا ہی بسبب خطا کے خوف سے یعنی اس خوف سے کہ کوئی اسکو خاطی نہ کہے م
طحطاوی نے کہا بہتر یہ تھا کہ شارح حذر نسبۃ الخطا کہتا اسواسطے کہ حذار بمعنی احذر ہی یعنی بمعنی امر کذا فی القاموس ولا خلاف فی اشتراط اسلامہ وعقلہ وشرط بعضہم تیقظہ
لا حریتہ وذکورتہ ونطقہ فیصح افتاء الاخرس لا قضاءہ اور علما مین خلاف نہین مفتی کے اسلام اور عقل کے شرط ہونے مین اور بعضون نے مفتی کی ہوشیاری اور
بیداری شرط کی ہی نہ مفتی کا آزاد ہونا اور نہ اسکا مرد ہونا اور نہ گویا ہونا تو گونگے کا فتوی دینا صحیح ہی نہ اسکی قضا مگر گونگے کا فتوی دینا اسوقت صحیح ہی جبکہ اسکا
اشارہ مفہوم ہو بلکہ مفتی ناطق سے اگر کہا جائے کہ یہ چیز کیا جائز ہی پھر وہ سر ہلاوے یعنی ہان کہدے تو اسکے اشارے پر عمل کرنا جائز ہی کذا فی النہر فائدہ
جلیلہ فتاوی عالمگیری مین ہی سزاوار یہ ہی کہ مفتی خوار م مروت سے منزہ اور فقیہ النفس سلیم الذہن حسن التصرف ہو اور صحیح یہ ہی کہ فتوی دینا غیر مکروہ ہی اس شخص کا
جو اسکی لیاقت رکھتا ہو اور حاکم پر لازم ہی کہ تفحص اور تلاش کرے کہ کون عالم فتوی دینے کے لائق ہی اور منع کرے فتوی دینے سے اسکو جو لیاقت نہین رکھتا اور
شرائط فتوی سے یہ ہی کہ ترتیب مستفتون کی یاد رکھے اغنیا اور اعوان سلطان اور امرا کی طرف میلان نہ کرے بلکہ پہلے اسکا جواب لکھے جسنے پہلے استفتا کیا خواہ دولتمند
ہو یا فقیر اور آداب افتا سے یہ ہی کہ کاغذ استفتا کو بحرمت لے اور سوال کو ہوشیاری سے پڑھے بار بار تا اینکہ حقیقت سوال خوب ظاہر ہو جائے پھر جواب لکھے اور
بہتر یہ ہی کہ کاغذ کو پھینک دے جیسے کہ بعضے لوگون کی عادت ہی کیونکہ اسمین اللہ تعالی کا نام ہی اور تعظیم نام مقدس کی واجب ہی اور جب مفتی جواب تحریر کرے تو لائق ہی کہ
جواب کے بعد واللہ اعلم یا مانند اسکے لکھے اور واجب ہی کہ مفتی حلیم رزین نرم زبان اور خندان رو ہو اور لائق نہین کہ بدون سوال کے فتوی کے واسطے احتجاج کرے اور اگر فتوی
دینے مین چوک جائے تو رجوع کرے اور اس سے نہ شرماوے نہ ننگ کرے اور یہ شرط ہی کہ اپنے امام کے مسائل یاد کرے اور اسکے قواعد اور اسالیب کو معلوم کرے اور واجب نہین اتنا
اس امر مین جو ہنوز واقع نہین اور فتوی مین تساہل کرنا اور حیلون کی پیروی کرنا حرام ہی اگر اغراض مین فساد واقع ہو اور فتوی نہ دے اس حالت مین جبکہ حواس اسکے متغیر ہون
اور بہتر یہ ہی کہ فتوی دے اور اگر بیت المال سے رزق لے تو جائز ہی باوجود کفایت کے اور مستفتیون سے اجرت نہ لے اور اگر اہل شہر اسکے واسطے کچھ روزی مقرر کردین تو
جائز ہی اور حاکم پر لازم ہی کہ مدرس اور مفتی کے واسطے بقدر کفایت روزی مقرر کرے اور ہر شہر کے واسطے اصطلاح ہوتی ہی بول چال مین تو متعلقات لفظ سے اہل شہر کو
فتوی دینا اس مفتی کو جائز نہین جو انکی اصطلاح لفظی سے واقف نہین اور حاکم اور مفتی کو قبول ہدیہ اور اجابت دعوت خاصہ جائز ہی ابو یوسف سے منقول ہی کہ جب انسے کوئی مسئلہ
پوچھا تو پوشاک پہن عمامہ باندھ کر بیٹھے اور فتوی دیتے تعظیم افتا کے سبب سے کذا فی الطحطاوی ملخصا محمد بن حسن سے سوال ہوا کہ مرد کو فتوی دینا کب حلال ہی فرمایا کہ جب اسکا صواب اسکی
خطا سے زیادہ ہو انتہی بعضون نے کہا کہ اگر مفتی سے مسائل اجماعیہ اہل سنت کا سوال ہو تو لائق یہ ہی کہ اسکے جواب کے بعد واللہ الموفق یا باللہ التوفیق لکھے کذا فی النہر و
یکتفی بالاشارۃ منہ لا من القاضی للزوم صیغۃ مخصوصۃ کحکمت والزمت بعد دعوی صحیحۃ اور مفتی سے اشارہ کرنا کفایت کرتا ہی نہ قاضی سے بسبب لازم ہونے صیغہ مخصوصہ کے
چنانچہ حکمت اور الزمت بعد دعوی صحیح کے یعنی قاضی مین لفظ صیغہ حکم بعد دعوی لازم ہی تو یہ گونگے کے اشارہ کرنے سے نہین ہو سکتا بخلاف مفتی چنانچہ مذکور ہو چکا واما الاطرش و
من یسمع الصوت القوی فالاصح الصحۃ بخلاف الاصم اور اطرش یعنی جو شور کی آواز سنے تو صحت اصح قول ہی بخلاف اس بہرے کے جو مطلق نہین سنتا ویفتی القاضی ولو فی مجلس القضا
ہو الصحیح درر ومن لم یحا صم الیہ ظہیریۃ وشیخ اور فتوی دے قاضی اسکو جو اسکے پاس فیصلہ کرانے نہین آیا کذا فی الظہیریۃ اور آگے یہ مسئلہ واضح ہو کہ فتوی دینا قاضی
کا جائز ہی اگرچہ افتا مجلس قضا مین ہو اور یہی قول صحیح ہی کذا فی الدرر خواہ مسئلہ معاملات کا ہو خواہ دیانات کا کذا فی المنح ویاخذ القاضی کالمفتی بقول ابی حنیفۃ
علی الاطلاق اور قاضی مفتی کے مانند امام ابو حنیفہ کا قول لے مطلقا یعنی خواہ صاحبین امام کے ساتھ متفق ہون یا نہون م جامع الفصولین مین ہی اور اگر ایک مسئلہ مین ہمارے

مفتی کو کیا کیا باتین ضرور ہین

اسمین مختلف ہون تو اگر ابو حنیفہ کے ساتھ صاحبین میں کوئی ہو تو دونون کے قول کو لے بسبب ظاہر ہونے صواب کے اسمین اور اگر صاحبین نے اختلاف کیا ابو حنیفہ سے تو اگر اختلاف اُنکا
بسبب زمان ہو جیسے ظاہر عدالت پر حکم کرنا تو یہان صاحبین کا قول لے بواسطہ تغیر احوال مردم اور مزارعت اور معاملات مین بھی صاحبین کے قول کو اختیار کرے کیونکہ اسپر متاخرین کا
اجماع ہی اور اُسکے سوا مین بعضون نے کہا کہ مجتہد مخیر ہی اپنے اجتہاد کے موافق عمل کرے اور بعضون نے کہا کہ یہان ابو حنیفہ کے قول کو لے انتہی کذا فی الطحطاوی ثم بقول ابی یوسف
ثم بقول محمد ثم بقول زفر والحسن ابن زیاد وہو الاصح منیہ وسراجیہ وعبارۃ النہر ثم بقول الحسن فتنبہ پھر ابو حنیفہ کے بعد ابو یوسف کا قول لے پھر انکے بعد محمد کا قول لے
پھر انکے بعد زفر اور حسن بن زیاد کا قول لے اور یہی ترتیب مذکور اصح قول ہی کذا فی المنیۃ والسراجیہ اور عبارت نہر الفائق اسطرح ہی کہ پھر زفر کے بعد حسن بن زیاد کا قول لے سو
خبردار ہو یعنی مرتبہ حسن کا بعد زفر کے ہی نہر الفائق مین اور منیہ اور سراجیہ مین زفر اور حسن بن زیاد ہم رتبہ ہین حموی نے کہا کہ جب ایک مسئلہ مین دو قولون کی تصحیح واقع ہوئی ہو تو
مفتی مختار ہی جسکا چاہے فتوی دے اور یہ جائز نہین کہ ایک مقدمہ مین دونون قولون کا فتوی دے چنانچہ ہمارے زمانے کے بعضے مفتیون سے ایسا ہی واقع ہوا وصحح فی الحاوی اعتبار
قوۃ المدرک والاول اضبط نہر اور حاوی قدسی مین اعتبار کرنے قوۃ مدرک کی تصحیح کی ہی اور قول اول اضبط ہی کذا فی النہر ھم تصحیح حاوی اطلاق متن کے مقابل ہی اور مدرک بفتح را
مصدر ہی یعنی ادراک یعنی دو مختلف قولون مین قوت ادراک معتبر ہی اور قوت ادراک راجع ہی دلیل کی قوت کی طرف یا مدرک سے محل ادراک مراد ہی یعنی دلیل صاحب نہر نے قول اول
یعنے منیہ اور سراجیہ کے قول کو اسواسطے اضبط کہا کہ وہ خاص و عام کو شامل ہی عام وہ شخص جو قوت مدرک کو ادراک نہین کر سکتا علاوہ اسکے کہا ہے انسان کو بقدر اپنے ادراک کے
قوت معلوم ہوتی ہی اور واقع اسکے برخلاف ہوتا ہی یا بحسب دلیل قوت معلوم ہوتی ہی اور صاحب مذہب کی دوسری دلیل ہی جس پر یہ شخص مطلع نہین بحر الرائق مین کہا کہ تصحیح حاوی قدسی
اس صورت مین ہی جبکہ امام ایک جانب مین ہو اور صاحبین دوسری جانب مین صاحب بحر الرائق نے کہا کہ اگر تو کہے کہ مشائخ کو فتوی دینا بغیر قول امام کیونکر جائز ہوا باوجود
وہ مقلد ہین امام کے مین کہتا ہون کہ یہ شبہ مجھپر مدت دراز تک مشکل رہا اور اُسکا جواب مین نے نہین دیکھا مگر جواب مین سمجھا ہون اُنکے کلام سے وہ یہ ہی کہ مشائخ نے ہمارے اصحاب
سے نقل کیا کہ کسی کو فتوی دینا ہمارے قول کا حلال نہین جبتک یہ نجانے کہ ہمنے کہان سے کہا ہی اور سراجیہ مین نقل کیا کہ عصام جو امام کی مخالفت کیا کرتے تھے تو اُسکا یہی سبب
تھا اور وہ بخلاف قول امام اکثر فتوی دیا کرتے تھے کیونکہ امام کی دلیل اُنکو معلوم ہوتی نتھی اور اُنپر دوسری دلیل ظاہر ہوتی تو اُسکے موافق فتوی دیتے تھے سو مین کہتا ہون
کہ یہ شرط مشائخ سابقین کے زمانے مین تھی یعنی اسواسطے کہ اُنکو رتبہ اجتہاد حاصل تھا اور ہمارے زمانے مین تو حفظ اقوال الامام کافی ہی چنانچہ قنیہ وغیرہ مین ہی تو اب فتوی دینا
بقول امام حلال ہی بلکہ واجب ہی اگرچہ معلوم نہو کہ امام نے کہان سے کہا اور بموجب اس تقریر کے جس قول کی حاوی نے تصحیح کی وہ اسی شرط مذکور پر مبنی ہی اور فقہا نے تصحیح کی ہی
کہ فتوی دینا امام کے قول پر ہی تو نتیجہ یہ حاصل ہوا کہ ہمپر یعنی مقلدین پر افتا بقول امام واجب ہی اگرچہ مشائخ نے برخلاف اُسکے فتوی دیا ہو کیونکہ اُنھون نے برخلاف قول امام فتوی
دیا بسبب فقدان شرط کے اُنکے حق مین یعنی واقف ہونا امام کی دلیل پر اور ہمپر تو افتا بقول امام لازم ہی اگرچہ اُنکی دلیل نجانین انتہی مضمون البحر کذا فی الطحطاوی ولا یخیر اذا لم یکن
مجتہدا بل المقلد متی خالف معتمد مذہبہ لا ینفذ حکمہ وینقض ہو المختار للفتوی کما بسطہ المصنف فی فتاواہ وغیرہ وقدمناہ فی اول الکتاب وسیجی اور قاضی مختار نہین اخذ مذاہب
مین جبکہ وہ مجتہد نہو بلکہ قاضی مقلد جبکہ اپنے مذہب کے معتمد قول کا خلاف کریگا تو اُسکا حکم جاری نہوگا بلکہ توڑ دیا جائیگا یہی قول مختار ہی فتوی کے واسطے چنانچہ مصنف
نے اسکو مشرح بیان کیا ہی اپنے فتاوی مین اور غیر مصنف نے بھی اور ہم اس کتاب کے اول مین قبل کتاب الطہارۃ اسکو مقدم ذکر کر چکے ہین اور آگے بھی مذکور ہوگا و
فی القہستانی وغیرہ اعلم ان فی کل موضع قالوا الرای فیہ للقاضی فالمراد قاضی لہ ملکۃ الاجتہاد انتہی اور قہستانی وغیرہ مین ہی معلوم کر کہ جس مقام مین علما نے کہا کہ اسمین
قاضی کی رائے ہی تو وہان وہ قاضی مراد ہی جسکو قوت اجتہاد حاصل ہی انتہی وفی الخلاصۃ وانما ینفذ القضاء فی المجتہد فیہ اذا علم انہ مجتہد فیہ والا فلا اور خلاصہ مین ہی کہ مجتہد فیہ
یعنے جسمین اختلاف مجتہدین ہی اُسمین تو اُسوقت حکم قاضی نافذ ہوتا ہی جبکہ قاضی کو یہ معلوم ہو کہ وہ مجتہد فیہ ہی اور اگر یہ معلوم نہو تو حکم اُسکا نافذ نہین ھم یہ حکم ہی
قاضی مجتہد کا اسواسطے ابھی معلوم ہو چکا کہ قاضی مقلد پر اتباع معتمد مذہب واجب ہی غیر مذہب کا اسکو خلاف معلوم ہو یا نہو اور مجتہد کو علم مجتہد فیہ اسواسطے شرط
ہی کہ شاید صحابہ یا غیر صحابہ کے اجماع سے اسکا حکم مخالف نہو جائے کذا فی الطحطاوی واذا اختلف مفتیان فی جواب حادثۃ اخذ بقول افقہہما

بعد ان یکون اورعا سراجیہ اور جبکہ دو مفتی ایک مقدمہ کے جواب مین مختلف ہون تو فقیہ تر کا قول لے بعد متقی تر ہونے کے کذا فی السراجیہ یعنی جو دونون مین زیادہ تر فقیہ اور
زیادہ تر پرہیزگار ہو اسکے قول پر قاضی عمل کرے وفی الملتقط واذا اشکل علیہ امر ولارائ لہ فیہ شاور العلماء ونظر احسن اقاویلہم وقضی بما رآہ صوابا لا بغیرہ الا ان یکون
غیرہ اقوی فی الفقہ ووجوہ الاجتہاد فیجوز ترک رائہ برائہ ور ملتقط مین ہو اور جب قاضی پر کوئی امر مشکل ہو اور اسکی راے اسمین نہو یعنی اسکا اجتہاد کسی شی پر واقع نہو تو علما
سے مشورہ لے اور انکے اقوال مین سے خوب تر قول کو تامل کرے اور جس قول کو ٹھیک اور حق جانے اسپر حکم کرے نہ اس قول پر کہ اسکے سوا ہو مگر اس صورت مین
جبکہ غیر قاضی فقہ اور وجوہ اجتہاد مین قوی تر ہو تو اب قاضی کو اپنا اجتہاد ترک کرنا بمقابلہ اجتہاد فقیہ اقوی کے جائز ہو تم یہ مجتہد قاضی کے حق مین محمول ہو
فتاوی عالمگیری مین ہو کہ اطراف و جوانب کے علما سے مشورہ لینا خط لکہ کر سنت قدیمہ ہو حوادث شرعیہ مین اور اگر قاضی مجتہد نہین تو در صورت اختلاف جو اسکے
نزدیک افقہ اور اورع ہو اسکا قول لے ہرچند ایک عالم سے مشورہ لینا کافی ہو لیکن چند علما سے مشورہ لینا احوط ہو ثم قال وان لم یکن مجتہدا فعلیہ تقلیدہم و
اتباع رائہم فاذا قضی بخلاف لاینفذ حکمہ پھر صاحب ملتقط نے کہا اور اگر قاضی مجتہد نہو تو اسپر تقلید اصحاب مذہب اور انکی راے کا اتباع واجب ہو تو اگر برخلاف
انکے حکم کریگا تو اسکا حکم نافذ نہوگا ھم یعنی درصورت اتفاق اتباع جمیع اصحاب واجب ہو اور درصورت اختلاف قول معتمد کا اتباع لازم ہو کذا فی الطحطاوی
المصر شرط لنفاذ القضاء فی ظاہر الروایۃ وفی روایۃ النوادر لا فینفذ فی القری وفی عقار لا فی ولایتہ علی الصحیح خلاصہ وجہ لفیضے بزازیہ شہر کا ہونا قاضی
کے حکم جاری ہونے کی شرط ہی ظاہر الروایۃ مین اور روایت النوادر مین شہر کا ہونا شرط نہین تو حکم اسکا جاری ہوگا دیہات مین اور اس زمین مین جو اس قاضی
کی حکومت مین واقع نہین بنابر قول صحیح کے کذا فی الخلاصۃ اور اسی قول غیر ظاہر الروایۃ پر فتوی ہی کذا فی البزازیۃ اخذ القضاء برشوۃ للسلطان اولقومہ
وہو عالم بہا اولیشفاعۃ جامع الفصولین وفتاوی ابن نجیم او ارتشی ہو او اعوانہ بعلمہ شرنبلالیۃ وحکم لاینفذ حکمہ قاضی نے عہدہ قضا لیا بادشاہ یا اسکی
قوم کو رشوت دیکر اور حالانکہ قاضی رشوت دینے سے واقف ہو یا سفارش کراکے قضا لی کذا فی جامع الفصولین وفتاوی ابن نجیم یا قاضی نے خود رشوت لی
یا اسکے عملہ مددگار نے قاضی کی دانست مین اور حکم کیا تو اسکا حکم نافذ نہین ھم جب قاضی مذکور کا حکم نافذ نہوا تو اسکے عقود اور فسوخ سب باطل ہین حدیث
مین راشی اور مرتشی اور رائش پر لعنت وارد ہو راشی وہ ہی جو رشوت دے اور مرتشی وہ جو رشوت لے رائش وہ جو دونون مین متوسط ہو جسکے ہاتھ رشوت
حاصل ہوتی ہو حموی نے کہا کہ اس زمانے کے قاضیون کو اس لعنت کی بشارت سنانا چاہیے خصوصا مصر کے قاضیون کو طرفہ ماجرا یہ ہو کہ بعضا قاضی جو رشوت دے کر
قضا لیتا ہو اگر اسکو ملامت کیجیے تو کہتا ہی کہ ہم اسواسطے رشوت دیتے ہین تا منصب قضا محفوظ رہے اور جاہلون اور فاسقون کے ہاتھ مین نہ پڑے اور حق تعالی پر کوئی چیز مخفی نہین
سراج وہاج مین ینابیع سے منقول ہو کہ ابو حنیفہ نے کہا کہ اگر قاضی مدت تک لوگون مین حکم کرے پھر معلوم ہو کہ وہ رشوت خوار ہو تو جس قاضی کے پاس اسکے مقدمات
کا مرافعہ ہو اسکو لائق ہو کہ اسکے جمیع قضایا کو باطل کردے بزازیہ مین ہو رشوت دیکر قضا لینا عام ہو کہ خود قاضی دے یا اور کوئی شخص قاضی کے علم مین بحر الرائق مین ہو کہ اگر
قاضی کے عملے مین سے کوئی رشوت لیگا قاضی کی نادانستگی مین تو اس صورت مین قاضی کا حکم نافذ ہوگا اور یہ جو مصنف نے اختیار کیا کہ رشوت لینے سے قاضی کا حکم نافذ نہین ہوتا
یہ ایک قول ہو اقوال ثلثہ سے جنکو بحر الرائق مین فصول عمادی سے نقل کیا اسطرح کہ ایک قول یہ ہو کہ جس مقدمے مین رشوت لی اسمین حکم نافذ نہین اور اسکے سوا اور مقدمات
مین نافذ ہو اور یہ قول شمس الائمہ کا مختار ہو اور دوسرا قول یہ ہو کہ دونون مین حکم نافذ نہین اور تیسرا قول یہ ہو کہ دونون مین نافذ ہو اور یہ بزدوی کا قول ہو اور فتح القدیر
مین اسکو ترجیح دی ہو اس دلیل سے کہ حاصل امر رشوت یہ ہو کہ موجب فسق ہو اور حالانکہ فسق موجب عزل نہین تو ولایت اسکی قائم ہو واللہ تعالی اعلم کذا فی الطحطاوی تتمہ رشوت
بضم و فتح وکسر اول مراد ف جعل ہی بعضون نے کہا کہ رشوت وہ ہی جسکو بشرط اعانت دے اور ہدیہ وہ ہی جسمین اعانت شرط نہو رشوت چار قسم ہی ایک قسم وہ ہی جو آخذ اور معطی
یعنی دینے والے اور لینے والے دونون پر حرام ہی مثلا تقلید قضا اور امارت پر رشوت دینا اور دوسری قسم وہ ہی جو قاضی کو دے حکم کے واسطے یہ بھی آخذ اور معطی دونون
پر حرام ہی خواہ حکم حق ہو یا ناحق تیسری قسم وہ ہی کہ رشوت دے اسواسطے کہ اسکا امر درست کر دے یعنی اسکا کام بنا دے سلطان اور حاکم کے نزدیک خواہ دفع ضرر ہو یا جلب منفعت

در تقسیم رشوت و احکام آن

یہ لینے والے پر حرام ہی نہ دینے والے پر قنیہ مین ہی کہ ایک شخص نے قرض معاف کردیا اسواسطے کہ اُسکا کام سلطان کے پاس بنادے تو معاف نہوگا کہ یہ رشوت ہی اور قسم ثالث کے حلال
ہونے کا حیلہ لینے والے کے واسطے یہ ہی کہ اخذ کو ایک دن رات یا دو دن تک بقدر رشوت نوکر رکھ لے کہ یہ اجارہ صحیح ہی تو اُسکے منافع مملوک ہو جاینگے پھر اُسکو سلطان کے پاس فلانے
کام کے واسطے بھیجے اور جواد شہ فتوی سے یہ ہی کہ اویس پاشا نے اپنی ذات کا اجارہ کیا تھا بعضے امراء سے اسواسطے کہ فلانے شہر مین اُسپر سے دفع ظلم کیا کرین پھر اویس پاشا مر گیا
تو یہ اجارہ کیا صحیح ہی اور مستاجر پر اجرت لازم ہی تو مین نے استفتا کا جواب یون دیا کہ یہ اجارہ صحیح نہین اسواسطے کہ یہ اجارہ تھا اُس طاعت پر جو اُسپر واجب تھی یعنی وہ شخص
ناظم ملک تھا اور ناظم پر حفاظت رعایا اور دفع ظلم واجب ہی اور دلیل اس جواب کی وہ ہی جو خلاصہ وغیرہ مین مذکور ہی کہ ہدیہ تین قسم ہی ایک وہ جو دونون جانب سے حلال ہی مروت و محبت
کے واسطے دوسری قسم وہ جانبین کو حرام ہی یعنی ہدیہ لینا ظلم کی مددگاری کے واسطے تیسری قسم یہ ہی کہ لینے والے کی طرف سے حرام ہی نہ دینے والے کی طرف سے یعنی دفع ظلم کے واسطے تحفہ دینا
اور حیلہ اُسکا یہ ہی کہ اُس سے اجارہ کرلے تین دن کا کام کرنے کے واسطے پھر وہ اُس سے کام لے بشرطیکہ وہ کام کرنا اُسپر جائز ہو انتہی اور بلا شک اس فعل کا اُسکو یعنی اویس پاشا کو اجارہ کرنا جائز
نہین چنانچہ تو معلوم کرچکا یعنی دفع ظلم ناظم پر واجب ہی نہ جائز کہ اُسکا اجارہ جائز ہو چوتھی قسم رشوت کی وہ جو دفع خوف کے واسطے دے یعنی ظالم مرفوع الیہ کا خوف ہو خواہ خوف جان کا
ہو یا مال کا تو یہ رشوت دینے والے پر حلال ہی اور لینے والے پر حرام ہی اور درایہ مین اسی قسم رابع سے اُسکو ٹھہرایا ہی جسکو شاعر لیتا ہی کذا فی النہر فتاوی عالمگیری مین ہی اور رشوت
کی ایک قسم یہ ہی کہ ایک مرد دوسرے کو کچھ مال بطریق ہدیہ دے تا اُسکا مطلب سلطان سے درست کروادے اُسکی حاجت کا معین ہو اور یہ دو وجہ پر ہی وجہ اول یہ کہ حاجت اُسکی حرام ہو
تو اسوجہ مین دینے والے کو دینا اور لینے والے کو لینا حلال نہین وجہ ثانی یہ کہ حاجت اُسکی مباح ہو اُسکی بھی دو صورتین ہین پہلی صورت یہ کہ شرط کرے کہ ہدیہ اسواسطے
دیتا ہی تا اُسکی اعانت سلطان کے نزدیک کرے اس صورت مین کسی کو لینا حلال نہین اور اسمین اختلاف ہی کہ دینا حلال ہی یا نہین بعضون نے کہا کہ حلال نہین اور بعضون نے کہا حلال
ہی اور علت اعطا اور اخذ کا یہ حیلہ ہی سب کے نزدیک کہ اہل مقدمہ اُس سے ایک دن رات کا اجارہ مقرر کرلے تا وہ اُسکا کام کرے بعوض اس مال کے جو اُسکو دیا چاہتا تھا تو یہ اجارہ صحیح
ہی اور اجیر مستحق اجر ہوگا پھر مستاجر کو اختیار ہی چاہے اُس سے یہی کام لے چاہے دوسرا کام فقہا نے کہا کہ یہ حیلہ اُسوقت صحیح ہی جبکہ وہ کام جسکے واسطے اُسکو بطریق اجارہ
لیا ایسا کام ہو جسپر استیجار صحیح ہو چنانچہ پیام رسانی اور مانند اُسکے اور اگر مدت اجارہ بیان نہوگی تو اجارہ صحیح نہین اور معطی کو اعطا بدون اس حیلے کے حلال ہی یا
نہین اسمین اختلاف ہی بعضون کے نزدیک حلال نہین اور بعضون کے نزدیک حلال ہی اور یہی یعنی حلت اعطا کا قول صحیح ہی یہ اُسوقت ہی جبکہ اُسنے قبل درستی مقدمہ دیا اور اگر بعد
درستی مقدمہ اور بعد نجات از ظلم دیا تو دینے والے کو دینا حلال ہی اور لینے والے کو لینا حلال ہی محیط مین کہا کہ یہی قول اصح ہی دوسری صورت یہ ہی کہ درستی مقدمہ کو صریحاً شرط
نہ کرے لیکن مطلب اُسکا ہدیہ دینے سے یہی ہی کہ سلطان کے پاس اُسکی اعانت کرے اس صورت مین اختلاف مشائخ ہی اکثر مشائخ کا یہ قول ہی کہ یہ مکروہ نہین یہ اُسوقت ہی جبکہ قبل اس مقدمہ
کے دونون مین مساوات نہو یعنی باہم دینے لینے کی عادت نہو اور اگر دونون مین مساوات کی عادت ہو قبل اسکے بسبب دوستی یا قرابت کے پھر وہ ہدیہ دے چنانچہ قبل اسکے
دیتا تھا پھر وہ اُسکا مقدمہ درست کردے تو یہ خوب بات ہی کیونکہ یہ عوض ہی احسان کا احسان سے اور کرم کا کرم سے انتہی فتح القدیر مین ہی کہ اگر ہدیہ بلا شرط ہو لیکن بالیقین
معلوم ہی کہ اسواسطے ہدیہ لایا ہی کہ اُسکی اعانت کرے سلطان کے نزدیک تو مشائخ ہمارے اُسپر ہین کہ اُسکا مضائقہ نہین اور اگر اُسکا کام بلا شرط اور بلا طمع کردے پھر
بعد اُسکے وہ ہدیہ دے تو وہ حلال ہی اسمین کچھ مضائقہ نہین اور عبد اللہ بن مسعود کے جو اسمین کراہت منقول ہی سو وہ ورع اور تقوی ہی انتہی ومنہ بالوجعل لمو الیہ مبلغا

فی کل شہر یاخذہ منہ ولیفوض الیہ قضاء ناحیۃ فتاوی المصنف ولکن فی الفتح من قلد بواسطۃ الشفعاء کمن قلد احتسابا ومثلہ فی البزازیۃ بزیادۃ وان لم یحل الطلب
بالشفعاء اور اسی عدم نفاذ حکم مین سے ہی یہ صورت کہ آدمی عہدہ قضا کے دینے والے کے لیے کچھ روپیہ مقرر کردے کہ ہر مہینے مین تم مجھ سے لیا کرو اور کسی
پرگنہ کی قضا میرے حوالہ کرو کذا فی فتاوی المصنف لیکن فتح القدیر مین ہی کہ جو قاضی ہوا بواسطہ سفارشیون کے وہ اُسکے مانند ہی جو قاضی ہوا بطریق احتساب کے اور
فتح القدیر کے مانند بزازیہ مین ہی اتنی زیادتی کے ساتھ اگرچہ طلب قضا سفارشیون کے واسطے حلال نہین ہم یہ مستدرک ہی جامع الفصولین کا جو قبل اس قول
کے مذکور ہوچکا ولو کان عدلا ففسق باخذہا او بغیرہا وخصہا لانہ المعظم استحق العزل وجوبا وقیل ینعزل وعلیہ الفتوی ابن الکمال وابن الملک اور اگر

قاضی عادل ہو پھر فاسق ہو جاوے رشوت لینے سے یا بغیر رشوت کسی اور گناہ کبیرہ کرنے سے تو لائق معزولی کے ہوگا بنا بر وجوب کے لیئے سلطان پر اسکا معزول کرنا واجب ہی کذا فی البزازیۃ اور دوسرا قول یہ ہی کہ فسق سے قاضی خود معزول ہو جاتا ہی یعنی بدون معزول کرنے کے اور اسی پر فتوی ہی کذا صحح ابن الکمال اور ابن ملک شارح نے کہا کہ مصنف نے اخذ رشوت کو اسواسطے خاص کرکے ذکر کیا کہ قاضی کا فاسق ہونا اکثر رشوت لینے سے ہوتا ہی ہم عادل وہ ہی جو احکام شرع بجالاوے اور اسکے نواہی سے بچے اور فاسق یہ کہ حکم الٰہی سے باہر ہو جاوے کبیرہ گناہ کرکے چنانچہ استماع غنا و رقص و اخذ رشوت و غیر ذالک فسق قاضی رشوت سے ثابت ہوتا ہی خواہ قاضی آپ رشوت لے یا اسکا بیٹا یا اور کوئی قرابت دار جسکی گواہی اسکے حق میں درست نہیں بشرطیکہ قاضی اسکی رشوت لینے کو جانتا ہو کذا فی الطحطاوی وفی الخلاصۃ عن النوادر لو فسق او ارتد او عمی ثم صلح او البصر فہو علی قضائہ وما قضی فی فسقہ ونحوہ باطل واعتمدہ فی البحر خلاصہ میں نوادر سے منقول ہی کہ اگر قاضی فاسق یا مرتد یا اندھا ہو جاوے پھر صالح اور متقی ہو جائے توبہ اور اسلام سے یا اسکو نظر آنے لگے تو وہ اپنی قضا پر قائم ہی اور جو اسنے اپنے فسق وغیرہ میں حکم کیا وہ باطل ہی اور اس قول پر بحر الرائق میں اعتماد کیا ہم یہ قول مبنی ہی اس قول پر کہ فسق سے قاضی مستحق عزل ہو جاتا ہی معزول نہیں ہوتا طرسوسی نے کہا کہ جو فسق سے استحقاق عزل کا قائل ہی وہ اسکے احکام کی صحت کا قائل ہی اور جو اسکی معزولی کا قائل ہی وہ بطلان احکام کا قائل ہی واللہ تعالی اعلم کذا فی الطحطاوی وفی الفتح اتفقوا فی الامارۃ والسلطنۃ علی عدم الانعزال بالفسق لانہا مبنیۃ علی القہر والغلبۃ اور فتح القدیر میں ہی کہ امارت اور سلطنت میں فقہا کا اتفاق ہی عدم انعزال پر بسبب فسق کے کیونکہ بنا ے امارت اور سلطنت قہر اور غلبہ پر ہی لکن فی اول دعوی الخانیۃ الوالی کالقاضی فلیحفظ لیکن خانیہ کی اول کتاب الدعوی میں ہی کہ والی قاضی کے مانند ہی تو اسکو یاد رکھنا چاہیئے ہم بحر الرائق میں خانیہ سے منقول ہی کہ حاکم جب فاسق ہو جائے تو وہ بمنزلہ قاضی مستحق عزل ہی معزول نہیں ہو جاتا تو یہ استدراک ہی عدم عزل والی کے اتفاق پر وینبغی ان یکون موثوقا بہ فی عفافہ وعقلہ وصلاحہ وفہمہ وعلمہ بالسنۃ والآثار ووجوہ الفقہ اور سزاوار یہ ہی کہ قاضی موثوق بہ اور معتمد علیہ ہو اپنے عفاف اور عقل اور صلاح اور فہم اور سنت اور آثار اور وجوہ فقہ کے علم میں ہم عفاف یعنی پاکدامنی عبارت ہی محرمات اور خوارم مروت سے باز رہنے سے اور عقل بقول اکثر عبارت ہی اس قوت سے جو مدرک کلیات ہی یعنی قاضی کامل العقل چاہیئے تو احمق ناقص العقل لائق قضا نہیں جیسا کہ اہل صلاح وہ ہی جو مستور ہو یعنی بیہودہ دار نہ صاحب تہمت مستقیم الطریقہ سلیم الناحیہ کامن الاذی قلیل السوء نہ شاربٌ نبیذ نہ سباب رجال نہ قذاف محصنات نہ معروف بالکذب اور فہم بعضوں کے نزدیک وہ قوت ہی جس سے نفس انسانی اکتساب تدابیر اور مطالب کے واسطے مستعد ہو جاتا ہی اور سنت عبارت ہی حدیث قولی اور فعلی اور تقریری سے اور آثار سے صحابہ اور تابعین کے اقوال مقصود ہیں اور وجوہ فقہ سے وہ طرق مراد ہیں جن سے مستنبط ہوتی ہی اور وہ اصول ہیں جن پر بنا ے فقہ ہی طحطاوی نے کہا کہ ظاہر کلام بحر الرائق اس پر دلالت کرتا ہی کہ اوصاف مذکورہ استحباب کی شروط ہیں والاجتہاد شرط الاولویۃ لتعذرہ اور اجتہاد اولویت کی شرط ہی بسبب متعذر ہونے اجتہاد کے ہم یعنی وجود اجتہاد ہر زمانے میں متعذر ہی اور قضا کی طرف ہر زمانے میں حاجت ہی لہذا اجتہاد پر قضا موقوف نہیں دریافت کرنا چاہیئے کہ اجتہاد لغت میں عبارت ہی بذل طاقت سے مشقت والی چیز کے حاصل کرنے کے واسطے اور اصطلاح میں اجتہاد عبارت ہی فقیہ کے بذل طاقت سے حکم شرعی ظنی کی تحصیل کے واسطے تلویح میں کہا بذل طاقت سے مراد یہ ہی کہ ایسی کوشش کرے کہ اس سے زیادہ کوشش کرنے سے عاجز ہو جائے اور شروط اجتہاد اسلام اور عقل اور بلوغ اور فقیہ النفس یعنی شدید الفہم بالطبع ہونا اور لغت عربی کا عالم ہونا اور کتاب اللہ کا حاوی ہونا بقدر متعلقات احکام اور حدیث کا عالم ہونا بطریق متن اور سند اور ناسخ اور منسوخ کے اور قیاس کا ماہر ہونا اور یہ شرایط تو مجتہد مطلق کے حق میں ہیں جو جمیع احکام شرعیہ میں فتوی دیتا ہو اور جو ایک حکم خاص میں مجتہد ہو نہ دوسرے حکم میں تو اسپر معرفت اسی قدر کی لازم ہی جو اس حکم خاص سے متعلق ہی مثلا حکم متعلق بالصلوۃ کا اجتہاد جمیع متعلقات نکاح کی معرفت پر متوقف نہیں اور یہاں اجتہاد یعنی اول مراد ہی کذا فی الطحطاوی عن الحموی علی انہ یجوز خلو الزمن عنہ عند الاکثر نہر فصح تولیۃ العامی ابن کمال ویحکم بفتوی غیرہ علاوہ بر آن خالی رہنا زمانے کا اجتہاد سے اکثر اہل علم کے نزدیک جائز ہی کذا فی النہر تو اس صورت میں جاہل عامی کا قاضی ہونا صحیح ہوگا کذا ذکرہ ابن کمال اور حکم کرے قاضی

جاہل غیر شخص کے فتوے سے ہم اسواسطے کہ مقصود قضا یعنی حقدار کو حق کا پہونچانا حاصل ہوسکتا ہے غیر کے فتوی سے کذا فی البحر ابن غرس صاحب فواکہ بدریہ نے کہا کہ فقہا کی مراد عامی سے جاہل محض نہیں بلکہ قابل علم اور فہم ضروری اور کمتر مرتبہ یہ ہے کہ بعض حوادث اور مسائل دقیقہ کو خوب جانتا ہو اور طریقہ تحصیل احکام شرعیہ کا کتب مذہب اور صدور مشائخ سے جانتا ہو اور وقائع اور دعاوی اور حجج میں کیفیت ایراد اور اصدار سے واقف ہو انتہی کذا فی شرح الحموی وغیرہ لکن فی ایمان البزازیۃ المفتی یفتی بالدیانۃ والقاضی یقضی

بالظاہر دل علی ان الجاہل لایمکنہ القضاء بالفتوی ایضا فلا بد من کون الحاکم فی الدماء والفروج عالما دینا کالکبریت الاحمر واین الکبریت الاحمر واین العلم لیکن بزازیہ کی کتاب الایمان میں ہے کہ مفتی دیانت پر فتوی دیتا ہے اور قاضی ظاہر پر حکم کرتا ہے یہ قول اسپر دلالت کرتا ہے کہ جاہل کو غیر کے فتوی پر حکم دینا ممکن نہیں تو دماء اور فروج میں قاضی حاکم کو عالم اور دیندار ہونا ضرور ہے اور عالم دیندار ہونا کبریت احمر کے مانند ہے اور کہاں ہے کبریت احمر اور کہاں علم انتہی کلام البزازی اھ یعنے جب یہ ثابت ہوا کہ بناء فتوی دیانت پر ہے یعنی فیما بینہ وبین اللہ اور بناء قضا ظاہر لفظ پر ہے اور جسپر قرائن دلالت کریں تو اب قاضی کو مفتی کے فتوی پر حکم کرنا غیر ممکن ہے یعنے ہر مقدمے میں متصور نہیں اسواسطے کہ جائز ہے کہ فتوی بالدیانت ہو دماء اور فروج کو اسواسطے خاص کر کے ذکر کیا کہ دونوں میں خونریزی اور اختلاف انساب سے ضرر زائد ہے طحطاوی نے کہا بعضوں نے اسکا جواب یوں دیا ہے کہ افتا سے وہ مراد ہے جسپر قاضی عمل کرے اسطرح پر کہ قاضی مفتی سے سوال کرے کہ اگر ایسی صورت قاضی کے روبرو پیش ہو تو وہ اسمیں کیا حکم کرے علاوہ اسکے مخالفت دیانت کی قضا سے نادر مسائل میں ہے نہ ہر مسئلے میں و مثلہ فیما ذکر المفتی اور قاضی کے مانند اوصاف

مذکورہ میں مفتی ہے یعنی مفتی کا بھی موثوق بہ ہونا سزاوار ہے عفت اور عقل اور صلاح اور فہم اور حدیث اور آثار اور وجوہ فقہ کے علم میں وہو عند الاصولیین المجتہد واما من یحفظ اقوال المجتہد فلیس بمفتی وفتواہ لیس بفتوی بل ہو نقل کلام کما بسطہ ابن الہمام اور مفتی اصولیین کے نزدیک عبارت ہے مجتہد سے اور جو اقوال مجتہد کو یاد کرے وہ مفتی نہیں اور اسکا فتوی بھی فتوی نہیں بلکہ وہ نقل کلام ہے چنانچہ ابن ہمام نے اسکو فتح القدیر میں مشرح بیان کیا ہے ہم فتح القدیر میں ہے رائے اصولیین اسپر مستقر ہو گئی ہے کہ مفتی وہ ہے جو مجتہد ہو اور غیر مجتہد جو مجتہد کا قول یاد کرلے وہ مفتی نہیں اور جب اس سے کوئی سوال کرے تو اسپر واجب ہے کہ مجتہد کا مثلاً امام ابوحنیفہ کا قول بطریق حکایت کے ذکر کرے تو اس سے معلوم ہوا کہ ہمارے زمانے میں علماے موجودین کا فتوی درحقیقت فتوی نہیں بلکہ وہ کلام کی نقل ہے اور اسکے نقل کرنے کے دو طریقے ہیں یا یہ کہ ناقل کی اس نقل میں مجتہد مفتی تک سند ہو یعنی قول مجتہد بواسطہ رواۃ معتمدین اسکو پہونچا ہو یا ناقل نے کتاب مشہور سے جو دست بدست متداول ہے قول مجتہد کو لیا ہو چنانچہ محمد بن حسن شیبانی کی کتب یا مانند انکی تصانیف مشہورہ و معتمدہ مجتہدین سے کیونکہ کتب مذکورہ بمنزلہ خبر متواتر یا مشہور کے ہیں ایسا کچھ ذکر کیا ہے رازی نے انتہی کلام الفتح ولا یطلب القضاء بقلبہ ولا یسئلہ بلسانہ اور نہ خواہش کرے قضا کی اپنے دل سے اور نہ اسکا سوال کرے اپنی زبان سے ہم یہ نفی بمعنی نہی ہے ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ میں انس سے مروی ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو قضا کا سوال کریگا وہ اپنی ذات پر سپرد کیا جائیگا یعنی خدا تعالی کی طرف سے توفیق خیر اسکو نہوگی اور جسپر جبر کیا جائیگا یعنی جو زبردستی قاضی کیا جائیگا تو اسکی طرف فرشتہ نازل کیا جائیگا وہ اسکو طریق مستقیم پر قائم رکھیگا اور صحیح بخاری میں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عبداللہ بن سمرہ امارت کا سوال نہ کیجیو اسواسطے کہ اگر امارت سوال سے تجکو دیجائیگی تو اسکی طرف تو سپرد کیا جائیگا اور اگر بدون سوال تجکو امارت دیجائیگی تو تیری اعانت کیجائیگی کذا فی الفتح معلوم ہوا کہ طلب اور سوال قضا کا حلال نہیں حرام ہے اسواسطے کہ جب سوال سے اعانت ربانی نہوئی تو سوائے خذلان دارین اسکا کیا ثمرہ ہے اور اسواسطے کہ طالب قضا اپنے نفس پر اعتماد رکھتا ہے تو محروم رہیگا اور جسپر زبردستی ہوگی وہ

اپنے رب پر توکل کریگا تو وہ ملہم بالخیر ہوگا فی الخلاصۃ طالب الولایۃ لا یولی الا اذا تعین علیہ القضاء او کانت التولیۃ مشروطۃ لہ او ادعی ان العزل من القاضی الاول بغیر جنحۃ نہر اور خلاصہ میں ہے کہ جو ولایت طلب کرے اسکو حکومت نہ دیجائے مگر جب طالب پر قضا متعین ہو جائے یا تولیت وقف اسکے واسطے مشروط ہو یا متولی یا قاضی جدید سے یہ دعوے کرے کہ معزولی میری قاضی اول کیجانب سے بلا قصور ہے کذا فی النہر ہم نہر الفائق میں ہے کہ جیسے طلب جائز نہیں ویسی ہی تولیت بھی طالب کی جائز نہیں اور اسمیں کچھ فرق نہیں مابین قضا اور تولیت وقف اور درصورت مشروطیت تولیت اگر طلب کریگا تو یہ تنفیذ شرط کی طلب ہے اور

در صورت دعوی بقصوری اگر قاضی جدید بجائی عہدہ قدیمہ طلب کرے تو قاضی اُسسے کہے کہ تو اپنی اہلیت ثابت کر پھر اُسکو متولی کرے انتہی بحر الرائق مین ہی کہ اگر قاضی متعین ہو
اس طرح کہ اُسکے سوا کوئی لیاقت قضا نہ رکھتا ہو تو اُسپر طلب قضا واجب ہی تا حقوق مسلمین محفوظ رہین اور ظلم ظالمین دفع ہو قال واستحب الشافعیۃ والمالکیۃ طلب القضاء لخامل الذکر
نشرا للعلم اور صاحب خلاصہ نے کہا اور شافعیہ اور مالکیہ نے مستحب کہا ہی طلب قضا کو شخص گمنام کے واسطے تاکہ اُسکا علم ظاہر ہو ویختار المقلد الاقدر والاولی بہ اور
سلطان قاضی کا معین کرنے والا اُس شخص کو اختیار کرے جو قادر تر اور اس عہدہ کے واسطے بہتر ہو اپنے غیر سے یعنی تنفیذ قضا مین قادر تر ہو اور اپنے غیر سے بہتر ہو یعنی
جو علم اور فہم اور حلم مین افضل ہو اُسکو یہ عہدہ جلیلہ عطا کرے ہم طبرانی مین ابن عباس سے مروی ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص متولی امر مسلمین
ہو کسی شئی مین پھر وہ حاکم اور عامل کرے اور حالانکہ وہ جانتا ہی کہ اُنمین یعنی مسلمین مین کوئی شخص اولی باین عمل ہی اور اُس سے زیادہ تر عالم کتاب اللہ اور سنت
رسولؐ کا تو البتہ اُسنے اللہ کی اور اُسکے رسولؐ کی اور جماعت مسلمین کی خیانت کی اور مانند اُسکے مستدرک حاکم اور مسند ابو یعلی موصلی مین مروی ہی اور سلطان کو لازم ہی کہ قاضی
کا رزق بیت المال سے مقرر کرے اور قاضی کو بیت المال سے لینا جائز ہی اگرچہ وہ غنی اور مقدور والا ہو اور اگر کچھ نہ لے اور لعد عمل قضا کرے تو افضل ہی اور اصل
اسمین قول ہی اللہ تعالے کا مال یتیم مین جسکو وصی اُسکی زندگی کا کرے (ومن کان غنیا فلیستعفف ومن کان فقیرا فلیاکل بالمعروف) یعنی جو غنی ہو وہ عفت اختیار کرے
اور جو فقیر ہو تو دستور کے موافق کھائے عمر فاروق رضہ سلیمان بن ربیعہ باہلی کو بعہدہ قضا پانسو درم کا مشاہرہ دیتے تھے بقدر کفایت اُنکی عیال کے اور شریح قاضی
کو سو درم مشاہرہ دیتے تھے اور علی مرتضیٰ شریح کو پانسو درم دیتے تھے اسواسطے کہ شریح کی عیال فاروق اعظم کے وقت مین کم تھی اور غلہ ارزان تھا اور خلافت
مرتضوی مین اُنکی عیال بکثرت تھی اور غلہ گران تھا تو قاضی کی روزی مین کچھ تقدیر اور حد نہین بقدر کفایت چاہیے کیونکہ یہ اجرت نہین اسواسطے کہ قضا پر اجرت لینا
حلال نہین کذا فی الفتح ولا یکون فظا غلیظا جبارا عنیدا لانہ خلیفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قاضی بد خلق سخت دل متکبر غضب آلود ناحق پسند معاند نہو کیونکہ
وہ خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی یعنی احکام شرعیہ کے جاری کرنے مین خلیفہ ہی ہم عینی نے کہا مقصود قضا سے رفع فساد ہی اور اخلاق مذکورہ تو آپ ہی فساد
ہین وفی اطلاق اسم خلیفۃ اللہ خلاف تاتارخانیہ اور خلیفۃ اللہ کے نام بولنے مین خلاف ہی کذا فی التاتارخانیہ ہم بعضون کے نزدیک جائز ہی قاضی کو خلیفۃ اللہ کہنا
اسواسطے کہ خلیفۃ اللہ خلیفۃ الرسول کے معنی پر محمول ہی اور بعضون کے نزدیک جائز نہین شاید اسواسطے کہ یہ لفظ مخصوص بانبیا علیہم السلام ہی مانند آدم اور داؤد علیہما السلام
کے وکرہ تحریما التقلد ای اخذ القضاء لمن خاف الحیف ای الظلم والعجز یکفی احدہما فی الکراہۃ ابن کمال اور مکروہ تحریمی ہی قضا کا قبول کرنا اُس شخص کو جو ظلم یا عاجزی سے
ڈرے ظلم اور عجز مین سے ایک چیز کراہت کے واسطے کافی ہی کذا ذکرہ ابن کمال ہم اکثر نسخ در مختار مین کرہ التقلید ہی اور مصنف کی شرح مین کرہ التقلد ہی اور یہی مناسب ہی
اور اسی طرح اگلے قول مین والتقلید رخصۃ ہی اور بہتر والتقلد رخصۃ ہی کذا فی الطحطاوی وان تعین لہ او امنہ لا یکرہ فتح ثم ان انحصر فرض عینا والا کفایۃ بحر اور اگر
باوجود خوف ظلم عہدہ قضا اُسکے واسطے متعین ہو یا وہ شخص ظلم یا عجز سے بے خوف ہو تو قبول قضا مکروہ نہین کذا فی الفتح پھر اگر لیاقت قضا اسی شخص مین منحصر ہو
تو قبول کرنا فرض عین اور نہین تو فرض کفایہ ہی کذا فی البحر ہم فتح القدیر مین ہی محل کراہت اُسوقت ہی جبکہ قضا اُسپر متعین نہو اور اگر اُسی پر انحصار ہو تو قبول قضا فرض
عین ہی اور اُسپر واجب ہی کہ آپ کو ظلم وغیرہ سے تھامے رہے مگر یا کہ سلطان سے فصل خصومات ممکن ہو انتہی والتقلد رخصۃ ای مباح والترک عزیمۃ عند العامۃ
بزازیہ فالاولی عدمہ اور قضا کا قبول کرنا رخصت ہی یعنی مباح ہی اور ترک تقلد عزیمت ہی اکثر فقہا کے نزدیک کذا فی البزازیۃ تو عدم قبول قضا بہتر ہی ہم در صورت عدم
خوف ظلم قبول قضا مکروہ نہین اسواسطے کہ کبار صحابہ اور تابعین نے قضا قبول کی ہی اور نہایہ مین ہی کہ بعضے فقہا کے نزدیک قضا مین داخل ہونا جائز نہین مگر زبردستی
سے اور ابو حنیفہ کا یہی مذہب ہی اور صحیح یہ ہی کہ دخول عزیمت ہی اور امتناع رخصت انتہی تو بموجب اسکے اولی عدم دخول ہی اور قول ضعیف یہ ہی کہ دخول فی القضا
عزیمت ہی اور امتناع رخصت ہی بزازی نے کہا عامہ مشائخ قول اول پر ہین اور فتح القدیر مین اسی پر یقین کیا ہی اس دلیل سے کہ اکثر خطا پڑتی ہی اُس شخص کے گمان مین جو
اپنے نفس پر اعتدال کا گمان رکھتا ہی پھر اُسی سے خلاف اُسکے ظاہر ہوتا ہی کذا فی النہر ویحرم علے غیر الاہل الدخول فیہ قطعا من غیر تردد

تقلید قضا جائز ہے چنانچہ بعضے بلاد مسلمین میں اہل فرنگ غالب ہو گئے ہیں جیسے قرطبہ میں تو مسلمین پر واجب ہے کہ منجملہ مسلمین ایک شخص پر اتفاق کریں اور اسکو والی
قرار دیں پھر وہ قاضی کو مقرر کرے یا وہ آپ ہی فیصلہ کیا کرے اور اسی طرح ایک شخص کو امام ٹھہراویں جو انکو جمعہ پڑھایا کرے انتہی اور یہی وہ قول ہے جسکی طرف
نفس مطمئن ہوتا ہے تو اسی پر اعتماد کرنا چاہیے کذا فی النہر ومن سلطان الخوارج واہل البغی واذا صحت التولیۃ صح العزل واذا رفع قضاء الباغی الی قاضی
العدل نفذہ وقیل لا وبہ جزم الناصحی اور جائز ہے قضا قبول کرنا خارجیوں کے بادشاہ اور باغیوں سے اور جبکہ اہل بغاوت کی تولیت قضا صحیح ہوئی تو انکا
معزول کرنا بھی صحیح ہے یعنے اگر قاضی عادل کو معزول کرکے قاضی باغی مقرر کرے تو صحیح ہے اور جبکہ قاضی باغی کا مرافعہ ہو قاضی عادل کی طرف تو اسکو نافذ
رکھے اور بعضوں نے کہا کہ جاری نہ کرے اور اسی پر یقین کیا ہے ناصحی نے ہم بحر الرائق میں ہے کہ قاضی باغی کی قضا نافذ ہے جیسے فساق اہل عدل کی قضا نافذ ہے
اسواسطے کہ قول اصح میں فاسق صلاحیت قضا کی رکھتا ہے اور یہی قول معتمد ہے انتہی تو معلوم ہوا کہ قول ناصحی خلاف معتمد ہے فاذا تقلد القضاء طلب دیوان
قاضی قبلہ یعنی السجلات پھر جبکہ عہدہ قضا پر منصوب ہو تو قبل قاضی کے قاضی سے دیوان یعنی سجلات کو طلب کرے ہم دیوان اصل میں بھی جریدہ حساب ہے پھر حساب
پر اسکا اطلاق ہوا پھر موضع حساب پر اور یہاں مراد وہ تھیلیاں اور بستے ہیں جنمیں سجلات اور محضر وغیرہا ہوں دستور یہ ہے کہ قاضی دو نسخے لکھتا ہے ایک اپنے پاس
رکھتا ہے کہ شاید اسکی طرف کا ہے حاجت ہو اور دوسرا خصم کے ہاتھ میں دیتا ہے اور جو خصم کے ہاتھ میں ہے وہ اعتماد کے لائق نہیں تو قاضی منصوب دو شخص
یا ایک امین کو بھیجے تا قاضی معزول یا اسکے امین سے کاغذات مذکورہ لے اور ہر ایک کاغذ کا حال اس سے پوچھے اور ہر قسم کو علیحدہ علیحدہ تھیلی میں رکھے تا کہ تلاش
آسان ہو پھر بعد قبض کے اسپر مہر کرے تغیر کے خوف سے سجل وہ جسمیں خصومت متخاصمین اور اقرار مدعی علیہ یا انکار اور حکم بشہادت یا نکول اسطرح پر مذکور ہو کہ اشتباہ
نہ آئے اور اسکو محضر بھی کہتے ہیں اور صک وہ جسمیں بیع یا رہن اور اقرار وغیرہ مکتوب ہو اور حجت اور وثیقہ تینوں کو شامل ہے اور حال کے عرف میں سجل وہ ہے جسکو شاہدوں
نے واقعہ میں لکھا اور قاضی کے پاس رہا اور اسپر قاضی کا خط نہیں اور حجت وہ جسمیں سجل سے واقعہ منقول ہوا اور اسکے اوپر قاضی کی علامت ہو اور نیچے اسکے شاہدوں
کا خط ہو اور خصم کو دیا جاوے کذا فی الطحطاوی عن البحر ونظر فی حال المحبوسین فی سجن القاضی اور قاضی نظر کرے ان قیدیوں کے حال میں جو قاضی کے قیدخانہ
میں ہیں ہم یعنی قاضی ایک معتمد کو قیدخانہ میں بھیجے اور وہ قیدیوں کے نام اور انکی اخبار اور انکے مقید ہونے کا سبب لکھے اور دریافت کرے کہ کسنے انکو مقید کیا
واما المحبوسون فی سجن الوالی فعلی الامام النظر فی احوالہم اور جو شخص حاکم کے قیدخانے میں محبوس ہیں تو امام یعنی بادشاہ پر انکے حال کا نظر کرنا لازم ہے فمن لزمہ
ادب ادبہ والا اطلقہ سو جس قیدی کو ادب دینا لازم ہو تو اسکو ادب دیکے تعزیر دے ورنہ نہیں تو اسکو چھوڑ دے ہم یوں کہنا مناسب تھا جیسا کہ بحر الرائق
میں شرح ادب سے ہے کہ اگر محبوس کا کوئی قضیہ نہو تو چھوڑ دے اسواسطے کہ جائز ہے کہ محبوس لائق تادیب نہو اگا اسپے قضیہ متعلق ہو ولا یبیت احد فی قید الا رجلا
مطلوبا بدم اور کسی کو شب باش نہونے دے قید میں مگر اس مرد کو جو خونریزی میں ماخوذ ہو ونفقۃ من لیس لہ مال فی بیت المال بحر اور اس قیدی کا خرچ جسکے پاس
مال نہیں بیت المال میں ہے کذا فی البحر یعنی مفلس محبوس کی خوراک اور پوشاک بیت المال میں ہے اور یہی حکم ہے مشرکین کے محبوسوں کا اور سزاوار یہ ہے کہ اس کام پر ایک مرد صالح
کو مقرر کرے جسکے پاس انکے نام لکھے ہوں اور ہر شخص کا خرچ ماہ بماہ دیتا رہے اور ہر شخص کو بلا کر اپنے ہاتھ سے دے کذا فی الطحطاوی فمن اقر منہم بحق او قامت
علیہ بینۃ الزمہ الحبس ذکرہ مسکین وقیل الحق سو محبوسین میں سے جو حق کا اقرار کرے یا اسپر گواہی قائم ہو تو اسکو حبس لازم رکھے اسکو مسکین نے شرح میں ذکر کیا ہے
اور قول ضعیف یہ ہے کہ اسپر حق لازم کردے یہ قول عینی اور ابن ہمام کا ہے والا نادی علیہ بقدر ما یری ثم یطلقہ بکفیل بنفسہ فان ابی نادی علیہ شہرا ثم اطلقہ اور اگر
اقرار یا گواہی نہو تو اسپر منادی کراوے جسقدر کہ مدت قاضی کی رائے میں آوے پھر محبوس کو چھوڑ دے اس سے حاضر ضامن لیکر سو اگر وہ حاضر ضامن دینے سے انکار کرے
تو اسپر مہینہ بھر منادی کراوے پھر اسکو چھوڑ دے ہم طریقہ مدلون ہے کہ قاضی اپنے جلوس کے وقت محلے میں منادی کو بھیجے کہ وہ پکار دے کہ جسکو فلان بن فلان محبوس پر
کچھ دعوی ہو وہ حاضر ہو تا اسکی سنوائی ہو وعمل فی الودائع وغلات الوقف ببینۃ او اقرار ذی الید اور قاضی عمل کرے اموال ودیعت اور محاصل وقف

مین گواہی یا قابلیت کے افراد سے حموی نے کہا کہ شاید یہ حکم فقہاے سابقین کے عرف پر مبنی ہو کہ ودائع اور وقف قاضی کے امین کے پاس ہتے تھے اور ہمارے زمانے مین تو مال
وقف ناظرون کے تحت مین ہین اور ودائع یتامی کے اوصیا کے قبضے مین ہین اور اگر یہ فرض کیجیے کہ قاضی معزول نے غلہ وقف یا ودلیعت یتیم کو کسی امین کے پاس
رکھوایا تو اسی کے موافق عمل کرے جیسا کہ کتاب مین مذکور ہی ولم یعمل المولی لقول المعزول لالتحاقہ بالرعایا وشہادۃ الفرد لاتقبل خصوصا بفعل نفسہ ورد مقالہ ودہ
رد او لو مع آخر نہر اور قاضی منصوب عمل نکرے معزول قاضی کے قول پر بسبب ملحق رعایا کے ساتھ اور اگر اسکو شاہد قرار دیجیے تو گواہی ایک شخص کی مقبول نہین
خصوصا اپنی ذات کے فعل کی گواہی کذا فی الدرر اور لفظ خصوصا کا مفاد رد شہادت معزول ہی اگرچہ دوسرے گواہ کے ساتھ ہو کذا فی النہر یعنی جبکہ اپنے فعل نفس کی
گواہی معزول کی مقبول نہوئی تو باقی رہگیا ایک گواہ تو نصاب شہادت پوری نہ رہی اُسکی گواہی بھی مردود ہوگی قلت لکن افتی قاری الہدایۃ بقبولہا وتبعہ ابن
نجیم فتنبہ مین کہتا ہون لیکن قاری ہدایہ نے قبول شہادت مذکورہ کا فتوی دیا ہی اور ابن نجیم صاحب فتوی اُسکا تابع ہوا ہی تو خبردار رہ حموی طحطاوی نے کہا بحر الرائق
مین تو نہر الفائق کے مانند عدم قبول شہادت مذکور کیا ہی شاید ابن نجیم کے فتاوی مین قبول شہادت کا فتوی مذکور ہو الا ان یقر ذوالید انہ ای المعزول
سلمہا ای الودائع والغلات الیہ فیقبل قولہ فیہما انہا لزید الا اذا بدأ ذوالید بالاقرار للغیر ثم اقر بتسلیم القاضی الیہ فاقر القاضی بانہا لآخر فیسلم للمقر لہ الاول ویضمن
المقر قیمتہ او مثلہ للقاضی باقرارہ الثانی لیسلمہ لمن اقر لہ القاضی قول معزول پر عمل نہین مگر جبکہ قابض یہ اقرار کرے کہ قاضی معزول نے اسکو ودائع اور محاصل وقف
سپرد کیے ہین تو اب ودائع اور محاصل مین معزول کا یہ قول مقبول ہوگا کہ وہ زید کے ہین مگر جب کہ قابض نے پہلے غیر کے واسطے اقرار کیا پھر اقرار کیا کہ قاضی معزول
نے اسکو سپرد کیا سو قاضی معزول نے دوسرے شخص کے واسطے اقرار کیا تو اس صورت مین ودائع اور محاصل پہلے مقر لہ کو تسلیم کیے جائینگے اور تاوان دے
مقر قیمت کا اگر ودلیعت قیمی ہو یا مثل کا اگر وہ مثلی ہو قاضی کو اُسکے اقرار ثانی کے سبب سے پھر قاضی منصوب قیمت یا مثل قاضی معزول کے مقر لہ کو تسلیم کرے و
یقضی فی المسجد ویختار مسجدا فی وسط البلد تیسیرا للناس ویستدبر القبلۃ کخطیب ومدرس خانیہ اور قاضی مسجد مین بیٹھکر حکم کرے اور وہ مسجد اختیار کرے جو شہر
کے درمیان ہو لوگون کی آسانی کے واسطے اور پشت بقبلہ ہو کر بیٹھے مانند خطیب و مدرس کذا فی الخانیہ حموی چونکہ قضا عبادت ہی لہذا مسجد مین جائز ہی اور مشرک کو مسجد
کے آنے سے منع نہ کرے اور اسکو جو نجس کہا ہی تو باعتبار نجاست اعتقادی کے حموی نے کہا قضا فی المسجد بنظر زمان سابق صحیح تھی اور ہمارے زمانے مین
تو مناسب نہین کیونکہ اب لوگ مساجد کا ادب قرار واقعی نہین کرتے اور بحال جنابت جانے سے احتراز نہین کرتے اور مساجد مین وہ کام کرتے ہین جو سزاوار
نہین واجرۃ المحضر علی المدعی ہو الاصح بحر عن البزازیۃ وفی الخانیۃ علی المتمرد ہو الصحیح اور اجرت حاضر کرنے والے کی مدعی پر ہی یہی قول اصح ہی کذا فی البحر
عن البزازیۃ اور خانیہ مین ہی کہ اجرت متمرد سرکش پر ہی اور یہ قول صحیح ہی حموی پہلا قول معتمد ہی کیونکہ اصح مقدم ہی صحیح پر طحطاوی نے کہا اور بعضون نے کہا کہ اجرت
حاضر کرنے والے کی بیت المال مین ہی بحر الرائق مین ہی کہ حاضر کرنے والے کی اجرت اسی شہر مین نصف درم سے ہی درم تک اور خارج شہر مین بحساب فی فرسنگ
تین درم سے چار درم تک اور بزازیہ مین ہی کہ حاکم کے اعوان سے احضار کی درخواست کرے وکذا السلطان والمفتی والفقیہ اور اسی طرح سلطان
اور مفتی اور فقیہ یعنی مدرس فقہ کو مسجد مین جلوس جائز ہی اوفی دارہ ویاذن عموما یا قاضی حکم کرے اپنے گھر مین اور لوگون کو آنے کی اجازت دے علی العموم حموی خانیہ
یہ ہی کہ قاضی مشہور مکان مجمع الناس مین جلوس کرے اور دربان اور حاجب مقرر کرے یہی افضل ہی لیکن شرح ادب مین ہی کہ اگر دفع ازدحام خصوم کے واسطے دربان
مقرر کرے تو جائز ہی اور حکم نہ کرے شغل قلب کی حالت مین یعنی فرحت یا غضب یا تشویش یا حاجت جماع یا نہایت سردی یا گرمی یا بول براز کی حاجت مین اور جس روز
جلوس کا ارادہ کرے نفل نہ روزہ رکھے اور پہنے احسن ثیاب و اعدل احوال مین کذا فی الطحطاوی ویرد ہدیۃ التنکیر للتقلیل ابن کمال اور قاضی ہدیہ اور سوغات نہ لے
پھیر دے ابن کمال نے کہا کہ لفظ ہدیہ کا نکرہ لانا تقلیل کے واسطے یعنی تھوڑی حقیر چیز کا بھی ہدیہ لینا قاضی کو جائز نہ ہی پھیر دینے کے لفظ سے معلوم ہوا کہ ہدیہ کو بیت المال
مین نہ رکھے اور یہی قول ہی اکثر مشائخ کا اور بعضون نے کہا بیت المال مین رکھے ہدیہ پھیر دینے کا حکم اسواسطے ہوا کہ وہ رشوت کے مشابہ ہی یہی طریقہ تھا صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم

کذا فی الطحطاوی اور جو مایعطی بلا شرط اعانۃ بخلاف الرشوۃ ابن ملک اور ہدیہ وہ ہی جو دیا جاے بلا شرط اعانت بخلاف رشوت کذا ذکرہ ابن ملک یعنی ہدیہ اور رشوت مین یہ فرق ہی کہ ہدیہ مین
اعانت مشروط نہین ہوتی اور رشوت مین مددگاری او کار برآری مشروط ہوتی ہی و لو تاذی المہدی بالرد یعطیہ مثل قیمتہا خلاصۃ اور اگر ہدیہ لانے والے کو پھیر دینے سے رنج ہو تو قاضی
اسکو اوسکی قیمت عطا کرے کذا فی الخلاصۃ و لو تعذر الرد لعدم معرفتہ او بعد مکانہ وضعہا فی بیت المال اور اگر ہدیے کا پھیر دینا اسکی عدم معرفت یا اسکے مکان کی دوری سے
متعذر ہو تو اسکو بیت المال مین رکھے ومن خصوصیاتہ علیہ السلام ان ہدایاہ لہ تاتارخانیہ اور مخصوصات رسول معصوم علیہ السلام سے یہ ہی کہ آپکے ہدایا آپکے مملوک تھے کذا فی
التاتارخانیہ ہم یہ وجہ وحشت ہی یعنی اگر کوئی کہے کہ قاضی تو نائب ہی رسول اللہ صلعم کا اور آنحضرت علیہ السلام تو ہدیہ قبول فرماتے تھے پھر کیا وجہ کہ قاضی قبول نہ کرے اسکا جواب
دیا کہ یہ امر مخصوصات نبویہ سے ہی اور فعل مخصوص مین اتباع جائز نہین اور وجہ خصوصیتہ شاید واللہ اعلم یہ ہی کہ آنحضرت علیہ السلام معصوم تھے رعایت خاطر مہدی خلاف شرع
حضرت سے متصور نہ تھی بخلاف قاضی کہ وہ معصوم نہین ومفاد انہ لیس للامام قبول الہدیۃ والا لم تکن خصوصیتہ وفیما یجوز للامام والمفتی والواعظ قبول الہدیۃ لانہ انما یہدی
الی العالم لعلمہ بخلاف القاضی اور تاتارخانیہ کا مفاد یہ ہی کہ امام یعنی سلطان کو ہدیہ قبول کرنا جائز نہین ورنہ خصوصیت نہین رہتی اور تاتارخانیہ مین ہی کہ امام اور مفتی اور
واعظ کو ہدیہ قبول کرنا جائز ہی اسواسطے کہ عالم کو تو ہدیہ دیا جاتا ہی اسکے علم کے سبب سے بخلاف قاضی کے یعنی اسکے ہدیہ دینے مین تو دنیا کی کار برآری کا احتمال ہی ہم شارح
نے اس تقریر سے تاتارخانیہ کے دونون قولون مین منافات ثابت کی یعنی پہلے قول سے ثابت ہوا کہ قبول ہدیہ مخصوصات نبویہ سے ہی تو سلطان کا ہدیہ قبول کرنا جائز
نہوا اور دوسرے قول سے سلطان کا ہدیہ قبول کرنا ثابت ہوتا ہی طحطاوی نے اسکا جواب یون دیا ہی کہ اختصاص نبوی سے یہ لازم نہین آتا کہ سلاطین ہدیہ قبول نکرین
اسواسطے کہ اگر وہ ہدیہ قبول کرین اور بیت المال مین رکھین تو جائز ہی چنانچہ فصل جزیہ مین مذکور ہو چکا کہ اہل حرب کا ہدیہ لینا امام کو جائز ہی اور اسکو مصالح مسلمین مین
صرف کرے اور اگر امام سے امام مسجد مراد لیجیے تو منافات مطلق باقی نہین رہتی الا من اربع السلطان والباشا اشباہ وبحر و قریبہ المحرم او ممن جرت عادتہ بذلک
بقدر عادتہ ولا خصومۃ لہما درر مگر چار شخصون کا ہدیہ قاضی نہ پھیرے سلطان کا اور باشا یعنی نائب سلطان کا کذا فی الاشباہ والبحر اور اپنے قرابتی محرم کا یا اس
شخص کا جسکو ہدیہ دینے کی عادت ہو قبل از قضا بشرطیکہ ہدیہ بقدر عادت قدیم ہو اور خصومت نہو دونون کی کذا فی الدرر یعنی ابن ملک قریبہ اور معتاد کا مقدمہ دار القضا
مین رجوع نہو ہم تو اگر عادت سے ہدیہ زیادہ دے اتنا پھیر دے اور اگر مقدمہ رجوع ہو تو قرابت دار اور معتاد دونون کا ہدیہ قبول نکرے اور واجب ہی کہ سلطان
اور اسکے نائب کے ہدیہ قبول کرنے مین بھی عدم خصومت کی قید لگائی جائے سلطان اور نائب کے ہدیہ قبول کرنے کی یہ وجہ ہی کہ انکا ہدیہ بیت المال مین سے ہی اور
قاضی بیت المال کے مصارف مین ہی اور ظاہرا قبول ہدیہ اسی صورت مین ہی جبکہ حلت غالب ہو اور اگر حرمت غالب ہو یا حلت اور حرمت دونون برابر ہون تو
سلطان اور نائب کا ہدیہ قبول نکرے فتاوی عالمگیری مین ہی کہ قاضی قرض نہ لے مگر اس دوست اور شریک سے جو قبل از قضا دوست اور شریک تھا بشرط عدم
خصومت وعدم تہمت اعانت اور اسی طرح عاریت لینا کذا فی الطحطاوی ویرد اجابۃ دعوۃ خاصۃ وہی التی لا یتخذہا صاحبہا لولا حضور القاضی ولو من محرم
ومعتاد وقیل ہی کالہدیۃ اور قاضی دعوت خاصہ کے ماننے کو قبول نکرے دعوت خاصہ وہ ہی جسکو صاحب دعوت نہ کرے اگر قاضی نہ آوے اگرچہ دعوت خاصہ محرم اور معتاد
کی ہو اور قول بعض یہ ہی کہ دعوت خاصہ ہدیہ کے مانند ہی ہم بعضون نے کہا دعوت نکاح اور ختنہ عامہ ہی اور اسکے سوا دعوت خاصہ ہی اور بعضون نے کہا دس شخص تک دعوت
خاصہ ہی اور اس سے زیادہ دعوت عامہ اور مصنف کی تفسیر اصح ہی چنانچہ سراج مین ہی اور یہی معتمد ہی چنانچہ بحر الرائق مین ہی اور عدم اجابت دعوت خاصہ محرم یہ شیخین کا
قول ہی اور محمد نے کہا کہ دعوت خاصہ محرم کی قبول کرے کہ اسمین صلہ رحم ہی اور خصاف نے کہا کہ قبول کرے بلا اختلاف چنانچہ اسی قول کو صاحب کافی نے اختیار کیا صاحب بحر
نے کہا تو یون کہنا بہتر ہی کہ ہدیہ اور دعوت خاصہ قبول نکرے مگر محرم اور معتاد سے تو معلوم ہوا کہ قول ثانی بھی صحیح ہی کذا فی الطحطاوی وفی السراج وشرح المجمع ولا یجیب
دعوۃ خصم وغیر معتاد ولو عامۃ للتہمۃ اور سراج اور شرح مجمع مین ہی اور قاضی قبول نکرے دعوت خصم اور غیر معتاد کی اگرچہ دعوت عامہ ہو بسبب تہمت کے
ہم اگر ایک شخص کی عادت دعوت ہو ہر مہینے مین ایک بار پھر وہ ہر ہفتہ مین بعد قاضی ہونے کے دعوت کرے تو قبول نکرے اور اگر طعام اکثر ہو

عیادت قدیمی سے تو وہ قبول کرے کہ اس صورت مین جبکہ شخص مذکور کا مال زیادہ ہو گیا ہو کذا فی الطحطاوی عن التاتارخانیہ ولیشہد الجنازۃ ولیعود المریض ان لم یکن لھما ولا علیھما
دعوی شرنبلالیہ عن البرہان اور قاضی جنازہ پر حاضر ہو اور مریض کی عیادت کرے بشرطیکہ صاحب جنازہ اور مریض مدعی اور مدعی علیہ نہون کذا فی الشرنبلالیہ عن البرہان
ھم مگر مریض کے پاس زیادہ نہ بیٹھے کذا فی النہر ویسوی وجوبا بین الخصمین جلوسا واقبالا واشارۃ ونظرا ویمنع عن مسارۃ احدھما والاشارۃ الیہ ورفع صوتہ
علیہ اور واجب ہے کہ قاضی مساوات اور برابری کرے بین الخصمین یعنی مدعی اور مدعی علیہ کو یکسان رکھے باعتبار بیٹھنے اور متوجہ ہونے کے اور باعتبار اشارہ کرنے کے
اور دیکھنے کے اور باز رہے ایک کی سرگوشی سے یعنی چپکے ایک کے کان مین بات نہ کرے اور باز رہے ایک شخص کی طرف اشارہ کرنے سے اور ایک پر آواز بلند کرنے
سے یعنی دوسرے سے زیادہ ایک پر شور نہ کرے ھم اور امور مذکورہ مین مساوات بین الخصمین اسواسطے واجب ہے تا دوسرے کی دلشکنی نہو اور قاضی پر تہمت نہ لگے اور اسواسطے کہ اسحق
بن راہویہ نے حضرت ام سلمہ رض سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مبتلا بالقضا بین المسلمین ہو وہ انمین مساوات رکھے مجلس اور اشارہ اور نظر
مین اور احد الخصمین پر آواز نہ بلند کرے دوسرے سے زیادہ اور ابن عمر نے ابو موسی اشعری کو لکھا کہ مساوات بین الناس کر اپنے متوجہ ہونے اور عدل اور مجلس مین تا شریف
تیرے ظلم مین طمع نہ کرے اور ضعیف تیرے عدل سے ناامید نہو اور احد الخصمین سے مخفی بات نہ کر اور نہ وہ تجھسے مخفی بات کرے اور اسکو تلقین حجت نہ کر بسبب تہمت کے
نوازل اور فتاوی کبری مین ہے کہ بادشاہ نے مخاصمت کی ایک مرد کے ساتھ سو بادشاہ قاضی کے پاس اسکی نشست گاہ مین اگر بیٹھا تو قاضی کو لائق ہے کہ اپنے مقام
سے اٹھے اور بادشاہ کا مخاصم وہان بیٹھے اور قاضی زمین مین بیٹھکر دونون مین فیصلہ کرے اور اسپر دلیل قاضی شریح کا قصہ ہے کہ انھون نے امیر المومنین
علی مرتضی رض کو اور انکے مخاصم کو اسی طرح بٹھلایا اور باتفاق اہل علم یہ مستحب ہے کہ دونون کو اپنے سامنے بٹھلاوے اور ایک کو اپنے داہنے اور دوسرے کو بائین نہ بٹھلاوے
کیونکہ داہنی طرف افضل ہے اور خصمین کو لائق ہے کہ قاضی کے سامنے دو زانو بیٹھین دو ہاتھ کے فاصلے سے جیسے شاگرد بیٹھتا ہے استاد کے روبرو اور چارزانو یا اکڑون نہ بیٹھین
اور اگر استطالت خصمین تو تسلیم قضا کے سبب سے قاضی انکو منع کرے اور اعوان قاضی کے اسکے سامنے کھڑے رہین ہیبت قاضی کے واسطے پھر جب خصمین حاضر ہون تو قاضی مختار ہے
چاہے انسے ابتداء تکلم کرے کہ تمھارا کیا مطلب ہے اور چاہے سکوت کرے یہانتک کہ وہی کلام آغاز کرین پھر جب مدعی کلام شروع کرے تو دوسرا خاموش کیا جائے تاوقتیکہ
وہ اپنا کلام پورا کر چکے کیونکہ دونون کے کلام ساتھ کرنے مین شور و شغب ہے کہ حشمت مجلس قضا کے لائق نہین پھر مدعا علیہ سے کلام کروایا جاوے اگر مدعی جواب
اسکا سے نہ طلب کرے یہی قول صحیح ہے تا علم بالمقصود حاصل ہو اور محمد کے نزدیک انفصال دعاوی مین ترتیب مختار ہے یعنی دعوی اول کا فیصلہ کرے پھر دوسرے کا پھر تیسرے
وعلی ہذا القیاس اور اسپر ایک امین غیر مرتشی مقرر کرے کہ وہ شخص سابق کی پہچان رکھے اور امین کو چاہیے کہ قاضی کے دروازے پر علی الصباح حاضر ہو اور اگر سابق مین تردد
واقع ہو تو قرعہ ڈالے اور خصوم پر شتابی نہ کرے بلکہ مہلت دے کیونکہ شتابی مین حجت منقطع ہو جاتی ہے اکثر اور کو آدمی بھول جاتا ہے اور معلوم کر کہ قاضی کے روبرو کھڑا ہونا
معروف نہ تھا یعنی سلف صالح مین اسکا رواج نہ تھا تو یہ بھی ان محدثات سے ہے جسکی طرف حاجت ہوئی کیونکہ لوگ مختلف الاحوال والادب ہین تو قاضی عمل کرے بمقتضائے
حال اسکے خیر کا ارادہ کرے نہ حشمت النفس جو تکبر کی طرف پہونچاتی ہے ولاحول ولا قوۃ الا باللہ اور مستحب ہے کہ قاضی مین عبوست یعنی خشک مزاجی ہو بلا غضب اور تواضع اور
انکسار ہو بلا ذلت وضعف اور قاضی کو چاہیے کہ ایک کاتب امین صالح واقف کار مقرر کرے جو محاضر اور سجلات کو لکھے تا سجل فاسد نہو جائے بعضے شروط کے ترک کرنے سے چنانچہ
وہ شروط کتاب السجلات والمحاضر مین مذکور ہین کذا فی الفتح القدیر ملخصا نہر الفائق مین ہے کہ اطلاق تسویہ بین الخصمین فی الجلوس عام ہے کبیر و صغیر اور بادشاہ اور رعیت اور
رذیل اور شریف اور باپ اور بیٹے اور مسلم اور ذمی کو مگر یہ کہ اگر بادشاہ مدعی علیہ ہو تو قاضی کو لائق ہے کہ اپنے مقام سے اٹھے اور بادشاہ اور اسکے مدعی کو وہان بٹھلاوے اور
آپ زمین پر بیٹھکر فیصلہ کرے انتہی ولا یضحک فی وجہہ وکذا القیام لہ بالاولی اور قاضی باز رہے احد الخصمین کے سامنے ہنسنے سے اور اسی طرح ایک شخص کے واسطے اٹھنے سے باز رہے بطریق
اولی ھم اسواسطے کہ قاضی کے ضحک سے وہ شخص اپنے خصم پر دلاور ہو جائیگا کذا فی النہر ولا ضیافۃ اور قاضی ایک شخص کی دونون مین سے ضیافت نہ کرے ھم اسحق بن راہویہ نے اپنی
مسند مین امام حسن سے روایت کی کہ ایک شخص علی مرتضی کے گھر مین آکر اترا آپنے اسکی ضیافت کی پھر چند روز کے بعد کہا کہ مین یہ چاہتا ہون کہ فلانے شخص سے خصومت کرون تو

علی مرتضیٰ نے فرمایا کہ تو بیان سے اُٹھ جا اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمکو منع فرمایا اس سے کہ ہم ایک خصم کی ضیافت کرین مگر کہ اُسکے ساتھ اُسکا خصم ہو اور اسی طرح عبدالرزاق اور
دارقطنی نے روایت کی اور اسواسطے کہ اسمین تہمت میلان ہی کذا فی الفتح ثم لو فعل ذلک معہما معا جاز نہر ہان اگر اسکو دونون کے ساتھ کرے تو جائز ہی کذا فی النہر ہم نہر الفائق مین ہی
کہ ضیافت مین احدہما کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر دونون کی ساتھ ہی ضیافت کرے تو جائز ہی اور قیاس اُسکا یہ ہی کہ اگر دونون سے سرگوشی کرے یا دونون کی طرف ساتھ ہی اشارہ
کرے تو جائز ہی انتہی ولا یمزح فی مجلس الحکم مطلقا ولو بغیرہما لذہابہ بمہابتہ اور قاضی خوش طبعی نہ کرے حکم کی مجلس مین مطلقا اگرچہ خصمین کے سوا اور کسی سے کرے اسواسطے
کہ خوش طبعی سے مہابت اور رعب نہین رہتا ولا یلقنہ حجتہ وعن الثانی لا باس بہ یعنی اور قاضی کسی مدعی یا مدعا علیہ کو حجت نہ سکھاوے اور ابو یوسف سے روایت ایک
یہ بھی ہی کہ تلقین حجت مین کچھ مضائقہ نہین کذا فی العینی ہم تلقین حجت اسواسطے جائز نہین کہ اسمین تہمت ہی اور دوسرے کی دل شکنی ہی ولا یلقن للشاہد شہادتہ واستحسنہ
ابو یوسف رحمہ فیما یستفید بہ زیادۃ علم اور قاضی شاہد کو تلقین شہادت نہ کرے اور تلقین شہادت کو ابو یوسف نے پسند کیا ہی جس تلقین مین شاہد کو زیادہ دانست حاصل ہو ہم
ابو یوسف اور شافعی کا ایک قول یہ ہی کہ جس شاہد پر حیرت اور ہیبت غالب ہو سو وہ شرائط شہادت سے کچھ ترک کرے تو مضائقہ نہین کہ قاضی اُسکی اسطرح اعانت
کرے کہ تو گواہی دیتا ہی ایسی اور ایسی بشرطیکہ محل تہمت نہو اور اگر محل تہمت ہو اسطرح پر کہ مدعی پندرہ سو کا دعوے کرے اور مدعی علیہ پانسو کا منکر ہو اور شاہد
ہزار کی شہادت دے تو قاضی کہے کہ شاید مدعی نے پانسو معاف کر دیے ہون اور شاہد کو اس سے علم حاصل ہو سو معافی کے قول سے اپنی شہادت کو دعوی مدعی کے موافق
کرے جسطرح قاضی نے توفیق دی تو یہ بالاتفاق جائز نہین جیسے تلقین احد الخصمین جائز نہین اور مبسوط مین ہی کہ طرفین کا قول عزیمت ہی اور قول ابو یوسف رخصت
ہی اسواسطے کہ جب ابو یوسف مبتلا بالقضا ہوئے اور دیکھا کہ ہیبت مجلس قضا سے شاہد ادائے شہادت سے بند ہو جاتا ہی تو کہا کہ اگر ہم اُسکو تلقین نہ کرین تو حق ضائع ہو جائے
کذا فی الفتح والفتوی علی قولہ فیما یتعلق بالقضاء لزیادۃ تجربتہ بزازیہ اور فتوی ابو یوسف کے قول پر ہی متعلقات قضا مین ابو یوسف کے زیادہ تجربہ ہونے کے سبب
ہم اور قنیہ مین بھی بزازیہ کے موافق فتوی بقول ابو یوسف مذکور ہی کذا فی النہر طحطاوی نے کہا کہ فتوی بقول ابو یوسف قضا مین اغلبی ہی یعنی اکثری ہی نہ کلی وفی الولوالجیۃ
حکی ان ابا یوسف وقت موتہ قال اللہم انک تعلم انی لم امل الی احد الخصمین حتی بالقلب الا فی خصومۃ نصرانی مع الرشید لم استو بینہما وقضیت علی الرشید ثم بکی انتہی قلت
ومفادہ ان القاضی یقضی علی من ولاہ وفی الملتقی ویصح لمن ولاہ وعلیہ وسیجیٔ اور ولوالجیہ مین حکایت ہی کہ ابو یوسف نے اپنی موت کے وقت کہا الٰہی تو جانتا ہی کہ
مین نے میلان نہین کیا یعنی مین نہین جھکا احد الخصمین کی طرف یہان تک کہ دل سے بھی مگر ایک نصرانی کی خصومت مین ہارون رشید کے ساتھ مین نے دونون کو
برابر نہین کیا یعنی مجلس مین اور حکم کیا مین نے ہارون رشید پر یعنی اُسکو ہرایا اور نصرانی کو جتایا پھر ابو یوسف روئے انتہی مین کہتا ہون اس حکایت کے مسئلے سے
معلوم ہوا کہ قاضی کا حکم جاری ہی اُس بادشاہ پر جسنے اُسکو قاضی مقرر کیا اور ملتقی الابحر مین ہی اور قاضی کا حکم صحیح ہی اُس سلطان کے نفع اور مضرت مین جسنے اُسکو قاضی کیا
اور اُسکا ذکر آگے آویگا فروع مسائل ملحقہ شارح کے فی البدائع من جملۃ ادب القاضی انہ لا یکلم احد الخصمین بلسان لا یعرفہ الآخر بدائع مین ہی کہ منجملہ ادب قاضی یہ ہی کہ قاضی
کلام نہ کرے احد الخصمین سے اُس بولی مین جسکو دوسرا خصم نہین جانتا یعنی اسواسطے کہ یہ بمنزلہ کلام مخفی کے ہی وفی التاتارخانیۃ والاحوط ان یقول للخصمین احکم بینکما حتی
اذا کان فی التقلید خلل یصیر حکما بتحکیمہما اور تاتارخانیہ مین ہی اور زیادہ تر احتیاط یہ ہی کہ قاضی مدعی اور مدعی علیہ سے کہے کہ تمہارے مابین مین حکم کرون تو
اگر قاضی کی تقلید قضا مین کچھ خلل ہوگا تو قاضی حکم اور پنچ ہو جائیگا دونون کی تحکیم سے ہم یعنی قاضی حکم کرنے کی دونون سے اجازت چاہیے جب وہ کہین کہ حکم کیجیے
تب حکم کرے تو فائدہ اُسکا یہ ہی کہ اگر تقلید قضا مین کچھ خلل ہو مثلاً رشوت دیکر عہدہ قضا لیا ہو تو بطور پنچایت کے فیصلہ صحیح ہوگا کذا فی الطحطاوی قضی بحق ثم امرہ
السلطان بالاستیناف بمحضر من العلماء لم یلزمہ بزازیہ قاضی نے فیصلہ واجبی کیا پھر بادشاہ نے اُسکو حکم کیا کہ پھر سر نو سے علما کے سامنے فیصلہ کرے یعنی دعوی اور
گواہی سنکر تو قاضی پر استیناف لازم نہین کذا فی البزازیہ ہم طحطاوی نے کہا بحر الرائق مین بزازیہ سے یون منقول ہی کہ قاضی پر یہ فرض نہین تو معلوم ہوا کہ
استیناف جائز ہی طلب المقضی علیہ نسخۃ السجل من المقضی لہ لیعرضہ علی العلماء ہو صحیح ام لا فامتنع الزمہ القاضی بذلک جواہر الفتاوی جو ہارا اُسنے نسخہ سجل کا مانگا

اس سے جو جیتا تا سجل کو علما کے سامنے کرسکے وہ صحیح ہی یا نہیں سو اُسنے نسخہ نہ دیا تو قاضی اُسپر اسکا دینا لازم کردے یعنے دلادے کذا فی جوہرالنشاوی وفی الفتح متی امکن اقامتہ الحق بلا ایغار صدور کان اولی اور فتح القدیر مین ہی کہ جب تک اقامت حق بلا کینہ اندازی قلوب ممکن ہو تو بہتر ہی ہم طریقہ اسکا مبسوط مین یون مذکور ہی کہ جو شخص ہارا ہی اُس سے قاضی عذر کرے اور وجہ حکم اس سے بیان کرے اور کہے کہ ہمنے تیری حجت سنی اور دریافت کی لیکن حکم شرع اسی طرح تھا اُسکے سوا نہین ہوسکتا تھا یہ اعتذار اسواسطے ہی کہ وہ لوگون سے شکایت نہ کرے اور قاضی کو ظالم نہ جانے اور لوگ اسکی شکایت سنکر بدگمان نہون کذا فی الطحطاوی ملخصا ولی لقیبل قصص الخصوم ان جلس للقضاء لا والاخذ باولا یاخذ بما فیہا الا اذا اقر بلفظہ صریحا اور قاضی اہل مقدمات کی حکایات قبول کرے یا نہ کرے جواب اسکا یہ ہی کہ اگر قاضی فیصلہ کے واسطے بیٹھ چکا ہی تو قبول نہ کرے اور اگر ہنوز نہ بیٹھا تو قبول کرے اور حکایات مین کوئی بات نہ پکڑے مگر اُس بات کو البتہ پکڑے جسکو اُسنے بلفظ صریح اقرار کیا ہم حکایات سے وہ حکایات مراد ہین جو دعوی سے متعلق ہین چنانچہ مضارب کا یون کہنا کہ مین مال مضاربت کو سفر مین لیگیا اور فلانے شہر مین اسکو بیچا اور اُس سے اجناس کو خرید کیا اور مانند اسکے اور وہ حکایات مراد نہین جو متعلقات دعوی سے نہین مجلس حکم مین سماع حکایات اسواسطے نہین کہ مجلس سماع دعوی اور بینات اور اقرار اور حکم کے واسطے ہم اسطرح پر کہ مدعی کہے کہ اُسکے پاس میرا مال مضاربت تھا سو یہ سفر مین لے گیا پھر اُسنے وہان نگہبانی نہ کی سو مال ضائع ہو گیا اب مین اس سے تاوان چاہتا ہون تو مدعی علیہ جواب مین کہے کہ ہان یا اُسکا انکار کرے اور اقرار بلفظ صریح اسطرح کہ مضارب کہے کہ مین نے مال مضاربت سمندر کے کنارے پر بلا محافظ چھوڑا اور مین شہر مین حمال لانے کے واسطے گیا پھر جو کنارے پر آیا تو مال نہ پایا کذا فی الطحطاوی

فصل فی الحبس یہ فصل ہی حبس کے احکام مین ہم چونکہ حبس منجملہ احکام قضا تھا اور مختص با حکام کثیرہ تھا لہذا مصنف نے اسکو علیحدہ فصل کرکے ذکر کیا حبس مصدر ہی بمعنی منع یعنے روکنا اور بند کرنا پھر موضع حبس پر اُسکا اطلاق ہوا کذا فی الحموی اہل ہند حبس کو قید خانہ اور بندی خانہ اور جیلخانہ بولتے ہین وہو مشروع لقولہ تعالی او ینفوا من الارض حبس مشروع ہی حق تعالی کے اس قول سے یا نفی کیے جائین زمین سے یعنی قطاع الطریق ہم نفی سے نفی من جمیع الارض مراد نہین کہ مقصود نہین تو نفی سے حبس مراد ہی وحبس علیہ الصلوۃ والسلام رجلا بالتہمۃ فی المسجد اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرد متہم کو مسجد مین محبوس کیا ہم رسول علیہ الصلوۃ والسلام کے زمانے مین اور صدیق اور فاروق اور عثمان رضی اللہ عنہم کے زمانے مین حبس مسجد مین تھا یا ڈیوڑھی مین یا بابندھکر اور ایک قول یہ ہی کہ فاروق نے ایک گھر مکہ معظمہ مین چار ہزار درم کو خرید کیا اور اُسکو محبس ٹھہرایا واحدث السجن علی رضی اللہ عنہ وبناہ من قصب سماہ نافعا فنقبہ اللصوص فبنی غیرہ من مدر وسماہ مخیسا بالفتح الیاء وتکسر موضع التخییس وہو التذلیل اور امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ نے قید خانہ ایجاد کیا اور اسکو بانس سے بنایا اور اُسکا نام نافع رکھا سو اسمین کو نقب دیا چورون نے یعنی اور قیدیون کو نکال لے گئے پھر حضرت مرتضی نے اُسکے سوا اور محبس بنایا مٹی کے ڈھیلون سے اور اُسکا نام مخیس بفتح یا رکھا اور کسرہ یا بھی جائز ہی مخیس موضع تخییس یعنے ذلیل کرنے کا مکان ہم مخیس بضم میم وفتح خا وفتح یا مع التشدید اسم ظرف ہی محل تذلیل اور بکسر یا اسم فاعل ہی یعنی ذلیل کرنے والا وفیہ یقول علی رضی اللہ عنہ شعر الا ترانی کیسا مکیسا ✢ بنیت بعد نافع مخیسا ✢ حصنا حصینا وامینا کیسا ✢ اور اسی مین علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کیا تو مجھکو نہین جانتا عاقل غیر کا عاقل بنانے والا مین نے بعد نافع کے مخیس بنایا مکان مضبوط اور اُسپر دارونہ امانت دار عاقل ٹھہرایا ہم خلاصہ یہ ہی کہ حبس کتاب اور سنت اور خلفاء راشدین کے فعل سے ثابت ہی اور اُسکے جواز پر اجماع امت قائم ہی کذا فی الزیلعی وصفتہ ان یکون موضع لیس لہ فراش ولا وطاء لیضجر فیتوفی صفت قید خانہ یہ ہی کہ ایسا مکان ہو جہان فرش اور سونے کا بچھونا نہو تا محبوس کو تکلیف ہو تو دین ادا کرے ہم بہتر یہ تھا کہ مصنف ان یکون موضع کہتا خدشہ یا بچارہ اور وطاء لونا کتاب وسحاب خلاف علما ہی چنانچہ قاموس مین ہی تو معلوم ہوا کہ فراش اور وطاء ایک ہی چیز ہی اور بعضون نے کہا کہ وطاء وہ فرش ہی جو بچھونے کے واسطے مہیا ہو تو اب عطف خاص کا عام پر ہوگا کذا فی الطحطاوی ومفادہ انہ لوجی لہ بہ منع منہ اور مفاد تعلیل یہ ہی کہ اگر محبوس کے واسطے بچھونا لایا جائے تو منع کیا جاوے ولا یمکن احد الی یدخل علیہ للاستیناس ولا اقاربہ وجیرانہ لاحتیاجہ للمشاورۃ اور کوئی قادر نہ کیا جائے اُسکے پاس جانے پر جی لگانے کے واسطے مگر اُسکے قرابت دار

اور بے پردگی ہو جانے یا وہیں شہوت کی احتیاج کے سبب سے ہم یعنی اسواسطے کہ منع شہوت سے حصول مقصود ہے یعنی ادائے دین ولا یکون عندہ طویلا ومفاد دان زوجۃ
لا تحبس معہ وہی الحابسۃ لہ وہو الظاہر اور اقارب اور ہمسائے اسکے نزدیک زیادہ نہ ٹھہرین اور مفاد خدم طول مکث اقارب یہ ہے کہ محبوس کی زوجہ اسکے ساتھ قید نہ کیجائے
اگر قید کروانے والی وہی ہو اور یہ قول ظاہر ہے ہم زوجہ اقارب اور جیران مین داخل نہین تو افادۂ مذکور کہاں حاصل ہوا اور یہ خلل پیدا ہوا نہر الفائق کی معد عبارت
کے خلاف کرنے سے نہر الفائق مین یون مذکور ہے کہ جب محبوس جماع کا محتاج ہو تو اسکی زوجہ یا لونڈی اسکے پاس جائے اگر وہان آنیکا امکان ہو اور اسمین دلیل یہ ہے کہ زوجہ
اسکی قید نہ کیجائے اسکے ساتھ اگرچہ وہ حابسہ ہو اسکی اور یہ ظاہر ہے انتہی لیکن اسمین بھی یہ خلل ہے کہ حابسہ ہونیکی تقیید ماتقدم سے مستفاد نہین بلکہ عدم حبس زوجہ مطلقا ثابت
ہوتا ہے بحر الرائق مین ہے کہ اگر زوجہ پر احتمال فساد ہو تو متاخرین کے نزدیک زوج کے ساتھ قید کیجائے کذا فی الطحطاوی دفی الملتقی یمکن من وطی جاریتہ لو فیہ خلوۃ اور ملتقی
مین ہے کہ محبوس کو قدرت دیجائے اسکی لونڈی کی قربت پر اگر محبس مین خلوت ہو ولا یخرج لجمعۃ ولا لجماعۃ ولا لحج فرض غیرہ اولی اور محبوس نہ نکلے نماز جمعہ اور
نہ جماعت پنجگانہ اور نہ فرض حج کے واسطے تو غیر فرض یعنی حج واجب اور حج نفل کے واسطے بطریق اولی نہ نکلے ولا لحضور جنازۃ ولو کان بکفیل زیلعی وفی الخزانۃ
یخرج بکفیل لجنازۃ اصولہ وفروعہ لا غیرہم وعلیہ الفتوی اور نہ نکلے جنازہ پر حاضر ہونے کیواسطے اگرچہ خروج ضامن دیکر ہو کذا فی شرح الزیلعی اور خلاصہ مین ہے کہ ضامن
دے کر نکلے اپنے اصول اور فروع کے جنازے کے واسطے نہ سوائے انکے اور اسی پر فتوی ہے ولو مرض مرضا اضناہ ولم یجد من یخدمہ یخرج بکفیل والا لا بحر وفی اور اگر
بیماری نے اسکو ضعیف اور قریب اہلاک کردیا اور نہین پاتا کسیکو جو اسکی خدمت کرے تو ضامن دیکر نکلے اور اگر ایسا نہو یعنی سخت بیمار نہو یا وہان کوئی خدمت کرنے والا
ہو یا ضامن نہ دے تو نہ نکلے اسی کا فتوی ہے ولا یخرج لمعالجۃ وکسب قیل ولا یکتسب فیہ ولو لہ دیون خرج لیخاصم ثم یحبس خانیہ اور نہ نکلے علاج اور کمائی کے واسطے بلکہ
محبس مین بھی کسب کرے اور اگر محبوس کے لوگون پر دیون ہون تو خصومت کے واسطے قاضی کے پاس جائے پھر قید کیا جائے کذا فی الخانیہ ولا یضرب المحبوس
الا فی ثلث اذا امتنع عن کفارۃ الظہار والانفاق علی قریبہ والقسم بین نسائہ بعد وعظہ والضابط ما یفوت بالتاخیر لا الی خلف اشباہ اور نہ محبوس پر مار پڑے مگر تین
صورت مین ایک یہ کہ کفارۂ ظہار نہ ادا کرے یعنی باوجود قدرت دوسرے یہ کہ اپنے قرابت دار محتاج پر مال خرچ نہ کرے تیسرے یہ کہ اپنی زوجات کے درمیان باری ترک
کرے نصیحت کرنے اور سمجھانے کے بعد اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جو حق کہ فوت ہو جائے تاخیر سے اور کوئی چیز اسکے قائم مقام نہو سکے اسکے ترک مین ضرب ہے کذا فی الاشباہ ہم
ضرب اسواسطے ہوئی کہ تاخیر کفارہ مین زوجہ کا ضرر ہے اور زیادتی حبس مین قرابت دار کا ضرر ہے کیونکہ اسکا نفقہ ساقط ہوگا مدت گذر جانے سے اور اسی طرح مزید حبس
مین زوجات کا فوت حق ہے قلت ویزاد ما فی الوہبانیۃ شعر وان فر یضرب دون قید تادیبا و نظمین باب الحبس فی العنت یذکر میں کہتا ہون اور مسائل ثلثہ پر
وہ مسئلہ زیادہ کیا جائے جو وہبانیہ مین ہے یعنی اور اگر محبوس بھاگے تو ادب دینے کے واسطے مارا جاسے بدون بیڑی ڈالنے کے اور دروازہ محبس کو مٹی سے بند کرنا
سرکشی مین مذکور ہے ہم یعنی اگر محبوس سرکش ہو اور مال نہ ادا کرتا ہو تو دروازہ چن دیا جائے اور ایک سوراخ اسمین کھلا رہے جس سے روٹی پانی اسکو دیا جاوے اور دوسرا قول یہ ہے
کہ اسمین قاضی کی رائے کو دخل ہے جیسا مناسب دیکھے کرے کذا فی الطحطاوی ولا یغل الا اذا خاف فرارہ فیقید او یحول الی حبس اللصوص بزازیۃ لباب الرای فیہ
للقاضی بزازیہ اور محبوس کے گلے مین طوق نہ ڈالا جائے مگر جبکہ اسکے بھاگ جانے کا خوف ہو تو بیڑیان ڈالی جاوین یا اس محبس مین بدل دیا جائے جو چورون کے واسطے مخصوص
ہے اور کیا دروازہ مٹی سے چن دیا جائے اسمین قاضی کا اختیار ہے جیسا مناسب دیکھے کرے کذا فی البزازیہ ولا یجرد اور نہ محبوس برہنہ کیا جائے کپڑے اتار کر ولا یواجر دعن
الثانی یواجر لقضاء دینہ اور نہ محبوس سے محنت مزدوری کرائی جاوے اور ابو یوسف سے روایت ہے کہ مزدوری کرائی جائے اسکے ادائے دین کے واسطے ولا یقام بین یدی
صاحب الحق اہانۃ اور نہ محبوس صاحب حق کے آگے کھڑا کیا جائے اسکی ذلت کے واسطے ولو کان ببلدۃ لا قاضی فیہ لازمہ لیلا ونہارا حتی یاخذ حقہ جواہر الفتاوی اور
اگر صاحب حق اس شہر مین ہو جہان قاضی نہین تو مدیون کے ساتھ لگا رہے رات اور دن یہانتک کہ اپنا حق پا جائے کذا فی جواہر الفتاوی ہم صاحب حق کو ملازمت
مین اختیار ہے اور یہ اختیار نہین کہ مدیون کو کسب کرنے دے یا گھر مین نہ جانے دے اور اسی کی طرف اشارہ حدیث شریف مین ہے کہ لصاحب الحق الید واللسان آگے ملازمت

لہ منع والے کو ہاتھ سے اور زبان سے ۱۲

مراد ہو اور زبان سے سخت تقاضا کرنا اور منع کسب اور دخول بیت حکومت سے متعلق ہو بخلاف قاضی کہ اسکو منع اور حبس کی ولایت ثابت ہو کذا فی الفتح و تعیین
مکانہ ای مکان الحبس عند عدم ارادۃ صاحب الحق للقاضی اور تعیین مکان حبس قاضی کے اختیار مین ہو جبکہ صاحب حق نے تعین مکان کا ارادہ نکیا ہو الا اذا طلب
المدعی مکانا آخر فیجیبہ لذلک قنیہ مگر جبکہ مدعی دوسرے مکان کی درخواست کرے تو قاضی اسکو مانے کذا فی القنیۃ وافتی المصنف تبعا لقاری الہدایۃ بان العبرۃ فی ذلک
لصاحب الحق لا للقاضی انتہی اور مصنف نے فتوی دیا قاری ہدایہ کے تابع ہو کر کہ اسمین یعنی تعیین مکان مین صاحب حق کا اعتبار ہو نہ قاضی کا انتہی وفی النہر ینبغی ان
لا یجاب لو طلب حبسہ فی مکان اللصوص نحوہ اور نہر الفائق مین ہر لائق یہ ہو کہ قبول نکیا جائے اگر مدعی نے محبوس کرنا مدعی علیہ کا چورون کے مکان یا مانند اسکے اور سخت
مکان مین طلب کیا ہو فرع مسئلۃ ملحقۃ شارح فی البحر عن المحیط و یجعل النساء یحبسن علی حدۃ نفیا للفتنۃ بحر الرائق مین محیط سے منقول ہو اور عورتون کے واسطے علیحدہ مردون
سے محبس بنایا جائے فتنہ دفع کرنے کے واسطے و اذا ثبت الحق للمدعی ولو دانقا ہو سدس درہم ببینۃ عجل حبسہ لطلب المدعی لظہور المطل بانکارہ اور جب کہ مدعی
کا حق ثابت ہو گیا گواہی سے اگرچہ اسکا حق بقدر ایک دانگ کے ہو اور دانگ چھٹا حصہ درم کا تو قاضی اسکو جلد قید کرے مدعی کی درخواست سے بسبب ظاہر
ہو جانے نادہندگی کے مدعی علیہ کے انکار سے ہر درم ہوتا ہی سترہ رتی اور خمس رتی چاندی کا تو دانگ کچھ کم تین رتی چاندی کی ٹھہری طحطاوی نے کہا طلب مدعی کی
قید اسواسطے لگائی کہ بدون اسکی طلب کے قاضی کو حبس کرنا جائز نہین مگر شریح کے قول مین و الا یثبت ببینۃ بل باقرارہ لم یعجل حبسہ بل یامرہ بالاداء فان ابی حبسہ
اگر مدعی کا حق گواہی سے نہ ثابت ہو بلکہ مدعی علیہ کے اقرار سے ثابت ہو تو قاضی اسکے حبس مین جلدی نہ کرے بلکہ اسکو ادا کرنے کا حکم کرے سو اگر وہ نہ مانے تو
اسکو قید کرے ہم جبکہ اقرار سے ثابت ہو تو اسکی نادہندگی ظاہر نہوئی لہذا اسکے حبس مین شتابی نہ کرے اور ادا دین کا اسوقت امر کرے جبکہ اسکے ادا دین پر خود قادر
ہو اسطرح پر کہ مدعی علیہ نے دوسرے پر دعوی عین یا ودیعت کیا اور اس دعوی کو گواہی سے ثابت کیا اور وہ چیز اسکے پاس نکلی تو قاضی اسکو دے اور ادا دین کرے
بدلیل قول علی رضی اللہ عنہ کہ تیرے دونوں شاہد نے تیرا نکاح کر دیا ھم یہ امام کی دلیل ہے مروی ہے کہ ایک مرد نے ایک عورت پر نکاح کا دعوی کیا علی مرتضی رضی اللہ عنہ کے سامنے اور دو گواہ اسنے قائم کیے تو آپ نے دونوں مین ثبوت نکاح کا حکم کیا تو عورت نے کہا یا امیر المومنین اگر مجبوری اور ناچاری ہے تو میرا نکاح اس سے کر دیجیے تو علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تیرے دونوں شاہدون نے تیرا نکاح کر دیا تو اگر دونوں مین نکاح منعقد نہو جاتا آپ کی قضا سے تو آپ تجدید نکاح سے امتناع نہ کرتے باوجودیکہ عورت طالب نکاح کر چکی تھی اور مرد راغب تھا اور البتہ اسمین دونوں کا محفوظ رہنا تھا زنا سے اور شہود بلاشبہ کاذب تھے بدلیل قصہ مذکورہ کذا فی الدرر بیع کی صورت یہ ہے کہ مشتری نے غیر پر دعوے کیا کہ اسنے اس لونڈی کو اتنے ثمن سے بیچا اور بائع نے انکار کیا سو مدعی نے شہود زور قائم کیے سو قاضی نے لونڈی کا حکم کیا مشتری کے واسطے تو یہ حکم نافذ ہے باطن مین بھی امام کے نزدیک اور اسکو اسکی وطی حلال ہے اور طلاق کی یہ صورت ہے کہ عورت نے اپنے زوج پر طلاق ثلث کا دعوی کیا اور اسپر شہود زور قائم کیے اور قاضی نے فرقت بین الزوجین کا حکم کیا اور عورت نے بعد عدت دوسرے زوج سے نکاح کیا تو امام کے قول پر زوج اول کو اسکی وطی ظاہراً اور باطناً حلال نہین اور زوج ثانی کو ظاہراً اور باطناً وطی حلال ہے خواہ زوج ثانی حقیقۃ الحال جانتا ہو کہ زوج اول نے اسکو طلاق نہین دی اسطرح پر کہ زوج ثانی احد الشاہدین ہو یا حقیقت حال نہ جانتا ہو [illegible] پر کہ وہ اجنبی ہو کذا فی العالمگیریہ اگر تو کہے کہ امام کا مذہب سخت مشکل ہے اسواسطے کہ حرام محض یعنی شہادت کاذبہ کیونکر سبب ہو گی حلت کا تو اسکا جواب یہ ہے کہ شے حرام محض کو سبب حلت کا نہین ٹھہرایا بلکہ قاضی نے بسبب اپنے حکم دینے کے گویا عقد جدید کو انشا کیا و لہذا اکثر فقہا کے نزدیک حضور شہود شرط ہے یعنی درصورت حکم نکاح اور قاضی کا حکم حرام نہین بلکہ وہ واجب ہے اسواسطے کہ قاضی کذب شہود سے واقف نہین اور قضا مرتب ہے شہادت پر اور اسکے نزدیک شہادت حق ہے بنا بر عدم ظہور قادح شہادت تو حلت مترتب ہوئی انشاء عقد لازم پر قاضی کی جانب سے کذا فی الطحطاوی و صدر الشریعہ بتصرف اور امام کی قوی تر دلیل تحریم بالقضا سے یہ ہے کہ اگر تفریق بین الزوجین واقع ہو زوج کے امر سے تو نافذ ہو ظاہر اور باطن مین تو تفریق بامر اللہ اولی بالنفاذ ہے کیونکہ قاضی اسکا مامور ہے حق تعالی کی جانب سے کذا فی الفتح

وقالا و زفر و الثلثۃ ظاہرا فقط و علیہ الفتوی شرنبلالیہ عن البرہان اور صاحبین اور زفر اور ائمہ ثلثہ نے کہا کہ قضا شہادت زور سے فقط ظاہر مین نافذ ہے اور اسی پر فتوی ہے کذا فی الشرنبلالیہ عن البرہان ھم یعنی قضا بشہادت زور ظاہر مین نافذ ہے نہ باطن مین اسواسطے کہ شہادت زور ظاہر مین حجت ہے نہ باطن مین تو قضا بھی اسی طرح فقط ظاہر مین نافذ ہو گی نہ باطن مین اسواسطے کہ قضا نافذ ہوتی ہے بقدر حجت کے قہستانی مین حقائق سے منقول ہے کہ عدم نفاذ باطن پر فتوی ہے بحر الرائق مین فتح القدیر سے ہے کہ قول ابو حنیفہ ہو الاوجہ یعنی قوی ہے کذا فی الطحطاوی

بخلاف الاملاک المرسلۃ ای المطلقۃ عن ذکر سبب الملک فظاہرا فقط اجماعا لتزاحم الاسباب بخلاف قضا در املاک مرسلہ یعنی وہ املاک جو ذکر سبب ملک سے مطلق ہین تو فقط ظاہر مین نافذ ہو گی بالاجماع بسبب تزاحم اسباب کے ھم یعنی املاک مرسلہ عقود اور فسوخ کے مخالف ہین کہ انمین ظاہر ہی مین فقط قضا نافذ ہے وجہ اسکی یہ ہے کہ مثلاً نکاح مین نکاح مقدم ہو جاتا ہے قضا پر بطریق اقتضا کے گویا قاضی نے کہا کہ مین نے تیرا نکاح اس سے کر دیا باہم دونوں مین نکاح کا حکم کیا قطع منازعت کے واسطے اور املاک مطلقہ مین ایسا نہین ہو سکتا اسواسطے کہ ملک کے واسطے کوئی سبب ضرور ہے اور بعض سبب اولی نہین بعض سے بسبب تزاحم اسباب ملک تو بیان اثبات سبب سابق علی القضا ممکن نہین بطریق اقتضا پس جب باطن مین قضا نافذ نہو گی تو مقضی لہ کو وطی اور اکل وغیرہ حلال نہین اور مقضی علیہ کو حلال ہے لیکن وہ پوشیدہ کیا کرے کیونکہ اگر ظاہر مین کریگا تو لوگ اسکو نسبت بفسق کرینگے یا تعزیر دینگے کذا فی الطحطاوی وعن الولوالجیۃ

حتی لو ذکر سببا معینا فعلی الخلاف ان کان یمکن انشاؤہ تو اگر املاک مین سبب معین کو مذکور کرے تو خلاف سابق پر محمول ہو گا بشرطیکہ وہ سبب ایسا ہو جسکا انشا اور پیدا کرنا ممکن ہو قاضی کی قضا سے چنانچہ بیع ھم یعنے اگر مدعی نے دعوی کیا کہ فلانی چیز میری مملوک ہے بسبب خریدنے کے اور شہادت کاذبہ اسپر قائم کی اور قاضی نے ثبوت ملک کا حکم کیا تو امام کے نزدیک قضا نافذ ہو گی ظاہراً اور باطناً اور صاحبین کے نزدیک فقط ظاہر مین نافذ ہو گی نہ باطن مین والا لا ینفذ اتفاقا کالارث اور اگر ایسا سبب مدعی نے مذکور نہین کیا جسکا انشا قاضی سے ممکن ہو تو قضا باطن مین نافذ نہو گی باتفاق امام اور صاحبین کے چنانچہ ارث یعنی ارث اگرچہ سبب ملک ہے لیکن ایسا سبب نہین ہے جسکو قاضی انشا کر سکے اور مدار نفاذ قضا امام کے نزدیک اس سبب پر ہے جو قاضی کے حکم سے پیدا ہو سکے طحطاوی نے کہا بدائع مین ہے کہ میراث اور مطلق ملک

دعوی مین برابر ہین اور اسی قول کو ہم کہتے ہین انتہی وکما لو کانت المرأۃ محرمۃ بنحو عدۃ او ردۃ وکما لو علم القاضی بکذب الشہود حیث لا ینفذ اصلا کالقضاء بالیمین الکاذبۃ زیلعی ونکاح الفتح
اور جیسا کہ اگر عورت محرمہ یعنی مدعی پر حرام ہو بسبب عدت یا ارتداد وغیرہما کے اور جیسا کہ اگر قاضی گواہون کی دروغگوئی سے واقف ہو جاوے کہ وہان اصلا قضا نافذ نہو گی جیسی قسم
کی قضا کے مانند کذا فی الزیلعی ونکاح فتح القدیر ہم بہتر یہ تھا کہ عورت محرمہ اور علم قاضی کے مسئلے کو شارح علیحدہ ذکر کرتا ارث کے ساتھ تمثیل نہ دیتا کیونکہ دونون صورتون مین اصلا قضا
نافذ نہین نہ ظاہر مین نہ باطن مین بخلاف ارث کے کہ اسمین فقط باطن مین نافذ نہین یمین کاذبہ کی یہ صورت ہی کہ اگر زوجہ نے دعوی کیا کہ زوج نے اسکو مطلقہ
کیا بطلقات ثلثہ اور زوج اسکا منکر ہی تو قاضی نے اسکو قسم دی اور اسنے قسم کھائی انکار پر اور عورت جانتی ہی کہ بلاشبہہ طلاق واقع ہوئی تو اسکو زوج کے پاس
رہنا جائز نہین اور نہ اسکی میراث لینا اسکو درست ہی خلاصہ مین ہی کہ زوج کو اسکی وطی حلال نہین اجماعا کذا فی الطحطاوی وطی اسواسطے حلال نہین کہ امام کے نزدیک
شہادت کاذبہ سے قضا نافذ ہوتی ہی نہ یمین کاذبہ سے فقضی فی مجتہد فیہ بخلاف رایہ ای مذہبہ مجمع وابن کمال لا ینفذ مطلقا ناسیا او عامدا عندہما والائمۃ الثلثۃ وبہ یفتی مجمع
ووقایہ وملتقی وقیل بالنفاذ یعنی قاضی نے حکم دیا مسئلہ مجتہد فیہا مین برخلاف اپنی رائے کے یعنی اپنے مذہب کے مخالف کذا فی المجمع وابن کمال تو نافذ نہوگا مطلقا نہ بھولکر نہ عمدا
صاحبین اور ائمہ ثلثہ کے نزدیک اور اسی قول کا فتوی ہی کذا فی المجمع والوقایہ والملتقی اور قول ضعیف یہ ہی کہ نفاذ پر فتوی ہی چنانچہ صغری مین کافی سے فتوی منقول ہی
کذا فی الطحطاوی ہم یہ مسئلہ عنقریب شرح مذکور ہو چکا وفی شرح الوہبانیۃ للشرنبلالی تقضی من لیس مجتہد الحنفیۃ زماننا بخلاف مذہبہ عامدا لا ینفذ اتفاقا وکذا ناسیا عندہما اور
شرنبلالی کی شرح وہبانیہ مین ہی کہ جو قاضی کہ مجتہد نہین جیسے ہمارے زمانے کے قاضی حنفی المذہب اسنے حکم دیا اپنے مذہب کے مخالف جان بوجھ کر تو حکم مذکور نافذ نہوگا باتفاق امام اور
صاحبین کے اور اسی طرح اپنا مذہب بھولکر حکم نافذ نہوگا صاحبین کے نزدیک ہم حکم خلاف مذہب جیسا کہ حنفی مذہب شافعی یا مالکی حکم کرے یا بالعکس تو نافذ نہوگا اور اگر حنفی ابو یوسف
یا محمد وغیرہما امام کے شاگردون کے قول پر حکم کرے تو یہ حکم خلاف مذہب نہین ہی چنانچہ درر مین ہی یہ اس صورت مین ہی جبکہ قاضی کو حکم بمذہب امام کی تقیید نہ
واقع ہوئی ہو والا وہ معزول ٹھہریگا کذا فی الطحطاوی ولو قیدہ السلطان بصحیح مذہبہ کزماننا تقید بلا خلاف لکونہ معزولا عنہ انتہی اور اگر سلطان نے قضا کو اپنے صحیح
مذہب کے ساتھ مقید کیا جیسا کہ ہمارے زمانے مین تقیید صحیح مذہب امام واقع ہوتی ہی تو قضا بلا اختلاف مقید ہوگی بسبب ہونے قاضی کے معزول حکم مخالف مذہب سے
انتہی کلام الشرنبلالی وقد غیرت بیت الوہبانیۃ فقلت شعر ولو حکم القاضی بحکم مخالف لمذہبہ ما صح اصلا یسطر اور البتہ مین نے متغیر کر دیا وہبانیہ کی بیت کو سو یون کہا
اور اگر قاضی حکم کرے اپنے مذہب کے مخالف تو اصلا صحیح نہین نہ عامدا نہ ساہیا اسکو لکھ رکھنا چاہیے قلت واما امر الامیر فمتی صادف فصلا مجتہدا فیہ نفذ امرہ کما قدمناہ
عن سیر التتارخانیۃ وغیرہا فلیحفظ مین کہتا ہون اور امیر کا حکم تو جبکہ فصل مجتہد فیہ سے ملیگا تو امر اسکا نافذ ہوگا چنانچہ ہمنے اسکو مقدم ذکر کیا ہی کتاب السیر تاتارخانیہ
وغیرہا سے تو اسکو یاد رکھنا چاہیے لا یقضی علی غائب ولا لہ ای لا یصح بل ولا ینفذ علی المفتی بہ بحر نہ حکم دیا جاوے شخص غائب غیر حاضر پر اور نہ اسکے واسطے یعنی غائب
کی مضرت اور منفعت کے واسطے حکم دینا صحیح نہین بلکہ حکم نافذ ہی نہین قول مفتی بہ پر کذا فی البحر ہم امام شافعی اور مالک اور احمد کے نزدیک غائب پر حکم کرنا جائز ہی بدلیل
حدیث البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر تو حضور خصم کو شرط کرنا اس حدیث پر زیادت ہی بلا دلیل اور ہماری دلیل وہ حدیث صحیح ہی جو ابو داؤد مین مروی ہی کہ
جب علی مرتضی کو یمن کا قاضی کر کے بھیجا تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تیرے سامنے دونون خصم بیٹھین تو حکم نہ کیجیو جب تک دوسرے
سے نہ سن لینا جیسے اول سے سنا اور اسکو احمد اور اسحق اور طیالسی اور حاکم نے بھی روایت کیا ہی تو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دوسرے کا کلام معلوم ہونا
حکم کا مانع ہی اور یہ ثابت ہی خصم کے غائب ہونے سے یا اسکے نائب کے غائب ہونے سے اور اسی واسطے کہ شہادت کا حجت ہونا اسپر موقوف ہی کہ منکر عاجز ہو دفع
اور طعن فی الشہادت سے اور اسکا عاجز ہونا بدون حاضر ہونے کے معلوم نہین ہو سکتا کذا فی الفتح القدیر الا بحضور نائبہ ای من یقوم مقام الغائب حقیقۃ
کوکیلہ ووصیہ ومتولی الوقف غائب پر قضا نہین مگر اسکے نائب کے حضور مین نائب سے مراد وہ شخص ہی جو قائم مقام ہو غائب کے حقیقۃ جیسا کہ غائب کا
وکیل اور اسکا وصی اور متولی وقف کا ہم خواہ وکیل خصومت اور دعوے کا ہو خواہ حکم کے واسطے اسطرح پر کہ مدعا علیہ پر اقامت بینہ ہوئی سو اسنے کسی کو وکیل

مقرر کیا اُسپر حکم ہوا قنیہ مین ہو اقامت بینہ وکیل پر ہوئی سو وہ غائب ہوگیا اور موکل اُسکا حاضر ہوا یا بالعکس یا مورث پر قامت ثابت ہوئی سو وہ مرگیا اور اُسکا
وارث حاضر ہوا یا ایک وارث پر اقامت ہوئی سو وہ غائب ہوگیا اور دوسرا وارث حاضر ہوا سو بینہ مذکور دسے اُسپر حکم ہوگا جو حاضر ہو انتہی اور وصی سے وہ وصی
مراد ہو جو میت کی طرف سے ہو نہ قاضی کی طرف سے اور متولی وقف پر قضا جائز ہو اگرچہ وہ اصیل نہو کذا فی الطحطاوی افاد بہ استثناء ان القاضی انما یحکم علی الغائب
والمیت لا علی الوکیل والوصی فیکتب فی السجل انہ حکم علی المیت وعلی الغائب بحضرۃ وکیلہ وبحضرۃ وصیہ جامع الفصولین مصنف نے وکیل اور وصی کے استثنا کرنے سے
یہ فائدہ نکالا کہ قاضی تو فقط غائب اور میت پر حکم کرتا ہو نہ وکیل اور وصی پر تو قاضی سجل مین یون لکھے کہ مین نے میت اور غائب پر حکم کیا وکیل کے سامنے اور میت
کے وصی کے روبرو کذا فی جامع الفصولین وافاد بالکاف عدم الحصر فان احد الورثۃ کذلک ینتصب خصما عن الباقین وکذا احد شریکی الدین واجنبی بیدہ مال یتیم او
لبعض الموقوف علیہم ای لو الوقف ثابتا کما مر فی بابہ اور مصنف نے کاف تمثیلی سے فائدہ ظاہر کیا عدم حصر کا یعنی نیابت حقیقی وکیل اور وصی اور متولی وقف مین
منحصر نہین اسواسطے کہ ایک شخص وارثون مین سے اسطرح خصم قائم ہوتا ہو باقی وارثون کی طرف سے اور اسی طرح دین کے دو شریکون مین سے ایک شریک
خصم ہوجاتا ہو دوسرے شریک کی طرف سے اور اسی طرح وہ اجنبی جسکے ہاتھ مین یتیم کا مال ہو خصم ہوجاتا ہو یتیم کی جانب سے اور جنپر وقف ہوا ہو اُن مین
سے ایک دوسر کا نائب ہوجاتا ہو یعنی اگر وقف ثابت ہوچکا ہو چنانچہ باب الوقف مین مذکور ہوچکا او نائبہ شرعا کوصی نصبہ القاضی خرج المسخر کما یجیٔ یا قضا جائز
ہو غائب پر اسکے شرعًا نائب کے سامنے جیسے غائب کا وہ وصی جسکو قاضی نے مقرر کیا قاضی کے وصی کی قید سے مسخر نکل گیا چنانچہ عنقریب اسکا ذکر آویگا
مسخر وہ ہو کہ قاضی ایک وکیل قائم کرے غائب کی طرف سے تا وہ مدعی کا دعوی سُنے کذا فی الطحطاوی عن البحر او حکما بان یکون ما یدعی علی الغائب
سببا لا محالۃ فلو شری امۃ ثم ادعی ان مولاہا زوجہا من فلان الغائب واراد ردہا بعیب الازدواج لم یقبل لاحتمال انہ طلقہا وزال العیب ابن کمال
لما یدعی علی الحاضر یا قضا جائز ہو غائب پر اسکے حکمی نائب کے سامنے اسطرح پر کہ جو دعوی کیا جاے غائب پر وہ ہی لا محالہ بلا احتمال سبب ہو اس دعوی کا جو
شخص حاضر پر دعوی کیا جاے تو اگر ایک شخص نے لونڈی خرید کی پھر لونڈی کے مالک پر یہ دعوی کیا کہ اُسنے لونڈی کا نکاح فلانے شخص غائب سے کر دیا اور مدعی
نے ارادہ کیا کہ لونڈی کو پھیر دے منکوحہ ہونے کے عیب سے تو دعوی اُسکا مقبول نہوگا اس احتمال سے کہ شاید غائب نے اُسکو طلاق دی ہو اور عیب زائل ہوگیا ہو کذا
صرح ابن کمال صم شارح نے یہ تفریع کی لا محالہ کی قید زیادہ کرنے سے تو طلاق کے احتمال سے ادعا علی الغائب بالیقین سبب نہوا ادعا علی الحاضر کا یعنی تزوج
غائب رد علی المولی کا سبب قطعی نہ ٹھہرا انفکاک کے احتمال سے مثالہ کما اذا ادعی دارا فی ید رجل وبرہن المدعی علی ذی الید انہ اشتری الدار من فلان الغائب
فحکم الحاکم علی ذی الید الحاضر کان ذلک حکما علی الغائب ایضا حتی لو حضر وانکر لم یعتبر لان الشراء من المالک سبب الملکیۃ لا محالۃ مثال سبب لا محالہ
کی چنانچہ دعوی کیا اُس گھر کا جو ایک مرد کے قبضے مین ہو اور مدعی قابض پر اس بات کے گواہ لایا کہ مدعی نے اُس گھر کو فلانے شخص غائب سے خرید کیا
پھر حاکم نے قابض حاضر پر حکم کیا تو یہی حکم شخص غائب پر بھی ہوجائیگا تو اگر غائب حاضر ہو بعد اس حکم کے اور بیع کا انکار کرے تو معتبر نہوگا اسواسطے کہ خرید
کرنا مالک سے سبب ہو ملکیت کا لا محالہ قطعًا ھ اس صورت مین ادعا علی الغائب یعنی شراء دار سبب ہو ثبوت ادعاء علی الحاضر کا یعنی مالکیت کا اسواسطے کہ مالک
سے خرید کرنا سبب ہو ملک کا لا محالہ یعنی بلا احتمال انفکاک سببیت کذا فی الاکملیہ ولہ صور کثیرۃ ذکر منہا فی المجتبی اثنتا وعشرین اور غائب کی نیابت حکمی کی
بہت صورتین ہین انمین سے مجتبی مین اُنتیس صورتین مذکور ہین ھ ازانجملہ یہ ہو کہ مدعی گواہ لایا اسپر کہ اُسکا فلانے غائب پر اتنا دین ہو اور یہ شخص حاضر اُسکا
ضامن ہو اسکے امر سے تو غائب اور حاضر دونون پر حکم ہوگا اور اگر ضمانت بامر غائب نہ کہتا تو غائب پر حکم نہوتا اور ازانجملہ یہ ہو کہ مدعی نے دعوی کیا حاضر پر کہ
تونے خرید کیا یہ گھر فلانے غائب سے اور مین اُسکا شفیع ہون اور حاضر منکر ہوا اور مدعی گواہ لایا اسکی خرید مذکور پر تو غائب پر حکم ہوگا اُس سے خرید کرنے کا
اور حاضر پر لزوم شفعہ کا اور ازانجملہ مسئلہ متن ہو اور ازانجملہ اثبات عتق علی الغائب کا مسئلہ ہو جسکو شارح ذکر کریگا کذا فی الطحطاوی عن المنح عن المجتبے

دلو کان مایدعی علی الغائب شرطا لما یدعیه علی الحاضر کما اذا ادعی عبد علی مولاہ انه علق عتقه بتطلیق زوجة زید و برهن علی التطلیق لغیبة زید لایقبل فی الاصح اذا کان فیه
ابطال حق الغائب فلو لم یکن کما اذا علق طلاق امرأته بدخول زید الدار یقبل لعدم ضرر الغائب اور جو دعوے کیا جاوے غائب پر اگر وہ شرط ہو اُس دعوی کی
جو حاضر پر ادعا ہوا چنانچہ اگر غلام نے اپنے میان پر اسکا دعوے کیا کہ اُسنے معلق کیا میرے عتق کو زوجۂ زید کی تطلیق پر اور گواہ لایا زید کی زوجہ کے طلاق
واقع ہونے پر زید کی غیبت مین تو گواہ مقبول ہونگے قول اصح مین جبکہ اُسمین حق غائب کا ابطال ہو چنانچہ مطلقہ ہونا زوجہ زید کا صورت مذکورہ مین تو اگر غائب
کا حق باطل نہوتا ہو چنانچہ اگر زوج نے اپنی زوجہ کی طلاق زید کے دخول دار پر معلق کی یعنے یون کہا کہ اگر زید گھر مین داخل ہو تو اُسکی زوجہ مطلقہ ہی تو ثبوت
دخول دار کے گواہ مقبول ہونگے بسبب عدم ضرر غائب کے یعنے زید کا کچھہ ضرر نہین دخول دار کے ثابت ہونے مین هم قضا فی الشرط مین اختلاف مشائخ ہی اور
صحیح یہ ہی کہ مقبول نہین سبب اور شرط مین فرق یہ ہی کہ سبب اصل ہی نسبت بہ مسبب تو حاضر نائب ہوگا صاحب سبب کا یعنی غائب کا مانند وکیل کے اور ایسا
نہین جبکہ شرط ہو یعنی شرط اصل نہین ہی نسبت بمشروط تو حاضر غائب کا نائب نہین ہو سکتا کذا فی صدر الشریعة و من حیل اثبات العتق علی الغائب ان یدعی الشهود
علیه ان الشاهد عبد فلان فیبرهن المدعی ان مالکه الغائب اعتقه لقبل اور اثبات عتق علی الغائب کے حیلون مین سے ایک حیلہ یہ ہی کہ مشہود علیہ یہ دعوے
کرے کہ شاہد مدعی کا فلانے شخص کا غلام ہی سو گواہ لاوے مدعی کہ اُسکے مالک غائب نے اُسکو آزاد کر دیا ہی تو گواہی عتق کی مقبول ہوگی و من حیل الطلاق
حیلة الکفالة بمهرها معلقة بطلاقها اور حیل طلاق سے حیلہ ہی عورت کے مہر کی کفالت کا معلق بطلاق عورت هم صورت اُسکی یہ ہی کہ عورت ایک مرد پر دعوے
کرے کہ تو نے کہا ہی کہ اگر تیرا زوج طلاق دے تو مین تیرے مہر کا ضامن ہون حو زوج یہ ہی سو اُسنے کفالت کا اقرار کیا اور طلاق کا انکار کیا اسنے طلاق
پر گواہ قائم کیے تو طلاق اور کفالت کا حکم ہوگا طحطاوی نے کہا یہان سے متن تک جتنے مسائل ہین وہ قول ضعیف پر متفرع ہین چنانچہ منح الغفار مین اُسکی
تصریح ہی اسواسطے کہ من قبیل شرط مضر ہین غائب کے واسطے جامع الفصولین مین ہی کہ باوجود اسکے اگر قاضی اُسپر حکم کریگا تو حکم نافذ ہوگا اختلاف مشائخ کے
سبب سے و دعوی کفالة بنفقة العدة معلقة بالطلاق اور نفقہ عدت کی کفالت معلق بطلاق کا دعوی هم صورت اُسکی یہ ہی کہ عورت نے ایک مرد پر دعوی کیا
کہ تو نے کہا ہی کہ اگر تیرا زوج تجکو طلاق دے تو مین نفقہ عدت کا ضامن ہون سو اُسنے کفالت کا اقرار کیا اور طلاق کا انکار کیا سو عورت نے طلاق پر گواہ
قائم کیے تو طلاق اور کفالت کا حکم ہوگا بر قول ضعیف و من اراد ان لاینزل فحیلته مافی دعوی البزازیة ادعی علیها ان زوجها الغائب طلقها و انقضت عدتها
و تزوجها فاقرت بزوجیة الغائب و انکرت طلاقه فبرهن علیها بالطلاق یقضی علیها انها زوجة الحاضر و لایحتاج الی اعادة البینة اذا حضر الغائب اور جو شخص
ارادہ کرے کہ زنا نہ کرے تو اُسکا حیلہ وہ ہی جو بزازیہ کی کتاب الدعوی مین ہی کہ دعوی کیا ایک عورت پر اُسکا کہ اُسکے زوج غائب نے اُسکو طلاق دی
بعد اُسکی عدت منقضی ہو گئی اور مدعی نے اُس سے نکاح کر لیا سو عورت نے غائب کی زوجیت کا اقرار کیا اور اُسکے طلاق دینے کا انکار کیا تو مدعی نے
عورت پر یہ گواہی طلاق ثابت کر دی تو عورت پر حکم ہوگا کہ وہ زوجہ ہی حاضر کی اور اعادہ شہادت کی حاجت نہوگی جبکہ شخص غائب حاضر ہو هم طحطاوی
نے کہا کہ اگر یہ دعوی راست ہی تو اُسکو حیلہ کہنا بلا وجہ ہی اور ذکر عدم ارادہ زنا بے موقع ہی اور طرز بیان شارح اُسکا موہم ہی کہ دعوے دروغ مین یہ حیلہ
جاری ہی اور حالانکہ ایسا نہین بلکہ ایسا فعل اکبر الکبائر مین سے ہی اور ظاہر کلام بزازیہ اسپر دلالت کرتا ہی کہ بیان اطلاق مثبت زوجیت ہی حالانکہ دونون
مین تلازم نہین سو اگر یہ مراد ہی کہ گواہی طلاق اور نکاح دونون پر قائم ہوئی تو آپ ظاہر ہی انتہی و لو قضی علی غائب بلا نائب ینفذ فی اظهر الروایتین
عن اصحابنا ذکرہ ملا خسرو فی باب خیار العیب اور اگر قاضی نے حکم کر دیا غائب پر بدون نائب کے تو قضا نافذ ہوگی حنفیہ کی اظہر الروایتین مین بیان کیا ہی اُسکو
ملا خسرو نے درر کے خیار العیب کے باب مین هم طحطاوی نے کہا کہ یہ محمول ہی اُس صورت پر جبکہ مفقود کی منفعت کے واسطے حکم ہوا ہو نہ مطلق غائب مین
بحر الرائق مین ہی کہ اس قول سے کہ قضا علی الغائب کے نفاذ پر فتوی ہی بہت لوگون نے دھوکا کھایا ہی یعنی وہ عالم سمجھے ہین کہ خواہ قاضی شافعی ہو جسکے مذہب مین

قضا علی الغائب جائز ہی خواہ حنفی جسکے نزدیک جائز نہین اور ظاہر یہ فتوی اُس قاضی کے حق مین ہی جسکے نزدیک قضا علی الغائب جائز ہی اسواسطے کہ حنفیہ کا اجماع ہی کہ قضا علی الغائب
جائز نہین چنانچہ صدر شہید کی شرح آداب القاضی مین ذکر کیا ہی اور اگر عام ہو تو ہمارے اصحاب کا مذہب لازم نہ آوے یا فتوی نفاذ کا مفقود کے حق مین محمول ہی
نہ مطلق غائب مین وقیل لاینفذ مرجحہ غیر واحد وفی المنیۃ والبزازیۃ وجمع الفتاوی وعلیہ الفتوی اور دوسرا قول یہ ہی کہ قضا علی الغائب بلا نائب نافذ نہین اور اسی
قول کو راجح کہا ہی اکثر علمانے اور منیہ اور بزازیہ اور جمع الفتاوی مین کہا اور اسی قول پر فتوی ہی ورجح فی الفتح توقفہ علی امضاء قاض آخر اور فتح القدیر مین قضا
علی الغائب کے موقوف ہونے کو ترجیح دی دوسرے قاضی کے جاری کر دینے پر یعنی قضا علی الغائب اسوقت نافذ ہو گی جب دوسرا قاضی اسکو جاری کر دے ہم
طحطاوی نے کہا بیان شارح اسکا مقتضی ہی کہ توقف کا قول تیسرا قول ہی حالانکہ یہ بعینہ وہی قول ہی عدم نفاذ کا وفی البحر والمعتمد ان القضاء علی المسخر لا یجوز الا لضرورۃ
وہی فی خمس مسائل اور بحر الرائق مین ہی اور قول معتمد وہی ہی کہ حکم کرنا مسخر پر جائز نہین مگر ضرورت کے سبب سے اور یہ ضرورت پانچ مسئلون مین ہی ہم مسخر کی تفسیر
عنقریب گذری یعنی جسکو قاضی سماع خصومت کے واسطے وکیل مقرر کرے غائب کی طرف سے اشتری بالخیار فتواری پہلا مسئلہ یہ ہی کہ کوئی چیز بشرط خیار خرید کی سو بائع
چھپ رہا ہم یعنے مشتری نے مدت خیار مین رد مبیع کا قصد کیا اور بائع مختفی ہی تو مشتری قاضی سے درخواست کرے کہ بائع کی طرف سے وکیل قائم کرے
تا اسکو مبیع پھیر دے صاحب بحر نے اسمین دو قول نقل کیے ہین بلا ترجیح اختفی المکفول لہ دوسرا مسئلہ یہ ہی کہ مکفول لہ چھپ رہا ہم صورت اسکی یہ ہی کہ ایک شخص کا
حاضر ضامن ہوا اس شرط پر کہ اگر اسکو کل حاضر نہ کرے تو مکفول عنہ کا دین کفیل پر ہی سو مکفول لہ کل غائب ہو گیا اور کفیل نے اسکو نہ پایا یہانتک کہ مدت گذر گئی
تو کفیل پر مال لازم ہو گیا اور اگر کفیل نے قاضی سے نالش کی سوا اُسنے مکفول لہ کی طرف سے وکیل قائم کیا اور کفیل نے اسکو مکفول عنہ کے سپرد کیا تو کفیل بری الذمہ
ہو جائیگا اور یہ ظاہر الروایۃ کے مخالف ہی تو یہ ابو یوسف کی بعض روایت مین ہے یہ کذا فی البحر عن جامع الفصولین حلف لیوفیہ الیوم فتغیب الدائن تیسرا مسئلہ
یہ ہی کہ مدیون نے قسم کھائی کہ البتہ اسکا دین آج ادا کریگا سو دائن غائب ہو گیا ہم خواہ طلاق کی قسم ہو یا عتاق کی منجز ہو یا معلق اور حالف حنث سے ڈرا تو
قاضی غائب کی طرف سے وکیل قائم کرے اور اسکو دین ادا کرے تو حانث نہو خانیہ مین کہا اسی قول پر فتوی ہی شرف الدین غزی نے کہا کہ نصب وکیل کی کچھ حاجت
نہین اگر قاضی کو دین ادا کریگا تو حانث نہوگا یہ قول مختار مفتی بہ چنانچہ اکثر کتب معتمدہ مین ہی اور اگر وہان قاضی نہو تو حانث ہوگا بقول مفتی بہ کذا فی الطحطاوی
وجعل امرہا بیدہا ان لم تصل نفقتہا فتغیبت چوتھا مسئلہ یہ ہی کہ زوج نے زوجہ کو طلاق کا اختیار دیا اگر اسکا نفقہ نہ پہونچے سو عورت چھپ رہی یعنی بقصد ایقاع
طلاق تو قاضی وکیل قائم کرے نفقہ قبض کرنے کے واسطے الخامسۃ اذا تواری الخصم فالمتاخرون ان القاضی ینصب وکیلا فی الکل وہو قول الثانی خانیہ پانچوان
مسئلہ یہ ہی کہ جب متخاصم چھپ رہے دار القضا مین حاضر نہو تو متاخرین نے کہا کہ قاضی وکیل قائم کرے سب صورتون مین اور یہ قول ہی ابو یوسف کا کذا فی الخانیہ
قلت ونقل شراح الوہبانیۃ عن شرح ادب القاضی انہ قول الکل وان القاضی یختم بیتہ مرۃ بعد اخری ثم ینصب الوکیل اور وہبانیہ کے شارحین نے شرح آداب القاضی
سے نقل کیا کہ یہ یعنی نصب وکیل امام اور صاحبین سب کا قول ہی اور یہ کہ قاضی غیر حاضر کے گھر پر مہر کرے جسقدر مدت کہ اسکو مناسب معلوم ہو پھر وکیل قائم کرے
ولا یبیع الترکۃ المستغرقۃ بالدین للقاضی لا للورثۃ لعدم ملکہم حیث کان الدین لغیرہم ولایت بیع ترکہ مستغرق بالدین کی قاضی کے واسطے ہی نہ وارثون کو بسبب
نہ مالک ہونے وارثون کے جبکہ دین وارثون کے سوا اور کسی کا ہو ہم مثلاً متروکہ ہی پانسو کا اور میت پر دین اتنا ہی یا زیادہ تو اب قاضی اسکو بیچ کر ادا دین کریگا
نہ اسکے وارث مگر جبکہ ارباب دیون بیع ورثہ سے راضی ہون اور وارثون کو استخلاص متروکہ کا حق ہی تو اگر وارث استخلاص کا قصد کرے اور مال نقد ادا کرے تو ارباب دیون
سے زبردستی قبول کروایا جاویگا اور اگر وارث کہین کہ ہم دین کو ادا کرینگے اور مال نقد حاضر نہ کرین تو قاضی کو بیع متروکہ کا اختیار ہی کذا فی الطحطاوی یقرض القاضی مال
الغائب واللقطۃ والیتیم من ملی مؤتمن حیث لا وصی ولا من یقبلہ مضاربۃ ولا مستغلا یشتریہ قاضی قرض دے مال وقف اور مال غائب اور مال لقطہ اور
مال یتیم مالدار امانت دار کو جبکہ یتیم کا کوئی وصی نہو اور نہ وہ شخص ہو جو مال کو بطریق عقد مضاربت قبول کرے اور نہ مستغل ہو جسکو قاضی خرید کرے ہم قاضی بسبب

کو شرط اشتغال کے بذات خود اموال مذکورہ کی حفاظت نہین کرسکتا لہذا مستحب ہی کہ بطریق قرض کے دے کیونکہ قرض مین تاوان ہی نہ ودیعت مین اور قاضی کو مناسب ہی کہ قرض
لینے والون کا حال دریافت کرے تا اگر کسی کا حال پریشان دیکھے تو اُس سے مال کو لے اسواسطے کہ قاضی اگرچہ استخلاص پر قادر ہی مگر غنی سے نہ محتاج سے ولہذا محتاج
کو قرض دینا جائز نہین اور قاضی کو نہ جائز نہین کہ اپنی ذات کے واسطے مال مذکور قرض لے اور اگر یتیم کا کوئی وصی ہو تو قاضی کو قرض دینا ممنوع ہی چنانچہ قنیہ مین
ہی کذا فی الطحطاوی مستغل وہ چیز ہی جسمین آمدنی ہو چنانچہ زمین زراعت کی یا مکان کرایہ کا یا غلام کمانے والا ۱۲ کا سید ولہ اخذ المال من اب مبذر ووضعہ عند عدل قنیہ اور قاضی
کو جائز ہی فضول خرچ باپ سے مال کا چھین لینا اور اُسکو رکھوا چھوڑنا مرد عدل کے پاس کذا فی القنیہ یعنی اسواسطے کہ تا طفل صغیر کا مال برباد نہو جاوے ویکتب الصک
ندبا لیحفظہ اور تمسک لکھوایا جاوے اموال مذکورہ کے قرض لینے والے سے بطریق استحباب کے تا قرض یاد رہے ہم حموی نے کہا صک عبارت ہی مال وغیرہ سے
اقرارنامہ ہے وہ فارسی معرب ہی لا یقرض الاب ولو قاضیا لانہ لا یقضی لولدہ نہ قرض دے باپ اپنے فرزند صغیر کا مال اگرچہ باپ قاضی ہو اسواسطے کہ باپ قضا نہین کرسکتا
اپنے فرزند کے واسطے ہم یعنی اگر مستقرض قرض کا منکر ہو تو گواہی کی حاجت ہوگی اور اُسکی سماعت اور حکم دینا قاضی سے متعلق ہی اور قاضی کو اپنے فرزند کے واسطے حکم
دینا جائز نہین تو جواز اقراض کی علت منتفی ہوگئی کذا فی الطحطاوی ولا الوصی ولا الملتقط فان اقرضوا ضمنوا لعجزہم عن التحصیل بخلاف القاضی اور نہ قرض دے وصی یتیم
کا مال اور نہ ملتقط لقطہ کسی کو قرض دے سو اگر باپ و وصی اور ملتقط قرض دینگے تو تاوان دینا اُنپر لازم ہوگا بسبب اُنکے عاجز ہونے کے تحصیل قرض سے بخلاف قاضی
کے کہ وہ تحصیل پر قادر ہی ہم شارح نے قدرت تحصیل قاضی سے جواب دیا اُس دوسری روایت کا کہ باپ کو طفل صغیر کا مال قرض دینا جائز ہی کیونکہ ولایت اُسکی قاضی کی ولایت
سے عام تر ہی اسواسطے کہ نفس اور مال مین دونون کی ولایت یکسان ہی مگر مزید شفقت مین باپ زیادہ ہی قاضی سے تو ظاہرا باپ اُسکو قرض نہ دیگا جو لیکر منکر ہوجائے خلاصہ
جواب یہ ہی کہ جواز قرض اور عدم قرض مین قرب قرابت اور زیادت ولایت کو دخل نہین بلکہ تمام قدرت علی الاسترجاع کا اعتبار ہی بعد وجود اصل ولایت کے اور باپ کو
پھیر لینے پر قدرت نہین بخلاف قاضی کے اسواسطے کہ اگر قاضی گواہون کو نہ پاوے بسبب موت یا غیبت کے تو اپنے علم اور دانست پر حکم کریگا یا مال نکال لیگا کذا فی
الطحطاوی عن الکمال ویستثنی اقراضہم للضرورۃ کحرق او نہب فیجوز اتفاقا بحر اور عدم جواز اقراض سے اشخاص مذکورین کا قرض دینا مستثنی ہی بسبب ضرورت کے چنانچہ
آتش زنی یا غارتگری کا خوف تو ایسی ضرورت مین بالاتفاق جائز ہی کذا فی البحر ومتی جاز للملتقط التصدق فالاقراض اولی اور جسوقت کہ ملتقط کو تصدق لقطہ جائز ہی تو
اُسوقت مین قرض دینا بطریق اولی جائز ہوگا ہم یعنی جبکہ بعد تعریف کے ملتقط کو ظن غالب عدم طلب کا ہو تو اُسوقت اُسکا خیرات کرنا جائز ہی تو اس حالت مین قرض دینا بھی
جائز ہی ولو قضی بالجور فالغرم علیہ فی مالہ ان تعمد واقر بہ ای التعمد ولو خطأ فالغرم علی المقضی لہ (مشتہر کرتے ۱۲) درر اور اگر قاضی نے غیر واجبی جور کا حکم دیا تو تاوان قاضی پر ہی
اُسکے ذاتی مال مین اگر بالقصد حکم کیا اور اقرار بھی کیا تعمد جور کا اور اگر خطا سے حکم دیا تو تاوان مقضی لہ پر ہی یعنی جسکے واسطے حکم دیا کذا فی الدرر ہم حکم قاضی جبکہ خلاف حق
واقع ہو تو دو وجہ سے خالی نہین بطریق خطا یا بطریق عمد خطا کی دو صورتین ہین پہلی صورت یہ کہ حق اللہ مین ہو دوسری صورت یہ کہ حق العبد مین ہو تو اگر حق العباد
مین تدارک اور رد ممکن ہو اسطرح پر کہ مال یا صدقہ یا طلاق یا عتاق کا حکم دیا پھر خطا ثابت ہوئی اس طرح کہ شہود غلام یا کفار یا محدود فی القذف نکلے تو قاضی اپنا حکم
باطل کرے غلام مالک کو دے اور عورت اُسکے زوج کو اور مال صاحب مال کو اور اگر خطا ایسی ہوئی جسکا پھیرنا ممکن نہین اس طرح پر کہ قصاص کا حکم دیا اور استیفاء
قصاص ہو چکا تو مقضی لہ کے قصاص کا حکم نہ دے کیونکہ شبہہ قضا مانع ہی قصاص سے لیکن مقضی لہ کے مال مین خون بہا واجب ہوگا یہ سب کچھ اس صورت مین ہی جبکہ قاضی کی خطا
بینہ یا مقضی لہ کے اقرار سے ثابت ہو اور اگر خطا قاضی کے اقرار سے ظاہر ہو تو یہ مقضی لہ کے حق مین ظاہر نہوگا جبتک اپنے حکم کو مقضی لہ کے حق مین باطل نہ کرے اور اگر
قاضی نے حق اللہ مین خطا کی اسطرح پر کہ حد زنا یا حد سرقہ یا حد شرب خمر کا حکم دیا اور رجم اور قطع اور حد کا استیفا ہوا پھر ظاہر ہوا کہ شہود عبید یا کفار یا محدود فی القذف
ہین تو تاوان اُسکا بیت المال مین ہی اور اگر قاضی نے عمداً حکم کیا حکم مین اور اُسکا اقرار کیا تو اُسکے مال مین تاوان ہوگا سب وجوہ مذکورہ مین اور قاضی پر
تعزیر ہوگی بسبب ارتکاب جریمہ عظیمہ اور معزول ہوگا قضا سے کذا فی الطحطاوی عن الہندیہ ملخصاً و فی المنح معزیا للسراج قال محمد لو قال تعمدت الجور انعزل عن القضاء

قاضی اگر حکم مین خطا کرے

وفیہ عن ابی یوسف اذا طلب جودہ ورشوتہ ردت قضایاہ وشہاداتہ اور منح الغفار مین ہی سراج کی طرف نسبت کرکے کہ محمد نے کہا کہ اگر قاضی کہے کہ مین نے عمدا ظلم کیا تو معزول
ہوجائیگا قضاسے اور انجمین الیواقیت سے ہی کہ جب قاضی کا ظلم اور رشوت غالب ہو تو اسکے فیصلے اور گواہی مردود ہی فروع مسائل ملحقہ شارح کے القضاء مظہر لا مثبت
قضا ظاہر کرنے والی ہی حق کی نہ ثابت کرنے والی ہم یعنی حکم قاضی ظاہر کرنے خصم کے حق کا اسواسطے کہ حق ثابت ہی عند اللہ قبل حکم کے اور اُسکا مثبت نہین جو قبل حکم ثابت
نہین یہ اُس صورت مین ہی جبکہ حکم واقع کے مطابق ہو اور اگر مخالف واقع ہو تو حکم اب مثبت ہوگا چنانچہ حکم لبشہادت کاذبہ کذا فی الطحطاوی و تخصص
بزمان ومکان وخصومۃ حتی لو امر السلطان بعدم سماع الدعوی بعد خمسۃ عشر سنۃ فسمعہا لم ینفذ اور قضا خصوصیت قبول کرتی ہی زمان اور مکان اور خصومت
کی لو اگر سلطان امر کرے عدم سماعت دعوی کا پندرہ برس کے بعد سو قاضی نے دعوی سنا تو حکم نافذ نہوگا ہم ظہیریہ کے مختصر مین ہی کہ اگر امام ایک مرد
کو ایکدن یا ایک مجلس کے واسطے قاضی مقرر کرے تو جائز ہی اور خلاصہ مین ہی کہ اگر سلطان قضا مین خصومت استثنا کرے یعنے یون کہے کہ فلانا مقدمہ فیصل
نہ کرنا تو صحیح ہی کذا فی الطحطاوی قلت فلا تسمع الآن بعدہا الا بامر الا فی الوقف والارث ووجود عذر شرعی وبہ افتی المفتی ابو السعود فلیحفظ مین کہتا ہون تو
اب بعد امر سلطان کے دعوی نہ سنا جاے پندرہ برس کے بعد مگر سلطان کے امر سے لیکن وقف اور میراث اور موجود ہونے عذر شرعی مین بعد پندرہ برس کے
بلا امر سلطان بھی سماعت ہوگی اسی کا فتوی دیا ہی مفتی ابو سعود نے تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم حموی نے اپنے استاذ یحیی منقار سے نقل کیا کہ سلاطین یعنی سلاطین روم نے
قاضیون کو حکم کرتے ہین اپنی سب ولایت مین کہ دعوی نہ سنین پندرہ برس کے بعد سواے وقف اور ارث کے انتہی اور یہ بھی قطع حیل اور دفع تردد
کے واسطے ہی اور یہ جو روایت تیس برس یا تینتیس برس یا چھتیس برس کی خلاصہ اور مبسوط اور فتاوی عتابیہ مین ہی در باب عدم سماع سو یہ روایت
قبل صدور نہی سلطانی ہی عذر شرعی چنانچہ طفلی اور دیوانگی اور غیبت کذا فی الطحطاوی مختصرا امر السلطان انما ینفذ اذا وافق الشرع والا فلا اشباہ من القاعدۃ الخامسۃ
وفوائد شتی فلو امر قضاتہ بتحلیف الشہود وجب علی العلماء ان ینصحوہ ویقولوا لہ لا تکلف قضاتک الی امر یلزم منہ سخطک او سخط الخالق تعالی حکم بادشاہ کا اسوقت نافذ
ہوتا ہی جبتک شرع کے موافق ہو اور نہین تو نافذ نہین چنانچہ اشباہ کے پانچوین قاعدے اور فوائد شتی مین مذکور ہی تو اگر بادشاہ نے اپنے قاضیون کو شاہدون کی
قسم دلانے کا حکم کیا تو عالمون پر واجب ہی کہ بادشاہ کو نصیحت کرین اور اُس سے کہین کہ اپنے قاضیون سے وہ امر نہ کروائے جس سے آپکا غضب لازم آوے
یا خالق برتر کا غضب یعنی اگر تیری اطاعت کرین تو خالق کا غضب ہی اور اگر تیری نافرمانی کرین تو تیرا غضب ہی ہم صاحب بحر نے ائمہ حنفیہ سے نقل کیا کہ اطاعت
امام غیر معصیت مین واجب ہی تو اگر سلطان ایک دن کے روزہ رکھنے کا حکم کرے تو روزہ واجب ہوگا صیرفیہ سے جواز تحلیف منقول ہی یعنے شاہدون سے قسم لینا
جائز ہی مفتی ابو سعود نے کہا کہ یہ مفید ہی اس قید کے ساتھ کہ جب قاضی قسم لینے کو درست جانے اسطرح پر کہ وہ صاحب راے ہو یعنی مجتہد ہو اور اگر صاحب الراے نہو تو تحلیف
نہین جائز ہی کذا فی الطحطاوی قضاء الباشا وکتابہ الی القاضی جائزان لم یکن قاض مولی من السلطان قضا باشا کی اور مکتوب اُسکا قاضی کی طرف جائز ہی اگر سلطان
کی طرف سے قاضی معین نہو ہم باشا امیر کو کہتے ہین روم مین باشا کی قید اسواسطے لگائی کہ قضا سلطان کی بقول اصح سفتی بہ نافذ ہی چنانچہ ادب الخصاف مین ہی کذا فی الطحطاوی
والمحکم کالقاضی الا فی اربعۃ عشر مسئلۃ ذکرناہا فی شرح الکنز یعنی البحر اور محکم یعنی پنچ قاضی کے مانند ہی مگر چودہ مسئلون مین جنکو ہمنے ذکر کیا ہی شرح کنز مین یعنی بحر الرائق
مین ہم بحر الرائق مین سترہ مسئلے مذکور ہین اسطرح کہ محکم جب فیصلہ کرے فصل مجتہد فیہ مین پھر اُسکا مرافعہ ہو قاضی یا محکم کی طرف تو اگر اُسکے مذہب کے موافق ہو تو جاری
کرے نہین تو باطل کرے اور تحکیم پر تراضی خصمین ضرور ہی اور تحکیم کی تعلیق اور اضافت ابو یوسف کے نزدیک جائز نہین اور تحکیم حد اور قصاص اور دیت مین
بقول صحیح جائز نہین اور فسخ یمین مضافہ مین جواز تحکیم کا فتوی نہ دیا جاے اگرچہ قول صحیح مین وہ نافذ ہی اور محکم کا حکم غائب کی طرف متعدی نہین ہوتا اگر دعا
علی الغائب سبب ہو ادعا علی الحاضر کا مگر ایک مسئلے مین اور جائز نہین مکتوب محکم قاضی کی طرف جیسے قاضی کا مکتوب اُسکی طرف جائز نہین اور محکم حکم نہ کرے قاضی کے
مکتوب پر مگر جبکہ دونون مخاصم راضی ہون اور اگر محکم مرتد ہو جائے تو معزول ہو گا بنا بیت سے سو اگر بعد ارتداد پھر اسلام قبول کریگا تو تحکیم جدید کی حاجت ہوگی اور اگر

والمحکم

محکم گواہی کو بسبب تہمت کے قبول نہ کرے تو قاضی اور دوسرے پنچ کو اُسکا قبول کرنا درست ہی اور پنچ کا حکم ایک وارث سے باقی وارثون کی طرف نہین پہونچتا اور محکم کا حکم
بعنیبت بائع کے بائع کی طرف نہین پہونچتا مگر جبکہ وہ تحکیم سے راضی ہوا اور اگر محکم نے وکیل پر عیب مبیع کا حکم کیا تو اُسکا حکم موکل کی طرف نہین متعدی ہوتا اور حکم اُسکا صغیر
کے وصی پر نافذ نہین جسمین صغیر کا ضرر ہوا اور حکم محکم کا تحکیم کے ساتھ مفید نہین بلکہ اُسکا حکم جائز ہی جمیع بلاد مین یعنی بعد رضا کے متخاصمین اور اگر محکم مین اختلاف ہو گواہی کے
اختلاف کے سبب سے سو ایک گواہ کہتا ہی کہ اُسکو خصومت مین وکیل کیا ہی فلانے فقیہ کی طرف اور دوسرا شاہد کہتا ہی کہ دوسرے فقیہ کی طرف تو ایک فقیہ کو حکم کرنا جائز نہین و محکم
کا حکم رافع خلاف نہین بخلاف قاضی کے جمیع مسائل مذکورہ مین حلبی نے کہا محل ان مسائل کا باب التحکیم مین ہی انتہی ملخصًا اور منجملہ مسائل مذکورہ یہ ہی کہ لعان بین الزوجین مین محکم کا
حکم جائز نہین چنانچہ برجندی مین ہی کذا فی الطحطاوی وفی فصل الاول من جامع الفصولین القاضی بتاخیر الحکم یاثم ویعزل ویعزر اور جامع الفصولین کی فصل اول مین ہی کہ قاضی
حکم کی تاخیر سے گنہگار ہوتا ہی اور معزول کیا جاتا اُسکو اور تعزیر دیجاے وفی الاشباہ لایجوز للقاضی تاخیر الحکم بعد وجود شرائطہ الا فی ثلث لریبۃ ولرجاء صلح اقارب واذا استمہل
المدعی اور اشباہ مین ہی کہ جائز نہین قاضی کو تاخیر کرنا حکم دینے مین شرائط حکم کے پائے جانے کے بعد مگر تین وجہ سے تاخیر جائز ہی شک اور اشتباہ کے سبب اور امید
صلح اقارب سے اور جبکہ مدعی مہلت چاہے حموی اشتباہ یہ کہ قاضی کو شہود مین شبہ پڑے چنانچہ اسطرح کہ تین گواہون نے قاضی کے پاس ایک مقدمے مین گواہی دی
اور ہنوز اُنکی گواہی کے بموجب حکم نہین ہوا کہ ایک گواہ اُنمین سے بولا استغفر اللہ مین نے جھوٹی گواہی دی اور قاضی نے یہ کلام سُنا مگر یہ معلوم نہین کہ تینون مین
سے کسنے یہ کلام کیا سو قاضی نے اُنکو اُنکنے پوچھا سو سب بولے کہ ہم اپنی گواہی پر قائم ہین تو قاضی اُنکی گواہی پر حکم نہ کرے اور لسان الحکام مین ہی کہ جب قاضی کے
پاس بھائی یا چچیرے بھائی جھگڑا لاوین تو قاضی کو لائق ہی کہ اُنکو تھوڑا ٹالے اور جلدی حکم نہ دے شاید وہ باہم صلح کرلین اسواسطے کہ حکم اگرچہ حق ہو مگر اکثر
عداوت کا سبب ہو جاتا ہی بھائیون مین علامہ شیخ صالح نے کہا کہ تاخیر حکم بامید صلح اقارب مین مخصوص نہین بلکہ اجانب مین بھی ایسا ہی کرنا چاہیے کیونکہ حکم قاضی
کینے کا مورث ہی تو حتے الامکان اس سے احتراز کرنا چاہیے اور مخالف نہین قضا فی الفور کے اسواسطے کہ قضا فی الفور اس صورت پر محمول ہی جبکہ قاضی کو حصول صلح
کی توقع نہو اور اسکا مؤید وہ ہی جو اختیار اور خزانۃ الاکمل مین ہی کہ جب قاضی کو ارضاے خصمین کی توقع ہو تو اُسکے رد کرنے مین کچھ مضائقہ نہین اور دو تین مین
حکم جاری نہ کرے شاید صلح کرلین اور اُنکو دو بار سے زیادہ رد نہ کرے اور اگر توقع صلح نہو تو حکم جاری کردے انتہی اور جیسے استمہال مدعی سے تاخیر حکم جائز ہی
ویسے ہی استمہال مدعی علیہ سے جبکہ وہ دفع دعوی کا مدعی ہو بشرطیکہ دفع صحیح کا مدعی ہو نہ دفع فک کا اور ایک صورت اور باقی رہگئی جسمین تاخیر قضا جائز ہی یعنی
جبکہ قاضی اہل شہر کے فتوی پر اعتماد نہ کرے اور دوسرے شہر کے علما سے فتوی دریافت کرے تو تاخیر قضا سے گنہگار نہوگا چنانچہ خلاصہ مین ہی کذا فی الطحطاوی

ولا یصح رجوعہ عن قضائہ الا فی ثلث لو بعلمہ او ظہر خطاءہ او بخلاف مذہبہ اور قاضی کو اپنے حکم سے پھر جانا یعنی اُسپر عمل نہ کرنا اور اُسکو باطل کردینا جائز نہین مگر
تین صورتون مین اگر حکم کیا اپنے علم اور دانست پر یا حکم کی خطا ظاہر ہوگئی یا اپنے مذہب کے مخالف حکم دیا امام اپنے علم پر حکم کیا پھر ظاہر ہوگیا کہ اُسکا علم وہم تھا چنانچہ
قاضی کے نزدیک ایک شخص نے دوسرے شخص کے واسطے مبلغ کا اقرار کیا اور دونون وہان سے غائب ہوگئے پھر دو شخصون نے دعوی کیا قاضی کے پاس سو قاضی نے
ایک پر حکم کیا اس گمان سے کہ یہ شخص وہی معترف ہی پھر معلوم ہوا کہ یہ اُسکے سوا کوئی اور ہی تو قاضی کو حکم توڑنا جائز ہی بلکہ واجب ہی اور ظہور خطا کی یہ صورت ہی کہ مثلاً حنفی نے
نے مشاع محتمل القسمۃ کی صحت ہبہ کا حکم دیا پھر اُسکو اپنی خطا ظاہر ہوگئی اور خلاف مذہب کا حکم دینا عمدًا یا سہوًا سابق بتفصیل مذکور ہو چکا فتح القدیر مین ہی کہ امام کے نزدیک
قاضی کو اپنے علم پر حکم کرنا جائز ہی اس شرط سے کہ جانتا ہو اپنے عہدہ قضا کے وقت اُس شہر مین جہان کا وہ قاضی ہی اُس حق کا علم جو حد خالص للہ نہین چنانچہ قرض
دیا بیع یا غصب یا تطلیق یا قتل عمد یا حد قذف اور اگر قبل عہدہ قضا جانتا ہو حقوق العباد مین پھر وہ قاضی ہوا اور وہ مقدمہ اُسکے سامنے آوے یا حالت اپنی قضا
مین جان چکا غیر شہر مین پھر اُس شہر مین داخل ہوا اور مقدمہ اُسکے پاس رجوع ہوا یا ایک حادثہ معلوم ہوا اور وہ اُسی شہر مین قاضی ہی پھر وہ معزول ہوگیا پھر
بحال سابق منصوب ہوا تو امام کے نزدیک حکم نہ کرے اور صاحبین کے نزدیک حکم کرے اور حد شرب اور زنا مین اگر قضا بعلم قاضی بالاتفاق نافذ نہین انتہی مختصرًا فصل

القاضی حکم فلو زوج الیتیمة من نفسه او ابنه لم یجز قاضی کا فعل حکم ہی تو اگر قاضی یتیم لڑکی کا نکاح اپنی ذات سے یا اپنے بیٹے سے کرے تو جائز نہین ہم فعل سے مراد وہ ہی جو
قاضی سے صادر ہو بلا لفظ صیغۂ حکم نکاح مذکور اسواسطے جائز نہین کہ قاضی کا فعل مذکور جبکہ حکم ٹھہرا تو جائز ہوا کیونکہ قاضی کو اپنی ذات کے واسطے یا اپنے فرزند
کے واسطے حکم کرنا صحیح نہین الا فی مسئلتین مگر قاضی کا فعل دو صورتون مین حکم نہین ہم یہ استثنا بفعل القاضی حکم سے نہ لم یجز سے کذا فی الطحطاوی اذا اذن الولی للقاضی
بتزویجہا کان وکیلا ایک صورت یہ ہی کہ جب ولی قاضی کو تزویج صغیرہ کا اذن دے تو قاضی وکیل ہوگا ہم قاضی جب وکیل ٹھہرا تو فعل تزویج حکم ہوگا تو اگر اسکے عقد کا
مرافعہ ہو دوسرے قاضی مخالف مذہب کی طرف تو اسکو نقض نکاح جائز ہی کذا فی الطحطاوی عن الاشباہ واذا اعطی فقیرا من وقف الفقراء کان لہ اعطاء غیرہ دوسری
صورت یہ ہی کہ قاضی نے ایک فقیر کو دیا فقرا کے وقف سے تو دوسرے قاضی کو اسکے غیر اور فقیر کو دینا جائز ہی ہم اس مسئلہ مین قید یہ ہی کہ قاضی نے فقیر کے واسطے
راتبہ نہ مقرر کر دیا ہو اور فقیر قرابت دار کے واسطے حکم نہ کر دیا ہو ورنہ قاضی ثانی کو نقض اسکا جائز نہوگا کذا فی الطحطاوی امر القاضی حکم الا فی مسئلة الوقف المذکورة
فامرہ فتوی فلو صرف لغیرہ صح امر قاضی کا حکم ہی مگر اس مسئلہ وقف مین جو مذکور ہو چکا تو امر اسکا فتوی ہی تو اگر اسکے سوا اور کی طرف صرف کرے تو صحیح ہی ہم مثلاً قاضی کا
یون کہنا مدعی سے اقامت برہان کے بعد کہ مگر اسکو تسلیم کرا دین اور اگر تو یہ حکم ہی اشباہ مین عمادیہ اور بزازیہ سے کہ وقف کیا فقرا پر پھر بعضی قرابت دار وقف
کے محتاج ہوگئے سو قاضی نے امر کیا کہ کچھ وقف مین سے انکو دیا جاوے تو یہ امر بمنزلہ فتوی کا ہی یہان تک کہ اگر واقف یہ ارادہ کرے کہ اسکو دوسرے فقیر کی
طرف صرف کرے تو صحیح ہی القاضی یحلف غریم المیت ولو اقر بہ المریض قاضی قسم دے میت کے دین والے کو اگرچہ مریض نے اسکا اقرار کیا ہو یعنی میت نے مرض الموت
مین دین کا اقرار کیا ہو تو بھی قسم دینا چاہیے اور اگرچہ وارث قسم طلب کرین کذا فی الطحطاوی لا یقبل قول امین القاضی انہ حلف المخدرة الا بشاہدین قاضی کے
امین کا یون کہنا کہ اسنے عورت پردہ نشین کو قسم دلائی مقبول نہین مگر دو شاہدون سے ہم بزودی لکہا مخدرہ وہ عورت پردہ نشین ہی جسکو غیر محارم نہ دیکھین
کواری ہو یا بیاہی اور جو عورت جلوہ گاہ عروسی مین بیٹھی اور اسکو رجال اجانب نے دیکھا چنانچہ بعضی بلاد مین عادت ہی وہ مخدرہ نہین کذا فی الحموی من اعتمد علی امر
القاضی الذی لیس بشرعی لم یخرج عن العہدة انتہی جسنے اعتماد کیا قاضی کے اس امر پر جو شرعی نہین وہ عہدہ سے خارج نہوگا یعنی بری الذمہ نہوگا انتہی کلام الاشباہ
ہم مثال اسکی یہ ہی کہ ایک نے دوسرے کو وصیت کی کہ فلانے شہر کے فقیرون کو سو دینار خیرات کرے اور وصی دوسرے اس شہر سے اور وہان تک نہ پہونچ سکے اور
موصی کا اس شہر مین ایک مدیون ہی جسپر ہزار درہم مین تو قاضی نے مدیون مذکور کو امر کیا کہ دراہم مذکورہ فقیرون کو دے تو مدیون پر اسکا دین باقی رہیگا اور مدیون
کا دینا تطوع ٹھہریگا اور وصیت میت وصی پر بحال سابق قائم رہیگی کذا فی الطحطاوی وقد منا فی الوقف عن المنظومة المحبیة معزیا للمبسوط ان للسلطان مخالفة
شرط الواقف لو غالبة قرای ومزارع وانہ یعمل بامرہ وان غایر الشرط فلیحفظ اور سابق ہم ذکر کر چکے ہین منظومہ محبیہ سے نسبت بمبسوط کہ سلطان کو مخالفت کرنا شرط
واقف کا جائز ہی اگر اکثر وقف دیہات اور کشت زار ہون اور یہ کہ عمل کیا جاوے سلطان کے امر پر اگرچہ اسکا امر مخالف ہو واقف کی شرط کا تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم
مفتی ابو سعود نے فتوی دیا کہ ملوک اور امرا کے اوقاف مین تعیین کی شروط کی رعایت نہین اسواسطے کہ وہ اوقاف یعنی اراضی بیت المال کی ملوک یا بیت المال کی طرف
راجع ہی اس طرح پر کہ واقف اسکا رقیق ہی بیت المال کا جسکی آزادی ثابت نہین انتہی اور یہ حکم مطلق نہین بلکہ ان اراضی مین ہی جنمین واقفین کی ملک ثابت نہین
اور اگر انکی ملک شرعی ثابت ہی تو شروط کی مخالفت صحیح نہین کذا فی الطحطاوی مختصرا بتصرف قلت واجاب صنعی افندی بانہ متی کان فی الوقف سعة ولم یقصر فی
ادا خدمتہ لا یمنع فتنبہ مین کہتا ہون اور صنعی افندی نے یون جواب دیا ہی کہ جب وقف مین گنجائش ہو اور جسکے واسطے سلطان نے وقف مین وظیفہ مقرر کر دیا
بلا شرط واقف وہ اپنی خدمت کے ادا کرنے مین قصور نہ کرے تو ممنوع نہین یعنی اسکو وظیفہ لینا حرام نہین سو آگاہ رہنا ہم یہ بھی اسی صورت پر محمول ہی جبکہ وقف
واقف کا ملک ہو یا جواب اس اعتماد پر ہی کہ گنجائش وقف ظاہر اس دلیل پر ہی کہ اصل اسکی بیت المال سے ہی کذا فی الطحطاوی وفی الوہبانیة یحبس الولی بدین الصغیر
حتی یوفیہ او یظہر فقر الصغیر قلت لکن قدم شارحہا عن قاضی خان الحر والعبد والبالغ والصبی فی الحبس سواء فلیتامل لفیہ ہنا قالہ الشرنبلالی اور وہبانیہ مین ہی کہ

قبول کرے اور مانند اسکے یہ ہے کہ محکم کہے کہ مین تم دونون مین حکم کرتا ہون اور متخاصمین اسکو قبول کرلین محیط مین ہے کہ اگر متخاصمین ایک مرد کو حکم مقرر کرین سو وہ قبول نہ کرے
تو اسکا حکم کرنا جائز نہین مگر بتجدید تحکیم کذا فی الطحطاوی و شرطہ من جہۃ الحکم بالکسر العقل لا الحریۃ والاسلام فیصح تحکیم ذمی ذمیا اور شرط تحکیم کی محکم بالکسر یعنے
پنچ مقرر کرنے والے کی طرف سے عقل ہے نہ آزاد ہونا اور نہ مسلمان ہونا تو صحیح ہے تحکیم ذمی کی ذمی کو اور پنچ ہونا ذمی کا مسلمین مین باطل ہے اور ذمیون مین ذمی
کا پنچ ہونا صحیح ہے کذا فی البنایہ و شرطہ من جہۃ الحکم بالفتح صلاحیتہ للقضاء کما مر اور شرط تحکیم کی محکم بالفتح یعنے پنچ کی طرف سے لیاقت رکھنا اسکا ہے قضا کے
واسطے چنانچہ اسکا ذکر ہو چکا یعنے پنچ کی شرط یہ ہے کہ حر مسلم بالغ عاقل عادل ہو نہ اندھا نہ بہرا نہ گونگا نہ محدود فی القذف فتاوی عالمگیری مین ہے کہ اگر فاسق حکم کرے
تو واجب ہے کہ جائز ہو ہمارے نزدیک انتہی ہم ظاہر فاسق کو پنچ مقرر کرنا معصیت ہوگا جیسے کہ فاسق کو قاضی بنانا گناہ ہے واللہ اعلم وتشترط الاہلیۃ المذکورۃ
وقتہ ای التحکیم و وقت الحکم جمیعا فلو حکما عبدا فعتق او صبیا فبلغ او ذمیا فاسلم ثم حکم لا ینفذ کما ہو الحکم فی مقلد بفتح اللام مشددۃ بخلاف الشہادۃ
اور اہلیت مذکورہ شرط ہے پنچ مقرر کرنے کے وقت اور حکم کرنے کے وقت سب حالتون مین تو اگر متخاصمین پنچ مقرر کرین غلام کو پھر وہ آزاد ہو جاوے یا صغیر کو
پھر وہ بالغ ہو جاوے یا ذمی کو پھر وہ مسلمان ہو جاوے پھر وہ حکم کرے تو حکم نافذ نہوگا چنانچہ یہی حکم ہے قاضی مین بخلاف شہادت کے یعنی شہادت مین فقط اداے شہادت
کے وقت اہلیت شرط ہے نہ تحمل شہادت کے وقت وقدمنا انہ لو استقضی العبد ثم عتق فقضی صح وعزاہ سعدی افندی للمتبنی اور پہلے ہم نے اسکو ذکر کیا ہے کہ اگر غلام قاضی
مقرر کیا جاوے پھر وہ آزاد ہو جاوے پھر وہ حکم کرے تو صحیح ہے اور سعدی افندی نے اس قول کو متبنی کی طرف نسبت کیا ہے ہم طحطاوی نے کہا یہ قول مخالف متن کے ہے اور ظاہر یہ
ضعیف ہے حکما رجلا معلوما اذ لو حکما اول من یدخل المسجد لم یجز اجماعا للجہالۃ فحکم بینہما ببینۃ او اقرار او نکول ورضیا بحکمہ صح لو فی غیر حد و قود ودیۃ علی عاقلۃ
متخاصمین نے پنچ مقرر کیا ایک مرد معین کو سو اسنے دونون مین حکم کیا گواہی یا اقرار یا انکار قسم سے اور دونون اسکے حکم سے راضی ہو گئے تو حکم صحیح ہے اگر حد اور قصاص اور دیت
علی العاقلہ کے غیر مین حکم کیا ہو مرد معین کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر متخاصمین پنچ مقرر کرین اسکو جو اول مسجد مین داخل ہو تو بالاجماع جائز نہین بسبب اسکے مجہول ہونے کے ہم
شارح نے جو رضیا متخاصمین کی قید زیادہ کی وہ اگلے متن کے مخالف ہے اور فتاوی عالمگیری مین صاف مذکور ہے کہ رضا متخاصمین وقت تحکیم شرط ہے نہ حکم کے وقت تو اگر شارح رضیا
بتحکیمہ کہتا عوض رضیا بحکمہ کے تو خوب ہوتا کہ تحکیم بکرہ خارج ہو جاتی (زبردستی سے پنچ کیا گیا ۱۲) فتاوی عالمگیری مین ہے کہ تحکیم اس امر مین صحیح ہے جسکے فعل کا متخاصمین کو اختیار ہے یعنی حقوق العباد مین صحیح ہے نہ
حقوق اللہ مین تو تحکیم اموال اور طلاق اور عتاق اور نکاح اور ضمان سرقہ مین جائز ہے نہ حد زنا اور سرقہ اور قذف مین انتہی اور قہستانی مین ہے کہ طلاق اور عتاق اور کتابت
اور کفالت اور شفعہ اور نفقہ اور دیون اور بیوع کو تحکیم شامل ہے انتہی اور دیت علی العاقلہ مین اسواسطے صحیح نہین کہ عاقلہ راضی نہین اسکے حکم سے اور پنچ کا حکم اسپر نافذ
ہے جو راضی ہے کذا فی الطحطاوی ملخصا الاصل ان حکم الحکم بمنزلۃ الصلح وہذہ لا یجوز بالصلح فلا یجوز بالتحکیم اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ حکم محکم کا بمنزلہ صلح کے ہے اور یہ یعنی حد اور
قصاص اور دیت علی العاقلہ جائز نہین صلح کرنے سے تو تحکیم سے بھی جائز نہوگی وینفرد احدہما بنقضہ ای التحکیم بعد وقوعہ کما ینفرد احد العاقدین فی مضاربۃ و شرکۃ
ووکالۃ بلا التماس طالب اور متخاصمین مین سے ایک شخص مختار ہے تحکیم کے توڑ دینے کا بعد وقوع تحکیم قبل از حکم کے جیسے احد العاقدین مختار ہے نقض عقد کا مضاربت اور شرکت
اور وکالت مین بلا التماس طالب کے یعنے موکل کو اختیار ہے کہ وکیل کو معزول کرے جب چاہے خواہ وکیل طالب عزل ہو یا نہو فان حکم لزمہما ولا یبطل حکمہ بعزلہما لصدورہ عن
ولایۃ شرعیۃ پھر اگر محکم نے حکم کیا تو متخاصمین کو اسکا ماننا لازم ہو گیا اور اسکا حکم باطل نہین ہوتا دونون کے معزول کر دینے سے بسبب صادر ہونے حکم کے ولایت شرعی سے
ولا یتعدی حکمہ الی غیرہما الا فی مسئلۃ ما لو حکم احد الشریکین وغریم لہ رجلا فحکم بینہما والزم الشریک یتعدی للشریک الغائب لان حکمہ کالصلح تجار اور متعدی نہین ہوتا حکم محکم کا متخاصمین
کے غیر کی طرف مگر اس مسئلہ مین کہ اگر احد الشریکین اور اسکے مدیون نے ایک مرد کو حکم ٹھہرایا سو اسنے دونون مین حکم کیا اور شریک کو کچھ مال مشترک سے لازم کر دیا تو
دوسرے شریک غائب کو حکم مذکور متعدی ہوگا اسواسطے کہ اسکا حکم بمنزلہ صلح کے ہے کذا فی البحر یعنی اور صلح طریقہ ہے تجار کا تو ہر شریک صلح سے راضی ہوگا کذا فی الطحطاوی
عن البحر فلو حکماہ فی عیب مبیع فقضی بردہ لیس للبائع ردہ علی بائعہ الا برضی البائع الاول والثانی والمشتری بتحکیمہ فتح تو اگر بائع اور

محبوس ہو ولی طفل صغیر کے دین میں یہاں تک کہ اُسکو ادا کرے یا صغیر کی محتاجی ظاہر کرے میں کہتا ہون لیکن وہبانیہ کے شارح یعنی عبد البر نے مقدم ذکر کیا ہے قاضی خان سے کہ آزاد اور غلام اور بالغ اور صغیر محبوس ہونے مین برابر ہین تو غور کرنا چاہیے ولی کی نفی حبس کو یہان یہ قول ہے شرنبلالی کا یعنی جب حبس صغیر جائز ہوا تو ولی اُسکا کاہیکو محبوس ہوگا م خلاصہ مین ہے کہ صغیر محجور علیہ محبوس نہین کیا جاتا دین کے استہلاک سے و لیکن اُسکا باپ یا وصی حبس کیا جاےگا انتہی اور ظاہر اوجہ توفیق بین القولین یہ ہے کہ قاضی خان کا کلام صغیر ماذون مین اور خلاصہ اور وہبانیہ کا کلام صغیر محجور علیہ مین ہے چنانچہ خلاصہ کی عبارت سے صاف ظاہر ہوتا ہے کذا فی الطحطاوی قال

ولیس للقاضی البیع مع وجود اب اووصی وہی فائدۃ حسنۃ قلت جزی فی القنیہ ومتی باعا فللقاضی نقضہ لو اصلح کما نظم الشارح فضمنتہ للمتن مغیرا لبعضہ فقلت شرنبلالی نے کہا اور قاضی کو بیع جائز نہین باوجود باپ یا وصی کے اور یہ خوب فائدہ ہے مین کہتا ہون اور یہ مسئلہ تو قنیہ مین ہے اور جبکہ باپ اور وصی نے بیع کی تو قاضی کو اُسکا توڑ دینا جائز ہے اگر نقض اصلح ہو چنانچہ وہبانیہ کے شارح نے اُسکو نظم کیا ہے سو مین نے اُسکو متن سے ملا دیا بعض الفاظ کو بدل کر سو یون کہا ع ویقض بیع من اب او وصیۃ ‡ ولو مصلحا والاصح النقض یسطر ‡ اور توڑی جاے بیع باپ یا اُسکے وصی کی اگرچہ باپ یا وصی مصلح ہو نہ مفسد اور حالانکہ نقض اصلح ہے یہ حکم مسطور ہے کذب مذہب یعنی ویحبس فی دین علی الطفل والدہ وصی وللتادیب بعض یصور اور حبس کیا جاے طفل صغیر کے دین مین باپ اور وصی اور تادیب کے واسطے بعض علما حبس صغیر کی بھی صورت بتلاتے ہین یعنی بعضون کے نزدیک حبس صغیر تادیب کے واسطے جائز ہے تاکہ وہ ڈھیٹ نہو جاے وفی الدین لم یحبس اب مکاتب ‡ وعبد لمولاہ کعکس ومعسر ‡ اور صغیر کے دین مین باپ محبوس نہین ہوتا یعنی اگر صغیر کا دین باپ پر ہو تو وہ محبوس نہوگا اور نہ مکاتب مولی کے دین کتابت وغیرہ مین اور نہ غلام مولی کے دین مین اور نہ مولا غلام کے دین مین اور نہ مدیون مفلس محبوس ہوتا ہے ثم لو العبد مدیونا یحبس المولی بدینہ لانہ للغرماء ان اگر غلام مدیون ہو غیر شخص کا تو مولی محبوس ہوگا اُسکے دین مین اسواسطے کہ کسب غلام کا اب اصحاب دیون کا حق ہے یعنی حبس مولی اسواسطے ہے تاکہ اُنکو وہ دیون حاصل ہو جاے دین جو غلام پر ہین کذا فی الطحطاوی وکذا یحبس بدین مکاتبہ الا اذا کان من جنس الکتابۃ اور اسی طرح مولی محبوس ہوتا ہے اپنے مکاتب کے دین مین مگر اُس دین مین محبوس نہین ہوتا جو دین کہ کتابت کی جنس سے ہو یعنی اگر دین مکاتب پر مثلاً دس من گیہون ہین اور کتابت ہوئی مثلاً دس درم پر تو اس صورت مین بدل کتابت مغائر ہے دین کے تو مولی محبوس ہوگا اور اگر کتابت بھی دس من گیہون پر ہوئی ہے تو اب دین جنس کتابت سے ٹھہرا تو محبوس نہوگا ففی عتاق الوہبانیۃ ع وفی غیر جنس الحق یحبس سیدا ‡ مکاتبہ والعبد فیہا یخیر ‡ سو وہبانیہ کی کتاب العتاق مین ہے اور غیر جنس حق مین محبوس کرے مولی کو مکاتب اُسکا اور غلام کتابت مین مختار ہے یعنے چاہیے تو کتابت کو غلام فسخ کر دے بدون رضامندی مولے کے کذا فی الطحطاوی وفی حجرہا ‡ ویحبس ذو الکتب الصحاح المحرر ‡ علی الدین اذ بالکتب ما ہو معسر ‡ اور وہبانیہ کی کتاب الحجر مین ہے اور صحیح کتابون والا کاتب محبوس ہوگا دین پر اسواسطے کہ بسبب کتابون کے وہ مفلس نہین ہم قنیہ مین ہے کہ فقیہ پر دین ہے اور اُسکے پاس کتابین ہین تو وہ در حق قضاء دین مقدور والا ہے تو وہ محبوس ہوگا اگرچہ وہ فقیر ہے در حق صدقہ و وجوب زکوۃ کذا فی الطحطاوی

باب التحکیم

یہ باب ہے تحکیم مین یعنی پنچ مقرر کرنے مین تحکیم بھی قضاء کے فروع سے ہے اور محکم یعنی پنچ کا رتبہ کمتر ہے قاضی سے حکمرانی مین اسواسطے کہ قاضی کا حکم عام ہے اور محکم کا حکم فقط اُسی پر مخصوص ہے جسنے اُسکو پنچ ٹھہرایا اور پنچایت حدیث سے ثابت ہے اسواسطے کہ ابو شریح سے مروی ہے کہ مین نے کہا کہ یا رسول اللہ میری قوم مین جب اختلاف ہوتا ہے کسی چیز مین تو میرے پاس آتے ہین سو مین انمین حکم کر دیتا ہون تو مجھسے فریقین راضی ہو جاتے ہین تو حضرت علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا یہ کیا خوب ہے رواہ النسائی کذا فی الفتح ہو لغۃ

جعل الحکم فی مالک لغیرک اور تحکیم لغت مین عبارت ہے اس سے کہ تو اپنے مال مین غیر شخص کے واسطے حکم کرنا مقرر کرے وعرفا تولیۃ الخصمین حاکما یحکم بینہما اور تحکیم عرف مین عبارت ہے متولی اور مقرر کرنے خصمین سے ایک حاکم کو کہ وہ دونون مین حکم کر دے ورکنہ لفظہ الدال علیہ مع قبول الآخر ذلک اور رکن تحکیم لفظ تحکیم ہے یا مخاصم کا وہ لفظ جو تحکیم پر دلالت کرے ساتھ قبول کر لینے دوسرے کے یعنے محکم کے اُسکو یعنی متخاصمین ایک مرد سے کہین کہ ہمنے تجکو حکم مقرر کیا تا تو ہم مین حکم کرے اور وہ اُسکو

قبول کرے اور مانند اسکے یہ ہے کہ حکم کہے کہ مین تم دونون مین حکم کرتا ہون اور متخاصمین اسکو قبول کرلین محیط مین ہے کہ اگر متخاصمین ایک مرد کو حکم مقرر کرین سو وہ قبول نہ کرے تو اسکا حکم کرنا جائز نہین مگر تجدید تحکیم کذا فی الطحطاوی وشرطہ من جہۃ المحکم بالکسر العقل لا الحریۃ والاسلام فیصح تحکیم ذمی ذمیا اور شرط تحکیم کی محکم بالکسر یعنے پنچ مقرر کرنے والے کی طرف سے عقل ہے نہ آزاد ہونا اور نہ مسلمان ہونا تو صحیح ہے تحکیم ذمی کی ذمی کو یعنی پنچ ہونا ذمی کا مسلمین مین باطل ہے اور ذمیون مین ذمی کا پنچ ہونا صحیح ہے کذا فی النہایہ وشرطہ من جہۃ المحکم بالفتح صلاحیتہ للقضاء کما مر اور شرط تحکیم کی محکم بالفتح یعنے پنچ کی طرف سے لیاقت رکھنا اسکا ہے قضا کے واسطے چنانچہ اسکا ذکر ہو چکا یعنے پنچ کی شرط یہ ہے کہ مسلم بالغ عاقل عادل ہو نہ اندھا نہ بہرا نہ گونگا نہ محدود فی القذف فتاوی عالمگیری مین ہے کہ اگر فاسق حکم کرے تو واجب ہے کہ جائز ہو ہمارے نزدیک انتہی ہم ظاہر فاسق کو پنچ مقرر کرنا معصیت ہوگا جیسے کہ فاسق کو قاضی بنانا گناہ ہے واللہ اعلم وتشترط الاہلیۃ المذکورۃ وقت التحکیم ووقت الحکم جمیعا فلو حکما عبدا فعتق او صبیا فبلغ او ذمیا فاسلم ثم حکم لا ینفذ کما ہو الحکم فی مقلد بفتح اللام مشددۃ بخلاف الشہادۃ اور اہلیت مذکورہ شرط ہے پنچ مقرر کرنے کے وقت اور حکم کرنے کے وقت سب حالتون مین تو اگر متخاصمین پنچ مقرر کرین غلام کو پھر وہ آزاد ہو جائے یا صغیر کو پھر وہ بالغ ہو جائے یا ذمی کو پھر وہ مسلمان ہو جائے پھر وہ حکم کرے تو حکم نافذ نہوگا چنانچہ یہی حکم ہے قاضی مین بخلاف شہادت کے یعنی شہادت مین فقط ادائے شہادت کے وقت اہلیت شرط ہے نہ تحمل شہادت کے وقت وقدمنا انہ لو استقضی العبد ثم عتق فقضی صح وعزاہ سعدی افندی للمبتغی اور پہلے ہمنے اسکو ذکر کیا ہے کہ اگر غلام قاضی مقرر کیا جائے پھر وہ آزاد ہو جائے پھر وہ حکم کرے تو صحیح ہے اور سعدی افندی نے اس قول کو مبتغی کی طرف نسبت کیا ہے ہم طحطاوی نے کہا یہ قول مخالف متن کے ہے اور ظاہر ہے ضعیف ہے حکما رجلا معلوما اذ لو حکما اول من یدخل المسجد لم یجز اجماعا للجہالۃ فحکم بینہما ببینۃ او اقرار او نکول ورضیا بحکمہ صح لو فی غیر حد وقود ودیۃ علی عاقلۃ متخاصمین نے پنچ مقرر کیا ایک مرد معین کو سو اسنے دونون مین حکم کیا گواہی یا اقرار یا انکار قسم سے اور دونون اسکے حکم سے راضی ہو گئے تو حکم صحیح ہے اگر حد اور قصاص اور دیت علی العاقلہ کے غیر مین حکم کیا ہو مرد معین کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر متخاصمین پنچ مقرر کرین اسکو جو اول مسجد مین داخل ہو تو بالاجماع جائز نہین بسبب اسکے مجہول ہونے کے ہم شارح نے جو رضائے متخاصمین کی قید زیادہ کی وہ اگلے متن کے مخالف ہے اور فتاوی عالمگیری مین صاف مذکور ہے کہ رضائے متخاصمین وقت تحکیم شرط ہے نہ حکم کے وقت تو اگر شارح رضیا بتحکیمہ کہتا عوض رضیا بحکمہ کے تو خوب ہوتا کہ تحکیم بکرہ خارج ہو جاتی (زبردستی سے پنچ کیا گیا) فتاوی عالمگیری مین ہے کہ تحکیم اس امر مین صحیح ہے جسکے فعل کا متخاصمین کو اختیار ہے یعنی حقوق العباد مین صحیح ہے نہ حقوق اللہ مین تو تحکیم اموال اور طلاق اور عتاق اور نکاح اور ضمان سرقہ مین جائز ہے نہ حد زنا اور سرقہ اور قذف مین انتہی اور قہستانی مین ہے کہ طلاق اور عتاق اور کتابت اور کفالت اور شفعہ اور نفقہ اور دیون اور بیوع کو تحکیم شامل ہے انتہی اور دیت علی العاقلہ مین اسواسطے صحیح نہین کہ عاقلہ راضی نہین اسکے حکم سے اور پنچ کا حکم اسی پر نافذ ہے جو راضی ہو کذا فی الطحطاوی ملخصا الاصل ان حکم المحکم بمنزلۃ الصلح وہذہ لا تجوز بالصلح فلا تجوز بالتحکیم اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ حکم محکم کا بمنزلہ صلح کے ہے اور یہ یعنی حد اور قصاص اور دیت علی العاقلہ جائز نہین صلح کرنے سے تو تحکیم سے بھی جائز نہوگی وینفرد احدہما بنقضہ ای التحکیم بعد وقوعہ کما ینفرد احد العاقدین فی مضاربۃ وشرکۃ ووکالۃ بلا التماس طالب اور متخاصمین مین سے ایک شخص مختار ہے تحکیم کے توڑ دینے کا بعد وقوع تحکیم قبل از حکم کے جیسے احد العاقدین مختار ہے نقض عقد کا مضاربت اور شرکت اور وکالت مین بلا التماس طالب کے یعنے موکل کو اختیار ہے کہ وکیل کو معزول کرے جب چاہے خواہ وکیل طالب عزل ہو یا نہو فان حکم لزمہما ولا یبطل حکمہ بعزلہما لصدورہ عن ولایۃ شرعیۃ پھر اگر محکم نے حکم کیا تو متخاصمین کو اسکا ماننا لازم ہو گیا اور اسکا حکم باطل نہین ہوتا دونون کے معزول کر دینے سے بسبب صادر ہونے حکم کے ولایت شرعی سے ولا یتعدی حکمہ الی غیرہما الا فی مسئلۃ ما لو حکم احد الشریکین مع غریم لہ رجلا فحکم بینہما والزم الشریک یتعدی للشریک الغائب لان حکمہ کالصلح تجارۃ اور متعدی نہین ہوتا حکم محکم کا متخاصمین کے غیر کی طرف مگر اس مسئلہ مین کہ اگر احد الشریکین اور اسکے مدیون نے ایک مرد کو حکم ٹھہرایا سو اسنے دونون مین حکم کیا اور شریک کو کچھ مال مشترک سے لازم کر دیا تو دوسرے شریک غائب کو حکم مذکور متعدی ہوگا اسواسطے کہ اسکا حکم بمنزلہ صلح کے ہے کذا فی البحر یعنی اور صلح طریقہ ہے تجارت کا تو ہر شریک صلح سے راضی ہوگا کذا فی الطحطاوی عن البحر فلو حکماہ فی عیب مبیع فقضی بردہ لیس للبائع ردہ علی بائعہ الا برضی البائع الاول والثانی والمشتری بتحکیمہ فتح تو اگر بائع اور

مشتری نے اسکو حکم مقرر کیا بیع کے عیب مین سواسنے ردبیع کا حکم کیا تو جائز نہین بائع کو اسکا خبیر دینا اپنے بائع سے مگر بائع اول اور بائع ثانی اور مشتری اسکے راضی ہوجائین اس شخص کی تحکیم پر کذا فی الفتح ثم استثناء الثلث یفید صحۃ التحکیم فی کل المجتہدات کحکمہ بکون الکنایات رواجع وفسخ الیمین المضافۃ الی الملک وغیر ذلک یعنی بیان کرنا چاہیے کہ تین یعنی حد اور قصاص اور دیت علی العاقلہ کا استثنا کرنا مفید ہے صحت تحکیم کا جمیع مسائل مختلفہ مجتہد فیہا مین چنانچہ کنایات کے رجعی ہونے کا حکم کرنا اور یمین مضاف الی الملک کا فسخ کردینا وغیر ذلک ہم اذا الجملۃ یہ ہے کہ خوشدامن کو شہوت سے مساس کیا اور انتشار حاصل ہوا پھر زوجین نے ایک شافعی مذہب حکم مقرر کیا کہ وہ دونون مین حلت کا حکم کرے امام شافعی کے مذہب پر تو بقول اصح صحیح ہے کذا فی الطحطاوی ملخصا لکن ہذا مما یعلم ولا یفتی بہ وظاہر الہدایۃ انہ یفتی بہ الحیل نحا یل لیکن اسکو یعنی صحت تحکیم مجتہدات کو معلوم کیجیے اور چھپا ڈالیے اور ظاہر ہدایہ یہ ہے کہ مفتی جواب دے کہ حلال نہین ہے سو تامل کرو یعنی اگر مفتی سے کوئی اس طرح کا سوال کرے جسکا کتمان مصلحت کے واسطے واجب ہے تو یون جواب دے کہ حلال نہین ہے اور اول قول پر مفتی سکوت کرے اور کچھ جواب دے کذا فی الحلبی کتمان اسواسطے واجب ہے تا عوام الناس ہر مذہب پر دلیر ہوجاوین وصح اخبارہ باقرار احد الخصمین وبعدالۃ الشاہد حال ولایتہ ای بقاء تحکیمہما اور صحیح ہے خبر دینا محکم کا احد المتخاصمین کے اقرار اور شاہد کی عدالت مین اپنی ولایت کی حالت مین یعنی درصورت بقاء تحکیم متخاصمین ہم یعنی اگر مدعی علیہ سرکشی کرے اور محکم حاکم کو اسکے اقرار کی خبر دے اخراج حق کے واسطے یا مدعی علیہ شاہد کو فاسق کہے اور محکم اسکی عدالت ظاہر کرے تو صحیح ہے درحال بقاء تحکیم کیونکہ اسکا اخبار اس حال مین قائم مقام ہے دو شاہدون کی شہادت کے کذا فی الطحطاوی لا یصح اخبارہ بحکمہ لانقضاء ولایتہ صحیح نہین اسکا خبر دینا اپنے حکم کا بسبب منقضی ہوجانے اسکی ولایت کے یعنی حکم کے بعد اسکی ولایت باقی نہ رہی تو وہ منجملہ رعایا کے ہوگیا تو اب اسکا اخبار بجاے شہادت شاہدین نہین ہوسکتا ولا یصح حکمہ لابویہ وولدہ وزوجتہ کحکم القاضی اور صحیح نہین حکم محکم کا اپنے والدین اور ولد اور زوجہ کی منفعت کے واسطے جیسے قاضی کا حکم اشخاص مذکورین کے واسطے صحیح نہین ہم اشخاص مذکورین کی قید سے معلوم ہوا کہ بھائیون اور چچون اور انکی اولاد اور سسر اور داماد کے واسطے اسکا حکم صحیح ہے جیسے انکے واسطے شہادت صحیح ہے کذا فی البحر بخلاف حکمہا ای القاضی والمحکم علیہم حیث یصح کالشہادۃ بخلاف قاضی اور محکم کے حکم کے اشخاص مذکورین کی مضرت پر کہ وہ صحیح ہے جیسے شہادت مضرت کی صحیح ہے حکما رجلین فلا بد من اجتماعہما علی المحکوم بہ مدعی اور مدعی علیہ نے دو شخصون کو پنچ مقرر کیا تو دونون کا اجتماع محکوم بہ پر ضرور ہے یعنی اب ایک رائے پر فیصلہ صحیح نہوگا تاوقتیکہ دونون متفق الراے نہون وامضی القاضی حکمہ ان وافق مذہبہ والا ابطلہ لان حکمہ لا یرفع خلافا اور قاضی محکم کے حکم کو جاری کرے درصورت مرافعہ اگر قاضی کے مذہب کے موافق ہو اور اگر اسکے مذہب کے مخالف ہو تو حکم کو باطل کرے اسواسطے کہ محکم کا حکم اختلاف مجتہدین کا رافع نہین ہم اسواسطے کہ ولایت محکم مین قصور ہے کہ وہ فقط محکمین پر مخصوص ہے بخلاف ولایت قاضی کہ وہ عام ہے تو اسکا رافع خلاف ہوگا ولیس لہ ای للمحکم تفویض التحکیم الی غیرہ اور جائز نہین محکم کو تحکیم سپرد کرنا اپنے سوا کسی اور شخص کو یعنی اسواسطے کہ متخاصمین اسکے غیر کے حکم سے راضی نہین اور اگر غیر شخص حکم کرے اور محکوم اسکو جائز رکھے تو جائز نہین مگر متخاصمین کی اجازت سے البتہ جائز ہوگا کذا فی الطحطاوی ثم حکمہ بالوقف لا یرفع الخلاف علی الصحیح خانیہ اور لزوم وقف پر محکم کا حکم کرنا رافع خلاف امام نہین بنا بر قول صحیح کذا فی الخانیہ یعنی امام کے نزدیک عدم لزوم وقف ثابت ہے تو بقول صحیح محکم کے حکم سے یہ خلاف مرتفع نہوگا فلو رفع الی موافق لمذہبہ حکم ابتداء بلزومہ بشرطہ ولا یمضیہ لانہ لم یقع معتبرا پھر اگر محکم کے حکم کا مرافعہ ہوا اس قاضی کی طرف جو محکم کے مذہب کے موافق ہے تو وہ سرنو سے لزوم وقف کا حکم کرے اسکی شرط کے ساتھ اور محکم کے حکم کو جاری نکرے کیونکہ وہ معتبر نہین واقع ہوا ہم لزوم وقف کی شرط یہ ہے کہ صادر ہو اہل سے اپنے محل مین کذا فی الطحطاوی و الحاصل انہ کالقاضی الا فی مسائل عدہا فی البحر منہا سبعۃ عشر منہا ولو ارتد انعزل فاذا اسلم احتاج التحکیم جدید بخلاف القاضی خلاصہ مقام یہ ہے کہ محکم قاضی کے مانند ہے مگر چند مسائل مین قاضی کے مانند نہین انمین سے بحرالرائق مین سترہ مسئلہ شمار کیے ہین از انجملہ یہ ہے کہ اگر محکم مرتد ہوجاے تو معزول ہوگا پھر جب مسلمان ہو تو تحکیم جدید کی حاجت ہوگی بخلاف قاضی کے کہ وہ اسلام لبعد الارتداد سے معزول نہین ہوتا منہا ولو رد الشہادۃ لتہمۃ فلغیرہ قبولہا اور از انجملہ یہ ہے کہ اگر محکم رد شہادت کرے بسبب تہمت کے تو غیر کو قبول شہادت جائز ہے وینبغی ان لا یلی الحبس ولم ارہ اور لائق یہ ہے کہ محکم متولی حبس نہو اور مین نے اسکو مصرح نہین دیکھا

ہم یہ بحث صاحب بحر کی ہے طحطاوی نے کہا صدر الشریعہ نے تصریح کی ہے کہ محکم کو حبس کا اختیار ہے وکذا لہم ان یحکم قبول الہدیۃ وینبغی ان لا یجوز ان اہدی الیہ وقت الحکم اور اسی طرح میں نے نہیں دیکھا محکم کے ہدیہ قبول کرنے کا حکم اور لائق یہ ہے کہ ہدیہ قبول کرنا جائز نہ ہو اگر متخاصم نے اسکو ہدیہ دیا ہو تحکیم کے وقت

باب کتاب القاضی الی القاضی وغیرہ

اراد بغیرہ قولہ والمراۃ تقضی الخ یہ باب ہے قاضی کے خط بھیجنے کا دوسرے قاضی کی طرف اور باب ہے غیر خط کا مصنف نے لفظ وغیرہ سے اپنے اس قول کا ارادہ کیا والمراۃ تقضی الخ یعنے عورت قاضی ہوتی ہے حد اور قصاص کے سوا اور احکام میں ہم کتاب یعنی مکتوب ہے اور غیرہ عطف ہے کتاب پر کذا فی الطحطاوی خلاصہ یہ ہے کہ اس باب میں قاضی کے خط کے احکام مذکور ہیں اور خط کے سوا اور بھی احکام اسمیں ہیں القاضی یکتب الی القاضی فی کل حق یعنی استحسانا قاضی مکتوب لکھے بھیجتا ہے دوسرے قاضی کی طرف ہر ایک حق میں اسی کا فتوی ہے بطریق استحسان کے ہم یعنی دین اور نکاح اور طلاق اور شفعہ اور وکالت اور وصیت اور ایصاء اور موت اور وراثت اور قتل موجب مال اور نصب اور غصب اور امانت اور مضاربت اور اعیان منقولہ اور غیر منقولہ سے حقوق میں خط لکھنا جائز ہے اور یہی مروی ہے محمد سے اور اسی پر متاخرین ہیں اور اسی کا فتوی ہے بسبب ضرورت کے کذا فی البحر غیر حد و قود للشبہۃ قاضی خط لکھے سوا حد اور قصاص کے بسبب شبہ کے یعنی شبہہ بدلیت عن الشہادت سے اور اسواسطے کہ حد اور قصاص کی بنا اسقاط پر ہے تو انمین خط پر عمل کرنا انکے اثبات کی کوشش ہے کذا فی الدرر فان شہدوا علی خصم حاضر حکم بالشہادۃ وکتب بحکمہ یعنے اسواگر شاہد گواہی دین خصم حاضر پر تو قاضی بواسطہ شہادت حکم کرے اور اپنے حکم کو لکھے تا محفوظ رہے ہم یہ قول مقصود بالذات نہیں ہا بلکہ تحریر مکتوب الی القاضی کا توطیہ ہے کذا فی الدرر تحریر حکم کا فائدہ یہی ہے کہ طول مدت سے واقعہ بھول نہ جاے والا تحریر حکم کی حاجت نہیں کیونکہ حکم تمام ہو جاتا ہے حضور خصم سے یا اسکے وکیل سے مگر جبکہ غائب ہو جاے حکم کے بعد یا حکم کا منکر ہو تو اب لکھنا چاہیے تا حقدار کا حق سلامت رہے اور قاضی کا حکم نافذ رہے کذا فی الزیلعی وکتاب الحکم

وہو السجل الحکمی ای الحجۃ التی فیہا حکم القاضی ہذا فی عرفہم وفی عرفنا کتاب کبیر تضبط فیہ وقائع الناس اور حکم کتاب وہی سجل حکمی ہے یعنی وہ حجت اور سند جسمین قاضی کا حکم مندرج ہو یہ اصطلاح متقدمین سلف میں ہے اور ہمارے عرف میں سجل حکمی وہ بڑی کتاب ہے جسمین لوگون کے وقائع اور مقدمات لکھے جاتے ہیں ہم مترجم کہتا ہوں کہ سجل قاضی کا نوشتہ ہے جسمین اسنے اپنا حکم لکھا خواہ دوسرے قاضی کے پاس بھیجا یا نہ بھیجا اور محضر وہ ہے جو قاضی کے سامنے ماجرا گذرا یعنی دعوی اور اسامی شہود اور دراہم انتہی اور کفایہ میں ہے کہ محضر وہ ہے جسمین دعوی لکھا گیا قبل جواب دوسرے کے پھر جب اسنے جواب دیا یا اقامت بینہ ہوئی تو وہ توقیع ہے اور جب قاضی نے حکم کیا تو وہ سجل ہے کذا فی الطحطاوی وان لم یکن الخصم حاضرا لم یحکم لانہ حکم علی الغائب وکتب الشہادۃ الی قاض یکون الخصم فی ولایتہ لیحکم القاضی المکتوب الیہ بہا علی رایہ وان کان مخالفا لرای الکاتب لانہ ابتداء حکم وہو نقل الشہادۃ حقیقۃ ویسمے الکتاب الحکمی ولیس بسجل اور اگر خصم حاضر نہو تو قاضی حکم نہ کرے کیونکہ یہ غائب پر حکم ہے اور لکھے گواہی کو اس قاضی کی طرف جسکی ولایت میں خصم ہے تا کہ قاضی مکتوب الیہ گواہی سے اور مذہب کے موافق حکم کرے اگرچہ اسکا مذہب مخالف ہو قاضی کاتب کے مذہب کے کیونکہ یہ ابتداء حکم ہے اور وہ یعنی قاضی کاتب کا نوشتہ نقل ہے شہادت کی فی الحقیقۃ یعنی اسواسطے کہ قاضی کاتب نے اسمین حکم نہیں لکھا اور قاضی کاتب کا مکتوب مسمی بہ کتاب حکمی ہے اور وہ سجل نہیں ہم سجل اسواسطے نہیں کہ اسمین حکم مندرج نہیں اور اسکو کتاب حکمی کہا باعتبار انجام کار کے وقراء الکتاب علیہم او اعلمہم بہ وختم عندہم اے عند شہود الطریق اور قاضی کاتب کتاب مذکور کو شہود طریق پر پڑھے یا انکو فقط مضمون سے مطلع کردے اور اپنی مہر کرے مکتوب پر انکے سامنے ہم شہود طریق وہ ہیں جو قاضی کا خط لیجاتے ہیں دوسرے قاضی کے پاس اور انکے سامنے خط پڑھنے کا فائدہ یہ ہے کہ یاد رہے کیونکہ یادگاری ضرور ہے وقت شہادت کے تا اداے شہادت طرفین کے نزدیک کذا فی البحر اور مختصر یہ ہے کہ اگر خط شہود کے پاس ہو تو مہر شرط نہیں اور اگر مدعی کے پاس ہو تو مہر شرط ہے کذا فی القہستانی وسلم الکتاب الیہم بعد کتابۃ عنوانہ فی باطنہ وہو ان یکتب فیہ اسمہ واسم المکتوب الیہ وشہرتہما اور سپرد کرے خط شہود کو سرنامہ لکھنے کے بعد خط کے اندر اور سرنامہ یہ کہ اسمین اپنا نام اور مکتوب الیہ کا نام اور شہرت دونون کی لکھے ہم لیکن فقط نام اور کنیت عنوان میں کافی نہیں تاوقتیکہ وہ لفظ اور لقب نہ لکھے جس سے دونون مشہور ہیں اس واسطے کہ

باب کتاب القاضی الی القاضی وغیرہ

نام اور کنیت مین لوگ شریک ہوتے ہین اور حموی نے کہا یہ شرط ہی کہ تاریخ لکھے اور اگر تاریخ نہوگی تو مقبول نہین انتہی اور یہ شرط ہی کہ مدعی اور مدعی علیہ کا نام بروجہ امتیاز لکھے
اور حق اسمین ذکر کرے اور چاہیے تو شہود کا ذکر بھی مندرج کرے کذا فی الطحطاوی فلو کان العنوان علی ظاہرہ لم یقبل قیل ہذا فی عرفہم وفی عرفنا یکون علی الظاہر فیعمل
یہ سو اگر عنوان یعنی سرنامہ خط کے اوپر ہو یعنی لفافہ پر تو مقبول نہوگا لیعقوب نے کہا کہ یہ سابقین کے عرف مین تھا اور ہمارے عرف مین عنوان ظاہر خط پر ہوتا ہی تو اسی پر
عمل کیا جائیگا والتقی الثانی بان یشہدہم انہ کتابہ وعلیہ الفتوی کما فی الخزانۃ عن الکنایۃ وفی الملتقی ولیس الخبر کالعیان اور ابو یوسف رحمہ نے کفایت کی ہی اسپر
کہ قاضی کاتب شاہدون کو اسپر گواہ کرے کہ وہ اسکا خط ہی یعنی خط کا پڑھنا شہود طریق کے سامنے اور تسلیم کرنا جیسا کہ طرفین کا مذہب ہی ضرور نہین اور
اسی قول پر فتوی ہی چنانچہ عزمیہ مین ہی کفایہ سے اور ملتقی مین ہی کہ خبر دیکھنے کے برابر نہین ہم یعنی ابو یوسف قاضی ہوے تھے اور انھون نے وقائع کو دیکھا اور
جسمین مصلحت تھی اسکو معائنہ اور معلوم کیا اور طرفین کو مصالح قضا کا معائنہ نہین ہوا تو معائن تجربہ کار کا قول لائق فتوی ہی کذا فی الطحطاوی فاذا وصل
الی المکتوب الیہ نظر الی ختمہ اولا ولا یقبلہ ای لا یقرأہ الا بحضور الخصم وشہودہ پھر جب خط پہونچے مکتوب الیہ کو تو اسکی مہر کو پہلے دیکھے اور اسکو قبول نکرے یعنی
اسکو نہ پڑھے مگر خصم اور اسکے شہود طریق کے سامنے ہم تو اگر مدعی علیہ حق کا اقرار کرے تو خط کی کچھ حاجت نہین اور اگر منکر ہو اور مدعی کہے کہ میرے ساتھ قاضی کا خط ہی تو اس
خط کے گواہ طلب کرے یہی مطلب ہی مصنف کا کہ شہود کے سامنے خط پڑھے یعنی شہود خط اور شہود طریق کے سامنے اور شہود طریق یا دو مرد ہین یا ایک مرد اور دو عورتین
جو اسکی گواہی دین کہ یہ فلانے قاضی کا خط ہی کذا فی الطحطاوی ولا بد من اسلام شہودہ ولو کان لذمی علی ذمی لشہادتہم علی فعل المسلم اور ضرور ہی شہود طریق کے
اسلام سے اگرچہ قاضی کا خط ذمی کے واسطے ہو دوسرے ذمی پر بسبب انکے گواہ ہونے کے مسلم کے فعل پر یعنی اگرچہ مدعی اور مدعی علیہ کافر ہون تو بھی اسلام شہود ضرور ہی
کیونکہ وہ مسلمان کے فعل کے گواہ ہین یعنی قاضی نے انکو اپنے خط کا گواہ قرار دیا ہی الا اذا اقر الخصم فلا حاجۃ الیہم الی الشہود مگر جبکہ مدعی علیہ نے دعوی کا اقرار کیا تو شہود
کی کچھ حاجت نہین بخلاف کتاب الامان فی دار الحرب حیث لا یحتاج الی بینۃ لانہ لیس بملزم بخلاف کتاب الامان کے دار الحرب مین کہ اسمین شہود کی کچھ حاجت
نہین کیونکہ وہ ملزم نہین یعنی سلطان چاہے امان دے چاہے نہ دے ہم منح الغفار مین عنایہ سے منقول ہی کہ جب خط آوے کفار کے بادشاہ کا طالب امان ہوکے واسطے
انتہی تو اب اسکی حاجت نہین کہ شہود گواہی دین کہ یہ خط دار الحرب کے بادشاہ کی طرف سے ہی تو بہتر یہ تھا کہ شارح بجاے فی دار الحرب کے من دار الحرب کہتا کذا فی الطحطاوی
وفی الاشباہ لا یعمل بالخط الا فی مسئلۃ کتاب الامان ویلحق بہ البراءات اور اشباہ مین ہی کہ خط معمول بہ اور لائق عمل کے نہین مگر کتاب الامان کے مسئلے مین اور کتاب الامان سے
ملحق ہین فرامین سلاطین دربارۂ وظائف ہم براءت سے مراد فرامانات سلطانیہ مین کسی انسان کی نظارت یا وظیفہ تدریس وغیرہ وظائف کے مقرر کرنے کے واسطے اور الحاق
صاحب اشباہ کی طرف سے ہی نہ منصوص مذہب کذا فی الطحطاوی ودفتر بیاع وصراف وسمسار اور خط پر عمل نہین مگر بیاع اور صراف اور متوسط بین البائع والمشتری کا کہ دفتر جسے
انکے بہی کھاتے ہین ہم دفتر بیاع عطف ہی کتاب الامان پر کیونکہ وہ منصوص اہل مذہب ہی نہ ملحق ابو السعود نے خزانۃ الاکمل سے نقل کیا کہ بیاع وہ شخص ہی کہ اہل دانش اسکے قول
پر خرید و فروخت مین اعتماد کرین اور بیاع سے دلال مراد نہین کیونکہ اسکے قول پر اعتماد نہین شہادت مین تو کتابت مین کیونکر اعتماد ہوگا انتہی علامہ عبد البر نے
شرح منظومہ مین بزازیہ سے نقل کیا کہ علماے بلخ نے کہا کہ یادگار بیاع کا بخط بیاع حجت لازمہ ہی اسپر تو اگر بیاع کہے کہ مین نے اپنا نوشتہ پایا کہ میرے اوپر فلانے
کے اتنے درم ہین تو اسپر دین لازم ہو گیا سرخسی نے کہا اور اسی طرح صراف اور سمسار کا خط ہی انتہی تو موضوع مسئلہ اس صورت مین ہی کہ جب کاتب پر دین ہو
نہ کاتب کا دین خزانۃ الاکمل مین ہی کہ صراف نے اپنی ذات پر کچھ مال مین لکھا یعنی مجھپر فلانے کا اتنا دین ہی اور خط اسکا اہل شہر اور سوداگرون مین معلوم ہی پھر وہ مرگیا اور
اسکا صاحب دین آگیا اور اسکے وارثون سے دین کا مطالبہ کیا اور میت کا خط لوگ پہچانتے ہین تو اسکے دین کا حکم ہوگا اسکے ترکہ مین انتہی طرسوسی نے ان مسائل
پر اعتراض کیا کہ فقہا نے کہا ہی کہ خط مشابہ ہوتا ہی دوسرے خط کے اور یہان اسکا اعتبار نہین کیا اسکی وجہ نہین کھلتی اشباہ مین کہا ابن وہبان نے اسکا جواب
دیا کہ وہ اپنے دفتر مین نہین لکھتا مگر وہ دین جو اسکا ہی اور اسیپر ہی انتہی مجیب نے دائرہ بہت وسیع کر دیا حالانکہ مسائل کتاب کی اصل وضع اس

دین میں ہی جو کاتب پر ہی چنانچہ نفس مستند الیہا سے معلوم ہوتا تو اگر اُسنے یہ لکھا کہ میرا دین فلانے پر اتنا ہی اُسپر ہرگز عمل نہوگا اسواسطے کہ اُسکو کسی نے نہین کہا بلکہ بعضے ناواقفون نے ابن وہبان کی تعبیر سے اسکو سمجھا ہی اور علامہ حموی نے ابن وہبان کا قول اسطرح رد کیا ہی کہ کہان سے یہ ہمکو معلوم ہوا کہ سوائے مال اور ما علیہ کے وہ کچھ نہین لکھتا اسواسطے کہ گاہے صراف وغیرہ اسکے سوا بھی لکھتا ہی انتہی علی الخصوص جبکہ تاجر معتمد علیہ مسلم ہو چنانچہ اکثر ایسا ہی ہی اس زمانے مین تو کیونکر عمل کیا جائیگا اُسکے خط پر اُسکے دین کے ثبوت مین اور جو اسکا فتوی دے وہ جاہل ہی اصل نقل خزانۃ الاکمل سے اور منشار غلط تعلیل ابن وہبان ہی کذا فی الطحطاوی مختصراً وجوزہ محمد لراو وقاض وشاہد ان تیقن بہ قیل وبہ یفتی اور محمد نے خط پر عمل کرنا جائز رکھا ہی راوی اور قاضی اور شاہد کے واسطے اگر اسکا یقین ہو بعضون نے کہا اور اسی کا فتوی ہی صرح خزانۃ الاکمل مین ہی کہ ابو یوسف اور محمد نے خط پر عمل کرنا شاہد اور قاضی اور راوی مین جائز رکھا ہی جبکہ وہ اپنا لکھا دیکھے اور حادثہ یاد نہو انتہی عیون مین کہا اور فتوی صاحبین کے قول پر ہی پس درصورت تیقن خط اگرچہ نوشتہ شاہد کے ہاتھ مین نہو اسواسطے کہ غلط نادر ہی اور تغیر اور جعل کے اثر پر اطلاع ممکن ہی اور کمتر مشتبہ ہوتا ہی خط ہر وجہ سے تو جبکہ تیقن ہو جاوے تو اُسپر اعتماد جائز ہی تا لوگون پر وسعت ہو جاوے تنگی اسمین باقی نہ رہے کذا فی الطحطاوی عن الحموی بتصرف تتمہ خانیہ مین ہی کہ ایک شخص کے پاس مین ہی سو ایک مرد آیا اور اُسنے دعوی کیا کہ وہ زمین وقف ہی اور اُسنے صک ظاہر کی جسمین خطوط مین عدول اور قضاۃ ماضیہ کے اور قاضی سے اُسنے حکم طلب کیا اُس وثیقہ کا علمانے کہا ہی کہ قاضی کو یہ جائز نہین اسواسطے کہ قاضی تو فقط حجت سے حکم کرتا ہی اور حجت شہادت ہی اقرار یا نکول اور صک لینے نوشتہ حجت ہونے کی لیاقت نہین رکھتا اسواسطے کہ خط مشابہ ہوتا ہی دوسرے خط کے اور اُسی خانیہ مین ہی کہ ایک مرد پر مال کا دعوی کیا سو مدعا علیہ نے انکار کیا تو مدعی نے مدعا علیہ کے خط سے اسکا اقرار ظاہر کیا اور مدعا علیہ نے انکار کیا کہ یہ میرا خط نہین سو اُس سے کچھ لکھوایا گیا اور دونون کے خط مین مشابہت ظاہر نکلی تو اسمین علما کا اختلاف ہی بعضون نے کہا کہ اُسپر حکم ہوگا اور بعضون نے کہا حکم نہوگا اور یہی قول صحیح ہی انتہی اور یہ جو حاوی زاہدی مین ہی کہ اگر صک یعنی وثیقہ قدیم ہو اور کوئی شخص اُسوقت کا باقی نہو اور اسمین حکم نہ شہادت یا اقرار سے اور حاکم نے آخر سند مین لکھا ہو کہ یہ ہمنے وقت حاجت کے واسطے لکھا تو یہ وثیقہ قائم مقام دو شاہدون کے ہی تو جائز ہی اسکے موافق حکم دینا بشرطیکہ مدعا علیہ تغیر اور تزویر کی تہمت اسمین نہ کرے اور اگر تہمت کرے اور صاحب وثیقہ عدم تزویر کی قسم کھاوے تو بھی اسکے موافق حکم ہوگا کہ وہ بدینا کے قائم مقام ہی اور اگر قسم نہ کھاوے تو اُسکا حجت ہونا باطل ہی انتہی سو یہ قول حاوی کا مخالف قاضی خان کے خانیہ کا ہی جو اصل مذہب کے موافق ہی کذا فی الطحطاوی ولا بد من مسافۃ ثلثۃ ایام بین القاضیین کالشہادۃ علی الشہادۃ علی الظاہر وجوزہ الثانی بحیث لا یعود فی یومہ وعلیہ الفتوی شرنبلالیہ دوسرا جیہ اور ضروری ہی مسافت تین دن کی دونون قاضیون کے مابین جیسے شہادت کی شہادت مین مسافت مذکورہ ضروری ہی ظاہر الروایۃ مین اور ابو یوسف نے کتاب القاضی الی القاضی کو اور شہادت علی الشہادت کو جائز رکھا ہی اتنی مسافت مین جسمین آدمی عود نہ کر سکے اُسی دن اور اسی پر فتوی ہی کذا فی الشرنبلالیہ والسراجیہ ویبطل الکتاب بموت الکاتب وعزلہ قبل وصول الکتاب الی الثانی او بعد وصولہ قبل القراءۃ واجازہ الثانی اور باطل ہو جاتا ہی خط قاضی کاتب کی موت اور اُسکی معزولی سے قبل پہونچنے خط کے دوسرے قاضی کی طرف یا بعد وصول خط قبل اسکے پڑھنے کے اور ابو یوسف نے اسکو جائز رکھا ہی [illegible] وصول کتاب اور بعد قرارت کے اگر کاتب مرگیا یا معزول ہو گیا تو خط باطل نہین یعنی اُسپر عمل ہوگا ویبطل بجنون الکاتب وردتہ وحدہ لقذف وعماہ وفسقہ بعد عدالتہ لخروجہ عن الاہلیۃ واجازہ الثانی اور باطل ہو جاتا ہی خط کاتب کے مجنون اور مرتد ہو جانے سے اور اُسکے محدود فی القذف اور اندھا ہو جانے اور فاسق ہو جانے سے بعد اُسکے عادل ہونے کے بسبب نکل جانے کاتب کے بحیثیت اوصاف مذکورہ اہلیت قضا سے اور ابو یوسف نے اسکو جائز رکھا ہی وکذا بموت المکتوب الیہ الا اذا عمم بعد تخصیص اسم المکتوب الیہ [illegible] خروجہ عن الاہلیۃ اور اسی طرح خط باطل ہو جاتا ہی مکتوب الیہ قاضی کی موت سے اور خارج ہو جانے لیاقت قضا سے الا اذا عمم بعد تخصیص اسم المکتوب الیہ کی موت سے خط باطل نہین ہوتا جبکہ قاضی کاتب بعد تخصیص اسم مکتوب الیہ کے تعمیم کر دے یعنے یون لکھے کہ یہ خط ہی فلانے قاضی کی طرف یا جو مسلمان کا قاضی ہو تو اب قاضی منصوب بعد کو عمل کرنا جائز ہی بخلاف ما لو عمم ابتداء وجوزہ الثانی وعلیہ العمل خلاصہ بخلاف اسکے اگر ابتدا سے تعمیم کرے

اگرچہ عورت کا قاضی کرنے والا گنہگار ہوگا بسبب بخاری کی اس حدیث کے بھلا نہوا اُس قوم کا جسنے اپنا کار بار عورت کو دیا ھم بحر الرائق مین لن یفلح قوم الخ یعنی ہرگز بھلا
نہوگا اُس قوم کا جنھون نے عورت کو حکومت دی وجہ عدم فلاح یہ ہر کہ انھون نے اپنا رئیس ناقص العقل بنایا تو تدبیر لائق اُس سے نہو سکیگی و تصلح ناظرۃ
لوقف و وصیۃ لیتیم و شاہدۃ فتح تصحیح لتقریر بانی النظر والشہادۃ فی الاوقاف ولو بلا شرط الواقف بحر اور عورت لیاقت رکھتی ہر وقف کے ناظر ہونے کی اور یتیم
کے وصی ہونے کی اور شاہد ہونے کی کذا فی الفتح تو صحیح ہر مقرر کرنا اُسکا نظارت اور اوقاف کی شہادت مین اگرچہ بلا شرط واقف کے ہو کذا فی البحر قال وقد افتیت
فیمن شرط الشہادۃ فی وقفہ لفلان ثم لولدہ فمات وترک بنتا انہا تستحق وظیفۃ الشہادۃ صاحب بحر نے کہا اور مین نے فتوی دیا اُس شخص کے بارہ مین جسنے شہادت
شرط کی اپنے وقف مین فلان شخص کے واسطے پھر اُسکے ولد کے واسطے سو وہ شخص مرگیا اور اُسنے ایک لڑکی چھوڑی کہ وہ لڑکی وظیفہ شہادت کی مستحق ہوگی ھم
یہ فتوی فتح القدیر کے قول پر مبنی ہر اور صاحب نہر نے اس فتوی پر اعتراض کیا ہر کہ عرف واقفین واجب الرعایۃ ہر اور تا حال کسی وقت اُسکا اتفاق نہین ہوا کہ
عورت وقف کی شاہد ہوئی ہو تو واجب ہوا اُنکے الفاظ کا صرف کرنا اُنکے عرف پر تو واقف کی مراد شاہد کامل ہر تو اُسکی غیر مراد کی طرف کیونکر اُسکی لفظ کا صرف ہوگا کذا
فی الطحطاوی مختصرا و فی الاشباہ من احکام الانثی اختار فی المسایرۃ جواز کونہا نبیۃ لا رسولۃ لبناء حال الرسل علی الستر والاشباہ مین منجملہ احکام عورت کے مذکور ہر کہ مسایرہ
مین عورت کے نبی ہونے کو اختیار کیا ہر نہ اُسکے رسول ہونے کو کیونکہ عورتون کا حال ستر اور اخفا پر مبنی ہر ھم اور رسول کو اختلاط رجال کا ضرور ہر تعلیم اور اقامت
دلائل کے واسطے اور یہ نہین ہو سکتا مگر مرد سے اور جواز نبوت مقتضی وقوع نہین بدء الامالی مین کہا کہ عورت کا نبی نہین ہوئی مسایرہ رسالہ ہر علم عقائد کا
صاحب فتح القدیر نے اُسمین عقیدہ امام غزالی کی شرح کی ہر کذا فی الطحطاوی ولو قضت فی حدود وقود فرفع الی قاض آخر یری جوازہ فامضاہ لیس لغیرہ
ابطالہ کخلاف شریح عینی اور اگر عورت نے حکم کیا حد اور قصاص مین پھر اُسکا مرافعہ ہوا دوسرے قاضی کی طرف جسکے مذہب مین عورت کا حکم کرنا حد اور قصاص مین جائز ہر
اُس قاضی نے عورت کا حکم جاری اور نافذ کردیا تو اُسکے غیر کو اُسکا ابطال جائز نہین بسبب خلاف شریح کے کذا فی العینی ھم عینی نے ذکر کیا کہ شریح کے نزدیک عورتون کی
شہادت مرد کے ساتھ حدود اور قصاص مین جائز ہر انتہی پھر جب اُنکی شہادت جائز ہوئی تو اُنمین قضا بھی عورت کی جائز ہوگی تو مسئلہ مجتہد فیہ ہوا تو قاضی ثانی کے نفاذ
سے رفع اختلاف ہوگا کما مر والخنثی کالانثی بحر اور خنثی عورت کے مانند ہر کذا فی البحر یعنی تو اُسکا حکم غیر حد اور قصاص مین صحیح ہوگا واعلم انہ اذا وقع للقاضی حادثۃ
او لولدہ فاناب غیرہ فقضی نائب القاضی لہ او لولدہ جاز قضاءہ کما لو قضی للامام الذی قلدہ القضاء او لولد الامام سراجیہ اور دریافت کر کہ جب قاضی
یا اُسکے ولد کا کوئی واقعہ حادثہ ہو پھر وہ غیر شخص کو اپنا نائب کرے سو قاضی کا نائب اُسکے یا اُسکے ولد کے واسطے حکم کرے تو اُسکی قضا جائز ہر چنانچہ اگر قاضی اُس سلطان
کے واسطے حکم کرے جسنے اُسکو عہدہ قضا سپرد کیا ہر یا امام کے ولد کے واسطے حکم کرے تو جائز ہر ھم اور اسی طرح سلطان کے والد اور زوجہ کے واسطے حکم قاضی جائز ہر
کذا فی العالمگیری و فی البزازیۃ کل من لا تقبل شہادتہ لہ وعلیہ یصح قضاؤہ لہ وعلیہ انتہی خلافا للجواہر والملتقط فلیحفظ اور بزازیہ مین ہر کہ جس شخص کے نفع اور نقصان مین قاضی
کی گواہی مقبول ہر تو اُسکے نفع اور نقصان مین اُسکی قضا بھی صحیح ہر انتہی برخلاف جواہر اور ملتقط کے تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ھم خلاف جواہر اور ملتقط سلطان اور اُسکے ولد
کی قضا کی طرف راجع ہر چنانچہ منح الغفار کی عبارت اسپر دلالت کرتی ہر کذا فی الطحطاوی ولیقضی النائب بما شہدوا بہ عند الاصل وعکسہ وہو قضاء الاصل بما شہدوا بہ
عند النائب فیجوز للقاضی ان یقضی بتلک الشہادۃ باخبار النائب وعکسہ خلاصہ اور حکم کرے نائب اُسکا جسکی گواہی دی گواہون نے اصل کے پاس اور بالعکس اُسکے یعنے
اصل کا حکم کرنا اُس گواہی سے جو نائب کے سامنے ہوئی تو قاضی کو جائز ہر کہ حکم دے اُس گواہی سے نائب کے خبر دینے سے اور بالعکس اُسکے یعنی نائب حکم کرے قاضی کے
خبر دینے سے کذا فی الخلاصۃ فروع مسائل ملحقۃ شارح کے لا یقضی القاضی لمن لا تقبل شہادتہ لہ الا اذا ورد علیہ کتاب قاض لمن لا تقبل شہادتہ لہ فیجوز قضاؤہ بہ اشباہ
حکم نہ کرے قاضی اُس شخص کے واسطے جسکے واسطے قاضی کی گواہی مقبول نہین چنانچہ اصول اور فروع مگر جب کہ قاضی کے پاس دوسرے قاضی کا خط آوے اُس
شخص کے واسطے جسکے واسطے اُسکی گواہی مقبول نہین تو اب قاضی کا حکم کرنا بواسطہ مکتوب جائز ہر کذا فی الاشباہ ھم معین الاحکام مین ہر نہ قضا سے کے

مانند افتا ہی تو مفتی کو مناسب ہی کہ اُس سے کنارہ کرے جبکہ قادر ہو انتہی یعنی جس صورت مین کہ دوسرا مفتی موجود ہو تو خود فتوی نہ دے کذا فی الحموی وفیہا لا القضے لنفسہ
ولا لولدہ الا فی الوصیۃ اور اشباہ مین ہی کہ حکم نہ کرے اپنی ذات کے واسطے اور نہ اپنے ولد کے واسطے مگر وصیت مین ہم یون مناسب تھا کہنا مگر الصیا مین صورت اُسکی
یہ ہی کہ ایک مرد کا قاضی پر دین ہی یا قاضی کے بعضے اقارب پر جسکے حق مین قاضی کی گواہی مقبول نہین پھر صاحب دین مرگیا پھر دوسرے مردنے دعوے کیا کہ مین
میت کا وصی ہون اور اسپر گواہی قائم کی قاضی مدیون کے سامنے سو قاضی نے ثبوت وصایت کا حکم کیا تو بطریق استحسان کے جائز ہی کیونکہ اس حالت مین
قاضی شاہد ہو سکتا ہی تو قاضی بھی ہو سکیگا سو اگر وصی کو دین قاضی دیگا حکم وصایت کے بعد تو دینا صحیح ہوگا اور قاضی بری الذمہ ہو جائیگا اور اگر قاضی دین
دیگا اس مرد کو جو آپ کو وصی میت گمان کرتا ہی پھر دینے کے بعد اسکی وصایت کی گواہی قائم ہوئی سو قاضی نے اسکی وصایت کا حکم کیا اس گواہی سے تو
قضا اسکی نافذ نہو گی اور قاضی دین سے بری الذمہ نہو گا اسواسطے کہ بعد ادا دین قاضی اس مرد کا شاہد نہین ہو سکتا کیونکہ اس گواہی مین قاضی کی منفعت ہی یعنے
براءت ذمہ اور گواہی انسان کی اپنی منفعت کے واسطے صحیح نہین اسی طرح قضا بھی صحیح نہین تو اگر قاضی مذکور مر جاوے یا معزول ہو جاوے تو قاضی ثانی اسکے حکم کو باطل کریگا اور
مدفوع الیہ کو وصی قرار نہ دیگا اور نہ قاضی اور اسکے قرابت دار کو بری الذمہ ٹھہراویگا کذا فی الطحطاوی وحرر الشرنبلالی فی شرحہ للوہبانیۃ صحۃ قضاء القاضی لام امراتہ ولامراۃ
ابیہ ولو فی حیوٰۃ امراتہ وابیہ اور شرنبلالی نے وہبانیہ کی شرح مین صحت قضاے قاضی اپنی خوشدامن اور اپنی سوتیلی ماں کے واسطے تحریر کی ہی اگرچہ حکم اپنی زوجہ یا اپنے
باپ کی زندگی مین دیا ہو وانہ یقضے فیما ہو تحت نظرہ من الاوقاف وزاد بیتین فقال اور یہ کہ قاضی حکم کرتا ہی ان اوقاف مین جو اسکے تحت نظر ہین اور شرنبلالی نے
مضمون مذکور دو بیتین زیادہ کین سو یون کہا ؎ ولقیضی لام العرس حال حیواتہا ✤ وعرس ابنہ وہو حی محرر ✤ اور حکم کرتا ہی قاضی اپنی زوجہ کی ماں کے واسطے زوجہ
کی حالت حیات مین اور حکم کرتا ہی اپنے باپ کی زوجہ کے واسطے اور حالانکہ باپ زندہ ہی یہ حکم محرر ہی - وبعد وفاۃ ان خلا عن نصیبہ ✤ بمیراث مقضی فیتبصر وا ✤ اور بعد
وفات باپ اور زوجہ کے حکم کرتا ہی لیکن بشرطیکہ جسکا اُسنے حکم دیا وہ خالی ہو نصیبہ میراث سے یعنی اُسمین حکم کرے جسمین قاضی کے واسطے میراث نہو چنانچہ اس وقت مین
دعوی ہو جو خوشدامن اور سوتیلی ماں کے واسطے مخصوص ہو قولہ مقضی بہ فاعل ہی خلا کا کذا فی الطحطاوی قولہ فتبصر وا بیت ہی یعنی بصارت حاصل کرو اس حکم کو دریافت
کرکے - ولقیضی بوقف مستحق لریعہ ✤ بوصف القضاء والعلم او کان ینظرہ ✤ اور حکم کرتا ہی قاضی اُس وقف مین جسکی آمدنی کا بوصف قضاء وعلم مستحق ہی یا وقف قاضی کے
تحت نظر ہو ہم یعنی اگر واقف نے وقف کیا فلانے شہر کے قاضی پر یا علما پر اور قاضی اسکو جانتا ہی تو اسمین قاضی کا حکم کرنا جائز ہی اگرچہ قاضی مستحق وقف ہو قضا یا علم
کے وصف سے کذا فی الطحطاوی ہذہ مسائل شتی ای متفرقۃ یہ کتاب القضاء کے چند مسائل متفرقہ ہین ہم شتی جمع شتیت کی ہی بمعنی متفرق ومختلف قال تعالی (ان سعیکم لشتی)
یعنے مختلف الخبر وجاؤا اشتاتا ای متفرقین عرب بولتے ہین وہ لوگ شتی یعنی متفرق ای ہیں صاحب سفل علیہ علو ای طبقۃ لآخر من ان یتد ای یدق الوتد فی سفلہ ہو البیت
التحتانی منع کیا جاے نیچے مکان والا جسپر دوسرے شخص کا بالاخانہ ہی اس سے کہ میخ ٹھوکے بیت تحتانی مین ہم ایک مکان دو منزلہ ہی نیچے کے مکان کا ایک شخص مالک ہی
اور اوپر کے مکان کا دوسرا شخص مالک ہی تو نیچے کے مکان والا اگر میخ یا کھونٹی دیوار مین گاڑے تو حاکم منع کریگا طحطاوی نے کہا تصرف دیوار کی قید سے معلوم ہوا
کہ زمین مین تصرف جائز ہی خانیہ مین ہی کہ اگر صاحب تحتانی زمین مین کنوان وغیرہ کھودے تو امام کے نزدیک جائز ہی اگرچہ بالاخانے والے کا ضرر ہو اور صاحبین
کے نزدیک بعلت ضرر جائز نہین او ینقب کوۃ بفتح او ضم الطاقۃ وکذا بالعکس دعوی الحجج یا صاحب تحتانی روزن کھودے تو منع کیا جاے اور اسی طرح
بالعکس کذا فی دعوی الحجج یعنی اگر صاحب بالاخانہ چاہے کہ اوپر کچھ بنا وے یا کڑیان رکھے یا پاخانہ بنا وے تو منع کیا جاوے کذا فی العینی کوۃ بفتح و
ضم کاف وتشدید واو عبارت ہی طاق سے بلا رضی الآخر وہذا عندہ وہو القیاس بحر یعنے صاحب تحتانی میخ گاڑنے اور روزن کھودنے سے بدون رضامندی
دوسرے کے روکا جائیگا اور یہ حکم امام کے نزدیک ہی اور یہی قیاس ہی کذا فی البحر وقالا لکل فعل ما لا یضر اور صاحبین نے کہا دونون مین سے ہر ایک کو وہ فعل درست
ہی جو دوسرے کو ضرر نہ کرے ہم ظاہر قول شارح اسپر دلالت کرتا ہی کہ صاحبین کا قول معتمد ہی کیونکہ وہ استحسان ہی اور استحسان مقدم ہوتا ہی قیاس پر حموی مین ترجیح سے منقول ہی

کہ یہی قول فتوی کے واسطے مختار ہے ولو انہدم السفل بلا صنع رب العلو لم یجبر علی البناء لعدم التعدی اور اگر نیچے کا مکان گر گیا اُسکے مالک کے بدون کرنے کے تو اُسپر اُسکے بنانے میں زبردستی نہوگی بسبب عدم تعدی کے ولذی العلو ان یبنی ثم یرجع بما انفق ان بنی باذنہ او اذن قاضی والا فبقیمۃ البناء یوم بنی وتمامہ فی العینی اور صاحب بالاخانہ کو جائز ہے کہ بناوے لینے نیچے کے مکان کو در صورت انہدام پھر جو اُسکا خرچ ہوا وہ نیچے کے مکان والے سے پھیرے اگر اُسکے اذن یا قاضی کے اذن سے بنایا ہو اور نہیں تو جو اُسکی قیمت ہو بنانے کے دن اُسکو پھیرلے اور پورا بیان اُسکا عینی میں ہے ہم خلاصہ میں ہے کہ ایک شخص نے اپنا گھر گرایا سو اُسکے پڑوسی کا گھر گر گیا تو اُسپر تاوان نہیں کذا فی الطحطاوی زائغۃ مستطیلۃ ای سکۃ طویلۃ تتشعب عنہا سکۃ مثلہا لکن غیر نافذۃ الی محل آخر یمنع اہل الاولی عن فتح باب للمرور لا للاستضاءۃ والریح عینی فی القصوی الغیر النافذۃ علی الصحیح اذ لا حق لہم فی المرور بخلاف النافذۃ زائغہ مستطیلہ یعنی لنبا کوچہ ہے جس سے دوسرا کوچہ چھوٹا ہے مانند پہلے کوچے کے لنبا لیکن وہ کوچہ نافذ نہیں دوسرے مکان کی طرف یعنی بند ہے دوسری جانب سے تو روکے جاوینگے پہلے کوچہ والے چلنے کے واسطے دروازہ پھوڑنے سے کوچہ غیر نافذہ میں بقول صحیح اسواسطے کہ اُنکے واسطے چلنے کا حق ثابت نہیں بخلاف کوچہ نافذہ کے کہ اُسمین دروازہ پھوڑنا جائز ہے عینی نے کہا روشنی کے واسطے اور ہوا آنے کے واسطے کوچہ غیر نافذہ میں دروازہ لگانا پہلے کوچہ والون کو جائز ہے ہم یعنے اگر اہل کوچہ مستطیلہ کی دیوار ہو کوچہ غیر نافذہ میں اسطرح کہ اُسکا گھر کوچہ غیر نافذہ کے کونے پر واقع ہو تو وہ اپنی دیوار میں دروازہ نہیں پھوڑ سکتا کہ کوچہ غیر نافذہ میں نکل آیا کرے اسواسطے کہ دروازہ لگانا مرور کے واسطے ہے اور اُنکے واسطے حق مرور نہیں کوچہ غیر نافذہ میں بلکہ اُسکا حق مرور کوچہ غیر نافذہ کے لوگون کے واسطے ہے ولہذا اگر کوئی گھر بکتا ہو غیر نافذہ میں تو پہلے کوچے والون کا شفعہ اُسمین ثابت نہیں بخلاف اہل کوچہ نافذہ کہ اُنکو پہلے کوچے میں دروازہ لگانا درست ہے کیونکہ اُسمین اُنکا حق مرور ثابت ہے بخلاف کوچہ نافذہ کے کہ اُسمین سب کا حق مرور ہے بعضے مشائخ نے کہا کہ کوچہ غیر نافذہ میں فتح باب ممنوع نہیں بلکہ مرور ممنوع ہے اور اصح یہ ہے کہ فتح باب ممنوع ہے چنانچہ جامع میں نص محمد مصرح ہے اہ اسواسطے کہ منع مرور بعد فتح باب ممکن نہیں کہ رات اور دن اُسکی نگہبانی ممکن نہیں اور شاید کہ بعد ترکیب باب اور طول زمان حق مرور کا دعوی ہو تو ترکیب باب ادعا حق مرور کی تمہید ہے کذا فی فتح القدیر تو معلوم ہوا کہ عینی کا قول مذکور غیر اصح ہے اور مثال کوچہ مستطیلہ اور منشعبہ غیر نافذہ کی حاشیہ پر ہے و فی زائغۃ مستدیرۃ لزق ای اتصل طرفاہا ای نہایۃ سعۃ اعوجاجہا بالمستطیلۃ لا یمنع لانہا کساحۃ مشترکۃ اور گول کوچے میں جسکے دونون کنارے کوچہ مستطیلہ سے متصل ہیں دروازہ پھوڑنا ممنوع نہیں کوچہ مستطیلہ والون کو اسواسطے کہ گول کوچہ مانند اُس صحن کے ہے جو گھر میں مشترک ہے دونون کنارے سے مراد گول کوچے کی نہایت کشادگی ہے ہم فتح باب سے جائز ہوا کہ کوچہ مستطیلہ والون کا مستدیرہ میں حق مرور ثابت ہے اسواسطے کہ وہ صحن مشترک ہے غایت امر یہ ہے کہ وہ کج ہے ولہذا وہ لوگ شفعہ میں مشترک ہیں اگر کوئی گھر مستدیرہ کا بیچ ہو کذا فی الفتح فتح باب اُسوقت ہے جبکہ مستدیرہ نصف دائرہ کے برابر ہو یا نصف سے کمتر تو اگر کوچہ مستدیرہ نصف سے زیادہ ہو تو اُسمین فتح باب جائز نہیں تو یہاں دو صورتین تصور کرنا چاہییں پہلی صورت میں فتح باب جائز ہے نہ دوسری صورت میں وجہ فرق یہ ہے کہ صورت اولی میں مستدیرہ صحن مشترک ٹھہریگا بخلاف صورت ثانیہ کے اسواسطے کہ جب اُسکا داخل کشادہ تر ہوا مدخل سے تو وہ دوسرا موضع ٹھہرا مستطیلہ کا تابع نہوا کذا فی شرح الوقایۃ ہم تو مستدیرہ میں تین صورتین ہوئیں ایک یہ کہ استدارۃ بقدر نصف دائرہ ہو دوسری یہ کہ کم نصف سے تیسری یہ کہ زیادہ نصف سے چنانچہ مثال اُسکی حاشیہ سے واضح ہوگی بخلاف ما لو کانت مربعۃ فانہا کسکۃ فی سکۃ ولذا یمکنہم نصب البوابۃ انتہی ابن کمال بہذہ الصورۃ کوچہ مستطیلہ اولے　کوچہ مستطیلہ　کوچہ مستطیلہ　بخلاف کوچہ منشعبہ مربعہ کے کہ وہ مانند اُس کوچے کے ہے جو کوچے میں واقع ہے ولہذا کوچہ مربعہ والون کو نصب بوابہ ممکن ہے کذا ذکرہ ابن کمال بصورت مرقومہ شارح ہم یعنی کوچہ مستطیلہ والون کو جائز نہیں کہ کوچہ مربعہ میں دروازہ لگا دین اور اس محل کی صورتین نسخون میں مختلف الرقم ہیں لیکن مقام سے قریب الفہم ہیں کذا فی الطحطاوی چنانچہ مترجم نے سہولت فہم کے واسطے حاشیہ پر مفصل مرقوم کر دین ہیں تتمہ فتح القدیر میں ہے کہ کوچہ غیر نافذہ ہے اور وہان کے لوگون میں سے ایک شخص نے گار ابنانے کا ارادہ

کوچہ مستطیلہ　غیر نافذہ　کوچہ مستطیلہ　نصف　کوچہ مستطیلہ　کوچہ مستطیلہ

کیا تو اگر راہ بقدر مرور لوگون کے چھوڑ دی اور مٹی جلد اٹھالی اور یہ فعل کبھی کبھی کرتا ہو تو منع نہ کیا جائیگا اور اگر ایک شخص کی دیوار دوسرے شخص کے گھر مین
ہو سوا اُسنے اپنی دیوار مین مٹی لیپنے کا ارادہ کیا اور کوئی راہ نہین وہان جانے کی بدون داخل ہونے پڑوسی کے گھر کے یا دیوار منہدم ہوگئی اور اینٹ اور
مٹی ہمسایہ کے گھر مین پڑی ہی سوا اُسنے اینٹ اور مٹی نکالنے کا ارادہ کیا تو صاحب مکان مانع ہوتا ہی یا اُسکا نابدان ہی دوسرے کے گھر مین سو اُسنے اُسکے صاف
کرنے کا ارادہ کیا اور ممکن نہین بدون اُسکے گھر کے داخل ہوئے اور وہ منع کرتا ہی تو اُسکے ہمسایہ سے کہا جائیگا کہ یا تو اُسکو داخل ہونے سے منع نہ کر تا وہ درست
کرلے یا تو اپنا مال خرچ کر کے اُسکا مطلب پورا کر دے یہی مروی ہی محمد بن حسن سے اور اسی قول کو فقیہ ابو اللیث نے لیا ہی اگر ایک شخص نے اپنی ملک مین کنوان
یا نجاست ڈالنے کا گڑھا کھودا سو اُسکے ہمسایہ کی دیوار ضعیف اور کمزور ہوگئی تو اُسپر زبردستی نہین پھر اگر دیوار منہدم ہوگی تو اُسپر تاوان نہین یہی قول ظاہر
مذہب ہی حکایت ہی کہ ایک شخص نے امام اعظم سے شکایت کی کہ میرے پڑوسی نے اپنے گھر مین کنوان کھودا ہی یعنی میری دیوار کو اُس سے ضرر ہی امام نے کہا تو اپنے
گھر مین اُسکے قریب بیرالوعہ یعنی نجاست ڈالنے کا کنوان کھود سو اُسنے ایسا ہی کیا تو اُسکے پڑوسی کا کنوان نجس ہوگیا اُسنے ناچار ہوکر کنوان بند کر ڈالا امام نے
منع جانے کا فتوی نہ دیا بلکہ اُسکو وہ تدبیر بتائی جس سے مطلب حاصل ہوگیا کذا فی الفتح ولا یمنع الشخص من تصرفہ فی ملکہ الا اذا کان الضرر بجار ضررا بینا فیمنع
من ذلک وعلیہ الفتوی بزازیہ واختارہ فی العمادیہ وافتی بہ قاری الہدایہ حتی یمنع الجار من فتح الطاق وہذا جواب المشائخ استحسانا اور منع نہ کیا جائے شخص اپنی
ملک مین تصرف کرنے سے مگر جبکہ اُسکے پڑوسی کو ضرر ہو ضرر صریح تو اب اُس تصرف سے روکا جائیگا اور اسی قول پر فتوی ہی کذا فی البزازیہ اور اسی کو پسند کیا ہی عمادیہ
مین اور اسی کا فتوی دیا ہی قاری ہدایہ نے تو منع کیا جائیگا پڑوسی طاق یعنی کھڑکی اور روشندان کھولنے سے اور یہ جواب ہی مشائخ کا بطریق استحسان کے ہم ضرر مین
یعنی ضرر صریح وہ ہی جو سبب ہدم ہی اور جو عمارت کو کمزور اور سست کردے یا منفعت سے بالکل خارج کردے اور جو حاجات اصلیہ کا مانع ہو جیسا کہ روشنی کا بالکل بند کرنا
اور اسی کو علمائے فتوی کے واسطے پسند کیا اور اگر ادنی مضرت بھی مانع ہو تو اپنی ملک سے فائدہ لینے کا باب بالکل مسدود ہو جائے رازی نے کتاب الاستحسان مین ذکر
کیا کہ ایک گھر اگر متصل چند گھرون کے ہی اور اُس گھر کا مالک یہ ارادہ کرے کہ اُسمین تنور بنادے جسمین ہمیشہ روٹیان پکا کرین دوکان کے مانند یا پیسنے کی چکی یا دھوبیون
کی کندی کرنے کی ٹھری بنادے تو جائز نہین کیونکہ اُسمین پڑوسیون کا ضرر فاحش ہی جس سے بچاؤ نہین ہوسکتا اسواسطے کہ تنور کے دھوئین سے کثرت سے دھوان پھیلیگا اور
چکی اور کندی کی ٹھری سے دیوارین بودی ہو جائینگی بخلاف حمام کے کہ وہ مضر نہین مگر بسبب حرارت کے اور اُس سے بچاؤ ممکن ہی درمیان مین دیوار اٹھا کر اور بخلاف تنور صغیر
کے جو گھرون مین ہوتا ہی حموی نے علامہ مقدسی سے نقل کیا کہ مین نے تہذیب قلانسی مین دو قول پایا جو روزن بنانے کے واسطے اس عمارت مین جو مشرف ہی کسی کی
زمین یا گھر پر لائق اختیار وہ یہ ہی کہ اگر روزن دھوپ پانے کے واسطے ہو تو منع کیا جائیگا اور اگر روشنی کے واسطے ہو تو روکا نہ جائیگا یعنی اگر اسفل عمارت مین روزن ہی
تو پہلی صورت ہی اور اگر اعالی عمارت مین ہی یا اُسپر شباک یعنی جالی ہی تو وہ دوسری صورت ہی کہ ظاہرا روشنی کے واسطے ہی کذا فی الطحطاوی وجواب ظاہر الروایۃ عدم المنع
مطلقا وبہ افتی طائفۃ کالامام ظہیر الدین وابن الشحنۃ ووالدہ ورجحہ فی الفتح فی قسمۃ المجتبی وبہ یفتی واعتمدہ المصنف ثم قال وقد اختلف الافتاء وینبغی ان یعول
علی ظاہر الروایۃ انتہی قلت وحیث تعارض متنہ وشرحہ فالعمل علی المتون کما تقرر مرارا فتدبر اور جواب ظاہر الروایۃ کا عدم منع ہی ہر طرح سے خواہ پڑوسی کا
ضرر صریح ہو یا نہو اور اسی کا فتوی دیا ہی چند علماء نے چنانچہ امام ظہیر الدین اور ابن شحنہ اور اُنکے والد نے اور فتح القدیر مین اُسکو ترجیح دی ہی اور مجتبی کی کتاب القسمۃ
مین ہی کہ اسی کا فتوی ہی اور مصنف نے اپنی شرح مین وہان یعنی کتاب القسمۃ مین اُسی پر اعتماد کیا ہی سو یون کہا اور البتہ فتوی دینے مین یہان اختلاف واقع
ہوا ہی اور لائق یہ ہی کہ درصورت اختلاف فتوی ظاہر الروایۃ پر اعتماد کیا جائے انتہی مین کہتا ہون اور جبکہ مصنف کے متن اور شرح مین تعارض ہوا تو عمل متون پر
لازم ہی جیسا کہ یہ قاعدہ ثابت ہو چکا ہی بارہا سو تامل کر سو جواب ظاہر الروایۃ یہی قیاس ہی کہ انسان اپنی املاک کے تصرف مین مختار ہی کسی کا ضرر ہو یا نہو اور تجکو معلوم ہو چکا کہ
اکثر متاخرین جواب استحسان پر ہین یعنی درصورت ضرر صریح ہمسایہ منع تصرف ہی نہ ہر ضرر مین واللہ اعلم کذا فی الطحطاوی قلت ولقی مالو شکل علی غیر امام لا

وقد حرر محشی الاشباہ المنع قیاسا علی مسئلۃ السفل والعلو انہ لا تیدا ذا اضر وکذا اذا اشکل علی المختار للفتوی کما فی الخانیۃ قال المحشی فکذا التصرف فی ملکہ ان اضر او اشکل یمنع
وان لم یضر لم یمنع قال ولم ار من نبہ علیہ فلیغتنم فانہ من خواص کتابی انتہی میں کہتا ہوں اور باقی رہی یہ بات کہ اگر اشکال اور تردد واقع ہو کہ تصرف مالک
پڑوسی کو مضر ہی یا نہیں اور البتہ اسکے جواب میں محشی اشباہ نے منع تصرف کی تحریر کی ہی مسئلہ سفل اور علو پر قیاس کرکے کہ صاحب سفل یا صاحب علو میخ دیوار
مین نہ ٹھونکے جب کہ دوسرے کو ضرر کرے اور اسی طرح حکم ہی کہ جب تردد واقع ہو ضرر اور عدم ضرر مین بنا بر اُس قول کے جو فتوی کے واسطے مختار ہی چنانچہ خانیہ
مین ہی محشی نے کہا تو اسی طرح انسان کا تصرف اپنے ملک مین اگر دوسرے کو مضر ہو یا ضرر اور عدم ضرر مین تردد واقع ہو تو منع کیا جائیگا اور اگر مضر نہین تو
منع نہ کیا جائیگا محشی نے کہا مین نے نہین دیکھا اُس شخص کو جسنے اس تفصیل پر آگاہ کر دیا ہو تو اسکو غنیمت جاننا چاہیے کہ یہ تحقیق میری کتاب کے خواص سے ہی
انتہی کلام المحشی ہم طحطاوی نے کہا کہ محشی اشباہ سے شیخ صالح مراد ہی اور محشی کے قول ثانی کی حاجت نہ تھی اسواسطے کہ پہلا قول محشی کا ادائے مطلب مین کافی
تھا ادعی علی آخر ہبۃ مع قبض فی وقت فسئل المدعی بینۃ فقال قد جحدنیہا ای الہبۃ فاشتریتہا منہ او لم یقل ذلک اے جحدنیہا ایک شخص نے
دوسرے پر دعوی کیا ہبہ مع القبض کا ایک وقت مین مثلاً یہ دعوی کیا کہ اُسنے فلانی چیز مجکو رمضان مین دی سو مدعی سے گواہی طلب ہوئی اثبات ہبہ پر سو
اُسنے کہا کہ مدعا علیہ ہبہ کرکے منکر ہوگیا ہبہ سے تو مین نے اُس سے وہ چیز خرید کر لی یا مدعی نے یہ نہ کہا یعنی انکار ہبہ مدعا علیہ کا ذکر نہ کیا بلکہ اول ہبہ کا دعوی
کیا پھر اُسکے بعد خرید کا ومفادہ الاکتفاء بامکان التوفیق وہو مختار شیخ الاسلام من اقوال الاربعۃ اور مفاد عدم قول بانکارہ ہبہ اکتفا ہی بامکان توفیق اور یہ
قول شیخ الاسلام کا مختار ہی منجملہ چار قولون کے ہم جس موضع مین تناقض واقع ہو مدعی سے یا شہود سے یا مدعا علیہ سے تو اُسکی توفیق یعنی رفع تناقض مین فقہا
کے چار قول ہین پہلا قول یہ ہی کہ دونون کلامون مین بالفعل توفیق ضرور ہی اور امکان توفیق کافی نہین دوسرا قول یہ ہی کہ امکان توفیق کافی ہی مطلقاً
خواہ مدعی کی جانب سے یا مدعا علیہ کی طرف سے وجہ توفیق متعدد ہو یا متحد تیسرا قول وہ ہی جو خجندی کا مختار ہی جسکو شارح ذکر کریگا چوتھا قول یہ ہی کہ امکان توفیق کافی
ہی بشرطیکہ وجہ توفیق متحد ہو نہ متعدد کذا فی الطحطاوی عن البحر جب یہ معلوم ہوا تو دریافت کرنا چاہیے کہ جب مدعی نے ہبہ کا دعوی کیا پھر مدعا علیہ کا انکار ہبہ بیان
کرکے خرید کا دعوی کیا تو مدعی کے کلام سے قول اول کے مطابق بالفعل توفیق حاصل ہوگئی اتنا تناقض باقی نہ رہا اور اگر ہبہ کا دعوی کیا پھر بلا ذکر انکار ہبہ خرید کا دعوی
کیا تو بیان توفیق بالفعل مدعی کے کلام سے نہین بلکہ قول ثانی کے موافق جو شیخ الاسلام کا مختار ہی امکان توفیق ہی واختارہ الخجندی انہ یکفی من المدعی علیہ لا من المدعی لانہ
مستحق وذلک دافع والظاہر یکفی للدفع لا للاستحقاق بزازیہ اور خجندی نے یہ قول پسند کیا ہی کہ امکان توفیق مدعا علیہ کیطرف سے کافی ہی نہ مدعی کی جانب سے اسواسطے کہ
مدعی طالب حق ہی اور وہ یعنی مدعا علیہ دافع استحقاق ہی اور ظاہر دافع کے واسطے کفایت کرتا ہی نہ استحقاق کے واسطے کذا فی البزازیہ یعنی امکان توفیق کے نزدیک وجود اور
وقوع اُسکا ظاہر ہی اور ظاہر دفع مین حجت ہی نہ استحقاق مین کذا فی البحر فاقام بینۃ علی الشراء بعدہ ای وقت الہبۃ تقبل فی الصورتین پھر مدعی مذکور نے بعد وقت ہبہ کے
خرید پر گواہ قائم کیے یعنے مثلاً شوال کی خرید پر تو گواہی مقبول ہوگی دونون صورتون مین یعنی ایک صورت یہ کہ مدعی نے کہا کہ مدعا علیہ نے ہبہ کا مجھسے انکار کیا دوسری
صورت یہ کہ نہ کہا ہو بعد و منافاۃ فی شرائہ اقامہ کذا فی الحلبی وقبلہ لا لوضوح التوفیق فی الوجہ الاول وظہور التناقض فی الثانی او قبیل وقت ہبتہ خرید پر
مثلاً شعبان کی خرید پر گواہ قائم کیے تو گواہی مقبول نہ ہوگی بسبب واضح ہونے توفیق کے وجہ اول مین اور ظاہر ہونے تناقض کے وجہ ثانی مین ہم حاصل مسئلہ یہ ہی کہ مدعی نے
ہبہ رمضان کا مثلاً دعوی کیا جب گواہ طلب ہو تو اُسنے خرید کا دعوی کیا اور گواہون نے گواہی دی کہ مدعی نے وہ چیز مثلاً شوال مین خرید کی تو گواہی مقبول ہی کیونکہ توفیق
مین القولین واضح ہی اسواسطے کہ بعد وقت ہبہ کے خرید مین تناقض نہین کہ اسکی ملک بعد ہبہ ثابت ہوئی اور اگر گواہون نے کہا کہ مدعی نے اسکو شعبان مین خرید کیا
تو اسمین قول مدعی اور شہادت شہود مین تناقض ہی اسواسطے کہ دعوے ہبہ مین اُسکا اقرار ہی کہ موہوب لہ ہبہ کا مملوک ہی قبل وقت ہبہ کے اور گواہی اس اقرار کی مناقض
لہذا مقبول نہین ولو لم یذکر لہما تاریخا او ذکر لاحدہما تقبل لامکان التوفیق بتاخیر الشراء اور اگر مدعی نے ہبہ اور خریداری کی تاریخ مذکور نہ کی یا فقط ہبہ یا فقط خرید کی

تاریخ مذکور کی تو دعوے مقبول ہو بواسطہ امکان توفیق کے بسبب تاخیر خریداری یعنی جب ہبہ اور خرید کی تاریخ مذکور ہنو تو احتمال ہو کہ خریداری بعد ہبہ واقع ہوئی ہو دھل یشترط

کون الکلامین عند القاضی او الثانی فقط خلاف وینبغی ترجیح الثانی بحر لان بہ التناقض اور کیا شرط ہو کہ دونون کلام متناقض قاضی کے سامنے صادر ہون یا فقط کلام ثانی کا صادر ہونا قاضی کے پاس شرط ہو اسمین خلاف ہو اور قول ثانی کی ترجیح سزاوار ہو کذا فی البحر اسواسطے کہ کلام ثانی ہی کے سبب سے تو تناقض ثابت ہوتا ہو علامہ مقدسی نے کہا کہ یہ خلاف لفظی ہو اسواسطے کہ جو کلام مجلس قاضی سے بیشتر ہوا جبتک کہ وہ قاضی کے نزدیک ثابت نہ کیا جائیگا تب تک تناقض متحقق نہو گا تو گویا دونون مجلس

قاضی مین صادر ہوئے کذا فی الطحطاوی والتناقض یرتفع بتصدیق الخصم وبقول المتناقض ترکت الاول وادعی بکذا وبتکذیب الحاکم وتمامہ فی البحر وافرد المصنف اور تناقض رفع ہو جاتا ہو خصم کی تصدیق سے اور متناقض کے یون کہنے سے کہ مین نے کلام اول کو چھوڑا اور اب مین یہ دعوی کرتا ہون اور حاکم کی تکذیب سے اور پورا بیان اسکا بحر الرائق مین ہو اور مصنف نے اسکو اپنی شرح مین مسلم رکہا ہو ہم تکذیب حاکم کی یہ صورت ہو کہ زید نے دعوی کیا کہ محمود اسکے مدیون کا ضامن ہو سو محمود نے ضمانت کا انکار کیا اور زید گواہ لایا اسکے ضامن ہونے پر اور حاکم نے ثبوت ضمانت کا اور مکفول لہ کو ضمانت کا مال لینے کا حکم کیا پھر ضامن نے مدیون مذکور پر دعوے کیا کہ مین اسکا ضامن ہوا تھا اسکی اجازت سے اور اسپر گواہ لایا تو ہمارے نزدیک مقبول ہو اور مدیون سے مال ضمانت بھر لینا جائز ہو یعنی مدیون یہ نہین کہ سکتا کہ کفیل ضمانت کا اول منکر تھا اور اب مدعی ضمانت ہو یہ صریح تناقض ہو اسواسطے کہ کفیل کے انکار کی شرعاً تکذیب ہو گئی بسبب قضا کے کذا فی البحر بتصرف کما لو ادعی اولا انہا

ای الدار مثلا وقف علیہ ثم ادعاہا لنفسہ او ادعاہا لغیرہ ثم ادعاہا لنفسہ لم تقبل للتناقض چنانچہ اگر دعوی کیا اول کہ وہ یعنی مثلاً گھر وقف ہو مجھ پر پھر اسکی ملکیت کا دعوی کیا اپنی ذات کے واسطے یا دعوی کیا کہ وہ گھر غیر شخص کا ہو پھر اسکی ملکیت کا اپنے واسطے دعوی کیا تو مقبول نہین بسبب تناقض کے ہم تنبیہ

ہو بعض نقول مین جب وقف کا پھر ملکیت کا دعوی کیا تو اب توفیق بین الکلامین ممکن نہین اسواسطے کہ وقف مملوک نہین ہوتا وقیل تقبل ان وفق بان قال کان لفلان ثم اشتریتہ درر فی اواخر الدعوی اور بعضون نے کہا کہ اگر مسئلہ ثانیہ مین توفیق دے مدعی اسطرح پر کہ کہے گھر اول فلانے شخص کا تھا پھر مین نے اسکو خرید کیا تو مقبول ہو چنانچہ درر کی کتاب الدعوی کے اواخر مین ہو قال ولو ادعی الملک لنفسہ اولا ثم ادعی الوقف علیہ تقبل صاحب درر نے کہا اور اگر اول دعوی ملکیت کا اپنی ذات کے واسطے کیا پھر دعوی کیا کہ وہ مجھ پر وقف ہو تو مقبول ہو ہم منح الغفار مین اسی طرح ہو اور بحر الرائق اور حموی مین تقیید بلفظ علی نہین تو بموجب عدم تقیید مذکور کے توفیق ممکن ہو اسطرح پر کہ اول مدعی کا وہ مملوک ہو پھر مدعی اسکو وقف کر دے اور در صورت تقیید مذکور توفیق ظاہر نہین کیونکہ تناقض ظاہر ہو ہم جسمین توفیق نہین مگر بقول ابو یوسف توفیق ہو سکتی ہو کہ انکے نزدیک اپنی ذات پر وقف کرنا صحیح ہو کذا فی الطحطاوی کما لو ادعاہا لنفسہ ثم لغیرہ فانہ یقبل چنانچہ اگر اسکا دعوی کیا اپنی ذات کے واسطے پھر اپنے غیر کے واسطے تو وہ مقبول ہو اس احتمال سے کہ غیر نے مدعی سے خرید کر لیا ہو ومن قال لآخر اشتریت منی ہذہ الجاریۃ وانکر الآخر

الشراء جاز للبائع ان یطأہا ان ترک البائع الخصومۃ واقترن ترکہ بفعل یدل علی الرضی بالفسخ کامساکہا ونقلہا لمنزلہ لما تقرر ان جحود جمیع العقود ما عدا النکاح فسخ اور جس شخص نے دوسرے سے کہا کہ تو نے مجھسے یہ لونڈی خرید کی اور دوسرے شخص نے خرید کا انکار کیا تو بائع کو اس لونڈی سے جماع کرنا جائز ہو اگر بائع نے جھگڑا کرنا چھوڑ دیا ہو اور ترک خصومت اس فعل سے مقارن ہو جو فسخ بیع کی رضامندی پر دلالت کرے چنانچہ لونڈی کو رکھ لینا اور اسکو اپنے مکان مین لیجانا جماع اسواسطے جائز ہو کہ ثابت ہو چکا ہو کہ جمیع عقود کا انکار سوائے نکاح کے فسخ ہو یعنی جب بیع فسخ ہو گئی مشتری کے انکار سے تو لونڈی بائع کی ملک مین داخل ہو گئی تو وطی حلال ہوئی فللبائع ردہا بعیب قدیم لتمام الفسخ بالتراضی عینی تو بائع کو لونڈی کا پھیر دینا بسبب عیب قدیم کے جائز ہو بباعث تمام ہو جانے فسخ بیع کے تراضی سے کذا فی العینی ہم اس عیب قدیمی سے رد جائز ہو جسپر اسکو اطلاع نہوئی تھی قبل بیع کے والا رد جائز نہین کیونکہ بیع پر اقدام کرنا بعد اطلاع عیب رضا بالعیب کی علامت ہو عینی نے شرح کنز مین ذکر کیا کہ جب مشتری نے خریداری کا انکار کیا تو بیع فسخ ہوئی مشتری کی جانب سے پھر جب کہ بائع نے اسکی مساعدت کی ترک خصومت سے تو فسخ بیع پورا ہو گیا کذا فی الطحطاوی اما النکاح فلا یقبل الفسخ اصلا فلذا

لو جحد انہ تزوجہا ثم ادعاہ و برہن علی النکاح یقبل برہانہ اور نکاح تو اصلا فسخ قبول نہین کرتا تو اسی واسطے اگر زوج زوجہ کے نکاح کرنے سے منکر ہو
پھر بعد اسکے نکاح کا دعوی کرے اور نکاح پر گواہ لاوے تو دلیل اسکی مقبول ہی ہم نکاح محتمل فسخ نہین کسی سببے تو اگر عورت دعوی کرے ایک مرد پر نکاح
کا اور مرد منکر ہو تو عورت کو دوسرے مرد سے نکاح جائز نہین کیونکہ انکار زوج فسخ نکاح نہین تو قاضی کو حاجت ہی کہ اسکے بعد یون کہے کہ مین نے تم دونون
مین تفریق کردی یا مرد یون کہے کہ میری زوجہ تھی سو مین نے اسکو طلاق بائن دی اور اگر مرد نے عورت کے نکاح کا دعوے کیا اور عورت نکاح کی منکر ہی پھر مرد
مرگیا اور عورت آئی میراث کا دعوی کرتی تو اسکو میراث ملیگی کذا فی الطحطاوی بخلاف البیع فانہ اذا انکرہ ثم ادعاہ لا یقبل لانفساخہ بالانکار بخلاف النکاح بخلاف
بیع کے اسواسطے کہ جب بیع کا منکر ہوگا اور پھر بیع کا دعوے کریگا تو مقبول نہین بسبب فسخ ہوجانے بیع کے انکار سے بخلاف نکاح کے ہم بہتر یہ تھا کہ شارح لفظ
بخلاف النکاح کو حذف کرتا کہ اسکی کچھ حاجت نہین اور ان مسائل کا ذکر کتاب الدعوی مین مناسب تھا مگر یہان انکا ذکر اسواسطے ہوا تا حکم قضا اُنمین مذکور
ہو اقر بقبض عشرۃ دراہم ثم ادعی انہا زیوف او نبہرجہ صدق بیمینہ لان اسم الدراہم یعمہا بخلاف الستوقۃ لغلبۃ غشہا اقرار کیا دس درم کے قبضہ کرنے کا
پھر مقر نے دعوی کیا کہ دراہم مذکورہ زیوف ہین یا نبہرجہ تو اسکی تصدیق ہوگی قسم کے ساتھ اسواسطے کہ دراہم کا نام زیوف اور نبہرجہ کو شامل ہی بخلاف ستوقہ کے
کہ انکو اسم دراہم شامل نہین بسبب غالب ہونے انکے غش کے ہم زیوف جمع ہی زیف کی زیف وہ درہم ہی جو خزانہ سلطانی مین نہ لیا جاوے اور سوداگرون مین اسکا لینا دینا
رائج ہو اسواسطے کہ خزانہ سلطانی مین کھرا مال لیا جاتا ہی اور ستوقہ وہ درم ہی جسکے اندر تانبا یا سیسہ ہو اور دونون طرف چاندی حموی نے ابوسعود سے نقل کیا
کہ حق یہ ہی کہ نبہرجہ کے لفظ مین ب مقدم ہی نون پر جیسا کہ مغرب سے معلوم ہوتا ہی کذا فی الطحطاوی و لذا لو ادعی انہا ستوقۃ لا یصدق ان کان البیان مفصولا
وصدق لو بین موصولا نہایۃ فالتفصیل فی المفصول لا الموصول اور چونکہ درم کا نام ستوقہ کو شامل نہین اگر یہ مقر مذکور یہ دعوی کرے کہ دراہم مقبوضہ ستوقہ
ہین تو اسکی تصدیق نہوگی اگر یہ بیان جدا ہو اقرار قبض سے اور تصدیق ہوگی اگر بیان کیا اسی اقرار قبض سے ملا کر کذا فی النہایۃ تو تفصیل مذکور مفصول مین ہی نہ موصول
مین ہم یعنی تفصیل زیوف اور نبہرجہ مین اور ستوقہ مین درصورت انفصال بیان ہی یعنے اگر دراہم مقبوضہ کو زیوف یا نبہرجہ کہا بطریق انفصال تو تصدیق ہوگی اور
اگر ستوقہ کہا تو بطور انفصال تصدیق نہوگی اور اگر اقرار کے ساتھ بیان متصل واقع ہوا تو بلا تفصیل تصدیق ہوگی خواہ زیوف کہا خواہ نبہرجہ خواہ ستوقہ
ولو اقر بقبض الجیاد لم یصدق مطلقا و لو موصولا للتناقض اور اگر کھرے درمون کے قبضہ کرنے کا اقرار کیا اور پھر دعوی کیا کہ دراہم زیوف یا نبہرجہ یا ستوقہ
تھے تو تصدیق نہوگی مطلقا اگرچہ یہ بیان موصول واقع ہوا ہو بسبب تناقض کے یعنے جب جودت کا اقرار کیا تو اب اسکے خلاف دعوی کرنا صریح تناقض ہی و لو اقر انہ
قبض حقہ او قبض الثمن او استوفی حقہ صدق فی دعواہ الزیافۃ لو بین موصولا والا لا اور اگر اقرار کیا کہ اسنے اپنے حق پر قبضہ کیا یا ثمن پر قبضہ کیا یا اسنے
اپنا حق پورا بھر لیا تو اسکی تصدیق ہوگی دعوی زیافت مین یعنی اگر یون کہا کہ وہ دراہم زیوف تھے تو تصدیق ہوگی بشرطیکہ اسکو موصول بیان کیا ہو اور اگر اسکو موصول
بیان نہین کیا تو تصدیق نہوگی ہم نبہرجہ اور ستوقہ ہونے کا دعوی مانند ہی دعوی زیافت کے کیونکہ سب کا حکم ایک ہی ہی بنایہ مین ہی کہ اگر اپنے قبض حق کا دعوے کیا پھر بولا کہ
وہ ستوقہ ہین یا دراہم رصاص ہین تو موصولا تصدیق ہوگی نہ مفصولا کذا فی الطحطاوی لان قولہ جیاد مفسر فلا یحتمل التاویل بخلاف غیرہ لانہ ظاہر او نص فیحتمل التاویل ابن کمال اسواسطے کہ مقر کا
جیاد یعنی کھرے درہم کہنا مفسر ہی تو محتمل تاویل نہین بخلاف غیر جیاد کہنے کے کیونکہ وہ ظاہر ہی یا نص تو اسمین تاویل کا احتمال ہی کذا ذکرہ ابن کمال ہم مفسر [illegible] وہ
جو نص سے زیادہ تر واضح ہو اسطرح پر کہ اسکے ساتھ احتمال تاویل باقی نہ رہے اور ظاہر وہ ہی جسمین غیر مراد کا احتمال بعید ہو اور نص وہ ہی جسمین غیر مراد کا احتمال بعید
تر ہو کذا فی الطحطاوی تو جب جید بولا تو غیر جید کا احتمال باقی نہ رہا کیونکہ وہ مفسر ہی بخلاف قبض حق یا قبض ثمن یا استیفاء حق کے اقرار کے کہ وہ ظاہر ہی یا نص تو
اسمین زیافت وغیرہ کا احتمال ہی اگرچہ احتمال بعید یا ابعد ہی اقر بدین ثم ادعی ان بعضہ قرض و بعضہ ربوا و برہن علیہ قبل برہانہ قنیہ عن علاء الدین و سیجی
فی الاقرار اقرار کیا دین کا پھر دعوی کیا کہ بعض دین قرض ہی اور بعض بیاج ہی اور اسپر گواہ لایا تو گواہی اسکی مقبول ہوگی چنانچہ قنیہ مین ہی علاء الدین سے

دورائے کتاب الاقرار مین آویگا قال لآخر لک علی الف درہم فردہ المقر لہ ثم صدقہ فی مجلسہ فلا شیء علیہ للمقر الا بحجۃ او اقرار ثانیا وکذا الحکم فی کل ما فیہ حق واحد یعنی ایک شخص نے
دوسرے سے کہا کہ تیرے مجھپر ہزار درم ہین سو جسکے واسطے اقرار کیا اسنے اسکا اقرار رد کیا یعنی یون کہا کہ میرا تجھپر کچھ نہین یا وہ درم تیرے ہین یا فلان شخص کے ہین کذا فی الفتح
پھر مقر لہ نے مقر کی تصدیق کی اسی مجلس مین تو مقر لہ کا کچھ ثابت نہوگا مگر شہادت سے یا مقر کے دوسرے اقرار سے اور اسی طرح کا حکم ہر ایسے اقرار مین ہی جسمین ایک شخص کا
حق ہو ہم مقر لہ مذکور کا دین اسواسطے ثابت نہوا کہ مقر کا اقرار دین مردود ہوگیا مقر لہ کے رد کر دینے سے اور بعد انکار کے تصدیق کرنا یہ دعوی ہی تو اسکے ثبوت کے
واسطے گواہی یا تصدیق خصم ضرور ہی مصنف نے اقرار مال کی قید اسواسطے لگائی کہ رقیت اور طلاق اور اعتاق اور نسب اور ولا کا اقرار رد کرنے سے مردود نہین ہوتا
اور تصدیق بعد الرد کے قید اسواسطے لگائی کہ اگر اول اقرار قبول کریگا پھر رد کریگا تو مردود نہوگا اسی طرح ابراء عن الدین اور ہبہ دین قبول کرنے سے تمام
ہوجاتا ہی پھر رد کرنے سے رد نہین ہوتا اور اسی طرح اگر وقف کیا ایک شخص پر سو اسنے قبول کیا پھر رد کیا تو رد نہوگا اور اگر قبل قبول رد کر دیا تو رد ہوگا تصدیق مجلس
کی قید اسواسطے لگائی تا معلوم ہو کہ تصدیق بعد مجلس بطریق اولی کچھ دین ثابت نہوگا ایک شخص کے حق کی مثال بھی مسئلہ مذکورہ ہی تو بیان معرفہ سے دیر اقرار
ہی بخلاف اسکے اگر یون کہا کہ تو نے خرید کیا اور دوسرے نے انکار کیا تو اسکو جائز ہی کہ بعد انکار کے مدعی شرا کی تصدیق کرے اسواسطے کہ احد العاقدین فسخ
بیع مین منفرد نہین جیسے عقد مین منفرد نہین خلاصہ یہ ہی کہ جس چیز مین دو شخصون کا حق ہی اگر اسمین منکر رجوع کرے تصدیق کی طرف قبل اس بات کے
کہ شخص آخر اسکے انکار کی تصدیق کرے تو جائز ہی چنانچہ بیع اور نکاح اور جس چیز مین ایک شخص کا حق ہو چنانچہ ہبہ اور صدقہ اور اقرار تو اسکی تصدیق بعد الانکار نافع نہین کذا
فی الطحطاوی ملخصا ومن ادعی علی آخر مالا فقال المدعی علیہ ما کان لک علی شیء قط فبرہن المدعی علی انہ لہ علیہ الف وبرہن المدعی علیہ علی القضاء ای الایفاء او
الابراء ولو بعد القضاء ای الحکم بالمال اذ الدفع بعد قضاء القاضی صحیح الا فی المسئلۃ المخمسۃ کما یجیء قبل برہانہ لامکان التوفیق لان غیر الحق قد یقضی ویبرا منہ دفعا
للخصومۃ اور جسنے دوسرے پر مال کا دعوی کیا سو مدعا علیہ نے کہا کہ تیرا تو مجھپر کچھ نہ تھا ہرگز سو مدعی اسپر گواہ لایا کہ مدعی کے مدعا علیہ پر ہزار ہین اور مدعا علیہ ایفاء
دین یا ابراء مدعی پر گواہ لایا اگرچہ گواہی ایفا یا ابرا کی بعد قضاء قاضی کے ہو یعنی اگرچہ قاضی نے مدعی کی برہان سے مال دینے کا حکم کیا ہو اسواسطے کہ دفع کرنا
دعوی مدعی کا بعد حکم قاضی کے صحیح ہی مگر مسئلہ مخمسہ مین دفع صحیح نہین چنانچہ مسئلہ مذکورہ کا ذکر کتاب الدعوی کی فصل دعاوی مین آویگا تو مدعا علیہ کی برہان مقبول
ہوگی بسبب ممکن ہونے توفیق کے انکار اور ایفا یا ابرا مین اسواسطے کہ جھگڑا مٹانے کے واسطے کبھی غیر حق کا بھی حکم دیا جاتا ہی اور حق سے ابرا کیا جاتا ہی یعنی
جب مدعا علیہ نے مال کا اول انکار کیا اور پھر کہا کہ مین ال دیچکا ہون یا مدعی نے معاف کر دیا ہی اور اسکو بگواہی ثابت کیا تو اگرچہ ظاہر مین تناقض ہی لیکن گواہی مقبول
ہی کیونکہ رفع تناقض بیان متصور ہی اس احتمال سے کہ واقع مین مدعی کا حق مدعا علیہ پر نہ تھا مگر مدعا علیہ نے جھگڑا مٹانے کے واسطے ادا کر دیا ہو یا واقع مین مدعی کا حق
مدعا علیہ پر ثابت تھا لیکن مدعی نے دفع خصومت کے واسطے معاف کر دیا ہو مسئلہ مخمسہ کی وجہ تسمیہ یہ ہی کہ اسمین علما کے پانچ قول ہین وسیجیء فی الاقرار انہ لو برہن
علی قول المدعی انا مبطل فی الدعوی او شہودی کذبۃ او لیس لی علیہ شیء صح الدفع الی آخرہ وذکرہ فی الدرر قبیل الاقرار فی فصل الاستشراء اور کتاب الاقرار مین آویگا
یہ کہ اگر مدعا علیہ مدعی کے اس قول پر گواہ لایا کہ مین دعوی مین جھوٹا ہون یا میرے گواہ جھوٹے ہین یا میرا اسپر کچھ نہین تو دفع دعوی مدعی صحیح ہی الخ اور درر مین
اسکو کتاب الاقرار سے پہلے فصل استشراء مین ذکر کیا ہی استشراء یعنی خواہش خریداری کما یقبل لو ادعی القصاص علی آخر فانکر المدعی علیہ فبرہن المدعی علی القصاص
ثم برہن المدعی علیہ علی العفو او علی الصلح عنہ علی مال چنانچہ برہان مدعا علیہ مقبول ہی اگر مدعی نے دوسرے پر قصاص کا دعوی کیا سو مدعا علیہ نے اسکا انکار
کیا تو مدعی گواہ لایا قصاص پر پھر مدعی علیہ گواہ لایا عفو قصاص پر یا گواہ لایا صلح کر لینے پر قصاص سے بعوض مال کے ہم بیان بھی کلام مدعی مین رفع تناقض اس
احتمال سے ممکن ہی کہ واقع مین اسپر قصاص نہوا اور اسنے جھگڑا مٹانے کے واسطے مال دیکر صلح کر لی ہو یا قصاص ہو مگر معاف کر دیا ہو وکذا فی دعوی
الرق بان ادعی عبودیۃ شخص فانکر فبرہن المدعی ثم برہن العبد ان المدعی اعتقہ یقبل ان لم یصالحہ اور ایسا ہی حکم ہر دعوی رق مین اس طرح پر

اور دعوے کیا ایک شخص کے غلام ہونے پر سواسنے غلامی سے انکار کیا تو مدعی گواہ لایا اسکی غلامی پر پھر غلام گواہ لایا کہ مدعی نے اسکو آزاد کردیا ہی تو برہان عاعلیہ
مقبول ہی اگر اسنے صلح نکرلی ہو مدعی سے ہم لیعنے برہان درصورت عدم صلح مقبول ہی اور اگر اول انکار کیا پھر کچھ مال پر صلح کرلی پھر گواہ لایا ایفا یا ابرا پر تو
اسکی برہان مسموع نہوگی ایفا پر کذا فی المنح ولو ادعی الایفاء ثم صالحہ قبل برہانہ علی الایفاء بحر اور اگر مدعا علیہ نے ایفاے دین مدعی کا دعوی کیا پھر مدعی سے
کسی چیز پر صلح کرلی تو اسکا برہان ایفا پر مقبول ہی کذا فی البحر ہم لیعنی صلح دعوے ایفا کی مبطل نہین اسواسطے کہ دفع خصومت کے واسطے کا ہے غیر حق بھی دیا جاتا ہی
کذا فی الطحطاوی وفیہ برہن ان لہ اربع مائۃ ثم اقر ان علیہ للمنکر ثلث مائۃ سقط عن المنکر ثلثمائۃ وقیل لا وعلیہ الفتوی ملتقط ولانہ لما کان المدعی علیہ
جاحدا فذمتہ غیر مشغولۃ فی زعمہ فاین تقع المقاصۃ واللہ اعلم اور بحر الرائق مین ہی کہ مدعی گواہ لایا کہ اسکے چارسو ہین پھر مدعی نے اقرار کیا کہ مدعا علیہ منکر
کے میرے اوپر تین سو ہین تو چارسو سے تین سو ساقط ہوگئے اور بعضون نے کہا کہ تین سو ساقط نہین اور اسی پر فتوی ہی کذا فی الملتقط اور شاید کہ عدم
سقوط کی وجہ یہ ہی کہ جب کہ مدعا علیہ منکر ہوا تو اسکا ذمہ مشغول نہین اسکے گمان مین پھر مقاصہ لیعنے باہم مجرا ہونا کہان واقع ہوتا ہی واللہ اعلم وان زاد
کلمۃ ولا اعرفک ونحوہ کما رایتک لا یقبل لتعذر التوفیق اور اگر منکر مال نے یہ لفظ زیادہ کیا اور مین تجکو نہین پہچانتا ہون اور مانند اسکے چنانچہ
یون کہا کہ مین نے تجکو نہین دیکھا تو برہان ایفا یا ابرا مقبول ہی بسبب متعذر ہونے توفیق کے ہم لیعنی ایک شخص نے دوسرے پر مال کا دعوی کیا سو مدعا علیہ
نے کہا کہ تیرا مجھہ پر کچھہ نتھا ہرگز اور مین تجھہ کو نہین پہچانتا یا یون بولا کہ مین نے تجکو نہین دیکھا یا درمیان میرے اور تیرے مخالطت اور خلط نہین اور نہ دینا اور
نہ لینا یا مین اور تو ایک مکان مین مجتمع نہین ہوے اور مانند اسکے پھر مدعا علیہ نے ایفاء دین یا ابراء دین پر گواہ قائم کیے تو مقبول نہین کذا فی فتح القدیر شرح وقایہ
مین ہی کہ عدم قبول بسبب تعذر توفیق کے ہی اسواسطے کہ دو شخصون کے درمیان لینا اور دینا اور معاملہ اور ابرا بدون معرفت کے نہین ہوتا انتہی وقیل یقبل لان المحتجب او
المخدرۃ قد یتاذی بالشغب علی بابہ فیامر بارضاء الخصم ولا یعرفہ ثم یعرفہ حتی لو کان ممن یعمل بنفسہ لا یقبل اور بعضون نے لیعنے قدوری نے کہا کہ ایفاء دین کی برہان
باوجود عدم معرفت مقبول ہی اسواسطے کہ مرد محتجب یا عورت پردہ نشین کو گاہے اذیت ہوتی ہی اپنے دروازے کے غل شور کرنے سے تو اپنے وکیل وغیرہ سے وہ
امر کرتا ہی مخاصم کے راضی کردینے کا اور حالانکہ مخاصم کو نہین پہچانتا کہ وہ کون ہی پھر اسکو معلوم کرتا ہی تو اگر مدعا علیہ ان لوگون مین سے ہو جو اپنا کام بذات خود
کرتے ہین بلا واسطہ وکیل تو اسکی برہان ایفا مع قول عدم معرفت مقبول نہوگی ہم یہ تفریع ہی قاضی خان کی محتجب وہ ہی جو متولی اعمال بذات خود نہوا اور بعضون
نے کہا کہ محتجب وہ شخص عظیم الشان ہی جسکو ہر شخص نہ دیکھے کذا فی الطحطاوی نعم لو ادعی اقرار المدعی علیہ بالوصول او الایصال صح درر فی آخر الدعوی لان التناقض
لا یمنع صحۃ الاقرار ہان اگر مدعا علیہ اس شخص کے اقرار وصول یا ایصال کا دعوی کرے جسپر دفع یا ایفا کا دعوی کیا گیا تو صحیح ہی کذا فی الدرر فی آخر الدعوی اسواسطے
کہ تناقض مدیون صحت اقرار دائن کا مانع نہین ہم طحطاوی نے کہا یہ قول مرتبط ہی اس کلام محذوف سے جو مفہوم ہوتا ہی مقام سے تقدیر محذوف یہ ہی کہ جب توفیق
ممکن نہو تو تناقض مندفع نہوگا چنانچہ اسنے کہا کہ مین نے اسکو کچھہ نہین دیا پھر اسنے دینے کا دعوی کیا تو مسموع نہوگا کیونکہ محال ہی کہ شی واحد مین دافع غیر دافع
ہو ہان اگر مدعی کے اقرار وصول یا ایصال کا دعوی کرے لیعنے جسپر دفع دین اور قضاء دین کا دعوی ہو چکا اسکے اقرار کا دعوی کرے اسطرح کہ اسنے یہ اقرار کیا
کہ دین اسکو پہونچ گیا ہی مدیون نے اسکو پہونچا دیا ہی اور گواہی سے اسکو ثابت کرے تو مسموع اور مقبول ہی کذا فی الطحطاوی بتصرف اقر ببیع عبدہ من
فلان ثم جحدہ صح لان الاقرار بالبیع بلا ثمن باطل اقرار بزازیہ اقرار کیا اپنے غلام کے بیع کا فلانے شخص سے پھر اسکا انکار کیا تو اسکا انکار صحیح ہی اسواسطے کہ
بیع کا اقرار بدون ثمن کے باطل ہی چنانچہ بزازیہ کی کتاب الاقرار مین ہی ہم صحت انکار کا مطلب یہ ہی کہ کلام تناقض نہین اور اقرار سابق کی گواہی مسموع نہین ادعی
علی آخر انہ باعہ امۃ منہ فقال الآخر لم ابعہا منک قط فبرہن المدعی علی الشراء منہ فوجد المدعی بہا عیبا واراد ردہا فبرہن البائع انہ ای المشتری
بری الیہ من کل عیب بہا لم تقبل بینۃ البائع للتناقض دعوے کیا دوسرے پر کہ اسنے اپنی لونڈی اسکے ہاتھہ بیچی تو دوسرے نے کہا کہ مین نے اسکو

تیرے ہاتھ نہین بیچا ہرگز سو گواہ لایا مدعی بائع سے خرید کرنے پر پھر مدعی نے لونڈی مین عیب پایا اسکے پھیر دینے کا ارادہ کیا سو گواہ لایا بائع اسپر کہ
مشتری بائع سے برات کر چکا ہے اسکے ہر عیب سے تو گواہی بائع کی مقبول نہوگی بسبب تناقض کے م وجہ تناقض یہ ہے کہ اول بیع کا منکر ہوا پھر بیع کا مدعی
ہوا اسواسطے کہ برات عیوب مبیع بدون بیع متصور نہین وعن الثانی تقبل لامکان التوفیق ببیع وکیلہ وابرائہ عن العیب اور ابو یوسف سے روایت ہے کہ بائع
کی گواہی مقبول ہے بسبب ممکن ہونے توفیق بائع کے وکیل کی بیع سے اور ابراء وکیل کے عیب سے م جب اسکے وکیل نے بیع کی تو یہ کہنا درست ہوا کہ مین نے بیع
نہین کی یعنی بذات خود مباشر بیع نہین ہوا اور برات عیب کی نسبت اپنی طرف اسواسطے کی کہ فعل وکیل بمنزلہ فعل موکل کے ہے ومنہ واقعۃ سمرقند اور از جنس
مسئلہ متن واقعہ ہے سمرقند کا جسمین تناقض واقع ہے م طحطاوی نے کہا کہ اگر شارح واقعہ سمرقند کو مصرح بیان کرتا تو واضح تر ہوتا ادعت انہ نکحہا بکذا وطالبتہ
بالمہر فانکر فبرہنت فادعی انہ خلعہا علی المہر تقبل لاحتمال انہ زوجہ ابوہ وہو صغیر ولم یعلم خلاصہ زوجہ نے دعوی کیا کہ اسنے مجھسے نکاح کیا اتنے مہر پر اور
اس سے مہر کا مطالبہ کیا سو اسنے نکاح کا انکار کیا تو عورت گواہ لائی نکاح اور مہر پر سو مرد نے دعوی کیا کہ اسنے عورت سے خلع کیا بعوض مہر کے تو مرد کا دعوے
مقبول ہے یعنی مرد سے اس دعوی پر گواہ طلب ہونگے مقبولیت دعوی اس احتمال سے ہے کہ مرد کا نکاح اسکے باپ نے کر دیا ہو اور وہ صغیر ہو اور اسکو معلوم نہو کذا فی
الخلاصۃ م یعنی اسکا انکار نکاح اسپر محمول ہے کہ وہ خود مباشر نکاح نہین ہوا اور نفی مباشرت دفع نکاح اجباری کی منافی نہین پھر جب ایسا ہوا تو بعد اسکے دعوی
خلع بعوض مہر مین تناقض نہین کذا فی الطحطاوی یبطل جمیع صک ای مکتوب کتب ان شاء اللہ فی آخرہ باطل ہو جاتا ہے تمام مضمون اس صک یعنی کاغذ مرقوم
کا جسکے آخر مین ان شاء اللہ لکھا ہے م شارح نے بلفظ جمیع اشارہ کیا کہ نوشتہ باطل ہو جاتا ہے خواہ اسمین ایک شی مرقوم ہو یا چند اشیا اور صاحبین کا خلاف
ثانی مین ہے وقالا آخرہ فقط وہو استحسان راجح علی قول فتح اور صاحبین نے کہا کہ فقط پچھلا مضمون کاغذ مرقوم کا باطل ہوتا ہے جو ان شاء اللہ تعالی سے
متصل ہے اور قول صاحبین استحسان ہے جو راجح ہے امام کے قول پر کذا فی الفتح م وجہ استحسان یہ ہے کہ جمل مین اصل استقلال ہے یعنی ہر جملہ دوسرے
سے متعلق نہین اور وثیقہ لکھا جاتا ہے اعتماد اور وثوق کے واسطے تو اگر استثنا کل کی طرف راجع ہو تو کل کا بطلان لازم آوے اور یہ مقصود تحریر کے مخالف
ہے تو استثنا اسی کی طرف راجع ہوگا جو اس سے متصل ہے کذا فی الطحطاوی عن الزیلعی واتفقوا علی ان الفرجۃ کفاصل السکوت اور امام اور صاحبین متفق ہین اسپر
کہ فرجہ خط مین فاصل سکوت کے مانند ہے م فرجہ یعنی اثناء تحریر مین کاغذ سادہ چھوڑنا ایسا ہے جیسے نطق مین سکوت کرنا تو ان شاء اللہ تعالی مابعد فرجہ
کی طرف راجع ہوگا جیسے سکوت مین مابعد سکوت کی طرف راجع ہوتا ہے وعلی انصرافہ للکل فی جمل عطفت بالواو واعقبت بشرط اور علماء ثلثہ متفق ہین ان شاء اللہ
تعالی کے راجع ہونے پر کل کی طرف اور ان جمل منطوقہ مین جنمین عطف بحرف واو واقع ہوا ہے اور انکے اخیر مین شرط ہے م چنانچہ ایک شخص نے یون کہا
کہ اسکی عورت مطلقہ ہے اور اسکا غلام آزاد ہے اور اسپر بیت اللہ تک پیدل چلنا ہے ان شاء اللہ تعالی تو شرط تینون جملون کی طرف راجع ہے یعنی طلاق اور عتاق
اور مشی کچھ لازم نہین جمل منطوقہ کی قید ترجمہ مین اسواسطے لگائی کہ جمل مکتوبہ مین امام اور صاحبین کا اتفاق نہین چنانچہ مسئلہ صک مین مذکور ہو چکا و
اما الاستثناء بالا واخواتہا فللاخیر الا لقرینۃ کمائۃ درہم وخمسون دینارا الا درہما فللاول استحسانا اور استثنا بلفظ الا اور اسکے امثال سے اخیر کی طرف راجع
ہوتا ہے مگر بقرینہ اول کی طرف راجع ہو جاتا ہے چنانچہ اس قول مین کہ سو درم اور پچاس دینار الا ایک درم تو یہ استثنا اول یعنی درہمون کی طرف راجع ہے نہ اخیر
کی طرف بطریق استحسان کے م قرینہ بیان اتحاد جنسیت مستثنی منہ اور مستثنی ہے واما الاستثناء بان شاء اللہ بعد جملتین ایقاعیتین فالیہما اتفاقا اور استثنا بلفظ
ان شاء اللہ بعد جملتین ایقاعیتین دونون کی طرف بالاتفاق راجع ہے م جملہ ایقاعیہ سے جملہ منجزہ مراد ہے جسمین تعلیق واقع نہین بقرینہ مقابلہ چنانچہ یون کہنا
کہ انت طالق وہذا حر ان شاء اللہ کذا فی الحلبی وبعد طلاقین معلقین او طلاق معلق وعتق معلق فالیہما عند الثالث وللاخیر عند الثانی اور استثنا واقع ہونا
بعد دو طلاق معلق کے یا طلاق معلق اور عتق معلق کے تو دونون کی طرف راجع ہوتا ہے محمد کے نزدیک اور اخیر کی طرف راجع ہوتا ہے ابو یوسف کے

نزدیک ہم دو طلاق معلق کی مثال (ان دخلت الدار فانت طالق وفلانۃ ان شاء اللہ) اور طلاق معلق اور عتق معلق کی مثال (ان دخلت الدار فانت طالق وعبدی حر)
اور یہ خلاف تعلیق میں ہے اور صک میں تو دونوں کا اتفاق ہے ولو بلا عطف او بعد سکوت فللاخیر اتفاقا اور اگر شرط واقع ہو بعد جمل غیر متعاطفہ کے یا جملوں میں عطف
ہو لیکن مابین میں سکوت واقع ہوا ہو تلفظ میں یا فرجہ واقع ہو اثناء خط میں تو استثنا اخیر کی طرف راجع ہے بالاتفاق اخیر سے مراد بعد سکوت ہے کذا فی الطحطاوی
وعطفہ بعد سکوتہ لغو الا بما فیہ تشدید علی نفسہ وتمامہ فی البحر اور عطف کرنا متکلم کا بعد اپنے سکوت کے لغو ہے مگر اسمین لغو نہین جسمین سخت گیری ہے اسکی ذات پر
اور پورا بیان اسکا بحر الرائق مین ہے ہم یعنی جسمین متکلم کی ذات پر وسعت ہے تو وہان عطف بعد سکوت لغو ہے چنانچہ یون بولا کہ اگر تو اس گھر مین داخل
ہوئی تو تجھکو طلاق ہے پھر چپ رہا پھر بولا اور اس دوسرے گھر مین اور یہ ارادہ کیا کہ طلاق واقع نہو مگر دونون گھرون کے داخل ہونے سے اور جسمین
سخت گیری ہو اپنی ذات پر چنانچہ یون بولا کہ اگر تو گھر مین داخل ہوئی تو تجھکو طلاق ہے اور چپ ہو گیا پھر بولا اور اس دوسری زوجہ کو تو زوجہ ثانیہ بمین
مین داخل ہو گی کذا فی الطحطاوی مات ذمی فقالت عرسہ اسلمت بعد موتہ وقالت ورثتہ قبلہ صدقوا تحکیما للحال ذمی مرگیا سو اسکی زوجہ نے کہا
کہ مین مسلمان ہوئی زوج کی موت کے بعد اور ذمی کے وارثون نے کہا کہ قبل اسکی موت کے تو مسلمان ہوئی ہے تو وارثون کی تصدیق ہوگی باعتبار تحکیم حال کے ہم
لیتے بدلیل استصحاب حال اسواسطے کہ سبب حرمان ارث یعنی اسلام زوجہ فی الحال ثابت ہے تو زمان گذشتہ مین بھی ثابت رہیگا تحریر مین ہے کہ استصحاب عبارت ہے اس امر
محقق کے بقاء حکم سے جسکا عدم مظنون نہین کما یحکم الحال فی مسئلۃ جریان ماء الطاحونۃ جیسے حال حاکم ہے پن چکی کے پانی جاری ہونے کے مسئلے مین ہم
یعنی پن چکی کو ایک شخص نے اجارہ لیا سو مستاجر نے کہا کہ مین انتفاع پر قادر نہوا اسلئے پانی جاری نہونے سے اور مالک نے کہا کہ تو قادر ہوا تھا تو اب فی الحال پانی
کو دیکھنا چاہیے اور اسکے موافق زمان گذشتہ مین حکم کرنا چاہیے یعنی اگر فی الحال پانی جاری ہے تو سابق مین جاری تھا اور اگر بالفعل جاری نہین تو سابق مین
بھی جاری نہ تھا ثم الحال لا تصلح حجۃ للدفع لا للاستحقاق پھر دریافت کرنا چاہیے کہ استصحاب حال لیاقت رکھتا ہے حجت ہونے کی فقط دفع دعوی کے واسطے چنانچہ
مسئلہ سابقہ مین نہ استحقاق کے واسطے کما فی مسلم مات فقالت عرسہ الذمیۃ اسلمت قبل موتہ فارثہ وقالوا بعدہ فالقول لہم لان الحادث یضاف لاقرب
اوقاتہ چنانچہ حکم ہے اس مسلمان کے باب مین جو مرگیا سو اسکی ذمیہ زوجہ نے کہا کہ مین اسلام قبول کر چکی ہون قبل موت زوج کے تو مین اسکی وارث ہون اور
میت کے وارثون نے کہا کہ بعد اسکی موت کے تو مسلمان ہوئی ہے تو وارثون کا قول معتبر ہے اسواسطے کہ نئی چیز اپنے اقرب اوقات کی طرف منسوب ہوتی ہے
یعنی مابعد موت اقرب ہے ماقبل موت سے لہذا اسلام حادث مابعد موت کی طرف منسوب ہوگا اور اگر عورت کا قول معتبر ہوتا تو تحکیم حال عورت کے استحقاق ارث
کی موجب ہوتی ہم طحطاوی نے کہا ظاہر تمثیل اسپر دلالت کرتا ہے کہ یہ مثال ہے استحقاق ارث کی بسبب تحکیم حال کے اور حالانکہ ایسا نہین وجہ خلل یہ ہے کہ
مسئلہ طاحونہ اصل متن مین نہ تھا تو مسئلہ ذمی کے بعد مسئلہ مسلم تھا اور دونون مین وجہ شبہہ اعتبار قول ورثہ تھی مسئلہ طاحونہ کے درمیان مین آنے سے خلل
پیدا ہو گیا تو اگر شارح متن کو بلا زیادت مسئلہ طاحونہ باقی رکھتا تو بہتر ہوتا انتہی بتصرف فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا وقع الاختلاف فی کفر المیت واسلامہ فالقول
لمدعی الاسلام بحر واقع ہوا اختلاف میت کے کفر اور اسلام مین تو مدعی اسلام کا قول معتبر ہے کذا فی البحر ہم صورت اسکی یہ ہے کہ ایک شخص مرگیا اور اسکے والدین ذمی ہین
اور بیٹا مسلم والدین نے کہا کہ میت کافر تھا اور بیٹے نے کہا کہ مسلمان ہو کر مرگیا تو میراث بیٹے کو ملیگی نہ والدین کو قال المودع بالفتح ہذا ابن مودعی بالکسر
المیت لا وارث لہ غیرہ دفعہا الیہ وجوبا کقولہ ہذا ابن دائنی کہا مودع بالفتح نے یعنے جسکے پاس غیر کی ودیعت ہے اسنے کہا کہ یہ شخص میرے مودع بالکسر
یعنی جس میت نے میرے پاس ودیعت رکھوائی ہے اسکا یہ بیٹا ہے کوئی اسکا وارث نہین سوائے اسکے تو واجب ہے کہ ودیعت اس شخص کو تفویض اور تسلیم کرے چنانچہ
اس قول مین تسلیم دین واجب ہے کہ یہ شخص میرے صاحب دین کا بیٹا ہے یعنی بعد موت واین قید بالوارث لانہ لو اقر انہ وصیہ او وکیلہ او المشتری منہ لم یدفعہا
مصنف نے وارث کی قید لگائی اسواسطے کہ امانت دار یہ اقرار کرے کہ وہ شخص میت مذکور کا وصی یا وکیل یا مشتری ہے میت سے تو اسکو ودیعت نہ دے

فان اقر ثانیا بابن آخر له لم یفد اقراره اذا کذبه الابن الاول لانه اقرار علی الغیر پھر اگر امانت دار دوسری بار میت مذکور کے دوسرے بیٹے کا اقرار کرے تو اسکا
اقرار مفید نہوگا جبکہ پہلا بیٹا اسکی تکذیب کرے کیونکہ یہ اقرار ہے غیر کی مضرت کا ہے اور اقرار علی الغیر حجت نہین اسواسطے کہ اقرار اول صحیح ہوچکا کہ اسکا کوئی مکذب نہین
بخلاف اقرار ثانی اور اگر ولد اول اقرار ثانی کی تصدیق کرے تو وہ بھی وارث ہوگا میت کا ولیضمن للثانی حظه ان دفع للاول بلا قضاء زیلعی اور درصورت تکذیب
ولد ثانی کو بقدر اسکے حصے کے امانت دار تاوان دے اگر ولد اول کو وہ ودیعت دیچکا ہو بدون حکم قاضی کذا فی الزیلعی هم قول بالضمان بھی صواب ہے جیسا کہ
فتح القدیر مین ہے اور مقابل اسکے غایة البیان کا قول ہے عدم ضمان کا کذا فی الطحطاوی ترکة قسمت بین الورثة او الغرماء بشهود لم یقولوا لا نعلم کذا فی نسخ
المتن والشرح وعبارة الدرر وغیرها لا نعلم له وارثا او غریما لم یکفلوا اخلافا لهما لجهالة المکفول له ترکہ مقسوم ہوگیا درمیان وارثون کے یا دین والون کے
اُن گواہون کی گواہی سے جنھون نے یہ نہین کہا کہ ہم جانتے ہین میت کا کوئی وارث یا صاحب دین اسی طرح ہے لفظ نعلم کا بلا حرف نفی متن اور شرح کے
نسخون مین اور عبارت درر وغیرہا کی یون ہے کہ ان شہود کی شہادت سے ترکہ مقسوم ہوا جنھون نے یہ نہین کہا کہ ہم میت کا کوئی وارث یا صاحب دین نہین جانتے ہین
تو ضامنی نہ لیجائیگی وارثون یا دین والون سے بسبب مجہول ہونے مکفول له کے بخلاف صاحبین کے کہ انکے نزدیک حاضر ضامنی لیجائیگی هم طحطاوی نے کہا شاید کہ
شارح کے نسخہ متن اور شرح مین نعلم ہوگا باسقاط لا اور میرے پاس جو متن اور شرح کا نسخہ ہے اسمین لا نعلم مذکور ہے اور لم یکفلوا مبنی للمجہول ہے مصنف العینی ہے اور ضمیر ورثہ
وغیرہم کی طرف راجع ہے انتہی خلاصہ مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص متروکہ چھوڑکر مرگیا اور شاہدون نے قاضی سے کہا کہ میت کے فلانے فلانے وارث یا صاحب دین ہین
لیکن انھون نے حصر ورثہ کی گواہی نہین دی تو قاضی ترکہ قسمت کردے انمین اور انسے ضامن طلب کرے ویتلوم القاضی مدة ثم یقضی اور قاضی کچھ مدت قسمت
ترکہ مین تاخیر کرے پھر قسمت کا حکم کرے هم تاخیر احتیاط کے واسطے ہے کہ شاید کوئی اور وارث یا صاحب دین پیدا ہو پھر جب گمان غالب ہو کہ اگر کوئی شریک ہوتا تو
حاضر ہوتا تب قسمت کا حکم دے اور مراد تاخیر حکم ہے نہ تاخیر رفع بعد القضاء اور مقدار مدت قاضی کی تجویز پر مفوض ہے اور طحطاوی نے ایک سال کی مدت مذکور کی ہے کذا فی
الطحطاوی الملخصا ولو ثبت بالاقرار کفلوا اتفاقا اور اگر ورثہ یا اصحاب دیون اقرار سے ثابت ہون نہ شہادت سے تو ضمانت دین بالاتفاق امام اور صاحبین کے ولو قال الشہود
ذلک لا اتفاقا اور اگر شہود نے کہین یعنی یون کہین کہ ہم میت کا کوئی وارث یا صاحب دین سوا انکے نہین جانتے ہین تو انمین ضمانت بالاتفاق کذا فی الطحطاوی ادعی
علی آخر دارا لنفسه ولاخیه الغائب ارثا وبرهن علیه علی ما ادعاه اخذ المدعی نصف المدعی مشاعا وترک باقیه مع ذی الید بلا کفیل جحده ذو الید دعواه او
لم یجحد خلافا لهما وقولهما استحسان نهایه ایک شخص نے دوسرے پر ایک گھر کا دعوی کیا اپنے واسطے اور اپنے غائب بھائی کے واسطے بطریق ارث اور گواہ لایا اپنے دعوے پر
مدعی نصف گھر لے بطور مشاع اور چھوڑے باقی کو قابض کے پاس بدون ضامن لینے کے خواہ قابض نے دعوی مدعی کا انکار کیا ہو یا انکار نہ کیا ہو بخلاف صاحبین کے یعنے
انکے نزدیک درصورت انکار دعوی باقی کو اسکے پاس رکھے اور صاحبین کا قول استحسان ہے کذا فی النہایہ هم امام کی دلیل یہ ہے کہ حاضر خصم نہین غائب کی طرف
سے استیفا وارث مین اور قاضی کو تعرض جائز نہین بدون خصم کے صاحبین کی دلیل یہ ہے کہ جب اسنے دعوے ارث کا انکار کیا تو اسکی خیانت ثابت ہوئی تو
اب اسکے پاس رکھنا مضرت سے خالی نہین ولا تعاد البینة ولا القضاء اذا حضر الغائب فی الاصح لانتصاب احد الورثة خصما للمیت حتی یقضی منها دیونه اور گواہی
کا اعادہ نہوگا اور نہ قضا کا جبکہ مدعی کا غائب بھائی سفر سے آوے قول اصح مین بسبب قائم ہوجانے ایک وارث کے مخاصم ہوکر میت کی طرف سے یہانتک کہ
ادا کیے جاوینگے متروکہ سے میت کے دیون ثم انما یکون خصما بشروط تسعة مبسوطة فی البحر پھر معلوم کیجیے کہ وارث حاضر تو خصم ہوتا ہے باقی وارثون کی طرف سے
اسمین جو میت پر دعوے کیا جاوے نو شرطون سے جو شرح مذکور ہین بحر الرائق مین هم سید حموی نے کہا کہ بہتر یہ تھا کہ شارح بشروط ثلثة کہتا ایک شرط یہ کہ عین بالکل
وارث کے ہاتھ مین ہو دوسرے یہ کہ اسمین قسمت نہوگئی ہو تیسرے یہ کہ وارث غائب اسکی تصدیق کرے کہ عین مذکور میراث ہے میت سے انتہی اسواسطے
کہ جمیع امور جو بحر الرائق مین مذکور ہین وہ شروط نہین بلکہ بعضے شروط ہین اور بعضے احکام اور وہ بھی آٹھ ہین نہ نو کذا فی الطحطاوی مختصرا والحق الفسخ ق

[illegible]

بین الدین والعین اور حق یہ ہی کہ دین اور عین مین فرق ہی ہم یعنی احد الورثہ خصم نہین باقی وارثون کی طرف سے اُس عین کے دعوے مین جو میت پر ہی
مگر جب کہ عین اُسکے ہاتھ مین ہو اور اگر میت پر دین کا دعوی ہی تو احد الورثہ خصم ہوگا باقی وارثون کی جانب سے اگرچہ اُسکے ہاتھ مین عین ترکہ نہو اسواسطے
کہ دائن کا حق جمیع متروکہ مین شائع ہی بخلاف عین مدعابہا و ہدایہ اور نہایہ اور عنایہ کا ظاہر یہ ہی کہ دعوی دین مین بھی عین ترکہ کا بالکل ہاتھ مین ہونا شرط
ہی بحر الرائق مین کہا کہ جو فتح القدیر مین ہی یعنے فرق مذکور وہی حق ہی باقی سہو ہی اور یہ اُس صورت مین ہی جبکہ وارث مدعا علیہ ہو چنانچہ مذکور ہو چکا اور اگر
وارث میراث عین کا مدعی ہو قابض پر تو اگر اپنا دعوی ثابت کرے تو اُسکے اور باقی وارثون کے واسطے ارث کا حکم ہوگا اگرچہ غائب ہون اور اُنکے واسطے ارث کا دعوے
کیا ہو اور اگر دعوی ثابت نہ کر سکا ہو اور مدعا علیہ نے اُسکا دفع کر دیا ہو اسطرح پر کہ مین نے اُسکو تیرے مورث سے خرید کیا ہی اور خرید کو ثابت کر چکا ہو تو دعوے
ارث کا حاضر اور غائب کے حق مین مندفع ہوگا کذا فی الطحطاوی عن ابی السعود و مثلہ او مثل العقار المنقول فیما ذکر فی الاصح دُرر اور مانند اُسکے یعنی غیر منقول کے
مانند منقول بھی ہی امر مذکور مین بقول اصح کذا فی الدرر یعنے اگر مال منقول مین دعوی ارث مدعی ثابت کرے تو وہ اپنا حصہ لے اور غائب کا حصہ ذی الید کے پاس
چھوڑے لکن اعتمد فی الملتقی انہ یوخذ منہ اتفاقا و مثلہ فی البحر لیکن ملتقی الابحر مین اس قول پر اعتماد کیا ہی کہ منقول لے لیا جائے ذی الید سے باتفاق امام اور صاحبین
کے اور اسی کے مانند بحر الرائق مین ہی ہم اسواسطے کہ منقول مین حفاظت کی حاجت ہی اور اُس سے لے لینے مین زیادہ تر حفاظت ہی اور زمین تو خود محفوظ ہی قال
واجمعوا انہ لا یوخذ لو مقرا صاحب بحر نے کہا اور امام اور صاحبین نے اجماع کیا ہی اسپر کہ غائب کا حصہ نہ لیا جائے یعنے منقول مین اگر ذی الید مقر ہو ہم طحطاوی نے
کہا اس سے معلوم ہوتا ہی کہ غیر منقول مین اجماع نہین حالانکہ ایسا نہین کیونکہ درحالت اقرار عقار اور منقول کا ایک ہی حکم ہی اوصی لہ بثلث مالہ یقع ذلک
علی کل شیء لانہا اخت المیراث ایک شخص نے وصیت کی اپنے ثلث مال کی دوسرے کے واسطے تو یہ وصیت ہر چیز پر واقع ہوگی یعنی جمیع مملوکہ پر اسواسطے کہ وصیت
میراث کی بہن ہی یعنی ہمجنس میراث ہی تو جیسے میراث ہر چیز مین جاری ہی ویسے ہی وصیت بھی ولو قال مالی او ما املکہ صدقۃ فھو علی جنس مال الزکوۃ
استحسانا اور اگر کہا کہ میرا مال یا جس چیز کا مین مالک ہون وہ صدقہ ہی تو وہ مال زکوۃ کی جنس پر واقع ہوگا بطریق استحسان کے ہم وجہ استحسان یہ ہی کہ
ایجاب عبد معتبر ہی حق تعالی کے ایجاب سے یعنی جس جس چیز مین حق تعالی نے صدقہ واجب کیا ہی اُسی مین ایجاب عبد بھی واقع ہوگا مال زکوۃ مین سوائم اور نقدین
اور اسباب تجارت داخل ہی خواہ بقدر نصاب ہو یا نہو خواہ اشیاء مذکورہ مستغرق بدین ہون یا نہون اسواسطے کہ جس چیز مین زکوۃ واجب ہوئی ہی اُسکی
جنس معتبر ہی قطع نظر اُسکی مقدار اور شروط سے کذا فی الطحطاوی وان لم یجد غیرہ امسک منہ قدر قوتہ فاذا ملک غیرہ تصدق بقدرہ اور اگر شخص مذکور
نہ پاوے سوائے مال زکوۃ کے یعنی اُسکے پاس سوا سوائم اور نقدین اور اسباب تجارت کے اور مال نہو تو اُنمین سے بقدر اپنی قوت کے رکھ لے اور باقی
خیرات کرے پھر سوائے اُسکے جبکہ مالک ہو تو بقدر اُسکے تصدق کرے ہم علمائے متاخرین نے مقدار قوت کی یون ٹھہرائی ہی کہ پیشہ ور اپنی ذات و عیال کے واسطے
ایک دن کا قوت رکھ لے اور صاحب غلہ یعنی جسکو مکان وغیرہ کا کرایہ حاصل ہوتا ہو وہ ایک مہینے کا قوت رکھ لے اور اراضی کا مالک ایک سال کا قوت اور سوداگر
اتنا رکھ لے جو اُسکو کفایت کرے یہان تک کہ اُسکو نیا مال حاصل ہو کذا فی الطحطاوی فی البحر قال ان فعلت کذا فما املکہ صدقۃ فحیلتہ ان یبیع ملکہ من رجل
بثوب فی مندیل ولم یقبضہ ولم یرہ ثم یفعل ذلک ثم یردہ بخیار الرؤیۃ فلا یلزمہ شیء بحر الرائق مین ہی کہ ایک شخص نے کہا کہ اگر مین ایسا کرون یعنے مثلاً اگر
زید سے کلام کرون تو جسکا مین مالک ہون وہ صدقہ ہی تو اُسکا حیلہ یہ ہی کہ اپنی ملک کو ایک مرد کے ہاتھ بیع کرے بعوض اُس کپڑے کے جو رومال مین
لپٹا ہوا ہی اور اُسے قبضہ کرے بدون اُسکے دیکھنے کے پھر وہ فعل کرے یعنی زید سے کلام کرے پھر اُس کپڑے کو بسبب خیار رویت کے پھیر دے تو اُسپر
کچھ صدقہ لازم نہ آویگا ہم اسواسطے صدقہ لازم نہوگا کہ وقت حنث یعنی مثلاً کلام زید کے وقت کوئی چیز اُسکی ملک مین نہ تھی بسبب بیع ڈالنے کے اسواسطے کہ
ملک کا اعتبار حنث کے وقت ہی نہ حلف کے وقت ولو قال الف درہم من مالی صدقۃ ان فعلت کذا ففعلہ وہو یملک اقل لزمہ بقدر ما یملک لم یکن لہ شیء لا یجب شیء اور اگر بولا کہ
قسم کو حنث ۱۲

حیلۂ محمود در ابطال یمین

ہزار درم میرے مال سے صدقہ ہین اگر مین ایسا کرون پھر وہ فعل کیا اور حالانکہ وہ ہزار سے کمتر کا مالک ہی تو اُسپر اتنا صدقہ لازم ہوگا جتنے کا وہ مالک ہی اور اگر اُسکی مملوک کوئی چیز نہین تو کچھ واجب نہین وصح الایصاء بلا علم الوصی فصح تصرفہ اور صحیح ہی وصیت کرنا موصی کا بدون علم وصی کے تو صحیح ہی تصرف وصی کا یعنے اگر ایک شخص نے دوسرے کو اپنے طفل صغیر یا متروکہ پر وصی کیا اور وصی کو معلوم نہین پھر وصی نے کوئی تصرف کیا مثلاً کوئی چیز اُسکی بیچڈالی تو صحیح ہی لا یصح التوکیل بلا علم وکیل نہین صحیح ہی وکیل مقرر کرنا بدون علم وکیل کے یعنے اُسکا تصرف بھی بدون علم توکیل صحیح نہین والفرق ان تصرف الوصی خلافۃ والوکیل نیابۃ ایضاً اور توکیل مین فرق یہ ہی کہ تصرف وصی کا بطور خلافت ہی اور تصرف وکیل کا بطور نیابت ہی ہم جب تصرف وصی کا بطریق خلافت کے ہوا تو علم ضرور نہوا جیسے تصرف وارث بطریق ملک اور ولایت کے ہی تو اگر دادا پوتے کا مال بعد موت ابن بلا علم موت ابن بیچڈالے تو جائز ہی اور وکیل کا تصرف بطریق نیابت موکل ہی نہ بطریق خلافت کیونکہ موکل کا تصرف ہنوز باقی ہی تو یہان علم ضرور ہی تو اگر ایک شخص نے ہزار درم امانت رکھے ایک مرد کے پاس پھر مالک نے کہا کہ مین نے مثلاً زید کو اُسکے قبض کا امر کیا اور زید کو اپنے مامور بالقبض ہونے کا علم نہین پھر زید نے دراہم مذکورہ پر قبض کیا اور وہ تلف ہوگئے تو مالک کو اختیار ہی چاہے امانت دار سے تاوان لے چاہے زید سے اور اگر امانت دار کو علم توکیل ہوا اور وہ مامور بالقبض کو قبضہ کراوے اور پھر تلف ہو تو کسی پر تاوان نہین کذا فی الطحطاوی فلو علم الوکیل بالتوکیل ولو من ممیز او فاسق صح تصرفہ سو اگر وکیل کو وکیل کرنے کا علم حاصل ہو اگرچہ صغیر ممیز یا فاسق سے معلوم ہو تو اب اُسکا تصرف صحیح ہی ولا یثبت عزلہ الا باخبار عدل او فاسق ان صدقہ عنایہ او مستورین او فاسقین فی الاصح اور ثابت نہین ہوتی وکیل کی معزولی مگر ایک شخص عادل کے خبر دینے سے یا فاسق کے اخبار سے بشرطیکہ وکیل فاسق کی تصدیق کرے خبر مین کذا فی العنایہ یا معزولی ثابت ہوتی ہی دو شخص مستور العدالت سے یا دو فاسقون کی خبر سے قول اصح مین کاخبار السید بجنایۃ عبدہ فلو باعہ کان مختار اللفداء مانند خبر دار ہونے مولی کے اپنے غلام کی جانب سے تو اگر باخبار عادل یا مستورین یا فاسقین جنایت عبد کی مولی کو خبر ہوئی پھر اُسنے اُسکو بیچ ڈالا تو وہ فدیہ کا اختیار کرنے والا ہی یعنی اُسکو فدیہ جنایت دینا پڑیگا والشفیع بالبیع اور جیسے شفیع کو بیع کی خبر ہونچنا یعنی اگر باخبار عادل یا مستورین یا فاسق شفیع کو بیع کی خبر ہونچی اور وہ ساکت رہا تو حق شفعہ باطل ہوگیا والبکر بالنکاح اور جیسے بکر کو نکاح کی خبر پہونچنا یعنی سکوت بکر رضا نہین مگر جبکہ اُسکو عادل یا مستورین یا فاسقین نکاح ولی کی خبر دین اور اگر مستور یا فاسق نے خبر دی نکاح ولی کی اور وہ ساکت رہی تو یہ سکوت رضا نہین والمسلم الذی لم یہاجر الینا بالشرائع اور جیسے اُس مسلمان کو جسنے دار الاسلام کی طرف ہجرت نہین کی احکام شرعیہ کی خبر پہونچنا یعنی ایک مستور یا فاسق کی خبر سے اُسپر عمل احکام شرعی کا لازم نہین آتا اگر عادل یا دو مستور خبر دین تو عمل لازم ہی یہان تک کہ اگر فرائض ترک کریگا تو قضا اُسپر لازم ہوگی حموی نے مفتاح سے نقل کی کہ قول اصح یہ ہی کہ ایک فاسق کی خبر اسمین کافی ہی وکذا الاخبار بعیب لمرید شراء وحجر ماذون وفسخ شرکۃ وعزل قاض و متولی وقف فھی عشر یشترط فیہا احد شطری الشہادۃ لا لفظہا اور اسی طرح عیب مبیع کی خبر دینا خریدنے کے ارادہ کرنے والے کو اور منع تصرف کی خبر عبد ماذون کو اور فسخ شرکت کی خبر احد الشریکین کو اور قاضی اور متولی وقف کو معزولی کی خبر تو یہ دس چیزین ہین جنمین شہادت کے دو جزو ن سے ایک جزو شرط ہی نہ لفظ شہادت ہم شہادت کے دو جزو ہین ایک عدد یعنی دو شاہد ہونا دوسرا عدالت تو امور عشرہ مذکورہ کے اخبار مین ایک جزو شرط ہی یا عدد بلا شرط عدالت یا عدالت بلا شرط عدد عزل قاضی اور متولی وقف بحث ہی صاحب بحر کی نہ نقل مذہب کذا فی الطحطاوی ویشترط سائر الشروط فی الشاہد اور مخبر مذکور مین باقی شروط شاہد کی شرط ہین یعنی آزاد اور بالغ ہونا اور یہ کہ اندھا اور محدود فی القذف نہو نامع عدد یا عدالت خلاصہ یہ کہ مخبر مین وہ شرط ہی جو شاہد مین شرط ہی بجز لفظ شہادت و حضور مجلس قضا اور یہ سب مذکور امام کا مذہب ہی اور صاحبین کے نزدیک تو فقط تمیز مخبر مین شرط ہی کذا فی الطحطاوی وقیدہ فی البحر بالعزل القصدی وبما اذا لم یصدقہ وبکون المخبر غیر المرسل ورسولہ فانہ یعمل بخبرہ مطلقا کما سیجئ فی بابہ اور قید لگائی ہی بحر الرائق مین قصدی معزولی کی اور اُسکی کہ جبکہ وکیل مخبر کی تصدیق نہ کرے اور اُسکی کہ مخبر غیر مرسل ہو اور موکل کا پیام رسان نہو اسواسطے کہ پیام رسان کی خبر پر مطلقاً عمل ہی چنانچہ عزل وکیل کے باب مین آویگا ام یعنی عزل قصدی مین عدد یا عدالت شرط ہی اور عزل

حکمی مین تو قبل علم معزولی کے معزول ہوجاتا ہے عزل حکمی یہ کہ موکل مرجاے یا اسکو جنون مطبق ہوجاے غیر مرسل غلط ہے بلکہ صواب غیر خصم ہے چنانچہ بحر الرائق مین ہے یعنی اگر خصم
خبر دے تو عدد یا عدالت مخبر شرط ہے اور اگر شفیع کو خود مشتری بیع کی خبر دے تو بالاجماع طلب واجب ہے اگر تاخیر کریگا تو حق ساقط ہوگا پیام رسان کی خبر پر مطلقاً عمل
لازم ہے خواہ وہ فاسق ہو یا صغیر یا اسکی تکذیب کرے کذا فی الطحطاوی باع قاض او امینہ وان لم یقل جعلتک امینا فی بیعہ علی الصحیح ولوالجیۃ عبدا للغرماء
واخذ المال فضاع ثمنہ عند القاضی او استحق العبد او ضاع قبل تسلیمہ لم یضمن لان امین القاضی کالقاضی والقاضی کالامام وکل منہم لا یضمن بل لا یکلف
بخلاف نائب الناظر قاضی یا اسکے امین نے اگرچہ قاضی نے یہ نہ کہا ہو کہ مین نے تجکو امین مقرر کیا اسکی بیع مین لقول صحیح کذا فی الولوالجیہ غلام کو بیچا دین والون کے
ادائے دین کے واسطے اور مال لیا سو اسکا ثمن ضائع ہوگیا قاضی کے پاس اور غلام مالک غیر نکلا یا غلام ہلاک ہوگیا قبل اسکی تسلیم کے تو قاضی اور امین ضامن
نہین اسواسطے کہ قاضی کا امین قاضی کے مانند ہے اور قاضی سلطان کے مانند ہے اور ہر ایک امین سے تاوان نہین دیتا بلکہ انسے قسم بھی نہین لیجاتی بخلاف ناظر
وقف کے نائب کے کہ اسکا قول بدون قسم کے معتبر نہین ہم قاضی اور سلطان پر اسواسطے تاوان نہین کہ اگر انپر تاوان ہو تو اس امانت کے قبول کرنے سے وہ پرہیز کرین تو
رعایا کی مصالح معطل ہوجاوین کذا فی العینی ورجع المشتری علی الغرماء لتعذر الرجوع علی العاقد اور مشتری اپنا ثمن دین والون سے پھیرلے بسبب متعذر ہونے
رجوع کے عاقد پر یعنی قاضی یا امین پر ہم اور قاعدہ یہ ہے کہ جب تعلق حقوق کا عاقد سے متعذر ہو تو اس شخص سے تعلق ہوگا جو اقرب الناس الی العقد ہے اور عقد کی
طرف اقرب الناس وہ ہے جسکو عقد سے فائدہ حاصل ہو سو یہان اصحاب دیون مین جنکے واسطے بیع واقع ہوئی کیا تو نہین جانتا کہ قاضی بیع کا حکم نہین دیتا جب تک
صاحب دین طلب کرے کذا فی الحموی تصرف ولو باعہ الوصی لہم ای لاجل الغرماء بامر القاضی او بلا امرہ فاستحق العبد او مات قبل القبض العبد من الوصی وضاع
الثمن رجع المشتری علی الوصی لانہ وان نصبہ القاضی عاقد انیابۃ عن المیت فترجع الحقوق الیہ وہو فیرجع علی الغرماء لانہ عامل لہم اور اگر غلام کو وصی نے دین والون
کے واسطے بیچا قاضی کے حکم سے یا بدون اسکے حکم کے پھر غلام مستحق غیر نکلا یا مرگیا قبل قبضہ کروادینے غلام کے وصی کی جانب سے اور ثمن ضائع ہوگیا تو مشتری
وصی سے ثمن پھیرے اسواسطے کہ وصی کو اگرچہ قاضی نے عاقد قائم کیا میت کا نائب بناکر حقوق عہد وصی ہی کی طرف راجع ہونگے اور وصی دین والون پر
رجوع کریگا کیونکہ وہ عامل ہے انھین کی منفعت کے واسطے ہم جو کسی کے واسطے کام کرے اور اس کام کے سبب سے اسپر ضمان لازم آوے تو وہ تاوان اس سے
پھیرے جسکے واسطے کام کرتا تھا طحطاوی نے کہا بہتر یہ تھا کہ شارح یرجع کہتا بجاے فیرجع کے ولو ظہر بعدہ للمیت مال رجع الغریم فیہ بدینہ ہو الاصح اور اگر بعد اسکے میت کا
مال ظاہر ہو تو دین والا اپنا دین اس مال مین سے پھیرلے یہی قول اصح ہے اخرج القاضی الثلث للفقراء ولم یعطہم ایاہ حتی ہلک کان الہالک من مالہم
ای الفقراء والثلثان للورثۃ لما مر قاضی نے متروکہ موصی سے تہائی نکالی فقیرون کے واسطے اور انکو نہین دی یہان تک کہ وہ تلف ہوگئی تو فقیرون کا مال ضائع
ہوگیا اور باقی دو تہائیان وارثون کا حق ہے چنانچہ مذکور ہوچکا ہم یعنی قاضی فقیرون کے واسطے عامل تھا تو قاضی پر ضمان نہوگا امرک قاض عدل برجم او
قطع فی سرقۃ او ضرب فی حد قضی بہ بما ذکر وسعک فعلہ لوجوب طاعۃ ولی الامر ای مخاطب تجکو قاضی عادل نے امر کیا زانی محصن کی سنگساری کا یا ہاتھ کاٹنے
کا چوری مین یا مارنے کا حد مین جسکا وہ حکم کرچکا ہے یعنی بثبوت رجم یا قطع یا ضرب کا حکم دے چکا تو تجکو اسکے فعل مین گنجائش ہے تنگی نہین بسبب واجب ہونے
طاعت حاکم کے یعنی طاعت اولی الامر قرآن مجید سے ثابت ہے اور منجملہ طاعت حاکم کی تصدیق ہے ومنعہ محمد حتی یعاین الحجۃ واستحسنوہ فی زماننا وفی العیون
وبہ یفتی اور منع کیا ہے فعل مذکور کو محمد رح نے تاوقتیکہ حجت ثبوت کو معاینہ کرے اور علما نے اسکو پسند کیا ہے ہمارے زمانے مین اور عیون مین ہے کہ اسی قول کا
فتوی ہے ہم وجہ استحسان مذکور فساد قضاۃ ہے اسواسطے کہ اکثر قاضی رشوت دیکر عہدہ قضا حاصل کرتے ہین تو احکام انکے باطل ہین اور تدارک قطع وغیرہ کا غیر ممکن
ہے بحر الرائق مین کہا لیکن عینی نے بعد اسکے صدر شہید کی شرح ادب القاضی مین دیکھا کہ محمد رح نے شیخین کے قول کی طرف رجوع کیا ہے چنانچہ ہشام نے محمد سے رجوع
کی روایت کی ہے انتہی خلاصہ یہ ہے کہ محمد اول شیخین کے موافق تھے پھر قائل منع مذکور کے ہوئے پھر انکا رجوع کرنا شیخین کے قول کی طرف صحیح ہوا کذا فی الطحطاوی۔

الا فی کتاب القاضی للضرورۃ مگر قاضی کے خط مین اُسکے موافق عمل کرنا بلا معاینہ حجت جائز ہی بسبب ضرورت کے یعنی لضرورت احیاء حق اور اسواسطے کہ خیانت اس
کم واقع ہوتی ہی کذا فی الطحطاوی وقیل یقبل لو عدلا عالما اور بعضون نے کہا رجم یا قطع یا ضرب کا قول مقبول ہی اگر قاضی عادل اور عالم ہو ہم یہ قول ہی ابو منصور
کا اسواسطے کہ عدم اعتماد بدلت فساد اور غلط کے ہی اور یہ امر عالم عادل مین منتفی ہی اور اسبیجابی نے ذکر کیا امام کے نزدیک قاضی کے بموجب قول کے عمل کرنا اس
صورت مین ہی جبکہ قاضی عالم عادل ہو اسواسطے کہ قاضی جاہل ظالم لائق قضا کے نہین اور اُسکا امر بالاتفاق لائق امتثال کے نہین تو ابو منصور کا قول
کشف ہی مذہب امام سے کذا فی الطحطاوی وان عدلا جاہلا ان استفسر فاحسن تفسیر الشرائط صدق والا لا اور اگر قاضی عادل جاہل ہی اگر اس
استفسار کیا جاوے تو بیان شرائط کا خوب کرے تو اُسکی تصدیق ہوگی اور نہین تو تصدیق نہوگی ہم مثال اُسکی زنا مین یہ ہی کہ قاضی کہے کہ مین نے زنا کے مقر
سے استفسار کیا اور زنا کا اور جس عورت سے اُسنے زنا کیا اُسکا سوال مقر سے کیا تو اُسنے اقرار کیا چنانچہ اُسمین معروف ہی اور اسپر مین نے سنگساری کا حکم کیا
اور حد سرقہ مین کہے کہ میرے نزدیک حجت ثابت ہوا کہ اُسنے بقدر نصاب مکان محفوظ سے لیا جسمین کچھ شبہہ نہین اور قصاص مین کہے کہ اُسنے عمدا بلا شبہ
قتل کیا تو اب اُسکی تصدیق اور قبول قول واجب ہی کذا فی النہر وکذا لا یقبل قولہ لو کان فاسقا عالما کان او جاہلا للتہمۃ فالقضاۃ اربعۃ اور اسی طرح قاضی کا
قول مقبول نہین اگر قاضی فاسق ہو عالم ہو یا جاہل بسبب تہمت کے تو قاضی چار قسم پر ہین ہم قاضی یا عالم عادل ہی یا جاہل عادل یا عالم غیر عادل ہی یا جاہل
غیر عادل ہی تو قاضی اول کے قول پر قطع ید جائز ہی اور قاضی ثانی اگر سوال سب مین خوب بیان کرے تو تصدیق اُسکی واجب ہی اور قطع جائز ہی اور ثالث
اور رابع کا قول مقبول نہین کذا فی صدر الشریعۃ الا ان یعاین الحجۃ ای سببا شرعا ای جبکہ حجت یعنی سبب شرعی کا معاینہ کرے تو اب قاضی جاہل اور فاسق کا قول
مقبول ہی ہم اسواسطے کہ بعد معاینہ حجت تہمت باقی نرہی شارح نے حجت کو با ول بسبب اسواسطے کیا تا اقرار کو بھی شامل ہو جاوے صب دہنا لانسان عند الشہود
فادعی مالکہ ضمانہ وقال الصاب کانت الدہن نجسۃ وانکر المالک فالقول للصاب لانکارہ الضمان والشہود یشہدون علی الصب لا علی عدم النجاسۃ
ڈھلکایا کسی آدمی کا تیل گواہون کے سامنے سو اُسکے مالک نے اُسکے تاوان کا دعوی کیا اور ڈھلکانے والے نے کہا کہ تیل ناپاک تھا اور مالک اُسکا انکار
کرتا ہی تو ڈھلکانے والے کا قول معتبر ہی بسبب منکر ہونے ضمان کے اور گواہ گواہی دیتے ہین ڈھلکانے پر نہ کہ تیل کی عدم نجاست پر ہم ظاہر اجواب عدم
ضمان مطلق پر دلالت کرتا ہی حالانکہ تیل اگر ناپاک ہوجاوے تو اُسکی تطہیر ممکن ہی اور تیل ناپاک کا چراغ مین جلانا درست ہی غیر مسجد مین اور اگر اُسکو اسپر حمل کیجیے کہ اسپر
پاک تیل کا ضمان نہین بلکہ ناپاک کا ضمان ہی تو جواب ظاہر ہی یعنی بلا تردد صحیح ہی کذا فی الطحطاوی ولو قتل رجلا وقال قتلتہ لردتہ او لقتلہ ابی لم یسمع قولہ
لئلا یودی الی فتح باب العدوان فانہ یقتل ویقول کان القتل لذلک وامر الدم عظیم فلا یہمل بخلاف المال اقرار بزازیہ اور اگر ایک شخص نے قتل کیا ایک مرد کو اور کہا
کہ مین نے اُسکو قتل کیا بسبب اُسکے ارتداد کے یا بسبب اُسکے مار ڈالنے کے میرے باپ کو تو قاتل کا قول مسموع نہوگا تا سرکشی اور شورش کا دروازہ نہ کھلجائے
لیئے اگر اُسکا قول بلا شہود مقبول ہو تو فساد عظیم برپا ہو جو شخص چاہے دوسرے کو ناحق مار ڈالے اور اُسکے ارتداد وغیرہ کا دعوی کرے لہذا وہ قاتل قتل کیا جائیگا اور
قاضی کہے کہ قتل اُسکے واسطے تھا اور خون کا امر عظیم ہی سو وہ سہل چھوٹ نہین سکتا بخلاف مال کے کذا فی البزازیہ من کتاب الاقرار م خون کا امر عظیم ہی لہذا مال مین
ایک قسم کفایت کرتی ہی اور خون مین پچاس قسمین صدق قاض معزول بلا یمین قال لزید اخذت منک الفا قضیت بہ ای بالالف لبکر ودفعت الیہ
او قال قضیت بقطع یدک فی حق وادعی زید اخذ الالف وقطعہ الید ظلما واقر بکونہما ای الاخذ والقطع فی وقت قضائہ وکذا لو زعم فعلہ قبل التقلید
او بعد العزل فی الاصح لانہ اسند فعلہ الی حالۃ معہودۃ منافیۃ للضمان فیصدق الا ان یبرہن زید علی کونہا فی غیر قضائہ فالقاضی یکون مبطلا صدر الشریعۃ
مقصد یہ کہ سچا ہوگا اُس قاضی معزول کی بدون قسم کے جسنے زید سے کہا کہ مین نے تجھسے دہ ہزار درم لیے جبکہ مین نے حکم کیا تھا بکر کے واسطے
اور مین نے اُسکو دیے یا قاضی نے کہا کہ مین نے حکم دیا تھا تیرے ہاتھ کاٹنے کا حق مین اور زید نے اُسکے ہزار درم لینے اور ہاتھ کاٹنے کا از راہ ظلم کے

دعویٰ کیا اور اقرار کیا کہ دونون امر یعنی اخذ اور قطع اُس قاضی کی قضا کی حالت مین واقع ہوئی اور اسی طرح قاضی کی تصدیق ہوگی اگر اُسنے فعل مذکور کو
گمان کیا قبل التقلید قضا یا بعد معزول ہونے کے قول اصح مین اسواسطے کہ زید نے قاضی کے فعل کی اُس حالت معینہ یعنی قضا کی طرف نسبت کی جو تاوان کے
منافی ہو تو قاضی کی تصدیق ہوگی مگر یہ کہ زید گواہ لاوے اسپر کہ اخذ اور قطع حالت قضا مین نہین واقع ہوئی تو اب قاضی مبطل ہوگا اس فعل مین کذا فی الشرنبلالیہ
ہم حالت قضا اسواسطے منافی ضمان ہو کہ ظاہر اُسکا شاہد ہو اسلیے کہ ظاہرا قاضی ظلم کا حکم نہین کرتا اور قاضی پر قسم اسواسطے نہین کہ فعل اُسکا قضا مین باقرار
مدعی ثابت ہوا کذا فی الطحطاوی فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا نقل فی الاشباہ عن بعض الشافعیۃ اذا لم یکن للقاضی شئ فی بیت المال فلہ اخذ عشر ما یتولی من
اموال الیتامی والاوقاف اشباہ مین نقل کیا کسی شافعی المذہب سے کہ جب قاضی کا بیت المال سے کچھ روزینہ مقرر نہو تو اُسکو دسوان حصہ اموال یتامی اور
اوقاف سے جکا وہ کار پرداز ہی لینا درست ہی ہم صاحب اشباہ نے اس قول کو صاحب انوار سے نقل کیا پھر اُسکے انکار مین مبالغہ کیا وفی الخانیۃ للمتولی العشر
فی مسئلۃ الطاحونۃ اور خانیہ مین ہو کہ متولی کو دسوان حصہ لینا جائز ہی مسئلہ طاحونہ مین ہم اس مسئلہ کا بیان ذکر بحیل ہی علاوہ برین یہ قول محرر اور منقح بھی
نہین اشباہ مین خانیہ سے یون منقول ہو کہ ایک شخص نے اراضی اپنے موالی پر وقف کی پھر واقف مرگیا اور قاضی نے وقف ایک متولی کو سپرد کیا اور حاصلات
وقف کا دسوان حصہ متولی کیواسطے مقرر کر دیا اور وقف مین ایک طاحونہ یعنی ایک پنچکی ہو ایک شخص کے ہاتھ مین بطور مقاطعہ جسمین متولی کی کچھ حاجت نہین
اور اس پنچکی والے لوگ اُسکا غلہ لیا کرتے ہین تو متولی کا دسوان حصہ اسمین واجب نہوگا اسواسطے کہ متولی نہین لیتا مگر بطریق اجر کے تو مستوجب اجر نہوگا
بدون عمل کے انتہی علامہ بیری نے کہا صواب یہ ہو کہ عشر جو متولی کے واسطے اسوقت مین مقرر ہوا تو مراد اُس سے اجرت مثل ہو تو اگر عشر زیادہ ہوا اجرت مثل سے
تو زائد کو پھیر دے اور تلخیص کرے اور خزانۃ الاکمل اور ولوالجیہ مین بطریق اجمال یون ہو کہ متولی کو اجر مثل سے زیادہ لینا جائز نہین کذا فی الطحطاوی ملخصا قلت
لکن فی البزازیۃ کل ما یجب علی القاضی والمفتی لا یحل لہما اخذ الاجرۃ کانکاح صغیر لانہ واجب علیہ وکجواب المفتی بالقول واما بالکتابۃ فیجوز لہما علی قدر کتابتہما لان الکتابۃ
لا تلزمہما وتمامہ فی شرح الوہبانیۃ مین کہتا ہون لیکن بزازیہ مین ہو کہ جو فعل کہ قاضی اور مفتی پر واجب ہو تو وہ دونون کو اُسکی مزدوری لینا جائز نہین
جیسے صغیر کا نکاح کر دینا اسواسطے کہ وہ قاضی پر واجب ہی اور جیسے مفتی کا زبانی جواب دینا کہ وہ مفتی پر واجب ہی اور تحریر کی اجرت لینا سو قاضی اور
مفتی دونون کو جائز ہی بقدر اُنکی کتابت کے اسواسطے کہ کتابت قاضی اور مفتی پر لازم نہین اور پورا بیان اُسکا شرح وہبانیہ مین ہی ہم خلاصہ مین ہو
کہ قاضی کو سجلات وغیرہا کی کتابت پر اجرت لینا بقدر اجرت مثل جائز ہی یہی قول مختار ہی اور نکاح صغار پر کچھ لینا جائز نہین اور اسکے سواے حلال ہو
اور مال یتیم کی بیع کی اجازت پر اجرت حلال نہین اور اگر اجرت لے گا تو بیع نافذ نہوگی انتہی شرح وہبانیہ مین کہا اور اصح یہ ہو کہ تقدیر اجرت کی بقدر مشقت
کے ہی اور کہا ہے ایک سو کے وثیقہ کی مشقت جسمین اجناس مختلفہ ہین زیادہ ہوتی ہی دس لاکھ نقد کی مشقت پر مین کہتا ہون اور عمادیہ مین ملتقط سے ہی اور یہ
جو بعضون نے کہا کہ ہر ایک ہزار مین پانچ درم اجرت ہی سو معتمد نہین اور ہمارے اصحاب رحمہم اللہ کی فقہ سے مناسب اور لائق نہین اور کونسی مشقت ہو کاتب کو کثرت
ثمن کی تحریر مین اُسکو تو اجرت مثل ہی بقدر اُسکی محنت کے اور بقدر اُسکی صنعت اور عمل کے مانند اجرت حکاک اور ثقاب کے مشقت قلیلہ مین اور شرح تمرتاشی مین
نصاب سے منقول ہو کہ اجرت تو واجب ہی بقدر رنج اور تعب کے اور یہ قول ہمارے اصحاب کے اصول سے اشبہ ہو اور کتاب السجلات مین ہی کہ صحیح قول یہ ہو کہ وثیقہ نوشتہ
کے طول اور قصر اور اُسکی صعوبت اور سہولت کی مقدار کی طرف مرجع ہی اجرت کا انتہی کذا فی الطحطاوی وفیہا ولیس لہا جر وان کان قاسما وان لم یکن من
بیت قال مقرر اور شرح وہبانیہ مین ہی اور قاضی کے واسطے اجرت نہین اگرچہ وہ قاسم ترکات ہو اور گو اُسکے واسطے بیت المال سے کچھ مقرر نہو اور خص لبعض
لانعدام مقررہ وفی عصرنا فالقول الاول ہو المعتبر اور بعض نے تخصیص کی بسبب انعدام مقرر کے اجرت جائز رکھی ہی اور ہمارے زمانے مین تو پہلا قول منصور اور مختار ہی و یجوز للمفتی
علی کتبہ خطہ علی قدر ہ اذ لیس فی الکتب تکثیر اور مفتی کو اجرت مجوز کتبی اُسکے لکھنے پر بقدر اُسکی کتابت کے اسواسطے کہ مفتی کتابت مین منحصر نہین یعنی اُسپر کتابت واجب

اور لازم نہین ہم شرح وہبانیہ مین جلال الدین ابو المحامد سے منقول ہے کہ فقہائے کہا کہ مفتی کو کچھ مضائقہ نہین جواب فتوی کی کتابت کی اجرت لینے مین اسواسطے کہ مفتی پر زبان سے جواب دینا واجب ہے نہ ہاتھ سے لکھدینا اور باوجود اسکے نہ لینا بہتر ہے یعنی قیل اور قال سے بچے اور ابرو اور ابتذال سے محفوظ رہے کذا فی الطحطاوی واللہ تعالی اعلم واستغفر اللہ العلیم

کتاب الشہادات

یہ کتاب ہے شہادات کے احکام مین ہم شہادات جمع ہے شہادت کی اگرچہ شہادت اصل مین مصدر ہے لیکن مصنف اسکو بصیغہ جمع لایا باعتبار اسکے انواع کے اخرہا عن القضاء لانہا کالوسیلۃ وہو المقصود مصنف نے شہادت کو موخر کیا قضاء سے اسواسطے کہ شہادت بمنزلہ وسیلہ کے ہے اور قضا مقصود ہے اور مقصود مقدم ہے وسیلہ پر ہی لغۃ خبر قاطع شہادت لغت مین عبارت ہے خبر قاطع سے یعنی قطعی اور یقینی خبر جسمین شک اور تردد نہین وشرعاً اخبار صدق لاثبات حق فتح فاطلاقہا علی الزور مجاز کاطلاق الیمین علی الغموس اور شرع مین شہادت عبارت ہے اخبار صدق سے حق ثابت کرنے کے واسطے کذا فی الفتح مین کہتا ہون جب شہادت اخبار صدق ہوئی تو جھوٹی گواہی کو شہادت بولنا مجاز ہے نہ حقیقت جیسے قسم بولنا جھوٹی قسم پر مجاز ہے ہم اخبار بمنزلہ جنس کے ہے اور صدق کی قید سے اخبار کاذبہ حد شہادت سے نکل گئین اور اثبات حق کی قید سے وہ قول نکل گیا جو بعض عرفیات کو کوئی شخص مجلس قضا مین بہ لفظ اشہد تکلم کرے بلفظ الشہادۃ اخبار صدق بلفظ شہادت ہو ہم یعنی شہادت ثابت ہین بالخصوص لفظ شہادت سے متعین ہے تو تعبیر بہ لفظ علم و یقین کافی نہین فی مجلس القاضی و لو بلا دعوی کما فی عتق الامۃ اخبار صدق بہ لفظ شہادت مجلس قاضی مین اگرچہ بلا دعوی مدعی ہو چنانچہ لونڈی کی آزادی مین ہم مجلس قضا کی قید سے شاہد کی وہ خبر خارج ہو گئی جو غیر مجلس قضا مین واقع ہوئی کہ وہ معتبر نہین عتق جاریہ اور طلاق زوجہ مین صحت شہادت کے واسطے دعوی شرط نہین بلکہ جمیع شہادت حسبیہ کا یہی حکم ہے کذا فی الطحطاوی وسبب وجوبہا طلب ذی الحق او خوف فوت حقہ بان لم یعلم بہا ذو الحق وخاف فوتہ لزمہ ان یشہد بلا طلب فتح اور وجوب شہادت کا سبب طلب صاحب حق ہے یعنی جبکہ صاحب حق شہادت کی درخواست کرے یا صاحب حق کے حق فوت ہونے کا خوف ہو اسطرح پر کہ صاحب حق نہ جانتا ہو شاہد کی شہادت کو اور شاہد ڈرے فوت ہو جانے حق سے تو اسکو گواہی دینا لازم ہوگا بلا طلب مدعی کے کذا فی الفتح یعنی آدمی کے حق مین شہادت شاہد پر واجب نہین بلا طلب آدمی مگر در صورت خوف فوت حق اور حق اللہ کی ادا شہادت مین تو شاہد شرعاً مطالب ہے شرطہا احد وعشرون شہادت کی شرطین اکیس ہین شرط مکانہا واحد مکانہا شہادت کی شرط ایک ہے یعنی ایک شرط یہ ہے کہ مجلس قضا مین شہادت واقع ہو طحطاوی نے کہا بہتر تھا کہ شارح یون کہتا کہ شرط مکانہا واحد و شرائط التحمل ثلثۃ العقل الکامل وقت التحمل والبصر ومعاینۃ المشہود بہ الا فیما یثبت بالتسامع اور تحمل شہادت یعنی شاہد ہونے کی شرطین تین ہین عقل کامل ہونا شاہد ہونے کے وقت اور بصارت اور معاینہ کرنا اس چیز کا جسکی گواہی دیگا مگر اسکا معاینہ شرط نہین جسمین تسامع سے گواہی ثابت ہے ہم جب عقل کامل شرط ہوئی تو مجنون اور صغیر لا یعقل کا گواہ ہونا صحیح نہین اور اسی طرح اندھے کی گواہی صحیح نہین بسبب عدم بصارت کے لیکن تحمل شہادت کے واسطے بلوغ اور حریت اور اسلام اور عدالت شرط نہین تو اگر گواہ ہونے کے وقت صغیر عاقل ہو یا کافر یا فاسق پھر صغیر بالغ ہو جاوے اور غلام آزاد اور کافر مسلمان اور فاسق توبہ کرے اور ان حالتوں مین قاضی کے سامنے گواہی دین تو گواہی مقبول ہوگی کذا فی البحر و شرائط الاداء سبعۃ عشر عشرۃ عامۃ وسبعۃ خاصۃ اور ادائے شہادت کی سترہ شرطین ہین دس شرطین عام ہین جمیع انواع شہادت مین اور سات شرطین بعض انواع شہادت مین خاص ہین منہا الضبط از انجملہ ضبط ہے یعنے یہ شرط ہے کہ شاہد کو واقعہ خوب یاد ہو یہانتک کہ اگر تردد ہو تو امام کے نزدیک شاہد کو اپنے خط پر اعتماد کرنا جائز نہین بدون مقدمہ یاد ہونے کے خلافاً للصاحبین ومنہا الولایۃ فیشترط الاسلام لو المدعی علیہ مسلماً اور منجملہ شرائط ولایت ہے یعنی شاہد کو ولایت حاصل ہو مشہود علیہ پر اسطرح کہ دونون کا دین ایک ہو یا شاہد کا دین حق ہو اور شاہد حر بالغ ہو کذا فی الطحطاوی تو اسلام شاہد کا شرط ہے اگر مدعا علیہ مسلمان ہو ہم اور اگر مدعا علیہ کافر ہو تو اسپر مسلم اور کافر کی گواہی مقبول ہے والقدرۃ علی التمییز بالسمع والبصر بین المدعی والمدعی علیہ اور از انجملہ یہ شرط ہے کہ شاہد کو قدرت ہو مدعی اور مدعا علیہ کے مابین امتیاز کرنے کی بسبب سماعت اور بصارت کے یعنی آواز سنکر اور صورت دیکھکر دونون مین فرق کرسکتا ہو ومن الشرائط عدم قرابۃ ولاد او زوجیۃ اور منجملہ شرائط عدم قرابت ہے

باعتبار ولادت اور زوجیت کے ہم تو گواہی اصل کی فرع کے واسطے اور اسکے بالعکس جائز نہیں اور اسی طرح زوجین کی گواہی اور عداوۃ دنیویہ اور منجملہ شرائط عدم عداوت دنیوی ہے تو دینی عداوت مانع شہادت نہیں اور دفع مغرم اور جر مغنم کا نہیجی یا منجملہ شرائط دفع تاوان یا حصول منفعت کا نہونا ہے چنانچہ عنقریب اسکا ذکر آویگا یعنی شرط ہے کہ شاہد کو شہادت سے فائدہ نہ حاصل ہو اور نہ اپنی ذات سے دفع مضرت کرے ہم ماتن اور شارح نے شہادت کے شرائط کو بالاستیعاب ذکر نہ کیا اور تفصیل شرائط اسطرح ہے کہ بعض شرائط شاہد کی طرف راجع ہیں انمیں سے پانچ وجوب وقبول کی شرطیں ہیں بلوغ اور حریت اور بصارت اور نطق اور عدالت اور یہ کہ شاہد محدود فی القذف نہو اپنی ذات کے واسطے جر منفعت نکرے اور نہ اپنی ذات سے تاوان کو ہٹا دے اور یہ کہ شاہد خصم نہو تو شہادت وصی کی یتیم کے واسطے اور وکیل کی موکل کے واسطے مقبول نہیں اور یہ کہ مشہود بہ خوب یاد ہو اور بعضے شرائط شہادت کی طرف راجع ہیں وہ یہ ہیں کہ دونوں شاہدوں کا اتفاق ہو گواہی میں اور یہ شرط عام ہیں جمیع انواع شہادت میں اور جو بعض انواع میں مخصوص ہیں انمیں سے اسلام ہے اگر مشہود علیہ مسلم ہو اور ذکورت یعنی مرد ہونا حد اور قصاص کی گواہی میں اور تقدیم دعوی حقوق عباد میں اور موافقت شہادت کی دعوی سے جسمیں تو اتفاق شرط ہے اور قیام رائحہ شرب خمر کی شہادت میں مگر بعد مسافت سے اور اصالت حدود اور قصاص کی شہادت میں اور حضور اصل کا متعذر ہونا شہادت علی الشہادت میں تو یہ اداے شہادت کی شرطیں ہیں اور مکان شہادت مجلس قضا اور عقل اور بصارت یہ دونوں تو تحمل اور ادا دونوں میں شرط ہیں اور معاینہ مشہود بہ فقط تحمل کی شرط ہے نہ ادا کی تو یہ سب بیس شرطیں ہوئیں اور انیس اگر اسباعت کہ یہ شرط ہے زائد ہے جسکو شارح نے اعتبار کیا ہے تو باعتبار سمع الکیس شرطیں ہوتی ہیں کذا فی الطحطاوی ورکنہا لفظ اشہد لاغیر

لتضمنہا معنی مشاہدۃ وقسم واخبار للحال فکانہ یقول اقسم باللہ لقد اطلعت علی ذلک وانا اخبر بہ وہذہ المعانی مفقودۃ فی غیرہ فتعین حتی لو زاد فیما اعلم بطل للشک

اور شہادت کا رکن لفظ اشہد ہے بصیغہ مضارع متکلم نہ کوئی اور لفظ سواے اسکے بسبب متضمن ہونے اس لفظ کے معنی شہادت اور قسم اور اخبار حالی کو تو شاہد نے لفظ اشہد بول کر گویا یون کہا کہ میں اللہ کی قسم کہتا ہون کہ مقرر میں مطلع ہوا اسپر اور میں اسکی خبر دیتا ہون اور یہ معانی ثلثہ حاصل نہیں لفظ اشہد کے غیر میں تو اسی واسطے لفظ اشہد کا متعین ہوگیا یہانتک کہ اگر شاہد فیما اعلم زیادہ کریگا یعنی یون کہے کہ اشہد فیما اعلم یعنی میں گواہی دیتا ہون اپنے علم کے موافق تو شہادت باطل ہوگی بسبب شک کے ہم لفظ اشہد بصیغہ مضارع جبکہ رکن شہادت کا ہے تو شہدت کے لفظ سے گواہی جائز نہیں اسواسطے کہ صیغہ ماضی زمان گذشتہ کی اخبار کے واسطے موضوع ہے تو اگر شہدت (میں نے گواہی دی ۱۲) کہے تو اخبار ماضی کی اسمین محتمل ہوگی تو شاہد فی الحال کا مخبر نہوگا بخلاف جبکہ لفظ اشہد متعین ہوگا شہادت میں تو علم اور یقین کا لفظ کافی نہوگا یعنی اگر شاہد یون کہے کہ میں جانتا ہون یا فلانی چیز میرے نزدیک متیقن ہے تو شہادت مقبول نہیں اور شارح پر شرط ہے کہ بعد لفظ شہادت وہ لفظ نہ بولے جو شک پر دلالت کرے چنانچہ لفظ فیما اعلم یا فی ظنی کذا فی الطحطاوی وحکمہا وجوب الحکم علی القاضی بموجبہا بعد التزکیۃ بمعنی افتراضہ فورا الا فی ثلث قدمناہا

اور حکم شہادت واجب ہونا حکم کا ہے قاضی پر بمقتضاے شہادت کے تزکیہ شہود کے بعد وجوب حکم بمعنی افتراض علم ہے فورا مگر تین صورتوں میں جنکو ہم پہلے ذکر کرچکے ہیں یعنی جب تزکیہ شہود ہوگیا تو اب قاضی پر بمقتضاے شہادت کے فی الفور حکم کرنا فرض ہوگیا مگر جبکہ صلح اقارب کی توقع ہو یا مدعی مہلت طلب کرے یا قاضی کو شک واقع ہو تو فی الفور حکم کرنا فرض نہیں اشتراط تزکیہ صاحبین کا قول مفتی بہ ہے کذا فی الشرنبلالیہ

فلو امتنع بعد وجود شرائطہا اثم لترکہ الفرض واستحق العزل لفسقہ وعزر لارتکابہ مالا یجوز شرعا زیلعی

سو اگر قاضی بمقتضاے شہادت حکم نہ دے شرائط منعقد ہونے پائے جانے کے بعد تو گنہگار ہوگا بسبب ترک کرنے فرض کے اور معزول کرنے کے لائق ہوگا بسبب اسکے فاسق ہوجانے کے اور اسکو تعزیر دیجاویگی بسبب اسکے مرتکب ہونے اس چیز کے جو شرعا جائز نہیں کذا فی الزیلعی وکفر ان لم یر الوجوب ای ان لم یعتقد افتراضہ علیہ ابن ملک

واطلق الکافیجی کفرہ واستظہر المصنف الاول

اور قاضی کافر ہوجائیگا اگر اسکا وجوب نہ جانے یعنے اگر حکم فرض ہونے کا اپنے اوپر معتقد نہو تب کافر ہوگا کذا ذکرہ ابن ملک فی شرح المجمع اور کافیجی نے قاضی کا کفر امتناع حکم سے مطلق کہا بلا قید عدم اعتقاد فرضیت اور مصنف نے اپنی شرح میں قول اول

[illegible] ہے اگر ان میں [illegible] پاے جائین [illegible] اور [illegible] شہادت نہیں ۱۲

اول یعنی درصورت عدم اعتقاد فرضیت کے تقویت کی ہے اور کافی ایک عالم ہے جسکا رسالہ مسمّی البینہ القضاۃ علی البناۃ کذا فی النہ ویجب اداؤہا بالطلب
ولو حکما کما مر اور واجب ہے ادا کرنا گواہی کا مدعی کی طلب سے چنانچہ مذکور ہو چکا یعنی جب کہ صاحب حق شاہد کی شہادت کو جانتا ہو اور خوف ہو فوت کا تو
شاہد پر بلا طلب اداے شہادت واجب ہے اور افتراض اداے شہادت مجمع علیہ ہے حق تعالی نے فرمایا (ولا تکتموا الشہادۃ ومن یکتمہا فانہ آثم قلبہ) یعنے نہ چھپاؤ
گواہی کو اور جو اسکو چھپاوے تو اسکا دل گنہگار ہے تو معلوم ہوا کہ کتمان قاضی سے حرام ہے تو قاضی سے اظہار فرض ہوا شاہدون پر بسبب
کتمان مجرم کی تاکید فرمائی کہ جو چھپاوے اسکا دل گنہگار ہے تو یہ تاکید پر تاکید ہے اسواسطے کہ گناہ کی نسبت ہے دل کی طرف جو اشرف الاعضا ہے
اور بدن کا رئیس ہے کیونکہ دل محل کتمان ہے تو وہی بالکل معصیت کا محل ٹھہرا بخلاف باقی معاصی کے جنکا تعلق اعضاء ظاہری سے ہے کذا فی الفتح
امام رازی نے احکام قرآن مین حق تعالی کے اس قول مین کہا (ولا یاب الشہداء اذا ما دعوا) یعنی انکار نہ کرین شاہد جبکہ وہ بلائے جاوین کہ
یہ بھی عام ہے تحمل اور اداے شہادت مین لیکن تحمل شاہدین کو شاہد کرنے کے واسطے شاہدون کے پاس جانا چاہیے شاہدون کو انکے پاس حاضر
ہونا لازم نہین اور اداے شہادت مین شاہدون کو قاضی کے پاس حاضر ہونا چاہیے نہ کہ قاضی انکے پاس سماعت شہادت کے واسطے آوے پھر
رازی نے کہا کہ شہادت فرض کفایہ ہے کہ بعض کی گواہی سے باقیون سے ساقط ہوجاتا ہے اور اگر دو شاہدون کے سوا تحمل اور ادا کے واسطے
کوئی نہولے تو شہادت فرض عین اور گواہ کرنا مبایعات اور مداینات پر مستحب ہے مگر قدر یسیر مین چنانچہ روٹی اور پانی اور ساگ انتہی اور کافی
مین ہے کہ اشہاد عقود مین مستحب ہے مگر نکاح مین ہمارے نزدیک واجب ہے اور اسی طرح رجعت مین شافعی اور احمد کے نزدیک انتہی اور بزازیہ مین ہے
کہ کچھ مضائقہ نہین کہ احتراز کرے آدمی تحمل اور اداے شہادت سے باوجود طلب کے جبکہ اور شخص موجود ہون تحمل اور ادا کے واسطے اور اگر اور لوگ
نہون تو امتناع جائز نہین کذا فی الطحطاوی ولکن وجوبہ بسبعۃ شروط مبسوطۃ فی البحر وغیرہ منہا عدالۃ قاضی و قرب مکانہ و علمہ بقبولہ او بکونہ اسرع قبولا
و طلب المدعی لو فی حق العبد ان لم یوجد بدلہ ای بدل الشاہد لانہا فرض کفایۃ یتعین لو لم یکن الا شاہدان لتحمل او اداء ولیکن اداے شہادت کا
وجوب سات شرطون سے ہے جو بحر الرائق وغیرہ مین مشرح ہین ازانجملہ عدالت قاضی اور اسکا مکان قریب ہونا تو شاہد کو قاضی کا قبول کرنا معلوم ہونا یا اسکے
نسبت ترقبول ہونے کا ظن اور مدعی کا طلب کرنا اگر گواہی حق العبد مین ہو بشرطیکہ اسکا بدل یعنی شاہد کا عوض کوئی موجود نہو اسواسطے کہ شہادت فرض کفایہ ہے فرض
عین ہوجاتی ہے اگر تحمل و ادا کے واسطے سوا ے دو شاہدون کے اور کوئی نہو ہم شارح نے شروط سبعہ سے پانچ شرطین ذکر کین ایک عدالت قاضی تو اگر قاضی
غیر عادل ہو تو گواہی نہ دینا جائز ہے کیونکہ غیر عادل اکثر طعن کرتا ہے قبول نہین کرتا اور اگر ظن غالب ہو قبول کا تو صاحب بحر نے کہا سزاوار یہ ہے کہ ادا شہادت
اسپر متعین ہو ۲ اقرب مکان تو اگر قاضی کا مکان اتنا بعید ہو کہ قاضی تک جانا اور اسی دن اپنے گھر پلٹ آنا ممکن نہو تو فقہا نے کہا کہ امتناع شہادت سے
گنہگار نہوگا کیونکہ اسکو اسمین ضرر لاحق ہوتا ہے اور حق تعالی نے فرمایا (ولا یضار کاتب ولا شہید) یعنے اور ضرر نہ پہونچایا جاوے کاتب اور شاہد کو ۳ علم قبول تا
اگر شاہد جانے کہ قاضی گواہی قبول نکریگا تو اسپر گواہی دینا لازم نہین یا علم سرعت قبول یعنی اگر شاہد جانے کہ میری گواہی جلد تر قبول ہوگی بہ نسبت اور شاہدون کے
تو اسپر اداے شہادت واجب ہے اگرچہ وہان اور بھی شاہد مقبول الشہادت ہون چنانچہ فتح القدیر مین ہے علامہ مقدسی نے کہا اسمین تامل ہے وجہ تامل یہ ہے
کہ جب وہان وہ شخص موجود ہے جس سے حق ثابت ہوسکتا ہے تو وجہ وجوب کی ظاہر نہین ہم طلب مدعی تو بلا طلب ادا شہادت واجب نہین مگر درصورت خوف فوت حق و
عدم علم مدعی الشہادۃ شاہد ۵ شاہد پر اداے شہادت کا متعین ہونا تو اگر متعین نہو اسطرح پر کہ وہان اور بھی شاہد مقبول الشہادت موجود ہون اور انھون نے گواہی بھی دی ہو
اور مقبول بھی ہوگئی ہو تو اب امتناع شہادت سے گنہگار نہوگا اور اگر مقبول نہوئی ہو تو اب گواہی نہ دینے مین گناہ ہوگا شرط سادسہ یہ ہے کہ شاہد کو دو عادل شخصون نے
بطلان مشہود بہ کی خبر نہ دی ہو تو اگر اسکو عادلین نے اسطرح خبر دی ہو کہ مدعی اپنا دین قبض کرچکا ہے یا زوج نے تین بار طلاق دی ہے یا مشتری نے

غلام کو آزاد کردیا ہے یا ولی مقتول نے قاتل کو خون معاف کردیا ہے تو اب اُسکو دین اور نکاح اور بیع اور قتل کی گواہی دینا جائز نہیں اور اگر مخبر عدول نہو تو شاہدون کو اختیار ہے چاہین گواہی دین اور قاضی سے مخبرین کی خبر بیان کردین اور چاہین گواہی نہ دین اور اگر مخبر ایک عادل ہو تو ترک شہادت مین اختیار نہین شرط سابع یہ ہے کہ شاہد کو یہ معلوم نہو کہ مقر نے خوف سے اقرار کیا ہے تو اگر یہ جانتا ہو کہ اُسنے خوف سے اقرار کیا ہے تو اُسکے اقرار کی گواہی نہ دے کذا فی الطحطاوی ملخصا بتصرف وکذا الکاتب اذا تعین لکن لہ اخذ الاجرۃ لا للشاہد حتی لو ارکبہ بلا عذر لم تقبل وبہ تقبل لحدیث اکرموا الشہود اور اسی طرح کاتب کا حکم ہے یعنی کتابت فرض ہے جبکہ کاتب متعین ہو جاے یعنے جب اُسکا کوئی بدل نہو لیکن کاتب کو اجرت لینا کتابت پر جائز ہے نہ شاہد کو یہانتک کہ اگر مدعی شاہد کو بلا عذر سوار کرلیگا تو اُسکی گواہی مقبول نہوگی اور عذر سے سواری دینے سے گواہی مقبول ہے بدلیل اس حدیث کے کہ اکرموا الشہود ھم عذر یہ ہے کہ شاہد ایسا پیرمرد ہو کہ چلنے پر قادر نہو اور جانور کے کرایہ دینے کا مقدور نہو اور یہ تفصیل صاحب نوازل کی ہے پوری حدیث خطیب اور ابن عساکر نے ابن عباس رض سے یون روایت کی ہے کہ (اکرموا الشہود فان اللہ تعالی یستخرج بہم الحقوق ویدفع بہم الظلم) یعنی تکریم اور توقیر کرو شاہدون کی اسواسطے کہ اللہ تعالی انکے سبب سے حقوق کو نکالتا ہے اور انکی جہت سے ظلم دفع کرتا ہے کذا فی الطحطاوی تو پیرمرد عاجز کو سواری دینا منجملہ توقیر اور تکریم کے ہے وجوز الثانی الاکل مطلقا وبہ یفتی بحر واقرہ المصنف اور ابو یوسف نے شاہدون کو کھانا دینا مطلقاً جائز رکھا ہے اور اسی کا فتوی ہے اور مصنف نے اُسکو ثابت رکھا ہے اپنی شرح مین ھم تجویز اکل مطلقاً ہے خواہ طعام مہیا ہو چکا ہو شاہدون کے آنے سے پہلے یا انکے واسطے تیار کیا ہوا ہو اور محمد رح نے مطلقاً منع کیا ہے اور بعضے مشائخ نے تفصیل کی ہے ویجب الاداء بلا طلب لو الشہادۃ فی حقوق اللہ تعالی اور اداے شہادت واجب ہے بدون طلب کے اگر شہادت اللہ تعالی کے حقوق مین ہو ھم واجب سے مراد فرض ہے خواہ فرض کفایہ ہو خواہ فرض عین حق اللہ مین قبول شہادت بلا طلب کی وجہ یہ ہے کہ حق تعالی کے حق کو ثابت کرنا ہر شخص پر واجب ہے تو شاہد بھی منجملہ انکے ہے جنپر یہ واجب ہے تو شاہد مدعی ٹھہرا من جہۃ الوجوب اور شاہد ٹھہرا من جہۃ تحمل الشہادت تو اور مدعی کی کچھ حاجت نہوئی اور بعضون نے حق اللہ مین قاضی کو مدعی کہا ہے وہی کثیرۃ عد منہا فی الاشباہ اربعۃ عشرۃ اور حقوق اللہ تعالی کے بہت ہین اُنمین سے اشباہ مین چودہ شمار کیے ہین ھم حقوق مذکورہ کی تفصیل یہ ہے طلاق عورت عتق جاریہ تدبیر جاریہ وقف ہلال رمضان حدود سوا حد قذف وسرقہ نسب خلع ایلا ظہار مصاہرت حریت اصلیہ صاحبین کے نزدیک نکاح عتق عبد صاحبین کے نزدیک لیکن قاضی خان نے کہا لائق یہ ہے کہ وقف مین جواب علی التفصیل ہو کہ جب وقف ہو قوم پر یا عیانم تو گواہی بدون دعوی عند الکل مقبول نہین اور اگر فقیرون اور مسجد پر وقف ہو تو امام کے نزدیک بدون دعوے مقبول نہین اور صاحبین کے نزدیک بدون دعوے مقبول ہے اسی کا فتوی دیا ابو الفضل کرمانی نے اور یہی مختار عمادیہ ہے اور ہلال رمضان کی گواہی قاضی خان کے نزدیک بلا دعوے مقبول ہے اور عمادیہ مین فتاوی رشید الدین سے عدم قبول مذکور ہے اور اصح مین اختلاف ہے بعضون نے اسکو ہلال رمضان پر قیاس کیا اور بعضون نے ہلال فطر پر اور نسب مین خلاف ہے صاحب محیط نے قبول بلا دعوے نقل کیا ہے اور بعضون کے نزدیک بلا دعوے مقبول نہین اور ایلا اور ظہار اور مصاہرت مین شرط یہ ہے کہ مشہود علیہ حاضر ہو اور نکاح بلا دعوے ثابت ہوتا ہے اسواسطے کہ حلت اور حرمت شرمگاہ حق اللہ ہے اور عتق عبد مین صاحبین کے نزدیک حق اللہ غالب ہے اسواسطے کہ حریت سے حقوق اللہ متعلق ہوتے ہین یعنی وجوب زکوۃ اور جمعہ اور عید اور حج اور حدود اور امام کے نزدیک حق العبد غالب ہے اسواسطے کہ حریت کا نفع عبد کی طرف راجع ہے کذا فی الطحطاوی قال ومتی آخر شاہد الحسبۃ شہادتہ بلا عذر فسق فترد صاحب بحر نے کہا کہ جب شاہد حسبۃ اپنی شہادت مین تاخیر کرے بدون عذر کے تو فاسق ہو جائیگا پس گواہی اُسکی مردود ہوگی ھم بحر الرائق مین قنیہ سے منقول ہے کہ بعضی مشائخ نے اُن گواہون مین جواب دیا جنھون نے حرمت غلیظہ کی گواہی دی پانچ دن کی تاخیر کے بعد بلا عذر کہ اُنکی گواہی مقبول نہین حاکی نے کہا حسبہ وہ ہے جس سے ثواب آخرت کی توقع ہو کذا فی الطحطاوی کطلاق امراۃ ای بائنا وعتق امتہ وتدبیرہا حقوق اللہ چنانچہ عورت کی طلاق بائن اور لونڈی کی آزادی اور اُسکا مدبر ہونا ھم عورت عام ہے خواہ بی بی ہو یا لونڈی بائن کی قید اسواسطے لگائی کہ طلاق رجعی مین زوجین کا پاس رہنا بطور ازواج مخالف شرع نہین اسواسطے کہ اسطرح

کا رہنا جبکہ مین شمار ہوگا لونڈی کی آزادی اسواسطے حق اللہ ہوئی کہ مولی پر اُسکی شرمگاہ اب حرام ہوگئی اور اسی طرح تدبیر سے اُسکی شرمگاہ وارثون پر حرام
ہے مولی کی موت کے بعد اور حرمت حق اللہ ہے وکذا عتق عبد وتدبیرہ شرح وہبانیہ اور اسی طرح ہے غلام کی آزادی اور اُسکا مدبر کرنا کذا فی شرح الوہبانیہ
م ابن وہبان نے کہا کہ غلام کے عتق اور تدبیر مین خلاف ہے اور لونڈی کا عتق اور تدبیر بالاتفاق حق اللہ ہے کذا فی الطحطاوی وکذا الرضاع کما مر فی بابہ
اور اسی طرح رضاع حق اللہ ہے چنانچہ باب الرضاع مین مذکور ہوچکا وہل یقبل جرح الشاہد حسبۃ للظاہر نعم لکونہ حقا للہ تعالی اشباہ اور کیا طعن کرنا شاہد مین
بارادہ ثواب مقبول ہے یا نہین جواب ظاہر یہ ہے کہ ہان مقبول ہے کیونکہ وہ حق اللہ ہے کذا فی الاشباہ م حسبہ حال ہے جرح سے یعنی اگر طاعن شاہد مین بقصد
ثواب طعن کرے تو ظاہر مقبول ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ حسبہ شاہد سے حال واقع ہو چنانچہ بعض نسخ ذکر کیا ہے کذا فی الطحطاوی فبلغت ثمانیۃ عشر تو حقوق
اللہ اٹھارہ تک پہونچ گئے یعنی چودہ حقوق وہ جو بحر الرائق سے مذکور ہوچکے اور چار حق شارح نے زیادہ کیے یعنی عتق عبد اور اُسکی تدبیر اور رضاع
اور طعن شاہد اور یہ جو مصنف نے طلاق عورت اور عتق امۃ اور اُسکی تدبیر کو ذکر کیا سو تو چودہ مین داخل ہین بالجملہ حقوق اللہ حقوق مذکورہ مین منحصر نہین
چنانچہ شارح نے پہلے بلفظ کثرت اُسکی طرف اشارہ کر دیا ولیس لنا مدعی حسبۃ الا فی الوقف علی المرجوح فلیحفظ اور نہین ہے ہمارے واسطے مدعی حسبہ مگر وقف
مین بنابر قول ضعیف کے تو اُسکو یاد رکھنا چاہیے م یعنی اگر موقوف علیہ اصل وقف مین دعوی کرے تو وہ بعض کے نزدیک مسموع ہے اور فتوی اُسپر ہے کہ دعوی
مسموع نہین مگر متولی سے پھر جب موقوف علیہ کا دعوی مسموع نہوا تو اجنبی کا بطریق اولی مسموع نہوگا کذا فی الاشباہ وستر افی الحدود ابر لحدیث من
ستر فالاولی الکتمان الا لمتہتک بحر اور شہادت کا چھپا رکھنا حدود مین بہتر ہے بدلیل اس حدیث کے کہ جو چھپا ئیگا وہ چھپایا جاویگا تو حدود مین کتمان
شہادت بہتر ہے مگر بیباک پردہ در کے واسطے کتمان بہتر نہین بلکہ گواہی دینا بہتر ہے کذا فی البحر م ہر چند قرآن مجید مین نہی عن الکتمان عام ہے لیکن اُسکی تخصیص
حدود کی شہادت مین احادیث مشہورہ سے ثابت ہے اسواسطے کہ اسمین پردہ پوشی ہے از انجملہ وہ حدیث ہے جو ابو ہریرہ سے بخاری اور مسلم مین مروی ہے من ستر علی
مسلم سترہ اللہ فی الدنیا والآخرۃ یعنی جو پردہ پوشی کرے مسلمان کی تو حق تعالی اُسکی دنیا اور آخرت مین پردہ پوشی کرے وتمامہ فی فتح القدیر والاولی ان
یقول الشاہد فی السرقۃ اخذ احیاء للحق لا سرق رعایۃ للستر اور بہتر یہ ہے کہ شاہد چوری مین یون کہے کہ اُسنے لیا تا صاحب مال کا حق تلف نہو اور یون نہ کہے کہ
اُسنے چوری کی پردہ پوشی کی رعایت کے واسطے م یہ قول بمنزلہ استدراک کے ہے یعنی جب حدود مین پردہ پوشی بہتر ہوئی تو اُس سے لازم آتا ہے کہ چوری کی گواہی
مطلقا نہ دے کہ وہ مستلزم حد ہے اُسکا جواب دیا کہ اسطرح کی گواہی دے کہ موجب قطع ید نہو اور مالک کی حق تلفی نہو اسواسطے کہ لفظ اخذ عام ہے خواہ بطریق
غصب کے ہو یا بطریق ادعاء ملک وغیرہ ذلک تو شہادت اخذ سے مطلق مستلزم حد نہین اور با وجود اسکے اسمین مسروق منہ کی بھی مصلحت ہے اسواسطے کہ اگر چوری
کی گواہی دیگا تو قطع واجب ہوگا اور تاوان مال کا منتفی ہوگا در صورت اتلاف کذا فی الفتح لطیفہ امام رازی نے تفسیر مین حکایت کی کہ ہارون رشید کے پاس فقہا
جمع تھے انمین قاضی ابو یوسف بھی تھے سو ایک شخص نے دوسرے پر دعوی کیا کہ اُسنے اسکا مال اُسکے گھر سے لیا سو مدعا علیہ نے اخذ مال کا اقرار کیا بادشاہ نے
فقہا سے سوال کیا اُنھون نے قطع ید کا فتوی دیا تو ابو یوسف نے کہا کہ قطع نہین اسواسطے کہ اُسنے چوری کا اقرار نہین کیا بلکہ اخذ کا اقرار کیا ہے پھر مدعی نے دعوی
کیا کہ اُسنے چوری کی سو مدعا علیہ نے چوری کا اقرار کیا تو فقہا نے قطع کا فتوی دیا اور ابو یوسف رحمہ اللہ نے خلاف کہا فقہا نے ابو یوسف سے کہا کہ عدم قطع کی اب کیا وجہ
ہے ابو یوسف نے جواب دیا کہ جب اُسنے اول اخذ مال کا اقرار کیا تو ضمان اُسپر ثابت ہوا اور قطع ید ساقط ہوگیا تو اب اُسکے بعد مدعا علیہ کا وہ اقرار مقبول نہوگا
جو مسقط ضمان ہے تو فقہا اس جواب سے متعجب ہوگئے ونصابہا للزنا اربعۃ رجال لیس منہم ابن زوجہا اور شہادت زنا کی نصاب وہ چار مرد ہین جنمین کوئی
مرد عورت کے زوج کا بیٹا نہو م ثبوت زنا کے واسطے چار مرد گواہ ہونا چنانچہ قرآن مجید مین مصرح ہے یہ عبارۃ پردہ پوشی کی طرف مشیر ہے اسواسطے کہ چار
مردون کا بصفت خاص گواہی دینا اکثر واقع ہوتا ہے اور ابن زوج کی نفی مقید ہے اُسی کے ساتھ کہ جب باپ مدعی ہو یا ابن زوج کی ماں زندہ ہو

اور اگر ایسا نہو تو ابن زوج کی گواہی جائز ہی بحر الرائق مین کہا کہ محیط برہانی کا خلاصہ یہ ہی کہ مرد کی اگر دو عورتین ہون اور ایک عورت کے پانچ بیٹے ہون
اُنمین سے چار بیٹون نے اپنے بھائی پر یہ گواہی دی کہ اسنے زنا کیا اُنکی سوتیلی مان سے تو گواہی مقبول ہی مگر جبکہ باپ مدعی زنا ہو یا اُنکی مان زندہ ہو تو گواہی
اُنکی مقبول نہین کذا فی الطحطاوی (ولو علق عتقہ بالزنا وقع برجلین ولا حد) اور اگر مولی نے اپنے غلام کی آزادی اپنے زنا سے متعلق کی یعنی یون بولا کہ اگر
مین زنا کرون تو یہ غلام آزاد ہی تو آزادی واقع ہوگی دو مردون کی گواہی سے اور حد نہوگی مولی پر یعنی اگر دو شاہد مولی کے زنا کی گواہی دین تو ہرچند مولی
پر حد نہین کیونکہ چار گواہ نہین لیکن عتق غلام ثابت ہوگا (ولو شہد اثنان بعتقہ ثم اربعۃ بزنا محصنا فاعتقہ القاضی ثم رجمہ رجع الکل ضمن الاولان قیمتہ للمولی
والاربعۃ دیتہ لہ ایضا لوارثہ) اور اگر دو شاہدون نے عتاق مولی کی گواہی دی پھر چار گواہون نے غلام کے زنا در حالت احصان کی گواہی دی سو
قاضی نے غلام کو آزاد کر دیا یعنے اُسکی آزادی کا حکم کیا پھر غلام کو سنگسار کیا پھر سب گواہون نے شہادت سے رجوع کیا یعنے کذب شہادت کے قائل
ہوے تو دو پہلے گواہ غلام کی قیمت کا ضمان دین اُسکے مولی کو اور زنا کے چار گواہ مولی کو غلام کی دیت کا بھی تاوان دین اگر مولی غلام کا وارث
ہو (ولبقیۃ الحدود والقود ومنہ اسلام کافر ذکر لما لہ القتلۃ بخلاف الانثی بحر ومثلہ ردۃ مسلم رجلان) اور باقی حدود اور قصاص کی نصاب شہادت
دو مرد ہین اور من قبیل قصاص کافر مرد کے اسلام کی گواہی ہی کیونکہ انجام کار شہادت کا اس کافر کا قتل ہی بخلاف اسلام عورت کذا فی البحر اور اسلام کافر
کے مانند ارتداد مسلم ہی (ھم) مرد کافر کے اسلام کی گواہی مین دو مرد اسواسطے شرط ہوے کہ اگر وہ اپنے کفر پر اصرار کریگا تو قتل کیا جائیگا بخلاف اسلام عورت
کافرہ کے کہ اُسکے اسلام پر عورتون کی گواہی مقبول ہوگی کیونکہ اُسکا مآل کار قتل نہین اگر وہ کفر پر اصرار کرے اسی طرح ارتداد مسلم کی گواہی مین دو مرد
شرط ہین اسواسطے کہ در صورت اصرار اسکا بھی مآل کار قتل ہی بخلاف ارتداد عورت مسلمہ فتح القدیر مین ہی کہ زنا کے سوا باقی حدود اور قصاص مین دو مردون
کی گواہی مقبول ہی نہ عورتون کی اسواسطے کہ ابن ابی شیبہ نے زہری سے روایت کی (قال مضت السنۃ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والخلیفتین بعدہ
ان لا تجوز شہادۃ النساء فی الحدود والدماء) یعنی زہری نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اُنکے بعد دونون خلیفون سے یہ سنت جاری ہی کہ جائز نہین
عورتون کی گواہی حدود اور دماء مین یعنی قصاص مین اور تخصیص خلیفتین یعنی صدیق اور فاروق رضی اللہ عنہما اسواسطے کہ معظم تقرر شرع اور طریق احکام
اُنہین دونون کے زمانے مین ہوا اور اُنکے بعد اور خلفا مین نہ تھا مگر اُنکا اتباع انتہی (الا المعلق فیقع ولا یحد کما مر) مگر مثلا عتق معلق واقع ہوگا اور حد نماری
جائیگی چنانچہ عنقریب مذکور ہو چکا ہم یعنی اگر بعض شہود عورات ہون تو امر معلق واقع ہوگا بدون حد کے صورت اسکی یہ ہی کہ ایک شخص نے کہا کہ اگر مین شراب پیون تو میرا
غلام آزاد ہی پھر ایک مرد اور دو عورتون نے اُسکے شراب پینے کی گواہی دی تو غلام آزاد ہوگا لیکن مولی پر حد قائم نہوگی کیونکہ حدود مین شہادت عورات کی
مجال نہین کذا فی الطحطاوی (والولادۃ واستہلال الصبی للصلوۃ علیہ وللارث عندہما والشافعی واحمد وہو الارجح فتح والبکارۃ وعیوب النساء فیما لا یطلع
علیہ الرجال امراۃ حرۃ مسلمۃ والثنتان احوط) اور ولادت اور آواز طفل اُسپر نماز پڑھنے کے واسطے اور بکارت اور عیوب نساء کے واسطے جن عضوون مین مرد مطلع
نہین ہوتے ایک عورت مسلمان آزاد ہی اور دو عورتون مین زیادہ تر احتیاط ہی اور گواہی ایک عورت مسلمہ کی آواز طفل پر میراث کے واسطے صاحبین اور
شافعی اور احمد کے نزدیک ہی اور یہی قول راجح تر ہی کذا فی الفتح ھم یعنی امور مذکورہ مین ایک عورت کی شہادت کافی ہی قاضی خان نے کہا ایک عورت کی گواہی
سے ولادت ثابت ہوتی ہی یعنے بحق ثبوت نسب بحق میراث انتہی اگر دائی گواہی دے طفل کے رونے پر تو صاحبین کے نزدیک میراث ثابت ہوگی اور
امام کے نزدیک میراث ثابت نہوگی ہان اُسکی یہ گواہی طفل پر نماز جنازہ پڑھنے کے واسطے کافی ہی عورات کے عیوب چنانچہ شرمگاہ مین ہڈی یا گوشت زائد ہونا
لونڈی خرید کرنے مین اُسکے دریافت کی حاجت ہوتی ہی زیلعی نے عورت شاہدہ مین بالغہ عاقلہ عادلہ کی قید زیادہ مذکور کی ہین کذا فی الطحطاوی فتح القد
مین ہی کہ ایک عورت کے شاہد ہونے کی دلیل وہ ہی جسکو مبسوط مین محمد بن حسن نے روایت کیا (عن ابی یوسف عن غالب بن عبید اللہ عن مجاہد وسعید بن المسیب وعطاء

بن رباح و طاؤس قالوا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہادۃ النساء جائزۃ فیما لا یستطیع الرجال النظر الیہ) یعنی مجاہد اور سعید اور عطا اور طاؤس تابعین نے فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شہادت عورتون کی جائز ہے انمین جسکی طرف مرد نہین نظر کرسکتے یہ حدیث مرسل واجب العمل ہے وجہ استدلال یہ ہے کہ نسا جمع محلی بالف و لام ہے
مراد اُس سے جنس ہے تو قلیل اور کثیر کو لازم ہے تو ایک عورت کی بھی گواہی صحیح ہوگی اور زیادہ احسن ہے اور عبدالرزاق نے زہری سے روایت کی کہ سنت جاری ہے اسپر کہ
عورتون کی گواہی اُس امر مین جائز ہے جسپر اُنکے سوا کوئی مطلع نہین ہوسکتا اس قبیل سے ہے ولادت نسا اور عیوب نسا انتہی والاصح قبول رجل واحد خلاصہ اور ایک مرد کی گواہی
مقبول ہے قول اصح کذا فی الخلاصہ ھ بحرالرائق مین ہے کہ جب ایک مرد ولادت کی گواہی دے اور کہے کہ مین عورت کے پاس ناگہان جا پڑا اور ولادت کے وقت میری نظر اُسپر پڑ گئی
تو گواہی مقبول ہے اگر وہ عادل ہے اور اگر اُسنے کہا کہ مین نے بالقصد اُسکی طرف نظر کی تو گواہی مقبول نہوگی یعنی اسواسطے کہ وہ نظر کرنے سے فاسق ہوگیا و فی البرجندی
عن الملتقطان المعلم اذا شہد منفردا فی حوادث الصبیان تقبل شہادتہ انتہی فلیحفظ اور برجندی مین ملتقط سے منقول ہے کہ معلم جبکہ تنہا گواہی دے وقائع اطفال مین تو
اُسکی گواہی مقبول ہے انتہی تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ھ حموی نے حاوی قدسی سے ذکر کیا کہ فقط عورتون کی گواہی حمام کے قتل مین بحکم دیت مقبول ہے تاکہ خون معطل
ضائع نہو و نصابہا لغیرہا من الحقوق سواء کان الحق مالا او غیرہ کنکاح و طلاق و وکالۃ و وصیۃ و استہلال صبی و لو للارث رجلان اور امور مذکورہ
کے سوا اور حقوق کی نصاب شہادت دو مرد ہین خواہ حق مال ہو یا غیر مال چنانچہ نکاح اور طلاق اور وکالت اور وصیت اور آواز طفل اگرچہ گواہی میراث کیواسطے
ہو لان فی حوادث صبیان المکتب فانہ یقبل فیہا شہادۃ المعلم منفردا قہستانی عن التجنیس نہ صبیان مکتب مین اسواسطے کہ انمین تو تنہا معلم کی گواہی مقبول ہے
چنانچہ قہستانی مین ہے تجنیس سے ھ ابوالسعود نے کہا ملتقط مین صبیان مکتب کی قید نہین تو اہل صبیان حرفہ کو بھی شامل ہے تو ظاہر ابہام صبیان مکتب کی
قید اتفاقی ہے او رجل وامرأتان یا ایک مرد اور دو عورتین یعنی زنا اور حدود اور قصاص کے سوا اور حقوق مین نصاب شہادت دو مرد ہین یا ایک مرد اور دو عورتین قال اللہ
تعالی (فان لم یکونا رجلین فرجل وامرأتان) یعنی اگر دو مرد نہون تو ایک مرد اور دو عورتین الحاصل شہادت چار قسم پر ہے زنا مین چار مرد اور باقی حدود اور قصاص
مین دو مرد اور انکے سوا اور معاملات مالیہ اور غیر مالیہ مین دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتین اور اُن امور مین جنمین مرد مطلع نہین ہوسکتے مانند ولادت و عیوب نسا
ایک عورت عادلہ کی گواہی ہے ولا یفرق بینہما لقولہ تعالی فتذکر احدٰہما الاخرٰی اور جدائی کرنا نہ چاہیے دو گواہ عورتون مین بدلیل قول حق تعالی کے تو یاد دلادے
ایک عورت دوسری کو ھ جب تذکیر کا حکم ہوا تو یہ بدون اجتماع کے نہین ہوسکتا ولم تقبل شہادۃ اربع بلا رجل لئلا یکثر خروجہن اور مقبول نہین چار عورتون
کی گواہی بدون مرد کے تا عورتون کا نکلنا کثرت سے نہو یعنی اگر تنہا عورتون کی گواہی مقبول ہو تو ہمیشہ گواہی کے واسطے انکو دارالحکومت مین آنا پڑے اور
دوسری وجہ یہ ہے کہ عورات کی گواہی شرع مین ثابت نہین خصوص الامۃ الثابت بالاموال و توابعہا اور ائمہ ثلثہ نے عورتون کی گواہی مرد کے ساتھ مخصوص
کی ہے اموال اور انکے توابع کے ساتھ یعنی حقوق غیر مالیہ مین انکی گواہی مرد کے ساتھ امام شافعی اور مالک اور احمد کے نزدیک جائز نہین توابع اموال چنانچہ
شرط خیار اور شفعہ اور اجارہ اور قتل خطا اور جس زخم سے کہ مال واجب ہوا اور اسی طرح فسخ عقود اور امام احمد سے دو روایتین ہین ایک روایت شافعی
کے مذہب کے موافق ہے اور دوسری روایت ہمارے مذہب کے موافق ہے کذا فی الفتح و لزم فی الکل من المراتب الاربع لفظ اشہد بلفظ المضارع بالاجماع لتقبلہا
اور لازم ہے شہادت قبول ہونیکے واسطے جمیع مراتب اربعہ مذکورہ مین لفظ اشہد کا بلفظ مضارع بالاتفاق ھ یعنی شہادت مین یہ ضرور ہے کہ گواہ
یون کہے کہ مین گواہی دیتا ہون اسکی کہ مدعی کے دس درم مثلاً مدعا علیہ پر ہین تو اگر یون کہے کہ مین جانتا ہون یا یقین رکھتا ہون اسکا تو مقبول نہین
کیونکہ یہ اخبار ہے شہادت نہین فتح القدیر مین ہے کہ لفظ شہادت اسواسطے شرط ہوا کہ نصوص اشتراط لفظ پر ناطق ہین قال تعالی (واشہدوا ذوی عدل منکم
و اشہدوا اذا تبایعتم فاستشہدوا شہیدین من رجالکم فاستشہدوا علیہن اربعۃ منکم و اقیموا الشہادۃ) وقال علیہ الصلوۃ والسلام اذا رایت
مثل الشمس فاشہد) الحاصل کہ ان نصوص مین امر شہادت بلفظ شہادت وارد ہے اسواسطے کہ لفظ شہادت اقویٰ ہے اخبار

کافی نہین مگر جبکہ وہ اُس بیٹے کے ساتھ مشہور ہو بلا تردد اسطرح پر کہ شہر مین دوسرا شخص اس حرفہ مین اُسکا شریک نہو فلو قضی بلا ذکر الجد لنفذ فالمعتبر
التعریف لا تکثیر الحروف حتی لو عرف باسمہ فقط او بلقبہ وحدہ کفی جامع الفصولین وملتقط تو اگر قاضی بلا ذکر جد حکم کرے تو حکم نافذ ہوگا پس معتبر مشہود علیہ
کی تعیین ہے نہ تکثیر حروف یہان تک کہ اگر وہ فقط اپنے نام سے یا صرف اپنے لقب سے مشہور ہو تو فقط نام یا صرف لقب ذکر کرنا کافی ہے کذا فے
جامع الفصولین والملتقط ولا یسأل عن شاہد بلا طعن من الخصم الا فی حد وقود اور قاضی شاہد کی عدالت اور فسق لوگون سے نہ پوچھے بدون طعن
مدعا علیہ کے مگر حد اور قصاص مین البتہ سوال کرے وعندہما یسأل فی الکل ان جہل بحالہم سرا وعلنا بہ یفتی وہو اختلاف زمان لانہا کانت فی
القرن الرابع اور صاحبین کے نزدیک سب صورتون مین شاہد کا حال دریافت کرے اگر قاضی اُنکا حال نہ جانتا ہو کذا فی البحر سوال کرے مخفی اور
علانیہ اسی قول کا فتوی ہے اور یہ اختلاف امام اور صاحبین کا باعتبار اختلاف زمانہ کے ہے اسواسطے کہ صاحبین چوتھے قرن مین تھے حموی
نے کہا صاحبین کے نزدیک سوال واجب ہے تو قاضی گنہگار ہوگا ترک سوال سے مگر حکم باطل نہو گا انتہی مخفی سوال کا یہ طریقہ ہے کہ قاضی ایک رقعہ
جسکو مستورہ بھی کہتے مین مزکی کے پاس بھیجے اور اُس رقعہ مین شہود کے نام اور نسب اور حلیہ اور جس مسجد مین وہ نماز پڑھتے ہون مرقوم ہو سو مزکی شاہد
کی عدالت اُسمین لکھے اسطرح کہ وہ عادل جائز الشہادۃ ہے اور جسکی عدالت یا فسق اُسکو معلوم نہو تو یون لکھے کہ وہ مستور ہے اور جسکا فسق مزکی کو معلوم
ہو تو اُسکی تصریح نہ کرے بلکہ سکوت کرے تا مسلمان کی پردہ دری نہو اور یہ لکھے کہ واللہ اعلم مگر جبکہ اُس شاہد کو کسی نے عادل کہا ہو اور مزکی ڈرے
کہ اگر مین تصریح نہین کرتا تو اُسکی شہادت پر حکم ہو جائیگا تو اب تصریح فسق کرے چنانچہ ینابیع مین ہے اور اخفاے سوال کا فائدہ یہ ہے کہ اگر مزکی شاہد کو مجروح کرے
تو قاضی مدعی سے کہے کہ دوسرا اور شاہد حاضر کر اور قاضی یہ نہ کہے کہ یہ مجروح اور مطعون ہے تا مسلم کی آبرو محفوظ رہے اور مزکی سے عداوت اور خلش نہ پیدا ہو اور
علانیہ سوال کا یہ طریقہ ہے کہ مزکی اور شاہد کو ایک مجلس مین جمع کرے اور پوچھے کہ اسی شخص کو تو نے عادل کہا ہے ملتقط مین ابو یوسف سے مروی ہے کہ تزکیہ علانیہ قبول نہین
مگر بعد تزکیہ سرّی کے زیلعی نے کہا کہ قرن رابع مین لوگون کے احوال متغیر ہوگئے تھے اور خیانت اور کذب ظاہر ہو گیا تھا لہذا صاحبین نے تزکیہ شہود کو مقدم جانا بخلاف امام ابوحنیفہ کے
کہ وہ قرن ثالث مین تھے جنکے واسطے خیر و صلاح کی گواہی حدیث مرفوع مین موجود ہے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہترین قرون میرا قرن ہے جسمین مین ہون
پھر وہ لوگ جو اُنکے متصل مین پھر وہ لوگ جو اُنسے متصل پھر کذب پھیل جائیگا یہانتک کہ مرد قسم کھائیگا درخواست قسم سے پہلے اور گواہی دیگا گواہی طلب کرنے سے
پہلے انتہی اور یہ بنی ہے اُسپر کہ قرن پچاس برس کا ہے چنانچہ شیخ اسنے شرح مسلم مین مذکور کیا ہے ابن حجر عسقلانی نے شرح بخاری مین کہا کہ قرن عبارت ہے مدت زمانہ سے
اور اسکی تحدید مین اختلاف ہے دس برس سے ایک سو بیس برس تک لیکن ستر اور سو برس کا قول مین نے نہین دیکھا انتہی طبقات عبد القادر مین مذکور ہے کہ امام کا انتقال
ڈیڑھ سو برس مین ہوا اور ابو یوسف کا انتقال ایک سو بیاسی مین ہوا اور محمد کا انتقال ایک سو ستاسی مین ہوا کذا فی الطحطاوی ولو اکتفی بالسر جاز مجمع وبہ یفتی سراجیہ
اور اگر قاضی سوال مخفی پر کفایت کرے تو جائز ہے کذا فی المجمع اور اسی قول کا فتوی ہے کذا فی السراجیہ ہم فقط تزکیہ علانیہ صدر اول مین تھا اور محمد سے مروی ہے کہ تزکیہ علانیہ
بلا اور فتنہ ہے وکفی فی التزکیۃ قول المزکی ہو عدل فی الاصح لثبوت الحریۃ بالدار درر یعنی الاصل فمن کان فی دار الاسلام الحریۃ فہو بعبارتہ جواب عن النقص
بالعبید وبدلالتہ عن النقص بالحدود ابن کمال اور تزکیہ مین مزکی کا یون کہنا کفایت کرتا ہے کہ وہ عادل ہے قول اصح مین بسبب ثابت ہونے حریت
کے بجہت دار الاسلام ہونے کے کذا فی الدرر یعنے جو شخص کہ دار الاسلام مین رہتا ہے اُسمین اصل حریت ہے تو وہ معنی لفظ عادل اپنی عبارت اور منطوق
سے جواب ہے نقص عبد سے اور اپنی دلالت سے جواب ہے محدود فی القذف کے نقص سے کذا ذکرہ ابن کمال ہم یعنے فقط لفظ عادل بلا قید جائز الشہادۃ
کافی ہے تزکیہ مین اسواسطے کہ اُسکا غلام نہونا اور محدود فی القذف نہونا اس لفظ سے ثابت ہے تاہم اتنا فرق ہے کہ نفی عبدیت بعبارۃ النص ہے اور نفی
محدود فی القذف بدلالۃ النص ہے طحطاوی نے کہا یہ اُسوقت مسلم ہے جبکہ حریت لفظ عدل سے بطریق منطوق مفہوم ہو اور غلام پر عدل نہ بولا جاتا ہو اور

[illegible]

محدود فی القذف عدل نہوتا ہو حالانکہ ایسا نہین و اندا سرخسی کا مختار یہ ہی کہ فقط عدل کہنا کافی نہین اسواسطے کہ محدود فی القذف بعد توبہ کے عدل غیر جائز الشہادت ہی اور اسی طرح باپ جبکہ اپنے فرزند کے واسطے گواہی دے تو ضرور ہی زیادہ کرنا جائز الشہادۃ کا چنانچہ ظہیریہ مین ہی بحر الرائق مین کہا کہ یہ قول ترجیح کے لائق ہی انتہی خصاف کی شرح ادب القاضی مین ہی کہ تزکیہ کی آٹھ شرطین ہین اول یہ کہ گواہی قاضی عادل عالم کے پاس ہو دوم یہ کہ مزکی شاہد کو آزما چکا ہو شرکت یا معاملہ یا سفر سے سوم مزکی کو معلوم ہو کہ شاہد نماز جماعت کا ملازم ہی چہارم یہ کہ شاہد دینار اور درہم کی خوش معاملگی مین معروف ہو پنجم یہ کہ ادائے امانت مین قاصر نہو ششم یہ کہ راست گو ہو ہفتم یہ کہ کبائر سے مجتنب ہو ہشتم یہ کہ صغائر پر مصر نہو انتہی ما فی الطحطاوی والتعدیل من الخصم الذی لم یرجع الیہ فی التعدیل لم یصح اور تعدیل یعنی عادل کہنا اُس مدعا علیہ سے جسکی طرف تعدیل مین رجوع نہین کیا گیا صحیح نہین ہم جبکہ مدعا علیہ کی تعدیل صحیح نہوئی تو مدعی کی تعدیل بطریق اولی صحیح نہین حموی نے کہا تعدیل خصم اسواسطے صحیح نہین کہ مدعی اور اسکے شہود کے گمان مین مدعا علیہ کاذب ہی انکار دعوی مین اور مبطل ہی اپنے اصرار مین لہذا وہ معدل ہونے کی لیاقت نہین رکھتا فلو کان ممن یرجع الیہ فی التعدیل صح بزازیہ تو اگر مدعا علیہ اُن لوگون مین ہو جنکی طرف تعدیل مین رجوع ہوتی ہو تو اب تعدیل اسکی صحیح ہی کذا فی البزازیہ والمراد بتعدیلہ تزکیتہ بقولہ ہم عدول زاد لکنہم اخطاؤا او نسوا ولم یزد ادرمدعاعلیہ کی تعدیل سے مراد اسکا تزکیہ ہی یون کہنے سے کہ شاہد عادل ہین خواہ اُسنے یہ قول زیادہ کیا ہو لیکن شاہدون نے خطا کی یہ بھول گئے یا نہ زیادہ کیا ہو ہم جب مدعا علیہ مرجع الیہ فی التعدیل ہو تو اُسکی تعدیل صحیح ہوگی اور خطا یا نسیان کا قول باطل ہوگا و اما قولہ صدقوا او ہم عدول صدقۃ فانہ اعتراف بالحق فیقضی باقرارہ لا بالبینۃ عند الجحود اختیار اور مدعا علیہ کا یون کہنا کہ شاہد سچے ہین یا وہ عدول ہین سچے سو یہ تو حق مدعی کا اعتراف اور اقرار ہی تو قاضی اسکے اقرار پر حکم کریگا نہ گواہون پر انکار کے وقت کذا فی الاختیار ہم یعنی اگر مدعا علیہ دعوی مدعی کا انکار کرے اور شاہدون کو سچا کہے تو یہ در حقیقت اقبال دعوی ہی تو اب بیان مدعا علیہ کے اقرار پر حکم ہوگا گواہون کی کچھ حاجت نہین اور اسکا انکار بسبب تناقض کے لائق التفات کے نہین واللہ اعلم وفی البحر عن التہذیب یحلف الشہود فی زماننا لتعذر التزکیۃ اذ المجہول لا یعرف المجہول واقرہ المصنف ثم نقل عن الصیرفیۃ تفویضہ للقاضی بحر الرائق مین ہی تہذیب قلانسی سے کہ قسم دلائی جاوے گواہون کو ہمارے زمانے مین بسبب متعذر ہونے تزکیہ کے اسواسطے کہ مجہول نہین بتا سکتا مجہول کو اور مصنف نے اپنی شرح مین اس قول کو ثابت رکھا ہی پھر اُسنے صیرفیہ سے نقل کیا سپرد کرنا حلف کا قاضی کو یعنے اگر قاضی مناسب دیکھے تو شاہدون سے قسم لے ہم تزکیہ کو متعذر کہا بسبب غلبہ فسق و فجور کے اور مجہول اول سے مزکی مراد ہی اور مجہول ثانی سے شاہد یعنے مزکی کی عدالت اس زمانے مین خود مجہول ہی تو وہ شاہد مجہول کو کیا بتا دیگا قلت ولا تنس ما مر عن الاشباہ مین کہتا ہون اور نہ بھول وہ قول جو اشباہ سے مذکور ہو چکا ہم کتاب القضا مین قبل تحکیم اشباہ سے مذکور ہو چکا کہ اگر سلطان اپنے قاضیون سے تحلیف شہود کا امر کرے تو علما پر اُسکا نصیحت کرنا واجب ہی اسطرح کہ کہین تکلیف نہ دے اپنے قاضیون کو اُس امر کی جسسے تیری ناخوشی لازم آوے اگر وہ تیری مخالفت کرین یا خالق کی ناخوشی اگر وہ تیری موافقت کرین انتہی علامہ مقدسی نے بعد ذکر کرنے قول مذکور تہذیب کے کہا کہ یہ امر مخفی نہین کہ تحلیف شہود کا قول کتب معتمدہ مانند خلاصہ اور بزازیہ کے مخالف ہی کہ شاہد پر قسم نہین اور یون نہین کوئی کہہ سکتا کہ تحلیف شہود پر عمل واجب ہی اسواسطے کہ شاہد مجہول ہو مزکی کے مانند غالباً اور مجہول بتا یا نہین کرتا مجہول کو کیونکہ ہم یون کہتے ہین کہ فی الواقع حال اسی طرح ہی لیکن فقیہ نے کہا کہ اگر ایسا استقصا کیا جاے یعنی تفتیش عدالت اور تقوی مین نہایت کد و کاوش کیجاوے تو دائرہ تنگ ہو جاوے اور کوئی مومن بلا عیب نملے چنانچہ قائل نے کہا ہی شعر ومن ذا الذی ترضی سجایا کلہا ○ کفی المرء نبلاً ان تعد معائبہ ○ کذا فی الطحطاوی یعنی ایسا کون ہی جسکے سب خصال پسندیدہ ہون مرد کی خوبی کے واسطے اتنا کافی ہی کہ اسکی برائیان گنی جاوین ولہ ان یشہد بما سمع او رائی فی مثل البیع ولو بالتعاطی فیکون من المرئی والاقرار ولو بالکتابۃ فیکون مرئیا اور شاہد کو جائز ہی کہ گواہی دے اسکی جسکو سُنے یا دیکھے بیع کے مانند مین اگرچہ بیع بطریق

تعاطی کے ہو تو بیع بالتعاطی منجملہ مرئیات اور مبصرات کے ہوگی اور مانند اقرار کے اگرچہ اقرار بطریق لکھنے کے ہو تو یہ اقرار منجملہ مبصرات ہوگا میں اگر شہود بہ مسموعات
سے ہو تو اسکو سنکر اور اگر مرئیات سے ہو تو دیکھکر گواہی دینا جائز ہے اور گاہے شئی مسموع اور مرئی دونون ہوتی ہے دو اعتبار سے او بیع کا انعقاد اگر ایجاب
اور قبول سے ہو تو وہ مسموعات سے ہے اور اگر تعاطی سے ہو تو مرئیات سے ہے اور تعاطی مین گواہ لینے دینے کی گواہی دین اور اگر بیع کی گواہی دینگے تو
بھی جائز ہے چنانچہ بزازیہ مین ہے اور خریداری کی شہادت مین بیان ثمن ضرور ہے اسواسطے کہ ثمن مجہول کی خریداری پر حکم کرنا صحیح نہین اور اقرار لسانی مسموعات
سے ہے اور اقرار بالکنایہ مرئیات سے لیکن معلوم کرنا چاہیے کہ اگر ایک شخص نے اپنا اقرار شاہدین کے روبرو لکھا اور کچھ نہ کہا تو یہ اقرار نہین اور گواہی دینا اس
طرح کہ اسنے اقرار کیا حلال نہین کیونکہ لکھنا گاہے آزمائش سیاہی یا قلم کے واسطے ہوتا ہے اور اگر کتابت مصدر اور مرسوم ہو اسطرح کہ شخص غائب کو بطریق رسالت
اور پیام کے یون لکھے کہ (اما بعد فلک علی کذا) یعنی بعد حمد یا سلام دریافت کرای مخاطب کہ تیرے مجھپر اتنے درم ہین اور اگر لکھے اور شہود کے روبرو پڑھے
تو انکو اسکے اقرار کی گواہی دینا درست ہے اگرچہ کاتب نے یہ نہ کہا ہو کہ تم گواہ رہنا میرے اقرار کے اور اگر شاہدون کے روبرو لکھا اور کہا اسکے گواہ رہنا تو اگر
انکو اسکا نوشتہ معلوم ہو تو یہ اقرار ہے اور نہین تو اقرار نہین اور گونگے کی کتابت تو بالضرور مصدر اور معنون چاہیے اگرچہ غائب کے واسطے اقرار ہو کذا فی الطحطاوی
وحکم الحاکم والغصب والقتل وان لم یشہد علیہ لو مختفیا یری وجہ المقر ویفہمہ اور جائز ہے گواہی دینا حاکم کے حکم اور غصب اور قتل کی اگرچہ شاہد کو اسپر
گواہ نہ کیا ہو گو کہ شاہد اسوقت چھپا لگا ہو اسطرح پر کہ مقر کا منھ دیکھتا ہو اور اسکا اقرار سمجھتا ہو ھم خلاصہ مین ہے کہ اگر مقر نے کہا کہ میرے اقرار کی جو تو نے
سنا گواہی نہ دینا تو بھی گواہی دینا جائز ہے انتہی درصورت سکوت مقر بطریق اولی گواہی جائز ہے اور اگر شاہد مقر کو دیکھتے نہون اور اسکا کلام سنتے ہون تو
انکو گواہی اسکے اقرار کی دینا حلال نہین مگر درصورت آئندہ متن کذا فی الطحطاوی ولا یشہد علی محجب بسماعہ منہ الا اذا تبین القائل بان لم یکن فی البیت
غیرہ لکن لو فسر للقاضی لا یقبل دُرر اور جو شخص دیوار وغیرہ کی آڑ مین ہے اسپر گواہی نہ دے اس سے بات سنکر مگر جبکہ ظاہر ہو جاے قائل اسطرح کہ سوا کوئی کوٹھری
مین سوا اسکے لیکن اگر شاہد اپنی سماعت کو بیان کریگا تو گواہی مقبول نہوگی کذا فی الدرر ھم یعنی جبکہ شاہد کوٹھری مین داخل ہوا اور وہان ایک مرد کو
دیکھا پھر شاہد نکل کر اسکے دروازے پر بیٹھا اور اس کوٹھری مین کوئی راہ نہین سوا دروازے کے تو اب اس مرد کے اقرار کی گواہی جائز ہے کذا فی
الطحطاوی عن الخصاف اور جو شخص اس کی مع شہادۃ اثنین بانہا فلانۃ بنت فلان بن فلان ویکفی ہذا للشہادۃ علی الاسم والنسب و
علیہ الفتوی جامع الفصولین بانتہا عورت کلام کرنے والی کا جسم دیکھے اور دو مردون کی یون گواہی دینے کے ساتھ کہ وہ عورت فلانی ہے فلان بن فلان کی بیٹی
اور یہی دو شخصون کی خبر عورت کے اسم اور نسب پر گواہی کے واسطے کافی ہے اور اسی قول پر فتوی ہے کذا فی جامع الفصولین ھم رویت شخص کی قید اسواسطے
لگائی کہ نقاب دار عورت کی صحت پر اسکا چہرہ دیکھنا شرط نہین بعض مشائخ کے نزدیک چنانچہ شرنبلالیہ مین ہے اور اگر عورت کا جسم نظر آوے اور دو مرد شاہد سے کہین
کہ یہ فلانی عورت ہے تو اسکو گواہی دینا جائز نہین چنانچہ ابن مقاتل سے مروی ہے جامع الفصولین مین ہے کہ اگر دو عادل نام اور نسب عورت مذکور کا بتا وین تو
عادلین کو لائق ہے کہ فرع کو اپنی شہادت پر شاہد کرین تا نشا ہد عورت پر نام اور نسب اور حق کی گواہی بالاصالہ دے کذا فی الطحطاوی فرع مسئلہ مختصر شارح
کا فی الجواہر عن محمد لا ینبغی للفقہاء کتب الشہادۃ لان عند الاداء یبغضہم المدعی علیہ فیضرہ جواہر مین ہے محمد بن حسن سے کہ اہل فقہ اور اہل علم کو لائق نہین گواہی
لکھنا لینے دستاویز پر اسواسطے کہ ادا ے شہادت کے وقت مدعا علیہ بغض پیدا کریگا اسنے تو بغض اسکو ضرر کریگا ھم وجہ ضرر یہ ہے کہ یہ ناحق بغض ہے اور
لوگون سے جو شرعاً محبوب مین یعنی اہل علم کی محبت شرعاً لازم اور تحمل شہادت آخر کار موجب بغض ہوگا تو اہل علم کو گواہی نہ لکھنا خوب ہے یہ اُس
صورت مین ہے جبکہ اہل علم مین تحمل یا ادا ے شہادت متعین نہو وان کان بین الخطین بان اخرج المدعی خط اقرار المدعی علیہ فانکر کونہ
خطہ فاستکتب فکتب وبین الخطین مشابہۃ ظاہرۃ تدل علی انہما خط کاتب واحد لا یحکم علیہ بالمال ہو الصحیح خانیۃ وان افتی قاری الہدایۃ

کی خبر اور اسی طرح مستورین کی خبر ان چیزون مین مقبول نہین خبر قاضی کی یہ صورت ہے کہ قاضی نے ایک شخص کو محبوس کیا اُس مال مین جو دوسرے
مال کا عوض ہے اور مدعی علیہ نے اپنے افلاس کا دعوی کیا تو اسکی تصدیق نہ کرے اور مناسب حال مدت تک اُسکو مقید رکھے پھر جب اس مدت کے
بعد شخص عادل اُسکے افلاس کی خبر دے تو اسکی خبر کو قبول کرے اور اسکو چھوڑ دے کذا فی الطحطاوی وللتزکیۃ ای تزکیۃ السر واما تزکیۃ العلانیۃ
فشہادۃ اجماعا اور عادل واحد کافی ہے تزکیہ سر مین یعنی تزکیہ مخفی مین اور تزکیہ علانیہ تو گواہی ہے بالاجماع ہم تو تزکیہ علانیہ مین وہ شرط ہے جو شہادت
مین شرط ہے سوائے لفظ شہادت اور ظاہرا تزکیہ علانیہ مین دو عادل یا ایک عادل اور دو عادل عورتین مراد ہین تنبیہ قاضی کو چاہیے کہ اُسکو مزکی شہود
مقرر کرے جو لوگون کے احوال خوب تر جانتا ہو اور لوگون سے اختلاط رکھتا ہو اور خود عادل ہو اور جانتا ہو کہ کون چیز جرح ہے اور کون نہین لالچی اور مفلس
نہو تا مال پاکر دھوکا نہ کھاوے اور اگر شاہد کے پڑوسی مین یا اہل بازار مین کوئی شخص لائق اعتماد کے نہو تو اب تواتر اخبار معتبر ہوگا یعنی عدالت شہود مین
کذا فی الطحطاوی وترجمۃ الشاہد والخصم اور شاہد اور خصم کے ترجمے مین ایک عادل کافی ہے ہم مصباح مین ہے ترجم کلامہ بولتے ہین جبکہ متکلم
اپنے کلام کو ظاہر اور واضح کرے وترجم کلام غیرہ بولتے ہین جبکہ غیر کے کلام کو دوسری بولی مین تعبیر کرے اور اسم فاعل ترجمان ہے بفتح تا وضم جیم لغت
فصیح مین اور ضمہ تا بھی جائز ہے اور کبھی جیم اور تا دونون کو مفتوح بولتے ہین انتہی امام اعظم رح کے نزدیک شرط ہے کہ شاہد اور خصم کا مترجم اندھا نہو
اور اگر قاضی شاہد اور خصم کی زبان جانتا ہو تو مترجم کی کچھ حاجت نہین اور مترجم کو مقرر کرنا جاہلیت اور اسلام دونون مین واقع ہوا ہے چنانچہ زید بن ثابت
بحکم سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم لغت عبرانی سیکھ کر عربی مین ترجمہ کیا کرتے تھے کذا فی الطحطاوی والرسالۃ من القاضی الی المزکی والاثنان احوط
اور کافی ہے عادل واحد پیام رسانی مین قاضی سے مزکی کی طرف اور دو شخصون کے ہونے مین زیادہ تر احتیاط ہے ہم اسی طرح مزکی کی پیام رسانی مین
قاضی کی طرف عادل واحد کافی ہے [illegible] کا اپنے مولی کے واسطے اور صغیر کا تزکیہ اور والد کا تزکیہ اپنے
ولد کے واسطے وکذا بالعکس کذا فی الطحطاوی وقد نظم ابن وہبان منہا احد عشر فقال اور البتہ ابن وہبان نے وہبانیہ مین بارہ مسائل مذکورہ سے
گیارہ مسئلہ نظم مین بیان کیے ہین سو یون کہا ہے ع ویقبل عدل واحد فی التقوم * وجرح وتعدیل وارش یقدر ع اور مقبول ہے عادل واحد کا کلام قیمت
ٹھہرانے مین اور جرح اور تعدیل شاہد مین اور دیت مقدر مین ہم یعنی صید حرم کی قیمت ٹھہرانے مین اور تلف کر ڈالنے کی قیمت مین اسطرح کہ ایک شخص نے دوسرے
شخص کی کوئی چیز تلف کر ڈالی سو مدعی نے دعوی کیا کہ اُسکی قیمت اتنی تھی اور مدعا علیہ کہتا ہے کہ اتنی قیمت اُسکی نہ تھی تو اُسکے اثبات قیمت مین عادل
واحد کا قول کافی ہے لیکن نصاب صرف اس کلام سے مستثنے ہے کہ اسمین دو شخصون کی تقویم ضرور ہے چنانچہ عنایہ مین ہے اور بدن کے زخمون کی دیت ٹھہرانے
مین مثلاً ایک عادل کافی ہے ع وترجمۃ والسلم ہل ہو جید * وافلاسہ الارسال والعیب یظہر ع اور مقبول ہے عادل واحد کا کلام ترجمہ مین اور مسلم فیہ مین کہ وہ عمدہ ہے
یا ناقص اور افلاس محبوس مین اور قاضی کی پیام رسانی مین اور عادل عیب کو ظاہر کرتا ہے ہم سلم سے مسلم فیہ مراد ہے یعنی جب مسلم فیہ حاضر ہوا اور رب السلم
اور مسلم الیہ مین اختلاف ہوا اُسکے عمدہ یا ناقص ہونے مین تو عادل واحد کا قول اسمین کافی ہے اور جبکہ بائع اور مشتری مین اختلاف ہو عیب بیع کے
اثبات مین تو عادل واحد کا قول اسمین کافی ہے کذا فی الطحطاوی وصوم علی ما مر او عند علۃ * وموت اذا الشاہدین یخبر ع اور صوم مین چنانچہ مذکور ہو چکا یا
علت ہونے کے وقت اور موت مین جبکہ دو شاہدون کو ایک عادل موت کی خبر دے ہم مذکور ہو چکا کہ ہلال رمضان مین عادل واحد کی خبر کافی ہے اگرچہ
آسمان پر علت نہو مانند ابر اور غبار کے یہ روایت ہے حسن کی اور ظاہر الروایۃ یہ ہے کہ در صورت علت مذکورہ عادل واحد کافی ہے اور اگر عادل موت انسان
کی خبر دے تو شاہدین کو اسکی موت کی گواہی دینا جائز ہے کذا فی الطحطاوی والتزکیۃ للذمی تکون بالامانۃ فی دینہ ولسانہ ویدہ وانہ صاحب یقظۃ فان لم
یعرفہ المسلمون سالوا عنہ عدول المشرکین اختیار اور تزکیہ ذمی کا ہوتا ہے امانت داری سے اسکے دین اور زبان اور ہاتھ مین اور یہ کہ وہ ہوشیار ہے

صحبت نہین ہی پھر اگر ذمی کو مسلمان نہ پہچانتے ہون تو اُسکا حال عدول مشرکین سے دریافت کرین کذا فی الاختیار ھم دین ذمی کی امانت داری یہ کہ اپنے عقیدہ
شرعیت پر محافظ ہو اور زبان کی امانت داری یہ کہ جھوٹ نہ بولتا ہو اور ہاتھ کی امانت داری شاید یہ کہ سارق نہو اور بہتر یہ تھا کہ شارح کہتا کہ اگر نہ جانتے ہون
تو قاضی عدول کفار سے اُسکا حال دریافت کرے جنانچہ محیط اور اختیار مین ہی کذا فی الطحطاوی وفی الملتقط عدل نصرانی ثم اسلم قبلت شہادتہ ولو سکر الذمی
لا تقبل اور ملتقط مین ہی کہ ایک نصرانی کی عدالت بیان کی گئی پھر وہ مسلمان ہو گیا تو اُسکی گواہی مقبول ہی یعنی وہ گواہی جو قبل اسلام دیچکا ہی اور اگر ذمی نصرانی
مست ہوا تو گواہی اُسکی مقبول نہین ھم طحطاوی نے کہا اسواسطے کہ نشا اور مستی انجیل مین حرام ہی تو وہ فاسق ٹھہرا نصاریٰ کے دین مین ولا یشہد من رای
خطہ ولم یذکرہا ای الحادثۃ اور وہ شخص گواہی نہ دے جسنے اپنا لکھا دیکھا اور حادثہ اُسکو یاد نہین کذا القاضی والراوی لمشابہۃ الخط للخط اسی طرح
قاضی اور راوی حکم نہ دے اور روایت نہ کرے اپنا خط دیکھکر بدون یادداشت کے بسبب مشابہ ہونے ایک خط کے دوسرے خط سے ھم خلاصہ مین ہی کہ
ابوحنیفہ نے جمیع اُمور مین تنگ روی اختیار کی لہذا اُنسے روایت احادیث مین قلت واقع ہوئی باوجود کثرت سماع احادیث اسواسطے کہ امام نے بارہ سو
مردون سے سماعت کی مگر امام کے نزدیک حفظ شرط ہی وقت سماع کے اور روایت کے وقت بھی تو امام کے نزدیک شاہد کو واقعہ اور تاریخ اور مقدار
مال اور صفت مال یاد رکھنا ضرور ہی تو اگر اُنمین سے کوئی چیز یاد نہو اور اُسکو یقین ہو کہ یہ میرا خط ہی اور میری مہر ہی تو اُسکو گواہی دینا لائق نہین اور اگر
باوجود اُسکے گواہی دیگا تو وہ شاہد زور ہی کذا فی النہر اور فقط تذکرہ مجلس شہادت کافی نہین وجوزاہ لو فی حرزہ وبہ ناخذ بحر عن المبتغی اور صاحبین نے اُسکو جائز کہا ہی
اگر کاغذ مرقوم اُسکے قبض اور حفاظت مین ہو اور اسی قول کو ہم لیتے ہین کذا فی البحر عن المبتغی ھم خلاصہ مین ہی شرط یہ ہی کہ صک محفوظ ہو دست بدست نہ گیا ہو
اور منشی کے ہاتھ مین نہو جیسے کہ اُسمین اپنا نام اور اپنی مہر لگائی سو اگر ایسا ہو تو اُسکو گواہی دینا جائز نہین انتہی بحر الرائق مین ہی کہ ابو یوسف نے قاضی
اور راوی کے واسطے جائز کہا ہی نہ شاہد کے واسطے اور محمد نے کل مین جائز کہا ہی اعتماد کرنا کتاب پر جب کہ اُسکو یقین ہو کہ یہ میرا خط ہی اگرچہ حادثہ یاد نہو
لوگون پر آسان کرنے کے واسطے انتہی اور ظاہر کلام شارح مانند کلام مسکین کے ہی کہ صاحبین اسمین متفق ہین جو بحر الرائق مین ہی وہ معلوم ہو چکا اور اسی طرح
عینی اور زیلعی مین ہی ابو السعود نے کہا دفعہ تنافی یون ممکن ہی کہ ابو یوسف سے دو روایتین ہین کذا فی الطحطاوی ملخصا ولا یشہد احد بما لم یعاینہ بالاجماع
الا فی عشرۃ علی ما فی شرح الوہبانیۃ اور نہ گواہی دے کوئی اُس چیز کی جسکو اُسنے معائنہ نہین کیا بالاجماع مگر دس مسئلون مین بلا معائنہ گواہی درست
ہی چنانچہ وہبانیہ کی شرح مین ہی ھم عدم معائنہ سے مراد عدم یقین ہی یعنی جس چیز کا یقین حاصل نہین آنکھ کے معائنہ یا سماع سے اُسکی گواہی نہ دے اور
سماع کی مثال عقود مین کذا فی الطحطاوی منہا العتق والولاء عند الثانی والمہر علی الاصح بزازیۃ منجملہ مسائل عشرہ ایک عتق ہی ھم ولا ابو یوسف کے نزدیک ھم مہر
بقول اصح کذا فی البزازیہ ھم شمس الائمہ سرخسی نے کہا کہ شہادت سماعت سے عتق مین بالاجماع مقبول ہی اور سرخسی کے اُستاد حلوائی نے ذکر کیا کہ اسمین خلاف
ثابت ہی سو ابو یوسف سے جواز منقول ہی تو معتمد عدم قبول ہی عتق مین جیسے ولا مین عدم قبول معتمد ہی اور علامہ عبد البر کی شرح وہبانیہ مین ہی کہ شہادت عتق مین
یعنی بسماعت حلال نہین ہمارے نزدیک خلافاً للشافعی پھر اُسنے حلوانی کا قول مقدم مذکور کیا اور ولا مین محمد کا کلام مضطرب ہی اور ظاہر امام کا قول معتمد
ہی کیونکہ ابو یوسف کے قول کی تصحیح ثابت نہین اور مہر مین محمد سے دو روایتین ہین اصح یہ ہی کہ مہر تابع ہی نکاح کا یعنی قبول شہادت بالسماع مین جنانچہ
علامہ عبد البر نے اُسکو مذکور کیا ہی اور اسی کے مانند ہی بحر الرائق مین ظہیریہ اور بزازیہ اور خزانہ سے اور شرنبلالیہ مین ہی خلاصہ سے کذا فی الطحطاوی
والنسب ھم نسب ھم تو جسنے ایک جماعت سے امام کے نزدیک یا دو عادل سے صاحبین کے نزدیک سنا کہ وہ شخص فلان بن فلان ہی تو اُسکو اُسکی گواہی دینا جائز
ہی اگرچہ اُسنے اُسکی ولادت اُسکے فراش پر نہین دیکھی اور فتویٰ صاحبین کے قول پر ہی کذا فی الطحطاوی والموت ھم موت ھم تو جب لوگون سے
سنا کہ فلانا شخص مر گیا تو اُسکو موت کی گواہی دینا درست ہی اگرچہ اُسنے موت کا معائنہ نہ کیا ہو بزازیہ مین ہی کہ ایک مرد نے عورت سے کہا کہ تیرا

شوہر مرگیا تو اُسکو نکاح کرلینا درست ہو اگر مخبر عادل ہو انتہی محیط مین ہو کہ اگر انسان کی موت کی خبر آئی سوا اُسکے اینون نے وہ سامان کیا جو میت پر ہوتا ہو تو جائز
نہین اُسکی موت کی خبر دے جبتک شخص معتمد اُسکو یہ خبر نہ دے کہ مین نے اُسکی موت کا معائنہ کیا اسواسطے کہ مصائب کا سبب موت پر مقدم ہو جاتے ہین حیلہ کی راہ
یا مال کے بانٹ لینے کے حیلے کے واسطے کذا فی الطحطاوی **والنکاح** ۶ نکاح ھم تو اگر جماعت سے سنے امام کے نزدیک اور دو عادلون سے سنے صاحبین کے نزدیک
تو نکاح کی گواہی دینا جائز ہو عمادیہ مین ہو کہ شہادت بشہرت اور بتسامع نکاح مین جائز ہو تو اگر ایک مرد کو ایک عورت پاس آتے جاتے دیکھے اور لوگون سے
سنے کہ فلانی عورت فلانے مرد کی جورو ہی تو اُسکو اُسکی زوجیت کی گواہی دینا جائز ہو اگرچہ اُسنے عقد نکاح کا معائنہ نہین کیا اور ذخیرہ مین ہو کہ اگر ایک شخص نے
مرد اور عورت مین اختلاط اور انبساط دیکھا جیسے جورو خاوند مین ہوتا ہو تو گواہی دے کہ وہ اُسکی جورو ہو کذا فی الطحطاوی **والدخول بزوجتہ** ۷ دخول
بزوجہ یعنی یہ بھی بالسماع ہو اور قبول شہادت پر احکام مترتب ہین چنانچہ عدت اور مہر اور نسب **وولایۃ القاضی** ۸ ولایت قاضی ھم یعنی جبکہ سنا کہ فلانا
شخص قاضی ہوا فلانے شہر کا تو اُسکو اُسکی قضا کی گواہی دینا درست ہو اگرچہ اُسنے تقلید سلطان کا معائنہ نہین کیا بحر الرائق مین معراج سے ہو کہ امیر قاضی کے
مانند ہو تو امارت کی شہادت کو بھی زیادہ کرنا چاہیے **واصل الوقف** ۹ اصل وقف ھم یون گواہی دی کہ یہ وقف ہو فلانے موضع یا فلانی جماعت پر اور
کیا ذکر مصرف کا شرط ہو یا نہین کافی مین مرغینانی سے مروی ہو کہ ہان شرط ہو اور خزانہ مین ہو کہ شرط نہین یہی قول مختار اگر وقف قائم ہو تو فقیرون
کی طرف منصرف ہوگا قیل وشرائطہ علی المختار کما مر فی بابہ اور قول ضعیف مین شرائط وقف کی بھی گواہی بسماع درست ہو قول مختار چنانچہ مذکور ہو چکا وقف کے باب
مین ھم طحطاوی نے کہا اُسکو بصیغہ تمریض ذکر کرنا بلا وجہ ہو کیونکہ دونون قول کی تصحیح ثابت ہو بحر الرائق مین فصول عمادیہ سے ہو کہ قول مختار یہ ہو کہ شرائط
وقف پر گواہی دینا شہرت سے مقبول نہین انتہی اور مجتبی مین ہو قول مختار یہ ہو کہ شرائط وقف پر شہادت بشہرت مقبول ہو انتہی اور اسی پر اعتماد کیا ہو
معراج اور فتح القدیر مین **واصلہ ہو کل ما یتعلق بہ صحتہ وتتوقف علیہ والا فمن شرائطہ** اور اصل وقف ہر ایک وہ چیز ہو جس سے صحت وقف کی متعلق
ہو اور جسپر وقف موقوف ہو اور اگر ایسا نہین تو وہ شرائط وقف سے ہو ھم تعلق صحت وقف شروط صحت وقف سے ہو چنانچہ وقف کا منجز ہونا نہ معلق اور
مسلم ہونا اور انجام کار کو اُس جہت کے واسطے مقرر کردینا جو منقطع نہو وغیر ذلک اور جسپر صحت موقوف نہین جیسے جہات صرف کا ذکر کرنا چنانچہ امام اور مؤذن

کا فلہ الشہادۃ بذلک اذا اخبرہ بہا بہذہ الاشیاء من یثق الشاہد بہ من خبر جماعۃ لا یتصور تواطؤہم علی الکذب بلا شرط عدالۃ او شہادۃ عدلین
الا فی الموت فیکفی العدل ولو انثی وہو المختار ملتقی وفتح تو شاہد کو بسبب تسامع کے گواہی دینا جائز ہو جبکہ ان اشیاء مذکورہ کی وہ شخص خبر دے جسپر
شاہد اعتماد رکھتا ہو اُس جماعت کی خبر دینے سے جنکا متفق ہونا کذب پر متصور نہین بلا شرط عدالت مخبرین یا دو عادل کی شہادت سے سوائے موت
کے کہ اُسمین ایک عادل کی خبر کافی ہو اگرچہ مخبر عورت ہو یہی قول مختار ہو کذا فی الملتقی والفتح ھم فتاوی صغری مین مذکور ہو کہ شہرت کی دو صورتین ہین
ایک شہرت حقیقی چنانچہ تواتر دوسری شہرت حکمی اسطرح کہ دو عادل مرد یا ایک مرد اور دو عورتین بہ لفظ شہادت خبر دین مگر موت مین ایک عادل
کی خبر کافی ہو بلا لفظ شہادت انتہی مواضع مذکورہ مین باوجود عدم معائنہ بخبر اہل اعتماد شہادت بطریق استحسان کے جائز ہی دفع حرج کے واسطے اور
تاکہ تعطیل احکام لازم نہ آوے اسواسطے کہ اشیاء مذکورہ مین ہر شخص حاضر نہین ہوتا سوائے خواص کے کیونکہ نکاح مین ہر شخص موجود نہین ہوتا اور دخول بزوجہ
مین کوئی واقف نہین ہوتا اور اسی طرح موت کو ہر شخص معائنہ نہین کرتا اور نسب کا سبب ولادت ہی سو وہان کوئی موجود نہین ہوتا سوائے دائی جنائی کے اور سبب
قضا تقلید سلطان ہو سو اُسکو کوئی معائنہ نہین کرتا سوائے وزیر وغیرہ خواص کے اور اسی طرح وقف سے وہ احکام متعلق ہوتے ہین جو علی مرّ الدہور باقی رہتے ہین
تو اگر ان امور مین تسامع مقبول نہو تو بڑا حرج لازم آوے اور احکام بالکل معطل ہو جاوین کذا فی الحموی اور ایک عادل کی خبر موت کی شہادت مین کافی ہو نہ قضا
کے واسطے کیونکہ قاضی بدون دو شخص کی گواہی کے حکم نہ دیگا اور اگر موت کے وقت ایک ہی شخص موجود ہو تو اُسکا طریقہ یہ ہو کہ وہ دو شخص کو خبر دے موت کی

پھر دو عادل مل کر قاضی کے سامنے گواہی دین تو قاضی انکی شہادت پر حکم کرے کذا ذکرہ ابو السعود وقیدہ شارح الوہبانیۃ بان لایکون المخبر منہما کوارث وموصی لہ اور شارح
وہبانیہ نے مخبر ہونے مین یہ قید لگائی ہو کہ وہ متہم نہو چنانچہ وارث میت کا اور جسکے واسطے میت کی وصیت کی ہو وجہ تہمت یہ ہو کہ وارث شاید اسواسطے موت کی
خبر بیان کرتا ہو کہ اسکا مال بطریق وراثت کے حاصل کرے ومن فی یدہ شیء سوی رقیق علم رقہ ولیعبر عن نفسہ والا فہو کمتاع لک ان تشہد بہ انہ لہ ان وقع
فی قلبک ذلک ای انہ ملکہ یعنی جس شخص کے قبضہ اور تصرف مین کوئی چیز ہو سوا اُس رقیق کے جسکی رقیت معلوم ہو اور وہ اپنا حال بیان کر سکتا ہو اور
اگر رقیق صغیر ہو کہ اپنا حال بیان نہین کر سکتا تو وہ متاع اور اسباب کے مانند ہو تو تجکو اُس متاع مقبوض کی یون گواہی دینا درست ہو کہ وہ قابض کی مملوک ہو بشرطیکہ
تیرے دل مین یہ بات واقع ہو کہ مقبوض قابض کی ملک ہو خلاصہ یہ ہو کہ جو چیز لونڈی غلام کے سوا النقد ہو یا اسباب یا زمین کسی شخص کے قبضہ اور تصرف مین
ہو اور شاہد کا دل گواہی دے کہ یہ چیز قابض کی مملوک ہو تو اسکی ملکیت کی گواہی دینا درست ہو اسواسطے کہ قبضہ اور تصرف ملک کی بڑے سرے کی دلیل ہو کیونکہ جمیع
اسباب مین مرجح دلالت قبضہ ہو تو اسی پر اکتفا ہوگی اور صورت اسکی یہ ہو کہ ایک چیز ایک آدمی کے قبضہ اور تصرف مین دیکھے پھر وہی چیز دوسرے شخص کے ہاتھ
مین دیکھے اور پہلا آدمی اُسکی ملک کا مدعی ہو تو دیکھنے والے کو یہ گواہی دینا جائز ہو کہ وہ چیز مدعی کی مملوک ہو اور اگر مقبوض رقیق کبیر ہو کہ اپنی رقیت یا حریت کو
بیان کر سکتا ہو تو مجرد معائنہ قبضہ اسکی مملوکیت کی گواہی جائز نہین اور اگر رقیق ایسا صغیر ہو کہ اپنا حال بیان نہین کر سکتا تو اب وہ متاع کے مانند ہو تو اسکی مملوکیت
کی گواہی معائنہ قبضہ سے درست ہو طحطاوی نے کہا یہ جو شارح نے جملہ زیادہ کیا کہ علم رقہ سو بلا وجہ ہو اور شارح کو دھوکا ترا شرنبلالیہ کی عبارت سے مضمون عبارت مذکورہ کا یہ ہو
رقیق سوا اُسی چیز کے جسکی نسبت جانتے ہو کہ وہ رقیق ہو تو معائنہ قبضہ سے اسکی رقیت کی گواہی نہ دے اور غیر معتبر مین اسکی رقیت کی گواہی دے انتہی یعنی معائنہ قبضہ سے مراد اسکی
یہ ہو کہ جو غلام اپنے حال کو بیان کر سکتا ہو تو اسکی مملوکیت کی گواہی نہ دے معائنہ قبضہ سے مگر جبکہ اسکی رقیت معلوم ہو اور یہ مطلب شارح کے کلام سے نہین نکلتا تو
اگر شارح یون کہتا (سوا رقیق لیعبر عن نفسہ ولم یعلم رقہ والا فہو متاع) تو کلام ٹھیک ہوتا انتہی شرنبلالیہ مین ہو شہادت قلب بالاتفاق شرط ہو اسواسطے کہ حلت
شہادت مین یقین ہونا اصل ہو تو تعذر یقین کے وقت شہادت قلبی کی طرف حاجت ہوگی اسواسطے کہ قبضہ دلیل ہوتا ہی بسبب حاصل ہونے گمان ملک کے پھر جب دل نے
گواہی نہ دی تو ظن حاصل نہوا تو مجرد قبضہ مفید نہوا اسواسطے کہا ہو کہ جب انسان گران قیمت موتی خاکروب کے ہاتھ مین دیکھے یا کتاب جاہل کے پاس دیکھے جسکے آبا و اجداد
مین کوئی اہل علم نہین ہوا تو اسکی ملک کی گواہی قابض کے واسطے جائز نہین تو معلوم ہوا کہ فقط قبضہ کافی نہین انتہی اور یہ شرط کہ شاہد کو دو عادل اسکی خبر نہ دین کہ
چیز مقبوض غیر قابض کی ہو تو اگر خبر دین تو ملک قابض کی گواہی دینا جائز نہین چنانچہ خلاصہ مین ہو اور ایک عادل کی گواہی شہادت قلبی کی منزل نہین مگر جبکہ
تیرے دل مین یہ جم جا کہ یہ شخص صادق ہو تو اب تجکو اول قابض کے واسطے ملک کی گواہی دینا حلال نہین چنانچہ شلبی کے حاشیہ مین ہو خانیہ سے والا او نہین تو نہین

یعنے اگر تیرا دل ملک قابض کی گواہی نہ دے تو تجکو اسکی ملکیت کی گواہی دینا جائز نہین چنانچہ مفصل مذکور ہو چکا ولو عاین القاضی ذلک جاز لہ القضاء
بزازیہ ای اذا ادعاہ المالک والا لا درر اور اگر قاضی اسکو یعنے قبضہ اور تصرف کو معائنہ کرے تو اسکو حکم دینا قابض کی ملکیت کا جائز ہو کذا فی البزازیہ یعنے
اسوقت حکم جائز ہو کہ جبکہ مالک اسکا دعوے کرے اور اگر دعوی نہ کرے تو جائز نہین ہم دعوی ملک کی قید مین شارح صاحب بحر کا تابع ہوا ہی اور صاحب بحر
نے اس قید سے دفع تنافی کی ہو زیلعی کے کلام مین اور بزازیہ اور خلاصہ کے کلام مین زیلعی نے کہا کہ قاضی کو حکم دینا بمعائنہ قبضہ جائز ہو یعنی خلافا للخلاصۃ
والبزازیہ تو صاحب بحر نے خلاصہ اور بزازیہ کا کلام حصول دعوی پر محمول کیا اور زیلعی کا کلام عدم حصول دعوی پر مفتی ابو السعود نے کہا کہ اس تکلف کی کچھ
حاجت نہین کیونکہ اس مسئلہ مین اختلاف ہو متقدمین اور متاخرین مین متقدمین کے نزدیک قاضی کو حکم دینا اپنے علم پر جائز ہو اور متاخرین کے نزدیک جائز نہین تو خلاصہ
اور بزازیہ کا کلام متقدمین کے مذہب پر مبنی ہو اور زیلعی کا کلام متاخرین کے مذہب پر کذا فی الطحطاوی وان فسر الشاہد للقاضی ان شہادتہ
بالتسامع او بمعاینۃ الید ردت علی الصحیح الا فی الوقف والموت اذا فسر او قالا فیہ اخبرنا بہ من نثق بہ تقبل علی الاصح

خروج کیا اور عیسیٰ ابن موسیٰ بن علی ابن عبد اللہ بن عباس سے لڑا اور امام جعفر صادقؓ کی اطاعت کیطرف دعوت کی اور یہ دعویٰ کیا کہ علی مرتضیٰ خدائے اکبر ہین اور جعفر صادق خدائے اصغر سو کوفہ مین سولی دیا گیا خطابیہ کی رد شہادت فقط بدعت کے اسواسطے نہین کہ محض بدعت لائق تکفیر کے نہین بشرطیکہ اپنے رئیس کے مانند اعتقاد نہ رکھتے ہون کذا فی الطحطاوی ومن الذمی لو عدلا فی دینہم جوہرہ علی مثلہ الا فی خمس مسائل علی ما فی الاشباہ اور ذمی کی گواہی اسکے مانند دوسرے ذمی پر مقبول ہے اگر ذمی عادل ہو اپنے دین مین کذا فی الجوہرہ مگر پانچ صورتون مین ذمی کی گواہی ذمی پر مقبول نہین چنانچہ اشباہ مین ہے ہم منجملہ مسائل خمسہ ایک یہ ہے کہ دو نصرانی ایک نصرانی کے مسلمان ہوجانے کی گواہی دین اور وہ انکار کرتا ہو تو گواہی مقبول نہین اور نصرانیہ کے اسلام پر گواہی مقبول ہوگی ا۔ر اُسکے اسلام لانے پر زبردستی کیجاویگی ۲ جبکہ دو ذمی نصرانی میت پر گواہی دین اور وہ مسلم کا مدیون ہو اور ترکہ ادا مین کفایت نہ کرتا ہو ۳ جبکہ ذمی کی خرید پر مسلم سے گواہی دین اور مسلم منکر بیع ہو ۴ جبکہ چار شخص گواہی دین نصرانی پر کہ اُسنے عورت مسلمان سے زنا کیا اگر درصورتیکہ استکراہ مسلمہ ۵ مسلمان نے ایک غلام کا دعویٰ کیا جو کافر کے پاس ہے اور دو کافرون نے گواہی دی کہ وہ اُسکا غلام ہے اور فلانے مسلم قاضی نے اُسکا حکم دیا ہے وتبطل باسلامہ قبل القضاء وکذا بعدہ لو بعقوبۃ کقود بحر اور باطل ہوجاتی ہے ذمی کی گواہی اُسکے مسلمان ہوجانے سے قبل قضا کے اور اسی طرح بعد قضا بھی باطل ہوجاتی ہے اگر عقوبت کی گواہی دی چنانچہ قصاص کذا فی البحر ہم اگر ذمی مشہود علیہ مسلمان ہوجاتے تو گواہی باطل ہوجاویگی کیونکہ اگر اُس گواہی پر حکم دے تو لازم آتا ہے مسلمان پر حکم کرنا کافر کی گواہی سے اور یہ جائز نہین وان اختلفا ملۃ کالیہود والنصاری ذمی کی گواہی ذمی پر مقبول ہے اگرچہ شاہد اور مشہود علیہ کا دین مختلف ہو چنانچہ یہود اور نصاری سو اسلئے کہ کل کفر ملت واحدہ ہے والذمی علی المستامن لا عکسہ اور مقبول ہے ذمی کی گواہی مستامن پر نہ بالعکس یعنے مستامن کی گواہی ذمی پر مقبول نہین کیونکہ ذمی افضل ہے مستامن سے اسواسطے کہ دار الاسلام مین رہتا ہے ولا مرتد علی مثلہ فی الاصح اور نہ مرتد کی گواہی مقبول ہے ویسے دوسرے مرتد کی بقول اصح وتقبل منہ علی مستامن مثلہ مع اتحاد الدار لان اختلاف دار یہما یقطع الولایۃ کما یمنع التوارث اور مقبول ہے مستامن کی گواہی ویسے دوسرے مستامن پر ایک ملک مین رہنے کے ساتھ یعنے جبکہ دونون ایک ہی ملک کے رہنے والے ہون اسواسطے کہ دونون کا ملک مختلف ہونا قاطع ولایت ہے جیسے توارث کا مانع ہے ہم مثلاً ایک مستامن فرنگ کا ہو اور دوسرا حبش کا اور دونون دار الاسلام مین ہون تو ایک کی گواہی دوسرے پر مقبول نہین اور اسی طرح ایک دوسرے کا وارث بھی نہوگا اور ملک مختلف ہوتا ہے باعتبار اختلاف سلطنت وحکومت کذا فی البحر وتقبل من عدو بسبب الدین لانہا من التدین بخلاف الدنیویۃ فانہ لا یامن من التقول علیہ کما سیجیٔ اور مقبول ہے گواہی دشمن دینی کی اسواسطے کہ عداوت دینی بسبب دینداری کے ہے بخلاف عداوت دنیوی کے کہ اُسمین اطمینان نہین دروغ گوئی سے چنانچہ آگے آویگا اسی باب مین ہم یعنی عداوت دینی ہوتی ہے بسبب کمال دینداری اور عدالت کے اسواسطے کہ عداوت کا ہے واجب ہوتی ہے اسطرح پر کہ ایک شخص کو مرتکب خلاف شرع دیکھے اور اسکے منع کرنے سے وہ باز نہ رہے ولہذا شہادت مسلم کی کافر پر مقبول ہے باوجود دیکہ دونون مین عداوت دینی ہے کذا فی الحموی واما الصدیق لصدیقہ فتقبل الا اذا کانت الصداقۃ متناہیۃ بحیث یتصرف کل فی مال الآخر فتاوی المصنف معزیا لمعین الحکام اور دوست کی گواہی تو دوست کے واسطے مقبول ہے مگر جبکہ دوستی نہایت مرتبہ ہو اسطرح پر کہ تصرف کرتا ہو ہر دوست دوسرے دوست کے مال مین تو اب مقبول نہین چنانچہ مصنف کے فتاوی مین ہے معین الحکام کی طرف منسوب ومن مرتکب صغیرۃ بلا اصرار ان اجتنب الکبائر کلہا وغلب صوابہ علی صغائرہ درر وغیرہا قال ہو معنی العدالۃ اور مقبول ہے گواہی اُسکی جو مرتکب صغیرہ ہو بلا اصرار بشرطیکہ جمیع کبائر سے پرہیز کرتا ہو یا صواب اُسکا غالب ہو اُسکے صغائر پر یعنی خطا پر کذا فی الدرر وغیرہا صاحب درر نے کہا اور یہی مذکور معنی عدالت ہے ہم تو اگر گناہ صغیرہ پر اصرار کرے یا اُسکے کرنے سے خوش ہو یا اُسکو ہلکا جانے یا عالم ہو اور لوگ اُسکی پیروی کرتے ہون تو وہ صغیرہ اب کبیرہ ہوگیا فتح القدیر مین کہا بہتر قول وہ ہے جو ابو یوسف سے تفسیر عادل مین یون منقول ہے کہ کبیرہ گناہ نہ کرے اور صغیرہ پر اصرار نہ کرے اور پردہ پوشی اکثر ہو پردہ دری سے اور صواب اُسکا اکثر ہو خطاء سے اور مروت اُسکی ظاہر ہو اور مستعمل صدق اور مجتنب کذب ہو باعتبار دیانت اور مروت کے قہستانی نے کہا کہ جو مجتنب ہو کبائر سے اور جو نیکیاں کرین اور ننانوے صغیرہ تو وہ عادل ہے اور اگر ایک نیکی کرے اور دو گناہ صغیرہ تو وہ عادل نہین کذا فی الطحطاوی وفی الخلاصۃ کل فعل یرفض المروۃ والکرم واقرہ ابن کمال اور

خلاصہ مین ہی کہ جو شخص کہ مروت اور کرم کو چھوڑ دیوے وہ کبیرہ گناہ ہی اور ثابت رکھا ہی اس قول کو ابن کمال نے ہم فتح القدیر مین اسپر اعتراض کیا ہی کہ یہ قول منضبط
اور صحیح نہین لہذا المحشی نے کہا کہ ترک مروت و کرم کبیرہ نہین ہو سکتا اگر من حیث منع شہادت کذا فی الطحطاوی قال ومتی ارتکب کبیرۃ سقطت عدالتہ ابن کمال نے
کہا اور جبکہ مسلم مرتکب کبیرہ کا ہوا اسکی عدالت ساقط ہو گئی ہم حموی نے کہا مگر زوال عدالت کا اسوقت حکم ہوگا جبکہ کبیرہ مرتبہ ظہور مین آوے سمجھئے ولذا اشترط تحقیم
مین اومان شرط ہی اور قہستانی مین خلاصہ سے ہی کہ مختار یہ ہی کہ کبائر کے اصرار سے مجتنب ہو تو اگر ایکبار مرتکب کبیرہ ہوا تو اسکی شہادت مقبول ہی ومن اقلف
لو من عذر والا لا وبہ ناخذ بحر اور غیر مختون کی گواہی مقبول ہی اگر ترک ختنہ عذر سے ہو اور اگر بلا عذر ہو تو گواہی مقبول نہین اور اسی قول کو ہم لیتے ہین کذا فی البحر
ہم عذر یہ کہ ختنہ ترک کرے اپنی جان کے تلف ہو جانے سے اور جیسے اسکی شہادت مقبول ہی ویسے ہی اسکی امامت بھی صحیح ہی اور ختنہ کے وقت مین اختلاف
ہی خلاصہ مین کہا مختار یہ ہی کہ ابتداء وقت ختنہ سات برس ہین اور آخر وقت بارہ برس ہین کذا فی المنح والا ستہزاء بشی من الشرائع کفر ابن کمال اور
خوش طبعی اور ہنسی کرنا ساتھ کسی چیز کے احکام شرعی سے کفر ہی ذکرہ ابن کمال و خصی و اقطع اور گواہی مقبول ہی خوجہ اور دست بریدہ کی ہم اسواسطے کہ
خوجے کا عضو ظلم سے کاٹا گیا جیسے کسی کا ہاتھ کوئی کاٹ ڈالے اور جسکا ہاتھ چوری مین کاٹا گیا اسکی گواہی اسوقت مقبول ہی جبکہ وہ عدل ہو کذا فی
الطحطاوی و ولد الزنا ولو بالزنا خلافا لمالک اور ولد الزنا کی گواہی مقبول ہی اگرچہ وہ زنا کی گواہی دیوے بخلاف امام مالک کے مذہب کے ہم اسواسطے کہ
فسق والدین فسق ولد کا موجب نہین جیسے کفر والدین کذا فی المنح و خنثی کانثی لو مشکلا والا فلا اشکال اور خنثی عورت کے مانند ہی اگر خنثی مشکل ہو اور
اگر خنثی مشکل نہو تو کچھ اشکال نہین ہم شرنبلالیہ مین ہی کہ خنثی مشکل جمیع احکام مین عورت کے مانند ہی انتہی تو اسکی گواہی دوسری عورت کے ساتھ
برابر ایک مرد کے ہوگی اور اگر خنثی مشکل نہو یعنے اگر علامت مردی غالب ہی تو اسکا مرد کا حکم ہی اور نہین تو عورت کا ہم تحقیق لمستقبلہ و عکسہ الا لتہمۃ کما
فی الخلاصۃ شہد العبد عتقہما ان الثمن کذا عند اختلاف بائع و مشتر لم تقبل لجر النفع باثبات العتق اور غلام آزاد کی گواہی آزاد کرنے والے کے واسطے
اور آزاد کرنے والے کی گواہی غلام آزاد کے واسطے مقبول ہی مگر بسبب تہمت کے مقبول نہین اسواسطے کہ خلاصہ مین ہی کہ بائع اور مشتری کے اختلاف ثمن
کے وقت دو غلامون نے اپنے آزاد ہونے کے بعد یہ گواہی دی کہ ثمن اتنا تھا تو گواہی مقبول نہوگی بسبب کھینچنے منفعت کے اثبات عتق سے ہم جر منفعت کی وجہ یہ
کہ اگر دونون کی شہادت نہوتی تو بائع اور مشتری دونون قسم کھاتے اور بیع فسخ ہو جاتی تو عتق باطل ہوتا عتیق کی گواہی معتق کے واسطے اسواسطے مقبول ہی کہ شریح
نے قنبر کی گواہی علی مرتضی کے واسطے قبول کی تھی اور قنبر انکے غلام آزاد تھے کذا فی الطحطاوی و لاخیہ و عمہ و من محرم رضاعا او مصاہرۃ الا اذا امتدت
الخصومۃ و خاصم معہ علی ما فی القنیۃ اور مقبول ہی گواہی بھائی کی اپنے بھائی کے واسطے اور بھتیجے کی اپنے چچا کے واسطے اور محرم رضاعی یا سسرالی رشتے کے محرم سے
گواہی مقبول ہی مگر جبکہ نہایت جھگڑا ہوا اور شاہد جھگڑتا ہو مدعی کے ساتھ تو گواہی مقبول نہین چنانچہ قنیہ مین ہی ہم محرم رضاعی جیسے رضاعی بیٹا اور سسرالی
رشتے کے محرم جیسے خوشدامن اور زوجہ کی بیٹی دوسرے زوج سے اور داماد اور سوتیلی مان اور سوا اشخاص مذکورین کی گواہی اسواسطے درست ہی کہ املاک
ہر ایک کی جدا جدا ہوتی ہین اور ایک دوسرے کے مال مین تصرف نہین کرتا تو محل تہمت نہین ہی بخلاف شہادت قرابت ولاد لیکن جبکہ شاہد مدعی کے ساتھ
خصومت کرتا پھرے تو گواہی مقبول نہوگی کیونکہ وہ اب مدعی علیہ کا گویا مخاصم ہو گیا و فی الخزانۃ تخاصم الشہود والمدعی علیہ تقبل لو عدولا اور خزانہ مین
ہی کہ تخاصم شہود اور مدعا علیہ مین گواہی مقبول ہی اگر شاہد عادل ہون ہم یہ قول قنیہ کے ظاہرا مخالف ہی صاحب بحر نے توفیق بین القولین کے واسطے
اسکو عدم مساعدت مدعی پر محمول کیا ہی یا عدم کثرت مساعدت پر واللہ تعالی اعلم و من کافر علی عبد کافر مولاہ مسلم او علی وکیل حر کافر موکلہ
مسلم لا یجوز عکسہ لقیامہا علی مسلم قصدا و فی الاول ضمنا اور مقبول ہی گواہی کافر سے اس غلام کافر پر جسکا مولی مسلم ہی یا اس وکیل حر کافر پر
جسکا موکل مسلمان ہی نہین جائز ہی اسکے بالعکس بسبب قائم ہونے شہادت کافر کے مسلم پر قصدا اور اول مین قیام شہادت ضمنا نہ قصدا اور

مفتی صاحب ... خنثی مشکل ... ہین ... [illegible]

ضمناً جائز وان قصداً لا وہم بالعکس یعنی کہ گواہی دے کافر اُس مسلمان غلام پر جسکا مولی کافر ہے کذا فی الطحطاوی و تقبل علی ذمی میت وصیہ مسلم ان لم یکن علیہ
دین لمسلم بحر اور مقبول ہے گواہی کافر کی اُس ذمی میت پر جسکا وصی مسلمان ہے بشرطیکہ میت پر کسی مسلمان کا دین نہو کذا فی البحر وفی الاشباہ لا تقبل شہادۃ
کافر علی مسلم الا تبعا کما مر او ضرورۃ فی مسئلتین فی الایصاء شہد کافران علی کافر انہ اوصی الی کافر واحضر مسلما علیہ حق للمیت وفی النسب شہدا ان نصرانی
ابن المیت فادعی علی مسلم بحق وہذا استحسان ووجہہ فی الدرر اور اشباہ مین ہے کہ کافر کی گواہی مسلم پر مقبول نہین مگر کافر کے ساتھ ہوکر جیسا کہ مذکور
ہو چکا مسلم کی گواہی جیسا کافر مین یا کافر کی گواہی مسلم پر بضرورت مقبول ہے دو مسئلون مین وصیت کرنے مین جیسا کہ دو کافرون نے ایک کافر پر یہ گواہی دی
کہ اُسنے دوسرے کافر کو وصی کیا ہے اور وصی نے اُس مسلم کو حاضر کیا جسپر میت کافر کا حق ہے اور نسب مین بضرورت مقبول ہے جیسا کہ دو کافرون نے گواہی
دی کہ یہ نصرانی میت کا بیٹا ہے سو اُسنے مسلم پر حق میت کا دعوی کیا اور یہ استحسان ہے اور وجہ استحسان درر مین مذکور ہے ہم وجہ استحسان لیتے ہین کہ یہ ہے
کہ مسلمین نصاریٰ وغیرہم کفار کی موت مین موجود نہین ہوتے اور وصیت اکثر موت کے قریب ہوتی ہے اور ثبوت نسب کا بسبب نکاح ہے اور
اہل اسلام کفار کے نکاح مین نہین ہوتے تو اگر نصاریٰ کی شہادت اثبات مسلم پر اثبات ایصا مین جو موت پر مبنی ہے اور نسب مین جسکی بنا نکاح پر ہے
مقبول نہو تو وہ حقوق ضائع ہو جاوین جو ایصا سے متعلق ہین تو گواہی بضرورت مقبول ہے جیسے دایہ کی گواہی بضرورت مقبول ہے انتہی شرنبلالی نے کہا
کہ ظاہراً قبول شہادت اُس صورت مین ہے جبکہ مسلم دین کا مقر اور وصیت کا منکر ہو تو ذمیون کی گواہی مقبول ہوگی کیونکہ یہ نصرانی میت پر گواہی ہے
اور اگر مسلم منکر ہو دین کا تو ذمیون کی گواہی اُسپر کیونکر مقبول ہوگی اور صورت نسب کا بھی یہی محل ہے جبکہ مسلم دین کا مقر اور نسب کا منکر ہو کذا فی الطحطاوی
والعمال للسلطان اور عمال سلطانی کی گواہی مقبول ہے ہم عمال بضم عین وتشدید میم عامل کی جمع ہے عمال سے مراد وہ لوگ ہین جو حقوق واجبہ مانند خراج
وغیرہ کے رعایا سے لیتے ہین یہی قول ہے جمہور کا اسواسطے کہ نفس عمل فسق نہین کیونکہ بعض اصحاب کبار عامل تھے کذا فی الطحطاوی الا اذا کانوا اعوانا علی الظلم
فلا تقبل شہادتہم لغلبۃ ظلمہم کرئیس القریۃ والجابی والصراف والمعرفین فی المراکب والعرفاء فی جمیع الاصناف ومحضر قضاۃ العہد والوکلاء المفتعلۃ والصکاک
وضمان الجہات کمقاطعۃ سوق النخاسین حتی حل لعن الشاہد لشہادتہ علی باطل فتح وبحر مگر جبکہ عمال سلطانی ظلم اور ستم کے مددگار ہون تو اُنکی گواہی مقبول
نہین بسبب غلبہ ظلم کے جیسے رئیس قریہ یعنی زمیندار کی گواہی مقبول نہین بسبب اُسکی ستمگاری کے اور خراج جمع کرنے والے کی یعنے جو ظلم سے خراج جمع
کرے اور صراف کی اور جہازون کے معرف کی یعنے جو تجار اہل جہاز اور مشتریون سے شناسائی کرواتے ہین اور جمیع اقسام اہل حرفہ کے چودھری
اور مہترون کی اور اُسکی گواہی جو قاضیان زمانہ کے پاس اہل مقدمات کو رجوع کرے اور بناوٹ کے وکیلون کی اور قبالہ نویسون کی اور جہات
کے ضمانت دارون کی گواہی مقبول نہین مانند اُن لوگون کے جو ٹھیکہ ہون کی بازار کو یا نخاس کی بازار کو بطور مقاطعہ حاکم سے لیتے ہین یہانتک
کہ شاہد پر لعنت کرنا حلال ہے بسبب اُسکی گواہی دینے کے باطل پر کذا فی الفتح والبحر صراف سے وہ صراف مراد ہے جسکے پاس لوگ اپنا مال رکھا دین اور
وہ خوشی سے رکھے اور عرفا سے مراد پیشہ درون کے رئیس اور محضر قضاۃ عہد کی گواہی بسبب رشوت خواری اور عدم مروت کے مقبول نہین اور وکلائے
مفتعلہ سے شاید وہ لوگ مراد ہین جو دعاوی اور خصومات مین ذمہ دار ہو جاتے ہین تو اُنکی گواہی بسبب قلت مبالات اور رشوت خواری کے مقبول نہین
اور اُنکو مفتعل اسواسطے کہا کہ لوگ اُنکی حیلہ سازی اور حیلہ بازی سے اپنی غرض مین اعانت چاہتے ہین اور توکیل حقیقی کا قصد نہین کرتے اور صکاک بضم صاد
مشددہ جمع ہے صکاک بفتح صاد کی یعنی کاتب وثائق وقبالہ نویس اُنکی گواہی اسواسطے مقبول نہین کہ وہ لکھتے ہین کہ فلانے نے خرید کیا اور بیچا اور ضامن
ہوا اور بیع پر قبضہ کیا اگرچہ امور مذکورہ واقع نہون اور کتابت مانند تکلم کے ہے لیکن اگر کاتب غالب الصلاح اور تحقیق کرکے لکھتا ہو تو مقبول الشہادۃ
ہے اور ضمان بضم ضاد معجمہ وتشدید میم جمع ہے ضامن کی فتح القدیر مین ہے اور گواہی مقبول نہین اُسکی جو اقرار باطل پر گواہی دے مانند اُسکے جو سوق نخاسین کو بطور

مغالطہ کے لیتا ہی یا اُسکے وثیقے پر گواہی لکھتا ہی مشائخ نے کہا کہ اگر گواہی دین تو اُنپر لعنت کرنا حلال ہی کیونکہ وہ باطل پر شہادت ہی سو کیا حلال ہو اُن لوگون کا سا برین
سلطان سے جو ضمان جہات اور اجارات معتادہ پر گواہی دیتے ہین انتہی نخاسین بجاے مہملہ ہی اور بعضی کتب مین بجاے معجمہ جیم نخاس یعنی بائع دواب و رقیق
کذا فی الطحطاوی وفی الوہبانیۃ امیر کبیر ادعی فشہد لہ عمالہ ونوابہ ورعایاہم لا تقبل کشہادۃ المزارع لرب الارض اور وہبانیہ مین ہی امیر کبیر نے دعوی کیا سو
اُسکے عمال اور لواحق نے اور عمال کی رعایا نے اُسکے واسطے گواہی دی تو مقبول نہین جیسے مزارع کی گواہی زمین والے کے حق مین مقبول نہین ہم عمال
اور رعایا کی گواہی بسبب جہالت کے اور بسبب ستمگاری کے امیر کے خوف سے مقبول نہین وقیل اراد بالعمال المحترفین ای بحرفۃ لا تلیق بہ وہی حرفۃ آبائہ
واجدادہ والا فلا مروۃ لہ لو دنیۃ فلا شہادۃ لہ لما عرف فی حد العدالۃ فتح واقرہ المصنف اور بعضون نے کہا کہ عمال سے مقبول الشہادت سے پیشہ ور مراد
ہین یعنی وہ پیشہ جو اُسکے لائق ہی یعنی جو پیشہ ور کے باپ دادون کا پیشہ ہی اور اگر اُسکا پیشہ نالائق ہی باپ دادا کے مخالف تو اُس پیشہ ور مین مروت
اور جوانمردی نہین اگر اُسکا پیشہ رذیل اور ذلیل ہی تو اُسکی گواہی بھی جائز نہین اسواسطے کہ مروت کا داخل ہونا حد عدالت مین معلوم ہو چکا کذا فی الفتح
اور ثابت رکھا ہی اُسکو مصنف نے اپنی شرح مین ہم فتح القدیر مین ہی کہ ترک مروت مسقط عدالت ہی مروت کی تعریف مین بعضون نے یون کہا کہ انسان
ایسا فعل نکرے جس سے اُسکا مرتبہ اہل فضل کے نزدیک گھٹ جاے اور بعضون نے کہا کہ مروت عبارت ہی روش نیک اور حفظ لسان اور سبکی عقل کے
اجتناب سے اور ہر خلق دنی کے ارتفاع سے انتہی لا تقبل من اعمی ای لا یقضی بہا ولو قضی صح وعم قولہ مطلقا ما لو عمی بعد الاداء قبل القضاء وما جاز
بالسماع خلافا للثانی مقبول نہین گواہی اندھے کی مطلقا یعنے اندھے کی گواہی سے قاضی حکم نہ دے اور اگر حکم دیگا تو صحیح ہی اور مصنف کا مطلقا کہنا
عام ہی اُس صورت کو کہ شاہد اندھا ہو گیا بعد ادا ے شہادت قبل قضا کے اور اُس صورت کو جسمین شہادت بالتسامع جائز ہی بخلاف ابو یوسف کے یعنی اُنکے نزدیک تسامع
کی شہادت جائز ہی ہم عدم سماع شہادت اعمی کی علت یہ ہی کہ ادا ے شہادت مین اشارے سے تمیز کی حاجت ہی مشہود لہ اور مشہود علیہ کے درمیان مین اور اندھا
امتیاز نہین کر سکتا مگر آواز سے تو خوف ہی کہ اُسکو کچھ خصم تلقین کردے اسواسطے کہ ایک آواز دوسری آواز سے مشابہ ہو جاتی ہی وافاد عدم قبول الاخرس مطلقا
بالاولی اور مصنف نے عدم قبول شہادت اخرس کا مطلقا افادہ کیا بطریق اولی ہم گونگے کی گواہی مطلقا مقبول نہین خواہ اُسمین شہادت ہو جسمین تسامع کافی ہی
یا اُسکے غیر مین خواہ باشارہ ہو خواہ بہ کتابت اولویت افادہ کی وجہ یہ ہی کہ اخرس کو اصلا بیان کی طاقت نہین بخلاف اعمی کے کذا فی الطحطاوی ومرتد و
مملوک ولو مکاتبا او مبعضا اور مرتد اور غلام کی گواہی مقبول نہین اگرچہ غلام مکاتب یا اُسکا نصف یا ثلث آزاد ہو وصبی ومغفل ومجنون الا فی حال صحتہ او
صغیر اور غافل اور دیوانے کی گواہی مقبول نہین مگر دیوانے کی حالت صحت مین گواہی مقبول ہی ہم محیط مین ہی کہ جو ایک ساعت مجنون ہو جاتا ہو اور دوسری ساعت
ہوشیار ہوتا ہو سو حالت صحت مین گواہی دے تو مقبول ہی لیکن یہ بمنزلہ بیہوشی کے ہی انتہی تو معلوم ہوا کہ استثنا مجنون سے ہی کذا فی الطحطاوی الا ان تحملا فی الرق
والتمییز وادیا بعد الحریۃ ولو لمعتقہ کما لو بعد البلوغ مگر یہ کہ غلام اور صغیر ملک اور تمیز کی حالت مین تحمل شہادت کرین اور بعد آزادی اور بلوغ
آزادی اور بلوغ کے ادا ے شہادت کرین تو گواہی مقبول ہی اگرچہ غلام آزاد اپنے آزاد کرنیوالے کے حق مین گواہی دے چنانچہ مذکور ہو چکا وکذا لبعد البصار و
اسلام وتوبۃ فسق وطلاق زوجۃ لان المعتبر حال الاداء شرح تکملۃ اور اسی طرح گواہی اندھے کی مقبول ہی بعد بینائی کے اور کافر کی بعد اسلام کے اور فاسق
کی بعد توبہ کے اور زوج کی بعد طلاق زوجہ کے اسواسطے کہ معتبر ادا ے شہادت کا حال ہی کذا فی شرح التکملۃ ہم عطف اُسکا مقتضی ہی کہ اگر تحمل کے وقت
اعمی ہو اور ادا کے وقت بصیر تو گواہی مقبول ہی حالانکہ ایسا نہین ہی اسواسطے کہ مذکور ہو چکا کہ بصارت شرط تحمل ہی اور باقی مسائل ثلثہ مین حکم
صحیح ہی کذا فی الحلبی وفی البحر متی حکم بردہ لعلۃ ثم زالت فشہد فیہا لم تقبل الا اربعۃ عبد وصبی واعمی وکافر علی مسلم اور بحر الرائق مین ہی جب کہ
شاہد کی گواہی بحکم قاضی مردود ہو بسبب کسی علت کے پھر وہ علت زائل ہو جاے پھر شاہد اُسی مقدمہ مین گواہی دے تو مقبول نہوگی مگر

ترجیح قبولہا اور شاہد زور اگر عادل ہو اسکی گواہی کبھی مقبول نہین کذا فی الملتقط لیکن ترجیح قبول شہادتہ مذکورہ آگے آویگی ہم عادل کی قید اسواسطے لگائی کہ غیر
عادل اگر جھوٹی گواہی دے کر توبہ کریگا تو گواہی اسکی مقبول ہوگی اور ترجیح موعود یہ ہی کہ فقیہ ابو جعفر نے روایت کی کہ شاہد زور عادل کی گواہی بعد توبہ
مقبول ہی اور اسی پر اعتماد ہی کذا فی النہر و مسجون فی حادثۃ تقع فی السجن کذا لا تقبل شہادۃ الصبیان فیما یقع فی الملاعب لا شہادۃ النساء فی ما یقع فی الحمامات
وان مست الحاجات لمنع الشرع عما یستحق بہ السجن و ملاعب الصبیان و حمامات النساء فکان التقصیر منسوبا الیہم لا الی الشرع بزازیہ و صغریٰ و شرنبلالیہ لکن فی الحاوی
تقبل شہادۃ النساء وحدہن فی القتل فی الحمام بحکم الدیۃ کیلا یہدر الدم انتہی فلیتنبہ عند الفتوی وقدمنا قبول شہادۃ المعلم فی حوادث الصبیان اور
مقبول نہین گواہی محبوس کی اُس حادثہ مین جو واقع ہو محبس اور جیلخانے مین اور اسی طرح لڑکون کی گواہی مقبول نہین اُن حوادث مین جو انواع
لہو و لعب مین واقع ہون اور نہ عورتون کی گواہی اُس واقعہ مین جو حمامون کے اندر واقع ہو اگرچہ مساس حاجات ہو بسبب منع کرنے شرع کے
اُس فعل سے جسکے سبب سے محبوس مستحق حبس کا ہوا اور بسبب ممنوع ہونے ملاعب اطفال اور حمامات نساء کے تو عدم قبول شہادت مین تقصیر انھین کی طرف
منسوب ہوئی نہ شرع کی طرف کذا فی البزازیہ والصغری والشرنبلالیہ لیکن حاوی مین ہی کہ فقط عورتون کی گواہی حمام کے قتل مین مقبول ہی بحکم ثبوت
دیت تا خون ضائع اور باطل نہو جاے انتہی تو مفتی کو چاہیے کہ فتوی دینے کے وقت خبردار رہے اور ہمنے پہلے ذکر کیا قبول شہادت معلم کو حوادث صبیان
مین ہم عبارت صغری ظاہر اسپر دلالت کرتی ہی کہ اگر بالغ ملاعب اطفال مین حاضر ہو تو اُسکی بھی گواہی مقبول نہین کیونکہ وہ وہان جانے سے
فاسق ہوگیا اور ہر محبوس کے فسق مین گفتگو ہی اسواسطے کہ گاہے انسان بقصور بھی قید ہو جاتا ہی اور منع شرعی حق محبوسین اور نساء مین البتہ ظاہر ہی نہ
اطفال مین کیونکہ وہ شرعاً مکلف نہین ہین کذا فی الطحطاوی و الزوجۃ لزوجہا و ہو لہا و جاز علیہا اور مقبول نہین زوجہ کی گواہی اپنے زوج کے
حق مین اور نہ زوج کی زوجہ کے حق مین اور جائز ہی گواہی زوج کی زوجہ کے ضرر پر اور زوجہ کی گواہی زوج پر کذا فی الطحطاوی ہم عبد الرزاق اور
ابن ابی شیبہ نے شریح کا قول روایت کیا کہ جائز نہین گواہی بیٹے کی باپ کے حق مین اور نہ عورت کی اپنے زوج کے حق مین اور نہ زوج کی اپنی عورت کے واسطے
اور نہ شریک کی اپنے شریک کے واسطے اُس چیز مین جو دونون مین مشترک ہی لیکن غیر مشترک مین جائز ہی اور نہ اجیر کی مستاجر کے حق مین اور نہ غلام کی اپنے مولی
کے واسطے انتہی لیکن خصاف یعنی ابوبکر رازی نے اپنی سند طویل سے روایت کی (عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تجوز شہادۃ الوالد لولدہ ولا الولد لوالدہ
ولا المرأۃ لزوجہا ولا الزوج لامرأتہ ولا العبد لسیدہ ولا السید لعبدہ ولا الشریک لشریکہ ولا الاجیر لمن استاجرہ انتہی) کذا فی الفتح الا فی مسئلتین فی الاشباہ
مگر اشباہ کے دو مسئلون مین زوج کی گواہی زوجہ کی مضرت پر جائز نہین ہم پہلا مسئلہ یہ کہ زوج نے زوجہ کو عیب لگایا پھر تین شاہدون کے ساتھ زوجہ کے زنا
کی گواہی دی دوسرا مسئلہ یہ کہ زوج نے اور دوسرے شخص نے گواہی دی کہ زوجہ نے اقرار کیا کہ مین فلانے شخص کی لونڈی ہون اور وہ شخص اسکا مدعی ہی کذا فی
الطحطاوی ولو فی عدۃ من ثلاث لما فی القنیۃ طلقہا ثلاثا وہی فی العدۃ لم تجز شہادتہا ولا شہادتہ لہا ولو شہد لہا ثم تزوجہا بطلت خانیۃ فعلم منع الزوجیۃ
عند القضاء لا التحمل و الادا احد الزوجین کی گواہی دوسرے کے حق مین جائز نہین اگرچہ طلقات ثلثہ کی عدت مین گواہی واقع ہو اسواسطے کہ قنیہ مین ہی کہ
زوجہ کو تین بار طلاق دی اور وہ عدت مین ہی تو جائز نہین شہادت زوج زوجہ کے واسطے اور نہ شہادت زوجہ کی زوج کے واسطے اور اگر گواہی دی پھر
اُس سے نکاح کیا یعنی قبل قضا کے تو گواہی باطل ہی کذا فی الخانیہ تو منع زوجیت معلوم ہوا قضا کے وقت نہ تحمل اور ادا شہادت کے وقت ہم شارح کو مناسب
تھا کہ دوسرا مسئلہ بھی خانیہ سے نقل کرتا تاکہ تفریع زیادہ تر واضح ہو جاتی وہ مسئلہ یہ ہی کہ اگر شخص عادل نے اپنی زوجہ کے واسطے گواہی دی اور حاکم نے
اسکی گواہی رد نکی یہان تک کہ اُسنے زوجہ کو طلاق بائن دی اور عدت گذر گئی تو اسکی گواہی نافذ ہی انتہی جب زوجیت عند التحمل منع نہوئی تو اگر زوج گواہ
ہوا حالت زوجیت مین اور بعد انقضاے عدت اُسنے گواہی ادا کی تو جائز ہی اور عدم ممنوعیت زوجیت حالت ادا مین مسئلہ خانیہ مین مذکور ہو چکی

کذا فی الطحطاوی والفرع لاصلہ وان علا او مقبول نہین، یعنی گواہی شاخ کی یعنی جز کے واسطے یعنے اولاد کی آبا اور اجداد کے واسطے اگرچہ اصل اسید ہو یعنی دادا پردادا اور نانا
پرنانا ہو دلیل اسکی قول شریح اور حدیث عائشہ رضی ہی جو مذکور ہو چکی اور اسواسطے کہ منافع اولاد اور آبا مین متصل ہین تو من وجہ اپنی ذات کے واسطے گواہی ہو گی ولہذا انکو
زکوٰۃ دینا جائز نہین اور یہی مذہب تھا شریح قاضی کا یہانتک کہ حسن رضی اللہ عنہ کی گواہی جو انھون نے قنبر کے ساتھ علی مرتضی کے حق مین دی تھی شریح نے قبول نہ کی تو
علی مرتضی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ تو نے وہ حدیث نہین سنی جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی کہ حسن اور حسین دو سردار ہین جوانان اہل بہشت کے شریح نے کہا کہ ہان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم صادق ہین لیکن آپ دوسرا شاہد لائیے یعنی روایت مین آیا ہی کہ علی مرتضی نے انکو قضا سے معزول کیا پھر انکو بحال کیا اور روزینہ انکا زیادہ کردیا
تو بعضون نے کہا کہ علی مرتضی نے شریح کے قول کی طرف رجوع کیا کذا فی الفتح الا اذا شہد الجد لابن ابنہ علی ابیہ اشباہ مگر جبکہ دادا اپنے پوتے کے حق مین گواہی
دے اپنے بیٹے پر تو گواہی مقبول ہی کذا فی الاشباہ ص صاحب محیط نے اس گواہی کو صورت مخصوصہ مین ٹھہرایا ہی وہ صورت یہ ہی کہ ایک عورت لڑکا جنی اور اُسنے
دعوے کیا کہ یہ لڑکا اسی زوج سے ہی اور زوج منکر ہی تو زوج کے باپ اور اُسکے ولد نے زوج کے اقرار پر گواہی دی کہ وہ میرا بیٹا ہی اس عورت سے، تو دونون کی
گواہی مقبول ہی اور منح الغفار مین وہبانیہ کی شرح عبد البر سے مذکور ہی کہ خانیہ مین قبول مطلقاً منقول ہی بلا تقیید حق اور شاید کہ وجہ قبول یہ ہی کہ بیٹا عزیز تر ہوتا ہی
پوتے سے تو بیٹے کے مخالف شہادت پر اقدام کرنا دلیل ہی اسکی صداقت کی تو تہمت کا مقام باقی نہ رہا اس مسئلہ کا محل ذکر بعد عکس کے تھا کیونکہ یہ شہادت اصل
کی ہی فرع کے واسطے کذا فی الطحطاوی قال وجاز علی اصلہ الا اذا شہد علی ابیہ لامہ ولو بطلاق ضرتہا والام فی نکاحہ صاحب اشباہ نے کہا اور جائز ہی گواہی فرع
کی اپنی اصل پر مگر جبکہ اپنے باپ پر گواہی دے اپنی مان کے واسطے اگرچہ اسکی سوت کے طلاق کی گواہی ہو اور حالانکہ مان اُسکے باپ کے نکاح مین ہی ص
اصل کی مضرت پر اسواسطے گواہی مقبول ہی کہ محل تہمت نہین لیکن صورت مستثنے مین اسواسطے مقبول نہوئی کہ اسمین جر منفعت ہی مان کے واسطے کذا فی الحموی
وفیہا بعد ثمان ورق لاتقبل شہادۃ الانسان لنفسہ الا فی مسئلۃ القاتل اذا شہد بعفو ولی المقتول فراجعہا اور اشباہ مین آٹھ ورق کے بعد ہی کہ انسان
کی گواہی اپنی ذات کے نفع کے واسطے مقبول نہین مگر مسئلہ قاتل مین جبکہ وہ ولی مقتول کے عفو کی گواہی دے تو مراجعت کر اسکی طرف ص القاتل
کا الف لام جنس کا ہی جو متعدد پر صادق آتا ہی صورت اسکی اشباہ مین یون مذکور ہی کہ تین شخصون نے ایک مرد کو عمداً قتل کیا پھر انھون نے توبہ کے
بعد گواہی دی کہ ولی نے ہمکو معاف کردیا حسن نے کہا کہ گواہی مقبول نہین مگر اسطرح کہ انمین سے دو شخص کہین کہ ہمکو معاف کیا اور اس ایک شخص کو
تو اس صورت مین ابو یوسف نے کہا کہ شخص واحد کے حق مین گواہی مقبول ہی اور حسن نے کہا کہ سب کے حق مین مقبول ہی انتہی ملخص کبری مین ہی کہ فتوی
ابو یوسف کے قول پر ہی لیکن ابو یوسف کے قول پر انسان کی گواہی اپنی ذات کے واسطے نہوئی بلکہ دو کی گواہی ہوئی تیسرے شخص کے حق مین ہان
مگر حسن کے قول پر گواہی انسان کی اپنی ذات کے واسطے مقبول ہوئی بنظر شاہدین کے کذا فی الطحطاوی ملخصاً و بالعکس للتہمۃ اور بالعکس یعنی
اصل کی گواہی فرع کے حق مین مقبول نہین بسبب تہمت کے ص وجہ تہمت اتصال منافع اصول اور فروع ہی تو گویا اپنے حق مین گواہی دی و سید لعبدہ
ومکاتبہ والشریک لشریکہ فیما ہو من شرکتہما لانہا لنفسہ من وجہ اور مقبول نہین میان کی گواہی اپنے غلام اور اپنے مکاتب کے حق مین اور شریک کی گواہی
اپنے شریک کے حق مین اُس مال مین جو دونون مین مشترک ہی اسواسطے کہ یہ گواہی اپنی ذات کی منفعت کے واسطے ہی ایک راہ سے فی الاشباہ
للخصم ان یطعن بثلثۃ برق وحد وشرکۃ اشباہ مین ہی کہ مدعی علیہ کو جائز ہی کہ شاہدین طعن کرے تین طرح سے رقیت سے اور حد قذف سے اور شرکت سے ص
جب مدعا علیہ کہے کہ شاہد غلام ہین تو مدعی کو گواہ قائم کرنا چاہیے انکی حریت پر اور اگر کہے کہ محدود فی القذف ہین تو طاعن پر اقامت بینہ لازم اور اگر کہے کہ
شاہد شریک ہی مدعی کا اور اسپر گواہ قائم کرے تو گواہی مقبول ہی اور مدعی کے گواہ عدم شرکت پر مقبول نہین ظاہر الروایۃ مین ہی کیونکہ یہ شہادت علی النفی ہی کذا فی
الطحطاوی و فی فتاوی النسفی لو شہد بعض اہل القریۃ علی بعض منہم بزیادۃ الخراج لاتقبل مالم یکن خراج کل ارض معینا او لاخراج للشاہد اور فتاوی نسفی مین ہی کہ

اگر گواہی دی بعض اہل قریہ نے بعض اہل قریہ پر زیادتی خراج کی تو مقبول نہین جبتک کہ ہر زمین کا خراج معین نہو یا شاہد کے واسطے خراج مین منفعت نہو اور اگر خراج ہر زمین کا معین ہو تو گواہی بعض کی بعض پر مقبول ہے کیونکہ اسمین جر منفعت اور دفع مضرت نہین اور اسی طرح جبکہ شاہد کو خراج مین دخل نہو وکذا اہل قریۃ شہدوا علی دیانیتہ انہا

من قریتہم لاتقبل وکذا اہل سکۃ یشہدون لشیٔ من مصالحہا لو غیر نافذۃ وفی النافذۃ ان طلب حقا لنفسہ لاتقبل وان قال لا آخذ شیئا قبل وکذا فی وقف المدرسۃ

انتہی فلیحفظ اور اسی طرح اہل قریہ نے گواہی دی قطعہ زمین پر کہ وہ انکے گانون مین سے ہے تو مقبول نہین اور اسی طرح اہل کوچہ کسی چیز کی گواہی دین منجملہ مصالح اور منافع کے مثلاً قطعہ زمین کو کہین کہ ہمارے سکنے مین سے ہے کذا فی العالمگیریہ تو مقبول نہین بسبب جر منفعت کے اگر کوچہ غیر نافذہ ہو اور کوچہ نافذہ اگر اپنے واسطے حق طلب کرتا ہو اسطرح پر کہ شاہد اُس قطعہ زمین مین دروازہ پھوڑا چاہتا ہو تو گواہی مقبول نہین اور اگر کہے کہ مین کچھ نہ لونگا تو گواہی مقبول ہے اور اسی طرح وقف مدرسہ مین گواہی مقبول ہے انتہی ما فی فتاوی النسفی تو اسکو یاد رکھنا چاہیے هم وقف مدرسہ کی شہادت کی قید اسواسطے لگائی کہ شہادت مستحق کی غلہ وقف مین مقبول نہین کیونکہ شاہد کا حق ہے مشہود بہ مین تو وہ متہم ہے کذا فی الطحطاوی عن البحر مسائل مذکورہ مین عدم قبول شہادت کی وجہ یہ ہے

کہ شاہد کا اسمین فائدہ ہے تو محل تہمت ہے والاجیر الخاص لمستاجرہ مسانہۃ او مشاہرۃ او الخادم والتابع او التلمیذ الخاص الذی یعد ضرر استاذہ ضرر

لنفسہ ونفعہ نفع نفسہ دُرر وہو معنی قولہ علیہ السلام لاشہادۃ للقانع باہل البیت ای الطالب معاشہ منہم من القنوع لا من القناعۃ اور مقبول نہین گواہی اجیر خاص یعنی مزدور اور چاکر کی اپنے مستاجر کے واسطے خواہ اجرت بطور سالانہ ہو یا ماہانہ یا یومیہ کذا فی الخلاصۃ یا اجیر خاص سے خادم یا تابع یا شاگرد خاص مراد ہے جو استاذ کے ضرر کو اپنی ذات کا ضرر اور اسکے نفع کو اپنی ذات کا نفع سمجھے کذا فی الدرر اور وہی مطلب ہے اس حدیث کا کہ گواہی نہین قانع اہل بیت کی یعنی جو اپنی معاش انکے یعنی گھر والون سے طلب کرے قانع مشتق ہے قنوع بالضم سے یعنی سوال و تذلل نہ قناعت سے هم اجیر خاص کی مراد مین اختلاف ہے بقول اکثر علما اجیر خاص سے تلمیذ خاص مراد ہے جو استاذ کے نفع او ضرر کو اپنا نفع او ضرر جانے اور استاذ کے ساتھ کھائے اور یہی مراد ہے قانع سے جو حدیث مین مذکور ہے اور بعضون نے کہا کہ سالانہ یا ماہانہ یا یومیہ دار سے اجیر مراد ہے اور حدیث مذکور ٹکڑا ہے اس حدیث کا جو ابوداؤد مین عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ مروی ہے (قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رد شہادۃ الخائن والخائنۃ وذی الغمر علی اخیہ ورد شہادۃ القانع لاہل البیت واجازہا لغیرہم) یعنی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رد کی شہادت خیانت والے مرد اور عورت کی اور عداوت والے کی اپنے بھائی پر اور شہادت قانع کے واسطے اہل بیت کے اور غیر اہل بیت کے واسطے شہادت جائز رکھی کذا فی فتح القدیر طحطاوی نے کہا خادم اور تابع اور شاگرد مین بعضون نے یون فرق بیان کیا ہے کہ خادم سے وہ شخص مراد ہے جو بلا اجرت خدمت کرے اور تابع وہ ہے جو مشہود لہ کے گھر مین زندگانی بسر کرے بلا خدمت مانند ملازم بیت اور شاگرد سے اہل صناعت مراد ہین جو اپنے رئیس اور کبیر کے تابع ہون اجیر خاص کی قید اسواسطے لگائی کہ اجیر مشترک کی گواہی جیسا کہ خیاط اور حداد اور نجار اور نائی اور دھوبی کی گواہی مستاجر کے واسطے مقبول ہے اسواسطے کہ وہ مستوجب اجرت کا نہین مگر اپنے عمل سے تو جب وہ اجارے سے کسی چیز کا مستحق ہوا تو تہمت باقی نرہی بخلاف اجیر خاص کہ اسکے منافع مستاجر کے مستحق ہین ولہذا وہ دوسرے کی مزدوری اور چاکری نہین کر سکتا مدت اجارہ مین تو اگر اسکی گواہی جائز ہو تو شہادت بالاجر لازم آوے کیونکہ اسکی شہادت بھی منجملہ اسکے منافع کے ہے تو مستاجر کی تجارت وغیرہ مین مقبول نہین انتہی ومفادہ قبول شہادۃ المستاجر الاستاذ لہ اور مفاد حدیث مذکور کا یہ ہے کہ مستاجر اور استاد کی گواہی اجیر خاص اور شاگرد کیواسطے قبول ہے یعنی اسواسطے کہ وہ اسکا محتاج نہین بخلاف اجیر خاص کے هم یہ مسئلہ فتح القدیر مین مصرح مذکور ہے ومخنث بالفتح من یفعل الردی ولوطی اور مخنث کی گواہی مقبول نہین مخنث بفتح نون وہ ہے جو نالائق فعل کرے اور لواطت کراوے هم نالائق فعل کرے یعنی عورتون کے افعال کرے یعنی عورتون کا سا سنگار کرے اور قول او فعل مین انکے ساتھ مشابہت کرے فعلی مشابہت یہ کہ محل لواطت ہو اور قولی مشابہت یہ کہ عورت کی طرح نرم کلامی اختیار کرے بناوٹ سے کذا فی المغرب اور بعضون کے نزدیک فقط قولی یا فقط فعلی مشابہت کافی ہے سنن ابوداؤد مین ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (لعن اللہ المخنثین من الرجال والمترجلات من النساء) یعنی لعنت

کرے اللہ مردون سے مخنث پر اور عورتون مین سے اُن عورتون پر جو مردون کے ساتھ مشابہت کرتی ہین وامّا بالکسر فالمتکسر الملین فی اعضائہ وکلامہ خلقۃ فیقبل
بحر اور مخنث بکسر نون وہ شخص ہے جو بید الشی حرام ایجا ہوا اپنے اعضا اور گفتگو مین تو اسکی گواہی مقبول ہے کذا فی البحر ہم اسواسطے کہ یہ امر اختیاری نہین بید الشی ہے بخلاف
مخنث ملعون کے ومغنیۃ ولو لنفسہا لارتکابہا محرم سو تہا در ہر اور گانے والی عورت کی گواہی مقبول نہین اگرچہ اپنی دفع وحشت کے واسطے گاتی اور لوگون کو سناتی ہو بسبب
حرام ہونے عورت کی آواز بلند کرنے کے کذا فی الدرر ہم قہستانی نے کہا اگرچہ حکمت کا شعر گاتی ہو اسواسطے کہ نہی فرمائی صلی اللہ علیہ وسلم عن الصوتین الاحمقین المغنیۃ والنائحۃ
دریافت کرنا چاہیئے کہ تغنی یعنی گانا الہو اور جمع مال کے واسطے بالاتفاق حرام ہے اور اسی طرح نوحہ گری خصوصاً جبکہ عورت سے ہو اسواسطے کہ عورت کو آواز بلند کرنا
بلا خلاف حرام ہے کذا فی الطحطاوی عن الشلبی وینبغی تقییدہ بمداومتہا علیہ لیظہر عند القاضی کما فی مدمن الشرب علی اللہو ذکرہ الوانی اور لائق ہے راگ مین مداومت کی
قید گانا یعنی عورت ہمیشہ گایا کرتی ہو تاکہ قاضی کے نزدیک اسکا گانا ظاہر ہو جیسے دائم الشرب علی اللہو مین مداومت شرط ہے کذا ذکرہ الوانی ہم اسی طرح
جمیع ابواب کبائر مین مداومت کی تقلید ہے کذا فی الفتح یعنی بلا مداومت قاضی کے نزدیک ثبوت نہین ہوسکتا کہ وہ گواہی رد کرے اور یہ مطلب نہین کہ اگر عورت
ہمیشہ گایا نہ کرے تو حرام نہین ہے ونائحۃ فی مصیبۃ غیرہا باجر درر وفتح زاد العینی فلو فی مصیبتہا تقبل وعللہ الوانی بزیادۃ اضطرارہا والنسلاب صبرہا واختیارہا
وکان کالشرب للتداوی اور اس عورت نوحہ گر کی گواہی مقبول نہین جو غیر کی مصیبت مین نوحہ کرے اجرت لیکر کذا فی الدرر والفتح عینی نے اتنا زیادہ کہا کہ اگر
اپنی مصیبت مین نوحہ کرے تو گواہی مقبول ہے اور علامہ وانی نے وجہ بیان کی کہ گواہی مقبول ہے بسبب زیادہ ہونے اُسکے اضطرار کے اور مسلوب ہونے اُسکے صبر اور
اختیار کے تو اُسکا نوحہ اپنی مصیبت مین مانند شرب مسکر کے ہو اعلاج کے واسطے وعدو لسبب الدنیا اور مقبول نہین اُس دشمن کی گواہی جسکی عداوت بسبب دنیا
کے ہو نہ بسبب دین کے ہم عداوت دنیاوی جیسے ولی مقتول کی گواہی قاتل پر اور مجروح کی جارح پر اور مقذوف کی گواہی قاذف پر اور جسکا اسباب راہ مین لُٹا اُسکی
گواہی رہزن غارتگر پر اور یہ مطلب نہین ہے کہ جو شخص کسی شخص سے حق مین خصومت اور نزاع کرے وہ اُسکا دشمن دنیاوی ہے جیسا کہ بعض متفقہین نے توہم کیا ہے
کذا فی البحر جعلہ ابن کمال عکس الفرع لاصلہ فتقبل لہ لا علیہ اور ابن کمال نے دشمن دنیاوی کی شہادت کو مسئلہ شہادت فرع لاصلہ بالعکس قرار دیا ہے تو اُسکی گواہی
اپنے دشمن کے نفع مین مقبول ہے نہ اُسکے ضرر پر واعتمد فی الوہبانیۃ والمجتبیۃ قبولہا مالم الفسق لسببہا قالوا الحقد فسق للنہی عنہ اور وہبانیہ اور مجتبیہ منظومہ مین قبول
شہادت دشمن دنیاوی پر اعتماد کیا ہے تا وقتیکہ دشمن بسبب عداوت کے فاسق نہو گیا ہو فقہا نے کہا ہے کہ دل مین کینہ رکھنا فسق ہے اسواسطے کہ شرع مین کینہ
رکھنے سے نہی وارد ہے ہم یہ روایت منصوص ہے اور اطلاق اختیار متاخرین ہے قہستانی مین ہے کہ قول متاخرین صحیح ہے اُنکے زمانے اور ہمارے زمانے مین
کذا فی الطحطاوی وفی الاشباہ فی تتمۃ قاعدۃ اذا اجتمع الحلال والحرام ولو العداوۃ للدنیا لا تقبل سواء شہد علی عدوہ او غیرہ لانہا فسق وہو لا تیجزی اور
اشباہ مین اجتماع حلال اور حرام کے قاعدے کے تتمہ مین ہے اور اگر دنیا کے واسطے عداوت ہو تو گواہی مقبول نہین خواہ وہ شخص اپنے دشمن پر گواہی دے
یا اُسکے غیر پر اسواسطے کہ عداوت دنیوی رکھنا فسق ہے اور فسق قسمت پذیر نہین وفی فتاوی المصنف لا تقبل شہادۃ الجاہل علی العالم لفسقہ بترک ما یجب تعلمہ
شرعا فیسلئذ لا تقبل شہادتہ علی مثلہ ولا علی غیرہ وللحاکم تعزیرہ علی ترکہ ذلک ثم قال والعالم من یستخرج المعنی من الترکیب کما یحق وینبغی اور مصنف
کے فتاوے مین ہے کہ مقبول نہین گواہی جاہل کی عالم پر بسبب فاسق ہونے جاہل کے اُس چیز کے ترک کرنے سے جسکا سیکھنا اُس پر واجب ہے
شرعا یعنی احکام شرعیہ پھر جبکہ وہ فاسق ٹھہرا تو اب اُسکی گواہی مقبول نہین ویسے دوسرے جاہل نہ غیر جاہل پر اور حاکم کو جائز ہے کہ جاہل کو تعزیر دے
ترک تعلم پر پھر مصنف نے کہا کہ عالم وہ ہے کہ جو معنی کو استخراج کرے ترکیب الفاظ سے جیسا کہ واقع مین ثابت اور لائق ہے ہم عالم کی تفسیر
اسواسطے کی کہ تا کوئی نہ سمجھے کہ عالم سے مدرس مراد ہے اور اخراج معنی سے مراد فہم ہے اور ظاہر امراد تفسیر مذکور سے یہ ہے کہ عالم وہ ہے کہ جو علوم
شرعیہ اور بعض آلات علوم شرعیہ کو جانتا ہو یعنی صرف نحو بلاغت کذا فی الطحطاوی ومجازف فی کلامہ اور اُسکی گواہی مقبول نہین جو البسا کثیر الکلام ہو

کہ راست گوئی کی پروا نہ رکھتا ہو جسکو باتونی اور بکی کہتے ہین اسواسطے کہ کثرت کلام فضول گوئی اور بیہودگی سے خالی نہین کذا فی الطحطاوی عن فتح القدیر
مین حکایت ہے کہ فضل بن ربیع وزیر ہارون الرشید نے قاضی ابو یوسف کے سامنے گواہی دی ابو یوسف نے گواہی اُسکی رد کی وزیر نے خلیفہ سے
شکایت کی خلیفہ نے کہا کہ ہمارا وزیر مرد دیندار ہے جھوٹی گواہی نہین دیتا سو تمنے اُسکی گواہی کیون نہ قبول کی ابو یوسف نے کہا کہ مین نے اُسے
سنا کہ خلیفہ سے کہتا تھا کہ مین آپ کا غلام ہون تو اگر وہ اُس کلام مین صادق ہے تو غلام کی گواہی جائز نہین اور اگر کاذب ہے تو کاذب کی بھی گواہی
مقبول نہین تو خلیفہ نے عذر قبول کیا اور میرے نزدیک رد شہادت بسبب کذب کے نہین کیونکہ حر کا یون کہنا کہ مین تیرا غلام ہون باختیار مجاز کے ہے
یعنی قائم بخدمت ہون اور مطیع اور مجاز کلام مین شائع ہے یہانتک کہ قرآن مجید مین بھی وارد ہے بلکہ رد شہادت اس سبب سے ہے کہ اس مجاز مخصوص مین اپنے کو ذلیل
کرنا اور دنیا کے واسطے چاپلوسی کرنا ہے الحاصل ترک مروت مسقط عدالت ہے انتہی مختصراً او یحلف فیہ کثیراً او اعتاد شتم اولادہ او غیرہم لانہ معصیۃ کبیرۃ یا گواہی مقبول
نہین اُسکی جو اپنی گفتگو مین بہت قسم کھاتا ہو یا اپنی اولاد یا غیر کو گالیان دیا کرتا ہو اسواسطے کہ اعتاد شتم یعنی گالیان دینے کی عادت کبیرہ گناہ ہے کثرت
حلف اگرچہ راستی مین ہے مگر امور دین کی قلت مبالات پر دلالت کرتی ہے اور شدہ شدہ کذب کی بھی نوبت پہونچتی ہے اور گالی دینا یا اُسکے سامنے ہے یا پیچھے
اگر سامنے ہے تو شوخ چشمی اور سوء ادب اور کمینون کی عادت ہے جنمین مروت اور حیا نہین اور اگر پیچھے ہے تو غیبت ہے اور وہ موجب فسق ہے اور مسقط عدالت
ہے اور اگر اسی طرح دشنام بہ لفظ لعنت ہے چنانچہ بازاریان بے نصیب کی عادت ہے کذا فی الطحطاوی عن ابن وہبان کترک زکوۃ او حج علی روایۃ فوریتہ جیسے
ترک زکوۃ یا حج کبیرہ گناہ ہے بموجب روایت وجوب علی الفور کے ہم یعنی تاخیر ادائے زکوۃ بلا عذر فسق ہے یعنی مختار ہے فقیہ ابو اللیث کا او ترک جماعۃ او جمعۃ او اکل
فوق شبع بلا عذر یا ترک جماعت پنجگانہ یا ترک نماز جمعہ یا کھانا آسودگی سے زیادہ بلا عذر گناہ مسقط عدالت ہے ہم بلا عذر ترک جماعت اور ترک جمعہ اور اکل ہونون کی
قید ہے یعنی اگر جماعت استخفاف اور فسق سے ترک نہ کرے بلکہ تاویل سے ترک کرے اسطرح کہ امام فاسق ہو یا تارک جماعت اول وقت نماز پڑھتا ہو اور امام تاخیر
کرتا ہو تو وہ ساقط العدالۃ نہین اور اگر جمعہ عذر مرض یا بعد مصر یا بتاویل فسق ترک کرے تو فسق نہین بعضون کے نزدیک ایکبار ترک جمعہ فسق ہے اور بعضون کے
نزدیک تین بار چنانچہ سرخسی کا قول ہے اور اگر بعذر موانست مہمان یا بنیت روزہ زیادہ کھالے تو ساقط العدالۃ نہین کذا فی الطحطاوی وغیرہ وخروج لفرجۃ قدوم امیر
اور نکلنا قدوم امیر اور سلطان کے تماشے کے واسطے ہم ظہیریہ مین فتوی اُسپر ہے کہ اگر مستحق التعظیم کی تعظیم کے واسطے یا عبرت کے واسطے نہ نکلین بلکہ تماشے کے واسطے
تو ساقط العدالۃ ہین کذا فی الطحطاوی ورکوب بحر اور سمندر یعنی ہند کے سمندر کی سواری فسق ہے ہم اسواسطے کہ جب بحر ہند مین سوار ہوا تو مال کے واسطے
اپنی جان اور دین کو محل خطر مین ڈالا تا مالدار ہو کر اپنے گھر مین پلٹ آوے تو ایسے شخص سے کیا بعید ہے کہ کچھ مال لیکر جھوٹی گواہی دے ظہیر الدین نے
کہا رکوب بحر منع نہین علامہ عبد البر نے کہا کہ ظاہراً رکوب بحر علی الاطلاق بلکہ اقران تحصیل دنیا سے اور یہ حکم اُسوقت تھا جبکہ ہندوستان تمام کفرستان تھا
چنانچہ تعلیل سے معلوم ہوتا ہے اور کیونکر رکوب بحر منع ہو کہ نص قطعی سے مطلقاً اباحت ثابت ہے مگر جبکہ گمان غالب ہلاکی کا ہو اور ہمیشہ سلف سمندر مین سوار ہوا کئے ہین
بلا انکار اور نص قرآنی اعظم دلیل ہے جواز کی انتہی کذا فی الطحطاوی ولبس حریر وبول فی سوق او الی قبلۃ او شمس او قمر وطفیلی ومسخرۃ ورقاص وشتام للدابۃ وفی
بلادنا یشتمون بائع الدابۃ فتح وغیرہ اور ریشمی کپڑا پہننا اور بازار مین پیشاب کرنا یا جانب قبلہ یا آفتاب یا ماہتاب کی طرف پیشاب مسقط عدالت ہے اور طفیلی اور
مسخرہ اور ناچنے والے اور جانور کے گالی دینے والے کی گواہی مقبول نہین اور ہمارے ملک مین جانور کے بیچنے والے کو گالی دیتے ہین کذا فی الفتح وفی
شرح الوہبانیہ لا تقبل شہادۃ البخیل لانہ لبخلہ یستقصی فیما یقرض من الناس فیاخذ زیادۃ علی حقہ فلا یکون عدلا اور شرح وہبانیہ مین ہے کہ مقبول نہین شہادت
بخیل کی اسواسطے کہ وہ اپنے بخل سے مبالغہ کرتا ہے اپنے قرض کے تقاضے مین لوگون سے تو اپنے حق سے زیادہ لیتا ہے تو صاحب عدالت نرہا ہم ایک نسخہ
مین یقبض ہے بجائے یقرض کے اور اسی طرح خلاصہ مین ہے اور وہبانیہ کی شرح عبد البر اور شرنبلالی مین یقرض ہے بہ یائے تحتانیہ و قاف کذا فی الحلبی

غلط ہے چنانچہ بحر الرائق مین اسکی تحریر کی ہے اور سوا ے شراب کے اور مسکرات مین ادمان یعنی دوام شرب شرط ہے اسواسطے کہ غیر خمر کا شرب صغیرہ گناہ ہے اور ہم شارح
نے باتباع صاحب بحر ذکر کیا کہ رد شہادت مین غیر خمر مین ادمان شرط ہے نہ خمر مین سو لائق اعتماد کے نہین کہ صریح منقول مذہب کے مخالف ہے کافی مین ہے کہ ادمان
اسواسطے شرط ہوا تاکہ یہ فعل اسکا ظاہر ہو کیونکہ جو خمر پیتا ہے پوشیدہ اور اسکا یہ فعل ظاہر نہین ہوتا تو عدالت سے خارج نہین ہوتا اگرچہ بکثرت پیتا ہو عدالت
اسی وقت ساقط ہوگی جبکہ شرب ظاہر ہو اسطرح سے یا مست ہو کر نکلے اور اطفال اس سے کھیلین تو ایسے شخص مین مروت نہ رہی اور ایسا شخص کذب سے پرہیز نہین
کرتا عادۃً اور فتاوی قاضی خان مین ہے کہ مدمن خمر اور مدمن سکر کی گواہی مقبول نہین اور ذخیرہ مین ہے کہ مدمن خمر کی شہادت جائز نہین چنانچہ زیلعی اور عینی
مین ہے اور نہایہ مین ہے کہ ادمان شرط ہے خمر مین بھی سقوط عدالت کے حق مین انتہی تو یہ نقول صریح ہین کہ خمر اور غیر خمر دونون مین ادمان شرط ہے بلا فرق اور سابق مذکور
ہو چکا ہے کہ ہر کبیرہ گناہ مین اشتہار شرط ہے یعنی سقوط شہادت کے واسطے ابن کمال نے کہا کہ شرب خمر کبیرہ گناہ نہین تو عدالت ساقط نہوگی مگر اصرار سے صاحب نہر نے
کہا کہ یہ غلط ہے اسواسطے کہ مشائخ نے تصریح کی ہے کہ شرب خمر کبیرہ ہے اور حدیث مشہور مین شرب خمر کو کبائر سبعہ مین شمار کیا ہے انتہی تو خمر مین ادمان اشتہار کے واسطے
شرط ہوا ہے نہ اسواسطے کہ وہ صغیرہ ہے دریافت کرنا چاہیے کہ ادمان اور اصرار مین دو قول ہین ایک قول یہ ہے کہ ادمان فعل سے ہوتا ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ نیت سے
ہوتا ہے کذا فی الطحطاوی وانما قال علی اللہو لیخرج الشرب للتداوی فلا یسقط العدالۃ لشبہۃ الاختلاف صدر الشریعۃ وابن کمال اور مصنف نے ادمان شرب
مین لہو یعنی کھیل کی قید اسواسطے لگائی تا دوا کے واسطے نشہ پینا نکل جاوے تو عدالت ساقط نہوگی بسبب شبہہ اختلاف کے کذا ذکرہ صدر الشریعۃ وابن کمال
ہم لہو عبارت ہے دل خوش کرنے سے بواسطہ اس قول اور فعل کے جو بمقتضاے حکمت نہین اور مراد کھیل سے وہ جو دوا کے واسطے نہو تو عادت کا پینا بھی کھیل
مین داخل ہے اور قول اصح یہ ہے کہ دوا کے واسطے بھی پینا حرام ہے ومن یلعب بالصبیان لعدم مروتہ وکذبہ غالبا کافی اور اسکی گواہی مقبول نہین جو لڑکون کے
ساتھ کھیلے اسکی عدم مروت اور کذب کے سبب سے غالبا کذا فی الکافی ہم لڑکون سے مراد نوجوان ہین نہ اطفال صغار چنانچہ عدم مروت کی تعلیل اسپر دلالت کرتی ہے
غایۃ البیان مین حسن سے مروی ہے کہ اگر بڈھا نوجوان سے کشتی کرے مجامع مین تو اسکی گواہی مقبول نہین کذا فی الطحطاوی فتح القدیر مین کرخی سے منقول
ہے کہ اگر شیخ نوجوانون سے مجامع مین کشتی کرے تو گواہی اسکی مقبول نہین کیونکہ وہ خفیف ہے والطیور الا اذا امسکہا للاستیناس فیباح الا ان
یجر حمام غیرہ فلا لاکلہ الحرام عینی وعنایہ اور اسکی گواہی مقبول نہین جو چڑیون سے کھیلے مگر جبکہ طیور کو دفع وحشت کے واسطے رکھے تو مباح ہے مگر
جبکہ غیر کے کبوتر کھینچ لیتا اور پکڑ رکھتا ہو تو مباح نہین بسبب اسکی حرام خوری کے کذا فی العینی والعنایہ ہم کبوتر بازی وغیرہ سے اسواسطے گواہی مردود
ہوتی کہ موروث غفلت ہے اور وہ محمول ہے اس صورت پر جبکہ کبوتر اڑانے کے واسطے کوٹھے پر چڑھتا ہو اور عورات نساء پر مطلع ہوتا ہو کذا فی البحر و
الطنبور وکل لہو شنیع بین الناس کالطنابیر والمزامیر وان لم یکن شنیعا نحو الحداء وضرب القصب فلا الا اذا فحش بان یرقصوا بہ خانیہ لدخولہ فی حد
الکبائر بحر اور اسکی گواہی مقبول نہین جو طنبور اور ایک ایسا باجا بجاوے جو قبیح اور معیوب ہے لوگون مین چنانچہ طنبور اور مزامیر اور اگر معیوب نہو لوگون
مین چنانچہ اونٹون کے تیز قدم کرنیکے واسطے آہنگ بلند کرنا اور ضرب قصب تو مانع شہادت نہین مگر جبکہ اسمین مبالغہ اور زیادتی کرے اسطرح کہ اسپر
لوگ رقص کرین تو مانع شہادت ہے کذا فی الخانیہ بسبب اسکے داخل ہونے کے حد کبائر مین کذا فی البحر ہم محیط مین بھی یہی تفصیل مذکور ہے جو خانیہ سے
مذکور ہو چکی اور معراج الدرایہ مین ہے کہ ملاہی دو قسم ہین ایک قسم حرام ہے وہ آلات مطربہ ہین بدون راگ کے یعنی طرب انگیز باجے چنانچہ مزمار
خواہ وہ خشت کی ہون یا قصب کی چنانچہ شبابہ یا طنبور بدلیل حدیث ابو امامہ (ان اللہ بعثنی رحمۃ للعالمین وامرنی بمحق المعازف والمزامیر) یعنی حق تعالے
نے مجھکو بھیجا سارے عالم کی رحمت کے واسطے اور مجھکو حکم کیا معازف اور مزامیر کے مٹانے کے واسطے اور دوسری قسم ملاہی کی مباح ہے وہ دف ہے نکاح مین اور
نکاح کے مانند ہر سرور حادث اور اسکے غیر مین دف بھی مکروہ ہے اور اسکو فتح القدیر مین بھی نقل کیا ہے بلا اعتراض کذا فی الطحطاوی عن البحر حدیث مذکور

مشکوۃ مین مسند احمد بن حنبل سے منقول ہے معازف آلات سرود اور قاموس مین ہے کہ معازف ملاہی مین مانند عود اور طنبور کے اور مزامیر جمع مزمار آلہ غنا اور جس قصب
یعنی نَے اور بانسری مین گاوین اسکو زمارہ اور مزمار کہتے ہین امام نووی نے اسکی حرمت کی تصریح کی ہے فقہا کہتے ہین کہ گانا آلات مطربہ سے حرام ہے اور فقط آواز سے
مکروہ ہے اور اجنبی عورت سے تحت ترکذا فی ترجمۃ المشکوۃ للشیخ عبد الحق الدہلوی ومن یغنی للناس لانہ یجمعہم علی کبیرۃ ہدایہ وغیرہا اور اسکی گواہی مقبول نہین جو راگ
گاتا ہو لوگون کے واسطے اسواسطے کہ وہ لوگون کو کبیرہ گناہ پر جمع کرتا ہے چنانچہ ہدایہ وغیرہا مین ہے وکلام سعدی افندی یفید تقییدہ بالاجرۃ فتامل اور سعدی
افندی کا کلام یعنی اجرت لینے کی قید لگانے کا مفید ہے یعنی اُس مغنی کی گواہی مقبول نہین جو لوگون سے اجرت لیکر گاتا ہو سو تامل کر اسکو ہم طحطاوی
نے کہا قید مذکور غیر ظاہر ہے بلکہ فقہا کا کلام مطلق ہے بلا قید اجرت واما المغنی لنفسہ لدفع الوحشۃ فلا باس بہ عند العامۃ عنایہ وصححہ العینی وغیرہ قال ولو فیہ وعظ و
حکمۃ فجائز اتفاقا اور جو شخص کہ اپنی ذات کے واسطے گاوے دفع وحشت کے لیے تو اسکا کچھ مضائقہ نہین جمہور فقہا کے نزدیک کذا فی العنایہ اور
اسکو صحیح کہا ہے عینی وغیرہ نے عینی نے کہا اور اگر سرود مین وعظ اور حکمت ہو تو بالاتفاق جائز ہے ہم محل اباحت سرود وہ ہے کہ باجا نہو اسکے ساتھ
اسواسطے کہ بزازی نے مناقب مین اجماع نقل کیا ہے حرمت سرود پر جبکہ سرود باجے پر ہو چنانچہ عود اور بنایہ اور عنایہ مین ہے کہ لہو اور لعب کے واسطے
گانا معصیت ہے جمیع ادیان مین ومنہم من اجازہ فی العرس کما جاز ضرب الدف فیہ ومنہم من اباحہ مطلقا ومنہم من کرہہ مطلقا انتہی وفی البحر والمذہب
حرمتہ مطلقا فانقطع الاختلاف بل ظاہر الہدایۃ انہ کبیرۃ ولو لنفسہ واقرہ المصنف اور بعضے فقہا نے جائز کہا ہے سرود کو نکاح مین جیسے دف بجانا اسمین
جائز ہے اور بعضون نے اسکو مباح کہا ہے مطلقاً نکاح اور غیر نکاح مین اور بعضون نے اسکو مکروہ کہا ہے مطلقاً باجا ہو یا نہو نکاح ہو یا غیر نکاح انتہی
کلام العینی اور بحر الرائق مین ہے اور مذہب یہ ہے کہ سرود مطلقاً حرام ہے تو اختلاف علما کا منقطع ہو گیا بلکہ ظاہر ہدایہ یہ ہے کہ سرود کبیرہ گناہ ہے اگرچہ اپنی
ذات کے واسطے ہو اور ثابت رکھا اس قول کو مصنف نے اپنی شرح مین ہم بحر الرائق مین ہے کہ شارحین نے تصریح نہین کی کہ سرود مین مذہب کیا ہے
اور بنایہ اور عنایہ مین ہے کہ تغنی لہو کے واسطے معصیت ہے جمیع ادیان مین اور زیادات مین کہا کہ اگر اس چیز کی وصیت کرے جو معصیت ہے ہمارے
نزدیک اور اہل کتاب کے نزدیک اور منجملہ اسکے وہ وصیت ذکر کی جو مغنیین اور مغنیات کے واسطے ہو انتہی تو ثابت ہو گئی نفس مذہب کی گانے کی حرمت پر تو
اختلاف منقطع ہو گیا انتہی ما فی البحر اور تو خود جانتا ہے کہ جو صاحب بحر نے نصوص ذکر کین وہ اطلاق حرمت کی موید نہین کیونکہ بنایہ اور عنایہ کی عبارت
مقید بلہو ہے اور زیادات کی عبارت تقیید شہرت کی مفید ہے اور شہرت اسوقت ہو گی جب لوگون کے سامنے گاوے وجہ افادہ قید شہرت یہ ہے کہ وصیت
منفذ ہوتی ہے متعارف کی طرف اور عرف مین مغنیہ کا معنی نہین کہتے مگر اسکو جو راگ گانے کے ساتھ معروف ہو اور شارح اطلاق حرمت تغنی مین مصنف
کا تابع ہوا ہے اور صحیح قول وہ ہے جو فتاوی عالمگیری مین خزانۃ المفتیین سے منقول ہے کہ مقبول نہین گواہی اسکی جو لوگون کے واسطے گاوے اور انکو
سناوے اور اگر تغنی اپنی ذات کے سنانے کے واسطے ہو تا وحشت دفع کرے اپنی ذات سے بدون اس بات کے کہ دوسرا شخص سُنے تو اسکا مضائقہ
نہین اور عدالت اسکی ساقط نہین ہوتی قول صحیح مین انتہی کذا فی الطحطاوی فتح القدیر مین ہے کہ فقہا نے تصریح کی ہے کہ لہو ولعب اور جمع مال کے واسطے تغنی حرام ہے
بلا خلاف اگر تو کہے کہ صاحب ہدایہ کی تعلیل کہ مغنی لوگون کو کبیرہ پر جمع کرتا ہے اسکی مقتضی ہے کہ تغنی مطلقاً حرام ہے اور حالانکہ ایسا نہین ہے کیونکہ اگر اسطرح تغنی کرے
کہ آپ سُنے اور غیر نہ سُنے تا اپنی ذات سے وحشت دفع کرے مکروہ نہین اور بعضون نے کہا کہ استفادہ نظم قوافی اور فصیح اللسان ہونے کے واسطے تغنی مکروہ نہین اور
بعضون نے کہا کہ اگر لوگون کے سنانے کے واسطے نکاح اور ولیمہ مین تغنی کرے مکروہ نہین تو جواب اسکا یہ ہے کہ اپنے سنانے اور دفع وحشت کے واسطے تغنی
مین فقہا کا اختلاف ہے بعضون نے کہا کہ مکروہ نہین مکروہ وہ تغنی ہے جو علی سبیل اللہو ہو بدلیل روایت انس بن مالک کہ وہ اپنے بھائی براء بن مالک کے
پاس گئے اور وہ زاہد صحابہ مین تھے اور وہ تغنی کرتے تھے اور اسی قول کو شمس الائمہ سرخسی نے لیا ہے اور بعضے مشائخ نے اسکو بھی مکروہ کہا ہے اور اس قول کو شیخ الاسلام

لے لیا ہے اور محمل حدیث براء بن مالک کا یہ ہے کہ وہ اشعار مباحہ کو خوش آوازی سے پڑھتے تھے جنمیں مواعظ اور حکم تھیں اسواسطے کہ لفظ غنا جیسے غناء معروف کو بولتے ہیں ویسے ہی غیر معروف کو بھی کہتے ہیں چنانچہ حدیث میں آیا ہے (من لم یتغن بالقرآن فلیس منا) اور اشعار مباحہ کی شعرخوانی جائز ہے پھر جبکہ اصلاحی تغنی کا حال معلوم ہوا تو جائز ہے کہ صاحب ہدایہ تعمیم منع تغنی کا قائل ہو شیخ الاسلام کے مانند مگر ہمکو معلوم ہو چکا ہے کہ تغنی محرم وہ ہے جسکے الفاظ ایسے ہوں جو حلال نہیں جیسے مرد معین اور عورت معینہ زندہ کا وصف یا شراب کی ایسی تعریف جو شوق انگیز ہو اسکی طرف یا ہجو مسلم یا ذمی کی بشرط قصد ہجو نہ بقصد استشہاد یا تعلم فصاحت وبلاغت اور اگر اشعار غیر معین عورت کے وصف میں ہوں تو مباح ہیں بدلیل قصیدہ بانت سعاد کہ خود صاحب رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پڑھا گیا اور حضرت نے اسپر انکار نہیں فرمایا ہاں اگر بطریق ملاہی کے ہو تو ممنوع ہے اگرچہ مواعظ اور حکم ہوں تغنی میں ہے کہ ملاہی دو قسم میں ایک محرم چنانچہ آلات مطربہ غنا جیسے مزمار اور طنبور وغیرہ اور دوسرے مباح وہ دف ہے نکاح اور اسکے مانند اور سرور حادثہ میں اور اسکے غیر میں مکروہ ہے عبد اللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ جب آواز دف کی سنتے تو خبر منگواتے اگر ولیمہ ہوتا تو سکوت کرتے اور اگر اسکے سوا اور کچھ ہوتا تو درہ لیتے اور اجناس میں ہے کہ محمد بن شجاع سے اُس شخص کے حال کا سوال ہوا جو اپنے نفس کے ساتھ ترنم کرتا ہے جواب دیا کہ یہ اسکی شہادت کا قادح نہیں اور قرآن خوانی الحان سے بعضوں کے نزدیک مباح ہے اور بعضوں کے نزدیک منع ہے اور مختار یہ ہے کہ اگر الحان سے حروف اپنی نظم اور حقیقت سے خارج نہیں ہوتے ہوں تو مباح ہے اور نہیں تو غیر مباح ہے ایسا کچھ علمانے ذکر کیا ہے اور ہم باب الاذان میں مذکور کر چکے ہیں کہ تلحین بدون تغیر مقتضیات حروف کے نہیں ہوتی تو یہ تفصیل بے معنی ہے انتہی ما فی الفتح ملخصاً بتصرف قال ولا تقبل شہادة من یسمع الغناء او یجلس مجلس الغناء زاد العینی او مجلس الفجور والشرب وان لم یسکر لان اختلاطہم وترکہ الامر بالمعروف یسقط عدالتہ مصنف نے کہا اور مقبول نہیں گواہی اُس شخص کی جو راگ سنتا ہے یا راگ کی مجلس میں بیٹھتا ہے عینی نے اتنا زیادہ کہا یا فسق وفجور یا شرب کی مجلس میں بیٹھتا ہے اگرچہ وہ نشانہ پیتا ہو اسواسطے کہ اسکا مختلط ہونا اُنکے ساتھ اور امر بالمعروف کا ترک کرنا اسکی عدالت کا مسقط ہے ہم مجلس غنا میں بیٹھنا مسقط عدالت ہے اگرچہ وہ راگ نہ سنے بلکہ ذکر الٰہی میں مشغول رہے اور اسی طرح جو راگ سنے اگرچہ راگ کی مجلس میں نہ بیٹھتا ہو کذا فی الطحطاوی او یرتکب ما یحد بہ للفسق ومرادہ من یرتکب کبیرة قالہ المصنف وغیرہ یا اسکی گواہی مقبول نہیں جو مرتکب ہو اس چیز کا جسکے سبب سے اسکو حد ماری جاوے بواسطہ فسق کے اور مطلب اسکا یہ ہے کہ جو کبیرہ گناہ کا مرتکب ہو اسکی گواہی مقبول نہیں ایسا کچھ کہا ہے مصنف وغیرہ نے ہم کبیرہ کی حد میں اقوال مختلف ہیں اور قول محقق وہ ہے جو شاہ ولی اللہ دہلوی نے قول الجمیل میں اختیار کیا ہے یعنی حق یہ ہے کہ کبیرہ گناہ وہ ہے کہ جسپر دوزخ یا عذاب شدید کی وعید وارد ہے قرآن مجید میں یا حدیث صحیح میں جو اہل حدیث کے نزدیک مشہور ہے یا اسکے مرتکب کو کافر کہا ہو چنانچہ تارک صلوٰة متعمداً کو یا اسکے مرتکب پر شرع میں حد مشروع ہو چنانچہ زنا اور سرقہ اور قطع طریق اور شرب خمر یا امور مذکورہ کے برابر یا اُنسے زیادہ تر ہو شر اور برائی میں بحکم بداہت عقل اور صغیرہ وہ گناہ ہے جو شرع میں منہی عنہ ہو یا مخالف مشروع ہو یا دین کے طریقہ ماثورہ کا رافع ہو انتہی شیخ ابو طالب مکی نے قوت القلوب میں کہا کہ میں نے اُن احادیث کو جمع کیا جنمیں کبائر کی تصریح وارد ہے تو سترہ کبائر پائے چار دل میں شرک اور نیت اصرار علی المعصیة اور ناامیدی رحمت الٰہی سے اور بیخوفی مکر الٰہی سے اور چار زبان میں شہادت زور اور قذف محصن اور یمین غموس اور سحر اور تین پیٹ میں شرب خمر اور اکل مال یتیم اور اکل ربوا اور دو شرمگاہ میں زنا اور لواطت اور دو ہاتھ میں قتل ناحق اور چوری اور ایک پاؤں میں یعنی فرار صف کفار سے اور ایک گناہ سارے بدن کے یعنی عقوق والدین انتہی حق تعالیٰ اپنے کرم سے ہمکو اُنسے بچاوے آمین او یدخل الحمام بغیر ازار لانہ حرام یا اسکی گواہی مقبول نہیں جو حمام میں غسل کے واسطے بلا ازار برہنہ جاوے اسواسطے کہ برہنگی حرام ہے او یلعب بنرد او طاب مطلقاً قامر اولا یا اسکی گواہی مقبول نہیں جو کھیلے نرد یا طاب سے مطلقاً خواہ بازی بدے یا نہ بدے ہم فتح القدیر میں ہے کہ نصب طاب کھیل ہے ہمارے بلاد یعنی مصر وغیرہ میں نرد کے مانند اسکو بلا حساب اور بلا فکر پھینکتے ہیں جو کھیل ایسا ہے جسکو شیطان نے پیدا کیا اور اہل غفلت اسکو کرتے ہوں وہ مطلقاً حرام ہے انتہی معلوم ہوا کہ طاب ایک کھیل ہے جو کسر یا نرد کی طرح اسکو پھینکتے ہیں اما الشطرنج فلشبہة الاختلاف شرط واحد من ستة فلذا قال ویقامر بالشطرنج اور شطرنج میں تو بسبب شبہہ اختلاف کے سقوط عدالت کے واسطے

پھر چیز ون سے کوئی ایک چیز مشروط ہی تو اسی واسطے مصنف نے کہا یا جواب دے شطرنج سے تو اسکی گواہی مقبول نہیں ہم امام مالک اور شافعی کے نزدیک شطرنج حلال ہی اسواسطے مصنف نے شطرنج کھیلنے کو مطلقاً مسقط عدالت نہ کہا او یترک به الصلوة حتی یفوت وقتها یا شطرنج کی بازی سے نماز ترک کرے یہان تک کہ نماز کا وقت فوت ہو جاوے ہم ترک صلوة سے عدم فعل مطلقاً نہیں بلکہ نماز قضا کرنا مراد ہی او یحلف علیه کثیرا یا شطرنج کھیلنے مین قسم بہت کہا تا ہو ہم بابعی نے اور اتقانی نے اسمین حلف کاذب کی قید لگائی ہی تو اس سے معلوم ہوا کہ کثرت حلف بلا کذب یا کذب بلا کثرت سے شہادت مردود نہیں کیونکہ شہرت بدون کثرت نہیں ہوتی کذا فی الطحطاوی عن ابی السعود او یلعب به علی الطریق او یذکر علیه فسقا اشباه یا شطرنج رستے پر کھیلے یا اسپر فسق کو ذکر کرے کذا فی الاشباه ہم یعنے وہ چیز ذکر کرے جس سے فاسق ٹھہرے جیسا کہ شتم اور قذف اور غنا او یداوم علیه ذکره سعدی افندی معزیا للکافی والمعراج یا ہمیشہ شطرنج کھیلا کرتا ہو اسکی گواہی مقبول نہیں اسکو سعدی افندی نے کافی اور معراج سے نقل کیا ہم اسواسطے کہ مداومت تلہی کی دلیل ہی اور غالباً بعض ضروریات مین خلل پڑتا ہی یہان تک کہ بعضے شطرنج باز لڑکا مر گیا اور اسکی تجہیز و تکفین کے واسطے انھون نے بازی موقوف نہ کی نعوذ باللہ من انہماک المعاصی او یاکل الربوا فیده ه بالشهرة ولا یخفی ان الفسق یمنعها شرعا الا من القاضی اذ یثبت ذلک الا بعد ظهوره له فالکل سواء بحر فلیحفظ یا اسکی گواہی مقبول نہیں جو بیاج کہاوے بیاج کہانے مین علما نے شہرت کی قید لگائی ہی اور یہ امر مخفی نہیں کہ فسق مانع ہی شہادت کا شرعاً مگر یہ کہ قاضی فسق کو ثابت نہیں کرتا مگر بعد ظاہر ہونے فسق کے قاضی کے نزدیک تو سب گناہ اسمین برابر ہین کذا فی البحر تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم بعضون نے اکل مال یتیم اور اکل ربوا مین اسطرح فرق کیا ہی کہ اگر یتیم کا مال کھائے ایکبار تو گواہی اسکی مقبول نہین اور بیاج خوری مین شہرت شرط ہی و صاحب بحر نے اسکو رد کیا کہ دونون مین کچھ فرق نہیں فسق ہونے مین دونون برابر ہین اور اشتراط شہرت مین دونون یکسان ہین شہرت تو اسواسطے شرط ہی کہ قاضی اسکو ثابت کرے تو اسمین سب گناہ برابر ہین تخصیص بلا دلیل ہی او یبول او یاکل علی الطریق وکذا کل ما یخل بالمروة ومنه کشف عورته لیستنجی من جانب البرکة والناس حضور وقد کثر فی زماننا فتح یا اسکی گواہی مقبول نہیں جو پیشاب کرے یا کھاوے راہ مین اور اسیطرح ہر ایک وہ فعل جو مخل مروت ہی از انجملہ اپنی شرمگاہ کھولنا تالاب کے کنارے سے استنجا کرنے کے واسطے اور حالانکہ لوگ سامنے ہین اور ہمارے زمانے مین یہ فعل بکثرت ہو گیا کذا فی الفتح ہم فتح القدیر مین ہی اسکی گواہی مقبول نہیں جو افعال مستحقرہ نالائق کرے اگرچہ فی نفسها وہ حرام نہیں جیسے لوگون کے روبرو راہ مین کہانا اور بازار مین پیشاب کرنا اور صرف سراویل یعنے پاجامہ پہنکر چلنا پھرنا اور لوگون کے روبرو پاؤن پھیلانا اور وہان سر کھولنا جہان خفت اور بے ادبی اور قلت مروت اسکو شمار کرتے ہین اسواسطے کہ جو شخص ایسا ہو اس سے بعید نہیں کہ جہوٹی گواہی دے اور حدیث مرفوع مین وارد ہی کہ لوگون نے جو پہلے نبوت سے کلام پایا ہی وہ یہ ہی کہ جب تجکو حیا نہیں تو جو تیرے دل مین آوے سو کر انتہی الطحطاوی منجملہ افعال خلاف مروت لقمہ کی چوری کرنا اور حد سے زیادہ خوش طبعی اور دل لگی کرنا کہ موجب استخفاف ہو اور کمینون کی صحبت مین بیٹھنا اور لوگون کو ذلیل کرنا اور بازار مین غل و شور کرنا مروت عبارت ہی دین اور اصلاح سے اور بعضون نے کہا کہ مروت عبارت ہی دوستی نیک و حفظ لسان اور بیکار حقیقت سے کنارہ گیری اور ارتفاع ہر خلق دنی سے انتہی او یظهر سب السلف لظهور فسقه بخلاف من یخفیه لانه فاسق مستور عینی قال المصنف وانما قید نا بالسلف تبعا لکلامهم والا فالاولی ان یقال سب المسلم لسقوط العدالة بسب المسلم وان لم یکن من السلف کما فی السراج والنهایة یا اسکی گواہی مقبول نہیں جو سلف کی بدگوئی ظاہر کرے بسبب ظاہر ہو جانے اسکے فسق کے بخلاف اس شخص کے جو سب سلف کو مخفی رکھتا ہی اسواسطے کہ وہ فاسق مستور ہی پس وہ مقبول الشہادت ہی کذا فی العینی مصنف نے اپنی شرح مین کہا کہ ہمنے سلف کی قید لگائی باتباع کلام فقہائے مصنفین اور نہیں تو یون کہنا بہتر تھا کہ جو مسلمان کی بدگوئی کو ظاہر کرے وہ مقبول الشہادت نہیں بسبب ساقط ہونے عدالت کے مسلمان کی بدگوئی سے اگرچہ وہ سلف مین سے نہو جیسا کہ سراج اور نہایہ مین ہی ہم سب یعنے دشنام اور گالی یہ ہی کہ انسان کی آبرو مین ایسی گفتگو کرنا جو اسکے حق مین معیوب ہو حدیث مین وارد ہی کہ سباب المسلم فسق وقتاله کفر وفیها الفرق بین السلف والخلف ان السلف الصالح الصدر الاول من التابعین منهم ابو حنیفه

رضی اللہ عنہ والخلف بالفتح من بعدہم فی الخیر وبالسکون فی الشر بحر اور نہایہ میں ہے کہ درمیان سلف اور خلف کے فرق یہ ہے کہ سلف صالح سے مراد
تابعین کا صدر اول ہے یعنی سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ ہیں اور خلف بفتح لام وہ لوگ ہیں جو تابعین کے بعد نیک لوگ ہیں اور خلف بسکون لام بدکار لوگ ہیں
جنکو عرف میں ناخلف کہتے ہیں کذا فی البحر ہم صدر الشریعۃ نے کہا کہ سلف سے مراد صحابہ اور علمائے مجتہدین ماضیین ہیں رضوان اللہ علیہم اجمعین ذنیہ من العنایۃ
لا اقبل شہادۃ من سب الصحابۃ واقبلہا ممن تبرأ منہم لانہ یعتقد دینا وان کان علی باطل فلم یظہر فسقہ بخلاف الساب اور بحر الرائق میں عنایہ سے ہے کہ ابو یوسف
سے مروی ہے کہ میں قبول نہیں کرتا گواہی اسکی جو صحابہ کرام کی بدگوئی کرے اور اسکی گواہی قبول کرتا ہوں جو صحابہ سے بیزار اور ناراض ہے اسواسطے کہ وہ ایک
دین کا معتقد ہے کالخوارج والروافض اگرچہ وہ باطل پر ہے تو متبری نے اپنا فسق ظاہر نہ کیا دل میں رکھا بخلاف بدگو کہ اسنے اپنا فسق ظاہر کردیا م
ظاہر ایہ مسئلہ متفق علیہا ہے اور ابو یوسف کی طرف اسواسطے منسوب ہوا کہ وہ مخرج ہیں اسکے شہد ان اباہما اوصی الیہ فان ادعاہ صحت شہادتہما استحسانا
کشہادۃ دائنی المیت ومدیونیہ والموصی لہما وصییہ لثالث علی الایفاء دو بیٹوں نے گواہی دی کہ ہمارے باپ نے فلانے شخص کو وصی کیا ہے تو اگر شخص مذکور
اسکا دعوے کرے تو دونوں کی گواہی صحیح ہوگی بطور استحسان کے جیسے میت کے دو دائنوں کی گواہی ایک شخص کے وصی ہونے میں اور میت کے دو مدیونوں کی
گواہی کسی شخص کے وصی ہونے میں اور جن دو شخصوں کے واسطے میت نے وصیت کی انکی گواہی کسی کے وصی ہونے میں اور میت کے دو وصیوں کی گواہی تیسرے
شخص کے وصی کرنے میں صحیح ہے کذا فی الطحطاوی وان انکر لا لان القاضی لا یملک اجبار احد علی قبول الوصیۃ عینی اور اگر وہ شخص قبول وصایت سے انکار کرے تو گواہی
اشخاص مذکورین کی صحیح نہیں اسواسطے کہ قاضی مالک نہیں اسکو زبردستی وصیت قبول کروانے کا کذا فی شرح العینی کما لا تقبل لو شہدا ان اباہما الغائب وکلہ
بقبض دیونہ وادعی الوکیل او انکر والفرق ان القاضی لا یملک نصب الوکیل عن الغائب بخلاف الوصی جیسے مقبول نہیں گواہی اگر دو بیٹے گواہی دیں کہ
ہمارے غائب باپ نے فلانے کو وکیل کیا ہے اپنے دیون کے قبض کرنے کا خواہ وکیل وکالت کا دعوے کرے یا انکار کرے اور فرق وصی اور وکیل کے مسئلہ میں
یہ ہے کہ قاضی مالک نہیں غائب کی طرف سے وکیل مقرر کرنے کا بخلاف نصب وصی کہ اسمیں قاضی کو اختیار ہے شہد الوصی ای وصی المیت بحق للمیت بعد ما عزلہ القاضی
عن الوصایۃ ونصب غیرہ او بعد ما ادرک الورثۃ لا تقبل شہادتہ للمیت فی مالہ او غیرہ خاصم اولا لحلول الوصی محل المیت ولذلک لا یملک عزل نفسہ
بلا عزل قاض فکان کالمیت نفسہ فاستوی خصامہ وعدمہ گواہی دی وصی نے یعنی میت کے وصی نے میت کے حق میں بعد اسکے کہ
قاضی نے اسکو معزول کردیا وصایت سے اور قائم کیا غیر کو یا گواہی دی بعد بالغ ہونے ورثہ میت کے تو اسکی گواہی میت کے حق میں اسکے مال اور غیر
مال میں مقبول نہیں خواہ وصی نے خصومت کی ہو یا نہ کی ہو بسبب ہوجانے وصی کے بجائے میت کے اور اسی واسطے وصی اپنی ذات کے معزول
کرنیکا مالک نہیں بدون معزول کرنے قاضی کے تو وصی مثل ذات میت کے ہوگیا تو اسکی خصومت اور عدم خصومت برابر ہوگی ہم درصورت بقاء وصایت وصی کا
بجائے میت کے ہونا ظاہر ہے اور درصورت معزولی ظاہر نہیں مگر باعتبار ما کان کے پھر جب بجائے میت کے ہوا تو گویا اسنے اپنی ذات کے واسطے گواہی دی لہذا مقبول نہیں
بخلاف الوکیل فلذا قال ولو شہد الوکیل بعد عزلہ للموکل ان خاصم فی مجلس القاضی ثم شہد بعد عزلہ لا تقبل اتفاقا للتہمۃ بخلاف وکیل کے کہ اسکی خصومت اور عدم
خصومت برابر نہیں تو اسی واسطے مصنف نے کہا اور اگر گواہی دے وکیل اپنے معزول ہونے کے بعد موکل کے حق میں اگر اسنے خصومت کی ہے مجلس قاضی
میں پھر گواہی دی بعد اپنے معزول ہونے کے تو گواہی بالاتفاق مقبول نہیں بسبب تہمت کے ہم تہمت سے مراد تہمت تصدیق ہے یعنے وکیل جسمیں خصومت
کر چکا ہے اسمیں اپنی صداقت ظاہر کرتا ہے گواہی دیکر والا قبلت لعدمہا خلافا للثانی فجعلہ کالوصی سراج اور اگر خصومت نہیں کی تو گواہی وکیل کی موکل کے حق میں
بعد معزول کے مقبول ہے بسبب نہونے تہمت مذکورہ کے بخلاف ابو یوسف کے کہ انکے نزدیک درصورت عدم خصومت بھی مقبول نہیں تو ابو یوسف ح
نے وکیل کو وصی کے مانند ٹھہرایا کذا فی السراج وفی قنیۃ الزیلعی کل من صار خصما فی حادثۃ لا تقبل شہادتہ فیہا ومن کان بعرضیۃ ان یصیر خصما ولم ینتصب

خصما بعد تقبل وہذان الاصلان متفق علیہما وتمامہ فیہ اور شرح زیلعی کی کتاب الفسامتہ مین ہے کہ جو شخص کہ مخاصم ہوگیا کسی مقدمے مین تو اُس مقدمے مین
گواہی اُسکی مقبول نہین اور جبکا مخاصم ہونا درپیش ہے اور حالانکہ ہنوز وہ مخاصم نہین ہوا تو اُسکی گواہی مقبول ہے اور یہ دونون قاعدے بالاتفاق ہین
اور پورا بیان اسکا اُسی شرح مین ہے مم زیلعی نے اپنی شرح مین کہا تو اصل اول کی جنس سے وکیل بالخصومتہ جبکہ اُسنے حاکم کے پاس خصومت کی پھر وہ
معزول ہوگیا تو اُسکی گواہی مقبول نہین اور شفیع نے جب شفعہ طلب کیا یعنے قاضی کے پاس اور مشتری سے خصومت کی پھر اُسکو ترک کیا تو اُسکی گواہی بیع
مین مقبول نہین اور اصل ثانی کی جنس سے وکیل ہے جب کہ اُسنے خصومت نہ کی اور شفیع ہے جبکہ اُسنے شفعہ طلب نہ کیا اور گواہی دی تو دونون کی گواہی مقبول ہے کذا
فی الطحطاوی قید نا بمجلس القاضی لانہ لو خاصم فی غیرہ ثم عزلہ قبلت عندہما کما لو شہد فی غیر ما وکل فیہ وعلیہ جامع الفتاوی قید لگائی ہے یعنے
مجلس قاضی کی اسواسطے کہ اگر وکیل نے غیر مجلس قاضی مین حکومت کی ہو پھر موکل نے اُسکو وکالت سے معزول کیا ہو تو طرفین کے نزدیک گواہی مقبول ہے
چنانچہ اگر وکیل نے گواہی دی اُس مقدمے کے سوا مین جسمین وہ وکیل مقرر ہوا یا موکل کی مضرت کی گواہی دی تو مقبول ہے کذا فی جامع الفصولین وفی البزازیتہ
وکلہ بالخصومتہ عند القاضی فخاصم المطلوب بالف درہم عند القاضی ثم عزلہ فشہد ان لموکلہ علی المطلوب مائتہ دینار تقبل بخلاف ما لو وکلہ عند غیر القاضی وخاصم
وتمامہ فیہا اور بزازیہ مین ہے کہ ایک شخص کو خصومت کے واسطے وکیل کیا قاضی کے نزدیک سو اُسنے جھگڑا کیا مدعا علیہ سے ہزار درم کا پھر موکل
نے وکیل کو معزول کیا سو وکیل نے گواہی دی کہ اُسکے موکل کے مدعا علیہ پر سو دینار ہین تو گواہی مقبول ہے یعنے اسواسطے کہ یہ دوسرا مقدمہ ہے غیر متعلق
بوکالت بخلاف اُس صورت کے کہ اُسکو غیر قاضی کے نزدیک وکیل کیا اور اُسنے خصومت کی تو گواہی مقبول نہین اور پورا بیان اُسکا اسی کتاب مین ہے مم بافی
بیان بزازیہ اور کافی مین یون ہے کہ اگر قاضی کو وکالت معلوم نہوا اور مدعا علیہ وکالت کا منکر ہوا اور وکیل اپنی وکالت گواہون سے ثابت کرے پھر موکل اُسکو
معزول کرے اور وکیل موکل کے واسطے گواہی دے تو گواہی اُسکی مردود ہے ہر ایک اُس حق مین جو وقت توکیل کے قائم ہے مگر جبکہ اُس حق کی گواہی دے جو بعد
تاریخ وکالت کے بعد تو اب گواہی مقبول ہوگی کذا فی الطحطاوی کما قبلت عندہما فاللثانی شہادۃ اثنین بدین علی المیت لرجلین ثم شہد
المشہود لہما للشاہدین بدین علی المیت لان کل فریق یشہد بالدین فی الذمتہ وہی تقبل حقوقا شتے فلم تقع الشرکتہ لہ فی ذلک بخلاف الوصیتہ لغیر عین
کما فی وصایا المجمع وشرحہ وسیجئ ثمہ جیسے طرفین کے نزدیک بخلاف ابو یوسفؒ کے گواہی مقبول ہے دو شخصون کی گواہی دو مردون کے دین کی میت پر
پھر مشہود لہما نے گواہی دی کہ شاہدین کا دین میت مذکور پر ہے اسواسطے کہ ہر فریق گواہی دیتا ہے کہ دین ثابت ہے ذمہ پر اور ذمہ حقوق متفرقہ کو قبول
کرسکتا ہے تو شاہد کی شرکت نہ واقع ہوئی اُسمین بخلاف اُس وصیت کے جو غیر عین مین ہو چنانچہ مجمع اور اُسکی شرح مین ہے اور اسکا ذکر کتاب الوصایا مین
آویگا مم دین کی شہادت شاہد کی شرکت ثابت فی الذمہ مین ثابت نہین بلکہ شرکت مقبوض مین بعد قبض ثابت ہے اور وہ مانع شہادت نہین بخلاف
وصیت غیر معین یعنے اگر ہر فریق دوسرے فریق کی گواہی دے کہ میت نے اُسکے واسطے ثلث مین وصیت کی ہے تو بالاتفاق گواہی مقبول نہین
اسواسطے کہ اُنکا حق ترکہ مین ہے یعنے ثلث مین اور وہ دونون فریق مین مقسوم ہے تو یہ گواہی ہوئی اُسمین جو دونون مین مشترک ہے اور اگر دونون شخصون نے
گواہی دی کہ میت نے اُن دو شخصون کے واسطے اس چیز معین کی وصیت کی پھر مشہود لہمانے شاہدین کے واسطے دوسری چیز معین کی گواہی دی
تو مقبول ہے کیونکہ اُسمین شرکت نہین وکشہادۃ وصیین لوارث کبیر علی اجنبی فی غیر مال المیت فانہا مقبولتہ فی ظاہر الروایتہ کما لو شہد الوصیان
علی اقرار المیت بشئ معین لوارث بالغ فتقبل بزازیہ اور جیسے گواہی دو وصیون کی وارث کبیر کے واسطے شخص اجنبی پر مال میت کے سوا مین کہ
وہ مقبول ہے ظاہر الروایتہ مین چنانچہ اگر دو وصیون نے اقرار میت پر گواہی دی کسی معین چیز کی وارث بالغ کے واسطے تو وہ مقبول ہے کذا فی البزازیہ
مم وارث بالغ کی قید اسواسطے لگائی کہ صغیر کے واسطے گواہی مقبول نہین بسبب تہمت کے کذا فی الطحطاوی ولو شہد فی مالہ ای المیت لاختلافہما

دو نو نصیفیر لم یجز اتفاقا و سیجیٔ فی الوصایا اور اگر دو وصیون نے میت کے مال مین گواہی دی تو مقبول نہین بخلاف صاحبین کے اور اگر صغیر کے واسطے
گواہی دی تو باتفاق باطل اور صاحبین کے جائز نہین اور یہ مسئلہ کتاب الوصایا مین آویگا ولا تقبل الشہادۃ علی جرح بالفتح ای فسق مجرد عن اثبات
حق اللہ تعالی او للعبد جیسے مقبول نہین گواہی جرح مجرد پر یعنے اُس فسق کے اظہار پر جو خالی ہو اثبات حق اللہ یا اثبات حق العبد سے اور جرح بالفتح
اصطلاح شرع مین عبارت ہو اظہار فسق شاہد سے کذا فی البحر حق اللہ جیسا کہ حد اور حق العبد جیسا کہ قذف یا قتل قہستانی نے کہا جرح مجرد وہ ہو جسپر خصوصیت
مشہود علیہ سے مترتب نہو فتح القدیر مین ہو کہ جرح مجرد کی گواہی دو وجہ سے مقبول نہین ایک یہ کہ گواہی مقبول ہوتی ہو حکم کے واسطے تو ضرور ہو کہ مشہود تحت
حکم داخل ہو اور فسق تحت حکم داخل نہین اسواسطے کہ حکم الزام ہو اور قاضی کے اختیار مین نہین الزام فسق کا کسی شخص پر کیونکہ فاسق اسکے دفع پر فی الحال
قادر ہو توبہ کرنے سے دوسری وجہ یہ ہو کہ مجرد اس گواہی کے شاہد فاسق ہوجاتا ہو کیونکہ اشاعت فاحشہ نص قرآن سے ممنوع ہو اگر کوئی کہے کہ شہادت سے اشاعت
فاحشہ مقصود نہین بلکہ مشہود علیہ سے دفع ضرر مطلوب ہو اُسکا جواب یہ ہو کہ دفع ضرر اشاعت مین منحصر نہین اسطرح پر کہ بر ملا قاضی کی مجلس مین گواہی دے بلکہ اگر پوشیدہ
قاضی کو خبر کرے تو بھی مطلب حاصل ہو انتہی وان تضمنت قبلت والا لا تقبل سو اگر گواہی اثبات حق اللہ یا اثبات حق العبد کی متضمن ہو تو مقبول ہو اور نہین تو
مقبول نہین بعد التعدیل و لو قبلہ قبلت ای الشہادۃ قبل الاخبار و لو من شاہد علی الجرح المجرد و کذا اعتمدہ المصنف تبعا لما اقرہ صدر الشریعۃ و اقرہ
منلا خسرو و داخل تحت قولہم الدفع اسہل من الرفع و ذکر وجہہ و اطلق ابن الکمال رد ہا تبعا لعامۃ الکتب و ذکر وجہہ جرح مجرد پر گواہی مقبول نہین بعد
ثبوت عدالت مشہود مدعی کے اور اگر قبل ثبوت عدالت کے مجرد پر گواہی ہو تو مقبول ہو بلکہ اخبار مقبول ہو اگرچہ اخبار ایک ہی شخص سے ہو
جرح مجرد پر اسی قول پر اعتماد کیا ہو مصنف نے صدر الشریعۃ کے قرار دادگی پیروی کر کے اور اسیکو ثابت رکھا ہو ملا خسرو نے درر غرر مین اور داخل کیا ہو
اسکو فقہا کے اس قول کے نیچے کہ دفع سہل تر ہو رفع سے یعنے قبل ثبوت کے ہٹانا آسان تر ہو بعد ثبوت کے اٹھانے سے اور اسکی وجہ بیان کی ہو اور ابن کمال
نے جرح مجرد کی شہادت کو مطلقا مردود کہا ہو باتباع عامہ کتب فقہ اور اسکی وجہ مذکور کی ہو ملا خسرو نے وجہ یون بیان کی ہو کہ اگر کوئی کہے کہ جرح مجرد کی خبر واحد
کیون مقبول ہو قبل تعدیل شہود کے اور بعد تعدیل مقبول نہین مگر نصاب شہادت اور صورتیکہ غیر مجرد ہو اسکا جواب تحقیقی یہ ہو کہ جرح شاہد قبل تعدیل دفع ہو
شہادت کا قبل ثابت ہونے شہادت کے اور یہ دیانت کے باب سے ہو واسطے اسمین خبر واحد مقبول ہو اور بعد تعدیل کے رفع ہو شہادت کا بعد ثابت ہوجانے شہادت کے یہانتک
کہ قاضی پر عمل شہادت واجب ہو جبتک کہ جرح معتبر موجود نہو اور قواعد مقررہ سے یہ قاعدہ ہو کہ دفع اسہل ہو رفع سے اور یہی سبب ہو کہ جرح مجرد کے مقبول ہونے مین قبل
تعدیل کے اگرچہ ایک شخص سے ہو اور غیر مقبول ہو بعد تعدیل کے بلکہ نصاب شہادت اور اثبات حق شرع یا حق عبد کی احتیاج ہو انتہی اور ابن کمال نے یون وجہ بیان کی ہو
کہ جرح مجرد پر اسواسطے گواہی مقبول نہین کہ تحت حکم داخل نہین اور گواہی اسیمین مقبول ہوتی ہو جو تحت حکم داخل ہو اور قاضی کے اختیار مین اسکا الزام نہو خواہ قبل تعدیل کے
یہ ہو یا بعد تعدیل کے انتہی اب معلوم کرنا چاہیے کہ ابن کمال اور ملا خسرو کے کلام مین لفظی خلاف ہو نہ معنوی اسواسطے کہ ابن کمال نے یہ جو کہا ہو کہ شہادت فسق مجرد کی
مقبول نہین گرچہ قبل تعدیل ہو تو مراد اسکی یہ ہو کہ وہ معتبر نہین بایں معنی کہ وہ ایسی شہادت نہین کہ مطعون کو حیز قبول سے خارج کردے اور بعد اسکے تعدیل مقبول نہو
جیسا کہ ابن کمال نے اسکو خود بطریق سوال اور جواب کے اس طرح بیان کیا ہو کہ اگر تو کہے کہ کیا یہ بات نہین ہو کہ فسق شاہد کی خبر قبل ثبوت عدالت [illegible]
قبول شہادت سے اور اس شہادت کے موافق حکم دینے سے تو مین جواب دونگا کہ ہان مانع ہو لیکن یہ منع اس سبب سے ہو کہ خبر فسق طعن [illegible]
مقدم سبب سے کہ کوئی امر ایسا ثابت ہوگیا جسنے شاہدون کو حیز قبول سے ساقط کردیا دلہذا اگر شاہدون کی عدالت ثابت ہو بعد اسکے تو انکی گواہی مقبول ہو اور اگر
شہادت فسق کی مقبول ہوتی تو شاہد حیز شہادت سے ساقط ہوجاتے اور مجال تعدیل باقی نرہتی انتہی تو یہ قول ملا خسرو کے اس کلام کا منافی نہین کہ فسق مجرد کی
گواہی قبل تعدیل کے مقبول ہو اسواسطے کہ ہرچند اسنے یہ کہا لیکن اسنے یہ بھی کہا ہو کہ اگر شاہدون کی عدالت ثابت ہو بعد جرح مجرد کے تو وہ بھی مشہود کی گواہی

مقبول ہوگی تو خلاف نقلی ٹھہرا کذا فی الطحطاوی ملخصاً وظاہر کلام الوانی وعزمی زادہ المیل الیہ اور علامہ وانی اور عزمی زادہ کے ظاہر کلام سے ابن کمال کے
کلام کی طرف میلان ثابت ہوتا ہے ہم علامہ وانی نے جو ابن کمال کی طرف سے جواب دیا ہے خلاصہ اسکا یہ ہے کہ ابن کمال کی مراد یہ ہے کہ فسق مجرد کی شہادت درحقیقت
شہادت نہیں ہے خواہ قبل تعدیل یا بعد تعدیل ہو بلکہ وہ خبر محض ہے بدلیل قبول خبر واحد قبل تعدیل پھر جب وہ شہادت نہ ٹھہری تو اس باب سے اسکا تعلق نہوا اسواسطے
کہ اس باب میں انکا ذکر ہے جنکی گواہی مقبول ہے اور جنکی مقبول نہیں تو ابن کمال کا یہ قول کہ یہ گواہی معتبر نہیں بمطلب اسکا یہ ہے کہ وہ شہادت کے شمار میں نہیں اگرچہ قبل
تعدیل ہو انتہی اسواسطے کہ اگر وہ شہادت کے شمار میں ہوتی تو مطعون کی شہادت بعد ثبوت عدالت مقبول نہوتی تو اس قول کا بھی حاصل خلاف نقلی کی طرف راجع ہوا
کذا فی الطحطاوی وکذا القہستانی حیث قال وفیہ ان القاضی لم یلتفت الیہ لانہ الشہادۃ ولکن یزکی الشہود سراً وعلناً فان عدلوا قبلہا وعزاہ للمضمرات اور بسطلح قہستانی کا بھی
میلان ابن کمال کے کلام کی طرف ظاہر ہوتا ہے اسواسطے کہ قہستانی نے کہا اور اسمین یعنے نقایہ کے کلام میں اسکا اشارہ ہے کہ قاضی نہ التفات کرے اس
شہادت کی طرف یعنی فسق مجرد کی شہادت کی طرف ولیکن شہود مدعی کا تزکیہ کرے پوشیدہ اور علانیہ سو اگر انکی عدالت ثابت ہو تو گواہی انکی قبول کرے
اور اس قول کو قہستانی نے مضمرات کی طرف نسبت کیا ہے ہم نقایہ کا کلام یہ ہے کہ تفسیق مجرد پر شاہد معدل ہیں مقبول نہیں انتہی تو اس سے معلوم ہوا کہ غیر معدل
میں مقبول ہے (قولہ لم یلتفت الاولی لا یقبل کذا فی الطحطاوی) ولہذا مترجم نے لم یلتفت کی طرف التفات نہ کیا بلکہ لا یقبل کا ترجمہ کیا وجعلہ البرجندی علی قولہما لا قولہ
فتنبہ اور برجندی نے قبول شہادت کو درصورت تعدیل صاحبین کا قول ٹھہرایا ہے نہ امام کا سو خبردار ہو جا ہم طحطاوی نے کہا کہ تجھکو معلوم ہوچکا کہ اسکی کچھ
حاجت نہیں اسواسطے کہ خلاف نقل ہے نہ معنوی مثل ان یشہدوا علی شہود المدعی علی الجرح المجرد بانہم فسقۃ او زناۃ او اکلۃ الربوا او شربۃ الخمر جیسا کہ
مدعی کے شہود پر جرح مجرد کی یوں گواہی دیں کہ شہود مدعی فاسق ہیں یا زانی ہیں یا سود خوار ہیں یا شراب خوار ہیں ہم جرح مرکب کی بھی مثالوں میں زنا اور اکل ربوا
اور شرب خمر مذکور ہے تو مطلب یہ ہے کہ جرح مجرد میں بسبب متقادم پر محمول ہے اور جرح مرکب میں غیر متقادم پر محمول ہے علامہ مقدسی نے کہا کہ ظاہر تر وجہ فرق یہ ہے کہ جرح مجرد میں
تفسیق بصیغہ اسم فاعل ہے اور اسم فاعل گاہے بمعنی استقبال ہوتا ہے تو یقین نہوا کہ شاہد بالفعل متصف بفسق ہیں بخلاف جرح مرکب کے کہ وہاں بصیغہ ماضی تفسیق ہے
او علی اقرارہم انہم شہدوا بزور او رجعوا او انہم اجراء فی ہذہ الشہادۃ او ان المدعی مبطل فی ہذہ الدعوی او انہ لا شہادۃ لہم علی المدعی علیہ فی ہذہ الحادثۃ فلا تقبل
بعد التعدیل بل قبلہ دُرر واعتمدہ المصنف یا جرح کے گواہ شہود مدعی کے اس اقرار کی گواہی دیں کہ انھوں نے جھوٹی گواہی دی یا شہود اجرت گیر ہیں اس شہادت
میں یا اس اقرار کی کہ مدعی ناحق پر ہے اس دعوی میں یا اس اقرار پر کہ شہود کی شہادت ثابت نہیں مدعا علیہ پر اس حادثہ میں تو یہ گواہی مقبول نہیں بعد تعدیل کے
بلکہ قبل تعدیل مقبول ہے چنانچہ دُرر میں ہے اور اسپر اعتماد کیا ہے مصنف نے ہم طحطاوی نے کہا کہ عدم قبول بعد تعدیل اور قبول قبل تعدیل تکرار محض ہے وتقبل
لو شہدوا علی الجرح المرکب کاقرار المدعی بفسقہم او اقرارہ بانہم شہدوا بزور او انہ استاجرہم علی ہذہ الشہادۃ اور گواہی مقبول ہے اگر گواہوں نے
جرح مرکب پر گواہی دی جیسے مدعی کے اقرار کی بفسق شہود یا مدعی کے اس اقرار کی کہ شاہدوں کی گواہی جھوٹی ہے یا اس اقرار کی کہ مدعی نے انکی اجرت مقرر کی
اس گواہی پر ہم جرح مرکب اسواسطے کہا کہ اس جرح پر رد شہادت مترتب ہے تو گویا جرح اور جو اسپر مترتب ہوا اور ردہ دو چیزیں ہیں اور فسق شہود کی گواہی با اقرار مدعی
اسواسطے مقبول ہوئی کہ شاہدوں نے اظہار فاحشہ کی گواہی نہیں دی بلکہ اظہار فاحشہ کی حکایت کی غیر شخص سے تو وہ اس گواہی سے فاسق نہ ٹھہرے اور اقرار
ایسی چیز ہے جو تحت حکم داخل ہے اور قاضی بسبب اسکے الزام پر قادر ہے کیونکہ اقرار توبہ کرنے سے مرتفع نہیں ہوتا خزانۃ المکل میں ہے کہ اثبات اقرار مدعی بفسق شہود
یا بطل شہادت مقبول ہے اور یہ جرح اور طعن نہیں بلکہ اس بات سے ہے کہ انسان کا اقرار اسکی ذات پر حجت ہے کذا فی الطحطاوی او علی اقرارہم انہم لم یحضروا المجلس
الذی کان فیہ الحق عینی یا گواہی دی شہود کے اس اقرار پر کہ وہ حاضر نہ تھے اس مجلس میں جسمیں مدعی کا حق تھا کذا فی العینی او انہم عبید او محدودون فی قذف
او انہ ابن المدعی او ابوہ عینی او قاذف والمقذوف یدعیہ یا جرح مرکب کی یوں گواہی دی کہ شہود مدعی غلام ہیں یا محدود فی القذف ہیں

یا گواہ مدعی کا بیٹا ہے یا اسکا باپ ہے کذا فی العنایہ یا کہ شاہد قاذف ہے اور حالانکہ مقذوف اسکا مدعی ہے **او انہم زنوا** وشہدوا او شہدوا بزناہ **او شربوا**
الخمر ولم یتقادم العہد لما مر فی بابہ یا گواہی دی کہ شہود مدعی نے زنا کیا اور زنا کی حقیقت کو انھون نے بیان کیا یا شہود نے [illegible] یا در مال
مسروق کی اسنے تصریح کی یا شہود نے شراب پی اور حالانکہ زمانہ شرب متقادم نہیں ہوا چنانچہ مذکور ہو چکا حد شرب کے باب میں ہم حد شرب میں مذکور ہو چکا کہ شرب کا
تقادم ذہاب ریح یعنی بدبو جانے سے ہوتا ہے اور غیر شرب کا تقادم ایک مہینہ گذر جانے سے **او قتلوا النفس عمدا** یعنی یا گواہی دی کہ شاہدون نے آدمی کو مار ڈالا
جان بوجھ کر کذا فی العینی **او شرکاء للمدعی والمدعی مال** یا گواہی دی کہ شہود شریک ہیں مدعی کے اور حالانکہ جسمین دعوی ہے وہ مال ہے ہم مراد یہ ہے کہ ایسا شریک [illegible] مدعی کا تو جو
اس دعوی باطل سے مدعی کو حاصل ہوگا تو شاہد کو بھی فائدہ ہوگا اور یہ مراد نہیں کہ شاہد مدعی کا شریک ہے [illegible] ورنہ اسکا اقرار ہوگا کہ یہ مدعی اور شاہد کا مملوک ہے
کذا فی فتح القدیر **او انہ استاجرہم بکذا لہا ای الشہادۃ واعطاہم ذلک مما کان لی عندہ من المال** ولو لم یقل ذلک لم یقبل [illegible] استیجار بغیرہ ولا ولایۃ لہ علیہ
یا گواہی دی مدعی علیہ کے اس قول پر کہ مدعی نے شاہدون کی اتنی اجرت مقرر کی گواہی کے واسطے اور انکو وہ اجرت دی اس مال میں سے جو میرا تھا مدعی کے پاس
اور اگر یہ نہ کہیگا تو گواہی مقبول نہو گی بسبب دعوی کرنے استیجار کے غیر شخص کے واسطے اور حالانکہ اسکی ولایت نہیں غیر شخص پر یعنی [illegible] یعنی جب
یہ کہیگا کہ اجرت میرے مال سے دی اسوقت شہود مدعی کی گواہی مردود ہو گی اور شہود جرح کی گواہی مقبول ہو گی اور فقط دعوی استیجار بلا قید مذکور [illegible] مقبول نہین
او انی صالحتہم علی کذا ودفعتہ الیہم ای رشوۃ والا فلا صلح بالمعنی الشرعی ولو قال لم ادفعہ لم تقبل **علی ان لا یشہدوا وقد شہدوا زورا وانا اطلب**
ما اعطیتہم یا گواہی دی مدعی علیہ کے اس قول پر کہ شہود مدعی سے میں نے صلح کی تھی بعوض اتنے مال کے اور وہ مال انکو بطور رشوت کے میں نے دیا تھا اس شرط پر
کہ مجھپر جھوٹ گواہی نہ دین ساتھ اسکے انھون نے جھوٹ گواہی دی اور میں انسے طلب کرتا ہون وہ مال جو انکو میں نے دیا شارح نے کہا اگر دینا مال کا بطور رشوت کے
ظاہر نکریگا تو صلح معنی شرعی ثابت نہو گی اور اگر کہے کہ صلح کر کے میں نے مال نہیں دیا تو گواہی مقبول نہیں وانما قبلت فی ہذہ الصور لانہا حق اللہ او العبد ومست الحاجۃ
لاحیاءہما اور ان صورتون میں تو گواہی اسی واسطے مقبول ہے کہ امور مذکورہ یا حق اللہ یا حق العبد ہیں تو دونون حقون کے زندہ کرنے کے واسطے حاجت واقع ہوئی
شہد عدل فلم یبرح من مجلس القاضی ولم یطل المجلس ولم یکذبہ المشہود لہ حتی **قال اوہمت اخطات بعض شہادتی ولا تناقض قبلت شہادتہ جمیعا**
شہد بہ او عدلا ولو بعد القضاء وعلیہ الفتوی خانیہ وبحر گواہی دی شاہد عادل نے سو نہ وہ مجلس قاضی سے جدا نہیں ہوا اور مجلس بھی دراز نہیں ہوئی اور مدعی نے
اسکی تکذیب نہین کی یہان تک کہ شاہد نے کہا کہ میں نے خطا کی بعض شہادت میں اور حالانکہ دونون قولون میں مخالفت نہیں تو اسکی گواہی مقبول ہے سب چیز
میں جسکی اسنے شہادت دی بشرطیکہ شاہد عادل ہو اگرچہ اظہار خطا بعد حکم قاضی کے ہو اور اسی پر یعنی قبول بعد قضا پر فتوی ہے کذا فی الخانیہ والبحر ہم خطا بعض شہادت
خواہ زیادت ہو خواہ نقصان زیادت اس طرح کہ ہزار درم کی گواہی دی پھر بولا کہ میں چوک گیا حقیقت میں پانسو درم ہیں اور کمی کی یہ مثال ہے کہ پانسو کی گواہی
دی پھر بولا کہ میں بھول گیا وہ تو ہزار درم ہیں تو گواہی بشرط عدالت شاہد دونون صورتون میں مقبول ہے اسواسطے کہ رعب مجلس قضا سے کبھی ایسا
ہو جاتا ہے کذا فی الفتح عدم مناقضہ کی قید اسواسطے لگائی کہ در صورت تناقض شہادت چنانچہ اول یون گواہی دی کہ وہ چیز زید کی ہے پھر بولا کہ میں نے
خطا کی بلکہ وہ خالد کی ہے تو گواہی مقبول نہو گی قال المصنف لکن عبارۃ الملتقی تقتضی قبول قولہ اوہمت وانہ یقضی بالباقی وہو مختار السرخسی وغیرہ وظاہر کلام الاکمل و
سعدی ترجیحہ فتنبہ و تبصر میں کہتا ہون لیکن عبارت ملتقی الابحر اسکی مقتضی ہے کہ شاہد کا یون کہنا کہ میں نے خطا کی مقبول ہے اور اسکی کہ ما بقی کا حکم ہوگا اور
یہ قول سرخسی وغیرہ کے نزدیک مختار ہے اور اکمل اور سعدی کا ظاہر کلام اس قول کی ترجیح پر دلالت کرتا ہے تو خبردار اور ہوشیار ہو جا میں شارح کا یہ
استدراک بے معنی ہے کیونکہ اس قول میں صریح اختلاف ہے یا بین اہل مذہب کذا فی الطحطاوی فتح القدیر میں ہے کہ دعوی کیا پندرہ سو کا تو شاہد
نے ہزار کی گواہی دی پھر بولا کہ میں چوک گیا اسکا حق تو پندرہ سو ہے تو اسمیں اختلاف ہے بعضون نے کہا کہ سب کا حکم ہوگا یعنی پندرہ سو کا اور

بعضون سے کہا فقط مابقی کا حکم ہوگا یعنے ہزار کا یہان تک کہ اگر ہزار کی گواہی دے پھر کہے مین نے غلطی کہا وہ پانسو ہین تو فقط پانسو کا حکم ہوگا اسواسطے کہ
جو حادث ہو بعد شہادت کے وہ اُسکے مانند ہے جو شہادت کے وقت حادث ہوا اور اسی کی طرف شمس الائمہ سرخسی کا میلان ہے انتہی مختصرًا ولو قال الشاہد
بعد قیامہ عن المجلس القبل علی الظاہر احتیاطًا اور اگر شاہد نے بعض شہادت کی خطا ظاہر کی اپنے اُٹھ جانے کے بعد مجلس سے تو گواہی مقبول نہین بنا بر
ظاہر الروایۃ کے بنظر احتیاط اھ وجہ احتیاط یہ ہے کہ زیادت مین شاہد مدعی نے اور کمی مین مدعی علیہ نے اسکو ورغلایا ہو طمع دیکر صدر الشریعۃ نے کہا کہ عدم
قبول اُس صورت مین ہے جبکہ محل شبہہ ہو یعنے چنانچہ زیادت یا نقصان مین اور اگر شبہہ کا مقام نہو تو باوجود تغایر مجلس گواہی مقبول ہے چنانچہ لفظ شہادت کو
اُسنے ذکر نہ کیا پھر دوسری مجلس مین اُسنے لفظ شہادت کو زیادہ کیا انتہی اور اسی طرح اگر شاہد نے مدعی یا مدعا علیہ کی طرف اشارہ ترک کیا یا ایک کسیکا نام نہ لیا تو
مقبول ہے اسواسطے کہ قضا متصور نہین بدون امور مذکورہ کذا فی الفتح وکذا لو وقع الغلط فی بعض الحدود والنسب ہدایۃ اور اسی طرح گواہی مقبول ہے اگر غلطی واقع
ہوگئی بعض حدود یا النسب مین کذا فی الہدایۃ ھ مثلاً حد غربی کے مکان مین شرقی ذکر کیا یا بعض نسب مین خطا کر گیا چنانچہ بجاے محمد بن علی بن عمران کے
محمد بن احمد بن عمر بول گیا پھر اُسی مجلس مین تدارک کیا تو مقبول ہے اور بعد مجلس مقبول نہین کذا فی الفتح طحطاوی نے بزازیہ سے نقل کیا کہ اگر شاہدون نے ایک
حد یا دو حدین غلطی کی پھر اُسکا تدارک کیا اُسی مجلس مین یا غیر مجلس مین تو در صورت امکان توفیق مقبول ہے چنانچہ شاہد یون بولے کہ اُسکا نام فلانا تھا پھر اُسکا نام فلانا ہوگیا
بینۃ انہ ای المجروح مات من الجرح الاولی من بینۃ الموت بعد البرء اسکی گواہی کہ زخمی مرگیا زخم سے اولے بالقبول ہے اُس گواہی سے کہ بعد صحت کے
مرگیا ھ یعنی زید نے خالد کو زخمی کیا اور زخمی مرگیا تو اُسکے اولیا نے گواہی قائم کی کہ وہ زخم کے سبب سے مرگیا اور زید کے مددگارون نے گواہی قائم کی کہ وہ زخم سے
چنگا ہوکر دس دن کے بعد مرگیا تو اولیاء مقتول کی گواہی اولے ہے کذا فی الدرر ولو اقام اولیاء المقتول بینۃ علی ان زیدا جرحہ وقتلہ و اقام زید
بینۃ علی ان المقتول قال ان زیدا لم یجرحنی ولم یقتلنی فبینۃ زید اولی من بینۃ اولیاء المقتول مجمع الفتاوی اور اگر اولیاء مقتول نے
اُسپر گواہی قائم کی کہ زید نے اُسکو زخمی کیا اور قتل کیا اور زید نے گواہی قائم کی کہ خود مقتول نے کہا تھا کہ زید نے مجھکو زخمی نہین کیا اور نہ قتل کیا تو زید کی گواہی
اولی اور اقدم ہے اولیاء مقتول کی گواہی سے کذا فی مجمع الفتاوی ھ ایسا کوئی نہ سمجھے کہ زید کی گواہی نفی پر ہے بلکہ قیام شہادت مقتول کے قول پر ہے وبینۃ
الغبن من یتیم بلغ اولی من بینۃ کون القیمۃ ای قیمتہ ما اشتراہ من وصیہ فی ذلک الوقت مثل الثمن لانہا تثبت امرًا زائدًا ولان بینۃ الفساد ارجح من بینۃ
الصحۃ در رخلافا لما فی الوہبانیۃ اور ثبوت نقصان کی گواہی اُس یتیم کی جانب سے جو بالغ ہوگیا اولے ہے اس گواہی سے کہ قیمت ثمن کی مثل تھی یعنے جس
قیمت سے مشتری نے مبیع کو یتیم کے وصی سے خرید کیا اُس وقت مین یعنے وقت عقد اسواسطے کہ گواہی غبن کی امر زائد کو ثابت کرتی ہے اور اسواسطے
کہ فساد کی گواہی راجح تر ہے صحت کی گواہی سے برخلاف اسکے وہ ہے جو وہبانیہ مین ہے یعنے اسمین بینۃ صحت کی تقدیم فساد پر مذکور ہے ھ درر مین صورت مسئلہ یون
مذکور ہے کہ یتیم کے وصی نے انگور کا باغ جو یتیم کا مملوک تھا بیچا پھر یتیم بالغ ہوا اور اُسنے دعوی کیا کہ بیع مین غبن ہوا تو مشتری نے گواہ قائم کیے کہ اس باغ
کی قیمت اُس وقت مین مثل ثمن کے تھی تو غبن کے گواہ اولے بالقبول ہین انتہی اما بدون البینۃ فالقول لمدعی الصحۃ بیمینہ اور بدون گواہی کے تو مدعی صحت کا
قول معتبر ہے کذا فی المنیۃ ھ شرح وہبانیہ مین ہے کہ جب بائع اور مشتری مین اختلاف ہوا ایک صحت بیع کا دعوی کرتا ہو اور دوسرا فساد کا تو مدعی صحت کا قول معتبر ہے اور
در صورت گواہی تو فساد کی گواہی مقدم ہے باتفاق روایات کذا فی الطحطاوی وبینۃ کون المتصرف فی نحو تدبیر او خلع او خصومۃ ذا عقل اولی من بینۃ الورثۃ
مثلاً کونہ مخلوط العقل او مجنونًا اور اسکی گواہی کہ متصرف مانند تدبیر یا خلع یا خصومت کے تصرفات مین صاحب عقل تھا مقدم ہے وارثون کی مثلاً
اس گواہی سے کہ صورت متصرف مختلط العقل یا مجنون تھا ھ یعنے لونڈی نے گواہی قائم کی کہ اُسکے مولے نے اُسکو اپنے مرض الموت مین مدبر کیا اور حالانکہ وہ
عاقل صاحب ہوش تھا اور وارثون نے گواہی قائم کی کہ وہ مختلط العقل تھا تو لونڈی کی گواہی مقدم ہے اور اسی طرح اگر زوجہ سے خلع کیا پھر زوج نے گواہی

قائم کی کہ وہ مجنون تھا خلع کے وقت اور زوجہ نے گواہی قائم کی کہ وہ عاقل تھا یا ولی متصرف نے گواہی قائم کی کہ وہ مجنون تھا خصومت کے وقت اور عورت نے
گواہی قائم کی کہ وہ عاقل تھا تو دونون صورتون مین عورت کی گواہی مقدم ہے کذا فی الدرر ولو قال الشہود لا ندری کان فی صحتہ او مرض فہو علی المرض اور اگر گواہون نے کہا کہ ہمکو
معلوم نہین کہ طلاق یا اعتاق صحت مین تھا یا مرض مین تو وہ مرض پر محمول ہوگا یعنے جبکہ مدعی صحت کا دعوی کرتا اور مدعی علیہ مرض کا کذا فی الطحطاوی ولو قال
الوارث کان یہذی یصدق حتی یشہدا انہ کان صحیح العقل بزازیہ اور اگر وارث نے کہا کہ مورث بدحواس ہذیان گو تھا تو اسکے قول کی تصدیق ہوگی یہانتک
کہ دو شاہد گواہی دین کہ وہ صحیح العقل تھا کذا فی البزازیہ وبینۃ الاکراہ فی اقرارہ اولی من بینۃ الطوع ان ارخا واتحد تاریخہما فان اختلفا او لم یورخا فبینۃ
الطوع اولی ملتقط وغیرہ واعتمدہ المصنف وابنہ وعزمی زادہ اور اقرار سفر مین اکراہ کی گواہی مقدم ہے طوع اور رضامندی کی گواہی سے اگر شاہدین سے تاریخ مذکور کی
اور دونون کی تاریخ متحد ہوئی اور اگر دونون کی تاریخ مختلف ہوئی یا دونون نے تاریخ مذکور نہ کی تو رضامندی کی گواہی مقدم ہے کذا فی الملتقط وغیرہ
اور اسی قول پر مصنف نے اور اسکے فرزند شیخ صالح اور عزمی زادہ نے اعتماد کیا ہے فروع مسائل ملحقہ شارح کے بینۃ الفساد اولی من بینۃ الصحۃ شرح وہبانیہ
فساد عقد کی گواہی مقدم ہے صحت عقد کی گواہی سے کذا فی شرح الوہبانیہ ہم طحطاوی نے کہا یہ مسئلہ مکرر ہو گیا مسئلہ غبن کے ساتھ وفی الاشباہ اختلف
المتبایعان فی الصحۃ والبطلان فالقول لمدعی البطلان وفی الصحۃ والفساد لمدعی الصحۃ الا فی مسئلۃ الاقالۃ اور اشباہ مین ہے کہ بائع اور مشتری نے اختلاف کیا
صحت اور بطلان بیع مین تو مدعی بطلان کا قول معتبر ہے اور اگر صحت اور فساد بیع مین اختلاف کیا تو مدعی صحت کا قول معتبر ہے مگر مسئلہ اقالہ مین مدعی فساد کا
قول معتبر ہے ہم مسئلہ اقالہ کی یہ صورت ہے کہ مشتری نے دعوے کیا کہ مین نے بیع کی بائع کے ہاتھ کمتر ثمن سے قبل ادا کرنے ثمن کے اور بائع نے اقالہ بیع کا
دعوی کیا تو مشتری کا قول معتبر ہے باوجودیکہ وہ فساد عقد کا مدعی ہے اور اگر اسکے بالعکس ہوتا تو دونون قسم کھاتے کذا فی الطحطاوی وفی الملتقط اختلفا فی البیع والرہن فالبیع
اولے اور ملتقط مین ہے کہ دو شخصون نے اختلاف کیا بیع اور رہن مین تو بیع کا قول مقدم ہے اختلفا فی البتات والوفاء فالوفاء اولی استحسانا دو شخصون نے اختلاف کیا
بیع کے لازم ہونے مین اور بیع الوفا مین تو بیع الوفا کا قول اولی اور اقدم ہے باعتبار استحسان کے شہادۃ قاصرۃ یتمہا غیرہم تقبل کان شہدا بالدار بلا ذکر انہا
فی ید الخصم فشہد بہ آخران شہادت قاصرہ کو پورا کر دیا اور شاہدون نے تو مقبول ہوگی چنانچہ دو شاہدون نے گھر کی گواہی دی کہ مدعی کا ہے بدون اس بیان کے
کہ وہ گھر مدعی علیہ کے قبضے مین ہے سوا دو اور شاہدون نے اسکی گواہی دی ہم دونون گواہیان ملکر مقبول ہین اسواسطے کہ اثبات قبض مدعی علیہ کی حاجت ہے
کہ مدعی علیہ مخاصم ٹھہرے ملک مدعی کے اثبات مین کذا فی الدرر او شہد بالملک فی المحدود وآخران بالحدود یا دو شخصون نے ملک محدود کی گواہی دی یعنی بلا ذکر
حدود اور انکے سوا اور دو شاہدون نے حدود کی گواہی دی تو مقبول ہے او شہدا علی الاسم والنسب ولم یعرفا الرجل بعینہ فشہد آخران انہ المسمی بہ درر یا دو شاہدون نے
نام اور نسب کی گواہی دی اور حالانکہ دونون شاہد اس مرد کو بعینہ نہین جانتے ہین تو دو اور شاہدون نے گواہی دی کہ فلانا شخص مسمے باسم ونسب مذکور ہے
کذا فی الدرر یعنے یہ نام اور نسب فلانے شخص کا ہے تو گواہی مقبول ہے شہد واحد فقال الباقون نحن نشہد کشہادتہ لم تقبل حتی یتکلم کل شاہد بشہادتہ وعلیہ الفتوے
ایک گواہ نے گواہی دی تو باقی شاہدون نے کہا کہ ہم بھی گواہی دیتے ہین اس شاہد کی گواہی کے مانند تو مقبول نہوگی تا وقتیکہ ہر شاہد اپنی اسی گواہی کو نہ بولے
اور اسی قول پر فتوی ہے شہادۃ النفی المتواتر مقبولۃ نفی متواتر کی گواہی مقبول ہے ہم یعنے اگر نفی متواتر ہو لوگون کے نزدیک اس طرح پر کہ سب جانتے ہون کہ مدعی علیہ
اس مکان اور زمان مین نہ تھا تو اس شخص پر کوئی دعوے متعلق بمکان یا زمان مذکور مسموع نہوگا اور اسکے فراغ ذمہ کا حکم ہوگا تا اسکی تکذیب نہ لازم
آوے جو ضروری الثبوت ہے کیونکہ ضروریات مین شک داخل نہین ہوتا اور اگر نفی متواتر نہو تو مقبول نہین مگر دس مسائل مین جو اشباہ کی کتاب القضا
مین مذکور ہین اور نوادر مین ابو یوسف رح سے مروی ہے کہ دو شخصون نے قول یا فعل کی گواہی دی تو اس گواہی سے مدعی علیہ پر اجارہ یا کتابت
یا طلاق یا اعتاق یا قتل یا قصاص زمان اور مکان اور صفات مین لازم ہوگا اور اگر مشہود علیہ گواہ قائم کرے کہ وہ شخص وہان اس دن

موجود نہ تھا تو مقبول نہیں مگر جبکہ نفی متواترہ ہو اور نہ ہو شہادت علی النفی کی وجہ عدم قبول یہ ہے کہ شہادت متضمن ہے مشاہدہ کو اور مشاہدہ و علم حاصل نہیں ہوتا نفی سے اور پورا
بیان اسکا حواشی اشباہ میں ہے کذا فی الطحطاوی الشہادۃ اذا بطلت فی البعض بطلت فی الکل الا فی عبد بین مسلم ونصرانی فشہد نصرانیان علیہما بالعتق قبلت فی حق
النصرانی فقط اشباہ جبکہ گواہی باطل ہوئی بعض میں تو کل میں باطل ہو جاتی ہے مگر اس غلام میں جو مشترک ہے مسلم اور نصرانی میں سو دو نصرانیوں نے دونوں
مالکوں پر آزاد کرنے کی گواہی دی تو فقط نصرانی کے حق میں مقبول ہوگی کذا فی الاشباہ ہم بطلان البعض سے بطلان کل کی مثال یہ ہے کہ بھائی بہن نے ایک زمین کا دعوی کیا
تو بہن کے زوج اور دوسرے شخص نے گواہی دی تو بہن اور بھائی دونوں کے حق میں مقبول نہ ہوگی اور یہ قول امام محمد رح کا ہے اور ابو یوسف رح کے نزدیک جائز ہے کہ بعض میں شہادت
باطل ہو اور بعض میں باقی رہے کذا فی الطحطاوی عن الظہیریۃ قلت وزاد محشیہا خمستہ اخری معزیۃ للبزازیۃ میں کہتا ہوں اور اشباہ کے محشیوں نے پانچ صورتیں اور زیادہ
کی ہیں بزازیہ سے نقل کر کے منجملہ یہ ہے کہ اقطع ہے کافر اور مسلم کے قبضہ میں ہے سو صاحب نقطہ نے دو شاہد کافر اسپر قائم کیے تو فقط کافر کے حق میں شہادت مسموع ہوگی اور
ازانجملہ یہ ہے کہ کافر مرگیا اور اسکے دو بیٹے اسکا ترکہ بانٹ لیا پھر ایک بیٹا مسلمان ہوگیا پھر دو کافروں نے باپ پر دین کی گواہی دی تو فقط کافر کے حق میں مسموع ہوگی
اور ازانجملہ یہ ہے کہ دو کافروں نے مسلم اور کافر پر کپڑے کی چوری کی گواہی دی تو درحق قطع مقبول نہیں اور کافر پر نصف کپڑے کا حکم ہوگا کذا فی الطحطاوی

باب الاختلاف فی الشہادۃ

یہ باب ہے شہادت کے اختلاف کا مثلاً اختلاف شہادت دو طرح ہے یا شہادت دعوے کے مخالف ہو یا شاہدین میں اختلاف ہو مبنی ہذا الباب علی اصول مقررۃ اس باب کے
مسائل کی بنا احکام چند قواعد مقررہ پر ہے ہم بتنی مسئلہ میں ہے تو اسم مکان اسواسطے کہ مکان آخر خود باب ہے منہا ان الشہادۃ علی حقوق العباد لا تقبل بلا دعوے
بخلاف حقوق اللہ تعالی منجملہ قواعد مذکورہ یہ قاعدہ ہے کہ حقوق العباد پر شہادت مقبول نہیں بدون دعوے کے بخلاف اللہ تعالی کے حقوق کے کہ وہ دعوے پر موقوف نہیں
ہم یہ قاعدہ اس باب سے نہیں کیونکہ یہ باب ہے اختلاف شہادت کا نہ قبول شہادت اور عدم قبول کا کذا فی الطحطاوی ومنہا ان الشہادۃ باکثر من المدعی باطلۃ بخلاف
الاقل للاتفاق فیہ اور ازانجملہ یہ قاعدہ ہے کہ شہادت مدعا سے زیادہ باطل ہے بخلاف اقل شہادت کے کہ جو مدعا سے کمتر ہے کہ وہ مقبول ہے بسبب ثابت ہونے
اتفاق کے کمتر میں ہم جب شہادت زیادہ ہوئی مدعا سے تو مدعا اسکا مکذب ٹھہرا لہذا شہادت باطل ہے بخلاف اقل کے کہ اسمیں شہادت اور مدعا کا اتفاق ہے ومنہا ان
الملک المطلق ازید من المقید لثبوتہ من الاصل والملک بالسبب مقتصر علی وقت السبب اور ازانجملہ یہ ہے کہ ملک مطلق یعنی جسمیں ملک کا سبب مانند خرید یا ارث مذکور نہو
وہ زیادہ تر ہے ملک مقید بسبب سے ثابت ہونے مطلق کے اصل سے اور ملک بواسطہ سبب وقت سبب پر مقصور ہے ہم ملک مطلق اسواسطے اکثر اور زیادہ ہے ملک مقید
سببی سے کہ مطلق ولیت کے مفید ہے اور ملک سببی مفید حدوث ہے کذا فی الفتح یعنی اب پیدا ہوئی اول سے نہ تھی بخلاف مطلق طحطاوی نے کہا کہ یہ قاعدہ اصل مستقل نہیں
بلکہ قاعدہ سابقہ کی فروع میں سے ہے ومنہا موافقۃ الشہادتین لفظا ومعنی وموافقۃ الشہادۃ الدعوی معنی فقط ویستفیح اور ازانجملہ موافقت شہادتین ہے یعنے ایک
شاہد کی گواہی دوسرے شاہد کی گواہی کے ساتھ مطابق ہو لفظ میں اور معنی میں اور مطابق ہونا شہادت کا دعوے سے فقط معنی میں ضرور رہا اور یہ آگے
واضح ہوگا ہم شہادت اور دعوے کے مطابقت میں فقط معنی کا اعتبار ہے نہ لفظ کا بخلاف تطابق شہادتین کہ اسمیں تطابق لفظی اور معنوی دونوں ضرور ہیں
تو اس سے معلوم ہوا کہ وقایہ کی عبارت کما ینبغی نہیں کہ اسمیں موافقت شہادت کی دعوے کے ساتھ اتفاق شاہدین کے مانند لفظا اور معنی شرط ہے کذا فی الدرر
تقدم الدعوی فی حقوق العباد شرط قبولہا لتوقفہا علی مطالبتہم ولو بالتوکیل بخلاف حقوق اللہ لوجوب اقامتہا علی کل احد فکل احد خصم فکان الدعوی
موجودۃ مقدم ہونا دعوے کا حقوق عباد میں قبول شہادت کی شرط ہے بسبب موقوف ہونے حقوق کے عبادت کے مطالبہ پر
اگرچہ مطالبہ اصالۃ نہو بلکہ وکالۃ ہو بخلاف حقوق اللہ کے کہ اسمیں تقدم دعوے شرط ہے بسبب واجب ہونے اقامت حقوق مذکورہ کے ہر شخص پر تو
ہر مسلمان صاحب خصومت ہے تو گویا دعوی موجود ہے ہم جب اقامت حق شرع ہر مسلم پر واجب ہوا تو شاہد بھی اسمیں داخل ہے تو شاہد گویا مدعی ٹھہرا

باعتبار وجوب قواست کے اور شاہد ہوا باعتبار تحمل شہادت کے فاذا وافقہا اور وافقت الشہادۃ الدعوی قبلت والا توافقہا لا تقبل وہذا ہو الاصل المتقدم
جبکہ شہادت دعوے کے مطابق ہوگی تو مقبول ہوا در اگر مطابق دعوی منہو تو مقبول نہین اور یہ ایک قاعدہ ہی قولہ المتقدم سے ہم شارح نے المقدم
دعوی کو بیان قاعدہ نہ کہا حالانکہ اول اسکو قاعدہ اعتبار کرچکا ہی باتباع صاحب درر اسواسطے کہ مذکور ہوچکا کہ تقدم دعوی کو اس باب مین دخل نہین فلو ادعی
ملکا مطلقا فشہد بہ بسبب کشراء او ارث قبلت لکونہا بالاقل مما ادعی فتطابقا معنی کما مر تو اگر مدعی نے ملک مطلق کا دعوی کیا سو شاہدون نے
ملک باسبب کی گواہی دی چنانچہ خرید یا ارث یعنی مثلاً مدعی نے دعوی کیا کہ مین اس گھر کا مالک ہون اور سبب ملک کا بیان نہ کیا اور شاہد نے گواہی دی کہ مدعی نے اسکو خریدکیا
یا ارث مین پایا ہی تو گواہی مقبول ہی بسبب ہونے شہادت کے کمتر دعوے مدعی سے تو دعوی اور شہادت مطابق ہوگئی باعتبار معنی کے چنانچہ مذکور ہوچکا قواعد متقدمہ مین ہم
شارح نے ارث کو ملک مقید کی مثال مین مذکور کیا باتباع صاحب کنز اور حالانکہ قول مشہور یہ ہی کہ ارث ملک مطلق کے مانند ہی چنانچہ بحر الرائق مین ہی فتح القدیر سے اور خود شارح
اسکو عنقریب ذکر کریگا تو اگر یہان ارث کا ذکر نہ کرتا تو خوب ہوتا کذا فی الحلبی وعکسہ بان ادعی بسبب وشہد المطلق لا تقبل لکونہا بالاکثر کما مر اور بالعکس اسکے اسطرح کہ دعوی کیا
ملک مقید کا اور شاہدون نے ملک مطلق کی گواہی دی تو گواہی مقبول نہین بسبب ہونے شہادت کے اکثر دعوی سے چنانچہ مذکور ہوچکا کہ جب شہادت اکثر ہو دعوی سے
تو مقبول نہین قلت وہذا فی غیر دعوی ارث ونتاج وشراء من مجہول کما بسطہ الکمال مین کہتا ہون اور یہ یعنے ملک سببی کے دعوے مین ملک مطلق کی
شہادت کا مقبول نہونا دعوی ارث اور نتاج اور بائع مجہول سے خرید کرنے کے سواے مین ہی چنانچہ اسکو بشرح بیان کیا ہی کمال الدین نے فتح القدیر مین ہم اگر دعوی
کیا ملک بالارث کا اور شاہدین نے ملک مطلق کی گواہی دی تو مقبول ہی اسواسطے کہ ارث ملک مطلق کے مساوی ہے بقول مشہور مذکور اور اگر نتاج کا دعوی
کیا یعنی یون دعوے کیا کہ یہ غلام میرا مملوک ہی کہ میری لونڈی سے پیدا ہوا اور گواہ نے ملک مطلق کی گواہی دی تو مقبول ہی اسواسطے کہ مطلق اقل ہی نتاج سے
اسواسطے کہ مطلق مثبت اولیت ہی بطریق احتمال اور نتاج بطریق یقین مفید اولیت ہی اور اگر دعوے کیا کہ مین نے اسکو خرید کیا اور بائع کا ذکر
نہ کیا یا یون کہا کہ مین نے اسکو ایک مرد سے خرید کیا اور شاہدون نے ملک مطلق کی گواہی دی تو مقبول ہی مگر اسمین اختلاف ہی کذا فی الفتح والحلبی وہم مستثنی فی البحر ثلثۃ
وعشرین اور بحر الرائق مین تیئیس صورتون کو استثنا کیا ہم یعنے اس قاعدے سے کہ شہادت مقبول ہی اگر دعوی سے موافق ہو اور اگر موافق نہو تو مقبول نہین
بحر الرائق مین تیئیس صورتین مستثنے کی ہین طحطاوی نے کہا حق عبارت یہ تھا کہ شارح اسکو متن کے اس قول کے بعد (فاذا وافقہا قبلت والالا) مذکور کرتا
چنانچہ صاحب بحر نے ذکر کیا ہی منجملہ صور مذکورہ چار صورتین وہ ہین جو شارح (فی کل قول جمع مع فعل) کے تحت مین مذکور کریگا اور بائیسوین صورت شراء من المجہول
ہی جو مذکور ہوچکی انتہی مختصرہ کذا یجب مطابقۃ الشہادتین لفظا ومعنی اور اسی طرح مطابقت شہادتین کی لفظاً اور معنی واجب ہی امام اعظم رح کے نزدیک
تطابق شہادتین لفظاً اور معنیً شرط ہی اور تطابق لفظی سے مراد یہ ہی کہ دونون شاہدون کے لفظ افادۂ معنی مین برابر ہون خواہ وہی لفظ ہو بعینہ یا اس لفظ کا
مرادف ہو تو اگر ایک شاہد ہبہ کی گواہی دے اور دوسرا عطیہ کی گواہی تو مقبول ہی کذا فی الفتح الا فی تسعین واربعین مسئلۃ مبسوطۃ فی البحر وزاد ابن المصنف فی حاشیتہ
علی الاشباہ ثلثۃ عشر آخر ترکتہا خشیۃ التطویل مگر بیالیس مسئلون مین جو بحر الرائق مین بشرح مذکور ہین مطابقت شرط نہین اور مصنف کے فرزند شیخ صالح نے
اپنے حاشیہ مین جو اشباہ پر ہی تیرہ مسئلے اور بڑھائے ہین مین نے ان مسائل کو بخوف تطویل ترک کیا ہم یعنے اس مقام مین بخوف تطویل مسائل مذکورہ کو ذکر
نہین کیا والا مسائل مذکورہ تو کتاب الوقف کے اخیر مین شارح ذکر کرچکا ہی بطریق الوضع لا التضمن واکتفیا بالموافقۃ المعنویۃ وبہ قالت الثلثۃ تطابق مذکور مین ہمارے
واجب ہی بطریق التضمن اور صاحبین رح نے موافقت معنوی پر بلا موافقت لفظی کے کفایت کی ہی اور یہی مذہب ہی ائمہ ثلثہ باقیہ کا وضع کی قید سے دو صورت
نکل گئی کہ ایک شاہد نے یہ گواہی دی کہ زوج نے زوجہ کو کہا کہ تو خلیہ ہی اور دوسرے نے گواہی دی کہ بریہ کہا تو یہ گواہی مقبول نہین اسواسطے کہ دونون لفظ
متباین ہین اگرچہ لازم واحد یعنے بینونت مین مشترک ہین اسواسطے کہ لغت مین خلیہ کے معنے غیر معنے بریہ ہین کذا فی البحر فلو شہد احدہما بالنکاح

والآخر بالتزویج قبلت لاتحاد معناہما اور اگر ایک شاہد نے نکاح کی گواہی دی اور دوسرے نے تزویج کی تو مقبول ہے اسواسطے کہ دونوں لفظوں کے ایک معنی ہین
مصنف نے اس قول سے اشارہ کیا کہ امام کے نزدیک موافقت میں یہ شرط نہین کہ لفظ بعینہ ہو بلکہ بعینہ وہی لفظ ہو یا اسکا مرادف یعنی ہم معنی وکذا الہبۃ
والعطیۃ ونحوہما اور اسی طرح ہبہ اور عطیہ اور انکے مانند کی گواہی مقبول ہے ہم مانند ہبہ اور عطیہ کی یہ صورت ہے کہ مدیون نے ابراء دین کا دعوی کیا تو ایک گواہ نے
ابراء کی گواہی دی اور دوسرے نے ہبہ یا تصدق یا تملیک کی کذا فی الطحطاوی ولو شہد احدہما بالف والآخر بالفین او مائۃ ومائتین او طلقۃ وطلقتین او ثلث ردت
لاختلاف المعنیین اور اگر ایک شاہد نے ہزار کی گواہی دی اور دوسرے نے دو ہزار کی یا ایک نے سو کی گواہی دی اور دوسرے نے دو سو کی یا ایک نے ایکبار طلاق دینے کی
گواہی دی اور دوسرے نے دو بار یا تین بار طلاق دینے کی تو مقبول نہین مردود ہے بسبب مختلف ہونے دونون معنون کے اور صاحبین کے نزدیک یہ گواہی مقبول ہے اسواسطے کہ دونون شاہد
ایکہزار اور ایک طلاق اور ایک سو پر متفق ہین کیونکہ دو ہزار ایک ہزار کو متضمن ہین اور ایک شاہد منفرد زیادت ہے تو مجتمع علیہ ثابت ہے نہ منفرد بہ اور امام کی یہ دلیل ہے کہ دونون
شاہدون کے لفظ مختلف ہین اور اختلاف لفظی اختلاف معنوی پر دلالت کرتا ہے اسواسطے کہ ہزار کو دو ہزار نہین بولتے کما لوادعی غصبا او قتلا فشہد احدہما بہ والآخر بالاقرار
بہ لم تقبل چنانچہ اگر دعوی کیا غصب کا یا قتل کا تو ایک شاہد نے غصب یا قتل کی گواہی دی اور دوسرے نے اقرار غصب یا قتل کی تو مقبول نہیں ہے اسواسطے کہ شاہدین کا
اختلاف واقع ہوا انشا اور اقرار مین فعل کے اندر لہذا قبول شہادت ممنوع ہوا ولو شہدا بالاقرار بہ قبلت اور اگر دونون شاہدون نے اقرار غصب یا قتل کی گواہی دی تو مقبول
ہے اسواسطے کہ یہان اختلاف واقع ہوا شہادت اور دعوی مین بخلاف سابق کہ وہان اختلاف تھا شہادتین مین اور شہادت اور دعوی مین تطابق ویسا شرط نہین جیسا تین
مین شرط ہے کذا فی الطحطاوی بتصرف وکذا لا تقبل فی کل قول جمع مع فعل بان ادعی الفا فشہد احدہما بالدفع والآخر بالاقرار بہا لاتسمع للجمع بین قول وفعل قنیۃ اور اسیطرح
گواہی مقبول نہین ہر قول مین جو جمع کیا گیا فعل کے ساتھ اس طرح کہ دعوی کیا ہزار کا تو ایک شاہد نے ہزار کے دینے کی گواہی دی اور دوسرے نے ہزار کے لینے کے
اقرار کی گواہی دی تو مسموع نہین بسبب جمع کرنے کے مابین قول اور فعل کے کذا فی القنیہ ہم جمع قول اور فعل سے مراد یہ ہے کہ ایک شاہد کے لفظ مین قول مذکور ہوا اور دوسرے
کے لفظ مین فعل الا اذا اتحد لفظہما کشہادۃ احدہما ببیع او قرض او طلاق او عتاق والآخر بالاقرار بہ فتقبل لاتحاد صیغۃ الانشاء والاقرار فانہ یقول فی الانشاء بعت واقرضت
وفی الاقرار کنت بعت واقرضت فلم یمنع القبول مگر جبکہ اقرار اور انشا متحد ہوجاوین باعتبار لفظ یعنی دونون کی تعبیر ایک ہی لفظ سے ہوتی ہو جیسے ایک شاہد کی گواہی
بیع کی یا قرض یا طلاق کی یا عتاق کی اور دوسرے کی گواہی اقرار بیع یا اقرار قرض یا اقرار طلاق یا اقرار عتاق کی تو یہ گواہی جامع بین القول والفعل مقبول ہے
بسبب متحد ہونے صیغہ انشاء اور اقرار کے یعنے تفرقات مذکورہ مین انشاء اور اقرار کا ایک ہی لفظ ہے اسواسطے کہ انشاء بیع اور قرض مین علاقہ رکھتا ہے
بعت اور اقرضت اور اقرار بیع اور قرض مین مقر کہتا ہے کنت بعت واقرضت تو قبول شہادت کا مانع نہوا ہم اتحاد صیغہ انشاء اور اقرار باعتبار آخر صیغہ اقرار
کے ہے ورنہ الاقرار مین تو کنت کا لفظ زیادہ ہے اور اثبات لفظ کنت کی کچھ حاجت نہین اسواسطے کہ اقرار مین بھی بعت اور مانند اسکے بولتے ہین بقصد
اخبار کذا فی الطحطاوی بخلاف شہادۃ احدہما بقتلہ عمدا بالسیف والآخر بسکین لم تقبل لعدم تکرر الآلۃ بتکرر الفعل محیط وشرنبلالیۃ بخلاف اس
گواہی کے کہ ایک شاہد نے گواہی دی قاتل کے قتل کی عمدا تلوار سے اور دوسرے نے قتل عمد کی گواہی چھری سے تو مقبول نہین بسبب نہ مکرر ہونے
فعل کے آلہ قتل کی تکرار سے کذا فی المحیط والشرنبلالیہ ہم فعل واحد یعنے قتل کا مکرر ہونا ممکن نہین کہ ایکبار تلوار سے آدمی کی روح بدن سے نکلا اور
دوسری بار چھری سے طحطاوی نے کہا بہتر یون تھا کہ شارح کہتا شرنبلالیۃ عن المحیط اسواسطے کہ شرنبلالیہ مین یہ مسئلہ محیط سے منقول ہے و تقبل
علی الالف فی شہادۃ احدہما بالف والآخر بالف ومائۃ ان ادعی المدعی الاکثر لا الاقل الا ان یوفق باستیفاء او ابراء ابن کمال اور گواہی مقبول
ہے ہزار پر اس شہادت مین کہ ایک گواہ نے ہزار کی گواہی دی اور دوسرے نے ہزار اور ایک سو کی اگر مدعی اکثر کا دعوے کرتا ہو نہ لینے گیارہ سو کا
نہ اقل کا یعنے ہزار کا مگر اس صورت مین جبکہ مدعی توفیق کرے استیفا یا ابراء دین سے کذا ذکرہ ابن کمال ہم یعنے اگر مدعی نے گیارہ سو کا دعوی کیا

اور ایک شاہد نے ہزار کی گواہی دی اور دوسرے نے گیارہ سو کی تو ہزار ثابت ہونگے اسواسطے کہ ہزار مین دونون کا اتفاق ہی اور ایک شاہد سو مین
منفرد ہی اور اگر مدعی فقط ہزار کا دعوے کرتا ہو تو مقبول نہین اسواسطے کہ مدعی تکذیب کرتا ہی اس شاہد کا جسنے گیارہ سو کی گواہی دی کذا فے الدرر ہان اگر مدعی
اسطرح توفیق بیان کرے کہ واقع مین میرے گیارہ سو تھے سو مین سو درم لیچکا یا مین نے اسکو معاف کر دیے تو دعوے اقل مین بھی گواہی مقبول ہی
بخلاف الدین اور یہ یعنے اشتراط موافقت بین الشہادتین لفظاً بحسب نوع دین کے دعوے مین ہی تو اسم اشارہ اسکی طرف راجع ہی
جو اصول سابقہ سے معلوم ہی کذا فے الطحاوی و فی العین تقبل علے الواحد کما لو شہد واحد ان ہذین العبدین لہ آخر ان
ذا لہ قبلت علے العبد الواحد الذی اتفقا علیہ اتفاقاً اور دعوے عین مین گواہی مقبول ہی ایک پر چنانچہ اگر گواہی دی ایک شاہد نے
کہ یہ دونون غلام مدعی کے ہین اور دوسرے گواہ نے گواہی دی کہ یہ غلام مدعی کا ہی تو گواہی مقبول ہی اسی ایک غلام پر جسپر دونون شاہدون کا
اتفاق ہوا باجماع ائمہ اور صاحبین کے کذا فے الدرر عن المحیط و فی العقد لا تقبل مطلقاً سواء کان المدعی اقل المالین او اکثرہما عربی زادہ
اور اثبات عقد مین کمی زیادتی کی گواہی مقبول نہین خواہ دعوے اقل المالین ہو یا اکثر المالین ہو کذا ذکرہ عزمی زادہ اور خواہ مدعی عقد بائع ہو
یا مشتری کذا فی الدرر ثم فرع علے ہذا الاصل بقولہ فلو شہد واحد بشراء عبد او کتابتہ علے الف و آخر بالف و خمس مائۃ ردت لان المقصود
اثبات العقد وہو یختلف باختلاف البدل فلم یتم العدد علے کل واحد پھر مصنف نے اس اصل پر تفریع کی اپنے اس قول سے سو اگر ایک شاہد نے
گواہی دی غلام کی خریداری یا اسکے مکاتب ہونے کی ہزار درم پر اور دوسرے شاہد نے پندرہ سو کی گواہی دی تو مقبول نہین اسواسطے کہ یہان مقصود اثبات
ہی عقد بیع یا کتابت کا اور عقد مختلف ہو جاتا ہی بسبب مختلف ہونے بدل کے تو عدد تمام نہوا یعنے نصاب شہادت تمام نہوئی ہر واحد پر ہم عقد مختلف ہوتا ہی
اختلاف بدل سے اسواسطے کہ بیع بعوض ہزار مغائر ہی اس بیع کے جو بعوض پندرہ سو کے ہی تو مشہود بہ مختلف ہو گیا ثمن کے اختلاف سے اور اسواسطے کہ مدعی
ایک شاہد کا مکذب ہی کذا فے الدرر و مثلہ العتق بمال و الصلح عن قود و الرہن و الخلع ان ادعی العبد و القاتل و الراہن و المرأۃ لف و نشر مرتب
اذ قصدہم اثبات العقد کما مر اور بیع کے مانند عتق بعوض مال و صلح قصاص سے اور رہن اور خلع ہی اگر غلام مدعی ہو عتق مین اور قاتل مدعی ہو صلح مین
اور راہن رہن مین اور خلع مین مدعی ہو شارح نے کہا عبارت متن مین لف و نشر مرتب ہی عتق و غیرہ مانند بیع اسواسطے ہوا کہ مدعیون کا مطلب
اثبات عقد ہی نہ اثبات مال چنانچہ مذکور ہو چکا ہی اور عقد مختلف ہوتا ہی باختلاف بدل تو ہر واحد پر نصاب شہادت پوری نہوئی و ان ادعی
الآخر کالمولی مثلاً فکدعوی الدین اذ مقصودہم المال فتقبل علے الاقل ان ادعی الاکثر کما مر اور اگر دوسرا شخص مدعی ہو مثلاً مولی مدعی ہو تو دعوے
دین کے مانند ہی اسواسطے کہ مدعیون کا مقصود مال ہی نہ اثبات عقد تو اقل المالین پر گواہی مقبول ہوگی اگر مدعی اکثر المالین کا دعوے کرتا ہو چنانچہ
مذکور ہو چکا صاحب توضیح ذعادی مذکورہ اس طرح ہی کہ غلام کے مولی نے کہا کہ مین نے تجکو پندرہ سو درم پر آزاد کیا اور غلام دعوے کرتا ہی کہ ہزار درم پر
یا ولی قصاص کہتا ہی کہ مین نے تجھسے پندرہ سو پر صلح کی اور قاتل ہزار کا دعوے کرتا ہی اسی طرح باقی دو صورتین کذا فے الدرر و الاجارۃ کالبیع
لو فی اول المدۃ للحاجۃ لاثبات العقد اور اجارہ مانند بیع کے ہی اگر اول مدت مین ہو بسبب حاجت اثبات عقد کے ہم یعنے اگر مستاجر یا موجر نے
دعوے کیا کہ اس گھر کی اجرت ایک سال کی پندرہ سو ہین سو ایک شاہد نے اسکے موافق گواہی دی اور دوسرے نے ہزار کی گواہی دی تو اجارہ ثابت نہوگا اسواسطے
کہ اسواسطے کہ قبل استیفائے منفعت کے اجرت کا استحقاق نہین تو مقصود اثبات عقد ہوا اور عقد مختلف ہوتا ہی باختلاف بدل تو اجارہ ثابت نہوگا کذا فی الفتح
و کالدین بعدہا لو ادعی الموجر و لو المستاجر فدعوے عقد اتفاقاً اور اجارہ دین کے مانند ہی مدت گذر جانے کے بعد اگر موجر مدعی ہو اور اگر مستاجر
مدعی ہو تو عقد کا دعوے ہی بالاتفاق ہم دعوی موجر مین بعد تسلیم عین موجر اثبات عقد کی حاجت نہین خواہ مستاجر نے منفعت حاصل کی ہو

یا نہ حاصل کی ہو تو یہ دعوی اجرت کا ہی تو اگر گواہ ہزار کی گواہی دے اور دوسرا ڈیڑھ سو کی اور موجر مدعی ہوا کثر کا تو ہزار کا حکم ہوگا اسواسطے کہ موجر کا کچھ مقصود
نہیں بعد مدت کے سواے اجرت کے اور اگر مستاجر مدعی ہو تو بالاجماع عقد کا دعوے ہی کیونکہ وہ مال اجارہ کا معترف ہی تو مستاجر پر حکم ہوگا بقدر اسکے اعتراف کے
خواہ شاہدین کا اتفاق ہو یا اختلاف اور عقد ثابت نہوگا بسبب اختلاف کے کذا فی الفتح **وصح النکاح بالاقل ای بالف مطلقا استحسانا خلافا لہما**
اور صحیح ہی نکاح اقل مال سے یعنی ہزار سے مطلقا خواہ مدعی زوج ہو یا زوجہ خواہ اقل کا دعوی ہو یا اکثر کا بطور استحسان کے بخلاف صاحبین کے انکے نزدیک نکاح باطل ہی
وجہ استحسان یہ ہی کہ مال تابع ہی نکاح میں اور مقصود اصلی نکاح میں حلت اور ملک ہی اور اسمیں اختلاف نہیں بلکہ تابع میں ہی پہر جب تابع میں یعنی مال میں اختلاف ہوا
تو اقل المالین پر حکم ہوگا کیونکہ اقل پر اتفاق ہی شاہدین کا تو اب ہزار پر بالضرورۃ قضا بالنکاح لازم ہوگی کذا فی الفتح **ولزم فی صحۃ الشہادۃ بالجر شہادۃ وارث بان یقولا مات**
وترکہ میراثا للمدعی اور میراث کی گواہی کی صحت میں جر میراث کا بیان کرنا لازم ہی اس طرح کہ شاہدین کہیں کہ مورث مرگیا اور متروکہ کو اسنے مدعی کے واسطے میراث
چھوڑا اھم جر میراث یعنے ملک مورث کو وارث کی ملک کی طرف نقل کرنا طرفین کے نزدیک لازم ہی کیونکہ وارث کی ملک جدید پیدا ہوتی ہی متروکہ میں واسطے
مورثہ لونڈی میں وارث پر استبرا واجب ہی اور وہ وارث غنی کو حلال ہی جو مورث فقیر پر صدقہ تھا اور متحد و محتاج ہی نقل کا تا استصحاب حال ثابت نہ ٹھہرے
اور ابو یوسف کے نزدیک جر میراث لازم نہیں اسواسطے کہ وارث مالک ہوتا ہی بطور خلافت کے مورث سے واسطے رد بیع بسبب عیب کے کر سکتا ہی تو ملک مورث
کی گواہی بعینہ ملک وارث کی گواہی ہی **الا ان یشہدا بملکہ عند موتہ او بیدہ او ید من یقوم مقامہ کمستاجر ومستعیر وغاصب ومودع فیغنی ذلک عن الجر**
لان الایدی عند الموت تنقلب ید ملک بواسطۃ الضمان فاذا ثبت الملک ثبت الجر ضرورۃ جر میراث لازم ہی مگر یہ کہ شاہدین گواہی دیں مورث کے ملک کی
اسکے مرنے کے وقت یعنی یوں کہیں کہ مورث تا مرگ اسکا مالک رہا یا اسکے ہاتھ کی یعنی اسکے قبض اور تصرف کی گواہی دیں یا اس شخص کے قبض اور تصرف کی
گواہی دیں جو مورث کے قائم مقام ہی چنانچہ مستاجر یا عاریت لینے والا یا غاصب یا امانت دار تو یہ یعنی شہادت ملک یا قبض معنی ہی بیان جر میراث سے اسواسطے کہ
قبض اور تصرفات موت کے قریب منقلب بقبض ملک ہو جاتے ہیں بواسطہ ضمان کے پہر جب مورث کی ملک ثابت ہوئی تو جر میراث صریحا ثابت ہوگئی صم تا وقت
موت قبضہ ثابت ہونا مثبت ملک ہی اسواسطے کہ قبضہ اگرچہ چند قسم ہوتا ہی یعنی قبضہ غصب اور قبضہ امانت اور قبضہ ملک لیکن موت کے قریب بلا بیان قبضہ ملک کا
ہو جاتا ہی اسواسطے کہ ثابت ہو چکا ہی کہ غاصب اور امانت دار اگر بلا بیان غصب اور امانت کے مر جاوے تو مغصوب اور ودیعت اسکی ملک ہو جاتی ہی اسپر ضمان واجب ہوکر
شرعا کذا فی الفتح ملخصا ومفسر دیتے ہیں کہ تا موت قیام تصرف دلیل ملک میت ہی بواسطہ ضمان کے اسواسطے کہ ظاہر حال مسلم اسپر دلالت کرتا ہی کہ اگر مغصوب اور
امانت اسکے پاس ہوتی تو ایسے وقت نازک میں بیان کر دیتا پہر جب اسنے بیان نہ کیا تو معلوم ہوا کہ جو اسکے تصرف میں تھا سو اسکا مملوک تھا انتہی ملخصا
ولا بد مع الجر المذکور من بیان سبب الوراثۃ وبیان انہ اخوہ لابیہ وامہ او لاحدہما ونحو ذلک ظہیریۃ اور شہادت میراث میں جر مذکور کے ساتھ
بیان کرنا سبب وراثت کا ضرور ہی یعنے سبب خاص کا بیان کرنا کہ مدعی میت کا بھائی ہی یا چچا اور یہ بیان ضرور ہی کہ مدعی میت کا سگا بھائی یا فقط پدری بھائی ہی
یا مادری اور زمانہ اسکے کذا فی الظہیریۃ تتمہ اور مولی کی شہادت میں یوں کہنا ضرور ہی کہ مدعی مولی ہی میت کا جسنے اسکو آزاد کر دیا اور کوئی اسکا وارث نہیں
سواے اسکے اسواسطے کہ لفظ مولی مشترک ہی چند معانی میں کذا فی الطحطاوی **وبقی شرط ثالث وہو قول الشاہد لا وارث لہ او لا اعلم لہ وارثا غیرہ** اور شہادت
ارث میں تیسری شرط باقی رہی وہ یہ قول ہی شاہد کا کہ میت کا کوئی وارث نہیں سواے مدعی کے یا میں کسی وارث کو نہیں جانتا سواے اسکے **والرابع**
وہو ان یدرک الشاہد المیت والا فباطلۃ لعدم معاینۃ السبب ذکرہا البزازی اور باقی رہی چوتھی شرط وہ یہ ہی کہ شاہدنے میت کو پایا ہو یعنے
دیکھا ہو اور نہیں تو شہادت باطل ہی بسبب عدم معاینہ سبب ملک کی شرط ثالث اور رابع کو بزازی نے ذکر کیا **وذکر اسم المیت لیس بشرط**
اور میت کا نام ذکر کرنا شہادت میں شرط نہیں **وان شہد ابیہ حی سواء قالا منذ شہر اولا ردت لثبوتہا بالمجہول التنوع بید الحی** اور اگر شاہدین نے

شخص زندہ کے قبض اور تصرف کی گواہی دی خواہ شاہدین نے یون کہا کہ ایک مہینے یا ایک سال سے قبضہ تھا یا یون نہ کہا تو گواہی مقبول نہین بسبب قائم ہونے
گواہی بامر مجہول سبب چند قسم ہونے قبض زندہ کے ہم یعنے مثلاً ایک گھر ایک مرد کے قبضہ مین ہے سو دوسرے شخص نے دعوی کیا کہ میرا ہے اور گواہون نے گواہی دی کہ وہ
سابق مین مدعی کے قبضے مین تھا تو مقبول نہین بسبب جہالت مشہود بہ کے اسواسطے کہ محتمل ہے کہ اسکا قبضہ بطریق ملک تھا یا بطریق ودیعت یا اجارہ یا غصب کے تو یہ منی
بسبب شک کے حکم نہ دیگا کہ میرا اسکو دیا جاوے کذا فی الدرر بخلاف ما لو شہدوا انہا کانت ملکہ او اقر المدعی علیہ بذلک وشہد شاہدان انہ اقر انہ کان فی ید المدعی
دفع للمدعی لمعلومیۃ الاقرار وجہالۃ المقر بہ لا تبطل الاقرار بخلاف اس صورت کے کہ اگر دو شاہدون نے گواہی دی کہ مثلاً گھر مدعی کا ملک تھا یا مدعا علیہ نے اسکا اقرار
کیا کہ وہ مدعی کی ملک تھا یا دو شاہدون نے گواہی دی کہ مدعا علیہ نے اقرار کیا کہ وہ مدعی کے قبض مین تھا تو وہ چیز مدعی کو دلائی جائیگی بسبب معلوم ہونے اقرار کے
اور جہالت مقر بہ مبطل اقرار نہین ہم یہی صورت مین دلانے کی وجہ یہ ہے کہ ملک منقضی کی گواہی مقبول ہے اسواسطے کہ اصل یہ ہے کہ ہر چیز کو بطور سابق باقی رکھتے [illegible] ثبوت
انتقال اور مقر بہ یعنی جسکا مدعا علیہ نے اقرار کیا یعنی قبض مدعی کا تو مجہول ہے معلوم نہین کہ اسکے قبضہ مین بطور امانت یا غصب کے تھا یا بطور ملک کے تو یہ جہالت
مبطل اقرار مدعا علیہ دلانے کے حق مین نہین خلاصہ یہ ہے کہ جب مدعا علیہ نے اقرار کیا کہ مثلاً گھر سابق مین مدعی کے قبض مین تھا تو قاضی حکم کریگا کہ مدعی کو تسلیم کرے مگر
انسان کا اقرار اسکی ذات پر حجت ہے لیکن بعد اسکے اگر مدعا علیہ دعوی کرے کہ اسکے قبضے مین بطور امانت یا غصب کے تھا تو اسکو گواہی سے ثابت کرے کذا فی الطحطاوی بتصرف
والاصل ان الشہادۃ بالملک المنقضی مقبولۃ لا بالید المنقضیۃ تتنوع الید لا الملک بزازیۃ اور مسائل مذکورہ مین قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ ملک منقضی کی گواہی مقبول ہے نہ
قبض منقضی کی بسبب چند قسم ہونے قبض کے نہ چند قسم ہونے ملک کے کذا فی البزازیۃ ہم قبض منقضی سے زندہ کا قبض مراد ہے نہ قبض میت کا اسواسطے کہ قبض
میت کی گواہی مقبول ہے جیسا کہ مذکور ہو چکا کذا فی الطحطاوی ولو اقر انہ کان بید المدعی بغیر حق بل یکون اقرار لہ بالید المفتی بہ نعم جامع الفصولین اور اگر مدعا علیہ
اسکا اقرار کرے کہ وہ چیز مدعی کے قبض مین ناحق تھی تو یہ مدعی کے قبض کا اقرار ہوگا یا نہین قول مفتی بہ یہ ہے کہ ہان یہ بھی قبض کا اقرار ہوگا کذا فی جامع الفصولین
یعنے اگر بعد اسکے گواہی غصب پر قائم ہوگی تو مسموع ہوگی فروع مسائل ملحقہ شارح کے شہدا بالف وقال احدہما قضی خمس مائۃ قبلت بالف الا اذا شہد معہ
آخر دو شاہدون نے ہزار کی گواہی دی اور ایک گواہ نے کہا کہ مدعا علیہ نے پانسو ادا کیے ہین تو ہزار مین گواہی مقبول ہوگی مگر جبکہ اسکے شاہد کے
ساتھ دوسرا شاہد بھی پانسو کے ادا کرنے کی گواہی دے تو اب پانسو مین مقبول ہوگی ہم اور رد کرنا مدعی کا تکذیب شاہد نہوگی ہزار کی شہادت مین بلکہ
تکذیب اس شہادت مین ہے جو اسکی حضرت مین واقع ہوئی اور ایسی تکذیب مانع شہادت نہین ولا یشہد من علمہ حتی یقر المدعی بہ اور نہ گواہی دے اپنی
دانست سے یہان تک کہ مدعی اسکا اقرار کرے ہم تبیین اور کافی مین ہے کہ پورے ہزار کی گواہی نہ دے جب اسکو معلوم ہو کہ مدیون نے اسمین سے پانسو ادا
کیے ہین تاوقتیکہ مدعی پانسو قبض کرنے کا اقرار نہ کرے تاکہ شاہد مددگار ظلم کا نہو کذا فی العالمگیریۃ شہد السرقۃ بقرۃ واختلفا فی لونہا قطع خلافا لہما واستظہر
صدر الشریعۃ قولہما دو شاہدون نے بیل کی چوری کی گواہی دی اور اختلاف کیا اسکے رنگ مین تو سارق کا قطع ید ہوگا بخلاف صاحبین کے اور صدر الشریعۃ نے
صاحبین کے قول کو ظاہر کہا ہے ہم امام کی دلیل یہ ہے کہ چوری بیشتر رات کو ہوتی ہے تو رنگت مین دھوکا پڑ سکتا ہے لہذا اسکا اختلاف مانع شہادت نہین وہذا اذا لم
یذکر المدعی لونہا ذکرہ الزیلعی اور یہ یعنے عدم اعتبار رنگ اسوقت ہے جبکہ مدعی نے اسکی رنگت مذکور نہ کی کذا فی الزیلعی یعنے اگر مدعی رنگ ذکر کریگا تو بالاتفاق
گواہی مقبول نہوگی اسواسطے کہ مدعی ایک شاہد کا مکذب ٹھہریگا ادعی المدیون الایصال متفرقا وشہدا بہ مطلقا او جملۃ لم تقبل وہبانیۃ مدیون نے ایصال دین کا دعوی کیا
بطریق ادائے متفرق اور شاہدین نے ایصال مطلق یا ایصال یکبارہ کی گواہی دی تو مقبول نہین کذا فی الوہبانیۃ شہدا فی دین الحی بانہ کان
علیہ کذا تقبل الا اذا سالہما الخصم عن بقائہ الآن فقالا لا ندری وفی دین المیت لا تقبل مطلقا حتی یقولا مات وہو علیہ بحر شاہدون نے گواہی دی زندہ کے
دین مین اس طرح کہ اسپر اتنا دین تھا تو مقبول ہے مگر جبکہ مدعا علیہ نے شاہدون سے اب تک بقائے دین کا سوال کیا تو شاہدون نے کہا کہ ہمکو معلوم نہین

تو گواہی مقبول نہیں اور میت کے دین میں مطلقاً مقبول نہیں جب تک کہ شاہد یون نہ کہیں کہ وہ مرگیا اور دین اسپر موجود ہی کذا فی البحر قلت ونحا لفہ
ما فی معین الحکام من ثبوتہ بمجرد بیان سببہ وان لم یقولا مات وعلیہ دین انتہی وان الاحتیاط لا یخفی میں کہتا ہون بحر الرائق کے مخالف ہی یہ قول جو معین الحکام
مین ہی ثابت ہوجاتی دین سے بمجرد بیان سبب دین اگرچہ شاہدین نے یہ نہ کہا ہو کہ وہ مرگیا اور دین اسپر موجود ہی انتہی اور احتیاط مخفی نہیں م یعنے
بحر الرائق کے قول میں احتیاط ہی تامل میں تو غیر ہے وارثون کے واسطے علامہ مقدسی نے کہا کہ اول یعنی بحر الرائق کا قول ضعیف ہی اور احتیاط امر میت میں اسقدر
کافی ہی کہ خصم سے قسم لیجاوے باوجود شہادت کے کذا فی الطحطاوی ادعی ملکا فی الماضی وشہدا بہ فی الحال لم تقبل فی الاصح کما لو شہدا بالماضی ایضا جامع الفصولین مدعی نے
ملک زمان گذشتہ کا دعوی کیا اور شاہدین نے ملک فی الحال کی گواہی دی تو مقبول نہیں قول اصح میں چنانچہ اگر شاہدین نے ملک ماضی کی بھی گواہی دی تو مقبول نہیں کذا فی
جامع الفصولین م ادعاے ملک ماضی قرینہ ہی نفی ملک فی الحال کا اسواسطے کہ مدعی کا کچھ فائدہ نہیں شہادہ ماضی میں باوجود قیام ملک فی الحال کذا فی الطحطاوی عن جامع الفصولین

باب الشہادۃ علی الشہادۃ

یہ باب ہی گواہی پر گواہی دینے کا م شہادت علی الشہادۃ کو قیاس مقتضی نہیں کیونکہ وہ عبادت بدنی ہی اور نیابت جاری نہیں عبادت بدنیہ میں لیکن فقہانے بدلیل
استحسان اسکو جائز رکھا ہی بسبب شدت حاجت کے اسواسطے کہ اصل شاہد بسبب موت یا سفر وغیرہ کے اداے شہادت سے عاجز ہوتا ہی تو اگر اصل کی گواہی پر فرع کی
گواہی جائز نہوتی تو اکثر حقوق ضائع ہوجاتے ولہذا شہادۃ علی الشہادۃ جائز ہی اگرچہ بکثرت ہو یعنی فرع کی شہادت پر شہادت پھر انکی فرع کی شہادت پر شہادت وعلی ہذا القیاس
کذا فی الدرر ملخصا ہی مقبولۃ وان کثرت استحسانا فی کل حق علی الصحیح الا فی حد وقود لسقوطہا بالشبہۃ شہادت پر شہادت مقبول ہی اگرچہ طبقات فروع
میں کثرت اور تعدد ہو مقبول ہی بطریق استحسان کے ہر حق میں بقول صحیح مگر حد اور قصاص میں مقبول نہیں بسبب ساقط ہوجانے دونون کے شبہہ سے
وجاز الاشہاد مطلقا اور جائز ہی شاہد کرنا ہر طرح یعنے بعذر و بلا عذر م خزانۃ المفتیین میں ہی کہ اپنی ذات کی شہادت پر گواہ کرنا جائز ہی اگرچہ اصول کو کچھ عذر
نہوتا ہو اگر اصول کو بیماری یا سفر یا موت سے عذر پیش آوے تو فروع گواہی دین لکن لا تقبل الا بشرط تعذر حضور الاصل بموت ای موت الاصل لکن فرع کی
گواہی مقبول نہیں مگر بشرط تعذر حاضر ہونے اصل کے موت سے یعنے اصل شاہد کے مرجانے سے ونقلہ القہستانی عن قضاء النہایۃ فیہ کلام فانہ نقلہ عن الخانیۃ
عنہا وہو خطاء والصواب ما ہنا اور جو قہستانی نے نہایہ کی کتاب القضاء سے نقل کیا ہی اسمین کلام ہی سو قہستانی نے اسکو نہایہ سے نقل کیا اور
نہایہ مین خانیہ سے اور جو خانیہ کی کتاب القضا میں ہی وہ خطا ہی اور ٹھیک وہ قول ہی جو خانیہ کے باب الشہادۃ علی الشہادۃ میں ہی م قہستانی نے
کہا لیکن نہایہ وغیرہ کی کتاب القضا میں ہی کہ اصل جب مرجاے تو اسکی فرع کی شہادت مقبول نہیں تو حیات اصل کی شرط ہی انتہی حلبی نے کہا کہ تو نے
عبارت خانیہ کی دیکھی اسمین نقل نہایہ خانیہ سے نہیں طحطاوی نے کہا بہتر یہ تھا کہ شارح یون کہتا (فانہ نقلہ عنہا عن الخانیۃ) چنانچہ خود شارح نے اسکی
تصریح کی ہی شرح ملتقی میں انتہی لہذا مترجم نے اسی طرح ترجمہ کیا او مرض او سفر واکتفی الثانی بالغیبۃ بحیث تتعذر ان یبیت باہلہ واستحسنہ غیر واحد
وفی القہستانی والسراجیۃ وعلیہ الفتوی واقرہ المصنف یا حضور اصل متعذر ہو بسبب بیماری یا سفر کے اور ابو یوسف نے اصل کی غیبت پر کفایت کی ہی اسطرح
کہ متعذر ہو اسکو اپنے لوگون میں رات کا پہونچنا اور پسند کیا ہی اس قول کو بہت علمانے اور قہستانی اور سراجیہ میں ہی اور اس قول پر فتوی ہی اور ثابت رکھا ہی
اسکو مصنف نے اپنی شرح میں م بیماری سے وہ بیماری مراد ہی کہ مجلس قضا میں حاضر نہوسکے اور سفر سے تین رات دن کی راہ کی غیبت مراد ہی اور یہی قول ظاہر الروایۃ ہی
تاتارخانیہ میں ہی کہ اسی قول پر فتوی ہی اور ابو یوسف سے روایت ہی کہ اگر صبح سے اداے شہادت کے واسطے جاوے اور اپنے گھر میں رات تک نہ آسکے تو اشہاد جائز ہی اور یہ قول ہی
فقیہ ابو اللیث کا سراجیہ میں ہی کہ اس قول پر فتوی ہی کذا فی العالمگیریہ او کون المراۃ مخدرۃ لا تخالط الرجال وان خرجت لحاجۃ وحمام قنیۃ یا حضور اصل متعذر ہو
بسبب ہونے عورت کے مستورہ پردہ نشین جو مرد دن سے مخالطت نکرتی ہو اگرچہ حاجت اور حمام کے واسطے نکلتی ہو کذا فی القنیۃ وفیہا لا یجوز الاشہاد بسلطان وامیر

قنیہ مین ہی کہ سلطان اور امیر کو گواہ کرنا جائز نہین م یعنے جبکہ سلطان اور امیر شہر مین ہون تو انکو اپنی شہادت پر دوسرے کو گواہ کرنا جائز نہین مگر محمد کے نزدیک کذا فی الطحطاوی وہل یجوز للمحبوس ان من غیر حاکم الخصومۃ نعم ذکرہ المصنف فی الوکالۃ اور کیا محبوس کو اپنی شہادت پر گواہ کرنا جائز ہی اگر اسکو غیر حاکم خصومت نے حبس کیا ہو تو ہان جائز ہی مصنف نے اسکو کتاب الوکالۃ مین ذکر کیا م مصنف نے اپنی شرح مین ذخیرہ سے نقل کیا کہ اسمین ہمارے زمانے کے مشایخ متاخرین بعضون نے کہا کہ اگر اسی قاضی کے پاس وہ شخص محبوس ہو تو جائز نہین کیونکہ قاضی اسکو حبس سے نکال کر گواہی سنکر پھر قید کر سکتا ہی اور اگر والی کے مجلس مین ہو اور نکالنا اسکا ممکن نہو تو جائز ہی انتہی کذا فی الطحطاوی وقولہ عند الشہادۃ عند القاضی قید للکل لاطلاق جواز الاشہاد لا الاداء کما مر اور مصنف کا یہ قول کہ قاضی کے روبرو ادائے شہادت کے وقت حضور اصل معتذر ہو یہ قید ہی سب عذرات مذکورہ یعنی موت اور مرض اور سفر اور پردہ نشینی عورت کی سبب مطلق ہونے جواز اشہاد کے نہ ادائے شہادت کے چنانچہ مذکور ہو چکا اس قول مین کہ جاز الاشہاد مطلقا وبشرط شہادۃ عدد نصاب ولو رجلا وامرأتین اور اگر گواہی پر گواہی مقبول ہی بشرط شہادت عدد یعنی بشرط نصاب شہادت اگرچہ ایک مرد اور دو عورتین ہون وما فی الحاوی غلط بحر اور جو قول حاوی مین ہی غلط ہی کذا فی البحر م حاوی مین ہی کہ اصل کی شہادت پر عورتون کی گواہی مقبول نہین کذا فی الطحطاوی عن کل اصل ولو امرأۃ نصاب شہادت شرط ہی ہر اصل کی شہادت سے اگرچہ اصل شاہد عورت ہو لا تغائر فرعی ہذا وذلک خلافا للشافعی نہ مغایر ہونا اس اصل کی دو فرع کا اور اس اصل کی دو فرع کا شرط ہی بخلاف شافعی م یعنے یہ واجب نہین کہ ہر شاہد کے دو شاہد متغایر ہون بلکہ دو شاہد دن کی شہادت ہر اصل شاہد سے کافی ہی کذا فی الدرر یعنی ہر اصل کی دو فرع لازم ہین خواہ ہر ایک کے دو شاہد جدا جدا ہون یا دو ہی شاہد دونون کے ہون اور امام شافعی کے نزدیک یہ شرط ہی کہ چار شاہد ہون دو اسکے اور دو اسکے جدا جدا وکیفیتہا ان یقول الاصل مخاطبا للفرع ولو ابنہ بحر اشہد علی شہادتی انی اشہد بکذا اور شہادت علی الشہادۃ کی کیفیت یعنی طریقہ اسکا یہ ہی کہ اصل کہے فرع سے مخاطب ہو کر اگرچہ فرع بیٹا ہو اصل کا کذا فی البحر کہ تو شاہد ہو میری اس شہادت پر کہ مین ایسی شہادت دیتا ہون م یہ ضرور ہی کہ اصل فرع کو گواہ کرے اسواسطے کہ فرع کو اصل کی گواہی پر گواہی دینا جائز نہین اگرچہ فرع نے اصل سے گواہی سنی ہو کذا فی الطحطاوی عن الحموی ویکفی سکوت الفرع ولو رد ذاتہ قنیہ اور کافی ہی سکوت فرع کا اور اگر فرع اسکو رد کرے یعنے گواہ ہونا قبول نہ کرے تو اشہاد رد ہو گا کذا فی القنیہ یعنے بعد رد کرنے کے اگر گواہی دیگا تو مقبول نہو گی ولا ینبغی ان یشہد علی شہادۃ من لیس بعدل عندہ حاوی اور لائق نہین فرع کو گواہی دینا اس اصل کی گواہی پر جو اسکے نزدیک عادل نہین کذا فی الحاوی م بحر الرائق مین خزانہ سے منقول ہی کہ فرع جبکہ اصل کی عدالت اور عدم عدالت نجانے تو وہ شہادت علی الشہادۃ مین مسی یعنی بدکار ہی بسبب ترک کرنے احتیاط کے ویقول الفرع اشہد ان فلانا اشہدنی علی شہادتہ بکذا وقال لی اشہد علی شہادتی بذلک ہذا اوسط العبارات وفیہ خمس شینات والاقصر منہا ان یقول اشہد علی شہادتی بکذا ویقول الفرع اشہد علی شہادتہ بکذا وعلیہ فتوی السرخسی وغیرہ ابن کمال وہو الاصح کما فی القہستانی عن الزاہدی اور فرع کہے کہ مین شہادت دیتا ہون اسکی کہ فلانے شخص نے مجھکو شاہد کیا ہی اپنی اس شہادت پر اور اسنے مجھسے کہا کہ تو شاہد ہو میری اس شہادت پر شارح نے کہا یہ سب عبارتون مین سے اوسط عبارت ہی اور اسمین پانچ شین ہین اور اس سے مختصر زیادہ وہ عبارت ہی کہ اصل کہے کہ شاہد ہو میری اس شہادت پر اور فرع کہے کہ مین شہادت دیتا ہون اسکی اس شہادت پر اور عبارت مختصر پر سرخسی وغیرہ کا فتوی ہی چنانچہ ابن کمال نے ذکر کیا ہی اور یہی قول اصح ہی چنانچہ قہستانی مین زاہدی سے منقول ہی م اوسط عبارت اسواسطے اختیار کی کہ شہادت فرع اور ذکر شہادت اصل اور ذکر تحمیل ضرور ہی اور عبارت مذکورہ اسکے واسطے کافی ہی اور اوسط سے اطول یہ عبارت ہی کہ فرع قاضی کے نزدیک کہے اشہد ان فلانا اشہد عندی ان فلانا علی فلان کذا من المال واشہدنی علی شہادتہ وامرنی ان اشہد علی شہادتہ وانا اشہد علی شہادتہ بذلک اس عبارت مین آٹھ شین ہین اور اوسط عبارت مین پانچ شین ہین اور اقصر مین دو شین ہین عنایہ مین ہی کہ اقصر عبارت فقیہ ابو اللیث اور انکے استاد ابو جعفر کے نزدیک مختار ہی کذا فی الدرر ویکفی تعدیل الفرع لاصلہ ان عرف الفروع بالعدالۃ والا لزم تعدیل الکل اور کفایت کرتی ہی

مسئلہ مین گواہی دیتا ہون کہ فلانے نے میرے سامنے گواہی دی اس بات کی کہ فلان شخص کا فلان پر اسقدر مال ہی اور مجھکو اپنی شہادت پر گواہ کیا ہی اور اجازت دی ہی کہ اسکی گواہی پر گواہی دون اور مین اسکی گواہی پر مال مذکور کے باب مین گواہی دیتا ہون ۱۲

تعدیل فرع کی اپنی اصل کے واسطے اگر فروع مشہور بعدالت ہون اور نہین تو اصول اور فروع سب کی تعدیل لازم ہوگی کما یکفی تعدیل احد الشاہدین صاحبہ فی الاصح
لان العدل لا یتہم بمثلہ جیسے کفایت کرتی ہو ایک شاہد کی تعدیل دوسرے شاہد ساتھی کو قول اصح مین اسواسطے کہ عادل متہم نہین ہوتا اپنے مانند دوسرے عادل کی
تعدیل سے ہم پینے بعضون کے نزدیک یہ جائز نہین کیونکہ وہ متہم ہو اسواسطے کہ احد الشاہدین اپنے رفیق کی تعدیل سے یہ چاہتا ہو کہ میری شہادت مقبول ہو اور قاضی
اسپر حکم دے لیکن بقول اصح جائز ہو اسواسطے کہ عادل تعدیل مثل سے متہم نہین جیسے اپنی ذات کی شہادت مین متہم نہین یعنی اسکی ذاتی شہادت بھی اس منفعت کی متضمن
ہو کہ وہ مقبول القول ہو اور قاضی اسکی شہادت پر حکم کرے تو جیسے شرع نے بسبب اسکی عدالت کے اس منفعت کو مانع شہادت معتبر نہین کیا ویسے ہی تعدیل مثل مین بھی
کذا فی الفتح وان سکت الفرع عنہ نظر القاضی فی حالہ وکذا لو قال لا اعرف حالہ علی الصحیح شرنبلالیہ وشرح المجمع وکذا لو قال لیس بعدل علی ما فی القہستانی عن المحیط
فتنبہ اور اگر فرع تعدیل اصل سے سکوت کرے تو نظر کرے قاضی اصل کے حال مین یعنی فرع کی گواہی جائز ہو پھر اگر غیر فرع اصل کی عدالت بیان کرے تو حکم دے
اور نہین تو نہین کذا فی الفتح اور اسی طرح حکم ہو بقول صحیح اگر فرع کہے کہ مین اسکے حال کو نہین جانتا کذا فی الشرنبلالیہ اور شرح المجمع اور اسیطرح اگر فرع کہے کہ اصل
عادل نہین چنانچہ قہستانی مین محیط سے ہو سو آگاہ رہنا وتبطل شہادۃ الفرع بامور منہم من الشہادۃ علی الاظہر خلاصہ وسیجی متنا ما یخالفہ اور باطل ہوجاتی ہو فرع کی
گواہی چند امور سے بسبب روک دینے فرع کے شہادت سے یعنے اصول نے فروع سے کہا کہ تم ہماری شہادت کی گواہی نہ دیجیو تو شہادت فروع باطل ہو بقول
اظہر کذا فی الخلاصہ اور آئندہ متن مین مخالف اسکے وبخروج اصلہ عن اہلیتہا کفسق وخرس وعمی اور باطل ہوتی ہو شہادت فرع کی بسبب نکل جانے اصل کے شہادت
کی اہلیت سے مانند فسق اور گنگی اور نابینائی کے یعنے اگر اصل شاہد فاسق یا گونگا یا اندھا ہوگیا تو فرع کی شہادت باطل ہو اسی طرح جنون اور ارتداد و بانکار
اصلہ الشہادۃ کقولہم مالنا شہادۃ او لم نشہدہم او شہدناہم وغلطنا اور فرع کی شہادت باطل ہی بسبب انکار کرنے اصل کے شہادت کو چنانچہ اصول کا
یون کہنا کہ ہم گواہ نہین یا ہمنے انکو گواہ نہین کیا یا ہم نے انکو گواہ کیا اور ہمنے غلط کہا کافی مین ہو صورت مسئلہ یہ ہو کہ اصول نے کہا کہ ہم اس حادثہ کے گواہ نہین پھر وہ مرگئے
یا غائب ہوگئے پھر فروع آئے اور انکی شہادت پر شہادت دی اس حادثے مین اور اگر اصول موجود ہین تو فروع کی شہادت کی طرف التفات نہین
اگرچہ اصول منکر ہون کذا فی الدرر ولو سئلوا فسکتوا قبلت خلاصۃ اور اگر اصول سے فروع کی شہادت کا سوال ہوا اور انھون نے سکوت کیا یعنی نہ اقرار کیا نہ انکار
تو فروع کی گواہی مقبول ہو کذا فی الخلاصہ ہم اس مسئلہ مین سکوت مانند نطق کے ہو شہدا علی شہادۃ اثنین علی فلانۃ بنت فلان الفلانیۃ وقالا اخبرانا
بمعرفتہا وجاء المدعی بامرأۃ لم یعرفا انہا ہی قیل لہ ہات شاہدین انہا ہی فلانۃ ولو مقرۃ دو شاہدون نے گواہی دی دو شخصون کی شہادت پر فلانی
عورت بنت فلان فلانی قوم والی پر اور فرعین نے کہا کہ ہمکو اصلین نے خبر دی اسکی معرفت کی یعنی شاہد اصل اس عورت کو جانتے تھے اور مدعی ایک عورت کو
لایا جسکو شاہد فرع نہین پہچانتے کہ یہ عورت وہی ہو تو مدعی سے کہا جائیگا کہ تو دو شاہد لاکہ یہ عورت وہی فلانی عورت ہو اگرچہ عورت حاضرہ اقرار کرتی ہو کہ
مین وہی عورت ہون ہم صدر الشریعۃ نے کہا کہ اس مسئلہ سے غرض یہ ہو کہ یہ شرط نہین کہ فرع مشہود علیہ کو جانتے ہون اور یہ غرض نہین کہ یہ نسبت پوری ہو
اور گواہی مقبول ہو اسواسطے کہ شاہدین نے جبکہ اسکے دادا کا ذکر نہ کیا تو سکہ صغیرہ یا قبیلہ مخصوصہ کے طرف نسبت کرنا طرفین کے نزدیک ضرور ہو تاکہ
نسبت پوری ہو انتہی ملا خسرو نے درر مین کہا کہ مدعی سے اسواسطے گواہ طلب ہوے کہ تعریف بالنسبۃ ثابت ہوچکی دونون کی شہادت سے اور مدعی
دعوی کرتا ہو کہ نسبت مذکورہ عورت حاضرہ مین ثابت ہو مگر یہ احتمال ہو کہ شاید اس نے رجوع تا ہو غیر اسکی تو ضرور ہوا اسکا اثبات حاضرہ کے واسطے تو یہ گواہی
شہادت قاصرہ کے مانند ہو جو اور شاہدون سے پوری ہوتی ہو انتہی ومثلہ زر کتاب القاضی الی القاضی لانہ کالشہادۃ تنسب علی الشہادۃ
فلو جاء المدعی برجل لم یعرفاہ کلفہ لاثبات انہ ہو ولو مقرا للاحتمال التزویر اسواسطے کہ شاہدون نے اسکو کتاب حکمی ہو یعنے ایک قاضی کا خط دوسرے قاضی کو
اسواسطے کہ وہ مانند شہادت علی الشہادۃ کے ہو تو اگر مدعی لایا ایک مرد کہ جسکو سبب عدم ائتلاف کے شاہد نہین پہچانتے تو قاضی مکتوب الیہ مدعی کو

تکلیف دے اسباب کے اثبات کی کہ یہ مرد وہی مدعا علیہ ہے جو قاضی کاتب کی مراد ہے اگرچہ مرد حاضر اقرار کرتا ہو بسبب محتمل ہونے تزویر اور بناوٹ کے کذا فی البحر
ویلزم مدعی الاشتراک البیان کما بسطہ القاضی خان اور اشتراک مدعی کو بیان کرنا لازم ہے چنانچہ اسکو مشرح بیان کیا ہے قاضی خان نے ہم قاضی خان نے کہا
کہ جب قاضی نے دوسرے قاضی کو خط لکھا اور اسمین مدعا علیہ کا نام اور نسب علی وجہ الکمال لکھا تو مدعا علیہ نے کہا کہ فلان بن فلان فلانی نسبت والا نہین ہون
اور قاضی مکتوب الیہ اسکو نہین جانتا تو مدعی سے کہے کہ تو گواہون سے ثابت کر کہ یہ فلان بن فلان ہے پھر اگر مدعا علیہ کہے کہ مین فلان بن فلان ہون اور اس
محلہ یا اس قبیلہ خاصہ یا اس شہر مین میرے سوا ایک اور شخص ہے اس نام کا تو قاضی کہے کہ ثابت کر اگر وہ ثابت کرے تو خصومت اس سے مندفع ہوگی انتہی ملخصا کذا فی
الطحطاوی ولو قالا فیہا التمیمیۃ لم یجز حتی ینسباہا الی فخذہا کجدہا اور اگر شاہدین نے مسئلہ مذکورہ مین عورت مدعا علیہا کو تمیمیہ کہا تو جائز نہین یہان تک
کہ اسکو اسکے قبیلہ خاصہ کی طرف نسبت کرین چنانچہ اسکے دادا کی طرف ہم بنو تمیم مین بکثرت قبائل ہین لہذا اسکے معرفت حاصل نہین ہوتی جب تک قبیلہ خاصہ
کی طرف نسبت نہو ہدایہ مین فخذ بکسر خا کی تفسیر قبیلہ خاصہ کی ہے اور زیلعی نے جد اعلی کی ہے خلاصہ یہ ہے الحاصل اعتبار تو حصول معرفت کا ہے اور انقطاع اشتراک کا ایضاح
مین ہے کہ عجم یعنے غیر عرب مین ذکر پیشہ بمنزلہ قبیلہ خاصہ کے ہے اسواسطے کہ عجم مین انساب ضائع ہین انتہی زمخشری نے ذکر کیا کہ عرب کے چھ طبقات مین شعب بالفتح اور قبیلہ
اور عمارہ اور بطن اور فخذ ہے اور فصیلہ تو مضر اور ربیعہ اور حمیر اور مذحج شعب ہین اسواسطے کہ قبائل انسے منشعب ہوتے ہین اور کنانہ قبیلہ ہے اور قریش عمارہ ہے اور
قصی بطن ہے اور ہاشم فخذ ہے اور عباس فصیلہ کذا فی الطحطاوی ویکفی نسبتہا لزوجہا والمقصود الاعلام اور کفایت کرتی ہے عورت کی نسبت اسکے زوج کی طرف اور مقصود
اعلام ہے یعنے جس طرح سے کہ حاصل ہو دے اشہدہ علی شہادتہ ثم نہاہ عنہا لم یصح ای نہیہ فلمان یشہد علی ذلک در روا قرہ المصنف ہنا لکنہ قدم ترجیح
خلافہ عن الخلاصۃ اصل شاہد نے فرع کو شاہد کیا اپنی شہادت پر پھر اسکو منع کیا گواہی دینے سے تو صحیح نہین یعنی منع کرنا صحیح نہین تو فرع کو جائز ہے کہ اسپر گواہی دے کذا فی الدرر
اور ثابت رکھا ہے اسکو مصنف نے اپنی شرح مین یہان لیکن اسکے خلاف کی ترجیح پہلے ذکر کی ہے خلاصہ سے ہم چنانچہ شارح اسکو عنقریب ذکر کر چکا کافران شہدا علی
شہادۃ مسلمین لکافر علی کافر لم تقبل کذا شہادتہما علی القضاء لکافر علی کافر دو کافرون نے گواہی دی دو مسلمانون کی شہادت پر ایک کافر کے حق مین
دوسرے کافر پر تو مقبول نہین اسیطرح دو کافرون کی گواہی قاضی کے حکم پر ایک کافر کے حق مین دوسرے کافر پر مقبول نہین وتقبل شہادۃ رجل علی شہادۃ
رجل علی شہادۃ ابیہ وعلی قضاء ابیہ فی الصحیح درر خلافا للملتقط اور مقبول ہے گواہی ایک مرد کی اپنے باپ کی گواہی پر اور اپنے باپ کی قضا پر قول صحیح مین
کذا فی الدرر بخلاف ملتقط یعنے اسمین عدم قبول مذکور ہے من ظہر انہ شہد بزور بان اقر علی نفسہ ولم یدع سہوا ولا غلطا کما حررہ ابن کمال جس شاہد کا حال ظاہر
ہوا کہ اسنے جھوٹی گواہی دی اس طرح ظاہر ہوا کہ اسنے اپنی ذات پر جھوٹ گواہی دینے کا اقرار کیا اور سہو کا دعوے نہ کیا اور نہ غلط کا چنانچہ ابن کمال نے اسکی
تحریر کی ہے ہم یا شہادت زور کے ظہور کی یہ صورت ہے کہ شاہد نے قتل ہونے ایک مرد یا اسکی موت کی گواہی دی پھر وہ شخص زندہ موجود ہوا یا رویت ہلال کی گواہی دی
اور تیس دن گذر گئے اور آسمان پر کچھ ابر اور غبار کی علت نہین اور چاند نہ دکھلائی دیا اور مانند اسکے کذا فی الدر فقہا کے نزدیک شہادت زور عبارت ہے
شہادت باطلہ سے عمداً کذا فی الطحطاوی ولا یمکن اثباتہ بالبینۃ لانہ من باب النفی اور ممکن نہین شہادت زور کا اثبات گواہون سے اسواسطے کہ وہ من قبیل
نفی ہے ہم اسواسطے کہ گواہ یہ کہینگے کہ شاہد نے ناحق گواہی دی اور اسکی طرف التفات نہو گا کذا فی الطحطاوی عن الشلبی عزر بالتشہیر وعلیہ الفتوی سراجیہ جسکی
گواہی جھوٹ ظاہر ہو وہ تعزیر دیا جائے تشہیر سے اور اسی پر فتوی ہے کذا فی السراجیہ ہم تشہیر کا یہ طریقہ ہے کہ اگر شاہد شخص بازاری ہے تو قاضی اسکو بازار مین
بھیجے اور اگر بازاری نہین تو اسکی قوم کی طرف عصر کے بعد جبکہ خوب جمع ہوتے ہون بھیجے اور قاضی کا آدمی کہے کہ ہمنے اسکو شاہد زور پایا
تم اس سے بچو اور لوگون کو اس سے بچاؤ قاضی شریح ایسا ہی کرتے تھے لہذا امام اعظم نے اسی کو پسند کیا اور زاد ضربہ وحبسہ مجمع اور صاحبین
نے اسکا مارنا اور قید کرنا بھی زیادہ کہا کذا فی المجمع وفیہ یکفی تعدیل الفرع لاصلہ ہی ہے اور کہا ہے کہ یہی حق ہے واللہ اعلم وفی البحر وظاہر کلامہم

ان للقاضی ان یسخم وجہہ اذا راٰہ سیاسۃ اور بحرالرائق مین ہی اور ظاہر کلام فقہا یہ ہی کہ قاضی کو جائز ہی کہ جھوٹے گواہ کا منہ کالا کرے بطور سیاست کے اگر اسکو
مصلحت دیکھے وقیل ان رجع مصرًا ضرب اجماعا وان تائبا لم تعزر اجماعا اور بعضون نے کہا کہ اگر شاہد زور رجوع کرے مصر ہوکر تو باجماع امام اور صاحبین کے مارا جاوے
اور اگر توبہ کرکے رجوع کرے تو بالاتفاق اُسپر تعزیر نہین ہم اصرار کی یہ صورت ہی کہ شاہد کہے کہ مین نے یہ جھوٹی گواہی دی اور مین ایسی گواہی سے نہ پھرونگا
کذا فی الفتح وتفویض مدۃ توبتہ لرای القاضی علی الصحیح لو فاسقا ولو عدلا او مستورا لا تقبل شہادتہ ابدا اور شاہد زور کے توبہ کرنیکی مدت قاضی کی راے پر
مفوض ہی بقول صحیح اگر شاہد فاسق ہو اور اگر عادل ہو یا مستور الحال ہو تو اسکی گواہی کبھی مقبول نہین یعنے اسواسطے کہ اسکی توبہ معلوم نہین ہوسکتی کذا
فی الطحطاوی قلت وعن الثانی تقبل وبہ یفتی عینی وغیرہ مین کہتا ہون کہ ابو یوسف سے روایت ہی کہ شاہد زور عادل یا مستور الحال کی بعد توبہ کے
گواہی مقبول ہی اور اسی قول پر فتوے ہی کذا فی العینی وغیرہ ہم اسواسطے کہ گاہے اسکی توبہ ظاہر ہوسکتی ہی شہادت زور پر ندامت
اور تاسف کرنے سے واللہ اعلم کذا فی الطحطاوی

باب الرجوع عن الشہادۃ

باب الرجوع عن الشہادۃ

یہ باب ہی شہادت سے رجوع کرنے کا رجوع عن الشہادۃ یعنی گواہی دیکر پلٹنا اور پھر جانا اور اصطلاح فقہ مین عبارت ہی نفی کرنے اس چیز سے جسکو ثابت کرچکا کذا فی
الطحطاوی ہو ان یقول رجعت عما شہدت بہ ونحوہ رجوع عن الشہادۃ یہ ہی کہ شاہد کہے کہ مین پھرا اور پلٹا اس چیز سے جسکی مین نے گواہی دی اور مانند
اس کلام کے ہم چنانچہ یون کہنا کہ مین نے جھوٹی گواہی دی یا مین جھوٹ بولا اپنی گواہی مین کذا فی الطحطاوی یا مین مبطل تھا شہادت مین یعنی ناحق پر تھا اسمین کذا فی
الدرر فلو انکرہا لا یکون رجوعا اور اگر شاہد نے شہادت کا انکار کیا تو یہ انکار رجوع عن الشہادۃ نہین والرجوع شرطہ مجلس القاضی ولو غیر الاول لانہ فسخ او توبۃ
وہی بحسب الجنایۃ کما قال علیہ الصلوۃ والسلام السر بالسر والعلانیۃ بالعلانیۃ اور رجوع کی شرط قاضی کی مجلس ہی اگرچہ اول قاضی کے سوا دوسرے قاضی کے روبرو
رجوع کرے مجلس قاضی اسواسطے شرط ہی کہ رجوع عبارت ہی فسخ شہادت یا توبہ سے اور توبہ گناہ کے موافق ہوتی ہی چنانچہ رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ مخفی
گناہ کی مخفی توبہ ہی اور علانیہ گناہ کی علانیہ توبہ یعنے شہادت زور گناہ ہی مجلس قضا مین تو اسکی توبہ بھی مقید بمجلس قضا ہوگی فلو ادعی المشہود علیہ رجوعہما
عند غیرہ وبرہن او اراد یمینہما لا تقبل لفساد الدعوی تو اگر دعوے کیا مشہود علیہ نے شاہدین کے رجوع عن الشہادۃ کا غیر قاضی کے روبرو اور اسکو
بگواہی ثابت کیا یا در صورت عدم گواہ شاہدین سے قسم لینے کا ارادہ کیا تو مقبول نہین بسبب فاسد ہونے دعوی کے ہم یعنے بینہ اور یمین دعوی صحیح پر قائم
ہوتی ہین اور یہ دعوے کہ شاہدین نے غیر مجلس قاضی مین رجوع کیا باطل ہی لہذا نہ بینہ مقبول ہی نہ تحلیف شاہد کذا فی الدرر بخلاف ما لو ادعی وقوعہ عند قاض
وتضمینہ ایاہما الملتقی بخلاف اسکے اگر دعوی کیا واقع ہونے رجوع کا کسی قاضی کے پاس اور ضمان لینے قاضی کا شاہدین سے کذا فی الملتقی ہم یعنے اگر یہ دعوی
کیا کہ شاہدین نے فلانے قاضی کے پاس رجوع عن الشہادۃ کیا اور قاضی نے شاہدین سے ضمان مال لیا یعنے ضمان کا اُنپر حکم کیا اور اس دعوی پر گواہ قائم
کیے تو مقبول ہی بسبب صحیح ہونے دعوی کے کذا فی الدرر وبرہن انہما اقرا برجوعہما عند غیر القاضی قبل وجعل انشاء للحال ابن ملک یا مدعا علیہ گواہ لایا اسپر کہ
دونون شاہدون نے رجوع شہادت کا غیر قاضی کے روبرو اقرار کیا تو مقبول اور اقرار مذکور فی الحال کا انشا قرار دیا جائیگا کذا ذکرہ ابن الملک یعنے
گویا بالفعل رجوع واقع ہوا فان رجعا قبل الحکم بہا سقطت سو اگر شاہدین نے رجوع شہادت سے کیا اس سے پہلے کہ قاضی بموجب اس شہادت کے
حکم کرے تو شہادت ساقط الاعتبار ہی قاضی اسپر حکم نکرے ولا ضمان وعزروا ولو عن بعضہا لانہ فسق نفسہ جامع الفصولین اور قبل حکم شاہد پر ضمان
نہین اور اسکو تعزیر دیجاے اگرچہ شاہد بعض شہادت سے رجوع کرے اسواسطے کہ شاہد نے اپنی ذات کو منسوب بفسق کیا رجوع سے کذا فی جامع الفصولین
اور حالانکہ فاسق کی گواہی مقبول نہین کذا فی المنح ہم قبل حکم ضمان نہین بسبب عدم اتلاف کے اور تعزیر سے وہی تعزیر مراد ہی جو شاہد زور میں

مذکور ہوچکی یعنے تشہیر امام کے نزدیک اور ضرب اور حبس صاحبین کے نزدیک اور بعض شہادت سے رجوع جنانچہ زمین اور اسکی عمارت کی اور گھوڑی اور اسکے بچہ
گواہی دی پھر عمارت اور بچے مین رجوع کیا وبعدہ لم یفسخ الحکم مطلقا ترجمہ بالقضاء اور بعد قضا حکم فسخ نہوگا کسی طرح خواہ شاہد کا حال عدالت مین رجوع کے
وقت برابر ہو اس حال کے جو شہادت کے وقت تھا یا ادنے یا اعلے ہو کذا فی المنح بسبب راجح ہوجانے خبر اول کے قضا سے ہم اگر شارح توضیح کرتا لترجح الخبر الاول من اتصالہ
بالقضاء) تو بہتر ہوتا اسواسطے کہ ترجمہ کی ظاہر ضمیر حکم کی طرف راجع ہی اور وہ خلاف مقصود ہی حکم اسواسطے فسخ نہوگا کہ شاہدون کی خبر ثانی متناقض ہی خبر اول کے
تو حکم منقوض نہین ہوسکتا بسبب تناقض کے اور اسواسطے کہ خبر ثانی صدق پر دلالت کرنے مین خبر اول کے مانند ہی اور حالانکہ خبر اول مرجح ہے اور غالب ہوچکی اتصال قضا سے
بخلاف خبر ثانی کذا فی الطحطاوی بخلاف ظہور الشاہد عبدا او محدودا فی قذف فان القضاء یبطل ویرد ما اخذ وتلزم الدیۃ لو قصاصا ولا یضمن الشہود
لما مر ان الحاکم اذا اخطا فالغرم علی المقضی لہ شرح تکملہ بخلاف ظاہر ہونے شاہد کے غلام یا محدود فی القذف اسواسطے کہ قضا اس صورت مین باطل ہوجاتی ہی
اور مقضی لہ پھیر دے جو اسنے لیا اور ولی مقتول کے واسطے دیت لازم ہی اگر قصاص کا حکم ہوگیا ہو اور شہود مذکورین پر ضمان نہین اسواسطے کہ
مذکور ہوچکا کہ حاکم جب خطا کرے حکم مین تو تاوان مقضی لہ پر ہی کذا فی شرح التکملہ ہم صورت مذکورہ مین خطائے حاکم یہ ہی کہ اسنے حال شہود کا تفحص نہ کیا
تا معلوم ہوتا کہ وہ غلام ہین یا محدود فی القذف وضمنا ما اتلفاہ للمشہود علیہ لتسببہما تعدیا مع تعذر تضمین المباشر لانہ کالملجا الی القضاء اور شاہدین
راجعین تاوان دین مشہود علیہ کے اس مال کا جس مال کو انھون نے تلف کرایا اسواسطے کہ شاہدین تلف مال کے سبب واقع ہوئے تعدی کی راہ سے ساتھ متعذر
ہونے تضمین مباشر یعنے قاضی کے اسواسطے کہ قاضی بمنزلہ مضطر کے ہی حکم دینے مین ہم امام شافعی کے نزدیک شہود پر ضمان نہین جبکہ وہ رجوع کرین اسواسطے کہ شہود
سبب ہین تلف مال کے اور قاضی مباشر ہی اور سبب کا اعتبار نہین مباشر کے ہوتے اسکا جواب یہ ہی کہ شہود نے اپنی ذات پر سبب ضمان کا اقرار کیا یعنی شہادت
باطلہ سے اور قاضی مباشر پر تضمین متعذر ہی اسواسطے کہ قاضی حکم دینے مین مضطر ہی کیونکہ قاضی پر حکم دینا واجب ہی جبکہ شہود کی عدالت ظاہر ہو تا اینکہ اگر حکم نہ دے تو
گنہگار اور مستحق عزل اور لائق تعزیر ہو قبض المدعی المال او لا بہ یفتی بحر وبزازیہ وخلاصہ وخزانۃ المفتیین شاہدین ضمان دین مدعی نے مال کو قبض کیا یا نکیا ہو
اسی کا فتوی ہی کذا فی البحر والبزازیہ والخلاصۃ وخزانۃ المفتیین وقیدہ فی الوقایۃ والکنز والدرر والملتقی بما اذا قبض المال لعدم الاتلاف قبلہ اور مقید کیا ہی ضمان کو
وقایہ اور کنز اور درر اور ملتقی الابحر مین ساتھ اس قید کے کہ جب مدعی مال کو قبض کرے اسواسطے کہ قبل قبض کے اتلاف نہین وقیل ان المال عینا فکالاول وان دینا
فکالثانی واقرہ القہستانی اور بعضون نے کہا کہ اگر مال عین ہی یعنے غیر دین ہی تو اول قول کے مانند ہی یعنے قبض اور عدم قبض دونون صورتون مین ضمان ہی اور
اگر مال دین ہی تو قول ثانی کے مانند ہی یعنے بشرط قبض ضمان ہی اور اس قول مفصل کو ثابت رکھا ہی قہستانی نے ہم وجہ تفصیل مذکور یہ ہی کہ ضمان مقید بمماثلت
ہی سو عین مین تو مشہود علیہ کی ملک زائل ہوگئی قضا سے ولہذا مقضی علیہ کو اسمین تصرف جائز نہین اور مقضی لہ کو جائز ہی اور دین مین ملک اسکی زائل نہین ہوتی
جب تک مقضی لہ قبض نہ کرے تو اگر شاہد پر ضمان ہو قبض سے پہلے تو مماثلت متحقق نہو کذا فی الحلبی والعبرۃ فیہ لمن بقی من الشہود لا لمن رجع اور
ضمان مین اسکا اعتبار ہی جو شاہد کہ باقی رہا نہ اس شاہد کا جسنے شہادت سے رجوع کیا ہم یہ قاعدہ کلیہ ہی ضمان کے حساب کا فان رجع احدہما
ضمن النصف اور اگر شاہد پھر گیا شہادت سے تو نصف مال کا تاوان دے ہم اسواسطے کہ دو مردون کی شہادت مین ہر شاہد کی شہادت سے
نصف حجت قائم ہی تو جب ایک شاہد اپنی شہادت پر باقی رہا تو نصف مال مین حجت باقی رہی تو راجع پر اسکا ضمان واجب ہی جسمین حجت باقی نرہی وہ نصف
ہی کذا فی الدرر وان رجع احد ثلثۃ لم یضمن اور اگر تین شاہدون مین سے ایک شاہد راجع ہوا تو وہ ضمان نہ دیگا ہم اسواسطے کہ دو شاہد باقی ہین جنکی
شہادت سے کل حق باقی ہی وان رجع آخر ضمنا النصف اور اگر تین شاہدون مین دوسرا بھی پھر گیا تو دونون شاہدین راجعین نصف
مال کا ضمان دین ہم اسواسطے کہ شہادت پر وہ شخص باقی ہی جس سے نصف مال باقی ہی یعنے ایک شاہد وان رجعت امرأۃ من

رجل وامرأتین ضمنت الربع اور اگر ایک عورت پھر جائے ایک مرد اور دو عورتون سے تو وہ چوتھائی مال ضمان دے ہم اسواسطے کہ شہادت پر
اُسکے شخص باقی ہین یعنے تین چوتھائیان باقی ہین وان رجعتا فالنصف اور اگر ایک مرد اور دو عورتون سے دونون عورتین شہادت سے پھر گئین
تو دونون نصف مال ضمان دین ہم اسواسطے کہ وہ شخص شہادت پر قائم ہے جس سے نصف مال باقی ہے وان رجع ثمان نسوۃ من رجل وعشر نسوۃ
لم یضمن اور اگر آٹھ عورتین پھر گئین ایک مرد اور دس عورتون سے تو کوئی تاوان نہ دے ہم اسواسطے کہ اسقدر شاہد باقی ہین جنکی شہادت سے کل حق باقی ہے
کیونکہ نصاب شہادت دو مرد کا ایک مرد اور دو عورتین ہین فان رجعت اخری ضمن التسع ربعہ لبقاء ثلثۃ ارباع النصاب اور اگر ایک اور پھر گئی تو نو عورتین
چوتھائی مال کا ضمان دین بسبب باقی رہنے نصاب کی تین چوتھائیون کے ہم اسواسطے کہ نصف حق مرد سے باقی رہا اور ربع حق ایک باقی عورت سے قائم ہے کذا فی
الدرر تو نو عورتون کی رجوع سے تلف نہوا مگر ربع فان رجعوا فالغرم بالاسداس سو اگر ایک مرد اور دس عورتین سب مل کر شہادت سے پھر گئے تو امام کے نزدیک
تاوان شش حصون کے حساب سے ہو یعنے چھٹا حصہ مرد پر ہوا اور باقی عورتون پر ہم امام کی دلیل یہ ہے کہ دو عورتین بجائے ایک مرد کے ہین تو دس عورتین قائم مقام
پانچ مردون کے ہوئین تو ایسا ہوگا کہ گویا چھ مرد گواہی دیکر پھر گئے تو انپر ضمان بالاسداس ہوگا کذا فی الدرر یعنے ہر مرد پر چھٹا حصہ تاوان ہوگا وقالا علیہن النصف
کما لو رجعن فقط اور صاحبین نے کہا کہ دس عورتون پر نصف مال کا ضمان ہے چنانچہ اگر فقط دسون عورتین پھر جائین تو انپر نصف تاوان ہے ہم صاحبین کی
یہ دلیل ہے کہ عورتین اگرچہ بکثرت ہون مگر شہادت مین قائم مقام ایک مرد کے ہین ولہذا انکی گواہی بدون ملنے ایک مرد کے مقبول نہین اور ایک
مرد کی شہادت سے نصف مال ثابت تھا تو نصف باقی انکی شہادت سے کذا فی الدرر ولا یضمن راجع فی النکاح شہد بمہر المثل او دونہ اذ الاتلاف بعوض
کلا اتلاف اور ضمان نہین دینا شاہد راجع نکاح مین جسنے مہر مثل یا کمتر مہر مثل کی گواہی دی یعنی مہر مسمی کی گواہی دی جو بقدر مہر مثل ہے یا کمتر اسواسطے کہ اتلاف بمقابلہ عوض
بمنزلہ اتلاف کے ہے ہم شارح نے جو اقل مہر مثل کی قید زیادہ کی اسکی حاجت نہ تھی اسواسطے کہ ماتن خود اسکی تصریح کریگا صورت اسکی یہ ہے کہ مرد نے عورت پر دعوے کیا
نکاح کا اور اسپر گواہ قائم کیے اور عورت منکر نکاح ہے سو قاضی نے عورت پر نکاح کا حکم کیا شہادت سے پھر گواہ شہادت سے پھر گئے تو گواہ عورت کو ضمان کچھ نہ دینگے
خواہ مہر مسمے مہر مثل کے برابر ہو یا کمتر یا اقل کذا فی العالمگیریۃ عن الذخیرۃ وان زاد علیہ ضمنا ما لو ہی المدعیۃ وہو المنکر عزمی زادہ اور اگر مہر مسمے
زیادہ ہو مہر مثل پر تو دونون شاہد بقدر زیادت تاوان دین زوج کو اگر عورت مدعی نکاح ہوا اور مرد منکر ہو کذا ذکرہ عزمی زادہ ہم صورت اسکی یہ ہے کہ عورت نے
اپنے نکاح کا مرد پر دعوے کیا اور قاضی نے نکاح کا حکم دیا پھر شاہدین نے شہادت سے رجوع کیا تو اگر اس عورت کا مہر مثل مہر مسمے کے برابر ہو یا زیادہ تو شاہدون پر
کچھ ضمان نہین اور اگر اسکا مہر مثل کمتر ہو مسمے سے یعنے مہر مسمے اکثر ہو مہر مثل سے تو زوج کو زیادت کا ضمان دین کذا فی العالمگیریۃ عن الکافی اسواسطے کہ
شاہدون نے زوج پر قدر زیادت کو تلف کیا بلا عوض کذا فی الدرر خلاصہ یہ ہے کہ راجع فی النکاح پر مطلقاً ضمان نہین خواہ مرد مدعی ہو یا عورت مگر جبکہ عورت
مدعی ہو اور مہر مسمے مہر مثل سے زیادہ ہو تب بقدر زیادت ضمان ہے ولو شہدا باصل النکاح باقل من مہر مثلہا فلا ضمان علی المعتمد لتعذر المماثلۃ بین البضع
والمال اور اگر شاہدین نے اصل نکاح کی گواہی دی عورت کے کمتر مہر مثل سے تو شاہدون پر ضمان نہین بقول معتمد بسبب متعذر ہونے مماثلت کے درمیان
شرمگاہ عورت کے اور مال کے ہم یہ ترکیب موہم ہے کہ مسئلہ اولی مین شہادت اصل نکاح پر نہ تھی حالانکہ وہان بھی اصل نکاح پر شہادت ہے تو اگر ماتن یون
لکھتا ولو باقل فلا ضمان تو مختصر اور واضح تر ہوتا اور یہ جو شارح نے کہا کہ مماثلت متعذر ہے یعنے منافع شرمگاہ کے عند الاتلاف غیر متقوم ہین تو تقوم سے ضمان
نہین ہو سکتا اسواسطے کہ تضمین مماثلت کی مستدعی ہے اور حالانکہ شرمگاہ اور مال مین مماثلت نہین اور زوج کے تملک سے جو ضمان اور تقوم ہوتا ہے تو اسکے
اظہار تعظیم کے واسطے کیونکہ اس سے نسل حاصل ہوتی ہے کذا فی الطحطاوی بخلاف ما لو شہدا علیہا بقبض المہر او بعضہ ثم رجعا ضمنا لہا لاتلافہما المہر
بخلافہ اس صورت کے کہ اگر شاہدین نے عورت پر قبض مہر یا بعض مہر کی گواہی دی پھر دونون شہادت سے پھر گئے تو عورت کو دونون شاہد ضمان دینگے

بسبب تلف کردینے مہر کے وضمنا فی البیع والشراء ما نقص عن قیمۃ المبیع لو شہادۃ علی البائع او زاد لو شہادۃ علی المشتری لاتلاف بلاعوض اور دو نون شاہد ضامن
دین بیع اور شراء مین اسقدر کا جو کم ہوگیا ہو قیمت سے اگر گواہی بائع پر ہو یا ضامن دین اسقدر کا جو زیادہ ہوگیا ہو قیمت سے اگر شہادت مشتری پر ہو بسبب
اتلاف بلاعوض کے ہم اتلاف بلاعوض نقصان اور زیادت دونون کی تعلیل ہے پہلی صورت یہ ہے کہ مشتری نے کہا کہ مین نے اس غلام کو اس مرد سے بعوض ہزار درم کے لیا
اور دو دو ہزار کا ہے سو شاہدون نے گواہی دی پھر گواہی سے پھر گئے تو شاہد بائع کو ہزار درم ضامن دین کیونکہ انھون نے اسکے ہزار درم تلف کیے اور دوسری
صورت یہ ہے کہ بائع نے دعوی کیا کہ مشتری نے یہ غلام ہزار درم کو لیا اور اسپر ثمن ہے اور مشتری اسکا منکر ہے سو شاہدون نے گواہی دی کہ مشتری نے غلام
دو ہزار کو لیا اور حالانکہ وہ ایکہزار کا ہے پھر شہادت سے پھر گئے تو شاہد مشتری کو ایک ہزار کا ضمان دین اسواسطے کہ انھون نے مشتری کے ایکہزار تلف کیے انتہی
الدرر ولو شہدا بالبیع و بنقد الثمن فلو فی شہادۃ واحدۃ ضمنا القیمۃ ولو فی شہادتین ضمنا الثمن عینی اور اگر دو شاہدون نے بیع اور نقد ثمن کی گواہی دی یعنی بیع اور
نقد ثمن کے ساتھ ایک ہی بار گواہی دی تو شاہد قیمت کا ضمان دین اور اگر دو شہادت مین گواہی دی یعنے ایکبار بیع کی گواہی دی اور دوسرے بار ثمن کی تو
ثمن کا ضمان دین کذا فی العینی ہم اسواسطے کہ پہلی صورت مین مقتضی بیع ہے ثمن اور دوسری صورت مین ثمن بالاستقلال مقتضی ہے کذا فی الطحطاوی ملخصا ولو شہدا
علی البائع بالبیع بالفین الی سنۃ وقیمتہ الف فان شاء ضمن الشہود قیمتہ حالا وان شاء اخذ المشتری الی سنۃ ولا یا یام اختار بری
الآخر وتمامہ فی خزانۃ المفتیین اور اگر شاہدون نے بائع پر دو ہزار کی بیع کی گواہی دی بمدت یکسال اور حالانکہ قیمت بیع کی ایکہزار ہو تو بائع چاہے شہود سے
فی الحال کی قیمت کا تاوان لے یعنے ہزار کا اور چاہے مشتری دو ہزار کا مواخذہ کرے تا یکسال اور دونون مین سے جسکو بائع اختیار کریگا دوسرا شخص بری الذمہ
ہوگا بائع کے مواخذہ سے اور پورا بیان اسکا خزانۃ المفتیین مین ہے ہم صورت اسکی یہ ہے کہ مشتری نے دعوی کیا کہ مین نے اسکا غلام دو ہزار کو لیا بمدت یکسال
اور قیمت اسکی ایک ہزار ہے سو شاہدون نے بھی گواہی دی پھر شہادت سے پھر گئے تو بائع کو اختیار ہے دونون سے ایک کے مواخذہ کا اگر شہود سے فی الحال ہزار درم لے تو
شہود مشتری سے مدت آنے کے وقت دو ہزار پھیر لین انکو ایکہزار حلال ہین اور دوسرے ہزار کو وہ خیرات کردین سو اگر مشتری نے غلام مین کوئی عیب پایا ہے اور اسکو پھیر دیا
سو اگر اسنے بغیر حکم قاضی کے پھیر دیا تو یہ بمنزلہ بیع جدید کے ہے تو بائع سے وہ دو ہزار درم لے اور اسکا کچھ مواخذہ نہین شاہدین پر اور اگر قاضی کے حکم سے بائع کو غلام پھیر دیا
تو جو دو ہزار اسنے شاہدین کو دیے ہین انکو پھیر لے اور جو شاہدون نے ایک ہزار درم بائع کو دیے تھے وہ بائع سے پھیر لین کذا فی العالمگیریۃ عن المضمرات ترجمہ الطحطاوی
چونکہ بیان عالمگیری کا واضح تر تھا خزانۃ المفتیین سے لہذا مترجم نے اسی کا ترجمہ مناسب تر دیکھا وفی الطلاق قبل وطی وخلوۃ ضمنا نصف المال المسمی
او المتعۃ ان لم یسم اور طلاق قبل وطی اور قبل خلوت کے شہادت اور رجوع مین شاہدین نصف مال مسمے کا تاوان دین یا متعہ کا ضمان دین اگر مہر مسمے نہو
ولو شہدا انہ طلقہا ثلثا وآخران انہ طلقہا واحدۃ قبل الدخول ثم رجعوا فضمان نصف المہر علی شہود الثلث لا غیر لحرمتہ غلیظۃ اور اگر شاہدین نے گواہی دی
کہ زوج نے اپنی زوجہ کو تین بار طلاق قبل دخول کے دی اور دو اور شاہدون نے گواہی دی کہ اسنے اسکو ایکبار طلاق دی قبل دخول کے پھر چارون شاہد
شہادت سے پلٹ گئے تو نصف مہر کا ضمان تین طلاق کے گواہون پر ہے انکے غیر پر نہین بسبب حرمت غلیظہ کے ہم اسواسطے کہ طلقہ واحدہ کی شہادت پر قاضی حکم نہ دیگا کیونکہ وہ
مفید نہین اسواسطے کہ طلقہ واحدہ کا حکم حرمت خفیفہ ہے اور طلقات ثلثہ کا حکم حرمت غلیظہ ہے کذا فی المنح حلبی سے کہا قبل دخول دونون گواہیون کی قید ہے ولو العبارۃ
وطی او خلوۃ فلا ضمان اور اگر گواہی دی طلاق بعد وطی یا بعد خلوت کی پھر شہادت سے پھر گئے تو شہادت پر ضمان نہین ہم یہ مسئلہ قدوری اور ہدایہ مین ہے اور
تحفہ مین ہے کہ ضمان نہین مگر اتنا جو مہر مثل پر زیادہ ہے کذا فی الفتح ولو شہدا بالطلاق قبل الدخول وآخران بالدخول ثم رجعوا ضمن شہود الدخول ثلثۃ ارباع المہر وشہود الطلاق
ربعہ اختیار اور اگر دو گواہون نے طلاق قبل دخول کی گواہی دی اور دو شاہدون نے دخول کی گواہی دی پھر چارون شاہد گواہی سے پھر گئے تو دخول
کے گواہ مہر کے تین ربع یعنے پون مہر کا ضمان دین اور طلاق کے شہود چوتھائی مہر کا ضمان دین کذا فی الاختیار ولو شہدا بالعتق فرجعا ضمنا القیمۃ

المولاۃ وسلطنقا ولو بعتبر بن لانہ ضمان اتلاف اور اگر شاہدین نے غلام کے آزاد کرنے کی گواہی دی پھر دونون گواہی سے پھر گئے تو غلام کے مولی کو اسکی قیمت کا ضمان دین مطلقا اگرچہ شاہدین مفلس ہون اسواسطے کہ وہ اتلاف کا تاوان ہے والولاء للمعتق لعدم تحویل العتق الیہما بالضمان فلا یتحول الولاء ہدایہ اور ولاء یعنے حق آزاد کرنے کا مالک آزاد کرنیوالے کے واسطے ہی بسبب نہ پھر جانے عتق کے ضمان دینے سے شاہدون کی طرف تو حق ولاء انکی طرف منتقل نہوگا کذا فی الہدایہ وفی التدبیر ضمنا مانقصہ وہو ثلث قیمتہ اور تدبیر مین شاہدین ضمان دین اسقدر کا جسکو تدبیر نے کم کر دیا یعنی اسکی تہائی قیمت ہم یعنے شاہدون نے گواہی دی کہ مولی نے اپنے غلام کو مدبر کیا سو قاضی نے اسکے مدبر ہونے کا حکم دیا پھر شاہد گواہی سے پھر گئے تو شاہد اسکے مولی کو تہائی قیمت کا ضمان دین اسواسطے کہ مدبر غلام کی تہائی قیمت کم ہو جاتی ہے فان مات المولی عتق من الثلث ولزمہما بقیۃ قیمتہ وتمامہ فی البحر اور اگر مولی مرگیا تو آزاد ہوگا مدبر اسکی ثلث متروکہ سے اور شاہدین کو اسکی بقیہ قیمت لازم ہوگی اور پورا بیان اسکا بحرالرائق مین ہے ہم یعنے اگر مولی مرگیا اور غلام ثلث متروکہ سے نکل سکتا ہے تو وہ آزاد ہو جائیگا اور قیمت مدبر کا ضمان لازم ہوگا شاہدون پر وارثون کے واسطے کذا فی البحر وفی الکتابۃ یضمنان قیمتہ کلہا وان شاء اتبع المکاتب اور کتابت مین شاہد ضمان دین اسکی پوری قیمت اور اگر مولے چاہے تو مکاتب کے پیچھے پڑے یعنے بدل کتابت کا تقاضا کرے ہم یعنے شاہدون نے گواہی دی کہ مولے نے اپنے غلام کو ہزار درم پر مکاتب کیا مدت ایک سال اور قیمت غلام کی پانسو ہین اور قاضی کی کتابت کا حکم کیا پھر شاہدون نے شہادت سے رجوع کیا تو قاضی مولی کو اختیار دے سو اگر وہ تضمین شاہدین اختیار نہ کرے تو اسکو مکاتب سے بدل کتابت لینے کا اختیار نہ رہیگا ہے اور مکاتب ہزار درم کتابت کے شاہدین کو دیگا اور اگر مولی اتباع مکاتب اختیار کرے تو شاہدون سے ضمان نہ لیگا ہے کذا فی العالمگیریہ عن المحیط مختصرا والعتق حتی یودی علیہ الیہما وتصدقا بالفضل اور مکاتب آزاد ہوگا یہانتک کہ شاہدون کو ادا کرے جو اسپر بدل کتابت ہے اور شاہدین خیرات کرین زائد از قیمت کو یعنی اگر بدل کتابت جو شاہدون نے مکاتب سے لیا ہی اکثر ہو اس قیمت سے جسکا وہ ضمان دے چکے ہین سو اس زائد کو خیرات کرین چنانچہ صورت مذکورہ مین پانسو انکو حلال طیب ہین اور پانسو کو خیرات کرین یہ مذہب ہے طرفین کا والولاء للمولاۃ ولو عجز عاد للمولاۃ وردّ قیمتہ علی الشہود اور ولاء مکاتبت کی اسکے مولی کے واسطے ہے اور اگر مکاتب عاجز ہوگیا ادا ے کتابت سے بعد ضمان دینے شاہدونکے تو پھر آویگا اپنے مولی کی طرف اور مولی اسکی قیمت جو شاہدون سے لے چکا ہے وہ شاہدون کو پھیر دے وفی الاستیلاد ضمنان نقصان قیمتہا بان تقوم ام ولد لو جاز بیعہا فضمنان منہا اور استیلاد مین شاہدین ضمان دین ام ولد کی نقصان قیمت کا اس طرح پر کہ قیمت ٹھرائی جائے خالص لونڈی کی اور ام ولد کی اگر اسکی بیع جائز ہوئی تو ضمان دین شاہد اسقدر کا جو دونون قیمتون کے مابین ہے ہم صورت استیلاد یہ ہے کہ شاہدون نے گواہی دی کہ مولی نے اقرار کیا کہ میری لونڈی میری ام ولد ہے اور مولی منکر ہے سو قاضی نے اسکے ام ولد ہونے کا حکم دیا پھر شاہد گواہی سے پھر گئے تو اگر لونڈی کے ساتھ لڑکا نہوا اور مولی زندہ ہو تو نقصان قیمت ضمان دین کذا فی الطحطاوی عن العینی وہکذا فی العالمگیریہ عن المحیط نقصان قیمت کی مثال مثلا خالص لونڈی کی قیمت تین سو درم ہی اور ام ولد کی در صورت جواز بیع دو سو قیمت ہی تو شاہدون پر سو درم کا ضمان لازم ہوگا فان مات المولی عتقت وضمنا بقیتہا للورثۃ وتمامہ فی العینی اور اگر مولے مرگیا تو ام ولد آزاد ہوگی اور شاہد وارثون کا ضمان دین اسکی باقی قیمت کا یعنے خالص لونڈی کی بقیہ قیمت کا اور پورا بیان اسکا عینی مین ہے وفی القصاص الدیۃ فی العینی فی مال الشاہدین وورثاہ اور قصاص مین دیت ہے شاہدین کے مال مین اور شاہدین شہود علیہ کے وارث ہونگے ہم یعنے شاہدین نے گواہی دی کہ مثلا خالد نے محمود کو عمدا قتل کیا سو قاضی نے اسکے قتل کا حکم دیا ہو سو خالد مقتول ہوا پھر شاہد گواہی سے پھر گئے تو شاہدون پر دیت لازم ہوگی بحرالرائق مین سراج سے منقول ہے کہ شاہدون کے مال سے تین سال مین دیت لیجائیگی اور شاہدون پر کفارہ نہین اور میراث سے وہ محروم نہین یعنے اگر شاہدین خالد شہود علیہ کے بیٹے ہون تو دونون اسکے وارث ہونگے کذا فی الطحطاوی ولم یقتصا لعدم المباشرۃ اور شاہدین سے قصاص نہ لیا جائیگا بسبب عدم مباشرت کے یعنی شاہدون نے اپنے ہاتھ سے اسکو قتل نہین کیا جو قصاص آئے اتا ولو شہدا بالعفو لم یضمنا لان القصاص لیس بمال اختیار او اگر شاہدین نے قصاص معاف کر دینے کی گواہی دی تو انپر ضمان

نہوگا اسواسطے کہ نقصان مال نہین ہوا پر ضمان لازم ہونا کذا فی الاختیار وضمن شہود الفرع برجوعہم لاضافۃ التلف الیہم اور ضمان لازم ہوگا شہود فرع پر بسبب
انکے رجوع کے بسبب مضاف ہونے تلف کے انکی طرف ہم اسواسطے کہ مجلس قاضی مین شہادت فروع سے صادر ہوئی نہ اصول سے اور قاضی کا حکم تعیین کی شہادت پر
مبنی ہوا کذا فی الطحطاوی لا شہود الاصل بقولہم لم نشہد الفروع علی شہادتنا او اشہدناہم وغلطنا نہ ضمان دین شہود اصل پر اس قول سے بعد قضا کے
کہ ہمنے شہود فروع کو اپنی شہادت پر شاہد نہین کیا یا اس قول سے کہ ہمنے انکو شاہد کیا اور ہمنے غلط کہا ہم بعد قضا کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر قبل قضا انکار
اشہاد اصول کرینگے تو حکم نہوگا اسواسطے کہ انھون نے تحمیل شہادت کا انکار کیا اور حالانکہ وہ ضرور ہے کذا فی الدرر وکذا لو قالوا رجعنا عنہ لعدم اتلافہم
ولا الفروع لعدم رجوعہم اور اسیطرح اگر اصول کہین کہ ہمنے شہادت سے رجوع کیا تو انپر ضمان نہوگا بسبب عدم اتلاف کے اصول کی جانب سے اور نہ فروع پر
ضمان ہوگا بسبب عدم رجوع فروع ولا اعتبار بقول الفروع بعد الحکم کذب الاصول او غلطوا فلا ضمان اور اعتبار نہین فروع کے اس قول کا بعد حکم کے
کہ اصول جھوٹ بولے یا انھون نے غلط کہا تو فروع پر ضمان نہین اسواسطے کہ جو حکم قاضی کا ہوگیا وہ نہین ٹوٹتا انکے قول سے اور فروع اپنی گواہی سے بھی نہین
پھرے بلکہ انھون نے غیر پر رجوع کی گواہی دی کذا فی الطحطاوی ولو رجع الکل ضمن الفروع فقط اور اگر اصول اور فروع سب گواہی سے پھرے
تو فقط فروع ضمان دینگے ہم یہ قول ہے شیخین کا اسواسطے کہ سبب اتلاف وہ شہادت ہے جو مجلس قضا مین قائم ہوئی سو وہ فروع سے پائی گئی اور محمدؒ کے نزدیک
شہود علیہ مختار ہے چاہے اصول سے ضمان لے چاہے فروع سے اسواسطے کہ قضا فروع کی شہادت سے واقع ہوئی اس راہ سے کہ قاضی نے تعیین کی شہادت
معائنہ کی اور اصول کی شہادت سے واقع ہوئی اسواسطے کہ فروع نائب ہین اصول کے نقل شہادت مین انکے امر سے کذا فی الدرر وضمن المزکون ولو الدیۃ بالرجوع
عن التزکیۃ مع علمہم بکونہم عبیدا خلافا لہما اور ضمان دین مزکی یعنی شہود کی عدالت ظاہر کرنے والے اگرچہ ضمان دیت کا ہو بسبب پھر جانے کے تعدیل سے باوجود انکی
دانست کے کہ شہود غلام ہین بخلاف صاحبینؒ کے ہم امامؒ کی یہ دلیل ہے کہ حکم مضاف ہے شاہد کے طرف اور شہادت حجت نہین ہوتی مگر عدالت سے اور عدالت
ثابت ہوتی ہے تزکیہ سے تو تزکیہ حکم کی علت کا علت ہوا اور صاحبینؒ کی یہ دلیل ہے کہ مزکیون نے تو خوبی شہود کی بیان کی پھر اس سے پھر گئے یعنی اس سے ضمان لازم
نہین آتا کذا فی الدرر ضمان دیت کی یہ صورت ہے کہ مزکیون نے شہود زنا کا تزکیہ کیا سو زانی سنگسار ہوا پھر ثابت ہوا کہ شہود غلام یا محبوس ہین اور مزکیون نے
تزکیہ سے رجوع کیا تو ضمان مزکیون پر ہوگا اور اگر تزکیہ سے رجوع کرین اور یہ زعم کرین کہ وہ آزاد ہین تو انپر ضمان نہین اور نہ شہود کذا فی الطحطاوی اما مع الخطاء فلا اجماعا بحر اور
خطا کے ساتھ تو مزکیون پر ضمان نہین باتفاق امام اور صاحبینؒ کے ہم خطا کی یہ صورت ہے کہ مزکی کہے کہ مین نے خطا کی تزکیہ شہود مین کذا فی الطحطاوی وضمن شہود التعلیق
قیمۃ القن ونصف المہر قبل الدخول اور ضمان دین شہود تعلیق کی قیمت غلام اور نصف مہر کی قبل دخول زوج ہم صورت اسکی یہ ہے کہ شاہدین نے گواہی دی کہ مولی نے
اپنے غلام سے کہا کہ اگر تو گھر مین داخل ہوگا تو آزاد ہے یا زوج نے اپنی زوجہ سے کہا کہ اگر تو گھر مین داخل ہوگی تو تو مطلقہ ہے اور حالانکہ عورت سے قربت نہین ہوئی پھر اور
دو شاہدون نے وجود شرط یعنے دخول دار کی گواہی دی پھر فریقین نے بعد حکم قاضی شہادت سے رجوع کیا تو ضمان شہود یمین پر ہوگا نہ شہود شرط پر کیونکہ شہود یمین شہود علت
حکم ہین اسواسطے کہ تلف حاصل نہین ہوا مگر اعتاق اور تطلیق سے اور یمین کے شاہدون نے یہ کلمہ ثابت کیا اور تعلیق بالشرط مانع تھی تو شرط پائی جانے کے نزدیک تلف مضاف ہوا
اپنی علت کی طرف بسبب زائل ہونے مانع کے کذا فی الدرر اور بعد دخول اگر رجوع ہوگا تو شہود تعلیق پر ضمان لازم نہوگا بسبب استیفاء منافع نکاح کذا فی الطحطاوی لا شہود
الاحصان لانہ شرط بخلاف التزکیۃ لانہا علۃ نہ ضمان لازم ہوگا شہود احصان کو اسواسطے کہ احصان شرط ہے بخلاف تزکیہ کہ وہ علت ہے ہم صورت اسکی یہ ہے کہ
چار گواہون نے زنا کی گواہی دی اور دو گواہون نے کہا کہ زانی محصن ہے پھر سب گواہ شہادت سے پھر گئے تو ضمان شہود زنا پر ہوگا کیونکہ زنا علت ہے اور شہود احصان پر
ضمان نہوگا کیونکہ احصان علامت ہے شرط حقیقی نہین بہتر یہ تھا کہ شارح کہتا کہ تزکیہ علۃ العلۃ ہے کیونکہ علت تو شہادت ہے کذا فی الطحطاوی والشرط
اور نہ ضمان لازم ہوگا شہود شرط پر یعنے وجود شرط کے شہود پر چنانچہ اسکا بیان شہود تعیین مین ہوچکا ولو وحدہم علی الصحیح علیہ اگرچہ فقط

شہود شرط کی شہادت سے پھر جائین بالرجوع شہود تعلیق تو بھی بالقول صحیح انپر ضمان نہین کذا فی العینی و شمس الائمہ نے کہا کہ مذہب صحیح یہ ہی کہ شہود شرط کسی حال مین ضمان نہ دین چنانچہ زیادات مین منصوص ہی کذا فی فتح القدیر قال و ضمن شاہد الایقاع لا التفویض لانہ علۃ والتفویض سبب عینی نے کہا اور ضمان دے شاہد ایقاع کا نہ تفویض کا اسواسطے کہ ایقاع علت ہی اور تفویض سبب ہم بحر الرائق مین ہی شاہدین نے گواہی دی کہ زوج نے اپنی عورت سے کہا کہ تو طلاق دی گئی اپنی ذات کو اور دو اور گواہون نے کہا کہ عورت نے اپنی ذات کو طلاق دی اور یہ ماجرا قبل دخول تھا پھر سب شاہد گواہی سے پھر گئے تو ضمان شہود طلاق پر ہوگا انتہی اب شرط اور علت اور سبب اور علامت مین فرق دریافت کرنا چاہیے اہل اصول کے نزدیک شرط وہ ہی جو وجود کی موقوف علیہ ہو اور حکم مین نہ موثر ہو نہ اسکی طرف مفضی ہو اور علت وہ ہی جو حکم مین موثر ہو اور سبب وہ ہی جو حکم کی طرف مفضی ہو بلا تاثیر اور علامت وہ ہی جو حکم پر دلالت کرے اور وجود کی موقوف علیہ نہو کذا فی الطحطاوی واللہ اعلم و استغفر اللہ الکریم

کتاب الوکالۃ

یہ کتاب ہی وکالت کے احکام مین ہم وکالت بفتح و کسر واو لغت مین اسم ہی توکیل سے اور توکیل یہ ہی کہ تو اپنا کام وکیل کو سپرد کرے اپر اعتماد کرکے اپنی آسایش یا عاجزی کی جہت سے اور وکیل وہ شخص ہی جو قائم بامر تفویض الیہ ہو تو وہ فعیل ہی بمعنی مفعول یعنی جسکی طرف امر موکول ہو کذا فی فتح القدیر بحر الرائق مین ہی کہ وکیل بمعنی فاعل بھی ہوتا ہی جیسکہ بمعنی حافظ ہو چنانچہ اس آیت مین (حسبنا اللہ ونعم الوکیل) طحطاوی نے کہا اور یہ بھی صحیح ہی کہ آیت مین وکیل بمعنی مفوض الیہ ہو مناسبتہ ان کلا من الشاہد والوکیل ساع فی تحصیل مراد غیرہ مناسبت کتاب الوکالۃ کی کتاب الشہادۃ سے یہ مراد ہی کہ شاہد اور وکیل ہر ایک کوشش کرنے والا ہی اپنے غیر کی تحصیل مراد مین یعنی شاہد مدعی کی مراد اور وکیل موکل کی مراد مین ساعی ہی التوکیل صحیح بالکتاب والسنۃ قال اللہ تعالیٰ (فابعثوا احدکم بورقکم) غیر کو اپنا وکیل کرنا صحیح ہی قرآن اور حدیث سے حق تعالیٰ نے فرمایا اصحاب کہف کی حکایت مین سو بھیجو ایک شخص کو اپنے درہم لیکر ہم وجہ استدلال یہ ہی کہ یہ بھیجنا بطریق توکیل تھا اور شرائع سابقہ ہمارے واسطے حجت ہین جبکہ اللہ اور اسکا رسول بیان کرے بلا انکار اور اسکا نسخ ظاہر نہو کذا فی منح و وکل علیہ الصلوۃ والسلام حکیم بن حزام لشراء اضحیۃ اور رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے حکیم بن حزام کو وکیل کیا قربانی کی خرید مین ہم ابو داؤد نے اس سند سے روایت کی جسمین ایک راوی مجہول ہی کہ رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے حکیم بن حزام کو ایک دینار دیکر بھیجا کہ آپ کے واسطے قربانی خرید کرے سو حکیم نے بعوض ایک دینار کے قربانی خرید کی اور اسکو بعوض دو دیناروں کے بیچا پھر ایک دینار سے دوسری قربانی خرید کی اور ایک دینار اور قربانی رسول علیہ الصلوۃ والسلام کے پاس لائے تو رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے دینار کو تصدق کیا اور انکی تجارت کے واسطے برکت کی دعا کی اور مانند اسکے ترمذی مین ہی بالجملہ توکیل نبوی اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہی کذا فی فتح القدیر وعلیہ الاجماع اور اسکی صحت پر اجماع اور اتفاق ہی وہو خاص وعام کانت وکیلے فی کل شی عم الکل حتی الطلاق قال الشہید وبہ یفتی وخصہ ابو اللیث رح بغیر طلاق وعتاق ووقف واعتمدہ فی الاشباہ وخصہ قاضی خان بالمعاوضات فلا یلی العتق والتبرعات وہو المذہب کما فی تنویر البصائر وزواہر الجواہر وسیجی ان بیعتہ واعتمدہ فی الملتقط فقال واما الہبات والعتاق فلا یکون وکیلا عند ابی حنیفۃ رح خلافا لمحمد رح اور توکیل خاص ہی اور عام ہی چنانچہ موکل کا یہ قول کہ تو میرا وکیل ہی ہر چیز مین یہ توکیل عام اور شامل ہی سب تصرفات کو یہان تک کہ طلاق کو بھی شہید نے کہا اور اسی عموم کا فتوے ہی اور فقیہ ابو اللیث نے اسکو بغیر طلاق اور عتاق اور وقف کے مخصوص کیا ہی اور اسی پر اعتماد کیا ہی اشباہ مین اور قول مذکور کو قاضی خان نے معاوضات کے ساتھ مخصوص کیا ہی تو عتق اور تبرعات مین وکیل تصرف نہ کرسکیگا اور یہی مذہب قوی ہی چنانچہ تنویر البصائر و زواہر الجواہر مین ہی اور آگے آویگا اسی قول کا فتوے ہی اور اسی پر ملتقط مین اعتماد کیا ہی سو کہا کہ ہبات اور عتاق مین تو وہ شخص وکیل نہو گا ابو حنیفہ رح کے نزدیک بخلاف محمد رح توکیل عام کی یہ بھی مثال ہی کہ جو کچھ تو کرے وہ جائز ہی اور تیرا امر جائز ہی ہر چیز مین اور توکیل خاص کی مثال یہ ہی کہ تو میرا وکیل ہی اس گھر کی خرید مین مثلا کذا فی الطحطاوی وفی الاشر بنالیۃ ولو لم یکن للموکل صناعۃ معروفۃ فالوکالۃ باطلۃ اور شرنبلالیہ مین ہی کہ اگر موکل کا کوئی پیشہ مشہور نہو

تو وکالت باطل ہے مثلاً یہ قول کہ مین نے تجکو وکیل کیا اپنے جمیع امور مین اور قائم کیا تجکو بجاے اپنی ذات کے توکیل عام نہین ہی تو اگر موکل کا کوئی پیشہ معینہ ہو چنانچہ
تجارت مثلاً تو وہ تجارت کا وکیل ہوگا اور اگر اسکا کوئی پیشہ مقرری نہین اور معاملات اسکے مختلف ہین تو وکالت باطل ہی کذا فی فتح القدیر وہو اقامۃ
الغیر مقام نفسہ ترفہا او عجزا فی تصرف جائز معلوم اور اصطلاح شرع مین توکیل قائم کرنا ہی غیر شخص کو اپنی ذات کے مقام پر آسایش یا عاجزی کی جہت سے
اس تصرف مین جو جائز اور معلوم ہے اور جائز کی قید سے یہ خارج ہوگیا کہ صغیر غیر شخص کو اپنی زوجہ کی طلاق یا اپنے غلام کے عتق یا اپنے مال کے
ہبہ کرنے مین وکیل کرے اور معلوم کی قید سے تصرف مجہول کی توکیل خارج ہوگئی اگر کوئی کہے کہ توکیل عام جائز ہی جسمین تصرف معلوم نہین اسکا جواب یہ ہی کہ توکیل عام
فی الجملہ معلوم ہی تو اگر اصلاً معلوم نہو چنانچہ وہ شخص جسکے معاملات بکثرت ہین تو توکیل باطل ہی کذا فی الطحطاوی فلو جہل ثبت الادنی وہو الحفظ تو اگر تصرف مجہول ہو
تو ادنی ثابت ہوگا اور وہ نگہبانی ہی مثلاً تصرف مجہول چنانچہ موکل نے وکیل سے کہا کہ مین نے تجکو وکیل کیا اپنے مال کا کذا فی النہر فتح القدیر مین ہی کہ اگر تصرف معلوم نہو تو
ادنے تصرفات وکیل ثابت ہوگا وہ فقط حفظ ہی امام محبوبی نے کہا کہ جب غیر سے کہا کہ تو میرا وکیل ہی ہر شی مین تو فقط حفظ کا وکیل ہوگا انتہی ذخیرہ مین ہی کہ قول مذکور
مین فقط حفظ اسواسطے مراد ہوا کہ لغت مین وکالت بمعنی حفظ کے ہی ممن یملکہ ای التصرف نظرا الی اصل التصرف وان امتنع فی بعض الاشیاء بعارض النہی
ابن کمال توکیل غیر کو قائم کرنا ہی اپنے مقام پر اس شخص کی جانب سے جو تصرف کا مالک ہی بنظر اصل تصرف کے اگرچہ تصرف موکل کو ممتنع ہو بعض اشیا مین بسبب
عارضہ نہی شارع کے کذا ذکرہ ابن کمال مراصل تصرف کی ملک سے مراد یہ ہی کہ متصرف کا کوئی شخص مانع اور معارض نہو تصرف مین قطع نظر حکم شرعی کے تو اسمین داخل
ہوگیا وکیل کرنا مسلم کا ذمی کو خمر اور خنزیر کی بیع مین اور محرم کا غیر محرم کو شکار کی بیع مین اور یہ قول مبنی ہی اسپر کہ اصل اشیا مین اباحت ہی ملک تصرف موکل اسواسطے
شرط ہوئی کہ وکیل تو ولایت تصرف کی موکل سے حاصل کرتا ہی کذا فی الطحطاوی ملخصاً فلا یصح توکیل مجنون وصبی لا یعقل مطلقا وصبی یعقل بتصرف ضار
نحو طلاق وعتاق وہبۃ وصدقۃ تو صحیح نہین وکیل کرنا مجنون اور صغیر غیر عاقل کا مطلقاً خواہ تصرف ضار ہو یا نافع یا نفع اور ضرر دونون کا محتمل ہو اور
صحیح نہین وکیل کرنا صغیر عاقل کا تصرف ضار مین چنانچہ طلاق اور عتاق اور ہبہ اور صدقہ مین مع توکیل مجنون اور صغیر اسواسطے صحیح نہین کہ وہ تصرف کی مالک نہین اور
معلوم ہوچکا کہ توکیل مین موکل کا متصرف ہونا شرط ہی وصح بما ینفعہ بلا اذن ولیہ کقبول ہبۃ اور صحیح ہی صغیر عاقل کا وکیل کرنا بدون اذن اسکے ولی کے اس تصرف
مین جو صغیر کو نافع ہی چنانچہ ہبہ قبول کرنا وصح بما تردد بین ضرر ونفع کبیع واجارۃ ان ماذونا والا توقف علی اجازۃ ولیہ کما لو باشرہ بنفسہ اور صحیح ہی صغیر عاقل کا
وکیل کرنا اس تصرف مین جو ضرر اور نفع کا محتمل ہی چنانچہ بیع اور اجارہ بشرطیکہ صغیر مذکور ماذون ہو تصرف مسطور مین اور اگر اسکو اسکے ولی نے اذن نہ دیا ہو تصرف کا تو وکالت
موقوف رہیگی اسکے ولی کی اجازت پر چنانچہ اگر صغیر عاقل بذات خود بیع یا اجارہ کا مباشر ہو بلا اذن تو وہ تصرف بھی ولی کی اجازت پر موقوف رہیگا ولا یصح توکیل
عبد محجور اور صحیح نہین وکیل کرنا غلام ممنوع التصرف کا وصح لو ماذونا او مکاتبا اور صحیح ہی وکیل کرنا غلام ماذون یا مکاتب کا وتوقف توکیل مرتد فان اسلم
نفذ وان مات او لحق او قتل لا خلافا لہما اور موقوف رہیگا وکیل کرنا مرتد کا سو اگر وہ مسلمان ہوگیا تو توکیل نافذ ہی اور اگر حالت ارتداد مین مرگیا معاذ اللہ یا
دار الحرب مین جا ملا یا مقتول ہوا تو توکیل نافذ نہین بخلاف صاحبین رحہ کے وصح توکیل مسلم ذمیا ببیع خمر او خنزیر وشراہما کما مر فی البیع الفاسد ومحرم حلالا
ببیع صید وان امتنع عنہ الموکل لعارض النہی کما قدمنا فتنبہ اور صحیح ہی وکیل کرنا مسلم کا ذمی کو شراب اور سور کے بیچنے اور انکے خرید کرنے مین چنانچہ مذکور ہوچکا بیع فاسد
مین اور صحیح ہی وکیل کرنا محرم کا غیر محرم کو شکار کے بیع مین اگرچہ فعل مذکور سے موکل ممتنع ہی بسبب عارضہ نہی شارع کے چنانچہ ہمنے مقدم ذکر کردیا توکیل کی تعریف
مین ہوا آگاہ ہوجا ثم ذکر شرط الوکیل فقال اذا کان الوکیل یعقل العقد پھر مصنف نے موکل کی شرط کے بعد وکیل کی شرط کو ذکر کیا سو یون کہا کہ جب وکیل عقد کو
سمجھتا ہو یعنے وکیل مین اتنی عقل شرط ہی کہ جانتا ہو کہ خرید کرنا جالب مبیع اور سالب ثمن ہی اور بیچنا جالب ثمن اور سالب مبیع ہی اور غبن فاحش کو
غبن یسیر سے تفرقہ کرتا ہو اور ظاہر اصغیر عاقل مین بھی عقل کی یہی تفسیر ہی کذا فی الطحطاوی ولو صبیا او عبدا محجورا اگرچہ وکیل صغیر غیر ماذون یا غلام غیر ماذون ہو

مجور صبی اور عبد دونون کی صفت ہی تو معلوم ہوا کہ وکیل مین یعقل شرط ہی بلوغ اور حریت شرط نہین لایخفے ان الکلام الآن فی صحۃ الوکالۃ لا فے صحۃ بیع الوکیل
فلذا لم یقل ویقصدہ تبعا للکنز یہ بات پوشیدہ نہین کہ اب اسباب مین صحت وکالت مین گفتگو ہی نہ بیع وکیل کی صحت مین تو اسیواسطے مصنف نے یون نہ کہا
کہ وکیل عقد کا قصد کرے باتباع صاحب کنز در عدم ذکرم ہدایہ اور وقایہ اور درر وغیرہا مین وکیل کی شرط مین یون مذکور ہی کہ یعقل العقد ویقصدہ یعنی وکیل مین یہ
شرط یہ ہی کہ عقد کا تعقل کرے اور اسکا ارادہ کرے قصد کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر وکیل بطریق ہزل یا اکراہ کے بیع کریگا تو موکل کی طرف سے واقع نہوگی فتح
نے کہا کہ درصورت عدم قصد اگرچہ بیع صحیح نہین لیکن یہان گفتگو صحت وکالت مین ہی نہ صحت بیع مین تو اس لفظ کے زیادہ کرنے کی کچھ حاجت نہین ثم ذکر ضابط
الموکل فیہ فقال بکل ما یباشرہ الموکل بنفسہ لنفسہ پھر مصنف نے قاعدہ موکل کا توکیل مین ذکر کیا یعنی صحیح ہی وکیل کرنا ہر ایک اُس چیز مین جسکو موکل بذات خود کرتا ہی
اپنی ذات کے واسطے لنفسہ کی قید اسواسطے لگائی تا وکیل سے احتراز ہو جاے اسواسطے کہ وکیل کو جائز نہین دوسرے کو وکیل کرنا اُس کام مین جسمین وہ وکیل مقرر ہوا
لیکن وکیل غیر کے واسطے تصرف کرتا ہی نہ اپنے واسطے اگر کوئی کہے کہ کلیہ توکیل کا صحیح نہین اسواسطے کہ موکل استقراض کا مباشر ہوتا ہی بذات خود اپنے واسطے
اور استقراض کے توکیل کا مالک نہین ہی اُسکا جواب یہ ہی کہ درصورت اضافت الی الموکل توکیل صحیح ہی اسواسطے کہ خانیہ مین مصرح ہی کہ اگر استقراض کا وکیل ہوا تو اگر وکیل نے
استقراض کو موکل کی طرف مضاف اور منسوب کیا تو استقراض موکل کے واسطے ہوگا اور نہین تو وکیل کے واسطے کذا فی الطحطاوی فشمل الخصومۃ تو توکیل شامل ہوئی
خصومت کو مصنف کا یہ قول بکل ما یباشرہ بہتر ہی کنز وغیرہ کے اس قول سے بکل ما یعقدہ اسواسطے کہ مصنف کا قول عقد اور غیر عقد یعنے خصومت وغیرہ کو
شامل ہی خصومت لغت مین معنی جدل ہی اور شرع مین ہان یا نہین کا جواب ہی یعنے مدعی نے کوئی دعوے کیا اور مدعا علیہ نے اسکے جواب مین اقبال کیا یا انکار
یہ حقیقت شرعی ہی خصومت کی اور جوہرہ مین ہی کہ خصومت عبارت ہی دعوی صحیح اور جواب صحیح سے کذا فی الطحطاوی فلذا قال فصح بخصومۃ فی حقوق العباد
برضی الخصم تو اسی واسطے مصنف نے کہا صحیح ہی وکیل کرنا اُس خصومت مین جو حقوق العباد مین ہی مخاصم کی رضامندی سے وجوزاہ بلا رضاہ وبہ قالت الثلثۃ
اور صاحبین رح نے توکیل کو بدون رضامندی مخاصم کے تجویز کیا ہی اور یہی قول ہی ائمہ ثلثہ کا امام رح اور صاحبین کا خلاف لزوم توکیل مین ہی نہ جواز مین
یعنے امام رح کے نزدیک اگرچہ بدون رضاے مخاصم جائز ہی لیکن بدون اُسکے راضی ہونے کے لازم نہین بخلاف صاحبین مذہب صاحبین کی دلیل یہ ہی کہ خصومت
مین وکیل کرنا اپنے خالص حق مین تصرف کرنا ہی تو موقوف نہوگا غیر کی رضامندی پر اور امام رح کی دلیل یہ ہی کہ جواب مستحق ہی مخاصم پر اور لوگون کی عادت خصومت مین متفاوت
ہوتی ہی تو اگر لزوم توکیل کے ہم قائل ہوے تو مخاصم کا ضرر ہوگا لہذا اُسکی رضا پر موقوف ہی کذا فی الطحطاوی وعلیہ فتوی ابی اللیث رح وغیرہ واختارہ العتابی وصححہ
فی النہایۃ والمختار للفتوی تفویضہ للحاکم درر اور صاحبین رح کے قول پر فقیہ ابو اللیث کا فتوی ہی اور پسند کیا ہی اُسکو عتابی نے اور صحیح کیا ہی اُسکو نہایہ مین اور فتوی کے
واسطے یہ ہی کہ اُسکو حاکم کی راے پر مفوض کرنا چاہیے کذا فی الدرر درر مین ہی کہ اگر قاضی کو تعنت اور سرکشی مخاصم کی عدم قبول وکالت مین معلوم ہو تو مخاصم کو
مہلت نہ دے اور نہ وکیل کو قبول کرے اور اگر معلوم ہو کہ موکل کو وکیل کرنے سے ضرر رسانی مخاصم کی مراد ہی تو توکیل نکرے بدون رضاے خصم اور یہ مختار سرخسی کا ہی نہایہ
کافی مین ہی انتہی الطحطاوی نے بزازیہ سے نقل کیا کہ تفویض الی الحاکم بنظر سابق تھا جبکہ قاضی اہل دین اور صلاح تھے اور اس زمانہ کے قاضیون کے اختیار دینے مین
تو فساد ہی انتہی واللہ تعالی اعلم الا ان یکون الموکل مریضا لا یمکنہ حضور مجلس الحکم بقدمیہ ابن کمال توکیل بدون رضاے مخاصم لازم نہین مگر یہ کہ موکل ایسا بیمار ہو
کہ اُسکو حاضر ہونا مجلس حکم مین اپنے قدمون سے ممکن نہو تو اب توکیل لازم ہوگی بدون رضامندی مخاصم کے ہم خواہ موکل مدعی ہو یا مدعا علیہ او غائبا مدۃ سفر یا موکل
غائب بقدر مدت سفر ہو یعنے اگر تین منزل غائب ہو تو توکیل بلا رضاے خصم لازم ہی ہم یہ اُس صورت مین ہی جبکہ مخاصم انتظار نکرے وانداحیطہ مین ہی کہ اگر موکل مریض
یا مسافر ہو تو توکیل دونون سے لازم نہین بدون رضاے خصم بلکہ مدعی سے کہنا چاہیے کہ اگر تو اپنے مخاصم کا جواب چاہتا ہی تو صبر کر تا ارتفاع عذر اور اگر صبر
نہین کرتا تو توکیل سے راضی ہو پھر جبکہ وہ راضی ہو جاے تو توکیل لازم ہوگی ظاہر الروایۃ مین انتہی مدت سفر کی قید اسواسطے لگائی کہ جو مدت سفر سے کم تر غیبت ہو تو

بمنزلہ سفر کے ہی کذا فی الطحطاوی اور مریدالہ و یکفی قولہ انا ارید السفر ابن کمال یا موکل سفر کا ارادہ رکھتا ہو تب توکیل لازم ہی اور کفایت کرتا ہی موکل کا
اتنا کہنا کہ مین سفر کا ارادہ رکھتا ہون کذا ذکرہ ابن کمال مم یہ اس صورت پر محمول ہی جبکہ مخاصم موکل کے قول کی تصدیق کرے مثلاً بحر الرائق مین ہی کہ ارادہ
سفر امر باطنی ہی تو اسپر دلیل چاہیے اور وہ یا خصم کی تصدیق ہی یا قرینہ ظاہرہ سفر کا اور یہ قول اسکا مقبول نہین کہ مین سفر کا ارادہ رکھتا ہون لیکن قاضی اسکے
حال کو ملاحظہ کرے اور اسکے بیلان مین اسواسطے کہ مسافر کا سامان مخفی نہین رہتا کذا فی الطحطاوی او مخدرۃ لم تخالط الرجال کما مر یا عورت پردہ نشین ہو جو مردون سے
مخالطت نہین رکھتی ہی چنانچہ باب الشہادۃ مین مذکور ہو چکا کہ مخدرہ کی شہادت پر شہادت مسموع ہی مم پردہ نشینی عذر ہی متاخرین کے نزدیک بدلیل استحسان اسواسطے کہ اگر
پردہ نشین کچہری مین حاضر بھی ہو تو اپنے حق کی گفتگو نکر سکے گی حیا کے سبب سے تو اسکو توکیل لازم ہی اگرچہ مخاصم راضی نہو کذا فی الطحطاوی او حائضا او نفساء والحاکم
بالمسجد والمہ یرض الخصم بالتاخیر بحر یا حیض یا نفاس والی عورت ہو اور حاکم مسجد مین ہو تو توکیل لازم ہی جبکہ مخاصم تاخیر جواب سے راضی نہو کذا فی البحر مم اور اگر تاخیر سے
راضی ہو تو حیض اور نفاس کا عذر نہوگا لزوم توکیل مین کذا فی البحر ایضا او محبوسا من غیر حاکم ہذہ الخصومۃ فلو منہ فلیس بعذر بزازیہ بحثا یا موکل محبوس ہو اس حاکم
کی جانب سے جسکے پاس یہ مقدمہ رجوع نہین تو اگر حبس اس حاکم کی طرف سے ہو جسکے پاس یہ مقدمہ رجوع ہی تو حبس عذر نہین کذا فی البزازیہ بحثا مم اسواسطے عذر نہین کہ محبوس
اس حاکم کے اختیار مین ہی اسکو محبس سے نکالے اور دعوی کا جواب لے پھر محبوس کرے اور اگر محبوس مدعی ہو تو دعوی کرے اگر تاخیر دعوی سے راضی نہو پھر اسکو قید کرے
کذا فی البحر او لا یحسن الدعوی خانیہ یا موکل دعوی خوب نکر سکتا ہو تب توکیل لازم ہی کذا فی الخانیہ یعنی اگر قاضی معلوم کرے کہ موکل طرح بیان خصومت سے نہ تو خود تو
وکالت اسکی کرے اگرچہ خصم راضی نہو لا یکون من الاعذار ان کان الموکل شریفا خاصم من دونہ بل الشریف وغیرہ سواء بحر لزوم توکیل مین عذر نہین اگر موکل مرد شریف مخاصم ہو
کم تر شخص سے بلکہ شریف اور غیر شریف برابر ہی کذا فی البحر ولہ الرجوع عن الرضی قبل سماع الحاکم الدعوی لا بعدہ قنیہ اور مخاصم کو جائز ہی پلٹ جانا وکالت کی
رضامندی سے حاکم کے دعوی سننے سے پہلے اور پلٹ جانا جائز نہین سماعت دعوی کے بعد کذا فی القنیہ مم رجوع جائز ہی اگرچہ بعد مدت کے ہو اور قنیہ مین بکیدن کی قید
اتفاقی ہی کذا فی البحر ولو اختلفا فی کونہا مخدرۃ ان من بنات الاشراف فالقول لہا مطلقا ولو ثیبا فی حق ... بحر فی قرہ مصنف اور اگر مخاصمین
اختلاف کرین عورت کے پردہ نشین ہونے مین تو اگر عورت مدعا علیہا اشراف کی بیٹیون مین سے ہو تو عورت ہی کا قول معتبر ہی ہر طرح اگرچہ باکرہ نہو ثیبہ ہو تو قاضی اپنا امین دو شاہد اسکے
ساتھ اسکے پاس بھیجے تاکہ اس سے قسم لے کذا فی البحر اور ثابت رکھا ہی اسکو مصنف نے اپنی شرح مین مم امین کے ساتھ دو شاہد اسواسطے جاوین تاکہ امین کو اطلاع کرین کہ ہان یہ وہی
عورت ہی دوسری عورت نہین طحطاوی نے کہا اور رد وا فرشاہد گواہی دین اسکے حلف اور نکول پر وان من الاوساط فالقول لہا لو بکرا او ان ہی من الاسافل فی
الوجہین علا بالظاہر بزازیہ اور اگر عورت متوسط لوگون کی بیٹیون سے ہی تو عورت کا قول معتبر ہی اگر وہ باکرہ ہی اور اگر عورت کمینون اور ارذال مین سے ہی تو اسکا قول پردہ نشینی
مین معتبر نہین دونون صورتون مین خواہ باکرہ ہو خواہ ثیبہ ظاہر پر عمل کرنے سے کذا فی البزازیہ مم عمل بظاہر مسائل ثلثہ کی علت ہی یعنی ظاہر حال یہ ہی کہ اشراف کی بیٹیان
مطلقا پردہ نشین ہوتی ہین اور اوساط کی بیٹیان درصورت بکارت البتہ پردہ نشین ہوتی ہین اور کمینون مین مطلقا پردہ نہین طحطاوی نے کہا ظاہر اشراف سے
عرف اشراف مراد ہین تو اغنیاء و دنیادار اسمین داخل ہین کہ انکی بیٹیان نہین نکلتی ہین اگرچہ علما اور سادات کی بنات سے نہون وصح بایفاءہا واستیفاءہا
الا فی حد وقود بغیبۃ موکلہ عن المجلس ملتقی اور صحیح ہی وکیل کرنا حقون کے لینے دینے مین اور اسیطرح حقون کے لینے مین مگر حد اور قصاص کے دینے لینے مین وکالت
صحیح نہین درصورت غائب ہونے موکل کے مجلس ایفاء و استیفاء سے کذا فی الملتقی مم ایفاء سے مراد یہان دینا ان حقون کا ہی جو موکل پر واجب الادا ہین اور استیفاء سے قبض یعنی
لینا حقون موکل کا مراد ہی اور حد اور قصاص مین ایفاکی وکالت اسواسطے صحیح نہین کہ حد اور قصاص گنہگار پر جاری ہوتا ہی سو وہ موکل ہی نہ اسکا وکیل اور استیفاء
حد اور قصاص موکل کی غیبت مین اسواسطے صحیح نہین کہ حدود دفع ہو جاتے ہین شبہات سے اور شبہہ معاف کر دینے کا موکل کی غیبت مین موجود ہی بینہ اگر شاید موکل
حاضر ہوتا تو معاف کر دیتا کذا فی الطحطاوی وحقوق عقد لا بد من اضافتہ ای ذلک العقد الی الوکیل کبیع و اجارۃ و صلح عن اقرار یتعلق بہ

مادام حیا ولو غائبا ابن ملک اور جس عقد کی نسبت وکیل کی طرف ضرور ہے جیسا کہ بیع اور اجارہ اور صلح اقرار کی تو اسکے حقوق وکیل سے متعلق ہیں جب تک
وہ زندہ ہو اگرچہ وہ غائب ہو کذا صحح ابن ملک ثم اضافت الی الوکیل سے اسناد فی الصیغہ مراد ہے چنانچہ وکیل کا یوں کہنا کہ مین نے اس گھر کو بیچا یا موکل کا فلانا
گھر مین نے بیچا یا اجارہ دیا اور اگر موکل کی طرف نسبت کریگا بطور پیام رسانی کے کہ یہ گھر موکل نے بیچا تو وکیل نرہیگا فضولی ہو جائیگا محیط مین ہے کہ اگر وکیل مرگیا
امام فضلی نے کہا تو عقد کے حقوق اسکے وصی کی طرف منتقل ہونگے نہ موکل کی طرف اور اگر وصی نہو تو حاکم وصی قائم کرے اور یہی قول معقول ہے اور بعضون نے کہا کہ
بعد وارث وکیل قبض کی ولایت موکل کی طرف منتقل ہوگی تو فتوی کے نزدیک احتیاط کرنا چاہیے انتہی کذا فی الطحطاوی وان لم یکن محجورا شرط ہے کہ وکیل محجور یعنے ممنوع
التصرف نہو ہم یہ احتراز ہے صغیر محجور اور غلام محجور سے اسواسطے کہ انکی وکالت جائز ہے لیکن دونون کے حقوق عقد موکل کی طرف راجع ہونگے کذا فی الدرر کتسلیم
مبیع وقبضہ وقبض ثمن ورجوع بہ عند استحقاقہ وخصومتہ فی عیب بلا فصل بین حضور موکلہ وغیبتہ لانہ العاقد حقیقۃ وحکما حقوق عقد کے جیسے
مبیع کا تسلیم کرنا اور مبیع کا قبض کرنا اور ثمن کا قبضہ کرنا اور ثمن کا پھیر لینا یا پھیر دینا استحقاق مبیع کے وقت اور خصومت کرنا عیب مبیع مین بدون
فرق کے درمیان حاضر ہونے اپنے موکل کے اور اسکے غائب ہونے کے یعنے خواہ موکل حاضر ہو یا غائب لیکن حقوق فقط وکیل ہی سے متعلق ہین اسواسطے کہ
وکیل ہی تو عاقد ہے حقیقۃ وحکما م عقد قائم ہوتا ہے کلام سے اور کلام صادر ہوتا ہے وکیل سے تو وہی حقیقت مین عاقد ٹھہرا اور احکام عقد کے وکیل ہی کی طرف
راجع ہوتے ہین تو وہی حکما عاقد ہوا لکن فی الجوہرۃ لو حضرا فالعہدۃ علی اخذ الثمن لا العاقد فی اصح الاقاویل لیکن جوہرہ مین ہے کہ اگر موکل اور وکیل دونون حاضر ہون تو
عہدہ حقوق عقد کا ثمن کے لینے والے پر ہے نہ عاقد پر اصح الاقاویل مین ولو اضاف العقد الی الموکل تتعلق الحقوق بالموکل اتفاقا ابن ملک فلیحفظ فقولہ لا بد فیہ
ما فیہ ولذا قال ابن الکمال یکتفی بالاضافۃ الی نفسہ فافہم اور اگر وکیل نے عقد کی نسبت موکل کی طرف کی تو حقوق عقد کے موکل سے متعلق ہونگے بالاتفاق
کذا صحح ابن ملک سو اسکو یاد رکھنا چاہیے تو مصنف کے اس قول مین کہ نسبت عقد کی وکیل کی طرف ضرور ہے وہ خلل ہے جو اسمین ہے اور اسیواسطے
ابن کمال نے کہا کہ وکیل کفایت کرے اپنی ذات کی نسبت پر یعنی اسوقت حقوق عقد متعلق بوکیل ہونگے سو اسکو بوجھ لے ہم خلاصہ اعتراض شارح یہ ہے کہ وکالت
مین نسبت کرنا عقد کا وکیل کی ذات کی طرف ضرور نہین چنانچہ ابن ملک کی تصریح سے معلوم ہوا تو مصنف کا لا بد کہنا بے محل ہے طحطاوی نے کہا بزازیہ اور خلاصہ
مین ابن ملک سے مخالف ہے یعنے خرید عبد کا وکیل مالک عبد کے پاس گیا سو غلام کے مالک نے کہا کہ یہ غلام مین نے موکل کے ہاتھ بیچا اور وکیل نے کہا کہ مین نے
قبول کیا تو یہ بیع موکل کو لازم نہین اسواسطے کہ وکیل نے امر موکل کے خلاف کیا اسواسطے کہ اسکا امر یہ تھا کہ عہدہ اسکی طرف راجع نہو سو راجع کر دیا اور ابو القاسم صفار نے کہا
صحیح قول یہ ہے کہ وکیل وکیل نہ رہا فضولی ہوگیا اور عقد موقوف رہیگا موکل کی اجازت پر انتہی تو معلوم ہوا کہ وہ وکیل نرہیگا مگر جبکہ عقد کو اپنی ذات کی طرف نسبت کرے
اور اگر موکل کی نسبت کریگا تو اسمین اختلاف مذکور ہے اور منح الغفار مین ہے کہ وکیل کی قید اسواسطے لگائی کہ رسول کی طرف حقوق عقد راجع نہین ہوتے اور رسول کی شرط یہ ہے
کہ اپنے بھیجنے والے کی طرف عقد کو نسبت کرے انتہی ما فی الطحطاوی مختصرا تو معلوم ہوا کہ مصنف کا لا بد کہنا لا بد تھا وشرط الموکل عدم تعلق الحقوق بہ ای بالوکیل
لغو باطل جوہرۃ اور شرط کرنا موکل کا نہ متعلق ہونا حقوق کا وکیل سے لغو اور باطل ہے کذا فی الجوہرہ والملک یثبت للموکل ابتداء فی الاصح اور وکیل کے عقد سے
موکل کی ملک ثابت ہوتی ہے سرے سے قول اصح مین ہم یہ قول ابو طاہر کا ہے اور کرخی کا یہ قول ہے کہ پہلے ملک وکیل کی ثابت ہوتی ہے پھر موکل کی طرف منتقل ہوتی ہے
فلا یعتق قریب الوکیل بشرائہ ولا یفسد النکاح زوجتہ بہ تو آزاد نہوگا قرابت دار وکیل کا اسکے خرید کرنے سے اور نہ فاسد ہوگا نکاح وکیل کی زوجہ کا وکیل
کے خرید کرنے سے ہم یعنے اگر وکیل نے اپنے بھائی کو خرید کیا یا وکیل کی زوجہ کسی کی لونڈی تھی اور اسنے زوجہ کو موکل کے واسطے خرید کیا تو نہ بھائی آزاد ہوگا نہ زوجہ
کا نکاح فاسد ہوگا اسواسطے کہ عتق قریب اور فساد نکاح ملک سے ثابت ہوتا ہے سو ملک یہان ابتدا سے موکل کی ثابت ہے نہ وکیل کی یہ وجہ بقول ابو طاہر ہے
اور کرخی کے قول پر بھی یہی حکم ہے اسواسطے کہ عتق اور فساد نکاح ملک ثابت اور مستقر سے ہوتا ہے نہ ملک منتقل سے اور اگر موکل غلام کو آزاد کرے قبل

قبض تو اعتاق نافذ ہے اسواسطے کہ اُسنے اپنی ذاتی ملک کو آزاد کیا بحر الرائق مین کہا کہ ابو طاہر اور کرخی کے قول کے خلاف کا کچھ ثمرہ نہین اسواسطے کہ احکام مذکورہ مین دونون کا اتفاق ہے ولکن ہٰہنا تبان علی الموکل لو اشتری وکیلہ قریب موکلہ او زوجتہ لان الوجب للعتق والفساد الملک المستقر ولیکن دونون یعنے عتق اور فساد نکاح موکل پر ثابت ہین اگر موکل کے وکیل نے موکل قرابت دار اور اُسکی زوجہ کو خریدکیا اسواسطے کہ عتق قریب اور فساد نکاح کا موجب ملک مستقر ہے ہم یہ تعلیل کرخی کے قول کے مناسب ہے نہ ابو طاہر کے قول کے چنانچہ مترجم مذکور ہو چکا وفی کل عقد لا بد من اضافتہ الی موکلہ یعنے لا یستغنی عن الاضافۃ الی موکلہ حتے لو اضافہ الی نفسہ لم یصح ابن کمال اور جس عقد مین کہ نسبت کرنا اُسکا وکیل کے موکل کی طرف ضرور ہے یعنے موکل کی طرف نسبت کرنے سے استغنا حاصل نہین تو اگر وکیل اس عقد کو اپنی ذات کی طرف نسبت کریگا تو صحیح نہوگا کذا ذکرہ ابن کمال م عدم صحت عقد سے مراد یہ ہے کہ باعتبار وکالت صحیح نہین نہ باعتبار اصالت یعنی اگر وکیل نکاح کو اپنی طرف نسبت کریگا تو موکل کا نکاح صحیح نہوگا بلکہ خود وکیل کا نکاح واقع ہوجائیگا تو اسے تفریع آیندہ سے منافات باقی نرہی یعنے قولہ (حتی لو اضافہ لنفسہ دفع النکاح) کنکاح وخلع وصلح عن دم عمد او انکار وعتق علی مال وکتابۃ وہبۃ وتصدق واعارۃ وایداع ورہن واقراض وشرکۃ ومضاربۃ عینی تتعلق موکلہ لا بہ لکونہ فیہا سفیرا محضا حتے لو اضافہ لنفسہ وقع النکاح لہ فکان کالرسول اور جس عقد کی نسبت موکل کی طرف ضرور ہے چنانچہ نکاح اور خلع اور صلح قتل عمد سے اور صلح انکار سے اور عتق بعوض مال اور کتابت اور ہبہ اور تصدق اور عاریت دینا اور ودیعت رکھوانا اور رہن اور قرض دینا اور شرکت اور مضاربت کذا فی العینی تو اس عقد کے حقوق وکیل کے موکل سے متعلق ہوتے ہین نہ وکیل سے بسبب ہونے وکیل کے عقود مذکورہ مین محض پیام رسان تو اگر وکیل نکاح کو اپنی طرف نسبت کریگا تو وکیل ہی کا نکاح واقع ہوگا تو وکیل رسول کے مانند ہوگیا فلا مطالبۃ علیہ فی النکاح بمہر وتسلیم للزوجۃ تو مطالبہ نہین وکیل پر نکاح مین مہر اور تسلیم زوجہ کا م یعنی جب حقوق عقد موکل سے متعلق ہوے تو وکیل سے مطالبہ نہین اگر وکیل زوج کی طرف سے ہے تو اس سے مہر کا مطالبہ نہین اور اگر زوجہ کی طرف سے ہے تو تسلیم زوجہ کا مطالبہ نہین وللمشتری الاباء عن دفع الثمن للموکل اور مشتری کو انکار کرنا جائز ہے موکل کو ثمن دینے سے م چونکہ بیع مین حقوق عقد وکیل سے متعلق ہین نہ موکل سے تو اگر ایک شخص نے وکیل سے کوئی چیز خرید کی اور موکل اُس چیز کا ثمن مانگے اور مشتری کہے کہ مین تجکو ثمن نہین دیتا تو جائز ہے طحطاوی نے عزمی زادہ سے نقل کیا کہ اگر وکیل موکل کو قبض ثمن کا وکیل کردے تو اب مشتری منع ثمن پر قادر نہین وان دفع لہ صح ولو مع نہی الوکیل استحسانا ولا یطالبہ الوکیل ثانیا لعدم الفائدۃ اور اگر مشتری موکل کو ثمن دیدے تو صحیح ہے اگرچہ دینا وکیل کے روک دینے کے ساتھ ہو بدلیل استحسان اور وکیل دوبارہ ثمن کا مطالبہ نکرے بواسطے عدم فائدہ کے م وجہ استحسان یہ ہے کہ ثمن مقبوض موکل کا حق ہے سو اُسکو پہونچ گیا اور اُسمین کچھ فائدہ نہین کہ اس سے لیا جاوے پھر اُسکو دیا جاوے کذا فی الطحطاوی نعم تقع المقاصۃ بدین الوکیل لو وحدہ وبدینہ للموکل لو ہان واقع ہوتا ہے باہم مجرا کر لینا ثمن کا وکیل کے دین سے مگر فقط وکیل مدیون ہو مشتری کا اور ضمان دے وکیل ثمن کا اپنے موکل کو م یعنی اگر فقط وکیل بیع کا مدیون ہو مشتری کا تو ثمن کا مقاصہ دین کے ساتھ واقع ہوگا دونون برابر سرابر ہوگئے ایک دوسرے پر مطالبہ نہین کرسکتا لیکن وکیل پر ضمان ثمن لازم ہوگا اسواسطے کہ وکیل نے اپنا دین موکل کے مال سے ادا کیا اور اگر فقط مدیون مشتری کا ہو یا موکل اور وکیل دونون مدیون ہون مشتری کے تو دونون صورتون مین موکل سے مقاصہ واقع ہوگا کذا فی الطحطاوی عن الذخیرۃ بخلاف وکیل یتیم وصرف عینی بخلاف وکیل یتیم اور وکیل صرف کے کذا فی العینی م یہ متعلق ہے ماتن کے اس قول سے وان دفع لہ صح یعنی اگر مشتری موکل ثمن دے تو صحیح ہے مگر ان دو صورتون مین موکل کو دینا صحیح نہین عینی مین بجاے وکیل یتیم وصی یتیم ہے صورت اسکی یہ ہے کہ وصی نے مال یتیم کا بیچا اور مشتری نے یتیم کو اُسکا ثمن دیا تو مشتری عہدہ سے خارج نہوگا بلکہ اسکو واجب ہے کہ دوسرے بار وصی کو ثمن دے اسواسطے کہ یتیم کو اپنے مال کے قبضہ کرنے مین اختیار نہین تو اُسکا دینا تضییع ہے اور وکیل فی الصرف نے جبکہ عقد صرف کو منعقد کیا اور موکل نے بدل صرف پر قبضہ کیا تو عقد صرف باطل ہوگیا بسبب افتراق احد العاقدین کے بلا قبض کذا فی الطحطاوی ومثلہ ای مثل الوکیل عبد ماذون لا دین علیہ مع مولاہ فلا یملک قبض دیونہ ولو قبض استحسانا ما لم یکن علیہ دین بالانہ

ف۵۵ بیان اس بات کا کہ اگر عقد کو اپنے نفس کی طرف منسوب کریگا تو نکاح صحیح کا واقع ہوگا ۱۲

للغرماء بزازیۃ اور مثل اسکے یعنے وکیل کے مانند وہ عبد ماذون فی التجارۃ ہی جسپر دین نہین اپنے مولےٰ کے ساتھ تو مولےٰ مالک دین عبد کے قبض کرنے کا نہین اور اگر قبض کریگا تو صحیح ہوگا بدلیل استحسان مذکور جب تک کہ غلام پر دین نہو اسواسطے کہ غلام کے دین مین اسکے دائنون کا حق ہی کذا فی البزازیۃ یعنے اگر غلام ماذون مدیون ہوگا تو اسکے دیون پر قبض مولےٰ کا صحیح نہین کیونکہ اسمین ماذون کے دائنون کا حق ہی فرع مسئلہ متعلقہ شارح کا التوکیل بالاستقراض باطل لا الرسالۃ دُرر قرض لینے کے واسطے وکیل کرنا باطل ہی نہ رسالت کذا فی دُرر یعنی دُرر مین ہی توکیل بالاستقراض اسواسطے باطل ہی کہ مالک غیر مین تصرف کو تفویض کرنا جائز نہین اور استقراض کی رسالت باطل نہین کیونکہ اسمین تفویض تصرف نہین اسواسطے کہ رسول سفیر محض ہی اور مذکور ہوچکا کہ توکیل بالاقراض یعنی قرض دینے مین وکیل کرنا صحیح ہی اسواسطے کہ اسمین تفویض تصرف ہی اپنی ملک مین انتہی مختصر الحطاوی مین خانیہ سے مذکور ہی کہ مامور بالاستقراض اگر مقرض سے یون کہے کہ مجکو دس درم قرض دے تو یہ استقراض اپنے واسطے ہوگا نہ آمر کے واسطے تو اسکو جائز ہی کہ درم آمر کو نہ دے اور اگر یون کہے کہ فلانا شخص تجھسے دس درم قرض مانگتا ہی سواسنے قرض دینا قبول کیا تو دس درم آمر کے ہونگے لیکن مامور اس صورت مین رسول ہوگا نہ وکیل اور باطل ہی وکالت فی الاستقراض نہ رسالت انتہی والتوکیل بالقبض للقرض صحیح فتنبہ اور وکیل کرنا قرض کے قبض مین صحیح ہی سو آگاہ رہنا صورت اسکی یہ ہی کہ موکل کسی شخص سے کہے کہ مجکو اتنا قرض دے اور وہ اقبال کرے پھر وہ اسکے قبض کرنے کا کسیکو وکیل کرے

باب الوکالۃ بالبیع والشراء

یہ باب ہی بیع اور شرا کی وکالت مین الاصل انہا ان عمت او علمت او جہلت جہالۃ یسیرۃ وہی جہالۃ النوع المحض کفرس صحت قاعدہ کلیہ اس باب مین یہ ہی کہ اگر وکالت عام ہو یا معلوم یا مجہول بجہالت یسیرہ ہو اور جہالت یسیرہ نوع خالص کی جہالت ہی چنانچہ فرس تو وکالت صحیح ہی عام وکالت عام یہ کہ موکل وکیل سے کہے کہ خرید کر جو تجکو بہتر معلوم ہو کیونکہ اسنے تفویض امر اسکی راے پر کی سو جو چیز کہ وہ خرید کریگا امتثال امر ہو جائیگا یا معلوم اور متعین ہو اسطرح کہ موکل نے وکیل سے تصریح کردی ہو جموی نے کہا کہ جو چیز معین کی خریداری پر وکیل ہوا تو اسمین کسی چیز کی حاجت نہین یا غیر معین کی خریداری پر وکیل ہوا تو اسکی جنس اور نوع کا ذکر کرنا ضرور ہی چنانچہ غلام حبشی یا ہندی یا اسکی جنس اور مقدار ثمن کا ذکر ضرور ہی تاجسکے واسطے وکیل ہوا ہی وہ معلوم ہوجاے تا امتثال امر ممکن ہو انتہی نوع خالص کی قید اسواسطے دی تا اس نوع سے احتراز ہو جو متردد بین الجنس والنوع ہی چنانچہ عبد اور دار کہ اسمین تفصیل ہی وان فاحشۃ وہی جہالۃ الجنس کدابۃ بطلت اور اگر جہالت فاحشہ کثیرہ ہو اور وہ جنس کی جہالت ہی چنانچہ دابۃ تو وکالت باطل ہی دابہ لغت عرب مین ہر جاندار کا اسم ہی جو زمین پر چلے اور عرف مین گھوڑے اور خچر اور گدھے کو کہتے ہین تو اسمین چند اجناس مجتمع ہوگئین اور اسیطرح کپڑا ملبوس کو شامل ہی اطلس اور کمخواب سے تا گزی اور گاڑھا وان متوسطۃ کعبد فان بین الثمن او الصفۃ کترکی صحت والالا اور اگر جہالت متوسطہ ہو مابین جنس اور نوع کے چنانچہ غلام سو اگر موکل اسکا ثمن بیان کردے یا اسکی صفت مذکور کرے چنانچہ ترکی تو وکالت صحیح ہی اور اگر ثمن یا صفت مذکور نہو تو وکالت باطل ہی اگر دو شی حقیقت اور مقاصد مین متحد ہون تو دونون ایک جنس ہین اور اگر حقیقت مختلف ہو یا مقاصد تو وہ دو جنس ہین پھر اگر جہالت جنس کی بکثرت ہو اس طرح پر کہ ایسی جنس مذکور ہو جسکے تحت مین چند اجناس ہون چنانچہ رقیق کہ وہ منقسم ہی مرد اور عورت کی طرف اور مرد اور عورت بنی آدم مین دو جنس ہین بواسطہ اختلاف مقاصد پھر ایک لونڈی اور غلام سے گاہے خوبصورتی مقصود ہوتی ہی چنانچہ ترکی غلام مین اور گاہے خدمت مقصود ہوتی ہی چنانچہ ہندی غلام مین اور اسی طرح ثوب اور دابہ کذا فی شرح الوقایہ وکالشراء ثوب ہروی او فرس او بغل صح بما یتحملہ حال الآمر زیلعی فراجعہ وان لم یسم ثمنا لانہ من القسم الاول وکیل کیا اسکو ہروی کپڑے یا گھوڑے یا خچر کی خرید کا تو صحیح ہی بقدر احتمال حال آمر کذا فی الزیلعی تو اصل کتاب کی طرف مراجعت کر توکیل مذکور صحیح ہی اگرچہ موکل نے ثمن مذکور نہ کیا ہو اسواسطے کہ وہ پہلی قسم سے ہی یعنے جہالت یسیرہ کہ عبارت ہی نوع خالص کی جہالت سے مع اتقانی نے کہا کہ جہالت نوع کی خفیف ہی اسواسطے کہ تفاوت مابین نوع قلیل ہی تو مانع امتثال امر کی نہین ہی لیکن وکالت منصرف ہوگی اسکی طرف جو موکل کے حال کے لائق ہو انتہی زیلعی نے کہا

باب الوکالۃ بالبیع والشراء

حال آمر کے احتمال کی قید اسواسطے لگائی کہ وکیل قادر ہوگا مقصود موکل کی تحصیل پر اس طرح کہ موکل کے حال کو دیکھے یعنے اُسکے مقدور اور حوصلے کے موافق خرید
کرے کذا فی الطحطاوی والشراء دارا وعبد جاز ان سمی الموکل ثمنا یخصص نوعا اولا بحر او نوعا کحبشی زاد فی البزازیۃ او قدرا ککذا قفیزا وکیل کیا گھر یا غلام کی
خرید کا تو جائز ہی اگر موکل نے ثمن معین کردیا خواہ اُس ثمن سے خصوصیت ایک نوع کی معلوم ہو یا نہو کذا فی البحر یا موکل نے ایک نوع کو معین کردیا جیسا کہ
غلام حبشی بزازیہ مین اتنا زیادہ کہا یا وکیل نے مقدار کو معین کردیا جیسا کہ اتنے قفیز گیہون یا جو ہم یہ جہالت متوسطہ کی مثال ہی کہ ثمن یا نوع کی بیان سے وکالت
صحیح ہوجاتی ہی صاحب ہدایہ نے دار یعنے گھر کو جہالت فاحشہ مین شمار کیا ہی اسواسطے کہ گھر مین اختلاف فاحش ہوتا ہی باعتبار اختلاف اغراض اور پڑوسیون
اور مرافق اور محلات اور بلاد کے تو امتثال متعذر ہی اور مصنف مانند صاحب کنز قاضی خان کا تابع ہی اور صاحب بحر نے ہدایہ کا قول اُس ملک پر محمول کیا ہی
جہان گھر دن مین اختلاف ہی فاحش ہوتا ہو اور غیر ہدایہ کا کلام عدم اختلاف فاحش پر محمول کیا ہی منح الغفار مین ہی کہ بیان مقدار مانند بیان کرنے ثمن کے
ہی چنانچہ بزازیہ مین ہی کہ موکل نے وکیل سے کہا کہ میرے واسطے گیہون خرید کر تو صحیح نہین جب تک گیہون کی مقدار نہ بیان کرے کذا فی الطحطاوی
والا یسم ذلک لا یصح والحق بجہالۃ الجنس وہی مالو وکلہ بشراء ثوب او دابۃ لا یصح وان سمی ثمنا للجہالۃ الفاحشۃ اور اگر اُسکو معین نکرے یعنے ثمن
یا نوع یا مقدار کو تو توکیل صحیح نہوگی اور ملحق بجہالت جنس ہوگی اور جہالت جنس وہ ہی کہ وکیل کرے کپڑے یا جانور کی خرید کا تو صحیح نہین اگرچہ موکل نے اُسکا
ثمن معین کردیا ہو بسبب جہالت فاحشہ کے ہم یہ قسم ثانی ہی اقسام ثلثہ مذکورہ سے خلاصہ یہ ہی کہ جسکی خرید کے واسطے وکالت ہوئی اگر اُسکی جنس اور نوع
اور صفت بیان کردے تو قطعاً وکالت صحیح ہی اور اگر سب ترک کیا اس طرح کہ ایسا لفظ ذکر کیا جو اجناس مختلفہ پر دلالت کرتا ہی تو وکالت صحیح نہین بسبب
کمال نادانستگی کے اور اگر ایسا لفظ ذکر کیا جو انواع مختلفہ پر دلالت کرے تو اگر اُسکے ساتھ نوع یا ثمن کے بیان کو ملایا تو صحیح ہی اور نہین تو صحیح نہین اور اسی طرح
اگر نوع بیان کرے بلا صفت چنانچہ جودت کذا فی الطحطاوی عن الحموی وشراء الطعام وبین قدرہ او دفع ثمنہ وقع علے عرفنا علے المعتاد المہیا للاکل
من کل مطعوم یمکن اکلہ بلا ادام کلحم مطبوخ او مشوی وبہ قالت الثلثۃ وبہ یفتے عینی وغیرہ اعتبارا للعرف کما فی الیمین وکیل کیا طعام کی خرید کا
اور اُسکی مقدار بیان کردی یا اُسکا ثمن وکیل کو دیا تو توکیل واقع ہوگی ہمارے عرف یعنے صاحب نازیہ کے عرف مین اُس طعام پر جو مہیا ہی کھانے
کے واسطے ہر ایک اُس مطعوم سے جسکا کھانا بدون سالن کے ممکن ہی جیسے پختہ گوشت یا بھنا گوشت اور یہی قول ہی ائمہ ثلثہ کا اور اسی کا فتوے ہی کذا فی
العینی وغیرہ باعتبار عرف کے جیسے قسم مین عرف اور رواج معتبر ہی ہم اور کوفہ کے عرف مین طعام عبارت ہی گیہون اور اُسکے آٹے سے اور مصر کے عرف مین
الطعام کے معنی پختہ گوشت شوربا دار کو کذا فی البحر بالجملہ موکل اور وکیل کا عرف معتبر ہی اگرچہ قیاس یہ ہی کہ شراء طعام کی وکالت باطل ہو اسواسطے کہ طعام
ہر مطعوم پر واقع ہی تو اسکی جنس مین جہالت فاحشہ ہی وفی الوصیۃ لہ ای لشخص بطعام یدخل کل مطعوم ولو دواء بہ حلاوۃ کسکنجبین بزازیہ اور کسی شخص
کے واسطے طعام کی وصیت مین داخل ہی ہر مطعوم اگرچہ وہ دوا ہو جسمین شیرینی ہی چنانچہ سکنجبین کذا فی البزازیہ ہم بزازی نے سکنجبین کو کتاب الیمین مین
ذکر کیا ہی نہ وصیت مین اور شاید کہ شارح نے ارادہ کیا کہ آگاہ کردے اسپر کہ وصیت بحکم یمین ہی کذا فی الطحطاوی وللوکیل الرد بالعیب
ما دام المبیع فی یدہ لتعلق الحقوق بہ ولوارثہ او وصیہ ذلک بعد موتہ موت الوکیل فان لم یکونا فلموکلہ ذلک ای الرد بالعیب
وکذا الوکیل بالبیع اور وکیل کو جائز ہی پھیر دینا مبیع کا بسبب عیب کے جب تک کہ مبیع اُسکے ہاتھ مین ہی بسبب متعلق ہونے حقوق کے وکیل
سے اور اُسکے وارث اور وصی کو وہ جائز ہی بعد مرنے وکیل کے سو اگر وکیل کا وارث اور وصی نہو تو اُسکے موکل کو وہ درست ہی یعنے بسبب
عیب کے پھیر دینا اور اسی طرح بیع کے وکیل کا حکم ہی ہم یعنے وکیل نے کوئی چیز بیع کی اور مبیع مین عیب نکلا تو مبیع اُسکو پھیر دی جائیگی جب تک
وہ زندہ اور عاقل اور لزوم عہدہ کے لائق ہی اور اگر مجبور ہوگا تو موکل پر پھیری جائیگی اور موکل اجنبی ہی خصومت بالعیب مین

کذا فی الطحطاوی عن البحر عن البزازیہ ہندیا اذا لم یسلمہ فلو سلمہ الی موکلہ امتنع ردہ الا بامرہ لانتہاء الوکالۃ بالتسلیم اور یہ یعنے رد بالعیب اسوقت ہی جبکہ
وکیل نے موکل کو مبیع تسلیم نہین کردی اور اگر اسنے مبیع اپنے موکل کو سپرد کردی تو اب اسکو پھیر دینا ممتنع ہی مگر موکل کے امر سے بسبب آخر ہوجانے وکالت کے
تسلیم موکل سے بخلاف وکیل بائع فاسد فلہ الفسخ مطلقا لحق الشرع قنیہ بخلاف اُس وکیل کے جسنے کوئی شی بطریق بیع فاسد کے بیچی تو وکیل کو فسخ بیع جائز ہی
مطلقا بسبب حق شرع کے کذا فی القنیہ صم مطلقا یعنے اگرچہ مبیع مشتری کو دے چکا ہو اور اگر ثمن اپنے موکل کو دے چکا ہو تو بھی اُسکو فسخ بیع کا اختیار ہی
بلا اذن موکل اور ثمن اس سے پھیر لے بدون اُسکی رضامندی کے کذا فی الطحطاوی وللوکیل حبس المبیع بثمن دفعہ الوکیل من مالہ اولا لانہ کالبائع اور وکیل کو
جائز ہی روک رکھنا مبیع کا موکل سے قبض ثمن کے واسطے خواہ وکیل نے ثمن اپنے مال سے دیا ہو یا نہ دیا ہو اگر نہ دیا ہو تو بطریق اولے حبس جائز ہی اسواسطے کہ وکیل
بائع کے مانند ہی مطالبہ ثمن مین ولو اشتراہ الوکیل بنقد ثم اجلہ البائع کان للوکیل المطالبۃ بہ حالا وہی الحیلۃ خلاصۃ اور اگر وکیل نے اُسکو بثمن حال
خرید کیا پھر بائع نے ثمن دینے کی کچھ مدت مقرر کی تو وکیل کو مطالبہ ثمن کا موکل سے فی الحال جائز ہی اور یہی حیلہ ہی کذا فی الخلاصۃ صم یعنے تعجیل ثمن کا
وکیل پر اور حلول ثمن کا موکل پر یہی حیلہ ہی کہ وکیل بثمن حال خرید کرے پھر بائع ثمن کی مدت ٹھہرادے کذا فی الطحطاوی ولو وہبہ کل الثمن یرجع بکلہ ولو بعضہ
رجع بالباقی لانہ حط بحر اور اگر بائع نے وکیل کو سب ثمن ہبہ کردیا تو وکیل اپنے موکل سے تمام ثمن پھر لے اور اگر بائع نے بعض ثمن ہبہ کردیا تو باقی ثمن
پھر لے اسواسطے کہ بعض ثمن کا ہبہ کم کردینا ہی اصل ثمن کا کذا فی البحر فلو ہلک المبیع من یدہ قبل حبسہ ہلک من مال موکلہ و لم یسقط
الثمن لان یدہ کیدہ پس اگر مبیع ہلاک ہوگئی وکیل کے ہاتھ سے قبل حبس مبیع تو موکل کے مال سے ہلاک ہوگئی اور ثمن ساقط نہوگا موکل کے ذمے سے
اسواسطے کہ قبضہ وکیل کا مانند قبضہ موکل کے ہی صم اور اگر ثمن ہلاک ہوا وکیل کے ہاتھ مین تو بھی موکل کا مال ہلاک ہوا اور اگر وکیل خرید کرچکا پھر موکل نے
دیا سو ہلاک ہوگیا بائع کو دینے سے پہلے وکیل کے پاس تو وکیل کا مال ہلاک ہوا کذا فی الطحطاوی ولو ہلک بعد حبسہ فہو کمبیع فیہلک بالثمن وعند الثانی
کرہن اور اگر مبیع ہلاک ہوئی بعد اسکے حبس کے تو وہ مبیع کے مانند ہی تو ہلاکی مبیع کی ثمن سے ہو یعنے اسکا ثمن ساقط ہوگیا موکل کے ذمے سے اور ابو یوسف رح
کے نزدیک رہن کے مانند ہی صم مبیع کے مانند ہی یعنے اُس مبیع کے مانند ہی جو بائع کے پاس ہلاک ہوگئی اور بائع جبکہ حبس مبیع کریگا استیفاء ثمن کے واسطے
تو اُسکے ہلاک ہونے سے ثمن ساقط ہوگا اسی طرح وکیل کے پاس ہلاک ہونے سے موکل سے ثمن ساقط ہوگا اب وکیل موکل سے نہین لے سکتا اور ابو یوسف رح کے
نزدیک جبکہ وہ مثل رہن کے ہوا تو اگر ثمن اکثر ہوگا قیمت سے تو وکیل بقدر فضل موکل سے پھیر لیگا کذا فی الطحطاوی ولا اعتبار بمفارقۃ الموکل ولو حاضرا کما اعتمدہ
المصنف تبعا للبحر خلافا للعینی وابن ملک اور صرف اور سلم مین اعتبار نہین موکل کی مفارقت کا اگرچہ موکل حاضر ہو چنانچہ اسی پر اعتماد کیا ہی مصنف نے
بحر الرائق کی پیروی سے برخلاف عینی اور ابن ملک کے صم عینی نے کہا کہ وکیل نائب ہی پھر جب اصیل حاضر ہوا تو نائب کا کچھ اعتبار نہین حموی نے اسکا
جواب دیا کہ وکیل نائب ہی اصل عقد مین اور حقوق عقد مین وہ اصیل ہی تو اب کچھ اعتبار نہین حضور موکل کا کذا فی الطحطاوی بل بمفارقۃ الوکیل ولو صبیا فی صرف
وسلم فیبطل العقد بمفارقۃ صاحبہ قبل القبض لانہ العاقد بلکہ صرف اور سلم مین مفارقت وکیل کا اعتبار ہی اگرچہ وکیل صغیر ہو تو عقد باطل ہوگا صاحب عقد
کی مفارقت قبل القبض سے اسواسطے کہ وکیل عاقد ہی یعنے چونکہ عاقد وکیل ہی اگر صاحب عقد وکیل سے جدا ہوگا قبل قبض تو عقد باطل ہوگا اسواسطے کہ
احد العاقدین کا افتراق قبل قبض مبطل عقد صرف ہی والمراد بالسلم الاسلام لا قبول السلم لانہ لا یجوز ابن کمال اور مراد سلم سے اسلام ہی نہ قبول سلم اسواسطے کہ
قبول سلم کی توکیل جائز نہین کذا ذکرہ ابن کمال صم اسلام کی یہ صورت ہی کہ رب السلم کسی شخص کو وکیل کرے تا وکیل راس المال مسلم الیہ کو دے اور قبول سلم کی
یہ صورت ہی کہ مسلم الیہ کسیکو وکیل کرے راس المال کے قبضہ کرنے کا کذا فی الطحطاوی والرسول فیہما ای الصرف والسلم لا تعتبر مفارقتہ بل مفارقۃ مرسلہ
لان الرسالۃ فی العقد لا القبض اور صرف اور سلم مین مفارقت رسول کی معتبر نہین بلکہ اُسکے بھیجنے والے کی مفارقت معتبر ہی اسواسطے کہ پیام رسانی

عقد ہین اُسکے تبض مین واستفید صحۃ التوکیل بہما اور مستفاد اور معلوم ہوئی توکیل صرف اور سلم کی صحت یعنے مسئلہ عدم مفارقت وکیل سے معلوم ہوا کہ صرف
اور سلم مین وکیل کرنا صحیح ہی بہتر یہ تھا کہ شارح اُسکو قبیل مسئلہ رسول ذکر کرتا وکلہ بشراء عشرۃ ارطال لحم بدرہم فاشتری ضعفہ بدرہم مما یباع منہ عشرۃ
بدرہم لزم الموکل منہ عشرۃ بنصف درہم خلافا لہما والثلثۃ قلنا انہ مامور بارطال مقدرۃ فینفذ الزائد علی الوکیل وکیل کیا دس رطل گوشت کے
خرید کرنے کا ایک درم سے سو وکیل نے دو چند گوشت اُسکا خرید کیا یعنے بیس رطل ایک درم سے اُس قسم کا گوشت جو دس رطل ایک درم کو بکتا ہی تو لازم
ہوگا موکل کو بیس رطل سے دس رطل بعوض نصف درم کے بخلاف صاحبین اور ائمہ ثلثہ کے یعنے اُنکے نزدیک تمیس رطل موکل کو لازم ہی اسواسطے کہ وکیل نے
اُسکے حق مین بہتر کیا ہم کہتے ہین جواب مین امام کی طرف سے کہ وکیل مامور ہی ارطال معینہ کا یعنے دس رطل کا تو اُس سے زائد کی بیع وکیل پر نافذ ہوگی
خلاصہ جواب یہ ہی کہ وہ دس رطل کی خرید کا مامور ہی نہ زیادہ کا تو زیادہ کی بیع وکیل کو لازم ہوگی نہ موکل کو ولو اشتری ما لا یباع بہ ذلک وقع للوکیل اجماعا کغیر موزون
اور اگر وہ گوشت خرید کیا جو اُسکے برابر نہین یعنے مثلاً جو گوشت کہ بیس رطل ایک درم کو بکتا ہی اُسکو دو درم سے خرید کیا تو یہ بیع وکیل کے واسطے واقع ہوگی بالاتفاق
امام رح اور صاحبین رح کے جیسے غیر موزون کی بیع ہم غیر موزون کی یہ صورت ہی کہ موکل نے وکیل کیا ایک غلام کی خرید کا بعوض سو درم کے تو اُسنے ایسے دو غلام
خرید کیے سو درم کو موکل کے واسطے کہ ہر ایک غلام سو درم کا ہی تو یہ بیع موکل کو لازم نہوگی اسواسطے کہ ہر ایک کا ثمن مجہول ہی اسواسطے کہ ثمن معلوم نہین ہو سکتا
مگر اٹکل سے بخلاف گوشت کے کہ وہ موزون مقدر ہی تو ثمن اُسکے اجزا پر منقسم ہو جائیگا کذا فی الطحطاوی تصرف ولو وکلہ بشراء شئی بعینہ بخلاف الوکیل
بالنکاح اذا تزوجہا لنفسہ صح بنیہ والفرق فی الوافی غیبۃ الموکل لا یشتریہ لنفسہ ولا لموکل آخر بالاولی عند غیبتہ حیث لم یکن مخالفا دفعا للغرر اور اگر اُسکو
وکیل کیا اُس معین چیز کی خرید کا جو موکل کی غیر ہی تو وکیل اُس چیز کو اپنے واسطے نہ خرید کرے اور نہ دوسرے موکل کے واسطے بطریق اولے خرید کرے موکل کی
غیبت مین جبکہ وکیل نے امر موکل کی مخالفت نہ کی ہو اپنے واسطے نہ خرید کرنا دفع فریب کی جہت سے ہی بخلاف وکیل نکاح کہ جب عورت معینہ سے وہ اپنا
نکاح کریگا تو صحیح ہوگا کذا فی المنیہ اور فرق خرید اور نکاح کی توکیل کا علامہ دانی کے حاشیہ درر مین مذکور ہی ہم غیر موکل کی قید اسواسطے لگائی تا وہ صورت
نکلجاسے جسمین چیز معین نفس موکل ہو چنانچہ ایک غلام نے کسی شخص کو اپنی خرید کرنے کا اپنے مالک سے وکیل کیا سو وکیل نے اُسکو اپنے واسطے خرید کیا تو یہ خرید وکیل ہی
کے واسطے واقع ہوگی چنانچہ آیندہ مذکور ہوگا اور غیبت موکل کی قید سے حضور موکل نکل گیا تو اگر شئی معین کو موکل کے سامنے وکیل اپنے واسطے خرید کرے گا
تو صحیح ہی اسواسطے کہ وکیل کو جائز ہی کہ موکل کے حضور مین اپنی ذات کو وکالت سے معزول کرے اور خلاصہ فرق خرید اور نکاح کا یہ ہی کہ نکاح اُن عقود سے ہی
جنکی اضافت موکل کی طرف ضروری ہی اور اُسکا ثبوت نہین ہوتا موکل کے واسطے مگر جبکہ اُسی کی طرف منسوب اور مضاف ہو بخلاف خرید کے کہ وہ ہر صورت
موکل کے واسطے ثابت ہی اگرچہ وکیل اُسکی نسبت اپنی طرف کرے چنانچہ مذکور ہو چکا کذا فی الطحطاوی مختصرا فلو اشتراہ بغیر النقود او بخلاف ما سمی الموکل لہ
من الثمن وقع الشراء للوکیل لمخالفتہ امرہ وینعزل فی ضمن المخالفۃ یعنی تو اگر وکیل نے شئی معین کو خرید کیا بغیر نقود یا بخلاف اس ثمن کے جسکا موکل نے
نام لیا وکیل سے تو یہ خرید وکیل ہی کے واسطے واقع ہوگی اسواسطے کہ وکیل نے امر موکل کی مخالفت کی اور وکیل معزول ہوگا وکالت سے درضمن مخالفت
امر کذا فی العینی ہم یہ تفریع ہی حیث لم یکن مخالفا پر وان اشترا شئی بغیر عینہ فالشراء للوکیل الا اذا نواہ للموکل وقت الشراء او شراہ بمالہ
ای بمال الموکل اور اگر اُسکو وکیل کیا غیر معین چیز کی خرید کا تو خرید وکیل کے واسطے ہی مگر جبکہ موکل کے واسطے اُسکی نیت کریگا خرید کرنے کے وقت یا
اُسکو موکل کے مال سے خرید کریگا ولو تکاذبا فی النیۃ حکم بالنقد اجماعا اور اگر باہم وکیل اور موکل ایک نے دوسرے کو کاذب کہا نیت مین تو نقد پر
حکم ہوگا بالاتفاق یعنے اگر نقد سے خرید کیا تو موکل کے واسطے ہی اور نہین تو وکیل کے واسطے ولو توافقا انہا لم تحضرہ فروایتان اور اگر دونون مین اتفاق ہو
اس بات پر کہ خرید کے وقت نیت موجود نہ تھی تو اُسمین دو روایتین ہین ہم تفصیل اس مسئلہ کی تبیین اور بحر الرائق مین اسطرح ہی کہ

اگر وکیل نے عقد کی اضافت اور نسبت ایک شخص کے مال کی طرف خواہ وکیل کے مال کی طرف یا موکل کے مال کی طرف تو وہ چیز اسی شخص کی ہوگی اور اگر مطلق
مال کی طرف نسبت کی تو اگر وکیل اور موکل ایک شخص کی نیت پر متفق ہوئے تو وہ چیز اسی کی ہوگی اور اگر نیت مین اختلاف واقع ہوا تو نقد پر حکم ہوگا
اور اگر عدم نیت پر دونون کا اتفاق ہوا تو محمد رح کے نزدیک وہ چیز عاقد کی ہوا اور ابو یوسف رح کے نزدیک وہ چیز حکم ہوگا انتہی جب یہ معلوم ہوا تو مصنف کے
اس قول کو (الا اذا نواہ للموکل) واجب ہے کہ اسی صورت پر محمول کیجیے جبکہ وکیل عقد کو اپنے مال کی طرف نسبت نہ کرے خواہ اسکو موکل کے
مال کی طرف نسبت کرے یا مطلق مال کی طرف خواہ ثمن اپنے مال سے ادا کرے یا موکل کے مال سے اور یہ جو مصنف نے کہا کہ یا موکل کے مال سے خریدا کرے سے
مراد یہ ہے کہ موکل کے مال کی طرف اسکو نسبت کرے چنانچہ ہدایہ وغیرہ مین صحیح ہے خواہ وجود نیت اور عدم نیت پر اتفاق ہو یا اختلاف خواہ ادا ے ثمن اپنے
مال سے کیا ہو یا موکل کے مال سے اور نیت مین تکاذب اور توافق اسوقت کا مراد ہے جبکہ عقد مطلق مال کی طرف مضاف ہوا اور دو روایتون سے صاحبین رح کا
قول مراد ہے کذا فی الحلبی زعم انہ اشتری عبد الموکلہ بل شریتہ لنفسک فان کان العبد معینا وھو حی قائم فالقول للمامور
اجماعا مطلقا نقد الثمن او لا لاخبارہ عن امر یملک استینافہ وکیل نے کہا کہ اسنے غلام اپنے موکل کے واسطے خرید کیا سو ہلاک ہوگیا اور اسکے
موکل نے کہا بلکہ تو نے وہ غلام اپنی ذات کے واسطے خرید کیا تو اگر غلام معین ہوا اور وہ زندہ موجود بھی ہو تو بالاتفاق مامور کا قول معتبر ہے مطلقا خواہ اسنے
ثمن ادا کیا ہو یا نہ ادا کیا ہو اسواسطے کہ وکیل نے اسکی خبر دی جسکے استیناف کا وہ مالک ہے مراد استیناف عقد یعنی ہر ایک عقد خرید بدر کرسکتا ہے یعنی اگرچہ
وکیل نے اسکو اپنے واسطے خرید کیا ہو لیکن اسکو اعادہ اور استیناف کا اختیار ہے اس طرح پر کہ کہے کہ مین نے اسکو موکل کے واسطے خرید کیا اسواسطے کہ شے معین کی خرید
مین وکیل کو اختیار نہین کہ اپنے واسطے خرید کرے وان میتا والحال ان الثمن منقود فکذلک الحکم اور اگر غلام میت اور حال انکہ ثمن نقد ہے تو اسی طرح
حکم ہے یعنے مامور کا قول معتبر ہے والا یکن منقودا فالقول للموکل لانہ ینکر الرجوع علیہ اور اگر ثمن نقد نہو تو موکل کا قول معتبر ہے اسواسطے کہ وہ اپنے اوپر سے
رجوع ثمن کا منکر ہے اور اعتبار کے لائق منکر کا قول ہے وان العبد غیر معین وھو حی او میت فکذا ای یکون للمامور ان الثمن منقودا لانہ امین اور اگر غلام
غیر معین ہے خواہ وہ زندہ ہو یا مردہ تو ایسا ہی حکم ہے یعنے مامور کا قول معتبر ہوگا اگر ثمن نقد ہے اسواسطے کہ مامور امین ہے والا فللآمر للتہمۃ خلافا لھما
اور اگر ثمن نقد نہو تو آمر کا قول معتبر ہے بسبب تہمت کے بخلاف صاحبین کے کہ تہمت یہ ہے کہ شاید مامور نے اپنے واسطے خرید کیا ہو پھر جب اسمین نقصان
دیکھا تو آمر پر ڈالا فقال بعنی ہذا لعمرو فباعہ ثم انکر الآمر ای انکر المشتری ان عمرا امرہ بالشراء اخذہ عمرو ولغا انکارہ لانہ مناقض لاقرارہ بتوکیلہ بقولہ بعنی
لعمرو ایک شخص نے کہا کہ اسکو بیچ مجھ سے عمرو کے واسطے پھر اسنے امر کرنے والے کا انکار کیا یعنے مشتری نے اسکا انکار کیا کہ عمرو نے اسکو خرید کرنے کا
امر کیا تو عمرو اس مبیع کو لیگا اور اسکا انکار آمر کے لیے لغو ہوگا بسبب تناقض ہونے اسکے انکار کے اسکی توکیل کے اقرار سے یون کہنے سے
کہ مجھ سے بیچ عمرو کے واسطے یعنے جب اسنے اول یون کہا کہ فلانے کے واسطے بیچ تو یہ اقرار ہوا اسکا کہ مین اسکا وکیل ہون پھر اسنے وکالت کا انکار
کیا تو یہ انکار لغو ہوگا کیونکہ یہ انکار اقرار توکیل کے مناقض اور مخالف ہے الا ان یقول عمرو لم آمرہ بہ ای بالشراء فلا یاخذہ عمرو لان اقرار المشتری
یرتد بردہ مگر یہ کہ عمرو کہے کہ مین نے اسکو خرید کرنے کا امر نہین کیا تو اب اسکو عمرو نہ لیگا اسواسطے کہ مشتری کا اقرار رد ہوگیا اسکے رد کر دینے سے
الا ان یسلمہ المشتری الیہ ای الی عمرو فان التسلیم علی وجہ البیع بیع بالتعاطی وان لم یوجد نقد الثمن للعرف مگر یہ کہ مشتری مبیع عمرو کو تسلیم کرے تو عمرو اسکو
لے اسواسطے کہ دینا بطریق بیع کے بیع بالتعاطی ہے اگرچہ ادا ے ثمن نہ پایا جاوے بسبب عرف اور رواج کے یعنے تراخی ثمن مروج ہے
امرہ بشراء شیئین معینین او غیر معینین اذا نواہ فللموکل کما مر بحر امر کیا موکل نے وکیل کو دو معین چیزون کی خرید کا یا دو غیر معین
چیزون کی خرید کا جبکہ وکیل نے اسکی خرید کے وقت موکل کے واسطے نیت کی چنانچہ مذکور ہوچکا کذا فی البحر عنقریب مذکور یہ ہوچکا کہ اگر غیر معین چیز کی

خرید کا وکیل کیا تو وہ خرید وکیل کے واسطے ہی مگر جبکہ موکل کے واسطے نیت کریگا تو خرید موکل کے واسطے ہوگی والحال انہ لم یسم ثمنا فاشتری الاحد بہا بقدر
قیمتہ او بزیادۃ یسیرۃ یتغابن الناس فیہا صح عن الآمر والا لا اذ لیس لوکیل الشراء الشراء بغبن فاحش اجماعا بخلاف وکیل البیع کما سیجئ امعین
دو چیزون کی خرید کا امر کیا اور حالانکہ اُسکا ثمن مذکور نہ کیا سو وکیل نے موکل کے واسطے دو مین سے ایک چیز خرید کی بقدر اُسکی قیمت کے یا
ایسی قلیل زیادتی کے ساتھ جسقدر میں لوگون کو خسارہ ہوجاتا ہی تو وہ خرید صحیح ہی موکل کی طرف سے اور اگر ایسا نہیں یعنی کثیر زیادتی سے خرید کیا تو وہ
خرید موکل کیطرف سے صحیح نہین اسواسطے کہ خرید کے وکیل کو غبن فاحش کے ساتھ خرید کرنا بالاتفاق جائز نہین بخلاف وکیل بیع کہ اُسکو غبن فاحش کے ساتھ بیچنا
جائز ہی چنانچہ مذکور ہوگا وکذا لو شراہما بالف وقیمتہما سواء فاشتری احدہما بنصفہ او اقل صح اور اسیطرح امر کیا دوسرے کو دو چیز کے خرید کرنے کا بعوض ہزار
کے اور دونون کی قیمت برابر ہی سو وکیل نے اُن دو مین سے ایک چیز خرید کی پانسو یا کمتر سے تو صحیح ہی ہم کمتر قیمت کی خرید مین اگرچہ مخالفت امر ہی لیکن اُسمین
موکل کو فائدہ ہی بہذا صحیح ہی ولو بالاکثر ولو یسیرا لا یلزم الآمر الا ان یشتری الثانی من المعینین مثلا بما بقی من الالف وقبل الخصومۃ لحصول المقصود
اور ایک چیز پانسو سے زیادہ کو خرید کی اگرچہ زیادتی قلیل ہو تو موکل کو وہ لازم نہین مگر یہ کہ وکیل دوسری چیز کو مثلاً دونون معین چیزون سے ہزار کی باقی سے
قبل خصومت کے خرید کرے تو اب موکل کو خرید لازم ہوگی بسبب حاصل ہونے مطلب کے ہم مثلاً دو غلام کے خرید کرنے کا بعوض ہزار درم کے امر کیا سو اُسنے ایک غلام
پانسو اور دو درم کو خرید کیا تو یہ خرید موکل کو لازم نہین ہان اگر دوسرے غلام کو دو کم پانسو درم سے خرید کریگا خصومت سے پہلے تو موکل کو خرید لازم ہوگی بسبب
حصول مقصود کے یعنے حاصل ہونا دونون غلامون کا ہزار درم سے وجوازہ ان بقی ما یشتری بمثلہ الآخر اور صاحبین رح نے اُسکو جائز کہا ہی اگر باقی رہی اتنی قیمت
جتنی قیمت سے دوسرا غلام خرید ہوسکے ولو امر رجل مدیونہ لیشتری شیئا بعینہ بدین لہ علیہ وعینہ او عین البائع صح وجعل البائع وکیلا بالقبض دلالۃ
فیبرا الغریم بالتسلیم الیہ اور اگر ایک مرد نے اپنے مدیون کو چیز معین کی خرید کا امر کیا بعوض اُس دین کے جو اُسکا اُسپر ہی اور مبیع کو اُسنے معین کردیا یا بائع کو
معین کردیا تو خرید صحیح ہی اور بائع صاحب دین کا وکیل ٹھہرایا جائیگا قبض دین مین باعتبار دلالت حال کے تو مدیون بری الذمہ ہوجائیگا بائع کو دینے سے
بخلاف غیر المعین لان توکیل المجہول باطل ولذا قال والا یعین فلا یلزم الآمر ونفذ علی المامور فہلاکہ علیہ خلافا لہما بخلاف غیر معین مبیع یا بائع کے
اسواسطے کہ وکیل کرنا شخص مجہول کا باطل ہی اور اسی واسطے مصنف نے کہا اور اگر مبیع یا بائع کو وہ معین نہ کرے تو خرید موکل کو لازم نہوگی اور مامور پر
نافذ ہوگی تو اُسکی ہلاکی کا نقصان مامور ہی پر پڑے گا بخلاف صاحبین رح کے کہ اُنکے نزدیک آمر پر خرید لازم ہی مامور کے قبض کرنے سے
کذا فی الطحطاوی وکذا الخلاف لو امرہ ان یسلم ما علیہ او یصرفہ بناء علی تعین النقود فی الوکالات عندہ وعدم تعینہا فی المعاوضات عندہما اور
اسی طرح امام رح اور صاحبین کا خلاف ثابت ہی اگر صاحب دین نے اپنے مدیون کو یہ امر کیا کہ عقد سلم یا عقد صرف کرے بعوض اُس دین کے جو اُسپر ہی
بنا سے خلاف ہی نقود کے متعین ہونے پر وکالت مین امام رح کے نزدیک اور نہ متعین ہونے نقود کے معاوضات مین صاحبین کے نزدیک ہم چونکہ
صاحبین رح کے نزدیک دراہم اور دنانیر معاوضات مین متعین نہین خواہ دین ہون یا عین تو توکیل صحیح ہی اور آمر کو لازم ہی اسواسطے کہ تصرف مامور کا
آمر کے تصرف کے مانند ہی اور امام کے نزدیک چونکہ دراہم اور دنانیر وکالت متعین ہین تو وکالت باطل ٹھہری تو درصورت تعین نقود غیر مدیون کو تملیک
دین ٹھہری بدون اس بات کے کہ اُس غیر کو قبض دین کا وکیل قرار دیجیے اور یہ جائز نہین کذا فی الطحطاوی ایضا ولو امرہ ای امر رجل مدیونہ بالتصدق
بما علیہ صح امرہ یجعلہ المال للہ تعالی وہو معلوم اور اگر اُسنے اُسکو امر کیا یعنے ایک مرد نے اپنے مدیون کو اُس دین کی خیرات کرنے کا امر کیا جو
اُسکے ذمے پر ثابت ہی تو اُسکا امر صحیح ہو بسبب ٹھہرانے صاحب دین کے مال کو اللہ تعالی کے واسطے اور وہ معلوم ہی نہ مجہول کہ توکیل القبض وین صحیح نہو
ہم یعنے جب مدیون سے کہا کہ دین کو تصدق کرے تو گویا اُسنے حق تعالی کو قبض دین کا وکیل ٹھہرایا اور فقیر باب تصدق مین نائب ہی خدا جل شانہ کا کما صح امرہ

لو امر الآجر المستاجر بعمارتہ مما استاجرہ مما علیہ من الاجرۃ وکذا لو امرہ بشراء حبل لیسوق الدابۃ وینفق علیہا صح اتفاقا للضرورۃ لانہ لایجد الآجر کل وقت
فیجعل الموجر کالموجر فی القبض جیسے صحیح ہی امر اسکا اگر امر کرے اجارہ دینے والا استاجر کو اسکی مرمت کا جسکو اسنے اجارہ لیا اس اجرت سے جو مستاجر پر ہی
اور اسیطرح اگر موجر نے مستاجر کو امر کیا غلام کے خرید کرنے کا جو غلام کہ اجارہ کے جانور کو ہانکے اور اسپر خرچ کرے تو امر اسکا باتفاق امامؒ و صاحبینؒ کے صحیح ہی
بسبب ضرورت کے اسواسطے کہ مستاجر موجر کو ہر وقت نہیں پاتا تو اجارہ والی چیز قبض اجرت مین اجارہ دینے والے کے مانند قرار دی گئی م موجر بفتح جیم عبارت ہی
عین مستاجرہ سے اور موجر بکسر جیم اجارہ دینے والا قلت و فی شرح الجامع الصغیر لقاضی خان ان کان ذلک قبل وجوب الاجرۃ لایجوز وبعد الوجوب قیل علی کذا الخ
الی آخرہ فراجعہ مین کہتا ہون اور قاضی خان کی شرح جامع صغیر مین ہی کہ اگر موجر کا یہ امر قبل واجب ہونے اجرت کے ہی تو جائز نہیں اور بعد وجوب کے بعضون
کے نزدیک بموجب خلاف امامؒ اور صاحبینؒ کے ہی الخ تو اسکی طرف مراجعت کرو م بیان خلاف یہ ہی کہ امر موجر کا بعد وجوب اجرت امامؒ کے نزدیک صحیح نہیں بدون
تعیین مبیع یا بائع کے اور بلا تعیین بیع مامور پر نافذ ہوگی اور صاحبینؒ کے نزدیک بہرصورت آمر پر نافذ ہوگی کذا فی الطحطاوی ولو امرہ بشرائہ بالف ودفع
الالف فاشتری وقیمتہ کذلک فقال الآمر اشتریت بنصفہ وقال المامور بل بکلہ صدق لانہ امین اور اگر اسکو امر کیا اسکی خرید کا بعوض ہزار کے
اور اسنے ہزار دیے سو وکیل نے اسکو خرید کیا اور قیمت اسکی ہزار ہی ہی سو موکل نے کہا کہ تو نے پانسو سے خرید کیا اور وکیل نے کہا بلکہ پورے ہزار سے خرید کیا
تو وکیل ہی کے قول کی تصدیق ہوگی کیونکہ وہ امین ہی وان کان قیمتہ نصفہ فالقول للآمر بلا یمین درر وابن الکمال تبعا لصدر الشریعۃ حیث قال صدق فی الکل بغیر الحلف
وتبعہم المصنف لکن جزم الوانی بانہ تحریف وصوابہ بعد الحلف اور اگر قیمت اسکی پانسو ہو تو موکل کا قول معتبر ہی بدون قسم کے چنانچہ صاحب درر اور ابن کمال
نے ذکر کیا ہی صدر الشریعۃ کے تابع ہوکر صدر الشریعۃ نے شرح وقایہ مین کہا ہی کہ موکل کی تصدیق ہوگی دو صورت دفع اور عدم قیمت دونون صورتون مین بدون
قسم کے اور مصنف تابع ہوا ہی افاضل ثلثہ مذکورہ کا لیکن وانی محشی درر نے یقین کیا ہی کہ قول بعدم حلف تحریف ہی اور ٹھیک بات یہ ہی کہ بعد حلف کے
موکل کی تصدیق ہوگی م طحطاوی نے کہا کہ محشی درر نے تحریف کی نسبت مین کوئی نص صریح بیان نہیں کی تو ادعائے تحریف درحق افاضل بلا سند
بدگمانی ہی اور تخطیہ بے محل ہی وان لم یدفع الالف وقیمتہ نصفہ فالقول للآمر بلا یمین قالہ المصنف تبعا للدرر کما مر قلت لکن فی الاشباہ القول للوکیل
بیمینہ الا فی اربع فیہا البینۃ فتنبہ اگر موکل نے ہزار درم وکیل کو نہیں دیے اور حالانکہ قیمت اسکی پانسو ہی تو موکل کا قول معتبر ہی بدون قسم کے ایسا کچھ
کہا ہی مصنف نے درر کا تابع ہوکر چنانچہ مذکور ہوچکا مین کہتا ہون لیکن اشباہ مین ہی کہ وکیل کا قول معتبر ہی قسم کے ساتھ مگر چار صورتون مین گواہی کے ساتھ
قول اسکا معتبر ہی تو خبردار رہنا اس اختلاف سے م طحطاوی نے کہا یہ استدراک صحیح نہیں ما قبل پر کیونکہ وہ موکل مین ہی اور یہ وکیل مین ہی تو اس عبارت کی
کچھ حاجت نہ تھی علاوہ اسکے اشباہ مین تصدیق قول وکیل مذکور ہی تو نفی یمین اسکو لازم نہین انتہی ملخصا وان کان قیمتہ الفا تحالفا ثم یفسخ العقد
بینہما فیلزم المبیع المامور اور اگر قیمت اسکی ہزار ہو تو موکل اور وکیل دونون قسم کھائین پھر دونون مین عقد فسخ کیا جائے تو مبیع وکیل کو لازم ہوگی وکذا لو
امرہ بشراء معین من غیر بیان ثمن فقال المامور اشتریتہ بکذا وان صدقہ بائعہ علی الاظہر وقال الآمر بنصفہ تحالفا لوقوع الاختلاف فی الثمن
وموجبہ التحالف اور اسیطرح اگر اسکو امر کیا چیز معین کے خرید کرنے کا بدون بیان کرنے ثمن کے سو وکیل نے کہا کہ مین نے اسکو اتنے ثمن کو خرید کیا
اگرچہ بائع اسکا وکیل کی تصدیق کرے بقول اظہر اور کہا موکل نے کہ تو نے اسکو نصف ثمن سے خرید کیا تو دونون قسم کھائین بسبب واقع ہونے اختلاف کے
ثمن مین اور اختلاف ثمن کا موجب باہم قسم کھانا ہی م تصدیق بائع کی تصحیح مین اختلاف ہی تو قول اظہر مذکور ابو منصور کا قول ہی اور قاضی خان نے باتباع فقیہ ابو جعفر
اسکی تصحیح کی ہی کہ بائع کی تصدیق سے تحالف ہوگا کذا فی الطحطاوی وان اختلفا فی مقدارہ ای الثمن فقال الآمر امرتک بشرائہ بمائۃ وقال المامور
بالف فالقول للآمر بیمینہ فان برہنا قدم برہان المامور لاثباتہا الزیادۃ اور اگر دونون نے اختلاف کیا مقدار ثمن مین یعنے تسمیہ مقدار ثمن مین

تو موکل نے کہا کہ مین نے تجکو اسکی خرید کرنے کا امر کیا سو درم سے اور وکیل نے کہا کہ تو نے ہزار درم سے خرید کرنے کو کہا تو موکل کا قول معتبر ہے اسکی قسم کے ساتھ
پھر اگر دونون گواہ لاوین تو وکیل کے گواہ مقدم ہین باعتبار کثرت اثبات کے **وَلَو امرہ بشراء اخیہ فاشتری الوکیل فقال الآمر لیس ہذا المشتری**
باخی فالقول لہ بیمینہ ویکون الوکیل مشتریا لنفسہ والاصل ان الشراء متی لم ینفذ علی الآمر ینفذ علی المامور بخلاف البیع کما مر فی خیار الشرط
اور اگر موکل نے اسکو امر کیا اپنے بھائی کے خرید کرنے کا سو وکیل نے خرید کیا تو موکل نے کہا کہ یہ جسکو خرید کیا میرا بھائی نہین تو موکل کا قول اسکی قسم کے ساتھ
معتبر ہوگا اور وکیل اسکا مشتری ٹھہریگا اپنی ذات کے واسطے اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ خریداری جبکہ موکل پر نافذ نہوئی تو وکیل پر نافذ ہوتی ہے بخلاف بیع کے
چنانچہ کتاب البیع خیار الشرط کے باب مین مذکور ہے جبکہ یعنے درصورت بطلان بیع ملک موکل باقی رہیگی **وعتق العبد علیہ ای علی الوکیل لزعمہ عتقہ علی موکلہ**
فیواخذ بہ خانیہ اور غلام آزاد ہوگا وکیل پر بسبب گمان کرنے وکیل کے اسکا آزاد ہونا اپنے موکل پر تو وہ ماخوذ ہوگا اس گمان پر کذا فی الخانیہ **ولو امرہ عبد**
بشراء نفسہ الآمر من مولاہ بکذا ودفع المبلغ فقال الوکیل لسیدہ اشتریتہ لنفسہ فباعہ علی ہذا الوجہ عتق علی المال وولاؤہ لسیدہ
وکان للوکیل سفیر اور اگر غلام نے ایک شخص کو وکیل کیا اپنی ذات کے خرید کرنے کا اپنے مالک سے بعوض اتنے مال کے اور مبلغ اسکو دیا سو وکیل نے اسکے
مالک سے کہا کہ مین نے اس غلام کو خرید کیا اسکی ذات کے واسطے سو مالک نے اسکو بیچا اسی طریق پر تو وہ آزاد ہوگا مال مذکور پر اور حق آزادی اسکے مالک کا ہے
اور وکیل درمیانی ہے جب وکیل سفیر محض ہوا تو حقوق عقد اسکی طرف رجوع نہونگے اور مطالبہ الف ثانی کا غلام پر ہے نہ وکیل پر یہی قول صحیح ہے آزاد واسطے ہوا کہ غلام
بیچنا غلام سے اعتاق ہے اور غلام کا خرید کرنا قبول اعتاق بعوض مال ہے کذا فی الطحطاوی **وان قال الوکیل اشتریتہ لم یقل لنفسہ فالعبد ملک للمشتری**
والالف للسید فیہما لانہ کسب عبدہ وعلی العبد الف اخری فی الصورۃ الاولی بدل الاعتاق کما علی المشتری الف مثلہا فی الثانیۃ لان الاول
مال المولی فلا یصلح بدلا اور اگر وکیل نے کہا کہ مین نے اس غلام کو خرید کیا اور یہ نہ کہا کہ غلام کو غلام کے واسطے خرید کیا تو غلام مشتری کا مملوک ہوگا اور ہزار
دونون صورتون مین مالک کا مال ہے اسواسطے کہ وہ اسکے غلام کی کمائی ہے اور غلام پر دوسرے ہزار درم پہلی صورت مین واجب ہین عوض اعتاق کے جیسے
مشتری پر ہزار مین مانند اسکے دوسری صورت مین اسواسطے کہ اول ہزار مال ہے مولے کا تو وہ لیاقت عوض ہونے کی نہین رکھتا **وشراء العبد**
من سیدہ اعتاق فتلغو احکام الشراء فلذا قال فلو شری العبد نفسہ الی العطاء صح الشراء اجماعا اور خرید کرنا غلام کا اپنی ذات کو اپنے
مالک سے اعتاق ہے نہ بیع تو احکام خریداری کے لغو ہو جاوینگے تو اسی واسطے مصنف نے کہا سو اگر غلام نے اپنی ذات کو خرید کیا عطا تک تو خرید صحیح ہے
کذا فی البحر اور اگر خرید حقیقی ہوتی تو فاسد ہوتی بسبب مجہول ہونے مدت کے کذا فی الطحطاوی **کما صح فی حصتہ اذا اشتری نفسہ من مولاہ**
ومعہ رجل آخر وبطل الشراء فی حصۃ شریکہ جیسے صحیح ہے خرید غلام کے حصہ مین جبکہ غلام نے اپنی ذات کو مول لیا اپنے مولے سے اور حالانکہ غلام
کے ساتھ دوسرا مرد مشتری ہے اور باطل ہوگی خریداری غلام کے ساتھی کے حصے مین ہم مراد یہ ہے کہ غلام اور اسکے شریک نے بصفقہ واحدہ خریداری کی

چنانچہ تعلیل لاحق اسپر دال ہے بخلاف ما لو شری الاب ولدہ مع رجل آخر فانہ یصح فیہما بیوع الخانیہ من بحث الاستحقاق والفرق ان العقد والبیع فی الثانی
لا الاول لان الشرع جعلہ اعتاقا فلذا بطل فی حصۃ شریکہ للزوم الجمع بین الحقیقۃ والمجاز بخلاف اس صورت کے کہ اگر باپ نے اپنا بیٹا خرید کیا ایک
اور مرد کے ساتھ شریک ہوکر کہ یہ خریداری دونون شریکون کے حق مین صحیح ہے چنانچہ خانیہ کی کتاب البیوع مین ہے استحقاق کی بحث سے اور دونون
صورتون مین وجہ فرق یہ ہے کہ بیع منعقد ہو جاتی ہے دوسری صورت مین یعنے باپ کی شرکت مین نہ پہلے صورت مین یعنے غلام کی شرکت مین اسواسطے کہ
شرع نے غلام کی خریداری کو اعتاق قرار دیا ہے واسطے بیع غلام کے شریک کے حصے مین بسبب لازم ہونے جمع بین الحقیقۃ والمجاز کے ہم یہ شارح نے
جواب دیا سوال مقدر کا حاصل سوال یہ ہے کیا وجہ ہے کہ بیع مذکور حق غلام مین اعتاق اور اسکے شریک کے حق مین مفید ملک نہوئی خلاصہ

جواب یہ ہے کہ یہ نہیں ہو سکتا اسواسطے کہ اس سے لازم آتا ہے ایک لفظ کا استعمال کرنا معنی مجازی یعنے اعتاق مین اور معنی حقیقی یعنے ثبوت ملک مین
اور حالانکہ جمع بین الحقیقۃ والمجاز جائز نہین فقال العبد اشترلی نفسک من مولاک فقال لمولاہ بعنے نفسے لفلان
ففعل ای باعہ علے ہذا الوجہ فہو ای العبد للآمر فلو وجد بہ عیبا ان علم بہ العبد فلا رد وان علم الوکیل کعلم الموکل وان لم یعلم فالرد للعبد اختیار کہا
ایک شخص نے غلام سے کہ میرے لیے اپنی ذات کو خرید کر اپنے مالک سے سو غلام نے اپنے مالک سے کہا کہ بیچ میری ذات فلانے شخص کے واسطے
سو اسنے کیا یعنے اسکے مالک نے اسکو اسی طرح بیچا تو وہ غلام موکل کا مملوک ہے سو اگر موکل نے اسمین کوئی عیب پایا اگر اس عیب کو غلام جانتا تھا
تو پھیر دینا جائز نہین اسواسطے کہ دانست وکیل کی موکل کی دانست کے مانند ہے اور اگر اسکو معلوم نہ تھا تو غلام کو اپنی رد بیع کا اختیار ہے
کذا فی الاختیار شرح المختار رحمہ غلام کو رد بیع کا اسواسطے اختیار رہا کہ غلام وکیل ہے اور حقوق بیع مین اصل وکیل ہے وان لم یقل لفلان عتق
لانہ اتی بتصرف آخر فنفذ علیہ وعلیہ الثمن فیہما لزوال الحجر بعقد باشرہ مقترنا باذن المولے ور اگر غلام نے یہ نہ کہا کہ بیچ مجہکو فلانے شخص کے
واسطے بلکہ یون کہا کہ مجہکو بیچ میرے ہاتھ یا یون کہا کہ مجہکو بیچ ڈال کذا فی الطحطاوی تو غلام آزاد ہو گا اسواسطے کہ وکالت کے سوا اسنے دوسرا
تصرف کیا تو اسپر نافذ ہوگیا اور غلام پر ثمن لازم ہے دونون صورتون مین یعنے در صورت وکالت اور عدم وکالت مین بسبب زائل ہونے
منع تصرف غلام کے اس عقد کے سبب سے جسکا وہ مباشر اور فاعل ہوا اذن مالک کے ساتھ متصل ہو کر کذا فی الدر رحمہ یہ جواب ہے سوال مقدر کا
تقریر اسکی یہ ہے کہ وکیل یہان غلام ہے اور غلام محجور التصرف ہے تو چاہیے کہ حقوق بیع اسکی طرف راجع نہون فرع مسئلہ التحفۃ شارح کا الوکیل اذا خالف
ان خلافا الے خیر فی الجنس کبیع بالف ودرہم فباع بالف ومائۃ نفذ ولو بمائۃ دینار لا وفی الخلاصۃ درر وکیل نے جبکہ امر موکل کی مخالفت کی اگر مخالفت
موکل کی بہتری کی طرف ہے ایک ہی جنس کے اندر چنانچہ موکل نے کہا کہ بیچ بعوض ہزار درم کے سو وکیل نے گیارہ سو درم کو بیچا تو بیع نافذ ہے
اور اگر بعوض سو دینار کے بیچا تو بیع نافذ نہین اگرچہ موکل کے حق مین سو دینار بہتر ہون ہزار درم سے کذا فی الخلاصۃ والدرر رحمہ یہ مسئلہ درر مین خلاصہ سے
منقول ہے تو بہتر یہ تھا کہ شارح فقط خلاصہ پر اختصار کرتا واللہ اعلم

فصل یہ فصل ہے بیع اور شراء وغیرہما کی وکالت کے احکام مین لا یعقد وکیل البیع والشراء والاجارۃ والصرف والسلم
ونحوہا مع من ترد شہادتہ لہ للتہمۃ وکیل بیع اور شراء اور اجارہ اور صرف اور سلم اور انکی مانند کہ چنانچہ تزویج کا وکیل عقد نکرے اس شخص
کے ساتھ جسکی گواہی وکیل کے حق مین مردود ہے بسبب تہمت کے ہم مثلاً اپنے اصول اور فروع کے ہاتھ وکیل بیع نہ کرے نہ اجارہ دے کہ محل
تہمت ہے اور اسواسطے کہ منافع باہمی اصول اور فروع کے متصل ہین تو گویا اسنے اپنی ذات سے بیع کی من وجہ حق وکیل کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر
اسکے ہاتھ بیع کریگا جسکی گواہی موکل کے حق مین مقبول نہین چنانچہ موکل کے باپ یا بیٹے یا غلام مدیون یا مکاتب سے وکیل بیع کریگا تو جائز ہے اور
اپنی ذات سے عدم جواز بیع کا حکم بطریق اولی معلوم ہوگیا کذا فی الطحطاوی وعن الجرجوزاہ بمثل القیمۃ الا من عبدہ ومکاتبہ اور صاحبین رحمہ نے
عقد کو جائز کہا ہے قیمت کے مانند سے نہ اپنے غلام اور مکاتب سے الا اذا اطلق لہ الموکل کبع ممن شئت فیجوز بیعہ لہم بمثل القیمۃ اتفاقا وکیل کو
اشخاص مذکورین کے ہاتھ بیچنا جائز نہین مگر جبکہ موکل وکیل کو علی الاطلاق وکیل کرے چنانچہ یون کہے کہ بیچ جس شخص کے ہاتھ تیرا جی چاہے تو جائز ہوگا اسکا
بیچنا ان لوگون کے ہاتھ بمثل قیمت باتفاق ائمہ اور صاحبین رحمہ کے کما یجوز عقدہ معہم باکثر من القیمۃ اتفاقا ای بیعہ لا شراہ باکثر منہا اتفاقا جیسے جائز ہے عقد
وکیل کا انکے ساتھ در صورت عدم اطلاق اکثر قیمت سے بالاتفاق یعنے بیع وکیل کی در صورت اکثر قیمت جائز ہے نہ خریداری اسکی اکثر قیمت دیکر بالاتفاق رحمہ
شارح نے بیع کی قید لگا کر اشارہ کیا کہ مصنف مطلق بول گیا ہے محل تقیید مین کما لو باع باقل منہا بغبن فاحش لا یجوز اتفاقا وکذا بیسیر عندہ خلافا لہما

ابن ملک وغیرہ چنانچہ اگر بیع کرے اشخاص مذکورین کے ساتھ کمتر قیمت سے بنقصان کثیر تو بالاتفاق جائز نہین اور اسیطرح بنقصان قلیل بیع جائز نہین
امام رح کے نزدیک بخلاف صاحبین رح کذا ذکرہ ابن ملک وغیرہ فی السراجیۃ لو صرح بھم جاز اجماعا الا من نفسہ وطفلہ وعبدہ غیر المدیون اور سراجیہ مین ہے
کہ اگر موکل نے تصریح کر دی ہو اشخاص مذکورین کے ساتھ بیع کرنیکی تو بیع بالاجماع جائز ہے مگر وکیل کو اپنی ذات اور اپنے طفل اور اپنے غلام غیر مدیون
سے جائز نہین وصح بیعہ بما قل او کثر وبالعرض اور صحیح ہے بیع وکیل کی قلیل قیمت یا کثیر قیمت سے اور بعوض اسباب کے ہم یعنے امام رح کے نزدیک
بیع ہر صورت صحیح ہے اگرچہ غبن فاحش ہو اسواسطے کہ توکیل مطلق ہے تو بیع اپنے اطلاق پر جاری رہیگی اور اگاہ ہے انسان بیع سے عاجز ہو جاتا ہے تو نقصان
قبول کرکے بیچتا ہے کذا فی الطحطاوی وخصاہ بالقیمۃ وبالنقود وبہ یفتی بزازیہ اور صاحبین رح نے صحت بیع وکیل کو قیمت اور نقود کے ساتھ مخصوص کیا ہے اور
اسی قول پر فتوی ہے کذا فی البزازیہ ہم محل خلاف درصورت عدم تقیید موکل ہے سو موکل اگر قیمت یا نقد کی تعیین کر دیگا تو اسکا خلاف جائز نہوگا کذا فی الطحطاوی
ولا یجوز فی الصرف کدینار بدرہم بغبن فاحش اجماعا لانہ بیع من وجہ وشراء من وجہ صیرفیہ اور جائز نہین عقد صرف مین جیسے ایک دینار کی بیع ایک
درم سے بنقصان کثیر باجماع امام رح اور صاحبین رح کے اسواسطے کہ عقد صرف بیع ہے ایک راہ سے خرید ہے دوسری وجہ سے کذا فی العینی فیہ ہم اور معلوم
ہوچکا کہ خرید بغبن فاحش جائز نہین وصح بالنسیئۃ ان التوکیل بالبیع لتجارۃ وان کان للحاجۃ لا یجوز کالمرأۃ اذا دفعت غزلا الی رجل لیبیعہ لہا
ویتعین النقد بہ یفتی خلاصہ اور صحیح ہے بیع ادھار سے اگر بیع مین وکیل کرنا تجارت کے واسطے ہوا اور اگر حاجت کے واسطے ہو تو ادھار
سے بیچنا جائز نہین چنانچہ عورت نے جبکہ سوت دیا ایک مرد کو کہ اسے بیچ دے عورت کے واسطے اور اس صورت مین نقد ثمن سے بیچ دینا متعین ہوگا
اسی قول کا فتوی ہے کذا فی الخلاصہ ہم اسواسطے کہ دفع حاجت نہین ہوسکتا مگر نقد سے بخلاف سوداگری کے وکذا فی کل موضع قامت الدلالۃ علی الحاجۃ کما
افادہ المصنف اور اسی طرح نقد ثمن سے بیچنا متعین ہوگا ہر ایک اس مقام مین جسمین دلالت حال قائم ہے حاجت اور ضرورت پر چنانچہ اسکو بیان کیا ہے مصنف نے
اپنی شرح مین وہذا ایضا اذا باعہا بما یبیع الناس نسیئۃ فان طول المدۃ لم یجز بہ یفتی ابن ملک اور یہ بھی یعنے تجارت مین ادھار سے بیچنا اس صورت مین
جائز ہے اگر وکیل نے بیع کی اتنی مدت کے ساتھ جتنی مدت تک لوگ ادھار بیچتے ہین سو اگر وکیل ثمن کی مدت دراز مقرر کریگا تو جائز نہوگا اسی کا فتوی ہے کذا صح
ابن ملک وہذا عین الآمر شیئا تعین الا فی بیعہ بالنسیئۃ بالف فباع بالنقد بالف جاز بحر اور جبکہ موکل کوئی چیز مقرر کردیگا تو وہ متعین ہوجایگی مگر
اس صورت مین کہ موکل نے کہا کہ بیچ اسکو ہزار درم ادھار سے سو وکیل نے اسکو ہزار درم نقد سے بیچا تو جائز ہے کذا فی البحر ہم اور اگر موکل نے کہا کہ بیچ مدت
مقرر کرکے بلا تعیین ثمن سو اسنے نقد سے بیچا امام سرخسی نے کہا کہ اصح یہ ہے کہ بالاجماع جائز نہین کذا فی الطحطاوی قلت وقدمنا انہ ان خالف الی خیر فی ذلک
الجنس جاز والا لا مین کہتا ہون اور ہم پہلے ذکر کر چکے کہ اگر وکیل نے مخالفت امر موکل کی کی بہتری کے ساتھ اسی جنس مین تو جائز ہے اور نہین تو جائز نہین ہے
تتقید بزمان ومکان اور البتہ وکالت مقید ہوتی ہے زمان اور مکان کے ساتھ لکن فی البزازیۃ الوکیل الی عشرۃ ایام وکیل فی العشرۃ وبعدہا فی الاصح وکذا الکفیل
لکنہ لا یطالب الا بعد الاجل کما فی تنویر البصائر لیکن بزازیہ مین ہے کہ دس دن تک کا وکیل دس دن مین اور بعد اسکے بھی وکیل ہے اور اسی طرح دس دن کا
ضامن لیکن ضامن سے مطالبہ نہوگا مگر مدت کے بعد کما فی تنویر البصائر وفی زواہر الجواہر قال بعہ بشہود او برہن فلان او بکفیل او معرفتہ
وباع بدونہم جاز بخلاف لا تبع الا بشہود والا بحضر فلان بہ یفتے قلت وبہ علم حکم واقعۃ الفتوی وقع لہ مالا ینبغی قال اشتری زیتا بمعرفۃ فلان فذہب
واشتری بلا معرفتہ فہلک الزیت لم یضمن بخلاف لا تشتر الا بمعرفۃ فلان فلیحفظ اور زواہر الجواہر مین ہے کہ موکل نے کہا کہ بیچ اسکو گواہون کے
روبرو یا بیچ اسکو فلانے شخص کی تجویز سے یا اسکی دانست اور معرفت سے اور وکیل نے اسکو بیچا بدون اشخاص مذکورین کے تو جائز ہے
بخلاف اس قول کے کہ نہ بیچیو مگر گواہون کے سامنے یا نہ بیچیو مگر فلانے شخص کے روبرو کہ بدون انکے بیع جائز نہوگی اسی کا فتوی ہے

مین کہتا ہون اور اس قول سے معلوم ہوگیا اس واقعہ فتوے طلب کا حکم کہ موکل نے وکیل کو مال دیا اور کہا کہ میرے واسطے روغن زیتون خرید کر
فلانے شخص کی معرفت سو وکیل گیا اور اُسنے بدون معرفت اُس شخص کے خرید کیا پھر روغن مذکور تلف ہوگیا تو وکیل پر تاوان نہین بخلاف اس قول کے
کہ خرید نہ کرنا مگر فلانے شخص کی معرفت تو اسکو یاد رکھنا چاہیے اور فتاوی عالمگیری مین ہی کہ اگر موکل نے ایسی شرط عقد مین کی جو اصلا مفید نہین بلکہ اسکو
مضر ہی تو وکیل پر اسکی مراعات واجب نہین خواہ اسکی تاکید نفی سے کرے یا نہ کرے چنانچہ اسنے کہا کہ بعوض ہزار درم کے اُدھار بیچ یا یون کہا کہ نہ بیچنا اگر
اُدھار ہزار درم سے سو اُسنے ہزار نقد سے بیچ کی تو بیع موکل پر جائز ہی اور اگر موکل نے ایسی شرط کی کہ ایک راہ سے مفید اور دوسری راہ سے مفید نہین تو اگر
اسکی تاکید نفی سے کریگا تو مراعات اسکی واجب ہی اور اگر نفی سے تاکید نہ کی ہو تو مراعات واجب نہین چنانچہ یون کہا کہ اسکو فلانے بازار مین بیچنا سو اُسنے
دوسرے بازار مین بیچا تو اگر اُسنے تاکید بہ نفی نہ کی ہو تو موکل پر یہ بیع نافذ ہی اور اگر تاکید نفی کی ہو تو موکل پر نافذ نہوگی کما فی الذخیرۃ اور قسم ثالث چھوٹ
رہی وہ یہ ہی کہ شرط مفید محض ہو اور ظاہر انکی تصریحات سے اسوقت مین تعیین شرط معلوم ہوتی ہی کذا فی الطحطاوی وصح اخذہ رہنا وکفیلا بالثمن
فلا ضمان علیہ ان ضاع الرہن فی یدہ او توی المال علی الکفیل لان جواز الشرعی ینافی الضمان اور وکیل کو صحیح ہی ثمن مین رہن لینا اور ضامن
لینا تو اُسپر تاوان نہین اگر رہن ضائع ہوگیا اسکے ہاتھ مین یا مال ہلاک ہوگیا ضامن پر اسواسطے کہ جواز شرعی تاوان کی منافی ہی اور ہلاکی مال کی صورت
یہ ہی کہ مقدمہ رجوع کرے اُس قاضی کے پاس جسکے مذہب مین اصیل بری الذمہ ہو جاتا ہی ضمانت سے پھر ضامن مفلس ہوکر مرجاے لہذا بعضون نے کہا کہ
کفالت سے یہان حوالہ مراد ہی اور بعضون نے کہا کہ کفالت اپنے معنی حقیقی پر ہی تو ہلاکی کی صورت یہ ہوگی کہ کفیل اور مکفول عنہ مفلس ہوکر مرجاے کذا فی
الطحطاوی عن الوانی عن شرح الہدایۃ وتقیید شراء بمثل القیمۃ وغبن یسیر وہو ما یقوم بہ مقوم اور وکیل کی خرید مقید بمثل قیمت ہی یا غبن قلیل کے ساتھ
غبن قلیل وہ ہی کہ اسکے برابر کوئی قیمت کرنے والا واقف کار قیمت کرتا ہو کذا فی الدرر وغبن یسیر کا دہ دہنی اور دہ یا ز دہ... اور غبن یسیر کی یہی تعریف مذکور اصح ہی
کذا فی الطحطاوی وہذا اذا لم یکن سعرہ معروفا وان کان سعرہ معروفا بین الناس کخبز ولحم وموز وجبن لاینفذ علی الموکل وان قلت الزیادۃ
ولو فلسا واحدا بہ یفتی بحر وبنایہ اور یہ جو وکیل کی خرید جائز ہونا غبن یسیر کے ساتھ اسوقت ہی جبکہ نرخ اسکا مشہور نہوا اور اگر نرخ اسکا معروف
اور مشہور ہو لوگون مین جیسے کہ روٹی اور گوشت اور کیلے اور پنیر کا نرخ تو غبن کے ساتھ بیع نافذ نہوگی موکل پر اگرچہ زیادتی قلیل ہو اگرچہ ایک ہی پیسا ہو
اسی کا فتوی ہی کذا فی البحر والبنایۃ وکلہ ببیع عبد فباع نصفہ صح لاطلاق التوکیل وقالا ان باع الباقی قبل الخصومۃ جاز والا لا وہو استحسان ملتقی
وہدایۃ وظاہرہ ترجیح قولہما والمفتی بہ خلافہ بحر وکیل کیا اسکو غلام کی بیع کا سو وکیل نے نصف غلام بیچا تو صحیح ہی بسبب مطلق ہونے توکیل کے اور صاحبین رح
نے کہا اگر وکیل نے باقی غلام کو بیچ ڈالا قبل خصومت کے تو بیع جائز ہی اور نہین تو جائز نہین اور یہ استحسان ہی کذا فی الملتقی والہدایۃ اور ظاہر ہدایہ مین
قول صاحبین رح کی ترجیح ہی اور قول مفتی بہ اسکے مخالف ہی کذا فی البحر امام کی دلیل یہ ہی کہ توکیل مطلق ہی اجتماع اور افتراق سے اور صاحبین رح کی دلیل یہ ہی کہ
شرکت ایسا عیب ہی کہ قیمت کو کم کر ڈالتا ہی تو اطلاق مراد نہوگا خلاصہ یہ ہی کہ امام کے نزدیک توکیل بالبیع مین عموم اور اطلاق مراد ہی اور توکیل بالشراء
مین وہ متعارف مراد ہی جسمین ضرر اور تہمت نہین اور صاحبین رح کے نزدیک دونون برابر مین وقیدابن الکمال الخلاف بالتعییب بالشرکۃ والا جاز اتفاقا
فلیراجع اور ابن کمال نے امام رح اور صاحبین کے خلاف مین اسکی قید لگائی کہ جو شرکت سے معیوب ہو جاے اور اگر شرکت سے معیوب نہو تو باتفاق جائز ہی
تو اس تقیید کو تلاش کرنا چاہیے کتب فقہ مین ہم بحر الرائق مین ہی کہ غلام سے مراد وہ ہی جسکی تبعیض مین ضرر ہی تو احتراز واقع ہوا اُس سے جسکی تبعیض مین
ضرر نہین جیسے گیہون اور جو کہ وہ بالاتفاق جائز ہی چنانچہ معراج مین ہی کذا فی الطحطاوی وفی الشراء یتوقف علی شراء باقیہ قبل الخصومۃ اتفاقا اور
نصف غلام کی خرید مین خرید موقوف ہی اسکی نصف باقی کے خرید کرنے پر قبل خصومت کے باتفاق امام رح اور صاحبین رح کے سو نصف اگر قبل

خصومت کرنے سو موکل کے وکیل نے نصف باقی کو خرید کیا تو صحیح ہے اور نہیں تو صحیح نہیں ولو رد مبیع بعیب علی وکیلہ بالبیع ببینۃ او بنکولہ او اقرارہ فیما لا یحدث
مثلہ فی ہذہ المدۃ ردہ الوکیل علی الآمر اور اگر مبیع پھیر دیا گیا بسبب عیب کے اسکی بیع کے وکیل پر بواسطہ گواہوں کے یا قسم نہ کھانے وکیل کے یا اقرار سے
وکیل کے اس عیب میں کہ ویسا عیب اتنی مدت میں پیدا نہیں ہوتا تو وکیل اسکو پھیر دیگا موکل پر ولو باقرارہ فیما یحدث لا یردہ ولزم الوکیل و اگر مبیع
ہوا وکیل کے اقرار سے اس عیب میں کہ پیدا ہو سکتا ہے اتنی مدت میں تو موکل پر نہ پھیریگا اور وکیل کو وہ لازم ہے الاصل فی الوکالۃ الخصوص و فی
المضاربۃ العموم قاعدہ کلیہ وکالت میں خصوص ہے اور مضاربت میں عموم ہے و لہذا وکالت بیان جنس سے صحیح نہیں بلکہ بیان نوع یا ثمن ضرور ہے بخلاف
مضاربت و لہذا مضارب ابداع کا مالک ہے و فرع علیہ بقولہ فان باع الوکیل نسیئۃ فقال امرتک بنقد و قال اطلقت صدق الآمر و مصنف نے
قاعدہ مذکورہ پر تفریع کی اپنے اس قول سے سو اگر وکیل نے بیچ کی ادھار اور موکل نے کہا کہ میں نے نقد کے ساتھ بیچنے کا امر کیا تھا اور وکیل نے کہا کہ تو نے مطلق
کہا تھا تو موکل کی تصدیق ہوگی یعنے اسواسطے کہ وکالت میں خصوص اصل ہے و فی الاختلاف فی المضاربۃ صدق المضارب عملا بالاصل اور مضاربت کے
اختلاف میں مضارب کی تصدیق ہوگی اصل پر عمل کرنے سے یعنے مضارب نے ادھار بیچا اور رب المال نے کہا کہ میں نے نقد سے بیچنے کو کہا تھا اور مضارب نے
کہا کہ تو نے مطلق کہا تھا تو مضارب ہی کی تصدیق ہوگی کیونکہ اصل مضاربت میں عموم ہے لا ینفذ تصرف احد الوکیلین معا کوکلتکما بکذا وحدہ ولو الآخر
عبدا او صبیا او مات او جن نافذ نہیں تصرف فقط ایک وکیل کا ان دو وکیلوں میں سے جنکو موکل نے ساتھ ہی وکیل کیا جیسا کہ یوں کہا موکل نے کہ میں نے
تم دونوں کو وکیل کیا فلانے کام کا اگرچہ دوسرا وکیل غلام یا صغیر ہو یا مرگیا یا دیوانہ ہوگیا ہو ہم اسواسطے ایک وکیل کا تصرف نافذ نہیں کہ موکل دونوں وکیلوں کی
رائے سے راضی ہوا ہے نہ فقط ایک کی رائے سے اور یہ اس تصرف میں ہے جسمیں اجتماع سے کوئی مانع نہیں اور جسمیں رائے کی حاجت ہے اور توکیل
بلفظ واحد ہو کذا فی الدرر لا فیما اذا وکلہما علی التعاقب بخلاف الوصیین کما سیجی فی بابہ مگر احد الوکیلین کا تصرف اس صورت میں نافذ ہے
جبکہ موکل نے دو شخصوں کو وکیل کیا علی التعاقب نہ ساتھ ہی بلفظ واحد بخلاف دو وصی کے کہ باوجود وصایت علی التعاقب ایک وصی کا تصرف
بدون دوسرے کے نافذ نہوگا جیسا کہ باب الوصایا میں آویگا و فی خصومۃ ثم بلا رأی الآخر لا بحضرتہ علی الاصح تصرف احد الوکیلین نافذ نہیں
مگر خصومت میں نافذ ہے بشرطیکہ شرکت رائے وکیل ثانی کے نہ حاضر ہونا دوسرے وکیل کا بنابر قول صحیح کے ہم خصومت میں تصرف ایک وکیل کا
اسواسطے نافذ ہوا کہ وہاں اجتماع متعذر ہے کہ شور و شغب کا موجب ہوگا مجلس قضا میں کذا فی الدرر منح الغفار میں عینی سے مذکور ہے کہ خصومت میں
وکیل ثانی کی رائے مشروط ہے تو اگر بدون رائے ثانی وہ مباشر ہوگا تو ہمارے نزدیک جائز نہیں الا اذا انتہیا الی القبض حتی یجمعا جوہرۃ خصومت میں
احد الوکیلین کا تصرف نافذ ہے مگر جب دونوں وکیل منتہی ہوں قبض کی طرف یعنے جب خصومت منتہی بقبض ہو تو جائز نہیں یہاں تک کہ دونوں
وکیل جمع ہوں کذا فی الجوہرۃ و عتق معین و طلاق معینۃ لم یعوضا بخلاف ما لو عوض او غیر معین اور تصرف احد الوکیلین نافذ نہیں مگر
غلام معین کے عتق میں اور زوجہ معینہ کی طلاق میں جو عتق اور طلاق کہ بلا بدل ہے بخلاف معوض اور غیر معین ہم عتق اور طلاق معینہ بلا عوض
میں رائے کی حاجت نہیں لہذا فقط ایک وکیل کا تصرف کافی ہے بخلاف معوض اور غیر معین کے کہ اسمیں ایک وکیل کا تصرف بدون دوسرے
کے کافی نہیں و تعلیق بمشیتہما ای الوکیلین فانہ یلزم اجتماعہما بالتعلیق قال المصنف اور تعلیق بمشیت وکیلین اسواسطے کہ اجتماع وکیلین لازم ہے تعلیق پر
عمل کرنے سے ایسا ہی کہا ہے مصنف نے ہم جیسا کہ موکل نے کہا دونوں وکیلوں سے کہ تم اسکو طلاق دو اگر تم چاہو تو وقوع طلاق میں دونوں کا فعل شرط ہے
اسواسطے کہ جو چیز دو شی کے ساتھ معلق ہے وہ متحقق نہیں ہوتی ایک شی کے وجود کے ساتھ اور یہی حکم ہے عتق معلق کا قلت وظاہرہ عطفہ علی لم یعوضا لکن
یشکل مع البعض والدرر تحقق العبارۃ ولا ملحظا بمشیتہما فتدبر میں کہتا ہوں اور ظاہر اعطف تعلیق بمشیتہما کا لم یعوضا پر ہے جیسا کہ عینی اور درر سے

معلوم

معلوم ہوتا ہی تو حق عبارت یون تھا ولا علقا بشیئ مما سنتا مل کرم تو اب ترجمہ یون ہوگا کہ تصرف احد الوکیلین نافذ نہین مگر عتق معین اور طلاق معینہ مین
جسکا بدلا نہین لیا گیا اور نہ وکیلین کی مشیت پر دونون معلق کیے گئے و فی تدبیر و رد عین کودیعۃ و عاریۃ و مغصوب و مبیع فاسد خلاصۃ اور تصرف
احد الوکیلین نافذ نہین مگر مدبر کرنے اور رد عین مین جیسا کہ ودیعت اور عاریت اور مغصوب اور مبیع فاسد کے پھیر دینے مین کذا فی الخلاصہ بخلاف استردادہا فلو
قبض احدہما ضمن کلہ لعدم امرہ بالتقبض شئی منہ وحدہ سراج بخلاف استرداد عین کے تو اگر وکیل ودیعت اور عاریت اور مغصوب اور مبیع فاسد کو پھیر لیگا
تو اسکے پورے کا تاوان دیگا یعنے در صورت ہلاک شئی مسترد بسبب نہونے امر موکل کے اسمین سے کچھ قبضہ کرنے کا تنہا یعنے موکل نے یہ کہا تھا کہ
ایک وکیل تنہا بعض شئی پر قبضہ کرے کذا فی السراج م یہ جواب ہی سوال مقدر کا خلاصہ سوال یہ ہی کہ مسترد کے پورے تاوان ہونے کی کیا وجہ ہی
لائق تو یون تھا کہ وکیل پر نصف ضمان ہوتا اسواسطے کہ ہر وکیل نصف شئی کے قبض پر مامور تھا خلاصہ جواب یہ ہی کہ اسکو نصف پر قبضہ کرنے کا تنہا
امر نہ تھا بلکہ اجتماع وکیلین امر تھا پھر جب اسنے خلاف امر کیا اور وہ چیز تلف ہوگئی تو پورا ضمان اسپر لازم آیا و فی تسلیم ہبۃ بخلاف قبضہا ولوالجیہ
اور تسلیم ہبہ یعنے موہوب مین احد الوکیلین کافی ہی بخلاف قبض موہوب کے کہ اسمین اجتماع وکیلین ضرور ہی کذا فی الولوالجیہ وقضاء دین بخلاف
اقتضائہ عینی اور دین کے ادا مین ایک وکیل کافی ہی بخلاف دین کے تقاضے کے کہ اسمین انفراد کافی نہین کذا فی العینی م استرداد عین اور قبض
ہبہ اور اقتضاء دین مین ایک وکیل کا تصرف اسواسطے کافی نہوا کہ اجتماع وکیلین ممکن ہی اور اسمین موکل کی غرض صحیح ہی اسواسطے کہ دو شخصون کا
ایک شخص کا حفظ کی برابر نہین و بخلاف الوصایۃ لاثنین و کذا المضاربۃ والقضاء والتحکیم والتولیۃ علی الوقف فان ہذہ الستۃ کالوکالۃ
فلیس لاحدہما الانفراد بحر اور بخلاف دو شخصون کے وصی ہونے کے اور ایسیطرح دو شخصون کی مضاربت اور قضاء و تحکیم اور وقف پر متولی ہونیکے
تو یہ چھ چیزین وکالت کے مانند ہین تو ایک شخص کو دو شخصون مین سے انفراد اور تنہائی جائز نہین کذا فی البحر م اشیاء مذکورہ پانچ ہین نہ چھ تو شاید کہ
شارح نے وصایت مین دو صورتین ٹھہرائین ایک صورت یہ کہ دونون کو ساتھ ہی وصی مقرر کیا اور دوسری صورت یہ کہ علی التعاقب کیا چونکہ اشیاء مذکورہ
مین راے اور تجویز کی حاجت ہی لہذا انفراد کافی نہین مثلاً بادشاہ نے ایک محل یا ایک حادثہ مین دو قاضی مقرر کیے تو ایک قاضی کا فیصلہ کرنا کافی نہوگا
کذا فی الطحطاوی مختصرا بتصرف الا فی مسئلۃ ما اذا شرط الواقف النظر لہ والاستبدال مع فلان فان للواقف الانفراد دون فلان اشباہ مگر اس مسئلہ
مین جبکہ واقف کرنے والے نے وقف کی نظارت یا استبدال کو اپنے واسطے شرط کیا فلانے شخص کے ساتھ تو واقف کو نظارت یا استبدال مین انفراد
جائز ہی نہ فلانے شخص کو کذا فی الاشباہ والوکیل بقضاء الدین من مالہ او من مال موکلہ لا یجبر علیہ اذا لم یکن للموکل علی الوکیل دین وہی واقعۃ الفتوی
کما بسطہ العمادی واعتمدہ المصنف اور ادائے دین کا وکیل خواہ ادائے دین وکیل کے مال سے ہو یا موکل کے مال سے ہو اسپر زبردستی نہ کیجائیگی ادائے
دین مین بشرطیکہ موکل کا وکیل پر دین نہوا اور یہ واقعہ بھی فتوی طلب تھا چنانچہ اسکو عمادی نے مشرح بیان کیا ہی اور مصنف نے اسپر اعتماد کیا
م اشباہ کی عبارت اس سے عام تر ہی چنانچہ اسمین یون ہی کہ وکیل پر جبر نہین اگر وہ باز رہے اس فعل سے جسمین وہ وکیل ہوا مگر تین مسئلون مین انتہی
اور ملتقطات مین علت اسکی یہ مذکور ہی کہ اسکا کرنا اسپر واجب نہین لیکن تنویر البصائر مین ہی کہ وکیل پر جبر ہوگا دفع دین مین جبکہ اسکے پاس موکل کا مال ہو
کذا فی الطحطاوی قال ومفادہ ان الوکیل ببیع عین من مال الموکل لو فاء دینہ لا یجبر علیہ کما لا یجبر الوکیل بنحو طلاق ولو بطلبہا علی المعتمد وعتق وہبۃ من
فلان و بیع منہ لکونہ متبرعا مصنف نے کہا اور عدم جبر وکیل کا مفاد یہ ہی کہ موکل کے مال سے ایک چیز کے بیچنے کا ایک شخص وکیل ہی موکل کے ادائے دین کے
واسطے تو اسپر جبر نہوگا بیچنے پر چنانچہ وکیل پر جبر نہین مثل طلاق اگرچہ توکیل طلاق عورت کی خواہش سے ہو بنا بر قول معتمد کے
اور جبر نہین عتق پر اور فلانے شخص کے ہبہ کرنے پر اور اسکے ہاتھ بیچنے پر کیونکہ وکیل افعال مذکورہ کے کرنے مین متبرع ہی یعنے

افعال مذکورہ پر اسپر لازم الفعل نہین الا فی ثلث مسائل اذا وکلہ بدفع عین ثم غاب او ببیع رہن شرط فیہ او بعدہ فی الاصح او بخصومۃ بطلب المدعی وغاب

المدعی علیہ اشباہ خلافًا لما افتی بہ قاری الہدایۃ مگر تین مسئلون مین وکیل پر جبر کیا جائیگا جبکہ موکل نے اسکو وکیل کیا دفع عین کا پھر موکل غائب ہوگیا

یا اُس مرہون کی بیع کا وکیل کیا جسکے عقد رہن مین بیع شرط ہو یا بعد رہن بیع کی شرط ہوئی قول اصح مین یا اسکو وکیل کیا خصومت مین مدعی کے

طلب کرنے سے اور مدعا علیہ غائب ہوگیا کذا فی الاشباہ بخلاف فتوی قاری ہدایہ ہم بیان شارح ظاہرا دلالت کرتا ہے کہ قاری ہدایہ مسائل

ثلثہ مین مخالف ہے حالانکہ مخالفت اسکی فقط تین کے مسئلے مین ہے کہ وہ جبر وکیل کا قائل ہے درصورت امر موکل بدفع دین وثبوت مال موکل بدست کیل

چنانچہ منح الغفار مین مشرح مذکور ہے کذا فی الحلبی قلت وظاہر الاشباہ ان الوکیل بالاجر یجبر فتدبر مین کہتا ہون اور ظاہر اشباہ یہ ہے کہ وکیل بالاجر پر

جبر ہو سو تامل کر اسکو م اشباہ مین ہے کہ وکیل پر جبر نہین بغیر اجرت کے ثمن کے تقاضے پر انتہی مختصرًا اور ابن ضیا کی شرح مجمع مین ہے کہ جو اجرت لیکر

بیچتا ہے جیسے بیاع اور سمسار اسپر جبر کیا جائیگا استیفاء ثمن پر اسواسطے کہ اسکو بیچ گیا بدلا اسکے عمل کا مانند مضارب کے درصورت حصول نفع کذا فی

الطحاوی والتبس مسئلۃ واقعۃ الفتوی وراجع تنویر البصائر فلعلہ اوفق اور مشتبہ ہوگیا واقعۃ الفتوی کے مسئلے کو اور مراجعت کر تنویر البصائر حاشیۂ

اشباہ کی طرف کہ اُسنے پورا اسکو بیان کیا ہے م واقعۃ الفتوی یہ ہے کہ جب وکیل ہو اُس دین کی قضا کا جو موکل پر ہے تو اسپر جبر ہوگا تو مسائل اجبار

وکیل ان دو مسئلون کے ساتھ ملا کر پانچ مسئلے ہوے خلاصۂ تنویر البصائر یہ ہے کہ جب وکیل مامور ہو تفضلے دین پر اپنے مال سے تو اسپر جبر نہین اور اگر

آمر کے مال سے مامور ہے تو اسپر جبر ہے کذا فی الطحاوی م اشباہ وفی فروق الاشباہ التوکیل بغیر رضی الخصم لایجوز عند الامام الا ان یکون الموکل حاضر ابنفسہ او

مسافرًا او مریضًا او مخدرۃ او روحنیۃ ... فروق مین ہے وکیل کرنا بدون رضامندی مخاصم کے جائز نہین امام کے نزدیک مگر یہ کہ موکل

بذات خود حاضر ہو یا مسافر یا مریض ... ہوم یہ مسئلہ مکرر ہوگیا کہ اول کتاب الوکالۃ مین مذکور ہوچکا الوکیل لا یوکل الا باذن

آمرہ او بعموم الرضی وکیل دوسرے شخص کو وکیل نہین کرسکتا مگر اپنے موکل کے اذن سے بسبب وجوب رضامندی کے م وکیل کو دوسرا وکیل کرنا

اسواسطے جائز نہوا کہ اسکو تصرف مفوض ہے نہ توکیل اور موکل تصرف مین وکیل کی راے سے راضی ہوا اور لوگ راے مین مختلف ہوتے ہین

اور مراد یہ ہے کہ جس کام مین وہ وکیل ہوا اُسمین دوسرے کو وکیل نہین کرسکتا تو حقوق عقد کی توکیل خارج ہوگئی مثلًا بیع کا وکیل دوسرے کو

بیع مین وکیل نہین کرسکتا لیکن تقاضائے ثمن مین بلا اذن موکل کرسکتا ہے اسواسطے کہ حقوق عقد مین وکیل خود اصیل ہے الا اذا وکلہ فی دفع زکوۃ

توکل آخر ثم وثم فدفع الاخیر جاز ولا یتوقف بخلاف شراء الاضحیۃ الخانیۃ وکیل دوسرے کو وکیل نہین کرسکتا مگر جبکہ وکیل کو دفع زکوۃ مین وکیل کیا

سو اسنے دوسرے کو وکیل کیا اور دوسرے نے تیسرے کو اور تیسرے نے چوتھے کو وعلی ہذا القیاس سو وکیل اخیر نے زکوۃ فقیر کو دی تو جائز ہے

اور یہ جواز موقوف نہ رہیگا وکیل اول کی اجازت پر بخلاف خرید قربانی کذا فی الصحیۃ الخانیۃ یعنے موکل نے زید کو قربانی خرید کرنے پر وکیل کیا اور زید نے

خالد کو وکیل کیا سو خالد نے قربانی خریدی تو یہ خرید زید کی اجازت پر موقوف ہے اگر اسنے جائز رکھی تو جائز ہے اور نہین تو نہین کذا فی الطحاوی

والا الوکیل فی قبض الدین اذا وکل من فی عیالہ صح ابن ملک اور وکیل کرنا جائز نہین مگر قبض دین کا وکیل جبکہ وکیل کرے اسکو

جو اسکے عیال مین ہے تو صحیح ہے کذا ذکرہ ابن الملک والا عند تقدیر الثمن من الموکل الاول لہ ای لوکیلہ فیجوز بلا اجازتہ لحصول المقصود درر

اور وکیل کو توکیل جائز نہین مگر نزدیک ٹھہرا دینے ثمن کے موکل اول کے جانب سے اپنے وکیل کو تو جائز ہے بلا اجازت وکیل اول کے بسبب

حاصل ہونے مقصود کے کذا فی الدرر م اسواسطے کہ راے کی طرف حاجت تقدیر ثمن کے واسطے ہوتی ہے سو یہان حاصل ہے بخلاف اُس صورت

کے جبکہ دو وکیل مقرر کیے اور ثمن ٹھہرا دیا اسواسطے کہ جب دو شخصون کی طرف تفویض ہوئی باوجود تقدیر ثمن تو ظاہر ہوگیا کہ غرض موکل اجتماع راے وکیلین ہے

زیادتی ثمن اور اختیار مشتری مین کذا فی الہدایہ والتفویض الی رایہ کا عمل برایک کالاذن فی التوکیل الا فی طلاق وعتاق لانہما مما حلفت بہ خلا التوع
غیر دیا ما قنیہ اور یہ مذکور تا وکیل کی راے کی طرف چنانچہ موکل کا وکیل سے یون کہنا کہ عمل کر اپنی راے اور تجویز سے اذن کے مانند ہی وکیل کرنے مین مگر طلاق
اور عتاق مین اذن کے مانند نہین اسواسطے کہ طلاق اور عتاق منجملہ ان امور کے ہی کہ انسے قسم کھائی جاتی ہی تو غیر وکیل بجاے وکیل نہین ہوسکتا کذا فی
القنیہ ہم یہ حکم بنا التفویض کے ہی اور اگر وکیل کو صریحا اذن ہو طلاق اور عتاق کی توکیل مین تو بلاشبہہ صحیح ہی کذا فی الطحطاوی فان وکل الوکیل غیرہ
بدونہما بدون اذن وتفویض ففعل الثانی بحضرتہ او غیبتہ فاجازہ الوکیل الاول صح وتتعلق حقوقہ بالعاقد علی الصحیح پھر اگر وکیل نے اپنے غیر کو
وکیل کیا بدون اذن اور تفویض موکل کے پھر وکیل ثانی نے وکیل اول کے سامنے یا پیچھے وہ کام کیا سو وکیل اول نے اسکو جائز رکھا تو صحیح ہی اور
حقوق عقد عاقد سے یعنے وکیل ثانی سے متعلق ہونگے بقول صحیح اسواسطے کہ مقصود حصول راے وکیل اول ہی سو یہان حاصل ہی الا فی ما لیس
بعقد نحو طلاق وعتاق لتعلقہما بالشرط فکان الموکل علقہ بلفظ الاول دون الثانی مگر اس تصرف مین جو عقد نہین جیسے طلاق اور عتاق
وکیل ثانی کا فعل باوجود اجازت وکیل اول صحیح نہین بسبب متعلق ہونے طلاق اور عتاق کی شرط سے یعنے دونون تعلیق بالشرط کی قابل ہین
تو گویا موکل نے طلاق یا عتاق کو معلق کیا وکیل اول کے لفظ سے نہ وکیل ثانی کے لفظ سے وابراء عن الدین قنیہ وخصومۃ وقضاء دین فلا تکفی
الحضرۃ ابن ملک خلافا للخانیۃ اور دین سے ابرا کرنے مین کذا فی القنیہ اور خصومت اور ابراے دین مین تو کافی نہین حاضر ہونا وکیل اول کا کذا ذکرہ
ابن ملک برخلاف خانیہ کے ہم خلاف خانیہ فقط خصومت مین ہی اسمین یون ہی کہ اگر وکیل ثانی نے خصومت کی اور موکل حاضر ہی تو جائز ہی اسواسطے کہ
جب وکیل اول حاضر ہوا تو گویا اسنے خصومت کی بذات خود مانند وکیل بیع کذا فی الطحطاوی وان فعل اجنبی فاجازہ الوکیل الاول جاز الا فی شراء
فانہ ینفذ علیہ ولا یتوقف متی وجد نفاذا اور اگر اجنبی شخص نے کام کیا سو اسکو وکیل اول نے جائز رکھا تو جائز ہی مگر خرید کرنے مین کہ وہ اجنبی پر
نافذ ہوگا اور موقوف نہ رہیگا جبکہ وہ نفاذ پاوے وان وکل بہ ای بالامر والتفویض فہو ای الثانی وکیل الآمر وحینئذ فلا ینعزل بعزل موکلہ
او موتہ وینعزلان بموت الاول کما مر فی القضاء اور اگر وکیل نے دوسرے کو وکیل کیا موکل اول کے امر یا تفویض سے تو وکیل ثانی آمر یعنے موکل
اول کا وکیل ہی اور اسوقت مین تو وہ معزول نہوگا اپنے موکل یعنے وکیل اول کے معزول کرنے اور مرجانے سے اور دونون وکیل معزول ہونگے موکل
اول کی موت سے چنانچہ مذکور ہوچکا کتاب القضا مین وفی البحر عن الخلاصۃ والخانیۃ لہ عزلہ فی قولہ اصنع ما شئت لرضاہ بصنعہ وعزلہ من صنعہ بخلاف
اعمل برایک فقال المصنف فعلیہ لو قیل للقاضی اصنع ما شئت فلہ عزل نائبہ بلا تفویض العزل صریحا لان النائب کوکیل الوکیل اور بحر الرائق
مین خلاصہ اور خانیہ سے مذکور ہی کہ وکیل اول کو وکیل ثانی کا معزول کرنا جائز ہی موکل کے اس قول مین کہ کر جو تیرا جی چاہے بسبب راضی ہونے موکل کے
وکیل اول کی صنعت سے اور اسکا معزول کرنا بھی اسکی صنعت سے ہی بخلاف اس قول کے کہ عمل کر اپنی راے پر مصنف نے اپنی شرح مین کہا تو
بموجب اس قول کے اگر قاضی سے کہا جاوے کہ کر جو تیرا جی چاہے تو اسکو اپنے نائب کا معزول کرنا جائز ہی بدون اس بات کے کہ اسکو معزول کرنا صریحا
تفویض ہوا اسواسطے کہ نائب قاضی وکیل الوکیل کے مانند ہی واعلم ان الوکیل وکالۃ عامۃ مطلقۃ مفوضۃ انما یملک المعاوضات لا الطلاق والعتاق
والتبرعات بہ یفتی زواہر الجواہر وتنویر البصائر اور دریافت کر کہ وکیل بوکالت عامہ مطلقہ مفوضہ مالک نہین مگر معاوضات کا نہ طلاق اور عتاق
اور تبرعات کا اسی کا فتویٰ ہی کذا فی زواہر الجواہر وتنویر البصائر قال لرجل فوضت الیک امر امرأتی صار وکیلا بالطلاق
ولیقید طلاقہ بالمجلس بخلاف قولہ وکلتک فی امر امرأتی فلا یتقید بہ در رکہا ایک مرد سے کہ مین نے تفویض کیا تیری طرف اپنی عورت کا امر تو
وہ وکیل ہوگیا طلاق کا اور مقید ہوگا طلاق دینا اسکا مجلس مین یعنے اگر اسی مجلس مین طلاق دیگا تو صحیح ہی نہین تو صحیح نہین بخلاف

اس قول کے کہ مین نے تجکو وکیل کیا اپنی عورت کے امر مین تو طلاق مقید نہوگی اسی مجلس کے ساتھ کذا فی الذخیرہ یعنے اگر بعد اس مجلس کے طلاق دیگا تو صحیح ہوگا
من لا ولایۃ لہ علی غیرہ لم یجز تصرفہ فی حقہ وحینئذ فاذا باع عبدا و مکاتب او ذمی ای حربی عینی مال صغیرۃ الحر المسلم
او شری واحد منہم بہ او زوج صغیرۃ کذلک ای حرۃ مسلمۃ لم یجز لعدم الولایۃ جس شخص کو ولایت ثابت نہین اپنے غیر پر
تو اسکا تصرف جائز نہین اس غیر کے حق مین اور اسوقت تو اگر بیچے غلام یا مکاتب یا ذمی یا حربی کذا فی العینی اپنے طفل صغیر آزاد مسلمان کا مال
یا کوئی شخص انمین سے بعوض اس مال کے کچھ خرید کرے یا نکاح کردے اسی طرح کے صغیر کا یعنے آزاد مسلمان کا تو جائز نہوگا بسبب نہونے ولایت کے
یعنے غلام کی ولایت آزاد پر نہین اور ذمی اور حربی کی ولایت مسلمان پر ثابت نہین تو تصرفات مذکورہ بھی جائز نہین والولایۃ فی مال الصغیر
الی الاب ثم وصیہ ثم وصی وصیہ اذا الوصی یملک الایصا ثم الی الجد اب الاب ثم الی وصیہ ثم وصی وصیہ ثم الی القاضی ثم الی من
نصبہ القاضی ثم وصی وصیہ اور صغیر کے مال مین اسکے باپ کی ولایت ہی پھر باپ کے وصی کی پھر اسکے وصی کے وصی کی اسواسطے کہ وصی مالک ہی دوسرے کو
وصی کرنے کا پھر ولایت دادا کی ہی جو باپ کا باپ ہی یعنے جد فاسد مراد نہین پھر دادا کے وصی کی پھر اسکے وصی کے وصی کی پھر ولایت قاضی کی ہی پھر
اسکی جسکو قاضی نے وصی مقرر کیا پھر اسکے وصی کے وصی کی ولیس لوصی الام و وصی الاخ ولایۃ التصرف فی ترکۃ الام مع حضرۃ الاب او
وصیہ او وصی وصیہ او الجد اب الاب اور ماں کے وصی اور بھائی کے وصی کو ولایت تصرف کرنے کی نہین ماں کے متروکہ مین اسیطرح بھائی کے
متروکہ مین باوجود حاضر ہونے باپ کے یا اسکے وصی کے یا اسکے وصی کے وصی کی یا باوجود ہونے دادا کے جو باپ کا باپ ہی وان لم یکن احد مما ذکر فلہ
ای الوصی الام الحفظ اور اگر کوئی نہو اشخاص اربعہ مذکورہ سے تو اسکو یعنے ماں کے وصی کو ماں کے متروکہ مین حفاظت کی ولایت ہی وبیع المنقول
لا العقار اور ماں کے وصی کو بیع منقول کی جائز ہی نہ زمین وغیر منقول کی ہم بیع منقول اسواسطے جائز ہی کہ وہ منجملہ حفاظت کے ہی ولا یشتری الا الطعام
والکسوۃ لانہما من جملۃ حفظ الصغیر خانیۃ اور ماں کا وصی کوئی چیز خرید نہ کرے سوائے طعام اور لباس صغیر کے اسواسطے کہ وہ دونون منجملہ حفظ صغیر کے ہین
کذا فی الخانیہ فروع مسائل ملحقہ شارح کے وصی القاضی کوصی الاب الا اذا قید القاضی بنوع تقیید بہ وفی الاب یعم الکل عمادیۃ قاضی کا وصی باپ کے وصی کے مانند ہی
مگر جبکہ قاضی وصی کو ایک قسم کے تصرف کے ساتھ مقید کرے تو اسکا وصی ہونا اسی قسم کے ساتھ مقید ہوگا اور باپ کے وصی مین جمیع انواع تصرفات کا عموم ہی کذا فی
العمادیہ یعنی اگر باپ نے ایک نوع مین وصی کیا ہو تو بھی وہ جمیع انواع مین وصی ہوگا وفی متفرقات البحر القاضی او امینہ لا یرجع حقوق عقد باشرہ للیتیم الیہما بخلاف
وکیل و وصی و اب فلو ضمن القاضی او امینہ ثمن ما باعہ للیتیم بعد بلوغہ صح بخلافہم اور بحر الرائق کی متفرقات مین ہی کہ قاضی یا اسکے امین کی طرف
اس عقد کے حقوق راجع نہین ہوتے جسکے وہ فاعل اور مباشر ہوے بخلاف وکیل اور وصی اور باپ کے تو اگر قاضی یا اسکا امین تاوان دے بعد بالغ ہونے
یتیم کے اس چیز کے ثمن کا جسکو قاضی یا اسکے امین نے یتیم کے واسطے بیچا تو صحیح ہی بخلاف ان لوگون یعنے وکیل اور وصی اور باپ کے کہ قاضی اور امین کا
تاوان اسواسطے صحیح ہوا کہ دونون حقوق عقد سے اجنبی ہین بخلاف وکیل وغیرہ کے کہ انکے واسطے حق استیفا ثابت ہی تو انکا ضمان دینا اپنی ذاتون
کے واسطے صحیح نہوگا کذا فی الطحطاوی وفی الاشباہ جاز التوکیل بکل ما یعقدہ الوکیل لنفسہ الا الوصی فلہ ان یشتری مال الیتیم لنفسہ لا لغیرہ بوکالۃ اور اشباہ
مین ہی کہ وکیل کرنا جائز ہی ہر ایک اس چیز مین جسکو وکیل عقد کرسکتا ہی اپنی ذات کے واسطے سوائے وصی کے کہ اسکو مال یتیم کا خرید کرنا اپنے واسطے جائز ہی
نہ اپنے غیر کے واسطے بطریق وکالت کے ہم طحطاوی نے کہا اشباہ کے جس نسخے پر مفتی ابو سعود نے حاشیہ لکھا ہی اسمین بجاے وکیل کے موکل کا لفظ ہی
اور یہی موافق ہی ماتقدم سے انتہی وجاز التوکیل بالتوکیل اور وکیل کرنے کے واسطے وکیل کرنا جائز ہی ہم تو جب ایک شخص کو وکیل کیا اس بات کا
کہ وہ فلانے شخص کو خرید کرنے مین وکیل کرے سو اسنے اسکو وکیل کیا اور وکیل نے خرید کی تو وہ ثمن مامور سے پھر لے اور مامور اپنے آمر سے

اور وکیل امر اول سے نہ لیگا کذا فی الطحطاوی عن الاشباہ

باب الوکالۃ بالخصومۃ والقبض

باب الوکالۃ بالخصومۃ والقبض

یہ باب ہے خصومت اور قبض کی وکالت کے احکام مین مصنف نے ازراہ ترجمہ وکیل ملازمت اور تقاضے وغیرہ کے بھی مسائل مذکور کیے ہین خصومت
عبارت ہے دعوی صحیح یا جواب صریح سے اسطرح کہ ہان یا نہین چنانچہ سابق مذکور ہوچکا وکیل الخصومۃ والتقاضی ای اخذ الدین لا یملک القبض عند زفر رح
و یفتی لفساد الزمان واختارہ فی البحر للعرف وکیل خصومت اور تقاضی کا یعنی دین کے لینے کا مالک نہین قبض دین کا زفر کے نزدیک اور اسی قول پر فتوی ہے
بسبب فساد زمانے کے کہ اکثر وکیل خیانت پیشہ ہین اور بحر الرائق مین عرف پر اعتماد کیا ہے ثم التقاضی بمعنی اخذ الدین باعتبار اصل لغت کے ہے لیکن عرف
مین تقاضا بمعنی مطالبہ ہے نہ قبض اور عرف مقدم ہے لغت پر اور امام رح اور صاحبین رح کے نزدیک وکیل تقاضا قبض کا مالک ہے اور یہی ظاہر الروایۃ ہے
خواہ وہ چیز عین ہو یا دین صاحب بحر نے فتاوی صغری سے نقل کیا کہ وکیل تقاضا مین عرف کا اعتماد ہے اگر ایسے شہر مین ہو جہان سوداگرون مین رواج ہو کہ
تقاضا کرنے والا وہی قابض دین ہوتا ہو تو وہ قبض دین کا مالک ہوگا ورنہ نہین تو نہین منح الغفار مین سراجیہ سے منقول ہے کہ اس قول پر فتوی ہے
کذا فی الطحطاوی ولا الصلح اجماعا بحر اور نہ خصومت اور تقاضی کا وکیل صلح کرنے کا مالک ہے بالاتفاق کذا فی البحر اسواسطے کہ صلح مغائر ہے اسکی جسکے
واسطے وہ وکیل ہوا ورسول التقاضی یملک القبض لا الخصومۃ اجماعا بحر اور تقاضا کرنے کا رسول مالک ہے قبض کا نہ خصومت کا بالاتفاق کذا فی
البحر ارسلتک او کن رسولا عنی ارسال وامرتک بقبضہ توکیل خلافا للزیلعی یون کہتا کہ (ارسلتک) یعنی مین نے تجکو پیام رسان کیا یا یون کہتا کہ کن
رسولا عنی) یعنی تو میری طرف سے رسول یعنی پیام رسان ہو یہ رسول مقرر کرنا ہے اور یون کہتا کہ مین نے تجکو امر کیا اسکے قبضہ کرنے کا یہ توکیل ہے برخلاف
زیلعی یعنی زیلعی نے امرتک بقبضہ کو ارسال کہا ہے نہ توکیل ولا یملکہما ای الخصومۃ والقبض وکیل الملازمۃ اور وکیل ملازمت مالک نہین خصومت اور
قبض کا ملازمت عبارت ہے ساتھ نہ چھوڑنے سے سو اسکو خصومت اور قبض لازم نہین کذا فی المنح کما لا یملک الخصومۃ وکیل الصلح بحر جیسے وکیل
صلح مالک نہین خصومت کرنیکا کذا فی البحر و وکیل قبض الدین یملکہا ای الخصومۃ خلافا لہما ولو وکیل الدائن ولو وکیل القاضی لا یملکہا اتفاقا اور قبض دین کا
وکیل مالک ہے خصومت کا برخلاف صاحبین کے اگر وکیل صاحب دین کا ہوا اور اگر قاضی کا وکیل ہو تو باتفاق امام رح اور صاحبین رح کے وہ خصومت کا
مالک نہین کوکیل لقبض العین اتفاقا جیسے قبض عین کا وکیل بالاتفاق مالک خصومت نہین ہے اسواسطے کہ وکیل مذکور امین محض ہے تو مشابہ رسول کے ہوا
تو اگر اپنے غلام کے قبض کا وکیل کیا سو ذو الید نے گواہ قائم کیے اسپر کہ موکل نے اسکو بیچ ڈالا ہے تو امر موقوف رہیگا تا حضور موکل غائب کے کذا فی الطحطاوی
ولا وکیل قسمۃ واخذ شفعۃ ورجوع ہبۃ ورد بعیب فیملکہا مع القبض اتفاقا ابن ملک اور قسمت کا وکیل اور شفعہ لینے اور ہبہ پھیرنے اور رد بالعیب کا وکیل
تو مالک ہے خصومت کا قبض کے ساتھ بالاتفاق کذا ذکرہ ابن ملک امرہ بقبض دینہ وان لا یقبضہ الا جمیعا فقبضہ الا درہما لم یجز
قبضہ المذکور علی الآمر لمخالفتہ لہ فلم یصر وکیلا وللآمر الرجوع علی الغریم بکلہ وکذا لا یقبض درہما دون درہم کسی موکل نے وکیل کو
امر کیا اپنے دین کے قبض کا اور اسکا کہ نہ قبض کر دین مگر تمام سو وکیل نے دین قبض کیا سواے ایک درم کے تو اسکا قبض مذکور جائز نہین
موکل پر بسبب موکل کی مخالفت کرنے کے تو وہ وکیل ہی نہوا اور موکل کو جائز ہے اپنے دین کا پھر لینا مدیون سے پورا اور اسی طرح
نہ قبض کرے ایک درم سواے ایک درم کے کذا فی البحر فلو لم یکن للغریم بینۃ علی الایفاء فقضی علیہ بالدین وقبضہ الوکیل فضاع
منہ ثم برہن المطلوب علی الایفاء للموکل فلا سبیل لہ للمدیون علی الوکیل وانما یرجع علی الموکل لان یدہ کیدہ ذخیرہ تو اگر مدیون کے
گواہ نہون ادا سے دین موکل پر پھر مدیون پر قاضی کا حکم ہوا ادائے دین کا اور وکیل نے اسپر قبضہ کیا سو اسکے پاس تلف ہوگیا پھر مدیون

مطلوب نے ابراء دین کے موکل پر گواہ قائم کیے تو مدیون کی کوئی سبیل نہیں وکیل پر اور وہ تو موکل سے پھر لیگا جو اُسنے وکیل کو دیا ہو اسلیے کہ وکیل کا قبض
اور تصرف موکل کے قبض کے مانند ہے کذا فی الذخیرۃ الوکیل بالخصومۃ اذا ابی الخصومۃ لایجبر علیہا الا اذا کان وکیلا بالخصومۃ بطلب المدعی وغاب المدعی علیہ فی
الاشباہ لایجبر الوکیل اذا امتنع عن فعل ما وکل فیہ لتبرعہ الا فی ثلاث کما مر خصومت کا وکیل جبکہ خصومت کرنے سے انکار کرے تو خصومت کرنے پر زبردستی نہوگی
مگر اس صورت مین کہ وکیل بالخصومۃ مدعی کی درخواست سے ہوا ہو اور مدعا علیہ روپوش ہوگیا ہو اشباہ مین ہی کہ وکیل پر جبر نہین جبکہ وہ باز رہے
اس سے جسمین وہ وکیل مقرر ہوا بسبب تبرع ہونے وکیل کے مگر تین مسئلون مین جبر کیا جائیگا چنانچہ مذکور ہوچکا اس باب کے پہلے بخلاف الکفیل
فانہ یجبر علیہا الالتزام بخلاف ضامن کے کہ اُسپر جبر ہوگا خصومت پر بسبب التزام کے م یعنے جو ضامن ہوا خصومت کا اُسپر جبر ہوگا اور تصویر اسکی
یون ممکن ہی کہ ضامن ہوا ایک شخص کا جو اُسپر ثابت ہو سو مطلوب نے بالنسو کا اقرار کیا اور طالب ہزار کا مدعی ہی تو ضامن سے خصومت کیجائیگی اس مال مین
جو مدیون پر ثابت ہوگا کذا فی الطحطاوی وکلہ بخصوماتہ واخذ حقوقہ من الناس علی ان لایکون وکیلا فیما یدعی علی الموکل جاز فلو اثبت
ای لموکلہ المال لہ الوکیل ثم اراد الخصم الدفع لایسمع علی الوکیل لانہ لیس بوکیل فیہ درر موکل نے ایک شخص کو وکیل کیا اپنی خصومات مین اور اپنے
حقوق کے لینے مین لوگون سے اس شرط پر وکیل کیا کہ وہ وکیل نہوگا اُسمین جو موکل پر دعوی کیا جاے تو یہ توکیل جائز ہی سو اگر وکیل نے موکل کا مال
ثابت کیا پھر مخاصم نے دفع مال کا ارادہ کیا تو اُسکا دعوی وکیل پر مسموع نہوگا اسواسطے کہ وہ اُسمین وکیل نہین کذا فی الدرر ھم تو مدعا علیہ پر مال کے دینے کا حکم
ہوگا پھر مخاصم کو اختیار ہی کہ موکل سے دفع دین کا مواخذہ کرے وصح اقرار الوکیل بالخصومۃ لابغیرھا مطلقا بغیر الحدود والقصاص علی موکلہ عند القاضی
دون غیرہ استحسانا اور صحیح ہی خصومت کے وکیل کا اقرار سواے حدود اور قصاص کے اپنے موکل پر قاضی کے نزدیک نہ غیر قاضی کے نزدیک استحسان کی
روسے نہ غیر خصومت کے وکیل کا اقرار مطلقا نہ قاضی نہ غیر قاضی کے نزدیک یعنے وکیل صلح یا وکیل قبض یا وکیل ملازمت کا اقرار اپنے موکل پر صحیح نہین وان انعزل
الوکیل بہ ای بہذا الاقرار حتے لایدفع الیہ المال وان برہن بعدہ علی الوکالۃ للتناقض درر وکیل خصومت کا اقرار اپنے موکل پر صحیح ہی اگرچہ وکیل معزول ہوجاے
اس اقرار کرنے سے تو وکیل کو مال نہ دیا جائیگا اگرچہ بعد اس اقرار کے گواہ لاوے وکالت پر بسبب تناقض کے کذا فی الدرر م صورت اسکی یہ ہی کہ موکل نے اسکو وکیل
کیا اسکا کہ خصومت کرے موکل کے جانب سے دعوی بیع سے سو وکیل نے اپنے موکل پر اقرار کیا کہ اُسنے بیع کی ہی تو وہ اس اقرار سے معزول ہوگیا وکالت سے
تو اب خریدار کا ثمن مدعی سے نہین لے سکتا کذا فی الطحطاوی وکذا استثنے الموکل اقرارہ بان قال وکلتک بالخصومۃ غیر جائز الاقرار صح التوکیل والاستثناء علی الظاہر
بزازیہ اور اسیطرح جبکہ موکل نے اپنا اقرار مستثنے کر لیا اس طرح کہ مین نے تجکو خصومت غیر جائز الاقرار مین وکیل کیا تو توکیل اور استثنا صحیح ہی قول ظاہر پر
کذا فی البزازیہ ھم بحر الرائق مین کہا خلاصہ یہ ہی کہ توکالت پانچ طرح ہی ایک یہ ہی کہ خصومت کا اقرار کرے تو وہ خصومت اور اقرار دونون کا وکیل ہوگا ۲ یہ کہ
اقرار کو مستثنے کرے تو فقط انکار کا وکیل ہوگا نہ اقرار کا ۳ یہ کہ انکار کو مستثنے کرے تو فقط اقرار کا وکیل ہوگا ظاہر الروایۃ مین ۴ یہ کہ خصومت جائز الاقرار مین
وکیل کرے تو خصومت اور اقرار مین وکیل ہوگا ۵ یہ کہ خصومت غیر جائز الاقرار والانکار مین وکیل کرے اسمین متاخرین کا اختلاف ہی کذا فی الطحطاوی فلو اقر عند
ای القاضی لایصح وخرج بہ عن الوکالۃ فلا تسمع خصومتہ درر تو بعد استثناء اقرار اگر وکیل نے اقرار کیا قاضی کے نزدیک تو صحیح نہوگا اور اس اقرار سے وکالت سے
نکل جائیگا تو اسکا خصومت کرنا مسموع نہوگا کذا فی الدرر وصح التوکیل بالاقرار والصیرورۃ ای بالتوکیل مقرا بحر وصحیح ہی موکل کو اپنے وکیل کا اقرار کرنا اور موکل
اس توکیل بالاقرار سے مقر نہ ہو جائیگا کذا فی البحر م طحطاوی نے اسکی توجیہ یون مذکور کی ہی کہ ممکن ہی کہ موکل اقرار کے واسطے وکیل کرے شور اور شغب
اور خصومت کے خوف سے اگرچہ اُسپر کچھ حق واجب نہوگا اسواسطے کہ ہر شخص خصومت پر قادر نہین سو اگر مخاصم اُسپر اثبات مال کا ارادہ کرے
بسبب توکیل بالاقرار کے تو قاضی اسپر حکم نہ کرے گا وبطل توکیل الکفیل بالمال لئلا یصیر عاملا لنفسہ اور باطل ہی مال ضامن کو وکیل کرنا

کہ وہ اپنی ذات کے واسطے عامل نہو جاوے ہم صورت اسکی یہ ہی کہ اگر ایک شخص کا دوسرے پر دین ہو اور کوئی مرد اسکا ضامن ہو سو طالب ضامن کو اس دین کے قبض کرنے کا وکیل کرے مدعا علیہ اصلی سے تو توکیل صحیح نہو گی اسواسطے کہ وکیل وہ ہی جو غیر کے واسطے عمل کرے اور اگر یہ وکالت صحیح ہو تو وکیل اپنے واسطے عامل ٹھہرے یعنے وہ ساعی ہوگا اپنے بری الذمہ ہونے مین تو رکن وکالت منعدم ہو گا پس وکالت باطل ہو گئی کذا فی ا لعینے

كما لا يصح لو وكله بقبضه اى الدين من نفسه او عبده لان الوكيل متى عمل لنفسه بطلت الا اذا وكل المديون بابراء نفسه فيصح ويصح عزله قبل ابرائه نفسه اشباه جیسے صحیح نہین توکیل اگر موکل وکیل کرے قبض دین کا وکیل کی ذات سے یا اسکے غلام ماذون مدیون سے اسواسطے کہ وکیل نے جبکہ عمل کیا اپنی ذات کے واسطے تو وکالت باطل ہو گئی مگر جبکہ دائن مدیون کو ابراے ذات مدیون کا وکیل کرے تو توکیل صحیح ہی اور صحیح ہی مدیون کا معزول کرنا وکالت سے قبل اس بات کے وہ اپنی ذات کو بری الذمہ کرے کذا فی الاشباہ ہم قولہ اذا وكل اسمین ضمیر فاعل ہی راجع دائن کی طرف اور مدیون بالنصب مفعول ہی ہنبتہ المفتی مین ہی کہ اگر وکیل ابراے نفس مدیون کا وکیل کرے تو صحیح ہی اگرچہ وہ عامل ہی اپنے کے واسطے بسبب اپنے فارغ الذمہ کرنے کے اسواسطے کہ وہ عمل کرتا ہی صاحب دین کے واسطے اسکے دین کے اسقاط سے اور وکالت کی شرط یہ ہی کہ غیر کے واسطے عامل ہو نہ یہ کہ اپنی ذات کے واسطے عامل ہو انتہی جب یہ معلوم ہوا تو شارح کا یون کہنا کہ وکیل جب اپنے واسطے عمل کرے تو وکالت باطل بلا وجہ ہی مگر یہ کہ اپنی ذات کے عمل کو خالص لنفسہ عمل پر محمول کیجیے کذا فی الطحطاوی

او وكل المحتال المحيل بقبضه من المحال عليه او وكل المديون وكيل الطالب بالقبض لم يصح لاستحالة كونه قاضيا ومقتضيا قنيه یا وکیل کرے محتال محیل کو قبض دین کا محال علیہ سے یا وکیل کرے مدیون طالب کے وکیل کو تو صحیح نہین اسواسطے کہ ایک شخص کا دینے والا ہونا اور تقاضا کرنے والا ہونا محال کذا فی القنیہ ہم اگر کوئی کہے کہ محیل کے ذمے سے دین منتقل ہو گیا بسبب حوالہ کے تو وہ اجنبی ہو گیا تو اسکی توکیل کیون صحیح نہین اسکا جواب یہ ہی کہ محیل ساعی ہی اپنی براءت نفس مین اسواسطے کہ اگر محال علیہ مفلس مرجاے یا منکر حوالہ ہو بلا بیان تو دین محیل پر راجع ہو گا خلاصہ عبارت قنیہ یہ ہی کہ اگر دائن نے کسیکو اپنے مدیون سے دین لینے کا وکیل کیا سو مدیون نے اس وکیل کو اپنی طرف سے بھی وکیل کیا کہ یہ میرا اسباب بیچ کر صاحب دین کا دین ادا کر سو اسنے بیچا اور ثمن لیا اور وہ تلف ہو گیا تو مدیون کا مال تلف ہو گیا کیونکہ اسکا قاضی اور مقتضی ہونا محال ہی اور ایک شخص صلاحیت نہین رکھتا کہ مطلوب اور طالب کا وکیل ہو قضا اور اقتضا مین کذا فی الطحطاوی

بخلاف الكفيل بالنفس والرسول ووكيل الامام ببيع الغنائم والوكيل بالتزويج حيث يصح ضمانهم لان كلا منهم سفير بخلاف کفیل بالنفس کے اور رسول بقبض دین کے اور بادشاہ کے وکیل کے جو غنائم بیچنے کا وکیل ہی اور تزویج کے وکیل کے کہ انکا تاوان صحیح ہی اسواسطے کہ ہر شخص انمین سے سفیر اور معبر محض ہی یعنی حقوق عقود انکی طرف راجع نہین جو انکا ضمان صحیح نہو الوكيل بقبض الدين اذا كفل صح وتبطل الوكالة لان الكفالة اقوى للزومها فتصلح ناسخة قبض دین کا وکیل جبکہ ضامن ہو جاے مدیون کا تو صحیح ہی اور وکالت باطل ہو گی اسواسطے کہ ضمانت قوی تر ہی وکالت سے بسبب لازم ہونے ضمانت کے اور عدم لزوم وکالت کے تو ضمانت ناسخ ہو سکتی ہی وکالت کی بخلاف العکس بخلاف عکس یعنی جبکہ دین کا ضامن ہو پھر قبض دین کا وکیل ہو تو وکالت صحیح نہین اور ضمانت باطل نہو ئی یہی مطلب ہی مصنف کے قول سابق کا کہ الضامن کی توکیل باطل ہی وكذا كلما صحت كفالة الوكيل بالقبض بطلت الوكالة تقدمت الكفالة او تاخرت لما قلنا اور اسیطرح جبکہ وکیل بقبض دین کی ضمانت صحیح ہو گی وکالت اسکی باطل ہو جائیگی خواہ ضمانت مقدم ہو وکالت پر یا موخر ہو بسبب اس دلیل کے جسکو ہم کہہ چکے یعنی ضمانت قوی تر ہی وکالت سے تو اسکی ناسخ ہو گی وكيل البيع اذا ضمن الثمن للبائع عن المشتري لم يجز لما مر انه يصير عاملا لنفسه بیع کا وکیل جبکہ بائع کے ثمن کا ضامن ہو مشتری کی جانب سے تو جائز نہو گا اسواسطے کہ مذکور ہو چکا کہ وکیل اپنی ذات کے واسطے عامل ہو جاتا ہی یعنے اور شرط وکیل یہ ہی کہ عامل بغیرہ ہو نہ اپنی ذات کے واسطے فان ادى بحكم الضمان

۵ محتال دائن کو کہتے ہین اور محیل مدیون ہوتا ہی اور محال علیہ جو دار قبول کرے ۱۲

رجع لبطلانہ وبدونہ لالتبرعہ پھر اگر وکیل نے ثمن ادا کیا بحکم ضمان تو مشتری سے پھیر لے بسبب باطل ہونے ضمان کے اور اگر بدون حکم ضمان ادا کیا تو مشتری سے
نہ پھیر لے بسبب اسکے تبرع اور احسان کے ادعی انہ وکیل الغائب بقبض دینہ فصدقہ الغریم امر بدفعہ الیہ عملا باقرارہ ولا یصدق لو ادعی
الایفاء دعوی کیا کہ وہ شخص غائب کا وکیل ہے اسکے دین کے قبضہ کرنے مین سو مدیون نے مدعی وکالت کی تصدیق کی تو اسپر ادائے دین کا حکم کیا جائیگا
بنابر عمل باقرار مدیون اور مدیون کی تصدیق نہوگی اگر وہ ایفائے دین کا دعوے کریگا یعنے بمجرد دعوے ایفائے دین ثابت نہوگا فان حضر الغائب فصدقہ
فی التوکیل فبھا ونعمت والا امر الغریم بدفع الدین الیہ ای الغائب ثانیا لفساد الاداء بانکارہ مع یمینہ پھر اگر غائب آیا سو اسنے اسکے وکیل
کرنے کی تصدیق کی تو بہتر اور خوب ہوا ورنہین تو مدیون کو حکم کیا جائیگا کہ غائب کو دوبارہ دین ادا کرے بسبب فاسد ہوجانے ادائے اول کے اسکے
اول منکر ہونے سے قسم کے ساتھ یعنے جب غائب نے قسم کھائی کہ یہ شخص میرا وکیل نہین تو مدعی وکالت کو دین دینا فاسد ٹھہرا لہذا اسپر دوبارہ ادائے
دین لازم ہوگا ورجع الغریم علی الوکیل ان باقیا فی یدہ ولو حکما بان استھلکہ فانہ یضمن مثلہ خلاصۃ اور مدیون وکیل سے دین پھیر لے اگر دین
اسکے ہاتھ مین باقی ہو اگرچہ بقائے دین حکمی ہو نہ حقیقی اس طرح کہ وکیل نے دین کو ہلاک کر ڈالا ہو تو اسپر ضمان مثل لازم ہوگا کذا فی الخلاصہ وان
ضاع لا لانہ بتصدیقہ اور اگر دین ضائع ہوگیا وکیل کے پاس تو مدیون اسکو نہین لے سکتا اسکی تصدیق پر عمل کرنے سے یعنے جب اسنے دین دیا
اسکی وکالت کو تصدیق کرکے تو مدیون کا قصور ٹھہرا لہذا رجوع نہین کرسکتا الا اذا کان ضمنہ عند الدفع بقدر ما یاخذہ الدائن ثانیا الا اذا ضمنہ
الوکیل لانہ امانۃ لا تجوز بہا الکفالۃ زیلعی وغیرہ مگر مدیون اسوقت وکیل سے دین پھیر لے جبکہ وکیل دفع دین کے وقت ضامن ہوا ہو مال کا بقدر اسکے
جسکو دائن دوسرے بار لے نہ اس مال کا جسکو وکیل نے لیا کیونکہ وہ امانت ہے جسکی ضامنی جائز نہین کذا فی الزیلعی وغیرہ ھم مال ضامنی کی صورت
یہ کہ مدیون کہے وکیل سے کہ ہان تو اسکا وکیل ہے لیکن میری خاطر جمع نہین کہ موکل وکالت کا انکار کرے اور مجھسے دوسری بار اپنا دین لے تو وکیل
ضامنی داخل کرے مال ماخوذ کی کذا فی الطحطاوی او قال لہ قبضت منک علی انی ابرأتک من الدین فھو کما لو قال الاب للختن عند اخذ
مھر بنتہ اخذتہ منک علی انی ابرأتک من مہر بنتی فان اخذتہ البنت ثانیا رجع الختن علی الاب لکونہ ابراء شرطیا وکیل نے مدیون سے کہا کہ مین نے تجھ سے
مال لیا اس شرط پر کہ مین نے تجکو بری الذمہ کردیا دین سے تو وہ ایسا ہی ہے جیسا کہ باپ نے داماد سے کہا اپنی بیٹی کے وقت کہ مین اس شرط پر تجھ سے
لیتا ہون کہ مین نے تجکو بری الذمہ کردیا اپنی بیٹی کے مہر سے سو اگر مہر کو بیٹی دوبارہ دلیگئی تو داماد باپ سے پھیر لیگا سو اسی طرح یہ مسئلہ ہے
کذا فی البزازیہ وکذا یضمنہ اذا لم یصدقہ علی الوکالۃ یعم صورتی السکوت والتکذیب ودفع لہ ذلک علی زعمہ الوکالۃ فھذہ اسباب
للرجوع عند الہلاک اور اسیطرح وکیل نے مال ضامنی کی جبکہ موکل اسکی تصدیق نہ کرے وکالت پر اور مدیون نے اسکو دین دیا وکالت کے
گمان پر عدم تصدیق وکالت شامل ہے دو صورتون مین سکوت اور تکذیب کو تو یہ اسباب ہین رجوع دین کے جبکہ دین ہلاک ہوجاے وکیل کے
پاس ھم رجوع کے تین سبب ہین ایک یہ کہ عند الدفع وکیل مال کا ضامن ہوا دوسرا یہ کہ قبض کرے بشرط ابرا سے مدیون تیسرا یہ کہ ضامن ہو در صورت
عدم تصدیق موکل فان ادعی الوکیل ہلاکہ او دفعہ لموکلہ صدق الوکیل بحلفہ پھر اگر وکیل ہلاک دین کا یا اسے موکل کے دینے کا
دعوے کرے تو اسکی تصدیق ہوگی وکیل کی قسم کے ساتھ ھم تصدیق وکیل سوائے مسائل ثلثہ رجوع مذکورہ مین ہوگی کذا فی الطحطاوی وفی
الوجوہ المذکورۃ کلہا الغریم لیس لہ الاسترداد حتی یحضر الغائب اور سب وجوہ مذکورہ مین مدیون کو پھیر لینا دین کا وکیل سے جائز
نہین تا حضور موکل غائب وان برھن انہ لیس بوکیل او علی اقرارہ بذلک او اراد استحلافہ لم یقبل لسعیہ فی نقض ما اوجبہ للغائب اور اگر مدیون
گواہ لایا اسپر کہ وہ شخص وکیل نہین دائن کا یا گواہ لایا وکیل کے اس اقرار پر یعنے عدم وکالت اقرار پر یا اسنے وکیل سے قسم لینے کا ارادہ کیا

تو مقبول نہین بسبب سعی کرنے مدیون کے اُس چیز کے توڑنے مین جسکو اُسنے واجب کیا غائب کے واسطے یعنے مال مدفوع حق ہی غائب کا اور دافع اُسکا
پھیر لینا چاہتا ہی کذا فی الطحطاوی نعم لو برہن ان الطالب جحد الوکالۃ واخذ منی المال تقبل بحر ہان اگر مدیون گواہ لاوے اسپر کہ موکل طالب وکالت کا
انکار کر چکا ہی اور وکیل نے مجھسے مال لیا ہی تو برہان مقبول ہی کذا فی البحر یعنے اسواسطے مقبول ہی کہ نقض موکل کیجانب سے ہی کیونکہ ثابت بالبیان
ثابت بالعیان کے مانند ہی کذا فی الطحطاوی ولو مات الموکل او ورثۃ عزیمۃ او وہبہ لاخذہ قائما ولو ہالکا ضمنہ الا اذا صدقہ علی الوکالۃ اور اگر موکل
مرگیا اور مدیون اُسکا وارث ہوا یا موکل نے دین مدیون کو ہبہ کر دیا تو مدیون مال کو وکیل سے لیگا اگر مال قائم ہوا اور اگر ہلاک ہوگیا ہو تو اُسکا تاوان لے
مگر جبکہ مدیون وکیل کی وکالت پر تصدیق کر چکا ہو تو قائم مال کو لے گا نہ ہالک کو ولو اقر بالدین وانکر الوکالۃ حلف ما علم ان الدائن
وکلہ یعنی اور اگر مدیون نے دین کا اقرار کیا اور وکالت کا منکر ہوا تو یہ قسم کھائی کہ اُسکو معلوم نہین کہ دائن نے اسکو وکیل کیا ہی کذا فی الیعنی
قال انی وکیل بقبض الودیعۃ فصدقہ المودع لم یومر بالدفع الیہ علی المشہور خلافا لابن الشحنۃ کہا مین وکیل ہون قبض امانت کا
سوا امانت دار نے اُسکی تصدیق کی تو اُسکو وکیل کے دینے کا حکم نہو گا بنا بر قول مشہور بخلاف ابن شحنہ کے حلبی نے کہا کہ ابن شحنہ
نے امر بالدفع کی ابو یوسف سے روایت کی ہی اور بیان مذکور ہی تو کچھ معارضہ نہین ولو دفع لم یملک الاسترداد مطلقا اور اگر امانت دار وکیل کو
دیگا تو استرداد امانت کا مالک نہ رہیگا کسی طرح خواہ اُسنے تصدیق کی ہو یا تکذیب یا سکوت بدلیل گذشتہ وکذا الحکم لو ادعی
شراءہا من المالک وصدقہ المودع لم یومر بالدفع لانہ اقرار علی الغیر اور اسی طرح حکم ہی اگر ودیعت کی خرید کا دعوی کیا اور امانت دار
نے اُسکی تصدیق کی تو اُسکے دینے کا حکم نہو گا کیونکہ وہ اقرار ہی غیر شخص پر ہم یہ علت ہی دونون مسئلون کی ولو ادعی انتقالہا
بالارث او الوصیۃ منہ وصدقہ امر بالدفع الیہ لاتفاقہما علی ملک الوارث اذا لم یکن علی المیت دین مستغرق
ولا بد من التلوم فیہما لاحتمال ظہور وارث آخر اور اگر دعوے کیا وکیل نے ودیعت کے انتقال کا صاحب ودیعت سے بسبب ارث یا وصیت
کے اور امانت دار نے اُسکی تصدیق کی تو اُسکو اُسکے دینے کا حکم ہوگا بسبب متفق ہونے وکیل مدعی اور امانت دار کے وارث کی ملک پر
بشرطیکہ میت پر دین مستغرق متروکہ نہو اور ضرور ہی انتظار سے دونون صورتون ارث اور وصیت مین دوسرے وارث کے ظاہر ہونے کے
احتمال سے یا دوسرے موصی لہ کے احتمال سے ولو انکر موتہ او قال لا ادری لا یومر بہ مالم یبرہن اور اگر امانت دار نے اُسکی موت کا
انکار کیا یا بولا کہ مین نہین جانتا تو ودیعت کے دینے کا حکم نہو گا جب تک وارث گواہ نہ لاوے موت پر ودعوے الایصاء کو کالۃ فلیس
المودع میت ومدیونہ الدفع قبل ثبوت انہ وصی اور دعوے ایصا وکالت کے دعوے کے مانند ہی تو میت کے امانت دار اور اُسکے مدیون کو
جائز نہین دینا ودیعت اور دین کا قبل اُسکے ثابت ہونے کے کہ مدعی وصی ہی میت کا یا وکیل ولو لا وصی فدفع الی البعض الورثۃ برئ من حصتہ
فقط اور اگر وصی نہو سو مدیون نے بعضے وارثون کو دیا یعنے سب دین دیا تو مدیون فقط اسی وارث کے حصے سے بری الذمہ ہو جائیگا یعنی باقی وارثون کا
مواخذہ اسپر باقی رہیگا ولو وکلہ بقبض مال فادعی الغریم ما یسقط حق موکلہ کالدارء او ابراء او اقرارہ بانہ ملکی دفع الغریم المال ولو عقارا الیہ
ای الوکیل لان جعلہ بعد تسلیم مالم یبرہن اور اگر ایک شخص کو قبض مال کا وکیل کیا سو مدیون نے وہ دعوی کیا جو اُسکے موکل کے حق کو ساقط کرے جیسا ادا دین
یا ابراء دین یا موکل کا یہ اقرار کہ وہ مال میری ملک ہی یعنے مدیون کی ملک ہی تو مدیون وکیل کو مال دے اگرچہ زمین ہو اسواسطے کہ مدیون کا جواب قبول کرلینا ہی
دین اور وکالت کا جب تک گواہ نہ لاوے اپنے دعوے پر یعنے جب مدیون نے ادائے دین کا دعوی کیا مثلاً تو اُسنے دین اور وکالت کا اقرار کیا انتہی
دینا لازم ہوا سید حموی نے کہا کہ یہ قول التعلیل ہونے کے لائق نہین تعلیل وہ ہی جسکو فقہانے ذکر کیا ہی کہ دعوی مذکور سے وکالت ثابت ہوئی اور ادائے دین پھر رد

دعوی ثابت ہوا تو اسکے حق مین تاخیر ہوگی والتحلیف المؤکل لا الوکیل لان النیابۃ لا تجری فی الیمین خلافا لابی یوسف رح اور مدیون کو جائز ہے کہ قسم لینا اسکا ادائے
دین کے انکار مین مؤکل سے نہ وکیل سے اسواسطے کہ نیابت جاری نہین ہوتی قسم مین بخلاف زفر کے ولو وکلہ بعیب فی امۃ وادعی البائع ان
المشتری رضی بالعیب لم یرد علیہ حتی یحلف المشتری والفرق ان القضاء ہنا فسخ لا یقبل النقض بخلاف ما مر خلافا لہما اور اگر ایک شخص کو خرید کی
لونڈی کے عیب مین وکیل کیا اور بائع نے دعوی کیا کہ مشتری لونڈی کے عیب سے راضی ہوگیا تھا تو وکیل بائع پر رد مبیع نہ کرے جب تک مشتری قسم
کھائے اور فرق اس مسئلہ مین اور مسائل سابقہ مین یہ ہے کہ قضا یہان وہ فسخ ہے کہ نقض کو قبول نہین کرتا بخلاف اسکے جو مذکور ہو چکا بخلاف مذہب صاحبین رح کہ
انکے نزدیک رد مبیع ہوگا یعنے اگر رد مبیع کے ہم قائل ہون تو قضا فسخ ٹھہریگی کیونکہ رد ہے عیب سے اور اس طرح کا رد فسخ عقد ہے اور قضا بالعقود والفسوخ جاری ہے
صحت پر اگرچہ خطا ظاہر ہو کیونکہ امام رح کے نزدیک قضا نافذ ہے ظاہر اور باطن دونون مین بخلاف مسئلہ دین کے کہ اسمین تدارک ممکن ہے پس منسوخ نہ ہوگا وکیل کے
استرداد سے اگر خطا ظاہر ہو قسم نہ کھانے کے وقت اسواسطے کہ قضا یہان باطن مین نافذ نہین کیونکہ حکم نہین مگر بمجرد تسلیم تو قضا بعقود و فسوخ مین
نہ ٹھہری کذا فی الحلبی فلو ردہا الوکیل علی البائع بالعیب فحضر الموکل وصدقہ علی الرضی کانت لہ لا للبائع اتفاقا فی الاصح لان القضاء
لا عن دلیل بل لجہل بالرضی ثم ظہر خلافہ فلا ینفذ باطنا نہایۃ پھر اگر وکیل نے لونڈی پھیردی بسبب عیب کے بائع کو یعنے بحکم قاضی پھر مؤکل آیا اور اسنے بائع کی تصدیق کی
اپنے راضی ہوجانے پر تو وہ لونڈی مؤکل مشتری کی ہوگی نہ بائع کی بالاتفاق امام رح اور صاحبین رح کے قول صحیح مین اسواسطے کہ قاضی کا حکم دلیل سے نہین بلکہ
ناواقفیت رضامندی سے ہے پھر اسکے خلاف ظاہر ہوا تو حکم نافذ نہوگا باطن مین کذا فی النہایۃ وللمامور بالانفاق علی اہلہ او بنائہ او القضاء لدینہ
او الشراء والتصدق عن زکوۃ اذا امسک ما دفع الیہ ونقد من مالہ ماولہ الرجوع کذا قید الخامسۃ فی الاشباہ حال قیامہ لم یکن متبرعا
بل ینفسخ الشراء استحسانا اذا لم یضفہ الی غیرہ اور جو شخص مامور ہو خرچ کرنے کا مؤکل کے اہل یا بنائے عمارت پر یا مامور ہو اسکی ادائے دین کا یا خریداری
یا زکوۃ کے تصدق کرنے کا جبکہ وہ رکھ چھوڑے وہ مال جو اسکو مؤکل نے دیا اور دے اپنے مال سے مؤکل کے موجود ہونے کے وقت رجوع کی نیت کرکے
اسی طرح نیت رجوع کی قید لگائی ہے مسئلہ خامسہ یعنی زکوۃ مین اشباہ کے اندر تو مامور متبرع نہوگا بلکہ مقاصہ واقع ہوگا یعنی مجرا ہوجائیگا بطریق استحسان کے
جبکہ مامور نے اس مال کو غیر مؤکل کی طرف نسبت نہ کیا ہو یعنے صرف کے وقت یون نہ کہا ہو کہ یہ مین اپنے مال سے دیتا ہون بلکہ مؤکل کی نسبت کیا یا مطلق
دیا ہو مع رجوع کی نیت یون ہوگی کہ جو مال کہ مؤکل نے دیا اسکو عوض ٹھہرادے اس مال کا جو اسنے صدقہ دیا اپنے مال سے طحطاوی اور حلبی نے کہا کہ زکوۃ کی
قید ظاہر اتفاقی ہے فلو کانت وقت الانفاق مستہلکۃ ولو بصرفہا لدین نفسہ او اضاف العقد الی دراہم نفسہ ضمن وصار مشتریا لنفسہ متبرعا بالانفاق
لان الدراہم تتعین فی الوکالۃ نہایۃ و بزازیہ پھر اگر مامور کے خرچ کرنے کے وقت مؤکل کے دراہم مستہلک ہون اگرچہ انکا استہلاک مامور کے
دین ذاتی کی طرف صرف کرنے سے ہو یا مامور نے عقد کو اپنے دراہم ذاتی کی طرف نسبت کیا ہو یعنے یون کہا ہو خرید کے وقت مثلا کہ مین اسکو
اپنے دراہم سے مول لیتا ہون تو مامور پر تاوان لازم ہوگا اور مامور اپنے واسطے خریدار ٹھہر جائیگا اور اہل وعیال کے خرچ کرنے مین متبرع اور متطوع
ہوجائیگا یعنے مؤکل کے مال سے مجرا نہ کرسکے گا اسواسطے کہ یہ دراہم وکالت مین متعین ہوجاتے ہین کذا فی النہایۃ والبزازیہ ہم انفاق کے مانند
شرا اور صدقہ ہے چنانچہ بحر الرائق مین صریح ہے جبکہ وکالت مین دراہم متعین ٹھہرے اور قبل انفاق یا قبل شرا ہلاک ہوگئے تو وکالت
باطل ہوگئی پھر اگر مامور صرف کریگا اپنے مال سے تو متبرع ہوگا تو اسکو مؤکل سے نہین لے سکتا کذا فی الطحطاوی نعم فی الملتقی لو امرہ ان یقبض
من مدیونہ الفا ویتصدق بہا فتصدق بالف لیرجع علی المدیون جاز استحسانا اور ملتقی مین ہے کہ اگر مؤکل نے وکیل کو امر کیا کہ میرے مدیون سے ہزار درہم لے
اور صدقہ کرے سو اسنے ہزار صدقہ کیے اپنے مال سے تاکہ پھیر لے اسکے مدیون سے تو جائز ہے بطریق استحسان کے کم بحر الرائق مین یہ روایت

منتقی بالنون کی طرف منسوب ہی اور اسی طرح در المختار کے بعضے نسخون مین ہی اور اسیطرح منح الغفار مین ہی بالاستدراک در وجہ اسکی یہ ہی کہ جو درہم کہ بیٹون پر دین
ہین گویا قائم اور موجود ہین تو وکیل متبرع نہوگا کذا فی الطحطاوی وصی انفق من مالہ والحال ان مال الیتیم غائب فہو ای الوصی کالاب متطوع ان لم یشہد انہ
قرض علیہ او انہ یرجع علیہ جامع الفصولین وغیرہ وعللہ فی الخلاصۃ بان قول الوصی وان اعتبر فی الانفاق لکن لا یقبل فی الرجوع فی مال الیتیم
الا بالبینۃ ایک وصی نے خرچ کیا اپنے مال سے اور حالانکہ مال یتیم اسوقت موجود نہین تو وصی باپ کے مانند متطوع اور متبرع ہی مگر یہ کہ وصی صرف کے
وقت گواہ کرلے اسکے کہ وہ خرچ کرنا بطریق قرض کے ہی یا کہ وہ پھیر لیگا یتیم سے کذا فی جامع الفصولین وغیرہ اور علت اسکی خلاصہ مین یون بیان کی ہی
کہ وصی کا قول اگرچہ خرچ کرنے مین معتبر ہی لیکن مال یتیم سے پھیر لینے مین مقبول نہین بلا شہادت مع غائب ہونیکی قید اسواسطے لگائی کہ اگر یتیم کا مال حاضر
ہوگا تو بطریق اولے متبرع ٹھہریگا فروع مسائل لمختۃ شارح کے الوکالۃ المجردۃ لا تدخل تحت الحکم وبیانہ فی الدرر وکالت مجردہ یعنے جو وکالت حقوق اعباد
سے خالی ہی وہ تحت حکم حاکم داخل نہین اور بیان اسکا درر مین ہی ہم درر مین صغرے سے منقول ہی کہ قبض دین کے وکیل نے جبکہ مدعاعلیہ کو حاضر کیا
سو اسنے توکیل کا اقرار کیا اور دین کا منکر ہوا تو وکالت ثابت نہوگی تو اگر وکیل اثبات دین کے واسطے گواہ لانا چاہے تو مقبول نہین یعنے قاضی اسکو
سماعت نہ کریگا انتہی بقدر الضرورۃ وصح التوکیل بالسلم اور صحیح ہی توکیل بیع سلم کرنے مین ہم صورت اسکی یہ ہی کہ کچھ روپے کسی آدمی کو دے تاکہ
وہ مثلاً گیہون پر عقد سلم کرے تو وکیل کرنا جائز ہی مانند بیع اور شرا کے کذا فی الطحطاوی لا بقبول عقد السلم صحیح نہین وکیل کرنا عقد سلم کے قبول
کرنے مین ہم صورت اسکی یہ ہی کہ کسیکو وکیل کیا کہ روپے لے طعام کے لیے سو وکیل نے روپے لیے اور موکل کو دیئے تو طعام وکیل پر ہی نہ موکل پر اور یہ روپے
وکیل کے موکل کے ذمہ پر قرض ٹھہرینگے اسواسطے کہ توکیل باطل ہی کذا فی الطحطاوی پھر شارح نے قاعدہ مذکورہ پر تفریع کی فقلنا ان اسلم من ریعہ نے زیتہ
وحصیرہ تو وقف سے ناظر کو جائز ہی کہ عقد سلم کرے وقف کے محاصل سے مسجد یا مدرسہ کے تیل اور چٹائیون مین ہم یعنے اگر وقف سے دراہم یا دنانیر حاصل
ہوے اور اسنے مسجد کے چراغ روشن کرنے کے واسطے عقد سلم کیا تیل مین یا فرش کے واسطے چٹائیون مین سلم کیا تو صحیح ہی اسواسطے کہ ناظر وکیل ہی واقف کا
اور توکیل بالسلم صحیح ہی ولیس لہ ان یوکل بہ من جعلہ امینا علے القریۃ فیامرہ بعقد السلم ویسلم منہ علی ما قررہ بالمنلا لانہ وکیل الواقف والوکالۃ امانۃ
لا تصح ببعہا تمامہ فی شرح الوہبانیۃ اور جائز نہین ناظر کو کہ وکیل کرے عقد سلم کا اس شخص کو جسکو اسنے امین مقرر کیا ہی قریہ وقف پر کچھ مال معین
کرکے کہ ناظر امین کو عقد سلم کا امر کرے اس اناج مین جو وقف کی زمین مین پیدا ہوا ور راس المال سلم کا اس امین سے لے باطن مین بعوض اس
وظیفے کے جو ناظر کے واسطے مال وقف سے مقرر ہوا یہ اسواسطے جائز نہین کہ ناظر وکیل ہی واقف کا اور وکالت امانت ہی جسکی بیع صحیح نہین اور پورا
بیان اسکا شرح وہبانیہ مین ہی ہم امین کو بسبب ارض وقف مین عقد سلم اسواسطے جائز نہین کہ توکیل بقبول عقد سلم صحیح نہین اور ناظر کو امین سے مال لینا
اسواسطے جائز نہین کہ ناظر واقف کا وکیل ہی محاصل قریہ کے قبض کرنے کا تو جب ناظر نے امین سے کچھ مال لیا بعوض اپنے وظیفہ معینہ کے تو
اسنے وکالت کو بیچا حالانکہ بیع وکالت کی صحیح نہین کذا فی الطحطاوی ملخصاً

باب عزل الوکیل

یہ باب ہی معزولی وکیل کے احکام مین الوکالۃ من العقود الغیر اللازمۃ کالعاریۃ فلا یدخلہا خیار شرط وکالت ان عقود مین سے ہی جو لازم نہین جیسا کہ
عاریت تو وکالت مین خیار شرط داخل نہین ہوتا ہم عقد لازم مین خیار شرط کی حاجت ہی تا صاحب خیار فسخ عقد کر سکے اور وکالت خود عقد غیر لازم ہی تو اسمین خیار شرط کی
کچھ حاجت نہین ولا یصح الحکم بہا مقصوداً وانما یصح فی ضمن دعوی صحیحۃ علی غریم وبیانہ فی الدرر اور حاکم کو ثبوت وکالت پر مقصود بالذات حکم کرنا صحیح نہین ثبوت
وکالت کا تو حکم صحیح نہین ہوتا مگر ضمن دعوی صحیح کے مدیون پر اور بیان اسکا درر مین ہم ذیل اس باب کے عنقریب گذرا در ہے کہ اگر مدعا علیہ وکالت کا مقر ہوا اور دین کا

باب عزل الوکیل

معزول کیا تو صحیح نہیں بدون علم سلطان کے دکلۃ بقبض الدین ملک عزلہ ان بغیر حضرۃ المدیون وان وکلہ بحضرتہ لا لتعلق حقہ بہ کسامر
وکیل کیا اسیکو قبض دین کا تو وکیل اپنے معزول کرنے کا مالک ہی اگر اسکو موکل نے بلاحضور مدیون وکیل کیا ہو اور اگر اسکو مدیون کے سامنے وکیل کیا تو
وہ اپنے معزول کرنے کا مالک نہیں بسبب متعلق ہونے حق مدیون کے ساتھ اسکے چنانچہ مذکور ہو چکا کہ درصورت تعلق حق غیر وکالت لازم ہو جاتی ہی
ہم تعلق حق مدیون یون ہی کہ اگر معزول بلا علم مدیون صحیح ہو تو مدیون معزول دینے فریب خوردہ ہو جائیگا درصورت ادا اسے دین توکیل الا اذا علم بہ بالعزل
المدیون فحینئذ ینعزل ثم فرع علیہ بقولہ مگر جبکہ مدیون معزولی کو معلوم کرلیا سے تو اب اسوقت مین وکیل معزول ہو جائیگا پھر مصنف نے اسی قاعدہ پر
قول آیندہ کو متفرع کیا فلو دفع المدیون دینہ الیہ ای الوکیل قبل علمہ ای المدیون بعزلہ یبرأ وبعدہ لا لدفعہ لغیر وکیل تو اگر مدیون نے موکل کا دین وکیل کو دیا
قبل دانست مدیون العزل وکیل تو وہ بری الذمہ ہوگیا اور بعد دریافت معزولی کے بری الذمہ نہوگا بسبب دینے مدیون کے غیر وکیل کو یعنے جب
اسکو معلوم ہوگیا کہ وکیل نے آپ کو وکالت سے معزول کیا اور پھر اسکو دین دیا تو بری الذمہ نہوگا کیونکہ اسنے غیر وکیل کو دیا اور غیر وکیل کے دینے سے
دین ادا نہیں ہوتا ولو عزل العدل الموکل ببیع الرہن نفسہ بحضرۃ المرتہن ان رضی بہ بالعزل صح والا لا لتعلق حقہ بہ وکذا الوکالۃ بالخصومۃ
بطلب المدعی عند غیبتہ کما مر اور اگر اس عادل نے جو وکیل مقرر ہوا ہی راہن کا مرہون کی بیع کے واسطے اپنی ذات کو معزول کیا مرتہن کے سامنے اگر مرتہن
راضی ہوگیا معزولی سے تو صحیح ہی اور نہیں تو صحیح نہیں بسبب متعلق ہونے حق مرتہن کے ساتھ اسکے اور اسی طرح ہی خصومت کی وکالت مدعی کی طلب سے
غیبت مدعا علیہ کے نزدیک چنانچہ مذکور ہو چکا عنقریب ہم طحطاوی نے کہا کہ ظاہر اقید عدالت وکیل کی بمقتضا سے غالب عادت کے ہی والا توکیل بیع
رہن کی عدالت پر موقوف نہیں ولیس منہ توکیلہ بطلاقہا بطلبہا علی الصحیح لانہ لا حق لہا فیہ ولا قولہ کلما عزلتک فانت وکیلی لعزلہ بکلما وکلتک فانت
معزول عینی اور نہیں ہی اس قسم سے جسمین حق غیر متعلق ہو وکیل کرنا زوجہ کی طلاق کا زوجہ کی طلب سے بنا بر قول صحیح کے اسواسطے کہ زوجہ کا حق اسمین
کچھ نہیں اور نہیں ہی قسم مذکور سے موکل کا یون کہنا کہ ہر بار کہ مین تجکو معزول کرون تو تو میرا وکیل ہی بسبب اسکے معزول ہونے کے اس قول سے
کہ ہر بار کہ مین تجکو وکیل کرون تو تو معزول ہی کذا فی العینی ہم طحطاوی نے کہا کلما عزلتک فانت وکیلی، مین اسواسطے عزل ثابت ہوتا ہی کہ اسمین
حق وکیل متعلق نہیں وقول الوکیل بعد القبول بحضرۃ الموکل الغیبب توکیلی او انا بری من الوکالۃ لیس بعزل کجحود الموکل بقولہ لم
اوکلک لا یکون عزلا الا ان یقول الموکل للوکیل واللہ لا اوکلک بشیء فقد عرفت تہاونک فعزل زیلعی اور وکیل کا یون کہنا بعد
قبول وکالت کے موکل کے سامنے کہ مین نے تیری توکیل کو لغو کر دیا یا کہ مین بری ہون وکالت سے معزول کرنا نہیں ہی جیسے موکل کا یون انکار کرنا کہ مین نے
تجکو وکیل نہین کیا عزل نہوگا مگر یہ کہ موکل وکیل سے کہے کہ واللہ مین تجکو کسی چیز کا وکیل نہیں کرتا سو البتہ مین نے تیری سستی اور کاہلی معلوم کی تو عزل ثابت ہوگا
لکن فی الزیلعی لکنہ ذکر فی الوصایا ان جحود عزل وحملہ المصنف علی ما اذا وافقہ الوکیل علی الترک لیکن زیلعی نے کتاب الوصایا مین ذکر کیا کہ موکل کا انکار
عزل ہی اور مصنف نے اپنی شرح مین اسکو اسپر محمول کیا ہی جب وکیل موکل کے ساتھ موافقت کرے ترک وکالت پر یعنے انکار موکل اس صورت مین
عزل ہی جبکہ وکیل بھی وکالت کو چھوڑ دے لکن اثبت القہستانی اختلاف الروایۃ وقدم الثانی وعللہ بان جحود ما عدا النکاح فسخ ثم قال وفی روایۃ
لم ینعزل بالجحود تہی فلیحفظ لیکن قہستانی نے اختلاف روایت کا ثابت کیا ہی اور قول ثانی یعنے عزل ہونا انکار کا اسکو مقدم ذکر کیا ہی اور وجہ اسکی
یون بیان کی ہی کہ ماوراے نکاح کے انکار فسخ ہی پھر قہستانی نے کہا اور دوسری روایت مین وکیل معزول نہیں ہوتا انکار سے انتہی کلام القہستانی
تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم اور اسیطرح حموی نے اختلاف روایت ثابت کیا ہی چنانچہ ولوالجیہ سے نقل کیا ہی کہ اگر وصایت سے انکار کیا تو وہ رجوع ہی
اور جامع کبیر مین ہی کہ یہ رجوع نہیں تو اسمین دو روایتین ہین اور اسیطرح جحود وکالت مین وکیل یا موکل سے اور جحود شرکت اور جحود ودیعت اور

حجو رثنا یعنین یا مستاجرین مین خلاف ہی اور صحیح یہ ہی کہ حجو در جوع ہی اسواسطے کہ حجو د فسخ ہی انتہی علامہ مقدسی نے کہا محتمل ہی کہ تصحیح خاص وصیت مین ہی یا
سب مین انتہی اور ظاہر جمیع کی تصحیح تنیا در ہی چنانچہ تعلیل قہستانی کی اسکی موید ہی کذا فی الطحطاوی وینعزل الوکیل بلا عزل بنہایۃ الشیٔ الموکل فیہ
کما لو وکلہ بقبض دین فقبضہ بنفسہ او وکلہ بنکاح فزوجہ الوکیل بزازیہ اور معزول ہو جاتا ہی وکیل بدون معزول کرنے کے اس چیز کے
منتہی ہونے سے جسمین وہ وکیل مقرر ہوا چنانچہ اگر اسکو قبض دین کا وکیل کیا سو موکل نے اُسپر بذات خود قبضہ کر لیا یا اُسکو نکاح کا وکیل کیا سو
موکل نے وکیل کے ساتھ نکاح کر دیا کذا فی البزازیہ ولو باع الموکل والوکیل معا ولم یعلم السابق فبیع الموکل اولی عند محمدؒ وعند ابی یوسف رح لیشترکان ویخیران
کما فی الاختیار وغیرہ اور اگر موکل اور وکیل نے ساتھ ہی بیع کی اور معلوم نہین کہ پہلی بیع کونسی ہی تو موکل کی بیع مقدم ہی محمدؒ کے نزدیک اور ابو یوسفؒ کے
نزدیک دونون مشتری بیع مین شریک اور مختار ہین چاہین بیع قائم رکھین چاہین فسخ کرین کذا فی الاختیار وغیرہ وینعزل بموت احدہما وجنونہ
مطبقا بالکسر ای مستوعبا سنۃ علی الصحیح درر وغیرہا لکن فی الشرنبلالیۃ عن المضمرات شہرا وبہ یفتی وکذا فی القہستانی والباقانی وجعلہ قاضی خان
فی فصل فیما یقضی بالمجتہدات قول ابی حنیفۃ وان علیہ الفتوی فلیحفظ اور وکیل معزول ہوتا ہی وکیل اور موکل دونون مین سے ایک کے مر جانے سے
اور اسکے سال بھر کے جنون سے بنا بر قول صحیح کذا فی الدرر وغیرہا لیکن شرنبلالیہ مین ہی مضمرات سے کہ مہینے بھر کے جنون سے معزول ہوتا ہی اسی کا
فتوے ہی اور اسیطرح قہستانی اور باقانی مین ہی اور قاضی خان نے اس فصل مین جسمین قضا بالمجتہدات کا مذکور ہی جنون شہری کو ابو حنیفہ کا قول
قرار دیا ہی اور یہ کہ اسی قول پر فتوی ہی تو اسکو یاد رکھنا چاہیے مطبق بالکسر یعنی مستوعب ہی اور بعضون نے بمعنی دائم تفسیر کیا ہی بحر الرائق مین
مصباح سے منقول ہی کہ عوام مطبق بفتح با بولتے ہین وبالحکم بلحوقہ مرتدا ثم لا تعود بعوده مسلما علی المذہب ولا بافاقتہ بحر اور وکیل معزول ہو جاتا ہی
وکیل یا موکل کے حکم لحوق دار الحرب سے مرتد ہو کر پھر وکالت عود نہین کرتی اُسکی پھر آنے سے دار الاسلام مین مسلمان ہو کر اور نہ اُسکے جنون
جاتے رہنے سے بنا بر مذہب صحیح کذا فی البحر ہم یعنے جبکہ مرتد ہو گیا پھر وکیل ٹھہرا پھر دار الحرب مین جا کر مل گیا اور قاضی نے لحوق دار الحرب پر حکم کر دیا
تو معزول ہوگا اسواسطے کہ مرتد کے تصرفات قبل حکم لحوق موقوف ہین امامؒ کے نزدیک تو اسی طرح وکالت مرتد بھی موقوف ہی اگر مسلمان ہو گیا
تو نافذ ہی اگر مقتول ہوا یا دار الحرب مین جا ملا تو وکالت باطل ہی کذا فی الطحطاوی وفی شرح المجمع واعلم ان الوکالۃ اذا کانت لازمۃ لا تبطل بہذہ
العوارض فلذا قال الا الوکالۃ اللازمۃ اذا وکل الراہن العدل او المرتہن ببیع الرہن عند حلول الاجل فلا ینعزل بالعزل ولا بموت
الموکل وجنونہ اور شرح مجمع مین ہی کہ جان لے کہ وکالت جب لازم ہوتی ہی تو ان عوارض سے باطل نہین ہوتی تو اسی وجہ سے مصنف نے کہا
بجز وکالت لازمہ کے یعنے مثلاً جب راہن نے شخص عادل یا مرتہن کو وکیل کیا بیع رہن کا مدت کے آتے وقت تو وہ معزول نہوگا معزول کرنے سے
اور نہ موکل کی موت اور اسکے جنون سے ہم مرتہن عطف ہی عدل پر اور راہن پر اُسکا عطف کرنا صحیح نہین اسواسطےکہ مرتہن بیع کا مالک نہین کذا فی الطحطاوی کالوکیل
بالامر بالید والوکیل ببیع الوفاء لا ینعزلان بموت الموکل بخلاف الوکالۃ بالخصومۃ والطلاق بزازیۃ جیسے امر بالید کا وکیل اور بیع الوفا کا وکیل معزول
نہین ہوتے دونون موکل کی موت سے بخلاف خصومت یا طلاق کی وکالت کے کذا فی البزازیہ ہم یعنے وکالت بالخصومۃ اگرچہ لازم ہی لیکن وکیل اُسمین موت
اور جنون موکل سے معزول ہو جاتا ہی قلت والحاصل کما فی البحران الوکالۃ ببیع الرہن لا تبطل بالعزل حقیقیا وحکمیا ولا بالخروج عن الاہلیۃ بجنون وردۃ
وفیما عداہا من اللازمۃ لا تبطل بالحقیقی بل بالحکمی وبالخروج عن الاہلیۃ قلت فالطلاق الدرر فیہ نظر مین کہتا ہون اور خلاصہ یہ ہی چنانچہ بحر الرائق
مین ہی کہ بیع رہن کی وکالت باطل نہین ہوتی عزل سے خواہ عزل حقیقی ہو یا حکمی چنانچہ موت اور نہ خارج ہو جانے سے لیاقت توکیل سے بسبب
جنون اور ارتداد کے اور اسکے سوا وکالت لازمہ باطل نہین ہوتی عزل حقیقی سے بلکہ باطل ہوتی ہی عزل حکمی سے اور اہلیت کے خارج ہو جانے سے

میں کہتا ہوں تو قریب کے طلاق میں بحث ہو چکی در ریمیں یوں کہا ہے کہ جب حق غیر متعلق ہو تو وکیل معزول نہیں ہوتا ہے اور تعلق حق غیر وکالت بالخصومۃ بالتماس
طالب کو بھی شامل ہے اور حالانکہ اسمیں ایسا حکم نہیں کذا فی المنح وینعزل بافتراق احد الشریکین ولو بالوکیل ثالث بالتصرف وان لم یعلم الوکیل لانہ عزل
حکمی اور وکیل معزول ہوتا ہے احد الشریکین کے افتراق سے اگرچہ وکالت بوکیل ثالث ہو تصرف کے واسطے اور گو کہ وکیل کو عزل کا علم نہوا اسواسطے کہ وہ عزل
حکمی ہے ہم اطلاق ماتن اسکو شامل ہے کہ دونوں شریکوں میں افتراق ہو شرکت کے بطلان سے چنانچہ دونوں مال یا ایک مال ہلاک ہو جاوے قبل خریدنے کے
تو وکالت ضمیمہ بھی باطل ہوگی اور اسکو شامل ہے کہ دونوں یا ایک شریک تیسرے شخص کو تصرف کا وکیل مقرر کریں تو بعد افتراق وہ معزول ہوگا وینعزل بعجز موکلہ
لو مکاتبا وحجرہ ای موکلہ لو ماذونا کذلک ای علم او لا لانہ عزل حکمی کما مر اور وکیل معزول ہوتا ہے اپنے موکل کے عاجز ہونے سے اداے بدل کتابت سے
اگر موکل عبد مکاتب ہو اور اپنے موکل کے محجور ہونے سے اگر موکل عبد ماذون فی التجارۃ ہو اسی طرح معزول ہو جاتا ہے یعنے اسکو علم ہو عزل کا یا نہو اسواسطے کہ یہ
عزل حکمی ہے چنانچہ مذکور ہو چکا وہذا اذا کان وکیلا فی العقود والخصومۃ اما اذا کان وکیلا فی قضاء دین واقتضائہ وقبض ودیعۃ فلا ینعزل بعجزہ
وحجرہ اور یہ یعنے عزل بسبب عجز اور حجر کے اسوقت ہے جبکہ وہ وکیل ہو عقود اور خصومت میں اور جبکہ وکیل ہو اداے دین اور طلب دین
اور قبض ودیعت میں تو معزول نہیں ہوتا عجز مکاتب اور حجر ماذون سے ولو عزل المولی وکیل عبدہ الماذون لم ینعزل اور اگر مولے نے اپنے غلام
ماذون کے وکیل کو معزول کیا تو وہ معزول نہوگا وینعزل بتصرفہ ای الموکل بنفسہ فیما وکل فیہ تصرفا یعجز الوکیل عن التصرف معہ والا کما
لو طلقہا واحدۃ والعدۃ باقیۃ فللوکیل تطلیقہا اخری لبقاء المحل اور معزول ہوتا ہے وکیل موکل کے بذات خود تصرف کرنے سے اس فعل میں جسمیں
وہ وکیل مقرر ہوا موکل کے ایسے تصرف سے عزل ہوتا ہے کہ وکیل اسکے ساتھ تصرف کرنے سے عاجز ہو جاوے اور اگر وکیل عاجز نہو تو وہ معزول نہیں ہوتا چنانچہ
اگر موکل نے اپنی زوجہ کو ایکبار طلاق دی اور حالانکہ عدت باقی ہے تو وکیل کو دوسری طلاق دینا جائز ہے بسبب باقی رہنے محل طلاق کے ہم موکل کے جس
تصرف کے ساتھ وکیل تصرف نہیں کر سکتا اسواسطے معزول ہو جاتا ہے کہ وکالت کی حاجت باقی نہیں رہتی چنانچہ عتاق عبد یا کتابت کا وکیل کیا پھر اسکو موکل نے
خود آزاد کر دیا یا مکاتب کیا یا تزویج یا خرید کا وکیل کیا سو آپ نکاح کر لیا یا مول لیا یا طلاق کا وکیل کیا سو خود اسکو تین بار طلاق دی یا ایکبار طلاق دی
اور عدت گذر گئی یا خلع کا وکیل کیا سو آپ خلع کر لیا ولو ارتد الزوج ولحق وقع طلاق وکیلہ بالبقیت العدۃ اور اگر زوج مرتد ہو گیا یا دار الحرب میں لاحق ہوا
تو اسکے وکیل کی طلاق واقع ہوگی جب تک عدت باقی ہے ہم بحر الرائق وغیرہ میں یوں ہے کہ اگر زوج مرتد ہو جاوے تو وکیل کی طلاق ضرورت بربنا بقاے
عدت واقع ہوگی اور لحوق زوج بمنزلہ اسکی موت کے ہے انتہی تو شارح کے کلام میں لحوق اس لحوق پر محمول ہے جسپر قاضی کا حکم نہیں ہوا اور صاحب بحر
وغیرہ کا کلام اس لحوق پر جسپر حکم ہو گیا کیونکہ وہی بمنزلہ موت کے ہے کذا فی الطحطاوی وتعود الوکالۃ اذا عاد الیہ ای الموکل قدیم ملکہ کان وکلہ ببیع فباع
موکلہ ثم رد علیہ بما ہو فسخ بقی علیہ وکالتہ اور پھر آتی ہے وکالت جبکہ موکل کی طرف اسکی قدیم ملک پھر آوے چنانچہ ایک شخص کو بیع کا وکیل کیا
سو اسکو بیچ ڈالا اسکے موکل نے پھر وہ چیز پھیر دی گئی موکل کو اس سبب سے کہ وہ فسخ ہے چنانچہ بحکم قاضی رد بالعیب واقع ہوا تو وکیل باقی رہیگا
اپنی وکالت پر او بقی اثرہ ای اثر ملکہ کمسئلۃ العدۃ یا باقی رہے ملک موکل کا اثر مانند مسئلہ عدت کے یعنے زوج نے طلاق کا وکیل کیا پھر ایک
طلاق خود موکل نے دی اور عدت ہنوز باقی ہے تو وکیل باقی طلاق دے سکتا ہے بخلاف ما لو تجدد الملک بخلاف اسکے اگر ملک جدید
حاصل ہو ہم چنانچہ ایک چیز کی بیع کا وکیل کیا پھر آپ اسکو بیچ ڈالا پھر اسکو مشتری سے خرید کیا تو وکالت عود نہ کریگی اسواسطے کہ یہاں قدیم ملک
نے عود نہیں کیا بلکہ وہ تازہ ملک حاصل ہوئی فروع مسائل متفرقہ شارح کے فی الملتقط عزل وکیلہ لا ینعزل ما لم یصلہ الکتاب ملتقط میں ہے کہ معزول
کیا اور معزولی لکھ بھیجی تو معزول نہوگا جب تک وکیل کو خط نہ پہونچیگا یعنے اسواسطے کہ یہ عزل قصدی ہے اسمیں علم وکیل شرط ہوا اور علم خط

بھیجنے سے ہر وکل غائبا ثم عزلہ قبل قبولہ صح وبعدہ لا وکیل کیا شخص غائب کو پھر اُسکو معزول کیا قبل اُسکے قبول کرنے کے تو صحیح ہی اور بعد قبول کے صحیح نہین یعنے قبل قبول بلا علم وکیل عزل صحیح ہی اور بعد قبول صحیح نہین بدون علم کے در صورت عزل قصدی کذا فی الطحطاوی دفع الیہ قیمتہ لیدفعہا الی انسان یصلحہا فدفعہا ونسی لا یضمن الوکیل بالدفع دیا وکیل کو آفتابہ تا اُس آدمی کو دے جو اسکو درست کر دے سو وکیل نے اسکو دیا اور بھول گیا کہ کسکو دیا تو وکیل پر دینے سے تاوان نہین اسواسطے کہ اُسنے موافق اُسکے کہنے کے عمل کیا اور نسیان سے تعدی اُسکی ثابت نہین ابرأہ مما لہ علیہ بری من الکل قضاء واما فی الآخرۃ فلا الا بقدر ما یتوہم ان لہ علیہ صاحب دین نے مدیون کو بری الذمہ کر دیا اُس دین سے جو اُسپر ہی تو وہ بری الذمہ ہوگا کل دین سے ظاہر حکم مین اور آخرت مین تو بری الذمہ نہوگا مگر اسقدر دین سے جتنا صاحب دین گمان رکھتا ہی کہ اُسکا اتنا ہی اُسپر ہم یعنے مجملاً اُسنے دین معاف کر دیا لیکن اُسکا گمان یہ ہی کہ میرے دس درم ہین پھر ظاہر ہوا کہ اسکے سو درم ہین تو باعتبار قضا سب دین سے بری ہوگیا بنظر اطلاق برأت اور عند اللہ فقط دس درم سے بری ہنوگا کذا فی الطحطاوی وفی الاشباہ قال لمدیونہ من جاءک بعلامۃ کذا او من اخذ اصبعک او قال لک کذا فادفع الیہ لم یصح لانہ توکیل مجہول فلا یبرا بالدفع الیہ اور اشباہ مین ہی کہ اپنے مدیون سے کہا کہ جو تیرے پاس آوے فلانی نشانی لیکر یا جو تیری اُنگلی پکڑے یا تجھ سے فلانی بات کہے تو اُسکو دیجیو تو صحیح نہین اسواسطے کہ یہ توکیل مجہول ہی تو مدیون بری الذمہ نہوگا اُسکے دینے سے وفی الوہبانیۃ ومن قال اعط المال فالبش خنصری فاعطاہ لم یبرأ وبالمال یخسر اور وہبانیہ مین ہی اور جسکے دائن نے کہا کہ دے مال چھنگلی کے پکڑنے والے کو سو دیا اُسکو تو مدیون بری الذمہ نہوگا اور مال مین اُسکو خسارہ ہوگا یعنی دوبارہ اُسکو دینا پڑیگا ولبعہ وبع بالنقد او بع لخالد فخالفہ قالوا یجوز التغیر اور جس موکل نے کہا بیچ اُسکو اور بیچیو نقد یا یون کہا کہ بیچ اُسکو اور بیچیو خالد کے ہاتھ سو وکیل نے اُسکے خلاف کیا یعنی اُدھار بیچا یا زید کے ہاتھ بیچا تو علما نے کہا کہ اتنا تغیر کرنا وکیل کو جائز ہی ہم لبعہ وبع بالنقد یہ ایک صورت ہی ولبعہ دبع لخالد یہ دوسری صورت ہی وکیل کو مخالفت مذکورہ اسواسطے جائز ہی کہ یہ کلام مشورہ پر محمول ہی چنانچہ مضارب سے کہا کہ یہ مال بطور مضاربت کے لے اور اس سے گیہون خرید کرنا تو اُسکو جو خرید کرنا جائز ہی کیونکہ یہ کلام مشورہ ہی اسکا بخلاف اس قول کے کہ بعہ بالنقد یا یون کہا کہ بعہ من فلان تو اب اسکو مخالفت کرنا جائز نہین کذا فی الطحطاوی عن شرح الوہبانیہ وفی الدفع قل قول الوکیل مقدم وکذا قول رب الدین والخصم یجبر اور مال دینے مین وکیل کا قول مقدم ہی اسی طرح صاحب دین کا قول مقدم ہی اور خصم یعنی موکل پر جبر کیا جائیگا اُسکی صورت یہ ہی کہ موکل نے وکیل کو مال دیا اور کہا کہ اس سے میرا دین ادا کر سو وکیل نے کہا کہ مین نے ادا کیا اور صاحب دین نے کہا کہ مجھکو اُسنے نہین دیا تو وکیل کا قول معتبر ہی بری الذمہ ہونے مین یعنی وکیل پر تاوان دینا لازم نہوگا اور وکیل کا قول مقدم ہی موکل کے اس قول پر کہ اُسنے صاحب دین کو نہین دیا اور صاحب دین کے اس قول پر کہ مین نے کچھ نہین پایا لیکن یہ فقط درحق برأت ہی نہ درحق سقوط حق دائن تو وہ اپنا دین موکل سے لیگا اور دائن کا قول موکل اور وکیل کے قول پر مقدم ہوگا عدم سقوط حق مین اور موکل سے زبردستی حق اُسکا دلایا جائیگا بعد اسکے اگر موکل طالب کا مکذب اور وکیل کا مصدق ہو تو طالب سے قسم لیجاے سو اگر اُسنے قسم کھائی تو قبض دین ثابت نہوا اور اگر قسم نہ کھائی تو حق اُسکا ساقط ہوگیا اور اگر بالعکس ہو یعنے موکل طالب کا مصدق اور وکیل کا مکذب ہو تو وکیل سے قسم لیجاے کذا فی الطحطاوی ولو قبض الدلال مال المبیع کی یسلمہ منہ وضاع یشطر اور اگر دلال نے مال مبیع یعنے ثمن لیا مشتری سے تا بائع کو تسلیم کرے اور ثمن ضائع ہوگیا تو دلال اور بائع مین انصاف کیا جاے ہم یعنی مصالحہ بالنصف ہوگا درمیان دلال و بائع کے ناظم نے کہا یون تفصیل کرنا لائق ہی کہ اگر بائع نے دلال کو قبض ثمن کا اذن دیا ہو تو دلال پر تاوان لائق نہین اور نہین تو بائع چاہے مشتری سے تاوان لے چاہے دلال سے اگر مشتری سے لے تو وہ دلال سے بھر لے تا وقتیکہ دلال اُسکا فرستادہ نہو یا ایکطرف ثمن پہونچانے مین کذا فی الطحطاوی واللہ اعلم واستغفر اللہ العظیم

کتاب الدعوے

یہ کتاب ہی دعوے کے احکام مین لا یخفے مناسبتہا للوکالۃ بالخصومۃ مناسبت دعوے کی خصومت کی وکالت سے پوشیدہ نہین ہم مناسبت

یہ ہے کہ خصومت کے وکیل کو دعوے کی طرف حاجت ہے بلکہ گاہے غیر خصومت کا وکیل بھی دعوے کی طرف حاجتمند ہوتا ہے ہی لغۃ قول یقصد به الانسان ایجاب حق علی غیرہ لغت مین دعوے وہ قول ہے جس سے آدمی اپنے غیر پر ایجاب حق کا ارادہ کرے یعنے بلا قید منازعت و مسالمت اور آمین دفع حق عن حق نفسہ سے کچھ تعرض نہین والفھا للتانیث فلا تنون اور لفظ دعوی کا الف تانیث کے واسطے ہے تو اسپر تنوین داخل نہین کیجاتی وجمعھا دعاوی بفتح الواو کفتوے وفتاوی در رراور جمع دعوے کی دعاوی ہے بفتح واو مانند فتوی اور فتاوی کے کذا فی الدرر لکن جزم فی المصباح بکسرھا ایضا فیھما محافظة علی الف التانیث لیکن مصباح العلوم مین واو کے کسرہ پر یقین کیا دونون مین یعنے دعاوی اور فتاوے مین الف تانیث کی محافظت کے واسطے ہم عبارت مختلف ہے مصباح مین یون ہے کہ جمع دعوی دعاوی بکسر واو ہے اسواسطے کہ وہی اصل ہے اور بفتح واو ہے الف تانیث کی محافظت کے واسطے کذا فی الطحطاوی ملخصا وشرعا قول مقبول عند القاضی یقصد به طلب حق قبل غیرہ خرج الشہادۃ والاقرار اور اصطلاح شرع مین دعوے عبارت ہے اس قول سے جو قاضی کے روبرو مقبول ہوا اور اس سے طلب حق اپنے غیر شخص سے مقصود ہو نکل گئی شہادت اور اقرار ہم قول مقبول سے قول ملزم مراد ہے تو غیر ملزم خارج ہوگیا قاضی کی قید اسواسطے لگائی کہ غیر قاضی کے روبرو دعوی مسموع نہین اور طلب حق کی قید سے شہادت خارج ہوگئی دعوی کی تعریف سے سواسکے شہادت اگرچہ قول مقبول ہے مگر اس سے اثبات حق غیر مقصود ہے اور اسیطرح اقرار بھی اور دفعہ ای دفع الخصم عن حق نفسہ دخل دفع دعوے التعرض فتسمع به یفتے بزازیہ دعوی عبارت ہے دفع کرنے مدعی سے مخاصم کو اپنی ذات کے حق سے تو اسمین داخل ہوا تعرض کے دعوی کو دفع کرنا تو وہ مسموع ہوگا اسی قول کا فتوی ہے کذا فی البزازیہ ہم دفع تعرض کی صورت یہ ہے کہ قاضی کے سامنے کہے کہ فلانا شخص ناحق میرا متعرض ہوتا ہے اور مین اسکے دفع تعرض کا مطالب ہون تو یہ دعوی مسموع ہے قاضی اسکو ناحق تعرض سے باز رکھے تو جب تک اسکے پاس حجت نہین ہے تو وہ تعرض سے رد کا جاوے اور جب اسکو حجت ملے تو تعرض کرے کذا فی الطحطاوی بخلاف دعوی قطع النزاع فلا تسمع سراجیہ بخلاف دفع قطع نزاع کہ وہ مسموع نہین کذا فی السراجیہ ہم صورت اسکی یہ ہے کہ قاضی کے پاس جاوے اور کہے کہ اگر فلانے شخص کا مجھپر کچھ ہو تو دعوے کرے اور نہین تو ابرا کرے تو اس شخص پر جبر نکیا جائیگا دعوی مین اسواسطے کہ وہ صاحب حق ہے کذا فی الطحطاوی وہذا اذا ارید بالحق فی التعریف الامر الوجودی اور یہ یعنے تعریف دعوی مین اور دفعہ عن نفسہ کا قول زیادہ کرنا اسوقت ہے جبکہ تعریف مذکور مین حق سے امر وجودی کا ارادہ کیجیے ہم جب امر وجودی مراد ہوا تو امر عدمی جیسا کہ دفع کو تعریف شامل نہوگی تو قول مذکور کے زیادہ کرنے کی حاجت ہوئی تا دفع بھی دعوی کی تعریف مین داخل رہے اور عدمی سے مراد وہ ہے جو امر اعتباری کو بھی شامل ہو اسواسطے کہ دفع عدمی نہین کیونکہ دفع سکنت عن المنازعۃ مراد ہے فلو ارید بالاعم الوجودی والعدمی لم یحتج لہذا القید سو اگر حق سے وہ ارادہ کیجیے جو کہ وجودی اور عدمی دونون کو شامل ہو تو اس قید یعنے زیادت دفع کی حاجت نہین والمدعی من اذا ترک دعواہ ترک ای لا یجبر علیھا اور مدعی وہ شخص ہے کہ جبکہ وہ اپنا دعوی ترک کرے تو چھوڑا جاوے یعنے حاکم اس سے زبردستی دعوی نہ کرواوے والمدعی علیہ بخلافہ ای یجبر علیھا اور مدعا علیہ وہ شخص جو مدعی کے برخلاف ہو یعنے جو ترک خصومت سے چھوڑا نہ جاوے بلکہ اس سے زبردستی خصومت کروائی جاوے فلو فی البلدۃ قاضیان کل فی محلۃ فالخیار للمدعی علیہ عند محمد به یفتے بزازیہ ولو القضاۃ فی المذاہب الاربعۃ علی الظاہر وبه افتیت مرارا بحر تو اگر ایک شہر مین دو قاضی ہون ہر ایک قاضی ہو علیحدہ علیحدہ محلے کا تو مدعا علیہ کو اختیار ہے جس قاضی کے پاس چاہے حاضر ہو محمد رح کے نزدیک اسی قول کا فتوی ہے کذا فی البزازیہ اگرچہ وہان چارون مذہب کے قاضی ہون بنابر قول ظاہر کے اور اسی کا مین نے فتوی دیا ہے کئی بار کذا فی البحر ہم علامہ مقدسی نے صاحب بحر کے قول پر اعتراض کیا کہ ابو یوسف کے قول پر اعتماد کرنا مناسب ہے یعنی مدعی کو اختیار ہے اسواسطے کہ ابو یوسف رح کا قول مدعی اور مدعا علیہ کی تعریف کے موافق ہے قال المصنف ولو الولایۃ لقاضیین فاکثر علی السواء فالعبرۃ للمدعی نعم لو امر السلطان باجابۃ المدعی علیہ لزم اعتبارہ لعزلہ بالنسبۃ الیھا کما مر مرارا کہا مصنف نے اپنی شرح مین اور اگر دو قاضیون کی یا زیادہ کی ولایت برابر جمیع محالات شہر مین ہو تو مدعی کا اعتبار ہے

بان اگر سلطان نے جابت مدعا علیہ کا حکم دیا ہو تو اسکا معتبر رکھنا لازم ہوگا بسبب معزول ہونے اُس قاضی کے جسکو مدعا علیہ نے پسند نہیں کیا اسس دعوی کی
نسبت کے اعتبار سے چنانچہ چند بار مذکور ہو چکا کہ قضا قید پذیر ہے کذا فی الطحطاوی قلت وہذا الخلاف فیما اذا کان کل قاض علی محلة علیحدة اما اذا کان سلطنے امصر
حنفی وشافعی ومالکی وحنبلی فی مجلس واحد والولایة واحدة فلا ینبغی ان یقع الخلاف فی اجابة المدعی لانہ صاحب الحق کذا بخط المصنف علی حاشیة البزازیة
فلیحفظ میں یہ کہتا ہوں اور یہ خلاف محمد رح اور ابو یوسف رح کا اُس صورت میں ہے جبکہ ہر ہر قاضی علیحدہ علیحدہ محلہ کا حاکم ہو اور جبکہ شہر میں حنفی اور شافعی
اور مالکی اور حنبلی ایک مجلس میں ہوں اور ولایت ایک یعنے حکومت عامہ ہو تو لائق نہیں کہ اجابت مدعی میں خلاف واقع ہو اسواسطے کہ وہ بلاشک
مدعی ہی تو صاحب حق ہے اسی طرح لکھا ہے مصنف کے خط سے بزازیہ کے حاشیہ پر تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم اتحاد مجلس قید نہیں بلکہ عموم ولایت پر دار ہے
چنانچہ مذکور ہو چکا تو اگر شارح عموم ولایت پر کفایت کرتا تو خوب ہوتا اور کہنا اضافة الحق الی نفسہ او اصیلا کمالی علیہ کذا او اضافتہ الی
من ناب المدعی منابہ کوکیل و وصی عند النزاع متعلق باضافة الحق اور دعوی کا رکن نسبت کرنا ہے حق کا اپنی ذات کی طرف نزاع کے وقت
اگر مدعی اصیل ہو چنانچہ یوں کہنا کہ میرا مال اُسپر اتنا ہے یا نسبت کرنا حق کا اُسکی طرف جسکے مدعی قائم مقام ہے مانند وکیل اور وصی کے شارح نے کہا کہ عند النزاع
اضافت حق سے متعلق ہے واہلہا العاقل الممیز ولو صبیا لو ماذونا فی الخصومة والا لا اشباہ اور دعوی کا اہل وہ شخص ہے جو ہوشیار باتمیز ہو اگرچہ
لڑکا ہو بشرطیکہ اُسکے ولی نے اُسکو خصومت کی اجازت دی ہو اور اگر اُسکو اجازت نہ دی ہو تو وہ اہل دعوی نہیں کذا فی الاشباہ وشرطہا اے شرط جواز
الدعوے مجلس القضاء وحضور خصمہ فلا یقضی علی غائب اور دعوے کی شرط یعنے جواز دعوے کی شرط قاضی کی مجلس ہے اور موجود ہونا اُسکے
مخاصم کا تو حکم نہ کیا جاوے مدعا علیہ غائب پر ولا یحضرہ بمجرد الدعوی الا اذا کان بالمصر او بحیث یبیت بمنزلہ ثم والا فحتی یبرہن او یحلف بنیہ اور کیا قاضی
مدعا علیہ کو مجرد دعوے کرنے مدعی کے حاضر کرے اگر مدعا علیہ اسی شہر میں یا شہر سے باہر ہو اس طرح پر کہ جوابدہی کرکے اپنے گھر رات کو جا رہ سکے تو ہاں
مجرد دعوے حاضر کرے اور اگر ایسا نہو تو اسکو نہ بلاوے تا وقتیکہ مدعی گواہ لا دے یا قسم کھائے کذا فی البینة ہم مدعا علیہ بعید کے احضار میں دو قول ہیں
بعضوں کے نزدیک احضار نہیں مگر بعد شہادت اور بعضوں کے نزدیک بعد قسم قاضی خان نے کہا یہ گواہی مدعا علیہ کے بلانے کے واسطے ہے نہ حکم دینے کے واسطے سبکی
نے کہا کہ ہمارے زمانہ کے قاضیوں کا عمل برخلاف ما تقدم ہے کہ مجرد دعوی مدعا علیہ کو طلب کرتے ہیں اور دریافت نہیں کرتے کہ دعوی صحیح ہے یا فاسد اور یہ انکی غفلت ہے
فقہا کے کلام سے یا جہالت کذا فی الطحطاوی ومعلومیة المال المدعی اذ لا یقضی بمجہول اور دعوی کی شرط معلوم ہونا اُس مال کا ہے جسکا مدعی نے دعوے کیا
اسواسطے کہ مال مجہول کا حکم نہیں دیا جاتا ولا یقال مدعی فیہ وبہ الا ان یتضمن الاخبار اور مال مدعا کو مدعا فیہ اور مدعا بہ نہیں کہتے مگر جبکہ لفظ ادعا معنی اخبار کے متضمن ہو
مدعا بہ بولنا درست ہے ہم مدعا فیہ اور مدعا بہ بولنا درست نہیں اگرچہ متفقہین بولتے ہیں مگر یہ مشہور ہے تو وہ بہتر ہے صواب مہجور سے کذا فی الحموی وشرطہا ایضا کونہا ملزمة
شیئا علی الخصم بعد ثبوتہا والا کان عبثا اور یہی دعوی کی شرط ہے ہونا دعوی کا لازم کردینے والا کسی چیز کا مخاصم پر بعد ثابت ہونے دعوی کے اور اگر ملزم نہوتا تو
بیفائدہ ہوتا ہم عیب یلزم ہونا دعوی کی شرط ٹھہرا تو وکیل کا اپنے موکل حاضر پر توکیل کا دعوی کرنا صحیح نہیں امکان عزل کے سبب سے کذا فی البحر وکون المدعی
مما یحتمل الثبوت فدعوی ما یستحیل وجودہ عقلا او عادة باطلة لتیقن الکذب فی المستحیل العقلی کقولہ لمعروف النسب او لمن لا یولد مثلہ لمثلہ
ہذا ابنی والمبرہن فی المستحیل العادی کدعوی المعروف بالفقر اموالا عظیمة علی آخر انہ اقرضہا ایاہ دفعة واحدة او غصبہا منہ فالظاہر عدم سماعہا کما جزم بہ
ابن الفرس فی الفواکہ البدریة اور دعوے کی شرط ہے ہونا اس چیز کا جسکا دعوے کیا اس قسم سے جو محتمل الثبوت ہے تو اسکا دعوے جسکا
وجود باعتبار عقل یا عادت کے محال ہے باطل ہے بسبب تیقن ہونے کذب کے محال عقلی میں چنانچہ یوں کہنا معروف النسب کو کہ یہ میرا بیٹا ہے
یا اسکو اپنا بیٹا کہنا کہ ویسا آدمی اُس جیسے آدمی سے پیدا نہیں ہوتا اور بسبب ظاہر ہونے کذب کے محال عادی میں چنانچہ مفلس مشہور کا

دعویٰ اموال عظیمہ کا دوسرے شخص پر اسطرح کہ اُسنے اُسکو مال قرض دیے ہین ایک ہی دفعہ یا مدعا علیہ نے اموال مذکورہ کو اُس سے غصب کر لیا تو ظاہر یہ دعوےٰ
غیر مسموع ہی کذا فی البحر اور اسی پر یقین کیا ہی ابن الغرس نے فواکہ بدریہ مین وحکمہا وجوب الجواب علی الخصم دہو المدعی علیہ بلا او نعم حتی لو سکت کان
انکارا فتسمع البینۃ علیہ الا ان یکون آخرس اختیار وتحققہ اور دعویٰ کا حکم واجب ہونا جواب کا ہی مدعا علیہ پر نہین یا ہان کرکے تو اگر وہ چپ رہا نہ
نہین بولا نہ ہان تو یہ سکوت انکار ہوگا تو گواہی سُنی جائیگی مگر یہ کہ مدعا علیہ گونگا ہو تو اُسکا سکوت انکار نہوگا کذا فی الاختیار اور آگے ہم اُسکو محقق بیان کرینگے
یعنی (قضی بنکولہ) کی شرح مین وسببہا تعلق البقاء المقدر بتعاطی المعاملات اور دعوے کا سبب متعلق ہونا بقاء مقدر کا ہی معاملات کے استعمال سے یعنی
اور معاملات مین زیادت اور نقصان اور اقرار اور انکار اور توکیل وغیر ذلک جاری ہی تو دعویٰ کرنا اسی قسم سے ٹھہرا جو بقاے عالم مکلفین کا مقتضی ہی اسواسطے
کہ اگر دعویٰ نہ کیجیے تو اکثر حقوق ضائع ہو جائین فلو کان ما یدعیہ منقولاً فی ید الخصم ذکر المدعی انہ فی یدہ بغیر حق لاحتمال کونہ مرہونا فی
یدہ او محبوسا بالثمن فی یدہ تو اگر وہ مال جسکا مدعی دعویٰ کرتا ہی مال منقول مدعا علیہ کے ہاتھ مین ہو تو مدعی یہ بیان کرے کہ وہ مال مدعا علیہ کے
ہاتھ مین ناحق ہی بسبب احتمال ہونے اس مال کے مرہون مدعا علیہ کے ہاتھ مین یا یہ کہ محبوس بواسطہ ثمن کے ہو اُسکے پاس وطلب المدعی احضارہ
ان امکن فعلی الغریم احضارہ لیشار الیہ فی الدعوی والشہادۃ والاستحلاف اور مطالبہ کرے مدعی اُسکے حاضر کرنے کا اگر لے آنا اُسکا ممکن ہو
بلا مشقت تو مدیون پر احضار اُسکا واجب ہی تا اُسکی طرف اشارہ کیا جاے دعویٰ اور شہادت اور استحلاف مین وذکر المدعی قیمتہ ان تعذر احضارہا
بان کان فی نقلہا مؤنۃ وان قلت ابن کمال معزیا للخزانۃ اور مدعی اُسکی قیمت ذکر کرے اگر متعذر ہو احضار عین کا اسطرح کہ اُسکے لے آنے مین مؤنت ہو
اگرچہ مؤنت قلیل ہو ابن کمال نے اُسکو ذکر کیا ہی نسبت بخزانہ کرکے ھم کلام ابن کمال چکی اور ڈھیر وغیرہ مین ہی نہ ہلاک عین مین تو شارح کا یہان اُسکو
ذکر کرنا سہو ہی کذا فی الطحطاوی بہلاکہا او غیبتہا لانہ مثلہ معنًا قیمت بیان کرے اگر احضار اُسکا متعذر ہو اُسکے ہلاک ہو جانے سے یا اُسکے غائب ہونے سے
اسواسطے کہ قیمت اُسکے مانند ہی اُسکے باعتبار معنی کے یعنی قیمت اُسکی مماثل معنوی ہی وان تعذر احضارہا مع بقائہا کرحی وصبرۃ طعام وقطیع غنم
بعث القاضی امینہ لیشار الیہا اور اگر احضار اُسکا متعذر ہو باوجود اُسکے موجود ہونے کے جیسے چکی اور گیہون کا ڈھیر اور بھیڑ بکری کا گلہ قاضی اپنا
امین بھیجے تاکہ اُسکی طرف اشارہ کیا جاوے فان لم تکن باقیۃ اکتفی فی الدعوی بذکر القیمۃ اور اگر وہ چیز باقی نہ رہی ہو تو دعویٰ مین بذکر قیمت کفایت
کرے وقالوا لو ادعی انہ غصب منہ عین کذا ولم یذکر قیمتہا تسمع فیحلف خصمہ او یجبر علی البیان درر وابن ملک ولہذا لو ادعی اعیانا مختلفۃ
الجنس والنوع والصفۃ وذکر قیمۃ الکل جملۃ کفی ذلک الاجمال علی الصحیح وتقبل بینۃ او یحلف خصمہ علی الکل مرۃ اور فقہانے کہا ہی کہ
اگر دعویٰ کیا کہ مدعا علیہ نے مدعی سے فلانی چیز غصب کی ہی اور اُسکی قیمت نہ بیان کی ہو تو دعویٰ مسموع ہوگا تو مدعا علیہ سے قسم لیجائیگی درصورت
انکار یا اُسپر بیان قیمت پر زبردستی ہوگی درصورت اقرار کذا فی الدرر وابن ملک اور اسی واسطے یعنی بسبب سماع دعویٰ غصب اگرچہ مدعی اُسکی
قیمت نہ بیان کرے اگر مدعی نے اشیاء مختلف الجنس والنوع والصفۃ کا دعویٰ کیا اور سب چیزون کی قیمت بلا تفصیل مجمل بیان کی تو یہ اجمال کافی ہی
صحت دعویٰ مین بقول صحیح اور مدعی کے گواہ بیان قیمت مین مقبول ہونگے یا اُسکے مدعا علیہ سے قسم لیجائیگی سب چیزون پر ایکبار ہم اعیان مختلف الجنس
چنانچہ اناج اور جو اور مختلف النوع چنانچہ گیہون اور جو اور مختلف الصفۃ چنانچہ عمدہ گیہون اور ناقص وان لم یذکر قیمۃ کل عین علیحدۃ لانہ لما
صح دعوی الغصب بلا بیان فلان یصح او ابین قیمۃ الکل جملۃ بالاولی قیمت مجمل کا دعویٰ مسموع ہی اگرچہ قیمت ہر چیز کی علیحدہ نہ بیان کرے اسواسطے کہ
جب دعویٰ غصب کا بلا بیان قیمت صحیح ہوا تو اگر صحیح ہو جبکہ کل اشیاء کی قیمت مجملاً بیان کرے تو بطریق اولیٰ وقیل فی دعوی السرقۃ یشترط ذکر القیمۃ لیعلم
کونہا نصابا فاما فی غیرہا فلا تشترط اعادیۃ اور بعضون نے کہا کہ چوری کے دعویٰ مین قیمت کا ذکر کرنا شرط ہی تا اُسکا نصاب ہونا معلوم ہو اور چوری کے سوا مین تو

بیان قیمت شرط نہین کذا فی العمادیۃ وہذا کلہ فی دعوی العین لا الدین فلو ادعی قیمۃ شئ مستہلک اشترط بیان جنسہ ونوعہ فی الدعوی والشہادۃ
لیعلم القاضی بما ذا یقضی اور یہ سب یعنی اکتفا بذکر قیمت عین کے دعوی مین ہی نہ دین کے دعوی مین تو اگر مدعی نے شی مستہلک کا دعوی کیا تو اُسکی جنس اور
نوع کا بیان شرط ہی دعوی اور شہادت مین تا قاضی جانے کہ کیا حکم کرے وقد اختلف فی بیان الذکورۃ والانوثۃ فی الدابۃ فشرطہ ابو اللیث ایضا واختارہ فی
الاختیار وشرط الشہید بیان السن ایضا وتمامہ فی العمادیۃ اور فقہا کے اندر اختلاف ہی جانور کی نری اور مادگی کے بیان مین تو فقیہ ابو اللیث نے بیان قیمت کے
ساتھ اسکو بھی شرط کیا ہی اور اس قول کو اختیار شرح مختار مین پسند کیا ہی اور حاکم شہید نے نری اور مادگی کے ساتھ جانور کی عمر کا بیان بھی شرط کیا ہی اور پورا بیان اسکا
عمادیہ مین ہی وفی دعوی الایداع لا بد من بیان مکانہ ای مکان الایداع سواء کان لہ حمل او لا اور ودیعت رکھنے کے دعوی مین مکان ایداع کا
بیان کرنا ضرور ہی خواہ وہ چیز بار برداری کے لائق ہو یا نہو ہم بیان مکان اسواسطے شرط ہی کہ ودیعت رکھنے والے پر تخلیہ لازم نہین مگر اسی مکان مین جہان ودیعت
رکھی گئی اور اُسمین بیان قیمت کا اعتبار نہین کیونکہ مطلوب عین ودیعت ہی نہ اُسکی قیمت وفی الغصب ان لہ حمل ومؤنۃ فلا بد لصحۃ الدعوی من بیانہ
والا حمل لہ لا اور غصب کے دعوی مین اگر مغصوب لائق بار برداری اور مشقت کے ہو تو ضرور ہی اُسکے صحت دعوے کے واسطے بیان مکان غصب اور
اگر بار برداری کے لائق نہو تو بیان مکان ضرور نہین وفی غصب غیر المثلی یبین قیمتہ یوم غصبہ علی الظاہر عمادیۃ اور غیر مثلی کے غصب مین روز غصب کے اُسکی قیمت
بیان کرے بنا بر قول ظاہر کذا فی العمادیۃ ویشترط التحدید فی دعوی العقار کما یشترط فی الشہادۃ علیہ ولو کان العقار مشہورا خلافا لہما اور گھر اور باغ وغیرہ
غیر منقول کے دعوے مین حدود کا بیان کرنا شرط ہی جیسے اُسکی گواہی مین تحدید شرط ہی اگرچہ غیر منقول مشہور رہو بخلاف صاحبین کے کہ اُنکے نزدیک
درصورت شہرت تحدید شرط نہین ہم عقار بروزن سلام لغت مین عبارت ہی ہر ملک ثابت الاصل سے چنانچہ گھر اور کھجور کا درخت اور کاہے متاع کو
بھی عقار بولتے ہین انتہی اور مشائخ نے تصریح کی ہی کہ عمارت اور نخل منقولات سے ہی اور اُسمین شفعہ نہین جبکہ اُسکی بلا عرصہ بیع ہو کذا فی الطحطاوی
عن البحر الا اذا عرف الشہود الدار بعینہا فلا یحتاج الی ذکر حدودہا غیر منقول کی تحدید ضرور ہی مگر جبکہ شہود گھر کو بالخصوص جانتے ہون تو اُسکے
حدود کے بیان کی حاجت نہین ہم اسمین گفتگو ہی اسواسطے کہ تحدید سے مقصود اعلام قاضی ہی اور شہود کی معرفت سے یہ حاصل نہین ہوتا کذا فی الطحطاوی
کما لو ادعی ثمن العقار لانہ دعوی الدین حقیقۃ بحر چنانچہ اگر زمین وغیرہ کے ثمن کا دعوی کیا تو تحدید شرط نہین اسواسطے کہ وہ فی الحقیقۃ دین کا دعوی ہی نہ زمین کا
کذا فی البحر ولا بد من ذکر بلدہ فیہا الدار ثم المحلۃ ثم السکۃ فیبدأ بالاعم ثم الاخص فالاخص کما فی النسب اور ضرور ہی اُس شہر کے بیان سے
جسمین وہ گھر ہی پھر محلہ پھر کوچہ کے بیان سے تو پہلے عام تر کو بیان کرے پھر خاص تر بعد خاص تر کو چنانچہ نسب مین ہم یعنی یون کہے کہ وہ گھر فلانے
شہر فلانے محلہ فلانے کوچہ مین ہی پھر حدود بیان کرے اور نسب کی یہ صورت ہی کہ اگر ایک شخص پر دعوی کیا جسکا نام مثلاً جعفر ہی تو اگر معلوم اور مشہور ہو تو
بہتر اور نہین تو خاص تر کی طرف ترقی کرے تو یون کہے کہ جعفر بن محمد سو اگر معلوم ہو جاوے تو بہتر نہین تو دادا کی طرف ترقی کرے اسطرح کہ جعفر بن محمد بن
عبد اللہ ویکتفی بذکر ثلثۃ فلو ترک الرابع صح وان ذکرہ وغلط فیہ لا ملتقی لان المدعی یختلف بہ ثم انما یثبت الغلط باقرار الشاہد فصولین اور تین حدون کے
ذکر مین کفایت ہی تو اگر چوتھے کو ترک کرے تو صحیح ہی اور اگر چوتھی حد بیان کرے اور اُسمین غلطی کرے تو صحیح نہین ملتقی اسواسطے کہ مدعا اس سے مختلف
ہو جاتا ہی پھر غلطی کی تو شاہد کے اقرار سے ثابت ہوتی ہی کذا فی الفصولین ہم زفر کے نزدیک حدود اربعہ کا ذکر ضرور ہی اسواسطے کہ تعریف پوری نہین ہوتی
مگر حدود اربعہ سے ولہذا حد رابع کی غلطی مقبول نہین اور یہی قول ہی ائمۂ ثلثہ کا اور اسی قول پر فتوی ہی کذا فی الحموی وذکر اسماء اصحابہا ای الحدود
واسماء آبائہم ولا بد من ذکر الجد لکل منہم ان لم یکن الرجل مشہورا والا اکتفی باسمہ لحصول المقصود اور ضرور ہی اہل حدود کے نام ذکر کرنا اور
اُنکے باپون کے نام ذکر کرنا اور ضرور ہی اُنمین سے ہر ایک شخص کے دادا کا ذکر کرنا اگر مرد صاحب حد مشہور نہو اور اگر مشہور ہو تو فقط اُسکا نام کافی ہی بسبب

حاصل ہونے مقصود کے مترجم کہتا ہین ہے کہ اگر دادا معروف نہو تو امتیاز نہ حاصل ہوگا مگر اُسکے موالی کے ذکر سے یا اُسکے پیشہ یا وطن یا اُسکی دوکان یا اُسکے حلیہ سے
تو مقصود تمیز ہی خواہ اقل سے حاصل ہو یا اکثر سے وذکر انہ ای العقار فی یدہ لتعیین خصما اور اُسکا ذکر ضرور ہی کہ گھر یا باغ مدعا علیہ کے قبضہ مین ہی تاکہ وہ مخاصم
ٹھہرے م منقول اور غیر منقول ذکر قبض مدعا علیہ مین برابر ہین اور تخصیص عقار اسواسطے کی کہ یہان بیان تھا عقار کا کذا فی الطحاوی ویزید علیہ بغیر حق
ان کان المدعی منقولا لما مر اور زیادہ کرے اُسپر بغیر حق کی قید اگر منقول ہو جسکا دعوی کیا چنانچہ مذکور ہو چکا م مذکور یہ ہو چکا کہ تصرف ناحق اسواسطے ذکر کرے
کہ شاید وہ چیز اُسکے پاس مرہون ہو یا محبوس بثمن ہو ولا تثبت یدہ فی العقار بتصادقہما بل لابد من بینۃ او علم قاض لاحتمال تزویرہما بخلاف
المنقول لمعاینۃ یدہ اور ثابت نہین ہوتا قبض اور تصرف مدعا علیہ کا زمین مین متخاصمین کے باہم تصدیق کرنے سے بلکہ ضرور ہی گواہی سے یا قاضی کے علم سے
بسبب احتمال تزویر متخاصمین بخلاف منقول کے کہ اُسمین تصادق متخاصمین مثبت قبض ہی بسبب معائنہ ہونے قبض منقول کے م احتمال تزویر یہ ہی کہ
شاید متخاصمین نے پرایا مال لینے کے واسطے اپنے آپ کو مدعی اور مدعا علیہ بنایا ہو ثم ہذا لیس علی اطلاقہ بل اذا ادعی العقار ملکا مطلقا پھر یہ یعنی
اشتراط بینۃ یا علم قاضی قبض مدعا علیہ پر علی الاطلاق نہین بلکہ جب زمین مین ملک مطلق کا دعوی کرے م ملک مطلق وہ ہی جسمین ملک کا سبب مذکور نہو جیسا کہ
خرید یا میراث یا ہبہ اما فی دعوی الغصب ودعوی الشراء من ذی الید فلا یفتقر لبینۃ لان دعوی الفعل کما تصح علی ذی الید تصح علی غیرہ ایضا بزازیۃ اور غصب
کے دعوی اور قابض سے خرید کرنے کے دعوی مین تو حاجت نہین گواہی کی اسواسطے کہ فعل کا دعوی جیسا قابض پر صحیح ہی ویسا غیر قابض پر بھی صحیح ہی کذا فی البزازیۃ
م شارح نے دلیل سے اشارہ کیا کہ ملک مطلق کے دعوی مین اور فعل کے دعوی مین فرق ہی فعل سے مراد غصب اور خرید ہی وذکر انہ یطالبہ لتوقفہ علی طلبہ
ولاحتمال رہنہ او حبسہ بالثمن وبہ استغنی عن زیادۃ بغیر حق کافہمہ اور اسکا ذکر ضرور ہی کہ مدعی اسکا مطالبہ کرتا ہی مدعا علیہ سے بسبب موقوف ہونے حق مدعی کے اُسکی طلب پر
اور اسکے مرہون ہونے یا محبوس بالثمن ہونے کے احتمال سے اور اشتراط مطالبہ سے بغیر حق کے زیادہ کرنے کی حاجت نرہی سو اُسکو سمجھ لے م شارح نے اشارہ کیا
کہ عقار اور منقول مین بغیر حق کا ذکر لازم نہین کیونکہ اشتراط مطالبہ مغنی ہی اس سے ولو کان ما یدعیہ دینا مکیلا او موزونا نقدا او غیرہ ذکر وصفہ لانہ
لا یعرف الا بہ اور جسکا مدعی دعوی کرتا ہی اگر دین ہو یا مکیل ہو یا موزون نقد ہو یعنی چاندی سونا ہو یا سواے اسکے تو اُسکے وصف کو مذکور کرے اسواسطے کہ مکیل یا
موزون دریافت نہین ہوتا مگر وصف کے بیان سے م وصف یہ کہ گیہون مثلاً عمدہ یا ناقص چاندی کھری یا کھوٹی اور ذکر وصف کی اُسوقت حاجت ہی
جبکہ شہر مین کئی قسم کے روپے یا اشرفیان رائج ہون اور اگر ایک ہی قسم کا روپیہ یا اشرفی مروج ہو تو ذکر وصف لازم نہین کذا فی الحموی ولا بد فی دعوی
المثلیات من ذکر الجنس والنوع والصفۃ والقدر وسبب الوجوب فلو ادعی کر بر دینا علیہ ولم یذکر سببا لم تسمع اور ضرور ہی مثلیات کے دعوی مین
بیان کرنے جنس اور نوع اور صفت اور مقدار اور سبب وجوب سے تو اگر مدعا علیہ پر ایک کر گیہون کے دین ہونے کا دعوی کیا اور اُسکا سبب نہ ذکر کیا
تو دعوی مسموع نہوگا م جنس جیسے گیہون اور نوع جیسے سرخ گیہون یا سفید اور صفت جیسے جید یا ردی اور مقدار جیسے دو من یا چار من اور سبب وجوب
جیسے قرض یا ثمن یا غصب واذا ذکر ففی السلم انما لہ المطالبۃ فی مکان عیناہ اور جبکہ وجوب کا سبب ذکر کیا تو بیع سلم مین اُسکو مطالبہ جائز نہین مگر
اُسی مکان مین جسکو مدعی اور مدعا علیہ نے معین کیا وفی نحو قرض وغصب واستہلاک فی مکان القرض ونحوہ بحر فلیحفظ اور مانند قرض اور غصب اور
استہلاک مثلیات کے دعوی مین مطالبہ نہین مگر قرض کے مکان مین اور مانند اُسکے یعنی غصب اور استہلاک کے مکان مین کذا فی البحر
تو اُسکو یاد رکھنا چاہیئے ویسأل القاضی المدعی علیہ عن الدعوی فیقول انہ ادعی علیک کذا فماذا تقول بعد صحتہا
والا لعدم صحتہ لا یسأل لعدم وجوب جوابہ اور قاضی مدعا علیہ سے دعوی کو پوچھے تو یون کہے کہ فلانے مدعی نے تجھپر ایسا
دعوی کیا ہی سو تو کیا کہتا ہی سوال کرے بعد صحیح ہونے دعوی کے اور اگر صحیح دعوی صادر نہین ہوا تو مدعا علیہ سے سوال نکرے

بسبب نہ واجب ہونے اُسکے جواب کے ہم قاضی کا سوال مدعی کی طلب پر موقوف ہے اور قول ضعیف یہ ہے کہ اگر مدعی جاہل ہو تو قاضی بدون اسکی طلب کے
مدعا علیہ سے پوچھے کذا فی السراجیہ **فان اقر فبہا وان انکر فبرہن المدعی قضی علیہ بلا طلب المدعی** سو اگر مدعا علیہ دعوی کا اقرار کرے تو خوب
ہے یا انکار کرے سو مدعی گواہ لاوے تو قاضی حکم کرے مدعا علیہ پر یعنی اُسکو ہرا وے اور مدعی کو جتا وے بدون طلب مدعی کے ہم اگر مدعا علیہ کہے کہ
مین مدعی کے دعوی کو دفع کر سکتا ہون تو قاضی اُسکو تین دن کی مہلت دے اور بعد مدت اسپر حکم کرے اور قاضی کو مدعا علیہ کا خبردار کرنا
کہ ہم تجھپر حکم کرتے ہین مستحب ہے لازم نہین کذا فی الطحطاوی **والا یبرہن حلفہ الحاکم بعد طلبہ اذ لابد من طلبہ الیمین فی جمیع الدعاوی الاعند الثانی فی**
اربع علی ما فی البزازیہ اور نہ اگر مدعی گواہون سے اپنا دعوی ثابت نہ کرے تو مدعا علیہ کو حاکم قسم دے بعد مطالبہ مدعی اسواسطے کہ جمیع دعاوی
مین مطالبہ قسم کا جانب مدعی سے ضرور ہے مگر ابو یوسف رح کے نزدیک چار مواضع مین طلب مدعی ضرور نہین کذا فی البزازیہ ہم مواضع اربعہ سے ایک رد بالعیب
ہے مشتری خدا کی قسم کھائے کہ مین راضی نہین ہوا عیب سے - ۲ شفیع قسم کھائے کہ مین نے تیرا شفعہ باطل نہین کیا - ۳ عورت جبکہ نفقہ طلب کرے اپنے زوج
غائب سے تو یون قسم کھائے کہ زوج نے اُسکو نفقہ نہین دیا اور نہ کچھ اسکے واسطے چھوڑ گیا - ۴ مستحق قسم کھائے کہ مین نے نہین بیچا کذا فی الحلبی عن البحر قال الحموی
علی التحلیف بلا طلب فی دعوی الدین علی المیت بزازی نے کہا اور طرفین اور ابو یوسف رح نے بلا طلب قسم دلانے پر اتفاق کیا میت پر دعوی دین مین ہم
صورت تحلیف یہان یون ہے کہ قاضی اُسکو قسم دے اللہ کی کہ تو نے اپنا حق مدیون سے نہین پایا اور نہ کسی نے اُسکی طرف سے تجکو ادا کیا اور نہ تیری طرف سے
کسی نے اُسپر قبضہ کیا تیرے امر سے اور نہ تو نے اُسکو معاف کر دیا نہ کل نہ بعض اور نہ کسیکا تو نے اُسپر حوالہ کیا اور نہ تیرے پاس اسکی کوئی چیز رہن ہے کذا فی
الحلبی عن البحر **واذ قال المدعی علیہ لا اقر ولا انکر لا یستحلف بل یحبس لیقر او ینکر** درر اور جبکہ مدعی علیہ نے کہا کہ دعوی مدعی کا مین نہ اقرار کرتا ہون
نہ انکار تو حاکم قسم نہ لے بلکہ اُسکو قید رکھے تاکہ وہ اقرار کرے یا انکار کذا فی الدرر ہم یہ امام رح کا قول ہے اور صاحبین رح کے نزدیک اسے قسم لینا چاہیے
وذکر ان لزوم السکوت بلا آفۃ عند الثانی خلاصۃ قال فی البحر و بہ افتیت لما ان الفتوی علی قول الثانی فیما یتعلق بالقضاء انتہی ثم نقل عن البدائع الاشبہ
انہ انکار فیستحلف اور اسی طرح مدعا علیہ قید کیا جائے اگر سکوت لازم پکڑے بدون کسی آفت اور مرض کے ابو یوسف رح کے نزدیک کذا فی الخلاصۃ
بحر الرائق مین کہا اور اسی کا مین نے فتوی دیا اسواسطے کہ متعلقات قضا مین ابو یوسف رح کے قول پر فتوی ہے انتہی مافی البحر پھر صاحب بحر نے بدائع سے
نقل کیا کہ مشابہ ترجیح یہ ہے کہ عدم اقرار اور عدم انکار ہے تو مدعا علیہ سے قسم لیجائیگی ہم متبادر یہ ہے کہ قول بدائع کی ضمیر مسئلہ سکوت کی طرف راجع ہے حالانکہ ایسا
نہین بلکہ وہ مسئلہ متن کی طرف راجع ہے اور وہ صاحبین رح کے قول کی تصحیح ہے اسواسطے کہ لفظ اشبہ تصحیح کے الفاظ سے ہے کذا فی الحلبی ملخصا قید بالتحلیف
الحاکم لانہما لو اصطلحا علی ان یحلف عند غیر قاض ویکون بریئا فہو باطل لان الیمین عند القاضی مع طلب الخصم ولا عبرۃ لیمین ولا نکول عند
غیر القاضی ہم نے تحلیف حاکم کی قید لگائی اسواسطے کہ متخاصمین اگر آپسمین اسپر اتفاق کرین کہ مدعا علیہ قاضی کے سوا کہین اور قسم کھاوے اور
بری الذمہ ہو جائے تو وہ باطل ہے اسواسطے کہ قسم قاضی کا حق ہے ساتھ طلب کرنے مخاصم کے اور اعتبار نہین قسم اور انکار قسم کا غیر قاضی کے
پاس **فلو برہن علیہ ای علی حقہ یقبل والا یحلف ثانیا عند قاض** بزازیہ اذا کان حلفہ الاول عندہ فیکفی درر سو اگر غیر حاکم کے پاس قسم
کھائی پھر مدعی اپنے حق پر برہان لایا تو مقبول ہوگی اور اگر گواہ نہ لایا تو مدعا علیہ سے دوسری بار قسم لیجائے قاضی کے پاس کذا فی البزازیہ مگر
جبکہ پہلی قسم قاضی کے پاس لی گئی تو کافی ہے یعنی دوبارہ قسم کی حاجت نہین کذا فی الدرر ونقل المصنف عن القنیۃ ان التحلیف حق القاضی فما لم یکن
باستحلافہ لم یعتبر اور مصنف نے اپنی شرح مین قنیہ سے نقل کیا کہ تحلیف حق قاضی ہے تو جب تک تحلیف قاضی کے قسم لینے سے نہوگی معتبر نہوگی
ہم یہ مسئلہ مغایر ہے متن کے مسئلے کا اسواسطے کہ مسئلہ مین یہ ہے کہ غیر قاضی کے پاس قسم کھانا باطل ہے اور یہان مطلب یہ ہے کہ قاضی کے

یا اس قسم کھائی مدعی کے استحلاف سے نہ قاضی کے استحلاف سے کذا فی الحلبی وکذا لو اصطلحا ان المدعی لو حلف فالخصم ضامن للمال وحلف فالمدعی لم یضمن الخصم لان فیہ تغییر الشرع اور اسی طرح اگر متخاصمین نے اسپر اتفاق کیا کہ اگر مدعی قسم کھائے تو مدعا علیہ ضامن ہو مال کا اور مدعی نے قسم کھائی تو مدعا علیہ ضمان نہ دے اسواسطے کہ اسمین بگاڑنا ہو شرع کا اور وجہ تغییر شرع یہ ہو کہ قسم مدعا علیہ پر ہو نہ مدعی پر طحطاوی نے کہا کہ اگر مدعا علیہ اس شرط پر مال ادا کرے تو پھیر لے کیونکہ یہ شرط باطل ہو والیمین لا ترد علی مدع لحدیث البینۃ علی المدعی اور قسم پھیری نہین جاتی مدعی پر اس حدیث کی دلیل سے بینہ یعنی گواہ مدعی پر ہو اور پوری حدیث بخاری اور مسلم اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی مین بروایت ابن عباسؓ یون ہو البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر کذا فی التیسیر یعنی گواہی مدعی پر ہو اور قسم اُسپر ہو جو انکار کرتا ہو طحطاوی نے کہا وجہ استدلال یہ ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے متخاصمین مین قسمت فرمائی اور قسمت منافی شرکت ہو اور دوسری وجہ یہ ہو کہ یمین کا الف لام استغراق کا ہو اسواسطے کہ لام تعریف استغراق پر محمول ہوتا ہو اور تعریف حقیقت پر مقدم ہوتی ہو جبکہ وہان معہود نہو تو مطلب یہ ہوا کہ جمیع ایمان منکرین پر ہین تو اگر مدعی پر بھی یمین ہو تو اس نص کی مخالفت لازم آوے وحدیث الشاہد والیمین ضعیف بل ردہ ابن معین بل انکرہ الراوی عینی اور حدیث شاہد اور یمین کی ضعیف ہو بلکہ اُسکو یحیی بن معین رد کیا ہو بلکہ اس حدیث کے راوی نے اُسکا انکار کیا ہو کذا فی العینی م مسلم اور ابو داؤد مین ابن عباسؓ سے روایت ہو قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمین و شاہد) کذا فی التیسیر یعنی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم اور ایک شاہد پر حکم دیا یعنی مدعی کی قسم اور ایک شاہد پر کفایت کی طحطاوی نے عینی سے نقل کیا کہ راوی اس حدیث کا ربیعہ ہو سہل بن صالحہ سے اور سہل اسکی روایت کا منکر ہو تو حدیث مذکور حجت باقی نہ رہی بعد منکر ہونے اُسکے راوی کے تو اب احادیث صحاح مشاہیر کی معارض کیونکر ہو سکے گی انتہی نہر ہین المدعی علی دعواہ وطلب من القاضی ان یحلف المدعی انہ محق فی الدعوی وعلی ان الشہود صادقون او محقون فی الشہادۃ لا یجیبہ القاضی الی طلبہ لان الخصم لا یحلف مرتین فکیف الشاہد لان لفظ اشہد عندنا یمین فلا یکرر الیمین لانا امرنا باکرام الشہود وکذا لو علم الشاہد ان القاضی یحلفہ ویعمل بالمنسوخ لہ الامتناع عن اداء الشہادۃ لانہ لا یلزمہ بزازیہ گواہ لایا مدعی اپنے دعوے پر اور مدعا علیہ نے قاضی سے یہ خواہش کی کہ مدعی سے قسم لے اسپر کہ وہ اس دعوے مین حق پر ہو یا یہ خواہش کی کہ گواہ قسم کھاوین کہ وہ سچے ہین یا اس گواہی مین وہ حق پر ہین تو قاضی اُسکی خواہش کو نہ مانے اسواسطے کہ مدعا علیہ مخاصم سے دوبارہ قسم نہین لیجاتی تو مشاہد سے دوبار کیونکر قسم لیجائیگی اسواسطے کہ اشہد کا لفظ ہمارے نزدیک قسم ہو اور دوبارہ قسم نہین لیجاتی اسواسطے کہ ہم تعظیم اور تکریم شہود کے مامور ہین اور اسی واسطے اگر شاہد جانے کہ قاضی اُسکو قسم دیگا اور منسوخ پر عمل کریگا تو اُسکو ادائے شہادت سے باز رہنا جائز ہو اسواسطے کہ اب اُسکو ادائے شہادت لازم نہین کذا فی البزازیہ م اب ہندوستان مین نصاری کی کچہریون مین شاہدون پر حلف معمول ہو تو اگر شاہد بلحاظ حلف ادائے شہادت مین پہلوتہی کرین تو بموجب اس روایت کے عند اللہ گنہگار ہونگے واللہ اعلم وبینۃ الخارج فی الملک المطلق وہو الذی لم یذکر لہ سبب احق من بینۃ ذی الید لانہ المدعی والبینۃ بالحدیث اور گواہ شخص خارج غیر قابض کے ملک مطلق مین اولی بالقبول ہین قابض کے گواہون سے اسواسطے کہ وہ خارج مدعی ہو اور گواہ اُسی کے واسطے ہین موافق حدیث کے ملک مطلق وہ جسکا سبب مذکور نہو مانند خرید یا میراث ہم صورت اُسکی یہ ہو شخص غیر قابض نے ایک گھر یا مال منقول کی ملک مطلق کا دعوی کیا اور قابض نے اسی طرح ملک مطلق کا دعوی کیا اور دونون گواہ لائے بلا قید تاریخ یا دونون نے ایک ہی تاریخ بیان کی تو گواہ قابض کے مقبول نہونگے خارج کے واسطے حکم ہوگا اور اگر قابض کی تاریخ مقدم ہوگی تو قابض کے واسطے حکم ہوگا اور ظہیریہ مین ہو کہ اگر خارج نے ملک مورخ کا دعوی کیا اور قابض نے ملک مقید مورخ کا دعوی کیا اور تاریخ قابض مقدم ہو تو مدعی خارج کے واسطے حکم ہوگا کذا فی الطحطاوی ملخصا بخلاف المقید بسبب کنتاج ونکاح فالبینۃ لذی الید اجماعا کما سیجی بخلاف دعوے اُس ملک کے جو مقید بسبب ہو جیسا کہ نتاج اور نکاح تو

لہ مترجم اول نے ترجمہ لا ترد علی مدع کا یہ کیا ہو کہ مناسب ہو کہ لا ترد صیغہ معروف و بعدہ دوری کا ترجمہ کرنا قسم ہارا

یمین ہو تی مدعی پر ۱۲

امتناع شہادت سے در صورت تحلیف ۱۲

قابض کے گواہ اولی بالقبول ہین بالاجماع چنانچہ آگے آویگا ام صورت نتاج یہ ہے کہ ہرایک نے گواہ قائم کیئے کہ لونڈی اُسکے پاس جنی تو قابض کے گواہ
مقدم ہین اسواسطے کہ دونون کے گواہ مثبت ملک ہین اور قابض کے ساتھ ترجیح ہے قبض کی اور نکاح کی صورت یہ ہے کہ دونون نے گواہ اُسپر قائم کیئے کہ اُسنے
نکاح کیا اُس عورت سے تو قابض کے گواہ اولی بالقبول ہین تو ملک سے مراد وہ ہے جو ملک حقیقی اور حکمی دونون کو شامل ہے وقضی القاضی علیہ بنکولہ مرۃ
لو نکولہ فی مجلس القاضی حقیقۃ بقولہ لا احلف او حکما کان سکت وعلم انہ من غیر آفۃ کخرس وطرش فی الصحیح سراج وعرض الیمین ثلثا ثم القضاء
احوط اور حکم کرے قاضی مدعاعلیہ پر ایکبار کے نہ قسم کہانے سے اگر انکار قسم قاضی کی مجلس مین ہو فی الحقیقۃ مدعاعلیہ کے یون کہنے سے کہ مین نہین قسم
کہاتا یا انکار قسم حکمی ہو چنانچہ وہ چپ ہو رہا بعد تحلیف اور معلوم ہوا کہ سکوت اُسکا آفت سے نہین مانند گونگے اور بہرے ہونے کے قول صحیح مین کذا فی السراج
اور قسم کے واسطے تین بار کہنا پھر حکم دینا قریب تر باحتیاط ہے یعنی مستحب ہے نہ واجب وہل یشترط القضاء علی فور النکول خلاف درر ولم ار فیہ ترجیحا قال
المصنف قلت قدمنا انہ یفترض القضاء فورا الا فی ثلث اور کیا شرط ہے حکم دینا انکار قسم کے بعد فورًا اسمین خلاف ہے علما کا کذا فی الدرر اور اس خلاف
مین مین نے کسی قول کی ترجیح نہین دیکھی یہ کہا ہے مصنف نے اپنی شرح مین مین کہتا ہون ہم پہلے مذکور کر چکے کہ حکم دینا فورًا فرض ہے مگر تین صورت مین
م پہلی صورت یہ ہے کہ قاضی کو شک پڑے طرق قضا مین چنانچہ گواہون مین ۲ یہ کہ مدعی مہلت مانگے ۳ یہ کہ امید صلح ہو اقارب مین کذا فی الطحطاوی
قضی علیہ بالنکول ثم اراد ان یحلف لا یلتفت الیہ والقضاء علی حالہ ماض درر فبلغت طرق القضاء ثلثا قاضی نے حکم کیا مدعاعلیہ پر
انکار قسم سے پھر مدعاعلیہ نے قسم کہانے کا ارادہ کیا تو اُسکی طرف التفات نہ کیا جائیگا اور حکم بحال خود جاری اور ثابت ہے کذا فی الدرر تو طریقے قضا کے
تین ہو گئے یعنی برہان اور یمین اور نکول وعدہا فی الاشباہ سبعا بینۃ واقرار ویمین ونکول عنہ وقسامۃ وعلم قاض علی المرجوح والسابع قرینۃ
قاطعۃ کان ظہر من دار خالیۃ انسان خائف بسکین متلوث بدم فدخلوہا فورا فرأوا مذبوحا لحینہ اخذ بہ اذ لا یمتری احد انہ قاتلہ اور اشباہ مین طرق قضا
سات شمار کیئے ہین گواہ اور اقرار اور قسم اور انکار اور قسم اور قسامت اور علم قاضی کا بقول ضعیف اور ساتوان یقینی قرینہ چنانچہ خالی گھر سے
ایک آدمی خوفناک خون سے لتھڑی چھری لیئے نکلا پھر اُس گھر مین فورًا لوگ داخل ہوئے تو اسی وقت کا ایک مذبوح آدمی دیکھا تو شخص خارج
خائف اُسکے خون مین ماخوذ ہوگا اسواسطے کہ اُسکے قاتل ہونے مین کوئی شک اور تردد نہین کرتا ام اسمین گفتگو ہے اسواسطے کہ اقرار کو
قضا کہنا مجاز ہے کیونکہ اقرار خود حجت ملزمہ ہے بلا حاجت قضا اور قسامہ یمین مین داخل ہے اور علم قاضی قول ضعیف ہے اور قرینہ قاطعہ کو تو فقط ابن غرس
نے مذکور کیا ہے تو معلوم ہوا کہ طرق قضا تین ہی ہین فتامل کذا فی الطحطاوی شک فیما یدعی علیہ ینبغی ان یرضی خصمہ ولا یحلف
تحرزا عن الوقوع فی الحرام مدعی کو شک پڑا اُس مین جسکا اُسنے دعوی کیا مدعاعلیہ پر تو لائق یہ ہے یعنی واجب ہے کہ اپنے مخاصم کو
راضی کرے اور قسم نہ لے تاکہ امر حرام مین واقع ہونے سے بچے وان ابی خصمہ الا حلفہ ان اکبر رایہ ان المدعی مبطل حلف
والا فان غلب علی ظنہ انہ محق لا یحلف بزازیہ اور اگر اُسکا مخاصم نہ مانے سوائے قسم کے اگر اُسکا ظن غالب یہ ہو کہ مدعی باطل پر ہے تو مدعاعلیہ
قسم کہائے اور اگر ایسا نہو اس طرح کہ اُسکو ظن غالب ہو کہ مدعی حق پر ہے تو قسم نہ کہائے کذا فی البزازیہ ہم یہ مسئلہ مغائر ہے مسئلہ شک کے
خلاصہ یہ ہے کہ مدعی کو اگر اپنے دعوے کا یقین ہو تو مدعاعلیہ سے قسم لے اور اگر شک ہو تو قسم نہ لے اور مدعاعلیہ کو اگر بطلان مدعی کا
یقین یا ظن غالب ہو تو قسم کہائے اور نہین تو قسم نہ کہائے وتقبل البینۃ لو اقامہا المدعی وان قال قبل الیمین لا بینۃ لی سراج خلافا
لما فی شرح المجمع عن المحیط اور گواہ مقبول ہونگے اگر مدعی نے اُنکو قائم کیا اگرچہ قسم سے پہلے مدعی کہہ چکا ہو کہ میرے گواہ نہین کذا فی السراج
برخلاف اس قول کے جو شرح مجمع مین ہے محیط سے م شرح مجمع مین محیط سے منقول ہے کہ جب مدعی نے کہا کہ میرے پاس گواہ نہین

اس دعوے پر پھر وہ گواہ لایا تو امام رح کے نزدیک مقبول نہین اسواسطے کہ وہ خود اپنے گواہون کی تکذیب کر چکا اور محمد رح کے نزدیک مقبول ہین اس احتمال سے کہ اُسکے گواہ ہونگے پر وہ بھول گیا انتہی اسمین خلاف تو مذکور ہی لیکن قسم کا اسمین تعرض نہین مگر شرح مجمع کے حاشیہ مین سراجیہ سے قول محمدؒ کی ترجیح مذکور ہی کذا فی الطحطاوی بعد یمین المدعیٰ علیہ کما تقبل البینۃ بعد القضاء بالنکول خانیہ گواہ مقبول ہین مدعا علیہ کی قسم کے بعد جیسے گواہ مقبول ہین بعد قضا بالنکول کذا فی الخانیہ عند العامۃ وہو الصحیح لقول شریح الیمین الفاجرۃ احق ان ترد من البینۃ العادلۃ ولان الیمین کالخلف عن البینۃ فاذا جاء حکم الاصل انتہی حکم الخلف کانہ لم یوجد اصلا بحر گواہ بعد الیمین اکثر علما کے نزدیک مقبول ہین اور یہی قول صحیح ہی بدلیل قول شریح کہ جھوٹی قسم مردود کرنے کے لائق تر ہی عادل گواہون سے اور اسواسطے کہ قسم گواہون کے خلیفہ کے مانند ہی تو جب اصل کا حکم آیا خلیفہ کا حکم ہو چکا گویا کچھ نہ تھا کذا فی البحر ویظہر کذبہ باقامتہا ای البینۃ لو ادعاہ ای المال بلا سبب فحلف ای المدعی علیہ ثم اقامہا حتی یحنث فی یمینہ وعلیہ الفتوی طلاق الخانیۃ خلافا لاطلاق الدرر اور ظاہر ہوتا ہی کذب مدعا علیہ کا گواہون کے قائم کرنے سے اگر مدعی نے مال کا دعوی بلا اظہار سبب کیا پھر مدعا علیہ نے قسم کھائی پھر مدعی نے گواہ قائم کیے تو مدعا علیہ اپنی قسم مین حانث ہوگا اور اس قول پر فتوی ہی کذا فی کتاب الطلاق من الخانیہ برخلاف اطلاق دُرر مین کہا صواب یہ ہی کہ اُسکا کذب ظاہر نہوگا تو وہ معاقب بعقوبت شاہد زور نہوگا انتہی تو صاحب دُرر کا کلام عام ہی خواہ دعوی سبب کے ساتھ ہو یا بلا سبب ہو وان ادعاہ بسبب فحلف انہ لا دین علیہ ثم اقامہا المدعی علی السبب لا یظہر کذبہ لجواز انہ وجد القرض ثم وجد الابراء او الایفاء وعلیہ الفتوی فصولین وسراج وشمنی وغیرہم اور اگر مدعی نے سبب ظاہر کرکے دعوی کیا پھر مدعا علیہ نے قسم کھائی کہ اُسپر دین نہین ہی پھر مدعی نے سبب مثلا قرض دینے پر گواہ قائم کیے تو مدعا علیہ کا کذب ظاہر نہوگا اسواسطے کہ جائز ہی کہ اول قرض پایا گیا پھر ابراء قرض یا ادائے قرض پایا گیا اور اسی قول مفصل پر فتوی ہی کذا فی الفصولین والسراج والشمنی وغیرہم ولا تحلیف فی نکاح انکرہ ہو او ہی ورجعۃ جحدہا ہو او ہی بعد عدۃ وفی ایلاء انکرہ احدہما بعد المدۃ واستیلاد

تدعیہ الامۃ ولا یتاتی عکسہ لثبوتہ باقرارہ ورق ونسب بان ادعی علی مجہول انہ قنہ او ابنہ وبالعکس وولاء عتاقۃ او موالاۃ ادعاہ الاعلی او الاسفل وحد ولعان اور منکر کو قسم دینا نہین نکاح مین خواہ مرد منکر ہو نکاح کا یا عورت اور قسم نہین رجعت مین خواہ مرد منکر ہو رجعت کا یا عورت بعد عدت کے اور ایلا مین جبکہ مرد یا عورت نے انکار کیا بعد مدت ایلا کے اور اس استیلاد مین جسکا دعوی لونڈی کرتی ہی اور اسکے بالعکس یعنی ادعائے استیلاد مولی حاصل نہین ہو سکتا بسبب ثابت ہونے استیلاد کے مولی کے اقرار سے اور رقیت اور نسب مین قسم نہین اس طرح کہ دعوی کیا شخص مجہول پر کہ وہ اُسکا غلام ہی یا بیٹا یا اُسکے بالعکس یعنی مجہول الحال ایک مرد پر دعوی کرے کہ وہ میرا مولی ہی یا بیٹا اور وہ منکر ہو اور ولائے عتاقت یا ولاء موالات مین قسم نہین ولا کا دعوی کیا شخص اعلی نے یا اسفل نے یعنی معروف نے مجہول پر دعوی کیا یا مجہول نے معروف پر اور حد اور لعان مین قسم نہین ہم اشیاء سبعہ مین امام رح کے نزدیک تحلیف نہین خلافا للصاحبین رجعت مین بعد عدت کے اسواسطے قید لگائی کہ قبل عدت رجعت ثابت ہو جائیگی مرد کے قول سے اگرچہ عورت اُسکی تکذیب کرے اور ایلا مین بعد مدت کے قید اسواسطے لگائی کہ ایلا کی مدت مین ایلا ثابت ہوگا زوج کے دعوے سے اور اگر عورت مدعی ہوگی رجعت اور ایلا مین تو وہ مواضع خلاف سے ہی والفتوی علی انہ یحلف المنکر فی الاشیاء السبعۃ ومن عدہا ستۃ الحق امومیۃ الولد بالنسب او الرق والحاصل ان المفتی بہ التحلیف فی الکل الا فی الحدود اور فتوی اسپر ہی کہ قسم لیجائیگی منکر سے اشیا سبعۂ مذکورہ مین اور جسنے اُنکو چھ شمار کیا ہی اُسنے ام ولد ہونیکو نسب مین ملایا ہی یا رق مین خلاصہ یہ ہی کہ قول مفتی بہ تحلیف ہی کل امور مذکورہ مین سوائے حدود کے ومنہا حد قذف ولعان فلا یمین اجماعا الا اذا تضمن حقا بان علق عتق عبدہ بزنی نفسہ فللعبد

تحلیفه فان نکل ثبت العتق لا الزنی اور منجملہ حدود قذف اور لعان کی حد ہے تو اُسمین قسم نہین باجماع امامؒ اور صاحبین رح کے مگر جبکہ حد حق العبد کی
متضمن ہو اس طرح پر کہ مولی نے اپنے غلام کی آزادی اپنے زنا پر معلق کی ہے تو غلام کو قسم لینا مولی کا در صورت انکار جائز ہے سو اگر مولی قسم نہ
کھاوے تو آزادی ثابت ہوگی نہ زنا مثلاً غلام یون کہے کہ مولی نے وہ فعل کیا جسپر میری آزادی معلق تھی اور یہ نہ کہے کہ اُسنے زناکاری کی تاکہ اپنے
مولی کا قاذف نہ ٹھہرے کذا فی الطحاوی و کذا یستحلف السارق لاجل المال فان نکل ضمن و لم یقطع و ان اقر بہ قطع اور اسی طرح قسم لیجاے
سارق سے مال کے واسطے سو اگر وہ قسم نہ کھاوے تو تاوان دے مال کا اور اُسکا ہاتھ نہ کاٹا جاویگا نکول سے اور اگر چوری کا اقرار کرے تو کاٹا جائیگا

و قالوا یستحلف فی التعزیر کما بسطہ فی الدرر اور علما نے کہا ہے قسم لیجائیگی تعزیر مین چنانچہ اُسکو درر مین شرح بیان کیا ہے م وجہ اسکی یہ ہے کہ تعزیر
حق العبد ہے و لہذا عبد اُسکو ساقط کر سکتا ہے معاف کر دینے سے کذا فی الدرر و فی الفصول ادعی نکاحہا فحیلۃ دفع یمینہا ان تتزوج فلا تحلف اور فصول
مین ہے کہ مرد نے عورت کے نکاح کا دعوی کیا تو عورت کے دفع یمین کا حیلہ یہ ہے کہ وہ نکاح کرلے تو اُس سے اب قسم نہ لیجائیگی و فی الخانیۃ لا تحلف
فی احدے و ثلثین مسئلۃ اور خانیہ مین ہے کہ قسم لینا اکتیس مسئلون مین نہین م یہ مسائل کتاب الوقف کے اخیر مین مفصل مذکور ہو چکے النیابۃ
تجری فی الاستحلاف لا الحلف و فرع علی الاول بقولہ فالوکیل و الوصی و المتولی و اب الصغیر یملک الاستحلاف فلہ طلب یمین خصمہ
نیابت جاری ہوتی ہے قسم لینے مین نہ قسم کھانے مین اور مصنف نے تفریع کی اول یعنی جواز استحلاف پر اپنے اس قول سے تو وکیل اور وصی اور متولی وقف
اور طفل صغیر کا باپ مالک ہے قسم لینے کا تو اُسکو مطالبہ اپنے مخاصم کی یمین کا جائز ہے م اُسکا مخاصم کہا باعتبار ظاہر کے اور حقیقت مین تو وہ مخاصم ہے اصیل
کا یعنی وکیل موکل کے مدعا علیہ اور وصی یتیم کے اور متولی واقف کے اور باپ اپنے طفل صغیر کے مدعا علیہ سے قسم لے و لا یحلف احد منہم الا اذا
ادعی علیہ العقد او صح اقرارہ علی الاصیل فیستحلف حینئذ کالوکیل بالبیع فان اقرارہ صحیح علی الموکل فکذا نکولہ اور وکیل اور وصی اور متولی اور
صغیر کے باپ سے قسم نہ لیجائیگی مگر جبکہ اُسپر عقد کا دعوی کیا جاے یا اُسکا اقرار صحیح ہو اصیل پر تو اب اُسوقت قسم لیجائیگی چنانچہ بیع کا وکیل کہ اُسکا
اقرار صحیح ہے اپنے موکل پر تو اسی طرح اُسکا قسم نہ کھانا بھی صحیح ہے و فی الخلاصۃ کل موضع لو اقر لزمہ فاذا انکرہ یستحلف الا فی ثلث ذکرہا و الصواب فی اربع

و ثلثین لما مر عن الخانیۃ و زاد ستۃ اخری فی البحر و زاد اربعۃ عشر فی تنویر البصائر حاشیۃ الاشباہ و النظائر لابن المصنف و لولا خشیۃ التطویل لسردتہا
کلہا اور خلاصہ مین ہے کہ جس مواضع مین کہ اگر آدمی اقرار کرے تو اُسکو اقرار لازم آوے پھر جب اُسکا منکر ہو تو اُس سے قسم لی جائیگی سواے
تین صورتون کے جسکو صاحب خلاصہ نے بیان کیا ہے اور ٹھیک بات تو یہ ہے کہ چونتیس صورتون مین حلف نہین چنانچہ خانیہ سے مذکور ہو چکا یعنی
اکتیس صورتین خانیہ کی اور تین صورتین خلاصہ کی مل کر چونتیس ہوئین اور چھ صورتین اور بحر الرائق مین زیادہ کی ہین اور چودہ صورتین
تنویر البصائر ابن مصنف کے حاشیہ اشباہ اور نظائر مین زیادہ کی ہین اور اگر تطویل کا خوف نہوتا تو مین ان سب صورتون کو مفصل بیان کرتا م
تو سب چوّن صورتین ہوئین جنمین منکرین پر قسم نہین اور اُن سب کو شارح کتاب الوقف مین مذکور کر چکا ہے اب یہان مکرر ذکر کرنے کی کیا حاجت ہے اور
تنویر البصائر شیخ شرف الدین کا حاشیہ ہے نہ ابن مصنف کا ابن مصنف کے حاشیہ کا تو زواہر الجواہر نام ہے چنانچہ شارح بار ہا ذکر کر چکا ہے تو یہ خطا
اغلاط کاتب سے ہے و اللہ اعلم التحلیف علی فعل نفسہ یکون علی البتات ای القطع بانہ لیس کذلک قسم لینا مدعا علیہ کے ذاتی فعل پر ہوتا ہے
بتات یعنی یقین ہو اس طرح کہ دعوی مدعی کا ایسا نہین م منکر اپنے ذاتی فعل پر یقینی قسم کھاے چنانچہ مدعی نے دعوی کیا کہ زید نے میری
حویلی ناحق چھین لی اور اُسکے گواہ نہین تو زید یون قسم کھاے کہ واللہ مین نے اُسکی حویلی نہین چھینی اسواسطے کہ آدمی اپنے فعل کو بلاشبہہ
بالیقین جانتا ہے و التحلیف علی فعل غیرہ یکون علی العلم ای انہ لا یعلم انہ کذلک لعدم علمہ بما فعل غیرہ ظاہرا در قسم لینا غیر کے فعل پر ہوتا ہے

علم پر یعنی نفی علم پر یعنی یون قسم کھاے کہ وہ نہین جانتا ہی کہ دعوی مدعی کا ایسا ہی غیر کے فعل پر فعل علم کی اسواسطے قسم ہوئی کہ اُسکو ظاہرا علم حاصل نہین
کہ غیر شخص نے کیا فعل کیا اللہم الا اذا کان فعل الغیر شیئا یتصل بہ ای بالحالف وفرع علیہ بقولہ فان ادعی مشتری العبد سرقۃ العبد او
اباقہ وثبت ذلک یحلف البائع علی البتات مع انہ فعل الغیر وانما صح باعتبار وجوب تسلیمہ سلیما فرجع الی فعل نفسہ فحلف علی البتات لانہا
اکد ولذا اعتبر مطلقا درر عن الزیلعی غیر کے فعل مین نفی علم پر قسم ہی بار خدایا اگر جبکہ غیر کا فعل ایسی چیز ہو جو حالت سے متصل اور متعلق ہو اور مصنف
نے اسپر تفریع کی اپنے اس قول سے تو اگر غلام کے مشتری نے غلام کی چوری یا بھاگنے کا دعوی کیا اور یہ ثابت ہوگیا تو بائع یقین پر قسم کھاے
باوجودیکہ سرقہ اور فرار غیر کا فعل ہی اور قطع اور یقین تو اس اعتبار سے صحیح ہوا کہ بائع پر تسلیم غلام کی بلا عیب واجب ہی تو غیر کا فعل اُس کے
ذاتی نفس کی طرف راجع ہوا تو یقین پر قسم کھائی اسواسطے کہ حالف علی القطع موکد تر ہی نفی علم کی قسم سے ولہذا وہ معتبر ہی مطلقا خواہ اپنے فعل
پر ہو یا غیر کے فعل پر بخلاف اسکے عکس کے یعنی یمین علم کی اپنے فعل پر کافی نہین کذا فی الدرر عن الزیلعی م بحر الرائق مین ہی کہ جس مقام مین کہ یمین علی العلم
واجب ہی پھر اُسنے یقین پر قسم کھائی تو کافی ہی اور اس سے یمین ساقط ہوگئی اور بالعکس اسکے نہین ہی یعنی بجاے حلف علی القطع حلف علے العلم
کافی نہین اور جو حلف اُسپر واجب نہین اُسکے نکول سے قاضی حکم نہ دیگا انتہی وفی شرح المجمع عنہ ہذا اذا قال المنکر لا علم لی بذلک ولو ادعی العلم
حلف علی البتات فلو درع ادعی قبض ربہا او بہ شرح مجمع مین زیلعی سے منقول ہی یہ یعنی یمین علے العلم اُسوقت ہی جبکہ منکر کہے کہ مجکو اس دعوی کا
علم نہین ہی اور اگر اُسکی دانست کا دعوے کرے تب تو یقین پر قسم کھائے چنانچہ امانت دار نے صاحب ودیعت کے قبض کرنے کا دعوے کیا
م یعنے قبض صاحب ودیعت ہرچند فعل غیر ہی لیکن جب مودع نے اُسکے علم کا دعوے کیا تو اب اُسپر یمین علی القطع لازم ہوگی وفرع
علے قولہ وفعل غیرہ علی العلم بقولہ واذا ادعی بکر سبق الشراء لہ علی شراء زید ولا بینۃ یحلف خصمہ وہو بکر علی العلم ای انہ لا یعلم انہ اشتراہ
قبلہ بکا مر اور مصنف نے اپنے اس قول پر وفعل غیرہ علے العلم تفریع کی اس قول سے اور جبکہ بکر نے دعوی سبقت خرید کا کیا زید کی خرید پر
اور گواہ نہین تو اُسکا مخاصم یعنی بکر قسم کھائے علم پر یعنی وہ یون قسم کھائے کہ وہ نہین جانتا کہ مدعی نے اُسکو خرید کیا قبل اُسکے بدلیل گذشتہ
یعنی غیر کے فعل مین علم پر قسم ہوتی ہی م اولی یہ تھا کہ شارح بجاے وہو بکر کے وہو زید کہتا اسواسطے کہ وہ خصم کی تفسیر ہی کذا فی الطحطاوی کذا اذا
ادعی دینا او عینا علی وارث اذا علم القاضی کونہ میراثا او اقر بہ المدعی او برہن الخصم علیہ یحلف علی العلم اسی طرح جبکہ دعوی
کیا دین کا یا عین کا وارث پر بشرطیکہ قاضی اُسکی میراث ہونے کو جانتا ہو یا مدعی نے اُسکی میراث ہونے کا اقرار کیا ہو خصم یعنی مدعا علیہ اُس کی
میراث ہونے پر گواہ لایا ہو تو مدعا علیہ علم پر قسم کھائے م صورت اُسکی یہ ہی کہ مدعی کہے کہ یہ غلام جسکا تو وارث ہوا ہی فلانے مورث سے وہ میرا
مملوک ہی اور تیرے پاس ناحق ہی اور مدعی کے گواہ نہین تو وارث قسم کھائے کہ مین نہین جانتا کہ وہ تیرا مملوک ہی علم قاضی اسواسطے شرط ہوا کہ اگر
قاضی کو میراث کا علم نہوگا تو یقین پر قسم بیگانہ علم پر اور اقرار مدعی کی مثال تصویر مین مذکور ہوچکی اور برہان خصم کی اس طرح صورت ممکن ہی کہ ایک
مدعی نے ایک شخص پر دعوی کیا کہ یہ چیز اُسکی ہی اور مدعی اقامت برہان سے عاجز ہوا اور اُسکی یمین علی القطع کا مطالب ہوا سو مدعا علیہ نے کہا کہ
وہ میراث ہی اور اُسنے یمین علی العلم کا ارادہ کیا سو مدعی نے اُسکا انکار کیا تو وارث نے گواہ قائم کیے اپنے مدعا پر تو وہ علم پر قسم کھائے کا خلاصہ یہ ہی کہ
دعوے عین مین تحلیف وارث علی العلم کی یہ شرط ہی کہ امور ثلثہ مین سے ایک امر ہو کذا فی الطحطاوی ولو ادعاہا ای الدین والعین الوارث
علے غیرہ یحلف المدعی علیہ علی البتات لو موہوب وشراء ورد دعوے کیا دونون کا یعنی دین اور عین کا وارث نے غیر شخص پر تو مدعا علیہ
یقین پر قسم کھائے کہ اُسمین مورث کا حق نہین چنانچہ موہوب اور خرید کذا فی الدرر م ہبہ اور خرید کی صورت یہ ہی کہ اگر ایک مرد نے

[illegible]

دوسرے کو غلام ہبہ کیا اور اُسنے اُسپر قبضہ کیا یا ایک نے دوسرے سے غلام خرید کیا پھر ایک مرد آیا اور اُسنے دعویٰ کیا کہ وہ اُسکا غلام ہی اور اُسکے پاس
گواہ نہین تو مدعا علیہ یقین پر قسم کہائے نہ علم پر طحطاوی نے کہا کہ و العین کالوا و مبنی اوہی کما لا یخفی و یحلف جاحد القود اجماعا اور قسم کہائے قصاص کا
منکر باتفاق امام رح اور صاحبین رح کے م خانیہ مین ہی کہ قتل کی تحلیف کی کیفیت مین دو روایتین ہین ایک روایت یہ ہی کہ حاصل پر قسم کہائے کہ واللہ
مجہپر فلانے کا خون نہین اور نہ میرے اوپر کوئی حق ہی اُس خون کا جسکا وہ مدعی ہی اور دوسری روایت یہ ہی کہ سبب پر قسم کہائے یعنی مین نے واللہ فلان
بن فلان کو عمداً قتل نہین کیا اور سوائے قتل کے قطع اور جراحات مین حاصل پر قسم کہائے یعنی نہ سبب پر انتہی فان نکل فان کان فی النفس حبس
حتی یقر او یحلف سو اگر منکر قصاص قسم نہ کہائے تو اگر قتل نفس مین دعویٰ ہو تو قید کیا جاے یہان تک کہ اقرار کرے یا قسم کہائے و فیما دونہ یقتص لان
الاطراف خلقت وقایۃ للنفس کالمال فیجری فیہ الابتذال خلافا لہما اور قتل نفس کے سوا یعنی قطع اور جراحات مین درصورت نکول قصاص لیا جاے اسواسطے
کہ اطراف آدمی کے یعنی مثلاً ہاتھ پاؤن حفاظت نفس کے واسطے پیدا ہوے ہین مال کے مانند تو اُسمین ابتذال جاری ہی برخلاف صاحبین رح کے م
ایک نسخہ مین بذل ہی بجاے ابتذال کے اور بذل اوضح ہی ابتذال سے صاحبین رح نے کہا ما دون نفس مین نکول سے قصاص لازم نہین اسواسطے کہ
نکول وہ اقرار ہی جسمین شبہہ ہی تو قصاص اس سے ثابت نہوگا اور مال واجب ہوگا کذا فی البحر قال المدعی لی بینۃ حاضرۃ فی المصر و طلب یمین خصمہ
لم یحلف خلافا لہما مدعی نے کہا میرے گواہ حاضر ہین شہر مین اور اُسنے اپنے مدعا علیہ سے قسم چاہی تو وہ قسم نہ کہائے برخلاف صاحبین رح کے م امام رح کی
دلیل یہ ہی کہ ثبوت حق قسم مین مرتب ہی عاجز ہونے پر اقامت برہان سے تو تا امکان برہان کیونکر قسم لیجاے اور صاحبین کی دلیل یہ ہی کہ یمین مدعی کا حق ہی
تو جب اُسکی وہ طلب کرے تو قبول ہوگی ولو حاضرۃ فی مجلس الحکم لم یحلف اتفاقا ولو غائبۃ عن المصر حلف اتفاقا ابن ملک و قدر فی المجتبی الغیبۃ بمدۃ السفر
اور اگر گواہ مجلس حکم مین حاضر ہون تو قسم نہ کہائے بالاتفاق اور اگر غائب ہون شہر سے تو قسم کہائے بالاتفاق کذا صرح ابن ملک اور مجتبی مین غائب
ہونے کو مدت سفر کے ساتھ معین کیا ہی یعنی اگر تین منزل پر گواہ دور ہون تو مدعا علیہ پر قسم ہی گواہون کا وہان سے بلانا ضرور نہین و یاخذ القاضی
فی مسئلۃ المتن فیما لا یسقط بشبہۃ کفیلا ثقۃ یومن ہروبہ بحر فلیحفظ من خصمہ ولو وجیہا والمال حقیرا فی ظاہر المذہب عینی بنفسہ ثلثۃ ایام
فی الصحیح مسئلہ متن یعنی جبکہ مدعی کہے کہ میرے گواہ شہر مین حاضر ہین اس دعوے مین جو شبہہ سے ساقط نہین ہوتا یعنی غیر حدود مین قاضی معتمد ضامن
لے کہ اُسکے بہاگ جانے سے اطمینان حاصل ہو کذا فی البحر تو اُسکو یاد رکھنا چاہیئے تو قاضی مدعا علیہ سے حاضر ضامن لے تین دن کا قول صحیح مین اگرچہ
مدعا علیہ صاحب اعتبار ہو اور مال بے حقیقت ہی ظاہر مذہب مین کذا فی العینی و عن الثانی الی مجلسہ الثانی و صحح اور ابو یوسف رح سے روایت ہی کہ
قاضی کی مجلس ثانی تک حاضر ضامن لے اور یہ قول بھی صحیح ہی فان امتنع من اعطاء ذلک الکفیل لازمہ بنفسہ او امینہ مقدار مدۃ التکفیل لئلا یغیب
سو اگر مدعا علیہ ضامن دینے سے سرتابی کرے تو خود مدعی یا امین اُسکا اُسکے ساتھ بنا رہے بقدر مدت تکفیل یعنی تین دن یا مجلس ثانی تک تا کہ مدعا علیہ
غائب نہو جاے الا ان یکون الخصم غریبا ای مسافرا فیلازمہ او یکفل الی انتہاء مجلس القاضی دفعا للضرر حتی لو علم وقت سفرہ
یکفلہ الیہ و ینظر فی زیہ او یستخبر رفقاءہ لو انکرہ المدعی بزازیہ مگر یہ کہ مدعا علیہ غریب یعنی مسافر ہو تو مدعی اُسکے ساتھ پہرے یا حاضر ضامن لے
تا انتہاے مجلس قاضی دفع ضرر کے واسطے یہان تک کہ اگر مدعا علیہ کا وقت سفر معلوم ہو تو اُسوقت تک ضامن لے اور مدعا علیہ کی ہیئت اور
لباس کو دیکھے کہ مقیمانہ ہی یا مسافرانہ یا اُسکے سفر کے رفیقون سے سفر کے وقت کو دریافت کرے اگر مدعی اُسکی مسافری کا منکر ہو کذا فی البزازیہ م شارح نے
غریب کی تفسیر مسافر اسواسطے کی تا معلوم ہو کہ مقیم مرید سفر کا بھی حکم غریب کے مانند ہی قال لا بینۃ لی و طلب یمینہ فحلفہ القاضی ثم برہن
علی دعواہ بعد الیمین قبل ذلک البرہان عند الامام منیہ مدعی نے کہا کہ میرے پاس گواہ نہین اور مدعا علیہ سے قسم چاہی سو قاضی نے

اس سے قسم لی پھر مدعی گواہ لایا اپنے دعوے پر قسم کے بعد تو یہ برہان مدعی کی جانب سے امام رح کے نزدیک مقبول ہوگی وکذا لو قال المدعی کل بینۃ
اتی بہا فہی شہود زور او قال اذا حلفت فانت بری من المال فحلف ثم برہن علی الحق قبل خانیۃ وبہ جزم فی السراج کما مر اور اسی طرح اگر مدعی نے کہا
کہ جو گواہ مین لاؤن تو وہ کاذب گواہ ہین یا یون کہا کہ جب تو قسم کھائے تو تو بری الذمہ ہی مال سے پھر اُسنے قسم کھائی پھر مدعی گواہ لایا اپنے حق پر تو
مقبول ہی کذا فی الخانیہ اور اسی پر یقین کیا ہی سراج مین چنانچہ مذکور ہو چکا (وتقبل البینۃ لو اقامہا بعد یمین) کی شرح مین وقیل لا تقبل قالہ محمد
کما فی العمادیۃ وعکسہ ابن ملک اور قول ضعیف یہ ہی کہ گواہ بعد حلف کے مقبول نہین قائل اس قول کے محمد رح بن حسن ہین چنانچہ عمادیہ مین ہی
اور اُسکو بالعکس کہا ہی ابن ملک نے یعنی قبول کو محمد رح کی طرف نسبت کیا ہی اور عدم قبول کو امام رح کی طرف وکذا الخلاف لو قال
لا دفع لی ثم اتی بدفع او قال الشاہد لا شہادۃ لی ثم شہد والاصح القبول لجواز النسیان ثم التذکر کما فی الدرر واقرہ المصنف اور اسی طرح
اختلاف ہی اگر مدعا علیہ نے کہا کہ میرے پاس دفع دعوے کی وجہ نہین پھر وہ دفع دعوے کی وجہ لایا یا شاہد نے کہا کہ میری گواہی نہین پھر اُسنے
گواہی دی اور قول صحیح تر یہ ہی کہ مقبول ہی بسبب جائز ہونے نسیان کے اور پھر یاد پڑنے سے کذا فی الدرر اور مصنف نے اسکو اپنی
شرح مین ثابت رکھا ہی ادعی المدیون الایصال فانکر المدعی ذلک ولا بینۃ لہ علی مدعاہ فطلب یمینہ فقال المدعی
اجعل حقی فی الختم ثم استحلفنی لہ ذلک قنیہ مدیون نے ایصال دین کا دعوے کیا سو مدعی اسکا منکر ہوا اور مدیون کے
پاس گواہ نہین اُسکے مدعا پر سو مدیون نے اسکی قسم کی درخواست کی تو مدعی نے کہا کہ میرا حق ختم مین کر یعنی حاضر کر پھر مجھسے قسم لے تو اُسکو اس مین
اختیار ہی کذا فی القنیہ م طحطاوی نے کہا کہ فی الختم سے مراد واللہ اعلم منقد ہی اسواسطے کہ قاموس مین ہی کہ مختم بوزن منبر وہ آلہ ہی جس سے پرکھتے
ہین اور مقصود احضار حق ہی انتہی اور ممکن ہی کہ اجعل حقی کا یہ مطلب ہو کہ میرا حق تھیلی مین سر مہر کر کے حاضر کر پھر قسم لے واللہ اعلم والیمین باللہ
تعالی لحدیث من کان حالفا فلیحلف باللہ تعالی او لیذر وہو قول واللہ خزانہ وظاہرہ انہ لو حلفہ بغیرہ لم یکن یمینا ولم ارہ صریحا بحر اور قسم ہوتی ہی
اللہ تعالی کے نام پاک سے جل وعلی بدلیل اس حدیث کے کہ جو قسم کھانے والا ہو تو چاہیئے کہ اللہ تعالی کی قسم کھائے یا نہ قسم کھائے اور
یمین باللہ یہ قول ہی کہ واللہ کذا فی الخزانہ اور ظاہر اس کلام کا اُسپر دلالت کرتا ہی کہ اگر بغیر اس نام پاک کے قسم کھائے تو یمین نہوگی اور مین نے
اُسکو صریحا نہین دیکھا کذا فی البحر لا بطلاق وعتاق وان الح الخصم وعلیہ الفتوی تاتارخانیہ لان التحلیف بہما حرام تانیہ قسم نہین طلاق اور عتاق سے
اگرچہ مدعی اسپر الحاح کرے اور اسی قول پر فتوی ہی کذا فی التاتارخانیہ اسواسطے کہ طلاق اور عتاق کی قسم دینا حرام ہی کذا فی الخانیہ وقیل
ان مست الضرورۃ فوض الی القاضی اتباعا للبعض اور بعضون کا قول ضعیف یہ ہی کہ اگر طلاق اور عتاق کی قسم کی ضرورت آلگے تو یہ قسم قاضی
کے اختیار مین ہی باتباع بعض فقہا فلو حلفہ القاضی بہ فنکل فقضی علیہ بالمال لم ینفذ قضاءہ علی قول الاکثر کذا فی خزانۃ المفتیین وظاہرہ انہ
مفترع علی قول الاکثر اعلی القول بالتحلیف بہا فیعتبر نکولہ ویقضی بہ والا فلا فائدۃ بحر واعتمدہ المصنف سو اگر قاضی نے اُسکو طلاق یا عتاق کی
قسم دی پھر اُسنے قسم نہ کھائی تو اُسپر مال کا حکم کیا تو حکم نافذ نہوگا اکثر علما کے قول پر کذا فی خزانۃ المفتیین اور ظاہر یہ کلام متفرع ہی اکثر کے قول پر اور طلاق اور
عتاق کے جواز تحلیف پر تو نکول معتبر ہوگا اور اسی پر اعتماد کیا ہی مصنف نے اپنی شرح مین م علامہ مقدسی نے کہا کا ہے فائدہ تحلیف یہ ہوتا ہی تو خاطر
مطمئن ہو جائے جبکہ مدعی پر دعوی مشتبہ ہو بسبب نسیان وغیرہ کے پھر جب مدعا علیہ نے طلاق یا عتاق کی قسم کھائی تو مدعی اُسکی تصدیق کریگا تو تحلیف بطلاق
وعتاق باوجود عدم قضا بنکول بے فائدہ نہوئی وقلت ولو حلف بالطلاق انہ لا مال علیہ ثم برہن المدعی علی المال ان شہدوا علی السبب کالاقراض لا
یفرق وان شہدوا علی قیام الدین یفرق لان السبب لا یستلزم قیام الدین مین کہتا ہون اور اگر طلاق کی قسم کھائی کہ اُسپر مال نہین پھر مدعی گواہ لایا مال پر

اگر شاہدون نے سبب مال پر گواہی دی چنانچہ اقراض پر تو فرق نہ کیا جائیگا اور اگر قیام دین پر گواہی دی تو فرق کیا جائیگا اسواسطے کہ سبب مستلزم نہین قیام دین کا ہم اسواسطے کہ شاید مدیون دین کو ادا کرچکا ہو یا مدعی نے اُسکو معاف کردیا ہو یا ہبہ کردیا ہو اور یہی تفصیل مفتی بہ ہی کما فی الطحطاوی عن شرح الوہبانیۃ

للعلامۃ عبد البر وقال محمد فی الشہادۃ علی قیام المال لایحنث لاحتمال صدقہ خلافا لابی یوسف کذا فی شرح الوہبانیۃ للشرنبلالی وقد تقدم اور محمد رح نے کہا کہ قیام مال کی گواہی مین حانث نہوگا بسبب احتمال صدق مدعا علیہ بخلاف ابو یوسف رح کے کہ اُنکے نزدیک حانث ہوگا چنانچہ شرنبلالی کی شرح وہبانیہ مین ہی اور البتہ یہ مسئلہ مقدم مذکور ہوچکا ویغلظ بذکر اوصافہ تعالی اور سخت اور شدید ہوجاتی ہی قسم حق تعالی کے اوصاف مقدمہ کے ذکر کرنے سے م ازانجملہ ایک یہ مثال ہو کہ قاضی کہے مدعا علیہ سے کہ تجکو قسم ہی اُس اللہ پاک کی جسکے سوا کوئی معبود برحق نہین جو عالم ہی غیب اور شہادت کا کہ تیرے اوپر اس شخص کا مال نہین ہی وقید بعضہم بفاسق ومال خطیر اور بعضے فقہا نے تغلیظ اور تشدید کو مدعا علیہ فاسق اور مال کثیر کے ساتھ مقید کیا ہی یعنی تو معروف بالصلاح اور مال حقیر پر تغلیظ نہین والاختیار فیہ وفی صفتہ الی القاضی اور قسم مین اور قسم کی صفت یعنی تشدید مین قاضی کا اختیار ہی م یعنی تعیین قسم مین قاضی کو اختیار ہی جیسے اُسکو مصلحت معلوم ہو وہ اختیار کرے چنانچہ یون کہے مدعا علیہ سے کہ واللہ یا باللہ یا رحمن کی قسم یا قادر کی قسم ویجتنب العطف کیلا یتکرر الیمین اور پرہیز کرے عطف سے تاکہ قسم مکرر نہو جاے م یعنی یون نہ کہے قاضی کہ باللہ والرحمن والقادر اسواسطے کہ مستحق تو ایک ہی قسم ہی اور عطف مین تکرار قسم ہوگی فلو حلفہ باللہ ونکل عن التغلیظ لایقضی علیہ بہ ای بالنکول لان المقصود الحلف باللہ وقد حصل زیلعی سو اگر قاضی نے مدعا علیہ کو اللہ کی قسم دی اور اُسنے تغلیظ مین سے انکار کیا تو قاضی اسپر نکول سے حکم نہ کرے اسواسطے کہ مطلب تو اللہ کی قسم سے ہی اور وہ تو حاصل ہوچکا کذا فی الزیلعی لایستحب التغلیظ علی المسلم بزمان ولا بمکان کذا فی الحاوی فظاہرہ انہ مباح مستحب نہین مسلمان پر تشدید قسم کی زمان سے اور نہ مکان سے کذا فی الحاوی تو ظاہر اس کلام کا یہ ہی کہ تشدید زمانی اور مکانی مباح ہی یعنی اسواسطے کہ نفی استحباب نفی اباحت کو مستلزم نہین تغلیظ زمان یہ کہ رمضان شریف یا جمعہ کے دن قسم لے اور تغلیظ مکان یہ کہ مسجد یا بیت اللہ مین قسم لے ویستحلف الیہودی باللہ الذی انزل التوریۃ علی موسی والنصرانی باللہ الذی انزل الانجیل علی عیسی والمجوسی باللہ الذی خلق النار فیغلظ علی کل بمعتقدہ فلو اکتفی باللہ کالمسلم کفی اختیار اور قسم لے یہودی سے اسطرح کہ قسم ہی اُس اللہ کی جسنے موسی علیہ السلام پر توریت اُتاری اور نصرانی سے اس طرح کہ قسم ہی اُس اللہ کی جسنے عیسی علیہ السلام پر انجیل اُتاری اور مجوسی سے اس طرح کہ قسم ہی اُس اللہ کی جسنے آگ پیدا کی تو قسم مین تشدید کرے ہر دین والے پر اُسکے اعتقاد کے موافق سو اگر کفارہ مذکورین سے فقط اللہ کی قسم پر اکتفا کرے تو کافی ہی کذا فی الاختیار م مجوسی سے آگ کی قسم نہ لے اسواسطے کہ غیر خدا کی قسم جائز نہین بلکہ آگ کے خالق کی قسم لے تو اسی طرح ہنود سے گنگا کی قسم نہ لے بلکہ اللہ کی جسنے گنگا پیدا کی والوثنی باللہ تعالی لانہ یقر بہ وان عبد غیرہ اور بت پرست سے قسم لے اللہ تعالی کے نام پاک کی اسواسطے کہ بت پرست خدا کا اقرار کرتا ہی اگرچہ غیر خدا کی عبادت اور پوجا کرتا ہی م مصباح العوام مین ہی کہ وثن جسم ہی لکڑی سے ہو یا پتھر سے یا سوا اُسکے وجزم ابن الکمال بان الدہریۃ لایعتقدونہ تعالی قلت وعلیہ فبماذا یحلفون اور یقین کیا ابن کمال

نے اسکا کہ دہریہ آدمی حق تعالی کا اعتقاد نہین رکھتے ہین کہتا ہون اور بموجب اسکے تو یہ لوگ کس کی قسم کھاوین وبقی تحلیف الاخرس ان یقول

لہ القاضی علیک عہد اللہ ومیثاقہ ان کان کذا وکذا فاذا اومی برأسہ ای نعم صار حالفا اور باقی رہا گونگے کو قسم دینا اُسکا طریقہ یہ ہی کہ قاضی اُس سے کہے کہ تجھپر عہد ہی خدا کا اور اُسکا میثاق اگر ایسا اور ایسا ہو پھر جب وہ اپنے سر سے اشارہ کرے کہ ہان تو وہ حالف ہوجائیگا م اور اگر انکار کا اشارہ کرے گا تو نکول ہوگا اور دعوے ثابت ہوگا کذا فی القنیہ اور قاضی گونگے سے یون نہ کہے کہ خدا کی قسم کھا کہ تیرے اوپر اسکا حق نہین کہ یہ قسم نہوگی اگرچہ وہ اپنے سر سے اشارہ کرے کہ ہان اسواسطے کہ اُسکا اشارہ گویا یون ہوجائے گا

کہ مین قسم کہاتا ہون اور حالانکہ یہ قسم نہین کذا فی الطحطاوی عن التتارخانیۃ ولو اصم ایضا کتب له لیجیب بخطه ان عرفه والا فباشارته اور گونگا بہرا بھی ہو تو قسم
کو لکھے تاکہ وہ اُسکا جواب لکھے اپنے خط سے اگر وہ لکھنا جانتا ہو اور نہین تو اُسکے اشارہ سے قسم دے ولو اعمی ایضا فابوه او وصیه او من نصبه
القاضی شرح وہبانیہ اور اگر گونگا اور بہرا اندھا بھی ہو تو اُسکا باپ قسم کہائے یا اُسکا وصی یا جسکو قاضی نے منصوب کیا کذا فی شرح الوہبانیہ
م شارح کو یون کہنا لازم تھا ثم من نصبه القاضی) اسواسطے کہ قاضی اُسکی طرف سے نائب کو اُسوقت قائم کریگا جبکہ باپ یا اُسکا وصی نہو چنانچہ
شرح وہبانیہ مین ہی اور قسم کیا علم پر ہوگی اسواسطے کہ متعلق بغیر ہی بالیقین پر اُسکو تحریر کرنا چاہیئے پھر معلوم کر کہ قول ماتقدم کے مخالف ہی کہ نیابت
استحلاف مین جاری ہوتی ہی نہ حلف مین کذا فی الطحطاوی ولا یحلفون فی بیوت عبادتهم لکراهة دخولها بحر اور یہود و نصاریٰ اور بت پرستون
سے قسم نلیجائے اُنکے عبادت خانون مین وہان کے جانے کی کراہت سے کذا فی البحر یعنی قاضی وغیرہ کو کفار کے معابد مین جانا مکروہ ہی اسواسطے کہ وہ
مجمع شیاطین ہین اور ظاہر کراہت تحریمی ہی اسواسطے کہ عند الاطلاق کراہت تحریمی ہی مراد ہوتی ہی اور مین نے فتویٰ دیا ہی اُس مسئلہ کی تقریر کا جو ملازم
کنیسہ یہود کے ساتھ کذا فی بحر الرائق ثم یحلف القاضی فی دعوی سبب یرتفع علی الحاصل ای علی الصورة انکار المنکر اور اس سبب کے دعوے مین
جو زائل اور اُٹھ سکتا ہی قاضی قسم دے حاصل پر یعنی انکار منکر کی صورت پر ہم حاصل کی یہ تفسیر اصطلاحی ہی اور معنی لغوی حاصل کا یہ ہی جو ہر چیز سے باقی
رہے اور ثابت رہے اور ماسوا اسکے جاتا رہے چنانچہ قاموس مین ہی انکار منکر کی صورت پر اسواسطے قسم ہوئی کہ منکر یون کہتا ہی کہ ہمارے مابین مین بیع
اور طلاق اور غصب واقع نہین کذا فی الطحطاوی وفسره بقوله ای باللہ ما بینکما نکاح قائم وما بینکما بیع قائم وما یجب علیک رده لو قائما او بدله لو ہالکا
وما ہی بائن منک وقوله الآن متعلق بالجمیع مسکین فی دعوی نکاح وبیع وغصب وطلاق فیه لف ونشر اور مصنف نے حاصل کی تفسیر کی اپنے اس
قول سے کہ تجکو اللہ کی قسم کہ تم دونون کے مابین مین نکاح قائم نہین اور تم دونون کے درمیان بیع قائم نہین اور تجپر اُسکا پھیر دینا واجب نہین اگر
وہ قائم ہو یا اُسکے عوض کا پھیر دینا اگر وہ ضائع ہو گیا ہو اور وہ عورت تجسے بائن نہین اسدم نکاح اور بیع اور غصب اور طلاق کے دعوے مین اس
کلام مین لف ونشر مرتب ہی علامہ مسکین نے کہا کہ الآن کا لفظ سب سے متعلق ہی یعنی نکاح اور بیع اور غصب اور طلاق اسدم ثابت نہین لا علی السبب
ای باللہ ما نکحت وما بایعت خلافا للثانی نظرا للمدعی علیه ایضا لاحتمال طلاقه واقالته نہ قسم دے سبب مرتفع پر اسطرح کہ تجکو اللہ کی قسم کہ تو نے نکاح نہین
کیا اور نہ تو نے بیع کی بخلاف ابو یوسف کے سبب پر قسم نہ دے بنظر مدعا علیه کے بھی اس احتمال سے کہ شاید اُسنے بعد نکاح کے طلاق دی ہو اور
بعد بیع کے اقالۂ بیع کیا ہو ہم ابو یوسف کے نزدیک یمین تو استیفائے حق مدعی کے واسطے ہی تو یمین کی مطابقت دعوی مدعی سے واجب ہی اور دعوے
تو سبب کا ہی طرفین کی دلیل یہ ہی کہ اگر مدعا علیه نے بعد نکاح کے طلاق دی تو وہ اس قسم مین صادق ہوگا کہ واللہ ما نکحت اور اسی طرح بعد اقالۂ بیع واللہ
ما بایعت اور بعد رد غصب واللہ ما غصبت اور بعد ابانت تجدید نکاح سے واللہ ما طلقت کہنے مین صادق ہوگا الا اذا لزم من الحلف علی الحاصل
ترک النظر للمدعی فیحلف بالاجماع علی السبب ای علی صورة دعوی المدعی کدعوی شفعة بالجوار ونفقة مبتوتة والخصم لا یراہما لکونه شافعیا
لصدق حلفه علی الحاصل فی معتقده فیتضرر المدعی مگر جبکہ حاصل پر قسم کہانے سے مدعی کی جانب سے ترک نظر لازم آوے تو بالاتفاق سبب پر
قسم کہاوے یعنی دعوے مدعی کی صورت پر چنانچہ شفعہ جوار اور نفقہ مبتوتہ کے دعوے مین اور حالانکہ مدعا علیه دونون کو واجب نہین دیکھتا
بسبب شافعی مذہب ہونے کے بسبب صادق ہونے اُسکی قسم کے حاصل پر اُسکے اعتقاد مین تو مدعی کا ضرر ہوگا ہم شافعی مذہب مین شفعہ جوار
اور نفقہ مبتوتہ واجب نہین تو اگر مدعا علیه شافعی مذہب یون قسم کہاوے کہ واللہ مجہپر شفعہ جوار اور نفقہ مبتوتہ نہین تو اسمین صریح مدعی
کا ضرر ہی تو یہان سبب پر اس طرح قسم کہائے کہ واللہ مین نے اس گھر کو نہین خرید کیا اور یہ عورت میری مطلقہ بطلاق بائن عدت مین نہین ہی

شفعہ جوار اور مبتوتہ کی اسواسطے قید لگائی کہ شفعہ شرکت اور نفقہ رجعی مین حاصل پر قسم ہوگی نہ سبب پر قلت ومفادہ انہ لااعتبار بمذہب المدعیٰ علیہ داما
مذہب المدعی ففیہ خلاف والاوجہ ان یسأله القاضی ہل تعتقد وجوب شفعۃ الجوار اولا واعتمدہ المصنف مین کہتا ہون اور قول سابق سے مستفاد
ہوا کہ مدعا علیہ کے مذہب کا کچھ اعتبار نہین تحلیف مین اور مدعی کے مذہب مین اختلاف ہی علما کا اور قول موجہ تر یہ ہی کہ مدعی سے قاضی پوچھے کہ تو وجوب
شفعہ جوار کا معتقد ہی یا نہین اور اسی پر اعتماد کیا ہی مصنف نے اپنی شرح مین ہم تو اگر مدعی کہے کہ مین وجوب کا معتقد ہون تو حاصل پر قسم لے اور اگر معتقد ہوا
تو سبب پر قسم لے کذا فی الطحطاوی وکذا ای یحلف علی السبب اجماعا فی سبب لا یرتفع برافع بعد ثبوتہ کعبد مسلم یدعی علی مولاہ عتقہ لعدم تکرر
رقہ اور اسی طرح یعنی سبب پر بالاجماع قسم لے اُس سبب مین جو مرتفع نہین ہوتا کسی رافع سے بعد اپنے ثابت ہونے کے مانند اُس غلام مسلمان کے
جو اپنے مالک پر اپنے آزاد کرنے کا دعویٰ کرتا ہی سبب نہ مکرر ہونے اُسکی رقیت کے وامّا فی الامۃ ولو مسلمۃ والعبد الکافر فلتکرر رقہما بالحاق حلف
مولاہما علی الحاصل اور لونڈی مین اگرچہ وہ مسلمان ہو اور کافر غلام مین تو بسبب مکرر ہونے اُنکی رقیت کے لحوق دار الحرب سے قاضی قسم دے
دونون کے مالک کو حاصل پر ہم یعنی مولی کو یون قسم دے کہ تم دونون کے درمیان اب عتق قائم نہین نہ یون کہ مین نے اُسکو آزاد نہین کیا اس احتمال
سے کہ شاید اُسنے آزاد کیا ہو پھر وہ دار الحرب مین جا ملا ہو پھر وہ دار السلام مین پھر آیا ہو پھر رقیت کی طرف اُسنے عود کیا ہو تو اس یمین کی صورت
سے اُسکو ضرور ہوگا اور یہی حال ہی لونڈی کا کذا فی الطحطاوی والحاصل اعتبار الحاصل الا لضرر مدع وسبب غیر متکرر اور حاصل کلام یہ ہی کہ
تحلیف مین حاصل کا اعتبار ہی مگر بسبب ضرر مدعی اور سبب غیر متکرر کے سبب کا اعتبار ہی فرع صح فدا الیمین والصلح منہ لحدیث ذبوا عن اعراضکم
باموالکم اور بدلا دینا قسم کا اور صلح کرنا قسم سے صحیح ہی بدلیل اس حدیث کے کہ اپنے مال دیکر اپنی آبرو بچاؤ ہم فدیہ یمین ہوتا ہی بمقدار دعوی یا اقل سے
اور صلح ہوتی ہی اقل سے حذیفہ رضی اللہ عنہ پر جب قسم آئی تھی تو اُنھون نے مال دیکر قسم نہ کھائی تھی اور اسی طرح عثمان رضی اللہ عنہ نے چالیس درم
کے دعوے مین قسم کے عوض مال دیا اور قسم نہ کھائی لوگون نے کہا کہ آپ تو سچے ہین کیون نہین قسم کھاتے ہین جواب دیا کہ شاید میری قسم کو کوئی
یمین کاذبہ گمان کرے انتہی اور اسواسطے کہ مال دینے اور قسم نہ کھانے مین حفظ آبرو ہی اور وہ مستحسن ہی عقلا وشرعا کذا فی الحموی ملخصا وقال
الشہید الاحتراز عن الیمین الصادقۃ واجب قال فی البحر انہ ثابت بدلیل جواز الحلف صادقا اور کہا شہید نے کہ سچی قسم سے بچنا واجب
ہی بحر الرائق مین کہا کہ واجب ہی یعنی ثابت ہی بدلیل درست ہونے سچی قسم کے ہم یعنی واجب سے واجب شرعی مراد نہین کہ سچی قسم کھانا
جائز نہو بلکہ واجب بمعنی ثابت ہی فلا یحلف المنکر بعدہ ابدا لانہ اسقط حقہ اور منکر کو قسم نہ دیجائیگی کبھی بعد فدیہ دینے اور صلح کرنے
کے اسواسطے کہ مدعی نے اپنا حق ساقط کردیا مال لیکر وقید بالفدا والصلح لان المدعی لو اسقطہ ای الیمین قصدا بان قال برئت
من الحلف او ترکتہ علیہ او وہبتہ لا یصح ولہ التحلیف بخلاف البراءۃ عن المال لان التحلیف للحاکم بزازیہ اور مصنف نے
سقوط یمین مین فدیہ اور صلح کی قید لگائی اسواسطے کہ مدعی اگر یمین کو بالقصد ساقط کردے اس طرح کہ کہے مدعا علیہ سے کہ تو بری الذمہ ہوگیا قسم
سے یا مین نے اُسکو چھوڑ دیا یا ہبہ کردیا تو صحیح نہین اور اُسکو قسم لینا جائز ہی بخلاف برات عن المال کے اسواسطے کہ تحلیف حاکم کے واسطے
مخصوص ہی یعنی بطلب مدعی کذا فی البزازیہ ہم برات عن المال یعنی مال کا معاف کردینا مدعی کے اختیار مین ہی بلا دخل حاکم وکذا اذا اشتری
یمینہ لم یجز لعدم رکن البیع درر اور اسی طرح جبکہ مدعا علیہ اپنی قسم کو مول لے مدعی سے تو جائز نہین بسبب معدوم ہونے رکن بیع کذا فی الدرر
ہم رکن بیع یہ ہی کہ مبیع مال ہو اور حالانکہ یمین مال نہین فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا استحلف خصمہ فقال حلفتنی مرۃ ان عند حاکم او محکم
وبرہن قبل والا فلہ تحلیفہ درر مدعی نے قسم چاہی اپنے مدعا علیہ سے سو اُسنے کہا کہ تو مجکو قسم دے چکا ہی ایکبار اگر تحلیف حاکم یا محکم کے

پاس ہوئی اور وہ اُسپر گواہ لایا تو مدعا علیہ کا قول مقبول ہو اور نہین تو مدعی کو اُسکی تحلیف کا اختیار ہو کذا فی الدرر قلت ولم ار ما لو قال ان قد حلفت بالطلاق انی لا احلف مین کہتا ہون اور مین نے نہین دیکھا یہ مسئلہ کہ اگر مدعا علیہ نے کہا کہ مقرر مین اسپر طلاق کی قسم کھا چکا کہ البتہ مین قسم نہ کھاؤنگا تو اسکے حکم کی تنقیح کرنا چاہیے کہ حاکم اُسکو قسم دیگا یا نہ دیگا ہم ثابت ہو چکا ہو کہ استحلاف احد المتخاصمین کے الحاق ضرر سے قاضی ناچار ہو اور مراعات جانب مدعی اولیٰ ہو تو بموجب اسکے حلف بالطلاق کے دعوے مین مدعا علیہ معذور نہوگا اور قسم نہ کھانے سے اسپر مال کا حکم کیا جائیگا کیونکہ اُسنے خود اپنی ذات کو ضرر پہونچایا طلاق کی قسم کھا کر اور اگر اُسکی قسم کو لحاظ کیجیے تو ابطال حکم شرع لازم آتا ہو واللہ تعالیٰ اعلم کذا فی الطحطاوی

باب التحالف

یہ باب ہو دو شخصون کے باہم قسم کھانے مین لما قدم یمین الواحد ذکر یمین الاثنین جبکہ مصنف ایک شخص کی یمین اول ذکر کر چکا تو اُسنے دو کی یمین کو ذکر کیا اختلفا ای المتبایعان فی قدر ثمن او وصفہ او جنسہ او فی قدر مبیع حکم من برہن لانہ نور دعواہ بالحجۃ متبایعین نے اختلاف کیا ثمن کے مقدار مین یا اُسکے وصف یا جنس مین یا مبیع کی مقدار مین تو اُسکے واسطے حکم ہوگا جو گواہ لایا اسواسطے کہ اُسنے اپنے دعوے کو روشن اور ظاہر کر دیا حجت اور برہان سے ہم مقدار ثمن کا اختلاف یہ کہ بائع کہے ثمن دس درم تھا اور مشتری کہے پانچ تھا اور وصف ثمن کا اختلاف یہ کہ بائع کہے کہ ثمن بدراہم مروجہ تھا اور مشتری کہے بدراہم کاسدہ تھا اور جنس ثمن کا اختلاف یہ کہ بائع دعوے کرے کہ ثمن بدنانیر تھا اور مشتری نے کہا بدراہم تھا وان برہنا فلمثبت الزیادۃ اذ البینات للاثبات اور اگر دونون برہان لاوین اپنے دعوے پر تو مثبت زیادت کے واسطے حکم ہوگا اسواسطے کہ بینات اثبات کے واسطے ہین ہم مثبت زیادت خواہ بائع ہو یا مشتری مثبت زیادت کے واسطے اسواسطے حکم ہوگا کہ زیادت مین معارضہ نہین وان اختلفا فیہما ای الثمن والمبیع جمیعا قدم برہان البائع لو الاختلاف فی الثمن اور اگر متبایعین نے ثمن اور مبیع سب دونون مین اختلاف کیا تو برہان بائع کی مقدم ہوگی اگر ثمن مین اختلاف ہو ہم صورت اختلاف یہ ہو کہ بائع کہتا ہو کہ مین نے یہ لونڈی تیرے ہاتھ سو دینار کو بیچی اور مشتری کہتا ہو کہ تونے اُسکو اور دوسری لونڈی کو اُسکے ساتھ پچاس درم کو بیچا اور دونون گواہ لائے تو بائع کے گواہ اولیٰ ہین ثمن مین اور مشتری کے گواہ اولیٰ ہین مبیع مین بنظر اثبات زیادت تو دونون لونڈیان مشتری کو ملینگی سو درم کو کذا فی الطحطاوی وعن العنایۃ و برہان المشتری لو فی المبیع نظر الاثبات الزیادۃ اور برہان مشتری کی مقدم ہو اگر اختلاف مبیع مین ہو بلحاظ اثبات زیادت وان عجز فی الصور الثلث عن البینۃ فان رضی کل بمقالۃ الآخر فبہا اور اگر متبایعین تینون صورتون مین عاجز ہو گئے شہادت لانے سے تو اگر ہر شخص راضی ہوگیا دوسرے کے قول سے تو خوب بات ہو کہ جھگڑا نہ رہا ہم صورت ثلثہ مین سے ایک صورت یہ ہو کہ ثمن مین اختلاف ہو دوسری یہ کہ مبیع مین اختلاف ہو تیسری یہ کہ ثمن اور مبیع دونون مین اختلاف ہو وان لم یرض واحد منہما بدعوی الآخر تحالفا ما لم یکن فیہ خیار فیفسخ من لہ الخیار اور اگر متبایعین مین سے کوئی راضی نہو دوسرے کے دعوے سے تو دونون قسم کھاوین جبتک کہ بیع مین خیار نہو اور اگر خیار ہو تو فسخ بیع کرے جسکو خیار ہو ہم دونون پر قسم اسواسطے آئی کہ ہر شخص دوسرے کے دعوے کا منکر ہو خلاصہ یہ ہو کہ اگر مشتری کو خیار رویت یا خیار عیب یا خیار شرط ہو تو دونون پر قسم نہین انتہی حموی نے کہا اور خیار مین بائع مشتری کے مانند ہو وبدا بیمین المشتری لانہ البادی بالانکار اور قاضی مشتری سے قسم لینا شروع کرے اسواسطے کہ وہی تو شروع کرنے والا ہو انکار کا اسواسطے کہ مشتری سے پہلے مطالبہ ہوتا ہو ثمن کا اور وہ ثمن کا منکر ہو وہذا لو کان بیع عین بدین اور یہ یعنی مشتری کی قسم سے شروع کرنا اسوقت ہو جبکہ عین کی بیع ہو دین سے یعنی اسباب کی بیع ہو چاندی سونے سے والا بان کان مقایضۃ او صرفا فہو مخیر وقیل یقرع ابن ملک اور اگر عین کی بیع نقد سے نہو اس طرح پر کہ اسباب کی بیع ہو اسباب سے یا نقد کی بیع ہو نقد سے تو قاضی مختار ہو چاہے اول مشتری سے قسم لے چاہے بائع سے اور قول ضعیف

یہ ہے کہ قاضی قرعہ ڈالے کذا اسرح ابن ملک م بیع مقایضہ اور صرف مین اسواسطے اختیار ہوا کہ ہر واحد متبایعین سے مشتری ہے من وجہ ولیقتصر علی النفی فی
الاصح اور فقط نفی پر اختصار کرے بقول اصح م یہ بیان ہے کیفیت یمین کا ان مسائل مین تو بائع یون قسم کھائے کہ واللہ مین نے بعوض ہزار نہین بیچا اور مشتری
قسم کھائے کہ واللہ مین نے بعوض دو ہزار کے نہین خرید کیا اور قول غیر اصح وہ ہے جو زیادت مین ہے کہ نفی کے ساتھ اثبات کو بھی ضم کرے تاکید کیواسطے وفسخ القاضی
البیع بطلب احدہما او بطلبہما اور قاضی فسخ بیع کرے ایک کی طلب سے یا دونون کی طلب سے ولا ینفسخ بالتحالف ولا بفسخ احدہما بل بفسخہما بحر اور بیع فسخ
نہین ہو جاتی دونون کے قسم کھانے سے اور نہ احد المتبایعین کے فسخ کرنے سے بلکہ بائع اور مشتری دونون کے فسخ کرنے سے فسخ ہوتی ہے کذا فی البحر یعنی درصورت
فسخ متعاقدین کے قاضی کو فسخ کرنے کی حاجت نہین ومن نکل منہما لزمہ دعوی الآخر بالقضاء وصلہ قولہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اختلف المتبایعان والسلعۃ
قائمۃ بعینہا تحالفا وترادا اور جو دونون مین سے قسم نہ کھائے اُسکو دوسرے قسم کھانے والے کا دعوے لازم ہو جائیگا قاضی کے حکم کر دینے سے اور تحالف
متبایعین کے مسائل کی یہ حدیث اصل ہے کہ جب بائع اور مشتری اختلاف کرین اور جنس مبیع بعینہ موجود ہو تو دونون قسم کھاوین اور باہم
رد بیع کرین وہذا کلہ لو الاختلاف فی البدل مقصودا فلو فی ضمن شیء کاختلافہما فی الزق فالقول للمشتری فی انہ الزق ولا تحالف اور یہ سب یعنی
تحالف اور فسخ اُس شرط پر ہے جبکہ اختلاف بدل مین مقصود بالذات ہو تو اگر اختلاف کسی چیز کے ضمن مین ہو جیسے متبایعین کا اختلاف مشک
مین تو مشتری ہی کا قول معتبر ہوگا اسمین کہ یہ وہی مشک ہے اور تحالف نہوگا صورت اُسکی یہ ہے کہ مشتری نے گھی خرید کیا مشک مین جسکا وزن سو
رطل ہے مثلاً سو مشتری مشک لایا پھیر دینے کو جسکی تول بیس رطل ہے تو بائع نے کہا کہ یہ میری مشک نہین اور اُسنے کہا کہ میری مشک کی تول دس رطل
تھی تو یہان مشتری ہی کا قول معتبر ہوگا اور اسکے ضمن مین اختلاف ثمن لازم ہے تو بائع اُسکو نوے ٹھہراتا ہے اور مشتری اسّی کذا فی الحموی کما لو اختلفا فی وصف
المبیع کقولہ اشتریتہ علی انہ کاتب او خباز وقال البائع لم اشترط فالقول للبائع ولا تحالف ظہیریہ چنانچہ اگر دونون نے وصف مبیع مین اختلاف کیا چنانچہ
مشتری کا یون کہنا کہ مین نے اس غلام کو خرید کیا اس شرط پر کہ وہ کاتب یا نانبائی ہے اور بائع کہتا ہے کہ مین نے یہ شرطین نہین کین تو بائع ہی کا قول
معتبر ہوگا اور قسم نہین دونون پر کذا فی الظہیریہ م خلاصہ یہ ہے کہ اگر وصف ثمن مین اختلاف ہو تو تحالف ہے چنانچہ عنقریب مذکور ہو چکا اور اگر وصف
مبیع مین اختلاف ہو تو بائع کا قول معتبر ہے اور تحالف نہین وقید باختلافہما فی ثمن ومبیع لانہ لا تحالف فی غیرہما لکونہ لا یختل بہ قوام العقد
نحو اجل وشرط رہن او خیار او ضمان وقبض بعض ثمن اور تحالف مقید ہوا ثمن اور مبیع کے اختلاف کے ساتھ اسواسطے کہ اُن دونون کے
سوا مین تحالف نہین اسواسطے کہ غیر ثمن اور مبیع کے اختلاف سے قوام عقد مختل نہین ہوتا چنانچہ اختلاف مدت اور شرط رہن یا شرط خیار یا
شرط ضمان ثمن اور قبض بعض ثمن کے اختلاف سے م شرط رہن یعنی بائع کہے کہ مین نے مشتری سے یہ شرط کرلی ہے کہ وہ تا ادائے ثمن کوئی
چیز میرے پاس گرو رکھے اور مشتری اُسکا منکر ہو اور ضمان ثمن کی یہ صورت کہ بائع کہے کہ مین نے اس شرط سے بیع کی ہے کہ مشتری ثمن کا
کسی کو ضامن دے اور قبض بعض ثمن کی قید اتفاقی ہے اسواسطے کہ کل ثمن کے قبض کے اختلاف کا بھی یہی حکم ہے یعنے قبول قول بائع والقول
للمنکر بیمینہ وقال زفر والشافعی یتحالفان اور اختلاف مدت وغیرہ مین منکر کا قول مقبول ہے اُسکی قسم کے ساتھ اور زفر اور شافعی نے
کہا انہین بھی دونون قسم کھاوین ولا تحالف اذا اختلفا بعد ہلاک المبیع او خروجہ عن ملکہ او تعیبہ بما لا یرد بہ اور قسم دونون پر نہین جبکہ
متعاقدین اختلاف کرین بعد تلف ہو جانے مبیع کے مشتری کے پاس یا اُسکے خارج ہو جانے سے اُسکی ملک سے یا عیب دار ہو جانے سے اس
عیب کے ساتھ کہ اسکے سبب رد بیع نہین ہوتا چنانچہ حاملہ ہونا لونڈی کا مشتری سے م ہلاک مبیع مین مشتری کے پاس ہونے کی قید اسواسطے لگائی
کہ قبل قبض بائع کے پاس ہلاک ہو جانے سے بیع فسخ ہو جاویگی کذا فی الطحطاوی وحلف المشتری الا اذا استہلکہ فی ید البائع غیر المشتری اور قسم کھائے

فقط مشتری اگر جبکہ بیع کو بائع کے پاس غیر مشتری نے تلف کیا ہو تو بائع اور مشتری دونوں قسم کھاوین اور اگر مشتری بیع کو تلف کرے بائع کے پاس تو
وہ قابض ٹھہرے گا اور تحالف نہین جبکہ اختلاف ثمن ہو بعد قبض کے وقال محمد رح والشافعی رح یتحالفان ویفسخ علی قیمۃ الهالک اور محمد رح
اور شافعی رح نے کہا کہ بعد ہلاک بیع بائع اور مشتری دونوں قسم کھاوین اور فسخ بیع ہو گا بیع ہالک کی قیمت پر وہذا لو الثمن دینا فلو مقایضۃ تحالفا
اجماعا لان المبیع کل منهما ویرد مثل الهالک او قیمتہ اور یہ یعنی فقط مشتری پر قسم جب ہی کہ ثمن دین یعنی درم یا دینار ہو اور اگر بیع مقایضہ ہو
تو دونوں قسم کھاوین بالاتفاق اسواسطے کہ عوضین سے ہر ایک بیع ہی اور مثل ہالک پھیر دیا جاے اگر ہالک مثلی ہو یا اُسکی قیمت پھیری جاے
اگر ہالک قیمت والی چیز ہو کما لو اختلفا فی جنس الثمن بعد ہلاک السلعۃ بان قال احدہما دراہم والآخر دنانیر تحالفا ولزم المشتری رد القیمۃ سراج
چنانچہ اگر متعاقدین نے اختلاف کیا ثمن کی جنس مین بعد ہلاک ہونے بیع کے اس طرح پر کہ ایک نے کہا کہ ثمن دراہم تھے اور دوسرے نے
کہا دنانیر تھے تو دونوں قسم کھاوین اور مشتری کو رد قیمت لازم ہو گا کذا فی السراج ولا تحالف بعد ہلاک بعضہ او خروجہ عن ملکہ کعبدین مات
احدہما عند المشتری بعد قبضہما ثم اختلفا فی قدر الثمن لم یتحالفا عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ اور تحالف نہین بعد ہلاک ہونے بعض بیع کے یا خارج
ہونے کے ملک مشتری سے چنانچہ دو غلام کہ ایک اُنمین سے مرگیا مشتری کے پاس بعد مقبوض ہونے دونوں کے پھر بائع اور مشتری
نے اختلاف کیا ثمن کے مقدار مین تو دونوں پر قسم نہین ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک الا ان یرضی البائع بترک حصۃ الهالک اصلا
فحینئذ یتحالفان ہذا علی تخریج الجمہور وصرف مشایخ بلخ الاستثناء الی یمین المشتری بعض بیع کے ہلاک ہونے کے بعد تحالف نہین مگر یہ کہ بائع
راضی ہو جاوے ترک حصہ ہالک پر اصلا تو اب دونوں پر قسم آویگی یہ یعنی استثنا کو تحالف کی طرف پھیرنا اکثر علما کی تخریج پر ہی اور مشایخ
بلخ نے استثنا کو یمین مشتری کی طرف پھیرا ہی ہم اس استثنا مین علما مختلف ہین اکثر علما کے نزدیک یہ استثنا تحالف کی طرف منصرف ہی اسواسطے
کہ قدوری کے کلام مین یون ہی مذکور ہی تو تقدیر کلام یہ ہی کہ (لم یتحالفا بعد ہلاک بعض المبیع الا اذا ترک البائع حصۃ الهالک فیتحالفان) اور بعضے علما کے
نزدیک استثنا یمین مشتری کی طرف منصرف ہی جو مقدر ہی کلام مین کیونکہ تقدیر کلام یون ہی کہ (لا تحالف بعد ہلاک بعضہ بل الیمین علی المشتری الا ان یرضی
البائع الخ) تو اس صورت مین قسم ہو گی مشتری پر کذا فی الطحطاوی مختصرا ولا فی قدر بدل کتابۃ لعدم لزومہا اور تحالف نہین بدل کتابت کے مقدار
کی اختلاف مین بسبب لازم نہونے کتابت کے وقدر راس مال بعد اقالۃ عقد السلم بل القول للعبد وللمسلم الیہ ولا یعود السلم اور تحالف نہین اختلاف
راس المال مین بعد زائل کر دینے عقد سلم کے بلکہ غلام کا قول مقبول ہی بدل کتابت مین اور مسلم الیہ کا قول مقبول ہی راس المال مین اور عقد سلم کا عود نہو گا
وان اختلفا ای المتعاقدان فی مقدار الثمن بعد الاقالۃ ولا بینۃ تحالفا وعاد البیع اور اگر متعاقدین نے اختلاف کیا مقدار ثمن مین بعد اقالہ
بیع اور حالانکہ گواہ موجود نہین تو دونوں قسم کھاوین اور بیع پھر ثابت ہو جائیگی ہم جب بیع عود کریگی تو بائع کا حق ثمن مین ہو گا اور مشتری کا حق
بیع مین چنانچہ قبل اقالہ تھا بخلاف سلم اسواسطے کہ اقالہ عقد سلم مین نقض کا احتمال نہین رکھتا اسواسطے کہ وہ عبارت ہی اسقاط سے تو عقد سلم کا
عود نہو گا کذا فی الطحطاوی لو کان کل من المبیع والثمن مقبوضا ولم یردہ المشتری الی بائعہ بحکم الاقالۃ فان ردہ الیہ بحکم الاقالۃ
لا تحالف خلافا لمحمد تحالف متعاقدین بعد اقالہ اس شرط پر ہی کہ ہر ایک بیع اور ثمن مقبوض ہو اور مشتری نے اُسکو اسکے بائع کی طرف پھیر ندیا ہو اقالہ
کی وجہ سے سو اگر اُسکو پھیر دیا ہو بوجہ اقالہ تو تحالف نہین برخلاف قول محمد رح وان اختلفا ای الزوجان فی قدر المہر او جنسہ قضی لمن
اقام البرہان وان برہنا فللمراۃ اذا کان مہر المثل شاہدا للزوج بان کان کمقالتہ او اقل وان کان شاہدا لہا
بان کان کمقالتہا او اکثر فبینتہ اولی لاثباتہا خلاف الظاہر اور اگر زوجین نے اختلاف کیا مہر کے مقدار مین یا اُسکی جنس مین تو اسکے واسطے

حکم ہوگا جو گواہ لاوے اور اگر دونون گواہ لادین تو عورت کے گواہ اولی ہین جبکہ اسکا مہر مثل زوج کا شاہد ہو اس طرح پر کہ مہر مثل زوج کے قول
کے برابر ہو یا اس سے کمتر اور اگر مہر مثل زوجہ کے قول کا شاہد ہو اس طرح پر کہ اسکے دعوے کے برابر ہو یا زیادہ تر تو زوج کے گواہ اولی بالقبول
ہین اسواسطے کہ گواہ خلاف ظاہر کے مثبت ہوتے ہین وان کان غیر شاہد لکل منہما بان کان بینہما فالتہاتر للاستواء و یجب مہر المثل
علی الصحیح اور اگر مہر مثل زوجین مین سے کسی کا شاہد نہو اس طرح پر کہ قول زوجین کے مابین مین ہو تو دونون کے گواہ ساقط الاعتبار ہین بسبب برابر ہونے
کے اثبات مین اور اس صورت مین مہر مثل واجب ہوگا بقول صحیح ہم مابین قول زوجین کے ہونے سے یہ مراد نہین کہ مہر مثل دونون قولون کے درمیان ہو
ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ مہر مثل زوجہ کے دعوے سے کمتر ہو اور زوج کے دعوے سے اکثر ہو کذافی الدرر وان عجزا عن البرہان تحالفا ولم یفسخ النکاح لتبعیۃ المہر
بخلاف البیع اور اگر زوجین گواہ لانے سے عاجز ہون تو دونون قسم کھاوین اور نکاح فسخ نہوگا بسبب تابع ہونے مہر کے نکاح مین بخلاف بیع کے یعنی ہر ایک کی
قسم نے دوسرے کے دعوے کو توڑا تو عقد بلاتسمیۂ مہر باقی رہا اور عدم تسمیہ مفسد نکاح نہین اسواسطے کہ مہر تابع ہے نکاح مین بخلاف بیع کہ اسمین عدم تسمیۂ ثمن مفسد ہے
کذافی الدرر ویبدأ بیمینہ لان اول التسلیمین علیہ فیکون اول الیمینین علیہ ظہیریہ اور زوج کی قسم سے ابتدا کیجائے اسواسطے کہ دو تسلیمون مین سے پہلی
تسلیم زوج پر ہے تو دو قسمون سے پہلی قسم اسپر ہوگی کذافی الظہیریہ ہم تسلیمین سے مراد تسلیم مہر اور تسلیم مہر زوجہ ہے اور دونون مین تسلیم مہر معجل مقدم اور سابق ہے اور
یہ یعنی تحالف عند العجز کرخی کی تخریج ہے خواہ مہر مثل زوج کے موافق ہو یا اقل یا زوجہ کے موافق ہو یا اکثر یا مابین قولین ہو اور رازی کی تخریج پر تحالف نہین مگر ایک وجہ
مین وجوہ خمسۂ مذکورہ سے وہ صورت یہ ہے کہ مہر مثل کسی کے قول کا شاہد نہو اور باقی صورتون مین زوج کا قول مقبول ہے قسم کے ساتھ اگر مہر مثل اسکے موافق ہو یا اقل
اور زوجہ کا حق قسم کے ساتھ مقبول ہے اگر مہر مثل اسکے موافق ہو یا اکثر اور شراح ہدایہ ترجیح قولین مین مختلف ہین کذافی الطحطاوی ویحکم بالتشدید ای یجعل مہر مثلہا
حکما لسقوط اعتبار التسمیۃ بالتحالف فیقضی بقولہ لو کان کمقالتہ او اقل وبقولہا لو کمقالتہا او اکثر وبہ لو بینہما ای بین ما تدعیہ ویدعیہ اور
زوجہ کا مہر مثل حکم ٹھہرایا جائیگا بسبب ساقط ہوجانے تسمیۂ مہر کے تحالف سے تو زوج کے قول پر حکم ہوگا اگر مہر اسکے قول کے موافق ہو یا کمتر اور زوجہ کے
قول پر حکم ہوگا اگر مہر مثل اسکے قول کے مانند ہو یا اکثر اور مہر مثل پر حکم ہوگا اگر مہر مثل مابین دعوی زوجہ اور دعوی زوج ہو ولو اختلفا ای الموجر والمستاجر
فی بدل الاجارۃ او فی قدر المدۃ قبل الاستیفاء للمنفعۃ تحالفا وترادا وبدئ بیمین المستاجر لو اختلفا فی البدل والموجر لو فی المدۃ ولو برہنا
فالبینۃ للموجر فی البدل والمستاجر فی المدۃ اور اگر اختلاف کیا موجر اور مستاجر نے بدل اجارہ مین یا مدت اجارہ کی مقدار مین منفعت حاصل
کرنے سے پہلے تو دونون قسم کھائین اور اجارے کو زائل کرین اور مستاجر کی قسم سے شروع کیجاوے اگر دونون بدل اجارہ مختلف ہون اور موجر کی
قسم سے ابتدا کیجاوے اگر مدت مین مختلف ہون اور اگر دونون گواہ لاوین تو موجر کے گواہ بدل مین مقبول ہین اور مستاجر کے گواہ مدت مین مقبول ہین ہم استیفاء
منفعت سے مراد یہ ہے کہ استیفاء منفعت پر قادر ہو مدت کے اندر اور عدم استیفاء سے عدم قدرت استیفاء مراد ہے اسواسطے کہ قدرت علی الاستیفاء بجائے استیفاء ہے
وجوب اجرت مین یعنی درصورت صحت عقد کذافی البحر وبعدہ لا والقول للمستاجر لانہ منکر للزیادۃ اور بعد استیفاء منفعت تحالف نہین اور مستاجر کا قول مقبول
ہے اسواسطے کہ وہ زیادت اجرت کا منکر ہے ہم بعد استیفاء منفعت تحالف اسواسطے نہین کہ تحالف تو فسخ کے واسطے ہوتا ہے اور بعد استیفاء منافع
فسخ عقد متصور نہین کذافی الدرر اور اگر مدت مین اختلاف ہو تو موجر کا قول مقبول ہوگا علماء نے یہ مسئلہ مذکور نہین کیا اسواسطے کہ ظاہر تھا کذافی
الطحطاوی عن ابی السعود ولو اختلفا بعد التمکین من استیفاء البعض من المنفعۃ تحالفا وفسخ العقد فی الباقی والقول فی الماضی للمستاجر
لانعقادہا ساعۃ فساعۃ فکل جزء کعقد بخلاف البیع اور اگر موجر اور مستاجر نے اختلاف کیا استیفاء بعض منفعت کی تمکین کے بعد تو دونون قسم کھاوین
اور عقد اجارہ فسخ کردیا جاوے باقی مین اور ماضی مین مستاجر کا قول مقبول ہے بسبب منعقد ہونے اجارے کے دم بدم تو ہر جز اسکا مانند عقد ہے

یعنی بمنزلہ معقود علیہ کے بخلاف بیع کے ہم یعنی عقد اجارہ دمبدم منعقد ہوتا ہے بحسب حدوث منفعت تو ہر جزء منفعت کا بمنزلہ معقود علیہ کے ہے بالاستقلال ثم ما بقی
گویا معقود بالعقد ہے لہذا اسمین تحالف ہوگا بخلاف ہلاک بعض مبیع اسواسطے کہ ہر جزء مبیع کا معقود بعقد نہین بلکہ یا کل معقود بعقد واحد ہے تو جب فسخ متعذر ہوا بعض
مبیع مین بسبب تلف ہونے کے تو بالضرور کل مبیع مین متعذر ہوگا وان اختلف الزوجان ولو مملوکین او مکاتبین او صغیرین والصغیر یجامع او ذمیۃ مع مسلم قائم
النکاح او لا فی بیت لہما او لاحدہما خزانۃ الاکمل لان العبرۃ للید لا للملک اور اگر زوجین نے اختلاف کیا اگرچہ زوجین مملوک یا مکاتب یا صغیر ہون اور
حالانکہ صغیر لیاقت جماع رکھتا ہے یا زوجہ ذمیہ ہو زوج مسلم کے ساتھ خواہ اختلاف کے وقت قائم ہو یا نہ قائم ہو خواہ اختلاف اس گھر مین ہوا ہو جو دونون کا
مملوک ہے یا ایک شخص کا انمین سے کذا فی خزانۃ الاکمل عموم بیت اسواسطے ہوا کہ اعتبار تصرف کا ہے نہ ملک کا فی متاع ہو ہنا ما کان فی البیت ولو ذہبا
او فضۃ فالقول لکل واحد منہما فیما صلح لہ مع یمینہ زوجین نے اختلاف کیا اس متاع مین متاع سے مراد یہان وہ چیز ہے جو گھر مین ہو اگرچہ سونا ہو
یا چاندی تو زوجین مین سے ہر واحد کا قول مقبول ہوگا قسم کے ساتھ جو اسکے لائق ہے ہم زوج کے لائق اسباب پگڑی اور تاج اور قبا اور ہتھیار اور کمربند
اور کتابین اور گھوڑا اور زرہ ہے اور زوجہ کے لائق اوڑھنی اور کرتی اور زیور اور مانند اسکے اور چیزین ہین لغت مین متاع عبارت ہے اس اسباب سے
جس سے فائدہ حاصل ہوتا ہے چنانچہ غلہ اور کپڑے اور اثاث البیت لیکن اس مقام مین متاع چاندی سونے کو بھی شامل ہے الا اذا کان کل منہما یفعل او یبیع ما یصلح للآخر فالقول له
لتعارض الظاہرین دُرر وغیرہا اگر جبکہ زوجین مین سے ہر شخص بناتا یا بیچتا ہو اُس متاع کو جو دوسرے کے لائق ہے تو اب زوج ہی کا قول مقبول ہوگا بسبب تعارض ہونے
دونون ظاہر کے کذا فی الدرر وغیرہا مثلاً زوج زرگر ہے کہ زیور عورتون کے بناتا ہے اور زیور مین اختلاف واقع ہوا زوج کہتا ہے کہ یہ میرا ہے اور زوجہ کہتی ہے کہ میرا
ہے تو ظاہر صلاحیت زیور زوجہ کا شاہد ہے اور ظاہر صنعت زرگری زوج کا شاہد ہے تو دونون ظاہرون مین تعارض ہوا تو دونون ظاہر ساقط الاعتبار ہوگئے تو اب
اعتبار تصرف مرجح ٹھہرے گا یعنی زوجہ اور جو زوجہ کے قبض ہے وہ زوج کے قبض و تصرف مین ہے لہذا اس صورت مین زوج ہی کا قول مقبول ہوگا کذا فی الطحطاوی تنبیہ
والقول لہ فی الصالح لہما لانہا وما فی یدہا فی یدہ والقول لذی الید اور زوج کا قول مقبول ہے اس متاع مین جو دونون کے لائق ہے اسواسطے کہ زوجہ اور جو اسکے
ہاتھ مین ہے وہ زوج کے ہاتھ یعنی تصرف مین ہے اور قول مقبول صاحب تصرف کا ہے ہم اسباب لائق زوجین کے چنانچہ فرش اور ظروف اور مواشی اور نقد اور لونڈی
غلام اور حویلی اور زمین اور باغ بخلاف ما یختص بہا لان ظاہرہا اظہر من ظاہرہ وہو ید الاستعمال بخلاف اُس متاع کے جو زوجہ کے ساتھ مخصوص ہے اسواسطے
کہ زوجہ کا ظاہر اظہر ہے زوج کے ظاہر سے اور وہ یعنی ظاہر زوجہ تصرف استعمال ہے ہم یہ جواب ہے اُس سوال کا جو کلام سابق پر وارد ہوتا ہے یعنی جب دعاوی مین
ذی الید کا قول مقبول ہوا اور زوجہ اور جو اُسکے تصرف مین ہے وہ زوج کے تصرف مین ہے تو چاہیئے کہ متاع مختص بزوجہ مین بھی زوج ہی کا قول مقبول ہو
نہ زوجہ کا اسکا جواب یون دیا کہ ید استعمالی زوجہ اظہر اور اقوی ہے زوج کے ید سے ولو اقاما بینۃ تقضی لبینتہا لانہا خارجۃ خانیۃ والبیت للزوج الا ان
یکون لہا بینۃ بحر اور اگر دونون نے گواہ قائم کیے تو زوجہ کے گواہون پر حکم ہوگا اسواسطے کہ عورت خارج ہے یعنی ذی الید نہین کذا فی الخانیہ اور گھر زوج کا
ہے مگر یہ کہ زوجہ کے گواہ ہون اسپر کہ گھر زوجہ کا ہے تو زوجہ کے گواہ مسموع ہونگے کذا فی البحر وہذا لو حیین وان مات احدہما واختلف وارثہ مع الحی
فی المشکل الصالح لہما فالقول فیہ للحی ولو رقیقا وقال الشافعی رح ومالک رح الکل بینہما وقال ابن ابی لیلی الکل لہ وقال الحسن البصری الکل لہا بقی
السبعۃ وعد فی الخانیۃ تسعۃ اقوال اور یہ جو مذکور ہو چکا اُس صورت مین تھا جبکہ زوج اور زوجہ دونون زندہ ہون اور اگر ایک انمین سے
مرگیا اور میت کے وارث نے زندہ کے ساتھ مشکل مین یعنی اُس متاع مین جو دونون کے لائق ہے اختلاف کیا تو اسمین زندہ کا قول مقبول ہے اگرچہ
وہ مملوک ہو اور شافعی رح اور مالک رح نے کہا کل مال دونون کا برابر ہے اور ابن ابی لیلی نے کہا سب مال زوج کا ہے اور حسن بصری نے کہا تمام
متاع زوجہ کی ہے اور اس مسئلے مین سات قول ہین سات مجتہدون کے اور خانیہ مین نو قول شمار کیے ہین ہم اقوال تسعہ مین سے پہلا قول امام رح کا ہے

جو متن مین مذکور ہو چکا یعنی متاع مشکل مین زندے کا قول مقبول ہی ۲- ابو یوسف رح کا قول کہ زوجہ کے واسطے بقدر جہیز مثل زوجہ ہی اور باقی زوج کا ہی ۳-
ابن ابی لیلی کا قول کہ سب متاع زوج کی ہی ۴- قول ابن معن اور شریک کا کہ دونون مین مال برابر ہی ۵- حسن بصری کا قول کہ سب مال زوجہ کا ہی ۶- قول
شریح کا کہ گھر عورت کا ہی ۷- قول محمد رح کا کہ متاع مشکل طلاق اور موت مین زوج کی ہی ۸- قول زفر رح کا کہ متاع مشکل دونون مین برابر ہی ۹- قول مالک رح کا کہ کل مال
دونون مین برابر ہی کذا فی البحر عن خزانة الاکمل للجصاص ولو احدہما مملوکا ولو ماذونا او مکاتبا وقالا والشافعی ہما کالحر فالقول للحر فی الحیوة وللحی فی الموت
لان ید الحر اقوی ولا ید للمیت اور اگر احد الزوجین مملوک ہو اگرچہ وہ ماذون یا مکاتب ہو تو حر کا قول زندگی مین معتبر ہی اور زندہ کا قول خواہ وہ حر ہو یا مملوک
موت مین مقبول ہی حر کا قول زندگی مین اسواسطے معتبر ہوا کہ تصرف حر کا قوی تر ہی مملوک کے تصرف سے اور زندے کا قول موت مین اسواسطے مقبول ہوا کہ میت
کے واسطے تصرف نہین اور صاحبین رح اور شافعی رح نے کہا کہ زوجین مملوک اور حر حکم مین حر کے برابر ہین اعتقت الامة او المکاتبة او المدبرة واختارت
نفسہا فما فی البیت قبل العتق فہو للرجل وما بعدہ قبل ان تختار نفسہا فہو علی ما وصفنا فی الطلاق بحر آزاد ہو گئی لونڈی یا مکاتبہ یا مدبرہ اور اُسنے
اپنی ذات کو اختیار کیا یعنی زوجیت سابقہ سے راضی نرہی تو جو اسباب گھر مین ہی قبل آزاد ہونے کے سو وہ مرد کا ہی اور جو اسباب کہ بعد آزادی کے ہو قبل اختیار کرنے
اپنی ذات کے سو اسطرح پر ہی کہ جسکو ہمنے کتاب الطلاق مین مذکور کیا بحر یعنی دونون حرین کے برابر ہین حکم مین کذا فی المنح وفیہ طلقہا ومضت العدة فالمشکل
للزوج ولورثتہ بعدہ لانہا صارت اجنبیة لا ید لہا اور بحر الرائق مین ہی کہ زوجہ کو طلاق دی اور عدت گذر گئی تو متاع مشکل زوج کی ہی اور اُسکے وارثون کی زوج کے
بعد اسواسطے کہ زوجہ غیر شخص ہو گئی جسکا کچھ تصرف ثابت نہین ولما ذکرنا ان المشکل للزوج فی الطلاق وکذا الوارثہ اور جبکہ ہمنے متاع مشکل کا طلاق مین ذکر کیا کہ وہ
زوج کی ہی تو اسی طرح زوج کے وارث کی ہی م طحطاوی نے کہا لما شرطیہ ہی اور اُسکا جواب فلکذا یکون لوارثہ ہی اور اس عبارت کے ذکر کرنیکا کچھ فائدہ
نہین اور بحر الرائق کی عبارت اس سے خالی ہی والوفات وہی فی العدة فالمشکل لہا کانہ لم یطلقہا بدلیل ارثہا اور اگر زوج مرگیا اور زوجہ عدت مین ہی تو متاع
مشکل زوجہ کی ہی گویا اُسنے اُسکو طلاق ہی نہین دی اُسکے وارث ہونے کی دلیل سے ولو اختلف الموجر والمستاجر فی متاع البیت فالقول للمستاجر بیمینہ
ولیس للموجر الا ما علیہ من ثیاب بدنہ اور اگر موجر اور مستاجر نے اختلاف کیا اجارہ والے گھر کے اسباب مین تو مستاجر ہی کا قول مقبول ہی اُسکے
قسم کہانے کے ساتھ اور موجر کا کچھ نہین مگر جو اُسکے بدن پر کپڑے ہین ولو اختلف اسکافی وعطار فی الآلات الاساکفة وآلات العطارین وہی فی
ایدیہما فہی بینہما بلا نظر لما یصلح لکل منہما وتمامہ فی السراج اور اگر کفشگر اور عطار نے جھگڑا کیا کفشگرون اور عطارون کے ہتھیارون مین اور حالانکہ دونون
طرح کے ہتھیار دونون شخصون کے قبض اور تصرف مین ہین تو وہ دونون کے ہین بلا نظر صلاحیت ہر واحد یعنی رعایت نہوگی کہ کفشگرون کے ہتھیار
کفشگر کے ٹھہرین اور عطارون کے آلات عطار کے ہون اور پورا بیان اسکا سراج مین ہی م آلات مذکورہ دونون مین اسواسطے برابر ہوے
کہ گاہے ایک پیشہ ور دوسرے پیشے کے ہتھیار رکھتا ہی اپنی ذات کے واسطے یا بیچنے کے واسطے تو ترجیح نہین ہو سکتی رجل معروف بالفقر
والحاجة صار بیدہ غلام وعلی عنقہ بدرة وذلک بدارہ فادعاہ رجل عرف بالیسار وادعاہ صاحب الدار فہو للمعروف
بالیسار ایک مرد مفلسی اور محتاجی مین مشہور ہی اُسکے ہاتھ ایک غلام لگ گیا جسکی گردن مین روپے یا اشرفیون کی تھیلی معلق ہی اور وہ مفلس مذکور
کے گھر مین ہی سو اُس غلام کا اُس مرد نے دعوی کیا جو مالداری اور توانگری مین مشہور ہی اور صاحب خانہ نے بھی اُسکا دعوی کیا تو وہ غلام اُس
شخص کا ہی جو مالدار مشہور ہی م بدرہ اُس تھیلی کو کہتے ہین جسمین ہزار یا دس ہزار درم ہون یا سات ہزار دینار ہون کذا فی القاموس وکذا
کناس فی منزل رجل وعلی عنقہ قطیفة یقول الذی ہو علی عنقہ ہی لی وادعاہ صاحب المنزل فہی لصاحب المنزل اور
اسی طرح ایک جاروب کش ہی ایک مرد کے گھر مین اور اُسکی گردن پر مخمل کا بالاپوش ہی جسکی گردن پر ہی وہ کہتا ہی کہ یہ میرا ہی اور صاحب خانہ کہتا ہی

اُمیر ہی تو وہ صاحب خانہ کا ہی ہم اسمین اور مسئلہ سابقہ مین فقہا نے ظاہر حال پر عمل کیا کذا فی الطحطاوی رجلان فی سفینۃ بہا دقیق فادعی کل واحد
السفینۃ وما فیہا فاحدہما یعرف ببیع الدقیق والآخر بانہ ملاح فالدقیق للذی یعرف ببیعہ والسفینۃ لمن یعرف انہ ملاح عملا بالظاہر
دو مرد ہین ایک ناؤ مین جسمین آٹا ہی سو ہر واحد ناؤ اور آٹے کا دعوی کرتا ہی اور ایک شخص اُنمین سے آٹا بیچنے مین مشہور ہی اور دوسرا ملاحی مین تو آٹا اُسکا ہی جو آٹا
بیچنے مین مشہور ہی اور ناؤ اُس کی ہے جو ملاح مشہور ہی بنا بر عمل بظاہر حال ولو فیہا راکب وآخر ممسک وآخر یجذبہا وآخر یمدہا وکلہم یدعونہا فہی بین الثلثۃ اثلاثا و
لاشیٔ للماد اور اگر ایک ناؤ مین ایک شخص سوار ہی اور دوسرا شخص اُسکو پکڑے ہی اور تیسرا اُسکو اپنی طرف کھینچتا ہی اور چوتھا اُسکو بہاتا ہی اور سب اُسکا دعوی کرتے ہین
تو وہ کشتی تین شخصون مین تین تہائی ہی اور بہانے والے کا اُسمین کچھ نہین م شاید کہ اسواسطے بہانے والے کا حصہ نہین کہ وہ مزدور ہی کذا فی الطحطاوی رجل یقود
قطار ابل وآخر راکب ان علی الکل متاع للراکب فکلہا لہ والقائد اجیرہ وان لاشیٔ علیہا فللراکب ما ہو راکبہ والباقی للقائد بخلاف البقر والغنم وتمامہ فی خزانۃ
الاکمل ایک شخص اونٹون کی قطار کھینچتا ہی اور دوسرا شخص سوار ہی اگر ہر اونٹ پر سوار کا اسباب ہی تو سب اونٹ اُسکے ہین اور قطار کھینچنے والا اُسکا مزدور ہی
اور اگر اونٹون پر اسباب نہین تو وہ سوار کا اونٹ ہی جسپر وہ سوار ہی اور باقی اونٹ قطار کھینچنے والے کے ہین بخلاف گائے بیل اور بھیڑ بکری کے اور
پورا بیان اسکا خزانۃ الاکمل مین ہی م یعنی اگر گائے بیل یا بھیڑ بکری کو ایک شخص کھینچتا ہو اور دوسرا ہانکتا ہو تو وہ ہانکنے والے کے ہین کذا فی البحر **فصل فی دفع**
الدعاوی یہ فصل ہی دعوون کے دفع کرنے مین یعنی مدعی علیہ نے اپنے اوپر دعوی مدعی کا نہ آنے دیا م جیسے دفع دعوی قبل برہان مدعی صحیح
ہی ویسے ہی بعد برہان بھی صحیح ہی اور اسی طرح قبل حکم صحیح ہی جیسے بعد حکم صحیح ہی اور دفع الدفع اور دفع الدفع کا دفع صحیح ہی اگرچہ کثیر ہو قول مختار مین اور غیر مدعا علیہ
کا دفع مسموع نہین اور دفع احد الورثہ کا مسموع ہی اگرچہ مدعی نے دوسرے وارث پر دعوی کیا ہو کذا فی البحر ملخصًا لما قدم من یکون خصما ذکر من لا یکون خصما جبکہ مصنف
نے پہلے اسکے ذکر کیا اُسکو جو خصم ہوتا ہی اب ذکر شروع کیا اُسکا جو خصم نہین ہوتا **قال ذو الید** ہذا الشیٔ المدعی منقولا کان او عقارا اودعنیہ او اعارنیہ
او اجرنیہ او رہننیہ زید الغائب او غصبتہ منہ من الغائب وبرہن علیہ علی ما ذکر والعین قائمۃ لا ہالکۃ وقال الشہود نعرفہ باسمہ ونسبہ او بوجہہ وشرط محمد
معرفتہ بوجہہ ایضا فلو حلف لا یعرف فلانا وہو لا یعرفہ الا بوجہہ لا یحنث ذکرہ الزیلعی وفی الشرنبلالیۃ عن خط العلامۃ المقدسی عن البزازیۃ ان تعویل الائمۃ علے
قول محمد انتہی فلیحفظ کہا ذی الید نے کہ یہ شی جسکا مدعی دعوی کرتا ہی خواہ وہ منقول ہو یا غیر منقول میرے پاس ودیعت رکھی یا مجکو بعاریت دی
یا اجارہ رکھی یا وہ گرو رکھی ہی زید نے جو غائب ہی یہان سے یا مین نے اُسکو شخص غائب سے بغصب لیا ہی اور امور مذکورہ پر وہ گواہ لایا اور
حالانکہ وہ شی متنازع فیہ قائم ہی نہ ہالک اور گواہون نے کہا کہ ہم شخص غائب کو اُسکے نام اور نسب سے یا اُسکی صورت سے پہچانتے ہین اور محمد رح نے نام اور
نسب کے ساتھ اُسکی روشناسی بھی شرط کی ہی تو بموجب قول محمد رح اگر قسم کھائے کہ مین فلانے کو نہین پہچانتا اور حالانکہ وہ اُسکو نہین پہچانتا مگر اُسکی صورت
سے تو حانث نہوگا ذکر کیا ہی اُسکو زیلعی نے اور شرنبلالیہ مین علامہ مقدسی کے خط سے بزازیہ سے مذکور ہی کہ ائمہ فقہ کا اعتماد محمد رح کے قول پر ہی انتہی تو اُسکو یاد
رکھنا چاہیئے **دفعت خصومۃ المدعی** للملک المطلق لان یدہ لا ربیت ید خصومۃ ذی الید کے قول مع البرہان سے دفع ہو جائیگی خصومت اُس مدعی کی
جو ملک مطلق کا دعوی کرتا ہی اسواسطے کہ قبضہ اُن لوگون کا یعنی مودع اور مستعیر اور مستاجر اور مرتہن اور غاصب کا قبضہ خصومت نہین م اور اگر ملک مقید کا
مدعی ہو اس طرح کہ ذی الید نے اُسکو خرید کیا پھر آزاد کر دیا اور ذی الید نے اُسکو بذکر ودیعت یا غصب یا رہن غائب دفع کیا تو خصومت دفع نہوگی اور ذی الید پر
اُسکے آزاد کر دینے کا حکم ہوگا کذا فی الطحطاوی وقال ابو یوسف ان عرف ذو الید بالحیل لا تندفع وبہ یوخذ ملتقی واختارہ فی المختار اور ابو یوسف نے کہا
کہ اگر ذی الید حیلہ گری مین مشہور ہو تو خصومت اس سے دفع نہوگی اور یہی قول ماخوذ ہی کذا فی الملتقی اور اسی قول کو مختار مین پسند کیا ہی م حیلہ گری
اس طرح پر کہ کوئی شخص کسی آدمی کا مال غصب کر لیتا ہو پھر مخفی کسی سفر کرنے والے کو دیتا ہو اور مسافر گواہون کے سامنے اس مغصوب کو غاصب کے

پاس ودیعت رکھتا ہو تاکہ جب مالک آوے اور اپنی ملک کے اثبات کا ارادہ کرے تو ذی الید اسپر گواہ قائم کرے کہ فلانے مسافر نے اُسکو میرے پاس ودیعت
رکھا ہی تو مالک کا حق باطل ہوجائے زیلعی نے کہا تو حاکم پر واجب ہی کہ لوگون کے حالات دیکھتا رہے اور اُنکے حال کے موافق عمل کرے ابو یوسفؒ قائل اس قول کے ہوئے
بعد قاضی ہونے اور لوگون کی حیلہ گری دریافت کرنے کے (ولیس الخبر کالمعاینۃ) کذا فی الطحطاوی وہذہ مخمسۃ کتاب الدعوی لان فیہا اقوال خمسۃ علماء کما بسطہ فی الدرر ولان
صورہا خمس عینی وغیرہ اور یعنی مسئلہ دفع مخمسہ ہی کتاب الدعوی کا اسواسطے کہ اُسمین پانچ عالمون کے قول ہین چنانچہ دُرر مین مشرح ہی یا مخمسہ ہونے کی یہ وجہ ہی کہ
اس مسئلہ کی پانچ صورتین ہین یعنی ودیعت اور اعارہ اور اجارہ اور رہن اور غصب کذا فی العینی وغیرہ م اقوال خمسہ مین سے پہلا قول وہ ہی جو متن مین مذکور
ہی دوسرا قول ابو یوسف رح کا تیسرا قول محمد رح کا کہ معرفت اسم اور نسب کے ساتھ روشناسی بھی ضرور ہی چوتھا قول ابن شبرمہ کا کہ مدعا علیہ سے مطلق خصومت
دفع نہین ہوتی پانچوان قول ابن ابی لیلی کا کہ بدون گواہون کے خصومت دفع ہوجاتی ہی کہ اُسنے غیر ملک کا اقرار کیا کذا فی الطحطاوی قلت وفیہ نظر
اذا الحکم کذلک لو قال وکلنی صاحبہ وبحفظہ او اسکنفی فیہا زید الغائب او سرقتہ منہ او انتزعتہ منہ او فصل منہ فوجدتہ بحر او ہی فی یدے مزارعۃ بزازیہ
فالصور احدی عشرۃ قلت لکن الحق فی البزازیۃ المزارعۃ بالاجارۃ او الودیعۃ قال فلا یزاد علی الخمس ودرر ترجمہ فی شرح الملتقی مین کہتا ہون اور عینی کے
قول مین گفتگو ہی اسواسطے کہ حکم اسی طرح کا ہی اگر ذی الید نے کہا کہ اُسکے مالک نے اسکی حفاظت کا مجکو وکیل کیا یا اس گھر مین مجکو زید غائب نے
رکھا یا مین نے اُسکو غائب سے بطور سرقہ لیا یا مین نے اُسکو نکال لیا یا اُسکے پاس سے وہ چیز گم ہوگئی تھی سو مین نے اُسکو پایا کذا فی البحر یا کہ وہ
زمین میرے پاس بطور مزارعت کے ہی تو اب سب گیارہ صورتین ہوئین مین کہتا ہون لیکن حق بات وہ ہی جو بزازیہ مین ہی کہ مزارعت اجارہ یا ودیعت کے
ساتھ ملحق ہی بزازی نے کہا تو پانچ صورتون سے زیادہ نہین اور البتہ مین نے اسکی شرح ملتقی مین تحریر کی ہی وانکان ہالکا او قال الشہود
اودعہ من لا نعرفہ او اقر ذو الید بید الخصومۃ کان قال ذو الید اشتریۃ او اتہبۃ من الغائب او لم یدع الملک المطلق بل ادعی علیہ فعلاً بان
قال المدعی غصبتہ منی او قال سرق منی وبناہ للمفعول للستر علیہ فکانہ قال سرقتہ منی بخلاف غصب منی او غصبہ منی فلان الغائب کما سیجئ حیث تندفع
اور اگر مدعی بہ ہالک ہو یا گواہون نے کہا کہ اُسکو ودیعت رکھا ہی اُسنے جسکو ہم نہین پہچانتے یا ذی الید نے قبضہ خصومت کا اقرار کیا چنانچہ
ذی الید نے یون کہا کہ مین نے اُسکو خرید کیا یا بطریق ہبہ کے لیا شخص غائب سے یا مدعی نے ملک مطلق کا دعوی نہ کیا بلکہ مدعا علیہ کے فعل کا دعوی کیا
اس طرح پر کہ مدعی نے کہا کہ تو نے اسکو غصب کر لیا مجھسے یا یون کہا چورا لیا گیا مجھسے مصنف نے چوری کو بصیغہ مجہول ذکر کیا مدعا علیہ کی پردہ پوشی کیواسطے
تو گویا مدعی نے یون کہا کہ تو نے اُسکو مجھسے چورا لیا بخلاف اس قول کے کہ غصب کر لیا گیا مجھسے یا اُسکو غصب کر لیا مجھسے فلانے غائب نے چنانچہ عنقریب
اسکا ذکر آویگا کہ وہان خصومت مدعا علیہ سے دفع ہوجائیگی وہل تندفع بالمصدر الصحیح لا بزازیہ اور کیا خصومت دفع ہوگی بصیغہ مصدر غصب قول
صحیح یہ ہی کہ خصومت دفع نہوگی کذا فی البزازیہ م یعنی اگر مدعی نے یون کہا کہ یہ چیز میری ملک ہی اور مدعا علیہ کے پاس غصب ہی اور مدعا علیہ نے کہا کہ
میرے پاس غائب نے ودیعت رکھی ہی تو بقول صحیح دعوی مدعی کا مندفع نہوگا وقال ذو الید فی الدفع اودعنیہ فلان وبرہن علیہ لا تندفع
فی الکل لما قلنا اور ذی الید نے دعوی غصب اور سرقہ کے دفع مین کہا کہ اُسکو میرے پاس فلانے غائب نے ودیعت رکھا ہی اور اُسپر گواہ لایا تو کل مسائل
مذکورہ مین خصومت مندفع نہوگی اس دلیل سے جو ہم کہہ چکے م یعنی ہالک وغیرہ مین اسواسطے خصومت دفع نہوئی کہ دفع خصومت کے واسطے
قیام مین اور معرفت شہود کو شارح شرط کر چکا ہی اور دعوی خرید اری اور ہبہ مین اقرار قبض ملک ہی اور غصب اور سرقہ مین مدعی کا دعوی ہی مدعا علیہ
کے فعل کا قال فی غیر مجلس الحکم انہ ملکی ثم قال فی مجلسہ انہ ودیعۃ عندی او رہن من فلان تندفع مع البرہان علی ما ذکر کہا ذی الید نے
مجلس حکم کے سوا اور مکان مین کہ وہ میری ملک ہی پھر مجلس حکم مین بولا کہ وہ ودیعت ہی میرے پاس یا رہن ہی فلانے کی جانب سے تو خصومت دفع ہوگی

گواہی کے ساتھ اپنے دعوی مذکور پر یعنی اگر مدعا علیہ ودیعت یا رہن پر گواہ لایا تو دعوی مدعی کا دفع ہو جائیگا اور غیر مجلس حکم کا اقرار مقبول نہوگا مگر جبکہ مدعی
اسکو بگواہی ثابت کرے چنانچہ مصنف اسکی آگے تصریح کرتا ہے ولو برھن المدعی علی مقالتہ الاولی یجعلہ خصما ویحکم علیہ لسبق اقرارہ بنع الدفع
بزازیہ اور اگر مدعی گواہ لاوے ذی الید کے اول قول پر یعنی اُسکے دعوی ملک پر تو قاضی اُسکو خصم قرار دے اور اُسپر حکم کرے بسبب سابق ہونے اُس
اقرار کے جو مانع ہے دفع خصومت کا کذا فی البزازیہ وان قال المدعی اشتریتہ من فلان الغائب وقال ذوالید الدفع اودعنیہ فلان ذلک
ای بنفسہ فلو بوکیلہ لم تندفع بلا بینۃ دفعت الخصومۃ وان لم یبرھن لتوافقھما ان اصل الملک للغائب اور اگر مدعی نے کہا کہ مین نے اُسکو فلانے شخص غائب
سے خرید کیا اور ذی الید نے اُسکے دفع مین کہا میرے پاس اُسے فلانے غائب نے ودیعت رکھا بذات خود تو ذی الید سے خصومت مندفع ہوگی اگرچہ
ذی الید گواہ نہ لاوے بسبب موافق ہونے دونون کے اُسپر کہ اصل ملک شخص غائب کی ہے پھر اگر ذی الید یون کہے کہ میرے پاس شخص غائب کے وکیل نے اُسکو
ودیعت رکھا ہے تو خصومت مندفع نہوگی بدون گواہ لانے ذی الید کے الا اذا قال اشتریتہ وکلنی بقبضہ وبرھن مگر جبکہ مدعی نے کہا کہ مین نے اسکو غائب سے
خرید کیا اور اُسنے مجکو وکیل کیا ہے اُسکے قبضہ کرنے پر تب میرے پاس سے لیکر اور اُسپر گواہ لایا تو خصومت مندفع نہوگی یعنی ذی الید سے مدعی اسکو لیگا اسواسطے کہ
مدعی احق بالقبض ہے کذا فی العینی ولو صدقہ فی الشراء لم یومر بالتسلیم لئلا یکون قضاء علی الغائب باقرارہ وھی عجیبۃ اور اگر ذی الید نے مدعی کی تصدیق کی خرید
کرنے مین تو اُسکو دینے کا حکم نہوگا تاکہ قضا علی الغائب نہ لازم آوے ذی الید کے اقرار سے اور یہ مسئلہ عجیب ہے یعنی انکار مین تو تسلیم ہو اور تصدیق مین تسلیم
نہین ہے طحطاوی نے کہا اسمین ہرگز کچھ مقام تعجب نہین اسواسطے کہ ذی الید کا اقرار حجت قاصرہ ہے مالک غائب پر سرایت نہین کر سکتا اور اسی طرح علامہ
ابوالسعود نے کہا کہ کچھ عجب نہین اسواسطے کہ اُسکا اقرار غیر شخص پر مقبول نہین ثم اقتصار الدرر وغیرھا علی دعوی الشراء قید اتفاقی فلذا قال ولو ادعی
انہ لہ غصبہ منہ فلان الغائب وبرھن علیہ وزعم ذوالید ان ہذا الغائب اودعہ عندہ اندفعت لتوافقھما ان الید لذلک الرجل پھر
اختصار کرنا صاحب درر وغیرہا کا خرید کے دعوے پر قید اتفاقی ہے سو اسی واسطے مصنف نے کہا اور اگر مدعی نے دعوی کیا کہ وہ چیز اسکی ہے اس سے فلانے
غائب نے غصب کر لی اور اُسپر گواہ لایا اور ذی الید نے زعم کیا کہ اُس شخص غائب نے اُسکے پاس اُسکو ودیعت رکھا تو ذی الید سے خصومت مندفع ہوگی بسبب
موافق ہونے دونون کے اُسپر کہ قبضہ اسی مرد غائب کے واسطے ثابت ہے ولو کان مکان دعوی الغصب دعوی سرقۃ لا تندفع بزعم ذی الید ایداع ذلک الغائب
استحسانا بزازیہ اور اگر بجاے دعوی غصب دعوی سرقہ ہو تو خصومت مندفع نہوگی ذی الید کے یون زعم کرنے سے کہ اُس غائب نے میرے پاس اُسکو ودیعت رکھا ہے
از روے استحسان کے کذا فی البزازیہ وفی شرح الوھبانیۃ للشرنبلالی لو اتفقا علی الملک لزید وکل یدعی الاجارۃ منہ لم یکن الثانی خصما للاول علی الصحیح اور
شرنبلالی کی شرح وہبانیہ مین ہے کہ اگر دو شخص متفق ہوے زید کی ملک پر اور ہر شخص اُس سے اجارہ لینے کا مدعی ہے تو مدعی ثانی مدعی اول کا خصم نہوگا بقول
صحیح ہم مالک کے آنے تک اسواسطے خصم نہوگا کہ دعوی اجارہ بمنزلہ دعوی استعارہ کے ہے کیونکہ ہر واحد ملک عین کا مدعی نہین اور یہی علت ہے
مسئلہ لاحقہ کی ولا المدعی رہن او شراء اور نہ مدعی ثانی رہن اور شراء کے مدعی کا خصم ہوگا اما المشتری فخصم للکل مگر مشتری تو سب کا خصم ہے یعنے
جو خرید کا دعوی کرتا ہے وہ گواہ لانے کے بعد مستاجر اور مدعی رہن اور مدعی خرید کا خصم ہوگا کذا فی الطحطاوی فروع مسائل ملحقہ شارح کے
قال المدعی علیہ لی دفع لیمہل الی المجلس الثانی صغری اور مدعی علیہ نے کہا کہ میرے پاس دعوی مدعی کے دفع کرنے کی وجہ ہے تو اُسکو قاضی
کے جلوس ثانی تک فرصت دیجاے کذا فی الصغری للمدعی تحلیف مدعی الایداع علی البتات درر مدعی کو قسم لینا مدعی ایداع سے یقین پر جائز ہے
کذا فی الدرر یعنی اگر مدعی کے گواہ نہون تو ذی الید سے یقین پر نہ علم پر قسم لینا جائز ہے اسواسطے کہ ایداع اگرچہ غیر کا فعل ہے لیکن اُسکا تمام ہونا یعنی
قبول ایداع اس سے متعلق ہے اور ذخیرہ مین ہے کہ ذی الید پر قسم نہین اسواسطے کہ وہ ایداع کا مدعی ہے اور حالانکہ مدعی پر قسم نہین انتہی

تو یہ کلام وقوع خلاف پر محمول ہو کذا فی الطحطاوی ولہ تحلیف المدعی علی العلم وتمامہ فی البزازیۃ اور اُسکو یعنی مدعا علیہ کو اختیار ہو کہ مدعی سے علم پر قسم لے اور پورا بیان اسکا بزازیہ مین ہو جبکہ مدعا علیہ ذی الید نے دعوی مدعی کا باظہار ایداع وغیرہ کے دفع کیا اور اثبات سے عاجز ہو گیا اور مدعی نے دفع مین اُسکی تصدیق نکی اور ذی الید نے مدعی سے قسم چاہی تو مدعی علم پر قسم کھائے اس طرح کہ واللہ مین نہین جانتا کہ شخص غائب نے ذی الید کے پاس ودیعت رکھی ہو اسواسطے کہ ایداع غیر کا فعل ہو اور مدعی سے متعلق نہین کذا فی البحر وکل نقل امتہ فبرہنت انہ اعتقہا قبل الدفع لاللعتق مالم یحضر المولی ابن ملک مولی نے کسیکو اپنی لونڈی کے لیجانے کا وکیل کیا سو لونڈی گواہ لائی اسپر کہ مولی نے اُسکو آزاد کردیا تو دعوی نقل کیواسطے قبل دفع مقبول ہوگا نہ آزاد ہو جانے پر جبتک مولی نہ آوے کذا ذکرہ ابن ملک

باب دعوی الرجلین

یہ باب ہو دو مردون کے دعوی کرنے مین یعنی تیسرے شخص پر دعوی کرین یا ایک شخص دوسرے پر دعوی کرے تقدم حجۃ خارج فی ملک مطلق لم یذکر لہ سبب کما مر علی حجۃ ذی الید مقدم ہو گی شخص خارج کی حجت ملک مطلق مین ذی الید کی حجت پر ملک مطلق وہ ہو جسمین سبب ملک کا مذکور نہو چنانچہ مذکور ہو چکا خارج وہ شخص ہو جو ذی الید اور قابض نہو اور وجہ تقدیم یہ ہو کہ خارج ہی تو مدعی ہو اور حدیث مین برہان مقبول نہین مگر مدعی کا برہان وان وقت احدہما فقط حجت خارج مقدم ہو اگرچہ دونون مین سے ایک ہی شخص وقت ملک بیان کرے ہم یعنی خواہ دونون تاریخ ملک بیان نہ کرین یا دونون ایک ہی تاریخ کو ذکر کرین یا فقط ایک ہی شخص تاریخ ذکر کرے بہرصورت حجت خارج مقدم ہو اور اگر دونون تاریخ کو بیان کرین اور ایک کی تاریخ سابق ہو تو اب اُسی کی حجت مقدم ہو گی کذا فی الحلبی وقال ابو یوسف رح ذو الوقت احق اور ابو یوسف نے کہا کہ صاحب وقت یعنی جسنے تاریخ اور وقت ملک بیان کیا وہ احق ہو تقدیم حجت مین وثمرتہ فیما لو قال فی دعواہ ہذا العبد لی غائب عنی منذ شہر وقال ذو الید لی منذ سنۃ فقضی للمدعی لان ماذکرہ تاریخ غیبتہ لا ملکہ فلم یوجد التاریخ من الطرفین فقضی ببینۃ الخارج اور ثمرہ خلاف امام ابو یوسف رح اُس صورت مین ہو کہ خارج نے کہا کہ یہ غلام میرا ہی میرے پاس سے غائب ہو گیا مہینہ بھر سے اور ذی الید نے کہا کہ میرا غلام ہو سال بھر سے تو مدعی خارج کے واسطے حکم ہوگا اسواسطے کہ جو تاریخ خارج نے ذکر کی وہ اُسکے غائب ہونے کی تاریخ ہو نہ ملک ہونے کی تو طرفین سے تاریخ ملک کی نہ پائی گئی بلکہ ذی الید کی طرف سے تاریخ پائی گئی اور امام رح کے نزدیک تاریخ حالت انفراد کی معتبر نہین تو اسواسطے حجت خارج پر حکم ہوگا وقال ابو یوسف رح یقضی للمورخ ولو حالۃ الانفراد اور ابو یوسف رح نے کہا کہ تاریخ بیان کرنے والے کے واسطے حکم ہوگا اگرچہ ذکر تاریخ بحالت انفراد ہو وہو فی منح الغفار مین جامع الفتاوی سے یون منقول ہو کہ ابو یوسف رح کے نزدیک مورخ کے واسطے حکم ہوگا اسواسطے کہ اُنکے نزدیک حالت انفراد مین مورخ کی ترجیح ہو انتہی تو شارح کو مناسب تھا کہ لفظ لو ساقط کرتا اسواسطے کہ کلام تو حالت انفراد مین ہو اور شارح کے کلام سے نکلتا ہو کہ قضا مورخ کے واسطے ہو خواہ دونون سے تاریخ صادر ہو یا ایک سے اور حالانکہ درصورت صدور تاریخ طرفین قضا للمورخ کے کچھ معنی نہین اسواسطے کہ تاریخ تو دونون سے ثابت ہو بلکہ یہان قضا للسابق ہو گی کذا فی الطحطاوی وینبغی ان یفتی بقولہ لانہ اوفق واظہر کذا فی جامع الفصولین واقرہ المصنف اور لائق یون ہو کہ بقول ابو یوسف رح کے حکم کیا جاوے اسواسطے کہ وہ قول بقواعد فقہ موافق تر اور ظاہر تر ہو چنانچہ جامع الفصولین مین ہو اور ثابت رکھا ہو اُسکو مصنف نے اپنی شرح مین م منح الغفار مین بجاے یفتی کے یقضے ہو وہو الاظہر ولو برہن خارجان علی شئی قضے بہ لہما اور گواہ لاوین دو شخص خارج ایک چیز پر جو تیسرے شخص کے قبضہ مین ہو تو دونون کے واسطے اُس چیز کا حکم ہوگا دلیل اسکی وہ حدیث ہو جو سنن ابو داؤد مین ابو موسی اشعری سے روایت ہو کہ دو شخصون نے ایک اونٹ کا دعوی کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت مین اور ہر شخص دو دو گواہ لایا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس اونٹ کو دونون مین نصفا نصف بانٹ دیا اور دوسری دلیل یہ ہو کہ شہادت حجت شرعیہ مین تو حتے الامکان اسپر عمل واجب ہو اور یہان عمل ممکن ہو اسواسطے کہ تدل ایدی شی واحد پر اوقات مختلفہ مین ہو سکتا ہو تو گواہی

دینے کے واسطے ہر فریق اُسپر اعتماد کرتا ہی جو اُسنے سبب ملک کا مشاہدہ کیا کذا فی الزیلعی فان برہنا فی دعوی نکاح سقطا لتعذر الجمع لو حیۃ پھر اگر دو شخص گواہ
لائے نکاح کے دعوی مین تو دونون کی حجت ساقط الاعتبار ہوگی بسبب متعذر ہونے جمع کے اگر عورت زندہ ہو م یعنی اگر عورت زندہ کے نکاح کا دو شخصون نے
ساتھی دعوی کیا اور ہر شخص گواہ لایا تو کسی کا دعوی ثابت نہوگا اسواسطے کہ محل قابل اشتراک کے نہین معیت برہان کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر ایک مدعی گواہ لایا ایک
عورت کے نکاح پر اور اُسکے واسطے حکم ہوگیا ثبوت نکاح کا پھر دوسرا شخص اُسکے نکاح پر گواہ لایا تو گواہ اُسکے مقبول نہونگے چنانچہ خریداری کے دعوی مین برہان اول
کے بعد برہان ثانی مقبول نہین کذا فی الطحطاوی ولو میتۃ قضی بہ بینہما وعلی کل نصف المہر ویرثان میراث زوج واحد ولو ولدت یثبت النسب منہما وتمامہ فی الخلاصۃ
اور اگر عورت میت ہی تو دونون مدعیون کے واسطے نکاح کا حکم ہوگا اور ہر شخص پر نصف مہر لازم آویگا اور دونون شخص ایک زوج کی میراث کے وارث ہونگے
اور اگر عورت جنی یعنی بعد اُسکے مرگئی تو ولد کا نسب دونون شخصون سے ثابت ہوگا اور پورا بیان اسکا خلاصہ مین ہی م خلاصہ مین باقی بیان یون ہی کہ ولد کو دونون
شخصون سے میراث ابن کامل کا وارث ہوگا اور دونون ولد کے ترکہ سے اب واحد کی میراث پاوینگے کذا فی البحر وہی لمن صدقتہ اذا لم تکن فی ید من کذبتہ
ولم یکن دخل من کذبتہ بہا اور عورت اُسکی زوجہ ہی جس مدعی کی عورت نے تصدیق کی بشرطیکہ عورت اُسکے پاس نہو جس مدعی کی اُسنے تکذیب کی اور جسکی اُسنے تکذیب
کی اُسنے عورت کی وطی نہ کی ہو م خلاصہ یہ ہی کہ جب دو شخصون نے ایک عورت مین تنازع کیا اور دونون گواہ لائے تو اگر تاریخ بیان کی اور ایک کی تاریخ مقدم ہی تو وہ
اولی ہی اور اگر تاریخ بیان نہ کی یا دونون کی تاریخ برابر ہی تو اگر ایک کا قبض ثابت ہی چنانچہ وطی یا اپنے مکان کا رکھنا تو وہی شخص اولی ہی اور اگر یہ کچھ نہو تو عورت
کی تصدیق کا اعتبار ہی الحاصل سبقت تاریخ راجح ہی سب سے پھر قبضہ پھر وطی پھر اقرار پھر صاحب تاریخ مقدم ہو ظہیریہ مین ہی کہ اگر ایک کی وطی پائی گئی اور عورت دوسرے
کے گھر مین ہو تو صاحب خانہ اولی ہی کذا فی الطحطاوی ہذا اذا لم یورخا فان ارخا فالسابق احق بہا اور یہ یعنی اعتبار تصدیق عورت اُسوقت ہی جبکہ دونون نے
تاریخ بیان نہ کی سو اگر تاریخ بیان کی تو صاحب تاریخ سابق اس عورت کا احق ہی یعنی سبقت تاریخ کے ساتھ قبض اور دخول کا کچھ اعتبار نہین اسواسطے کہ صریح دلالت پر
فائق ہی فلو ارخ احدہما فہی لمن صدقتہ ولذی الید برازیہ قلت وعلی ما مر عن الثانی مبنی اعتبار تاریخ احدہما ولم ار من نبہ علیہ فتامل سو اگر ایک مدعی نے تاریخ بیان کی تو
عورت اُسکی زوجہ ہی جسکی اُسنے تصدیق کی یا ذی الید کی کذا فی البزازیہ مین کہتا ہون اور بموجب اُس قول کے جو ابو یوسف رح سے منقول ہو چکا ایک شخص کی
تاریخ کا اعتبار کرنا لائق ہی اور مین نے نہین دیکھا اُسکو جسنے اُسپر آگاہ کردیا ہو تو غور کر اسمین م طحطاوی نے کہا صاحب بحر الرائق نے اسپر صریحاً آگاہ کردیا ہی کہ ایک شخص
کی بھی تاریخ موجبات رجحان سے ہی وان اقرت لمن لا حجۃ لہ فہی لہ وان برہن الآخر قضی لہ اور اگر عورت نے اقرار کیا اُس مدعی کے واسطے جسکے پاس گواہ
نہین تو وہ اُسی مدعی کی زوجہ ہی اور اگر دوسرا مدعی برہان لایا یعنی جبکہ اول مدعی کے واسطے بموجب اقرار عورت کے حکم ہوگیا اُسکے بعد دوسرا مدعی گواہ لایا تو صاحب
برہان کے واسطے حکم ہوگا اسواسطے کہ برہان قوی تر ہی تصادق سے کذا فی المنح ولو برہن احدہما وقضی لہ ثم برہن الآخر لم ینقض لہ الا اذا ثبت سبقہ
لان البرہان مع التاریخ اقوی منہ بدونہ اور اگر گواہ لایا ایک مدعی اور اُسکے واسطے حکم ہوگیا پھر دوسرا مدعی گواہ لایا تو اُسکے واسطے حکم نہوگا مگر اُس صورت
مین جبکہ مدعی ثانی کی سبقت تاریخ ثابت ہو اسواسطے کہ برہان مع التاریخ قوی تر ہی اُس برہان سے کہ بدون تاریخ کے ہو م ہر چند یہان دونون
دعوون مین تاریخ ثابت ہی اسواسطے کہ سبقت نہین ہو سکتی بدون تاریخ کے لیکن جبکہ مدعی ثانی کی تاریخ سابق ہووے مدعی اول کی تاریخ سے تو گویا
اُسنے اصلاً تاریخ مذکور نہ کی یا مع التاریخ سے تاریخ سابق مراد ہی کذا فی الطحطاوی کما لم ینقض ببرہان خارج علی ذی ید ظہر نکاحہ الا اذا ثبت
سبقہ ای ان نکاح اسبق جیسے حکم نہوگا شخص خارج کی برہان سے اُس ذی الید کی برہان پر جسکا نکاح ظاہر ہو چکا مگر اُس صورت مین برہان خارج
سے حکم ہوگا جبکہ خارج کی سبقت ثابت ہو یعنی یہ ثابت ہو کہ خارج کا نکاح سابق تر ہی ذی الید کے نکاح سے وان ذکر سبب الملک بان
برہنا علی شراء شئی من ذی الید فلکل نصفہ بنصف الثمن ان شاء او ترکہ انما خیر لتفریق الصفقۃ علیہ اور اگر دونون

مدعیون نے سبب ملک کا مذکور کیا اس طرح پر کہ دونون گواہ لائے ایک چیز کی خرید پر ذی الید سے تو ہر مدعی کے واسطے نصف نصف شئی کا حکم ہوگا بعوض نصف
نصف ثمن کے اگر مدعی چاہے یا اُسکو چھوڑ دے مدعی کو اسواسطے اختیار دیا گیا لینے نہ لینے مین کہ اُسپر صفقہ متفرق ہوگیا یعنی پوری چیز اُسکے واسطے باقی نرہی
اور شاید اُسکی رغبت پوری چیز پر ہو نہ ادھوری پر وان ترک احدہما بعد ما قضی لہما لم یاخذ آخر کلہ لانفساخہ بالقضاء فلو قبلہ فلہ اور اگر ایک مدعی
نے نصف لینے کو چھوڑا دونون کے واسطے حکم ہوجانے کے بعد تو دوسرا مدعی اُسکو پورا نہین لے سکتا بسبب فسخ ہوجانے بیع کے نصف باقی مین قاضی کے حکم سے سو اگر
قبل حکم کے ایک مدعی ترک کرے اور دوسرا پورا لے تو اُسکو جائز ہے وہو ای ما ادعیا شراءہ للسابق تاریخاً ان ارخا فیرد البائع ما قبضہ من الآخر الیہ سراج
اور وہ یعنی جسکی خرید کا دونون نے دعویٰ کیا اُس مدعی کی ہے جسکی تاریخ سابق ہو اگر دونون نے تاریخ خرید بیان کی تو بائع پھیر دے جو ثمن اُسنے دوسرے سے
لیا کذا فی السراج ثم سبقت تاریخ کا اُسوقت اعتبار ہے جبکہ بائع ایک ہو اور اگر دونون کے بائع مختلف ہون تو اسبق کے واسطے کچھ ترجیح نہین اور نہ فقط مورخ
کے واسطے کذا فی الطحطاوی وہو لذی ید ان لم یورخا او استوی تاریخہما او ارخ احدہما اور وہ یعنی متنازع فیہ ذی الید کی ہے اگر دونون مدعیون نے تاریخ
خرید کی بیان نہ کی یا ایک نے فقط تاریخ مذکور کی یا دونون کی تاریخ برابر ہے وہو لذی وقت ان وقت احدہما فقط والحال انہ لا ید لہما وان لم
یوقتا فقد مر ان لکل نصفہ بنصف الثمن اور وہ چیز وقت بیان کرنے والے کی ہے اگر دونون مین سے ایک نے توقیت کی اور حالانکہ دونون کا اُسپر قبضہ
نہین اور اگر دونون نے وقت بیان نہ کیا (وقت بیان کیا) تو اسکا حکم مذکور ہوچکا کہ ہر مدعی نصف نصف پاویگا نصف نصف ثمن دیکر والشراء احق من ہبۃ وصدقۃ و
رہن ولو مع قبض اور دعوے خرید احق ہے ہبہ اور صدقہ اور رہن کے دعوے سے اگرچہ رہن قبض کے ساتھ ہو وجہ ترجیح خرید یہ ہے کہ معاوضہ ہے جانبین
سے بخلاف ہبہ وصدقہ اور مراد ہبہ بلا عوض ہے اسواسطے کہ ہبہ بعوض در حکم بیع ہے اور رہن پر خریدنا اسواسطے مقدم ہے کہ خرید مفید ملک بعوض فی الحال ہے
بخلاف رہن وہذا ان لم یورخا فلو ارخا واتحد المملک فالاسبق احق لقوتہ اور یہ یعنی تقدیم خرید ہبہ اور صدقہ پر اُسوقت ہے جبکہ دونون مدعیون نے
تاریخ مذکور نہ کی ہو سو اگر تاریخ بیان کرین اور مالک کردینے والا ایک ہی شخص ہو تو صاحب تاریخ سابق احق ہے اپنے قوی ہونے کے سبب سے
ولو ارخت احدہما فقط فالمورخۃ اولی اور اگر خرید اور ہبہ اور صدقہ کے دعوے مین فقط ایک کی تاریخ مذکور ہوئی تو تاریخ والی چیز مقدم ہے
ولو اختلف المملک استویا اور اگر مالک کردینے والا مختلف ہو تو دونون برابر ہین یعنی اس صورت مین خرید ہبہ اور ہبہ اور صدقہ پر مقدم نہین وہذا
فیما لا یقسم اتفاقاً اور یہ یعنی برابر ہونا اُس چیز مین جو قابل قسمت نہین مانند چکی وغیرہ کے بالاتفاق روایات ہے واختلف التصحیح فیما یقسم کالدار والاصح
ان الکل لمدعی الشراء لان الاستحقاق من قبیل الشیوع المقارن لا الطاری نہایۃ الدرر اور تصحیح علما مختلف ہے اُس چیز مین جو قابل قسمت ہے جیسے
گھر اور صحیح تر قول یہ ہے کہ وہ چیز بالکل مدعی خرید کی ہے اسواسطے کہ استحقاق یعنی استحقاق نصف مدعی خرید کا من قبیل شیوع مقارن کے ہے
نہ قبیل شیوع طاری کذا فی کتاب الہبۃ من الدرر ثم رد ہی عمادی پر کہ اُسنے قابل قسمت اور غیر قابل قسمت کو یکسان قرار دیا ہے اور اس مسئلہ مین شیوع
طاری ٹھہرایا ہے جو مفسد ہبہ اور صدقہ نہین کذا فی الطحطاوی والشراء والمہر سواء فینصف وترجع ہی بنصف القیمۃ وہو بنصف الثمن او یفسخ لما مر
اور خرید اور مہر برابر ہین تو دونون مدعیون مین نصفا نصف ہوگا اور عورت مدعیہ نصف قیمت اُس چیز کی پھیرے اور مدعی خرید نصف ثمن پھیر لے یا
بیع کو فسخ کرے بدلیل گذشتہ ہم یعنی جبکہ ایک مدعی نے دعویٰ کیا کہ مین نے اس غلام کو ذی الید سے خرید کیا اور عورت نے دعویٰ کیا کہ ذی الید نے
میرے ساتھ نکاح کیا اور یہ غلام میرے مہر مین مقرر کیا یا دونون برابر ہین اسواسطے کہ دونون قوت مین یکسان ہین کیونکہ ہر ایک یعنی خرید اور مہر معاوضہ
مثبت ملک ہے مشتری کو فسخ بیع مین اختیار ہوا بسبب تفرق صفقہ کے کما مر ہذا اذا لم یورخا او ارخا واستوی تاریخہما فان سبق تاریخ احدہما کان
احق اور یہ یعنی استواء خرید اور مہر اُسوقت ہے جبکہ دونون کی تاریخ مذکور نہو یا تاریخ مذکور ہو اور دونون کی تاریخ برابر ہو سو اگر ایک کی تاریخ سابق ہو تو

وہی احق ہو قید بالشراء لان النکاح احق من ہبۃ اور رہن او صدقۃ عمادیہ والمراد من النکاح المہر کما حررہ فی البحر مغلطا للجامع مصنف نے خرید کی قید لگائی
اسواسطے کہ نکاح احق ہو ہبہ اور رہن اور صدقہ سے کذا فی العمادیۃ اور نکاح سے مراد اس مقام مین مہر ہی چنانچہ بحر الرائق مین اسکی تحریک کی ہی صاحب
جامع الفصولین کی طرف غلط گوئی کی نسبت کرکے م صاحب جامع الفصولین نے کہا کہ نکاح اور ہبہ اور رہن اور صدقہ برابر ہین وجہ غلط کاری صاحب جامع
الفصولین کی یہ ہی کہ وہ یون سمجھا کہ دو شخصون نے ایک لونڈی مین تنازع کیا ایک کہتا ہی کہ مین اُسکا مالک ہون بطریق ہبہ کے اور دوسرا کہتا ہی کہ مین نے اس سے نکاح کیا
اور حالانکہ یہ فقہا کی مراد نہین بلکہ جہان تقدیم نکاح کی ہبہ اور صدقہ پر بیان کی ہی وہان نکاح سے مہر مراد ہی یعنی نہ عقد چنانچہ لواحق کلام محیط اور عمادی اُسپر دلالت کرتا ہی کذا
فی الطحطاوی نعم یستوی النکاح والشراء لو تنازعا فی الامۃ من رجل واحد ولا مرجح فتکون ملکا لہ منکوحۃ للآخر فقد برہان برابر ہی نکاح اور خرید اگر دو شخصون نے تنازع کیا
ایک مرد کی لونڈی مین اور کوئی مرجح مانند سبقت تاریخ کے نہین تو لونڈی مدعی شرا کی مملوکہ ہوگی اور دوسرے شخص کی منکوحہ سو غور کر لے اُسکو م وجہ استوا یہ ہی کہ
خرید اور نکاح مین منافات نہین یہ بحث ہی صاحب جامع الفصولین کی کذا فی البحر ورہن مع قبض احق من ہبۃ بلا عوض معہ استحسانا اور رہن مع القبض
احق ہی ہبہ بلا عوض مع القبض سے بطریق استحسان م وجہ استحسان یہ ہی کہ مقبوض بحکم رہن مضمون ہی اور مقبوض بحکم ہبہ مضمون نہین حالانکہ عقد ضمان اولی ہی
اور قیاس یہ ہی کہ ہبہ اولی ہی رہن سے اسواسطے کہ ہبہ مثبت ملک ہی بخلاف رہن ولو بہ فہی احق لانہا بیع انتہاء والبیع ولو بوجہ اقوی من الرہن اور اگر ہبہ
بعوض ہو تو اولی ہی وہ رہن سے اسواسطے کہ ہبہ بعوض آخر کار کو بیع ہی اور بیع اگرچہ کسی وجہ سے ہو قوی تر ہی رہن سے ولو العین معہما استویا ما لم یؤرخا واحدہما
اسبق اور اگر شی متنازع فیہ دونون مدعیون کے قبض مین ہو تو رہن اور ہبہ دونون برابر ہین تا وقتیکہ دونون کی تاریخ مذکور نہو اور ایک کی تاریخ سابق نہو
یعنی درصورت ذکر تاریخ صاحب تاریخ اسبق اولی اور اقدم ہی وان برہن خارجان علی ملک مورخ او شراء مورخ من واحد غیر ذی ید او برہن
خارج علی ملک مورخ وذو ید علی ملک مورخ اقدم فالسابق احق اور اگر گواہ لائے دو شخص خارج ملک مطلق مورخ پر یا خرید مورخ پر
ایک ہی بائع سے جو ذی الید نہین یا گواہ لایا خارج ملک مطلق مورخ پر جو اقدم ہی تاریخ خارج سے تو سابق احق اور اولی ہی م بائع مین غیر ذی الید کی قید
شارح نے اسواسطے لگائی کہ ذی الید سے خرید کرنا خارجین کا پہلے مذکور ہو چکا تو کچھ فائدہ نہ تھا تعمیم مین وان برہنا علی شراء متفق تاریخہما او مختلف عینی
وکل یدعی الشراء من رجل آخر او وقت احدہما فقط استویا ان تعدد البائع وان اتحد فذو الوقت احق ثم لا بد من ذکر المدعی و شہود ہ
ما یفید ملک بائعہ ان لم یکن المبیع فی ید البائع ولو شہدوا بیدہ فقولان بزازیہ اور اگر خارجین گواہ لائے اُس خرید پر جسکی دونون تاریخین متفق ہین
یا مختلف ہین کذا فی العینی اور ہر مدعی دعوی کرتا ہی دوسرے مرد سے یا فقط ایک ہی مدعی نے خرید کا وقت بیان کیا تو دونون برابر ہین اگر بائع متعدد ہین
اور اگر ایک ہی بائع ہی تو صاحب وقت احق اور اولی ہی پھر یہ ضرور ہی کہ مدعی اور اُسکے گواہ وہ چیز ذکر کرین جو مقید ملک ہو اُسکے بائع کی درصورتیکہ
مبیع بائع کے ہاتھ مین نہو اور اگر گواہون نے گواہی دی بائع کے قبض کی یعنی درصورتیکہ بالفعل بائع کا قبض نہین قبض سابق کی گواہی دی بلا ذکر اُسکی
ملک کے تو اُس مین دو قول ہین کذا فی البزازیہ م بزازیہ مین ہی کہ گواہون نے اگر گواہی دی خرید اور نقد پر اور قبض کو ذکر نہ کیا اور نہ
تسلیم کو اور نہ ملک بائع کو اور نہ مشتری کی ملک کو تو دعوی اور شہادت مقبول نہین اور اگر قبض بائع کی گواہی دی نہ اُسکی ملک کی تو اُسمین
فقہا مختلف ہین کذا فی الطحطاوی فان برہن خارج علی الملک وذو الید علی الشراء منہ او برہنا علی سبب
ملک لا یتکرر کالنتاج وما فی معناہ کنسج لا یعاد و غزل قطن و حلب لبن و جز صوف ونحوہا ولو عند بائعہ درر فذو الید احق من
الخارج اجماعا سو اگر گواہ لایا خارج ملک پر اور ذی الید گواہ لایا خارج سے خرید کرنے پر یا خارج اور ذی الید گواہ لائے ایسے سبب
ملک پر جو ایک ہی بار ہوتا ہی نہ مکرر چنانچہ نتاج یعنی پیدائش بچہ حیوان اور جو چیز کہ نتاج کے مانند غیر مکرر ہو چنانچہ نسج غیر معاد یعنی ثیاب

قطنیہ کی بناوٹ جو دوبارہ نہین ہوتی اور روئی کا کاتنا اور دودھ کا دوھنا اور صوف کا ترا غنا اور مانند ان اسباب غیر مکررہ کے اگرچہ اسباب مذکورہ اُسکے بائع کے
(روئی کے کپڑے)
پاس واقع ہوئے ہون تو ذی الید احق ہی خارج سے بالاتفاق م نتاج سے مراد یہ ہی کہ مدعی کی ملک مین نتاج ہوا ہو یا اُسکے بائع کی ملک مین یا اُسکے مورث کی ملک
مین جامع الفصولین مین ہی کہ خارج گواہ لایا کہ مثلاً یہ اونٹنی میری بائع کے پاس جنی اور ذی الید بھی اسی طرح گواہ لایا تو ذی الید کے واسطے حکم ہوگا اسواسطے کہ ہر مدعی
اپنے بائع کی طرف سے مخاصم ہی تو گویا دونون کے بائع حاضر ہوئے اور بواسطہ نتاج ملک کے مدعی ہوئے کذا فی الطحطاوی الا اذا ادعی الخارج علیہ فعلا کغصب
وودیعۃ او اجارۃ ونحوہا فی روایۃ درر او کان سببا یتکرر کبناء وغرس ونسج خز وزرع بر ونحوہ او اشکل علی اہل الخبرۃ فہو للخارج لانہ الاصل وانما عدلنا عنہ
بحدیث النتاج دعوے نتاج مین ذی الید احق ہی مگر جبکہ خارج ذی الید پر فعل کا مدعی ہو چنانچہ غصب ذی الید کا یا ودیعت یا اجارہ کا اور مانند اُسکے
ذخیرہ کی روایت مین کذا فی الدرر یا ایسے سبب ملک کا دعوی ہو جو مکرر ہو سکتا ہی چنانچہ عمارت بنانا اور درخت جمانا اور ریشم کی بناوٹ اور گیہون وغیرہ
کا کھیت بونا یا سبب ملک کا مکرر معلوم ہونا مشکل ہو دانشمندون اور واقف کارون پر تو وہ خارج کے واسطے ہی نہ ذی الید کے اس واسطے کہ
مدعی خارج سبرہن اصل ہی اور ہمنے جو یہان عدول کیا اصل مذکور سے سو نتاج کی حدیث کے سبب سے م فی روایۃ اسواسطے کہا کہ عمادیہ مین بعد نقل کلام ذخیرہ
اسکے مخالف مبسوط سے نقل کیا کذا فی الدرر تکرر عمارت کی یہ صورت ہی کہ ذی الید نے دعوی کیا کہ یہ میری اینٹ ہی مین نے اس سے دیوار بنائی اور خارج نے بھی
اسی طرح دعوی کیا تو دعوی خارج مقدم ہی بسبب امکان تکرار اور گیہون کا بونا بھی مکرر ہو سکتا ہی اسواسطے کہ انسان گانہ اُسکو ایک زمین مین بوتا ہی پھر اُسکو
چلنی سے چھان لیتا ہی اور دوسرے کھیت مین بوتا ہی تو اگر خارج اور ذی الید نے دعوی کیا کہ یہ گیہون مین نے بوئے ہین اور دونون گواہ لائے تو خارج مقدم ہی
اور حدیث نتاج جابر بن عبد اللہ سے مروی ہی کہ ایک مرد نے ایک اونٹنی کا دعوی کیا ایک شخص کے قبض مین اور گواہ لایا کہ یہ اونٹنی اُسکی ہی اُسکے پاس جنی ہی اور
قابض گواہ لایا کہ قابض کی ہی اور قابض کے پاس جنی ہی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے وہ اونٹنی ذی الید کو دی اور یہ حدیث مشہور ہی لہذا مسئلہ نتاج
مخصوص ہوا چنانچہ محیط مین ہی کذا فی الطحطاوی وان برہن کل من الخارجین او ذوی الایدی او الخارج وذی الید عینی علی الشراء من الآخر
بلا وقت سقطا وترک المال المدعی بہ فی ید من معہ اور اگر ہر شخص گواہ لاوے دو شخصون مین سے خواہ دونون شخص خارج ہون یا ذی الید
یا ایک خارج ہو اور دوسرا ذی الید کذا فی العینی خرید کرنے پر دوسرے مدعی سے بلا ذکر وقت خرید تو دونون برہان ساقط الاعتبار ہونگے اور
جس مال کا دعوی ہو وہ اُسکے قبضے مین چھوڑا جاوے گا جسکے پاس وہ ہی م وقت کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر دونون مدعی وقت کو ذکر کرینگے
تو صاحب وقت اخیر کے واسطے حکم ہوگا کذا فی خزانۃ الاکمل وقال محمد یقضی للخارج قلنا الاقدام علی الشراء اقرار منہ بالملک لہ اور کہا محمد نے کہ
درصورت مذکورہ خارج کے واسطے حکم ہوگا ہم جواب مین کہتے ہین شخص کی طرف سے کہ خرید پر پیشقدمی کرنا اقرار ہی اُسکی طرف سے دوسرے کی ملک کا م
تو گویا ہر شخص کے گواہ دوسرے شخص کے اقرار پر قائم ہوئے اور اُسمین بالاجماع تساقط ہی بواسطہ تعذر جمع ولو اثبتا قبضا تہاترا اتفاقا اور اگر فریقین
کے گواہ خرید کے ساتھ قبض بھی ثابت کرینگے تو باتفاق شیخین رح اور محمد رح کے ساقط الاعتبار ہونگے ولا یرجح بزیادۃ عدد الشہود فان الترجیح
عندنا بقوۃ الدلیل لا بکثرتہ اور ترجیح نہین دیجاتی عدد شہود کی زیادتی سے اسواسطے کہ ہم حنفیہ کے نزدیک ترجیح ہوتی ہی دلیل کی قوت سے نہ اُسکی
کثرت سے م قوت دلیل کی یہ صورت ہی کہ ایک دلیل متواترہ ہو اور دوسری از قسم احاد یا ایک دلیل مفسر اور دوسری مجمل کو تو مفصل کی ترجیح ہوگی
مجمل پر اور متواتر کی احاد پر بواسطۂ قوی ہونے مفسر کے مجمل سے اور متواتر کی احاد سے اور چونکہ کثرت دلیل کی موجبات ترجیح سے نہین لہذا ایک
آیت کی ترجیح دوسری آیت سے نہین ہوتی اور نہ ایک حدیث کی دوسری حدیث سے اور نہ ایک قیاس کی دوسرے قیاس سے کذا فی الطحطاوی ثم فرع
علی ہذا الاصل بقولہ فلو اقام احد المدعیین شاہدین والآخر اربعۃ فہما سواء فی ذلک پھر مصنف نے اس قاعدۂ مذکورہ پر تفریع کی اپنے اس قول سے

سو اگر ایک مدعی نے دو گواہ قائم کئے اور دوسرے مدعی نے چار گواہ قائم کیے تو دونون برابر ہین اسمین یعنی اقامت شہادت ماخوذہ مین اسواسطے کہ کثرت دلیل
موجب ترجیح نہین وکذا لا ترجیح بزیادۃ العدالۃ لان المعتبر اصل العدالۃ ولا حد للاعدلیۃ اور اسی طرح ترجیح نہین عدالت کے زیادہ ہونے سے
اسواسطے کہ شہادت مین اصل عدالت معتبر ہے اور زیادہ تر عادل ہونے کی کچھ حد نہین م یعنی اگر ایک مدعی کے گواہ عادل ہون اور دوسرے مدعی کے گواہ
اعدل ہون تو ترجیح واقع نہوگی زیادت عدالت کے سبب اس احتمال سے کہ شاید کوئی شخص اُنسے بھی زیادہ تر عدالت رکھتا ہو تو حکم مستقر نہو سکیگا ایک حال
پر کذا فی الطحاوی دار فی ید آخر ادعی رجل نصفہا وآخر کلہا وبرہنا فللاول ربعہا والباقی للآخر بطریق المنازعۃ وہو ان النصف سالم للمدعی
الکل بلا منازعۃ ثم استوت منازعتہما فی النصف الآخر فینصف ایک گھر ہے ایک شخص کے قبض مین سو ایک مرد نے اُسکے نصف کا دعوی کیا اور دوسرے
مرد نے تمام گھر کا اور دونون مدعی خارج گواہ لائے تو اول مدعی کا چہارم گھر ثابت ہوگا اور باقی گھر یعنی تین چوتھائی دوسرے مدعی کی ہے بطریق منازعت
کے اور منازعت کا طریقہ یہ ہے کہ نصف دار مدعی کل کیواسطے سالم ہے بلا منازعت اسواسطے کہ مدعی اول نصف کا دعوی کرتا ہے تو نصف باقی مدعی کل کا ہو چکا
اسکے اقرار سے پھر دونون کی منازعت دوسرے نصف مین برابر قائم رہی تو وہ نصف دونون مین نصفا نصف ہوگا یعنی تو ایک ربع مدعی اول کا ہوا اور تین
ربع مدعی ثانی کے وقالا اثلاثا لہ والباقی للثانی بطریق العول لان فی المسئلۃ کلا ونصفا فالمسئلۃ من اثنین وتعول الی ثلثۃ اور صاحبین نے کہا کہ
تہائی گھر اول مدعی کا ہے اور باقی دو تہائیان مدعی ثانی کی ہین بطریق عول کے اسواسطے کہ مسئلہ مذکورہ مین کل اور نصف مجتمع ہوے تو مسئلہ دو سے ہوگا یعنی اسواسطے
کہ نصف کا مخرج دو ہین اور دو عول کرتے ہین تین کی طرف یعنی تو مدعی کل کے دو سہم ہوے اور مدعی نصف کا ایک سہم باعتبار قسمت اثلاث م عول یہ کہ
مخرج مین سہام کی گنجائش نہو بسبب کثرت کے تو ہر سہم کم کر ڈالا جاے چنانچہ اسکا مشرح بیان کتاب الفرائض مین آویگا واعلم ان انواع القسمۃ اربعۃ ما یقسم بطریق العول
اجماعا وہی ثمانیۃ میراث ودیون ووصیۃ ومحاباۃ ودراہم مرسلۃ وسعایۃ وجنایۃ رقیق اور معلوم کر کہ اقسام قسمت کی چار ہین ایک قسم وہ ہے جسمین بطریق عول
قسمت ہوتی ہے باتفاق امام رح اور صاحبین رح کے اور اسکی آٹھ صورتین ہین قسمت میراث اور دیون اور وصیت اور محابات اور دراہم مرسلہ اور
سعایت اور جنایت رقیق م میراث کی یہ صورت ہے کہ جب فرائض کے سہام اتنے جمع ہون کہ متروکہ مین اُنکے پورے ہونے کی گنجائش نہو تو بطریق عول کے
تقسیم ہوگی مثلاً ایک عورت مر گئی اور ایک زوج اور ایک سگی بہن اور ایک مادری بہن چھوڑ گئی تو مسئلہ چھ سے ہے اور بطریق عول کے سات سے اور دیون کی
صورت یہ ہے کہ دیون مختلفہ جمع ہو گئے کہ متروکہ سے ادا نہین ہو سکتے تو ارباب دیون مین بطریق عول کے متروکہ تقسیم ہوگا مثلاً ایک شخص کی میت پر سو درم ہین
اور دوسرے کے پچاس درم اور کل متروکہ سو درم ہے اور وصیت کی یہ صورت ہے کہ میت نے ایک شخص کے واسطے ثلث مال کی وصیت کی اور دوسرے کے
واسطے ربع مال کی اور تیسرے کے واسطے سدس مال کی اور وارثون نے یہ وصیت جائز نہ رکھی تا اینکہ مرجع وصیت ثلث متروکہ ٹھہرا تو تینون شخصون پر ثلث
مال بطریق عول تقسیم ہوگا اور محابات یعنی محابات کی وصیت کی یہ صورت ہے کہ میت نے وصیت کی کہ جس غلام کی تین ہزار قیمت ہے وہ اس مرد کے ہاتھ ہزار
درم کو بیچا جاے اور جس غلام کی قیمت دو ہزار درم ہے وہ دوسرے مرد کے ہاتھ ایک ہزار درم کو بیچا جاے سو دونون شخصون کے واسطے تین ہزار کی محابات
ہوئی تو ثلث مال دونون مین بطریق عول کے تقسیم ہوگا اور دراہم مرسلہ کی قیمت کی یہ صورت ہے کہ مثلاً ایک مرد کے واسطے ہزار کی وصیت کی اور دوسرے
کے واسطے دو ہزار کی تو دونون نے کیا ہین ثلث بطریق عول کے ہوگا اور سعایت کی یہ صورت ہے کہ وصیت کی کہ یہ غلام نصف آزاد کیا جاے اور دوسرا غلام سب
آزاد کیا جاے اور ثلث متروکہ اس وصیت کو کفایت نہین کرتا تو ثلث مال دونون کے مابین بطریق عول کے قسمت ہوگا اور ہر غلام سے بقدر اُسکے حصے کے سعایت ساقط
ہو جائیگی اور جنایت رقیق شارح نے اسمین دونون صورتین داخل کر دین ایک صورت جنایت کی عبد رقیق غیر مدبر کی دوسری صورت جنایت عبد رقیق مدبر کی پہلی صورت
یہ ہے کہ ایک غلام نے ایک مرد کی آنکھ پھوڑ ڈالی اور دوسرے کو بطریق خطا کے مار ڈالا سو دونون جنایتون مین غلام دے ڈالا گیا تو عبد جانی کی دونون مین بطریق

عول کے تقسیم ہوگی تو دو ثلث مقتول کے وارث کے اور ایک ثلث دوسرے شخص کا اور دوسری صورت یہ ہے کہ غلام مدبر نے جنایت کی غلام غیر مدبر کے مانند اور قیمت اسکی اولیائے جنایت کو دی گئی تو دونون مین قیمت بطریق عول کے قسمت ہوگی کذا فی الطحطاوی وبطریق المنازعۃ اجماعا وہی مسئلۃ الفضولیین اور دوسری قسم قسمت کی بطریق منازعت کے ہے باجماع امام رح اور صاحبین رح کے اور وہ دونون فضولیون کا مسئلہ ہے ہم مسئلہ فضولیین یہ ہے کہ ایک فضولی نے ایک مرد کے ہاتھ غلام بیچا ہزار درم کو اور دوسرے فضولی نے نصف غلام مذکور کو بیچا دوسرے مرد کے ہاتھ پانسو درم کے عوض اور مولے نے دونون بیعون کو جائز رکھا تو دونون مشتریون کو اختیار ہے اگر لینا اختیار کرین تو تین ربع مشتری کل لے اور ایک ربع مشتری نصف بالاتفاق کذا فی الطحطاوی وبطریق المنازعۃ عندہ والعول عندہما وہو ثلث مسائل مسئلۃ الکتاب واذا اوصی لرجل بکل مالہ او بعبد بعینہ وللآخر بنصف ذلک اور تیسری قسم قسمت کی بطریق منازعت کے ہے امام کے نزدیک اور بطریق عول کے صاحبین رح کے نزدیک اور اسکے تین مسئلے ہین ایک مسئلہ اس کتاب کا ہے یعنی مسئلہ دار جو متن مین مذکور ہو چکا اور جبکہ ایک شخص نے ایک مرد کے واسطے اپنے تمام مال کی وصیت کی یا ایک غلام معین کی وصیت کی اور دوسرے مرد کے واسطے نصف مال یا نصف عبد معین کی وصیت کی ہم کل اور نصف مال کی وصیت یہ دوسرا مسئلہ ہے اور کل اور نصف غلام کی وصیت یہ دوسرا مسئلہ ہے بحر الرائق مین ہے کہ کل اور نصف مال کی وصیت مین اگر ورثہ نے وصیت جائز رکھی تو تین ربع مال صاحب کل کو ملے گا اور ایک ربع صاحب نصف کو امام رح کے نزدیک اور صاحبین رح کے نزدیک دو ثلث صاحب کل کو اور ایک ثلث صاحب نصف کو اور عبد معین کی وصیت مین اگر ثلث مال اسکو کفایت نہ کرے یا کفایت کرے اور ورثہ جائز رکھین تو غلام کے تین ربع صاحب کل کو ملین گے اور ایک ربع صاحب نصف کو امام رح کے نزدیک اور صاحبین رح کے نزدیک دو ثلث صاحب کل کے اور ایک ثلث صاحب نصف کا کذا فی الطحطاوی وبطریق العول عندہ والمنازعۃ عندہما وہو خمس کما بسطہ الزیلعی والعینی وتمامہ فی البحر اور چوتھی قسم قسمت کی بطریق عول کے ہے امام رح کے نزدیک اور بطریق منازعت کے صاحبین رح کے نزدیک اور اسکے پانچ مسئلے ہین چنانچہ اسکو زیلعی اور عینی نے مشرح بیان کیا ہے اور پورا بیان اس کا بحر الرائق مین ہے ہم پہلا مسئلہ یہ ہے کہ عبد ماذون مشترک ہے دو مالکون مین ایک مولی نے اسکو سو درم دیے یعنی کوئی چیز اسکے ہاتھ سو درم کو بطریق نسیہ بیچی اور ایک اجنبی شخص نے اسکو سو درم بطریق دین کے دیے پھر عبد ماذون بیچا گیا سو درم کو تو امام رح کے نزدیک ثمن عبد مالک دائن اور اجنبی مین بطور اثلاث مقسوم ہوگا دو ثلث اجنبی کے اور ایک ثلث مالک دائن کا اسواسطے کہ ادانت (قرض دینا) مولی اسکے شریک کے نصف مین صحیح ہے نہ خود اسکے نصف مین دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ عبد ماذون کو ایک اجنبی نے سو درم دین دیے اور دوسرے اجنبی نے پچاس درم اور غلام بیچا گیا تو دونون مین ثمن کی تقسیم اثلاث سے ہوگی اور صاحبین رح کے نزدیک ارباع ہوگی یعنی سو درم والے کو تین ربع اور پچاس والے کو ایک ربع تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ غلام نے ایک مرد کو از راہ خطا قتل کیا اور دوسرے مرد کو عمدا قتل کیا اور مقتول عمدا کے وارثون مین سے ایک وارث نے معاف کر دیا تو مالک عبد کو دفع عبد اور فدا عبد مین اختیار ہے سو اگر مالک غلام کا فدیہ دے تو پندرہ ہزار فدیہ دے پانچ ہزار معاف کرنے والے کے شریک کو اور دس ہزار مقتول خطا کے وارث کو اور اگر مالک اس جنایت مین خود غلام کو دے تو دونون شخصون مین اثلاث تقسیم ہوگی امام رح کے نزدیک اور ارباع تقسیم ہوگی صاحبین رح کے نزدیک چوتھا مسئلہ یہ ہے کہ اگر غلام قاتل مدبر ہو مسئلہ مذکورہ مین اور مولی اسکی قیمت دے پانچوان مسئلہ یہ ہے کہ ام ولد نے اپنے مولی اور اجنبی کو عمدا قتل کیا اور ہر مقتول کے دو دو وارث ہین سو ہر مقتول کے ایک ایک ولی نے علی التعاقب عفو کر دیا تو ام ولد اپنی قیمت کے تین ربع مین سعی کرے تو اجنبی کے وارث ساکت کو چوتھائی قیمت کی ہے اور نصف قیمت دونون مین تقسیم اثلاث بطریق عول کے ہوگی امام رح کے نزدیک اور صاحبین رح کے نزدیک تقسیم ارباع ہوگی بطریق منازعت کے کذا فی الطحطاوی عن البحر والاصل عندہ ان القسمۃ متی وجبت لحق ثابت فی عین او ذمۃ شائعا فعولیۃ وممیزا او لاحدہما شائعا وللآخر فی الکل فمنازعۃ اور قاعدہ کلیہ مسائل مذکورہ مین امام رح کے نزدیک یہ ہے کہ جب قسمت واجب ہوگی بواسطہ اس حق کے جو ثابت ہے کسی عین یا ذمہ مین بطور شیوع کے یعنی بلا امتیاز تو اس مسئلہ مین قسمت بطریق عول کے ہے یا حق ثابت ہے بطریق تمیز کے یا ایک کا حق بعض مین شائع ہے اور دوسرے کا حق کل مین

تو وہ ان قسمت بطریق منازعت کے ہو ہم بہتر یون تھا کہ شارح یون کہتا فی ذمۃ او عین شائعًا ہو اسواسطے کہ ذمہ مین تبعیض معقول نہین اور یون کہنا بہتر تھا شائعًا فی البعض
دون الکل چنانچہ بحر الرائق مین مصرح ہو کذا فی الطحطاوی وعندہما تقسم علی الشیوع فعولیۃ والافرازیۃ ثلثہ اور صاحبین رح کے نزدیک جبکہ دو حق ساتھ
بطریق شیوع کے ثابت ہون تو قسمت بطریق عول کے ہو اور نہین تو بطریق منازعت کے یعنی اگر دونون حق وقت مختلف مین یا علیٰ وجہ التمیز ثابت ہون تو قسمت
بطریق منازعت کے ہو تو اسکو یاد رکھنا چاہیئے کہ یہی دونون قاعدے موجب اتفاق اور اختلاف امام رح اور صاحبین رح کے ہین مسائل مذکورہ مین ولو الدار
فی ایدیہما فہی للثانی نصفہ لا بالقضا ونصف بلا نہ خارج اور اگر گھر دو شخصون کے قبضہ مین ہو یعنی ایک شخص نصف کا مدعی ہو اور دوسرا کل کا تو وہ گھر مدعی
ثانی کا ہو نصف بلا قضا اور نصف باقی بواسطہ قضا اسواسطے کہ وہ خارج ہو ہم مدعی ثانی کو نصف بلا قضا اسواسطے ملا کہ مدعی اول کا دعوی فقط نصف مین ہو تو مدعی
ثانی کے واسطے نصف وہ مسلم ہو چکا بلا منازعت تو اسکو نصف ملا بلا قضا اسواسطے کہ قاضی کا حکم نہین ہوتا بدون دعوی اور منازعت کے اور جو نصف کہ مدعی
اول کے قبض مین ہو اسمین خارج اور ذی الید کے گواہ مجتمع ہوئے تو خارج یعنی مدعی کل کے گواہون کی تقدیم ہو گی ذی الید یعنی مدعی نصف کے گواہون پر
کذا فی الطحطاوی ولو فی ید ثلثۃ وادعی احدہم کلہا وآخر نصفہا وآخر ثلثہا وبرہنوا قسمت عندہ بالمنازعۃ وعندہما بالعول وبیانہ فی الکافی اور اگر گھر تین شخصون کے
قبضے مین ہو اور ایک شخص انمین سے کل دار کا دعوی کرتا ہو اور دوسرا نصف کا اور تیسرا ثلث کا اور تینون گواہ قائم کرین تو وہ گھر امام رح کے
نزدیک بطریق منازعت کے قسمت ہوگا اور صاحبین رح کے نزدیک بطریق عول کے اور بیان اسکا کافی مین ہو ہم امام رح کے نزدیک قسمت اس مسئلے کی چوبیس
سہم سے ہو پندرہ سہم مدعی کل کے اور چھ سہم مدعی ثانی کے اور تین سہم مدعی ثالث کے اور صاحبین رح کے نزدیک ایک سو اٹھاسی سہم سے قسمت ہو ایک سو تین سہم
مدعی اول کے اور مدعی ثانی کے پچاس سہم اور مدعی ثالث کے چھتیس سہم اور اسکا بیان مشرح طحطاوی مین شرح مجمع سے منقول ہو خوف تطویل سے مترجم نے
اسکو ترک کر دیا ولو برہنا علی نتاج دابۃ فی ایدیہما او احدہما او غیرہما وارخا قضی لمن وافق سنہا تاریخہ بشہادۃ الظاہر اور اگر مدعی گواہ لائے
ایک جانور کے نتاج پر دونون کے قبضے مین یا ایک مدعی کے قبضے مین یا مدعیون کے سوا اور شخص کے قبضے مین اور دونون مدعیون نے نتاج یعنی جانور کی پیدائش
کی تاریخ بیان کی تو اُس مدعی کے واسطے حکم ہوگا جسکی تاریخ اُس جانور کی عمر کے موافق ہو گی بواسطہ شہادت ظاہر حال ہم یعنی جسکی تاریخ جانور کی عمر کے موافق
ہو اُسکے صدق کی علامت ظاہر ہو اور دوسرے کے کذب کا نشان صریح ہو فلو لم یورخا قضے بہا للذی الید سو اگر دونون مدعیون نے تاریخ نتاج
بیان نہ کی تو اُس جانور کا حکم ذی الید کے واسطے ہوگا ولہما ان فی ایدیہما او فی ید ثالث اور دونون مدعیون کے واسطے حکم ہوگا اگر جانور دونون
کے پاس ہو یا تیسرے شخص کے پاس ہو وان لم یوافقہا بان خالف او اشکل فلہما ان کانت فی ایدیہما او کانا خارجین فان فی ید احدہما
قضی بہا لہ ہو الاصح قلت وہذا اولی مما وقع فی الکنز والدرر والملتقی فتبصر اور اگر تاریخ دونون مدعیون کے موافق نہو اس طرح پر کہ جانور کی عمر کے ساتھ
مخالف ہو یا موافقت اور مخالفت کچھ معلوم نہوتی ہو تو وہ جانور دونون مدعیون کا ہو اگر اُنکے قبضے مین ہو یا دونون خارج ہون سو اگر ایک مدعی کے قبضے
مین ہو تو فقط ذی الید کے واسطے حکم ہوگا یہی قول اصح ہو مین کہتا ہون اور یہ یعنی مصنف کی یہ تعبیر وان لم یوافقہا بہتر ہے اُس تعبیر سے جو کنز اور درر
اور ملتقی مین واقع ہو کتب ثلثہ کی یون تعبیر ہو وان اشکل سو اسکو دیکھ لے ہم وجہ اولویت یہ ہو کہ مصنف کی تعبیر عام ہو مخالفت اور اشکال دونون کو شامل ہو
بخلاف تعبیر کتب ثلثہ کہ اسمین فقط اشکال مذکور ہو نہ مخالفت برہن احد الخارجین علی الغصب من زید والآخر علی الودیعۃ منہ استویا
لانہا بالجحد تصیر غصبا گواہ لایا ایک خارج اُس غصب پر جو زید سے صادر ہوا اور دوسرا خارج گواہ لایا ودیعت پر جو زید کے پاس اُسنے ودیعت رکھی
تو دونون برابر ہین یعنی اُس چیز کا دونون مدعیون مین نصفا نصف کا حکم ہوگا اسواسطے کہ ودیعت انکار کرنے سے غصب ہو جاتی ہو ہم اس مسئلے مین
مدعا علیہ غصب اور ودیعت کا زید ہو ودیعت انکار مدعا علیہ سے غصب اسواسطے ہو جاتی ہو کہ اسپر ضمان واجب ہوتا ہو اور ضمان

ساقط نہین ہوتا اگر منکر ودیعت ہونے کا اقرار کرے اور یہان مدعا علیہ منکر ودیعت ہی تو گویا دونون مدعیون نے زید پر غصب کا دعوے کیا لہذا دونون تساوی
ہوے الناس احرار بلا بیان الّا فی اربع الشہادۃ والحدود والقصاص والقتل کذا فی نسخۃ المصنف وفی نسخۃ والعقل۔ عبارۃ الاشباہ
والدیۃ لوگ آزاد ہین بدون بیان آزادی کے مگر چار چیزون مین آزادی بلا اثبات معتبر نہین شہادت اور حدود اور قصاص اور قتل مین اسیطرح
ہی مصنف کے نسخے مین اور دوسرے نسخہ متن مین بجاے قتل کے عقل ہی اور عبارت اشباہ والدیۃ مین ہی ہم وجہ حریت مسلمین یہ ہی کہ دار الاسلام
دار الحریۃ ہی اور اسواسطے کہ لوگ آدم اور حوا علیہما السلام کی اولاد ہین اور وہ دونون حضرات آزاد تھے جب شہادت مین حریت اصل نہ ٹھہری تو قاضی ظاہر
حریت پر کفایت نہ کرے بلکہ اگر خصم شاہدون پر رقیت کی طعن کرے تو قاضی اُسکو دریافت کرے لوگون سے اور بلا طعن تفتیش نہ کرے اور جبکہ ایک شخص
نے دوسرے کی قذف کی اور قاذف نے کہا کہ مقذوف غلام ہی تو اُسپر حد قذف ماری نہ جاویگی جبتک مقذوف اپنی حریت حجت سے ثابت نہ کرے اور اگر
ایک شخص نے دوسرے کا ہاتھ کاٹ ڈالا اور قاطع نے کہا کہ مقطوع الید غلام ہی تو تا اثبات حریت قصاص کا حکم نہوگا اور جبکہ ایک شخص دوسرے آدمی کو
از راہ خطا قتل کرے اور اہل محلہ کہین کہ مقتول غلام ہی تو اہل محلہ پر دیت کا حکم نہوگا تاوقتیکہ مقتول کی حریت شہادت سے ثابت نہو اور نسخ ثلثہ یعنی قتل اور
عقل اور دیت کا ایک ہی مطلب ہی اسواسطے کہ قتل سے خطا مراد ہی جو موجب دیت ہی کذا فی الطحطاوی ملخصًا بتصرف وحینئذ فلو ادعی علی مجہول الحال احرام لا
انہ عبدہ فانکر وقال انا حر الاصل فالقول لہ لتمسکہ بالاصل اور اسوقت یعنی جبکہ حریت اصلی ٹھہری تو اگر شخص مجہول الحال پر جسکی حریت یا عدم حریت
معلوم نہین یہ دعوی ہوا کہ وہ غلام ہی سو وہ منکر ہوا اور بولا کہ مین حر اصلی ہون تو اسی کا قول قابل تصدیق کے ہی بسبب تمسک ہونے اس شخص کے اصل بات
سے یعنی حریت سے واللابس للثوب احق من آخذ الکم اور کپڑے کا پہننے والا احق ہی آستین کے پکڑنے والے سے ہم یہان سے وہ مسائل شروع ہوے
جنمین واضع ید کی تصدیق بدون گواہون کے ثابت ہی بدائع مین کہا کہ جس موضع مین ایک مدعی کی ملک کا حکم ہوگا اسوجہ سے کہ متنازع فیہ اُسکے قبض مین
ہی تو اُسپر قسم واجب ہوگی بشرط طلب جانب ثانی پھر اگر اُسنے قسم کھائی تو بری الذمہ ہوگیا اور اگر قسم سے انکار کیا تو وہ ہارے گا اور دوسرا شخص جیتے گا انتہی
لابس ثوب اسواسطے احق ثوب ہوا کہ اُسکا تصرف ظاہر تر ہی آخذ آستین سے کہ وہ مقتضی ملک ہی تو لابس ہی ذی الید ٹھہرا اور آخذ خارج اور ذی الید
اولی ہی خارج سے اور اگر آخذ آستین گواہ قائم کریگا تو اب وہی احق ثبوت ہوگا اور یہی علت جاری ہی مابعد کے مسائل مین کذا فی الطحطاوی والراکب احق
من آخذ اللجام اور جانور کا سوار احق ہی لگام کے پکڑنے والے سے یعنی جانور پر ایک شخص سوار ہی اور دوسرا لگام پکڑے ہی اور دونون دعوے کرتے ہین
کہ یہ جانور میرا ہی تو سوار احق ہی بسبب اظہریت تصرف ومن فی السرج اولی من ردیفہ اور جو شخص زین پر بیٹھا ہی وہ احق ہی اُس شخص سے جو اُسکے پیچھے بیٹھا ہی یعنی
اسواسطے کہ تمکن اُسکا اس موضع مین تقدم کی دلیل ہی وذو حملہا ممن علق کوزہ بہا لانہ اکثر تصرفا جسکا بوجھ جانور پر لدا ہی اُس شخص سے جسنے اپنا کوزہ
اُسپر لٹکا دیا ہی اسواسطے کہ اُسکا تصرف یعنی لابس اور راکب اور بوجھ والے کا تصرف زیادہ تر ہی دوسرے کے تصرف سے حمل بکسر حا وسکون میم اُس
بوجھ کو کہتے ہین جو پیٹھ یا سر پر لادا جاوے کذا فی الحموی والجالس علی البساط والمتعلق بہ سواء کالسیہ والراکبی سرج اور جو فرش پر بیٹھا ہی اور
جو فرش کو پکڑے دونون تصرف مین برابر ہین مانند اُن دو شخصون کے جو فرش پر بیٹھے ہین اور ایک زین پر سوار ہین ہم تو فرش جالس اور
متعلق مین نصفا نصف ہی اس واسطے کہ فرش پر بیٹھنا فرش کا قبض نہین بلکہ قبض اُسوقت ہوتا جب فرش اُسکے گھر مین ہوتا یا کہ وہ فرش
اُٹھا لیا جاتا کذا فی الدرر ومن معہ ثوب وطرفہ مع الآخر لا ہدبتہ ای طرفہ الغیر منسوجۃ لانہا لیست بثوب جالس اور متعلق برابر ہین مانند
اُن شخصون کے کہ ایک کے پاس کپڑا ہی اور دوسرے کے پاس کپڑے کا دوسرا طرف ہے نہ وہ شخص برابر ہی جسکے ہاتھ مین کپڑے کا ہدبہ
یعنے جھیر ہی ہدبہ سینے کپڑے کا طرہ بے بنا اسواسطے کہ طرہ غیر منسوج کپڑا نہین ہی بخلاف جالسی دار تنازعا فیہا

حیث لا یقضی لہا لاحتمال انہا فی ید غیرہما وہنا علم انہ لیس فی ید غیرہما عینی بخلاف اُن دو شخصون کے جو ایک گھر مین جالس ہین اور گھر مین جھگڑا کرتے
ہین کہ یہان دونون کے واسطے گھر کا حکم نصفا نصف نہوگا کیونکہ جلوس دار ملک کی دلیل نہین اس احتمال سے کہ شاید وہ گھر اُن دو شخصون کے
سوا کسی اَور کے قبضے مین ہو اور یہان یعنی مسئلہ جلوس فرش مین معلوم ہو چکا ہے کہ فرش دونون شخص کے سوا اور کسی کے قبضے مین نہین ہے کذا
فی العینی والحائط لمن جذوعہ علیہ او متصل بہ اتصال تربیع بان تتداخل انصاف لبناتہ فی لبنات الآخر ولو من خشب فبان تکون الخشبۃ
مرکبۃ فی الاخری لدلالتہ علی انہما بنیا معا ولذا سمی بذلک لانہ حینئذ یبنی مربعا دیوار اُس شخص کی ہے جسکی کڑیان دیوار پر رکھی ہون یا کہ ایک دیوار
متصل ہو دوسری دیوار سے بطریق اتصال تربیع اس طرح پر کہ ایک دیوار کی آدھی آدھی اینٹین دوسری دیوار کی اینٹون مین داخل ہون
اور اگر دیوار چوبی ہو تو اتصال تربیع اس طرح ہوگا کہ ایک دیوار کی لکڑیان دوسری دیوار مین مرکب اور پچی ہون بسبب دلالت کرنے اتصال
تربیع کے اُسپر کہ دونون دیوارین ساتھ بنی ہین اور اسی واسطے اسکا نام تربیع رکھا گیا کیونکہ اُسوقت مین دیوار مربع بنائی جاتی ہے ہم اتصال دو طرح
ہے ایک اتصال ملازقت وہ یہ ہے کہ ایک دیوار کا کنارہ دوسری دیوار کے کنارے سے ملا ہو یعنی دونون دیوارون کا جوڑ معلوم ہوتا ہو اور دوسرا
اتصال تربیع وہ ہے کہ دیوار متنازع فیہ کی اینٹین آدھی آدھی دوسری دیوار غیر متنازع فیہ کی اینٹون مین متداخل ہون اور اگر لکڑی کی دیوار ہو تو ایک
دیوار کی لکڑیان دوسری مین مرکب ہون کذا فی الدرر طحطاوی نے کہا اتصال تربیع کی حقیقت مین اختلاف ہے اور قول ظاہر کرخی کا یہ قول ہے کہ اتصال
تربیع یہ کہ متنازع فیہ دیوار متصل ہو احد المدعیین کی دو دیوارون سے دونون طرف سے اور دونون دیوارین متصل ہون اُسکی دیوار سے
بمقابلہ دیوار متنازع فیہ تاکہ دیوار مربع ہو جاوے قبہ کے مانند تو اُسوقت مین کل شے واحد کے حکم مین ہونگی انتہی لا لمن لہ اتصال ملازقۃ او نقب
وادخال او ہرادی کقصب او طبق یوضع علی الجذوع اُسکی دیوار نہین جسکی دیوار مین اتصال ملازقت ہو یعنی لگا ہوا ہو یا ادخال لبنات یعنی اپنی دیوار مین نقب
اور ادخال ہو یعنی سوراخ کرکے لکڑی اُسمین داخل کرنا یا اُسکی دیوار نہین جسکے بنگے ہین مانند بانس اور طبق کے جو کڑیون پر رکھی جاوین ہم ہرادی جمع ہے ہردیہ
کی بکسر ہا مع النغار اور درر مین ہے کہ ہرادی وہ لکڑیان ہین جو دھنیون پر رکھی جاوین اور اُنپر مٹی ڈالی جاوے انتہی اہل ہند اُنکو بنگا یا برگہ یا تختہ یا ججانب
بولتے ہین خلاصہ یہ ہے کہ دھنیان رکھنا دیوار پر دلیل ملک ہے نہ بنگے رکھنا بل یکون بین الجارین لو تنازعا ولا یختص بہ صاحب الہرادی بل صاحب الجذع
الواحد احق منہ خانیۃ بلکہ بنگے والی دیوار دونون پڑوسیون مین مشترک ہے اگر دونون اُسمین جھگڑا کرین اور وہ دیوار بنگے والے کی مخصوص نہوگی بلکہ ایک
دھنی کا دیوار پر رکھنے والا اس سے زیادہ ترحقدار ہے دیوار کا کذا فی الخانیہ ولو لاحدہما جذوع وللآخر اتصال فلذی الاتصال وللآخر حق الوضع وقیل
لذی الجذوع ملتقی وتمامہ فی العینی وغیرہ اور ایک شخص کی دھنیان ہون دیوار پر اور دوسرے شخص کی دیوار کے واسطے اتصال ہو یعنی اتصال تربیع
تو وہ دیوار صاحب اتصال کی ہے اور دوسرے شخص کو دھنی رکھ لینے کا حق ہے اور بعضون نے کہا کہ وہ دیوار دھنیون والے کی ہے کذا فی الملتقی اور پورا
بیان اسکا عینی وغیرہ مین ہے ہم محیط مین ہے کہ دیوار کا قبضہ تین طرح پر ہے اتصال تربیع اتصال ملازقت ومجاورت اور وضع جذوع ومحاذات بناتو سب
سے احق صاحب تربیع ہے پھر اگر وہ نہو تو صاحب جذوع ہے پھر اگر وہ بھی نہو تو صاحب محاذات ہے کذا فی الطحطاوی وذو حق المطالبۃ برفع جذوع
وضعت تعدیا فلا یسقط بابراء ولا صلح وعفو وبیع واجارۃ اشباہ من احکام الساقط لا یعود فلیحفظ اور جو دھنیان ظلم سے رکھی گئین اُنکے اٹھا لینے
کا حق مطالبہ ساقط نہین ہوتا ابرا کر دینے سے اور نہ صلح اور عفو اور بیع اور اجارہ سے کذا فی الاشباہ مین احکام الساقط لا یعود تو اسکو
یاد رکھنا چاہیے ہم یعنی اگر دھنیون کا مالک اُنکا اٹھا لینے کے مطالبہ سے ابرا کرے تو حق مطالبہ ساقط نہین ہوتا اسواسطے کہ ابرا اعیان
مین نہین ہوتا بلکہ اس حق سے جو کسی کے ذمے پر ثابت ہے اور اگر دھنیان رکھنے والا ایسا جسکی دیوار پر دھنیان ہین وہ مکان کو بیچ ڈالے تو مشتری کو

مطالبہ رفع کا حق ثابت ہو اور اگر صاحب دیوار دھنیان رکھنے والے کے پاس وہ مکان اجارہ رکھے تو حق مذکور ساقط نہیں ہوتا کذا فی الطحطاوی او ذو بیت
من دار فیہا بیوت کثیرۃ کذی بیوت منہا فی حق ساحتہا فہی بینہما نصفین کالطریق اور ایک کوٹھری اور دالان والا مثلاً اُس گھر کے جسمین بہت کوٹھریان
اور دالان میں اُس شخص کے مانند ہو جسکی بہت کوٹھریان اور دالان ہین اُس گھر مین سے اُسکے صحن کے حق مین تو صحن گھر کا دونون مین نصفا نصف ہو راہ
کے مانند ہم یعنی صاحب بیت اور صاحب بیوت صحن کے استعمال مین برابر ہین چلنے پھرنے مین اور اسباب رکھنے مین اور لکڑیان چیرنے مین وفی غیر ذلک چنانچہ
صاحب بیت اور صاحب منزل اور صاحب دار اور صاحب بیت واحد اور صاحب بیوت کثیرہ مرور مین برابر ہین بخلاف الشرب اذا تنازعا فیہ فانہ یقدر
بالارض بقدر سقیہا بخلاف پانی لینے کی باری کے جبکہ دو شخص اُسمین جھگڑا کرین تو اُسکا اندازہ ہوگا زمین سے بقدر اُسکے سینچنے کے ہم یعنی آب پاشی مین
تھوڑی زمین والا بہت زمین والے کے برابر نہین اسواسطے کہ پانی کی حاجت سینچنے کے واسطے ہو تو جتنی زمین زیادہ اُتنی پانی لینے کی حاجت زیادہ تو اُسکا
اندازہ بقدر اراضی کے ہو بہ ہونا اسے الخ ارجان علی ید کل منہا فی ارض قضی بیدہما فتنصف دو شخص غیر قابض گواہ لائے اُس پر کہ دونون کا قبض زمین مین تھا
تو دونون کے ثبوت قبض کا حکم ہوگا تو وہ زمین دونون مین نصفا نصف ہوگی ولو برہن علیہ اسے علی الید احدہما او کان تصرف فیہا بان لبن او بنی قضی بیدہ
لوجود تصرفہ اور اگر زمین کے قبض پر دو مدعیون مین سے ایک شخص گواہ لایا یا وہ شخص اُسمین تصرف کرتا تھا اس طرح پر کہ اُسنے اُسمین اینٹین یا کچین یا عمارت
بنائی تو اسی کے واسطے قبض کا حکم ہوگا بسبب پائے جانے اُسکے تصرف کے ہم یعنی تمکن اشیاء مذکورہ اُسکے قبض کی دلیل ہو ادعی الملک فی الحال وشہد
الشہود ان ہذا العین کان ملکہ تقبل لان ماثبت فی زمان یحکم ببقاءہ مالم یوجد المزیل دُرر ایک مدعی نے فی الحال ملک کا دعوی کیا اور گواہون نے
گواہی دی کہ یہ چیز مدعی کی ملک تھی یعنی زمانہ ماضی مین تو گواہی مقبول ہو یعنی فی الحال کی ملک مدعی ثابت ہوگی اسواسطے کہ جو چیز ثابت ہوگئی ایک زمانہ
مین تو اُسکے باقی رہنے کا حکم رہتا ہو جبتک وہ چیز پائی نہ جائے جو اُسکے ثبوت کو دور کردے کذا فی الدرر صبی یعبر عن نفسہ اسے یعقل مایقول قال انا
حر فالقول لہ لانہ فی ید نفسہ کا نابالغ ایک لڑکا کہ اپنا حال بیان کرسکتا ہو یعنی جو کہتا ہو اُسکو سمجھتا ہو وہ بولا کہ مین آزاد ہون تو اُسکا قول مقبول ہو اسواسطے کہ
صبی عاقل اپنی ذات کے تصرف مین بالغ کے مانند ہو یعنی اگر اُسکی عبدیت کا کوئی دعوی کرے تو درصورت اُسکے انکار کے بدون شہادت معتبر نہین کذا فی
الدرر فان قال انا عبد لفلان لغیر ذی الید قضی بہ لذی الید لکن لا یعبر عن نفسہ لاقرارہ بعدم یدہ سوا اگر صغیر عاقل نے کہا کہ مین فلانے کا غلام
ہون یعنی اُسکا جو ذی الید نہین تو وہ ذی الید کو دلایا جاویگا چنانچہ وہ صغیر ذی الید کو دلایا جاویگا جو عاقل نہین کہ اپنا حال بیان کرے بسبب اقرار
کرنے صغیر کے اپنے عدم تصرف پر ہم یعنی جبکہ اُسنے کہا کہ مین فلانے کا غلام ہون تو اپنے مملوک ہونے کا اقرار کیا اور اُسکی مملوکیت ذی الید کے اُس دعوی
سے ثابت ہوئی جو خالی ہو معارض سے نہ صغیر کے اقرار سے تو اب یہ کوئی نہین کہ سکتا کہ اقرار صغیر صغیر کے حق مین معتبر نہین علی الخصوص کہ اُسکا تدارک
بدعوی حریت ممکن ہو کذا فی الطحطاوی فلو کبر وادعی الحریۃ تسمع مع البرہان لما تقرر ان التناقض فی دعوی الحریۃ لا یمنع صحۃ الدعوی پھر اگر صغیر
مذکور بالغ ہوا اور اُسنے آزادی کا دعوی کیا تو مسموع ہوگا اسواسطے کہ ثابت ہوچکا ہو کہ دعوی حریت مین تناقض صحت کا دعوی مانع ہی نہین ہم
علی الخصوص کہ یہ اقرار عدم تکلیف کی حالت مین ہوا ہو

باب دعوی النسب

یہ باب ہو نسب کے دعوی مین الدعوۃ نوعان دعوۃ استیلاد وہو ان یکون اصل العلوق فی ملک المدعی دعوت دو قسم ہو ایک استیلاد کی دعوت اور یہ
کہ اصل علوق یعنی نطفہ رہنا مدعی کی ملک مین ہو ہم اکثر عرب طعام مین دعوت الفتح دال بولتے ہین اور نسب مین بکسرہ دال کہتے ہین ودعوۃ تحریر وہو بخلافہ
دوسری قسم تحریر کی یعنی آزاد کرنے کی دعوت اور وہ دعوت استیلاد کے مخالف ہو یعنی مدعی کی ملک مین نطفہ نہ رہا ہو والاولی اقوی لسبقہا واستنادہا

لوقت العلوق دالاقتصار دعوۃ التحریر علی الحال ستنفع اور اول یعنی دعوت استیلاد قوی تر ہی بسبب اُسکے سابق ہونے کے اور اُسکے مستند ہونے کے وقت علوق سے اور مقصود ہونے دعوت تحریر کے بالفعل پر اور عنقریب یہ بیان واضح ہوگا طبعۃ ولدت لاقل من ستۃ اشہر منذ بیعت فادعاہ البائع ثبت نسبہ منہ استحسانا لان العلوق فیما فی ملکہ ومبنی النسب علی الخفاء فیعفی فیہ التناقض یعنی لونڈی جنی چھ مہینے سے کمتر مدت مین جسوقت سے کہ اُسکی بیع ہوئی پھر اس ولد کا بائع نے دعوی کیا تو ولد کا نسب بائع سے ثابت ہوگا از روے استحسان کے بسبب اُسکے علوق رہنے کے بائع کی ملک مین اور نسب کی بنا پوشیدگی پر ہی تو اُسمین تناقض معاف ہوگا مہان قیاس یہ تھا کہ بائع سے نسب ثابت نہو اور یہی قول ہی زفر رح اور امام شافعی کا اسواسطے کہ بائع کا بیچنا یہ اقرار ہی اُسکی جانب سے کہ وہ لونڈی ہی ام ولد نہین تو اب دعوی نسب کا صریح تناقض ہی بیان استحسان یہ ہی کہ بنائے نسب پوشیدگی پر ہی تو اُسمین تناقض معاف ہی جبکہ متیقن ہوا اُولادت سے کہ علوق رہا تھا بائع کی ملک مین اور نسب کی بنا پوشیدگی پر اسواسطے ہوئی کہ آدمی گاہے گمان کرتا ہی کہ یہ اُسکا نطفہ نہین رہا پھر ظاہر ہوتا ہی کہ نطفہ اسی کا ہی تو یہ عذر ہو سکتا ہی اعتبار تناقض کے اسقاط مین واذ اصحت استندت فصارت ام ولدہ فیفسخ البیع ویرد الثمن اور جبکہ دعوی نسب کا صحیح ہوا تو علوق مستند ہوگا ملک بائع کے زمانے کی طرف تو لونڈی بائع کی ام ولد ہوگئی تو بیع لونڈی کی نسخ کیجائیگی اور ثمن اُسکا مشتری کو پھیر دیا جائیگا ولکن اذا ادعاہ المشتری قبلہ ثبت نسبہ منہ لوجود ملکہ وامیتھا باقرارہ وقیل یحمل علی انہ نکحہا ثم استولدہا ثم اشتراہا ولیکن جبکہ ولد کا دعوی کیا مشتری نے بائع کے دعوی سے پہلے تو ولد کا نسب مشتری سے ثابت ہوگا بسبب پائے جانے مشتری کی ملک کے اور لونڈی کا ام ولد ہونا اُسکے اقرار سے ثابت ہوگا اور بعضون نے کہا مشتری کا دعوی اُسپر محمول ہوگا کہ مشتری نے اس لونڈی سے نکاح کر لیا تھا بائع کی ملک مین پھر استیلاد کیا پھر اُسکو خرید کر لیا ولو ادعاہ معہ ای مع ادعاء البائع او بعدہ لا لان دعوۃ تحریر والبائع استیلاد فکان اقوی کما مر اور اگر مشتری نے بائع کے دعوے کے ساتھ دعوی کیا یا بعد اُسکے دعوے کے دعوی کیا تو اُسکا دعوی مسموع نہین اسواسطے کہ وہ دعوت تحریر ہی اور بائع کی دعوت استیلاد ہی تو دعوت استیلاد ہی قوی تر ٹھہرے گی چنانچہ مذکور ہو چکا شروع باب مین وکذا یثبت من البائع لو ادعاہ بعد موت الام بخلاف موت الولد لفوات الاصل اور اسی طرح ثابت ہوگا نسب ولد کا بائع سے بعد مر جانے اُسکی مان کے بخلاف موت ولد کے بسبب فوت ہو جانے اصل کے یعنی حریت مین اصل ولد ہی اور لونڈی کی آزادی تو ولد سے مستفاد ہوتی ہی اور دوسری وجہ یہ ہے کہ ولد موت سے مستغنی ہوگیا نسب سے ویاخذہ البائع بعد موت امہ ویسترد المشتری کل الثمن وقال حصتہ اور بائع ولد کو لیگا اُسکی مان کی موت کے بعد اور مشتری پورا ثمن پھیر لے اور صاحبین نے کہا بقدر حصہ ولد کے ثمن پھیر لے واعتاقہما ای اعتاق المشتری الام والولد کموتہما فی الحکم اور دونون کا اعتاق یعنی مشتری کا آزاد کرنا مان یا ولد کو ان دونون کی موت کے مانند ہی حکم مین ہم تو لد والولد وامثبنی او سے جسمین جمع بین المعطوف والمعطوف علیہ جائز ہے جب اعتاق موت کے مانند ہوا تو اگر مشتری نے مان کو آزاد کیا نہ ولد کو پھر بائع نے دعوی کیا کہ وہ میرا بیٹا ہے تو دعوی صحیح ہے اور اُسکا نسب اس سے ثابت ہے اور اگر ولد کو آزاد کیا نہ مان کو تو دعوی صحیح نہین حق ولد مین اسواسطے کہ اگر صحیح ہو تو اعتاق باطل ہو اور عتق بعد وقوع کے بطلان کا احتمال نہین رکھتا اور نہ مان کے حق مین دعوی صحیح ہے اسواسطے کہ مان ولد کی تابع ہے پھر جب اصل مین صحیح نہوا تو تابع کے حق مین بالضرور صحیح نہوگا کذا فی الطحطاوی عن المنح والتدبیر کالاعتاق لانہ ایضا لا یحتمل الابطال ویرد حصتہ اتفاقا ملتقی وغیرہ وکذا حصتہما ایضا علی الصحیح من مذہب الامام کما فی القہستانی والبرہان اور مدبر کرنا مشتری کا اعتاق کے مانند ہے اسواسطے کہ تدبیر بھی اعتاق کے مانند محتمل ابطال نہین ہے اور بائع ولد کا حصہ مشتری کو پھیر دے باتفاق امام رح اور صاحبین رح کے یعنے جبکہ مشتری مان کو فقط آزاد کرے یا مدبر کرے بدون ولد کے کذا فی الملتقی وغیرہ اور اسی طرح مان کا بھی حصہ پھیر دے بموجب قول صحیح کے امام رح کے مذہب سے چنانچہ قہستانی اور برہان مین ہے ونقلہ فی الدرر والمنح عن الہدایۃ علی خلاف ما فی الکافی عن المبسوط اور نقل کیا ہے اُسکو درر اور منح الغفار مین ہدایہ سے برخلاف اس قول کے جو کافی مین مبسوط سے نقل ہے

هم درر مین ہدایہ سے یہ منقول ہے کہ جب مشتری مان کو آزاد کرے یا مدبر کرے تو بائع حصۂ ثمن ولد مشتری کو پھیر دے صاحبین کے نزدیک اور امام کے نزدیک بقول صحیح تمام ثمن پھیر دے چنانچہ متن مین ہے انتہی اور کافی مین مبسوط سے یہ منقول ہے کہ حصہ ولد پھیر دے نہ اسکی مان کا حصہ باتفاق امام اور صاحبین کے کذا فی الدر طحطاوی نے کہا اتقانی نے ہدایہ مین اعتراض کیا ہے کہ محمد نے امام سے جامع صغیر اور اصل یعنی مبسوط مین تصریح کی ہے کہ حصۂ ثمن ولد پھیرا جائیگا اور اسی طرح کرخی اور طحطاوی نے اپنے مختصر مین اور اسی طرح شمس الائمہ بیہقی نے شامل اور کفایہ مین اور ابو اللیث نے شرح جامع صغیر مین تو ظاہر ہوا کہ ہدایہ کا قول مرجوح ہے اگرچہ اسنے اسکی تصحیح کی ہے

چنانچہ عزمی زادہ نے اسکو بیان کیا ہے انتہی وعبارۃ المواہب وان ادعاہ بعد عتقہا او موتہا ثبت منہ وعلیہ رد الثمن واکتفا برد حصتہ وقیل لا یرد حصتہا فی الاعتاق بالاتفاق انتہی فلیحفظ اور مواہب الرحمن کی یہ روایت ہے اور اگر بائع نے ولد کا دعوی کیا بعد آزاد کردینے اسکی مان کے یا اسکی موت کے بعد تو ولد کا نسب بائع سے ثابت ہوگا اور اسپر ثمن پھیر دینا لازم آویگا اور صاحبین رح نے حصہ ولد کے پھیر دینے پر اکتفا کی اور قول ضعیف یہ ہے کہ مان کا حصہ ثمن اعتاق مین بالاتفاق پھیرا جائے انتہی کلامہ تو اس اختلاف کو یاد رکھنا چاہیئے هم جس قول کو مواہب مین ضعیف کہا ہے وہی قول معتمد ہے چنانچہ مذکور ہو چکا کذا فی الطحطاوی ولو ولدت الامۃ المذکورۃ لاکثر من حولین من وقت البیع وصدقہ المشتری ثبت النسب تصدیقہ وہی ام ولدہ علی المعنی اللغوی نکاحا حملا لامرہ علی الصلاح اور اگر لونڈی مذکورہ جنی دو برس سے زیادہ مدت مین بیع کے وقت سے اور بائع نے اسکے ولد کا دعوی کیا اور مشتری نے بائع کی تصدیق کی تو ولد کا نسب ثابت ہوگا بائع سے مشتری کی تصدیق سے اور لونڈی بائع کی ام ولد ہوگی بمعنی لغوی نکاح کی راہ سے بائع کا حال صلاح اور تقوی پر محمول کر کے هم ثبوت نسب مین مشتری کی تصدیق کی اسواسطے حاجت ہوئی کہ علوق ولد کا بائع کی ملک مین بالیقین واقع نہین ہوا اسواسطے کہ مدت حمل دو برس سے زیادہ نہین ہوتی بائع کی ام ولد بمعنی اصطلاحی اسواسطے وہ لونڈی نہوئی کہ استیلاد بائع کی ملک مین نہین ہوا بلکہ باعتبار حسن ظن نکاح سے ہوا یعنی مشتری نے لونڈی کا نکاح کر دیا ہوگا بائع سے بعد اپنے خریدنے کے تو ولد مشتری کا مملوک ٹھہرے گا اور نسب اسکا بائع سے ثابت ہوگا اور اگر بعد بیع پورے دو سال مین لونڈی جنے گی تو بھی یہی حکم ہے کذا فی الطحطاوی المحشا البقی لو ولدت

فیما بین الاقل والاکثر ان صدقہ فحکمہ کالاول لاحتمال العلوق قبل بیعہ والا لا باقی رہا یہ احتمال کہ لونڈی جنی اقل اور اکثر مدت حمل کے مابین مین یعنی سات مہینے سے تیئیس مہینے تک تو اگر مشتری نے بائع کی تصدیق کی تو اسکا حکم اول کے مانند ہے یعنی ولد کا نسب ثابت اور لونڈی بائع کی ام ولد بمعنی اصطلاحی ہوگی اس احتمال سے کہ علوق رہا ہوگا بائع کی بیع سے پہلے اور اگر مشتری نے بائع کی تصدیق نکی اس طرح پر کہ اسکی تکذیب کی خواہ ولد کا دعوی کیا یا نہ کیا یا سکوت کیا نہ تصدیق کی نہ تکذیب تو اول کا حکم ہوگا ولو تنازعا فالقول للمشتری اتفاقا وکذا البینۃ لہ عند الثانی خلافا للثالث شرنبلالیہ وشرح مجمع اور اگر بائع اور مشتری نے جھگڑا کیا مثلاً بائع نے کہا کہ مین نے اس لونڈی کو بیچا ایک مہینے سے اور ولد میرا ہے اور مشتری نے کہا چھ مہینے سے زیادہ مدت ہو چکی بیع کی اور ولد تیرا نہین ہے تو مشتری کا قول درصورت عدم بینہ مقبول ہوگا بالاتفاق اور اسی طرح گواہ بھی اسی کے مقبول ہین ابو یوسف کے نزدیک برخلاف مذہب محمد کذا فی الشرنبلالیہ وشرح المجمع وفیہ لو ولدت عند المشتری ولدین احدہما لدون ستۃ اشہر والآخر لاکثر ثم ادعی البائع الاول ثبت نسبہما بلا تصدیق المشتری اور شرح مجمع مین ہے کہ اگر لونڈی جنی مشتری کے پاس دو لڑکے ایک لڑکا چھ مہینے سے کمتر مدت مین اور دوسرا لڑکا دو برس سے زیادہ مدت مین پھر بائع نے اول ولد کا دعوی کیا تو دونون لڑکون کا نسب بائع سے ثابت ہوگا بدون تصدیق کرنے مشتری کے هم اس صورت مین نسب دونون کا ثابت ہوگا جبکہ دونون کی ولادت مین چھ مہینے کی مدت نہ گذر گئی ہو اسواسطے کہ وہ دونون توامین ہین کہ ایک نطفہ سے پیدا ہوے پھر جب اول مین دعوی بائع کا بلا تصدیق متحقق ہوگیا تو دوسرے مین بھی مشتری کی تصدیق کی کچھ حاجت نہو گی اور بیع فسخ ہوگی اور ثمن پھیر دیا جائے گا باع من ولد عندہ وادعاہ بعد بیع مشتریہ ثبت نسبہ لکون العلوق فی ملکہ ورد بیعہم لان البیع یحتمل النقض بائع نے اس ولد کو بیچا جو اسکے پاس لونڈی سے پیدا ہوا اور مشتری نے اسکو تیسرے شخص سے بیچا پھر بائع نے اسکی فرزندی کا دعوی کیا تو اسکا نسب

ثابت ہوگا بسبب ہونے علوق کے بائع کی ملک مین اور بیع اُسکی پھر جائیگی اسواسطے کہ بیع توڑ دینے کا احتمال رکھتی ہی یعنے اور حق دعوت محتمل
نقض نہین لہذا بیع بلحاظ حق دعوت منقوض ہوگی وکذا الحکم لو کاتب الولد او رہنہ او آجرہ او کاتب الام او رہنہا او آجرہا
او زوجہا ثم ادعاہ فیثبت نسبہ وترد ہذہ التصرفات بخلاف الاعتاق کما مر اور اسی طرح بیع کے مانند حکم ہی اگر بائع نے ولد کو مکاتب
کیا یا اُسکو رہن رکھا یا اجارہ دیا یا اُسکی مان کو مکاتب کیا یا اُسکو رہن رکھا یا اجارہ دیا یا اُسکا کسی سے نکاح کردیا پھر بائع نے اُسکی فرزندی
کا دعوے کیا تو اُسکا نسب بائع سے ثابت ہوگا اور یہ تصرفات مذکورہ یعنے کتابت اور رہن اور اجارہ اور نکاح پھیر ڈالے جاوینگے بخلاف
اعتاق چنانچہ مذکور ہوچکا یعنے اگر مشتری ولد کو آزاد کردیگا تو رد نہوگا اسواسطے کہ اعتاق محتمل ابطال نہین باع احد التوأمین المولودین [illegible]
علقا و ولدا عندہ واعتقہ المشتری ثم ادعی البائع الولد الآخر ثبت نسبہما وبطل عتق المشتری بامر فوقہ وہو حریۃ الاصل لانہما علقا فی ملکہ
حتی لو اشتراہا حبلی لم یبطل عتقہ لانہا دعوۃ تحریر فیقتصر عینی وغیرہ وجزم بہ المصنف بیچا ایک توأم کو توأمین مولودین سے یعنے دو
توأمین جنکا علوق اور تولد بائع کے پاس ہوا اور مشتری نے اُسکو بیچ ڈالا پھر بائع نے دوسرے ولد کا جسکی بیع واقع نہین ہوئی دعوی کیا تو
دونون کا نسب بائع سے ثابت ہوگا اور آزاد کرنا مشتری کا باطل ہوجائیگا اس امر کے سبب سے جو زیادہ اور اونچا ہی عتق سے وہ امر فائق حریت اصلی ہی
یعنے اور عتق حریت عارضی ہی دونون کا نسب ایک کے دعوی سے اسواسطے ثابت ہوگیا کہ دونون کا علوق بائع کی ملک مین رہا تھا تو اگر لونڈی کو حاملہ خریدا یا [illegible]
اُسکے وہ دو توأم جنی اور مشتری نے اُنمین سے ایک لڑکو بیچ ڈالا اور مشتری ثانی نے اُسکو آزاد کردیا پھر مشتری اول نے ولد ثانی کا دعوی کیا تو [illegible]
ثانی کا عتق باطل نہوگا اسواسطے کہ یہ دعوت تحریر ہی نہ دعوت استیلاد اسواسطے کہ علوق اُسکی ملک مین نہ تھا تو دعوت تحریر فقط ولد ثانی پر [illegible] ہوگی
کذا فی العینی وغیرہ اور اسی پر جزم کیا ہی مصنف نے اپنی شرح مین ثم قال وحیلۃ اسقاط دعوی البائع ان یقر البائع انہ ابن عبدہ فلان فلا تصح دعواہ ابدا
پھر مصنف نے اپنی شرح مین کہا اور دعوی بائع کے اسقاط کا حیلہ یہ ہی کہ بائع اقرار کرے کہ کنیز مبیعہ کا ولد میرے فلانے غلام کا بیٹا ہی تو بعد اس اقرار
بائع کا دعوے صحیح نہوگا کبھی کذا فی المجتبی یعنے اسواسطے کہ غیر کے نسب کا اقرار محتمل نقض نہین وقد افادہ بقولہ قال عمرو لصبی معہ او مع غیرہ [illegible]
ہو ابن زید الغائب ثم قال ہو ابنی لم یکن ابنہ ابدا وان وصلیۃ جحد زید بنوتہ خلافا لہما لان النسب لا یحتمل النقض بعد ثبوتہ حتی لو صدقہ
بعد تکذیبہ صح اور البتہ مصنف نے اشارہ کیا اسقاط مذکور پر اپنے اس قول سے کہ عمرو نے مثلاً کہا اس صغیر کو جو اُسکے ساتھ ہی یا کسی اور شخص کے ساتھ ہی
وہ زید غائب کا بیٹا ہو پھر وہ بولا کہ وہ میرا بیٹا ہی تو اُسکا بیٹا کبھی نہوگا اگرچہ زید مذکور اُسکی فرزندی کا منکر ہو بخلاف صاحبین کے اسواسطے کہ نسب بعد ثبوت [illegible]
ہونے کے محتمل نقض کا نہین یہان تک کہ اگر زید عمرو کی تصدیق کرے بعد اُسکی تکذیب کے تو صحیح ہی ثم صاحبین کا یہ مذہب ہی کہ دعوت مقر بعد انکار مقر لہ صحیح
نہین اسواسطے کہ جب اُسکا اقرار باطل ہوگیا مقر لہ کے انکار سے تو گویا اُسنے اقرار ہی نہ کیا تھا ولذا لو قال لصبی ہذا الولد منی ثم قال لیس منی لا یصح [illegible]
بعد الاقرار بہ لا ینتفی بالنفی فلا حاجۃ الی الاقرار بہ ثانیا ولا سہو فی عبارۃ العمادی کما زعمہ ملا خسرو کما افادہ الشرنبلالی اور اسی واسطے یعنے چونکہ نسب
محتمل نقض نہین اگر ایک صغیر کو کہا کہ یہ میرا بیٹا ہی پھر کہا کہ میرا نہین ہی تو اُسکی نفی صحیح نہین اسواسطے کہ بعد اقرار نسب کے نفی نہین ہوسکتی نفی کرنے سے
تو اب کچھ حاجت نہین دوسری بار نسب کے اقرار کرنے کی اور کچھ سہو نہین عمادی کی عبارت مین چنانچہ وقوع سہو کا گمان کیا ہی ملا خسرو [illegible]
بیان کیا ہی اُسکو یعنے عدم سہو کو شرنبلالی نے ثم ملا خسرو وصاحب درر نے کہا عمادیہ مین یون ہی کہ (قال ہذا الولد لیس منی ثم قال ہو منی صح) [illegible]
یہ سہو ہی کاتب اول کا اسواسطے کہ تعلیل عمادی اسکو مقتضی ہی کہ یہان تین عبارتین ہون پہلی عبارت مفید اثبات فرزندی ہو اور دوسری
عبارت اسکی نفی کی اور تیسری عبارت دوبارہ اثبات کی اور عمادیہ مین فقط دو ہی عبارتین ہین انتہی شرنبلالی نے کہا کہ لفظ ثالث یعنی اقرار ثانی کی

دار الاسلام دعزاه للتحفة فلیحفظ اور ابن کمال نے یقین کیا ہی اسپر کہ طفل مذکور مسلمان ہوگا اسواسطے کہ اُسکا حکم دار الاسلام کا حکم ہی اور نسبت کیا ہی اس قول کو تحفہ کیطرف تو اس اختلاف کو یاد رکھنا چاہیے قال زوج امرأة لصبي معها هو ابني من غيرها وقالت هو ابني من غيره فهو ابنهما ان ادعيا معا والا ففیه تفصیل ابن الکمال عورت کے شوہر نے کہا اس لڑکے کو جو زوجین کے ساتھ ہی کہ وہ میرا بیٹا ہی اس عورت کے سوا اور عورت سے اور زوجہ کہتی ہی کہ وہ میرا بیٹا ہی اُسکے سوا اور زوج سے تو وہ دونوں کا بیٹا ہی اگر دونوں نے ساتھ ہی دعوی کیا اور اگر ساتھ ہی دعوی نہین کیا تو اُسمین تفصیل ہی کذا ذکرہ ابن الکمال ہم تفصیل مذکور یہ ہی کہ اگر زوج نے اول دعوے کیا تو وہ اُسکا بیٹا ٹھہریگا اور عورت سے تو اگر اُسکی زوجہ بعد اُسکے دعوی کرے تو اُس سے نسب ثابت نہوگا اور اگر عورت نے اول دعوی کیا پھر زوج نے کہا کہ وہ میرا بیٹا ہی اور عورت سے تو اگر دونوں مین نکاح ظاہر ہی تو عورت کا قول مقبول نہین اور وہ دونوں کا بیٹا ہی اور اگر دونوں کا نکاح ظاہر نہین تو عورت کا قول معتبر ہی اور اُسکا نسب عورت سے ثابت ہوگا بشرط تصدیق مرد یہ اُس صورت مین ہی جبکہ لڑکا اپنا حال بیان نکرسکتا ہو اور اگر بیان کرسکتا ہو اور وہان رقیت ظاہر نہو تو لڑکے کا قول مقبول ہی مرد یا عورت جسکی وہ تصدیق کریگا اُسی سے اُسکا نسب ثابت ہوگا کذا فی الطحطاوی عن السراج لمخصا وهذا لو غير معبر والا بان کان معبرا فهو لمن صدقه اور یہ یعنے دونون کا ولد ہونا اُسوقت ہی جبکہ طفل اپنا حال بیان نکرسکتا ہو اور اگر ایسا نہو یعنی بیان کرسکتا ہو تو وہ لڑکا اُسکا ہی جسکو وہ سچا کہے لان قيام ايديهما وفراشهما يفيد انه منهما اسواسطے کہ زوجین کا تصرف طفل پر اور دونون کا قیام فراش یعنے زوجیت اُسکی مفید ہی کہ وہ لڑکا دونون کا ہی ہم طحطاوی نے کہا یہ علت ہی مصنف کے اس قول کی فهو ابنهما اور بہتر یہ تھا کہ علت مذکورہ اس قول کے پاس مذکور ہوتی ولو ولدت امة اشتراها فاستحقت غرم الاب قيمة الولد يوم الخصومة لانه يوم المنع اور اگر وہ لونڈی جسکو مشتری نے خرید کیا مشتری سے جنی پھر وہ لونڈی مستحق ملک غیر بائع کی نکلی تو باپ یعنی مشتری ولد کی قیمت تاوان دے وہ قیمت جو اُسکی خصومت کے دن ٹھہرے اسواسطے کہ یوم خصومت منع کا دن ہی یعنے مشتری بدعوی فرزندی وہ لڑکا لونڈی کے مالک کو نہ دیگا وهو حر لانه مغرور والمغرور من يطأ امرأة معتمدا على ملك يمين او نكاح فتلد منه ثم تستحق اور وہ لڑکا آزاد ہی اس واسطے کہ مشتری مغرور یعنے فریب خوردہ ہی مغرور وہ شخص ہی جو ایک عورت سے صحبت کرے اُسکی ملک یمین یا ملک نکاح کے اعتماد پر پھر وہ عورت اس سے جنے پھر وہ مستحق غیر نکلے فلذا قال وكذا الحكم لو ملكها بسبب اخر اي سبب كان عيني كما لو تزوجها على انها حرة فولدت له ثم استحقت غرم قيمة ولده بھا اسی واسطے مصنف نے کہا اور اسیطرح کا حکم ہی اگر عورت کا مالک ہوا کسی اور سبب سے سوا خرید کے کوئی سبب ہو کذا فی العینی چنانچہ عورت سے نکاح کیا اس شرط پر کہ وہ آزاد ہی سو وہ اُسکا لڑکا جنی پھر مستحق ملک غیر نکلی تو نکاح کرنے والا اپنے ولد کی قیمت کا تاوان دے اس عورت کے مالک کو فان مات الولد قبل الخصومة فلا شيء على ابيه لعدم المنع كما مر وارثه له لانه حر الاصل في حقه فيرثه سو اگر مغرور کا لڑکا مرگیا قبل خصومت کے تو کوئی چیز اُسکے باپ پر لازم نہین بواسطۂ عدم منع چنانچہ مذکور ہوچکا اور میراث ولد کی اُسکے والد کو ہی اسواسطے کہ ولد حر اصلی ہی باپ کے حق مین تو وہ اُسکا وارث ہوگا فان قتله ابوه او غيره وقبض الاب من ديته قدر قيمته غرم الاب قيمته للمستحق كما لو كان حيا سو اگر ولد کو اُسکے باپ نے قتل کیا یا اُسکے سوا کسی اور نے قتل کیا اور باپ نے اُسکا خون بہا بقدر اُسکی قیمت کے لیا تو تاوان دے باپ اُسکی قیمت کا مستحق کو چنانچہ تاوان لازم تھا درصورت حیات ولد ولو لم يقبض شيئا لا شيء عليه وان قبض اقل لزمه بقدره عيني اور اگر باپ نے قتل غیر مین کچھ خون بہا نہ لیا تو اُسپر کچھ تاوان نہین اور اگر اُسکا خون بہا اُسکی قیمت سے کمتر لیا تو اُسپر تاوان اُسکی مقدار کے موافق لازم آویگا کذا فی العینی ورجع بها اي بالقيمة في الصورتين كما رجع بثمنها ولو هالكة على بائعها اور مشتری لونڈی کے بائع سے ولد کی قیمت بھر لے دونون صورتون مین یعنے ایک ملک اور تزوج مین جیسے لونڈی کا ثمن بائع سے بھر لے اگرچہ لونڈی مرگئی ہو یعنے اگر لونڈی مشتری کے پاس جنی پھر اُسنے مستحق کو اُسکی قیمت اور اُسکے ولد کی قیمت کا تاوان دیا تو بائع سے اُسکا ثمن اور ولد کی قیمت بھر لے وكذا لو استولدها المشتري الثاني لكن انما يرجع المشتري الاول على البائع الاول بالثمن فقط كما في الجواهر

ولد المغرور

وغیرہا اور اسی طرح مشتری ثانی مشتری اول سے ثمن لونڈی کا اور قیمت ولد کی پھیر لے لیکن مشتری اول تو بائع اول سے فقط ثمن ہی پھیرے گا قیمت ولد کی
کذا فی المواہب وغیرہا لا العقر یا الذی اخذ منہ المستحق لا زومہ باستیفاء منافعہا کما مر فی باب المرابحۃ والاستحقاق مع مسائل التناقض وغالبہا مر فی متفرقات
القضاء ویجی فی الاقرار نہ پھیرے مشتری بائع سے لونڈی کا مہر مثل جو مستحق نے مشتری سے لیا بسبب لازم ہونے مہر مثل کے لونڈی کے منافع جماع کے
حاصل کرنے سے چنانچہ مذکور ہو چکا باب المرابحۃ والاستحقاق میں تناقض کے مسائل کے ساتھ اور اکثر مسائل مذکورہ کتاب القضا کی متفرقات میں گذر گئے
اور کتاب الاقرار میں بھی اسکا ذکر آویگا فروع مسائل لحقہ شارح کے التناقض فی موضع الخفاء عفو تناقض پوشیدگی کے مکان میں معاف ہے ہم مجملہ مواضع
مخفیہ اقرار رضا ہے تو اگر ایک شخص نے کہا کہ یہ میری رضیعہ ہے پھر اپنی خطا کا معترف ہوا تو اسکا دعوی خطا میں صحیح ہے اور بعد اسکے اسکا نکاح اس سے جائز ہے بشرطیکہ
اپنے اقرار پر ثابت نہ رہے یا اقرار گواہوں سے ثابت نہوا ہو اور از انجملہ یہ کہ ورثہ نے زوجہ کی تصدیق کی اقرار زوجیت اور دفع میراث پر پھر استرجاع میراث کا
دعوے کیا بحکم طلاق جو مانع ہے میراث کا تو دعوی مسموع ہے کہ انکا عذر بواسطہ استصحاب حال زوجیت اور بجہت خفاء بینونت کے ظاہر ہے اور از انجملہ یہ کہ
ایک کپڑا ردمال میں لپٹا کرایہ کو لیا پھر جب اسکو کھولا تو بولا یہ میرا ہے تو دعوی مسموع ہے باوجود تناقض اور اسپر شہادت مقبول ہے بقول راجح مفتی بہ کذا فی الطحطاوی
عن حواشی الاشباہ لاتسمع الدعوی علی غریم میت دعوی مسموع نہیں میت کے غریم پر ہم غریم بمعنی دائن اور مدیون ہے علامہ بیری کے کلام سے مستفاد
ہوتا ہے کہ غریم سے مراد یہاں دائن میت ہے اور حموی نے اسکو قوی کہا ہے کہ مدیون میت مراد ہے کذا فی الطحطاوی الا اذا وہب جمیع المال لاجنبی وسلمہ لہ
فانہا تسمع علیہ لکونہ زائدا غریم میت پر دعوی مسموع نہیں مگر جبکہ میت اپنا سب مال اجنبی کو ہبہ کرے اور اسکے قبضہ میں کر دے تو اسپر دعوی مسموع ہوگا
ثلث مال پر زیادہ ہونے سے ہم یہ استثنار منقطع ہے بزازیہ میں ہے کہ جسکے واسطے جمیع مال یا زائد علی الثلث کی وصیت ہو وہ خصم ہو سکتا ہے کذا فی الطحطاوی
ولا یجوز للمدعی علیہ الانکار مع علمہ بالحق الا فی دعوی العیب لیبرہن فیتمکن من الرد وفی الوصی اذا علم بالدین مدعا علیہ کو جائز نہیں انکار کرنا باوجود دریافت
ہونے حق مدعی کے مگر مبیع کے عیب میں انکار جائز ہے تا مدعی گواہوں سے عیب ثابت کرے تا مدعا علیہ قادر ہو اسکے پھیر دینے پر یعنی مدعا علیہ اس
مبیع کو اپنے بائع کو پھیر دے اور دعوے وصی میں انکار جائز ہے جبکہ وہ دین کو جانتا ہو علامہ ابو السعود نے کہا کہ دونوں مسئلوں میں ظاہر دو قول ہیں
یعنے جواز انکار اور عدم جواز واللہ اعلم کذا فی الطحطاوی لا تحلیف مع البرہان الا فی ثلث دعوی دین علی میت واستحقاق مبیع ودعوی آبق قسم
نہیں برہان کے ساتھ مگر تین مسئلوں میں دعوی دین میں میت پر اور استحقاق مبیع میں اور دعوے عبد آبق میں ہم تنویر الاذہان میں بزازیہ
سے ہے کہ جسنے میت پر دین کا دعوے کیا اور گواہوں سے ثابت کیا تو مدعی سے قاضی بلا خواہش وصی اور وارث کے یوں قسم لے کہ والد میرے نے
دین نہیں پایا مدیون سے اور نہ کسی نے اسکی طرف سے ادا کیا اور نہ کوئی چیز اسکی میرے پاس گروی اور نہ میری طرف سے کسی قابض نے کچھ قبض کیا
میرے امر سے اور نہ میں نے اسکو معاف کر دیا نہ کل نہ بعض اور نہ میں نے کسی کو اسپر حوالہ کیا انتہی اور جبکہ مبیع مشتری کے پاس مستحق غیر نکلی گواہوں سے
تو مستحق علیہ یعنے مشتری کو مستحق سے یوں قسم لینا جائز ہے کہ والد میں نے اسکو نہیں بیچا اور نہ ہبہ اور صدقہ کیا اور نہ یہ چیز میری ملک سے کسی وجہ سے
نکلی اور دعوت آبق کی یہ صورت ہے کہ قاضی نے غلام گریختہ کو قید کیا پھر ایک شخص آیا اور اسنے اسکا دعوے کیا اور گواہوں سے ثابت کیا کہ وہ اسکا
غلام ہے تو اس شخص سے قسم لیجائے کہ وہ غلام ہنوز اسکی ملک میں باقی ہے یا ہبہ سے اسکی ملک سے خارج نہیں ہوا پھر جب قسم کھائے تو اسکو دیا جائے
اور باوجود برہان قسم اسواسطے مدعی پر لازم آئی تا کہ حکم حاکم بطلان سے محفوظ رہے اور جو عاجز ہے اپنی بھلائی سے اسکی رعایت حال ہو کذا فی الطحطاوی
الاقرار لا یجامع البینۃ الا فی اربع وکالۃ ووصایۃ واثبات دین علی میت واستحقاق عین من مشتری ودعوی الآبق اقرار مجتمع نہیں ہوتا بینہ
کے ساتھ یعنے جب مدعا علیہ نے دعوے کیا اقرار کا تو اب گواہ لانے کی کچھ حاجت نہیں ثبوت دعوے میں مگر چار صورتوں میں اقرار مجتمع

ہوتا ہی گواہون سے ساتھ وکالت مین اور وصایت مین اور دین کے اثبات مین میت پر استحقاق عین مین مشتری سے اور غلام گریختہ کے دعوی مین م یہ چار صورتین نہین بلکہ پانچ ہین وکالت کی یہ صورت ہی کہ جب مدعا علیہ نے اقرار کیا کہ یہ شخص اس دین کے قبض کرنیکا وکیل ہی جو میرے اوپر ہی تو وکیل گواہ لاوے اپنی وکالت پر اسواسطے کہ اگر بدون گواہون کے اسکو دین دیگا تو مدعا علیہ کو ضرر ہوگا اسواسطے کہ وہ بری الذمہ نہوگا اگر موکل قابض کی وکالت کا انکار کرے اور وصایت کی یہ صورت ہی کہ ایک شخص نے قاضی سے کہا کہ فلان بن فلان نے مجکو وصی کیا اور وہ مرگیا اور اسکا اسپر آتا ہی پھر مدعا علیہ نے اسکی تصدیق نکی تو قاضی اسکی وصایت کو ثابت نہ کرے اسکے اقرار سے جب تک وصی گواہ نہ لاوے اسواسطے کہ اگر اسکو مال دیگا تو بری الذمہ نہوگا اگر میت کا وارث منکر وصایت ہو اور اثبات دین کی یہ صورت ہی کہ ایک شخص نے بعض ورثہ پر دعوی کیا کہ میرا دین میت پر ہی سو وارث نے دین کا اقرار کیا تو مدعی وارث کے حصے سے اپنا دین لے بقدر اسکے حصے کے اور مدعی کو اختیار ہی کہ اپنے حق کے واسطے گواہ لاوے تا کہ اسکا حق تمام ترکے سے متعلق ہوجاے اور اگر سب وارث اقرار کرین تو بھی گواہ اسکے مقبول ہین وارثون کے اور دوسرے داین کے حق مین اور استحقاق عین کی یہ صورت ہی کہ مشتری نے جبکہ استحقاق کا اقرار کیا مستحق کے واسطے تو وہ ثمن پھیر نہین سکتا پھر جب مستحق گواہ گذرانے استحقاق پر تو اب ثمن پھیر لیگا بائع سے اور عنقریب مذکور ہو چکا کہ انکار مع العلم جائز ہی تا کہ استرجاع پر قدرت حاصل ہو اور عبد آبق کے دعوے کی یہ صورت ہی کہ ایک شخص پر دعوی کیا کہ جو غلام اسکے پاس ہی وہ میرے پاس سے بھاگ آیا ہی اور اسنے اسکا اقرار بھی کیا تو مدعا علیہ کو طلب برہان جائز ہی اس احتمال سے کہ شاید کسی اور شخص کو ملک حاصل ہو گئی غلام کے مدعی کی جانب سے کذا فی الطحطاوی

لا تحلیف علی حق مجهول الا فی ست اذا اتهم القاضی وصی یتیم ومتولی وقف وفی رهن مجهول ودعوی سرقة وغصب وخیانة مودع قسم لینا حق مجہول غیر معین پر نہین مگر چھ صورتون مین جبکہ قاضی یتیم کے وصی اور وقف کے متولی کو متہم جانے اور رہن مجہول مین اور سرقہ اور غصب اور خیانت مودع کے دعوی مین م ایک شخص نے دعوے کیا کہ اسنے میرا مال کچھ تلف کیا یا مدیون نے کہا کہ مین نے کچھ دین ادا کیا مگر مجکو یاد نہین کہ کتنا تھا اور مدعا علیہ سے قسم چاہی تو قاضی اسکی طرف التفات نہ کرے تو جیسی جہالت قبول شہادت کی مانع ہی ویسی استحلاف کی مانع ہی لیکن اگر قاضی کو وصی یتیم یا متولی وقف مین کچھ شبہہ پڑے تو باوجود عدم دعوی حق معلوم دونون سے قسم لے برعایت حال یتیم و وقف رہن مجہول کی یہ صورت ہی کہ راہن نے رہن مجہول کا دعوی کیا مثلاً ثوب غیر معین کا سو مرتہن نے اسکا انکار کیا تو مرتہن سے قسم لیجائے بعض علمانے کہا بشرطیکہ مدعی مقدار دین کو مذکور کرے بعض علمانے کہا کہ ان مسائل مین سماع دعوی مع الجہالۃ متفق علیہ ہی مگر ودیعت اور غصب اور سرقہ کے دعوے مین بیان قیمت بعض مشائخ کے نزدیک شرط ہی واللہ اعلم کذا فی الطحطاوی ملخصا

لا یحلف المدعی اذا حلف المدعی علیه الا فی مسئلة فی دعوی البحر قال وهی غریبة یجب حفظها اشباه قلت وهی ما لو قال المغصوب منه کانت قیمة ثوبی مائة وقال الغاصب لم ادر ولکنها لا تبلغ مائة صدق بیمینه والزم بیانه فلو لم یبین یحلف علی الزیادة ثم یحلف المغصوب منه ایضا ان قیمته مائة ولو ظهر خیر الغاصب بین اخذه او قیمته فلیحفظ مدعی قسم نہ کھائے جبکہ مدعا علیہ قسم کھاچکے مگر ایک مسئلے مین جو بحر الرائق کی کتاب الدعوی مین مذکور ہی قسم ہی مدعی پر صاحب بحر نے کہا اور وہ مسئلہ عجیب ہی اسکا یاد رکھنا واجب ہی کذا فی الاشباہ مین کہتا ہون اور مسئلہ مذکورہ یہ ہی کہ اگر مغصوب منہ نے کہا کہ میرے کپڑے کی قیمت سو تھی اور غاصب نے کہا کہ مین اسکو نہین جانتا ولیکن اسکی قیمت سو تک نہ پہونچی تھی تو غاصب کی تصدیق ہوگی اسکی قسم کھانے کے ساتھ اور اسپر بیان قیمت لازم کیا جائیگا سو اگر وہ قیمت نہ بیان کرے تو زیادت پر قسم کھائے یعنے یون کہے کہ واللہ اسکی قیمت سو درم نہ تھی پھر مغصوب منہ سے بھی قسم لیجاے کہ اسکی قیمت سو درم تھی اور اگر ثوب مغصوب بعد اسکے ظاہر ہو تو غاصب کو اختیار ہوگا چاہے وہ کپڑا لے لیعنے بعوض دراہم مدفوعہ چاہے اسکی قیمت لے تو اسکو یاد رکھنا چاہیے م اگر مدعی قسم کھائے کہ واللہ اسکی قیمت سو درم تھی تو غاصب سے سو درم لے لیگا اور غاصب خواہ قسم کھائے یا نہ کھائے تو مغصوب منہ کا مدعا ثابت نہوگا جبتک مدعی مغصوب منہ قسم نکھالے کذا فی الطحطاوی

کتاب الاقرار

یہ کتاب ہی اقرار کے احکام مین هم اقرار کا حجت ہونا قرآن مجید سے ثابت ہی قال اللہ تعالیٰ (ولیملل الذی علیہ الحق) فرمایا حق تعالیٰ نے چاہیے کہ اقرار کرے وہ
شخص جسپر حق ثابت ہی تو اگر اقرار مقبول نہوتا تو اقرار کا کچھ فائدہ نہ تھا اور حدیث اور اجماع سے ثابت ہی کہ اقرار حجت ہی اپنی ذات کے حق مین مناسبتہ
ان المدعی علیہ اما منکر او مقر وہو اقرب لغلبۃ الصدق مناسبت کتاب الاقرار کی کتاب الدعوے سے یہ ہی کہ مدعا علیہ یا منکر دعوی مدعی ہی یا مقر اور
وہ یعنے اقرار حق قریب تر بحال مسلم ہی بواسطہ غلبۂ صدق یعنے مدعی کا صدق اپنے دعوی مین اور مقر کا صدق اپنے اقرار مین اسواسطے کہ عاقل اپنی ذات پر
کاذب اقرار نہین کرتا جسمین اسپر یا اسکے مال پر ضرر ہو تو جہت صدق فی حق نفسہ راجح ہی بسبب عدم تہمت کے اور کمال ولایت کے بخلاف اس اقرار کے
جو غیر شخص کے حق مین کرے ہو لغۃ الاثبات یقال قر الشیٔ اذا ثبت وہ یعنے اقرار لغت مین بمعنی اثبات ہی عرب بولتے ہین قر الشیٔ جبکہ شی ثابت اور مستقر ہو وشرعا
اخبار بحق علیہ للغیر من وجہ انشاء من وجہ قید بعلیہ لانہ لو کان لنفسہ یکون دعوے لا اقرارا اور اصطلاح شرع مین اقرار عبارت ہی غیر شخص کے
اس حق کی خبر دینے سے جو مقر پر ثابت اور لازم ہی اقرار اخبار ہی ایک راہ سے اور انشا ہی دوسری راہ سے مصنف نے اقرار کو بلفظ علیہ جو مفید ضرر مقر ہی
مقید کیا اسواسطے کہ اپنی ذات کے حق مین واسطے اگر اخبار ہو تو وہ دعوے ہوگا نہ اقرار هم اور اگر غیر کے حق کا اخبار ہو غیر شخص پر تو وہ شہادت ہی
ثم فرع علی کل من الشبہین پھر مصنف نے تفریع کی دونون شبہون پر یعنے چونکہ اقرار اخبار اور انشا دونون کے مشابہ تھا لہذا بعض جزئیات اقرار مین اخبار کا
حکم دیا گیا اور بعضے جزئیات مین انشا کا حکم دیا گیا فقال فلوجہ الاول وہو الاخبار صح اقرارہ بمال مملوک للغیر ومتی اقر بملک الغیر یلزمہ تسلیمہ ای المقر لہ
اذا ملکہ برہۃ من الزمان لنفاذہ علی نفسہ ولو کان انشاء لما صح لعدم وجود الملک تو باعتبار وجہ اول یعنے اخبار کے صحیح ہی اقرار مقر کا غیر شخص کے
مال مملوک کا اور جبکہ اسنے ملک غیر کا اقرار کیا تو اوسکو تسلیم کرنا اس مال کا مقر لہ کو لازم ہوگا جبکہ مقر اس مال کا اندک مدت بھی مالک ہو بسبب نافذ
ہونے اقرار کے اپنی ذات پر اور اگر اقرار انشا ہوتا تو صحیح نہوتا بسبب نہ موجود ہونے ملک کے یعنی اقرار کے وقت مقر اس مال کا مالک نتھا کہ اقرار صحیح ہوتا
هم مثلاً زید نے اقرار کیا کہ یہ غلام خالد کا ہی پھر زید اسکا مالک ہوا کسی وقت مین تو اسپر لازم ہوگا کہ غلام خالد کو تسلیم کرے مفتی ابو السعود نے کہا کہ اس مسئلے سے
نکلتا ہی کہ اگر ایک شخص نے ایک چیز کا دعوی کیا غیر کے قبضے مین پھر ایک شخص نے اسکی گواہی دی اور کسیوجہ سے مقبول نہوئی پھر شاہد اس چیز کا مالک ہوا تو اسکو تسلیم
الی المدعی کا حکم ہوگا وفی الاشباہ اقر بحریۃ عبد ثم شراہ عتق علیہ ولا یرجع بالثمن او بوقفیۃ دار ثم شراہا او ورثہا صارت وقفا مواخذۃ لہ بزعمہ اور اشباہ مین ہی
کہ ایک غلام کی آزادی کا اقرار کیا پھر اسکو خرید کیا تو وہ غلام اسپر آزاد ہو جاے گا اور اسکا ثمن بایع سے نہ پھیر سکے گا یا ایک گھر کے وقف ہونے کا
اقرار کیا پھر اسکو خرید لیا یا اسکا وارث ہوا تو وہ گھر وقف ہو جائیگا اسکے زعم پر مواخذہ کرکے هم رجوع ثمن اسواسطے نہوگا کہ اقرار فقط مقر پر حجت ہوتا ہی
نہ غیر پر ولا یصح اقرارہ بطلاق وعتاق مکرہا ولو کان انشاء لصح لعدم التخلف اور صحیح نہین اسکا اقرار طلاق اور عتاق کا زبردستی سے اور
اگر اقرار انشا ہوتا تو صحیح ہوتا بجہت عدم تخلف کے هم طلاق اور عتاق کا اقرار از راہ زبردستی اسواسطے صحیح نہین کہ دلیل کذب یعنی اکراہ موجود ہی اور اقرار
اخبار ہی احتمال رکھتا ہی صدق اور کذب کا تو اسکے مدلول لفظی وضعی کا تخلف لفظ سے جائز ہی اور اگر انشا ہوتا تو تخلف صحیح نہوتا اسواسطے کہ انشا مین مدلول
لفظی وضعی کا تخلف ممتنع ہی وصح اقرار العبد الماذون لعین فی یدہ والمسلم بخمر وبنصف دارہ مشاعا والمراۃ بالزوجیۃ من غیر
شہود ولو کان انشاء لما صح اور صحیح ہی اقرار عبد ماذون کا اس عین مین جو اسکے پاس ہی اور مسلم کا اقرار صحیح ہی شراب مین اور اپنے گھر مین نصف مشاع کا
غیر مقسوم
اقرار صحیح ہی اور زوجیت کا اقرار عورت کی جانب سے بلا شہود صحیح ہی اور اگر اقرار انشا ہوتا تو مسائل مذکورہ مین صحیح نہوتا هم درصورت انشا ہونیکے عبد ماذون کا
اقرار اسواسطے صحیح نہوتا کہ اسکا اقرار تبرع ہوتا اسکی جانب سے اور عبد لائق تبرع کے نہین وجب مسلم نے شراب کا اقرار کیا تو اسکو حکم ہوگا کہ مقر لہ کو تسلیم کرے اور اگر

انشاء ہوتا اقرار تو لازم آتی تملیک شراب کیجانب سے اور حالانکہ مسلم نہ شراب کا مالک ہوسکتا ہی نہ غیر کو مالک کرسکتا ہی اور نصف دار مشاع کا اقرار صحیح ہو بسبب
اسکے اخبار ہونے کے اور اگر انشا ہوتا تو یہ مشاع ہوتا اور ہبہ مشاع قابل قسمت تمام نہین ہوتا باوجود قبض کے بھی اور اسیطرح زوجیت کا اقرار اخبار ہونیکی جہت سے صحیح ہو اور نہ
بلا شہود صحیح نہوتا ولا تسمع دعواہ علیہ بانہ اقر لہ بشیء معین بناء علی الاقرار لہ بذلک یفتی لانہ اخبار یحتمل الکذب حتی لو اقر کاذبا لم یحل لہ لان الاقرار لیس سببا
للملک نعم لو سلمہ برضاہ کان ابتداء ہبۃ وہو الاوجہ بزازیہ اور مسموع نہین دعوے مقر لہ کا اسطرح کہ اُسنے اُسکے واسطے شے معین کا اقرار کیا بنا بر اس
اقرار کے اسی قول کا فتوی ہی اسواسطے کہ اقرار محتمل کذب کا ہی یہان تک کہ اگر جھوٹا اقرار کرے تو مقر لہ کو وہ چیز حلال نہین یعنے اسکو زبردستی لینا
باعتبار دیانت کے جائز نہین اسواسطے کہ اقرار ملک ہونے کا سبب نہین ہان اگر مقر اپنی خوشی مقر لہ کو وہ چیز تسلیم کرے تو اب یہ ابتداء ہبہ
ٹھہرے گا اور یہی قول وجہ اور مدلل تر ہی کذا فی البزازیہ الا ان یقول فی دعواہ ہو ملکی واقر لی بہ او یقول لی علیہ کذا وہکذا اقر بہ فتسمع اجماعا
لانہ لم یجعل الاقرار سببا للوجوب مگر یہ کہ مدعی اپنے دعوے مین یون کہے وہ شے میری ملک ہی اور مدعا علیہ نے اُسکا اقرار بھی کیا ہی میرے واسطے یا یون
کہے کہ میرا اُسپر اتنا ہی اور اسیطرح اُسنے اقرار بھی کیا ہی تو اب دعوی مسموع ہوگا بالاتفاق اسواسطے کہ مدعی نے اقرار کو وجوب ملک کا سبب نہین ٹھہرایا ثم لو انکر
الاقرار ہل یحلف الفتوی انہ لا یحلف علی الاقرار بل علی المال پھر بعد دعوی ملک و اقرار کے اگر مدعا علیہ اپنے اقرار کرنے کا منکر ہو تو کیا اُس سے
قسم لیجائے گی یا نہین فتوی یہ ہی کہ اُس سے اقرار پر قسم نہ لیجائے گی بلکہ مال مدعا بہ پر قسم لیجائے واما دعوی الاقرار فی الدفع فتسمع عند العامۃ اور اقرار
کا دعوے تو دفع مین جمہور فقہا کے نزدیک مسموع ہی یعنے اگر مدعا علیہ نے گواہ قائم کیے کہ مدعی نے اقرار کیا ہی کہ اُسکا حق جانب مدعا علیہ کچھ نہین
یا عین مدعا بہ مدعا علیہ کی ملک ہی تو دعوی مسموع اور گواہ مقبول ہین وللوجہ الثانی وہو الانشاء لو رد المقر لہ اقرارہ ثم قبل لا یصح ولو
کان اخبارا لصح اور باعتبار وجہ ثانی یعنی اقرار کے انشا ہونے کے اگر مقر لہ نے مقر کا اقرار رد کیا بعد اسکے قبول کیا تو صحیح نہین اور اگر اقرار اخبار
ہوتا تو صحیح ہوتا م اقرار بعد رد کے وہان صحیح نہین جہان اقرار رد ہوجاتا ہی رد کردینے سے چنانچہ ہبہ وغیرہ اور جو چیز رد کردینے سے رد نہین
ہوتی چنانچہ رق اور نسب تو انمین اگر اقرار کریگا اور بعد رد کرنے کے مقر لہ اُسکا دعوی کریگا تو مقبول ہی اور عقود لازمہ مانند نکاح رد نہین ہوتے
رد کرنے سے تو اگر مرد نے عورت سے کہا کہ مین نے تجھسے کل نکاح کیا عورت نے کہا کہ نہین پھر بولی کہ ہان اور مرد بولا کہ نہین تو مرد کو نکاح لازم ہوگا اسواسطے
کہ مرد کا اقرار باطل نہین ہوتا اسلیے کہ نکاح عقد لازم ہی کہ مجرد انکار احد الزوجین کے باطل نہین ہوتا تو عورت کی تصدیق بعد تکذیب کے صحیح ہی تو نکاح ثابت ہوگا
اور مرد کا انکار بعد اقرار کے معتبر نہوگا کذا فی الطحطاوی واما بعد القبول فلا یرتد بالرد اور بعد قبول کرلینے کے تو اقرار رد نہین ہوتا رد کردینے سے ولو اعاد المقر
اقرارہ فصدقہ لزمہ لانہ اقرار آخر اور اگر مقر نے دوبارہ اقرار کیا بعد رد کرنے کے سو مقر لہ نے اُسکی تصدیق کی تو اسکو لازم ہوگا اسواسطے کہ یہ دوسرا اقرار ہی
جسکی تصدیق ہوئی اور اقرار مردود اور ہے ثم لو انکر اقرارہ الثانی لا یحلف ولا تقبل علیہ بینۃ قال البدائع والاشبہ قبولہا واعتمدہ ابن الشحنۃ واقرہ
الشرنبلالی پھر اگر مقر نے اپنے اقرار ثانی کا انکار کیا تو اُس سے قسم نہ لیجائیگی اور مقر لہ کے گواہ اُسپر مقبول نہون گے قاضی بدیع استاد صاحب قنیہ نے کہا
اور اشبہ بقواعد فقہ قبول بینہ ہی اور ابن شحنہ شارح وہبانیہ نے اُسپر اعتماد کیا ہی اور شرنبلالی نے اس قول کو ثابت رکھا ہی والملک
الثابت بہ بالاقرار لا یظہر فی حق الزوائد المستہلکۃ فلا یملکہا المقر لہ ولو اخبارا لملکہا اور جو ملک کہ اقرار سے ثابت ہی ظاہر نہین
ہوتی زوائد مستہلکہ کے حق مین تو زوائد مذکورہ کا مقر لہ مالک نہوگا اور اگر اقرار اخبار ہوتا تو انکا مالک ہوتا مثلاً زید نے کہا کہ یہ باغ
خالد کا ہی اور پھل اُس باغ کے تیار تھے سو اُسنے توڑے اور اپنے تصرف مین لایا تو زید پر اُسکا ضمان لازم نہوگا کیونکہ اس صورت مین
اقرار انشا ہی گویا اُسنے فی الحال خالد کو مالک کیا اقر حر مکلف یقظان طائعا او عبد او صبی او معتوہ ماذون لہم ان اقروا بتجارۃ کا قرار

نفع البدائع

محجور بحد وقود والاقیمة عتقه ونائم ومغمی علیه کمجنون وصبی السکران ومر المکرہ بحق معلوم او مجہول صح حق معلوم یا مجہول کا اقرار کیا آزاد بالغ عاقل
بیدار نے اپنی خوشی سے یا عبد ماذون یا صغیر ماذون یا معتوہ ماذون نے اقرار کیا بشرطیکہ ماذونین کا اقرار متعلق بسوداگری ہو تو صحیح ہی بسبب عبد محجور
غیر ماذون کا اقرار حد اور قصاص مین صحیح ہی اور اگر عبد محجور کا اقرار مال کا ہو نہ حد اور قصاص کا تو بعد عتق کے صحیح ہوگا یعنی اسکا مواخذہ بعد اسکے آزادی
کے ہوگا اور سوتا آدمی اور مغمی علیہ مجنون کے مانند ہی جسکا اقرار صحیح نہین اور مست کا اقرار آگے مذکور ہوگا اور مکرہ کا اقرار عنقریب
مذکور ہو چکا کہ طلاق اور عتاق مین بھی زبردستی کا اقرار صحیح نہین ہم عبد اور صغیر اور معتوہ ماذونین کا اقرار مال مین صحیح ہی اسواسطے کہ یہ ضرورت
تجارت سے ہی اور اگر انکا اقرار صحیح نہو تو کوئی شخص اُنسے معاملہ نہ کرے تو جو امر متعلق تجارت ہی وہ اذن مین داخل ہی چنانچہ دیون اور عواری
اور مضاربات اور غصوب اور جو امر متعلق تجارت نہین چنانچہ مہر اور جنایت اور ضمانت اُسمین انکا اقرار صحیح نہین کذا فی الطحطاوی لان جہالة
المقر بہ لا تضر الا اذا بین سبباً تضرہ الجہالة کبیع واجارة اقرار حق مجہول کا اسواسطے صحیح ہی کہ جہالت مقر بہ کی مضرت نہین کرتی مگر جبکہ مقر ایسا
سبب بیان کرے جسکو جہالت ضرر کرتی ہی چنانچہ بیع اور اجارہ ہم اقرار مجہول اسواسطے صحیح ہی کہ گاہے مقر پر حق مجہول لازم آجاتا ہی اسطرح کہ
اُسنے کچھ مال تلف کر ڈالا جسکی قیمت اسکو معلوم نہین ہاں بیع اور اجارہ کی جہالت البتہ مضر ہی مثلاً اقرار کیا کہ اُسنے فلانے سے کوئی چیز بیع کی یا اجارہ
رکھی یا کوئی چیز خریدی کی تو اقرار صحیح نہین اور مقر پر جبر ہوگا تسلیم کا واما جہالة المقر فتضر لقوله علی احدنا الف درہم لجہالة المقضی علیہ الا اذا جمع بین عبدہ
ونفسه فیصح اور اقرار کرنے والے کی جہالت تو مضر ہی چنانچہ مقر کا یون کہنا کہ ہم لوگون مین سے ایک شخص پر ہزار درم تیرے ہین بسبب نہ معلوم
ہونے اُس شخص کے جسپر ہزار درم کا حکم کیا جاوے مگر جبکہ مقر اپنے غلام اور اپنی ذات کو جمع کرے تو ایسی جہالت مقر کی صحیح ہی مثلاً ایک شخص نے
یون اقرار کیا کہ تیرے پانچ درم ہین مجھپر یا میرے غلام پر تو صحیح ہی اسواسطے کہ ہر صورت موسے پر مطالبہ متوجہ ہوگا نہ غلام پر ولذا التضر جہالة المقر ان حنث
فلو احد من الناس علی کذا اور اسیطرح مقر لہ کی جہالت ضرر کرتی ہی اگر جہالت فاحش اور کثیر ہو چنانچہ یون اقرار کرنا کہ لوگون مین سے ایک شخص کا مجھپر اتنا
مال ہی والا لا کاحد ہذین علی کذا فیصح ولا یجبر علی البیان لجہالة المدعی بحر ونقله فی الدرر لکن باختصار مخل کما بینه عزمی زادہ اور اگر مقر لہ کی جہالت فاحش نہو
تو ضرر نہین کرتی چنانچہ یہ اقرار کہ ان شخصون مین سے ایک شخص کا میرے اوپر اتنا ہی تو صحیح ہی اور مقر پر جبر نہ کیا جائیگا بیان کرنے پر بسبب مجہول
ہونے مدعی کے کذا فی البحر اور اسکو درر مین نقل کیا ہی لیکن باختصار مخل چنانچہ عزمی زادہ نے بیان کیا ہی ہم مثال مذکور مین اسواسطے اقرار
صحیح ہوا کہ صاحب حق باہر نہین دو شخصون سے اور ایسی صورت مین امر ہوگا یاد کرنے کا اسواسطے کہ صاحب حق کو گاہے مقر بھول بھی جاتا ہی
صاحب درر کی نقل مین خلل یہ واقع ہوا کہ اُسنے جبر علی البیان ذکر کیا ہی اور عزمی زادہ کا حاصل بیان یہ ہی کہ مقر پر جبر اُس صورت مین ہی جبکہ مقر بہ مجہول ہو
نہ کہ مقر لہ کی جہالت مین اسواسطے کہ جبر ہوتا ہی صاحب حق کے واسطے اور وہ یہان مجہول ہی کذا فی الطحطاوی ولزمه بیان ما جہل کشیء وحق بذی قیمة
کفلس وجوزة لا بما لا قیمة له کحفنة تراب وجلد میتة وصبی حر لانه رجوع فلا یصح اور مقر کو لازم ہوگا اُس مقر بہ کا بیان کہ جسکو اُسنے مجہول بیان کیا مانند شیء اور حق کے
بیان چاہیے قیمت والی چیز سے چنانچہ پیسا اور اخروٹ نہ اُس چیز سے جسکی کچھ قیمت نہین چنانچہ ایک دانہ گیہون کا اور مردار کی کھال اور صغیر آزاد
اسواسطے کہ بلا قیمت چیز کا بیان کرنا رجوع ہی اقرار سے تو صحیح نہوگا ہم جبکہ مقر نے حق مجہول کا اقرار اسطرح کیا کہ زید کی مجھپر کچھ چیز ہی یا حق تو اُسپر
بیان لازم ہی قیمت دار چیز سے نہ بلا قیمت سے زیلعی مین ہی کہ اگر مقر نے یون بیان کیا کہ مین نے حق سے حق اسلام کا ارادہ کیا تو اُسکی تصدیق نہوگی
اسواسطے کہ اسکو عرف مین حق نہین بولتے اور یہی حق لائق اعتماد کے ہی والقول للمقر مع حلفه لانه المنکر ان ادعی المقر له اکثر منه ولا بینة اور
مقر کا قول مقبول ہی اُسکی قسم کے ساتھ اسواسطے کہ وہ منکر ہی زیادت کا اگر مقر لہ اُسکے بیان کرنے سے زیادہ تر کا دعوے کرے اور

اسکے گواہ نہون ولا یصدق فی اقل من درہم فی علی مال اور تصدیق نہوگی مقر کی ایک درم سے کمتر مین اس اقرار مین کہ میرے ساپر مال ہی یعنے
اسواسطے کہ درم سے کمتر کو عرف مین مال شمار نہین کرتے ومن النصاب ای نصاب الزکوۃ فی الاصح اختیار وقیل ان المقر فقیر فنصاب السرقۃ وصحح فی مال
عظیم لو بینہ من الذہب او الفضۃ اور اگر مقر نے اقرار کیا کہ مجھپر مال عظیم ہی سونے یا چاندی سے تو نصاب یعنے نصاب زکوۃ سے کمتر کے بیان مین
اسکی تصدیق نہوگی کذا فی الاختیار اور بعضون نے کہا کہ اگر مقر محتاج ہی تو نصاب سرقہ سے کمتر مین تصدیق نہوگی اور اس قول کی بھی تصحیح ہوئی ہی
م نصاب زکوۃ کو مال عظیم اسواسطے قرار دیا کہ نصاب عظیم ہی شرعا اسلئے صاحب نصاب کو غنی قرار دیا اور مواسات فقرا اسپر واجب ہوگی اور عرف مین بھی
اسکو غنی کہتے ہین ومن خمس وعشرین من الابل لانہا ادنی نصاب یوخذ من جنسہ اور پچیس اونٹ سے کمتر مین اسکی تصدیق نہوگی اگر یون
بولا کہ مجھپر مال عظیم ہی اونٹون سے اسواسطے کہ پچیس اونٹ کمتر نصاب ہی جو اونٹ کی جنس سے لیجاتی ہی م یہ جواب ہی اس سوال کا کہ اونٹ کی کمتر
نصاب پانچ اونٹ ہین جسمین ایک بکری لیجاتی ہی حاصل جواب یہ ہی کہ پچیس سے کمتر مین زکوۃ ہم نصاب نہین لیجاتی ہان پچیس سے ایک اونٹ لیا جاتا ہی
تو باعتبار اخذ مجانست پچیس ہی ادناے نصاب ٹھہری ومن قدر النصاب قیمۃ فی غیر مال الزکوۃ اور مقدار نصاب کی قیمت سے کمتر مین تصدیق
نہوگی غیر مال زکوۃ مین م یعنی جس مال مین زکوۃ واجب نہین اسکو مال عظیم کے بیان مین ذکر کیا اس طرح کہ مجھپر مال عظیم ہی ثیاب اور کتب سے تو یہان
نصاب باعتبار قیمت کے معتبر ہوگی یعنے اگر اسنے اتنے ثیاب یا اتنی کتابین ذکر کین جنکی قیمت دوسو درم چاندی یا سات مثقال سونا نہین تو اسکی
تصدیق نہوگی ومن ثلثۃ نصب فی اموال عظام ولو فسرہ بغیر مال الزکوۃ اعتبر قیمتہا کما مر اور تین نصابون سے کمتر مین تصدیق نہوگی اس قول
مین کہ علی اموال عظام یعنے مجھپر بڑے مال ہین اور اگر اموال عظام کی تفسیر غیر مال زکوۃ یعنے ثیاب وغیرہا سے کرے گا تو تین نصابون کی قیمت معتبر
ہوگی چنانچہ ابھی مذکور ہوچکا م اموال عظام مین تین نصابین اسواسطے معتبر ہوئین کہ تین اول جمع ہین وفی دراہم ثلثۃ م اور دراہم مین تین
درم سے کمتر مین تصدیق نہوگی یعنے اگر یون اقرار کیا کہ مجھپر دراہم ہین تو تین دراہم سے کمتر مین تصدیق نہوگی بدلیل گذشتہ وفی دراہم
او دنانیر او ثیاب کثیرۃ عشرۃ لانہا نہایۃ اسم الجمع اور اس اقرار مین کہ مجھپر دراہم کثیرہ یا دنانیر کثیرہ یا ثیاب کثیرہ ہین دس درم یا دس دینار یا دس
کپڑے لازم ہونگے اسواسطے کہ دس منتہاے اسم جمع ہی تو وہ ہی اکثر ٹھہرا باعتبار لفظ کے م عشرہ نہایت جمع قلت کی ہی نہ جمع کثرت کی تو اگر
شارح یون کہتا لانہا اقل مدلول جمع الکثرۃ تو بہتر ہوتا اور یہ مبنی ہی احد القولین پر کذا فی الطحطاوی وکذا درہما درہم علی المعتمد اور اس اقرار مین
کہ علی کذا درہما ایک درم لازم ہوگا بقول معتمد ولو خفضہ لزمہ مائۃ درہم اور درہم کو بعد لفظ کذا کے مکسور کہا اس طرح کہ علی کذا درہم تو سو درم لازم ہونگے
وفی درہم او درہم عظیم درہم والمعتبر الوزن المعتاد الا بحجۃ زیلعی اور اس اقرار مین کہ علی درہم بلفظ تصغیر یا یون کہا کہ علی درہم عظیم ایک درم
لازم ہوگا اور درم کا وزن وہ معتبر ہی جو اس شہر مین رائج اور معتاد ہو مگر حجت سے البتہ غیر معتاد معتبر ہوگا کذا فی الزیلعی م یعنے تصغیر اور تعظیم مین
پورا درم باعتبار وزن کے معتبر ہی نہ کم نہ زیادہ وکذا کذا درہما احد عشر اور اس اقرار مین کہ علی کذا کذا درہما گیارہ درم لازم ہین م اسواسطے
کہ دو عدد مبہم بغیر حرف عطف کے مقر نے مذکور کیے اور اس طرح کا اقل عدد مفسر احد عشر ہی اور اکثر تسعۃ عشر اور اقل بلا بیان لازم ہوا اور زیادتی
اسکے بیان پر موقوف ہی کذا فی المنح وکذا وکذا احد وعشرون لان نظیرہ بالواو احد وعشرون اور اس اقرار مین کہ علی کذا وکذا درہما مقر پر
اکیس درم لازم ہین اسواسطے کہ اس عدد مبہم کا مانند عدد مفسر سے واو کے ساتھ احد وعشرون ہی م اگر شارح یون کہتا لانہ اقل نظیرہ تو بہتر ہوتا
کذا فی الطحطاوی ولو ثلث بلا واو فاحد عشر اذ لا نظیر لہ فحمل علی التکرار اور اگر لفظ کذا کو مقر تین بار بولا بدون واو کے اس طرح کہ علی کذا کذا کذا
تو احد عشر یعنے گیارہ لازم ہین اس عدد مبہم کا مفسر کوئی مانند نہین تو تیسرا لفظ تکرار پر محمول ہوا ومعہا فمائۃ واحد وعشرون اور اگر

کذا کا لفظ تین بار بولا واو کے ساتھ اسطرح کہ علے کذا وکذا وکذا تو مائۃ واحد وعشرون لازم ہین یعنی ایک سو اکیس ہم اسواسطے کہ قلیل تعبیر مین عدد کی واو کے ساتھ مائۃ واحد وعشرون ہی کذا فی الدرر وان ربع مع الواو زید الف اور کذا کا لفظ چار بار بولا واو کے ساتھ اسطرح کہ علے کذا وکذا وکذا وکذا تو عدد سابق پر الف کا لفظ زیادہ کیا جاوے اس طرح کہ الف ومائۃ واحد وعشرون یعنے گیارہ سو اکیس لازم ہونگے اسواسطے کہ یہی اسکا نظیر ہی عدد مفسر سے کذا فی الدرر ولو خمس زید عشرۃ الآف اور اگر پانچ بار کذا کا لفظ بولا اس طرح کہ علی کذا وکذا وکذا وکذا وکذا تو عدد سابق پر عشرۃ الآف زیادہ ہونگے اسطرح کہ عشرۃ الآف والف ومائۃ واحد وعشرون یعنے گیارہ ہزار ایک سو اکیس ولو سدس زید مائۃ الف اور اگر لفظ کذا چھ بار بولا تو عدد سابق پر مائۃ الف زیادہ ہوگا اس طرح کہ مائۃ الف وعشرۃ الآف والف ومائۃ واحد وعشرون یعنے ایک لاکھ گیارہ ہزار ایک سو اکیس لازم ہونگے ولو سبع زید الف الف اور اگر لفظ کذا کا سات بار بولا تو عدد سابق پر الف الف زیادہ ہوگا اس طرح کہ الف الف ومائۃ الف وعشرۃ الآف والف ومائۃ واحد وعشرون یعنی گیارہ لاکھ گیارہ ہزار ایک سو اکیس وہکذا یعتبر نظیرہ ابدا اور اسیطرح عدد مبہم کا نظیر عدد مفسر سے ہمیشہ غیر متناہی معتبر ہوگا ولو قال لہ علی اولہ قبلی فہو اقرار بدین لان علے للایجاب وقبلی للضمان غالبًا اور اگر بولا کہ علے یعنے اسکا مجھ پر یا یون بولا کہ قبلی یعنے اسکا میری جانب تو یہ قول دین کا اقرار ہی اسواسطے کہ لفظ علی ایجاب کے واسطے ہی اور لفظ قبلی ضمان کے واسطے غالبًا مستعمل ہی پس قول اول اسواسطے دین کا اقرار ہوا کہ علی ایجاب مین مستعمل ہوتا ہی اور محل ایجاب ذمہ ہی اور ذمہ مین دین ثابت ہوتا ہی نہ عین اور قبلی کا لفظ اگرچہ ایجاب ورامانت دونون مین مستعمل ہوتا ہی لیکن ایجاب مین اسکا استعمال غالب ہی اور مطلق غالب الاستعمال کیطرف منصرف ہوتا ہی کذا فی الاتقانی وصدق ان وصل بہ ہو ودیعۃ لانہ یحتملہ مجازًا اور اسکی تصدیق ہوگی اگر اسنے اس کلام سے ہو ودیعۃ کو ملایا اسواسطے کہ لفظ علی اور قبلی کا مجازًا ودیعت کا بھی احتمال رکھتا ہی اسواسطے کہ علی اور قبلی سے وجوب پیدا ہوتا ہی اور وجوب ودیعت مین بھی متحقق ہی اسواسطے کہ ودیعت کا حفظ واجب ہی اور قبلی کا استعمال معلوم ہوچکا کہ امانت مین بھی ہوتا ہی وان فصل لا یصدق لتقرر بالسکوت اور اگر ہو ودیعۃ کو لہ علے یا لہ قبلی سے جدا کہا تو اسکی تصدیق نہوگی بسبب ثابت ہونے دین کے سکوت سے بین الکلامین عندی او معی او فی بیتی او فی کیسی او فی صندوقی اقرار بامانۃ عملا بالعرف اور لفظ عندی یا معی یا فی بیتی یا فی کیسی یا فی صندوقی اسکا اقرار ہی کہ وہ چیز امانت ہی عرف پر عمل کرنے سے یعنی اسکی چیز میرے نزدیک ہی یا میرے ساتھ یا میری کوٹھری مین یا میری تھیلی مین یا میرے صندوق مین ہی جمیع مالی او ما املکہ لہ او لہ من مالی او من دراہمی کذا فہو ہبۃ لا اقرار اگر بولا کہ میرا سب مال اسکا ہی یا جسکا مین مالک ہون اسکا ہی اور میرے مال سے یا میرے دراہم سے اسکے اتنے ہین تو یہ قول ہبہ ہی نہ اقرار ولو عبر بفی مالی او بفی دراہمی کان اقرارا بالشرکۃ اور اگر یون تعبیر کی کہ میرے مال مین یا میرے درمون مین اسکا اتنا ہی تو یہ شرکت کا اقرار ہی فلا بد لصحۃ الہبۃ من التسلیم بخلاف الاقرار تو ضرور ہی ہبہ صحیح ہونیکے واسطے تسلیم جمیع مال مین بخلاف اقرار کے کہ اسکی صحت کے لیے تسلیم ضرور نہین ہم جبکہ جمیع مالی لہ یا ما املکہ لہ ہبہ ٹھہرا نہ اقرار تو اگر بعد اس قول کے اسنے اپنا سب مال اسکو دیدیا تو ہبہ صحیح ہوگا والا غیر صحیح والاصل انہ متی اضاف المقربہ الی ملکہ کان ہبۃ اور قاعدہ کلیہ بیان یہ ہی کہ جب مقرنے مقربہ کو اپنی ملک کی طرف مضاف اور منسوب کیا تو وہ ہبہ ہوگا ہم اسواسطے کہ اپنی ذات کی طرف نسبت کرنا اسکے منافی ہی کہ اسکو حمل کیجئے اقرار پر کہ وہ اخبار ہی نہ انشا پھر جب انشا ہوا تو قول مذکور ہبہ ہوگیا تو اسمین وہ شرط ہوگی جو ہبہ مین شرط ہی اگر اسکو اپنی ذات کی طرف مضاف نکیا مثلا یون کہا کہ ہذا المال لفلان : یعنے یہ مال فلانے شخص کا ہی تو یہ اقرار ہی نہ ہبہ ولا یرد دار فی بیتی لانہا اضافۃ نسبۃ لا ملک اور قاعدہ مذکورہ پر اعتراض وارد نہوگا دار فی بیتی کا اسواسطے کہ یہ نسبت اضافت ہی نہ ملک کی ہم حاصل اعتراض یہ ہی کہ دار فی بیتی مین اضافت بیت کی مقر کی طرف موجود ہی اور باوجود اسکے یہ اقرار ہی نہ ہبہ خلاصہ جواب یہ ہی کہ یہ ملک مقر کی اضافت ملک نہین بلکہ نسبت کی اضافت ہی چنانچہ لکھنؤ کا مثلا رہنے والا کہے کہ لکھنؤ میرا شہر ہی تو یہ سکونت شہر کی اضافت ہی نہ ملک کی ہذہ الارض التی حدودہا کذا لطفلی فلان فانہ ہبۃ وان لم یقبضہ لانہ فی یدہ الا ان یکون مما یحتمل القسمۃ فیشترط

قبضہ میں ہو ذاتی للاہ ما فی تقدیرہ ایل قول المصنف اقرار الاخر بعین ہو لم یضفہ لکن من المعلوم لکثیر من الناس انہ ملکہ فل یکون اقرارا او تملیکا المبنی الثانی فیراعی
فیہ شرائط التملیک فی اجیہ اور بنا اعتراض وارد ہوگا قاعدۂ مذکورہ پر اس قول کا کہیں زمین کی ایسی حدین ہین وہ میرے فلانے طفل کی ہی
اسواسطے کہ یہ قول ہبہ ہی اگرچہ طفل نے اسپر قبضہ نکیا ہو اسواسطے کہ طفل صغیر باپ کے پاس ہی تو باپ کا قبضہ بعینہ صغیر کا قبضہ ہی مگر یہ کہ ہو بیجا
اس قسم سے ہو جسمین قسمت کا احتمال ہو یعنے اور باپ صغیر کو اسمین سے بعض ہبہ کرے نہ سب تو اسکا جداگانہ قبضہ شرط ہوگا انتفی
الاعتراض اسواسطے زمین مذکورہ کا اعتراض وارد نہوگا کہ اضافت زمین کی متکلم کی طرف تقدیری ہی مصنف کے اس قول کی دلیل
سے کہ دوسرے شخص کے واسطے شی معین کا اقرار کیا اس شی کو اپنی طرف مضاف نکیا لیکن اکثر لوگون کو معلوم ہی کہ وہ شی مقر کی ملک ہی
تو کیا یہ قول اقرار ہوگا یا تملیک جواب مناسب فقہ یہ ہی کہ یہ قول تملیک ہوگا تو اسمین شرائط تملیک کی مرعی ہونگی سو اسکی طرف مراجعت کرو قاعدۂ
مذکورہ سے یہ مفہوم ہوتا ہی کہ جب مقر بہ کو مقر اپنی طرف اضافت نکرے تو وہ اقرار ہوا نہ ہبہ تو چاہیے کہ مسئلہ اس سبب عدم اضافت ارض اقرار ہوا ور
حالانکہ وہ ہبہ ہی خلاصہ جواب یہ ہی کہ اگرچہ اس مسئلہ مین اضافت صریح نہین ہی لیکن اسمین اضافت تقدیری ہی گویا اسنے یون کہا کہ میری وہ زمین جسکی ایسی
حدین ہین وہ میرے فلانے طفل صغیر کی ہی اور اضافت تقدیری پر دلیل یہ ہی کہ ملک اس زمین کی لوگون کو معلوم ہی الاصل اضافت الی النفس جو مقتضی
تملیک ہی خواہ صریح ہو یا تقدیری کہ قرائن سے معلوم ہو چنانچہ لوگون مین مشہور ہونا کہ وہ متکلم کی مملوک ہی کذا فی الطحطاوی ملخصا **قال لی علیک الف**
فقال اتزنہ او انتقدہ او ابت جلنی بہ او قضیتکہ ایاہ او ابرأتنی منہ او تصدقت بہ علی او وہبتہ لی احلتک بہ علی زید
ونحو ذلک **فہو اقرار لہ بہا** لرجوع الضمیر الیہا فی کل ذلک عزمی زادہ فکان جوابا ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ میرے تجپر ہزار ہین سو مخاطب نے کہا
کہ انکو وزن کر لے یا انکو پرکھ لے یا انکی مجکو مہلت دے یا مین تجکو وہ دیچکا ہون یا تو نے مجکو وہ معاف کر دیے ہین یا تو نے مجکو وہ خیرات مین دیے ہین
یا انکو تو نے مجکو ہبہ کر دیا ہی یا مین نے تجکو وہ زید سے دلائے ہین اور مانند ایسے کلمات کے سو یہ اقرار ہی مقر لہ کے واسطے ہزار کا بسبب پھرنے ضمیر کے
ہزار کی طرف ان سب مثالون مین کذا ذکرہ عزمی زادہ تو یہ جواب ٹھہرا کلام اول کا یعنے اثبات اسکا نہ انکار او ابتداء کلام جداگانہ وہذا اذا لم یکن علی سبیل الاستہزاء
فان کان وشہد الشہود بذلک لم یلزمہ شیء اور یہ یعنے اقرار اسوقت ہوگا جبکہ جواب مخاطب کا بطور خوش طبعی کے نہو سو اگر بطور خوش طبعی کے ہو اور
گواہ خوش طبعی کے گواہی دین تو اسپر کوئی چیز لازم نہوگی اما لو ادعی الاستہزاء لم یصدق اور اگر مخاطب مذکور خوش طبعی کا دعوی کرے بلا شہود
تو اسکی تصدیق نہوئی **وبلا ضمیر** مثل اتزن الخ وکذا اتحاسب وما استقرضت من احد سواک وغیرک او قبلک او بعدک **لا** یکون اقرار العدم انصرافہ
الی المذکور فکان کلاما مبتدا اور کلمات مذکورہ بدون ضمیر کے چنانچہ وزن کر لے یا پرکھ لے الخ اور اسیطرح حساب تو کر یا مین نے کسی سے قرض لیا
سوا تیرے یا غیر تیرے یا قرض نہ لیا قبل تیرے یا بعد تیرے تو یہ اقرار نہوگا بسبب نہ پھرنے ضمیر کے ہزار مذکور کی طرف تو یہ کلام جداگانہ ٹھہرا
نہ جواب کلام اول والاصل ان کل ما یصلح جوابا لا ابتداء یجعل جوابا وما یصلح للابتداء لا للبناء او یصلح لہما یجعل ابتداء لئلا یلزمہ المال بالشک اختیار اور
قاعدہ کلیہ مسائل مذکورہ مین یہ ہی کہ جو کلام کہ صلاحیت رکھتا ہی جواب ہونے کی نہ ابتداء کلام ہونے کی تو وہ جواب ٹھہرایا جاتا ہی اور جو
لیاقت رکھتا ہی ابتداء کلام ہونے کی نہ کلام سابق پر بنا یعنے جواب ہونے کی یا ابتدا اور بنا دونون کی صلاحیت رکھتا ہی چنانچہ یہ قول کہ
وزن کر لے تو وہ ابتدا یعنے کلام جداگانہ ٹھہرایا جاتا ہی تاکہ متکلم پر مال لازم نہ آوے شک سے کذا فی الاختیار ونہذا اذا کان الجواب مستقلا
فلو غیر مستقل کقولہ نعم کان اقرار امطلقا اور یہ یعنے تفصیل ذکر ضمیر اور عدم ضمیر کی اسوقت ہی جبکہ مخاطب کا جواب کلام مستقل ہو یعنے
اپنے مطلب مین پورا ہو بلا حاجت انضمام غیر تو اگر جواب غیر مستقل ہو چنانچہ لفظ نعم یعنی ہان تو اقرار ہوگا مطلقا یعنے ضمیر مذکور ہو یا نہو

م ضمیر کی مثال یہ کہ نعم ہو علی اور عدم ضمیر کی مثال فقط نعم اس قول کے بعد کہ لی علیک الف حتی لو قال اعطنی ثوب عبدی ہذا او افتح لی باب داری
ہذہ او جصص لی داری ہذہ او اسرج فرسی ہذہ او اعطنی سرجہا او لجامہا فقال نعم کان اقرارا منہ بالعبد والدار والدابۃ کذا فی الکافی تو اگر کہا کہ مجھکو میرے اس
غلام کا کپڑا دے یا میرے لیئے اس گھر کا دروازہ کھول دے یا میرے لیئے اس گھر کی چونہ کاری کر دے یا زین باندھ دے میرے اس گھوڑے پر
یا مجھکو اس گھوڑے کا زین یا اسکی لگام دے پھر مخاطب نے کہا کہ ہان تو یہ اسکی طرف سے اقرار ہوگا غلام اور گھر اور جانور کا مقر لہ کے واسطے
کذا فی الکافی یعنے غلام کا اقرار ہوگا کپڑے کے ساتھ اور جانور کا زین اور لگام کے ساتھ قال الیس لی علیک الف فقال بلی فہو اقرار لہ بہا وان قال
نعم لا ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ کیا میرے تجپر ہزار نہین ہین سو وہ بولا بلے یعنی کیون نہین تو یہ اقرار ہوگا اسکے واسطے ہزار کا اور اگر جواب مین بجاے
بلے نعم یعنے ہان بولا تو اقرار ہوگا وقیل نعم لان الاقرار یحمل علی العرف لا علی دقائق العربیۃ کذا فی الجوہرۃ اور بعضون نے کہا نعم یعنی ہان کہنے سے بھی اقرار ہوگا اسواسطے
کہ ثبوت اقرار عرف پر محمول ہی یعنی عرف مین بلے اور نعم دونون برابر ہین نہ عربی کی باریکیون پر کذا فی الجوہرۃ والفرق ان بلے جواب الاستفہام المنفی بالاثبات و
نعم جواب بالنفی اور فرق بلے اور نعم کا عربی مین یہ ہی کہ بلے استفہام منفی کا جواب ہی نفی کے ثابت کرنے سے اور نعم استفہام منفی کا جواب ہی اسکے نفی کر دینے سے
والایماء بالراس من الناطق لیس باقرار بمال وعتق وطلاق وبیع ونکاح واجارۃ وہبۃ اور سر سے اشارہ کرنا بولنے آدمی کا اقرار نہین
مال اور عتق اور طلاق اور بیع اور نکاح اور اجارہ اور ہبہ کا ناطق کی قید [illegible] اسواسطے لگائی کہ صامت یعنی گونگے آدمی کا اشارہ کرنا امور مذکورہ مین
سر سے قائم مقام اسکے بولنے کے ہی بقول معتمد ہی سواے عدد کے اگرچہ وہ لکھنے پر قادر ہو کذا فی الطحطاوی بخلاف افتاء و نسب و اسلام و کفر و امان کافر و اشارۃ
محرم بصید والشیخ براسہ فی روایۃ الحدیث والطلاق فی انت طالق ہکذا واشار بثلث اشارۃ الاشباہ ویزاد الیمین کحلفہ لا یستخدم فلانا او لا یظہر سرہ او لا یدل
علیہ واشار حنث عمادیۃ فحرر بطلان اشارۃ الناطق الا فی تسع فلیحفظ بخلاف اشارہ ناطق کے فتوے دینے مین اور نسب اور اسلام اور کفر اور کافر
کی امان دینے اور محرم کے اشارے مین شکار کی طرف اور استاد علم حدیث کا سر سے اشارہ کرنا حدیث کی روایت مین اور طلاق کا اشارہ
اس قول مین کہ تو طالق ہی اس طرح اور تین بار اشارہ کیا کذا فی الاشباہ اور امور مذکورہ پر قسم زیادہ کی گئی چنانچہ اسکا یون قسم کھانا کہ فلانے
شخص سے خدمت لیگا یا اسکو بھید ظاہر نکرے گا یا اسپر دلالت نکریگا اور پھر اسپر اشارہ کیا تو حانث ہوگا کذا فی العمادیۃ تو متحقق ہوا اشارہ ناطق کا
باطل ہونا مگر نو صورتون مین باطل نہین تو اسکو یاد رکھنا چاہیئے وان اقر بدین مؤجل وادعی المقر لہ حلولہ لزمہ الدین حالا وعند الشافعی مؤجلا
بیمینہ کاقرارہ بعبد فی یدہ انہ لرجل وانہ استاجرہ منہ فلا یصدق فی تاجیل واجارۃ لانہ دعوے بلا حجۃ اور اگر اقرار کیا دین موجل کا اور مقر لہ نے
دعوی کیا بلا مدت دین کا تو اسپر دین بلا مدت لازم آویگا اور امام شافعی کے نزدیک دین موجل لازم ہوگا مقر کے قسم کھانیکے ساتھ چنانچہ اسکا اقرار اس
غلام کا جو اسکے پاس ہی کہ وہ غلام ہی ایک مرد کا اور اسنے اسکو بطریق اجارے کے اس سے لیا ہی تو مقر کی تصدیق نہو گی تاجیل دین اور اجارہ
غلام مین اسواسطے کہ وہ دعوے ہی بدون حجت کے ہم اسواسطے کہ مقر نے دوسرے کے حق مین اقرار کیا اپنی ذات پر اور ایک حق کا دعوے کیا
مقر لہ پر تو اسکا اقرار حجت ہی اور اوسکا دعوے بلا حجت مقبول نہین کذا فی الحموی ویستحلف المقر لہ فیہما اور اسوقت مین قسم لیجائیگی مقر لہ
سے دونون مین یعنے تاجیل اور اجارے مین یعنے درصورت عدم گواہ مقر بخلاف ما لو اقر بالدراہم السود فکذبہ فی صفتہا حیث یلزمہ ما اقر بہ
فقط لان السود نوع والاجل عارض لثبوتہ بالشرط والقول للمقر فی النوع وللمنکر فی العوارض بخلاف اسکے کہ اگر اقرار کیا سیاہ درمون کا
سو مقر لہ نے اسکی تکذیب کی درمون کی صفت مین یعنے انکے سیاہ ہونے مین اسواسطے کہ مقر کو وہی فقط لازم ہونگے جسکا اسنے اقرار کیا اسواسطے
کہ سیاہ قسم ہی درمون کی اور مدت دین مین عارض ہی بسبب ثابت ہونے مدت کے شرط کرنے سے اور حالانکہ مقر کا قول قسم مین مقبول ہی اور منکر کا

عوارض مین مقبول ہو یعنے مدت عارض ہو کہ بنفس عقد ثابت نہین ہوتی ہو بلکہ شرط کرنے سے ثابت ہوتی ہو اور عارض منکر کا قول مقبول ہو کذا فی الحموی
کاقرار الکفیل بدین موجل فان القول لہ فی الاجل لثبوتہ فی کفالۃ الموجل بلا شرط جیسے ضامن کا اقرار دین موجل اسواسطے کہ مدت مین ضامن
ہی کا قول مقبول ہو بسبب ثابت ہونے مدت کے ضمانت موجل مین بدون شرط کرنے کے مع انیواسطے کہ ضامن مدت نوع ہو وعارض کہ شرط پر اسکا
ثبوت موقوف ہو کذا فی الحموی وشراء امۃ متنقبۃ اقرار بالملک للبائع کثوب فی جراب اور نقاب پوش لونڈی کا خرید کرنا ملک بائع کا اقرار ہو
جیسے گٹھری کے اندر کپڑے کا خرید کرنا ملک بائع کا اقرار ہو وکذا الاستیام والاستیداع وقبول الودیعۃ والاعارۃ والاستیہاب
والاستیجار ولو من وکیل فکل ذلک اقرار بملک ذی الید فیمنع دعواہ لنفسہ ولغیرہ بوکالۃ او وصایۃ للتناقض اسیطرح طلبگاری خرید و مول
چکانا اور طلبگاری ودیعت رکھنے کی اور ودیعت کو قبول کرنا کذا فی البحر اور با عارہ اور طلبگاری ہبہ او طلبگاری اجارہ اگرچہ ذی الید کے وکیل سے ہو
توجمیع امور مذکورہ ملک ذی الید کے اقرار مین ہوا پس طلبگار مذکور کو اسکا دعوے کرنا اپنی ذات کے واسطے یا غیر کے واسطے بذریعۂ وکالت یا وصایت
کے جائز ہوگا بسبب تناقض کے یعنے پہلے وہ فعل کرنا جو ملک ذی الید پر دلالت کرے پھر اپنی ملک یا غیر کی ملک اسمین دعوی کرنا صریح تناقض ہو
بخلاف ابرائہ عن جمیع الدعوے ثم الدعوے بہا لعدم التناقض ذکرہ فی الدرر قبیل الاقرار وصححہ فی الجامع خلافا لتصحیح الوہبانیۃ بخلاف اسکے ابرا کرنے کے جمیع
دعاوی سے پھر دعوے کرنے کے بواسطہ وکالت اور وصایت کے بسبب عدم تناقض کے اسواسطے کہ ابرا کرنا کا اپنے مال کے جمیع دعاوی
سے اسکا مقتضی نہین کہ غیر کی طرف سے بھی اسپر دعوی نکرے ذکر کیا ہو اسکو درر مین کتاب الاقرار سے پہلے اور صحیح کہا ہو اسکو جامع صغیر مین برخلاف
تصحیح وہبانیہ مع جامع صغیر مین اسکی تصحیح کی ہو کہ استیام اور استیجار اور استعارا در استیداع اسکے اقرار ملک مساوم اور مستاجر منہ اور مستعار منہ ہو اور
وہبانیہ مین ہو کہ امور مذکورہ ملک ذی الید کا اقرار نہین اسواسطے کہ مبیع مثلا شاید بائع کے ہاتھ مین بطور عاریت یا غصب ہو یا ذی الید وکیل یا فضولی ہو تو
بائع کی ملک ثابت نہوئی اور یہ روایت زیادات کے موافق ہو کذا فی الطحطاوی ووفق شارحہا الشرنبلالی بان من نفی بہذا کان اقرارا ومن قال لا تبع
ہذا الا یرید مسئلۃ کتابۃ وختمت علی صک البیع فانہ لیس باقرار لعدم ملکہ اور وہبانیہ کے شارح شرنبلالی نے جامع صغیر اور زیادات مین اس طرح توفیق
کی ہو کہ اگر یون بولا کہ میرے ہاتھ بیچ اسکو تو یہ قول اقرار ہوگا یعنے اسواسطے کہ وہ جازم ہو اسکی ملک کا اور طالب بیع ہو اور اگر یون بولا کہ کیا تو اسکو بیچتا ہو
تو اقرار نہوگا یعنے اس احتمال سے کہ اسکو استظہار حال منظور ہو کہ اپنی ملک درجا بیع کا مدعی ہوتا ہو یا نہین اور یہ قول شرنبلالی ہو اسکی کتابت
اور بیعنامے پر مہر کرنے کا مسئلہ اسواسطے کہ بیعنامہ لکھنا اور اسپر مہر کرنا اپنی عدم ملک کا اقرار نہین ہو تو کاتب و خاتم کو بعد اسکے اسکا دعوی کرنا اپنے
واسطے یا غیر کے واسطے جائز ہو تو یون پوچھنا کہ تو اسکو بیچتا ہی بطریق اولے عدم ملک ذی الید کا اقرار ہوگا کذا فی الطحطاوی ولہ علی مائۃ ودرہم کلہا دراہم
وکذا المکیل والموزون استحسانا اور اس قول مین کہ اسکے میرے اوپر سو اور ایک درم ہو وہ تمام درم ہین یعنے سو درم اور ایک درم اور اسیطرح کیل اور
موزون از روے استحسان کے مع قیاس یہ ہو کہ مقر کو فقط معطوف یعنے ایک درم لازم ہوا اور سو کی تفسیر اسکی طرف سے کروائی جاوے کہ سو درم ہین
یا سو کپڑے اور یہی قیاس کو امام شافعی رح نے لیا ہو وجہ استحسان یہ ہو کہ درم بیان ہو مائۃ کا عادت مین اسواسطے کہ لوگ ثقیل جانتے ہین درم کو
دوبار بولنا اور کفایت کرتے ہین ایکبار کے بولنے پر اور یہ وہان ہو جو بکثرت مستعمل ہو مانند کیل اور موزون کے کہ ذمے پر ثابت ہوتے ہین سلم اور
قرض اور ثمن مین بخلاف ثیاب اور غیر کیل اور غیر موزون کے کہ انکا وجوب ذمون پر اس طرح بکثرت نہین کذا فی الطحطاوی وفی مائۃ وثوب او مائۃ وثوبان
یفسر المائۃ لانہا مبہمۃ اور اس قول مین کہ اسکا مجھپر سو اور ایک کپڑا ہو اور سو اور دو کپڑے ہین سو کو دریافت کیا جائیگا مقر سے کہ کیا اسکی مراد ہو اسواسطے
کہ وہ مبہم ہو غیر مفسر وفی مائۃ وثلثۃ اثواب کلہا ثیاب خلافا للشافعی قلنا الاثواب لم تذکر بحرف العطف فانصرف التفسیر الیہا لاستوائہما فی الحاجۃ الیہ

اور اس قول مین کہ مجھپر ایک سو اور تین کپڑے ہین وہ سب کپڑے لازم ہون گے یعنے سو کپڑے اور تین کپڑے برخلاف امام شافعی کے کہ اُنکے نزدیک
تین کپڑے لازم ہونگے اور سو کی تفسیر متکلم سے دریافت کیجائے ہم اسکا جواب دیتے ہین کہ اثواب بعد لفظ ثلثہ کے بحرف عطف
مذکور نہین تو تفسیر مائۃ اور ثلثہ دونون کی طرف پھر گئی اسواسطے کہ تفسیر کی طرف محتاج ہونے مین معطوف اور معطوف علیہ دونون برابر ہین فی الاقرار
بدابۃ فی اصطبل تلزمہ الدابۃ فقط جانور کا اقرار اصطبل مین فقط جانور ہی متکلم کو لازم کریگا نہ اصطبل ہم یعنی یون اقرار کیا کہ یہ جانور اصطبل مین ہے
سو فلانے شخص کا ہے تو یہ جانور کا اقرار ہے نہ اصطبل کا اسواسطے کہ غیر منقول مین شیخین کے نزدیک غصب ثابت نہین ہوتا والاصل ان ما یصلح ظرفا ان امکن
نقلہ لزماہ والا لزم المظروف فقط خلافا لمحمد ان لم یصلح لزم الاول فقط کقولہ درہم فی درہم اور قاعدہ کلیہ اس قسم کے مسائل مین یہ ہے کہ جو چیز
ظرف ہونیکی لیاقت رکھتی ہو اگر اس کا اُٹھا لیجانا ممکن ہو تو مقر کو ظرف اور مظروف دونون لازم ہوجائینگے اور اگر نقل اسکا متصور نہین جیسے
اصطبل کا تو فقط مظروف لازم ہے مقر کو جیسے جانور بخلاف محمد رح کے اُنکے نزدیک ظرف اور مظروف دونون لازم ہین اور اگر وہ چیز ظرف ہونے کی
صلاحیت نہین رکھتی تو فقط پہلی چیز لازم ہوگی چنانچہ یون کہا کہ مجھپر ایک درم ہے درم کے اندر کذا فی الدرر یعنی اس صورت مین درم اول لازم ہوگا
نہ درم ثانی اسواسطے کہ اسمین ظرف ہونیکی لیاقت نہین اور نقل ظرف کی مثال چنانچہ کھجور ٹوکری مین اور طعام کشتی مین اور گیہون گون مین
ہکذا فی الدرر قلت ومفادہ انہ لو قال دابۃ فی خیمۃ لزماہ ولو قال ثوب فی درہم لزمہ الثوب فقط ارہ فقیر مین کہتا ہون اور اس قاعدے سے مستفاد ہوتا ہے
کہ اگر کہا مجھپر جانور ہے خیمے مین تو جانور اور خیمہ دونون لازم ہون گے اسکو یعنے اسواسطے کہ نقل خیمہ ممکن ہے اور اگر بولا کپڑا درم مین مجھپر ہے تو فقط کپڑا
لازم ہوگا اور اسکو مین نے مصرح نہین دیکھا تو اسکی تحریر کرنا چاہیے ہم طحطاوی نے کہا کہ اسکا جواب قاعدہ سے ظاہر ہے انتہی یعنی تو اب تحریر کی
کیا حاجت ہے وبخاتم تلزمہ حلقتہ وفصہ جمیعا اور انگوٹھی کے اقرار مین اسکا حلقہ اور اسکا نگین سب لازم ہوگا یعنی اسواسطے کہ خاتم عبارت ہے حلقہ
اور نگین سے وبسیف جفنہ وحمائلہ ونصلہ اور تلوار کے اقرار مین اسکا میان اور پرتلا اور کوتھی لازم ہے وبحجلۃ بحاء فجیم بیت مزین بستور و
سرر العیدان والکسوۃ اور حجلہ کے اقرار مین لکڑیان اور کپڑے لازم ہونگے حجلہ بحائے مہملہ پھر جیم عبارت ہے اس کوٹھری سے جو آراستہ ہے
پردون اور چارپائیون سے ہم طحطاوی نے کہا موجب اس تفسیر کے کہ کوٹھری بھی لازم ہوگی اور حموی مین ہے کہ بعضون نے کہا کہ حجلہ وہ ہے جو
لکڑی اور کپڑون سے بنایا جاوے اور یہ سب کے موافق یہی قول ظاہر ہے انتہی تو موجب اس تفسیر کے حجلہ بالفتح کا ترجمہ چھپرکھٹ ہے اور اب اختلاط الفاظ ہی
سے اسکو مسہری بھی بولتے ہین وبتمر فی قوصرۃ او بطعام فی جوالق او فی سفینۃ او ثوب فی منديل او فی ثوب یلزمہ الظرف کالمظروف
لما قدمناہ اور اس اقرار مین کہ مجھپر کھجور ٹوکری مین یا طعام ہے گون مین یا کشتی مین یا کپڑا ہے رومال مین یا کپڑے مین اسکو ظرف مظروف کے مانند لازم ہوگا
اس دلیل سے جسکو پہلے ہمنے ذکر کیا یعنی ظرف منقول مین ظرف اور مظروف دونون لازم ہوجاتے ہین ومن قوصرۃ مثلا لا تلزمہ القوصرۃ ونحوہا اور کھجور کے
اقرار مین ٹوکری سے مقر پر ٹوکری اور مانند اسکے کوئی ظرف لازم ہوگا اسواسطے کہ من انتزاع کے واسطے ہے تو منتزع کا اقرار ہوگا نہ منتزع منہ کا
کذا فی الطحطاوی کثوب فی عشرۃ وطعام فی بیت فیلزمہ المظروف فقط لما مر اذ العشرۃ لا تکون ظرفا لواحد عادۃ جیسے کپڑے کا اقرار دس کپڑون مین
اور طعام کا اقرار کوٹھری مین تو اُسکو فقط مظروف لازم ہوگا بدلیل گذشتہ اسواسطے کہ دس کپڑے ایک کپڑے کا ظرف نہین ہوتے عادت
مین وبخمسۃ فی خمسۃ وعنی مع او علی او الضرب خمسۃ لما مر والزمہ زفر بخمسۃ وعشرین اور یون اقرار کیا کہ مجھپر خمسۃ فی خمسۃ اور
فی کو معنی مع کا قصد کیا یا ضرب عدد کا ارادہ کیا تو پانچ لازم ہونگے اسوجہ سے جو کتاب الطلاق مین مذکور ہو چکی اور زفر نے مقر پر پچیس لازم
کیے ہم چونکہ مع مقتضی انفصال اور مینہ ہے مقتضی جمع لہذا فقط پانچ لازم ہوے کتاب الطلاق مین یہ مذکور ہو چکا کہ ضرب اجزا کو زیادہ

ارقی ہو نہ مال کو تو جب تو نے خمسۃ فی خمسۃ کہا تو اس سے تو نے یہ ارادہ کیا کہ ہر درہم کے دراہم خمسہ سے پانچ پانچ جزء ہیں اور الجمیع ہے
کہ جب لفظ کہا کہ علی عشرۃ فی عشرۃ اور ضرب کا ارادہ کیا پھر اگر تکثیر اجزا کا قصد کیا تو اسپر لازم ہونگے گو دس ہی اور اگر تکثیر عین کا ارادہ کیا تو سو لازم ہونگے
اور اگر ضرب کی نیت کی اور دوسری چیز کی نیت نہ کی یعنی تکثیر اجزا یا تکثیر عین کی نیت نہ کی تو اسکو دس لازم ہونگے اجزا کی نیت پر محمول کر کے انتہی
اس سے معلوم ہوا کہ ایسی صورت میں خلاف ہے فقہا کا کذا فی الطحطاوی وعشرۃ ان عنی مع کما مر فی الطلاق اور دس لازم ہونگے اگر فی بمعنی مع مراد رکھے گا
چنانچہ مذکور ہوچکا طلاق میں ومن درہم الی عشرۃ او ما بین درہم الی عشرۃ تسعۃ لدخول الغایۃ الاولی ضرورۃ اذ لا وجود لما فوق الواحد بدونہ بخلاف
الثانیۃ وما بین الحائطین اور یہاں اقرار کیا کہ مجھپر ہے ایک درم سے دس درم تک یا مابین ایک درم کے دس تک تو نو درم لازم ہونگے بسبب داخل ہونے
پہلی حد یعنی ایک درم کے بطریق ضرورت کے اسواسطے کہ مافوق الواحد یعنی دوسرے اور تیسرے درم کا وجود ہو نہیں سکتا بدون پہلے درم کے بخلاف دوسری حد
یعنی دس کے اور بخلاف مابین الحائطین کہ وہاں دونوں حدیں داخل محدود نہیں ہیں امام کے نزدیک محدود میں حد وہ داخل نہیں ہوتی ہیں اسواسطے کہ حد غایت محدود کی
لیکن یہاں پہلی حد کے داخل کرنیمیں ضرورت واقع ہوئی اسواسطے کہ دوسری اور تیسری درم متحقق نہیں ہو سکتی بدون پہلی درم کے تو پہلی حد اس ضرورت سے محدود
میں داخل ہوئی اور دوسری حد کے داخل کرنیمیں کوئی ضرورت داعی نہیں کذا فی الدرر فلذا قال وفی لہ کر حنطۃ الی کر شعیر لزماہ جمیعا الا قفیزا لانہ الغایۃ الثانیۃ سواسی
سبب سے یعنی مخالفت مذکورہ کے مصنف نے کہا اور اس اقرار میں کہ اس شخص کے میرے اوپر ایک کر گیہوں ہیں جو کے ایک کر تک تو اسپر دونوں کر لازم ہونگے
سوا ایک قفیز کے اسواسطے کہ قفیز دوسری حد ہے اور کر بضم کاف بڑا پیمانہ ہے جسمیں چند قفیز سماتے ہیں اور قفیز کر سے چھوٹا پیمانہ ہے طحطاوی نے قدوری سے
نقل کیا کہ امام نے مثال مذکور میں تمام کر کو غایت قرار نہیں دیا اسواسطے کہ عادت میں غایت زیادہ نہیں ہوتی ہے اور نہ نصف اسکی لہذا
قفیز کو غایت ٹھہرایا ولو قال لہ علی عشرۃ دراہم الی عشرۃ دنانیر لزمہ الدراہم وتسعۃ دنانیر عند ابی حنیفۃ لما مر نہایۃ اور اگر بولا کہ اسکے مجھپر
دس درم ہیں دس دینار تک تو اسکو دراہم اور نو دنانیر لازم ہونگے ابوحنیفہ رح کے نزدیک بدلیل گذشتہ کذا فی النہایۃ یعنے اسواسطے کہ غایت
ثانیہ داخل نہیں ہوتی وفی لہ من داری ما بین ہذا الحائط الی ہذا الحائط لہ ما بینہما فقط لما مر اور اس قول میں کہ اسکا میرے گھر میں سے مابین اس
دیوار کے ہے اس دیوار تک تو مقر لہ کے واسطے دونوں دیواروں کا فقط مابین لازم ہوگا بدلیل گذشتہ یعنے من درہم الی عشرۃ میں پہلی حد
بسبب ضرورت کے داخل ہوئی تھی اور یہاں کچھ ضرورت نہیں لہذا دونوں دیواریں محدود میں داخل ہونگی فقط مابین الحائطین لازم ہوگا وصح
الاقرار بالحمل المحتمل وجودہ وقتہ ای وقت الاقرار بان تلد لدون نصف حول لو مزوجۃ او لدون حولین لو معتدۃ لثبوت نسبہ اور صحیح ہے اقرار اس
حمل کا جسکا موجود ہونا محتمل ہے اقرار کے وقت اس طرح پر کہ لونڈی جنے نصف سال سے کمتر مدت میں اگر وہ منکوحہ ہو یا دو سال سے کم میں
اگر وہ عدت میں ہو بسبب ثابت ہونے اسکے نسب کے عدت تک ہم یعنی لونڈی یا جانور کے حمل کا اقرار دوسرے شخص کے واسطے صحیح ہے
کہ میری اس لونڈی یا بکری کا حمل یعنی بچہ اسکا فلانے شخص کا ہے اگرچہ اسکا سبب بیان نکرے اسواسطے کہ اسکی تصحیح کی یہ وجہ موجود ہے کہ کسی شخص نے
مقر لہ کے واسطے حمل کی وصیت کی ہوگی اور وہ مرگیا پھر اسکے وارث نے اسکا اقرار کیا کذا فی الدرر والطحطاوی ولو الحمل غیر آدمی یقدر بادنی مدۃ یتصور
ذلک عند اہل الخبرۃ زیلعی لکن فی الجوہرۃ اقل مدۃ حمل الشاۃ اربعۃ اشہر واقلہا لبقیۃ الدواب ستۃ اشہر حمل کا اقرار صحیح ہے اگرچہ غیر انسان کا حمل ہو اور ہماری تقدیر
حمل کا اندازہ ہوگا اس کمتر مدت سے جو اسکے واسطے متصور ہو تجربہ کاروں کے نزدیک کذا فی الزیلعی لیکن جوہرہ میں ہے کہ بھیڑ بکری کی اقل
مدت حمل چار مہینہ ہیں اور باقی جانوروں کی اقل مدت چھ مہینے ہیں وصح لہ ان بین المقر سببا صالحا للحمل کالارث والوصیۃ کقولہ مات
ابوہ فورثہ او اوصی لہ بہ فلان فیصح والا فلا کما یاتی اور حمل محتمل الوجود کے واسطے اقرار کرنا صحیح ہے یعنے یوں کہنا کہ یہ مال اس لڑکے کا ہے

جو اس عورت کے پیٹ میں ہی صحیح ہی بشرطیکہ مقر اسکے مالک ہونے کا ایسا سبب صالح بیان کرے کہ اسکے واسطے ممکن اور متصور ہو چنانچہ ارث اور وصیت
جیسے مقر کا یون کہنا کہ اسمین کا باپ مر گیا سو وہ اُسکا وارث ہوا یا اس مال کی اسکے واسطے فلانے شخص نے وصیت کی ہی تو اقرار جائز ہوگا اور اگر سبب
صالح بیان نکرے تو اقرار جائز نہین چنانچہ عنقریب اُسکا ذکر آویگا فان ولدتہ حیا لاقل من نصف حول عند اقر فلہ ما اقر وان ولدت جنین
فلہما نصفین ولو واحدہا ذکر والاخر انثی فکذلک فی الوصیۃ بخلاف المیراث ای فانہ یعطے للذکر مثل حظ الانثیین سو اگر عورت جنی اُسکو زندہ نصف سال
سے کمتر مین جس وقت سے کہ اقرار کیا تو وہ مال اُسکا ہی جسکا اسنے اقرار کیا اگر وہ زندہ لڑکے جنی تو دونون کے واسطے نصف نصف
مال ہوگا اور اگر ایک نر ہے اور دوسرا مادہ تو اسیطرح نصف نصف مال دونون کو ملے گا بخلاف میراث کے یعنے نر کو مادہ کے دو حصے
ملینگے حم اور اگر چھہ مہینے سے زیادہ مدت مین جنے گی تو اسکو کچھہ نملیگا مگر درصورت معتدہ ہونے عورت کے دو سال سے کمتر مین کذا فی البحر
وان ولدت میتا فیرد لورثۃ ذلک الموصی والمورث لعدم اہلیۃ الجنین اور اگر عورت مردہ بچہ جنی تو وہ مال اس موصی اور مورث کے وارثون کو
پھیر دیا جاوے بسبب عدم اہلیت جنین کے یعنے مردہ بچہ میراث اور وصیت کی لیاقت نہین رکھتا وان فسرہ بما لا یتصور کہبۃ او بیع او اقراض او ابہم
الاقرار ولم یبین سببا لغا وحمل محمد المبہم علی السبب الصالح وہذہ تالث الثلثۃ اور اگر مقر نے ایسا سبب بیان کیا جو ممکن اور متصور نہین چنانچہ
ہبہ یا بیع یا قرض دینا یا اقرار کو مبہم رکھا اور اُسکا سبب بیان نہ کیا تو اقرار لغو ہوگا اور محمد رحمہ نے سبب مبہم کو سبب صالح پر محمول کیا ہی اور یہی
قول ہی ائمہ ثلثہ کا مع چونکہ ہبہ اور بیع یا قرض دینا جنین سے محال تھا اسواسطے کہ امور مذکورہ اس سے متصور نہین نہ حقیقۃً اور یہ تو صریح ہی اور
نہ حکماً اس طرح کہ اسکی طرف سے کوئی اُسکا ولی افعال مذکورہ صادر کرتا اسواسطے کہ اسپر کسی کی ولایت نہین لہذا اقرار مذکور لغو ٹھہرا اور سبب مبہم کے اقرار
کی یہ صورت ہی کہ میرے اوپر فلانی عورت کے حمل کی فلانی چیز ہی کذا فی الدرر ولو الاقرار للرضیع فانہ صحیح وان بین المقر سببا غیر صالح منہ حقیقۃ
کالاقراض او ثمن مبیع لان ہذا المقر محل لثبوت الدین للصغیر فی الجملۃ اشباہ اور شیر خوار لڑکے کے واسطے تو اقرار کرنا صحیح ہی اگرچہ مقر شیر خوار کیجانب
سے سبب غیر صالح فی الحقیقت بیان کرے چنانچہ قرض دینا یا ثمن بیع کا اسواسطے کہ یہ مقر ثبوت دین صغیر کا فی الجملہ محل ہو سکتا ہی کذا فی الاشباہ یعنی باعتبار
تجارت کرنے اپنے ولی کے بخلاف جنین کے اقر بشرط الخیار ثلثۃ ایام لزمہ بلا خیار لان الاقرار اخبار فلا یقبل الخیار وان وصیلۃ صدقۃ المقر لہ فی الخیار
لم یعتبر تصدیقہ اقرار کیا بشرط تین دن کے اختیار کے تو اسکو مقر بہ لازم ہوگا بلا خیار اسواسطے کہ اقرار اخبار ہی تو خیار کو نہ قبول کریگا اگرچہ مقر لہ
اسکی تصدیق کرے خیار مین تو بھی اسکی تصدیق معتبر نہوگی حم قرض یا غصب یا ودیعت یا عاریت کے اقرار مین تین دنکے خیار کی گنجایش اسواسطے نہین کہ شرط
خیار سے مقصود فسخ ہی اور جبکہ اقرار ہی اسوجہ سے کہ وہ صیغہ خبر سے ہی احتمال فسخ کا نہین لہذا اسمین شرط خیار جائز نہین اور مال مقر بہ لازم ہی کذا فی الطحطاوی الا
اذا اقر بعقد بیع وقع بالخیار لہ فیصح باعتبار العقد اذا صدقہ او برہن قلنا قال الا ان یکذبہ المقر لہ فلا یصح لانہ منکر والقول لہ اقرار قابل خیار نہین مگر جبکہ مقر نے
اُس عقد بیع کا اقرار کیا جو بشرط اقرار مقر واقع ہوئی تو اقرار مع شرط الخیار صحیح ہی باعتبار عقد بیع کے بشرطیکہ مقر لہ اسکی تصدیق کرے یا مقر اسپر
گواہ لادے سو اسواسطے مصنف نے کہا مگر یہ کہ مقر لہ مقر کی تکذیب کرے تو صحیح نہوگا اسواسطے کہ مقر لہ منکر ہی اور قول تو منکر کا مقبول ہی یعنی درصورت
عدم برہان حم عقد بیع کا اقرار یعنے اس دین کا اقرار کرے جو بسبب عقد بیع کے اسپر لازم آیا یعنے یون کہے کہ میرے اوپر ہزار درم ثمن مبیع بالخیار کے ہین
کاقرارہ بدین بسبب کفالۃ علی انہ بالخیار فی المدۃ ولو المدۃ طویلۃ او قصیرۃ فانہ یصح اذا صدقہ لان الکفالۃ عقد ایضا بخلاف ما مر لانہ افعال لا تقبل
الخیار زیلعی جیسے دین کا اقرار ضامنی کے سبب سے باین شرط کہ اسکو اختیار ہی مدت مین اگرچہ مدت طویل ہو یا قصیر کہ وہ صحیح ہی جبکہ مقر لہ اسکی
تصدیق کرے اسواسطے کہ ضامنی بھی عقد ہی بخلاف اُسکے جو مذکور ہو چکا اسواسطے کہ وہ یعنے قرض یا غصب یا ودیعت یا عاریت افعال ہین

فلوس اور اخروٹ کا دراہم اور دنانیر سے اور اس صورت مین قیمت مستثنےٰ ہوگی بطریق استحسان کے بسبب ثابت ہونے کیلی اور وزنی اور معدود مذکور
کے ذمے پر چاندی اور سونے کی طرح تو اشیاے مذکورہ دراہم اور دنانیر کے مانند ہوگئین اس راہ سے کہ کیلی اور وزنی اور معدود مذکور اور دراہم اور دنانیر مقدرات
ہین تو باعتبار معنی کے جنس واحد ٹھہرے اگرچہ صورت مین اجناس مختلفہ ہین اسواسطے کہ یہ سب ثمن ہوکر ثابت فی الذمہ ہوتے ہین تو انمین استثنا کرنا باعتبار معنی کے
تکلم بالباقی ہو نہ باعتبار صورت کے بخلاف استثنا ثوب کے درم سے اسطرح کہ (لہ علی مائۃ درہم الا ثوبا) کہ یہ صحیح نہین اسواسطے کہ ثوب کی مالیت معلوم نہین کیونکہ متفاوت
القیمۃ ہو فی نفسہ تو مجہول کا استثنا ٹھہرا معلوم سے پس قیاساً اور استحساناً دونون صحیح نہین کذا فی الاتقانی ملخصاً وان استغرقت القیمۃ جمیع ما اقر بہ
لاستغراقہ بغیر المساوی کیلی وغیرہ کا استثنا درم اور دینار سے صحیح ہو اگرچہ اُسکی قیمت تمام مقربہ کو مستغرق ہو اسواسطے کہ یہ چیز مساوی کا استغراق
ہو اور یہ جائز ہو کیونکہ موہم بقا ہو بخلاف لہ علی دینار الا مائۃ درہم لاستغراقہ بالمساوی فیبطل لانہ استثناء الکل بحر لکن فی الجوہرۃ وغیرہا لہ
مائۃ درہم الا عشرۃ دنانیر وقیمتہا مائۃ او اکثر لا یلزمہ شئ فیحرر بخلاف اس قول کے کہ اُسکا میرے اوپر ایک دینار ہو مگر سو درم کہ یہ صحیح نہین بسبب
استغراق استثنا کے مساوی سے تو استثنا باطل ہوگا کیونکہ یہ تمام مقربہ کا استثنا ہو کذا فی البحر یعنے تب تو مقر مذکور پر دینار لازم ہوگا اور
استثنا لغو ٹھہرے گا لیکن جوہرہ وغیرہا مین ہو کہ یہ قول کہ مجھپر سو درم ہین مگر دس دینار اور حالانکہ قیمت دس دینار کی سو درم ہو یا زیادہ تو
مقر پر کچھ لازم نہوگا یعنی تو استثنا صحیح ٹھہرا باوجود استغراق بالمساوی تو اس تناقض کی تحریر او تنقیح کرنا چاہیے م حلبی نے کہا کہ ظاہر اس مسئلے
مین دو قول ہین مبنی دو روایتون پر کہ دراہم اور دنانیر ایک جنس ہین یا دو جنس واللہ تعالی اعلم واذا استثنے عددین بینہما حرف الشک
کان الاقل مخرجاً نحو لہ علی الف درہم الا مائۃ درہم او خمسین درہما فیلزمہ تسعمائۃ وخمسون علی الاصح بحر اور اگر ان دو عددون کو استثنا
کرے جنکے درمیان حرف شک اور تردد کا واقع ہو تو عدد کمتر مخرج ہوگا چنانچہ اس قول مین کہ میرے اوپر ہزار درم ہین مگر سو درم یا پچاس درم تو اُسکو
نوسو اور پچاس درم لازم ہونگے بقول اصح کذا فی البحر اسواسطے کہ کلمہ شک استثنا مین کمتر کا مثبت ہو واذا کان المستثنے مجہولا ثبت الاکثر
نحو لہ علی مائۃ درہم الا شیئا او الا قلیلا او الا بعضا لزمہ احد وخمسون لوقوع الشک فی المخرج فیحکم بخروج الاقل اور جبکہ مستثنے مجہول یعنی
عدد غیر معین ہو تو اکثر عدد مثبت ہوگا چنانچہ اس مثال مین کہ اُسکے میرے اوپر سو درم ہین مگر کچھ یا مگر قلیل یا مگر بعض تو مقر کو اکاون لازم ہونگے
بسبب واقع ہونے شک کے مخرج مین تو کمتر کے خروج کا حکم ہوگا م اور قلت ثابت ہوتی ہو اگرچہ نصف سے ایک ہی درم ناقص ہو تو جب سو کے نصف
یعنی پچاس سے ایکدرم گھٹایا تو اکاون باقی رہگئے ولو وصل اقرارہ بان شاء اللہ تعالی او فلان او علقہ بشرط علی خطر لا بکائن کان مت فانہ تنجیز بطل اقرارہ
اور اگر مقر نے اپنا اقرار انشاء اللہ کے ساتھ ملایا یا فلانے شخص کی مشیت سے ملایا یا اقرار کو اُس شرط سے معلق کیا جو یقینی نہین محتمل الوجود ہو تو اقرار باطل ہو نہ
تعلیق شرط متحقق یقینی کی چنانچہ یون کہنا کہ اگر مین مرجاؤن تو یہ تعلیق نہین تنجیز ہو یعنے فی الفور اقرار لازم ہوگا خواہ وہ مرجاے یا زندہ رہے
اسواسطے کہ موت بلاشک واقع ہونے والی ہو کذا فی البحر بقی لو ادعی المشیۃ ہل یصدق لم ارہ وقدمناہ فی الطلاق ان المعتمد لا لکن لا اقرار کذلک لتعلق
حق العبد قالہ المصنف باقی رہی یہ بات کہ درصورت تعلیق بالمشیۃ کے وہ مشیت کا مدعی ہو تو اُسکی تصدیق ہوگی یا نہین مین نے اسکو مصرح نہین
دیکھا اور ہمنے کتاب الطلاق مین پہلے ذکر کیا ہو کہ درصورت ادعاے مشیت قول معتمد یہ ہو کہ تصدیق مدعی کی نہوگی تو چاہیئے کہ اقرار بھی ایسا ہی
بسبب متعلق ہونے حق العبد کے یہ قول ہو مصنف کا اپنی شرح مین وصح استثناء البیت من الدار لا استثناء البناء منہما
لدخولہ تبعاً فکان وصفاً واستثناء الوصف لا یجوز اور صحیح ہو استثنا کرنا کوٹھری کا گھر سے نہ استثنا کرنا عمارت کا دونون سے یعنی کوٹھری
اور گھر سے اسواسطے کہ عمارت بیت اور دار مین بالتبع داخل ہو تو عمارت وصف ٹھہری اور وصف کا استثنا کرنا صحیح نہین م چنانچہ قول صحیح نہین

کہ شرط اخبار کے قابل نہین کذا فی الزیلعی الامر بکتابۃ الاقرار اقرار حکما فانہ کما یکون باللسان یکون بالبنان فلو قال للصکاک اکتب خط اقراری بالف علی او اکتب بیع داری او طلاق امراتی صح کتب او لم یکتب وحل للصکاک ان یشہد الا فی حد و قود خزانۃ امر کرنا اقرار کے لکھنے کا اقرار حکمی ہی اس واسطے کہ جیسے اقرار زبان سے ہوتا ہی ویسے ہی انگلیون کی پورون کے لکھنے سے ہوتا ہی تو اگر ایک شخص نے قبالہ نویس سے کہا کہ خط لکھ میرے اس اقرار کا کہ مجھ پر ہزار درم ہین یا لکھ میرے گھر کا بیعنامہ یا میری عورت کا طلاق نامہ تو اقرار صحیح ہی خواہ قبالہ نویس اسکو لکھے یا نہ لکھے اور قبالہ نویس کو حلال ہی اُسکی گواہی دینا سوائے حد اور قصاص کے کذا فی الخزانہ امر کتابت اقرار کا اقرار حکمی ہی نہ اقرار حقیقی اسواسطے کہ امر انشا ہی اور اقرار اخبار تو دونون ایک نہونگے حقیقت مین بلکہ مراد یہ ہی کہ امر بکتابت اقرار جب حاصل ہوا تو اقرار حاصل ہوگیا کذا فی الدرر وقد مر فی الشہادۃ عدم اعتبار مشابہۃ الخطین اور کتاب الشہادات مین بلکہ عدم اعتبار مشابہت خطین کو ہم پہلے ذکر کر چکے ہین ہم تو اگر مدعی نے ایک شخص پر دعوے کیا اور مدعا علیہ کے ہاتھ کا لکھا اقرار نامہ ظاہر کیا اور مدعا علیہ منکر ہی اُسکا سوا اُس سے کچھ لکھایا گیا اور اُسنے لکھا تو یہ خط اقرار نامہ کے خط سے مشابہ نکلا تو اُسپر ثبوت دعوی کا بدون گواہون کے حکم نہوگا اور یہی قول صحیح ہی اور بعضون کے نزدیک حکم ہوگا از انجملہ خاری ہدایہ ہی کذا فی الطحطاوی بتصرف احد الورثۃ اقر بالدین المدعی بہ علی مورثہ وجحدہ الباقون یلزمہ الدین کلہ یعنی ان دفی ما ورثہ یہ برہان وشرح مجمع ایک وارث نے اُس دین کا اقرار کیا جسکا اُسکے مورث پر کسی مدعی نے دعوے کیا اور باقی وارثون نے اُسکا انکار کیا تو وارث مقر پر وہ سب دین لازم آوے گا یعنی بشرطیکہ جو مال اُسنے وراثت مین پایا ہی وہ ادائے دین مین کفایت کرے کذا فی البرہان وشرح المجمع مثلاً سو درم کا دعوے ہی اور سو درم یا زیادہ وارث مقر کو میراث مین ملے تو وارث کو سو درم دینے پڑینگے اور لزوم کل دین کا یہ مطلب نہین کہ اگر وہ دس درم میراث مین پاوے تو بھی اُسپر سو درم لازم ہونگے وقیل حصتہ واختارہ ابو اللیث دفعا للضرر اور بعضون نے کہا کہ وارث پر بقدر اُسکے حصے کے دین لازم ہوگا اور اس قول کو پسند کیا ہی فقیہ ابو اللیث نے مقر کے دفع ضرر کے واسطے یعنی اُسنے اُس دین کا اقرار کیا ہی جو کل ترکے سے متعلق ہی تو اُسپر لازم نہوگا مگر بقدر اُسکے حصے کے ولو شہد ہذا المقر مع آخر ان الدین کان علی المیت قبلت وبہذا علم انہ لا یحل الدین فی نصیبہ بمجرد اقرارہ بل بقضاء القاضی علیہ باقرارہ فلیحفظ ہذہ الزیادۃ درر اور اگر اس وارث مقر نے دوسرے گواہ کے ساتھ اُسکی گواہی دی کہ میت پر دین تھا تو گواہی مقبول ہی اور اس سے یعنی قبول شہادت مقر سے دوسرے شاہد کے ساتھ یہ معلوم ہوا کہ وارث مقر کے حصے مین دین حلول نہ کرے گا بمجرد اُسکے اقرار کرنے کے بلکہ قاضی کے حکم کرنے سے بموجب اُسکے اقرار کے دین لازم ہوگا تو اس زیادت کو یعنی عدم لزوم اقرار الا بالقضا کو یاد رکھنا چاہیے کذا فی الدرر م مجرد اقرار سے دین لازم نہ آیا اسواسطے کہ اگر اُسکے اقرار سے سب دین اُسپر لازم آتا پھر وہ دوسرے شاہد کے ساتھ گواہی دیتا اور گواہی مقبول ہوتی تو شاہد مقر پر بقدر اُسکے حصے کے لازم ہوتا تو اُسکی گواہی مین اُسپر سے دفع مضرت ثابت ہوئی اور جو ایسی گواہی ہو تو وہ مقبول نہین پھر اُسکی گواہی کا مقبول ہونا اسپر دلیل ہی کہ اُسکا اول اقرار معتبر نہین اور اس اقرار سے دین لازم نہین مگر یہ مشکل ہی اسواسطے کہ آدمی کا اقرار حجت ہی اُسکی ذات کے حق مین اور قاضی کا اسمین حکم کرنا مظہر حق ہی نہ مثبت اور اگر یہ مسئلہ فقیہ ابو اللیث کے قول پر متخرج ٹھہرے تو ظاہر ہی اسواسطے کہ مقر نے اس گواہی سے اپنی ذات پر سے دفع مضرت نہین کی کذا فی الطحطاوی واشہد علی الف فی مجلس واشہد رجلین آخرین فی مجلس آخر بلا بیان السبب لزمہ المالان لو کان کما لو اختلف السبب مقر نے دو گواہون کو گواہ کیا ہزار پر ایک مجلس مین اور دو اور مردون کو گواہ کیا دوسری مجلس مین بدون بیان کرنے سبب دین کے تو دونون مجلسون کی دونون مال یعنی دو ہزار اسپر لازم ہونگے چنانچہ اگر سبب دین مختلف ہوتو دو ہزار لازم ہونگے ہم بلا بیان سبب کی یہ صورت ہی کہ اقرار کرے کہ مجھ پر زید کے مثلاً ہزار درم دین ہین دونون مجلسون مین اور اختلاف سبب کی یہ شکل ہی کہ ایک مجلس مین اقرار کرے کہ مجھ پر ہزار درم ثمن اس لونڈی کا ہی اور دوسری مجلس مین کہے کہ مجھ پر ہزار درم ثمن اس غلام کا ہی بخلاف مالو اتحد السبب او الشہود او اشہد علی صک واحد او اقر عند الشہود ثم عند القاضی او لکاسہ ابدالمس

بخلاف اسکے کہ اگر سبب دین کا ایک ہی ہو یا دونون مجلسون کے شہود متحد ہون یا چارون شاہدون کو ایک دستاویز پر شاہد کرے یا شاہدون کے روبرو اقرار کرے پھر وہی اقرار قاضی کے روبرو کرے یا بالعکس اسکے یعنی پہلے قاضی کے روبرو اقرار کرے پھر شاہدون کے سامنے تو ایک ہی ہزار لازم ہونگے کذا صرح ابن ملک هم اتحاد سبب کی یہ صورت ہو کہ دونون مجلسون مین غلام معین کے ثمن کا اقرار کرے اور اتحاد شہود کی یہ صورت ہو کہ جو اول مجلس کے شاہد ہین وہی دوسری مجلس کے بھی شاہد ہون والاصل ان المعرف او المنکر اذا اعید معرفا کان الثانی عین الاول او منکرا فغیرہ اور قاعدہ کلیہ یہ ہو کہ معرفہ یا نکرہ جبکہ معرف ہوکر دوسری بار مذکور ہو تو دوسرا بعینہ پہلا ہوگا اور اگر نکرہ ہوکر دوبارہ مذکور ہو تو ثانی اول کے مغائر ہوگا ادل اور ثانی کی معرفہ ہونے کی صورت یہ ہو کہ دین کا ایک ہی سبب معین دونون اقرارون مین مذکور کرے اسطرح کہ (لہ علیہ الف ثمن ہذا العبد) پھر اسی کو دوسری بار اقرار کرے اور اول کے نکرہ اور ثانی کے معرفہ ہونے کی یہ صورت ہو کہ اول ہزار کو مطلق کہے اسطرح کہ (لہ علی الف) پھر یون ہو (لہ علی الف ثمن ہذا العبد) اور اعادہ نکرہ کی صورت یہ ہو کہ کہے (لہ علی الف) پھر دوسرا اقرار کرے کہ (لہ علی الف) اور پہلا معرفہ ہوا اور دوسرا نکرہ اسکی صورت یہ ہو کہ اول یہ اقرار کرے کہ (لہ علی الف ثمن ہذا العبد) پھر دوسری بار کہے (لہ علی الف) وتمامہ فی الطحطاوی ونسی الشہود فی موطن ام موطنین فہما مالان مالم یعلم اتحادہ وقیل واحد وتمامہ فی الخانیۃ اور اگر گواہ بھول جاوین کہ اقرار ایک مجلس مین تھا یا دو مجلسون مین تو وہ دو مال لازم ہونگے جب تک کہ اتحاد مجلس بالیقین معلوم نہو اور قول ضعیف یہ ہو کہ ایک ہی مال لازم ہو اور پورا بیان اسکا خانیہ مین ہو اقر ثم ادعی المقر انہ کاذب فی الاقرار یحلف المقر لہ ان المقر لم یکن کاذبا فی اقرارہ عند الثانی وبہ یفتی درر اقرار کیا پھر مقر نے دعوے کیا کہ وہ جھوٹا ہو اپنے اقرار مین تو قسم لیجائے مقر لہ سے اسکی کہ مقر اپنے اقرار مین جھوٹا نہ تھا امام ابو یوسف رحمہ کے نزدیک اور اسی قول پر فتوی ہو کذا فی الدرر رحمہ اور طرفین کے نزدیک اسکے قول پر التفات نہوگا وکذا الحکم یجری لو ادعی وارث المقر فیحلف اور اسی طرح کا حکم جاری ہو اگر مقر کا وارث دعوے کرے یعنی مورث کے اقرار مین اسکے کذب کا مدعی ہو تو مقر لہ سے قسم لیجائے اسکی کہ مورث کاذب نہ تھا اپنے اقرار مین وان کانت الدعوی علی ورثۃ المقر لہ فالیمین علیہم بالعلم انا لا نعلم انہ کان کاذبا صدر الشریعۃ اور اگر مقر یا اسکے وارث کا دعوے مذکور مقر لہ کے وارثون پر ہو تو وارثون پر علم کی قسم آویگی اسطرح کہ واللہ ہم نہین جانتے ہین کہ مقر اپنے اقرار مین جھوٹا تھا کذا فی صدر الشریعۃ

باب الاستثناء

وما فی معناہ فی کونہ مغیرا کالشرط ونحوہ یہ باب ہو احکام استثنا مین اور جو استثنا کے ہم معنی ہو اقرار کے بدل ڈالنے مین چنانچہ شرط اور مانند اسکے جب مصنف نے اقرار بلا تغییر کا ذکر کرلیا تو اب اقرار مع التغییر کا ذکر شروع کیا مانند شرط کے یہ مثال ہو کہ اسکے میرے اوپر ہزار درم ہین اس غلام کا ثمن جو میرے قبضے مین نہین آیا ہو وعندنا تکلم بالباقی بعد الثنیا باعتبار الحاصل من مجموع الترکیب ونفی واثبات باعتبار الاجزاء فالقائل لہ علی عشرۃ الا ثلثۃ لہ عبارتان مطولۃ وہی ما ذکرناہ ومختصرۃ وہی ان یقول ابتداء لہ علی سبعۃ وہذا معنی قولہم تکلم بالباقی بعد الثنیا ای بعد الاستثناء وہ یعنی استثنا ہم حنفیہ کے نزدیک عبارت ہو باقی کے بولنے سے بعد استثنا کرنے کے مجموع ترکیب مستثنی منہ اور مستثنی کے حاصل کے اعتبار سے نفی اور اثبات ہو باعتبار اجزاء لفظیہ کے تو اس قائل کے کہ (لہ علی عشرۃ الا ثلثۃ) یعنی سات درم کے اقرار کرنے والے کی دو عبارتین ہین عبارت طویل وہ جسکو ہمنے ذکر کیا یعنے لہ علی عشرۃ الا ثلثۃ اور دوسری عبارت مختصر وہ یہ ہو کہ ابتدا سے یون کہے کہ اسکے میرے اوپر سات درم ہین اور یہی مطلب ہو فقہا کے اس قول کا کہ استثنا باقی کا تکلم ہو بعد استثنا کرنے کے وشرط فیہ الاتصال بالمستثنی منہ الا لضرورۃ کنفس او سعال او اخذ فم بہ یفتے اور صحت استثنا مین متصل ہونا مستثنے کا مستثنے منہ سے شرط ہو مگر عند الضرورۃ جیسے مقر کا دم لینا یا کھانسی کا آنا یا منہ بند کرلینا یعنے کوئی شخص مقر کا منہ بند کرے اس قول پر فتوی ہو والنداء بینہما لا یضر لانہ للتنبیہ والتاکید اور پکارنا مقر کا مقر لہ کو

اسکے بعد چیز مذکور ہین ۱۲
علی الصدر الشریعۃ ۱۲ عالمگیری
صدر الشریعۃ میں ہے
اسکے بعد میں ہے
مین ۱۲

کہ اُسکا یہ غلام ہو گر اُسکی سیاہی مقر کی نہین ہو وان قال بناؤہا لی وعرصتہا لک فکما قال لان العرصۃ ہی البقعۃ لا البناء حتے لو قال وارضہا لک
کان لہ البناء ایضا لدخولہ تبعا الا اذا قال بناءہا لزید والارض لعمرو فکما قال اور اگر یون اقرار کیا کہ گھر کی عمارت میری ہو اور اُسکا عرصہ تیرا ہو
تو ویسا ہوگا جیسا اُسنے کہا اسواسطے کہ عرصہ بقعہ ہو نہ عمارت یعنی عرصہ عبارت ہو بقعہ خالی از عمارت سے تو اگر یون اقرار کریگا کہ گھر کی عمارت
میری ہو اور اُسکی زمین تیری ہو تو عمارت بھی مقر لہ کی ٹھہریگی اسواسطے کہ عمارت گھر مین بالتبع داخل ہو مگر جب یون کہے کہ گھر کی عمارت
زید کی ہو اور زمین عمرو کی تو ویسا ہی ہوگا جیسا اُسنے کہا ہم اسواسطے کہ جب اُسنے عمارت کا اقرار زید کے واسطے کیا تو عمارت اُسکی ملک ہوگئی تو اب
زمین کا اقرار عمرو کے واسطے کرنے سے زید کی عمارت اُسکی ملک سے خارج نہو گی اسواسطے کہ اقرار مقر کا غیر شخص کے حق مین حجت نہین بخلاف مسئلہ مقدمہ کے اسواسطے
کہ عمارت مقر کی مملوک ہو پھر جب اُسنے زمین کا اقرار غیر کے واسطے کیا تو عمارت اُسکی تابع ہوگئی کذا فی المنح و استثناء فص الخاتم ونخلۃ البستان
وطوق الجاریۃ کالبناء فیما مر اور استثنا کرنا انگوٹھی کے نگین کا اور کھجور کے درختون کا باغ سے اور طوق کا لونڈی سے عمارت کے مانند ہو امر مذکور مین
م اسواسطے کہ نگین انگوٹھی مین اور درخت باغ مین اور طوق جاریہ مین عمارت کے مانند بالتبع داخل ہو تو استثنا صحیح نہوگا بنا برین ہو درخت سے درخت
بدون جڑ کے مراد ہو اور اگر اشجار کا استثنا اصول کے ساتھ ہو تو استثنا صحیح ہو اسواسطے کہ اصل یعنی جڑ کا اقرار قصداً واجب ہو نہ تبعاً وان قال لہ علی الف
من ثمن عبد ما قبضتہ الجملۃ صفۃ عبد وقولہ موصولا باقرارہ حال منہا ذکرہ فی الحاوی فلیحفظ وعینہ ای عین العبد وہو فی ید المقر لہ فان سلمہ الی
المقر لزمہ الالف والا لا اعلا بالصفۃ اور اگر یون اقرار کیا بالغ عاقل نے کہ اُسکے میرے اوپر ہزار درم ہین اُس غلام کا ثمن جسپر مین نے ہنوز قبضہ نہین کیا
عدم قبض کو اقرار کے ساتھ ملا کر بولا اور غلام کو معین کر دیا اور حالانکہ وہ غلام مقر لہ کے پاس ہو تو اگر مقر لہ مقر کو غلام تسلیم کرے تو مقر پر ہزار درم لازم ہونگے
اور نہین تو لازم نہونگے صفت عدم قبض پر عمل کرنے سے شارح نے کہا ما قبضتہ کا جملہ صفت ہو غلام کی اور موصول کا لفظ حال واقع ہوا ہو جملہ مذکورہ سے
یہ مذکور ہو حاوی قدسی مین تو اسکو یاد رکھنا چاہیئے یعنے تا فہم مطلب مین خطا نہو وان لم یعین العبد لزمہ الالف مطلقا وصل ام فصل وقولہ ما قبضتہ
لغو لانہ رجوع اور اگر مقر مذکور نے غلام کو معین نہ کیا تو اُسکو ہزار لازم ہونگے ہر طرح سے خواہ عدم قبض کو ملا کر کہے یا اُسکو جدا کر کے کہے اور اُسکا
یہ قول کہ مین نے اُسپر قبضہ نہین کیا لغو ہوگا اسواسطے کہ رجوع ہو اقرار سے بعد اقرار کر چکنے کے یعنے اور رجوع جائز نہین کقولہ من ثمن خمر
او خنزیر او مال قمار او حر او میتۃ او دم فیلزمہ مطلقا وان وصل لانہ رجوع الا اذا صدقہ او اقام بینۃ فلا یلزمہ چنانچہ ہو قول مین
کہ اُسکے مجھپر ہزار درم ہین شراب یا سور کا ثمن یا قمار کا مال یا آزاد مرد یا مردار یا خون کا ثمن تو اُسپر مطلقا لازم ہوگا اگرچہ اسکو اقرار کے ساتھ ملا کر
کہے اسواسطے کہ یہ اقرار کر کے پھر جاتا ہو مگر جبکہ مقر لہ اُسکی تصدیق کرے امور مذکورہ مین یا مقر گواہ قائم کرے تو اب ہزار اُسکو لازم نہونگے ولو قال لہ
علی الف درہم حرام اور بوا فہی لازمۃ مطلقا وصل ام فصل لاحتمال حلہ عند غیرہ اور اگر یون اقرار کیا کہ اُسکے میرے اوپر ہزار درم حرام
یا بیاج کے ہین تو درا ہم مذکورہ مقر پر لازم ہونگے ہر طرح خواہ ملا دے اقرار سے یا جدا کہے اُسکے حلال ہونے کے احتمال سے غیر مقر کے نزدیک م
یعنی جسکو مقر حرام یا بیاج کہتا ہو شاید اور کے مذہب مین حلال ہو چنانچہ ایک چیز بائع سے خرید کی اور ہنوز اُسپر قبضہ نہین کیا اور اُسکو بائع مذکور کے
ہاتھ بیچا اپنی خرید سے کمتر ثمن سے تو یہ زیادت ہمارے نزدیک حرام ہو اور شافعی رح کے نزدیک یہ بیع جائز ہو اور زیادت حلال انتہیٰ اُنکے نزدیک حرام
نہین اور نہ بیاج ہو اور اس تعلیل کا ظاہر اسکو مقتضی ہو کہ اگر مقر اور مقر لہ کا ایک ہی مذہب ہو تو مقر پر کچھ لازم نہ آوے کذا فی الطحطاوی ولو قال علی زورا
او باطلا لزمہ ان کذبہ المقر لہ والا بان صدقہ لا یلزمہ اور اگر یون اقرار کرے کہ میرے اوپر مثلاً ہزار درم ہین بطریق زور یا بطلان کے تو اُسپر لازم
ہونگے اگر مقر لہ اُسکی تکذیب کرے اور اگر تکذیب نہ کرے اسطرح کہ اُسکی تصدیق کرے تو اُسپر کچھ لازم نہین والاقرار بالبیع تلجئۃ ہی ان یلجئک ان

تاقی امر باطنہ علیٰ خلاف ظاہرہ فانہ علیٰ ہذا التفصیل ان کذبہ لزم البیع والا لا اور بیع تلجیہ کا اقرار کرنا اسی تفصیل پر ہو کہ اگر مقر لہ اُسکی تکذیب کرے تو بیع لازم ہو اور اگر تصدیق کرے تو لازم نہین بیع تلجیہ یہ ہو کہ تجکو مضطر کرے اُس امر کے کرنے پر جسکا باطن اُسکے ظاہر کے مخالف ہو ہم صورت اضطرار یہ ہو کہ دشمن کا خوف ہو کہ میری چیز چھین لیگا تو اُس چیز کو کسی دوست معتمد سے اپنا حال بتا کر بیچ ڈالے ظاہر مین نہ باطن مین تو درحقیقت بیع نہین ہزل کے مانند ہو ولو قال لہ علیّ الف درہم زیوف ولم یذکر السبب فہی کما قال علی الاصح بحر اور اگر بولا کہ اُسکے مجبپر ہزار درم زیوف ہین اور اسکا سبب مذکور نہ کیا کہ ثمن بیع ہین یا غصب یا ودیعت تو جیسا اُس نے کہا زیوف ہی لازم ہونگے بنا بر قول اصح ہم زیوف جمع ہو زیف کی یعنے کھوٹے درم جو خزانۂ سلطانی مین نہ لیے جاوین ولو قال لہ علیّ الف من ثمن متاع او قرض وہی زیوف مثلاً لم یصدق مطلقا لانہ رجوع اور اگر بولا کہ اُسکے مجبپر ہزار درم ہین متاع کے ثمن سے یا قرض سے اور حالانکہ دراہم مذکورہ زیوف ہین مثلاً تو اُسکی مطلقاً تصدیق نہوگی کیونکہ وہ اقرار سے پھرنا ہو ولو قال من غصب او ودیعۃ الا انہا زیوف او نبہرجۃ صدق مطلقا وصل ام فصل اور اگر بولا کہ میرے اوپر ہزار درم ہین غصب یا ودیعت سے مگر دراہم مذکورہ زیوف ہین یا نبہرجہ تو اُسکی مطلقاً تصدیق ہوگی خواہ ملا کر کہے خواہ جدا کر کے ہم اسواسطے کہ غصب اور ودیعت مقتضی سلامت اور عیب نہین اسواسطے کہ غاصب جو پاتا ہو غصب کرتا ہو اور اسیطرح مودع نبہرجہ وہ درم ہین جنکو سوداگر نہ لیتے ہون اور غیر تجار لیتے ہون وان قال ستوقۃ او رصاص فان وصل صدق وان فصل لا لانہا دراہم مجازا اور اگر بولا کہ مجبپر ہزار درم ہین مگر دراہم مذکورہ ستوقہ یا رانگے کے ہین تو اگر استثنا اقرار سے ملا کر بولا تو اُسکی تصدیق ہوگی اور اگر اقرار سے جدا بولے گا تو تصدیق نہوگی اسواسطے کہ وہ دراہم مجازی ہین نہ حقیقی ہم ستوقہ وہ دراہم ہین جنکے دونون طرف پتر چاندی کے ہون اور بیچ مین تانبا یا سیسہ وصدق بیمینہ فی غصبتہ او اودعنی ثوبا اذا جاء بمعیب ولا بینۃ اور اُسکی تصدیق ہوگی قسم کے ساتھ اس قول مین کہ مین نے اس سے کپڑا غصب کیا یا اُسنے میرے پاس کپڑا ودیعت رکھا جبکہ مقر کپڑے کو عیب دار لادے اور حالانکہ مقر لہ کے پاس گواہ نہین یعنی اسواسطے کہ غصب اور ودیعت وصف سلامت کے مقتضی نہین وصدق فی لہ علیّ الف ولو من ثمن متاع مثلاً الا انہ ینقص لذا ای الدراہم وزن خمسۃ لا وزن سبعۃ اور مقر کی تصدیق ہوگی اس قول مین کہ اُسکے میرے اوپر ہزار درم ہین اگرچہ مثلاً متاع کے ثمن سے ہون مگر دراہم مذکورہ وزن مین اتنے کم ہین یعنی وزن خمسہ کے دراہم ہین نہ وزن سبعہ کے ہم یعنی اس ہزار درم سے ہر دہائی پانچ مثقال کے وزن کے برابر ہو نہ سات مثقال کے کذا فی الطحطاوی ومتصلا وان فصل بلا ضرورۃ لا یصدق لصحۃ استثناء القدر لا الوصف کا زیافۃ مقر مذکور کی تصدیق ہوگی اگر استثنا اقرار کے ساتھ ملا کر بولا اور اگر جدا کہے گا بدون ضرورت کے تو تصدیق نہوگی بسبب صحیح ہونے مقدار کے استثنا کے نہ وصف کے استثنا کے جیسے کھوٹا ہونا ولو قال لآخر اخذت منک الفا ودیعۃ فہلکت فی یدی بلا تعد وقال الآخر بل اخذتہا منی غصبا ضمن المقر لاقرارہ بالاخذ وہو سبب الضمان اور اگر ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ مین نے تجسے ہزار درم بطریق ودیعت رکھنے کے لیے سو وہ تلف ہو گئے بدون میری تعدی کے اور دوسرے شخص نے کہا بلکہ تو نے مجسے دراہم مذکورہ غصب کے طریق سے لیے تو مقر پر تاوان لازم ہوگا اُسکے لینے کے اقرار سے اور وہ تاوان کا سبب ہو ہم جب لینے کا اقرار کیا تو تاوان لازم آیا پھر وہ موجب برأت کا مدعی ہوا یعنی اذن بالاخذ کا اور دوسرا منکر ہو تو منکر ہی کا قول قسم کے ساتھ مقبول ہوگا کذا فی الطحطاوی وفی قولہ انت اعطیتنیہ ودیعۃ وقال الآخر بل غصبتہ منی لا یضمن بل القول لہ لانکارہ الضمان اور اس قول مین کہ تو نے مجکو درم بطور ودیعت کے دیے اور دوسرے نے کہا بلکہ تو نے غصب کیے مجسے تو مقر پر ضمان لازم نہوگا بلکہ اُسی کا قول مقبول ہوگا کیونکہ وہ تاوان کا منکر ہو ہم اسواسطے کہ اُسنے سبب ضمان کا اقرار نہین کیا یعنی اپنے لینے کا بلکہ اُسکے دینے کا اور دینا دوسرے کا فعل ہو یعنی مقر لہ کا اور وہ ضمان کا موجب نہین تو وہ اپنی ذات پر سبب ضمان کا مقر نہوا اور مقر لہ سبب ضمان کا مدعی ہو اور مقر اُسکا منکر ہو اور قول تو منکر کا مقبول ہو کذا فی النہر وفی ہذا کان ودیعۃ او قرضا لی عند ک

فاخذتہ منک فقال المقرلہ بل ہولی اخذہ المقرلہ لو قائما والا فقیمتہ لاقرارہ بالید ثم بالاخذ ومنہ ہو سبب الضمان اور اس قول مین کہ یہ چیز میری
ودیعت تھی یا میرا قرض تھا تیرے پاس سو مین نے اُسکو تجسے لیا سو مقرلہ نے کہا بلکہ وہ میرا مال تھا تو مقرلہ مقر سے لے اگر وہ چیز موجود ہو اور
اگر موجود نہو تو اُسکی قیمت لے اسواسطے کہ مقر نے مقرلہ کے قبض اور تصرف کا اول اقرار کیا پھر اُس سے لینے کا اقرار کیا اور لینا سبب ہوتا وان کا یعنی
جب اُسنے اُسکے ذی الید ہونے کا اقرار کیا پھر اپنے استحقاق کا دعویٰ کیا تو بلا برہان اُسکی تصدیق نہوئی وصدق من قال اجرت فلانا فرسی ہذہ او
ثوبی ہذا فرکبہ اولبسہ اواعرتہ ثوبی او اسکنتہ بیتی وردہ او خاط فلان ثوبی ہذا بکذا فقبضتہ منہ وقال فلان بل ذلک لی فالقول
للمقر استحسانا لان الید فی الاجارۃ ضروریۃ بخلافہ اور اُس مقر کی تصدیق ہوگی جسنے کہا کہ مین نے فلانے شخص کو اپنا یہ گھوڑا یا اپنا یہ کپڑا کرایہ دیا سو وہ
گھوڑے پر سوار ہوا یا کپڑے کو پہنا یا اُسکو مین نے کپڑا بطور عاریت کے دیا یا اُسکو مین نے اپنے گھر مین رکھا اور فلانے شخص نے اس بات کو نہ مانا یا
یون اقرار کیا کہ فلانے شخص نے میرا یہ کپڑا سیا اتنی مزدوری پر سو مین نے اُس سے کپڑا لیا اور فلانے شخص نے کہا بلکہ وہ کپڑا میرا ہے تو مقر ہی کا قول مقبول ہوگا
بطور استحسان کے اسواسطے کہ قبض اور تصرف اجارے مین ضروری امر ہے بخلاف ودیعت کے کہ اجارے مین قبض استیفاے معقود علیہ کے واسطے ضروری ہے یعنی
استحصال منافع کے واسطے تو مستاجر کے قبض کا اقرار اُسکی ملک کی دلیل نہین ہوسکتی بخلاف ودیعت اور اقراض کے ہذا الالف ودیعۃ فلان لابل ودیعۃ فلان
فالالف للاول وعلی المقر الف مثلہ للثانی بخلاف ہی لفلان لابل لفلان بلا ذکر ایداع حیث لایجب علیہ للثانی شیء لانہ لم یقر بایداعہ
یہ ہزار درم فلانے کی ودیعت ہی نہین بلکہ فلانے کی ہے تو ہزار درم مشار الیہا اول مقرلہ کے ہین اور مقر پر مانند اُسکے اور ہزار درم ثانی مقرلہ کے لازم ہونگے
بخلاف اس قول کے وہ ہزار درم فلانے کے ہین نہین بلکہ فلانے کے ہین بلا ذکر ایداع کہ اس صورت مین مقر پر مقرلہ ثانی کے واسطے کچھ واجب نہوگا اسواسطے کہ
اُسکی ودیعت رکھنے کا مقر نے ذکر نہین کیا وہذا ان کانت معینۃ وان کانت غیر معینۃ لزمہ لہ ایضا اور یہ اُسوقت ہے جبکہ دراہم معین ہون اور
اگر غیر معین ہون تو مقرلہ ثانی کے واسطے بھی ہزار درم مقر پر لازم ہونگے کقولہ غصبت فلانا مائۃ درہم ومائۃ دینار وکر حنطۃ لابل فلانا
لزمہ لکل واحد منہما کلہ وان کانت بعینہا فہی للاول وعلیہ للثانی مثلہا مانند اس قول مقر کے کہ مین نے فلانے سے سو درم اور
سو دینار اور ایک کر گیہون غصب کیے نہین بلکہ فلانے سے چھین لیے تو مقر پر دونون مین سے ہر شخص کے واسطے اشیاے مذکورہ کے برابر
لازم ہونگے ولو کان المقرلہ واحدا یلزمہ اکثرہما قدرا وافضلہما وصفا نحو لہ الف درہم لابل الفان والف درہم جیاد لابل زیوف
اوعکسہ اور اگر مقرلہ ایک ہی شخص ہو یعنی اور احد الاقرارین مقدار یا وصف زائد ہو تو مقر پر وہ لازم ہوگا جو دونون اقرارون مین سے مقدار
مین اکثر اور وصف مین افضل ہو چنانچہ اس مثال مین کہ اُسکے میرے اوپر ہزار درم ہین نہین بلکہ دو ہزار ہین یا یون اقرار کیا کہ اُسکے ہزار کھرے
درم ہین نہین بلکہ کھوٹے درم ہین یا بالعکس اسکے اقرار کیا یعنے اول دو ہزار کا پھر ایک ہزار کا یا اول کھوٹے درمون کا اقرار کیا پھر کھرون کا ولو قال
الدین الذی لی علی فلان لفلان او الودیعۃ التی عند فلان ہی لفلان فہو اقرار لہ وحق القبض للمقر ولکن لو سلم الی المقرلہ بری
خلاصہ اور اگر بولا کہ جو میرا دین فلانے شخص پر ہے وہ فلانے آدمی کا ہے یا جو ودیعت فلانے کے پاس ہے وہ فلانے شخص کی ہے تو یہ اقرار ہے مقرلہ کے واسطے
اور قبض دین یا قبض ودیعت کا حق مقر کے واسطے ثابت ہے ولیکن اگر مدیون یا مودع مقرلہ کو تسلیم کریگا تو اداے دین اور ودیعت سے بری الذمہ
ہوجائیگا کذا فی الخلاصۃ لکنہ مخالف لما مر انہ ان اضاف لنفسہ کان ہبۃ فیلزم التسلیم ولذا قال فی الحاوی القدسی ولو لم یسلطہ علی القبض فان قال
واسمی فی کتاب الدین عاریۃ صح وان لم یقلہ لم یصح قال المصنف وہو المذکور فی عامۃ المعتبرات خلافا للخلاصۃ فقال عند الفتوی لیکن خلاصہ کا
قول مخالف ہے اُس قول کے جو کہ یہ مذکور ہوچکا کہ اگر مقر اپنی ذات کے واسطے نسبت کرے تو ایسا اقرار ہبہ ٹھہریگا تو جانب مقر سے تسلیم لازم ہوگی

اور اسیواسطے حاوی قدسی مین کہا ہی اور اگر مقر مقرلہ کو قبض دین پر مسلط نہ کرے تو اگر یون کہے کہ میرا نام کتاب الدین مین عاریت ہی تو اقرار صحیح ہی
اور اگر یہ نہ کہے تو صحیح نہین مصنف نے اپنی شرح مین کہا اور حاوی قدسی کے موافق اکثر کتب معتبرہ مین ہی برخلاف خلاصہ کے تو تامل کیجیو اس مسئلے مین
فتوے دینے کے وقت م شرح وہبانیہ مین تتمہ سے منقول ہی کہ جب یہ اقرار کرے کہ میرا دین فلانے کا دین ہی اور مقرلہ اُسکی تصدیق کرے تو صحیح ہی اور حق
قبض اول کے واسطے ہی نہ ثانی کے واسطے لیکن باوجود اسکے اگر مدیون ثانی کو دے گا بری الذمہ ہوجائیگا اور اول وکیل کے مانند ٹھہرے گا اور ثانی
لکل ثلثہ ولیس للابن شیٔ ایک مرد نے کہا میرے باپ نے اپنے ثلث مال زید کے واسطے وصیت کی بلکہ عمرو کے واسطے وصیت کی بلکہ بکر کے واسطے وصیت
کی تو اول شخص کے واسطے ثلث مال ہے اور اسکے سوائے کسیکو کچھ نہین اور زفر نے کہا تینون شخصون کو تہائی تہائی ملیگا اور فرزند کو کچھ نہین ہم زفر نے وصیت کو
مسئلہ دین پر قیاس کیا مسئلہ دین یہ ہے کہ اسیطرح تین شخصون کے واسطے دین کا اقرار کیا تو تینون کو تہائی تہائی ملیگا قلنا انفاذ الوصیۃ فی الثلث وقد
اقر بہ للاول فاستحقہ فلم یصح رجوعہ بعد ذلک للثانی بخلاف الدین لنفاذہ من الکل من الکل من المجمع واللہ اعلم ہم زفر کے جواب مین کہتے ہین کہ وصیت کا
جاری ہونا فقط ثلث مال مین ہوتا ہے اور حالانکہ ثلث مال کا اول شخص کے واسطے اقرار کر چکا ہے تو وہی شخص ثلث کا مستحق ہوگیا تو بعد اسکے رجوع اقرار دوسرے
شخص کے واسطے وصیت کرنے سے صحیح نہوا بخلاف مسئلہ دین کے بسبب نافذ ہونے دین کے کل متروکہ سے یہ مسائل مجمع سے منقول ہین واللہ اعلم

فروع مسائل ملحقہ شارح کے اقر بشیٔ ثم ادعی الخطاء لم یقبل الا اذا اقر بالطلاق بناء علی افتاء المفتی ثم تبین عدم الوقوع لم یقع دیانۃ قنیہ
کسی چیز کا اقرار کیا پھر خطا فی الاقرار کا دعوے کیا تو مقبول نہین مگر جبکہ وقوع طلاق کا اقرار کسی مفتی کے فتوی دینے پر کیا پھر عدم وقوع طلاق ظاہر
ہوا یعنی بعد تحقیق معلوم ہوا کہ مفتی کا فتوے غلط تھا تو باعتبار دیانت کے طلاق نہ واقع ہوگی کذا فی القنیہ ہم اور اگر قاضی کے روبرو طلاق کا اقرار کریگا
تو خطاے مذکور مین اسکی تصدیق نہوگی کذا فی الحواشی الاشباہ اقرار المکرہ باطل الا اذا اقر السارق مکرہا فافتی بعضہم بصحتہ ظہیریہ اقرار کرنا مکرہ کا باطل ہے
مگر جبکہ سارق زبردستی سے چوری کا اقرار کرے تو بعضون نے صحت اقرار کا فتوی دیا ہے کذا فی الظہیریۃ ہم تجنیس اور قہستانی مین ہے کہ درصورت
مذکورہ عقوبت سارق کا فتوی نہ دیا جاویگا کہ جور اور ظلم ہے الاقرار بشیٔ محال وبالدین بعد الابراء منہ باطل شیٔ محال کا اقرار اور دین کا بعد اسکے معاف
کردینے کے باطل ہے ہم شیٔ محال کی یہ صورت ہے کہ ایک شخص نے اقرار کیا کہ مجکو زید نے فلانے مہینے مین قرض دیا اور حالانکہ زید اس سے پہلے مر چکا اور
از انجملہ یہ ہے کہ بیع عبد کا بلا ذکر ثمن اقرار کیا پھر بیع کا منکر ہوگیا تو انکار صحیح ہے اسواسطے کہ بیع بلا ثمن باطل ہے علی احد القولین کذا فی الطحطاوی وسے
ولو بمہر بعد ہبتہا لہ علی الاشبہ اقرار دین بعد ابراء اسکے باطل ہے اگرچہ مہر کا اقرار ہو زوجہ کے بخش دینے کے بعد زوج کو بنا بر قول اشبہ ہم صورت اسکی یہ ہے
کہ زوجہ نے اپنا مہر بخشدیا پھر زوج نے ہبہ کے بعد مہر کا اقرار کیا تو اسکا اقرار صحیح نہین اور یہ اسکے مخالف نہین جو عبد البر شارح وہبانیہ نے خلاصہ وغیرہ
سے نقل کیا کہ ایک مرد نے اپنی عورت کے ہزار درم کے مہر کا مرض الموت مین اقرار کیا اور مرگیا پھر وارثون نے گواہون سے ثابت کیا کہ عورت ہبہ مہر کر چکی تھی

زوج کی حیات مین تو گواہی مقبول نہین اسواسطے کہ شاید طلاق بائن کے بعد دوسری بار نکاح کیا ہو مہر مذکور پر لیکن فصول عمادی سے معلوم ہوتا ہی کہ اقرار صحیح نہین مگر بقدر مہر مثل کے پھر شارح نے مصنف سے نقل کیا کہ مہر کا ہبہ ابرا کے مخالف ہو تو اگر زوجہ زوج کو مہر سے ابرا کر دے پھر زوج مہر کا اقرار کرے تو صحیح نہین کذا فی

الطحطاوی نعم لو ادعی دینا بسبب حادث بعد الابراء العام وانہ اقربہ یلزمہ ذکرہ المصنف فی فتاواہ قلت ومفادہ انہ لو اقر ببقاء الدین ایضا فحکمہ کالاول وہی واقعۃ الفتوی فتامل ہان اگر دین کا دعوے کرے کسی نئے سبب کی جہت سے بعد ابراے عام کے اور یہ دعوی کرے کہ مدیون نے اسکا اقرار کیا ہی تو اسکو لازم ہوگا یہ مصنف نے اپنے فتاوے مین ذکر کیا ہی مین کہتا ہون اور مفاد اسکا یعنی سبب حادث کے تقیید کا یہ ہی کہ اگر مدیون باقی رہنے اس دین کا بھی جسکا ابرا ہو گیا اقرار کرے تو اسکا حکم مانند اول کے ہی یعنی وہ اقرار باطل ہی سو تامل کر ہم اس عبارت اور عبارت سابقہ مین فرق یہ ہی کہ پہلی عبارت مین یون اقرار کیا کہ فلانے کا مجھپر آتا ہی اور دوسری عبارت مین اقرار کیا کہ فلانے کا دین مجھپر باقی ہی اور دونون مین ایک ہی حکم ہی یعنی بطلان کذا فی الطحطاوی والفعل فی المرض احط من فعل الصحۃ مرض کا فعل کمتر ہی صحت کے فعل سے ہم چنانچہ دین کا اقرار اور نکاح کرنا اور عتق اور ہبہ مرض الموت مین کمتر ہی صحت کے افعال مذکورہ سے اسواسطے کہ مرض کا اقرار دین موخر ہی صحت کے دین سے اور مرض کے نکاح کا مہر مہر مثل سے زیادہ نافذ نہوگا بخلاف صحت کے اور عتق اور ہبہ ثلث مال مین نافذ ہوگا بخلاف صحت کہ کل مال مین نافذ ہی الا فی مسئلۃ اسناد الناظر النظر لغیرہ بلا شرط فانہ صحیح فی المرض لا فی

الصحۃ تتمۃ وتمامہ فی الاشباہ فعل مرض کمتر ہی فعل صحت سے مگر ناظر کی اسناد نظر کے مسئلے مین یعنی اگر ناظر وقف کا نظارت کو غیر شخص کے واسطے تفویض کرے بدون اسکے کہ وقف کے تفویض نظارت کی اسکے واسطے شرط کی ہو سو یہ تجویز مرض الموت مین صحیح ہی نہ صحت مین کذا فی التتمۃ اور پورا بیان اسکا اشباہ مین ہی وفی الوہبانیۃ شعر اقر بمہر المثل فی ضعف موتہ ؛ فبینۃ الایہاب من قبل تہدر ؛ اور وہبانیہ مین ہی کہ ایک شخص نے مہر مثل کا اقرار کیا اپنے مرض الموت کی ناتوانی مین تو قبل مرض کے ہبہ مہر کی گواہی باطل غیر مسموع ہی ہم اس مسئلے کا بیان شرح وہبانیہ سے قبل از چند مذکور ہو چکا شعر واسنا دبیع فیہ للصحۃ اقبلن ؛ وفی القبض من ثلث التراث لیقدر ؛ بیع صحت کی اسناد مرض الموت مین قبول کر اور قبض ثمن مین تو ثلث مال میراث سے اندازہ کیا جائیگا ہم منتقی مین ہی کہ اگر مرض الموت مین اقرار کیا کہ اس غلام کی مین نے بیع کی فلانے سے حالت صحت مین اور اسکے ثمن پر مین نے قبضہ کیا اور مشتری بھی یہی کہتا ہی تو اسکی تصدیق ہو گی بیع مین اور قبض ثمن مین تصدیق نہو گی الا بقدر ثلث اور اگر قبض ثمن بمعاینۂ شہود ہوگا تو اقرار صحیح ہی کذا فی الطحطاوی عن شرح الوہبانیۃ شعر ولیس بلا

تشہد مقر الغدرۃ ؛ ولو قال لا تخبر مخالف یسطر ؛ اور اس قول مین مقر ہوگا گواہی نہ دیجیو ہم اسکو بحکم اقرار نہین شمار کرتے اور اگر یون کہا کہ خبر نہ دیجیو تو اسمین اختلاف مسطور ہی ہم اگر یون بولا کہ اسکی گواہی نہ دیجیو کہ فلانے کے میرے اوپر ہزار درم ہین تو یہ اقرار نہو گا ہزار کا اسواسطے کہ یہ نہی ہی وجوب ہزار کی اثبات سے یا کہ نہی بمعنی نفی ہی یعنی تم اسکے گواہ نہین ہو اور اگر یون کہا کہ خبر نہ دیجیو کہ فلانے کے میرے اوپر ہزار درم ہین تو اسمین اختلاف ہی کرخی اور مشائخ بلخ کا

یہ مذہب ہی کہ یہ قول اقرار نہین اور مشائخ بخارا نے کہا حق یہ ہی کہ یہ اقرار ہی قنیہ مین کہا یہی قول صحیح ہی کذا فی الطحطاوی شعر ومن قال ہذی ذالذا کان نشاء ؛ ومن قال ہذا الملک ذا فہو مظہر ؛ اور جسنے کہا کہ میری یہ ملک اس شخص کی مملوک ہی تو اس قول کا قائل موجد تملیک ہی یعنی اسنے بالفعل اسکو ہبہ کیا تو اسمین شرائط ہبہ معتبر ہونگی اور اگر یون بولا کہ یہ چیز اس شخص کی ملک ہی تو وہ مظہر ہی ملک کا یعنی مقر اور مخبر تو اسمین ہبہ کی شرائط معتبر نہین شعر

ومن قال لا دعوے الی الیوم عند ذا ؛ فما یدعی من بعد منہا فمنکر ؛ اور جسنے کہا کہ میرا کوئی دعوے نہین آج کے دن اس شخص سے پھر اسکے بعد جو دعوی کریگا اسدن اور ما تقدم کے دعاوی سے سوا اسپر شرح کا انکار ہی یعنی مقبول نہین ہم اور اگر دعوی کسی سبب سے حادث ہوگا تو مسموع ہوگا اور اگر بولا کہ مین نے فلانے پر دعوے کرنا چھوڑا اور آخرت پر اپنا معاملہ تفویض کیا تو بعد اس قول کے دعوے مسموع نہوگا کذا فی الطحطاوی

واللہ تعالے اعلم واستغفر اللہ العظیم

کتاب الصلح

یہ کتاب ہے صلح متخاصمین کے احکام مین ھم مصالح علیہ اُسکو کہتے ہین جسپر صلح واقع ہوا اور مصالح عنہ وہ ہے جس سے صلح ہو مثلاً زید نے خالد سے ایک حویلی کا دعوی کیا خالد نے کہا کہ فی
سو درم لے اور حویلی کا دعوی نہ کر تو یہان سو درم مصالح علیہ ہے اور حویلی مصالح عنہ ہے مناسبتہ ان انکار المقر سبب للخصومۃ المستدعیۃ للصلح مناسبت کتاب الصلح کی کتاب الاقرار سے یہ ہے کہ انکار کرنا
مقر کا جھگڑے کا سبب ہے اور جھگڑا مستدعی ہے صلح کا ہو لغۃ اسم من المصالحۃ وہ لغت مین صلح اسم ہے مصالحہ سے یعنی مصالح کا اسم ہے و شرعا عقد یرفع النزاع و یقطع الخصومۃ اور شرع مین صلح عبارت ہے
اُس عقد سے جو رفع نزاع اور قطع خصومت کرے یعنی جو عقد کہ جھگڑے کو مٹاوے وہ صلح ہے و رکنہ الایجاب مطلقا رکن صلح کا ایجاب ہے مطلقا یعنی متعین اور غیر متعین ہر دونون مین
ایجاب طالب کا ضرور ہے صلح کے واسطے والقبول فیما یتعین اما فیما لا یتعین کالدراہم فیتم بلا قبول عنایۃ و سیجیٔ اور رکن صلح کا قبول کرنا مطلوب کا متعین اور غیر متعین مین
چنانچہ دراہم مین تو صلح تمام ہو جاتی ہے بدون قبول کے بھی کذا فی العنایۃ اور آگے اسکا بیان آویگا ھم صلح بلا قبول اُسوقت تمام ہوگی جبکہ خود مطلوب طالب
صلح شروع کرے اس طرح کہ ایک شخص نے دوسرے شخص سے درم وغیرہ کا دعوی کیا سو مدعا علیہ نے نصف دراہم پر صلح چاہی سو مدعی نے کہا کہ مین نے اسپر صلح کی تو اب
مدعا علیہ کا قبول کرنا شرط نہین اسواسطے کہ یہ اسقاط ہے مدعی کی جانب سے اور وہ فقط مسقط سے تمام ہو جاتا ہے کذا فی الطحطاوی و شرطہ العقل لا البلوغ والحریۃ
اور صلح کی شرط عقل ہے نہ بالغ ہونا اور آزاد ہونا فصح من صبی ماذون ان عری صلحہ عن ضرر بین تو صلح کرنا صحیح ہے صغیر ماذون کی جانب سے اگر اُسکی صلح
خالی ہو نقصان صریح سے ھم عدم نقصان صریح تین طرح سے صادق آتا ہے ایک یہ کہ محض نفع ہو دوسرے یہ کہ نہ نفع نہ ضرر تیسرے یہ کہ نقصان ہو مگر غیر صریح تو اگر صغیر ماذون
نے ایک آدمی پر دین کا دعوی کیا اور اُس سے بعض حق پر صلح کی تو اگر دعوی کے گواہ نہون تو صلح جائز ہے اسواسطے کہ درصورت عدم صلح سواے خصومت اور قسم کھانے
کے کچھ حاصل نہین اور مال نافع تر ہے خصومت اور حلف سے اور اگر گواہ ہون تو صلح جائز نہین اسواسطے کہ اپنے حق کا گھٹانا تبرع ہے اور صغیر تبرع کا مالک نہین اور
جسمین نہ ضرر ہو نہ نفع اُسکی مثال یہ ہے کہ صلح کرے ایک چیز سے بقدر اُسکی قیمت کے اور جسمین نقصان ہو مگر غیر صریح اُسکی مثال یہ ہے کہ دین مین تاخیر کرے
کہ یہ جائز ہے اسواسطے کہ اعمال تجارت سے ہے و صح من عبد ماذون و مکاتب لو فیہ نفع اور صلح صحیح ہے عبد ماذون اور مکاتب کی جانب سے اگر صلح مین
نفع ہو ھم طحطاوی نے کہا اگر عدم نقصان صریح کو شرط کرتا تو بہتر ہوتا تا اُسکو شامل رہتا جسمین نہ نفع ہے نہ ضرر یا جسمین ضرر ہے مگر غیر صریح و شرط ایضا کون
المصالح علیہ معلوما ان کان یحتاج الی قبضہ اور یہ بھی صلح کی شرط ہے کہ مصالح علیہ یعنی جس چیز پر صلح واقع ہوئی وہ معلوم ہو نہ مجہول اگر قبض مصالح علیہ
کی حاجت ہو ھم اور اگر قبض کی حاجت نہو تو معلومیت شرط نہین چنانچہ ایک گھر مین اپنے حق ہونے کا دعوی کیا اور مدعا علیہ نے مدعی کی دوکان مین اپنے
حق کا دعوے کیا اور دونون نے اُسپر صلح کی کہ ہر شخص اپنا دعوے ترک کرے تو صلح صحیح ہے اگرچہ ہر واحد اپنے حق کی مقدار نہ بیان کرے اسواسطے کہ ساقط کی جہالت
باعث نزاع نہین کذا فی الدرر و کون المصالح عنہ حقا یجوز الاعتیاض عنہ ولو کان غیر مال کالقصاص والتعزیر اور یہ شرط ہے کہ مصالح عنہ ایسا حق ہو جس سے
عوض لینا اور اُسکی بدلائی درست ہو اگرچہ وہ حق مال نہو چنانچہ قصاص اور تعزیر ھم حق سے مراد یہ ہے کہ مصالح کا حق ہو ثابت فی المحل نہ خدا کا حق تو اگر مطلقہ
اپنے زوج پر دعوے کرے کہ جو لڑکا زوج یا زوجہ کے پاس ہے وہ اُسکا ہے زوج مدعا علیہ سے سو زوج نے اُسکو کچھ دیکر صلح کی کہ وہ اپنا دعوی ترک کرے
تو یہ صلح باطل ہے اسواسطے کہ نسب حق صغیر ہے نہ حق زوجین تو عورت غیر کے حق سے عوض لینے کی مالک نہین اور تعزیر سے مراد وہ ہے جو حق العبد ہو
چنانچہ سواے قذف کے اپنی سب و دشنام سے صلح کرنا اور جو تعزیر کہ حق اللہ ہے جیسے اجنبی عورت کا بوسہ لینا تو ظاہر الصلح جائز نہین اور یہ مسئلہ تحریر طلب ہے
کذا فی الطحطاوی معلوما کان المصالح عنہ او مجہولا خواہ مصالح عنہ معلوم ہو یا مجہول ھم مجہول ہونے کی یہ صورت ہے کہ ایک شخص پر کچھ مال غیر معین کا دعوی کیا
پھر مدعا علیہ نے کچھ دیکر صلح کی تو صحیح ہے لا یصح لو المصالح عنہ مما لا یجوز الاعتیاض عنہ و بینہ بقولہ کحق شفعۃ و حد قذف و کفالۃ بنفس صلح صحیح نہین
اگر مصالح عنہ اُسی قسم سے ہو جسکا عوض لینا اور بدلائی جائز نہین اور اسکو مصنف نے اپنے قول سے بیان کیا چنانچہ حق شفعہ اور حد قذف

اور حاضر ضامنی کہ اسکی بدلائی صحیح نہین ہم اگر مشتری صلح کرے شفیع سے بجہت اُس شُفع کے جو شفیع کے واسطے واجب ہوا ہو کسی شی پر اس شرط پر
کہ گھر مشتری کو تسلیم کرے تو صلح باطل ہو اسواسطے کہ شفیع کا حق نہین محل مین بلکہ حق شفعہ عبارت ہو ولایت طلب سے اور تسلیم شفعہ کی کچھ قیمت نہین تو
بمقابلہ اُسکے مال لینا جائز نہو گا اور یہی وجہ ہو حاضر ضامنی کی بطلان صلح کی حاضر ضامنی کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر مال ضامنی سے صلح کرے تو جائز
ہو اور یہ عبارت ہو بعض دین کے اسقاط سے اور رد صحیح ہو اور صلح حد قذف کی یہ صورت ہو کہ ایک شخص نے دوسرے کو قذف کیا تو قاذف نے کچھ مال
دیکر صلح کی کہ وہ معاف کردے تو یہ صلح بھی جائز نہین اسواسطے کہ حد قذف اگرچہ اُسمین حق العبد ہو لیکن حق اللہ اُسمین غالب ہو اور ملحق بالمعدوم ہو اور
اسیطرح حد سرقہ سے صلح جائز نہین اسطرح کہ ایک شخص نے سارق کو گرفتار کیا سو اُسنے کچھ مال دیکر صلح کی کہ اُسکو حاکم کے پاس نہ لیجائے اسواسطے کہ یہ حق اللہ ہو اور
اسیطرح زکوۃ اور شرب خمر سے صلح کرنا صحیح نہین کذا فی الطحطاوی مخلصاً و یبطل بہ الاول والثالث وکذا الثانی لو قبل المرفع الی الحاکم اور باطل ہوتا ہو صلح
سے اول و ثالث یعنی حق شفعہ اور حاضر ضامنی اور اسیطرح ثانی یعنی قذف بھی باطل ہو جاتی ہو صلح سے اگر حاکم پاس لیجانے سے پہلے ہو لا حد زنی
و شرب مطلقاً صلح صحیح نہین حد زنا اور شراب خواری سے مطلقاً خواہ حاکم کے پاس اُسکی نالش کی ہو یا نہ کی ہو ہم قاضی خان نے کہا ایک مرد نے
دوسرے شخص کی عورت سے زنا کیا اور اُسکے زوج کو علم ہوا اور باہم صلح ہوئی کچھ مال پر تا کہ وہ معاف کرے تو یہ باطل ہو اور عفو کرنا اُسکا باطل ہو اور حاکم شارب الخمر
سے صلح کرے کچھ مال لیکر اور معاف کردے تو صحیح نہین اور اُسکا پھیر دینا چاہیئے قبل رفع ہو یا بعد رفع انتہی کذا فی الطحطاوی وطلب الصلح کاف عن القبول
من المدعی علیہ ان کان المدعی بہ مما لا یتعین بالتعیین کالدراہم والدنانیر وطلب الصلح علے ذلک لانہ اسقاط للبعض وہو یتم بالمسقط اور طلب نا صلح کا
یعنے مدعا علیہ کی جانب سے کافی ہو مدعا علیہ کے قبول کرنے سے اگر جس چیز کا دعوی کیا اُس قسم سے ہو کہ تعین سے متعین نہین ہوتی چنانچہ دراہم
اور دنانیر اسواسطے کہ وہ اسقاط بعض حق ہو مدعی کی جانب سے اور اسقاط فقط مسقط سے تمام ہو جاتا ہو ہم طحطاوی نے کہا کہ شارح کے اس قول کی کہ طلب
الصلح علی ذلک کچھ حاجت نہین اسواسطے کہ خود متن مین موجود ہو انتہی لہذا مترجم نے تکرار بیفائدہ جان کر اُسکا ترجمہ نہ کیا وان کان مما یتعین بالتعیین
فلا بد من قول المدعی علیہ لانہ کالبیع بحر اور اگر مدعا بہ اُس قسم سے ہو کہ متعین ہو جاتا ہو تعیین کرنے سے تو مدعا علیہ کا قبول کرنا با وجود طلب صلح کے ضرور ہو
اسواسطے کہ وہ یعنی صلح اس صورت مین بیع کے مانند ہو ہم اور بیع مین ایجاب اور قبول ضرور ہو اور اگر مشتری بائع سے کہے کہ میرے ہاتھ بیچ اور بائع کہے کہ
مین نے بیچا تو قول مشتری کافی نہین قبول سے وحکمہ وقوع البراءۃ عن الدعوی ووقوع الملک فی مصالح علیہ وعنہ لو مقرا اور حکم اُسکا یعنی اثر مترتب
صلح کا واقع ہونا برارت کا ہو دعوی سے اور واقع ہونا مدعی کی ملک کا ہو مصالح علیہ مین اور واقع ہونا مدعا علیہ کی ملک کا ہو مصالح عنہ مین اگر مدعا علیہ
مدعی کے دعوی کا مقر ہو ہم اقرار مصالح عنہ کی ملک کی قید ہو اور مصالح علیہ کی ملک اقرار اور انکار دونون مین برابر ہو وہو صحیح مع اقرار و سکوت و انکار
اور صلح صحیح ہو مدعا علیہ کے اقرار یا سکوت یا انکار کے ساتھ ہم صلح جائز ہو بدلیل قول حق تعالی (والصلح خیر) اور حدیث مین وارد ہو کہ ہر صلح جائز ہو
فیما بین المسلمین مگر وہ صلح جو حرام کو حلال کرے یا حلال کو حرام ٹھہرا دے انتہی اور دفع ظلم کے واسطے رشوت دینا جائز ہو اور دفع ظلم کی رشوت وہ صلح نہین
جو حرام کو حلال کردے کذا فی الطحطاوی فالاول حکمہ کبیع ان وقع عن مال بمال وحینئذ فتجری فیہ احکام البیع کالشفعۃ والرد بعیب وخیار رؤیۃ و
شرط سو اول یعنی صلح مع الاقرار بیع کے مانند ہو اگر صلح واقع ہو مال سے بمقابلہ مال کے اور اسوقت مین تو صلح مین بیع کے احکام جاری ہونگے چنانچہ
شفعہ اور رد بالعیب اور خیار رویت اور خیار شرط ہم اگر صلح واقع ہوئی ایک گھر کی دوسرے گھر سے تو دونون گھرون مین شفعہ واجب ہوگا
اور رد بالعیب اس طرح کہ اگر بدل صلح غلام ہو پھر اُسمین مدعی عیب پاوے تو اُسکو پھیر دینا جائز ہو اور اگر صلح کے وقت مصالح علیہ کو نہین دیکھا
تو دیکھنے کے بعد پھیر سکتا ہو اور یہی حکم ہو مصالح عنہ کا اور بیع کے مانند صلح مین اگر ایک شخص اپنے واسطے تین دن اختیار شرط کرے تو صحیح ہو

ویفسدہ جہالۃ البدل المصالح علیہ لاجہالۃ المصالح عنہ لانہ یسقط اور صلح کو فاسد کرتا ہے غیر معلوم ہونا بدل یعنی مصالح علیہ کا نہ مجہول ہونا مصالح عنہ
کا اس واسطے کہ وہ ساقط ہو جاتا ہے یعنی مدعا علیہ کے ذمہ سے اور ساقط کی جہالت باعث نزاع نہیں وتشترط القدرۃ علی تسلیط البدل اور شرط ہے قادر
ہونا مدعا علیہ کا بدل کے تسلیم کرنے پر ھم حلبی نے کہا یہ جملہ مستانفہ بجائے تعلیل واقع ہوا ہے اسکا عطف یسقط پر صحیح نہیں انتہی یعنی جہالت بدل اسواسطے مفسد ہے
کہ تسلیم بدل پر قدرت شرط ہے اور قدرت درصورت جہالت متصور نہیں فما استحق من المدعی ای المصالح عنہ یرد المدعی حصتہ من العوض ای البدل
ان کلا فکلا او بعضا فبعضا اور جسقدر مدعا یعنی مصالح عنہ سے مستحق ملک غیر نکلے بقدر اُسکے حصے کے مدعی عوض سے یعنی بدل صلح سے پھیر دے مدعا علیہ کو
اگر تمام بدل مستحق ہو تو تمام پھیر دے اور اگر بعض مستحق ہو تو بعض بدل پھیر دے وما استحق من البدل یرجع المدعی بحصتہ من المدعی کما ذکرنا لانہ معاوضۃ
وہذا حکمہا اور جسقدر بدل یعنی مصالح علیہ سے مستحق ملک غیر نکلے بقدر اُسکے مصالح عنہ مدعی پھیر لے جسطرح ہمنے ذکر کیا یعنی اگر کل مستحق نکلے تو کل پھیر لے
اور اگر بعض نکلے تو بعض پھیر لے اسواسطے کہ صلح درحقیقت معاوضہ ہے اور معاوضہ کا یہی حکم ہے وحکمہ کاجارۃ ان وقع الصلح عن مال بمنفعۃ کخدمۃ
عبد وسکنی دار فشرط التوقیت ان احتیج الیہ والا کصبغ ثوب اور صلح کا حکم اجارے کے مانند ہے اگر صلح واقع ہو مال سے بمقابلہ منفعت کے چنانچہ
خدمت غلام اور سکونت دار تو منفعت کی مدت ٹھہرانا شرط ہوگا اگر توقیت کی حاجت ہو اور نہیں تو نہیں کپڑا رنگانے کے مانند ھم توقیت شرط ہے اجیر
خاص میں چنانچہ خدمت عبد اور سکونت دار اور اجیر مشترک میں حاجت توقیت کی نہیں چنانچہ صبغ ثوب اور رکوب دابہ موضع معین تک اور حمل طعام مکان
معلوم تک ویبطل بموت احدہما وبہلاک المحل فی المدۃ اور باطل ہوتی ہے صلح دونوں میں سے ایک کی موت سے اور محل منفعت کے ہلاک ہو جانے سے مدت کے
اندر یعنی قبل استیفاء منفعت ہلاکی محل مبطل صلح ہے اور اگر بعض منفعت حاصل ہوئی تو باقی میں صلح باطل ہوگی اور یہ قول ہے محمدؒ کا جسپر اصحاب متون نے اعتماد کیا ہے
کذا فی الطحطاوی وکذا لو وقع عن منفعۃ بمال او بمنفعۃ عن جنس آخر ابن کمال لانہ حکم الاجارۃ اور اسیطرح کا حکم ہے اگر صلح واقع ہو دعوی منفعت سے بعوض مال
کے یا صلح واقع ہو دعوی منفعت سے بعوض دوسری قسم کے نفع کے کذا ذکرہ ابن کمال فی الایضاح اسواسطے کہ یہی حکم ہے اجارے کا ھم درصورت اختلاف جنس
منفعت صلح جائز ہے جیسے صلح کرنا دعوی سکنے دار سے غلام کی خدمت پر اور درصورت اتحاد جنس منفعت کے جائز نہیں اسواسطے کہ استیجار منفعت کا متحد الجنس
منفعت سے جائز نہیں اسیطرح صلح بھی جائز نہیں کذا فی الحلبی والاخیران ای الصلح بسکوت وانکار معاوضۃ فی حق المدعی وفداء یمین و
قطع نزاع فی حق الآخر اور پچھلی دونوں قسمیں یعنی صلح ہونا مدعا علیہ کے سکوت اور انکار سے بدلا ہے مدعی کے حق میں اور قسم کا بدلا اور قطع نزاع ہے
دوسرے یعنی مدعا علیہ کے حق میں ھم مدعی کے حق میں معاوضہ اسواسطے ہوا کہ وہ اپنے گمان میں اپنے حق کا عوض لیتا ہے اور مدعا علیہ کے حق میں بدلا
قسم اور قطع نزاع کا اسواسطے ہوا کہ اگر صلح نہوتی تو مدعا علیہ پر قسم لازم آتی اور جھگڑا ہوتا وحینئذ فلا شفعۃ فی صلح عن دار مع احدہما ای مع سکوت او
انکار اور اسوقت میں تو شفعہ نہیں اُس صلح میں جو گھر سے ہوئی مدعا علیہ کے سکوت یا انکار کے ساتھ ھم یعنی ایک شخص نے دوسرے پر اُسکے گھر کا دعوی
کیا سو مدعا علیہ ساکت رہا یا منکر دعوی ہوا پھر مدعا علیہ نے کچھ دیکر گھر سے صلح کر لی تو شفعہ واجب نہوگا اسواسطے کہ مدعا علیہ کا گمان یہ ہے کہ میں نے اپنے
گھر کو اس صلح سے اپنی ذات پر باقی رکھا مدعی کا جھگڑا دور کر کے اور یہ اُسکا گمان نہیں کہ میں نے گھر کو خرید کیا اور مدعی کا زعم اُسکو لازم نہیں کذا فی الدرر لکن للشفیع
ان یقوم مقام المدعی فیدلی بحجتہ فان کان للمدعی بینۃ اقامہا الشفیع علیہ واخذ الدار بالشفعۃ لان باقامۃ الحجۃ تبین ان الصلح کان فی معنی البیع وکذا لو لم
یکن لہ بینۃ تحلف المدعی علیہ فنکل شرنبلالیۃ لیکن درصورت مذکورہ شفیع دار کو جائز ہے کہ مدعی کے قائم مقام ہو جائے اثبات دعوے میں اور اپنے
مطلب کا وسیلہ پکڑے مدعی کی حجت سے سو اگر مدعی کے ثبوت دعوے کے گواہ ہوں گو شفیع قائم کرے مدعا علیہ پر اور گھر کو بوجہ شفعہ لے لے
اسواسطے کہ حجت قائم کرنے سے ظاہر اور ثابت ہوا کہ تحقیق صلح بمعنی بیع کے تھی اور اسیطرح شفعہ ثابت ہوگا اگر مدعی کے گواہ نہوں اور قسم ...

شفیع مدعا علیہ سے سو وہ قسم کھائے کذا فی الشرنبلالیہ **وتجب فی صلح** وقع علیہا باحدہما او باقرار لان المدعی یاخذہا عن المال فیؤاخذہ بزعمہ اور شفعہ واجب ہی اُس صلح مین کہ واقع ہوئی ہو گھر پر سکوت یا انکار یا اقرار کے ساتھ اسواسطے کہ مدعی گھر لیتا ہی بعوض مال کے تو شفیع اُس سے مواخذہ کرے بموجب اُسکے گمان کے ہم یعنی اگر ایک شخص نے دوسرے شخص پر مال کا دعوے کیا اور مدعا علیہ نے مدعی سے ایک گھر دیکر صلح کر لی تو اُسمین شفعہ واجب ہوگا بموجب زعم مدعی **وما استحق من المدعی رد المدعی حصتہ من العوض و رجع بالخصومۃ فیہ فیخاصم المستحق لخلو العوض عن الغرض** اور سکوت یا انکار کی صلح کی صورت مین جسقدر مدعا یعنی مصالح عنہ مستحق ملک غیر ثابت ہو تو بقدر اُسکے حصے کے مدعی عوض سے پھیر دے مدعا علیہ کو اور بعض مستحق مین خصومت راجع کرے تو مالک مستحق سے جھگڑا شروع کرے بسبب خالی ہونے عوض کے غرض سے ہم یعنی مدعا علیہ نے عوض اسواسطے دیا تھا تا خصومت مدعی دفع ہو اور مصالح عنہ اسکے ہاتھ مین باقی رہے بلا خصومت احدے پھر وہ جب غیر کا مملوک ٹھہرا تو مدعا علیہ کا مقصد حاصل نہوا اور یہ بھی ظاہر ہوا کہ مدعی کی خصومت بجا نہ تھی تو وہ مدعی سے عوض پھیر لیگا کذا فی الدرر **وما استحق من البدل رجع الی الدعوی فی کلہ او فی بعضہ** اور جسقدر بدل صلح سے مستحق ملک غیر ہو تو مدعی دعوی کی طرف رجوع کرے کل مدعا مین یا بعض مین یعنی اگر تمام بدل مین استحقاق ہو تو کل مصالح عنہ کا دعوے کرے اور اگر بعض مین ہو تو بعض مین دعوی کرے

ہذا اذا لم یقع الصلح بلفظ البیع فان وقع بہ رجع بالمدعی نفسہ لا بالدعوی لان اقدامہ علی المبایعۃ اقرار بالملکیۃ عینی وغیرہ یعنی رجوع الی الدعوی درصورت استحقاق بدل موقوف ہی جبکہ صلح بلفظ بیع نہ واقع ہوئی اور اگر صلح بلفظ بیع واقع ہوئی ہو تو خود مدعا یعنی مصالح عنہ کو پھیر لے رجوع الی الدعوی کی کچھ حاجت نہین اسواسطے کہ مدعا علیہ ساکت یا منکر کی بیتیں قدمی مبایعت پر مالکیت مدعی کا اقرار ہی چنانچہ عینی وغیرہ مین ہی **وہلاک البدل کلا او بعضا قبل التسلیم** لہ ای للمدعی **کاستحقاقہ** فذلک فی الفصلین ای مع اقرار او مع سکوت و انکار در ہلاکی بدل قبل تسلیم مدعی کے استحقاق بدل کے مانند ہی اُسیطرح دونوں فصلوں مین یعنی صلح مع الاقرار مین یا صلح مع السکوت والانکار مین ہم یعنی اگر صلح مع الاقرار ہوا اور بدل ہلاک ہو قبل تسلیم کے تو مدعی مصالح عنہ کو پھیر لے اور اگر صلح مع الانکار ہو تو دعوی کی طرف رجوع کرے اور بعض بدل کی ہلاکی استحقاق بعض کے مانند ہو تو بقدر ہلاکی صلح باطل ہوگی اور باقی مین رہیگی کذا فی المنح وہذا لو البدل مما یتعین والا لم یبطل بل یرجع بمثلہ عینی اور یہ یعنی ہلاکی بدل کا استحقاق کے مانند ہونا اسوقت ہی جبکہ بدل اُس قسم سے ہو جو متعین ہو جاتا ہی بتعیین ہے اور اگر متعین نہوتا ہو چنانچہ کیلی اور وزنی تو صلح باطل نہوگی بلکہ بدل کے مثل کو مدعی پھیر لے مدعا علیہ سے کذا فی العینی ہم **الح عن** کذا فی نسخ المتن والشرح وصوابہ **علی بعض ما یدعیہ** ای عین یدعیہا لجوازہ فی الدین کما سیجئ فلو ادعی علیہ دارا فصالحہ علی بیت معلوم منہا فلو من غیرہا صح قہستانی **لم یصح** لان ما قبضہ من عین حقہ صلح کی بعض عین مدعا بہا پر تو صحیح نہین اسواسطے کہ جسپر مدعی نے قبضہ کیا وہ بعینہ اُسکا حق ہی یعنی بعض حق ہی عین کی قید اسواسطے لگائی کہ دین کے دعوے مین بعض دین پر صلح کرنا جائز ہی چنانچہ آگے آویگا تو اگر ایک شخص نے دوسرے شخص پر گھر کا دعوے کیا سو مدعا علیہ نے اُس سے صلح کی اُس گھر کی ایک معین مکان پر تو صلح صحیح نہین اور اگر اس گھر کے سوا اور مکان پر صلح کی تو صحیح ہی کذا فی القہستانی شارح نے کہا متن اور شرح کے نسخون مین صالح عن بعض ما یدعیہ ہی اور حق عبارت یون تھا کہ صالح علی بعض ما یدعیہ وحیلۃ صحتہ ما ذکرہ **بقولہ الا بزیادۃ شیٔ آخر کثوب و درہم فی البدل** فیصیر ذلک عوضا عن حقہ فیما بقی اور بعض عین مدعا بہا کی صحت کا وہ حیلہ ہی جسکو مصنف نے اپنے اس قول سے ذکر کیا صلح مذکور صحیح نہین مگر بدل مین کوئی دوسری چیز چنانچہ ثوب اور درم کے زیادہ کرنے سے تو وہ دوسری چیز عوض ہو جائیگی مدعی کے باقی حق سے ہم مثلاً گھر کا دعوے کیا اور مدعا علیہ نے اُس گھر کی ایک کوٹھری اور چار درم یا کپڑے پر صلح کی تو جائز ہی اسواسطے کہ کوٹھری کے سوا جو مدعی کا حق گھر مین باقی رہا اُسکے عوض وہ درم یا کپڑا ہو گیا **او یلحق بہ الابراء عن دعوی الباقی** یا صلح بعض مدعا بہا سے ابرا ملحق کیا جائے باقی کے دعوے سے ہم یعنی دوسرا حیلہ صلح مذکور کی صحت کا یہ ہی کہ گھر کے دعوے مین ایک کوٹھری پر صلح کرے اور باقی دار کے دعوے سے

ابرا کرو ے لکن ظاہر الروایۃ الصحۃ مطلقا شرنبلالیۃ ومشی علیہ فی الاختیار وعزاہ فی العزمیۃ للبزازیۃ وفی الجلالیۃ لشیخ الاسلام وجعل ما فی المتن روایۃ
ابن سماعۃ لیکن ظاہر الروایۃ یہ ہے کہ بعض عین مدعا بہا پر صلح صحیح ہو مطلقاً خواہ حیلہ مذکور کرے یا نکرے کذا فی الشرنبلالیہ اور اسی پر چلا ہے صاحب اختیار اور
منسوب کیا ہے اس قول کو عزمیہ میں بزازیہ کی طرف اور جلالیہ میں شیخ الاسلام کی طرف اور مسئلہ متن کو ابن سماعہ کی روایۃ ٹھہرایا ہے ہم ظاہر الروایۃ پر یہ سوال
وارد ہوتا ہے کہ بعض عین مدعا بہا پر کیونکر صلح صحیح ہوگی مطلقاً حالانکہ اس سے لازم آتی ہے برارت باقی عین سے اور فقہا کا قول یہ ہے کہ ابرا اعیان سے
باطل ہے تو یہ اسکو مقتضی ہے کہ صلح مذکور صحیح نہو اور اسیطرح درصورت ابرا ابن سماعہ کے بھی قول پر سوال مذکور وارد ہوتا ہے اسکا جواب شارح نے اپنے آیندہ

قول میں دیا ہے وقولہم الابراء عن الاعیان باطل معناہ بطل الابراء عن دعوے الاعیان لم تصر ملکا للمدعی علیہ ولذا لو ظفر بتلک الاعیان حل لہ اخذہا
لکن لا تسمع دعواہ فی الحکم اور فقہا کا یہ قول کہ ابرا کرنا اعیان سے باطل ہے مطلب اسکا یہ ہے کہ دعوی اعیان سے ابرا باطل ہے اور اعیان اس ابرا سے
مدعا علیہ کے مملوک نہیں ہوجاتے ہیں اور اسیواسطے اگر مدعی ان اعیان کو جنسے ابرا کر چکا ہے پاجاے تو اسکو انکا لینا جائز ہے لیکن اسکا قاضی کے حکم میں دعوی
مسموع نہوگا ہم بہتر یہ تھا کہ شارح یون کہتا بطل الابراء عن الاعیان اور دعوے الاعیان نہ کہتا اسواسطے کہ دعوی اعیان کا ابرا صحیح ہے چنانچہ مذکور ہوگا خلاصہ
جواب یہ ہے کہ بطلان برارت عن الاعیان کا مطلب یہ ہے کہ ابرا سے اعیان مدعا علیہ کے ملک نہیں ہوجاتے ہیں تو مدعی کو اسکا لینا حلال ہے اگر پاجاے
اور بطلان مذکور کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مدعی کو اعیان کا دعوے کرنا بعد الابرا صحیح ہے کذا فی الطحطاوی واما الصلح علی بعض الدین فیصح ویبرأ عن

دعوے الباقی ای قضاء لا دیانۃ فلو ظفر بہ اخذہ قہستانی وتمامہ فی احکام الاشباہ من الدین وقد حققتہ فی شرح الملتقی اور بعض دین پر صلح کرنا صحیح ہے
اور مدعا علیہ بری الذمہ ہوجائیگا باقی دین سے یعنے قضاءً بری ہوگا نہ دیانۃً تو اسی واسطے اگر مدعی اپنا باقی دین پاجاے تو اسکو لے لیگا اور پورا بیان
اسکا اشباہ کے احکام دین میں ہے اور اسکو ہمنے شرح ملتقی میں محقق بیان کیا ہے ہم اشباہ کا حاصل مضمون یہ ہے کہ ابرا متعلق باعیان یا دعوی اعیان سے
ہے اور ردو تو بلا اختلاف مطلقاً صحیح ہے یا متعلق بنفس اعیان ہے تو اگر اعیان مغصوب ہالک ہوں تو بھی ابرا صحیح ہے دین کے مانند اور اگر اعیان مغصوبہ موجود ہوں
تو برارت عن الاعیان کا مطلب یہ ہے کہ اسکے تاوان سے برات صحیح ہے اگر ہلاک ہوجائیں تو اب اعیان مغصوبہ امانت کے مانند ہونگے کہ انپر ضمان نہیں الا تعدی
سے اور اگر اعیان امانت ہوں تو برارت صحیح نہیں دیانۃً یعنی کہ جب مالک انکو پاجاے تو انکو لے مگر قضاءً برارت صحیح ہے ہم تو قاضی مدعی کا دعوی بعد برارت کے نہ سنیگا
اور اسی کے مانند خلاصہ تحقیق شرح ملتقی میں ہے کذا فی الطحطاوی وصح الصلح عن دعوی المال مطلقا ولو باقرار او بمنفعۃ اور صحیح ہے صلح مال کے دعوی سے
مطلقاً اگرچہ صلح باقرار مدعی ہو یا منفعت سے ہو یعنی بعوض منفعت دعوے مال سے صلح صحیح ہے جیسے صلح مستاجر سے جبکہ موجر اجارے کا یا مدت یا
اجرت کا منکر ہو وعن دعوی المنفعۃ ولو بمنفعۃ عن جنس آخر اور صلح صحیح ہے منفعت کے دعوے سے اگرچہ صلح بعوض دوسری قسم کی منفعت سے ہو
کما مر وعن دعوے الرق اور صلح صحیح ہے دعوی رق سے ہم صورت اسکی یہ ہے کہ ایک شخص نے دوسرے پر دعوے کیا کہ یہ میرا غلام ہے اور اسنے کچھ مال پر
صلح کی تو صحیح ہے وکان عتقا علی مال ویثبت الولاء لو باقرار والا لا الا ببینۃ درر اور صلح مذکور آزادی بعوض مال ٹھہریگی اور مدعی کا ولا ثابت
ہوگا اگر صلح مدعا علیہ کے اقرار دعوی سے ہوئی ہو اور اگر اقرار سے نہو بلکہ سکوت یا انکار مدعا علیہ سے صلح ہوئی ہو تو ولا ثابت نہوگا مگر گواہوں سے

کذا فی الدرر قلت ولا یعود بالبینۃ رقیقا وکذا فی کل موضع اقام بینۃ بعد الصلح لا یستحق المدعی لانہ باخذ البدل باختیارہ نزل بائعا [illegible]
اور بعد صلح کے گواہوں سے مدعا علیہ پھر کر غلام نہوجائیگا اور اسیطرح ہر جگہ کہ مدعی گواہ قائم کرے بعد صلح کے مدعا کا مستحق نہوگا اسواسطے کہ مدعی
باختیار خود بدل صلح کے لینے سے بائع ٹھہرا دیا گیا اسکو یاد رکھنا چاہیے وعن دعوی الزوج النکاح علی غیر مزوجۃ اور صلح صحیح ہے دعوی نکاح زوج
سے غیر منکوحہ پر یعنی غیر منکوحہ عورت پر ایک مرد نے نکاح کا دعوے کیا اور اس عورت نے کچھ دیکر صلح کر لی تو صحیح ہے اور اگر اسکا زوج ثابت ہوگا

تو نکاح مدعی کا ثابت نہوگا تو خلع بھی صحیح نہوگا و کان خلعا ولا یطیب لو مبطلا اور مدعی نکاح کے حق مین بدل صلح مثل خلع ٹھہریگا اور مدعی کو حلال نہوگا اگر وہ دعوے نکاح مین کاذب ہو کا صلح عدم حلت بدل اس مسئلہ مین مخصوص نہین بلکہ جمیع دعاوی کا ذبہ کی صلح مین یہ حکم جاری ہی کذا فی الطحطاوی و یحل لہا الزوج لعدم الدخول اور عورت کو زوج حلال ہوگا بواسطہ عدم دخول کے ولو ادعتہ المراۃ فصالحہا لم یصح وقایہ ونقایہ و درر و ملتقی وصححہ فی المجتبیٰ والاختیار وصحح الصحۃ فی درر البحار اور اگر عورت نے ایک مرد پر نکاح کا دعوے کیا اور مرد نے کچھ مال دیکر صلح کر لی عورت سے تو صلح صحیح نہوگی کذا فی الوقایۃ والنقایۃ والدرر والملتقی اور صحیح کہا ہی عدم صحت کو مجتبیٰ اور اختیار مین اور صحت صلح کی تصحیح کی ہی درر البحار مین وان قتل العبد الماذون لہ رجلا عمدا لم یجز صلحہ عن نفسہ لانہ لیس من تجارتہ فلم یلزم المولی لکن یسقط بہ القود ویؤاخذ بالبدل بعد عتقہ اور اگر عبد ماذون لہ فی التجارۃ نے ایک مرد کو عمدًا قتل کیا تو اسکا صلح کرنا اپنی ذات سے یعنی اپنی جان کے بچانے کے واسطے جائز نہین اسواسطے کہ صلح مذکور تجارت کے باب سے نہین تو یہ صلح اسکے مولے پر لازم نہوگی لیکن صلح سے قصاص غلام پر سے ساقط ہوجائیگا اور بدل صلح کا مواخذہ اس سے ہوگا بعد اسکے آزاد ہونے کے وان قتل عبد لہ ای للماذون رجلا عمدا وصالحہ الماذون عنہ جاز لانہ من تجارتہ اور اگر عبد ماذون کے غلام نے ایک مرد کو عمدًا مار ڈالا اور ماذون نے اپنے غلام کی طرف سے صلح کر لی اولیاے مقتول سے تو جائز ہی اسواسطے کہ وہ اسکے تجارت کے باب سے ہی یعنی اسواسطے کہ استخلاص اسکا اسکی خریداری کے مانند ہی تو جیسے ماذون کو غلام کا خرید کرنا جائز ہی ویسے ہی صلح کرکے اسکی جان بچانا بھی جائز ہی والمکاتب کالحر اور عبد مکاتب آزاد کے مانند ہی جواز صلح مین اپنی ذات سے اسواسطے کہ وہ مولے کے تصرف سے خارج ہی و الصلح عن المغصوب الہالک علی اکثر من قیمتہ قبل القضاء بالقیمۃ جائز کصلحہ بعرض اور صلح کرنا مغصوب ہالک سے اکثر پر اسکی قیمت سے قیمت کے حکم ہونے سے پہلے جائز ہی جیسے مغصوب سے صلح بعوض اسباب کے صحیح ہی مثلًا ایک شخص نے دوسرے کا غلام جسکی قیمت ہزار ہی غصب کیا اور وہ غلام مرگیا ہنوز قاضی نے اسکی قیمت دینے کا حکم نہین دیا کہ غاصب نے دو ہزار دیکر اسکے مالک سے صلح کر لی تو یہ جائز ہی امام کے نزدیک جیسے اسباب دیکر صلح جائز ہی خواہ اسکی قیمت کم ہو یا زیادہ فلا تقبل بینۃ الغاصب بعدہ ای الصلح علی ان قیمتہ اقل مما صالح علیہ جب مغصوب مالک کی قیمت سے زیادہ پر صلح جائز ہوئی تو بعد صلح کے غاصب کے گواہ اسپر کہ قیمت مغصوب کی کمتر ہی مصالح علیہ سے مقبول نہین ولا رجوع للغاصب علے المغصوب منہ بشئ کما لو تصادقا بعدہ انہا اقل بحر اور غاصب کو کوئی چیز پھیر لینا جائز نہین مغصوب منہ سے جیسے کہ رجوع نہین اگر دونون بعد صلح کے اتفاق کرین اسپر کہ قیمت کمتر ہی مصالح علیہ سے کذا فی البحر ولو اعتق موسر عبدا مشترکا فصالحہ المعسر الشریک علی اکثر من نصف قیمتہ لا یجوز لانہ مقدر شرعا فتبطل الفضل اتفاقا اور اگر مالدار نے مشترک غلام آزاد کیا پھر مالدار نے اپنے شریک سے غلام کی قیمت نصف سے زیادہ پر صلح کی تو نہین جائز ہی اسواسطے کہ عتق مین قیمت ہی شرعًا مقدر اور منصوص علیہ ہی تو قیمت پر زیادتی باتفاق امام اور صاحبین کے باطل ہی کالصلح فی المسئلۃ الاولی علی اکثر من قیمۃ المغصوب بعد القضاء بالقیمۃ فانہ لا یجوز لان تقدیر القاضی کالشارع چنانچہ مسئلہ اولی مین مغصوب کی قیمت سے زیادہ پر صلح کرنا بعد از حکم قیمت جائز نہین اسواسطے کہ قاضی کا قیمت کرنا شارع کے ٹھہرانے کے مانند ہی یعنی اسواسطے کہ قاضی اجراے احکام شرعیہ مین شارع کا نائب ہی واللہ تعالی اعلم وکذا لو صالح بعرض صح وان کانت القیمۃ اکثر من قیمۃ المغصوب بلا خلاف لعدم الربوا اور اسیطرح اگر صلح کرے بعوض اسباب اور متاع کے تو صحیح ہی اگرچہ اسباب کی قیمت مغصوب مالک سے زیادہ ہو بسبب عدم ربوا ہم اسواسطے کہ ربوا متحقق نہین ہوتا ہی درصورت اختلاف جنس وصح فی الجنایۃ العمد مطلقا ولو فی نفس مع اقرار باکثر من الدیۃ والارش او باقل لعدم الربوا اور صلح صحیح ہی جنایت عمد مین مطلقًا اگرچہ صلح قتل نفس مین ہو اقرار کے ساتھ اکثر دیت اور ارش سے یا کمتر سے بواسطہ عدم ربوا ہم عمد مین مطلقًا صلح درست ہی خواہ عمد نفس مین ہو خواہ مادون نفس مین خواہ صلح اقرار سے ہو یا انکار یا سکوت سے

اسمین ثلث اور کثرت اسواسطے ربوا نہین کہ جنایت عمد مین قصاص واجب ہی اور قصاص مال نہین تو ربوا اسمین متحقق نہین وفی الخطأ لا تصح الزیادۃ لان الدیۃ فی الخطاء مقدرۃ حتے لو صالح بغیر مقادیرہا صح کیف کان بشرط المجلس لئلا یکون دینا بدین اور جنایت خطا مین اسی طرح یعنے اگرچہ خطا نفس مین ہو اقرار کے ساتھ دیت سے زیادہ پر صلح صحیح نہین اسواسطے کہ خطا مین دیت شرعاً معین اور مقرر ہی تو اگر مقادیر دیت کی مغایر سے صلح کی تو صحیح ہی جس طرح سے ہو خواہ کم خواہ زیادہ تا افتراق عن الدین بالدین تو دین اول سے دیت مراد ہی اور ثانی سے مصالح علیہ مع خطا کی دیت شرع مین سو اونٹ یا ہزار دینار یا دس ہزار درم مقرر ہی تو اسپر زیادہ کرنا بطریق صلح کے مثلاً دو سو اونٹ یا دو ہزار دینار یا بیس ہزار درم پر جائز نہین جیسے دعوی دین مین جنس دین سے اکثر پر صلح جائز نہین اور اگر مقادیر ثلثہ مذکورہ کے مغایر سے صلح ہو چنانچہ اونٹ کے سوا اور حیوانات پر اور اسباب پر بشرط اتحاد مجلس جائز ہی وتعیین القاضی احد المقادیر غیرہ کجنس آخر اور مقادیر ثلثہ مذکورہ سے ایک مقدار کو قاضی کے مقرر کر دینے سے اسکے سوا اور مقدار دوسری جنس کے مانند ہو جاتی ہی یعنے اگر قاضی نے مثلاً دیت خطا مین فقط اونٹ کا حکم دیا پھر مدعا علیہ نے مقادیر دیت سے اور جنس پر صلح کی زیادہ کر کے مثلاً دو سو دینار پر یا بیس ہزار درم پر صلح کی تو جائز ہی اسواسطے کہ اونٹ بحکم قاضی حق متعین ہو گیا تو دینار اور درم اسکے مغایر ٹھہرے دوسری جنس کے مانند تو حمل علی المعاوضۃ ممکن ہو گیا کذا فی المنح ولو صالح علی خمر فسد فیلزم الدیۃ فی الخطاء ویسقط القود لعدم ما یرجع الیہ اختیار اور اگر صلح کی شراب پر تو صلح فاسد ہی تو اسپر خطا کی دیت لازم ہوگی اور قصاص ساقط ہو گا یعنی عمد مین بسبب ہونے اس چیز کے جسکی طرف رجوع کیجائے کذا فی الاختیار وکل زید عمرا بالصلح عن دم عمد او علی بعض دین یدعیہ علی آخر من مکیل وموزون لزم بدلہ الموکل لانہ اسقاط فکان الوکیل سفیر وکیل کیا زید نے عمرو کو قتل عمد کی صلح کرنے کا یا بعض دین کی صلح پر وکیل کیا جس دین کا وہ مدعی ہی دوسرے شخص پر منجملہ مکیل اور موزون کے تو بدل صلح کا موکل کو لازم ہو گا اسواسطے کہ وہ اسقاط ہی یعنے اسقاط قصاص ہی قاتل سے یا اسقاط بعض دین ہی مدعا علیہ سے تو وکیل سفیر ٹھہرا نہ عاقد مع یہ اُس صورت مین ہی جبکہ توکیل قاتل کی طرف سے صادر ہو ورنہ ولی مقتول کی طرف سے کیونکہ وہ اخذ ہی تو اُسکو یون نہین کہ سکتے کہ بدل صلح اُسکو دینا لازم ہی اور اسی طرح مسئلہ دین مین مدعی کی طرف سے توکیل ظاہر نہین اسواسطے کہ مدعی موکل ہی تو بدل صلح اسکو کیونکر لازم ہو گا تو ماتن کو یون کہنا بہتر تھا او علی بعض دین مدعیہ علیہ آخر کذا فی الطحطاوی الا ان یضمنہ الوکیل فیواخذ بضمانہ کما لو وقع الصلح من الوکیل عن مال بمال عن اقرار فیلزم الوکیل لانہ حینئذ کبیع مگر یہ وکیل بدل صلح کا ضامن ہو تو وہ ماخوذ ہو گا اپنے ضامن ہونے کے سبب سے نہ وکیل ہونے سے چنانچہ اگر صلح واقع ہو وکیل کے دعوی مال سے بعوض مال کے موکل کے اقرار سے تو بدل صلح وکیل کو لازم ہو گا اسواسطے کہ صلح اسوقت بیع کے مانند ہی یعنی اور بیع مین وکیل کی طرف حقوق راجع ہوتے ہین اما اذا کان عن انکار فلا یلزم الوکیل مطلقا بحر و درر اور اگر صلح ہو انکار مدعا علیہ سے تو بدل صلح وکیل کو مطلقاً لازم نہین کذا فی البحر والدرر مع مطلقاً وکیل کو لازم نہین خواہ صلح دم عمد مین ہو خواہ دین خواہ اُنکے غیر مین کذا فی الطحطاوی صالح عنہ فضولی بلا امر صح ان ضمن المال او اضاف الصلح الی مالہ او قال علی ہذا او کذا او سلم المال صح وصار متبرعا فی الکل الا اذا ضمن بامرہ عزمی زادہ مصالحہ کیا فضولی نے مدعا علیہ کی جانب سے بدون اُسکے امر کے تو صلح صحیح ہی اگر فضولی مال کا ضامن ہو یا صلح یعنی بدل صلح کو اپنے مال کی طرف نسبت کرے یا یون کہے نقد یا جنس کی طرف اشارہ کر کے کہ صلح کرتا ہون اسپر یا یون بولا کہ اتنے پر مثلاً ہزار پر اور مال کو تسلیم کرے تو صلح صحیح ہی اور فضولی متبرع ہو جائیگا سب صورتون مین مگر جبکہ ضامن ہو مدعا علیہ کے امر سے تو متبرع نہو گا کذا فی عزمی زادہ مع اضافت اسکے مالہ کی یہ صورت ہی کہ فضولی یون کہے کہ مین نے صلح کی تجسے ہزار درم پر اپنے مال سے یا اپنے فلانے غلام پر اور تسلیم مال چوتھی صورت کی قید ہی والا یسلم فی الصورۃ الرابعۃ فہو موقوف فان اجازہ المدعی علیہ جاز ولزمہ البدل والا بطل اور اگر مال تسلیم نہ کرے چوتھی صورت مین تو صلح موقوف ہی سو اگر مدعا علیہ

صلح کو جائز رکھے تو صلح جائز ہی اور اسکو بدل صلح لازم ہی اور اگر جائز نہ رکھے تو صلح باطل ہی (الخ) والخلع فی جمیع ما ذکرنا من الاحکام الخمسۃ کالصلح اور
خلع جمیع مذکورات مین احکام خمسہ سے صلح کے مانند ہی ہم یعنی جبکہ خلع صادر ہو فضولی سے عورت کیطرف سے بعوض بدل کے تو اگر فضولی بدل خلع کا ضامن ہوا یا اسکو
اپنے مال کیطرف نسبت کرے یا اشارہ کرے تو صحیح ہوا اور فضولی کو بدل لازم ہی اور دو صورت میں اور اگر بدل کو مطلق ذکر کرے تو اگر تسلیم کرے تو صحیح ہی اور نہین تو عورت کی
اجازت پر موقوف ہی ادعی وقفیۃ دار ولا بینۃ لہ فصالحہ المنکر لتقطع الخصومۃ جاز وطاب لہ البدل لو صادقا فی دعواہ وقیل لا قائلہ صاحب الاجناس لا یطیب
لانہ بیع معنی وبیع الوقف لا یصح ایک شخص نے ایک گھر کے وقف ہونے کا دعوے کیا اور مدعی کے گواہ نہین تھے مدعاعلیہ منکر وقف نے قطع خصومت کے واسطے
اُس سے صلح کر لی تو جائز ہی اور مدعی کے واسطے بدل صلح کا لینا حلال ہی بشرطیکہ اپنے دعوی مین سچا ہو اور بعضون نے کہا قائل اس قول کا صاحب اجناس ہی کہ
بدل مذکور حلال نہین اسواسطے کہ یہ صلح حقیقت مین بیع ہی اور بیع وقف کی صحیح نہین کل صلح بعد صلح فالثانی باطل جو صلح کہ بعد صلح کے ہو تو دوسری
صلح باطل ہی ہم صلح ثانی اُسوقت باطل ہی کہ علی سبیل الاسقاط ہو اور جبکہ عوض پر صلح ہو پھر دوسری عوض پر صلح ہو تو دوسری صلح جائز ہی اور
اول صلح فسخ ہو جائیگی مانند بیع کے کذا فی الطحطاوی عن ابی السعود وکذا النکاح بعد النکاح والحوالۃ بعد الحوالۃ والصلح بعد الشراء اور اسیطرح نکاح بعد
نکاح کے اور حوالہ بعد حوالہ کے اور صلح بعد خرید کے باطل ہی ہم مسئلہ نکاح خلافی ہی جامع الفصولین مین ہی ایک عورت سے نکاح کیا مہر ہزار درہم پھر اُس سے نکاح
دو ہزار کے مہر پر کیا تو دو ہزار کا مہر ثابت ہوگا اور بعضون نے کہا ہزار کا مہر ثابت ہوگا انتہی اور قنیہ مین ہی کہ مہر معلوم پر نکاح کیا پھر دوسرے مہر معین پر نکاح کیا
تو دونون تسمیہ ثابت ہین قول اصح مین کذا فی حاشیۃ الاشباہ للحموی اور صلح بعد شراء کی یہ صورت ہی کہ ایک شخص نے گھر دوسرے سے مول لیا پھر مشتری نے بائع پر دعوی کیا کہ
گھر میری ملک ہی سو بائع نے اُس سے صلح کی تو یہ صلح باطل ہی بسبب تناقض کے اسواسطے کہ اقدام مشتری کا خرید پر ملک بائع کی دلیل ہی پھر دعوی اور صلح بعد اسکے
صریح تناقض ہی جامع الفصولین مین ہی کہ اگر خریداری بعد صلح کے ہو تو خریداری صحیح ہی اور صلح باطل ہی کذا فی الطحطاوی والاصل ان کل عقد اعید فالثانی
باطل الا فی ثلث مذکورۃ فی بیوع الاشباہ الکفالۃ والشراء والاجارۃ فلتراجع اور قاعدہ کلیہ بطلان صلح ثانی وغیرہ کا یہ ہی کہ جو عقد کہ دوسری بار
منعقد ہو تو عقد ثانی باطل ہی مگر تین عقدون مین جو اشباہ کی کتاب البیوع مین مذکور ہین عقد ثانی باطل نہین یعنی عقد کفالت اور عقد شرا اور
عقد اجارہ تو انکی طرف مراجعت کرنا چاہیے ہم تو اگر مدعاعلیہ سے ایک ضامن لیا پھر دوسرا ضامن لیا تو صحیح ہی اور ضامن اول ضامن ثانی کی ضمانت سے بری الذمہ
نہوگا چنانچہ خانیہ مین ہی اور شرا بعد شرا جبکہ ثمن اول کے مغائر ہو اسطرح کہ اُس سے زیادہ ہو یا کم تو عقد اول فسخ ہوگا اور ثانی معتبر ہوگا اور اگر عقد ثانی ثمن اول کے
برابر ہو تو اول فسخ نہوگا والاجارۃ علی ہذا القیاس کذا فی الطحطاوی اقام المدعی علیہ بینۃ بعد الصلح عن انکار ان المدعی قال قبلہ ای قبل الصلح
لیس لی قبل فلان حق فالصلح ماض علی الصحۃ مدعاعلیہ نے گواہ قائم کیے بعد اُس صلح کے جو مدعاعلیہ کے انکار سے ہوئی کہ مدعی نے کہا تھا قبل صلح کے
کہ میرا کچھ حق نہین فلانے کی جانب تو صلح جاری اور نافذ ہی صحت پر ہم گواہ اسواسطے مقبول نہین کہ شاید مدعی کا حق ثابت ہوا بعد اس اقرار کے بخلاف مسئلہ
ملاحقہ کے کہ اسمین مدعی کا یہ اقرار ہی کہ وہ مبطل ہی اپنے دعوی مین ولو قال المدعی بعدہ ما کان لی قبلہ قبل المدعی علیہ حق بطل الصلح بحر قال المصنف
وہو مفید لاطلاق العمادیۃ اور اگر مدعی نے صلح کے بعد کہا کہ میرا مدعاعلیہ کی جانب کچھ حق نہین تو صلح باطل ہو گی کذا فی البحر مصنف نے اپنی شرح مین کہا کہ
بحر الرائق کی روایت اطلاق عمادیہ مین قید کی لگانے والی ہی ہم عمادیہ کی عبارت یہ ہی ادعی بکر فصالحہ ثم ظہر بعدہ ان لا شئ علیہ بطل الصلح انتہی
یعنی بکر نے دعوے کیا سو مدعاعلیہ نے اُس سے مصالحہ کر لیا بعد اسکے ظاہر ہوا کہ اسپر کچھ حق نہین تو صلح باطل ہی تو ظہور عدم حق بعد الصلح مین
یہ قید ہی کہ ظہور عدم حق بعد صلح کے مصالح کے اقرار سے مراد ہی نہ مصالح لہ کے اُس اقرار کی گواہی سے جو اقرار کہ صلح پر مقدم ہم کذا فی الطحطاوی ثم نقل عن
دعوی البزازیۃ لو ادعی الملک بجہۃ اخرے لم یبطل فلیحرر ہم مصنف نے اپنی شرح مین بزازیہ کی کتاب الدعوے سے نقل کیا کہ اگر مدعی ملک کا

دعوی کرے دوسری جہت سے تو صلح مذکور باطل نہیں تو اس تناقض بطلان اور عدم بطلان کی تحریر کرنا چاہیے ہم خلاصہ مضمون بزازیہ کا یہ ہی کہ بطلان صلح اسوقت ہی جبکہ ملک اقرار متحد ہو چنانچہ اول بوجہ میراث دعوی کرے پھر کہے کہ میراث کی وجہ سے میرا حق نہیں اور اگر کہے کہ میرا حق نہیں بطریق میراث کے پھر دعوی کرے کہ میرا حق ہی بطریق خرید یا ہبہ کے تو صلح باطل نہیں انتہی طحطاوی نے کہا تحریر کی کچھ حاجت نہیں کہ بزازی نے اتحاد اقرار کی بطلان صلح مین قید لگائی ہی تو اس مین کچھ اشکال نہ رہا (و الصلح عن الدعوی الفاسدة یصح و عن الباطلة لا) و الفاسدة ما یمکن تصحیحہا بحر اور صلح کرنا دعوے فاسدہ سے صحیح اور دعوی باطلہ سے صلح صحیح نہین دعوی فاسدہ وہ ہی جسکی تصحیح ممکن ہو کذا فی البحر ہم دعوی فاسدہ وہ ہی جسمین تناقض واقع ہوا در تصحیح دعوے برفع تناقض ہو سکتا اور دعوی باطلہ جیسے شراب اور سور کا دعوی مسلمان سے ہم تو باطلہ وہ ٹھہرا جسکی تصحیح ممکن نہین اور منجملہ دعوی باطلہ صلح ہی دعوی حد سے اور دعوی اجرت نائحہ یا مغنیہ یا تصویر محرم سے کذا فی الطحطاوی (و حرر فی الاشباہ ان الصلح عن انکار بعد دعوی فاسدة فاسد الا فی دعوی مجہول فجائز فلیحفظ) اور اشباہ مین تحریر کی ہی کہ صلح انکار دعوی سے بعد دعوی فاسدہ کے فاسد ہی مگر مجہول کے دعوی کے بعد جائز ہی تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم طحطاوی نے کہا معتمد تحریر وہی ہی جو ماتن نے بہ تفصیل ذکر کی کہ دعوی فاسد سے صلح صحیح اور باطل سے غیر صحیح اسواسطے کہ بزازیہ مین مذکور ہی کہ علماے خوارزم کا فتوی اسپر ٹھہر گیا ہی کہ جس دعوی فاسدہ کی تصحیح ممکن نہین اسپر صلح صحیح نہین اور جسکی تصحیح ممکن ہی چنانچہ حد مذکور نہو یا کسی حد مین غلطی واقع ہو تو صلح صحیح ہی انتہی (و قیل اشتراط صحة الدعوی لصحة الصلح غیر صحیح مطلقا فیصح الصلح مع بطلان الدعوی کما اعتمدہ صدر الشریعة آخر الباب و اقرہ ابن کمال و غیرہ فی باب الاستحقاق کما مر فراجعہ) اور بعضون نے کہا شرط کرنا صحت دعوی کا صلح کی صحت کے واسطے غیر صحیح ہی مطلقا خواہ اسکی تصحیح ممکن ہو یا نہو تو صلح صحیح ہی بطلان دعوی کے ساتھ چنانچہ صدر الشریعة نے شرح وقایہ کے آخر باب صلح مین اسپر اعتماد کیا ہی اور ثابت رکھا ہی اسکو ابن کمال وغیرہ نے باب الاستحقاق مین چنانچہ مذکور ہو چکا تو اسکی طرف مراجعت کر ہم طحطاوی نے کہا تجکو قول مفتی بہ معلوم ہو چکا اور صدر الشریعة نے جو اسکی دلیل پکڑی ہی کہ جب حق مجہول کا ایک گھر مین دعوی کرے پھر صلح ہو کسی چیز پر تو صلح صحیح ہی سو مفید اطلاق نہین بلکہ صلح فقط دعوی مجہول مین صحیح ہی اسواسطے کہ اس دعوی کی تصحیح حق مجہول معین کر دینے سے صلح کے وقت ممکن ہی (و صح الصلح عن دعوی حق الشرب و حق الشفعة و حق وضع الجذوع علی الاصح) اور صحیح ہی صلح دعوی حق شرب سے اور حق شفعہ اور دیوار پر دھنیان رکھنے کے حق سے بقول اصح ہم شرب کی مراد عبارت ہی پانی لینے کی باری سے سابق مذکور ہو چکا کہ حق شفعہ سے صلح جائز نہین تو وہان مراد یہ ہی کہ ثابت حق شفعہ سے جائز نہین اسواسطے کہ حق شفعہ مال نہین ہی کہ اسکا معاوضہ درست ہو اور یہان مراد یہ ہی کہ دعوی حق شفعہ سے صلح صحیح ہی دفع یمین کے واسطے یعنی تا مدعا علیہ کو در صورت عدم بینہ مدعی قسم نہ کھانی پڑے (الاصل انہ متی توجہت الیمین نحو الشخص فی ای حق کان فافتدی الیمین بدراہم جاز حتی فی دعوی التعزیر مجتبی بخلاف دعوی حد و نسب) ہم درر اور حقوق مذکورہ کے دعاوی سے صحت صلح کا قاعدہ یہ ہی کہ جب قسم متوجہ ہوئی ایک شخص کی جانب کسی حق مین ہو سو اسنے یمین کے بدلے درم دیے تو جائز ہی یہان تک کہ دعوی تعزیر مین فدیہ قسم جائز ہی کذا فی المجتبی بخلاف دعوی حد اور نسب کے کذا فی الدرر ہم دعوی تعزیر کی یہ صورت ہی کہ ایک شخص نے دوسرے پر دعوی کیا کہ اسنے میری تکفیر یا تضلیل کی یا مجکو عیب لگایا اور قسم مدعا علیہ پر عائد ہوئی سو اسنے قسم کے بدلے درم دیے بقول اصح جائز ہی اور دعوی نسب کی یہ صورت ہی کہ مثلا عورت نے دعوی کیا کہ یہ بیٹا ہی اس مرد کا میرے پیٹ سے سو مرد نے ترک دعوی النسب سے مصالحہ کیا تو جائز نہین (الصلح ان کان بمعنی المعاوضة بان کان دینا بعین ینتقض بنقضہما ای بفسخ المتصالحین) اور صلح اگر بمعنی معاوضہ ہو اس طرح پر کہ دین کا معاوضہ ہو عین سے تو صلح ٹوٹ جاتی ہی دونون کے توڑ لینے سے یعنی متصالحین کے فسخ کرنے سے (و ان کان لا بمعناہا ای المعاوضة بل بمعنی استیفاء البعض و اسقاط البعض فلا تصح اقالتہ و لا نقضہ لان الساقط لا یعود قنیہ و صیرفیة فلیحفظ) اور اگر صلح بمعنی معاوضہ نہو بلکہ بمعنی استیفاے بعض حق اور اسقاط بعض حق کے ہو

تو صلح کا اقالہ صحیح نہیں اور نہ اسکا توڑنا اسواسطے کہ ساقط چیز نہیں پھر آتی کذا فی القنیہ والصیرفیہ تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ولو صالح عن دعوی دار علی سکنے بیت منہا ابدا او صالح علی دراہم الی الحصاد او صالح مع المودع بغیر دعوی الہلاک لم یصح الصلح فی الصور الثلث سراجیہ اور اگر گھر کے دعوے سے صلح کی اسمین سے ایک کوٹھری کے ہمیشہ رہنے پر یا صلح کی درمون کے دینے پر کھیتیون کے کاٹنے تک یا صلح کی مستودع نے مودع سے بلا دعوے ہلاک ودیعت تو صلح صحیح نہیں تینون صورتون مین کذا فی السراجیہ قید بعدم دعوی الہلاک لانہ لو ادعاہ وصالحہ قبل الیمین صح بہ یفتی خانیہ مصنف نے عدم دعوے ہلاک ودیعت کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر ہلاک ودیعت کا مدعی ہوا و مصالحہ کرے قبل قسم کھانے کے تو صلح صحیح ہی اسی قول کا فتوی ہی کذا فی الخانیہ ویصح الصلح بعد حلف المدعی علیہ دفعا للنزاع باقامۃ البینۃ او صلح مدعا علیہ کے قسم کھانے کے بعد صحیح ہی تاکہ گواہ لانے کا جھگڑا دفع ہو جاے یعنے صلح مذکور اسواسطے جائز ہی تاکہ مدعی گواہ لاکر پھر جھگڑا قائم نہ کرے ولو برہن المدعی بعدہ علی اصل الدعوی لم تقبل الا فی الوصی عن مال الیتیم علی انکار اذا صالح علی بعضہ ثم وجد البینۃ فانہا تقبل اور اگر گواہ لاوے مدعی بعد صلح کے اصل دعوے پر تو مقبول نہیں مگر وصی کے دعوے مین یتیم کے مال سے مدعا علیہ کے انکار پر جبکہ وصی نے صلح کی ہو مدعا علیہ منکر سے بعض مال پر پھر وصی نے تمام مال یتیم کے گواہ پائے تو گواہ مقبول ہین ولو بلغ الصبی فاقامہا تقبل ولو طلب یمینہ لا یحلف اشباہ اور اگر یتیم لڑکا بالغ ہوا پھر اسنے گواہ قائم کیے تو بعد صلح کے گواہ مقبول ہین اور اگر مدعا علیہ سے قسم طلب کیجاے تو قسم نہ لیجائے گی کذا فی الاشباہ ہم طلب بصیغۂ مجہول ہی یعنے اگر وصی بعد صلح کے مدعا علیہ سے قسم چاہے یا یتیم قسم چاہے بعد بلوغ کے تو قسم نہ لیجائے گی کذا فی الطحطاوی عن حواشی الاشباہ وقیل لا جزم بالاول فی الاشباہ وبالثانی فی السراجیہ وحکاہما فی القنیہ مقدما للاول اور دوسرا قول یہ ہی کہ صلح بعد حلف مدعا علیہ صحیح نہیں یقین کیا ہی اول قول پر یعنی صحت صلح پر اشباہ مین اور قول ثانی پر یعنی عدم صحت پر سراجیہ مین اور دونون قولون کو قنیہ مین ذکر کیا ہی پہلے قول کو پہلے بیان کر کے ہم قول ثانی یعنے عدم صحت صاحبین رح کا قول ہی چنانچہ معین المفتی مین ہی اور قول اول محمد بن حسن کی روایت ہی امام رح سے کذا فی الطحطاوی طلب الصلح والابراء عن الدعوی لا یکون اقرارا بالدعوی عند المتقدمین وخالفہم المتاخرون والاول اصح بزازیہ درخواست کرنا صلح کا دعوے سے اور درخواست کرنا ابرا کا دعوی سے دعوے یعنے مدعا بہ کا اقرار نہیں متقدمین کے نزدیک اور علماے متاخرین انکے مخالف ہین اور پہلا قول صحیح تر ہی کذا فی البزازیہ بخلاف طلب الصلح عن المال والابراء عن المال فانہ اقرار اشباہ بخلاف درخواست صلح کے مال سے اور درخواست ابرا کے مال سے کہ وہ اقرار ہی مال کا کذا فی الاشباہ وجہ اسکی یہ ہی کہ صلح عن الدعوے یا ابراء عن الدعوے سے قطع نزاع مقصود ہی تو ثبوت حق لازم نہیں بخلاف صلح عن الحق یا ابراء عن الحق کے وہ ثبوت حق کا مقتضی ہی صالح عن عیب او دین فظہر عدمہ او زال العیب بطل الصلح ویرد ما اخذہ اشباہ و درر صلح کی بایع کے عیب سے یا مدیون نے دین سے اور عدم دین یا عدم عیب ظاہر ہوا یا عیب مبیع کا دور ہوگیا تو صلح باطل ہوگی اور اسکو پھیر دے جسکو اسنے لیا یعنی بدل صلح کذا فی الاشباہ فی الدرر

فصل فی دعوی الدین یہ فصل ہی دعوی دین کے احکام مین الصلح الواقع علی بعض جنس مالہ علیہ من دین او غصب اخذ لبعض حقہ وحط لباقیہ لا معاوضۃ للربوا جو صلح کہ واقع ہو اس مال کی بعض جنس جو مدعا علیہ پر ثابت ہی دین یا غصب سے وہ اپنے بعض حق کا لینا ہی اور باقی حق کا گھٹانا اور زائل کرنا معاوضہ نہیں ہی بیاج کے سبب سے یعنے اسکو معاوضہ قرار نہ دینگے تاکہ کمی اور زیادتی عوضین سے بیاج نہ لازم آوے اور وہ صحیح نہیں اور عاقل کا تصرف بقدر امکان صحت پر محمول ہی وحینئذ فطح الصلح بلا اشتراط قبض بدلہ عن الف حال علی مائۃ حالۃ او الی وقت یعنی جبکہ صلح مذکور اخذ بعض حق اور اسقاط بعض حق ٹھہرے نہ معاوضہ تو بدون شرط ہوئے قبض بدل صلح کے صلح صحیح ہی ہزار بلا مدت سے سو

بلا مدت بدرم بدل صلح سے یہان بدل ظاہری مراد ہی جسقدر پر صلح واقع ہوا اور درحقیقت یہان بدل نہین بلکہ وہ بعض حق کا لینا ہی اور یہ مثال فقط اسقاط
بعض حق کی ہی او وعلی الف مؤجل بالف صحیح ہی ہزار بلا مدت سے ہزار موجل پر اس مثال مین وصف حلول کا اسقاط ہی وعن الف جیاد علی مائۃ
زیوف اور صلح صحیح ہی ہزار کھرے درم سے کھوٹے سو درم پر اس مثال مین مقدار اور وصف دونون کا اسقاط ہی ولا یصح عن دراہم علی
دنانیر مؤجلۃ لعدم الجنس فکان صرفا فلم یجز نسیئۃ اور صلح صحیح نہین دراہم سے دنانیر موجلہ پر بسبب نہونے جنس کے تو یہ عقد صرف ٹھہرا تو بطور نسیئہ
جائز نہوگا ہم یعنے دینار حق کی جنس نہین ہی کہ انمین بعض حق ٹھہر کے صلح موجل جائز ہو بلکہ یہ معاوضہ ہی عقد صرف کا تو مدت صحیح نہوگی او وعن الف
موجل علی نصفہ حالا الا فی صلح المولی مکاتبہ فیجوز زیلعی یا صلح صحیح نہین ہزار درم موجل سے پانسو درم بلا مدت پر مگر مولے کی صلح مین اپنے
مکاتب سے جائز ہی کذا فی الزیلعی ہم اجل یعنی مدت مدیون کا حق تھا بعقد ادائیہ تو نصف معجل کا لینا عوض ہوا اجل سے اور اجل کا عوض لینا حرام ہی
بخلاف صلح مولی اسواسطے کہ احسان مولی کا ظاہر تر ہی معاوضہ سے کذا فی الطحطاوی لخصا او وعن الف سود علی نصفہ بیضا و والاصل ان الاحسان
ان وجد من الدائن فاسقاط وان منہما فمعاوضۃ یا صلح صحیح نہین ہزار سیاہ درم سے پانسو سفید درم پر اور قاعدہ کلیہ یہ ہی کہ احسان اگر دائن کی
طرف سے پایا جاوے تو اسقاط حق ہی اور اگر دائن اور مدیون دونون کی طرف سے پایا جاوے تو وہ معاوضہ ہی ہم دائن کا یہ احسان کہ اسپر صلح
کرے جو اسکے حق سے کمتر ہی مقدار یا وصف یا وقت مین اور دائن اور مدیون کا احسان یہ کہ صلح مین وہ چیز داخل ہو جسکا دائن مستحق نہین چنانچہ
سفید درم کا ہونا بدلے سیاہ کے یا تعجیل موجل کی یا ایک جنس کی صلح ہونی دوسری جنس سے پھر جب معاوضہ ٹھہرا تو معاوضہ کا حکم اسمین جاری ہوگا تو اگر
بیاج یا بیاج کا شبہ ثابت ہوگا تو معاوضہ فاسد ہوگا اور نہین تو صحیح ہوگا کذا فی الطحطاوی قال لغریمہ ادا لی خمس مائۃ غدا من الف لے علیک
علی انک بری من النصف الباقی فقبل وادی فیہ بری وان لم یود ذلک فی الغد عاد دینہ کما کان لفوات التقیید بالشرط دائن نے
اپنے مدیون سے کہا کہ ادا کر میرے پاس پانسو کل اس ہزار سے جو میرے تجھپر ہین اس شرط پر کہ تو بری الذمہ ہو جائیگا نصف باقی سے سو مدیون
نے قبول کیا اور اسی دن پانسو ادا کیے تو بری الذمہ ہوگا اور اگر اس پانسو کو کل کے دن ادا نہ کیا تو اسکا دین پورا پھر آوے گا چنانچہ پہلے شرط کے تھا
بسبب فوت ہونے شرط کی تقیید کے ہم قول مذکور مین شرط صریح نہین بلکہ شرط معنوی ہی بلفظ علی تو گویا دائن نے پانسو ادا کرنے کی کل قید لگائی برارت
مین تو در صورت عدم ادا شرط ثابت نہوگی و وجوہہا خمسۃ احدہا ہذا والثانی ان لم یوقت بالغد لم یعد لانہ ابراء مطلق اور اس مسئلے کی پانچ صورتین ہین
ایک انمین سے یہی صورت ہی جو مذکور ہو چکی اور دوسری صورت یہ ہی کہ اگر دائن نے کل کی قید نہ لگائی تو عدم ادا سے دین اعادہ نہ کرے گا اسواسطے کہ
وہ مطلق ابرا ہی ہم صورت مسئلہ یہ ہی کہ دائن نے مدیون سے کہا کہ مجکو پانسو دے ہزار سے اسپر کہ تو بری ہی باقی سے تو اگر مدیون ادا نہ کرے گا
تو دین کا اعادہ نہوگا کیونکہ قول مذکور ابرائے مطلق ہی یہ ابرائے مطلق اسواسطے ہوا کہ جب ادا کا وقت معین نہ کیا تو ادا سے غرض صحیح نرہی کیونکہ
مدیون پر تو ادا واجب ہی ہر وقت تو برارت مقید بادا نرہی والثالث وکذا لو صالحہ من دینہ علی نصفہ یدفعہ الیہ غدا وہو بری
مما فضل علی انہ ان لم یدفعہ غدا فالکل علیہ کان الامر کما قال لانہ صرح بالتقیید اور تیسری صورت یہ ہی
او راسی طرح اگر دائن مصالحہ کرے اپنے دین سے نصف دین پر کہ مدیون اسکو کل نصف دین ادا کرے اور مدیون زائد از نصف سے
بری ہی اس شرط پر کہ اگر اسکو کل نہ دے تو تمام اسپر ثابت ہی تو حکم پہلی صورت کے مانند ہوگا جیسا کہ دائن نے کہا اسواسطے کہ اس قول مین
برارت کی صریح تقیید ہی ہم تو اس صورت مین اگر مدیون قبول کرے یعنی ادا ابھی کرے تو باقی سے بری ہوگا اور اگر کل ادا نہ کرے گا تو سب دین
اسپر قائم ہی بالاجماع کذا فی شرح الوقایہ والرابع فان ابراہ عن نصفہ علی ان یعطیہ ما بقی غدا فہو بری ادی الباقی فی الغد

اولا بداینہ بالابراء لا بالاداء اور خفی صورت یہ ہی سو اگر دائن نے مدیون کو بری کردیا نصف دین سے اسپرکہ مدیون اسکو باقی از نصف کل دے
تو وہ بری ہوگا باقی کو کل ادا کرے یا نہ کرے اسواسطے کہ دائن نے پہلے ابرا کو ذکر کیا نہ ادا کو بخلاف صورت ثانیہ والخامس لو علق بصریح الشرط
کان ادیت الی کذا او اذا او متی لا یصح الابراء لما تقرر ان تعلیقہ بالشرط صریحا باطل لانہ تملیک من وجہ اور پانچوین صورت یہ ہی کہ اگر دائن ابرا کو
صریح شرط کے ساتھ معلق کرے چنانچہ یون کہے کہ اگر تو مجکو اسقدر ادا کرے یا جب یا جسوقت ادا کرے تو ابرا صحیح نہوگا اسواسطے کہ ابرا کی تعلیق صریح
شرط کے ساتھ باطل ہی کیونکہ ابرا ایک راہ سے تملیک ہی ہم یعنے اگر یون کہے کہ اگر تو مجکو اسقدر دے تو تو بری الذمہ ہی باقی سے تو صحیح نہین اسواسطے
کہ ابرا مین تملیک اور اسقاط دونون معنی ہین سو اسقاط کی تعلیق شرط کے ساتھ منافی نہین اور تملیک تعلیق کے منافی ہی تو ہمنے دونون معنون کی
رعایت کی اور کہا کہ اگر تعلیق صریح ہو یعنے بحرف شرط تو ابرا صحیح نہین اور اگر تعلیق صریح نہو چنانچہ بلفظ علے ہو جیسے اگلی چار صورتون مین ہی تو
ابرا صحیح ہو کذا فی شرح الوقایہ ہ توضیح وان قال المدیون لآخر سرا لا اقر لک بمالک حتی تؤخرہ عنی او تحط عنی ففعل الدائن التاخیر
او الحط صح لانہ لیس بکرہ علیہ اور اگر مدیون نے دوسرے یعنے دائن سے مخفی کہا کہ مین تیرے مال کا اقرار نکرونگا جب تک تو مجکو تاخیر نہ دے
مطالبہ دین سے یا میرے اوپر سے کچھ دین کم نہ کرڈالے سو دائن نے تاخیر یا اسقاط بعض دین کیا تو صحیح ہی صلح اسواسطے کہ مدیون دائن پر زبردستی
کرنے والا نہین جو صلح جائز نہو تو بعد تاخیر فی المال مطالبہ نہین کرسکتا اور بعد کم کرڈالنے کے پورا دین نہین لے سکتا کذا فی المنح ولو اعلن ما قالہ
سرا اخذ منہ الکل للحال یہ اور اگر اعلان سے کہا وہ قول جو مخفی کہا تو دائن مدیون سے پورا دین فی الحال لے ہم اعلان سے مراد یہ ہی کہ درخواست
تاخیر اور اسقاط اول لوگون کے سامنے کی اور یہ مراد نہین کہ اول مخفی تاخیر اور اسقاط پر صلح کرکے پھر اعلان کیا اسواسطے کہ صلح کا توڑنا جائز نہین اور
اعلان مین پورا دین اسوقت فی الحال لے گا جبکہ دائن ساکت رہا اسواسطے کہ اگر کم کردیگا علانیہ یا اقرار کرے گا تو صحیح ہوگا بلکہ اعلان اولی ہی اخفا سے
ولو ادعی الفا فجحد فقال اقرلی بہا علے ان احط منہا مائۃ جاز بخلاف علے ان اعطیک مائۃ لانہ رشوۃ اور اگر دائن نے ہزار کا دعوے کیا اور
مدیون اسکا منکر ہوا سو دائن نے کہا کہ میرے ہزار کا اقرار کر اس شرط پر کہ مین ہزار سے سو کم کرڈالونگا تو کم کرڈالنا صحیح ہی بخلاف اس قول کے
کہ ہزار کا اقرار کر اس شرط پر کہ مین تجکو سو درم دونگا اسواسطے کہ یہ رشوت ہی ولو قال ان اقررت لی حططت لک منہا مائۃ فاقر صح الاقرار لا الحط مجتبے
اور اگر دائن نے کہا کہ اگر میرے ہزار درم کا تو اقرار کرے تو مین تیرے اوپر سے منجملہ ہزار کے سو کم کرڈالون پھر مدیون نے ہزار کا اقرار کیا تو اقرار صحیح ہی
نہ کم کرڈالنا کذا فی المجتبی ہم اسواسطے کہ ابرا شرط صریح جائز نہین بخلاف مسئلہ گذشتہ کہ اسمین تعلیق معنوی ہی نہ صریح الدین المشترک بسبب متحد کثمن
مبیع بیع صفقۃ واحدۃ او دین موروث او قیمۃ مستہلک مشترک اذا قبض احدہما شیئا منہ شارک الآخر فیہ ان شاء او اتبع الغریم کما یاتی
جو دین کہ مشترک ہو دو شخصون مین ایک ہی سبب سے جیسے ثمن اس مبیع کا جسکی بیع بصفقہ واحدہ ہوئی یا کہ دین دونون کا موروث ہو یا مستہلک
مشترک کی قیمت ہو جبکہ ایک شریک دین مشترک سے کچھ لے گا تو دوسرا شریک اسمین شریک ہو جائیگا اگر وہ چاہے یا مدیون کا پیچھا کرے یعنے
دین کا مطالبہ کرے چنانچہ اسکا ذکر آویگا ہم ثمن مبیع شامل ہی اس صورت کو جبکہ دونون شریک مبیع مین شریک ہون اصطلاح کہ مبیع ایک ہی چیز ہو یا
شریک نہون اصطلاح پر کہ دو چیزین ہون ہر شخص کی ایک چیز علیحدہ ہو لیکن دونون کی بیع بصفقہ واحدہ ہو بلا تفصیل ثمن اور صفقہ واحدہ کی قید اس صورت
سے نکالنے کے واسطے لگائی کہ جب ایک غلام دو شخصون مین مشترک ہو سو ایک شخص نے اپنا حصہ ایک مرد کے ہاتھ پانسو کو بیچا اور دوسرے شخص نے اسی
مرد کے ہاتھ اپنا حصہ بھی پانسو کو بیچا اور ایک بیعنامہ ہزار درم کا لکھا تو اس صورت مین ایک شخص دوسرے کے مقبوضہ مین شریک نہوگا اسواسطے کہ سبب
مختلف ہی اور شرکت مین یہ ضرور ہی کہ دونون مقدار ثمن اور صفقہ مین برابر ہون اسواسطے کہ اگر دونون شخص بیع بصفقہ واحدہ کرین اسپر کہ ثمن سے فلانے کا حصہ

تو جنابت خطا کی صلح مین قابض ٹھہریگا کذا فی الطحطاوی بلفظہ وحیلۃ اختصاصہ بالقبض ان یہبہ الغریم قدر دینہ ثم یبریہ اور شریک کے اختصاص کا
حیلہ یہ ہی کہ مدیون ایک شریک کو بقدر اُسکے دین کے ہبہ کرے پھر شریک مدیون کو اپنا حصہ معاف کردے مثلاً ایک شریک کا دین مدیون پر چالیس درم
ہی کہ تو اگر مدیون اُس شریک کو چالیس درم بطریق ہبہ کے دے اور وہ اپنا حصہ معاف کردے تو اس چالیس درم مین شریک ثانی کی شرکت
نہوگی کیونکہ مقبوض ہبہ ہی نہ دین او یبیعہ بہ کفا من تمر مثلاً ثم یبریہ الملتقط وغیرہ ومرت فی الشرکۃ یا کہ احد الشریکین مدیون کے ہاتھ مثلاً مٹھی بھر کھجور بیچے
بقدر اپنے حصے کے دین سے یعنے جسقدر اُسکا حصہ آتنا کھجور کا ثمن ٹھہرا دے پھر مدیون کو دین معاف کردے کذا فی الملتقط وغیرہ اور یہ مذکور
ہوچکا کتاب الشرکۃ مین یعنے اگر اُسکا حصہ دین سے دس درم ہو تو دس درم کو مٹھی بھر کھجور بیچے پھر اپنا دین معاف کردے تو اب جو مدیون دس درم
اُسکو دیگا وہ ثمن بیع ٹھہریگا نہ اُسکے دین کا حصہ کذا فی والطحطاوی صالح احد ربی السلم عن نصیبہ علی ما دفع من راس المال فان اجازہ
الشریک الآخر نفذ علیہما وان ردہ رد لان فیہ قسمۃ الدین قبل قبضہ وانہ باطل اور رب السلم مین سے ایک رب السلم نے مسلم فیہ کے اپنے حصے
سے صلح کی مسلم الیہ سے اُس مال پر جو اُسنے دیا تھا راس المال سے تو اگر دوسرا شریک صلح کو جائز رکھے تو صلح دونون شریکون پر نافذ ہوگی اور اگر
شریک رد کریگا تو صلح مردود ہو جائے گی اسواسطے کہ اس صلح مین دین کی قسمت ہی قبل اُسکے مقبوض ہونے کے اور حالانکہ قسمت دین قبل قبض باطل ہی
صم یعنے جبکہ دو شخصون نے بیع سلم منعقد کی بیس من گیہون مین اور راس المال بیس درم ہی اور ہر شخص نے دس دس درم تسلیم کیے پھر ایک شریک نے دس
من گیہون سے دس درم پر صلح کی اور دس درم جو مسلم الیہ کو دیے تھے سو اُس سے لیے تو یہ صلح امام رح اور محمد رح کے نزدیک جائز نہین بلا اجازت شریک ثانی
کے سو اگر اجازت دیگا تو صلح نافذ ہوگی اور دس درم مقبوض دونون مین مشترک ہونگے اور جو باقی رہیگی وہ بھی دونون مین مشترک ہوگی اور اگر اجازت نہ دیگا
تو صلح باطل ہوگی اسواسطے کہ دونون کے حصے مین بدون رضا سے شریک ثانی صلح صحیح نہین ہوسکتی اور اگر فقط مصالح کے حصے مین جائز کیے تو لازم آتی ہی
قسمت دین کی قبل قبض کے کیونکہ خصوصیت اُسکے حصے کی بلا تمیز نہین ہوسکتی اور تمیز بلا قسمت متصور نہین کذا فی الدر بتصرف و توضیح نعم لو کان شرکۃ
مفاوضۃ جاز مطلقاً بحر لان اگر دونون رب السلم شریک مفاوض ہون تو مطلقاً جائز ہی کذا فی البحر صم طحطاوی نے کہا بحر الرائق مین یون ہی کہ جاز
ولو فی الجمیع یعنے صلح جائز ہی اگرچہ جمیع مسلم فیہ مین ہو یعنے جواز مخصوص بنصیب مصالح نہین بلکہ جب کہ وہ سب مین فسخ کرے تو جائز ہی
فصل فی التخارج یہ فصل ہی تخارج کے احکام مین صم تخارج خروج سے ہی اصطلاح شرع مین تخارج اس سے عبارت ہی کہ وارث آپس مین اتفاق کرین کہ مثلاً ایک
وارث کو میراث سے خارج کرین کچھ مال معین دیکر کذا فی المنح اخرجت الورثۃ احدہم عن التر کۃ وہی عرض او ہی عقار بمال اعطوہ لہ او اخرجوہ
عن ترکۃ ہی ذہب بفضۃ دفعوہا لہ او علی العکس او عن نقدین بہما صح فی الکل صرفا للجنس بخلاف جنسہ خارج کر دیا وارثون نے ایک
وارث کو ترکے سے اور وہ ترکہ اسباب ہی یا کہ وہ زمین اور باغ ہی بعوض اُس مال کے جو اُنھون نے اُسکو دیا یا وارثون نے اُسکو نکالا اُس ترکہ
سے جو سونا ہی بعوض چاندی کے کہ اُنھون نے اُسکو دیدیا یا بالعکس اُسکے کہ چاندی سے خارج کیا سونا دیکر یا چاندی سونے سے خارج کیا
چاندی سونا دیکر تو یہ تخارج سب صورتون مین صحیح ہی جنس کو مخالف جنس کیطرف پھیر کر صم صرف جنس بخلاف جنس یہ علت ہی تخارج
عن النقدین بالنقدین کی قل او قل ما اعطوہ او اکثر لکن بشرط التقابض فیما ہو صرف جو مال کہ وارثون نے ایک وارث کو دیا قلیل ہو یا کثیر ہر صورت
تخارج صحیح ہی لیکن تقابض البدلین اُس تخارج مین ہو جو بحکم عقد صرف کے ہی یعنے اگر چاندی سونے کا تخارج ہی چاندی سونے سے تو طرفین کا قبض کرنا
شرط ہی صحت کی تاکہ سود لازم نہ آوے وفی اخراجہ عن نقدین وغیرہما بہما حدین النقدین لا یصح الا ان یکون ما اعطے لہ اکثر من حصتہ
من ذلک الجنس تحرزا عن الربوا اور ایک وارث کے اخراج مین نقدین وغیرہما سے بمقابلہ احد النقدین کے تخارج

صحیح نہین مگر یہ کہ جو سونا یا چاندی اُس وارث کو دیا گیا ہو وہ زیادہ ہو اُسکے حصے سے اُس جنس مین سے تاکہ سود سے بچاؤ ہو ھم یعنے اگر متروکہ مین درہم اور
اسباب ہوا ور ایک وارث کے حصے مین مثلاً دس درہم ہوتے ہون تو عوض اُسکا دس درہم سے زیادہ واجب ہی تاکہ دس درہم عوض اُسکے حصے کے برابر ہو جاوین
اور باقی درہم باقی متروکہ مثلاً درہم کے مقابلے مین پڑین اور اگر عوض کے دراہم فقط دس ہون یا کم یا کہ وارث کا حصہ دراہم سے معلوم نہو تو صلح فاسد ہی
سود کے احتمال سے ولا بد من حضور النقدین عند الصلح وعلمہ بقدر نصیبہ شرنبلالیۃ وجلالیۃ اور ضرور ہی موجود ہونا نقدین کا صلح کے وقت اور وارث کو
اپنے حصے کی مقدار کا معلوم ہونا کذا فی الشرنبلالیہ والجلالیہ ولو بعرض جاز مطلقا لعدم الربوا اور اگر صلح بعوض اسباب کے ہو تو ہر طرح جائز ہی سود کے
نہونے سے وکذا لو انکر ارثہ لانہ حینئذ لیس ببدل بل لقطع المنازعۃ اور اسیطرح مطلقا صلح جائز ہی اگر وارث منکر ہون اُسکی میراث کے
اسواسطے کہ اسوقت مین جو وہ دین بدلا نہین بلکہ دینا قطع نزاع کے واسطے ہی وبطل الصلح ان اخرج احد الورثۃ وفی الترکۃ دیون بشرط
ان تکون الدیون لبقیتہم لان تملیک الدین من غیر من علیہ الدین باطل اور صلح باطل ہی اگر ایک وارث ترکے سے خارج کیا جاوے اور
حالانکہ متروکہ مین دیون ہین اس شرط سے کہ دیون باقی وارثون کے واسطے ہین نہ خارج کے واسطے اسواسطے کہ مدیون کے سوا اور شخص کو دین کا
مالک کرنا باطل ہی ھم جب وارث خارج نے دیون کو باقی وارثون پر چھوڑا تو اُسنے اپنے حصے کا دیون سے باقی وارثون کو مالک کیا اور حالانکہ تملیک
دین کی باطل ہی مگر اُسکو مالک کرنا باطل نہین جسپر دین ہی ثم ذکر لصحتہ حیلا فقال وصح لو شرطوا ابراء الغرماء منہ ای من حصتہ لانہ تملیک الدین
ممن علیہ الدین فیسقط قدر نصیبہ عن الغرماء پھر مصنف نے صلح مذکور کی صحت کی حیل اور تدابیر ذکر کین سو مصنف نے کہا اور صلح صحیح ہی اگر
وارث شرط کرین صلح مین ابراء مدیون کا مصالح کے حصہ دین سے یعنے جتنا حصہ ہی مصالح کا دین مین اُسکو وہ معاف کردے تو صحیح ہی اسواسطے کہ
اس ابراء مین مالک کرنا ہی دین کا اُسکو جسپر دین ہی اور یہ صحیح ہی تو بقدر اُسکے حصے کے دین ساقط ہوگا مدیونون سے ھم اس حیلے مین باقی وارثون کا فائدہ
یہ ہی کہ وارث مصالح کا حق باقی نرہا مدیونون پر اور یہ نہین کہ اُسکا حصہ دین کا بقیہ ورثہ کا ہوگیا کذا فی الصدر الشریعۃ او قضوا نصیب المصالح منہ
ای الدین تبرعا منہم واحالہم بحصتہ یا باقی وارث مصالح کا حصہ دین سے اپنے مال مین سے نقد ادا کرین بطریق احسان کے اُنکے جانب سے اور مصالح
اپنے حصہ دین کا حوالہ کرے مدیونون پر یعنی وارثون کو اپنا حصہ دلادے مدیونون سے ھم اسوجہ مین بقیہ ورثہ کا ضرر ہی اسواسطے کہ نقد بہتر ہی نسیہ سے کذا فی الصدر
الشریعۃ او اقرضوہ قدر حصتہ منہ وصالحوہ عن غیرہ بما یصلح بدلا واحالہم بالقرض علی الغرماء وقبلوا الحوالۃ وہذہ احسن الحیل ابن کمال
یا باقی وارث مصالح کو قرض دین بقدر اُسکے حصے کے دین سے اور صلح کرلین مصالح سے دین کے سوا اور متروکہ سے بعوض اس چیز کے جو بدل کی لیاقت
رکھتا ہی اور مصالح وارثون کو بدل قرض کا حوالہ کرے مدیونون پر اور بقیہ ورثہ اس حوالے کو قبول کرلین اور یہ حیلہ بہتر ہی اور حیلون سے کذا ذکرہ
ابن کمال ھم اسواسطے کہ حیلہ اولے مین مصالح کا ضرر ہی ابراء کرنے سے اور حیلہ ثانیہ مین بقیہ ورثہ کا ضرر ہی احسان کرنے سے کذا فی الطحطاوی والاوجہ
ان یبیعوہ کفا من تمر او نحوہ بقدر الدین ثم یحیلہم علی الغرماء ابن ملک اور اوجہ حیلہ یعنے آسان تر اور خفیف تر بقیہ وارثون کے واسطے یہ ہی کہ ورثہ مصالح
کے ہاتھ مٹھی بھر کھجور یا مانند اُسکے بیچین بقدر اُسکے دین کے پھر مصالح اپنے حصہ دین کا ورثہ کے واسطے مدیونون پر حوالہ کرے کذا ذکرہ ابن ملک ھم
اس وجہ مین بقیہ ورثہ کا ضرر ہی نہ فائدہ ہی لیکن مصالح کا نقصان ہی صریح وفی صحۃ صلح عن ترکۃ مجہولۃ اعیانہا ولا دین فیہا علی مکیل او موزون
متعلق بالصلح اختلاف والصحیح الصحۃ زیلعی لعدم اعتبار شبہۃ الشبہۃ اور جس ترکے کے اعیان معلوم نہین اور اُسمین دین نہین اُسکے
صلح کے صحیح ہونے مین کیل اور موزون پر اختلاف ہی اور قول صحیح صحت صلح کا ہی کذا فی الزیلعی بسبب نہ معتبر ہونے شبہہ الشبہہ
کے جیسا کہ کہا علی مکیل او موزون صلح سے متعلق ہی ھم یعنی جب ترکہ مین دین نہوا اور اعیان اُسکے معلوم نہون اور مکیل یا موزون پر

صلح کا ارادہ ہو تو اسکی صحت مین اختلاف ہی فقیہ ابوجعفر صحت صلح کا قائل ہی اور یہی قول صحیح ہی اور ظہیر الدین مرغینانی عدم صحت کا قائل ہی بعلت شبہہ
ربوا وجہ صحت یہ ہی کہ یہ سود کا شبہۃ الشبہۃ ہی اسواسطے کہ احتمال ہی کہ ترکے مین مکیل یا موزون ہو بر تقدیر انکے ہونے کے پھر یہ احتمال ہی کہ بدل صلح
سے وہ زیادہ ہو تو احتمال الاحتمال شبہۃ الشبہۃ ہی اور عدم صحت مین شبہہ سود کا معتبر ہی نہ شبہۃ الشبہۃ وقال ابن الکمال ان فی الترکۃ جنس بدل
الصلح لم یجز والا جاز وان لم یدر فعلے الاختلاف اور ابن کمال نے کہا کہ اگر ترکے مین بدل صلح کا ہم جنس ہو تو صلح جائز نہین اور اگر ہمجنس نہین تو صلح
جائز ہی اور ہمجنسیت یا عدم جنسیت معلوم نہو تو اس صورت مین اختلاف ہی ولو الترکۃ مجہولۃ وہی غیر مکیل او موزون فی ید البقیۃ
من الورثۃ صح فی الاصح لانہا لا تفضے الی المنازعۃ لقیامہا فی یدہم حتی لو کانت فی ید المصالح او بعضہا لم یجز ما لم یعلم جمیع ما فی یدہ للحاجۃ الی
التسلیم ابن ملک اور ترکہ غیر کیلی یا وزنی مجہول الاعیان بقیہ ورثہ کے پاس ہو تو صلح صحیح ہی قول اصح مین اسواسطے کہ جہالت اسکی موجب نزاع
نہین بسبب موجود ہونے ترکے کے بقیہ ورثہ کے ہاتھ مین تو اگر تمام یا بعض ترکہ مجہولہ وارث مصالح کے پاس ہو تو صلح جائز نہین جب تک
کہ تمام مقبوضہ اسکا معلوم نہو بسبب حاجت تسلیم کے کذا ذکرہ ابن ملک ہم خلاصہ یہ ہی کہ اگر ترکہ مجہولہ بقیہ ورثہ کے پاس ہی تو تسلیم کی حاجت
نہین تو جہالت موجب نزاع نہین لہذا صلح صحیح ہی اور اگر مصالح کے پاس تمام یا بعض ہی تو جب تک تمام مقبوضہ معلوم نہو تو صلح جائز نہین کیونکہ
یہان تسلیم کی حاجت ہی اور تسلیم در صورت جہالت موجب نزاع ہی وبطل الصلح والقسمۃ مع احاطۃ الدین بالترکۃ اور باطل ہی صلح ایک
وارث سے انکے نکالنے کے واسطے اور باطل ہی قسمت ترکے کی وارثون مین باوجود محیط ہونے دین کے ترکے سے یعنی جب دین محیط ترکہ ہوا تو ورثہ ترکے
کے مالک نہین جو انمین صلح یا قسمت جاری کرین اسواسطے کہ دین میراث پر مقدم ہی الا ان یضمن الورثۃ الدین بلا رجوع مگر اس صورت مین صلح
و قسمت باطل نہین جبکہ ورثہ دین کے ضامن ہون بلا رجوع یعنی ضمانت اس شرط پر ہو کہ ترکہ سے نہ لین اسواسطے کہ اگر رجوع ہوگا تو ترکہ مشغول
ٹھہریگا کذا فی الطحطاوی او یضمن اجنبی بشرط براءۃ المیت یا دین کا اجنبی شخص ضامن ہو بشرط براءت ذمہ میت ہم تقیید براءت مین شارح مصنف کا
تابع ہوگیا ہی اور زیلعی مین تو عدم رجوع فی الترکۃ پر اشتراط کا مدار ہی کذا فی الطحطاوی او یوفی من مال آخر یا وارث دین میت کا ادا کرے اور مال سے
سواے ترکے کے یعنے وارث خواہ اپنے مال سے ادا کرے یا میت کی کسی اور چیز سے جواب ظاہر ہوئی کذا فی الطحطاوی ولا ینبغی ان یصالح ولا یقسم
قبل القضاء للدین فی غیر دین محیط اور سزاوار نہین کہ صلح کیجائے اخراج وارث پر یا قسمت کیجائے دین ادا کرنے سے پہلے اس ترکے مین جسکو
دین محیط نہین ہم اسواسطے کہ میت کی گلو خلاصی اول بہتر ہی طحطاوی نے کہا بلکہ صورت مذکورہ مین صلح اور قسمت مکروہ ہی ولو فعل الصلح والقسمۃ صح
لان الترکۃ لا تخلو عن قلیل دین فلو وقف الکل تضرر الورثۃ فیوقف قدر الدین استحسانا وقایۃ لئلا یحتاجوا الی نقض القسمۃ بحر اور اگر صلح اور
قسمت کیجائے ترکہ مذکورہ مین قبل ادا کرنے دین کے تو صحیح ہی اسواسطے کہ ترکہ قلیل دین سے خالی نہین ہوتا تو اگر کل ترکہ کی صلح یا قسمت موقوف
رہے تو وارثون کا ضرر ہی تو بقدر دین ترکہ موقوف رہے بوجہ استحسان کذا فی الوقایہ تاکہ وارثون کو قسمت توڑنے کی حاجت نہ پڑے کذا فی البحر
ہم استحسان متعلق ہی صحت سے یعنی صلح اور قسمت صحیح ہی استحسان کی راہ سے نہ قیاس کی راہ سے اسواسطے کہ قیاس یہ ہی کہ صحیح نہو اسواسطے کہ
ترکے کا ہر جزو مشغول بدین ہی بعلت عدم ترجیح وجہ استحسان وہ ہی جو شارح نے ذکر کی کذا فی الطحطاوی ولو اخرجوا واحدا من الورثۃ فحصتہ تقسم
بین الباقی علے السواء ان کان ما اعطوہ من مالہم غیر المیراث اور اگر وارثون نے ایک وارث کو ورثہ سے نکال ڈالا از راہ صلح کے
تو اسکا حصہ باقی وارثون مین برابر قسمت ہوگا اگر ہو وہ مال جو انھون نے وارث خارج کو دیا بقیہ ورثہ کے خاص مال سے جو میراث کے سوا ہی وان
کان المعطے مما ورثوہ فعلی قدر میراثہم تقسم بینہم اور اگر دیا ہوا مال اسمین سے ہو جسکو انھون نے میراث مین پایا تو بقدر انکی میراث کے

انکین خارج کا حصہ قسمت ہوگا وقیدہ الخصاف بکونہ عن انکار فلو عن اقرار فعلی السواء اور خصاف نے اس تفصیل مذکور مین صلح انکاری کی قید لگائی ہی یعنے جبکہ
وارث ایک شخص کی میراث کے منکر ہون اور دفع نزاع کے واسطے کچھ مال دیکر صلح کرین تب یہ تفصیل ہی تو اگر صلح ورثہ کی اقرار میراث سے ہو تو قسمت
برابر ہی مطلقًا خواہ ترکے سے بدل صلح دیا ہو یا غیر ترکہ سے اسواسطے کہ یہ صلح بیع کے مانند ہی تو گویا وارثون نے اسکو خرید کیا اور یہ تساوی ظاہر نہین مگر جبکہ
مال مدفوع ورثہ مین برابر ہو فتامل کذا فی الطحطاوی وصلح احدہم عن بعض الاعیان صحیح اور صلح کرنا ایک وارث کا بعض اعیان ترکہ سے صحیح ہی یعنی
صلح مین کل اور بعض دونون برابر ہین ولو لم یذکر فی صک التخارج ان فی الترکۃ دینا ام لا فالصک صحیح وکذا لو لم یذکرہ فی الفتوی فیفتی بالصحۃ ویحمل علی
وجود شرائطہا مجمع الفتاوی اور اگر تخارج کی دستاویز مین یہ مذکور نہو کہ ترکے مین دین تھا یا نہ تھا تو دستاویز صحیح ہی اور اسیطرح اگر یہ مذکور نہو فتوی
مین یعنی استفتا اور سوال مین تو صحت صلح کا فتوی دیا جاوے اور عدم ذکر وجود شرائط صحت صلح پر محمول ہوگا کذا فی مجمع الفتاوی یعنی نفتی پر
اسکی بحث واجب نہین کذا فی الطحطاوی والموصی لہ بمبلغ من الترکۃ کوارث فیما قدمناہ من مسئلۃ التخارج اور جس اجنبی کے واسطے کسیقدر
ترکے سے وصیت کی گئی ہو وہ وارث کے مانند ہی ان احکامون مین جنکو ہم مقدم ذکر کر چکے ہین تخارج کے مسئلے سے یعنے جس تفصیل سے
وارث سے تخارج جائز ہی اسی تفصیل سے موصی لہ سے جائز ہی صالحوا ای الورثۃ احدہم وخرج من بینہم ثم ظہر للمیت دین او عین لم یعلموہا
ہل یکون ذلک داخلا فی الصلح المذکورۃ قولان اشہرہما لا بل بین الکل والقولان حکاہما فی الخانیۃ مقدمًا لعدم الدخول وقد
ذکر فی اول فتاواہ انہ لقدم ما ہو الاشہر فکان ہو المعتمد کذا فی البحر قلت وفی البزازیۃ انہ الاصح ولا یبطل الصلح ورثہ نے صلح کی ایک وارث سے
اور وہ وارث باقی وارثون سے خارج ہوگیا پھر میت کا دین یا عین ظاہر ہوا جو وارثون کو صلح کے وقت معلوم نہ تھا تو یہ دین یا عین صلح مذکور
مین داخل ہوگا یا نہوگا اسمین دو قول ہین دخول اور عدم دخول کے دونون قولون مین مشہور تر قول عدم دخول کا ہی بلکہ وہ دین اور عین سب
وارثون مین مشترک ہی اور دونون قولون کو خانیہ مین حکایت کیا ہی عدم دخول کو مقدم ذکر کرکے اور قاضی خان نے اپنے فتاوے کے
اول مین ذکر یہ کیا ہی کہ جو قول مشہور تر ہی وہی مقدم ہی تو عدم دخول ہی معتمد ٹھہرا کذا فی البحر مین کہتا ہون اور بزازیہ مین یہ ہی کہ البتہ وہی صحیح تر
قول ہی اور صلح مذکور باطل نہوگی وفی الوہبانیۃ شعر وفی مال طفل بالشہود فلم یجز + وما یدعی خصم ولا بینوا یجز + اور وہبانیہ مین ہی اور صلح طفل کے
اس مال مین جو گواہون سے ثابت ہی جائز نہین اور صلح جائز نہین اسمین جسکا مدعی طفل پر دعوی کرے اور اپنا دعوی گواہون سے روشن
نہ کرے ھم اور اگر طفل کا مال گواہون سے ثابت نہو تو صلح جائز ہی اور دوسری صورت مین اسواسطے صلح جائز نہین کہ مدعی مستحق نہین مگر
قسم لینے کا اور قسم نہ طفل کے باپ پر عائد ہی نہ وصی پر نہ خود طفل پر اور اگر مدعی کے گواہ ہون تو صلح جائز ہی کذا فی الطحطاوی + وصح علی الابراء
من کل عائب + اور صحیح ہی صلح ابرا پر ہر عیب سے ھم یعنے مشتری اگر براءت عیوب مبیع پر کچھ لیکر بائع سے صلح کرے تو جائز ہی طحطاوی نے
کہا اسواسطے کہ ابراء عن العیب بلا بدل صحیح ہی تو اسی طرح بدل کے ساتھ بھی صحیح ہی کیونکہ یہ اسقاط حق ہی + ولو زال عیب عنہ صالح یہدر + اور
اگر عیب مبیع سے زائل ہوگیا تو صلح باطل ہی ھم یعنے اگر مثلًا غلام یا جانور کی آنکھ کے جالے یا ناخنہ سے صلح کی اور جالا یا ناخنہ آنکھ سے دفع ہوگیا تو صلح
باطل ہی تو بدل صلح پھیر دیا جائے اور اسیطرح ہر عیب زائل کا حکم ہی کذا فی الطحطاوی + ومن قال ان تحلف فبترٔ فلم یجز + اور جو مدعی کہ مدعا علیہ سے کہے کہ
اگر تو قسم کھالے تو بری الذمہ ہوگا تو وہ جائز نہین یعنی پھر مدعا علیہ نے قسم کھائی تو صلح باطل ہی اسواسطے کہ ابراء کی تعلیق شرط صریح پر جائز نہین
چنانچہ مذکور ہوچکا تو اگر مدعی گواہ لاوے گا بعد اس صلح کے تو سماعت ہوگی اور اگر اقامت شہادت سے عاجز ہوگا تو مدعا علیہ سے دوسری بار
قسم لیجائے گی اسواسطے کہ پہلی قسم قاطع خصومت نہین اس سبب سے کہ حاکم کے سامنے نہین ہوئی کذا فی الطحطاوی + ولو مدع کالاجنبی بصورۃ [٥١]

[٥١] ولو ادعی الوصی کالاجنبی جاز لیثبت بلا خلاف ... الدعا علیہ ای اذا کرہ من المدعا علیہ والمدعی کالاجنبی حال کونہ بصورۃ ... الطحطاوی ۱۲

ان فسدت فلا ربح للمضارب حینئذ بل له اجر مثل عمله مطلقا ربح اولا بلا زیادۃ علی المشروط خلافا لمحمد والثلثۃ اور مضاربت اجارہ فاسدہ
ہی اگر عقد مضاربت فاسد ہوجاوے تو اب اسوقت مین مضارب کے واسطے نفع نہین بلکہ اسکے واسطے اسکی محنت کی مزدوری ہی ہر طرح تجارت مین
نفع حاصل ہو یا نہو زیادہ نہ دی جاوے مزدوری مشروط سے بخلاف محمد اور ائمہ ثلثہ رح کے ہم اجارہ فاسدہ کا یہی حکم ہی کہ اسکی اجرت مثل مشروط سے زیادہ
نہین ہوتی الا فی وصی اخذ مال الیتیم مضاربۃ فاسدۃ بشرط لنفسہ عشرۃ دراہم فلا شیء له فی مال الیتیم اذ الحمل اشباہ فہو استثناء من اجر عمله
مضاربت فاسدہ مین اجرت عمل ہی مگر اس وصی مین جسنے یتیم کا مال بطریق مضاربت فاسدہ لیا جیسے وصی کا اپنے واسطے دس درم کا
شرط کرلینا تو اسکو کچھ اجرت نہ ملیگی یتیم کے مال سے جبکہ وصی عمل کریگا کذا فی الاشباہ شارح نے کہا الا فی وصی استثنا ہی اجرت عمل سے
ہم یہان محل اشتباہ تھا کہ استثنا اجرت عمل سے ہی یا عدم زیادت علی المشروط سے ہرچند مصنف نے دفع ایہام کردیا تھا اس قول فلا شیء
سے لیکن شارح نے مزید توضیح کے واسطے کھول کردیا و الفاسدۃ لاضمان فیہا ایضا کصحیحۃ لانہ امین اور مضاربت فاسدہ مین بھی ہلاکت
مال سے تاوان نہین جیسے مضاربت صحیحہ مین اسواسطے کہ مضارب امین ہی اور امین ضمین نہین ہوتا دفع المال الی آخر مع شرط
الربح کلہ للمالک بضاعۃ فیکون وکیلا متبرعا دینا مال کا دوسرے شخص کو باوجود مشروط ہونے تمام نفع کے مالک کے واسطے بضاعت ہی
یعنے یہ عقد مضاربت نہین بلکہ عقد بضاعت ہی تو دوسرا شخص عمل کرنے سے محسن ہوگا مالک کا احسان یہ کہ اپنے واسطے عامل نے فائدہ تجویز نہین کیا
و مع شرطہ للعامل قرض لقلۃ ضررہ اور تمام نفع عامل کے واسطے مشروط ہونے کے ساتھ مال دینا قرض ہی بواسطہ قلت ضرر قرض ہم یعنے
اگر مالک نے دوسرے کو مال دیا اور شرط دونون مین یہ ہوئی کہ تمام نفع محنت کرنیوالے نہ صاحب مال تو یہ مضاربت نہین ہی قرض ہی اسواسطے کہ عامل کل
منفعت کا مستحق نہین ہوسکتا مگر جبکہ راس المال کا مالک ہو اور ملک متصور نہین مگر ہبہ یا قرض سے لیکن ہبہ مین مالک کا ضرر اس نقصان ہی اسواسطے کہ
ہبہ قاطع حق ہی عین اور اسکے بدل دونون سے بخلاف قرض کہ وہ فقط عین مین قاطع حق ہی نہ اسکے عوض مین تو بنظر قلت ضرر قرض اس عقد کو قرض ٹھہرایا
نہ ہبہ کذا فی الطحطاوی مختصرا التصرف و شرطہا امور سبعۃ اور صحت مضاربت کی سات شرطین ہین ۱ راس المال کا بجملہ اثمان کے ہونا (سونا چاندی ہو) ۲ اسکا معلوم ہونا
۳ راس المال کا عین ہونا نہ دین ۴ مضارب کو راس المال تسلیم کرنا ۵ شیوع منفعت بلا تعیین مقدار ۶ مالک اور مضارب کا حصہ معلوم ہونا ۷ مضارب کا
حصہ منفعت سے ہونا نہ راس المال سے اور تفصیل شروط مذکورہ کی ماتن اور شارح کے بیان سے معلوم ہوگی کون راس المال من الاثمان کما مر فی الشرکۃ
شرط صحت مضاربت ہونا راس المال کا اثمان سے چنانچہ مذکور ہوچکا کتاب الشرکۃ مین ہم تو مضاربت صحیح نہین مگر اس مال سے کہ شرکت صحیح
ہوتی ہی اسواسطے کہ مضاربت شرکت ہی فائدہ حاصل ہونے کے وقت تو وہ مال ضرور ہی جس سے شرکت صحیح ہوتی ہی یعنے دراہم اور دنانیر اور چاندی
سونا غیر مسکوک اور فلوس مروجہ کذا فی الدرر و ہو معلوم للعاقدین اور راس المال معلوم ہو عاقدین کو یعنے اس طرح کہ عاقدین عقد مضاربت
کرین مقدار تعیین راس المال پر مثلا ہزار یا دو ہزار پر وکفت فیہ الاشارۃ اور راس المال کے معلوم ہونے مین اشارہ کرنا کفایت کرتا ہی ہم صورت
اشارہ یہ ہی کہ بطریق مضاربت ایک شخص کو درم دیے اور انکی مقدار معلوم نہین اسکو تو جائز ہی کذا فی الدرر والقول فی قدرہ وصفتہ للمضارب بیمینہ والبینۃ
للمالک اور در صورت اختلاف کے راس المال کی مقدار اور وصف مین مضارب کا قول معتبر ہی اسکی قسم کے ساتھ اور گواہ لانا مالک کے واسطے
ہی واما المضاربۃ بدین فان علی المضارب لم یجز وان علی ثالث جاز وکرہ اور عقد مضاربت دین سے کرنا سو اگر مضارب پر دین ہو تو جائز نہین
اور اگر تیسرے شخص پر ہو جائز ہی اور مکروہ ولو قال اشتر لی عبدا نسیئۃ ثم بعہ وضارب بثمنہ ففعل جاز اور اگر ایک شخص نے دوسرے سے
کہا کہ میرے لیے ایک غلام ادھار خرید کر پھر اسکو بیچ اور اسکے ثمن سے مضاربت کر سو اسنے ایسا ہی کیا تو جائز ہی اسواسطے کہ

مضاربت غلام کی طرف مضاف نہین جو جائز نہو بلکہ اسکے ثمن کی طرف مضاف ہی اور ثمن سے مضاربت صحیح ہی کذا فی الدرر و در رہ جیسلہ ہی جواز مضاربت

فی العروض کا یعنے متاع کے ثمن کی طرف مضاربت کو مضاف کرے کقولہ لغاصب او مستودع او مستبضع اعمل بما فی یدک مضاربۃ بالنصف جائز

مجتبے چنانچہ یون کہا غاصب یا مستودع یا مستبضع سے کہ تجارت کر اس مال سے جو میرا تیرے پاس ہی بطریق مضاربت کے نصفا نصف منفعت پر جسکے پاس ودیعت ہو

تو جائز ہی کذا فی المجتبے ام مستبضع وہ جسکے پاس مال ہو بطریق بضاعت کے الطحاوی نے کہا مضاربت اس صورت مین جائز ہوگی

جب غاصب وغیرہ کے پاس اس قسم کا مال ہو جسمین مضاربت جاری ہوتی ہو یعنے از قسم ثمن ہو نہ متاع وکون راس المال عینا لا دینا

کما بسطہ فی الدرر اور شرط صحت ہی ہونا راس المال کا عین یعنے معین ہونا شرط ہی نہ دین ہونا چنانچہ اسکو درر مین واضح بیان کیا ہی ہم درر مین ہی عین

ہونا شرط ہی نہ دین ہونا اسواسطے کہ مضارب امین ہی شروع مین اور جو چیز دین ہی اسکا امین ہونا متصور نہین تو اگر دائن نے مدیون سے کہا کہ عمل کر اس دین

مین جو تیرے ذمے ہی بطریق مضاربت فی النصف کے تو جائز نہین انتہی الطحاوی نے کہا عین سے غرض مراد نہین بلکہ مراد معین ہونا ہی مسلما الی المضارب

لیمکنہ التصرف دران حالیکہ رب المال تسلیم کرنے والا ہو راس المال کا مضارب کو تا اسکو تصرف اسکا ممکن ہو مع اسواسطے کہ عمل مضارب کی جانب سے

ہی اور وہ ممکن نہین بدون تسلیم کے علے وجہ الکمال تو اگر صاحب مال یہ شرط کرے کہ ہر شب مال میرے پاس رہے تو مضاربت فاسد ہوگی اور اگر صاحب مال

بامر مضارب یہ اس المال سے خرید فروخت کرے تو نفع مین دونون شریک ہونگے بموجب شرط کے اسواسطے کہ استعانت ہی عمل پر نہ نقض مضاربت پر

بخلاف اشتراط عمل رب المال عین عقد مین کہ وہ مفسد ہی کذا فی الطحاوی بخلاف الشرکۃ لان العمل فیہا من الجانبین بخلاف عقد شرکت کے اسواسطے کہ

اسمین دونون جانب سے عمل ہی وکون الربح بینہما شائعا فلو عین قدرا فسدت اور شرط مضاربت ہی ہونا منفعت کا بیچ دونون کے شائع اور

عام تو اگر کسی مقدار کو معین کرنے تو مضاربت فاسد ہوگی ہم منفعت شائع مثلا دو ثلث یا نصف ہو یا تین تہائی اسواسطے کہ اسمین منفعت

کی مشارکت ثابت ہی نفع قلیل ہو یا کثیر اور سہم معین کرنا چنانچہ سو درم یا النصف منفعت کے ساتھ دس درم زیادہ تو یہ قاطع ہی شرکت کا اسواسطے کہ

شاید منفعت نہو مگر بقدر سہم معین کہ جب شرکت منفعت کی نرہی تو مضاربت باقی نرہی وکون النصیب کل منہما معلوما عند العقد اور شرط مضاربت ہی

ہر واحد کے حصے کا معلوم ہونا عقد مضاربت کے نزدیک ہم حصہ ہر ایک کا معلوم ہو نہ مجہول صورت مجہول یہ ہی کہ مثلا کہے مضارب سے کہ تیرا نصف نفع خواہ

ثلث خواہ ربع ہی معلوم ہونا اسواسطے شرط ہوا کہ عقد مضاربت ہی نفع کے واسطے تو اسکی جہالت موجب فساد عقد ہوگی ومن شروطہا کون نصیب

المضارب من الربح حتے لو شرط لہ من راس المال او منہ ومن الربح فسدت اور مضاربت کی شرطون سے ہی ہونا حصہ مضارب کا نفع سے تو اگر

مضارب کے واسطے راس المال سے یا راس المال اور نفع دونون سے حصہ شرط ہو تو مضاربت فاسد ہی اسواسطے کہ ان دونون شرطون کو

عقد مقتضی نہین کذا فی الطحاوی فی الجلالیۃ کل شرط یوجب جہالۃ فی الربح او یقطع الشرکۃ فیہ یفسدہا والا بطل الشرط وصح العقد اعتبارا بالوکالۃ

جلالیہ مین ہی جو شرط کہ جہالت نفع کی موجب ہو یا قاطع ہو شرکت کی نفع مین وہ شرط مفسد مضاربت ہی اور نہین تو شرط باطل ہو جاتی ہی اور

عقد صحیح ہوتا ہی بقیاس وکالت کے یعنے جس طرح وکالت شرط فاسد سے فاسد نہین ہوتا ہم جہالت نفع چنانچہ نصف نفع یا ثلث بطریق تردید کے

اور قطع شرکت چنانچہ ایک شخص کے واسطے دراہم معینہ کا شرط کرنا ان دو کے سوا اور شروط فاسدہ جو مفسد عقد نہین از انجملہ یہ ہی کہ مضارب پر

خسران یعنی ٹوٹا شرط کیا جاے یا دونون پر کذا فی الطحاوی ولو ادعی المضارب فسادہا فالقول لرب المال وبعکسہ فللمضارب

اور اگر مضارب فساد مضاربت کا دعوی کرے تو صاحب مال کا قول مقبول ہوا اور اسکے بالعکس یعنی اگر صاحب مال فساد کا دعوی کرے تو مضارب کا قول مقبول ہی

الاصل ان القول لمدعی الصحۃ فی العقود الا اذا قال رب المال شرطت لک الثلث وزیادۃ عشرۃ وقال المضارب الثلث فالقول لرب المال ولو فیہ فساد لانہ ینکر زیادۃ یدعیہا

یعنے کل نفع کا مالک ہو وہ اسکی تنخواہ بیحد بین سے ایک آدھ کو ... پیچھے سے نفع مین ... ہی بیان شریک ... [illegible] [illegible]

المضارب خانیہ اور قاعدہ کلیہ یہ ہی کہ عقود مین مدعی صحت عقد کا قول مقبول ہو مگر جبکہ صاحب مال کہے مضارب سے کہ مین نے تیرے واسطے ثلث نفع شرط کیا ہی
سوائے دس درم کے اور مضارب کہے ثلث نفع شرط ہی تو صاحب مال کا قول مقبول ہو اگرچہ صاحب مال کے قول مین فساد مضاربت ہی مقبول اسواسطے
ہی کہ صاحب مال اُس زیادت کا منکر ہی جسکا مضارب دعوی کرتا ہی کذا فی الخانیہ وما فی الاشباہ فیہ اشتباہ فافہم اور جو قول اشباہ مین ہی اسمین اشتباہ ہی
سو اسکو سمجھ لے ہم اشباہ کی عبارت یہ ہی القول قول مدعی الصحۃ الا اذا قال رب المال شرطت لک الثلث وزیادۃ عشرۃ وقال المضارب الثلث فالقول للمضارب
یعنی مقبول قول مدعی صحت کا ہی مگر جبکہ صاحب مال کہے کہ مین نے تیرے واسطے ثلث اور دس درم کی زیادت شرط کی اور مضارب کہے ثلث نفع شرط ہی تو مضارب کا
قول مقبول ہی انتہی الترجمۃ مصنف نے اپنی شرح مین اور محمد صالح ابن مصنف نے حاشیہ اشباہ مین کہا حکم مذکور قاعدہ مذکورہ کے مطابق ہی اسواسطے کہ مضارب اس
صورت مین مدعی صحت عقد ہی یعنی برخلاف صاحب مال کہ مدعی فساد ہی صاحب اشباہ کو اشتباہ یہ واقع ہوا کہ اُسنے یہ گمان کیا کہ مسئلہ مذکورہ قاعدے سے خارج ہی اور حالانکہ
اسمین داخل ہی نہ خارج کذا فی الطحطاوی ویملک المضارب فی المطلقۃ التی لم تقید بمکان او زمان او نوع البیع ولو فاسدا بنقد ونسیئۃ متعارفۃ اور مضارب
مالک ہی مضاربت مطلقہ یعنی اُس مضاربت مین جسمین مکان تجارت یا زمان تجارت یا نوع تجارت کی قید نہین بیع کا اگرچہ بیع فاسد ہو نقد ثمن سے بیع کرے یا مدت متعارفہ کے ساتھ
ہم یہ مراد نہین کہ مضارب کو بیع فاسد حلال ہی بلکہ مراد یہ ہی کہ بیع فاسد سے مضارب مخالف نہوگا کہ غاصب ٹھہرے اور مال اُسکے ہاتھ مین امانت نہ باقی رہے مدت
مین متعارفہ کی قید اسواسطے لگائی تا اجل طویل سے احتراز واقع ہو والشراء والتوکیل بہما اور مضارب خرید کرنے کا مالک ہی اور خرید و فروخت کے واسطے دوسرے
شخص کو وکیل کرنے کا مالک ہی والسفر برا وبحرا ولو دفع لہ المال فی بلدہ علی الظاہر اور مالک ہی سفر کرنے کا خشکی اور تری مین یعنی زمین اور دریا مین اگرچہ
صاحب مال نے مضارب کو مال دیا ہو اپنے شہر مین نہ مسافرت مین بنا بر قول ظاہر کے ہم اور قول غیر ظاہر ابو یوسف رح کی روایت ہی امام سے کہ اگر اپنے شہر مین مال
دے تو مضارب کو سفر جائز نہین اور اگر سفر مین دے تو اُسکو سفر کرنا تا شہر صاحب مال جائز ہی قول ظاہر کی دلیل یہ ہی کہ مضاربت مشتق ہی ضرب فی الارض سے تو مقتضا
لفظ مسافرت کا مضارب مالک ہی والابضاع ای دفع المال بضاعۃ اور مالک ہی ابضاع کا یعنی مال کے دینے کا بطریق ابضاعت کے یعنی تمام نفع صاحب مال کے واسطے
مشروط ہونا ولو لرب المال ولا تفسد بہ المضاربۃ کما مر اگرچہ مضارب نے صاحب مال کو مال دیا ہو بطریق بضاعت کے تو بھی اُسکو اختیار ہی اور اس دینے سے
مضاربت فاسد نہین ہوتی چنانچہ بیان اسکا آویگا ویملک الایداع والرہن والارتہان والاجارۃ والاستیجار فلو استاجر ارضا بیضاء لیزرعہا
او لیغرسہا جاز ظہیریۃ اور مضارب مالک ہی کسی کے پاس ودیعت رکھنے اور دوسرے کے پاس گرو کرنے اور اپنے پاس رہن رکھنے اور اجارہ دینے اور اجارہ
لینے کا تو اگر ٹھیکہ لے سفید زمین یعنے خالی زمین کا تا اسمین کھیت کرے یا درخت لگاوے تو جائز ہی کذا فی الظہیریۃ والاحتیال ای قبول الحوالۃ بالثمن مطلقا
علی الایسر والاعسر لان کل ذلک من صنیع التجار اور مالک ہی احتیال کا یعنی ثمن کے حوالہ قبول کرنے کا مطلقا کشادہ دست اور تنگدست پر اسواسطے کہ
وہ سب امور مذکورہ یعنے بیع اور شرا اور توکیل اور سفر اور ابضاع اور ایداع اور رہن اور ارتہان اور اجارہ اور استیجار اور احتیال سوداگرون کے
دستور العمل سے ہی لا یملک المضاربۃ والشرکۃ والخلط بمال نفسہ الا باذن او اعمل برایک اذ الشیء لا یتضمن مثلہ مضارب مالک نہین مضاربت کا یعنی دوسرے
شخص کو بطریق مضاربت کے نہین دے سکتا اور مالک نہین شرکت کا اور اُس مال کو اپنے مال کے ساتھ ملانیکا مگر صاحب مال کے اذن یا اُسکے یون کہنے سے کہ عمل کر
اپنی تجویز اور رائے کے موافق اسواسطے مالک نہین کہ شی اپنے مانند اور برابر کی چیز کو متضمن نہین ہوتی بلکہ کمتر کو متضمن ہوتی ہی ہم عدم تضمن مماثل عدم ملک مضاربت کی
علت ہی نہ نفی شرکت اور خلط مال کی تو اگر شارح یون کہتا اذ الشیء لا یتضمن مثلہ ولا اعلی منہ تو بہتر ہوتا اسواسطے کہ شرکت اور خلط بالاتر ہی مضاربت سے خلط مال اُس صورت
مین جائز نہین جبکہ اُس شہر مین رائج نہو اور اگر ملانے کا رواج ہو تو مضارب پر ضمان نہین کذا فی الطحطاوی ولا الاقراض والاستدانۃ وان قیل لہ ذلک ای اعمل برایک
لانہما لیسا من صنیع التجار فلم یدخل فی التعمیم ما لم ینص المالک علیہما فیملکہما اور مضارب مالک نہین قرض دینے کا اور نہ ادھار لینے کا اگرچہ قول مذکور اُس سے کہا گیا ہو

یعنی اگرچہ صاحب مال نے مضارب سے کہا ہو کہ عمل کر اپنی تجویز کے موافق اسواسطے کہ وہ دونون تجار کے دستور العمل سے نہین ہین تو تعمیم قول مذکور مین داخل نہوگی
جب تک مالک ان دونون پر تصریح نہ کردے پھر تصریح کے بعد انکا مالک ہوگا یعنی اگر صاحب مال نے مضارب سے کہدیا کہ تجکو قرض دینے اور ادھار لینے مین
اختیار ہے تو البتہ اقراض اور استدانت کا مالک ہوگا اور نہین تو نہین ودرر مین ہے استدانت ممنوعہ یہ ہے کہ مال مضاربت سے زیادہ ترثمن پر خریداکرے وان استدان
شرکۃ وجوہ حینئذ فلو اشتری بمال المضاربۃ ثوبا وقصر بالماء او حمل متاع المضاربۃ بمالہ وقد قیل لہ ذلک فھو متطوع لانہ لا یملک الا الاستدانۃ بھذہ
المقالۃ اور اگر مضارب ادھار لیگا یعنی مالک کے اذن سے کذا فی الطحطاوی تو شرکت وجوہ متحقق ہوگی اور اسوقت مین تو اگر مضاربت کے مال سے کپڑا
خرید کیا اور اسکو پانی سے دھولایا اپنے مال سے یا متاع مضاربت کو دلایا اپنے مال سے اور حالانکہ اس سے وہ قول کہا گیا تھا یعنی عمل کر اپنی تجویز کے موافق
تو مضارب متطوع اور متبرع ہے یعنی مالک سے مجرا نہین لے سکتا اسواسطے کہ مضارب اس قول سے ادھار کرنے کا مالک نہین ہم سراجیہ مین ہے صورت استدانت یہ ہے کہ
دراہم اور دنانیر سے خرید کرے بعد خرید کر چکنے کے راس المال سے انتہی چنانچہ کوئی جنس خرید کی درم یا دنیار سے اور مضارب کے پاس مضاربت کے مال سے درم یا دنیار
باقی نہین تو اگر باقی ہوگا تو یہ خرید مضاربت پر ہوگی استدانت نہوگی اور بدائع مین ہے کہ جیسے مضارب کو مال مضاربت پر استدانت جائز نہین اسیطرح اصلاح مال
مضاربت پر استدانت جائز نہین تو اگر تمام مال مضاربت سے تھان خرید کیے پھر انکی باربرداری یا شوب یا چیدگی پر اجرت خرچ کی تو ان سب امور سے متبرع ہوگا اسواسطے کہ پاس
مال مضاربت سے کچھ باقی نہین رہا تو استیجار سے مضاربت پر ادھار کرنا ٹھہرا تو جائز نہوا تو یہ ٹھہرا کہ مضارب عقد کرنیوالا اپنے لیے ۱۲ تبادر نفس متبرع ہے کذا فی الطحطاوی وانما قال بالماء لانہ
لو قصر بالنشاء فحکمہ کصبغ اور مصنف نے کپڑے کے شوب مین فقط پانی کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر مضارب تھان کو نشاستہ سے دھولا دیگا تو اسکا حکم کپڑا
رنگانے کے مانند ہوگا وان صبغہ احمر فشریک بما زاد الصبغ ودخل فی اعمل برایک کالخلط اور اگر مضارب کپڑے کو سرخ رنگ رنگا دیگا تو صاحب مال کا
شریک ہوگا اسقدر مین جتنی قیمت کپڑے کی رنگین کرنے اور نشاستہ کے کلپ سے زیادہ ہوگئی اور رنگین کرنا داخل ہوگا صاحب مال کے اس قول کی تعمیم مین کہ
عمل کر اپنی صوابدید کے موافق خلط مال کے مانند وکان لہ حصۃ قیمۃ صبغہ ان بیع وحصۃ الثوب ابیض فی مالھا اور ہوگا مضارب کے واسطے اسکے رنگ کی قیمت کا
حصہ بشرطیکہ اسکے بکنے کے اور سفید کپڑے کا حصہ مضارب کے مال مین ہم مثلاً سفید تھان خرید ہوا پانچ روپے کو راس المال سے اور اب اسکا ثمن بدون رنگ کے
سات روپے ہو گیا اور رنگین کرنے سے آٹھ روپے کو بکا تو مضارب اسمین دو روپے لیگا اور صاحب مال ایک روپیہ اسواسطے کہ سفید تھان کا نفع دو روپیہ ہوا وہ دونون مین نصفا نصف
ہوگیا اور ایک روپیہ مضارب نے رنگ کی قیمت مین پایا ولو لم یقل اعمل برایک لم یکن شریکا بل غاصبا اور اگر صاحب مال نے یون نہ کہا کہ عمل کر بموجب اپنی صوابدید کے تو مضارب شریک
نہوگا بلکہ غاصب ٹھہریگا یعنی تو مال مضاربت امانت اب نرہا مضارب کے پاس تو اسپر ضمان لازم ہوگا اور نفع مضارب کا ہوگا کذا فی الطحطاوی وانما قال احمر لما مران
السواد نقص عند الامام فلا یدخل فی اعمل برایک بحر اور مصنف نے سرخ رنگ سواسطے کہا کہ سیاہ رنگ نقصان مین داخل ہے امام کے نزدیک تو داخل نہوگا اس قول مین
کہ عمل کر اپنی تجویز کے موافق کذا فی البحر ہم مذکور ہوچکا کہ یہ قول مبنی ہے اختلاف زمان پر اور ہمارے زمانے مین سیاہ رنگ نقصان مین داخل نہین سرخ رنگ کے مانند تو داخل
ہوگا تعمیم قول مین اور رنگون کے مانند کذا فی الطحطاوی ولا یملک ایضا تجاوز بلد او سلعۃ او وقت او شخص عینہ المالک لان المضاربۃ تقبل التقیید المفید ولو
بعد العقد مالم یصر المال عرضا لانہ حینئذ لا یملک عزلہ فلا یملک تخصیصہ کما سیجی اور مضارب مالک نہین تجاوز کرنے شہر کا بھی یا تجاوز قماش یا وقت یا اس
شخص کا جسکو مالک نے معین کردیا اسواسطے کہ مضاربت تخصیص مفید کو قبول کرتی ہے اگرچہ تخصیص مفید بعد عقد مضاربت ہو جب تک کہ مال مضاربت متاع اور اسباب
تجارت نہین ہوگیا اسواسطے کہ اسوقت صاحب مال مضارب کے معزول کرنے کا مالک نہین تو تخصیص تجارت کا بھی مالک نہوگا چنانچہ اسکا بیان آویگا ہم مخالف امور
مذکورہ مین اسواسطے جائز نہوگا کہ مضارب تصرف مال کا مالک نہین مگر مالک کے تفویض سے تو تفویض مقید ہوگی اسیطرح اسنے تفویض کی اور تخصیص مذکور خالی
فائدہ سے نہین اسواسطے کہ سوداگری باعتبار اختلاف امکنہ اور امتعہ اور اوقات اور اشخاص کے مختلف ہوتی ہے کذا فی الدرر قیدنا بالمفید لان

للمالک لتعتقہ لابنہ وسعی العبد المعتق فی قیمتہ نصیب رب المال پھر اگر نفع ظاہر ہو غلام کی قیمت بڑھ جانے سے بعد خرید کے تو بقدر حصہ مضارب
غلام آزاد ہوگا اور مضارب پر ضمان لازم نہوگا مالک کے حصہ مین بسبب آزاد ہو جانے غلام کے بلا صنعت مضارب اور کوشش کرے آزاد غلام واسطے قیمت حصہ
حصہ رب المال کے ہم غلام اسواسطے آزاد ہوگا کہ مضارب اپنے قرابت دار کا مالک ہوا اور مضارب پر ضمان اسواسطے لازم نہ آیا کہ وہ عند المالک آزاد ہوگیا بلا صنعت مضارب بلکہ
بسبب زیادہ ہو جانے قیمت کے بلا اختیار مضارب کذا فی الدرر ولو اشتری الشریکان من یعتق علی شریکہ او الاب او الوصی من یعتق علی الصغیر نفذ علی العاقد
اذ لا نظر فیہ للصغیر اور اگر ایک شریک اس غلام کو خرید کرے جو آزاد ہو جاوے دوسرے شریک پر یا باپ یا وصی اس غلام کو خرید کرے جو آزاد ہو جاوے صغیر پر تو وہ خرید عاقد پر
نافذ ہوگی اسواسطے کہ اسمین منفعت ہی صغیر کی کچھ رعایت نہیں ہم عاقد سے شریک یا باپ یا وصی مراد ہے تعلیل شارح کی خاص ہے اور شریک مین وہ منفعت ہی جو مضارب مین مذکور
ہو چکی یعنی عدم حصول نفع شریک والماذون اذا اشتری من یعتق علی المولی صح وعتق علیہ ان لم یکن مستغرقا بالدین والا لا خلافا لہما زیلعی اور
عبد ماذون نے جب اس غلام کو خرید کیا جو مولی پر آزاد ہو جاوے تو خرید صحیح ہے اور وہ غلام مولی پر آزاد ہوگا اگر عبد ماذون مستغرق بالدین نہو اور نہیں تو آزاد نہوگا برخلاف
صاحبین رح کے کذا فی الزیلعی ہم زیلعی نے کہا کہ اگر عبد ماذون پر دین ہو خواہ اسکی گردن اور کسب کو محیط ہو یا نہیں تو امام رح کے نزدیک آزاد نہوگا اور صاحبین رح کے نزدیک
آزاد ہوگا کذا فی الطحطاوی مضارب معہ الف بالنصف اشتری امۃ قیمتہا الف فولدت ولدا مساویا لہ ای للالف فادعاہ موسرا فصارت قیمتہ ای الولد [illegible]
الفا ونصفہ ای خمسمائۃ نفذت دعوتہ لوجود الملک بظہور الربح المذکور فعتق مضارب ہو جسکے پاس ہزار درہم ہین نصفا نصف منفعت پر اسنے ایک لونڈی ہزار کی
سو وہ جنی لینے بعد قربت مضارب کے ایسا لڑکا جنی جسکی قیمت راس المال یعنی ہزار درہم کے برابر ہی پھر مضارب نے اس لڑکے کی فرزندی کا دعوی کیا مالداری کی حالت
مین پھر قیمت اسکی یعنی فقط ولد کی قیمت جیسا کہ شیخ نے بیان کیا ڈیڑھ ہزار ہو گئی تو مضارب کا دعوی فرزندی کا نافذ ہوگا بسبب پائے جانے ملک مضارب کے ظاہر ہونے
نفع مذکور سے تو ولد اب مذکور آزاد ہوگا ہم پھر جب دعوی مضارب کا نافذ ہوا تو وہ لڑکا اسکا فرزند ٹھہریگا اور بقدر حصہ مضارب آزاد ہوگا یعنی بقدر ربع کے اور مضارب پر
نصیب مالک کا ضمان لازم نہوگا اسواسطے کہ آزادی بسبب ملک اور نسب کے ثابت ہوئی اور ملک مین مضارب کے صنعت کو دخل نہیں اور ضمان لازم نہیں ہوتا مگر تعدی سے
کذا فی الزیلعی مختصرا وسعی لرب المال فی الالف وربعہ ان شاء المالک او اعتقہ ان شاء ولد مذکور کوشش کرے صاحب مال کے واسطے ہزار اور اسکی چوتھائی یعنی ساڑھے بارہ سو
درم مین سعی کرے اگر مالک چاہے یا اگر چاہے تو اسکو آزاد کردے ہم ہزار راس المال کی بابت سے اور ڈھائی سو نفع کی بابت سے مالک کے حصہ مین ٹھہرے و
لرب المال بعد قبضہ الالف من الولد تضمین المدعی ولو معسرا لانہ ضمان تملک نصف قیمتہا ای الامۃ لظہور نفوذ دعوتہ فیہا اور صاحب مال کو جائز ہی بعد
قبض کرنے ہزار درم کے ولد سے تاوان لینا مدعی مضارب سے لونڈی کی نصف قیمت کا اگرچہ مدعی مفلس ہو اسواسطے کہ یہ تاوان ہی مالک ہونیکا یعنی اور تاوان مذکور برابر ہی
مالداری اور مفلسی مین بسبب ظاہر ہونے دعوت مدعی کے لونڈی مین ہم قبض کرنا ہزار درم کا ولد سے اسواسطے شرط ہوا تاکہ لونڈی مضارب کی ام ولد ہو جاوے اسوقت کہ
لونڈی مشغول براس المال ہی پھر جب صاحب مال نے ولد سے ہزار درم لیے تو لونڈی راس المال سے فارغ ہو گئی اور بالکل منفعت مین داخل ہو گئی تو اب اسمین مضارب
کی ملک ظاہر ہو گئی اور دعوت مضارب کی لونڈی مین کھل گئی کذا فی الطحطاوی ویحمل علی انہ تزوجہا ثم اشتراہا حبلی منہ اور دعوت مضارب اسپر محمول ہوگی کہ مضارب
نے لونڈی سے نکاح کر لیا باذن بائع پھر اسکو خرید کیا جبکہ وہ حاملہ تھی مضارب سے ہم یہ حمل باعتبار حسن ظن کے ہی تاکہ مضارب زنا کار نہ ٹھہرے ولو صارت قیمتہا الفا
ونصفہ صارت ام ولد وضمن للمالک الفا وربعہ لو موسرا فلو معسرا فلا استسعاء علیہا لان ام الولد لا تسعی تمامہ فی البحر اور اگر لونڈی کی قیمت ڈیڑھ ہزار ہو گئی تو وہ مضارب
ام ولد ہو جائیگی اور مضارب تاوان دے مالک کو ساڑھے بارہ سو درم کا اگر وہ مقدور والا ہوا اور جو مفلس ہو تو ام ولد پر سعایت نہیں اسواسطے کہ ام ولد سعایت
نہیں کرتی اور پورا بیان اسکا بحر الرائق مین ہی ہم یہ مسئلہ جداگانہ ہی اور موضوع اسکا یہ ہی کہ مالک نے ہزار درم ولد سے نہیں پائے اور تضمین مضارب مین مالداری کی
قید بحر الرائق مین واقع ہوئی ہی لیکن فقہا کے کلام سے مستفاد ہوتا ہی کہ مضارب پر مطلقاً تاوان ہی مالدار ہو یا مفلس اسواسطے کہ ضمان تملک ہی اور قرینہ

اسپر کچھ کام ولی پر سعایت نہین بلکہ حق مالک کے ساقط ہونے کی کیا ہے ہوا اور یہ بیان بحر الرائق کا ہے کہ جب تک مالک راس المال نہ لیگا تب تک لڑکا رقیق ہے واللہ تعالیٰ اعلم کذا فی الحلبی

باب المضارب الذی یضارب

یہ باب ہے بیان مضارب کے احکام مین جو دوسرے شخص کو مالک کا راس المال دے بطریق مضاربت کے لما قدم المفردۃ شرع فی المرکبۃ فقال جبکہ مضاربت مفردہ کو مصنف مقدم بیان کر چکا تو اب مضاربت مرکبہ کا بیان شروع کیا سو کہا ضارب المضارب آخر بلا اذن المالک لم یضمن بالدفع ما لم یعمل الثانی

ربح الثانی او لا علی الظاہر لان الدفع ابداع وہو یملکہ فاذا عمل تبین انہ مضاربۃ فیضمن مضارب اول نے مضارب ثانی کو مال مضاربت دیا بلا اذن مالک تو مضارب اول تاوان نہ دیگا مال کے دینے سے جب تک مضارب ثانی عمل تجارت نہ کرے یا ثانی کو نفع حاصل ہو یا نہ ہو بنا بر ظاہر مذہب کے اسواسطے کہ مال کا دینا ودیعت رکھنا ہے اور مضارب اول ایداع کا اختیار رکھتا ہے پھر جب ثانی نے تجارت اسمین شروع کی تو کھل گیا کہ ودیعت نہ تھی مضاربت ہے تو اب تاوان آویگا مضارب اول پر

الا اذا کانت الثانیۃ فاسدۃ فلا ضمان وان ربح بل للثانی اجر مثلہ علی المضارب الاول وللاول الربح المشروط لکن جبکہ مضاربت ثانیہ فاسد ہو تو تاوان نہ نہین اگرچہ نفع ہو بلکہ مضارب ثانی کے واسطے اجرت مثل ہے مضارب اول پر اور مضارب کا وہ نفع ہے جو اسمین اور مالک مین مشروط ہے ہم درصورت مضاربت فاسدہ مضارب ثانی اجیر ٹھہریگا تو اجرت مثل کا مستحق ہوگا نہ شرکت نفع کا فان ضاع المال من یدہ ای ید الثانی قبل العمل الموجب للضمان فلا ضمان

علی احد بعد اگر مال ضائع ہوگیا مضارب ثانی کے ہاتھ سے اس عمل سے پہلے جو ضمان کا موجب ہے تو کسی پر ضمان نہین نہ اول پر نہ ثانی پر اسواسطے کہ قبل عمل مال ودیعت ہے وکذا لا ضمان لو غصب المال من الثانی وانما الضمان علی الغاصب فقط اور اسیطرح اول اور ثانی پر ضمان نہین اگر ثانی سے مال چھین لیا گیا اور تاوان تو فقط غاصب پر ہے ولو استہلکہ الثانی او وہبہ فالضمان علیہ خاصۃ اور اگر مضارب ثانی نے مال تلف کر ڈالا یا ہبہ

کر دیا تو ثانی پر ضمان ہے خاص کر کے فان عمل حتی ضمنہ خیر رب المال ان شاء ضمن المضارب الاول راس مالہ وان شاء ضمن الثانی وان اختار

انہ الربح ولا یضمن لیس لہ ذلک بحر پھر اگر مضارب ثانی نے تجارت کی کہ ضمان لازم آیا تو صاحب مال مختار ہے چاہے مضارب اول سے تاوان لے چاہے مضارب ثانی سے اور اگر صاحب مال نفع لینا اختیار کرے اور تاوان نہ لے تو اسکو جائز نہین کذا فی البحر یعنے اسواسطے کہ مال عمل سے غصب ٹھہر گیا اور مالک کو مغصوب کے جاتے رہنے کے بعد اختیار نہین مگر تضمین بدل مین نہ نفع لینے مین غاصب سے کذا فی الطحطاوی فان اذن المالک بالدفع ودفع بالثلث

وقد قیل للاول ما رزق اللہ بیننا نصفان فللمالک النصف عملا بشرطہ وللاول السدس الباقی وللثانی الثلث المشروط پھر اگر مالک نے مال دینے کا اذن دیا اور مضارب اول نے ثانی کو تہائی نفع پر مال دیا اور حالانکہ مضارب اول سے کہا گیا تھا کہ جسقدر اللہ تعالیٰ فائدہ دے وہ ہم تم مین نصفا نصف ہے تو مالک کے واسطے نصف نفع ہے موجب اسکی شرط کے اور مضارب اول کے واسطے چھٹا حصہ ہے جو باقی رہا بعد ثلث ثانی کے اور مضارب ثانی کے واسطے ثلث مشروط ہے ولو قیل ما رزقک اللہ بکاف الخطاب والمسئلۃ بحالہا فللثانی ثلثہ والباقی بین الاول والمالک نصفان باعتبار

الکاف فیکون لکل ثلث اور اگر کہا گیا بکاف خطاب کہ جو تجھکو اللہ تعالیٰ روزی دے اور باقی مسئلہ بحال خود اسی طرح ہے یعنے اگر مالک نے مضارب ثانی کو مال دینے کا اذن دیا اور مضارب اول نے مضارب ثانی کو مال دیا تین تہائی نفع پر اور مالک نے مضارب اول سے کہا کہ جو تجھکو اللہ تعالیٰ منفعت روزی کرے وہ میرے تیرے درمیان نصفا نصف ہے تو مضارب ثانی کے واسطے تہائی نفع کی ہے اور باقی دو تہائیاں مضارب اول اور مالک مین نصفا نصف

مین باعتبار کاف خطاب کے تو ہر شخص کو تہائی تہائی نفع ملے گا مالک کی شرط مضارب اول سے یہ تھی کہ جو نفع اسکو ہو وہ دونون مین نصفا نصف ہے سو اسکو نفع نہین ملا سواے دو تہائیون کے تو دونون مین نصفا نصف ہوگیا تو ہر ایک کو تہائی ملے ومثلہ ما ربحت من شیء او ما کان لک فیہ من ربح ونحو ذلک

اور قول سابق کے مانند ہے یون کہنا رب المال کا مضارب سے کہ جو تجھکو فائدہ حاصل ہو کسی چیز سے یا جس چیز مین تجھکو نفع ہوا در بار نہ اسکے ہم

چنانچہ یون کہا کہ جو تجھپر خدا فضل و کرم کرے یا جو تجکو میسر ہو تو ثانی کو ثلث نفع ہی اور باقی اول اور مالک مین نصفا نصف ہی وکذا لو شرط للثانی اکثر من الثلث او اقل فالباقی بین المالک والاول اور اسی طرح اگر مضارب ثانی کی تہائی سے زیادہ یا تہائی سے کمتر منفعت مشروط ہو تو باقی نفع مالک اور مضارب اول مین آدھون آدھ ہوگا ولو قال له ما ربحت بیننا نصفان ودفع بالنصف فللثانی النصف واستویا فیما بقی لانہ لم یربح سواہ اور اگر مالک نے مضارب اول سے کہا کہ جسقدر تجکو منفعت ہو وہ میرے اور تیرے درمیان نصفا نصف ہی اور مضارب اول نے مضارب ثانی کو نصف منفعت پر مال دیا تو مضارب ثانی کے واسطے نصف نفع ہی اور مالک اور مضارب اول باقی مین برابر ہین اسواسطے کہ مضارب اول نے سوائے نصف باقی کے کچھ فائدہ نہین پایا ولو قیل ما رزق اللہ فلی نصفہ او ما کان من فضل اللہ فبیننا نصفان فدفع بالنصف فللمالک النصف وللثانی کذلک ولا شیء للاول لجعلہ ما لہ للثانی اور اگر مضارب اول سے یون کہا گیا کہ جو تجکو اللہ تعالی روزی دے تو اسکا نصف میرا ہی یا جو اللہ کا فضل ہو سو میرے اور تیرے درمیان نصفا نصف ہی سو مضارب اول نے مضارب ثانی کو آدھے نفع پر مال دیا تو مالک کو نصف ہی اور اسیطرح مضارب ثانی کو نصف باقی ہی اور مضارب ثانی کو کچھ نہین بسبب اُسکے کر دینے کے اپنے حصے کو ثانی کے واسطے یعنی جو مضارب کا حصہ تھا سو اُسنے مضارب ثانی کے واسطے مقرر کر دیا ولو شرط الاول للثانی ثلثیہ والمسئلۃ بحالہا ضمن الاول للثانی سدسا بالتسمیۃ لانہ التزم سلامۃ الثلثین اور اگر مضارب اول نے مضارب ثانی کے واسطے دو تہائیان شرط کین اور باقی مسئلہ بحال خود ہی تو مضارب اول ثانی کو چھٹے حصے کا تاوان دے بعین کہ دینے کے سبب سے اسواسطے کہ اُسنے سلامتی ثلثین کی شرط سے لازم کی ہی حصم توضیح مسئلہ یہ ہی کہ مالک نے مضارب اول سے کہا کہ جو تجکو نفع ملے وہ مجھ مین اور تجھ مین نصفا نصف ہی سو مضارب اول نے ثانی کو مال دیا اس شرط پر کہ دو تہائیان منفعت کی تیری ہین تو نصف نفع مالک لیگا باقی رہا نصف وہ بقدر ششم حصہ کے کم ہی دو ثلث سے سو ششم حصہ مضارب کو دینا پڑیگا اسواسطے کہ ثانی کے واسطے ثلثین کامل کی شرط ہو گئی ہی وان شرط المضارب للمالک ثلثہ وشرط لعبد المالک ثلثہ وقولہ علی ان یعمل معہ عادی ولیس بقید وترکہ النفسہ ثلثہ صح وصار کانہ اشترط للمولی ثلثی الربح کذا فی عامۃ الکتب وفی نسخ المتن والشرح ہنا غلط فاجتنب اور اگر مضارب نے مالک کے واسطے تہائی نفع شرط کیا اور مالک نے غلام کے واسطے تہائی اُسکا شرط کیا اس شرط پر کہ غلام مضارب کے ساتھ عمل کرے شارح نے کہا اشتراط عمل غلام بطور عادت کے واقع ہوا ہی اور قید نہین مسئلے کی یعنی اشتراط اور عدم اشتراط حکم مین برابر ہین اور مضارب نے اپنے واسطے باقی تہائی شرط کی تو عقد صحیح ہی اور قول مذکور ایسا ہو گیا کہ گویا مضارب نے مولی کے واسطے دو تہائیان شرط کین اسیطرح یہ مسئلہ مصرح ہی اکثر کتب فقہ مین اور اس کتاب کے متن اور مصنف کی شرح مین یہان خلط واقع ہوا ہی سو اُس سے اجتناب کیجیو ھم متن کے ایک نسخہ مین ایسا دیکھا ولو شرط للثانی ثلثیہ والعبد المالک ثلثہ علی ان یعمل معہ ولنفسہ ثلثہ صح انتہی حالانکہ یہ فاسد ہی کہ چار تہائیان مجتمع نہین ہوتی ہین اور مسئلے مین مضارب ثانی کا وجود بھی نہین ہی اور شرح کی عبارت یہ ہی علے ان یعمل معہ عادی ولیس بقید بل یصح الشرط ویکون لسیدہ وان لم یشترط لا یجوز انتہی حق یہ ہی کہ لا یجوز حذف کیا جاوے اسواسطے کہ اول معلوم ہو چکا کہ عمل قید نہین کذا فی الطحطاوی ولو عقدہا الماذون مع اجنبی وشرط الماذون عمل مولاہ لم یصح ان لم یکن الماذون علیہ دین لانہ کاشتراط العمل علے المالک اور اگر عبد ماذون نے مضاربت منعقد کی شخص اجنبی کے ساتھ اور ماذون نے اپنے مولے کا عمل کرنا شرط کیا تو عقد صحیح نہین اگر ماذون پر دین نہو اسواسطے کہ اسمین عمل کرنا شرط ہی مالک پر والا صح لانہ حینئذ لا یملک کسبہ واشتراط عمل رب المال مع المضارب مفسد للعقد لانہ یمنع التخلیۃ فیمنع الصحۃ اور اگر ویسا نہو یعنی عبد ماذون پر دین ہو تو عقد باشتراط عمل مولی صحیح ہی اسواسطے کہ اسوقت مین مولے اپنے غلام کی کمائی کا مالک نہین ہی اور صاحب مال کا عمل شرط کرنا مضارب کے ساتھ عقد مضاربت کا مفسد ہی اسواسطے کہ عمل مالک کا تخلیہ کا مانع ہی تو مانع ہوگا صحت عقد کا یعنی مضاربت مین عمل مضارب ضرور ہی اور اسکو عمل کرنا عدم تخلیہ کے ساتھ ممکن نہین اور یہی علت ہی مسئلہ ثانیہ اور ثالثہ مین وکذا اشتراط عمل المضارب مع مضاربہ او عمل رب المال مع المضارب الثانی بخلاف مکاتب شرط عمل مولاہ کما لو ضارب مولاہ اور اسی طرح

مانع صحت عقد ہو عمل کرنا مضارب اول کا اپنے مضارب کے ساتھ یا صاحب مال کا عمل شرط ہونا مضارب ثانی کے ساتھ بخلاف مکاتب کے کہ جسنے اپنے مولی کا عمل شرط کیا تو عقد صحیح ہو چنانچہ صحیح ہو اگر مکاتب مضاربت کرے اپنے مولی کے ساتھ اور وجہ صحت یہ ہو کہ مکاتب اپنے مکسوبات مین احرار کے مانند ہو پھر اگر عاجز ہو یا ادے بدل کتابت سے قبل عمل کے تو مضاربت فاسد ہوگی کذا فی الطحطاوی ولو شرط البعض الربح للمساکین او للحج او فی الرقاب او لامرأۃ المضارب او مکاتبہ صح العقد ولم یصح الشرط ویکون المشروط لرب المال اور اگر شرط کی گئی کچھ منفعت محتاجون کے واسطے یا حج کے واسطے یا گردنون کو چھڑانے کے واسطے یا مضارب کی عورت کے واسطے یا اسکے مکاتب کے واسطے تو عقد صحیح ہو اور شرط صحیح نہین اور نفع مشروط صاحب مال کا ہو نہ مساکین وغیرہم کے واسطے عم زوجہ مضارب یا مکاتب کے واسطے اشتراط نفع اس صورت مین غیر صحیح ہو جبکہ انکا عمل شرط نہوا اور اگر انکا عمل شرط ہو تو شرط جائز ہو اور مشروط انہین کے واسطے ہوگا اسواسطے کہ زوجہ یا مکاتب مضارب ہو گئے عمل شرط کر لینے سے اور در صورت عدم اشتراط عمل مضاربت نہو گی بلکہ ہبہ موعودہ ہو جسکا کرنا لازم نہین اور یہی حکم ہو اور اجانب کا اس تقریر سے معلوم ہوا کہ مساکین اور رقاب مین فساد شرط کی علت عدم اشتراط عمل ہو کذا فی الطحطاوی ملخصًا ولو شرط البعض لمن شاء المضارب فان شاء ہ لنفسہ اولرب المال صح الشرط والا بان شاء لاجنبی لا یصح اور اگر بعض منفعت اس شخص کے لیے مشروط ہوئی جسکو مضارب چاہے تو اگر مضارب اپنے واسطے یا صاحب مال کے واسطے چاہے تو شرط صحیح ہو اور اگر اپنے مالک کے واسطے نچاہے اسطرح کہ اجنبی شخص کے واسطے چاہے تو شرط صحیح نہین یعنی اسواسطے کہ اسکا عمل شرط نہین کیا و متی شرط البعض لاجنبی ان شرط علیہ عملہ صح الشرط والا لا اور جبکہ بعض منفعت اجنبی کے واسطے شرط ہوئی تو اگر اسپر اسکا عمل بھی شرط ہو تو شرط صحیح ہو اور نہین تو شرط صحیح نہین یعنی تو نفع صاحب مال کا ہوگا اور عقد صحیح ہوگا کذا فی الطحطاوی قلت لکن ذکر القہستانی انہ یصح مطلقا والمشروط للاجنبی ان شرط عملہ والا فللمالک ایضًا وعزاہ للذخیرۃ خلافا للبرجندی وغیرہ تنبیہ مین کہتا ہون لیکن قہستانی مین ہو کہ عقد مضاربت صحیح ہو مطلقًا یعنی خواہ اجنبی کا عمل شرط ہو یا نہوا اور نفع مشروط اجنبی کا ہوگا اگر اسکا عمل مشروط ہوا اور اگر اسکا عمل مشروط نہو تو وہ نفع بھی مالک کا ہو اور قہستانی نے اس قول کو ذخیرہ کی طرف نسبت کیا ہو برخلاف برجندی وغیرہ کے تو آگاہ رہو عم جبکہ یہ ثابت ہو گیا اول عقد مضاربت ہر صورت صحیح ہو اور نفع اجنبی کے واسطے شرط اسکے عمل کے صحیح ہو تو اس استدراک کی کیا وجہ ہو اور برجندی کا کلام غلام مین ہو نہ اجنبی مین چنانچہ شارح ملتقی سے معلوم ہوتا ہو کذا فی الطحطاوی ولو شرط البعض لقضاء دین المضارب او دین المالک جاز ویکون المشروط لہ لقضاء دینہ والایلزم بدفعہ لغرمائہ بحر اور اگر بعض نفع دین مضاربت یا دین مالک کے ادا کرنیکے واسطے شرط ہوا تو جائز ہو اور مشروط کو اپنے دین کا ادا کرنا اس نفع سے جائز ہو اور ہر ایک مضارب اور مالک پر لازم نہ کیا جائیگا نفع مذکور کا اسکے دین والون کو کذا فی البحر وتبطل المضاربۃ بموت احدہما لو کالۃ اور باطل ہو جاتی ہو مضاربت مالک یا مضارب کی موت سے بسبب ہونے مضاربت کے وکالت یعنی اور وکالت باطل ہو جاتی ہو موکل یا وکیل کی موت سے وکذا القتالۃ و بجنون احدہما جنونا مطبقا قہستانی اور اسیطرح مضاربت باطل ہوتی ہو ایکے قتل ہو جانے سے اور ایک کے منع تصرف سے جو مالک یا مضارب طاری ہوا اور ایک کے جنون مطبق ہونے سے کذا فی قہستانی عم بالغ ممنوع التصرف ہو جاتا ہو جنون سے یا سفاہت سے یا عبد ماذون کے حجر سے ہر چند جنون منع تصرف مین داخل تھا لیکن شارح نے پھر اسکو اسواسطے ذکر کیا تاکہ اسمین اطباق کی قید لگا دے وفی البزازیۃ مات المضارب والمال عروض باعہا وصیہ اور بزازیہ مین ہو کہ مضارب مرگیا اور مال عروض اور قماش ہو یعنی اسباب ہو نقد نہین تو اسکو مضارب کا وصی بیع کرے عم اور قول اصح یہ ہو کہ صاحب مال اور وصی مضارب دونون کو بیع مین اختیار ہو اور اگر مضارب کا کوئی وصی نہو تو فقط مالک مختار ہو یا حاکم مضارب کی طرف سے وصی مقرر کرے کہ مالک کے ساتھ بیع مین دخل کرے پھر جب مال نقد ہو جاوے تو مالک اپنا راس مال اور نفع کا حصہ لے اور مضارب کا حصہ اسکے وارث لین کذا فی الطحطاوی ولو مات رب المال والمال نقد تبطل فی حق التصرف ولو عروضا تبطل فی حق المسافرۃ لا التصرف فلہ بیعہ بعرض ونقد اور اگر صاحب مال مرگیا اور مال نقد ہو تو مضاربت باطل ہو حق تصرف مین یعنی مضارب اب اس مال سے بیع اور شرا نہین کرسکتا اور اگر مال عرض ہو نہ نقد تو مضاربت باطل ہو حق مسافرت مین یعنی مضارب اس اسباب کو سفر مین نہین لیجا سکتا تو اسکو وطن مین اسکا بیچنا عرض اور نقد سے جائز ہو عم اور اگر مضارب کسی شہر مین گیا تھا مال مضاربت لیکر اور وہان خرید کی پھر صاحب مال مرگیا اور اسکو خبر نہین موت کی پھر وہ دوسرے شہر مین مال لیگیا تو مضارب کا

خرچ اسکے ذاتی مال مین محسوب ہوگا نہ مضاربت کے مال مین اور اگر مال تلف ہوگا راہ مین تو مضارب پر تاوان لازم ہوگا کذا فی الطحطاوی **و بالحکم بلحوق المالک**
مرتدا اور مضاربت باطل ہی لحوق مالک مرتد کے حکم ہوجانے سے یعنی اگر مالک مرتد ہوکر دار الحرب مین جاملا اور حاکم نے اسکے لحوق کا حکم دیا تو مضاربت باطل ہوگی اسواسطے کہ لحوق
دار الحرب موت کے مانند ہی ولہذا اسکا مال وارثون مین بٹ جاتا ہی اور اسکے ام الولد اور مدبر کو آزادی حاصل ہوجاتی ہی کذا فی الزیلعی طحطاوی **فان عاد ملحوقہ مسلما**
فالمضاربۃ علی حالہا حکم لحاقہ ام لا عنایہ سو اگر مالک بعد لحوق دار الحرب مسلمان ہوکر دار الاسلام مین پھر آیا تو مضاربت بحال سابق باقی ہی اسکے لحوق کا حکم ہوگیا ہو یا
نہوا ہو کذا فی العنایہ **بخلاف الوکیل** لانہ لاحق لہ بخلاف المضارب بخلاف وکیل کے اسواسطے کہ وکیل کا کچھ حق نہین بخلاف مضارب کے یعنی اگر موکل مرتد ہوا اور اسکے لحوق کا
حکم ہوگیا تو وکالت باطل ہوجاتی ہی اور موکل کے پھر مسلمان ہوکر دار الاسلام کے آنے سے وکالت عود نہین کرتی **ولو ارتد المضارب فہی علی حالہا** اور اگر مضارب مرتد
ہوگیا تو مضاربت اپنی حالت سابقہ پر باقی ہی ہم امام کے نزدیک مرتد کے تصرفات موقوف رہتے ہین اسکی املاک کے توقف کے سبب سے اور مضارب کی کچھ ملک نہین مضاربت کے
مال مین لہذا مضاربت بحال رہتی ہی **فان مات او قتل او لحق بدار الحرب و حکم بلحاقہ بطلت** و ما تصرف نافذ و عہدتہ علے المالک عند الامام بحر پھر اگر مضارب
مرتد ہوگیا یا مقتول ہوا یا دار الحرب مین جاملا اور اسکے لحاق کا حکم ہوگیا تو مضاربت باطل ہوگی اور جو اسنے تصرف کیا وہ نافذ ہی نہ موقوف اور اسکی بیع اور شرا کا
عہدہ مالک پر ہی امام رح کے نزدیک کذا فی البحر **و لو ارتد المالک فقط** ای و لم یلحق **فتصرفہ ای المضارب موقوف** اور اگر مالک مرتد ہوگیا فقط یعنے اور دار الحرب
مین نہین جاملا تو مضارب کا تصرف موقوف ہی ہم یعنے اگر مالک مسلمان ہوا تو مضارب کا تصرف نافذ ہی مضاربت کے جمیع احکام مین **و ردۃ المراۃ غیر مؤثرۃ** اور مرتد
ہونا عورت کا غیر مؤثر ہی بطلان مضاربت مین ہم خواہ عورت مال کی مالک ہو یا مضارب مگر یہ کہ وہ مرجاوے یا دار الحرب مین ملحق ہوجاوے اور اسکے لحاق کا حکم ہو
اسواسطے کہ اسکا ارتداد اسکے املاک مین مؤثر نہین تو اسی طرح اسکے تصرف مین مؤثر نہین کذا فی المنح عن الجوہرہ **و ینعزل بعزلہ** لانہ وکیل **ان علم بہ بخبر رجلین**
مطلقا او فضولی عدل او رسول ممیز اور مضارب معزول ہوجاتا ہی مالک کے معزول کرنے سے اسواسطے کہ وہ وکیل ہی بشرطیکہ مضارب معزول کو جانے دو مردون کی خبر سے
مطلقا خواہ وہ عادل ہون یا فاسق یا مستور الحال یا ایک فضولی عادل یا ایلچی ممیز کی خبر سے **والا یعلم لا ینعزل** اور اگر مضارب اپنے عزل کو نجانے تو معزول نہوگا
فان علم بالعزل و لو حکما **المالک و المال عروض** ہو ہنا ما کان خلاف جنس راس المال فالدراہم و الدنانیر جنسان **باعہا و لو نسیئۃ و ان نہاہ**
عنہا سو اگر مضارب نے اپنا عزل معلوم کیا اگرچہ عزل حقیقی نہو بلکہ حکمی ہو جیسا کہ مالک کا مرجانا اگرچہ موت حقیقی نہو بلکہ حکمی ہو جیسا کہ ارتداد مالک مع الحکم
باللحاق یا اسکا مجنون ہونا جنون مطبق اور حالانکہ مال عروض ہی عروض سے مراد یہان وہ ہی جو راس المال کے مخالف جنس ہو تو دراہم اور دنانیر اس تقدیر مین دو جنسین
ہین تو مضارب عروض کو بیچ ڈالے اگرچہ بیع ادھار ہوا اور اگر مالک نے اسکو ادھار بیچنے سے منع کردیا ہو ہم جب یہان عروض سے خلاف جنس راس المال مراد ہو تو عروض
دراہم اور دنانیر کو بھی شامل ہی تو اگر راس المال دراہم ہون اور مضارب نے دنانیر خرید کیے ہون تو اسکو بیچ کر دراہم کرنا ہوگا اور اسی طرح بالعکس در رمین ہی کہ جب مال عروض ہو
تو عزل مالک سے مضارب معزول نہوگا اسواسطے کہ اسکا حق ہی نفع مین اور نفع ظاہر نہین ہوسکتا بدون نقد کے تو حق بیع اسکو ثابت ہوگا تا نفع ظاہر ہوجاے **ثم لا یتصرف**
فی ثمنہا **و لا فی نقد من جنس راس مالہ** پھر بیع کے بعد مضارب تصرف نہ کرے عروض کے ثمن مین اور نہ اس نقد مین جو ہمجنس راس المال کی ہو **و یبدل خلافہ** بہ استحسانا
لوجوب ردجنسہ و لیظہر الربح اور مبادلہ کرے خلاف جنس راس المال کا راس المال کی جنس سے از روے استحسان کے بسبب وجوب رد ہمجنس راس المال کے اور
تا کہ نفع ظاہر ہو ہم قیاس یہ ہی کہ اگر دراہم ہون تو دنانیر سے نہ بدلے و کذا عکسہ اسواسطے کہ نقدین جنس واحد ہین باعتبار ثمنیت کے لیکن استحسان مین یہ مبادلہ
صحیح ہی اسواسطے کہ مضارب پر یہ واجب ہی کہ مثل راس المال کو پھیر دے اور یہ بلا مبادلہ نہین ہوسکتا کذا فی الدرر اور دوسرا فائدہ مبادلے کا یہ ہی کہ نفع ظاہر تا مالک اور
مضارب دونون اپنے حق مشروط کو پاوین **و لا یملک المالک فسخہا فی ہذہ الحالۃ** بل **و لا تخصیص الاذن** لانہ عزل من وجہ نہایہ اور مالک کو اختیار نہین فسخ مضاربت کا اس حالت مین یعنے
جبکہ مال عروض ہو بلکہ تخصیص اذن کا اختیار نہین اسواسطے کہ تخصیص اذن ایک راہ سے عزل ہی کذا فی النہایہ **بخلاف احد الشریکین اذا فسخ الشرکۃ و مالہا**

۹۵
نسخہ مین ... صحیح ... بعبارت ... نمبر ...

استعمہ بیع بخلاف احد الشریکین جبکہ وہ عقد شرکت کو فسخ کرے اور شرکت کا مال اسباب ہو نقد تو فسخ صحیح ہے افترقا وفی المال دیون وربح یجبر المضارب
علی اقتضاء الدیون اذ حینئذ یعمل بالاجرۃ جدائی ہوگئی مالک اور مضارب مین اور مضاربت کے مال مین دیون اور نفع ہے تو مضاربت پر جبر ہوگا دیون کے ادا کرا
کرنے پر اسواسطیکہ مضارب اسوقت عامل باجرت ہوگا ہم دیون کی وجہ یہ ہے کہ مضارب نے عروض کو ثمن سے بیچا اور ہنوز ثمن پر قبض نہین کیا مضارب عامل بالاجرۃ
اسواسطے ٹھہرا کہ وہ اس صورت مین اجیر کے مانند ہے اور نفع اجرت کے مانند ہے تو ہنگام طلب کا خرچ مضارب پر ہوگا اگر دین اسی شہر مین ہو اور اگر دوسرے شہر مین ہو
تو خرچ مضاربت کے مال مین ہوگا کذا فی الطحطاوی والا ربح لا جبر لانہ حینئذ متبرع اور اگر مال نفع نہو تو مضارب پر تقاضاے دیون مین جبر نہین اسواسطیکہ مضارب
اسوقت مین متبرع اور محسن ہے اور محسن پر زبردستی نہین ویومر بان یوکل المالک علیہ لانہ غیر العاقد اور مضارب پر حکم ہوگا کہ مالک کو تقاضاے دیون پر تعین اور
مقرر کرے اسواسطے کہ مالک غیر عاقد ہے یعنے اور حقوق عقد کے راجع نہین ہوتے مگر عاقد کی طرف تو مالک مطالبہ دین پر قادر نہوگا بلا توکیل مضارب کے وحینئذ فالوکیل
بالبیع والمستبضع کالمضارب یومران بالتوکیل اور اسوقت مین جبکہ متبرع پر جبر علی الاقتضا نہین تو بیع کا وکیل اور مال کا لینے والا بطریق بضاعت کے
مضارب کے مانند ہے دونون کو توکیل مالک کا حکم ہوگا والسمسار یجبر علی التقاضی وکذا الدلال لانہما یعملان بالاجرۃ سمسار پر زبردستی ہوتی ہے
تقاضاے دین مین اور اسیطرح دلال پر اسواسطے کہ وہ دونون اجرت پر کام کرتے ہین سمسار بکسر اول وہ ہے جسکے پاس عروض اور حیوانات لوگون
کے جمع ہون تا وہ اجرت لیکر بیچدے بلا عقد اجارہ تو وہ بھی عامل بالاجرۃ ہے اور یہ بمنزلہ اجارہ صحیحہ کے ہے عادت کے موافق کذا فی الدرر فرع مسئلہ ملحقہ
تناجر کا استوجر علی ان یبیع ویشتری لم یجبر لعدم قدرتہ علیہ والحیلۃ ان یستاجرہ مدۃ للخدمۃ ویستعملہ فی البیع زیلعی ایک شخص کے واسطے اسیر اجرت ٹھہرا لی گئی
کہ وہ بیع اور شرا کرے تو یہ جائز نہین بسبب اسکے نہ قادر ہونے کے بیع اور شرا پر اور حیلہ اسکے جائز ہونیکا یہ ہے کہ اسکو مزدوری پر لگا دے اور نوکر رکھ لے
خدمت کے واسطے مدت معین تک اور اس سے بیع کا کام لے کذا فی الزیلعی ہم عدم قدرت بیع اور شرا پر اسواسطے ہوئی کہ خرید فروخت تمام نہین ہوسکتی مگر غیر کی
مساعدت سے یعنے بائع اور مشتری کی مساعدت سے تو اجیر قادر نہین اسکی تسلیم پر اور حیلہ مذکورہ اسواسطے جائز ہوا کہ عقد شامل ہے منفعت کو اور منفعت معلوم اور معین ہے
بیان مقدار مدت سے اور وہ قادر ہے اسکی تسلیم پر اسطرح کہ اپنی ذات کو حاضر کرے مدت معینہ مین کذا فی الطحطاوی عن الزیلعی وما ہلک من مال المضاربۃ یصرف
الی الربح لانہ تبع اور جتنا تلف ہوگیا مضاربت کے مال سے وہ نفع کی طرف پھیرا جاتا ہے اسواسطیکہ نفع تابع ہے راس المال کا اور راس المال اصل ہے فان زاد الہالک علی
الربح لم یضمن ولو فاسدۃ من عملہ لانہ امین پھر اگر مال ہالک زیادہ ہو نفع سے تو مضاربت پر تاوان نہ آویگا اگرچہ مضاربت فاسدہ ہو اور گو مال کی ہلاکی مضارب
کے عمل سے ہو اسواسطے کہ مضارب امین ہے یعنی امین ضمین نہین ہوتا وان قسم الربح وبقیت المضاربۃ ثم ہلک المال او بعضہ ترادا الربح لیاخذ المالک راس المال
وما فضل بینہما وان نقص لم یضمن لما مر اور اگر نفع بٹ گیا ہو اور مضاربت باقی ہو پھر سب مال یا بعض مال تلف ہوجاے تو دونون شخص نفع پھیر دین
تا مالک نفع سے راس المال لے اور جسقدر نفع زائد ہو راس المال سے وہ دونون مین مشروط کے موافق قسمت ہو اور اگر نفع کم ہو راس المال سے تو مضارب پر
تاوان نہوگا بدلیل گذشتہ یعنے امین پر تاوان نہین ثم ذکر مفہوم قولہ وبقیت المضاربۃ فقال وان قسم الربح وفسخت المضاربۃ والمال فی ید المضارب ثم
عقداہا فہلک المال لم یترادا وبقیت المضاربۃ لانہ عقد جدید وہی الحیلۃ النافعۃ للمضاربۃ پھر مصنف رح نے اپنے قول وبقیت المضاربۃ کا مفہوم ذکر کیا
سو کہا اور اگر نفع بٹ گیا اور مضاربت فسخ ہوگئی اور مال مضارب کے ہاتھ مین ہے پھر دونون نے مضاربت کو منعقد کیا پھر مال ہلاک ہوگیا تو دونون نفع سابق کو نہ پھیرینگے اور
مضاربت ثانیہ باقی رہیگی اسواسطے کہ وہ عقد جدید ہے اور حیلہ نافعہ ہے مضارب کے واسطے ہم یعنے اگر مضارب ڈرے استرداد نفع سے بعد قسمت کے بسبب ہلاک ہونے
راس المال کے تو اسکی تدبیر یہ ہے کہ فسخ مضاربت کرکے مضاربت جدید عقد کرلے اور اگر مال مضاربت کو مضارب نے مالک کو دیا ہو تو بطریق اولی نفع مسترد نہوگا اور
زیلعی نے جو تسلیم مال کی قید لگائی حیلہ مذکورہ مین سو اتفاقی ہے کذا فی الطحطاوی فصل فی المتفرقات یہ فصل ہے مسائل متفرقہ مضاربت مین المضاربۃ لا تفسد بالشروع

کل المال او بعضہ تقیید البدایۃ بالبعض اتفاقی عنایۃ الی المالک بضاعۃ لا مضاربۃ لما مر مضاربت فاسد نہین ہوتی مالک کو تمام مال یا بعض مال کے دینے سے
بطریق بضاعت کے نہ بطور مضاربت بدلیل گذشتہ شارح نے کہا ہدایہ کی تقیید دفع بعض مال کی اتفاقی ہی کذا فی العنایۃ ہم بضاعت سے یہان استعانت مراد ہی اسواسطے کہ
ابضاع حقیقی یہان متحقق نہین کیونکہ بضاعت حقیقی مین سب نفع صاحب مال کا ہوتا ہی اور یہان ایسا نہین اور اگر مضارب نے مالک کو بطریق مضاربت کے دیا تو مضاربت ثانیہ
باطل ہوگی نہ مضاربت اولی وجہ بطلان یہ ہی کہ شی اپنے مانند کو متضمن نہین ہوتی کذا فی الطحطاوی وان اخذہ ای المالک المال بغیر امر المضارب باع واشتری بطلت ان
کان راس المال نقدا لانہ عامل بنفسہ اور اگر مالک نے مضاربت کا مال بدون امر مضارب کے لے لیا اور بیع اور شرا کی تو مضاربت باطل ہوگی اگر راس المال نقد ہو اسواسطے کہ
مالک اپنی ذات کے واسطے عامل ہوا ہم مبسوط مین خلاصہ سے یہ ہی کہ جس تصرف کا مضارب مستحق ہوا اس طرح پر کہ صاحب مال اسکے منع کرنے پر مالک نہین تو صاحب مال اس تصرف
مین مضارب کا معین ٹھہریگا خواہ مضارب کے امر سے کرے یا بدون امر کے اور جس تصرف کے منع کرنے پر صاحب مال قادر ہی تو صاحب مال اس تصرف مین عامل لنفسہ ہی
مگر یہ تصرف باذن مضارب ہو تو اسوقت مین معین ٹھہریگا کذا فی الطحطاوی وان صار عرضا لا لان النقض الصریح حینئذ لا یعمل فھذا اولی عنایہ اور اگر مال مضاربت
عرض ہوگیا تو مضاربت باطل نہوگی تصرف مذکور سے کہ اسوقت مین مالک کا نقض صریح بطلان مضاربت مین عمل نہین کرتا تو یہ نقض غیر صحیح بطریق اولی عمل نہ کریگا
کذا فی العنایۃ ثم ان باع بعرض بقیت وان بنقد بطلت لما مر پھر اگر مالک نے عرض کو بعوض عرض کے بیچا تو مضاربت باقی ہی اور اگر بعوض نقد کے بیچا تو مضاربت باطل ہوگی
بدلیل گذشتہ یعنی وہ اب عامل لنفسہ ہوگیا واذا سافر ولو یوما فطعامہ وشرابہ وکسوتہ ورکوبہ بفتح الراء ما یرکب ولو بکراء وکل ما یحتاجہ
عادۃ ای فی عادۃ التجار بالمعروف فی مالہا اور جبکہ مضارب نے سفر کیا یعنی تجارت کے واسطے اگرچہ ایک ہی دن کا سفر ہو تو اسکا کھانا اور پینا
اور لباس اور سواری اگرچہ بطور کرایہ ہو اور جس چیز کی مضارب کو حاجت ہو تجارت کی عادت مین دستور کے موافق مضاربت کے مال مین ہی شارح نے کہا رکوب بالفتح عبارت ہی
اس سے جسپر سواری کیجاوے ہم سفر سے یہان تین دن کا سفر شرعی مراد نہین بلکہ جب اتنا شہر سے باہر نکلے کہ رات تک اپنے گھر مین نہ آسکے تو سفر متحقق ہوگا امور
محتاج الیہا جیسے کپڑون کی دھولائی اور چراغ کا تیل اور ایندھن اور خادم اور حمام اور حلاق کی اجرت اسواسطے کہ آدمی طویل الشعر میلے کچیلے کپڑے والا مفلسون مین
شمار کیا جاتا ہی تو خرید فروخت کا معاملہ اس سے کمتر ہوگا دستور کی قید اسواسطے لگائی کہ فضول خرچی کریگا تو بقدر زیادت مضارب پر لازم آویگا مصارف مذکورہ
مضاربت کے مال سے اسواسطے مقرر ہوے کہ اسنے اپنی ذات کو تجارت مین مصروف کیا اور کہین کے آنے جانے سے بند ہوا تو بعوض اس احتباس کے اسکا نفقہ
لازم آیا جیسا نفقہ قاضی کا بیت المال سے اور عورت کا مرد پر ہی بعلت احتباس کے لو صحیحۃ لا فاسدۃ لانہ اجیر فلا نفقۃ لہ کمستبضع ووکیل وشریک کافی
وفی الاخیر خلاف نفقہ مضارب کا سفر مین مضاربت کے مال مین ہی اگر مضاربت صحیح ہو اور اگر مضاربت فاسدہ ہو تو مضارب مزدور کے مانند ہی تو اسکا
نفقہ نہین مانند مستبضع اور وکیل اور شریک کے کذا فی الکافی اور اخیر مین اختلاف ہی ہم کافی مین شریک کا عدم وجوب نفقہ مذکور ہی اور نہایہ مین وجوب
مصحح ہی اور ابن ملک کے کلام سے معلوم ہوتا ہی کہ عدم وجوب معتمد ہی اسواسطے کہ اسنے نقل کیا ہی کہ وجوب نفقہ محمد رح سے مروی ہی کذا فی الطحطاوی وان عمل فی المصر
سواء ولد فیہ او اتخذہ دارا فنفقتہ فی مالہ کدوائہ علی الظاہر اور اگر مضارب نے شہر ہی مین کام کیا خواہ اس شہر مین مضارب پیدا ہوا ہو یا وہان رہ پڑا ہو گھر بنا کر تو اسکا
خرچ اسکے مال مین ہی چنانچہ اسکی دوا علاج کا خرچ اسکے مال مین ہی بنا بر ظاہر مذہب ہم علاج کا خرچ مال مضاربت مین نہین نہ سفر مین نہ حضر مین اسواسطے کہ مرض کبھی امر
گاہے ہوتا ہی اور گاہے نہین مبسوط مین ہی کہ حجامت یعنی پچھنے اور سینگی اور سرمہ علاج مین داخل ہی اما اذا نوی الاقامۃ بمصر ولم یتخذہ دارا فلہ النفقۃ ابن ملک مالم
یاخذ مالا لانہ لم یحتبس بالہا اور جبکہ مضارب نے ایک شہر کی اقامت کی نیت کی اور اسکو وطن نہین قرار دیا تو اسکا نفقہ ہی مضاربت کے مال مین کذا ذکرہ ابن ملک
جب تک کہ اسنے مال نہین لیا اسواسطے کہ وہ مال مضاربت کے سبب سے محتبس نہین ہوا ہم شہر مذکور مین نفقہ اسوقت تک ہی جب تک اسکو وہان مال نہ دیا گیا ہو اور
اسنے اس شہر سے سفر نہ کیا ہو مبسوط مین ہی اور اگر مضارب کو مال دیا گیا اور مالک اور مضارب کوفہ مین ہین اور کوفہ مضارب کا وطن نہین تو مضارب اپنی ذات پر مال

مضاربت سے صرف کرے اسواسطے کہ اسکی اقامت کرنے مین مضاربت کے سبب سے نہین تو ستاجب نفقہ نہین جب تک وہان سے باہر نجاوے سوا گر کوفہ سے نکلا اور اپنے وطن مین
گیا اور مضاربت کے واسطے آیا تو جب کوفہ مین مال مضاربت سے اپنی ذات پر خرچ کرے اسواسطے کہ اسکا کوفہ مین رہنا مستعار تھا سو وہان سے سفر کر جانے سے وطن مستعار بھی
دور ہو گیا انتہی مختصرا اور یہ جو شارح نے کہا کہ اسکا نفقہ ہے جب تک اسنے مال نہین لیا اس سے نکلتا ہے کہ جب مال لیگا اور کوفہ مین رہیگا تو اسکو نفقہ نہ ملیگا اور حالانکہ ایسا نہین ہے
اور شاید کہ شارح یہ سمجھتا ہے منح الغفار کی اس عبارت سے فافاد انہ الا یاکلونہ بہو من اہل البصرۃ وکان قدم الکوفۃ مسافرا فلا نفقۃ لہ انتہی اور مقصود اس عبارت سے وہی ہے جو
بسوط سے ہنے نقل کیا کذا فی الطحطاوی ولو سافر بمالہ وبمالہا وخلطہ باذن او بمالین لرجلین انفق بالحصۃ واذا قدم رد ما بقی یجبع ونفیس الزائد علی المعروف اور اگر مضارب
اپنا مال اور مضاربت کا مال سفر مین لیگیا یا اپنا مال مضاربت کے مال مین ملایا مالک کے اذن سے یا دو مرد ون کے دو مال لیگیا تو اپنی ذات پر حصہ رسد صرف کرے اور جب سفر
سے آوے تو جو باقی رہ گیا طعام اور لباس سے اسکو پھیر دے اور جسقدر زیادہ صرف کیا ہو دستور سے اسکا تاوان دے ہم خلط مال بالاذن سے مضارب شریک ہو گیا مالک کا اور
شریک اپنی ذات پر مال شرکت سے صرف نہین کرتا القول الراجح اس اعتراض کو مین نے بعض حواشی مین دیکھا ہے کذا فی الطحطاوی ولو انفق من مالہ لیرجع فی مالہا فلہ ذلک ولو
ہلک لم یرجع علی المالک اور اگر مضارب نے اپنے مال سے اپنے مصارف سفر مین صرف کیا تا کہ مجرا کرلے مضاربت کے مال مین تو یہ اسکو جائز ہے اور اگر مال مضاربت تلف ہو گیا
تو اسنے صرف کیا ہوا مالک سے نہین لے سکتا ہے بانفراد المالک قاربا النفقۃ المضارب من راس المال ان کان ثمہ ربح فان استوفاہ وفضل شیء من الربح اقتسماہ
علی الشرط لان ما انفقہ یجعل کالہالک والہالک یصرف الی الربح کما مر اور مالک اتنا نفع سے لے جتنا مضارب خرچ کر چکا ہے راس المال سے اگر وہان نفع موجود ہو سو اگر مالک
نے راس المال پورا کیا نفع سے پھر کچھ نفع زیادہ بچا تو مالک اور مضارب دونون شرط کے موافق بانٹ لین اسواسطے کہ جو مضارب نے خرچ کیا وہ ہالک کے مانند ٹھہرایا جاتا ہے
اور راس المال ہالک نفع کی طرف پھیرا جاتا ہے چنانچہ مذکور ہو چکا وان لم یظہر ربح فلا شیء علیہ ای المضارب اور اگر نفع نہ ظاہر ہو تو مضارب پر کچھ نہین یعنے راس المال کے
کم ہو جانے سے تاوان نہین وان باع المتاع مرابحۃ حسب ما انفق علی المتاع من الحملان واجرۃ السمسار والقصار والصباغ ونحوہ مما اعتد ضمہ
ویقول البائع قام علی بکذا اور اگر متاع کو بطریق مرابحت کے بیچے تو اسکو حساب کرلے جو اسنے متاع پر خرچ کیا از قسم صرف باربرداری کے اور دلال اور دھوبی
اور رنگریز کی اجرت کے اور مانند اسکے اور مصارف جنکے ملا لینے کی سوداگرون مین عادت ہے اور بائع یون کہے کہ یہ چیز مجکو اتنے مین پڑی ہے یعنی اسقدر کی خریدی بتادے
تا کہ دروغ نہو وکذا الضابط الی راس المال ما یوجب زیادۃ فیہ حقیقۃ او حکما او اعتادہ التجار کاجرۃ السمسار ہذا ہو الاصل نہایہ اور اسیطرح ملائی جاوے راس المال کی طرف
وہ چیز جو راس المال مین موجب زیادتی کی حقیقۃ یا حکما یا اسکے ملانے کی سوداگرون مین عادت ہو جیسے دلال کی مزدوری یہی قاعدہ کلیہ ہے راس المال کے ساتھ ملانے کا
کذا فی النہایۃ ہم زیادت کی حقیقی مثال چنانچہ رنگنا اور زیادت حکمی کی مثال جیسے سوب کپڑے کا لا الفیہم ما انفقہ علی نفسہ لعدم الزیادۃ والعادۃ نہ ملاوے راس المال کے
ساتھ بیع المرابحۃ مین جو مضارب نے اپنی ذات پر صرف کیا بسبب عدم زیادت اور عدم عادت تجار کے ہم کتاب المرابحۃ مین مذکور ہو چکا کہ ملانے مین عادت تجار کا اعتبار ہے تو اگر
مصارف مضارب کے ملانے کی عادت ہو تو ملاوے اور یہین تو نہین مضارب بالنصف شری بالفہا بزا ای ثیابا باعہ بالفین وشری بہا عبدا فضاعا فی یدہ قبل
نقدہما للبائع العبد غرم المضارب نصف الربح ربعہما وغرم المالک الباقی نصف منفعت کے مضارب نے مضاربت کہ ہزار درم سے کپڑے کے تھان خرید کیے اور انکو
دو ہزار درم سے بیچا اور ان دو ہزار سے ایک غلام خرید کیا سو دونون ہزار مضارب کے ہاتھ مین تلف ہو گئے بائع غلام کو دینے سے پہلے تو مضارب بنصف نفع یعنی دو ہزار کی
چوتھائی کا تاوان دیگا اور مالک باقی کو یعنی دو ہزار کے تین ربع کا تاوان دے ہم جبکہ مال ایکہزار سے دو ہزار ہو گیا تو نفع مال مین ظاہر ہوا ایکہزار کا دونون مین نصف النصف ہو گیا
تو مضارب کو ان مین سے پانچسو پہونچے پھر جب دو ہزار کو غلام خرید کیا تو غلام مشترک ہو گیا دونون مین تو چوتھائی غلام مضارب کا ہوا اور تین چوتھائیان مالک کی ہوئین پھر جب دو ہزار تلف ہو گئے
قبل ادائے ثمن غلام کے تو دونون پر بقدر ملک غلام تاوان لازم آیا اسکے ثمن کا تو چوتھائی مضارب پر پڑی یعنی پانسو اور تین چوتھائیان مالک پر یعنی ڈیڑھ ہزار ویصیر ربع العبد
ملکا للمضارب خارجا عن المضاربۃ لکونہ مضمونا علیہ ومال المضاربۃ امانۃ وبینہما تناف وباقیہ لہما اور چوتھائی غلام کا مالک مضارب کا خارج ہو جائیگا مضارب کے

۹۷
بسبب اسکے کہ مال اسکو کوفہ مین
لیا جانا لکہ وہ اہل بصرہ
سے ہے اور کوفہ مین مسافر
ہے تو اسکو نفقہ نہین ملیگا
۱۲

مال سے اسواسطے کہ چوتھائی کا تاوان اسپر ہے اور مضارب کا مال امانت ہے اور تاوان اور امانت مین منافی یعنی ضد ہے اور باقی تین چوتھائیان مال مضاربت کی ہین ھم
خلاصہ یہ ہے کہ جب مضارب کے حصے پر تاوان آیا تو وہ مضاربت مین داخل نرہا کیونکہ مضاربت مین تاوان نہین ہوتا اور مالک کا حصہ مضاربت مین داخل ہے بسبب عدم تنافی
کذا فی الدرر رأس المال جمیع ما دفع المالک وهو الفان وخمسمائۃ اور راس المال یعنی وہ سب مال جو مالک نے دیا ڈھائی ہزار درہم اسواسطے کہ مالک نے اول ہزار درہم
دیے یعنی جس سے کپڑا خرید ہوا تھا پھر ڈیڑھ ہزار روپے یعنے ثمن غلام کے تاوان مین کذا فی شرح الوقایہ ولکن رابح المضارب فی بیع العبد علی الفین فقط لانہ شراہ بہما
ولیکن غلام کی بیع مین مضارب فقط دو ہی ہزار پر بیع بطریق مرابحہ کرے اسواسطے کہ اسنے غلام کو دو ہی ہزار سے خرید کیا ہم یعنے یون نہ کہے کہ یہ غلام ڈھائی ہزار کو
مجھے پڑا اسواسطے کہ خرید دو ہی ہزار پر واقع ہوئی تو اس تاوان کو نہ ملاوے جو بسبب ہلاک ہوجانے دو ہزار کے واقع ہوا کذا فی شرح الوقایہ ولو بیع العبد
بضعفہ اے باربعۃ آلاف فحصتہا ثلثۃ الاف لان ربعہ للمضارب اور مسئلہ سابقہ مین اگر غلام دو ہزار کے دو چند یعنی چار ہزار کو بیچا گیا تو مضاربت حصہ تین ہزار
ہے اسواسطے کہ چار ہزار کی چوتھائی یعنی ایک ہزار مضارب کا حصہ ہے والربح منہا نصف الالف بینہما لان راس المال الفان وخمسمائۃ اور منجملہ تین ہزار کے پانسو منفعت کے
مالک اور مضارب مین مقسوم ہونگے اسواسطے کہ راس المال ڈھائی ہزار درہم یعنی جب تین ہزار سے ڈھائی ہزار راس المال کے نکلگئے تو پانسو باقی رہے وہی نفع
ٹھہرا سو دونون مین موجب شرط کے نصفا نصف ہوگا ولو شری من رب المال بالف عبدا شراہ رب المال بنصفہ رابح بنصفہ وکذا عکسہ لانہ وکیلہ ومنہ
علم جواز شراء المالک من المضارب وعکسہ اور اگر مضارب نے مالک سے ہزار کو وہ غلام خرید کیا جو مالک نے پانسو کو لیا تھا تو مضارب اسکی بیع بطور مرابحہ پانسو سے کرے
اور اسی طرح اگر مالک مضارب سے خرید کرے تو مضارب کی خرید پر مرابحہ کرے اسواسطے کہ مضارب وکیل ہے مالک کا اور اس قول سے معلوم ہوا جائز ہونا مالک کی خریداری کا
مضارب کے اور مضارب کا مالک سے ھم اگرچہ مضارب نے ہزار کو خرید کیا لیکن مرابحت نہ کرے مگر پانسو سے اسواسطے کہ بیع مالک کی مضارب سے ایسی ہی ہے جیسے اپنی ذات سے
اسواسطے کہ وہ اسکا وکیل ہے تو ہرچند بیع مذکور جائز ہے لیکن اسکا شبہ ہے عدم جواز کا اور مرابحت کی بنا امانت اور دیانت پر ہے تو اقل ثمنین کو اعتبار کرنا چاہیے کذا فی الدرر
وشرح الوقایہ ولو شری بالفہا عبدا قیمتہ الفان فقتل العبد رجلا خطأ فثلثۃ ارباع الفداء علی المالک وربعہ علی المضارب علی قدر ملکہما اور اگر مضاربت
کے ہزار درم سے وہ غلام خرید کیا جسکی قیمت دو ہزار ہے سو اس غلام نے ایک مرد کو خطا سے مار ڈالا تو فدا سے غلام کی تین چوتھائیان مالک پر ہین اور چوتھائی
اسکی مضارب پر ہے دونون کے ملک کے بموجب ھم یہ اس صورت مین ہے جبکہ مالک اور مضارب غلام قاتل کا دینا اولیاے مقتول کو قبول نہ کرین اور خون بہا دینا قبول
کرین مضارب کی ملک چہارم اسواسطے ہوئی کہ راس المال ہزار تھا اور غلام بالفعل دو ہزار کا ہے تو نصف نفع مضارب کا ٹھہرا یعنی پانسو اور وہ چہارم ہے دو ہزار کا والعبد یخدم
المالک ثلثۃ ایام والمضارب یوما لخروجہ عن المضاربۃ بالفداء للتنافی کما مر اور غلام خدمت کرے مالک کی تین دن اور مضارب کی ایکدن بسبب خارج ہو جانے
غلام کے مضاربت کے مال سے فدیہ دینے کے سبب سے بعلت منافات یعنی تاوان اور مضاربت مین تباین ہے چنانچہ مذکور ہوچکا ھم وجہ خروج یہ ہے کہ حکم قاضی بانقسام
فدا متضمن ہے انقسام عبد کو اور مضاربت ختم ہو جاتی ہے قسمت سے کذا فی الصدر الشریعۃ واذا اختار المالک الدفع والمضارب الفداء فلہ ذلک لتوہم الربح حینئذ اور اگر مالک غلام کا
دینا اور مضارب فدیہ دینا اختیار کرے تو یہ اسکو جائز ہے بسبب توہم منفعت کے اسوقت مین ھم اس علت کا محل وہ ہے جسمین غلام کی قیمت ہزار ہو اور یہان تو دو ہزار
قیمت ہے تو یہان نفع ظاہر ہے نہ موہوم کذا فی الطحطاوی مختصرا وتمامہ فیہ اشتری بالفہا عبدا وہلک الثمن قبل النقد الی البائع لم یضمن لانہ امین بل دفع المالک
للمضارب الفا اخری ثم وثم ای کل ما ہلک دفع اخری الی غیر نہایۃ مضارب نے مضاربت کے مال سے ایک ہزار کو غلام خرید کیا اور ثمن اسکا تلف ہوگیا قبل ادا کرنے بائع کے
تو مضارب پر تاوان نہین اسواسطے کہ وہ امین ہے اور امین ضامن نہین ہوتا بلکہ مالک مضارب کو ایک ہزار اور دے پھر اور دے پھر اور روپے یعنی جتنے بار ثمن تلف ہوجاوے اور ہزار
دیا جاوے بلا حد معین ورأس المال جمیع ما دفع اور راس المال کل مال مدفوع ہے ھم اگر دو بار ثمن دیا تو دو ہزار راس المال ہے اور اگر دس بار دیا تو دس ہزار راس المال ہے تو
مضارب کو نفع نہ ملیگا جب تک تمام راس المال مالک کو نہ پہنچیگا لیکن بیع مرابحہ نہو گی مگر فقط ہزار پر کیا تقدم بخلاف الوکیل لان یدہ ثانیا ید استیفاء لا امانۃ بخلاف

وکیل کے اسواسطے کہ دوبارہ قبضہ وکیل کا قبضہ استیفا ہی نہ قبضہ امانت کا م حاصل مقام یہ ہے کہ وکیل نے جب قبض ثمن کیا بعد خرید کے پھر ثمن ہلاک ہوگیا تو رجوع
نہیں پہنچے مالک سے دوبارہ نہیں لے سکتا اور اگر قبل خرید موکل نے اسکو ثمن دیا پھر وہ تلف ہوگیا تو ایکبار موکل سے اور لے سکتا ہے اسواسطے کہ مدفوع قبل تمام امانت ہے
اسکے ہاتھ میں تو بعد ہلاک امانت ایکبار رجوع ہی پھر رجوع نہیں تو شارح کا قول اسصورت پر محمول ہے جبکہ موکل نے ثمن قبل خرید کے دیا اسواسطے کہ بعد خرید کے دینے میں تو
اصلا رجوع نہیں تلف ہونے کے بعد کذا فی الطحطاوی معہ الفان فقال للمالک دفعت الی الفا وربحت الفا وقال المالک دفعت الفین فالقول
للمضارب لان القول فی مقدار المقبوض للقابض امینا او ضمینا کما لو انکرہ اصلا مضارب کے پاس دو ہزار ہیں سو اسنے مالک سے کہا کہ تو نے مجکو ہزار روپیے اور
میں نے نفع میں ایکہزار حاصل کیے اور مالک نے کہا کہ میں نے تجکو دو ہزار روپیے تو مضارب کا قول مقبول ہوگا اسواسطے کہ مقدار مقبوض میں قابض کا قول مقبول ہے خواہ
قابض امین ہو یا ضمین چنانچہ مضارب اگر بالکل قبض کا منکر ہو تو مضارب ہی کا قول مقبول ہوگا ولو کان الاختلاف مع ذلک فی مقدار الربح
فالقول لرب المال فی مقدار الربح فقط لانہ یستفاد من جہتہ اور اگر اسکے ساتھ یعنی راس المال کے اختلاف کے ساتھ نفع کی بھی مقدار میں اختلاف ہو تو صاحب مال کا
قول مقبول ہے فقط منفعت کی مقدار میں اسواسطے کہ نفع کی مقدار حاصل ہوتی ہے مالک کی جہت سے یعنے اسکے معین کردینے سے نفع معین ہوتا ہے نصف یا ثلث اور وہ
منکر ہے زیادت کا تو اسی کا قول مقبول ہوگا مثلاً مقدار راس المال اور مقدار نفع کے اختلاف کی یہ صورت ہے کہ مالک نے کہا کہ راس المال دو ہزار تھا اور تیسرے واسطے میں نے ثلث نفع
شرط کیا اور مضارب نے کہا راس المال ہزار تھا اور تو نے میرے واسطے نصف نفع شرط کیا فقط کی قید سے معلوم ہوا کہ مقدار راس المال میں مضارب ہی کا قول مقبول ہوگا نہ مالک کا
وایہما اقام بینۃ تقبل اور مالک اور مضارب میں سے جو شخص اپنے دعوی پر گواہ لاویگا تو مقبول ہوگا وان اقاما فالبینۃ بینۃ رب المال فی دعواہ الزیادۃ فی
راس المال وبینۃ المضارب فی دعواہ الزیادۃ فی الربح اور اگر دونوں نے گواہ قائم کیے تو مقبول گواہی رب المال کی گواہی ہے زیادت راس المال
کے دعوی میں اور مضارب کی گواہی مقبول ہے زیادت نفع کے دعوی میں یعنی اسواسطے کہ بینہ اثبات زیادت کے واسطے ہے قید الاختلاف بکونہ فی المقدار لانہ لو کان فی الصفۃ
فالقول لرب المال فلذا قال معہ الف فقال ہی مضاربۃ بالنصف وقد ربح الفا وقال المالک ہو بضاعۃ فالقول للمالک لانہ منکر مصنف نے مقدار کے
اختلاف کی قید لگائی اسواسطے کہ اگر اختلاف صفت میں ہوگا تو وہاں مالک کا قول مقبول ہوگا تو اسی واسطے مصنف نے کہا کہ ایک مضارب کے پاس ہزار ہیں اسنے کہا
کہ وہ میرے پاس بنصفا نصف مضاربت کے طور پر ہیں اور مضارب نے ہزار منفعت میں حاصل کیے ہیں اور مالک نے کہا کہ وہ ہزار بطریق ابضاعت کے ہیں نہ بطریق مضاربت کے
تو مالک ہی کا قول مقبول ہوگا کیونکہ وہ منکر ہے مضاربت کے دعوی کا وکذا لو قال المضارب ہی قرض وقال رب المال ہی بضاعۃ او ودیعۃ او مضاربۃ فالقول
لرب المال والبینۃ بینۃ للمضارب لانہ یدعی علیہ التملیک والمالک ینکرہ اور اسیطرح اگر مضارب نے کہا کہ ہزار میرے پاس بطور قرض کے ہیں اور مالک نے کہا کہ وہ بضاعت ہیں یا
ودیعت ہیں یا مضاربت ہیں تو صاحب مال کا قول مقبول ہوگا اور برہان مقبول تو مضارب کی برہان ہے اسواسطے کہ مضارب مالک پر تملیک کا دعوی کرتا ہے اور مالک تملیک کا منکر ہے ہم
جب اسنے قرض کا دعوی کیا تو وہ مال کا مالک ٹھہرا مالک کی تملیک سے تو اب سب نفع قابض ہی کا ٹھہریگا اور دعوی بضاعت یا ودیعت یا مضاربت میں اسکا انکار رہی
طحطاوی نے کہا کہ اگر بجاے مضارب واضع ید کہتا تو بہتر ہوتا اسواسطے کہ مسئلہ بضاعت اور ودیعت میں مالک اور واضع ید دونوں عدم مضاربت پر متفق ہیں واما لو ادعی
المالک القرض والمضارب المضاربۃ فالقول للمضارب لانہ ینکر الضمان وایہما اقام البینۃ قبلت اور اگر مالک قرض کا دعوی کرے اور مضارب مضاربت کا تو مضارب کا قول
مقبول ہے اسواسطے کہ منکر ہے تاوان کا اور دونوں میں سے جو گواہ قائم کریگا مقبول ہونگے ص دعوی مضاربت میں ضمان کا انکار ہے اسواسطے کہ بارہا ذکر ہو چکا کہ مضارب امین ہے
نہ ضمین اور مالک مدعی ضمان ہے اور قول تو منکر کا قول ہے وان اقاما بینۃ فبینۃ رب المال اولی لانہا اکثر اثباتا اور اگر دونوں نے گواہ قائم کیے تو صاحب مال کے گواہ مقدم ہیں
اسواسطے کہ انمیں زیادہ تر اثبات ہے ص زیادت اثبات کی وجہ یہ ہے کہ مالک کی برہان سے مضارب پر ضمان بدل قرض ثابت ہوتا ہے واما الاختلاف فی النوع فان ادعی المضارب
العموم او الاطلاق وادعی المالک الخصوص فالقول للمضارب لتمسکہ بالاصل اور نوع کے اختلاف میں تو اگر مضارب عموم تجارات یا اطلاق کا دعوی کرے اور مالک خصوص کا

دعوی کرے تو مضارب کا قول مقبول ہی بسبب پکڑنے مضارب کے اصل کو عموم الاطلاق کی یہ صورت ہی کہ مضارب کہے مالک سے کہ تو نے مجکو تری و خشکی دونون سفر کی اجازت دی تھی

اور مالک خصوص کا دعوی کرے اس طرح کہ مین نے فلانی قسم کی تجارت کی اجازت دی یا خشکی کے سفر کی اجازت دی نہ تری کی یا بالعکس اور مضاربت میں عموم اور اطلاق

اسواسطے اصل ہی کہ مضاربت سے مقصود تحصیل منفعت ہی اور اسکے مناسب عموم و اطلاق ہی نہ خصوص ولو ادعی کل نوعا فالقول للمالک والبینۃ للمضارب [illegible]

ویلزمہ نفی الضمان اور اگر ہر شخص ایک ایک قسم تجارت کا دعوی کرے تو مالک کا قول مقبول ہی اور گواہ مضارب کے تو مضارب گواہ قائم کرے اپنے تصرف کی [illegible]

نفی تاوان لازم ہی عم یہ جواب ہی اس سوال مقدر کا جو صاحب ہدایہ پر وارد ہوتا ہی تقریر سوال یہ ہی کہ گواہ تو اثبات کے واسطے ہوتے ہین نہ نفی کے واسطے [illegible] جواب

اسکا دیا کہ یہ نفی پر گواہی نہین بلکہ اپنے تصرف صحیح ہونے پر گواہی لایا ہی اور جب اسکا تصرف صحیح ہوا تو اسپر تاوان لازم نہ آیا ولو وقتت البینات [illegible]

فبینۃ المالک اور اگر بینات نے تعیین وقت بیان کیا تو بینہ متاخرہ پر حکم ہوگا ورنہین تو بینہ مالک پر حکم بنیہ متاخرہ ہی اسواسطے حکم ہوگا کہ [illegible] اول کو

توڑتی ہی اور عدم قیمت کے تحت مین دو صورتین ہین ایک یہ کہ اصلا وقت بیان نہو دوسرے یہ کہ فقط ایک کے گواہ وقت بیان کرین فروع مسائل [illegible]

دفع الوصی مال الصغیر الی نفسہ مضاربۃ جاز وقیدہ الطرسوسی بان لا یجعل الوصی لنفسہ من الربح اکثر مما یجعل لامثالہ وتمامہ فی شرح الوہبانیۃ وصی [illegible]

ذات کو دیا بطریق مضاربت کے تو جائز ہی اور طرسوسی نے اس جواز مین یہ قید لگائی ہی کہ وصی اپنے واسطے اس سے زیادہ [illegible]

واسطے ٹھہراتا اور پورا بیان اسکا وہبانیہ کی شرح مین ہی وفیہا مات المضارب ولم یوجد مال المضاربۃ فیما خلف عاد دینا [illegible]

کہ مضارب مرگیا اور مضاربت کا مال پایا نہین گیا اس مال مین جو وہ چھوڑ گیا تو مضاربت کا مال وہین ٹھہریگا اسکے [illegible]

اور ستعیر کا اور جس شخص کے پاس مال امانت ہو اور وہ مرجائے قبل بیان کے اور امانت بعینہا معلوم نہو تو اسپر دین ثابت ہوگا [illegible]

اسواسطے کہ وہ تجہیل یعنے بیان نکردینے سے مستہلک ٹھہرا اور اگر اسکے وارث ہلاکی مال کا دعوے کرین یا کہین کہ مورث ہمارا صاحب مال کو تسلیم [illegible]

نہوگی کذا فی الطحطاوی اور پورا بیان اسکا کتاب الودیعۃ مین آویگا وفی الاختیار دفع المضارب شیئا للعاشر لیکف عنہ [illegible]

صح فی مجمع الفتاوی لعدم الضمان فی زماننا قال وکذا الوصی لانہما یقصدان الاصلاح وسیجی آخر الودیعۃ اور اختیار مین ہی کہ مضارب [illegible]

مال دیا بطریق رشوت کے عاشر کو یعنے پرمٹ والے کو تاکہ وہ اس سے باز رہے تو مضارب پر ضمان لازم ہوگا اسواسطے کہ اس طرح [illegible] تجارت

کے امور سے نہین ہی لیکن مجمع الفتاوی مین عدم تاوان صحیح ہی ہمارے زمانے مین صاحب مجمع الفتاوی نے کہا اور اسیطرح وصی [illegible] نہین

اسواسطے کہ مضارب اور وصی اس دینے کو اصلاح مال کا ارادہ کرتے ہین اور عنقریب آویگا کتاب الودیعۃ کے آخر مین [illegible]

نفقال انا امسکہ حتے ابیعہ بربح کثیر واراد المالک بیعہ فان فی المال ربح اجبر علی بیعہ لعملہ باجر کما مر الا ان یقول للمالک اعطیک راس المال وحصتک

من الربح فیجبر المالک علی قبول ذلک اور مجمع الفتاوی مین ہی کہ اگر مضارب نے مضاربت کے مال سے تجارت کا اسباب خرید کیا [illegible] لاکہ

مین اسکو رکھ چھوڑونگا یہان تک کہ نفع کثیر پاؤنگا اور مالک نے اسکے بیع کا ارادہ کیا تو اگر مال مین منفعت ہو تو مضارب پر زبردستی ہوگی اسکی بیع پر [illegible]

مضارب کو اپنے عمل کی اجرت معلوم اور تیقن ہی چنانچہ مذکور ہو چکا مگر یہ کہ مضارب مالک سے کہے کہ مین تجکو راس المال اور تیرے حصے کی منفعت

دونگا تو اب مالک پر زبردستی ہوگی اسکے قبول کرنے پر وفی البزازیۃ دفع الیہ الفا نصفہا ہبۃ ونصفہا مضاربۃ فہلکت یضمن حصۃ الہبۃ انتہی اور بزازیہ مین ہی

کہ مالک نے مضارب کو ہزار درم دیے پانسو بطریق ہبہ کے اور پانسو بطریق مضاربت کے پس تلف ہوگئے ہزار درم تو مضارب پر حصہ ہبہ کا تاوان

لازم آویگا انتہی کلام البزازیہ ہم حصہ مضاربت کی ہلاکی مین اسواسطے تاوان نہین کہ وہ امانت ہی اور حصہ ہبہ مین اسواسطے تاوان ہی کہ ہبہ

فاسد ہی اسواسطے کہ ہبہ مشاع ہی محتمل القسمۃ مین تو موہوب لہ اسکا مالک نہ ٹھہرا تو اسپر تاوان لازم ہوا قلت والمفتی بہ انہ لا ضمان مطلقا لان فی المضاربۃ

لانہا امانۃ ولا فی الہبۃ لانہا فاسدۃ وہی تملک بالقبض علی المعتمد المفتی بہ کما سیجئ فلا ضمان فیہما ویہ یضعف قول الوہبانیۃ شعر ولو دفع عشرا علی ان خمسۃ [illegible] لہ ہبۃ فاستہلک الخمس یکسر [illegible] میں کہتا ہوں قول مفتی بہ یہ ہی کہ مسئلہ مذکورہ میں مطلقاً تاوان نہیں نہ مضاربت میں اسواسطے کہ وہ امانت ہی اور نہ ہبہ میں اسواسطے کہ ہبہ فاسد ہی اور وہ مملوک ہوجاتی ہی قبض کرلینے سے بنا بر قول معتمد مفتی بہ کے چنانچہ اسکا بیان آویگا کتاب الہبہ میں تو ہبہ فاسدہ میں تاوان نہیں اور بموجب اسی قول معتمد کے ضعیف کہا گیا ہی وہبانیہ کا یہ قول اور ودیعت رکھے ایک شخص کے پاس دس درم اس طرح پر کہ پانچ انمین سے ہبہ ہین سو اسنے پانچ تلف کر ڈالے تو تاوان دے ہم تمرتاشی نے کہا صورت اسکی یہ ہی کہ غیر شخص کو دس درم دیے اور کہا انمین سے پانچ تجکو ہبہ ہین اور پانچ تیرے پاس ودیعت ہین سو قابض نے انمین سے پانچ تلف کر ڈالے اور باقی پانچ خود تلف ہوگئے تو قابض ساڑھے سات درم تاوان دے اسواسطے کہ خمسہ موہوبہ مضمون ہین قابض پر کیونکہ ہبہ مشاع ہی محتمل بالقسمۃ میں اور وہ فاسد ہی اور جو پانچ درم اسنے تلف کر ڈالے انمین سے نصف ہبہ ہین اور نصف امانت اور یہ مسئلہ مبنی ہی قول غیر صحیح پر[12] کذا فی الطحطاوی مختصراً واللہ تعالیٰ اعلم واستغفر اللہ الحلیم الکریم

کتاب الایداع

یہ کتاب ہی ودیعت رکھنے کے مسائل مین لا اخفاء فی انتساب کتاب الایداع مع ما قبلہ فی الحکم وہو الامانۃ پوشیدگی نہین ایداع کے مشترک ہونے مین اسکے ماقبل کی کتاب کے ساتھ حکم مین یعنی امانت ہونے مین ایداع اور مضاربت مشترک ہین دونون لہذا مضاربت کے بعد مصنف نے ایداع کو لایا ہو لغۃ من الودع ای الترک ایداع لغت مین ودع بمعنی ترک کے ہی وعم ایداع لغت مین عبارت ہی تسلیط غیر سے کسی چیز کی نگہبانی پر خواہ وہ چیز مال ہو یا غیر مال اور ایداع اور استیداع بمعنی واحد ہی مثلاً زید نے اپنا مال خالد کے پاس ودیعت رکھا ہو تو زید مودع اور مستودع ہی بکسر دال اور خالد مودع اور مستودع ہی بفتح دال اور منتقی مین ہی کہ حفظ امانت موجب سعادت دارین ہی اور خیانت باعث تفاوت کونین حدیث مین وارد ہی کہ امانت داری مالداری کو کھینچ لاتی ہی اور خیانت محتاجی اور مفلسی کو کھینچ لاتی ہی روایت ہی کہ جب زلیخا محتاج اور اندھی ہوگئی یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غم مین تو ایک روز راہ مین کھڑی ہوکر پکاری کہ ای بادشاہ میری بات سن لو یوسف علیہ السلام کھڑے ہوگئے زلیخا بولی کہ امانت نے مملوک کو بجاے ملوک کر دیا اور خیانت نے ملوک کو بجاے مملوک کر دیا تو یوسف علیہ السلام نے پوچھا کہ یہ کون ہی لوگون نے کہا زلیخا ہی حضرت نے از راہ ترحم اس سے نکاح کر لیا کذا فی الطحطاوی لمتقدا وشرعاً تسلیط الغیر علی حفظ مالہ صریحاً او دلالۃ کما لو انفتق زق رجل فاخذہ رجل بغیبۃ مالکہ ثم ترکہ ضمن لانہ بہذا الاخذ التزم حفظہ دلالۃ بحر اور اصطلاح شرع مین ایداع عبارت ہی غیر کو مسلط کرنا ہی اپنے مال کی حفاظت پر صریحاً تسلیط ہو یا دلالۃ چنانچہ ایک مرد کی مشک پھٹ گئی اور دوسرے مرد نے اسکے مالک کی غیبت مین اسکو لیلیا پھر اسکو چھوڑ دیا تو اسپر تاوان آویگا اسواسطے کہ اس لینے سے اسنے اسکی حفاظت پکڑلی باعتبار دلالت حال کے کذا فی البحر اس صورت مین تسلیط علی الحفظ کی وجہ یہ ہی کہ مالک اپنے مال کی حفاظت چاہتا ہی اور اسکی حفاظت پر مددگاری کو پسند کرتا ہی تو گویا مالک نے اسکو نگہبانی کا امر کر دیا منح لغفارین ہی محیط سے اور اگر وہ مرد مشک نہ لیگا اور اسکے قریب نہ جاویگا تو اسپر تاوان نہین اور اگر مالک موجود ہوگا تو بھی دونون صورتون مین تاوان نہین یعنے اخذ اور عدم اخذ مین والودیعۃ ما تترک عند الامین اور ودیعت وہ چیز ہی جو امین کے پاس چھوڑ دی جاوے یعنی فقط حفاظت کے واسطے رکھی جاوے تو اس قید سے عاریت نکل گئی ودیعت کی تعریف سے اسواسطے کہ عاریت مین حفاظت اور انتفاع دونون ہین کذا فی البرجندی وہی اخص من الامانۃ کما حققہ المصنف وغیرہ اور ودیعت خاص تر ہی امانت سے چنانچہ مصنف وغیرہ نے اسکی تحقیق بیان کی ہی جس وجہ عموم امانت اور خصوص ودیعت کی یہ ہی کہ امانت اسکا نام ہی جو غیر مضمون ہو یعنی اسکا تاوان لازم نہو تو یہ شامل ہی ان سب صورتون کو جنمین تاوان نہین ہی چنانچہ عاریت اور اجارہ کی چیز اور وہ غلام یا لونڈی جو خدمت کے واسطے موصی لہ کے پاس ہو وغیر ذالک اور ودیعت وہ ہی جو ایجاب و قبول سے حفاظت کے واسطے رکھی جاوے تو دونون مین تغایر ہوا عموم امانت اور خصوص ودیعت کا عموم اور خصوص کی وجہ یہی ہی کہ ودیعت وہ شے ہی جو امانت ہو اسکے مالک کی استحفاظ سے غیر کے پاس قصداً اور امانت کا ہے بلا قصد بھی ہوتی ہی اور ودیعت عقد سے ہوتی ہی اور امانت عام ہی تو امانت منفرد ہی اس صورت مین کہ ہوا نے کپڑا اڑا کر ایک آدمی کی گود مین ڈال دیا اور حکم ودیعت کا یہ ہی کہ اعادہ الی الوفاق سے ضمان لازم نہین ہوتا برخلاف امانت کے کذا فی الطحطاوی وذکرنہا الایجاب صریحاً کا ودعتک او کنایۃ کقولہ لرجل اعطنی الف درہم او اعطنی ہذا

الثوب مثلاً فقال اعطنیک کان ودیعۃ بحر لان بالاعطاء یحتمل الہبۃ لکن الودیعۃ ادنی وہو متیقن فصار کنایۃ اور ودیعت کا رکن ایجاب ہی خواہ صریحاً ایجاب ہو چنانچہ یون کہنا کہ مین نے
تیرے پاس ودیعت رکھی خواہ کنایۃً ایجاب ہو چنانچہ ایک شخص کا دوسرے سے یون کہنا کہ مجکو ہزار درم دیدے یا یہ کپڑا اور اسنے اسکے سامنے کہا کہ مین نے تجکو دیا تو یہ ودیعت
ہی کذا فی البحر اسواسطے کہ دینا ہبہ اور ودیعت دونون کا احتمال رکھتا ہی لیکن ودیعت کمتر چیز ہی اور وہ یقینی ہی تو یہ کنایہ ٹھہرا ایجاب ودیعت کا ھ کنایہ سے یہان یہ مراد نہین کہ لازم سے
انتقال ہو ملزوم کی طرف بلکہ یہان کنایہ سے یہ مراد ہی کہ جو ایک شی اور غیر شی دونون کا احتمال رکھے چنانچہ کنایہ طلاق کذا فی الطحطاوی او فعلاً کما لو وضع ثوبہ بین یدی رجل ولم
ذہن کا جانا ۱۲
یقل شیئا فہو ایداع یا ایجاب قولی نہین بلکہ فعلی ہو چنانچہ ایک شخص نے اپنا کپڑا ایک مرد کے آگے رکھدیا اور کچھ نہ بولا تو یہ فعل ودیعت کا سپرد کرنا ہی ھ خلاصہ مین ہی کہ اپنی کتاب
ایک قوم کے آگے رکھدی پھر وہ لوگ اسکو چھوڑکر چلے گئے تو سب پر تاوان آویگا درصورت تلف ہوجانے کے اور ایک ایک آدمی اٹھا تو پچھلے شخص پر تاوان پڑیگا کیونکہ وہ حفاظت
کے واسطے متعین ہو گیا تو ضمان کے واسطے بھی مخصوص ہو گیا انتہی تو یہ ایجاب اور قبول دونون فعلی ٹھہرے والقبول من المودع صریحا کقبلت اور رکن ودیعت
قبول کرنا ہی مودع کیجانب سے خواہ قبول صریح ہو چنانچہ یون کہنا کہ مین نے ودیعت کو قبول کیا او دلالۃ کما لو سکت عند وضعہ فانہ قبول دلالۃ کوضع ثیابہ فی حمام
بمرای من الثیابی وکقولہ لرب الخان این اربطہا فقال ہناک ایداع خانیہ یا قبول باعتبار دلالت حال کے چنانچہ اگر چپ رہا اسکے رکھنے کے وقت تو یہ قبول کرنا
ودیعت کا دلالت حال کی راہ سے ہوا چنانچہ اپنے کپڑے رکھنا حمام مین کپڑون کے نگہبان کے سامنے اور جیسے مسافر کا کہنا مسافرخانے کے مالک اور مہتمم سے کہ کہان
اپنا گھوڑا یا اونٹ باندھون سو اسنے کہا وہان تو یہ ایداع ہی کذا فی الخانیہ ھ اس صورت مین ایجاب اور قبول دونون دلالت ہین وہذا فی حق وجوب الحفظ واما فی حق الامانۃ
فیتم بالایجاب وحدہ حتی لو قال للغاصب اودعتک المغصوب بری عن الضمان وان لم تقبل اختیار اور یہ یعنے ایجاب اور قبول کا رکن ہونا وجوب حفاظت کے حق مین ہی
اور امانت کے حق مین تو فقط ایجاب پر تمامی ہوجاتی ہی تو اگر غاصب سے مغصوب منہ نے کہا کہ مین نے مال مغصوب کو تیرے پاس ودیعت رکھا تو غاصب تاوان سے
بری ہو گیا اگرچہ غاصب اسکو قبول نہ کرے کذا فی الاختیار ھ حق امانت سے مراد یہ ہی کہ تاوان نہ آدے اور عدم قبول غاصب سکوت اور رد دونون کو شامل ہی کذا فی الطحطاوی ۱۲
وشرطہا کون المال قابلا لاثبات الید علیہ فلو اودع الآبق والطیر فی الہواء لم یضمن اور ودیعت کی شرط ہی ہونا مال کا دست قدرت کے لائق تو اگر
غلام گریختہ کو یا پرندے کو ہوا مین ودیعت رکھا تو تاوان لازم نہوگا یعنے اسواسطے کہ یہ ایداع صحیح نہین اور اسیطرح حکم ہی ساقط فی البحر کا وکون المودع مکلفا
شرطا لوجوب الحفظ علیہ فلو اودع صبیا فاستہلکہا لم یضمن ولو عبدا محجورا ضمن بعد عتقہ اور مودع کا مکلف یعنے بالغ ہونا یہ شرط ہی اسپر نگہبانی واجب
ہونے کی تو اگر ودیعت رکھی صغیر کے پاس سو اسنے وہ چیز تلف کر ڈالی تو اسپر تاوان نہین اور اگر غلام محجور التصرف کے پاس ودیعت رکھی تو اسپر تاوان آویگا
منع ۱۲
اسکے آزاد ہونے کے بعد یعنی بشرط اسکے بالغ ہونے کے وہی امانۃ نذا حکمہا مع وجوب الحفظ والاداء عند الطلب واستحباب قبولہا اور ودیعت امانت ہو یہ حکم ہی
ودیعت کا ساتھ واجب ہونے نگہبانی کے اور واجب ہونے ادا سے ودیعت کے مالک کے مانگنے کے وقت اور ساتھ مستحب ہونے قبول ودیعت کے
ھ ادا سے ودیعت عند الطلب واجب ہی لیکن اگر تلوار ودیعت ہو اور مالک مانگے کسی انسان کے ناحق مارنے کو تو اسوقت نہ دینا لازم ہی چنانچہ در المنتقی مین ہی فلا
تضمن بالہلاک الا اذا کانت الودیعۃ باجر اشباہ معزیا للزیلعی جب ودیعت امانت ٹھہری تو اسکے تلف ہوجانے سے تاوان نہین مگر جبکہ ودیعت اجرت
سے ہو چنانچہ اشباہ مین ہو زیلعی سے منقول ھ زیلعی نے ضمان اجیر مین وجہ اسکی یون بیان کی ہی کہ اجیر پر حفظ ودیعت کا بالقصد بمقابلہ عوض کے واجب ہی کذا فی
الطحطاوی مطلقا سواء امکن التحرز عنہ ام لا ہلک معہا شیء اولا لحدیث الدارقطنی لیس علی المستودع غیر المغل ضمان ہلاک ودیعت سے مطلقاً ضمان نہین
خواہ ہلاکی سے بچاؤ ممکن ہو یا نہ ہو کوئی چیز ودیعت کے ساتھ تلف ہو یا نہو بدلیل حدیث دارقطنی کہ ودیعت قبول کرنے والے غیر خائن پر
تاوان نہین واشتراط الضمان علی الامین کالحمامی والخانی باطل بہ یفتی خلاصہ وصدر الشریعۃ اور تاوان کا شرط کر لینا امانت دار پر چنانچہ
حمامی اور مسافرخانے والے پر باطل ہی اسیکا فتوی ہی کذا فی الخلاصۃ وصدر الشریعۃ وللمودع حفظہا بنفسہ وعیالہ کما لہ اور ودیعت قبول کرنے والے کو

۱۵ یعنے وجوب حفظ اور وجوب ادا طلب کے وقت اور مستحب ہونا قبول کا ... سکو بھی اسکے احکام میں ۱۲

اور یہ مین اُسکو جانتا تھا اور وہ تلف ہوگئی تو وارث کی تصدیق ہوگی یعنی مورث پر تاوان نہ آویگا ہذا وما لو کانت عندہ سواء الا فی مسئلۃ وہی ان وارث اذا دل السارق علی الودیعۃ لایضمن والمودع اذا دل ضمن خلاصہ یعنی ودیعت کا وارث کے پاس ہونا اور مورث کے پاس ہونا دونون برابر ہین عدم ضمان مین در صورت عدم تعدی مگر ایک مسئلے مین برابر نہین وہ مسئلہ یہ ہی کہ وارث جب سارق کو ودیعت بتادے تو اُسپر تاوان نہین اور وہ ودیعت کا قبول کرنے والا جب سارق کو بتادیگا تو تاوان دیگا کذا فی الخلاصۃ الا اذا منعہ عن الاخذ حال الاخذ مگر جبکہ مستودع سارق کو روک دے ودیعت کے لینے سے لینے کے وقت یعنی اول اُسنے ودیعت سارق کو بتادی پھر سارق جب لینے آیا تو اُسنے لینے سے روکا سو سارق زبردستی سے لیگیا تو اُسپر ضمان نہین کذا فی الطحطاوی عن الخلاصۃ کما فی سائر الامانات فانہا تنقلب مضمونۃ بالموت عن تجہیل کشریک ومفاوض چنانچہ ودیعت کے سوا اور باقی امانات منقلب بضمان ہوجاتی ہین یعنی اُنکا تاوان لازم ہوجاتا ہی امین کی موت بلابیان سے شریک اور مفاوض کی موت کے مانند ہم عطف مفاوض کا شریک پر خاص کا عطف ہی عام پر الا فی عشر علی ما فی الاشباہ مگر دس مسئلون مین موت بلابیان سے تاوان نہین کذا فی الاشباہ منہا ناظر اودع غلات الوقف ثم مات مجہلا فلا ضمن منجملہ مسائل عشرہ ایک یہ ہی کہ ناظر نے غلات یعنی حاصلات وقف کو ودیعت رکھا کسی شخص کے پاس پھر بلابیان ودیعت مرگیا تو اُسپر تاوان نہین قید بالغلۃ لان الناظر لو مات مجہلا لمال البدل ضمنہ

اشباہ ای ثمن الارض المستبدلۃ قلت فلتعین الوقف بالاولے کالدراہم الموقوفۃ علی القول بجوازہ قالہ المصنف واقرہ ابنہ فی الزواہر وقید موتہ بغتۃ بالفجاۃ فلو بمرض ونحوہ ضمن لتمکنہ من بیانہ فکان مانعا لہا ظلما فیضمن درر ما بحثہ فی انفع الوسائل فتنبہ مصنف رح نے حاصلات وقف کی قید لگائی اسواسطے کہ اگر ناظر مرجاسے بلابیان بدل وقف کے تو اُسپر اُسکا تاوان آویگا کذا فی الاشباہ مال بدل یعنے وقف کی بدلی ہوئی زمین کا ثمن مین کہتا ہون تو عین وقف کی تجہیل سے بطریق اولے اُسپر تاوان ہوگا چنانچہ دراہم وقفی کی تجہیل جواز وقف دراہم کے قول پر ایسا ہی کہا ہی مصنف رح نے اپنی شرح مین اور ثابت رکھا ہی اُسکو مصنف رح کے بیٹے شیخ صالح نے زواہر حاشیہ اشباہ مین اور صاحب زواہر نے موت ناظر مین ناگہانی موت کی قید لگائی بحث کی راہ سے نہ روایت کے بموجب تو اگر ناظر کی موت مرض وغیرہ سے ہو تو تجہیل سے تاوان اُسپر آویگا بسبب قادر ہونے ناظر کے بیان ودیعت پر تو ناظر ناحق مانع ودیعت کا ٹھہرا تو تاوان دے اور صاحب زواہر نے اُسکو رد کیا ہی جسکی انفع الوسائل مین طرسوسی نے بحث کی ہی تو خبردار رہیو ہم مصنف رح کا کلام عام ہی غلات مسجد اور غلات مستحقین وقف مین اور علامہ بیری نے کہا غلات مسجد کی تجہیل مین تاوان نہین اور غلات مستحقین کی تجہیل مین تاوان ہی اور طرسوسی نے غلات مستحقین مین من حیث البحث یہ تفصیل کی ہی کہ اگر مستحقین نے ناظر سے مال مانگا ہو اور اُسنے تاخیر کی ہو اور بلابیان مرگیا ہو تو اُسپر تاوان ہی اور نہین تو یون کہنا لائق ہی کہ اگر ناظر محمود بین الناس اور دیانت دار ہو تو تاوان نہین شیخ صالح نے کہا کہ جب بلابیان مرگیا تو ظالم تقصیر وار ٹھہرا خواہ مستحق نے طلب کیا ہو یا نکیا ہو تو اُسپر تاوان ہی اور اگر وہ محمود ہوتا تو قبل موت اپنی گلو خلاصی کرتا تو بہتر وہی قول ہی جسپر مشائخ اعلام ہین کذا فی الطحطاوی مختصرا ومنہا قاض مات مجہلا لاموال الیتامی ای لما دفعہ

الاشباہ عندہ من ادرعہا ولا یدہ منہ لانہ لو وضعہا فی بیتہ ومات مجہلا ضمن لانہ مودع بخلاف ما لو اودع غیرہ لان للقاضی ولایۃ ایداع مال الیتیم علی المعتمد کما فی تنویر البصائر فلیحفظ اور ازانجملہ یہ مسئلہ ہی کہ قاضی بلابیان اموال یتامی مرگیا اشباہ مین اسقدر زیادہ ہی کہ قاضی اُسکے بلابیان مرگیا کہ یتیم کا مال کسکے پاس اُسنے ودیعت رکھا اور یہ قید ضروری ہی اسواسطے کہ اگر قاضی مال یتامی کا اپنے گھر رکھے اور بلابیان مرجاسے تو اُسپر تاوان ہوگا اسواسطے کہ وہ مودع ہی بخلاف اس صورت کے کہ اُسنے غیر شخص کے پاس ودیعت سپرد کی ہو اسواسطے کہ قاضی کو ایداع مال یتیم کی ولایت ہی بر قول معتمد کذا فی التنویر البصائر تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ومنہا سلطان اودع بعض الغنیمۃ عند غاز ثم مات مجہلا اور ازانجملہ یہ مسئلہ ہی کہ سلطان نے غنیمت کا بعض مال غازی کے پاس ودیعت رکھا پھر بلابیان مرگیا تو سلطان پر ضمان نہین ہم اور ازانجملہ وصی ہی جبکہ بلابیان مرجاسے اور ازانجملہ باپ ہی جبکہ بلابیان مال صغیر مرجاسے اور ازانجملہ وارث ہی جبکہ بلابیان مرجاسے کہ اُسنے مورث کے پاس کیا ودیعت رکھا تھا اور ازانجملہ اُس شخص کی موت بلابیان ہی جسکے گھر مین آندھی سے اُڑ کر کوئی چیز گر پڑی ہو اور ازانجملہ موت غلام ہی بلابیان یعنی اُسکے مولے نے اُسکے گھر مین کوئی چیز دیدون اُسکے امر کے رکھی اور ازانجملہ موت صغیر ہی بلابیان ودیعت غیر کے سوا انکے تاوان نہین

امین ہر کذا فی الطحطاوی من الاشباہ ولیس منہا مسئلۃ احد المتفاوضین وعلی المعتمد لما نقلہ المصنف ہنا وفی الشرکۃ عن وقف الخانیۃ ان الصواب انہ یضمن نصیب شریکہ
ہونہ مجملا وخلافہ غلط قلت واقرہ محشوہا فبقی المستثنے سبعۃ فلیحفظ اور منجملہ مسائل مذکورہ کے نہین ہی مسئلہ احد المتفاوضین کا بر قول معتمد اسواسطے کہ
مصنف رم نے اپنی شرح مین یہان یعنے کتاب الودیعۃ مین اور کتاب الشرکۃ مین خانیہ کی کتاب الوقف سے نقل کیا ہی کہ حق یہ ہی کہ شریک مفاوض تاوان دیگا
اپنے شریک کے حصہ کا اپنی موت بلا بیان سے اور اسکا مخالف قول غلط ہی مین کہتا ہون اور اشباہ کے محشیون نے اس تصویب کو ثابت رکھا ہی تو مستثنے نو مسئلے
باقی رہگئے تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ہم یعنی صاحب اشباہ نے دس مسئلے مستثنے کیے تھے ضمین امین کی موت بلا بیان سے تاوان نہین آتا اور منجملہ مسائل عشرہ
شریک مفاوض بھی تھا پھر جب شریک پر ضمان حق ٹھہرا تو فقط نو مسئلے مستثنے باقی رہ گئے وزاد الشرنبلالی فی شرحہ للوہبانیۃ علی العشرۃ تسعۃ الجد ووصیہ و
وصی القاضی وستۃ من المحجورین لان الحجر یشتمل سبعۃ فانہ لصغر ورق وجنون وغفلۃ ودین وسفہ وعتہ اور شرنبلالی نے اپنی شرح وہبانیہ مین مسائل عشرہ پر
نو مسئلے اور زیادہ کیے ہین یعنی دادا اور اسکا وصی اور قاضی کا وصی اور چھ شخص محجورین سے اسواسطے کہ حجر یعنے منع تصرف سات شخصون کو شامل ہی کیونکہ حجر بسبب
طفلی اور رقیت اور جنون اور غفلت اور دین اور سفاہت اور نقصان عقل سے ہوتا ہی ہم چونکہ صغیر اشباہ مین مذکور ہی تو محجورین سے چھ شخص باقی رہگئے والمعتوہ
کالصبی وان بلغ ثم مات لا یضمن الا ان یشہدوا انہا کانت فی یدہ بعد بلوغہ لزوال المانع وہو الصبا اور معتوہ یعنی ناقص العقل صغیر کے مانند ہی اور اگر صغیر بالغ ہو
پھر بلا بیان مرجاسے تو اسپر ضمان نہین مگر جبکہ گواہ یہ گواہی دین کہ ودیعت اسکے ہاتھ مین تھی بعد اسکے بالغ ہوجانے کے بسبب دور ہوجانے مانع ضمان کے
یعنی طفلی نہ ہی بعد بلوغ کے جو مانع تھی ضمان کی فان کان الصبی والمعتوہ ماذونا لہما ثم ماتا قبل البلوغ والافاقۃ ضمنا کذا فی شرح جامع الوجیز سو اگر صغیر اور معتوہ
ماذون ہون یعنی ماذون فی التجارۃ ہون کذا فی خزانۃ الاکمل یا ماذون ہون قبول ودیعت مین کما فی الوجیز پھر دونون مرجائین قبل بلوغ اور ہوشیاری کے
تو انپر تاوان آویگا کذا فی شرح الجامع الوجیز ہم جامع سے جامع کبیر مراد ہی اور وجیز نام ہی اسکی شرح کا کذا فی الطحطاوی قال فبلغ تسعۃ عشر ونظم عاطفا علی بیتی
الوہبانیۃ بیتین شرنبلالی نے کہا تو مستثنے مسئلے اٹھارہ کو پہونچ گئے اور شرنبلالی نے دو بیتین نظم کین وہبانیہ کی دو بیتون پر عطف کرکے وہی ہذہ الاشعار
وکل امین مات والعین یحصر ✦ وما وجد عینا فدینا تصیر ✦ سوی متولی الوقف ثم مفاوض ✦ ومودع مال الغنم ہو المؤمر ✦ اور وہ چارون بیتین یہ ہین کہ جو امین مرگیا اور عین کا
وہ حافظ اور جامع تھا اور جو امانت کہ اسکے پاس معین اور مشخص پائی گئی تو وہ امانت دین ہوجاتی ہی اسکے متروکے مین سوا متولی وقف کے پھر سوا شریک مفاوض کے
اور سوا مال غنیمت کے مودع کے اور مودع بالکسر سے مراد میر لشکر ہی ہم مذکور ہوچکا کہ شریک مفاوض کو ان مسائل مین شمار کرنا غلط ہی ✦ وصاحب
دار الفت الریح مثل ما ✦ لو القاہ ملاک بہا لیس یشعر ✦ کذا والد جد وقاضی وصیہم ✦ جمیعا ومحجور فوارث یسطر ✦ اور وہ صاحب خانہ جسکے گھر مین ہوا نے
کچھ ڈالدیا مانند اس صورت کے کہ مالکان مال نے اپنا مال گھر مین ڈالدیا اور صاحب خانہ اس سے خبر نہین اور اسیطرح والد اور دادا اور قاضی
اور ان سب تینون کے وصی اور شخص محجور التصرف پھر بعد اسکے وارث مرقوم ہی ہم محجور انواع سبعہ مذکورہ کو شامل ہی تو یہ سب اٹھارہ امین ہوے جنکی
موت بلا بیان سے تاوان نہین آتا وکذا لو خلطہا المودع بجنسہا او بغیرہ بمالہ او بمال آخر ابن کمال بغیر اذن المالک بحیث لا تتمیز الا بکلفۃ
کحنطۃ بشعیر ودراہم جیاد بزیوف مجتبے ضمنہا لاستہلاکہ بالخلط اور اسیطرح اگر مودع نے ودیعت کے ساتھ ہمجنس ودیعت یا غیر جنس کو ملایا خواہ
اپنے مال سے ملایا یا غیر شخص کے مال سے کذا ذکرہ ابن کمال بغیر اذن مالک کے ملایا اس طرح پر کہ ودیعت جدا نہین ہوسکتی مگر مشقت سے چنانچہ
گیہون کا ملانا جو کے ساتھ اور کھرے درمون کا ملانا کھوٹے درمون کے ساتھ کذا فی المجتبے تو مودع اس ودیعت کا تاوان دے بسبب تلف کر دینے
مودع کے ملادینے سے ہم امام رم کے نزدیک خلط استہلاک ہی لہذا اسپر ضمان لازم ہی خواہ خلط بطریق مجاورت کے ہو چنانچہ گیہون کا خلط گیہون
کے ساتھ خواہ خلط بطور ممازجت سے ہو چنانچہ خلط مائع کا مائع سے جیسے تیل کا تیل سے یا سرکہ کا سرکے سے لکن لا یباح تناولہا قبل اداء الضمان تبیین ودیعت

مخلوط کا تناول اور استعمال جائز نہین قبل ادا کرنے تاوان کے وصح الابراء وصحیح ہے معاف کر دینا یعنے اگر مالک مودع کو معاف کر دے تو صحیح ہے اور اسکا حق
یعنی اودین سے ساقط ہوگا ابراء سے کذا فی البحر ولو خلط بردی ضمن لانہ عیبہ ولعکسہ شریک لعدمہ مجتبیٰ اور اگر جید کے ساتھ ردی کو ملایا تو جید کا تاوان دے
اسواسطے کہ اسنے اسکو عیب دار کر دیا ولو انعکس بالعکس یعنی اگر مودع نے ردی ودیعت کے ساتھ جید کو ملایا تو مودع شریک ہے مالک کا بسبب نہونے عیب کے
کذا فی المجتبیٰ وان باذنہ اشترکا شرکۃ املاک کما لو اختلطت بغیر صنعہ کان انشق الکیس لعدم التعدی اور اگر ملاتا ودیعت کے ساتھ مالک کے اذن سے ہو
تو مالک اور مودع شریک ہونگے بشرکت املاک چنانچہ اگر ودیعت ملجاے بغیر صنعت مودع کے جیسے تھیلی درمون کی پھٹ گئی اور ودیعت کے درم مودع کے
درمون کے ساتھ مل گئے تو دونون شریک ٹھہرینگے اور مودع پر ضمان لازم نہوگا عدم تعدی کے سبب سے ولو خلطہا غیر المودع ضمن الخالط ولو صغیرا ولا یضمن
ابوہ خلاصہ اور اگر ودیعت کو سوا مودع کے کسی اور شخص نے ملا دیا تو ملانے والے پر تاوان آویگا اگرچہ وہ صغیر نابالغ ہو اور صغیر کے باپ پر تاوان نہ آویگا کذا فی
الخلاصہ ولو انفق بعضہا فرد مثلہ فخلطہ بالباقی خلطاً لا یتمیز معہ ضمن الکل لخلطہ مالہ بہا اور اگر مودع نے بعض ودیعت خرچ کر ڈالی سو برابر اسکے پھیر دے پھر
اسکو باقی ودیعت کے ساتھ اس طرح ملایا کہ باقی علیحدہ نہین ہو سکتی اس خلط کرنے کے ساتھ تو تمام ودیعت کا تاوان اسپر لازم ہوگا بسبب مخلوط کرنے اپنے
مال کے ودیعت کے ساتھ ضمان کل اسواسطے لازم ہوا کہ بعض کا تاوان آیا خرچ کرنے کے سبب سے اور بعض باقی کا خلط کرنے سے تو وہ متعدی ہوا بالاتفاق
سے اور جو اسنے پھیر دیا وہ اسکی ملک پر باقی ہے کذا فی البحر فلو تاتی التمییز او انفق ولم یرد او اودع ودیعتین فانفق احدٰہما ضمن ما انفق فقط مجتبیٰ اور اگر باقی ودیعت
کی تمیز اور جدائی حاصل ہو سکتی ہو یا اسنے بعض ودیعت خرچ کی اور پھر اسمین داخل نہین کی یا اسکے پاس دو ودیعتین رکھی ہین سو اسنے ایک ودیعت خرچ کر ڈالی تو فقط
اتنا تاوان دے جتنا اسنے خرچ کر ڈالا کذا فی المجتبیٰ وہذا اذا لم یضرہ التبعیض اور یہ یعنے ضمان بقدر اتفاق اسوقت ہے کہ جب کہ بعض کا خرچ کرنا ودیعت کو ضرر نہ کرتا ہو ھم
یہ مرتبط ہے اتفاق اور عدم رد سے بحر الرائق مین ہے رد مثل کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر رد نہ کریگا تو فقط اسیقدر کا ضامن ہوگا جتنا اسنے صرف کیا اسواسطے کہ
وہ باقی ودیعت کا حافظ ہے اور اسمین کچھ عیب نہین لگ گیا اسواسطے کہ وہ اس قسم سے ہے جسکو تبعیض مضر نہین اسواسطے کہ گفتگو اسمین ہے جبکہ ودیعت
دراہم یا دنانیر یا کیلی یا وزنی ہو انتہی اور مین نے یہ مصرح نہین دیکھا کہ جب اس ودیعت کو خرچ کرے جسکو تبعیض مضر ہے کہ اسمین تمام کا تاوان ہے یا بقدر اخذ اور
نقصان مابقی کا تو اسکی تحریر کرنا چاہیے کذا فی الطحطاوی واذا تعدی علیہا فلبس ثوبہا ورکب دابتہا او اخذ بعضہا ثم ردہ عینہ الی یدہ حتی زال التعدی زال
ما یودی الیہ الضمان اور جبکہ اسنے ودیعت پر تعدی کی اسطرح ودیعت کا کپڑا پہن لیا یا اسکے جانور پر سواری کی یا بعض ودیعت نکال لی پھر بعینہ وہ ودیعت پھیر دی
اپنے قبض اور حفظ کی طرف یہان تک کہ تعدی زائل ہو گئی تو وہ چیز دور ہو گئی جو تاوان کی طرف مودی ہے یعنی تعدی رد کرنے سے دور ہو گئی جو تاوان کی موجب تھی اذا لم
یکن من نیتہ العود الیہ اشباہ من شروط النیۃ رد ودیعت سے تاوان زائل ہوتا ہے جبکہ اسکی نیت مین اسکی طرف عود کرنے کا ارادہ نہو چنانچہ اشباہ مین ہے شروط
نیت کے بیان مین ہے تو اگر ودیعت کا کپڑا پہنا اور رات کو اتارا اور اسکا ارادہ یہ ہے کہ اسکو دن مین پھر پہنونگا پھر وہ رات مین چوری گیا تو وہ تاوان سے بری نہوگا کذا فی
الطحطاوی من جنایات البحر بخلاف المستعیر والمستاجر فلو ازالاہ لم یبرا لعملہما لانفسہما بخلاف مودع و وکیل بیع او حفظ او اجارۃ او استیجار و مضارب و مستبضع
وشریک عنان او مفاوضۃ ومستعیر رہن اشباہ بخلاف مستعیر اور مستاجر کے تو اگر وہ دونون تعدی زائل کر دین تو بھی تاوان سے بری الذمہ نہونگے اسواسطے کہ
مستعیر اور مستاجر کا عمل اپنی ذات کی منفعت کے واسطے ہے بخلاف مودع اور بیع یا حفظ یا اجارہ یا استیجار کے وکیل کے اور مضارب اور مستبضع اور شریک عنان یا شریک
مفاوض کے اور اس شخص کے جسنے کوئی چیز عاریت لی گرو رکھنے کے واسطے کذا فی الاشباہ ھم تعدی مستاجر کی یہ صورت ہے کہ جانور کرایہ لیا ایک مکان تک پھر وہان
سے آگے بڑھ گیا پھر اسی مکان مین پلٹ آیا تو اگر جانور تلف ہوگا تو اسپر تاوان لازم ہوگا اور اسی قول پر فتوی ہے وکیل بیع تعدی کی یہ صورت ہے کہ جس کپڑے
کی بیع کا وہ وکیل ہوا اسکو پہنا پھر ترک استعمال کیا پھر وہ ضائع ہو گیا تو اسپر تاوان نہین اور وکیل استیجار کی یہ صورت ہے کہ موکل نے وکیل کو دراہم دیے کہ

ایک گھر اسکو کرایہ لے دے سو وکیل نے دکان کے کرایہ مین دراہم دیئے پھر پھیر لیے اعینہا اسود تلف ہوگئے تو تاوان نہین اور مستعیر رہن کی یہ صورت ہی کہ غلام یا جانور کو
عاریت لیا تا اسکو گرو رکھوے پھر غلام سے خدمت لی یا جانور پر سواری کی گرو رکھنے سے پہلے پھر اسکو اتنے مال پر جو اسکی قیمت کے برابر گرو رکھا پھر اسنے مال ادا کیا اور
غلام یا جانور کو نہ چھوڑا یہان تک کہ غلام یا جانور تلف ہوگیا مرتہن کے پاس تو راہن پر ضمان نہین اور اس مسئلے مین یہ قید ضرور ہی کہ تعدی کے بعد رہن بھی رکھے
تو اگر تعدی کے بعد رہن نہ رکھیگا اور وہ ضائع ہوگا تو اسپر تاوان لازم ہوگا اور وہ داخل ہوگا اس مسئلے مین جو متن مین مذکور ہی اور یہ مسئلہ مستثنے ہی مسئلہ مستعیر سے
جو متن مین مذکور ہی چنانچہ مصنف رح نے اپنی شرح مین بیان کیا ہی کذا فی الطحطاوی مختصرا والحاصل ان الامین اذا تعدی ثم ازالہ لا یزول الضمان الا فی ہذہ العشرۃ
اور حاصل مقام یہ ہی کہ امانت دار جبکہ تعدی کرے پھر اسکو زائل کرے تو اسپر سے تاوان زائل نہین مگران دس مسائل مین تاوان زائل ہوجاتا ہی لان یدہ
کید المالک موذع پر بعد ازالہ تعدی تاوان اسواسطے نہین کہ موذع کا ہاتھ اور قبضہ مالک کے قبضہ کے مانند ہی تم طحطاوی نے کہا یہ علت ہی مسئلہ ودیعت کی جو متن مین
مذکور ہی انتہی اور ایک نسخے مین یون ہی (لان یدہم کید المالک) یعنی اسواسطے تاوان نہین کہ اشخاص عشرہ کا قبض بمنزلہ مالک کے قبض کے ہی اور یہی مصلحت مناسب
مقام ہی واللہ اعلم ولو کذبہ فی عودہ للوفاق فالقول لہ وقیل للمودع عمادیہ اور اگر مالک موذع کی تکذیب کرے ازالہ تعدی مین تو اسی کا قول یعنے مالک ہی کا
مقبول ہی اور بعضون نے کہا موذع بالفتح کا قول مقبول ہی کذا فی العمادیۃ وبخلاف اقرارہ بعد جحودہ ای جحود الایداع اور بخلاف اقرار کرنے موذع کے انکار ایداع
کے بعد یعنے موذع نے اول انکار کیا ایداع کا اس طرح کہ مالک سے کہا کہ تو نے میرے پاس ودیعت نہین رکھی پھر ودیعت کا اقرار کیا کہ اسپر تاوان
لازم ہوگا لیکن چند شروط کے بعد جنکو مصنف رح آگے بیان کریگا حتی لو ادعی ہبۃ او بیعا لم یضمن خلاصۃ تو اگر موذع ہبہ یا بیع کا دعوے کریگا تو تاوان
نہ دیگا کذا فی الخلاصہ یعنے درصورت تلف ودیعت اسپر تاوان نہ آویگا ہبہ یا بیع کے دعوے سے وقید بقولہ بعد طلب ربہا ردہا فلو سالہ عن
جبکہ مدعا علیہ حق کا اقرار کرے تمسک دیکھ کر والا مجرد بثبت حق نہیں انتہی وفی الاشباہ لا یبرأ مدیون المیت بدفع الدین الی الوارث وعلی المیت دین اور اشباہ میں ہے کہ
میت کا مدیون بری الذمہ نہوگا وارث کو دین دیکر اور حالانکہ میت پر دین ہے اور لوگون کا ظاہر عدم برات اس صورت میں ہے جبکہ دین مستغرق ہو اور وارث موتمن نہو چنانچہ
ودیعت میں یہی شرط ہے جبکہ مودع وارث کو ودیعت دے وکذا فی الطحطاوی عن الحموی لیس للامیر اخذ ودیعۃ العبید میان کو جائز نہیں غلام کی ودیعت لینا یعنی اسواسطے کہ شاید وہ
غیر کا مال ہو جبکہ مولے گواہ لاوے کہ یہ میرا مال ہے العامل لغیرہ امانۃ لا اجر لہ الا الوصی والناظر اذا عملا جو شخص کہ غیر کے واسطے عمل کرتا ہے بطور امانت کے اسکے واسطے اجرت نہیں مگر

وصی اور ناظر وقف کیواسطے اجرت مثل ہے جبکہ دونون عمل کرین ھ وصی سے وہ وصی مراد ہے جسکو قاضی نے مقرر کیا اجرت معین کرکے اور میت کا وصی تو اجرت کا مستحق نہین کذا
فی الاشباہ قلت تعلم منہ ان لا اجر للناظر فی المستقف اذا احیل علیہ المستحقون فلیحفظ مین کہتا ہون تو اس سے معلوم ہوا یعنی وصی اور ناظر کے اشتراط عمل سے معلوم ہوا کہ ناظر
وقف کے واسطے اجرت نہین بیٹھے ہوے مکان مین جبکہ مستحقین وقف کو اُسکے بانٹنے کا حوالہ کردیا گیا ہو تو اسکو یاد رکھنا چاہیے ھ طحطاوی نے کہا کہ اگر وقف کرنیوالے
کی طرف سے اجرت مشروط ہوگی تو ناظر کو ملے گی وفی الوہبانیہ شعر ودافع الف مقرضا ومقارضا ۞ وربح القراض الشرط جاز ویحذر ۞ اور وہبانیہ مین ہے اور ہزار درم
قرض اور مضاربت مین دیکر نفع مضاربت کا فقط مالک کے واسطے شرط کرنا جائز ہے اور ممنوع ہے ھ یعنی ایک شخص نے دوسرے کو ہزار درم دیے اور کہا کہ نصف قرض مین
اور نصف بطور مضاربت اور مضاربت کا نفع مخصوص میرے واسطے ہے تو یہ شرط جائز ہے تو نصف بضاعت ٹھہریگا اور نصف قرض کا نفع مستقرض کا ہوگا اسواسطے کہ جب مضاربت
فاسد ہوگئی تو تمام نفع کی شرط کرنے سے صاحب مال کے واسطے تو مضاربت منقلب به بضاعت ہوگئی وجہ ممنوع ہونے کی یہ ہے کہ حدیث مین قرض سے جر منفعت کرنا منع ہے پھر جب
شرط صحیح ہوئی تو ہزار کا نفع دونون کے واسطے ہے اور ٹوٹا بھی دونون پر ہے اسواسطے کہ دونون ہزار مین شریک ہین کذا فی الطحطاوی شعر وان یدعی ذو المال قرضا وخصمه ۞ قراضا فرب المال
قد قیل احدر ۞ اور اگر صاحب مال قرض کا دعوی کرے اور اُسکا مخاصم مضاربت کا دعوی کرے تو بعضون نے کہا کہ صاحب مال کا قول لائق تر بقبول ہے ھ اور دوسرا قول یہ ہے کہ مضارب
کا قول مقبول ہے اور مصنف نے قول ثانی کو اختیار کیا ہے کتاب الایداع سے پہلے شعر وفی العکس بعد الربح فالقول قوله ۞ کذلک فی الابضاع مایتغیر ۞ اور اُسکے بالعکس دعوی
کرا بعد نفع کے تو صاحب مال ہی کا قول مقبول ہے اسیطرح بضاعت دینے کے اختلاف مین حکم معتبر نہین ہے ھ بالعکس کی صورت یہ ہے کہ مضارب نے نفع حاصل کرنے کے بعد دعوی
کیا کہ میرے پاس مال قرض تھا اور صاحب مال نے کہا مضاربت کے طور پر تھا تو صاحب مال ہی کا قول مقبول ہے اور مضارب پر گواہ لانا لازم ہے اور ابضاع کی یہ صورت ہے کہ صاحب مال
کہتا ہے کہ مین نے اسکو مال بطور بضاعت کے دیا اور مضارب قرض کا دعوی کرتا ہے تو صاحب مال کا قول مقبول ہے کذا فی الطحطاوی شعر وان قال قد ضاعت من البیت وحدها ۞ یصح ویستحلف بفقد
متصور ۞ اور اگر مودع نے کہا کہ فقط ودیعت کوٹھری سے ضائع ہوگئی تو یہ قول صحیح ہے یعنی صادق ہے اور اُس سے قسم لیجاے اسواسطے کہ یہ صورت ہوسکتی ہے ھ یعنی سواے ودیعت کے
مکان سے اور کسی چیز کا ضائع نہونا متصور ہے اسطرح کہ سارق جلدی کے سبب ودیعت کے سوا اور کسی چیز کو چرا نسکا یا کہ وہی چیز اُسکو مقصود تھی کذا فی الطحطاوی شعر وتارک قوم
الامر صحیفہ ۞ فراحوا وراحت یضمن المتاخر ۞ اور ایک قوم مین ودیعت کا چھوڑنے والا بواسطہ امر مکتوب کے پھر قوم کے لوگ وہان سے چلے گئے اور ودیعت تلف ہوگئی
تو پچھلا شخص جانے والا تاوان دے ھ شخص متاخر اسواسطے ضامن آیا کہ اُسپر حفاظت ودیعت کی متعین ہوگئی تو تاوان بھی اُسی پر مخصوص ہوگیا تو اگر سب لوگ ساتھی اُٹھ گئے
تو سب پر تاوان آویگا کذا فی الطحطاوی شعر وتارک نشر الصوف صیفا فعث لم ۞ یضمن وقرض الفار بالعکس یوثر ۞ اذا لم یسد ثقب من بعد علمه ۞ ولم یعلم الملاک ایہ
تقرر ۞ اور گرمی کے موسم مین صوف پھیلانے کا ترک کرنے والا مودع یعنی مالک کے امر سے پھر صوف کو صوف کا کیڑا چاٹ گیا تو مودع تارک سے تاوان نہ لیا جائیگا اسواسطے کہ
اُسنے ودیعت کی حفاظت کی جسطرح کہ اُسکو امر ہوا کذا فی الطحطاوی عن المحیط اور چوہے کا کاٹنا ودیعت کو برخلاف اس مسئلہ کے مروی ہے جبکہ مودع ودیعت کے مکان کا سوراخ نہ بند
کرے بعد اسکے دریافت ہونیکے یا کہ مالک ودیعت کو خبر نکردے کہ مکان ودیعت کا سوراخ دار ہے ھ یعنی جبکہ مالک نے ودیعت مودع کو سپرد کی اور مودع نے اُس مکان مین رکھی جسمین سوراخ نہین
پھر اُسکو چوہے نے کاٹ ڈالا یا آگ سے وہ جل گئی تو اُسپر تاوان نہین اور اگر اُس مکان مین سوراخ ہے اور مودع اُسکو جانتا ہے تو اگر مالک نے مودع کو خبر کردی ہے سوراخ کی تو اُسپر تاوان
نہین اور اگر مالک نے خبر نکی اور مودع نے باوجود دانست سوراخ بند نکیا تو اُسپر تاوان ہے خلاصہ یہ ہے کہ تاوان دفع ہوتا ہے سوراخ کے بند کرنے سے یا مالک کے سوراخ بتانے سے اگرچہ
درصورت اعلام مالک مودع سوراخ کو نہ بند کرے اسواسطے کہ مالک راضی ہوگیا اُس مکان مین رکھنے سے باوجود سوراخ دار ہونیکے تو معلوم ہوا کہ واو قوله لم یعلم کا بمعنی او ہے کذا فی الطحطاوی
قلت بقی لو سدها مرة ففتحها الفار وافسده لم یذکر ومقتضی تفصیله کما مر فتدبر مین کہتا ہون باقی رہا یہ احتمال کہ اگر مودع نے ایکبار سوراخ بند کردیا سو چوہے نے اُسکو کھول دیا اور ودیعت
کو خراب کر ڈالا اسکا حکم مذکور نہین اور اسکی بھی تفصیل کرنا بطور گذشتہ لائق ہے سو اسکو غور کر ھ تفصیل مذکور یہ ہے بقول طرطوسی کہ یا مالک سوراخ کو بتادے یا مودع درصورت عدم اعلام
سوراخ کو بند کردے تو تاوان اُسی سے دفع ہوا اور اس قول کو وہبانیہ کے شارحین یعنی علامہ عبد البر اور شرنبلالی نے پسند کیا ہے تتمہ مترجم یہ ہے کہ ودیعت پھیرنے کی مؤنت

مالک پر ہی نہ مودع پر انتہی کذا فی الطحطاوی واللہ اعلم واستغفر اللہ الحلیم

کتاب العاریۃ

یہ کتاب ہی عاریت کے احکام مین ھم عاریت کی خوبی قرآن اور حدیث اور اجماع سے ثابت ہی حق تعالیٰ نے فرمایا (ویمنعون الماعون) یعنی کفار ماعون کو روکتے ہین ماعون اُس چیز کو عبارت ہی جسکی عاریت دینے کی لوگون مین عادت ہو پھر جب عاریت نہ دینا مذموم ٹھہرا تو عاریت دینا محمود ہوا اور بخاری مین ثابت ہی کہ آن حضرت صلعم نے ابو طلحہ کا گھوڑا جسکا مندوب نام تھا بطور عاریت کے لیا تھا تو اُسمین اختلاف ہی کہ عاریت دینا مستحب ہی یا واجب اکثر علما اسپر ہین کہ مستحب ہی کذا ذکرہ ابو السعود آخرا عن الودیعۃ لان فیہما تملیکا وان اشترکا فی الامانۃ مصنف نے پیچھے لایا عاریت کو ودیعت سے اسواسطے کہ عاریت مین منافع کی تملیک ہی اگرچہ دونون امانت ہونے مین مشترک ہین ھم یعنی عاریت مین تملیک ہی اور ایداع بھی ہی تو عاریت ودیعت سے بمنزلہ مفرد کے ہی مرکب ہی ورمرکب موخر ہی مفرد سے ومحاسنہا النیابۃ عن اللہ تعالیٰ فی اجابۃ المضطر لانہا لاتکون الا لمحتاج کالقرض اور عاریت دینے کی عمدہ خوبیون سے حق تعالیٰ کی نیابت ہی عاجز مضطر کی اجابت اور حاجت روائی مین اسواسطے کہ عاریت دینا نہین ہوتا مگر حاجتمند کے واسطے قرض کے مانند ھم یعنے مستعیر مضطر ہوتا ہی بسبب اپنی حاجت کے وقال تعالیٰ (امن یجیب المضطر اذا دعاہ) اور معیر نے مستعیر کی فریادرسی کی تو گویا حق تعالیٰ کا وہ نائب ہوا فریادرسی مین تو رعایت دینے والا متخلق ہوا بخلق فریادرسی بحکم تخلقوا باخلاق اللہ یعنی ای مومنین متخلق ہو باخلاق ربانی فلذا کانت الصدقۃ بعشرۃ والقرض بثمانیۃ عشر سواسی واسطے یعنے بعلت محتاجی خیرات کا ایکدرم دس درم کے برابر ہی ثواب مین اور قرض کا ایک درم اٹھارہ درم کے برابر ہی ھم یعنی قرض نہین لیتا غالباً مگر حاجتمند اور خیرات محتاج اور غیر محتاج دونون کو پہونچتی ہی اگرچہ صدقہ دینے والا اسکو محتاج جانکر دیتا ہی صدقے کا ثواب دہ چند ہوا سواسطے ہوا کہ الحسنۃ بعشرۃ امثالہا اور قرض کا ثواب اٹھارہ گنا اسواسطے ہوا کہ قرض کا ایکدرم بعلت احتیاج صدقہ کے دو درم کے برابر ہی تو جب صدقہ کا ایک درم دس درم کے برابر ہوا تو قرض کا ایکدرم بیس درم کے برابر ٹھہرا لیکن صدقہ مین صدقہ کرنے والے کی طرف کچھ عود نہین کرتا اور قرض کا درم مقرض کی طرف عود کرتا ہی تو مقابل اُسکے دو درم ساقط ہو گئے تو اٹھارہ باقی رہگئے واذا اگر مقرض مستقرض کو معاف کردے تو بیس درم کا ثواب ہوگا ہی لغۃ مشددۃ وتخفف اعارۃ الشئی قاموس عاریت اخت عربیہ مین عبارت ہی چیز کے عاریت دینے سے عاریت کی یائے تحتانیہ مشددہ ہی اور اُسکی تخفیف بھی جائز ہی کذا فی القاموس ھم اعارہ عاریت دینا استعارہ عاریت مانگنا معیر عاریت دینے والا مستعیر عاریت لینے والا وشرعا تملیک المنافع مجانا اور شرع مین عاریت عبارت ہی منافع کے مالک کر دینے سے مفت بلا عوض ھم یعنی معیر مستعیر کو اپنی چیز کی منفعت کا مالک کردے مثلاً گھوڑے کا سوار ہونا اور کتاب سے پڑھنا اور گھر کا رہنا منفعت کی قید اسواسطے لگائی تا عاریت سے اجارہ نکل جائے اسواسطے کہ اجارہ مین بھی تملیک ہی منافع کی مگر مفت تملیک نہین بلکہ بعوض ہی افاد بالتملیک لزوم الایجاب والقبول ولو فعلا مصنف نے تملیک کی لفظ سے ایجاب اور قبول کے لازم ہونے کا فائدہ عاریت مین ظاہر کر دیا اگرچہ قول فعلی ہو نہ قولی ھم چنانچہ سابق مذکور ہو چکا کہ عقد تبرع فقط ایجاب پر موقوف ہوتا ہی ولہذا فتاوی عالمگیری مین کہا ہی کہ عاریت کا رکن فقط ایجاب ہی معیر کیجانب سے اور مستعیر کیطرف سے قبول کرنا ہمارے اصحاب ثلثہ کے نزدیک ازروے استحسان شرط نہین بحرالرائق مین ہی کہ اگر معیر نے بلا استعارہ مستعیر سے کہا کہ یہ غلام لے اور اُس سے اپنی خدمت کرا تو یہ عاریت ہی نہین تو اسکا نفقہ مالک پر ہوگا انتہی من الخلاصۃ اور خانیہ مین ہی کہ اگر عاریت مانگی سو معیر چپ رہا تو عاریت نہو گی انتہی تو معلوم ہوا کہ ایجاب فعلی نہین ہوتا ہان قبول گاہے فعلی ہوتا ہی چنانچہ معیر نے کہا کہ یہ کپڑا لے بطور عاریت کے سو اُسنے اپنا ہاتھ پھیلایا اور لیا تو اُس سے ظاہر ہو گیا کہ ولو فعلا فقط قبول کیطرف راجع ہی کذا فی الطحطاوی وحکمہا کونہا امانۃ اور عاریت کا حکم یعنی اثر مترتب ہوتا ہی عاریت کا امانت ہی یعنی اگر عاریت بلا تعدی تلف ہو جائے تو مستعیر پر تاوان نہین اور اگر تعدی سے تلف ہو تو بالاجماع تاوان ہی وشرطہا قابلیۃ المستعار للانتفاع وخلوہا عن شرط العوض لانہا تصیر اجارۃ اور عاریت کی شرط قابل ہونا ہی مستعار کا فائدہ لینے کے واسطے اور خالی ہونا عاریت کا عوض کے مشروط ہونے سے اسواسطے کہ عاریت شرط عوض سے عاریت باقی نہین رہتی اجارہ ہو جاتی ہی ھم قابلیت انتفاع سے اور خنزیر کا عاریت ہونا مسلم کے حق مین نکل گیا اور یہ ضرور ہی کہ انتفاع بدون استہلاک عین کے ہو تو دراہم اور دنانیر اور فلوس اور مکیلات اور موزونات اور روئی اور صوف اور ابریشم اور مشک اور کافور کا عاریت لینا بلا بیان جہت عاریت نہین بلکہ قرض ہی اور اگر روپیہ یا پیسا کسی چیز کے تولنے کے واسطے یا زینت دوکان اور تجمل کیواسطے عاریت لیے تو یہ قرض نہین بلکہ عاریت ہی لیکن اسکو سوائے

وجہ مذکور سے اُسکا استعمال کرنا جائز نہین کذا فی غایۃ البیان وصرح فی العمادیۃ بجواز اعارۃ المشاع وایداعہ وبیعہ یعنی لان جہالۃ العین لا تفضی للمنازعۃ لعدم لزومہا اور تصریح کی ہی
عمادیہ مین مشاع کی عاریت دینے اور اُسکے ودیعت رکھنے اور اُسکے بیچنے کے جواز کی اسواسطے کہ جہالت عین کی یہان موجب نزاع نہین بسبب لازم ہونے عقد عاریت کے وقالوا علف الدابۃ علی المستعیر
وکذا نفقۃ العبد اما الکسوۃ فعلی المعیر اور فقہانے کہا ہی کہ عاریت کے جانور کا چارہ عاریت مانگنے والے پر ہی اور اسیطرح نفقہ غلام مستعار کا اور اُسکا لباس تو عاریت دینے والے پر ہی وہذا اذا
طلب الاستعارۃ فلو قال المولی خذہ واستخدمہ من غیر ان یستعیرہ فنفقتہ علی المولی ایضا لانہ ودیعۃ اور یہ یعنے غلام کا نفقہ مستعیر پر ہونا اُسوقت ہی جبکہ مستعیر نے عاریت لینے کی خواہش
کی ہو تو اگر مولی کہے کہ اس غلام کو لیکر خدمت لے بلا خواہش مستعیر تو اُسکا کھانا پینا بھی مولی پر ہی اسواسطے کہ یہ ودیعت ہی نہ عاریت ہم ظاہر یہ اباحت انتفاع ہی اسواسطے
کہ اگر ودیعت ہوتی تو اُسکو نفع لینا جائز نہوتا یا یون کہیے کہ یہ ویسی ودیعت ہی جسکے انتفاع کو مالک نے مباح کردیا **وتصح باعرتک** لانہ صریح اور عاریت صحیح ہی اعرتک کے لفظ
سے یعنی مین نے تجھکو عاریت دی اسواسطے کہ یہ لفظ عاریت مین صریح اور کھلا ہوا ہی **واطعمتک ارضی** ای غلتہا لانہ صریح مجازا من اطلاق اسم المحل علی الحال اور عاریت صحیح ہی
اس لفظ سے اطعمتک ارضی یعنی مین نے اپنی زمین تجھکو کھانے کو دی یعنی زمین کا غلہ تیرے کھانے کو دیا اسواسطے کہ یہ لفظ عاریت مین صریح مجازی ہی از قبیل بولنے اسم
محل کے حال پر ہم غلہ پیدا ہوتا ہی زمین مین تو غلہ حال ہی اور زمین اُسکا محل اور محل کا نام حال پر بولنا مجازا متعارف ہی بقرینہ اطعام اسواسطے کہ جب اطعام غیر مطعوم مثلاً
زمین کی طرف مضاف ہو تو غلہ زمین مراد ہوتا ہی **ومنحتک** بمعنی اعطیتک **ثوبی او جاریتی ہذہ وحملتک علی دابتی ہذہ** اذا لم یرد بہ منحتک وحملتک الہبۃ لانہ صریح فیفید الحاجۃ
بلا نیۃ والہبۃ بہا ای مجازا اور عاریت صحیح ہی اس لفظ سے کہ منحتک یعنی مین نے تجھکو کپڑا یا اپنی یہ لونڈی دی اور صحیح ہی اس لفظ سے کہ حملتک یعنی مین نے تجھکو چڑھایا اپنے اس جانور
پر جبکہ تکلم منحتک اور حملتک کے لفظ سے ہبہ کا ارادہ نکرے اسواسطے کہ وہ ہبہ مین صریح ہی تو عاریت کو مفید ہی بلا نیت ہبہ اور ہبہ کو مفید ہی بطریق مجاز کے نیت ہبہ سے
ہم یعنی لفظین مذکورین سے درصورت عدم نیت ہبہ عاریت ثابت ہوگی اور درصورت نیت ہبہ کے ہبہ متحقق ہوگا **واخدمتک عبدی** اواجرتک داری شہرا مجانا او اس لفظ
سے عاریت صحیح ہی کہ مین نے اپنا غلام تیری خدمت کے واسطے دیا اور اپنا گھر ایک مہینہ بھر تجھکو مفت اجارہ دیا ہم اجارہ بلا عوض درحقیقت عاریت ہی اور اگر مدت اجارہ مذکور نکرےگا
تو بھی ایک قول مین عاریت ثابت ہوگی اور فتاوی عالمگیری مین عدم عاریت پر اعتماد کیا ہی کذا فی الطحطاوی **وداری** مبتدا **لک** خبر **سکنی** تمییز ای بطریق السکنی اور اس قول سے
عاریت صحیح ہی کہ داری لک سکنی یعنی میرا گھر تیرا ہی سکونت کی راہ سے داری مبتدا ہی اور لک خبر ہی اور سکنی تمیز ہی ہم سکنی مصدر ہی بمعنی اقامت یا اسم ہی بمعنی اسکان صاحب دُرر نے
کہا سکنی محکم ہی ارادہ نفع مین لہذا لام بمعنی ملک مراد نہوا **وداری لک عمری** مفعول مطلق ای عمرتہا لک عمری **سکنی** تمیزہ یعنی جعلت سکنہا لک مدۃ عمرک اور اس لفظ سے عاریت
صحیح ہی کہ داری لک عمری سکنی یعنی مین نے اپنے گھر کی سکونت تیرے واسطے مقرر کی تیری زندگی تک عمری مفعول مطلق ہی فعل محذوف کا یعنی اعمرتہا لک عمری اور سکنی تمیز ہی ہم
اور یہ بھی احتمال ہی کہ عمری ظرف ہو یعنی مدۃ عمرک اسی کی طرف شارح نے تفسیر ثانی مین اشارہ کیا لیکن اُسنے ایک احتمال کو دوسرے احتمال کے ساتھ ملا دیا زیلعی نے کہا داری
لک مین محتمل ہی کہ رقبہ دار مخاطب کا مملوک ہو اور اسکا محتمل ہی کہ اُسکی منفعت مخاطب کی مملوک ہو اور سکنی کا لفظ ارادہ منفعت مین محکم ہی بلا احتمال لہذا محتمل کو ارادہ منفعت پر
محمول کیا کذا فی الطحطاوی یعنی لام بمعنی ملک مراد نہوا **ولعدم لزومہا یرجع المعیر متی شاء** اور بسبب لازم نہونے عقد عاریت کے معیر کو رجوع عاریت مین اختیار ہی جب چاہے اپنی چیز پھیر لے
ولو موقتہ معیر کو عاریت پھیر لینے مین اختیار ہی اگرچہ عاریت کا وقت بھی معین کردیا ہو ہم دریافت کرنا چاہیے کہ عاریت چار قسم ہی ایک یہ کہ عاریت مطلق ہو یعنی مدت اور
انتفاع مذکور نہو اسکا حکم یہ ہی کہ مستعیر کو اُس سے فائدہ لینا جائز ہی جس طرح چاہے اور جبتک چاہے دوسری قسم یہ کہ عاریت مقید ہو یعنی مدت اور انتفاع مذکور ہو مخصوص اسکا
حکم یہ ہی کہ وقت معین اور انتفاع معین سے تجاوز کرنا جائز نہین مگر درصورت بہتری خلاف تیسری قسم یہ کہ مقید درحق مدت ہو اور انتفاع مین مطلق ہو چوتھی قسم یہ کہ مدت کی
قید نہو بلکہ انتفاع کی قید ہو تو دونون کا حکم یہ ہی کہ تعیین معیر سے تجاوز کرنا درست نہین کذا فی الدرج اوفیہ ضرر فتبطل وتبقی العین باجر المثل کمن استعار امۃ لترضع ولدہ وصار لایاخذ
الا ثدیہا فلہا اجر المثل الی الفطام وتمامہ فی الاشباہ یا کہ عاریت کے پھیر لینے مین ضرر ہو تو عاریت باطل ہوگی اور عاریت کی چیز باجرت مثل باقی رہیگی یعنے اس صورت
مین عاریت منقلب باجارہ ہو جائیگی چنانچہ مستعیر نے لونڈی عاریت لی اپنے ولد صغیر کے دودھ پلانے کے واسطے اور لڑکا ایسا لونڈی سے ہل گیا کہ کسی کی چھاتی

منھ مین نہین لیتا سوائے اُس لونڈی کے تو اس لونڈی کے واسطے اجرت مثل ثابت ہوگی دودھ چھڑانے تک اور پورا بیان اسکا اشباہ مین ہے وفیہا معزیا للقنیۃ تلزم

العاریۃ فیما اذا استعار جدار غیرہ لوضع جذوعہ فوضعہا ثم باع المعیر الجدار لیس للمشتری رفعہا وقیل نعم الا اذا شرط وقت البیع قلت وبالقیل جزم فی الخلاصۃ والبزازیۃ وغیرہا

واعتمدہ محشیہا فی تنویر البصائر ولم یتعقبہ ابن المصنف وکانہ ارتضاہ فلیحفظ اور اشباہ مین قنیہ سے منقول ہے کہ عاریت لازم ہوجاتی ہے اُس صورت مین جبکہ ایک شخص نے

دوسرے کی دیوار عاریت لی اپنی دھنیان رکھنے کے واسطے پھر دھنیان اُسپر نصب کین پھر معیر نے وہ دیوار بیچ ڈالی تو مشتری کو دھنیون کا دفع کرنا جائز نہین اور قول

ضعیف یہ ہے کہ ہان دفع کرنا جائز ہے مگر جبکہ معیر عدم دفع شرط کرے بیع کے وقت مین کہتا ہون اور قول ضعیف کے قوی ہونے پر جزم کیا ہے خلاصہ و بزازیہ وغیرہا مین اور اسی پر

اعتماد کیا ہے اشباہ کے محشی نے تنویر البصائر مین اور شیخ صالح ابن مصنف نے اسپر اعتراض نہین کیا تو گویا اُسکو پسند کیا ہے تو اُسکو یاد رکھنا چاہیے ولا تضمن بالہلاک من غیر تعد

اور بدون تعدی کی عاریت کے ضائع اور تلف ہوجانے سے تاوان اُسکا لازم نہین آتا یعنے اسواسطے کہ عاریت امانت ہے اور امانت مین تاوان نہین اگر تعدی سے بالاجماع تاوان

ہے تعدی کی صورتین یہ ہین کہ عاریت کے جانور کی باگ زور سے کھینچی اور وہ ہلاک ہوگیا یا مستعیر مسجد مین گیا اور اُسکو کوچہ مین چھوڑ گیا یا سواری کے واسطے عاریت

رکھا سو اُسکو بند کر رکھا یا پانی پلانے کے واسطے اسکو غیر جہت معینہ سے لیگیا سو وہ ہلاک ہوگیا یا زمین جوتنے کے واسطے بیل عاریت لیا اور دوسرے روز اسکو اور بیل کے ساتھ لادیا

اُسکے خلاف عادت سو وہ ہلاک ہوگیا تو بالاجماع اُسپر تاوان ہے اور اگر اُسکو چراگاہ مین چرانے کے واسطے چھوڑا سو وہ ضائع ہوگیا اگر وہان اسطرح کے چرانے کی عادت ہو تو تاوان نہین اور

اگر عادت معلوم نہو یا عادت مشترک ہو تو تاوان ہے اور اگر جنگل مین سوگیا اور باگ ڈور جانور کی ہاتھ مین ہے سو وہ چرایا گیا تو اگر مستعیر لیٹا ہوگا تو تاوان ہے اور اگر بیٹھا ہوگا تو تاوان

نہین یہ حکم ہے غیر سفر کا اور سفر مین سوجانے سے تاوان مطلقا نہین جبکہ مستعار چیز اُسکے سرتلے ہو یا آگے رکھی ہو یا آس پاس ہو اسطرح پر کہ عادت مین اُسکی نگہبانی سے خارج نہو کذا فی البحر

وشرط الضمان باطل کشرط عدمہ فی الرہن خلافا للجوہرۃ اور تاوان کا شرط کرنا عاریت مین باطل ہے جیسے عدم تاوان کی شرط رہن مین باطل ہے برخلاف روایت جوہرہ کے جوہرہ

مین ہے کہ تاوان شرط کرنے سے عاریت مین تاوان لازم ہوجاتا ہے ولا توجر ولا ترہن لان الشی لا یتضمن ما فوقہ اور مستعار کا اجارہ اور رہن رکھنا جائز نہین اسواسطے کہ شے

متضمن نہین ہوتی اپنے مافوق کی ہے اسواسطے کہ اجارہ اور رہن عقد لازم ہے بخلاف عاریت کا لودیعۃ فانہا لا توجر ولا ترہن بل لا تودع ولا تعار بخلاف العاریۃ علی المختار مانند

ودیعت کے اسواسطے کہ ودیعت کا اجارہ اور رہن نہین ہوتا بلکہ دوسرے شخص کے پاس ودیعت نہین رکھی جاتی اور نہ ودیعت عاریت دیجاتی ہے بخلاف عاریت کے بقول مختار

ہے یعنی عاریت کا ایداع اور اعارہ عند الاطلاق جائز ہے اور اگر مستعمل کی قید ہو تو عاریت دینا جائز نہین مگر اُس صورت مین جبکہ استعمال مختلف نہوتا ہو اور یہی قول صحیح مفتی بہ ہے کذا

فی الطحطاوی واما المستاجر فیواجر ویودع ویعار ولا یرہن اور مستاجر بفتح جیم یعنے جس چیز کو اجارہ کیا تو اُسکا اجارہ رکھنا اور ودیعت رکھنا اور عاریت دینا جائز ہے اور رہن رکھنا اُسکا

جائز نہین واما الرہن فکالودیعۃ اور مرہون تو ودیعت کے مانند ہے یعنے اُسکا اجارہ اور رہن اور ایداع اور اعارہ جائز نہین وفی الوہبانیۃ نظم تسع مسائل لا یملک فیہا

تملیکا لغیرہ بدون اذن سواء قبض اولا اور وہبانیہ مین نو مسائل نظم کیے ہین جنمین اپنے غیر کو مالک کرنا بدون اذن مالک اصلی کے صحیح نہین خواہ اُسنے قبضہ

کیا ہو یا نکیا ہو فقال اشعار و مالک امر لا یملکہ بدو ؛ ان امر وکیل مستعیر و موجر ؛ رکوبا ولبسا فیہما و مضارب ؛ و مرتہن ایضا و قال او مر ؛ سو صاحب وہبانیہ

نے کہا اور وہ مالک امر کا جو مالک نہین دوسرے کی تملیک کا بدون امر مالک اصلی کے وکیل ہے اور مستعیر اور موجر بفتح جیم یعنے مستاجر بکسر جیم سوار ہونے اور قمیص

مثلاً پہننے کا غیر کے رکوب اور لبس کا مالک نہین اور مضارب اور مرتہن بھی اور قاضی مامور ہے مالک کا لفظ مبتدا ہے اور جملہ لا یملکہ کا اُسکی صفت ہے اور

وکیل وغیرہ اُسکی خبر ہے وکیل کو جائز نہین کہ دوسرے کو وکیل کرے بلا تفویض موکل اور اسیطرح مستعیر کو مستعار کا عاریت دینا بلا امر معیر درست نہین جبکہ

عاریت مختلف ہوجاتی ہو باعتبار اختلاف مستعملین کے اور اگر مختلف نہوجاتی ہو تو جائز ہے اور اسیطرح اگر مستاجر نے اپنی خاص ذات کی سواری کے واسطے

جانور کرایہ لیا یا اسی طرح قمیص کرایہ لیا تو دوسرے کو اُسپر سواری کرنا یا دوسرے کو اُس قمیص کا پہنانا جائز نہین اور اسیطرح مضارب دوسرے کے ساتھ مضاربت کرنے کا اور

مرتہن دوسرے کے پاس رہن رکھنے کا اور قاضی دوسرے کو خلیفہ کرنے کا بلا اذن امام مالک نہین کذا فی الطحطاوی شعر و مستودع مستبضع و مزارع ؛ اذا لم یکن من عندہ البذر یبذر ؛

اور مستودع بفتح دال یعنی بدائع کا اور مستبضع دوسرے کو بضاعت دینے کا اور جسنے زمین بعقد مزارعت لی جبکہ مزارع کے پاس بیج نہو کہ کھیت مین بیج ڈالا جاے تو غیر شخص کو وہ زمین بطور
مزارعت کے نہین دے سکتا بلا اذن ہم اور اگر مزارع کا بیج ہو تو وہ مالک ہی کہ دوسرے کو بطور مزارعت کے زمین دے کذا فی الطحطاوی قلت والعاشر شعر والمساقی ان یساقی غیرہ وان اذن
المولی لہ لیس بنکرہ مین کہتا ہون اور دسوان مسئلہ وہبانیہ کی مساقات اور مزارعت کی فصل مین یون مذکور ہی اور جائز نہین عقد مساقات والیکو کہ غیر کو زمین بطور مساقات دے
اور اگر مولی یعنی مالک زمین اذن دے تو غیر کو دینا جائز نہین فان اجر المستعیر او رہن فہلکت ضمنہ المعیر للتعدی سو اگر مستعیر عاریت کو اجارہ مین دے یا اسکو رہن رکھے
پھر وہ تلف ہو جاے تو معیر اُس سے تاوان لے بسبب اسکی تعدی کے ولا رجوع لہ المستعیر علی احد لانہ بالضمان ظہر انہ اجر ملک نفسہ فیتصدق بالاجرۃ خلافا للثانی اور مستعیر کو تاوان
پھیر لینا کسی سے جائز نہین اسواسطے کہ تاوان دینے سے ظاہر ہو گیا کہ اُسنے اپنی ذاتی ملک کو اجارہ دیا اور مستعیر اجرت کو تصدق کر دے برخلاف ابو یوسف رح کے ہم
اجرت اسواسطے تصدق کرے کہ مستعیر بمنزلہ غاصب کے ہو گیا اور غاصب اجارہ دینے سے مالک ہوتا ہی اجرت کا اور خیرات کرنے کی وجہ یہ ہی کہ اجرت حاصل ہوئی خبیث سبب سے
یعنی مال غیر کے استعمال کرنے سے کذا فی الطحطاوی او ضمن المستاجر یا بعیر تاوان لے مستاجر سے سکت المرتہن وفی شرح الوہبانیۃ الخامسۃ لا یملک المرتہن ان یرہن فیضمن
وللمالک الخیار ویرجع الثانی علی الاول مصنف نے سکوت کیا مرتہن کے حکم سے اور وہبانیہ کی شرح مین ہی اور پانچوان مسئلہ یعنی نظم مذکور کا پانچوان مسئلہ یہ ہی کہ مرتہن
مالک نہین مرہون کے رہن رکھنے کا تو اسپر رہن رکھنے سے تاوان آویگا اور مالک کو اختیار ہی چاہے مرتہن اول سے تاوان لے چاہے ثانی سے اور اگر ثانی سے تاوان لے
تو وہ مرتہن اول سے بھر لے ورجع المستاجر علی المستعیر اذا لم یعلم بانہ عاریۃ فی یدہ دفعا للضرر الغرر اور جب مستعیر مستاجر سے تاوان لے تو مستاجر مستعیر سے اپنا
مال بھر لے جبکہ مستاجر یہ نجانتا ہو کہ وہ عاریت ہی اسکے ہاتھ مین فریب کے دفع ضرر کے واسطے یعنے اگر عاریت جانکر اجارہ لیگا تو رجوع نہین بسبب عدم فریب ولان یعیر ما
اختلف استعمالہ اولا ان لم یعین المعیر منتفعا اور مستعیر کو جائز ہی عاریت کا عاریت دینا خواہ اُسکا استعمال باعتبار اختلاف مستعملین مختلف ہوتا ہو یا نہ ہوتا ہو بشرطیکہ معیر نے
نفع لینے والے کو معین نہ کر دیا ہو ہم اسواسطے کہ معیر نے مستعیر کو منافع عاریت کا مالک کر دیا اور مالک کو دوسرے کا مالک کرنا جائز ہی جیسے مستاجر کو اجارہ دینا جائز ہی کذا فی
الدرر مختلف الاستعمال جیسے جانور کی سواری اور جسکا استعمال مختلف نہو جیسے جانور پر بوجھ لادنا کذا فی صدر الشریعۃ ولیعیر ما لا یختلف ان عین وان اختلف للتفاوت
وعزاہ فی زواہر الجواہر للاختیار اور اگر معیر نے نفع لینے والے کو معین کر دیا ہو تو مستعیر اُس عاریت کو عاریت دے جسکا استعمال مختلف نہین ہوتا اور اگر مختلف ہوتا ہو تو عاریت نہ دے
بسبب تفاوت مستعملین کے اور اس قول کو زواہر الجواہر مین اختیار کی طرف نسبت کیا ہی ومثلہ ای کالمعار الموجر وہذا عند عدم النہی فلو قال لا تدفع لغیرک فدفع فہلک ضمن مطلقا خلاصہ
اور عاریت کی چیز کے مانند ہی اجارے کی چیز یعنے مستاجر کو اجارے کی چیز عاریت دینا جائز ہی خواہ اُسکا استعمال مختلف ہو یا نہو اور در صورت تعیین مختلف الاستعمال کا عاریت دینا جائز
نہین اور یہ تفصیل مذکور در صورت عدم نہی کے ہی تو اگر معیر نے مستعیر سے کہا کہ اپنے سوا کسی اور شخص کو نہ دیجیو سو معیر نے دی پھر عاریت تلف ہو گئی تو ہر طرح سے تاوان اسپر آویگا کذا فی
الخلاصۃ یعنی خواہ وہ مختلف الاستعمال ہو یا نہو فمن استعار دابۃ او استاجر ہا مطلقا بلا تقیید یحمل ما شاء ویعیر لہ للحمل ویرکب عملا بالاطلاق سو جو شخص کہ عاریت لیے جانور کو
یا طرح کرایہ کے مطلقاً بلا تقیید تو بوجھ لادے اُسپر جو چاہے اور لادنے کے واسطے عاریت دے اور اُسپر سوار ہو اطلاق پر عمل کرنے سے وایا فعل اولا تعین مرادا اور جو فعل
کہ اول کریگا وہی متعین ہو جائیگا مراد ہونے مین ہم اسواسطے کہ مطلق ہر انتفاع کو شامل ہی اور تعیین انتفاع مین مستعیر اور مستاجر کو اختیار ہی تو اگر اول سواری کی تو اب اُسپر بوجھ لاد
نہین سکتا اسواسطے کہ مطلق جبکہ متعین ایک قید کے ساتھ ہوا تو بعد اسکے مطلق باقی نرہا کذا فی الطحطاوی وضمن بغیرہ وان عطبت حتی لو البس او ارکب غیرہ لم یرکب بنفسہ بعدہ ہو الصحیح کافی
اور تاوان دے اسکے غیر مین اگر جانور ہلاک ہو جاے تو اگر عاریت کا کپڑا غیر کو پہنایا یا عاریت کے جانور پر غیر کو سوار کیا تو بعد اسکے آپ سوار نہو یہی قول صحیح ہی کذا فی الکافی وان اطلق المعیر
او الموجر الانتفاع فی الوقت والنوع انتفع ما شاء ای وقت شاء المامر اور اگر معیر او موجر نے انتفاع کو وقت اور نوع مین مطلق بلا قید کہا تو عاریت سے نفع لے جو چاہے جسوقت
چاہے بدلیل گذشتہ یعنی بنا بر عمل باطلاق وان قیدہ بوقت او نوع او بہما ضمن بالخلاف الی شر فقط لا الی مثل او خیر اور اگر انتفاع مین وقت یا نوع یا دونون کی قید لگائی
تو تاوان دے برخلاف کرنے مین بدتر یا بہتر خلاف مین ہم خلاف شر کی مثال یہ کہ جانور عاریت لیا مثلاً دو من گیہون لادنے کے واسطے پھر اسپر اسیقدر جو لادے تو تاوان آویگا اسواسطے کہ جو کا بوجھ زیادہ

بھیلتا ہی جانور کی پیٹھ پر گیہون سے اور خلاف مثل کے مثال یہ ہی کہ معین گیہون کے عوض اور گیہون اسقدر لاد دیا اتنے گیہون کے عوض غیر کے گیہون اسقدر لادا اور بہتر خلاف کی یہ صورت ہی
کہ جو کے واسطے عارت لے اور اسپر گیہون لادے وکذا التقیید الاجارۃ نوع او قدر مثل العاریۃ اور اسیطرح کا حکم ہی اجارہ مین نوع انتفاع یا قدر انتفاع کی قید لگانے کا عاریت کے مانند عاریۃ
الثمنین و المکیل و الموزون و العدد و المتقارب عند الاطلاق قرض ضرورۃ استہلاک عینہا روپیا اشرفی اور کیلی اور وزنی اور معدود متقارب کی عاریت اطلاق کیوقت قرض
ہی بضرورت استہلاک عین اشیاء مذکورہ ہم یعنی عاریت عبارت ہی اذن فی الانتفاع سے اور اشیاء مذکورہ مین انتفاع نہین ہوسکتا بدون استہلاک عین اشیا کے لہذا ایجاب عاریت بمعنی قرض
ٹھہری معدود متقارب جیسے اخروٹ اور انڈا اور اسیطرح صوف اور ریشم اور روئی اور مشک اور کافور اور باقی عطریات کی عاریت درحقیقت قرض ہی فیضمن المستعیر ہلاکہا قبل
الانتفاع لانہ قرض حتی لو استعارہا لیعیر المیزان او یزین الدکان عاریۃ تو تاوان دے عاریت لینے والا اشیاء مذکورہ کے تلف ہوجانے سے قبل انتفاع کے اسواسطے کہ وہ قرض ہی نہ عاریت تو اگر روپیا اشرفی
کو عاریت لیا تاکہ انسے تول کر ترازو کی درستی جانچے یا انکو رکھ کے دوکان کی آرایش کرے تو یہ استعارہ درحقیقت عاریت ہی نہ قرض یعنی ہی اسواسطے کہ اسمین استہلاک عین نہین ولو اعارۃ قصعۃ
ثرید فھو قرض و لو بینہما مباسطۃ فاباحۃ اور اگر ثرید کا پیالہ عاریت دیا تو یہ قرض ہی اور اگر معیر اور مستعیر مین کشادہ چشمی اور بے تکلفی ہی تو یہ اباحت ہی ہم ثرید وہ کھانا ہی جو شوربے مین روٹی
ترکرنے سے مرتب ہوتا ہی جب قرض ہوا تو رد مثل یا اسکی قیمت دینا لازم ہی اور اباحت مین تاوان نہین وتصح عاریۃ السہم ولا الضمن لان الرمی یجری مجری الہلاک صیرفیۃ اور تیر کی
عاریت صحیح ہی اور تلف ہونیسے تاوان نہین اسواسطے کہ کمان سے تیر مارنا قائم مقام ہلاک کے ہی کذا فی الصیرفیہ یعنی یہ استہلاک بلا تعدی ہی مالک کی اجازت سے لہذا اسمین تاوان نہین
ولو اعار ارضا للبناء و الغرس صح للعلم بالمنفعۃ اور اگر زمین عاریت دی عمارت بنانے اور درخت لگانے کو تو صحیح ہی منفعت کے معلوم ہونے سے ولہ ان یرجع متی شاء لما تقرر
انہا غیر لازمۃ اور معیر کو جائز ہی کہ عاریت پھیر لے جب چاہے اسواسطے کہ ثابت ہوچکا ہی کہ عاریت عقد لازم نہین ویکلفہ قلعہما الا اذا کان فیہ مضرۃ بالارض فیترکان
بالقیمۃ مقلوعین لئلا یتلف ارضہ اور معیر کو جائز ہی کہ مستعیر سے عمارت اور درختون کو کھدوا ڈالے مگر جبکہ کھودنے مین زمین کا ضرر ہو تو کھودے عمارت اور کھودے درخت کی قیمت دیکر
دونون چیزین قائم رکھی جاوین تاکہ اسکی زمین ضائع نہو یعنی صاحب زمین قیمت دیوال وقت العاریۃ فرجع قبلہ کلفہ قلعہما وضمن المعیر للمستعیر ما نقص البناء و الغرس بالقلع بان
یقوم قائما الی المدۃ المضروبۃ وتعتبر القیمۃ یوم الاسترداد بحر اور اگر عاریت کی مدت ٹھہرا لی سو معیر نے عاریت پھیر لی مدت سے پہلے تو مستعیر سے عمارت اور درخت کو کھدوا دے اور معیر مستعیر کو اتنا
تاوان دے جتنا عمارت اور درخت کا نقصان ہوگیا کھودنے سے اس طرح پر کہ مدت معین تک عمارت اور درخت کو قائم فرض کرکے قیمت انکی مقرر کیجاوے اور پھیر دینے کے دن کی قیمت کا
اعتبار ہی کذا فی البحر مثلا درخت کی قیمت کھودنے کے وقت ایک روپیہ ہی اور اگر مدت معینہ تک قائم رہتا تو تین روپیہ قیمت ہوتی دو روپیہ کا نقصان ہوا اسیقدر تاوان دے ولو استعارہا
لیزرعہا لم توخذ منہ قبل ان یحصد الزرع وقتہا او لا ویترک باجر المثل مراعاۃ للحقین اور جبکہ زمین مستعیر کو کھیتی کرنے کے واسطے عاریت دی تو اس سے کھیت کٹنے سے پہلے زمین لیجاوے
خواہ عاریت کی مدت مقرر کی ہو یا نہ کی ہو تو زمین مستعیر کے پاس بعوض اجرت مثل چھوڑی جاویگی دونون حقون کی رعایت کرنے کے واسطے فلو قال المعیر اعطیک البذر وکلفتک ان
کان لم ینبت لم یجز لان بیع الزرع قبل نباتہ باطل وبعد نباتہ فیہ کلام اشار الی الجواز فی المغنی نہایہ پھر اگر معیر نے کہا مستعیر سے کہ مین تجھکو بیج اور تیری مشقت کا خرچ
دیتا ہون اگر کھیت نہ جما ہو تو جائز نہین اسواسطے کہ کھیت کی بیع قبل اسکے جمنے کے باطل ہی اور بعد اسکے جمنے کے اسمین گفتگو ہی مغنی مین اسکے جائز ہونے کی طرف اشارہ کیا ہی کذا فی
النہایہ صح قول مغنی یہی مختار ہی کذا فی الطحطاوی عن الغایۃ ومؤنۃ الرد علی المستعیر اور عاریت پھیر دینے کا خرچ مستعیر پر ہی یعنی اسواسطے کہ اسنے اپنے نفع کیواسطے اسپر قبضہ کیا تھا اور پھیر دینا
اسپر واجب ہی فلو کانت موقتۃ فامسکہا بعدہ فہلکت ضمنہا لان مؤنۃ الرد علیہ نہایہ تو اگر عاریت کا وقت مقرر ہو سو مستعیر نے عاریت رکھ چھوڑی بعد اس وقت کے پھر عاریت
ضائع ہوگئی تو مستعیر تاوان دے اسواسطے کہ پھیر دینے کا خرچ مستعیر پر تھا کذا فی النہایۃ یعنی تو نہ پھیر دینے سے وہ متعدی ٹھہرا ہم اس مسئلے مین دو قول ہین تاوان قاضی خان کا مختار ہی اور
عدم ضمان کافی اور مجتبی مین مذکور ہی کذا فی الطحطاوی الا اذا استعارہا لیرہنہا فکون کالاجارۃ رہن الخانیۃ عاریت پھیر دینے کا خرچ مستعیر پر ہی مگر جبکہ مستعیر نے رہن رکھنے کے
واسطے عاریت لی تو اب عاریت اجارے کے مانند ہی کذا فی رہن الخانیہ یعنی تو اب خرچ معیر پر ہوگا جیسے موجر پر ہوتا ہی کذا فی البحر وکذا الموصی لہ بالخدمۃ مؤنۃ الرد علیہم
اور اسیطرح جسکے واسطے خدمت مملوک کی وصیت ہوئی تو پھیر دینے کا خرچ اسپر ہی وکذا الموجر و الغاصب و المرتہن فمؤنۃ الرد علیہم لحصول المنفعۃ لہم اور اسی طرح موجر اور غاصب

اور مرتہن پر پھیر دینے کا خرچ ہی بسبب حاصل ہونے منفعت کے انھین کے واسطے ہذا لو الاخراج باذن رب المال والا فمؤنۃ رد مستاجر و مستعار علی الذی اخرجہ اجارۃ البزازیۃ یعنی جو خرچ
لازم ہوتا اُسوقت ہی جبکہ اخراج صاحب مال کے اذن سے ہوا ہو اور اگر مستاجر نے بلا اذن مؤجر اخراج کیا تو اجارہ اور عاریت والی چیز کے پھیر دینے کا خرچ اُسپر ہی جسنے اسکو اخراج
کیا یعنی مستاجر اور مستعیر پر کذا فی اجارۃ البزازیۃ بخلاف شرکۃ و مضاربۃ و ہبۃ فتنفی بالرجوع مجتبی بخلاف شرکت اور مضاربت اور ہبہ کے کہ رجوع کا حکم ہوگا کذا فی المجتبی یعنی شرکت مین
رد راس المال کا خرچ اور مضاربت مین صاحب مال پر ہی اور ہبہ مین واہب پر کذا فی المنح وان رد المستعیر الدابۃ مع عبدہ او اجیرہ مشاہرۃ لا میاومۃ او مع عبد ربہا
مطلقا یقوم علیہا ولا فی الاصح او اجیرہ ای مشاہرۃ کما مر فہلکت قبل قبضہا بری لانہ اتی بالتسلیم المتعارف اور اگر مستعیر نے جانور پھیر دیا اپنے غلام کے ساتھ یا اپنے چاکر
مشاہرہ دار کے ساتھ نہ یومیہ دار چاکر کے ساتھ یا جانور پھیر دیا مالک کے غلام کے ساتھ خواہ اُسکا غلام جانور کی خدمت پر معین ہو یا نہو قول اصح مین یا مالک کے چاکر
مشاہرہ دار کے ساتھ بھیجا چنانچہ قید مشاہرہ دار کی مذکور ہو چکی پھر جانور ہلاک ہوگیا مقبوض ہونے سے پہلے تو مستعیر بری الذمہ ہوگیا تاوان سے اسواسطے کہ وہ تسلیم مشہور ادا کرچکا
ہم یومیہ دار کو اسواسطے نکالا کہ وہ عیال مین داخل نہین ہوتا بخلاف نفیس کجوہرۃ بخلاف عمدہ چیز کے چنانچہ عمدہ چیز کے جواہر یعنی اگر عمدہ چیز کو مستعیر غلام یا نوکر کے ہاتھ مالک
پاس بھیجے اور تلف ہوجاوے تو وہ بری الذمہ نہوگا وبخلاف الرد مع الاجنبی ای بان کانت العاریۃ موقتۃ فمضت مدتہا ثم بعثہا مع الاجنبی لتعدیہ بالامساک بعد المدۃ
اور برخلاف اجنبی کے ساتھ پھیر دینے کے یعنی اس طرح پر کہ عاریت کی مدت معین تھی پھر اُسکی مدت ہو چکی پھر مستعیر نے اسکو بھیجا اجنبی شخص کے ہاتھ تو بری الذمہ نہوگا بسبب
تعدی کرنے مستعیر کے بعد مدت کے رکھ چھوڑنے سے والا فالمستعیر یملک الایداع فیما یملک الاعارۃ من الاجنبی بحثہ زیلعی فتعین حمل کلامہم علی ہذا ورنہ اگر ایسا نہو یعنی اگر اجنبی کے
دینے مین انقضاے مدت کی قید نہ لگائیے بلکہ مطلقاً تاوان کے قائل ہو جیسے تو صحیح نہین اسواسطے کہ مستعیر ودیعت رکھنے کا مالک ہی جسمین عاریت رکھنے کا مالک ہی اجنبی
سے اسی قول کا فتوی ہی کذا فی الزیلعی تو فقہا کے کلام کا محمول کرنا اسی قول پر متعین ہوگیا یعنے اجنبی کے دینے سے مستعیر پر تاوان آنا اسی صورت پر ہی جبکہ بعد انقضاے مدت کے
ہو نہ مطلقاً وبخلاف رد ودیعۃ و مغصوب الی دار المالک فانہ لیس بتسلیم اور برخلاف پہونچا دینے ودیعت اور مغصوب کے مالک کے گھر تک کہ یہ تسلیم نہین یعنی جب خود مالک کو پہونچاویگا تو تسلیم
ثابت ہوگی واذا استعار ارضا بیضاء للزراعۃ یکتب المستعیر انک اطعمتنی ارضک لازرعہا فیخصص للزراعۃ لیعلم البناء ونحوہ اور جبکہ سفید خالی زمین زراعت کیواسطے
عاریت لی تو مستعیر عاریت نامہ لکھے اس طرح پر کہ تونے اپنی زمین میرے کھانے کو دی تا اُسمین زراعت کرون تو زراعت کے واسطے تخصیص اسواسطے کی تا عمارت وغیرہ کو شامل نہ ہو
ہم عاریت نامہ لکھنا افضل ہی نہ واجب اور فائدہ لکھنے کا یہی تا بتطاول مدت سے مستعیر عاریت لینے کا انکار نکرے العبد المأذون یملک الاعارۃ غلام ماذون عاریت دینے کا
مالک ہی یعنی اسواسطے کہ عاریت دینا سوداگرون کا دستور ہی کذا فی المنح والمحجور اذا استعار واستہلکہا لا یضمن الا بعد العتق غلام محجور جبکہ عاریت لے اور اسکو تلف کرڈالے تو تاوان دے
آزاد ہونے کے بعد ولو اعار عبد محجور عبدا محجورا مثلہ فاستہلکہا ضمن الثانی فی الحال اور اگر غلام محجور اپنے مانند دوسرے غلام محجور کو عاریت دے سو وہ اُسکو تلف کرڈالے تو دوسرا یعنی مستعیر فی الحال
تاوان دے ولو استعار ذہبا فقلدہ صبیا فسرق الذہب منہ ای من الصبی فان کان الصبی یضبط حفظ ما علیہ من اللباس لم یضمن والا ضمن لانہ اعارۃ
والمستعیر یملکہا اور اگر ایک شخص نے سونا عاریت لیا سو ایک لڑکے کے گلے مین ڈالا پھر سونا چوری ہوگیا لڑکے سے تو اگر لڑکا ایسا ہوشیار ہو کہ حفاظت کرتا ہو اُسکی جو اسکے
بدن پر ہی لباس وغیرہ سے تو مستعیر پر تاوان نہین اسواسطے کہ ایسے لڑکے کو سونا پہنانا عاریت دینا ہی اور مستعیر عاریت دینے کا مالک ہی اور اگر لڑکا حفاظت نکر سکتا ہو تو مستعیر پر
ضمان ہی یعنی اسواسطے کہ اُسنے مال پرایا ضائع کیا تاوان کو دیکر وضعہا ای العاریۃ بین یدیہ فنام فضاعت لم یضمن ولو نام جالسا لانہ لا یعد مضیعا لہا عاریت کو اپنے سامنے
رکھا پھر وہ سو گیا سو عاریت ضائع ہوگئی تو اُسپر تاوان نہین اگر بیٹھے سو گیا اسواسطے کہ ایسا سونے والا عاریت کا ضائع کرنے والا نہین گنا جاتا وضمن لو نام مضطجعا لترک الحفظ
اور تاوان دے اگر لیٹ کر سو گیا بسبب نگہبانی چھوڑنے کے لیس للاب اعارۃ مال طفلہ لعدم البدل وکذا القاضی والوصی باپ کو جائز نہین اپنے ولد صغیر کا مال عاریت دینا بسبب
نہونے عوض کے اور اسیطرح قاضی اور وصی کو طفل کا مال عاریت دینا جائز نہین ہم یہ قول فتاوی عالمگیری کے مخالف ہی اسواسطے کہ اُسمین بیوع طحاوی سے منقول ہی کہ قاضی کو مال یتیم کا عاریت
دینا جائز ہی کذا فی الطحطاوی طلب شخص من رجل ثورا عاریۃ فقال اعطیتک غدا فلما کان الغد ذہب الطالب واخذہ بغیر اذنہ واستعملہ فمات الثور لا ضمان علیہ

خانیۃ عن ابراہیم بن یوسف لکن فی المجتبی وغیرہ انہ یضمن ایک شخص نے دوسرے مرد سے بیل عاریت مانگا سو اُسنے کہا مین کل تجھکو دونگا پھر جب کل ہوا تو طالب گیا اور بیل لیا بدون
اسکے اذن کے اور اُس سے کام لیا پھر بیل مرگیا تو اُسپر تاوان نہین کذا فی الخانیۃ عن ابراہیم بن یوسف لیکن مجتبی وغیرہ مین یہ ہے کہ وہ تاوان دیگا ھم تو اسمین دو قول
ثابت ہوے جہز ابنتہ بما یجہز بہ مثلہا ثم قال کنت اعرتہا الامتعۃ ان العرف مستمر بین الناس ان الاب یدفع ذلک الجہاز ملکا لا عارۃ لا
یقبل قولہ انہ اعارۃ لان الظاہر یکذبہ وان لم یکن العرف کذلک او تارۃ وتارۃ فالقول لہ بہ یفتی کما لو کان اکثر مما یجہز بہ مثلہا فان القول لہ اتفاقا باپ نے
اپنی بیٹی کو ایسا جہیز دیا کہ ویسا جہیز ویسی عورت کو دیا جاتا ہے پھر باپ نے کہا کہ مین نے بیٹی کو اسباب عاریت دیا تھا نہ ملک کی طور پر اگر لوگون مین رواج دائمی ہو کہ باپ ایسا جہیز
دیا کرتا ہو مالک کردینے کی راہ سے نہ عاریت دینے کی راہ سے تو باپ کا یہ قول کہ اُسنے عاریت دیا تھا مقبول نہوگا اسواسطے کہ ظاہر حال اُسکی تکذیب کرتا ہے اور اگر اس طرح کا
رواج نہوگا ہے بطور ملک کے دیا جاتا ہو اور گاہے بطور رعایت کے تو باپ ہی کا قول مقبول ہے اسی قول کا فتوی ہے چنانچہ اگر جہیز زیادہ تر ہو اس جہیز سے جو ویسی عورت
کو دیا جاتا ہو تو باپ ہی کا قول بالاتفاق مقبول ہے والام وولی الصغیرۃ کالاب فیما ذکر اور ماں اور صغیرہ کا ولی باپ کے مانند ہے حکم مذکور مین ھم یعنی اگر ماں یا ولی
صغیرہ کا نکاح کردے جہیز دیکر پھر دعوی عاریت کا کرے تو رواج کا اعتبار ہوگا اور یہ حکم ماں اور ولی مین این وہبان کی بحث ہے کذا فی الطحطاوی وفیما یدعیہ
الاجنبی بعد الموت لا یقبل الا ببینۃ شرح وہبانیہ وتقدم فی باب المہر اور جسمین اجنبی دعوی کرے بعد موت کے یعنی میت پر دعوی کرے کہ مین نے اسکو فلانی چیز عاریت
دی تو اُسکا قول مقبول نہین بدون شہادت کے کذا فی الشرح الوہبانیۃ اور باب المہر مین پہلے مذکور ہو چکا وفی الاشباہ کل امین ادعی ایصال الامانۃ
الی مستحقہا قبل قولہ بیمینہ کالمودع اذا ادعی الرد والوکیل والناظر اذا ادعی الصرف الی الموقوف علیہم یعنی من الاولاد والفقراء اشباہ مین
ہے کہ جو امین امانت کے پہونچا دینے کا اُسکے مستحق کی طرف دعوی کرے تو اُسکا قول قسم کے ساتھ مقبول ہے چنانچہ مودع جبکہ ودیعت پھیر دینے کا دعوی
کرے اور وکیل اور ناظر وقف کا جبکہ موقوف علیہم پر صرف کرنے کا دعوی کرے تو موقوف علیہم سے مراد وقف کی اولاد ہے اور محتاجین اور مانند انکے یعنی علماء اور
اشراف کذا فی الطحطاوی واما اذا ادعی الصرف الی وظائف المرتزقۃ فلا یقبل قولہ فی حق ارباب الوظائف لکن لا یضمن ما انکرہ لہ بل یدفعہ ثانیا من مال الوقف
کما بسطہ سننہ حاشیۃ اخی زادہ قلت وقد مر فی الوقف عن مولی ابی السعود واستحسنہ المصنف واقرہ ابنہ فلیحفظ اور اگر ناظر دعوی کرے کہ مین نے روزی
لینے والون کے وظائف مین صرف کیا تو اُسکا قول مقبول نہین ارباب وظائف کے حق مین لیکن ناظر تاوان نہ دیگا جسکے لینے کے وہ منکر ہین بلکہ ناظر اُسکو دوبارہ وقف کے
مال سے چنانچہ حاشیۂ اخی زادہ مین شرح ہے مین کہتا ہون اور کتاب الوقف مین یہ مذکور ہو چکا مفتی ابو سعود رح سے اور مصنف رح نے اُسکو پسند کیا ہے اور اُسکے فرزند نے
اسکو ثابت رکھا ہے حاشیۂ اشباہ مین تو اُسکو یاد رکھنا چاہیے وسواء کان فی حیاتہ مستحقہا او بعد موتہ الا فی الوکیل بقبض الدین اذا ادعی بعد موت الموکل
انہ قبضہ ودفعہ لہ فی حیاتہ لم یقبل قولہ الا ببینۃ اور برابر ہے کہ ادعاء ایصال مستحق امانت کی زندگی مین ہو یا بعد اُسکی موت کے ہو مگر قبض دین کے وکیل مین جبکہ وہ بعد موت
موکل کے یہ دعوی کرے کہ اُسنے دین پر قبضہ کیا اور وہ موکل کو دیا اُسکی زندگی مین تو قول مذکور مقبول نہوگا مگر گواہی کے ساتھ بخلاف الوکیل بقبض العین کودیعۃ اذا قال
قبضتہا فی حیاتہ وہلکت وانکرت الورثۃ او قال دفعتہا الیہ فانہ یصدق لانہ ینفی الضمان عن نفسہ برخلاف قبض عین کے وکیل کی ودیعت کے مانند وکیل نے کہا کہ مین نے عین پر قبضہ کیا موکل کی
حیات مین اور وہ ہلاک ہو گئی اور موکل کے وارثون نے اُسکا انکار کیا یا وکیل نے کہا کہ مین نے وہ عین موکل کو دی تو اُسکے قول کی تصدیق ہوگی اسواسطے کہ وکیل اپنی ذات سے
تاوان کی نفی کرتا ہے یعنی وکیل اپنے اوپر سے تاوان کو ٹالتا ہے اور یہ اُسکا مقصود نہین کہ موکل پر ایجاب ضمان کرے بخلاف الوکیل بقبض الدین لانہ یوجب الضمان
علی المیت وہو ضمان مثل المقبوض فلا یصدق وکالۃ الولوالجیۃ برخلاف قبض دین کے وکیل کے کہ اُسکا قول مقبول نہین اسواسطے کہ وہ ایصال دین کے دعوی مین تاوان واجب
کرتا ہے میت پر اور وہ تاوان ہے مقبوض کے برابر تو اُسکی تصدیق نہوگی کذا فی وکالۃ الولوالجیۃ ھم ایصال دین کے دعوی مین میت پر ایجاب ضمان کی یہ وجہ ہے کہ قضاء دیون امثال
دیون کے ہوتا ہے تو ادعاء ایصال ضمان مثل مقبوض کا موجب ہے اور مقبوض بدلہ ہوجاتا ہے اُس حق کا جو دیون پر ہے اور غیر پر ایجاب ضمان لازم جائز نہین کذا فی الطحطاوی مختصرا قلت فظاہرہ

انہ لایصدق لافی حق نفسہ والافی حق الموکل وقد افتی بعضہم انہ یصدق فی حق نفسہ لافی الموکل وحمل علیہ کلام الولوالجیۃ فلیتامل عند الفتوے مین کہتا ہون اور ظاہر کلام ولوالجیہ اسپر دلالت کرتا ہے کہ وکیل کی تصدیق نہو نہ اپنی ذات کے حق مین نہ موکل کے حق مین اور البتہ بعض فقہانے فتوی دیا ہے کہ وکیل کی تصدیق اسکی ذات کے حق مین ہوگی نہ موکل کے حق مین اور ولوالجیہ کا کلام اسی تفصیل پر محمول کیا ہے تو تامل کرنا چاہیے فتوے دینے کے وقت ہم ظاہر کلام ولوالجیہ شارح کی فہم کے موافق یہ دلالت نہین کرتا بلکہ اسکی عبارت سے یہ ظاہر ہے کہ فقط موکل کے حق مین وکیل کی تصدیق نہو گی بقرینہ ایجاب ضمان علی المیت تو افتاے بعض فقہا متعین ہوگیا اور تامل کی کچھ حاجت نہ ہی کذا فی الطحطاوی **فروع** مسائل ملحقہ شارح کے اوصی بالعاریۃ لیس للورثۃ الرجوع ایک شخص نے عاریت کی وصیت کی تو ورثہ کو جائز نہین پھیر لینا مستعیر موصی لہ سے ہم یہ اس صورت مین ہے جبکہ رقبہ ثلث سے نکلتا ہو اور مستعیر نے عاریت قبول کی موصی کی موت کے بعد اور اگر بعد موت قبول متحقق نہوگا تو وصیت باطل ہے کذا فی الطحطاوی العاریۃ کالاجارۃ تنفسخ بموت عہدتا عاریت اجارہ کے مانند فسخ ہو جاتی ہے معیر یا مستعیر کی موت سے مات وعلیہ دین وعندہ ودیعۃ بغیر عینہا فالترکۃ بینہم بالحصص ایک شخص مرگیا اور اسپر دین ہے اور اسکے پاس ودیعت ہے غیر معین تو میت کا ترکہ اصحاب دیون مین مقسوم ہوگا بقدر انکے حصون کے ہم ودیعت غیر معین کی یہ صورت ہے کہ میت مرگیا اور یہ بیان نہ کرگیا کہ فلانی چیز ودیعت ہے تو صاحب ودیعت اور باقی ارباب دیون ترکے مین برابر ہین بقدر اپنے حصص کے بشرطیکہ ترکہ ادا ے کل دیون مین کفایت نہ کرے استاجر بعیرا الی مکۃ فعلی الذہاب وفی العاریۃ علی الذہاب والمجی لان ردہا علیہ اونٹ کرایہ کیا مکہ معظمہ تک تو یہ اجارہ فقط جانے پر ہے نہ آنے پر اور عاریت مین جانے اور آنے دونون پر ہے اسواسطے کہ عاریت کا پہونچانا مستعیر پر ہے یعنے اور پہونچانا بدون آنے کے نہین ہوسکتا بخلاف اجارہ کے کہ اسکے آنے کا خرچ موجر پر ہے نہ مستاجر پر استعار دابۃ للذہاب فامسکہا فی بیتہ فہلکت ضمن لانہ اعارہا للذہاب لا للامساک جانور عاریت لیا جانے کے واسطے پھر اسکو باندھ رکھا اپنے گھر مین سو وہ تلف ہوگیا تو تاوان دے اسواسطے کہ اسنے اسکو جانے کے واسطے عاریت دیا تھا نہ باندھ رکھنے کے واسطے استقرض ثورا فاغار علیہ الاتراک لم یضمن لانہ عاریۃ عرفا بیل قرض لیا سو اسپر ترکون نے مثلاً غارتگری کی تو اسپر تاوان نہین اسواسطے کہ وہ عاریت ہے رواج مین یعنی اور بلا تعدی مستعیر وہ تلف ہوگیا استعار ارضا لیبنی ولیسکن واذا خرج فی البناء للمالک اجر مثلہا مقدار السکنی والبناء للمستعیر لان الاعارۃ تملیک بلا عوض فکانت اجارۃ معنی وفسدت بجہالۃ المدۃ زمین عاریت لی عمارت اور سکونت کے واسطے اور جب وہ اس مکان سے نکلجاے تو عمارت مالک زمین کی ہے تو مالک کو کرایہ ملیگا دیسی زمین کا بقدر اسکی سکونت کے اور عمارت تو مستعیر کی ہے اسواسطے کہ اعارہ عبارت ہے تملیک منافع بلا عوض سے تو یہان اعارہ درحقیقت اجارہ ہوگیا یعنے تقرر عوض سے مدت کے مجہول ہونے سے ہم عوض وہ عمارت ہے جو مستعیر نے بنائی پھر جب عاریت اجارہ فاسد ٹھہری تو اجرت مثل لازم آئی منفعت لینے سے اور اگر مدت بھی معلوم ہوتی تو بھی اجارہ فاسد ٹھہرتا جہالت بدل ہے اسواسطے کہ کیفیت عمارت کی معلوم نہین عاریت لینے کے وقت وکذا لو شرط الخراج علی المستعیر بجہالۃ البدل اور اسیطرح عاریت اجارہ فاسد ٹھہرے گی اگر زمین کا خراج مستعیر پر شرط کیا گیا بسبب مجہول ہونے بدل کے ہم خراج بتعمیر پر پھر جب مستعیر پر شرط کیا تو منافع کا عوض ٹھہرا اور یہی حقیقت ہے اجارے کی اسواسطے کہ عقود مین معانی کا اعتبار ہے نہ الفاظ کا وجہ فساد اجارہ یہ ہے کہ قدر خراج مجہول ہے والحیلۃ ان یوجرہ الارض سنین معلومۃ ببدل معلوم ثم یامرہ باداء الخراج منہ اور مستعیر پر خراج صحیح ہونے کا حیلہ یہ ہے کہ مستعیر کو چند سال معین زمین اجارہ دے بعوض بدل معین کے پھر مستعیر سے ادا ے خراج کا عوض معلوم سے امر کرے استعار کتابا فوجد فیہ خطا اصلحہ ان علم رضی صاحبہ قلت لا یاثم ترکہ الافی القران لان اصلاحہ واجب بخط مناسب ایک کتاب مانگ لی سو اسمین غلطی پائی تو اسکی اصلاح کردے اگر مالک کی رضامندی جانے مین کہتا ہون اور گنہگار نہوگا ترک خطا اور عدم اصلاح سے مگر قرآن مجید مین ترک اصلاح سے البتہ گنہگار ہوگا اسواسطے کہ قرآن کا صحیح کردینا واجب ہے بخط مناسب قرآن ہم اصلاح مین بضاے مالک اسواسطے کہ غیر کی ملک مین تصرف ہے

ابن وہبان نے کہا اگر مستعیر کا خط مناسب بخط کتاب ہو اور اُسکو بالیقین خطا معلوم ہو تو بشرط رضائے صاحب کتاب اصلاح کردے اور اگر خط مناسب نہو تو ایک کاغذ علیحدہ پر لکھکر وہان رکھدے اور بمحل خطا پر نشان کردے تا مالک اُسکا مطلع ہو کر درست کرے اسواسطے کہ کتب علم کی اصلاح عبادت ہے کذا فی الطحطاوی وفی الوہبانیۃ شعر وسفر رأی اصلاحہ مستعیرہ ٭ یجوز اذا امولاہ لایتأثر ٭ اور وہبانیہ مین ہے کہ ایک کتاب مین اُسکے مستعیر نے اصلاح کرنا معلوم کیا تو جائز ہے اصلاح حیکہ اسکا مالک آزردہ نہو وفی معایاتھا اور وہبانیہ کی معایات مین اگلی بیت ہے معایات وہ کلام ہے جسکے فہم اور جواب مین مخاطب عاجز ہو جیسے لغز اور پہیلیان اور پہیلی سے وای معیر لیس یملک اخذ ما ٭ اعارہ وفی غیر الرہان التصور ٭ اور وہ کون معیر ہے جو اپنی عاریت دی چیز کے لینے کا مالک نہین اور رہن کے سوا اسمین یہ مسئلہ متصور ہے ہم صورت اُسکی یہ ہے کہ زمین عاریت دی زراعت کے واسطے تو مالک زمین کو اُسکا لینا کھیت کٹنے سے پہلے جائز نہین ٭ وہل واہب الابن یحوز رجوعہ ٭ اور اپنے فرزند کا ایسا کوئی واہب ہے کہ اُسکو پھیر لینا جائز ہو ہم صورت اُسکی یہ ہے کہ ایک شخص کا بیٹا دوسرے کا غلام ہے تو اسکو ہبہ پھیر لینا جائز ہے اسواسطے کہ غلام مالک نہین ہو سکتا اور ہبہ درحقیقت اسکے مالک کے واسطے ہے تو درحقیقت اجنبی کے واسطے ہبہ ہوا تو پھیر لینا جائز ٹھہرا ٭ وہل مودع ما ضیع المال یخسر ٭ اور ایسا کوئی مودع ہے جسنے مال ضائع نہین کیا اُسپر تاوان پڑتا ہے ہم صورت اُسکی یہ ہے کہ وصیت کرنے والے نے ایک شخص کے پاس ہزار درم ودیعت رکھے اور کہا کہ یہ درم میرے فلانے وارث کو دینا سو مودع نے بعد اُسکی موت کے ویسا ہی کیا تو باقی وارث اُس سے تاوان لینگے کذا فی الطحطاوی واللہ اعلم واستغفر اللہ الحلیم الکریم

کتاب الہبۃ

یہ کتاب ہے ہبہ کی یعنی بخشش اور دینے کی وجہ المناسبۃ ظاہر وجہ مناسبت کی درمیان کتاب العاریۃ اور کتاب الہبہ کے ظاہر ہے ہم اسواسطے کہ عاریت عبارت ہے تملیک منافع بلاعوض سے اور ہبہ عبارت ہے تملیک عین مع المنافع بلاعوض سے ہو لغۃ التفضل علی الغیر ولو غیر مال ہبہ لغت مین عبارت ہے فضیلت حاصل کرنے سے غیر پر اگرچہ تفضیل بغیر مال کے ہو وشرعاً تملیک العین مجاناً ای بلاعوض لاان عدم العوض شرط فیہ اور شرع مین ہبہ عبارت ہے عین کے مالک کردینے سے مفت یعنی بدون عوض کے نہ یہ کہ عدم عوض شرط ہے ہبہ مین ہم تملیک عین سے اباحت و عاریت ہبہ سے خارج ہو گئی اور بلاعوض سے اجارہ اور بیع نکل گئی لیکن یہ تعریف وصیت کی مانع نہین لہذا ابن کمال نے تملیک حال کی قید لگائی بہتر یہ تھا کہ شارح بلاشرط عوض کہتا جیسے مصنف رح نے اپنی شرح مین کہا ہے تو مطلب یہ ہے کہ ہبہ عبارت ہے تملیک بلاشرط عوض سے اور یہ مطلب نہین کہ عدم عوض شرط ہے اسمین تاکہ تعریف ہبہ بشرط عوض سے ٹوٹ جائے واما تملیک الدین من غیر من علیہ الدین فان امرہ بقبضہ صحت لرجوعہا الی ہبۃ العین اور دین کی تملیک تو غیر مدیون کو اگر صاحب دین نے اُسکو دین قبض کرنے کا امر کیا تو ہبہ صحیح ہے بسبب راجع ہونے ہبہ دین کے ہبہ عین کی طرف ہم یہ جواب ہے اُس سوال مقدر کا کہ ہبہ کی تعریف مین تملیک عین داخل ہے تو چاہیے کہ دین ندکور کی تملیک کو ہبہ نہ کہیے اسکا جواب شارح نے یون دیا کہ جب صاحب دین نے اسکو قبض دین کا امر کیا اور اُسنے دین پر قبضہ کیا تو دین عین ہوگیا تو تملیک عین متحقق ہو گئی وسببہا ارادۃ الخیر للواہب دنیوی کعوض ومحبۃ وحسن ثناء واخروی اور ہبہ کا سبب خیر کا ارادہ ہے واہب کے واسطے خواہ خیر دنیوی ہو چنانچہ عوض و محبت اور نیکنامی خواہ خیر اخروی ہو چنانچہ صواب بشرط خلوص نیت قال الامام ابو منصور یجب علی المؤمن ان یعلم ولدہ الجود والاحسان کما یجب علیہ ان یعلمہ التوحید والایمان اذ حب الدنیا راس کل خطیئۃ نہایۃ امام ابو منصور ماتریدی نے کہا واجب ہے ایماندار پر کہ اپنے فرزند کو سخاوت اور احسان سکھاوے جس طرح اُسپر یہ واجب ہے کہ اُسکو توحید اور ایمان بتادے اسواسطے کہ دنیا کی محبت ہر گناہ کی چوٹی ہے کذا فی النہایۃ فیتعین بلا تعلیم فرزند کو نہ چھوڑے کہ وہ دنیا کی محبت پر جوان ہو جاے اور وہ نہایت مذموم ہے اسواسطے کہ حب دنیا سر ہے ہر خطا کا تو تعلیم جود سے اس بلاسے نجات پاویگا اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تعلیم فرض عین ہے کذا فی الطحطاوی وہی مندوبۃ وقبولہا سنۃ قال صلی اللہ علیہ وسلم تہادوا وتحابوا اور ہبہ کرنا مستحب ہے اور ہبہ کا قبول کرنا سنت ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ باہم ہدیہ اور تحفہ دیا کرو تاکہ باہم دوست ہو جاؤ ہم اور گاہے بسبب عارض کے ہبہ قبول نکرنا مخالف سنت نہین ہوتا چنانچہ اگر معلوم ہو جائے کہ ہبہ حرام مال سے ہے یا کہ واہب اپنا احسان جتایا کریگا وشرائط صحتہا فی الواہب العقل والبلوغ والملک فلا تصح ہبۃ صغیر ورقیق ولو مکاتبا اور صحت ہبہ کی شرطین ہبہ کرنے والے مین عقل اور بلوغ اور ملک ہے تو صغیر اور مملوک کا ہبہ صحیح

نہین اگرچہ مملوک کا تابع ہو و شرائط صحتہا فی الموہوب ان یکون مقبوضا غیر مشاع ممیزا غیر مشغول کما سیتضح اور صحت ہبہ کی شرطین موہوب یعنے بخشی ہوئی چیز مین
ہونا اسکا مقبوض غیر مشاع ممیز غیر مشغول بغیر موہوب چنانچہ آگے واضح ہوگا معلوم ہوتا ہی کہ قبض تو صرف ہی ثبوت ملک کیواسطے شرط ہی اسواسطے کہ جواز ثابت ہی قبل قبض کے
بالاتفاق اھ اقول تو اس سے معلوم ہوا کہ قبض موہوب کا ثبوت ملک کی شرط ہی صحت ہبہ کی اور مصنف رحمہ کے کلام سے نکلتا ہی کہ قبض صحت کی شرط ہی اور باقی شرط موہوب
کی فتاوی عالمگیری مین یون مذکور ہی کہ موہوب موجود ہو ہبہ کے وقت تو اگر اپنے درخت کے پہل ہبہ کرے جو امسال پیدا ہونگے تو جائز نہین اسواسطے کہ فی الحال
معدوم ہین اور از انجملہ یہ شرط ہی کہ مال متقوم ہو تو شراب اور سور اور خون اور صید حرم کا ہبہ صحیح نہین اور از انجملہ یہ شرط ہی کہ مملوک ہو تو ہبہ مباحات کا جائز نہین کذا فی
الخلاصہ ورکنہا ہو الایجاب والقبول کما سیجی اور ہبہ کا رکن ایجاب اور قبول ہی چنانچہ آگے آویگا وحکمہا ثبوت الملک للموہوب لہ غیر لازم فلہ الرجوع
والفسخ اور ہبہ کا حکم یعنے اثر مترتب ہبہ کا ثابت ہونا ملک کا موہوب لہ کے واسطے ملک غیر لازم تو واہب کو ہبہ پہیر لینا اور عقد ہبہ کا فسخ کردینا جائز ہی یعنی سوا سات صورتون کے
جو مذکور ہونگی وعدم صحتہ خیار الشرط فیہا فلو شرطہ صحت ان اختار قبل تفرقہما وحکم ہبہ صحیح ہونا شرط اختیار کا ہبہ مین تو اگر موہوب لہ نے خیار شرط کیا تو ہبہ صحیح ہوگا اگر وہ ہبہ کو
اختیار کریگا قبل متفرق ہونے واہب اور موہوب لہ کے کہ یہ بہتر تہا کہ مصنف رحمہ یون کہتا (وعدم صحتہا بخیار الشرط) بقرینہ تفریع کے والاحاصل اسکا یہ ہی کہ ہبہ مطلقا صحیح ہی اور شرط باطل ہی وکذا لو ابرأ
صح الابراء وبطل الشرط خلاصہ ولہ سیجی اگر واہب شرط خیار سے ابراء کرے تو ابراء صحیح ہی اور شرط باطل ہی کذا فی الخلاصہ علامہ حلبی نے کہا اسقاط لفظ کذا اصوب ہی چنانچہ منح الغفار مین واقع ہی والا شبہ
غیر صحیح ہی وحکمہا انہا لا تبطل بالشروط الفاسدۃ فہبۃ عبد علی ان یعتقہ تصح وتبطل الشرط اور ایک حکم ہبہ کا یہ ہی کہ باطل نہین ہوتا ہی شروط فاسدہ سے پس ہبہ غلام کا اس شرط پر کہ اسکو موہوب لہ
آزاد کردے صحیح ہی اور شرط باطل ہی وتصح بایجاب کوہبت ونحلت اور ہبہ صحیح ہی ایجاب سے چنانچہ وہبت یعنے مین نے ہبہ کیا ونحلت یعنے مین نے بخشا اپنے دل کی خوشی سے بلا مطالبہ واطعمتک
ہذا الطعام ولو ذلک علی وجہ المزاح اور مین نے یہ طعام تیرے کہانے کو دیا اگرچہ یہ ایجاب بطور خوش طبعی کے ہو خلاصہ مین ہی کہ موہوب لہ نے طلب ہبہ کی بطریق مزاح اور خوش طبعی کے سو واہب نے
بلا مزاح ہبہ تسلیم کی تو ہبہ صحیح ہی اسواسطے کہ واہب خوش طبعی کرنے والا نہ تہا اور موہوب لہ نے اسکو قبول کرلیا بالقول صحیح انتہی اور اسیطرح خلاصہ کے مانند خزانہ کی عبارت ہی جسکو
مصنف اپنے متن کی دلیل سمجہا ہی اور حالانکہ اس سے مصنف کا مطلب ثابت نہین ہوتا کذا فی الطحطاوی تو معلوم ہوا کہ ایجاب علی وجہ المزاح سے ہبہ صحیح نہین بخلاف
اطعمتک ارضی فانہ عاریۃ لرقبتہا واطعام لغلتہا بحر بخلاف اس قول کے کہ مین نے اپنی زمین تیرے کہانے کو دی اسواسطے کہ یہ قول عاریت ہی رقبہ زمین کی اور اطعام
ہی اسکے غلہ کا کذا فی البحر یعنی وہ غلہ جسکو مستعیر بووے چنانچہ کتاب الاجارہ مین مذکور ہو چکا والاضافۃ الی ما یعبر بہ عن الکل کوہبت لک فرجہا
وجعلتہ لک لان اللام للتملیک یا ایجاب مین اضافت ہو اس جزو کی طرف جس سے کل تعبیر کیا جاتا ہی چنانچہ مین نے تجہکو اس لونڈی کی شرمگاہ بخشی اور اسکو مین نے تیرے لیے
مقرر کردیا ٹہرا دیا اسواسطے کہ لام لک کے لفظ مین تملیک کے واسطے ہی علامہ طحطاوی نے کہا یون کہنا واضح تر تہا او بالاضافۃ یعنی اگرچہ ایجاب اضافت سے ہو بخلاف جعلتہ باسمک
فانہ لیس بہبۃ بخلاف اس قول کے کہ اسکو مین نے تیرے نام کے ساتہ ٹہرایا مقرر کردیا اسواسطے کہ یہ قول ہبہ نہین ہی ہم یہ قول غیر اظہر ہی اسواسطے کہ فتاوی عالمگیری مین
ظہیریہ سے منقول ہی کہ صغیر کے باپ نے باغ لگایا اور کہا کہ جعلتہ باسم ابنی یعنے مین نے اسکو اپنے بیٹے کے ساتہ ٹہرا دیا تو یہ ہبہ ہی یہی قول اظہر ہی اور اسی پر ہمارے اکثر مشائخ ہین
کذا فی الطحطاوی وکذا ہی لک حلال الا ان یکون قبلہ کلام یفیدہا ہبۃ خلاصۃ اور اسیطرح یہ قول ہبہ نہین کہ وہ لونڈی تجہکو حلال ہی مگر اس صورت مین ہبہ ہی جبکہ اسکے پہلے ایسا
کلام ہو جو ہبہ کا مفید ہو کذا فی الخلاصۃ ہم قول مذکور اسواسطے ہبہ نہین کہ لونڈی کی حلت یا نکاح سے ہی یا اباحت سے سو نکاح تو ثابت نہین اور اباحت
فروج مین جائز نہین کلام سابق جو ہبہ کا مفید ہو اس طرح ہی کہ ایک شخص دوسرے سے کہے کہ کیا مجہکو تو یہ لونڈی ہبہ کرتا ہی یا میرا دل راغب ہی
اسکے لینے پر یا کہ تو نے اس سے پہلے مجہکو کوئی چیز نہین ہبہ کی سو مخاطب نے کہا کہ تجہپر یہ حلال ہی تو البتہ یہ قول اب ہبہ ٹہریگا واعمرتک ہذا الشیء
اور مین نے یہ چیز تجہکو بطور عمری دی یعنی عمر بہر کو دی ہم عمری یہ ہی کہ اپنے مال کا مالک کردے اور بعد موت موہوب لہ کے پہیر لے سو تملیک صحیح ہی
اور پہیر لینے کی شرط باطل ہی اسواسطے کہ ہبہ باطل نہین ہوتا فاسد شرط سے حدیث شریف مین وارد ہی کہ جو شخص بطریق عمری کوئی چیز دے تو وہ چیز موہوب لہ

کی مملوک ہی اور اُسکے وارثون کی ہی بعد اُسکے کذا فی الزیلعی **وحملتک علی ہذہ الدابۃ** نادیا بالحمل الہبۃ کما مرا اور مین نے تجھکو اس جانور پر محمول کر دیا حالانکہ ہبہ کی نیت کرے چنانچہ کتاب العاریۃ مین مذکور ہو چکا ہے یہ کلام حمل کا ہے بمعنی ہبہ اور گاہے بمعنی عاریت مستعمل ہوتا ہی لہذا ثبوت ہبہ کے واسطے نیت ہبہ شرط ہوئی **وکسوتک ہذا الثوب** اور مین نے تجھکو یہ کپڑا پہنایا یہ اسم پہنانے سے تملیک عین مراد ہوتی ہی بولتے ہین کہ فلانے نے فلانے کو کپڑا پہنایا یعنی جبکہ اُسکو کپڑے کا مالک کر دیا اور عاریت مین اس طرح نہین بولتے **وداری لک ہبۃ** اور میرا گھر تیرا ہی موہوب ہو کر یہ لفظ ہبہ منصوب ہی حال ہونیسے ضمیر ظرف سے اور لام تملیک کا ہی کذا فی الدرر **او عمری تسکنہا لان قولہ تسکنہا مشورۃ لا تفسیر لان الفعل لا یصلح تفسیر الاسم فقد اشار علیہ فی ملکہ بان یسکنہ فان شاء قبل مشورتہ وان شاء لم یقبل** یا واہب یون بولا کہ میرا گھر تیرا ہی بطور عمری کے کہ تو اسمین سکونت کرے یہ قول بھی ایجاب ہبہ ہی اسواسطے کہ تسکنہا کا لفظ مشورہ ہی واہب کا نہ تفسیر اسواسطے کہ فعل اسم کی تفسیر پڑنے کی لیاقت نہین رکھتا تو واہب نے موہوب لہ کو مشورہ دیا اُسکی ملک مین اسطرح کہ اُسمین سکونت اختیار کرے سو اگر موہوب لہ چاہے اُسکے مشورے کو قبول کرے اور چاہے نہ قبول کرے **لا لو قال ہبۃ سکنی او سکنی ہبۃ بل تکون عاریۃ اخذا بالمتیقن** ہبہ صحیح نہو گا اگر یون واہب کہیگا کہ میرا گھر تیرا ہی موہوب ہو کر سکونت کی راہ سے یا سکونت کی راہ سے موہوب ہو کر بلکہ یہ قول عاریت ہو گا امر متیقن کو لیکر یعنی لفظ ہبۃ حال ہی اور سکنی تمیز عاریت ہونے کی و تمیز یہ ہی کہ لفظ سکنی محکم ہی تملیک منفعت مین تو یہ قول عاریت ٹھہرا خواہ لفظ ہبہ مقدم ہو یا مؤخر کذا فی الطحطاوی عن البحر **وحاصلہ ان اللفظ ان انبأ عن تملیک الرقبۃ فہبۃ او المنافع فعاریۃ او احتمل اعتبر النیۃ نوازل** اور حاصل کلام یہ ہی کہ ایجاب کا لفظ اگر خبر دے یعنے دلالت کرے تملیک رقبہ پر تو ہبہ ہی یا منافع پر دلالت کرے تو عاریت ہی یا ہبہ اور عاریت دونون کا محتمل ہو تو نیت معتبر ہی کذا فی النوازل شی البحر غرسہ باسم ابنی الاقرب الصحۃ اور بحر الرائق مین ہی کہ ایک شخص نے کہا کہ مین اس درخت کو جاتا ہون اپنے فرزند کے نام پر تو اقرب صحت ہبہ ہی م صاحب بحر نے یہ قول خلاصہ سے نقل کیا ہی اور عالمگیری مین فتاوی قاضی خان سے بصیغہ جزم مذکور ہی کہ یہ قول ہبہ نہین ہی تو اسی پر اعتماد چاہیے کذا فی الطحطاوی **وتصح بقبول ای فی حق الموہوب لہ اما فی حق الواہب فتصح بالایجاب وحدہ لانہ متبرع حتی لو حلف ان یہب عبدہ لفلان فوہب ولم یقبل لا یحنث** بر دیکسہ حنث بخلاف البیع اور ہبہ صحیح ہوتا ہی قبول کرنے سے یعنے موہوب لہ کے حق مین اور واہب کے حق مین ہبہ صحیح ہو جاتا ہی فقط ایجاب بلا قبول سے تو اگر واہب نے قسم کھائی کہ اپنا غلام فلانے شخص کو ہبہ کریگا سو اُسنے اُسکو ہبہ کیا اور اس شخص نے ہبہ قبول نکیا تو حانث نہوا اور اسکے بالعکس مین حانث ہو گا یعنے اگر قسم کھائی کہ مین فلانے شخص کا ہبہ لونگا سو اُسنے ہبہ کیا اور اُسنے قبول نکیا تو حانث نہوگا بر خلاف بیع کے یعنے اگر قسم کھائی کہ فلانے شخص کے ہاتھ بیع کریگا سو اُسنے بیع کا ایجاب کیا اور اُسنے قبول نہ کیا تو حانث ہو گا اسواسطے کہ بیع عقد معاوضہ ہی تمام نہین ہوتا مگر ایجاب اور قبول سے تو جبتک قبول نہ پایا جائے گا بیع ثابت نہو گی کذا فی الطحطاوی **وتصح بقبض بلا اذن فی المجلس فانہ ہنا کالقبول فاختص بالمجلس** اور صحیح ہی ہبہ موہوب لہ کے قبض کرنے سے بلا اذن واہب کے مجلس عقد مین اسواسطے کہ قبض یہان یعنی ہبہ مین قبول کرنے کے مانند ہی لہذا مخصوص بہ مجلس عقد ہوا مراد قبض بجاے قبول کے اسواسطے ہوا کہ مقصود ایجاب سے اثبات ملک ہی تو ایجاب مسلط کرتا ہی قبض پر باعتبار دلالت کے اسواسطے کہ ملک متصور نہین مگر قبض سے تو قبض مفید مجلسی ایجاب ہو گا قبول کے مانند کیونکہ وہ بمنزلہ قبول کے ہی اور یہ استحسان ہی اور قیاس یہ تھا کہ جائز نہو تا مگر واہب کے اذن سے کذا فی الزیلعی **وبعدہ ای بعد المجلس بالاذن** اور بعد انقضاے مجلس قبض صحیح ہو گا واہب کے اذن سے **وفی المحیط لو کان امرہ بالقبض حین وہبہ لا یتقید بالمجلس ویجوز القبض بعدہ** اور محیط مین ہی کہ اگر واہب نے موہوب لہ کو قبض کرنے کا امر کیا ہو ہبہ کرنے کے وقت تو قبض مقید بہ مجلس نہو گا اور جائز ہو گا بعد اُسکے بھی **والتمکن من القبض کالقبض فلو وہب لرجل ثیابا فی صندوق مقفل ودفع الیہ الصندوق لم یکن قبضا لعدم تمکنہ من القبض** اور قادر ہونا قبض پر قبض کے مانند ہی تو اگر ایک مرد کو کپڑے ہبہ کیے صندوق مقفل مین اور صندوق مذکور اُسکی طرف بالسلام کیا یعنے سامنے کیا تو قبض نہو گا بسبب اُسکے نہ قادر ہونے کے قبض پر **وان مفتوحا کان قبضا لتمکنہ منہ فانہ کالتخلیۃ فی البیع اختیار** اور اگر صندوق کھلا ہو تو قبض ثابت ہو گا

سامنے کرنے سے بواسطہ قادر ہونے موہوب لہ کے قبض سے اسواسطے کہ قادر ہونا قبض پر مانند تخلیہ کے ہے بیع مین وفی الدرر والمختار صحتہ بالتخلیۃ فی صحیح الہبۃ لا فاسدہا یا حوالہ کرنے سے ۱۱
اور درر مین ہے اور قول مختار یہ ہے کہ صحیح ہونا قبض کا بیچ تخلیہ سے ہبہ صحیح نہ ہبہ فاسد مین یعنی اگر واہب نے موہوب اور موہوب لہ مین تخلیہ کردیا تو قبض صحیح ہوگیا بشرطیکہ
ہبہ فاسد نہو وفی التنف ثلثۃ عشر عقدا لا تصح بلا قبض اور تنف مین ہے کہ تیرہ عقد صحیح نہین ہین بدون قبض کے ہم عقود مذکورہ یہ ہین ۱ ہبہ ہے ۲ صدقہ ۳
رہن ۴ وقف بقول محمد رح و اوزاعی وابن شبرمہ وحسن بن صالح ۵ عمریٰ ۶ نحلہ یعنی عطا ۷ جنین ۸ صلح ۹ راس المال سلم مین ۱۰ بدل سلم مین جبکہ بعض بدل کھوٹا
ہو تو اگر کھوٹے درمون کا عوض مقبوض نہو تو بقدر اُسکے حصہ کے سلم باطل ہوگی ۱۱ عقد صرف ۱۲ جبکہ کیلی کی بیع کیلی سے ہو اور جنس مختلف ہو جیسا کہ گیہون کی
بیع جو سے تو اسمین تفاضل جائز ہے نہ نسیہ ۱۳ جبکہ وزنی کی بیع وزنی سے ہو مع اختلاف الجنس تو اسمین بھی تفاضل جائز ہے نہ نسیہ کذا فی اللحطاوی عن الحلبی عن المنح
ولو نہاہ عن القبض لم یصح قبضہ مطلقا ولو فی المجلس لان الصریح اقوی من الدلالۃ اور اگر واہب نے موہوب لہ کو منع کردیا قبض سے تو اُسکا قبضہ کرنا مطلقاً صحیح
نہوگا اگرچہ مجلس ایجاب مین قبضہ کیا ہو اسواسطے کہ صریح قوی تر ہے دلالت سے ہم خلاصہ یہ ہے کہ اگر قبض کا اذن دیا تو قبض صحیح ہے مجلس مین اور بعد مجلس کے بھی اور
اگر قبض سے منع کیا تو قبض صحیح نہین نہ مجلس مین نہ بعد مجلس کے اسواسطے کہ صریح قوی تر ہے دلالت سے یعنی صحت قبض بھی ایجاب سے باعتبار دلالت کے اور نہی عن القبض
صریح ہے اور صریح قوی تر ہے دلالت سے اور اگر نہ اذن دیا اور نہ منع کیا تو قبض مجلس مین صحیح ہے نہ بعد مجلس کے اور اگر موہوب غائب ہو اور موہوب لہ وہان
جاکر قبضہ کیا اگر قبض واہب کے اذن سے ہے تو صحیح ہے اور نہین تو نہین **وتتم الہبۃ بالقبض الکامل** اور ہبہ تمام ہوتا ہے قبض کامل سے ہم قبض کامل متقوم مین وہ ہے جو
منقول کے مناسب ہے اور عقار مین وہ ہے جو عقار کے مناسب ہے تو گھر کی کنجی کا قبض گھر کا قبض ہے اور محتمل القسمۃ مین قبض کامل قسمت کرنے سے ہوتا ہے یا موہوب
پر قبض بالاصالۃ واقع ہو بلا تبعیت قبض کل اور غیر محتمل القسمۃ مین قبض کامل بہ تبعیت کل ہوتا ہے کذا فی الدرر **ولو الموہوب شاغلا لملک الواہب**
لا مشغولا بہ ہبہ کامل قبض سے پورا ہوجاتا ہے اگرچہ موہوب شاغل ملک واہب ہو نہ مشغول بملک واہب **والاصل ان الموہوب ان مشغولا بملک الواہب منع**
تمامہا وان شاغلا لا اور قاعدہ یہ ہے کہ اگر موہوب مشغول بملک واہب ہوگا تو شغل مذکور ہبہ کے تمام اور کامل ہونے کا مانع ہوگا اور اگر موہوب شاغل بملک واہب ہوگا تو ہبہ
تمام ہونے کا مانع نہوگا یعنے درصورت مشغولیت موہوب تسلیم ممتنع ہوگی تو ہبہ کی صحت متحقق نہوگی اور درصورت شاغلیت موہوب تسلیم ممتنع نہوگی تو ہبہ بھی صحیح ہوگا
کذا فی الدرر فلو وہب جرابا فیہ طعام الواہب او دارا فیہا متاعہ او دابۃ علیہا سرجہ وسلمہا کذلک لا تصح تو اگر وہ تھیلا ہبہ کیا جسمین واہب کا طعام ہے یا وہ گھر
جسمین واہب کا اسباب ہے یا وہ جانور بخشا جسپر واہب کا زین ہے اور تینون چیزون کو اسیطرح تسلیم کیا تو ہبہ صحیح نہوگا ہم اسواسطے کہ موہوب ملک واہب سے
مشغول ہے کیونکہ ظرف کو مظروف مشغول کردیتا ہے اور ظرف مظروف کو مشغول نہین کرتا کذا فی الدرر **وبعکسہ تصح فی الطعام والمتاع والسرج فقط لان کلا منہا شاغل**
الملک الواہب لا مشغول بہ اور اُسکے بالعکس مین ہبہ صحیح ہے طعام اور متاع اور زین مین فقط اسواسطے کہ ہر واحد اشیاء ثلثہ سے ملک واہب سے شاغل ہے نہ مشغول
ہم خلاصہ یہ ہے کہ ظرف کا ہبہ بدون مظروف صحیح نہین اور مظروف کا ہبہ بلا ظروف صحیح ہے کیونکہ اول مشغول ہے اور ثانی شاغل **لان شغلہ بغیر ملک واہبہ لا یمنع تمامہا**
عدم تمام ہبہ مین مشغولیت بملک واہب کی قید اسواسطے لگائی کہ موہوب کا مشغول ہونا غیر واہب کی ملک سے کمال ہبہ کا مانع نہین ہم منجملہ اسکی صورتون کے
ایک صورت یہ ہے کہ واہب نے موہوب لہ کو ایک گھر ہبہ کیا اُس متاع کے ساتھ جو اُس گھر مین ہے اور گھر تسلیم بھی کردیا پھر متاع غیر شخص کی ملک ثابت ہوئی تو ہبہ پورا ہے
گھر مین اسواسطے کہ واہب کا قبضہ گھر اور اسباب دونون پر تھا حقیقۃً تو اُسکی تسلیم صحیح ہوئی پھر استحقاق متاع سے ظاہر ہوگیا کہ متاع واہب کی ملک نتھی اور غیر واہب کی
ملک ہونا مانع نہین کذا فی الطحطاوی **کرہن وصدقۃ لان القبض شرط تمامہا وتمامہ فی العمادیۃ** تمام ہونا ہبہ کا قبض کامل سے ہوتا ہے رہن اور صدقہ کے مانند اسواسطے
کہ قبض شرط ہے رہن اور صدقہ کے تمام ہونے کی اور پورا بیان اسکا عمادیہ مین ہے ہم یعنی رہن اور صدقہ پورا نہین ہوتا مگر قبض کامل سے اور رہن کا مشغول ہونا
بملک راہن اور صدقہ کا مشغول ہونا بملک متصدق مضر ہے اور دونون کا شاغل ہونا مضر نہین تو تشبیہ راجع متن سے ہے کذا فی الطحطاوی **وفی الاشباہ ہبۃ المشغول لا یجوز**

الا اذا وہب الاب لطفلہ اور اشباہ مین ہی کہ ہبہ مشغول کا جائز نہین مگر جبکہ باپ اپنے صغیر کو ہبہ کرے تو جائز ہی قلت وکذا الدار المعارۃ مین کہتا ہون اور ایسیطرح عاریت کا گھر ہی صورت اُسکی یہ ہی کہ ایک گھر عاریت دیا انسان کو پھر مستعیر یا معیر نے کسیکا اسباب غصب کیا اور اُس گھر مین رکھا پھر مستعیر نے معیر کو وہ گھر ہبہ کردیا تو اس گھر کا ہبہ صحیح ہی اسواسطے کہ ظاہر ہوگیا کہ شاغل غیر واہب کی ملک ہی کذا فی الطحطاوی والتی وہبتہا لزوجہا لان المرأۃ ومتاعہا فی ید الزوج فیصح التسلیم اور ہبہ مشغول اُس گھر مین جائز ہی جسکو زوجہ نے اپنے زوج کو ہبہ کیا بنا بر ظاہر مذہب کے اسواسطے کہ عورت اور اُسکا اسباب زوج کے ہاتھ مین ہی تو تسلیم موہوب صحیح ہوگئی ہم صورت اُسکی یہ ہی کہ زوجہ نے اپنا گھر اپنے زوج کو ہبہ کیا اور زوجہ اُسمین رہتی ہی اور اُسکا اسباب اُسمین ہی اور زوج بھی اُسکے ساتھ اُسکے گھر مین رہتا ہی تو یہ ہبہ صحیح ہی اسواسطے کہ زوجہ گھر اور اسباب کے زوج کے ہاتھ مین ہی اور مقابل مذہب ابو یوسف رح کا قول ہی کہ ہبہ مذکور جائز نہین کذا فی الطحطاوی وقد غیرت بیت الوہبانیۃ فقلت شعر ومن وہبت للزوج دارا لہا بہا * متاع وہم فیہا فصح المحرر اور مقررین نے بدل ڈالی وہبانیہ کی بیت سو مین نے یون کہا اور جس زوجہ نے زوج کو اپنا وہ گھر ہبہ کیا جسمین زوجہ کا اسباب ہی اور زوج اور زوجہ اسمین رہتے ہین تو ہبہ صحیح ہی یہی قول محرر معتمد علیہ ہی ہم وہبانیہ کی اصل بیت یون تھی (ومن وہبت للزوج دارا لہا بہا * متاع وہم فیہا فقولان یزبر) یعنی جس زوجہ نے زوج کو اپنا وہ گھر ہبہ کیا جسمین زوجہ کا اسباب اور زوج اور زوجہ اُسمین رہتے ہین تو دو قول اسمین مرقوم ہین یعنے جواز ہبہ اور عدم جواز لیکن چونکہ عدم جواز قول ضعیف تھا لہذا شارح نے بیت مین تصرف کردیا وفی الجوہرۃ وحیلۃ ہبۃ المشغول ان یودع الشاغل اولا عند الموہوب لہ ثم یسلمہ الدار مثلا فتصح لشغلہا بمتاع فی یدہ اور جوہرہ مین ہی کہ ہبہ مشغول کا حیلہ یہ ہی کہ پہلے شاغل کو موہوب لہ کے پاس ودیعت رکھے پھر موہوب لہ کو مثلا مشغول گھر تسلیم کرے تو ہبہ صحیح ہوگا بسبب مشغول ہونے گھر کی متاع کے ساتھ موہوب لہ کے ہاتھ مین یعنی جب شاغل بطریق ودیعت موہوب لہ کے قبض مین آیا پھر مشغول پر تسلیم واہب اُسکے پاس آیا تو دونون پر قبض کامل متحقق ہوگیا لہذا ہبہ صحیح ہوگیا فی متعلق بتتم محوز مفرغ ہبہ تمام ہوتا ہی قبض کامل سے موہوب مفرغ مین ہم یعنی جو موہوب کہ فارغ ہو ملک واہب اور حق ملک سے تو احتراز ہوگیا پھل کے ہبہ سے درخت پر اور صوف کی ہبہ سے غنم پر اور کھیتی کی ہبہ سے زمین پر مقسوم وہ موہوب مفرغ جسکی قسمت ہوگئی اور مشاع باقی رہا ومشاع لایبقی منتفعا بہ بعد ان تقسیم کبیت وحمام صغیرین اور ہبہ تمام ہوتا ہی قبض کامل سے اُس مشاع یعنے غیر مقسوم مین جو نفع لینے کے لائق نہین رہتا قسمت کرنے کے بعد چنانچہ چھوٹی کوٹھری اور حمام صغیر ہم مشاع لایقسم یعنی جو قسمت کی صلاحیت نہین رکھتا بایمعنی کہ بعد قسمت کے اصلا منتفع بہ نہین رہتا چنانچہ عبد واحد اور دابہ واحدہ یا بعد قسمت کے منتفع بہ نہین رہتا اس طرح کا انتفاع جو قبل قسمت کے تھا چنانچہ بیت صغیر اور حمام صغیر اور ثوب صغیر کذا فی الدرر لانہا لاتتم بالقبض فیما یقسم مشاع غیر قسمت پذیر کی قید اسواسطے لگائی کہ ہبہ تمام نہین ہوتا قبض کرنے سے اُس مشاع مین جو قسمت پذیر ہی ہم قسمت پذیر چنانچہ زمین اور ثوب مذروع اور مانند اُسکے کذا فی الدرر قہستانی نے کہا جسکی قسمت موجب نقصان ہو وہ قسمت پذیر اور محتمل القسمۃ نہین اور نہین تو قسمت پذیر ہی انتہی بحر الرائق مین ہی کہ حد فاصل محتمل القسمۃ اور غیر محتمل القسمۃ مین یہ ہی کہ جو چیز دو شخصون مین مشترک ہو سو ایک شخص قسمت طلب کرے اور دوسرا شریک قسمت نمانے تو اگر قاضی مانع قسمت پر جبر کرسکتا ہو شرع کی راہ سے تو وہ چیز محتمل القسمۃ ہی چنانچہ گھر اور بڑی کوٹھری اور اگر قاضی جبر نہ کرسکے تو وہ محتمل القسمۃ نہین چنانچہ عبد اور حمام اور بیت صغیر اور دیوار ولو وہبہ لشریکہ او لاجنبی لعدم تصور القبض الکامل کما فی عامۃ الکتب فکان ہو المذہب مشاع قابل قسمت کا ہبہ قبض سے پورا نہین ہوتا اگرچہ واہب نے اُسکو اپنے شریک کو ہبہ کیا ہو یا اجنبی کو بجہت عدم تصور قبض کامل چنانچہ اکثر کتب فقہ مین ہی تو وہی یعنی شریک کو بھی ہبہ مشاع کا باطل ہونا مذہب ٹھہرا ہم درر سے مذکور ہو چکا کہ قابل قسمت مین قبض کامل بدون قسمت کے نہین ہوتا وفی الصیرفیۃ عن العتابی وقیل یجوز لشریکہ وہو المختار اور صیرفیہ مین عتابی سے منقول ہی اور بعضون نے کہا کہ ہبہ مشاع شریک کو جائز ہی اور وہ مختار قول ہی ہم فقہا کی ظاہر عبارت سے عدم جواز معتمد ہی یہان تک کہ شیخ الاسلام نے جواز کو ابن ابی لیلے کی طرف منسوب کیا ہی بعد حکایت اطلاق کے اہل مذہب سے کذا فی الطحطاوی فان قسمہ وسلمہ صح لزوال المانع پھر اگر مشاع کو قسمت کرڈالا اور موہوب لہ کو تسلیم کردیا تو صحیح ہوگا بسبب دور ہو جانے مانع یعنے مانع قبض کامل

اشاعت تھی سو قسمت اور تسلیم سے زائل ہوگئی ولو سلمہ شائعا لا یملکہ فلا ینفذ تصرفہ فیہ فیضمنہ و ینفذ تصرف الواہب درر اور اگر مشاع کو بلا قسمت تسلیم کر دیا اس طرح پر کہ کل کو تسلیم کر دیا تو موہوب لہ اسکا مالک نہوگا یعنی بواسطہ عدم قبض کامل تو اُسکا تصرف اُسمین نافذ نہوگا تو موہوب لہ اُسکا تاوان دیگا

درصورت تصرف اور واہب کا تصرف اُسمین نافذ ہوگا کذا فی الدرر لکن فیہا عن الفصول الہبۃ الفاسدۃ تفید الملک بالقبض وبہ یفتی ومثلہ فی البزازیۃ علی خلاف ما صححہ فی العمادیۃ لکن لفظ الفتوی آکد من لفظ الصحیح کما بسطہ المصنف مع بقیۃ احکام المشاع لکن درر مین ہی فصول سے کہ ہبہ فاسد ملک کا مفید ہوجاتا ہی قبض کرنے سے اور اسی قول کا فتوی ہی اور مانند اُسکے بزازیہ مین ہی برخلاف اُس قول کے جسکو صحیح کہا ہی عمادیہ مین لیکن فتوی کا لفظ موکد تر ہی صحیح کے لفظ سے چنانچہ مصنف نے اسکو مشرح بیان کیا ہی اپنی شرح مین مشاع کے بقیہ احکام کے ساتھ ہم ظاہر عبارت شارح دال ہی کہ ہبہ مشاع قبل قسمت فاسد ہی حالانکہ وہ صحیح غیر تام ہی چنانچہ سلبی مین ہو اتقانی سے مذکور ہی اور کلام صاحب بحر بھی صحت پر دلالت کرتا ہی بیع مشاع کی جائز ہی قسمت پذیر اور عدم قسمت پذیر مین اور اجارہ اسکا جائز ہی شریک سے نہ اجنبی سے وعلیہ الفتوی اور اجارہ مذکورہ فاسد ہی تو اجرت مثل لازم ہوگی اور اعارہ اسکا شریک سے جائز ہی اور اگر اجنبی کو عاریت دی تو اگر سب تسلیم کرے تو اعارہ مستا نفا جائز ہی والا جائز نہین اور رہن مشاع کا فاسد ہی مقسوم اور غیر مقسوم مین شریک اور غیر شریک برابر ہی اور وقف مشاع کا ابو یوسف رح کے نزدیک جائز ہی نہ محمد رح کی نزدیک اور بلا

خلاف محتمل القسمۃ مین اور غیر محتمل القسمۃ مین بالاتفاق جائز نہین اور ایداع مشاع شریک سے جائز ہی اور قرض مشاع کا بالاجماع جائز ہی کذا فی الطحطاوی وہل للقریب الرجوع فی الہبۃ الفاسدۃ قال فی الدرر نعم وتعقبہ فی الشرنبلالیۃ بانہ غیر ظاہر علی القول المفتی بہ من افادتہا الملک بالقبض فلیحفظ اور کیا جائز ہی قرابت دار کو رجوع کرنا ہبۂ فاسدہ مین درر مین کہا کہ ہان جائز ہی اور شرنبلالیہ مین ہی اُسپر اعتراض کیا ہی کہ رجوع غیر ظاہر ہی بنابر قول مفتی بہ کے اس راہ سے کہ ہبہ فاسدہ ملک کا مفید ہوجاتا ہی قبض کرنے سے تو اُسکو یاد رکھنا چاہیے والمانع من تمام القبض شیوع مقارن للعقد لا طاری کان یرجع فی بعضہا شائعا فانہ لا یفسدہا اتفاقا اور مانع تمام قبض سے وہ شیوع ہی جو عقد ہبہ کے مقارن اور متصل ہو نہ شیوع طاری یعنی وہ شیوع مانع قبض نہین جو بعد عقد کے طاری ہو چنانچہ واہب بعض شائع مین رجوع کرے کیونکہ شائع طاری مفسد ہبہ نہین بالاتفاق ہم شیوع متصل کی یہ صورت ہی کہ واہب اپنا نصف گھر شائع ہبہ کرے اور شیوع طاری کی یہ صورت کہ تمام گھر ہبہ کرے پھر نصف یا ثلث شائع مین ہبہ

کو باطل کردے والاستحقاق شیوع مقارن لا طاری فیفسد الکل حتی لو وہب ارضا وزرعہا وسلمہا فاستحق الزرع بطلت فی الارض لاستحقاق البعض الشائع فیما یحتمل القسمۃ اور استحقاق شیوع مقارن ہی نہ شیوع طاری تو استحقاق ثابت ہونا مفسد ہی کل موہوب کا تو اگر زمین اور کھیتی ہبہ کی اور دونون کو تسلیم کر دیا پھر کھیتی مستحق ملک غیر نکلی تو ہبہ زمین مین باطل ہوگیا بسبب مستحق ہونے بعض شائع کے محتمل القسمۃ مین ہم زراعت کے بعض شائع ہونے مین کلام ہی اور صاحب درر نے یون وجہ بیان کی ہی کہ زرع زمین کے ساتھ بحکم اتصال شئ واحد کے مانند ہی پھر جب احدہما مستحق ٹھہرا تو یون ہوگیا کہ گویا بعض شائع مستحق ٹھہرا محتمل القسمۃ مین تو

ہبہ باطل ہوگا باقی مین اور اس تعلیل پر شارح کا قول آئندہ یعنے لانہ کمشاع بھی دلالت کرتا ہی کذا فی الطحطاوی ولان الاستحقاق اذا ظہر بالبینۃ کان مستندا الی ما قبل الہبۃ فیکون مقارنا لہا لا طاریا کما زعمہ صدر الشریعۃ وان تبعہ ابن الکمال فتنبہ اور استحقاق جبکہ گواہون سے ثابت ہوا تو استحقاق ما قبل ہبہ کی طرف مستند ہوگا تو شیوع ہبہ کے مقارن ہوگا نہ طاری جیسا کہ صدر الشریعہ نے گمان کیا ہی اگرچہ ابن کمال نے صدر الشریعہ کا اتباع کیا ہی اس قول مین سہو آگاہ ہو ہم استحقاق زرع کو ظہیریہ مین شیوع مقارن کہا ہی اور نہایہ اور کرمانی مین اسکو شیوع طاری قرار دیا ہی قہستانی نے کہا کہ شاید مسئلہ مین دو روایتین ہین اس تقریر سے معلوم ہوا کہ صدر الشریعہ اور ابن کمال اس قول مین متفرد نہین کذا فی الطحطاوی ولا تصح ہبۃ لبن فی ضرع وصوف علی غنم ونخل سیف فی ارض وتمر فی نخل لانہ کمشاع اور صحیح نہین ہبہ دودھ کا تھن مین اور روئین کا ہبہ بھیڑ پر اور کھجور کے درخت کا زمین مین اور کھجور کا ہبہ کھجور کے درخت مین اسواسطے کہ یہ ہبہ مشاع کے مانند ہی ولو فصلہ وسلمہ جاز لزوال المانع اور اگر واہب موہوب کو جدا کر ڈالے یعنے مثلاً دودھ کو تھن سے علیحدہ کرکے ہبہ اور تسلیم کردے تو جائز ہی بسبب دور ہوجانے مانع قبض کامل کے وہل یکفی فصل الموہوب لہ باذن الواہب ظاہر الدرر نعم اور کیا کفایت کرتا ہی جدا کرنا موہوب لہ کا واہب کے

اذن سے مدبر کا ظاہر یہ ہے کہ ہاں کفایت کرتا ہے بخلاف دقیق فی بر و دہن فی سمسم وسمن فی لبن حیث لا یصح اصلا لانہ معدوم فلا یملک الا بعقد جدید برخلاف
اس آٹے کے جو گیہوں میں بالقوۃ ہے اور اس تیل کے جو تلوں میں ہے اور اس گھی کے جو دودھ میں ہے کیونکہ ہبہ اصلا صحیح نہیں ہوا اسلیئے کہ وہ بالفعل معدوم ہے تو مملوک
نہوگا مگر عقد جدید سے ہم عدم جواز کا بھید یہ ہے کہ گیہوں مستحیل ہو کر آٹا ہو جاتے ہیں اسی طرح باقی اشیاء مذکورہ بعد استحالہ کے دوسری چیز ہو جاتے ہیں کذا فی الدرر
وملک بالقبول بلا قبض جدید لو الموہوب فی ید الموہوب لہ ولو بغصب او امانۃ لانہ حینئذ عامل لنفسہ اور موہوب مملوک ہو جاتا ہے قبول کی لیئے بےبلا قبض
جدید اگر موہوب موہوب لہ کے ہاتھ میں ہو ہبہ کے وقت اگر اسکا قبض بطریق غصب یا امانت کے ہو اسواسطے کہ اسوقت میں یعنی جبکہ موہوب لہ قابض نے
ہبہ قبول کیا وہ اپنی ذات کے واسطے عمل کرنے والا ہے یعنے بواسطہ قابض ہونے کے اپنی ملک پر والاصل ان القبضین اذا تجانسا ناب احدہما عن الآخر اور قاعدہ کلیہ
یہ ہے جبکہ دو قبض ہمجنس ہوں تو ایک قبض دوسرے قبض کا نائب ہو جاتا ہے ہم چنانچہ ایک شخص کے پاس ودیعت تھی پھر مالک نے وہ بطور عاریت کے دی تو قبض ودیعت
قائم مقام قبض عاریت کے ہوگا اسواسطے کہ دونوں قبض امانت کے قبض ہیں تو صحیح ہوگا بلا قبض مستانف جدید واذا تغایرا ناب الاعلی عن الادنی لا عکسہ اور جبکہ
دونوں قبض ہم جنس نہوں متغایر ہوں تو قبض اعلی قائم مقام ہوتا ہے قبض ادنے کے اور ادنے اعلی کا نائب نہیں ہوتا ہم نیابت اعلی کی مثال یہ ہے کہ غصب سے
قبض کیا پھر مالک نے غاصب کو ہبہ کر دیا تو صحیح ہے اور قبض جدید کی حاجت نہیں اور قبض ادنی کی مثال یہ کہ ایک چیز ایک شخص کے پاس بطور عاریت کے تھی پھر مالک نے
اسکے ہاتھ بیچ ڈالی وہبۃ من لہ ولایۃ علی الطفل فی الجملۃ وہو کل من یعولہ فدخل الاخ والعم عند عدم الاب لو فی عیالہم اور ہبہ اس شخص کا جسکی نے الجملہ
ولایت صغیر پر ثابت ہے اور ولی فی الجملہ وہ ہے جو صغیر کی پرورش کرتا ہو تو بھائی اور چچا ولی فی الجملہ میں داخل ہوا باپ کے نہونے کے وقت بشرطیکہ صغیر
انکے عیال میں ہو ہم ولی فی الجملہ سے مراد یہ ہے کہ وہ صغیر کے مال میں تصرف نکر سکے اور باپ سے مراد یہ کہ جو مال میں تصرف کرے اور باپ کا نہونا غیبت منقطعہ
اور موت کو شامل ہے کذا فی الطحطاوی تتم بالعقد لو الموہوب معلوما وکان فی یدہ او ید مودعہ لان قبض الولی ینوب عنہ ولی فی الجملہ کا ہبہ پورا ہو جاتا ہے
عقد سے یعنے فقط ایجاب بلا قبول اور قبض سے اگر موہوب معلوم ہے اور موہوب ولی کے ہاتھ میں ہو یا اسکے مودع کے ہاتھ میں اسواسطے ہبہ مذکور پورا ہے
کہ ولی کا قبض صغیر کے قبض کے قائم مقام ہے والاصل ان کل عقد یتولاہ الواحد یکتفی فیہ بالایجاب اور قاعدہ یہ ہے کہ جس عقد کا متولی ایک شخص ہو سکے
تو اسمیں فقط ایجاب پر کفایت ہوتی ہے بلا اشتراط قبول وان وہب لہ اجنبی تتم بقبض ولیہ وہو احد اربعۃ الاب ثم وصیہ ثم الجد ثم وصیہ وان لم یکن
فی حجرہم وعند عدمہم تتم بقبض من یعولہ کعمہ اور اگر صغیر کو اجنبی نے کوئی چیز ہبہ کی تو ہبہ تمام ہوتا ہے اسکے ولی کے قبض سے اور صغیر کا ولی چار شخصوں میں سے
ایک شخص ہے اول باپ پھر اسکا وصی پھر دادا پھر اسکا وصی اگرچہ صغیر انکی گود یعنے انکی پرورش اور حمایت میں نہو اور انکے نہونے کے وقت ہبہ تمام
ہوتا ہے اس شخص کے قبض سے جسکے عیال اور پرورش میں صغیر ہو چنانچہ صغیر کا چچا وامہ واجنبی ولو ملتقطا لو فی حجرہما والا لفوات الولایۃ اور ہبہ
اجنبی کا صغیر کو تمام ہو جاتا ہے اسکی ماں کے قبض اور اجنبی کے قبض سے اگرچہ اجنبی ملتقط ہو بشرطیکہ صغیر ماں اور اجنبی کی پرورش میں ہو اور اگر
پرورش میں نہو تو ماں اور اجنبی کا قبض کافی نہیں بواسطہ عدم ولایت اگرچہ صغیر کا قرابت دار محرم ہو کذا فی المنح وبقبضہ لو ممیزا یعقل التحصیل
اور ہبہ تمام ہوتا ہے خود صغیر کے قبض کرنے سے بشرطیکہ نابالغ الیسا تمیز دار ہو کہ تحصیل مال کو سمجھتا ہو ولو مع وجود ابیہ مجتبی لانہ فی النافع المحض کالبالغ
حتے لو وہب لہ اعمی لا نفع لہ وتلحقہ مؤنتہ لم یصح قبولہ اشباہ ہبہ تمام ہوتا ہے صغیر ممیز کے قبض سے اگرچہ باپ اسکا موجود ہو کذا فی المجتبی اسواسطے
کہ نابالغ نافع محض میں بالغ کے برابر ہے تو اگر صغیر کو اندھا غلام جس سے کچھ فائدہ نہیں ہبہ کیا گیا اور غلام مذکور کا خرچ اسپر لاحق ہوتا ہو تو صغیر کا
قبول کرنا صحیح نہیں کذا فی الاشباہ قلت لکن فی البرجندی اختلف فیما لو قبض من یعولہ والاب حاضر فقیل لا یجوز والصحیح ہو الجواز انتہی میں کہتا
ہوں لیکن برجندی میں ہے کہ اسمیں اختلاف ہے کہ اس شخص نے قبض کیا جو صغیر کو پرورش کرتا ہے اور حالانکہ باپ موجود ہے

فقط ایکے والا یعنے ہے صورت مذکورہ بالا یعنے جو ۱۲

تو بعضون نے کہا کہ قبض مذکور جائز نہین اور صحیح قول یہ ہو کہ قبض مذکور جائز ہو انتہی ہم یہ استدراک ہو عندعدمہم کے قول پر وظاہر القہستانی ترجیحہ وعزاہ لفخر الاسلام وغیرہ علی خلاف ما اعتمدہ المصنف فی شرحہ وعزاہ للخلاصۃ اور قہستانی کا ظاہر ترجیح جواز ہو اور قہستانی نے اسکو فخر الاسلام کی طرف منسوب کیا ہو برخلاف اُس قول کے جسپر مصنف نے اپنی شرح مین اعتماد کیا ہو اور مصنف رح نے اسکو یعنی عدم جواز کو خلاصہ کی طرف منسوب کیا ہو ہم قہستانی نے جواز قبض مربی طفل باوجود حاضر ہونے باپ کے مضمرات سے نقل کیا ہو بتصریح لفظ مختار اور فتاوی عالمگیری مین خانیہ سے منقول ہو کہ یہی قول صحیح ہو اور فتاوی صغرا سے نقل کیا ہو کہ یہی قول مفتی بہ ہو کذا فی الطحطاوی

لکن عند تحملہ لوصل ولو بامہ والاجنبی ایضاً فتامل لیکن مصنف رح کا متن احتمال رکھتا ہو جواز کا بسبب وصل کرنے ولو مع وجود ابیہ کے امہ والاجنبی کے ساتھ بھی سو اُسمین تامل کر ہم یعنی جسطرح مصنف رح کا قول ولو مع وجود ابیہ موصول ہو اس قول سے وبقبضہ ولو ممیزا اسیطرح اگر اسکو امہ والاجنبی سے وصل کیجیے تو یہ مطلب حاصل ہوتا ہو کہ مان اور اجنبی کے قبض سے باوجود حاضر ہونے باپ کے ہبہ تام ہو جاتا ہو کذا فی الطحطاوی وصح ردہ لہا کقبولہ سراجیہ اور صغیر کا ہبہ رد کرنا صحیح ہو جیسا قبول کرنا اسکا صحیح ہو کذا فی السراجیہ وفیہا حسنات الصبی لہ وللابوین اجر التعلیم ونحوہ اور سراجیہ مین ہو صغیر کی نیکیان اُسکے واسطے ہین یعنی اُسی کو ثواب ہو انکا اور اُسکے مان باپ کو تعلیم وغیرہ کا ثواب ہو ہم بعضون کے نزدیک صغیر کی نیکیون کا ثواب اُسکے والدین کو ہو اور قول معتمد یہ ہو کہ صغیر ہی کو ثواب ہو چونکہ گناہ صغیر پر نہین کہ حسنات اُسکا کفارہ ہون لہذا اُسکے حسنات سے ترقی درجات ہوگی کذا فی الطحطاوی ویباح لوالدیہ ان یاکلا من ماکول وہب لہ وقیل لا انتہی فافاد ان غیر الماکول لا یباح لہما الا لحاجۃ اور صغیر کے والدین کو اُس مال کا کھانا مباح ہو جو اُسکو ہبہ ہوا اور قول ضعیف یہ ہو کہ کھانا مباح نہین انتہی مافی السراجیۃ تو سراجیہ سے معلوم ہوا کہ موہوب غیر ماکول والدین کو مباح نہین مگر بضرورت

چنانچہ افلاس والدین وضعوا ہدایا الختان بین یدی الصبی بما یصلح للصبیان فالہدیۃ لہ والا فان المہدی من اقرباء الاب او معارفہ فللاب ومن معارف الام فللام قال ہذا للصبی اولا لوگون نے ختنے کے وقت صغیر کے آگے تحفے رکھے تو جو تحفہ صغیر کے لائق ہو چنانچہ لڑکون کے کپڑے تو وہ تحفہ صغیر کا مملوک ہو اور اگر ایسا نہین چنانچہ دراہم اور دنانیر کذا فی العالمگیریۃ تو اگر تحفہ لانے والا باپ کے قرابت دارون یا اُسکے دوستون سے ہو تو تحفہ باپ کے واسطے ہو یا مان کے اقارب دوستون سے ہو تو تحفہ اُسکی مان کے واسطے ہو تحفہ لانے والے نے یہ کہا ہو کہ یہ تحفہ صغیر کے واسطے ہو یا نہ کہا ہو ولو قال اہدیت للاب او للام فالقول لہ اور اگر تحفہ لانے والا کہے کہ مین نے باپ یا مان کو تحفہ دیا ہو تو اُسی کا قول مقبول ہوگا وکذا زفاف البنت خلاصہ اور اسیطرح کا حکم ہو لڑکی کی شب زفاف کے تحفون کا کذا فی الخلاصۃ وفیہا اتخذ لولدہ او لتلمیذہ ثیابا ثم اراد دفعہا لغیرہ

لیس لہ ذلک مالم یبین وقت الاتخاذ انہا عاریۃ اور خلاصہ مین ہو کہ اپنے فرزند یا شاگرد کے واسطے کپڑے بنائے پھر چاہا کہ کپڑے غیر کو دے تو یہ اُسکو جائز نہین جبتک کپڑے بنانے کے وقت یون بیان نہ کرے کہ کپڑے عاریت ہین ہم ولد صغیر کے حق مین اتخاذ ثیاب بلا تسلیم ہبہ ہو لیکن شاگرد کے حق مین بلا تسلیم ہبہ معلوم نہین ہوتا مگر یہ کہ اُسکے حق مین اتخاذ کو تسلیم پر محمول کیجیے بزازیہ مین ہو کہ شاگرد کے واسطے کپڑے بنائے پھر چاہا کہ غیر کو دے تو احتیاط یہ ہو کہ بنالے کے وقت بیان کر دے کہ وہ عاریت ہین تا غیر کو دینا ممکن ہو انتہی تو لفظ عاریت مفید تسلیم ہو اسواسطے کہ عاریت متحقق نہین ہوتی بدون تسلیم کے کذا فی الطحطاوی وفی المبتغی ثیاب البدن یملکہا بلبسہا بخلاف نحو ملحفۃ ووسادۃ اور مبتغی مین ہو کہ بدن کے کپڑون کا لڑکا مالک ہوتا ہو انکے پہننے سے برخلاف لحاف اور توشک وغیرہ کے ہم تو بعد موت صغیر کے بدن کے کپڑے میراث ہونگے اور لحاف توشک وغیرہ بلا لفظ تملیک میراث نہونگے اور یہ مسئلہ اُس صورت مین مفروض ہو جبکہ قبل تولد صغیر کپڑے بنائے گئے ہون اور مسئلہ اتخاذ کا ثیاب تولد کے بعد مفروض ہو تو دونون مین فرق ظاہر ہوگیا

کذا فی الطحطاوی وفی الخانیۃ لا باس بتفضیل بعض الاولاد فی المحبۃ لانہا عمل القلب وکذا فی العطایا اذا لم یقصد بہ الاضرار وان قصدہ یسوی بینہم یعطی البنت کالابن عند الثانی وعلیہ الفتوی اور خانیہ مین ہو کہ کچھ مضائقہ نہین بعض اولاد کے زیادہ چاہنے مین اسواسطے کہ محبت دل کا فعل ہو یعنی اُسمین اختیار نہین اور اسیطرح بعض اولاد کے زیادہ دینے مین کچھ مضائقہ نہین جبکہ ضرر رسانی باقی اولاد کی مقصود نہو اور اگر ضرر رسانی کا قصد کرے تو اُنمین برابری رکھے یعنی بیٹی کو دے بیٹے کے برابر امام ابو یوسف رح کے نزدیک اور اسی پر فتوی ہو ہم عطایا مین کمی زیادتی مکروہ ہو جبکہ اولاد درجے مین برابر ہون اور اگر برابر نہون چنانچہ ایک لڑکا تحصیل علم مین مشغول ہو اسکو زیادہ دیوے تو جائز ہو بلا کراہت اور اگر ایک فرزند فاسق ہو تو اُسکو قوت سے زیادہ نہ دے تاکہ معصیت کا مددگار نہ ٹھہرے اور خلاصہ مین ہو کہ اگر

بیٹا فاسق ہو اور باپ چاہے کہ مین اپنا مال امور خیر مین صرف کر ڈالون تو یہ بہتر ہی اُسکے واسطے چھوڑ جانے سے انتہی اور محمدؒ کا قول مختار ہی کہ عطا یعنی بخشش کا دو بیٹے کو
دے میراث کے مانند کذا فی الطحطاوی ولو وہب فی صحتہ کل المال للولد جاز واثم اور اگر باپ اپنی صحت کے حال مین تمام مال ایک فرزند کو ہبہ کر دے تو جائز ہی اور وہ گنہگار
ہوگا ہم یعنی ایک ولد کو دے اور باقی کو محروم کرے تو جائز ہی یعنی ہبہ بعد موت کے منقوض نہوگا جاری رہیگا لیکن اس طرح کا ہبہ گناہ ہی تو کرنا چاہیے اور ... مذہب ...
غیر کو منقوض ہوگا اسکی موت کے بعد اور سب وارث اسمین میراث پاوینگے کذا فی الطحطاوی تو یہ قول جو مشہور ہی کہ جبر یہ رشتہ ناموت قول ضعیف ہی واللہ اعلم وفیہا لا یجوز ان یہب
شیئا من مال طفلہ ولو بعوض لانہا تبرع ابتداء اور خانیہ مین ہی کہ باپ کو جائز نہین اپنے طفل صغیر کے مال سے ہبہ کرنا اگرچہ بدالبکر ہبہ ہو اسواسطے کہ ہبہ ابتدا مین احسان ہی
یعنی اگرچہ آخر کار معاوضہ ہی وفیہا یبیع القاضی ما وہب للصغیر حتی لا یرجع الواہب فی ہبتہ اور خانیہ مین ہی کہ قاضی وہ مال بیچ ڈالے جو صغیر کو ہبہ دیا گیا تاکہ واہب
اپنا ہبہ نہ پھیرلے وتقبض زوج الصغیرۃ اما البالغۃ فالقبض لہا بعد الزفاف ما وہب لہا صح قبضہ ولو بحضرۃ الاب فی الصحیح لنیابتہ عنہ وصح بقبض الاب
کقبضہا ممیزۃ اور اگر صغیرہ کے زوج نے زفاف کے بعد وہ مال قبض کیا جو صغیرہ کو ہبہ کیا تو اُسکا قبض صحیح ہی اگرچہ قبض زوج باپ کے سامنے ہو قول صحیح
مین بہ سبب نائب ہونے زوج کے اُسکے باپ کی طرف سے پھر جب باپ کے نائب کا قبض صحیح ہوا تو باپ کا قبض بطریق اولیٰ صحیح ہوگا جیسے خود صغیرہ ممیزہ کا قبض بالاتفاق
شوہر اور باپ کے صحیح ہی اور اگر بالغہ ہی تو اُسی کا قبض معتبر ہی نہ زوج اور باپ کا ہم زفاف سے مراد زوجہ کا جانا ہی زوج کے گھر مین نکاح کے بعد وقبلہ ای الزفاف لا یصح
لعدم الولایۃ اور زفاف سے پہلے زوج کا قبض صغیرہ کے موہوب پر صحیح نہین بسبب نہونے ولایت کے وہب اثنان دارا لواحد صح لعدم الشیوع دو شخصون
یعنی دو شریکون نے ایک گھر ایک شخص کو ہبہ کیا تو صحیح ہی بواسطہ عدم شیوع ہم اسواسطے کہ دونون شخصون نے تمام گھر تسلیم کیا اور موہوب نے تمام پر قبضہ کیا تو شیوع ثابت نہوا
کذا فی الدرر والمنح وبعکسہ لکبیرین لا عندہ للشیوع فیما یحتمل القسمۃ اور بالعکس اُسکے یعنی ایک شخص نے دو بالغون کو ہبہ کیا تو امام کے نزدیک ہبہ صحیح نہین بسبب
شیوع کے محتمل القسمۃ مین ہم اسواسطے کہ ہر شخص کو نصف نصف گھر کا ہبہ ہوا اور نصف غیر معین اور غیر مقسوم ہی تو شیوع پایا گیا محتمل القسمۃ مین اور رد ہبہ کا لازم
ہی اما ما لا یحتملہا کالبیت فیصح اتفاقا اور اگر موہوب محتمل القسمۃ نہو جیسا بیت صغیر تو ایک شخص کا ہبہ دو شخصون کو بالاتفاق امامؒ اور صاحبینؒ کے صحیح ہی قید بکبیرین
لانہ لو وہب لکبیر وصغیر فی عیال الکبیر او لابنیہ صغیر وکبیر لم یجز اتفاقا ہمنے دو بالغون کی قید لگائی اسواسطے کہ اگر واہب ہبہ کرے بالغ کو اور اس صغیر کو جو بالغ
کی عیال مین داخل ہی یا اپنے دو فرزند صغیر اور کبیر کو ہبہ کرے تو جائز نہین بالاتفاق ہم بحر الرائق اور منح الغفار کی عبارت یون ہی لو وہب لکبیر وصغیر والصغیر فی عیالہ
اور دونون کتابون مین محیط سے تعلیل مسئلہ یون منقول ہی کہ واہب ہبہ کے وقت حصہ صغیر کا قابض ٹھہر گیا تو نصف آخر شائع باقی رہا انتہی اور یہ دلالت کرتا ہی کہ
عیالہ کی ضمیر واہب کی طرف راجع ہی برخلاف عبارت شارح اور یہی علت جاری ہی مسئلہ ثانیہ مین کذا فی الطحطاوی وقید بالہبۃ لجواز الرہن والاجارۃ من اثنین اتفاقا
اور عدم جواز مین ہمنے قید لگائی ہبہ کی بسبب جائز ہونے رہن اور اجارے کے دو شخصون سے بالاتفاق یعنی اگر ایک شخص دو شخصون کے پاس ایک چیز رہن رکھے
یا اجارہ دے تو جائز ہی ولو تصدق بعشرۃ دراہم او وہبہا لفقیرین صح لان الہبۃ للفقیر صدقۃ والصدقۃ یراد بہا وجہ اللہ تعالیٰ وہو واحد فلا شیوع
اور جبکہ دس درم دو فقیرون کو خیرات دیے یا ہبہ کیے تو صحیح ہی اسواسطے کہ فقیر کو ہبہ کرنا درحقیقت صدقہ اور خیرات ہی اور صدقہ سے مقصود رضاے ذات اقدس الٰہی
ہوتی ہی اور وہ ایک ہی تو شیوع ثابت نہوا ہم زیلعی مین ہی اور فقیر نائب ہی خداے تعالیٰ کا لا لغنیین لان الصدقۃ علی الغنی ہبۃ فلا تصح للشیوع ای لا تملک حتی لو قسمہا
وسلمہا صح صحیح نہین صدقہ دینا دو مالدار شخصون کو اسواسطے کہ مالدار کو صدقہ دینا درحقیقت ہبہ ہی تو ہبہ صحیح نہوگا بہ سبب شیوع کے یعنی مملوک نہوگا تو اگر دو درم
مذکورہ کو قسمت کرے اور دونون کو تسلیم کرے تو ملک صحیح ہوگی ہم نفی صحت سے نفی ملک مراد ہی فرق مسائل ملحقہ شارح کے وہب لرجلین درہما صحیحا یعنی ایک
شخص نے دو مردون کو ایک درم ہبہ کیا اگر درم صحیح یعنی جید اور کھرا ہی تو ہبہ صحیح ہی اسواسطے کہ یہ ہبہ ہی مشاع غیر قسمت پذیر کا کذا فی المنح والا لمغشوشا
لا لانہ مما یقسم لکونہ فی حکم العروض اور اگر درم مذکور مغشوش یعنی کھرا نہین کھوٹا ہی تو ہبہ صحیح نہین اسواسطے کہ درم مغشوش محتمل القسمۃ ہی اسواسطے کہ

منہ

اور ایک صغیر کی عیال میں ہو ...

وہ در حکم اسباب کے ہو معہ درہمان فقال لرجل وہبت لک احدہما فنصفہما ان استویا لم یجز ایک شخص کے پاس دو درم ہین سو اسنے دوسرے مرد سے کہا کہ مین نے اُن دو درمون سے ایکدرم تجکو ہبہ کیا یا اُنکا نصف ہبہ کیا تو اگر دونون درم برابر ہین یعنی وزن اور جودت مین تو ہبہ جائز نہین ہم اسواسطے کہ جب وزن اور جودت مین برابر ہوئے تو ہبہ مشاع کا ٹھہرا محتمل القسمت مین کیونکہ اسمین جبر علی القسمة جائز ہو کذا فی المنح وان اختلفا جاز لانہ مشاع لا یقسم ولذا لو وہب ثلثہما جاز مطلقاً اور اگر دونون درم مختلف ہون اسطرح پر کہ ایکدرم کا وزن زیادہ ہو یا ایک جید تر ہو کذا فی العالمگیریۃ تو ہبہ جائز ہو اسواسطے کہ وہ مشاع غیر قسمت پذیر ہو اور اسیواسطے اگر دونون درمون کے دو ثلث ہبہ کرے تو جائز ہو مطلقاً خواہ دونون مستوی ہون یا مختلف کذا فی الطحطاوی وتجوز ہبۃ حائط بین دارہ وبین دار جارہ لجارہ وہبۃ البیت من الدار فہذا یدل علی کون سقف الواحد علے الحائط واختلاط البیت بحیطان الدار لا یمنع صحة الہبة مجتبی جائز ہو ہبہ کرنا اپنے پڑوسی کو اُس دیوار کا جو واہب کے گھر اور اُسکے پڑوسی کے گھر کے درمیان ہو اور جائز ہو ہبہ کرنا پڑوسی کو کوٹھری کا گھر مین سے تو یہ مسئلہ دلالت کرتا ہو واہب کی چھت کے ہونے پر دیوار پر اور اختلاط بیت گھر کی دیوارون سے صحت ہبہ کا مانع نہین کذا فی المجتبی ہم طحطاوی نے کہا دیوار پر چھپت کے ہونے کی دلالت اطلاق کی جہت سے البتہ ہو والا اُسکی صراحت نہین کلام مین فتاوی عالمگیریا مین ہو کہ جب دیوار یا راہ یا حمام مین اپنا حصہ ہبہ کرے اور معین کرے اور موہوب لہ کو قبض پر مسلط کر دے تو ہبہ جائز ہو اسی طرح ہو ہبہ بیت کا مع جمیع حدود و حقوق مقسوم اور مفروغ ہو کر قبض باذن الواہب کے ساتھ لیکن بیت کا راستہ مشترک رہے اسمین اور دوسرے مین جائز ہو انتہی

باب الرجوع فی الہبۃ

یہ باب ہو رجوع فی الہبۃ مین یعنی دیکر پھیر لینا ہبہ سے مراد موہوب ہو اسواسطے کہ رجوع یعنی پھیر لینا اعیان مین ہوتا ہو نہ اقوال مین کذا فی الطحطاوی صح الرجوع فیہا بعد القبض اما قبلہ فلم تتم الہبۃ ہبہ کر کے پھیر لینا صحیح ہو بعد قبض کے اور قبض کے پہلے تو خود ہبہ تمام نہین ہوا ہم یعنی اگر قبل قبض موہوب لہ کے واہب نے موہوب کو نہ دیا تو موہوب واہب کی ملک سے خارج نہوا تو اُسکو رجوع فی الہبۃ نہین کہتے مع انتفاء مانعہ الآتی وان کرہ الرجوع تحریماً وقیل تنزیہاً نہایۃ موہوب کا پھیر لینا صحیح ہو ساتھ نہونے مانع رجوع کے جو آگے مذکور ہوگا اگرچہ پھیر لینا مکروہ تحریمی ہو اور قول ضعیف یہ ہو کہ مکروہ تنزیہی ہو کذا فی النہایۃ ہم حدیث مین وارد ہو اسکے مثل جو دیتا ہو پھیر لیتا ہو اُس کُتّے کی سی مثل ہو جو کھاتا ہو پھر جب آسودہ ہوتا ہو تو قی کرتا ہو پھر اپنی قی کو نگل لیتا ہو اور دوسری حدیث یہ ہو کہ جو ہبہ کرے وہ اُسکا زیادہ تر حقدار ہو جب تک اُسکا عوض نہ لے انتہی تو رجوع فی الہبۃ کے صحیح اور مکروہ تحریمی کہنے مین جمع بین الحدیثین ہو گیا واللہ تعالی اعلم کذا فی الطحطاوی ولو مع اسقاط حقہ من الرجوع فلا یسقط باسقاطہ خانیہ واہب کو رجوع درست ہو اگرچہ اپنے حق رجوع کے اسقاط کے ساتھ ہو تو رجوع ساقط نہین ہوتا واہب کے ساقط کر دینے سے کذا فی الخانیہ وفی الجواہر لا یصح الابراء عن الرجوع ولو صالحہ من حق الرجوع علی شئ صح وکان عوضاً عن الہبة لکن سیجئ اشتراطہ فی العقد اور جواہر مین ہو کہ صحیح نہین ابرا کرنا واہب کا رجوع سے اور اگر مصالحہ کر لیا حق رجوع سے کسی چیز پر تو مصالحہ صحیح ہو اور یہ عوض ہوگا ہبہ کا لیکن آگے آویگا مشروط ہونا عوض کا عقد مین یعنی مجتبی سے منقول ہوگا ویمنع الرجوع فیہا حروف دمع خزقہ یعنی الموانع السبعۃ الآتیۃ اور رجوع فی الہبہ کو حروف دمع خزقہ کے منع کرتے ہین حروف مذکورہ سے موانع سبع آیندہ مراد ہین ہم موانع سبع کو تسہیل ضبط کے واسطے امام نسفی نے حروف مذکورہ مین جمع کیا ہو اور معنی ترکیب یہ ہو کہ آنسو نے اُسکو زخمی کر ڈالا خزق بمعنی طعن ہو تو گویا آنسو کو برچھی کے ساتھ مشابہ کیا کذا فی الطحطاوی فالدال الزیادۃ فی نفس العین الموجبۃ لزیادۃ القیمۃ المتصلة تو حروف مذکورہ مین دال سے مراد زیادت ہو نفس عین موہوب مین ایسی زیادت متصل جو قیمت زیادہ ہوجانے کی موجب ہو ہم زیادت کی قید اسواسطے لگائی کہ نقصان موہوب چنانچہ حاملہ ہونا جاریہ کا اور قطع ثوب مانع رجوع نہین اور نفس عین کی زیادت کی قید سے زیادتی نرخ کی خارج ہوگئی کہ وہ رجوع کی مانع نہین اور زیادت قیمت کی قید سے وہ زیادتی نکل گئی جو نقصان قیمت کی موجب ہو چنانچہ غلام اور لونڈی مین طول فاحش وان زالت قبل الرجوع کان شب ثم شاخ لکن فی الخانیۃ ما یخالفہ واعتمدہ القہستانی فلیتنبہ لہ لان الساقط لا یعود اگرچہ زیادت متصلہ زائل ہوگئی ہو قبل رجوع کے چنانچہ غلام جوان ہوا پھر بڈھا ہو گیا لیکن خانیہ مین

باب الرجوع فی الہبۃ

اُسکے مخالف ہی اور اعتماد کیا ہی اُسپر قہستانی نے تو اُس سے آگاہ ہونا چاہیے یعنی زائل ہوئی چیز کا اعتبار کرنا منظور فیہ ہی اسواسطے کہ جو چیز ساقط ہوگئی وہ عود
نہین کرتی ہم زیادت زائلہ کے اعتبار مین دو قول مین محیط مین ہی کہ ایک مرد نے غلام ہبہ کیا پھر وہ جوان ہوا اور بڈھا ہوگیا اور قیمت اُسکی گھٹ گئی تو واہب کو رجوع
جائز نہین اسواسطے کہ اُسکا بدن زیادہ ہوگیا اور قد دراز ہوا پھر اور وجہ سے گھٹ گیا پیری کے سبب اور ناطفی نے اجناس مین ذکر کیا کہ اگر لونڈی ہبہ کی پھر وہ موٹی اور
بڑی ہوئی تو واہب کو رجوع جائز ہی اور اسی طرح جمیع حیوانات مین اور اسی طرح فتاوی عالمگیری مین ہی اور یہ جو شارح نے عود ساقط مذکور کیا سو مسلم نہین بلکہ یہ از قبیل
زوال مانع کے ہی کذا فی الطحطاوی کبناء وغرس ان عد زیادۃ فی کل الارض والا رجع زیادت متصلہ جیسے عمارت اور درخت کا جمانا زمین موہوبہ مین اسطور کہ عمارت
اور درخت لگانا تمام زمین موہوبہ کی زیادت مین شمار ہو اور اگر کل زمین کی زیادت مین معدود نہو تو واہب کو رجوع جائز ہی ولو عد فی قطعۃ منہا امتنع فیہا فقط زیلعی
اور اگر عمارت اور درخت لگانا زمین کے ایک قطعہ مین شمار ہو تو ممتنع ہوگا رجوع فقط اُسی قطع مین کذا فی الزیلعی ہم فتاوی عالمگیری مین کافی سے منقول ہی کہ اگر خالی
زمین ہبہ کی سو موہوب لہ نے ایک کنارے پر کھجور جمائی یا عمارت بنائی اور یہ عمارت بنانا کھجور جمانا زمین کی زیادت ٹھہری تو واہب کو ہبہ پھیر لینا جائز نہین کل
مین نہ بعض مین اور اگر یہ زیادت مین معدود نہو یا نقصان زمین مین شمار ہو تو مانع رجوع نہین تو اگر دکان نہایت صغیر بنا دے تو یہ اصلا زیادت نہ ٹھہرے گی تو
اُسکا کچھ اعتبار نہین اور اگر زمین عظیم یعنی طویل اور عریض ہو تو عمارت مذکورہ تمام زمین کی زیادت نہوگی بلکہ اُسکے ایک قطعہ کی زیادت ٹھہرے گی تو واہب کو اُس قطعہ
کے غیر مین رجوع جائز ہوگا انتہی وسمن وجمال وخیاطۃ وصبغ وقصر ثوب وکبر صغیر وسماع اصم والبصار اعمی واسلام عبد ومداواتہ وعفو جنایتہ وتعلیم قرآن وکتابۃ
وقراءۃ ونقط مصحف باعرابہ وحمل تمر من بغداد الی بلخ مثلا ونحوہا اور مانند فربہی اور خوبصورتی کے اور درخت اور رنگنے اور کپڑے کے شوب کے اور
جوان ہوجانے صغیر اور سماعت بہرے اور دیکھنے اندھے کے اور مسلمان ہونے غلام کے اور اُسکے معالجے کے اور معاف ہوجانے جنایت عبد کے اور تعلیم
تمام قرآن اور کتابت کے یا پڑھانے بعض قرآن کے اور لکھنے اعراب مصحف کے اور مانند لادے جانے کھجور کے بغداد سے بلخ کی طرف مثلاً اور مانند امثلہ
مذکورہ کے ہم معالجہ کرنا غلام کا اُسوقت زیادت متصلہ مین شمار ہوگا جبکہ وہ واہب کے پاس بیمار ہوا ہو اور موہوب لہ کے پاس علاج سے تندرست ہوا ہو اور اگر
موہوب لہ کے پاس بیمار ہوا اور معالجہ ہو کر چنگا ہوا ہو تو مانع رجوع نہین اور جنایت سے وہ جنایت مراد ہی جو غلام سے صادر ہوئی ہو یعنی اُسنے کسی کا عمداً خون
کیا ہو اور مقتول کے وارث نے اُسکو معاف کر دیا ہو جبکہ وہ موہوب لہ کے پاس ہو اور نقل متاع ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف زیادت قیمت کی موجب ہی لہذا اُسکو
زیادت متصلہ کی مثال قرار دیا وفی البزازیۃ والحبل ان زاد خیرا منع الرجوع وان نقص لا اور بزازیہ مین ہی اور حمل لونڈی کا اگر بہتری زیادہ کرے تو مانع ہوگا رجوع کا اور اگر
نقصان کرے تو مانع رجوع نہین ہم عورتون کا حال حاملہ ہونے مین مختلف ہوتا ہی یعنی عورت حاملہ ہونے سے موٹی اور خوبصورت ہو جاتی ہی اور بعض دُبلی اور بدصورت تو
در صورت اولی زیادت متصلہ ثابت ہوگی اور رجوع منع ہوگا بخلاف صورت ثانیہ ولو اختلفا فی الزیادۃ ففی المتولدۃ ککبر القول للواہب وفی نحو بناء وخیاطۃ وصبغ للموہوب لہ
خانیہ وحاوی ومثلہ فی المحیط لکنہ استثنی مالو کان لا یبنی فی مثل تلک المدۃ اور اگر واہب اور موہوب لہ نے زیادت کے حادث ہونے اور نہونے مین اختلاف
کیا تو زیادت متولدہ مین جیسے جوان ہوجانے مین واہب کا قول معتبر ہی اور مانند عمارت اور درخت اور رنگنے کے موہوب لہ کا قول مقبول ہی کذا فی الخانیہ
والحاوی اور مانند اُسکے محیط مین ہی لیکن صاحب محیط نے اُس عمارت کو مستثنی کیا ہی جو بن نہین سکتی اسقدر مدت مین ہم توضیح اختلاف یہ ہی کہ مثلاً موہوب لہ
نے کہا واہب سے کہ تو نے یہ لونڈی مجکو صغیرہ دی تھی سو جوان ہوگئی میرے پاس اور واہب نے کہا کہ نہین مین نے اسی طرح جوان ہبہ کی تھی تو اس اختلاف
مین در صورت عدم شہادت واہب کا قول مقبول ہوگا لا یمنع الزیادۃ المنفصلۃ کولد وارش وعقر وثمرۃ فیرجع فی الاصل لا الزیادۃ زیادت منفصلہ رجوع ہبہ کی مانع
نہین ہوتی جیسے بچہ موہوب کا اور دیت اور مہر مملوک کا اور پھل درخت کا تو واہب اصل مین رجوع کرے نہ زیادت مین ہم مثلاً زید نے خالد کو غلام ہبہ کیا
اور اُسکا ہاتھ کسی نے کاٹ ڈالا اور اُسکا خون بہا خالد کو ملا تو زید غلام کو پھیر لیگا نہ خون بہا کیونکہ وہ زیادت ہی موہوب سے جدا اور زیادت

منفصلہ رجوع اصل کی مانع نہین لکن لا یرجع بالام حتی یستغنی الولد عنہا کذا نقلہ القہستانی لکن نقل البرجندی وغیرہ انہ قول ابی یوسف فلیتنبہ لہ لیکن ماں کو واہب
نہ پھیرے جب تک کہ اسکا بچہ اس سے مستغنی ہو یہ نقل کیا ہے قہستانی نے لیکن برجندی وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ وہ ابو یوسف رح کا قول ہے نہ امام رح کا تو اس سے
خبردار رہنا چاہیے ولو حبلت ولم تلد ہل للواہب الرجوع قال فی السراج لا وقال الزیلعی نعم اور اگر موہوبہ لونڈی حاملہ ہوگئی اور ہنوز موہوب لہ کے پاس نہین
جنی تو کیا واہب کو رجوع جائز ہے سراج مین کہا کہ رجوع جائز نہین اور زیلعی نے کہا کہ ہان رجوع جائز ہے وفی الجوہرۃ مریض مدیون بمستغرق وہب امۃ فماتت
وقد وطئت ردہا مع عقرہا ہو المختار اور جوہرہ مین ہے مریض مدیون ہے جو سراپا مستغرق بدین ہے اسنے لونڈی ہبہ کی پھر وہ مرگئی اور حالانکہ موطوءہ ہوگئی
خواہ وطی موہوب لہ سے واقع ہوئی یا اسکے غیر سے تو موہوب لہ اسکو پھیر دے اسکی وطی کے ساتھ یہی قول مختار ہے م رد ہبہ بلحاظ حق غرما ہے والمیم موت
احد العاقدین بعد التسلیم فلو قبلہ بطل اور میم سے مراد موہوب لہ یا واہب کی موت ہے بعد قبض کے تو اگر قبض سے پہلے کوئی مر گیا تو عقد باطل ہے ولو اختلفا والعین
فی ید الوارث فالقول للوارث اور اگر دو شخصون مین اختلاف ہوا اور عین موہوب وارث کے ہاتھ مین ہے تو وارث ہی کا قول مقبول ہے م اختلاف کی یہ صورت ہے کہ واہب
کے وارث نے کہا موہوب لہ سے کہ تو نے موہوب پر قبضہ واہب کی زندگی مین نہین کیا بلکہ اسکی وفات کے بعد قبضہ کیا اور موہوب لہ نے کہا بلکہ اسکی حیات مین مین نے قبضہ کیا
تو وارث ہی کا قول مقبول ہوگا فتاوی عالمگیری سے معلوم ہوتا ہے کہ موہوب کا وارث کے پاس ہونا قید اتفاقی ہے وقد نظم المصنف ما یسقط بالموت فقال اشعار کفارۃ
دیۃ خراج ورابع ٭ ضمان لعتق ہکذا النفقات ٭ کذا ہبۃ حکم الجمیع سقوطہا ٭ بموت لما ان الجمیع صلات ٭ اور البتہ مصنف نے نظم کیا ان حقوق کو جو ساقط ہو جاتے ہین
موت سے تو یون کہا ہے کہ کفارہ اور خون بہا اور خراج اور چوتھا تاوان بعلت عتق اسی طرح نفقات اور اسی طرح ہبہ تمام حقوق مذکورہ کا حکم ساقط ہو جاتا ہے موت سے
اسواسطے کہ جمیع حقوق مذکورہ صلات ہین م سقوط کفارہ درصورت عدم وصیت ہے ضمان عتق کی یہ صورت ہے کہ ایک شریک نے اپنا حصہ غلام سے آزاد کر دیا اور اسپر تاوان
لازم آیا بسبب اسکے مالدار ہونے کے پھر آزاد کرنے والا مر گیا والعین العوض بشرط ان یذکر لفظا یعلم الواہب انہ عوض کل ہبتہ اور عین سے مراد عوض ہے بشرطیکہ موہوب
لہ عوض دینے کے وقت ایسا لفظ ذکر کرے کہ واہب یہ جانے کہ وہ اسکے تمام ہبہ کا عوض ہے م طحطاوی نے کہا جوہرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عوض کی دینت کافی ہے یعنی بلا ذکر
موہوب لہ فان قال خذہ عوض ہبتک او بدلہا او فی مقابلتہا ونحو ذلک فقبضہ الواہب سقط الرجوع تو اگر موہوب لہ نے واہب سے کہا کہ لے اپنے ہبہ کا عوض یا اسکا
بدلا یا اپنے ہبہ کے مقابل لے اور مانند اس کلام کے کوئی اور لفظ بولا پھر واہب نے عوض پر قبضہ کیا تو رجوع ساقط ہو گیا م اسواسطے کہ ہبہ بعوض درحقیقت بیع ہے ولو لم یذکر
انہ عوض رجع کل بہبتہ اور اگر موہوب لہ یون ذکر نہ کرے کہ وہ عوض ہے تو ہر شخص اپنا ہبہ پھیر لے ویشترط فیہ شرائط الہبۃ کقبض وافراز وعدم شیوع ولو العوض مجانسا
او یسیرا وفی بعض نسخ المتن بدل الہبۃ العقد وہو تحریف اور چونکہ عوض بلا ذکر عوض ہونے کے ہبہ ہے اسیواسطے عوض مین ہبہ کی شرطین مشروط ہین چنانچہ قبضہ ہونا واہب کا
اور جدا ہونا عوض کا موہوب لہ کے مال سے اور عدم شیوع اگرچہ عوض ہمجنس ہبہ کے ہو یا کمتر ہو ہبہ سے اور متن کے بعضے نسخون مین بجا بدل الہبۃ کے بدل العقد ہے اور وہ
تحریف ہے کاتبون کی م مجانست اور قلت عوض اسواسطے جائز ہوئی کہ عوض درحقیقت بدل نہین اسواسطے کہ اگر بدل ہوتا تو قلت مین جائز نہین ہوتا بسبب لازم آنے بیاج کی
دلیل اسپر یہ ہے کہ موہوب لہ مالک ہے ہبہ کا اور انسان اپنی ملک کا غیر کو بدلا نہین دیتا اور عوض تو اسنے اسواسطے دیا تا واہب کا حق رجوع ساقط ہو جائے کذا فی الطحطاوی
ولا یجوز للاب ان یعوض عما وہب للصغیر من مالہ اور باپ کو یہ جائز نہین کہ عوض دے اسکا جو ہبہ کیا گیا صغیر کو صغیر کے مال سے م تو اگر صغیر کے مال کے سوا اپنے مال سے
عوض دے تو جائز ہے ولو وہبا لعبد التاجر ثم عوض فلکل منہما الرجوع بحر اور اگر غلام تاجر نے کچھ مال ہبہ کیا پھر موہوب لہ نے اسکا عوض دیا تو دونون مین سے ہر شخص کو
پھیر لینا درست ہے کذا فی البحر م وجہ اسکی یہ ہے کہ غلام اہل تبرع سے نہین ہے پھر جب بسبب بطلان ہبہ کے غلام رجوع کا مالک ہوا تو اسی طرح موہوب لہ بھی رجوع عوض پر
قادر ہوگا اسواسطے کہ بناء تعویض ہبہ پر تھا جب ہبہ باطل ہوا تو تعویض بھی باطل ہوئی ولا یجوز تعویض مسلم من نصرانی عن ہبتہ خمرا او خنزیرا اذ لا یصح تملیکہما من
المسلم بحر اور جائز نہین مسلمان کو شراب یا سور عوض دینا نصرانی کے ہبہ سے اسواسطے کہ مسلمان کی جانب سے شراب یا سور کی تملیک صحیح نہین کذا فی البحر یعنی اگر نصرانی نے

کوئی چیز مسلم کو ہبہ کی سو مسلم نے بعوض اسکے شراب یا سور نصرانی کو دیا تو جائز نہیں تو نصرانی کو اپنا ہبہ پھیر لینا درست ہوگا ویشترط ان لا یکون العوض بعض الموہوب
فلو عوضہ ببعض عن الباقی لا یصح فلہ الرجوع فی الباقی اور یہ شرط ہے کہ عوض ہبہ کا بعض موہوب لہ نہو تو اگر بعض موہوب کو باقی موہوب کے عوض میں دے تو صحیح نہیں تو
واہب کو باقی موہوب میں رجوع درست ہے ولو الموہوب شیئین فعوضہ احدہما عن الآخر ان کانا فی عقدین صح والا لا لان اختلاف العقد کاختلاف العین اور اگر موہوب
دو چیزیں ہوں سو موہوب لہ ایک چیز کو دوسری چیز کے عوض میں دے اگر دونوں چیزیں دو عقدمیں موہوب ہوئی ہوں تو عوض دینا درست ہے اور اگر
ایک عقد میں موہوب ہوں تو درست نہیں اسواسطے کہ اختلاف عقد اختلاف عین کے مانند ہے والدراہم تتعین فی ہبۃ ورجوع مجتبیٰ اور دراہم متعین ہو جاتے ہیں
ہبہ اور رجوع ہبہ میں کذا فی المجتبیٰ ھم تو جب دراہم موہوبہ پر قبضہ کیا اور پھر دراہم کا بدلا بجنسہا یا بغیر جنسہا دیا تو رجوع جائز رہا اور رجوع اسی وقت تک جائز ہوگا جبتک
دراہم موہوبہ بعینہا قائم اور موجود ہونگے اور اگر موہوب لہ نے انکو خرچ کر ڈالا تو یہ خرچ کرنا اہلاک مانع رجوع ہے کذا فی الطحطاوی ودقیق الحنطۃ یصلح عوضا عنہا
لحدوثہ بالطحن اور گیہوں کا آٹا گیہوں کے عوض ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے بسبب پیدا ہونے آٹے کے پیسنے سے ھم تو آٹا عین موہوب یا بعض موہوب نہیں ہے کہ تعویض اسکی
صحیح نہو وکذا لو صبغ لبعض الثیاب او لت لبعض السویق ثم عوضہ صح خانیہ اور اسی طرح اگر موہوب لہ نے کسی کپڑے کو رنگین کیا یا تھوڑے ستو پانی میں گھولے پھر اسکو عوض
میں دیا تو صحیح ہے کذا فی الخانیہ ھم ایک شخص نے دوسرے کو چار کپڑے ہبہ کیے سو موہوب لہ نے ایک کپڑا رنگین کرکے واہب کو عوض دیا تو صحیح ہے اسی طرح موہوب سیر بھر
ستو میں سے موہوب لہ نے پاؤ بھر ستو گھول کر عوض دیا تو صحیح ہے اسواسطے کہ رنگت اور پانی ملنے سے موہوب میں زیادت حاصل ہوئی تو بعینہ موہوب باقی نرہا گویا دوسری
چیز ہوگئی ولو عوضہ ولد احدی جاریتین موہوبتین وجد ذلک الولد بعد الہبۃ امتنع الرجوع اھ اور اگر دو موہوب لونڈیوں میں سے ایک لونڈی کا وہ لڑکا جو ہبہ کے
بعد پیدا ہوا موہوب لہ نے واہب کو عوض دیا تو رجوع ممتنع ہوگیا وصح العوض من اجنبی ویسقط حق الواہب فی الرجوع اذا قبضہ کبدل الخلع اور صحیح ہے عوض دینا
اجنبی کی طرف سے اور واہب کا حق رجوع ہبہ کا ساقط ہو جاتا ہے جبکہ واہب اسپر قبضہ کرے بدل خلع کے مانند یعنی اگر اجنبی موہوب لہ کی طرف سے عوض دے تو
صحیح ہے جیسے بدل خلع اجنبی کا دینا جائز ہے ولو التعویض بغیر اذن الموہوب لہ اور اگرچہ عوض دینا اجنبی کا بلا اذن موہوب لہ ہو ولا رجوع ولو بامرہ الا اذا قال عوض عنی
علی انی ضامن لعدم وجوب التعویض بخلاف قضاء الدین اور رجوع نہیں یعنی اجنبی موہوب لہ سے عوض کا عوض نہیں لے سکتا اگرچہ تعویض موہوب لہ کے امر سے ہو مگر
جبکہ موہوب لہ اجنبی سے کہے کہ عوض ہبہ کا دے میری طرف سے باین شرط کہ میں ضامن ہوں عدم رجوع تعویض واجب ہونے کے سبب سے ہے بخلاف ادائے دین ھم
یعنی وجہ عدم رجوع اجنبی یہ ہے کہ موہوب لہ کو عوض ہبہ کا دینا واجب نہیں بخلاف ادائے دین یعنی اگر اجنبی نے مدیون کی طرف سے مدیون کے امر سے دین ادا کیا تو رجوع
ثابت ہے اسواسطے کہ ادائے دین مدیون پر واجب ہے تو جب اسنے دین ادا کرنے کو کہا تو گویا اجنبی سے اقرار دین اسنے قرض لیا والاصل ان کل ما یطالب بہ الانسان
بالحبس والملازمۃ یکون الامر بادائہ مثبتا للرجوع من غیر اشتراط الضمان وما لا فلا الا اذا اشترط الضمان ظہیریۃ اور قاعدہ کلیہ رجوع اور عدم رجوع کا یہ ہے کہ جس حق
کا آدمی سے مطالبہ کیا جاوے حبس اور ملازمت سے تو اسکے ادا کا امر کرنا رجوع کا مثبت ہے بلا اشتراط ضمان اور جو ایسا نہیں یعنی اسکا مطالبہ بحبس و ملازمت نہیں تو اسکے
ادا کا امر رجوع کا موجب نہیں مگر اسوقت جبکہ امر کرنے والا اپنے اوپر ضمان اسکا شرط کرے کذا فی الظہیریہ ھم حبس اور ملازمت کی قید سے ادائے نذر اور کفارہ دینے کا
امر خارج ہوگیا کہ اگرچہ آدمی پر انکا مطالبہ ہے لیکن حبس اور ملازمت سے نہیں کذا فی الطحطاوی وحینئذ فلو امر المدیون رجلا بالقضاء ویرجع علیہ وان لم یضمن لوجوبہ
علیہ اور اسوقت میں یعنی جبکہ قاعدہ مذکورہ معلوم ہوا تو اگر مدیون نے ایک مرد سے اپنے دین کے ادا کرنے کے واسطے کہا تو وہ مرد مدیون سے بھر لیگا اگرچہ وہ دینے کا
ضامن نہوا ہو بسبب واجب ہونے دین کے مدیون پر لکن یخرج عن الاصل ما لو قال انفق علی بناء داری او قال الاسیر اشترنی فانہ یرجع فیہما بلا شرط رجوع کفالۃ خانیہ
مع انہ لا یطالب بہما لا بالحبس ولا بالملازمۃ فتامل لیکن قاعدہ مذکورہ سے یہ صورت خارج ہوئی جاتی ہے کہ اگر ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ میرے گھر کے بنانے پر خرچ کر
یا قیدی نے دوسرے سے کہا کہ مجھکو خرید کرے یعنی مال دیکر مجھکو ظالم سے خلاص کرا تو ان دونوں صورتوں میں مامور کو رجوع جائز ہے بلا اشتراط رجوع کذا فی کفالۃ الخانیہ

باوجودیکہ آدمی یہ مطالبہ نہین بنا روا اور استخلاص کا حبس سے نہ لازمت سے سو اُنمین تامل کرم شاید وجہ رجوع یہ ہو کہ عرف مین اُسکا ضمان لازم ہوتا ہی اور شارح نے بلفظ فتامل
اشارہ کیا کہ وجہ استثنا مین نظر ہی کذا فی الطحطاوی وان استحق نصف الہبۃ رجع بنصف العوض اور اگر نصف ہبہ مستحق یعنی مالک غیر نکلا تو موہوب لہ نصف عوض پھیر لے م جوہرہ مین
ہی کہ رجوع نصف عوض اُسوقت ہی جبکہ موہوب محتمل القسمۃ نہو اور اگر محتمل القسمۃ ہو تو بعض کے استحقاق سے باقی مین ہبہ باطل ہوگا تو تمام عوض پھیر لے کذا فی الطحطاوی
وبعکسہ لا مالم یرد مابقی لانہ یصلح عوضا ابتداء فکذا بقاء لکنہ یتخیر لعدم سلامۃ العوض اور بالعکس اُسکے یعنی جبکہ نصف عوض مستحق ہو تو نصف ہبہ مین رجوع نہین جب تک کہ
باقی عوض کو نہ پھیر دے اسواسطے کہ باقی صلاحیت عوض ہونے کے رکھتا ہی ابتداءً تو بعض مین سو اسی طرح اُسکی صلاحیت بقا مین بھی رکھتا ہی لیکن وہ مختار ہوگا تا عوض سلامت رہے
م طحطاوی نے کہا بہتر یہ تھا کہ شارح یون کہتا لکنہ یتخیر لعدم سلامۃ العوض یعنی درصورت استحقاق بعض عوض واہب کو اختیار ہوگا قبول اور عدم قبول عوض مین بسبب سلامت نہ عوض
کے ومرادہ العوض الغیر المشروط فان المشروط مبادلۃ کما یجی فیوزع البدل علی المبدل نہایہ اور مصنف رح کی مراد عوض سے وہ عوض ہی جو غیر مشروط ہی عقد ہبہ مین سو اگر عوض
مشروط ہو تو وہ مبادلہ ہی یعنی درحقیقت وہ بیع ہی چنانچہ آگے مذکور ہوگا تو عوض مشروط کے استحقاق مین بدل کی تقسیم ہوگی مبدل پر کذا فی النہایۃ کما لو استحق کل العوض حیث
یرجع فی کلہا اذا کانت قائمۃ لا ان کانت ہالکۃ چنانچہ اگر تمام عوض مستحق ہو تو واہب تمام ہبہ مین رجوع کرے جبکہ ہبہ قائم ہو اور اگر ہبہ ہالک ہو تو رجوع نہین
یعنی اسواسطے کہ ہلاک ہبہ مانع رجوع ہی کما لو استحق العوض وقد ازدادت الہبۃ لم یرجع خلاصہ چنانچہ اگر عوض مستحق ہو اور حالانکہ ہبہ مین زیادت ہوگئی تو رجوع نہ کرے
کذا فی الخلاصۃ یعنی اسواسطے کہ زیادت مانع رجوع ہی وان استحق جمیع الہبۃ کان لہ ان یرجع فی جمیع العوض ان کان قائما وبمثلہ ان العوض ہالکا وہو مثلی او
بقیمتہ ان قیمیا غایۃ اور اگر تمام ہبہ مستحق ہو تو موہوب لہ کو جائز ہی کہ تمام عوض پھیر لے اگر موجود ہو اور عوض کا مثل پھیر لے اگر عوض ہالک ہو بشرطیکہ عوض مثلی
ہو یعنی وزنی ہو یا کیلی ہو اور عوض کی قیمت پھیر لے اگر عوض قیمت والا ہو کذا فی الغایۃ ولو عوض النصف رجع بما لم یعوض ولا یضر الشیوع لانہ طاری اور اگر نصف
ہبہ کا عوض دے تو واہب نصف غیر معوض مین رجوع کرے اور شیوع یعنی وہ شیوع جو کہ رجوع فی النصف سے حاصل ہوا ہی وہ مضرت نہین کرتا کیونکہ وہ شیوع طاری ہی

تنبیہ یہ آگاہ کرنا ہی شارح کی جانب سے مضمون آیندہ پر نقل فی المجتبی انہ یشترط فی العوض ان یکون مشروطا فی عقد الہبۃ اما اذا عوضہ بعدہ فلا ولم ار من صرح بہ غیرہ
وفروع المذہب مطلقۃ کما مر فتدبر مجتبی مین منقول ہی کہ عوض ہبہ مین یہ شرط ہی کہ عقد ہبہ مین عوض مشروط ہو اور اگر بعد عقد کے عوض دیا تو وہ مانع رجوع کا نہین
ہی انتہی اور مین نے وہ شخص نہین دیکھا جسنے اس شرط کی تصریح کی ہو سوائے صاحب مجتبی کے اور مسائل جزئیہ مذہب کے بلا قید مذکور کئے ہین چنانچہ مذکور ہو چکے سو غور کر لے
م منجملہ مسائل مذکورہ ایک یہ ہی کہ گیہون کا آٹا گیہون کا عوض ہو سکتا ہی یعنی اور آٹا نہین ہوتا مگر بعد گیہون کے اور ازانجملہ وہ موہوب لونڈیون سے ایک لونڈی کا
وہ بیٹا جو پیدا ہوا بعد ہبہ کے عوض مانع رجوع ہوتا ہی کذا فی المنح والخاء خروج الہبۃ عن ملک الموہوب لہ اور خائے معجمہ سے مراد ہبہ کا خروج ہی موہوب لہ کی ملک
سے یعنی خروج بھی مانع ہی رجوع کا ولو بہبۃ الا اذا رجع الثانی فللاول الرجوع سواء کان بقضاء او رضی کما یجی ان الرجوع فسخ حتی لو عادت بسبب جدید بان تصدق بہا
الثالث علی الثانی او باعہا منہ لم یرجع الاول خروج عن الملک مانع ہی رجوع کا اگرچہ خروج ہبہ کے سبب سے ہو مگر جبکہ واہب ثانی رجوع کرے تو واہب اول کو بھی رجوع جائز ہی خواہ رجوع
حاکم کے حکم سے ہو یا رضامندی سے اسواسطے کہ آگے آویگا کہ رجوع عبارت ہی فسخ ہبہ سے یعنی اور فسخ نہین ہوتا مگر قضا یا رضا سے تو اگر ہبہ عود کرے جدید سبب سے اسطرح پر کہ
واہب ثالث واہب ثانی پر تصدق کرے یا اسکو اُسکے ہاتھ بیع کرے تو واہب اول رجوع نکریگا ولو باع نصفہ رجع فی الباقی لعدم المانع اور اگر موہوب لہ نے نصف موہوب کی
بیع کی تو واہب نصف باقی مین رجوع کرے بواسطہ عدم مانع یعنی مانع رجوع فقط نصف مبیع مین حاصل ہوا ہی نہ نصف باقی مین وقید الخروج لقولہ بالکلیۃ بان یکون خروجا
عن ملکہ من کل وجہ ثم فرع علیہ بقولہ اور مصنف رح نے خروج مین بالکلیہ کی قید لگائی بایں معنی کہ موہوب لہ کی ملک سے خروج ہو ہر وجہ سے پھر اُسپر تفریع
کی بقول آیندہ فلو ضحی الموہوب لہ بالشاۃ الموہوبۃ او نذر التصدق بہا وصارت لحما لا یمنع الرجوع تو اگر موہوب لہ نے
دنبہ موہوبہ قربانی کیا یا اُسکے خیرات کرنے کی نذر مانی اور دنبہ حلال کرنے سے گوشت ہو گیا تو یہ مانع رجوع کا نہین م اسواسطے کہ قربانی کا

گوشت ملک مین داخل رہتا ہی تو خروج عن الملک ثابت نہوا کہ مانع ہوتا رجوع سے فتاوی عالمگیری مین محیط سے منقول ہی کہ قربانی مذکورہ اور متعہ ادا ہوجاتا ہی محمد رح کے نزدیک اور ابو یوسف رح کے نزدیک رجوع جائز نہین اور صحیح یہ ہی کہ امام رح کا قول محمد رح کے قول کے مانند ہی ومثلہ المتعۃ والقران والنذر مجتبی اور قربانی کے مانند متعہ[1] اور قران اور نذر ہی کذافی المجتبی ھم طحطاوی نے کہا شاید کہ نذر سے شارح کے کلام مین نذر مطلق مراد ہی تو متن سے تکرار ثابت نہوئی وفی المنھاج وان وھب لہ ثوبا فجعلہ صدقۃ للہ تعالی فلہ الرجوع خلافا للثانی اور منہاج مین ہی کہ اگر اسکو کپڑا ہبہ کیا سو موہوب لہ نے اسکو خیرات کیا اللہ تعالی کے واسطے تو واہب کو رجوع جائز ہی بخلاف مذہب ابو یوسف رح ھم جب تک فقیر نے خیرات نہین پائی تب تک رجوع درست ہی کذافی الطحطاوی کما لو ذبحھا من غیر تضحیۃ فلہ الرجوع اتفاقا چنانچہ اگر ذبح موہوبہ کو ذبح کیا بدون قربانی کرنے کے تو واہب کو رجوع جائز ہی باتفاق طرفین اور ابو یوسف رح کے فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا عبد علیہ دین او جنایۃ خطاء فوھبہ مولاہ لغریمہ او لولی الجنایۃ سقط الدین والجنایۃ ثم لو رجع صح استحسانا ولا یعود الدین والجنایۃ عند محمد وروایۃ عن الامام کما لا یعود النکاح لو وھبھا لزوجھا ثم رجع خانیہ ایک غلام ہی جسپر دین یا جنایت خطا ہی پھر اسکے مالک نے اسکے دین والے یا ولی جنایت کو ہبہ کردیا تو دین اور جنایت ساقط ہوگئی پھر اگر واہب رجوع فی الھبۃ کرے تو استحسان کی راہ سے صحیح ہوگا اور دین اور جنایت محمد رح کے نزدیک عود نکریگی اور امام رح کی ایک روایت مین جیسے نکاح عود نہین کرتا اگر مالک نے لونڈی ہبہ کردی اسکے شوہر کو پھر اسنے ہبہ پھیر لیا کذافی الخانیۃ والزاء الزوجیۃ وقت الھبۃ اور زاے معجمہ سے زوجیت وقت ہبہ کی مراد ہی فلو وھب لامرأۃ ثم نکحھا رجع تو اگر ایک عورت کو ہبہ کیا پھر اس سے نکاح کیا تو رجوع کرے یعنی اسواسطے کہ ہبہ کے وقت زوجیت نہتی ولو وھب لامرأتہ لا لعکسہ انتہی اور اگر اپنی عورت کو ہبہ کیا تو رجوع نکرے جیسے بالعکس اسکے انتہی یعنے اگر واہب عورت ہو اور ایک مرد کو ہبہ کرے پھر اس سے نکاح کرے تو رجوع جائز ہی اور اگر اپنے زوج کو ہبہ کرے تو رجوع درست نہین فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا تصح ھبۃ المولی لام ولدہ ولو فی مرضہ ولا تنقلب وصیۃ اذ لا ید للمحجور اما الوصیۃ لھا بعد موتہ فتصح لعتقھا بموتہ فیسلم لھا کافی صحیح نہین ہبہ کرنا مولی کا اپنی ام ولد کو اگرچہ ہبہ اسکی مرض الموت مین ہو اور یہ ہبہ بدل کر وصیت نہوجائیگا اسواسطے کہ محجور کو کچھ تصرف نہین اور اگر ام ولد کے واسطے وصیت کرجاے اپنی موت کے بعد یعنی یون کہے کہ میری موت کے بعد ام ولد کو اتنا دینا تو وصیت صحیح ہوگی بسبب اسکے آزاد ہوجانے کے مولی کی موت سے تو ام ولد کا قبض[2] کرادیا جاویگا کذافی الکافی ھم ام ولد کو ہبہ کرنا اسواسطے صحیح نہوا کہ شرط ہبہ سے قبض موہوب ہی اور وہ قبض کی لیاقت نہین رکھتی بسبب محجور التصرف ہونے کے والقاف القرابۃ فلو وھب لذی رحم محرم منہ نسبا ولو ذمیا او مستامنا لا یرجع شمنی اور قاف سے مراد قرابت ہی تو اگر واہب ہبہ کرے اپنے قرابت دار محرم نسبی کو اگرچہ موہوب لہ ذمی یا مستامن ہو تو رجوع نکریگا کذافی الشمنی ھم محرم وہ ہی جس سے نکاح حرام ہو محرم نسبی کی قید سے محرم رضاعی خارج ہوگیا تو مانع رجوع قرابت مع المحرمیۃ ہی نہ فقط قرابت اور نہ فقط محرمیت ولو وھب لمحرم بلا رحم کاخیہ رضاعا ولو ابن عمہ ولمحرم بالمصاھرۃ کامھات النساء والربائب واخیہ وھو عبد لاجنبی او لعبد اخیہ رجع اور اگر واہب نے ہبہ کیا اس محرم کو جس سے قرابت نہین چنانچہ اپنی رضاعی بھائی کو اگرچہ اسکے چچا کا بیٹا ہو اور ہبہ کیا سسرالی محرم کو چنانچہ خوشدامن اور ربائب[3] اور ہبہ کیا اپنے نسبی بھائی کو اور حالانکہ وہ اجنبی شخص کا غلام ہی یا ہبہ کیا اپنے بھائی کے غلام کو تو رجوع کریگا ھم ابن عمہ کے لفظ سے متن پر مبالغہ کرنا صحیح نہین اسواسطے کہ ابن عم قرابت دار ہی تو اسکو جدا مسئلہ قرار دینا بہتر تھا اور صاحبین رح کا یہ مذہب ہی کہ غلام بھائی کے ہبہ مین رجوع جائز ہی اور بھائی کے غلام کے ہبہ مین رجوع جائز نہین کذافی الطحطاوی ولو کانا ای العبد ومولاہ ذا رحم محرم من الواھب فلا رجوع فیھا اتفاقا علی الاصح لان الھبۃ لایھما وقعت تمنع الرجوع بحر اور اگر دونون یعنی غلام اور اسکا مالک واہب کے محرم قرابت دار ہون تو رجوع جائز نہین باتفاق امام رح اور صاحبین رح کے بنا بر قول صحیح تر اسواسطے کہ دونون شخصون مین سے جس شخص کے واسطے ہبہ واقع ہو وہ مانع ہی رجوع فی الھبۃ کا کذافی البحر ھم غلام اور مولی کی قرابت مع المحرمیۃ کی یہ صورت ہی کہ واہب کا سوتیلا بھائی اسکے مادری بھائی کا غلام ہو کذافی الطحطاوی عن المبسوط فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا وھب لاخیہ واجنبی مالا لقسم فقبضاہ لہ الرجوع فی حظ الاجنبی لعدم المانع در راپنے بھائی اور اجنبی کو وہ چیز ہبہ کی جو قسمت پذیر نہین چنانچہ پیالہ یا چکی سو دونون نے اسپر قبضہ کیا تو واہب کو اجنبی کے حصے مین رجوع جائز ہی بسبب نہونے مانع کے کذافی الدرر والھاء ھلاک العین

[1] یعنے تمتع کر اول عمرہ حج کے مہینون مین کرکے حلال ہوجاوے پھر آٹھوین ذی الحجہ یا اس سے پیشتر احرام حج کا باندھے اور قران یہ کہ حج اور عمرہ کا احرام ایک ساتھ کرے اور دونون سے ایک ہی مین حلال ہو ۱۲

[2] یعنی مال وصیت ام ولد کو جو اسکے لئے کیا جاوے ۱۲

[3] یعنے وہ اولاد جو دوسرے شوہر سے ایک عورت کے ہمراہ ہو اور اسکو ہبہ کیا ہو جیسے پہلے بیٹے مین سوا

الموہوبۃ اور راسے ہونے سے یعنی شئ موہوبہ کا ہلاک ہونا مراد ہے ہم ہلاک سے تلف ہوجانا عین کا یا اُسکے عامہ منافع کا تلف ہونا مراد ہے باوجود بقاے ملک تو یہ گمان کرنا چاہیئے کہ
خروج عن الملک معنی ہلاکت سے تو اگر تلوار ہبہ کی سو موہوب لہ نے توڑ کر اسکی چھری یا دوسری تلوار بنائی تو رجوع جائز نہوگا بخلاف شاۃ ذبحہ کذا فی الطحطاوی عن الملتقی
ولو ادعاہ ای الہلاک صدق بلا حلف لانہ ینکر الرد اور اگر موہوب لہ موہوب کے تلف ہوجانے کا دعوی کرے تو اُسکی تصدیق ہوگی بدون قسم کے اسواسطے کہ وہ منکر ہے ہبہ
پھیر دینے کا فان قال الواہب ہی ہذہ حلف المنکر انہا لیست ہذہ خلاصہ پھر اگر واہب کہے کہ وہ یعنی ہبہ یہی چیز ہے تو منکر یون قسم کھائے کہ ہبہ یہ چیز
نہیں ہے کذا فی الخلاصہ کما یحلف الواہب ان الموہوب لہ لیس باخیہ اذا ادعی الاخ ذلک لانہ یدعی مسبب النسب لا النسب خانیہ جیسے واہب یون
قسم کھائے کہ موہوب لہ اُسکا بھائی نہیں جبکہ بھائی دعوے کرے بھائی ہونے کا اسواسطے کہ موہوب لہ مدعی ہے مسبب نسب کا نہ نسب کا کذا فی الخانیہ ہم یعنے جب واہب
رجوع فی الہبہ کا ارادہ کرے اور موہوب لہ کہے کہ مین تیرا بھائی ہون تو واہب پر نفی اخوت کی قسم آویگی اور یہ قسم درحقیقت نسب کے سبب یعنی مال پر ہے نہ نسب
پر تو یہان مال کا اثبات مقصود ہے نہ نسب کا اور اگر مقصود نسب ہوتا تو اسمین قسم جاری نہوتی امام کے قول پر کذا فی الطحطاوی ملخصا بتصرف ولا یصح الرجوع الا
بتراضیہما او بحکم الحاکم للاختلاف فیہ اور صحیح نہین رجوع یعنی ہبہ کا پھیر لینا اگر دونون کی رضامندی یا حاکم کے حکم سے بسبب اختلاف ہونے کے رجوع مین ہم بعض
مجتہدین کے نزدیک رجوع فی الہبہ جائز نہین پھر جب اسمین اختلاف ہوا تو رجوع کا حکم ثابت نہوگا مگر رضاے طرفین سے یا حاکم کے حکم سے تو اگر واہب ہبہ کر کے پھیر لیگا بلا رضاے
موہوب لہ یا حکم حاکم تو غاصب ہوگا تو اگر اب موہوب تلف ہوگا واہب کے پاس تو واہب اسکی قیمت کا تاوان دیگا موہوب لہ کو فیضمن بمنعہ بعد القضاء لا قبلہ تو موہوب لہ بعد
حکم حاکم موہوب کو نہ دینے سے تاوان دیگا نہ قبل از حکم حاکم ہم جبتک حاکم حکم نہ کرے استرداد کا یا فسخ ہبہ تراضی نہو تو موہوب لہ کی ملک موہوب مین ثابت ہے تو اُسکا تصرف
اُسکی بیع اور عتق مین نافذ ہے اگرچہ بعد مرافعہ الی الحاکم ہو اور اسیطرح اگر حاکم موہوب لہ کو منع کرے اور موہوب اُسکے پاس تلف ہوجاے تو اُسپر تاوان نہین کیونکہ اُسکی ملک ہنوز قائم
ہے اور اسیطرح اگر بعد حکم قبل منع تلف ہو تو تاوان نہین اور اگر بعد حکم منع کرے تو تاوان لازم ہوگا بسبب اُسکی تعدی کے کذا فی المنح واذا رجع باحدہما بقضاء او رضی
کان فسخا لعقد الہبۃ من الاصل واعادۃ لملکہ القدیم لا ہبۃ للواہب اور جبکہ رجوع کیا متعاقدین مین سے ایک شخص نے حکم حاکم یا رضامندی سے تو رجوع عقد ہبہ کا فسخ
ہوگا اصل سے اور اعادہ ہوگا واہب کی ملک قدیم کا نہ ہبہ واسطے واہب کے ہم اور اگر موہوب لہ واہب کو ہبہ کرے قبل قضا یا رضا کے اور وہ قبول کرے تو مالک ہوگا
بدون قبض کے اور جبکہ قبض کرایگا تو بمنزلہ رجوع کے ہوگا قضا یا رضا سے اور موہوب لہ کو اسمین رجوع کرنا جائز نہوگا کذا فی الطحطاوی عن البدائع فلہذا لا یشترط فیہ
قبض الواہب وصح الرجوع فی الشائع ولو کان ہبتہ لما صح فیہ اور چونکہ رجوع بقضا یا رضا اعادہ ملک واہب ہے نہ ہبہ موہوب لہ اسیواسطے شرط نہین رجوع مین قبض کرنا واہب کا
اور رجوع صحیح ہے بعض شائع مین اور اگر رجوع ہبہ ہوتا تو شائع مین صحیح نہوتا یعنی اسواسطے کہ شائع کا ہبہ صحیح نہین کما تقدم وللواہب ردہ علی بائعہ مطلقا
بقضاء او رضی اور واہب کو جائز ہے پھیر دینا موہوب کا اُسکے بائع کو ہر طرح خواہ رجوع بقضا ہو خواہ برضا ہم یعنی واہب نے ایک چیز خرید کی پھر وہی چیز دوسرے
شخص کو ہبہ کی پھر بحکم قاضی یا بتراضی رجوع فی الہبہ واقع ہوا پھر موہوب کے عیب قدیمی پر اطلاع واقع ہوئی تو بسبب عیب کے اُسکا پھیر دینا جائز ہے بخلاف الرد
بالعیب بعد القبض بغیر قضاء بخلاف رد بالعیب کے بعد قبض بدون قضا کے ہم یعنی اگر ایک چیز خرید کی پھر اُسکی بیع کی پھر مشتری ثانی نے اسکو بواسطہ عیب کے
مشتری اول کو پھیر دیا تو اگر پھیر دینا حاکم کے حکم سے ہو تو یہ فسخ ہے عقد بیع کا تو مشتری اول کو بھی حق رد اپنے بائع پر ثابت ہوگا اور اگر متعاقدین کی رضامندی سے رد واقع
ہوا ہو تو مشتری اول اُسکو نہین پھیر سکتا کیونکہ وہ بمنزلہ بیع جدید کے ہے کذا فی الطحطاوی لان حق المشتری فی وصف السلامۃ لا فی الفسخ فافترقا ردہ بالعیب فقط
رضا بلا قضا سے اسواسطے جائز نہوا کہ مشتری کا حق سلامت مبیع کے وصف مین ہے نہ فسخ مین تو بیع اور ہبہ کا افتراق ثابت ہوگیا ہم چونکہ حق مشتری سلامت مبیع مین ہے
لہذا اگر مبیع کا عیب زائل ہوجاے تو پھیر دینا ممتنع ہوگا کیونکہ اسکا حق اُسکو مل گیا اور درصورت عدم سلامت مبیع مشتری پھیر لیگا اور اُس سے فسخ بیع ضرورۃً لازم ہوگا
بخلاف عقد ہبہ کہ اسمین فسخ کا حق واہب کو ثابت ہے کیونکہ ہبہ عقد غیر لازم ہے تو درصورت رجوع عین ملک واہب اسکی طرف عائد ہوگی نہ ہبہ جداگانہ تو افتراق

بیع اور ہبہ کا ظاہر ہو گیا کذا فی المنح ملخصاً ثم مرادہم بالفسخ من الاصل ان لا یترتب علی العقد اثر فی المستقبل لا بطلان اثرہ اصلاً و الا لعاد المنفصل الی ملک
الواہب برجوعہ فصولین پھر معلوم کرنا چاہیے کہ فقہا کی مراد فسخ من الاصل سے یہ ہے کہ عقد ہبہ پر کوئی اثر زمان مستقبل میں نہ مترتب ہو نہ باطل ہونا ہبہ کے اثر کا بالکل
یعنی زمان ماضی میں بھی اور اگر بالکل بطلان اثر ہوتا ماضی میں تو زیادت منفصل ملک واہب کیطرف عود کرتی واہب کے رجوع فی الہبہ سے کذا فی الفصولین ھم زواید منفصلہ
جیسے لونڈی موہوبہ کا بچہ اور درخت کا پھل اور دیت مملوک جو موہوب لہ کے پاس موجود ہوئی اور حالانکہ واہب کو بعد رجوع کے زوائد مذکورہ کا لینا نہیں پہونچتا تو معلوم
ہوا کہ فسخ سے بالکل بطلان اثر مراد نہیں اتفقا الواہب والموہوب لہ علی الرجوع فی موضع لا یصح رجوعہ من المواضع السبعۃ السابقۃ کالہبۃ لقرابۃ جاز ہذا
الاتفاق منہا جوہرہ واہب اور موہوب لہ نے رجوع پر اتفاق کیا اُس موضع میں جسمیں رجوع صحیح نہیں منجملہ مواضع سبعہ سابقہ کے چنانچہ ہبہ واہب کی قرابت میں
تو ان دونوں کا اتفاق جائز ہے کذا فی الجوہرہ وفی المجتبیٰ لا یجوز الاقالۃ فی الہبۃ والصدقۃ فی المحارم الا بالقبض لانہا ہبۃ اور مجتبیٰ میں ہے کہ جائز نہیں اقالہ ہبہ
اور محارم کے صدقہ میں بدون قبض کے اسواسطے کہ اقالہ یہان ہبہ ہے ثم قال وکل شیٔ یفسخہ الحاکم اذا اختصما الیہ فہذا حکمہ پھر صاحب مجتبیٰ نے کہا اور جس چیز کے
عقد کو حاکم فسخ کر ڈالے جبکہ متعاقدین حاکم کے پاس جھگڑا لیجاویں تو اسکا یہی حکم ہے یعنی درصورت نالش جو عقد کہ لائق فسخ حاکم ہے اسمیں اقالہ کرنا نافع نہیں
بدون قبض کے کذا فی الطحطاوی بتصرف ولو وہب الدین لطفل المدیون لم یجز لانہ غیر مقبوض اور اگر طفل مدیون کو دین ہبہ کرے تو جائز نہیں اسواسطے کہ دین
غیر مقبوض ہے وفی الدرر قضی ببطلان الرجوع لمانع ثم زال المانع عاد الرجوع اور دُرر میں ہے حاکم نے حکم کیا بطلان رجوع کا بسبب کسی مانع رجوع کے پھر وہ مانع زایل
ہو گیا تو رجوع عود کریگا ھم زوجیت اور قرابت اور ہلاک عین اور موت اور عوض میں تو یہ نہیں ہو سکتا مگر خروج عن الملک میں ہو سکتا ہے جبکہ موہوب لہ کے پاس
وہ چیز پھر آوے کذا فی الطحطاوی تلفت العین الموہوبۃ واستحقہا مستحق وضمن المستحق الموہوب لہ لم یرجع علی الواہب بما ضمن لانہا عقد تبرع
فلا یستحق فیہ السلامۃ چیز موہوب تلف ہو گئی اور اُسکا کوئی اور شخص حقدار مالک ٹھہرا اور حقدار نے موہوب لہ سے تاوان لیا تو موہوب لہ واہب سے تاوان نہ بھریگا
اسواسطے کہ ہبہ احسان کا عقد ہے نہ معاوضہ کا تو اُسمیں سلامت موہوب مستحق نہیں ہے ھم ہبہ کی قید اسواسطے لگائی کہ معاوضات کے عقود میں تاوان دینے سے غرر یعنی
فریب بائع وغیرہ کا ثابت ہوگا تو مشتری کو اپنے بائع سے رجوع بقدر ضمان جائز ہوگا اور اسیطرح ودیعت اور اجارے میں جبکہ ودیعت یا عین مستاجرہ تلف ہو گیا
پھر ایک مرد اُسکا مستحق ثابت ہوا اور مودع اور مستاجر سے تاوان لے تو دونوں شخص دافع سے تاوان پھیر لینگے کذا فی الطحطاوی والاعارۃ کالہبۃ ہنا لان
قبض المستعیر کان لنفسہ ولا غرور لعدم العقد وتمامہ فی العمادیۃ اور عاریت دینا ہبہ کے مانند ہے اس مقام میں اسواسطے کہ قبض کرنا مستعیر کا عاریت پر اپنی ذات کے واسطے ہے
اور یہان غرور نہیں بسبب نہونے عقد کے اور پورا بیان اسکا عمادیہ میں ہے ھم عقد نہیں یعنی عقد معاوضہ نہیں والا عاریت اور ہبہ میں عقد ضرور ہے خلاصہ مقام یہ ہے کہ اگر عاریت
تلف ہو جائے اور اسکا کوئی اور مالک نکلے سوائے معیر کے اور مالک مستعیر سے تاوان بھر لے تو مستعیر اُس تاوان کو معیر سے نہیں لے سکتا و اذا وقعت الہبۃ بشرط
العوض المعین فہی ہبۃ ابتداءً فیشترط التقابض فی العوضین ویبطل العوض بالشیوع فیما یقسم وبیع انتہاءً فترد بالعیب وخیار الرؤیۃ ویوخذ بالشفعۃ
ہذا اذا قال وہبتک علی ان تعوضنی کذا اما لو قال وہبتک بکذا فہو بیع ابتداءً وانتہاءً اور جبکہ ہبہ واقع ہو بشرط عوض معین کے تو وہ باعتبار ابتدا کے ہبہ ہے
تو دونوں عوضوں میں تقابض شرط ہوگا اور محتمل القسمۃ میں شائع ہونے سے عوض باطل ہوگا اور ہبہ بشرط عوض بیع ہے باعتبار انتہا کے تو بسبب عیب اور خیار الرؤیۃ کے
پھیر دیا جائیگا اور شفعہ سے لیا جائیگا یہ اُس صورت میں ہے جبکہ واہب یوں کہے کہ میں نے تجکو ہبہ کیا اس شرط پر کہ تو مجکو فلانی چیز عوض دے اور اگر یوں کہیگا کہ
میں نے تجکو ہبہ کیا بمقابلہ اُسکے تو وہ بیع ہے باعتبار ابتدا کے بھی اور باعتبار انتہا کے بھی ھم رد بالعیب عوض اور معوض دونوں میں ہوگا اور اسیطرح
خیار الرؤیۃ اور شفعہ دونوں میں ثابت ہے اور جبکہ باعتبار ابتدا اور انتہا کے ہبہ بیع ہوگا تو دونوں کی ملک اپنے حق میں ثابت ہوگی اور امتناع تسلیم
جائز نہوگا اور قبض شرط نرہیگا اور شیوع مفسد نہوگا کذا فی الطحطاوی وقید العوض بکونہ معینا لانہ لو کان مجہولا بطل اشتراطہ فیکون ہبۃ ابتداءً وانتہاءً

اور عوض میں مصنف رح نے معین ہونے کی قید لگائی اسواسطے کہ اگر عوض مجہول ہوگا تو عوض کا شرط کرنا باطل ہوگا تو در صورت جہالت عوض ابتدا اور انتہا کے دونوں
اعتبار سے مقبوض ہبہ ہوگا نہ بیع فرع مسئلہ ملحقہ شارح کا وہب الواقف ارضا شرط استبدالہ بلا شرط عوض لم یجز وان شرط کان کبیع ذکرہ الناصحی واقف نے
اس وقف کی زمین بلا شرط عوض ہبہ کی جسکا استبدال مشروط تھا تو جائز نہین اور اگر استبدال اسکا مشروط تھا بعوض ہبہ کے تو بمنزلہ بیع کے ہوگی ناصحی نے
اسکو ذکر کیا ہے وفی المجمع واجاز محمد ہبۃ مال طفلہ بشرط عوض مساو ومنعاہ قلت فیحتاج علی قولہما الی الفرق بین الوقف ومال الصغیر اور مجمع مین ہے اور
جائز کہا ہے محمد بن حسن رح نے ہبہ کرنا اپنے طفل کا مال بشرط اس عوض کے جو قیمت مین برابر ہے موہوب کے اور شیخین رح نے اسکو منع کیا ہے مین کہتا ہون تو
شیخین رح کے قول پر وقف اور مال صغیر کے درمیان مین فرق بیان کرنے کی حاجت ہوگی ہم یعنی وقف مشروط الاستبدال کا ہبہ بشرط عوض شیخین رح کے
نزدیک جائز ہے اور ہبہ مال طفل بشرط عوض جائز نہین تو دونون مین فرق بیان کرنا چاہیے طحطاوی نے خیر الدین رملی سے یون فرق مذکور کیا ہے کہ جب واقف نے
استبدال شرط کیا اور وہ حاصل ہوتا ہے ہر ایک عقد معاوضہ سے تو ہبہ بشرط عوض داخل ہے واقف کی شرط مین بخلاف ہبہ مال ابن صغیر اسواسطے کہ ہبہ تو باعتبار ابتدا کے
تبرع اور احسان ہے اور وہ ممنوع ہے طفل کے مال مین احسان کرنے سے مطلقاً **فصل فی مسائل متفرقۃ** یہ فصل ہے ہبہ کے مسائل متفرقہ مین **وہب امۃ الا حملہا او علی**
ان یردہ علیہ او یعتقہا او یستولدہا او وہب دارًا **علی ان یرد علیہ شیئًا منہا** ولو معینا کثلث الدار او ربعہا **علی ان یعوض فی الہبۃ والصدقۃ شیئًا منہا**
صحت الہبۃ وبطل الاستثناء فی الصورۃ الاولی **وبطل الشرط** فی الصور الباقیۃ لانہ بعض او مجہول والہبۃ لاتبطل بالشروط لونڈی ہبہ کی سوائے اسکے حمل کے ہبہ کی
اس شرط پر کہ لونڈی واہب کو پھیر دے یا موہوب لہ اسکو آزاد کرے یا اسکو اپنی حرم بنا دے یا گھر ہبہ کیا اس شرط پر کہ گھر مین سے کچھ واہب کو پھیر دے اگر بعض معین ہو
چنانچہ تہائی گھر یا چوتھائی یا اس شرط پر ہبہ کیا کہ ہبہ اور صدقے مین سے کچھ عوض دے تو ہبہ صحیح ہے اور پہلی صورت مین استثناء حمل باطل ہے اور باقی صورتون مین شرط
باطل ہے اسواسطے کہ شرط بعض موہوب ہے یا مجہول ہے اور ہبہ باطل نہین ہوتا شرطون سے ہم مجہول ہونا پچھلی دو صورتون مین ظاہر ہے نہ صورت ثانیہ اور ثالثہ او
رابعہ مین تو ہدایہ کی یہ تعلیل بہتر ہے کہ یہ شروط مقتضاے عقد کے مخالف ہین تو فاسد ہوئین اور ہبہ باطل نہین ہوتا شروط فاسدہ سے ولا تمس لامر من اشتراط معلوم
العوض اور نہ بھولیو اس مضمون کو جو معلومیت عوض سے مذکور ہو چکا ہم یعنی جہالت عوض کی مفسد ہے سراج مین اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جس عقد کی شرط قبض ہے
تو شرط اسکی مفسد نہین ہوتی چنانچہ ہبہ اور رہن کذا فی الطحطاوی **اعتق حمل امتہ ثم وہبہا صح ولو دبرہ ثم وہبہا لم یصح** لبقاء الحمل علی ملکہ فکان مشغولا بہ
بخلاف الاول اپنی لونڈی کا حمل آزاد کیا پھر لونڈی ہبہ کی تو صحیح ہے اور اگر حمل کو مدبر کیا پھر لونڈی ہبہ کی تو صحیح نہین بسبب باقی رہنے حمل کے واہب کی
ملک پر تو موہوب مشغول بحمل ہوا یعنی اور شرط ہبہ یہ ہے کہ موہوب مشغول نہو واہب کی ملک سے بخلاف اول کے یعنی در صورت عتق حمل واہب کی
ملک پر جنین باقی نہ رہا تو موہوب مشغول بملک واہب نہ رہا **کما لا یصح تعلیق الابراء عن الدین** بشرط محض کقولہ لمدیونہ اذا جاء غد او ان مت بالفتح التاء
فانت بری من الدین او ان مت من مرضک ہذا او ان مت من مرضی ہذا فانت فی حل من مہری فہو باطل لانہ مخاطرۃ وتعلیق جیسے صحیح نہین تعلیق ابراء دین
کی شرط محض سے چنانچہ صاحب دین کا یون کہنا اپنے مدیون سے کہ جب کل کا دن آوے یا تو مر جاوے تو تو بری الذمہ ہے دین سے یا زوجہ کا یون کہنا
اپنے زوج سے اگر تو مر جاوے اپنے اس مرض سے یا مین مر جاؤن اپنے اس مرض سے تو تو میرے مہر سے پاک ہے ماخوذ نہین تو وہ باطل ہے کیونکہ وہ مخاطرہ اور
تعلیق ہے ہم مجی غد مین مخاطرہ نہین مگر جب مجی غد کو بقاے دین کے ساتھ ملاحظہ کیجیے کذا فی الطحطاوی **الا بشرط کائن لیکون تنجیزا** کقولہ لمدیونہ ان کان
لی علیک دین ابراتک عنہ صح تعلیق ابراء کی بشرط محض صحیح نہین مگر بشرط موجود تعلیق صحیح ہے تاکہ تعلیق تنجیز ہو جاوے چنانچہ اپنے مدیون سے یون کہنا کہ اگر
میرا دین تجھپر ہو تو مین نے تجکو بری الذمہ کر دیا صحیح ہے ولذا ان مت بضم التاء فانت بری منہ او فی حل جاز وکان وصیۃ خانیہ اور اسیطرح یہ تعلیق کہ
اگر مین مر جاؤن تو تو اس سے بری الذمہ ہے یا تو دین سے پاک ہے ماخوذ نہین اور یہ قول وصیت ہوگا کذا فی الخانیہ ہم مرض مخصوص مشار الیہ سے مرنا

یقینی نہیں لہذا شارح نے اُسکو وہاں مخاطرہ کہا اور مطلق موت یقینی الوجود ہے لہذا اُسکو یہاں ذمیت کہا جاز العمری للمعمر له ولورثته بعده لبطلان الشرط ہبہ بطریق
عمریٰ جائز ہے اور موہوب اُسکا مملوک ہے جسکو مدت العمر کے واسطے اور بعد اُسکے اُسکے وارث کا مملوک کردیا بسبب باطل ہونے رد کی شرط کے عمریٰ بضم اول یہ ہے کہ
ایک شخص مثلاً اپنا گھر دوسرے کو دے کہ وہ عمر بھر اُسمیں رہے پھر جب موہوب لہ مرجائے تو واہب یا اُسکا وارث اُسکو پھیر لے سو اسطرح کے دینے سے موہوب لہ
اور اُسکے ورثہ مالک ہوجاتے ہیں اور پھیر لینے کی شرط باطل ہے لا یجوز الرقبی لانه تعلیق بالخطر رقبہ جائز نہیں کیونکہ تعلیق ہے خطر پر رقبی بضم یہ کہ میرا گھر تیرا ہے
بطریق رقبے یعنی اگر میں مرجاؤں تجھسے پہلے تو وہ گھر تیرا ہے اور اگر تو مرے مجھسے پہلے تو وہ میرا ہے امام رح اور محمد رح کا یہ قول ہے کہ ہبہ جائز نہیں بسبب تعلیق بالخطر
کے اور ابو یوسف رح کا یہ قول ہے کہ ہبہ بطریق رقبی صحیح ہے کیونکہ فی الحال تملیک ہے اور شرط باطل ہے اور پہلا قول صحیح ہے کذا فی الطحطاوی عن المضمرات واذا لم تصح کون
عاریۃ تمسی لحدیث احمد وغیرہ من اعمر عمری فہی للمعمرہ فی حیاته وموته لا ترقبوا فمن ارقب شیئا فہو سبیل المیراث اور جبکہ رقبی صحیح نہوا تو اسطرح کا دینا عاریۃ
ہوگا کذا فی الشمنی جواز عمری اور عدم جواز رقبی احمد بن حنبل رح وغیرہ کی اس حدیث سے ثابت ہے کہ جو شخص ہبہ کرے بطریق عمری تو اُسکا مال اسکی زندگی اور
موت میں وہی شخص ہے جسکو عمر بھر کے واسطے دیا اور بطریق رقبے ندیا کرو جو شخص بطریق رقبے کے دے تو اُس چیز کا طریقہ میراث کا طریقہ ہے یعنی رقبی لینے والے
کی میراث ہے بعث الی امراته متاعا ہدایا الیہا وبعثت ہی له ایضا ہدایا عوضا للہبة صرحت بالعوض اولا ثم افترقا بعد الزفاف وادعی الزوج
انه عاریة لا ہبة وحلف واراد الاسترداد وارادت ہی الاسترداد ایضا یسترد کل منہما ما اعطی اذ لا ہبة فلا عوض زوج نے زوجہ کی طرف اسباب تحفہ
بھیجا اور زوجہ نے بھی زوج کے واسطے تحفہ بھیجا ہبہ کے عوض خواہ اُسنے عوض کی تصریح کی یا نکی پھر دونوں میں جدائی ہوگئی بعد زفاف کے اور زوج نے دعوی
کیا کہ وہ اسباب عاریت تھا نہ ہبہ اور اُسپر اُسنے قسم کھائی اور اسباب کے پھیر لینے کا ارادہ کیا اور عورت نے بھی پھیر لینا چاہا تو دونوں میں سے ہر شخص نے
جو دیا تھا سو پھیر لے اسواسطے کہ ہبہ نہیں سو بدلہ بھی نہیں یعنی اُسنے ہبہ کی بہت سے عوض دیا تھا جب ہبہ باطل ہوا تو عوض بھی باطل ہوگیا ولو استہلکه
احدہما یضمنه الآخر ضمنه لانه من استہلک العاریة ضمنہا خانیہ اور اگر زوج یا زوجہ نے وہ اسباب تلف کردیا جو دوسرے نے بھیجا تھا تو اُسکا تاوان دیگا
اسواسطے کہ جو عاریت کو تلف کرڈالے وہ اُسکا ضامن ہے کذا فی الخانیہ م استہلاک کی قید اسواسطے لگائی کہ اگر متاع خود تلف ہوجائیگی تو تاوان لازم نہ
ہوگا کذا فی الطحطاوی ہبة الدین ممن علیه الدین وابراءه عنه یتم من غیر قبول اذا لم یوجب انفساخ عقد صرف او سلم ہبہ کرنا دین کا اُس شخص کو
جسپر دین ہے اور دین کا معاف کردینا مدیون سے تمام ہوجاتا ہے بدون قبول کرنے مدیون کے بشرطیکہ عقد صرف اور عقد سلم کے فسخ ہوجانے کا موجب نہو
م قبول کی اسواسطے حاجت نہیں کہ ہبہ دین اور ابرا بمعنی اسقاط ہے اور اسقاط میں قبول شرط نہیں اور اگر ابرا عقد سلم یا عقد صرف کے فسخ کا
موجب ہو چنانچہ رب السلم نے ابرا کیا یا صرف کے متعاقدین میں سے ایک شخص نے ابرا کیا تو دوسرے کے قبول کرنے پر موقوف ہوگا
بسبب فوت ہونے اُس قبضہ کے جو مستحق بالعقد ہے اور ایک عاقد کو فسخ میں اختیار نہیں لکن یرتد بالرد فی المجلس وغیرہ لما فیه من معنی الاسقاط
وقیل یتقید بالمجلس کذا فی العنایة ہبہ اور ابرا تمام ہوتا ہے بلا قبول لیکن رد ہوجاتا ہے مجلس اور غیر مجلس میں رد کردینے سے اسواسطے کہ اُسمیں
معنی اسقاط ہے اور بعضوں نے کہا کہ رد کرنا مقید بہ مجلس ہے کذا فی العنایہ م معنی اسقاط تعمیم کی تعلیل ہے یعنی رد غیر مجلس اسواسطے صحیح ہوا کہ اُسمیں
معنی اسقاط ہے اسواسطے کہ تملیک محض کا رد مقید بہ مجلس ہے لکن فی الصیرفیة لو لم یقبل ولم یرد حتی افترقا ثم بعد ایام رد لا یرتد فی الصحیح
لیکن صیرفیہ میں ہے کہ اگر مدیون ہبہ یا ابرا قبول نکرے اور نہ رد کرے یہانتک کہ دائن اور مدیون جدا ہوں پھر بعد چند روز کے مدیون رد کرے
تو قول صحیح میں رد نہ ہوگا م صاحب عنایہ نے جو قول ثانی کی تضعیف کی ہے اُسپر یہ استدراک ہے بعضوں نے اسکا یوں جواب دیا ہے کہ اگرچہ یہ قول
صحیح ہے لیکن دوسرا قول اصح ہے تو دو قول صحیح ٹھہرے کذا فی الطحطاوی ولکن فی المجتبی الاصح ان الہبة تملیک والابراء اسقاط لیکن مجتبی میں ہے

صحیح تر یہ قول ہی کہ ہبہ تو تملیک ہی اور ابرا اسقاط ہی م یہ استدراک ہی فقہا کے اس قول پر کہ ہبہ اور ابرا ایک وجہ سے اسقاط ہی اور ایک وجہ سے تملیک
لیکن یہ استدراک قول مشہور کے مخالف ہی کذافی الحلبی تملیک الدین ممن لیس علیہ الدین باطل الا فی ثلث حوالۃ ووصیۃ واذا سلطہ ای سلط المملک
غیر المدیون علی قبضہ ای الدین فیصح حینئذ دین کا مالک کر دینا اُس شخص کو جسپر دین نہین ہی باطل ہی مگر تین صورتون مین باطل نہین حوالہ مین اور وصیت مین
اور جبکہ مالک کر دینے والا غیر مدیون کو قبض دین پر مسلط کر دے تو اب تملیک صحیح ہو گی م جب اسنے قبض پر مسلط کیا تو وہ وکیل قابض ٹھہرا موکل یعنی ہبہ کرنیوالے کیواسطے اپنے
واسطے کذافی الاشباہ حوالہ کی یہ صورت ہی کہ جب محال علیہ محیل کا مدیون ہو اور وہ کسی شخص کو دین مذکور دلادے تو دین منتقل ہو گا محیل کے ذمے سے محال علیہ کے ذمہ
پر اور وصیت کی یہ صورت ہی کہ ثلث مال کی وصیت کی اور ترکے مین دیون ہین تو موصی لہ دیون سے بقدر وصیت کے مالک ہو گا یعنی مطالبہ کا مالک ہو گا کذافی الطحطاوی
ومنہ مالو وہبت من ابنہا مالہا علی ابیہ فالمعتمد الصحۃ للتسلیط اور منجملہ تملیک غیر مدیون سے یہ صورت ہی کہ اگر عورت نے اپنے فرزند کو ہبہ کیا وہ دین جو اُسکے باپ پر
ہی تو معتمد صحت ہبہ ہی بسبب مسلط کرنے کے م یعنی تسلیط بنا بر عادت کے مراد ہی اور ظاہر کلام یہ ہی کہ تسلیط فرزند بالفعل شرط نہین اور فتاوی قاضی خان مین ہی کہ صحیح
قول یہ ہی کہ یہ ہبہ صحیح نہین مگر جبکہ عورت ہبہ کرے اور اپنے فرزند کو قبض پر مسلط کرے تو ایسا جائز ہی اور فرزند کی ملک بعد قبض کے ثابت ہو گی اور اسیطرح اشباہ مین ہی
کذافی الطحطاوی وتفرع علی ہذا الاصل لو قضی دین غیرہ علی ان یکون لہ لم یجز ولو کان وکیلا بالبیع فصولین اور اس اصل پر جو متن مین مذکور ہی یہ حکم متفرع ہوتا ہی
کہ اگر غیر شخص کا دین ادا کرے اس شرط پر کہ دین اُسکا ہو یعنی ادا کرنے والے کا تو جائز نہین اگرچہ ادا کرنے والا بیع کا وکیل ہو کذافی الفصولین م یعنی وکیل بیع نے
موکل کو اپنے پاس سے ثمن ادا کر دیا تاکہ جو دین کہ مشتری کے ذمے پر ہی وکیل کا ہو تو صحیح نہین ولیس منہ ما اذا اقر الدائن ان الدین لفلان وان اسمہ فی کتاب
الدین عاریۃ حیث صح اقرارہ لکونہ اخبار الا تملیکا فللمقر لہ قبضہ بزازیۃ وتمامہ فی الاشباہ من احکام الدین اور تملیک غیر مدیون سے یہ صورت نہین جبکہ دائن
یہ اقرار کرے کہ دین فلانے شخص کا ہی اور اسکا نام یعنی میرا نام دین کے تمسک مین بطریق عاریت کے ہی کیونکہ اسکا اقرار صحیح ہی بسبب اسکے اخبار ہونے کے نہ
تملیک ہونے کے تو مقر لہ کو دین کا قبض کرنا جائز ہی کذافی البزازیۃ اور پورا بیان اسکا اشباہ مین ہی دین کے احکام سے م تو اگر مدیون مقر لہ کو دین دیگا تو بری الذمہ
ہو جائیگا اور اسیطرح اگر مقر کو دیگا کذافی المنح وکذا لو قال الدین الذی لی علی فلان لفلان بزازیۃ وغیرہا قلت وہو مشکل لانہ مع الاضافۃ الی النفسہ یکون تملیکا وتملیک
الدین ممن لیس علیہ باطل فتامل اور اسیطرح اقرار صحیح ہی اگر ایک شخص نے کہا کہ جو میرا دین فلانے پر ہی وہ فلانے شخص کا ہی کذافی البزازیۃ وغیرہا مین
کہتا ہون اور یہ اقرار مشکل ہی اسواسطے کہ اپنی ذات کی طرف نسبت کرنے سے تملیک ہو گی اور دین کی تملیک غیر مدیون کے واسطے باطل ہی تو اسکو تامل کر لے
م جواب اشکال کا یون ممکن ہی کہ مراد یہ ہی کہ میرا دین بسبب ظاہر فلانے پر ہی وہ نفس الامر مین فلانے شخص کا ہی تو کچھ اشکال نہین کذافی الحلبی وفی الاشباہ
فی قاعدۃ تصرف الامام منوط بالمصلحۃ عن البزازیۃ اصطلحا ان یکتب اسم احدہما فی الدیوان فالعطاء لمن کتب اسمہ الخ اور اشباہ مین ہی تصرف امام کے قاعدے مین
بزازیہ کی کتاب الصلح سے منقول کہ دو شخصون نے اتفاق اور صلح کی اسپر کہ دونون شخصون مین سے ایک کا نام دفتر سلطانی مین لکھا جائے تو عطا سلطانی اُسی شخص کے
واسطے ہو گی جسکا نام دفتر مین لکھا گیا الی آخرہ م مضمون عبارت بزازیہ یون ہی جس شخص کی عطا دفتر مین ہی وہ دو فرزند چھوڑ کر مر گیا دونون نے اسپر اتفاق
کیا کہ ایک کا نام دفتر مین لکھا جائے اور وہی عطا لیا کرے اور دوسرے کو عطا مین کچھ نہین اور جو عطا لے وہ دوسرے کو کچھ مال دے تو یہ صلح باطل ہی اور بدل صلح اور عطا
اسکو دیا جاے جسکے واسطے نام یعنی سلطان نے عطا مقرر کی اسواسطے کہ استحقاق عطا سلطان کے اثبات سے ہی رضا غیر کو اسمین دخل نہین کذافی الطحطاوی والصدقۃ کالہبۃ
بجامع التبرع اور صدقہ ہبہ کے مانند ہی بواسطہ اشتراک تبرع کے یعنی جسطرح ہبہ عطاے غیر واجب ہی اسیطرح صدقہ ہی لہذا دونون احکام مین یکسان ہین وحینئذ لاتصح
غیر مقبوضۃ ولا فی مشاع یقسم اور اسوقت مین یعنی جبکہ صدقہ ہبہ کے مانند ہوا تو صدقہ بدون قبض کے صحیح نہین یعنی تمام نہین اور نہ مشاع محتمل القسمۃ صحیح ہی ولا رجوع
فیہا ولو علی غنی لان المقصود فیہا الثواب لا العوض اور صدقہ دیکر پھیر لینا جائز نہین اگرچہ مالدار کو صدقہ دیا ہو اسواسطے کہ صدقہ مین مقصود ثواب ہی

نہ عوض لینا یعنی برخلاف ہبہ لہذا اُسمین رجوع جائز ہی ولو اختلفا فقال الواہب ہبۃ وقال الآخر صدقۃ فالقول للواہب خانیۃ اور اگر دو شخصون نے خلاف کیا واہب نے تو کہا ہبہ ہی یعنی جو مین نے تجھکو دیا وہ ہبہ ہی تو مجکو پھیر لینا جائز ہی اور دوسرے شخص نے کہا صدقہ ہی یعنی پھیر لینا جائز نہین تو واہب ہی کا قول مقبول ہوگا کذا فی الخانیہ

فائدہ جلیلہ سید حموی نے کہا کہ جان رکھ کہ تملیک بمعنی ہبہ ہوتی ہی اور قبض کرنے سے تمام ہو جاتی ہی اور جب تملیک قبض اور تسلیم سے خالی ہو تو اُسمین علما کا اختلاف ہی بعضون نے کہا جائز ہی اور بعضون کے نزدیک جائز نہین بقیاس علی الہبۃ اور اکثر علما اسپر ہین کہ تملیک جائز ہی بدون تسلیم کے اور تملیک غیر ہبہ ہی اسواسطے کہ تملیک اور ہبہ دونون باعتبار نام کے بھی اور باعتبار حکم کے بھی نام کی مغائرت تو ظاہر ہی اور حکم کی مغائرت اسواسطے ہی کہ اگر درختون پر لگے پھلون کو ہبہ کرے تو جائز نہین اور اگر تملیک کا اقرار کرے تو جائز ہی تو ثابت ہوا کہ تملیک صحیح ہی بدون تسلیم کے اور تملیک ہبہ کی غیر ہی اور اسی قول پر فتوی ہی اور اسی پر لوگون کا عمل ہی اور مقر کی موت بمنزلہ تسلیم کے ہی بالاتفاق چنانچہ مفتاح مین ہی انتہی کذا فی الطحطاوی

فروع مسائل ملحقہ شارح کے کتب قصۃ الی السلطان لیسالہ تملیک ارض محدودۃ فامر السلطان بالتوقیع فکتب الکاتب جعلتہا لہ ہل یحتاج الی القبول فی المجلس القیاس نعم لکن لما تعذر الوصول اقیم السوال بالقصۃ مقام حضورہ ایک شخص نے اپنا حال بادشاہ کو لکھا اُس سے تملیک ارض محدود کی طلب کی سو بادشاہ نے فرمان لکھدینے کا حکم کیا سو اُسکے منشی نے لکھدیا کہ اُس زمین کا مین نے اُسکو مالک کر دیا تو اس تملیک مین قبول مجلس کی حاجت ہی یا نہین جواب اسکا یہ ہی کہ ہان قیاس یہ ہی کہ قبول فی المجلس کی حاجت ہی لیکن ہرگاہ کہ پہونچنا شخص کا بادشاہ تک متعذر ہی سوال بالقصہ حاضر ہونے کے قائم مقام کر دیا گیا ہم وجہ قیاس یہ ہی کہ تملیک محتاج ہی قبول فی المجلس کی بہتر یہ تھا کہ شارح مقام حضورہ کے مقام پر مقام قبولہ کہتا کذا فی الطحطاوی

اعطت زوجہا مالا بسوالہ لیتوسع فظفر بہ بعض غرمائہ ان کانت وہبتہ او اقرضتہ لیس لہا ان تسترد من الغریم وان اعطتہ لیتصرف فیہ علی ملکہا فلہا ذلک لا لہ زوجہ نے اپنے زوج کو مال دیا اُسکے سوال پر تا کہ زوج وسعت کرے مصارف مین پھر اُس مال کو زوج کا بعض قرضخواہ پا گیا اگر زوجہ نے اُسکو مال مذکور ہبہ کیا ہو یا اُسکو قرض دیا ہو تو زوجہ کو قرضخواہ سے پھیر لینا جائز نہین اور اگر اُسنے دیا ہو تا کہ زوج اُسمین تصرف کرے زوجہ کے مالک ہونے پر تو عورت کو زوج کے قرضخواہ سے پھیر لینا جائز ہی نہ زوج کو دفع لانہ بالقیام بہ

فیہ فیفعل وکثر ذلک فمات الاب ان اعطاہ ہبۃ فالکل لہ والا فمیراث وتمامہ فی جواہر الفتاوی ایک شخص نے اپنے فرزند کو مال دیا کہ وہ اُسمین تصرف کرے سو اُسنے تصرف بطریق تجارت کے کیا اور مال زیادہ ہو گیا پھر باپ مر گیا اگر باپ نے اُسکو مال ہبہ کیا ہو تو تمام مال فرزند کا ہی اور نہین تو میراث ہی یعنے وہ مال سب وارثون مین قسمت ہوگا اور پورا بیان اسکا جواہر الفتاوی مین ہی

بعث الیہ بہدیۃ فی اناء ہل یباح اکلہا فیہ ان کان ثریدا ونحوہ مما لو حولہ الی اناء آخر ذہبت لذتہ یباح والا فان کان بینہما انبساط یباح ایضا والا فلا ایک شخص نے دوسرے کو کھانا تحفہ بھیجا برتن مین کیا اسکا کھانا لینا برتن مین مباح ہی یا نہین جواب یہ ہی کہ اگر کھانا ثرید ہو یعنے روٹی شوربے مین بھیگی ہو یا مانند اُسکے اس قسم کا کھانا کہ اگر اُسکو دوسرے برتن مین کیجیے تو لذت اُسکی جاتی رہے تو اُسمین کھا لینا جائز ہی اور اگر دوسرے برتن مین کرنے سے لذت نہ جاتی ہو تو اگر دونون شخصون مین بے تکلفی ہو تو بھی اُسمین کھانا مباح ہی اور نہین تو مباح نہین ہم فتاوی عالمگیری مین ہی کہ جب تحفہ بھیجا برتن مین اور پھیر دینا ظرف کا رواج اور عادت ہو چنانچہ پیالے اور تھیلے وغیر ذلک تو وہ شخص اُسکا مالک نہوگا اور اگر عادت ظرف پھیر دینے کی نہو جیسے ڈالیان پھولون کی تو ظرف بھی تحفہ ہی اور اُسکا پھیر دینا لازم نہین پھر جب تحفہ نہ ٹھہریگا تو امانت ہوگا

دعا قوما الی طعام وفرقہم علی اخونۃ لیس لاہل خوان مناولۃ اہل خوان آخر ولا اعطاء سائل وخادم وہرۃ لغیر رب المنزل ولا کلب ولو لرب البیت الا ان یناولہ الخبز المحترق للاذن عادۃ وتمامہ فی الجوہرۃ ایک شخص نے ایک قوم کے کھانے کی دعوت کی اور لوگون کو جدا جدا خوانون پر بانٹ دیا تو ایک خوان والے کو دوسرے خوان والے کو کچھ اپنے پاس سے کھانا دینا نہین جائز ہی اور نہ سائل اور خادم اور غیر صاحب خانہ کی بلی کو دینا جائز ہی اور نہ کتے کو دینا جائز ہی اگرچہ صاحب خانہ کا کتا ہو مگر یہ کہ اُسکو جلی روٹی دے تو جائز ہی کیونکہ عادت مین اسکا اذن ثابت ہی اور پورا بیان اسکا جوہرہ مین ہی ہم فقیہ نے کہا کہ قیاس تو یہی ہی اور استحسان مین یہ ہی کہ جو شخص اس ضیافت مین ہو اُسکا دینا جائز ہی اور اسی قول کو ہم لیتے ہین چنانچہ عالمگیری مین ہی خادم سے مراد وہ خادم ہی

جو دستار خوان پر کھڑا ہو کذا فی الجوہرہ تو معلوم ہوا کہ صاحب خانہ کا خادم مراد ہی پھر جب اسکو دینا درست نہوا تو اور خادم کو بطریق اولی دینا جائز نہوگا تتمہ دمین
ہو کہ ایک نے دوسرے کو خط لکھا اور اسمین یہ لکھا کہ اسکی پشت پر جواب لکھے تو مکتوب الیہ کو اس خط کا پھیر دینا لازم ہوگا اور اسکو اسمین تصرف کرنا درست نہوگا اور
اگر جواب پشت خط پر طلب نہین کیا تو مکتوب الیہ خط کا مالک ہوگا کذا فی الطحطاوی وفی الاشباہ لا جبر علی الصلات اور اشباہ مین ہو کہ جبر نہین صلون پر ہم صلات جمع صلہ
کی اور صلہ عبارت ہی ادا مال سے بلا مقابلہ عوض مال کے چنانچہ زکوۃ اور نذر اور کفارہ کذا فی الطحطاوی عن المعراج الا فی اربع شفعۃ ونفقۃ زوجتہ وعین موصی بہا ومال
وقف صلون پر زبردستی نہین مگر چار صلون پر زبردستی ہو شفعہ مین اور زوجہ کے نفقہ مین اور اس چیز مین جسکی وصیت کی گئی اور وقف کے مال مین ہم تو مشتری پر
تسلیم عقار واجب ہو شفیع کو باوجودیکہ شفعہ صلہ شرعی ہو و لہذا اگر شفیع مرجاوے تو شفعہ باطل ہوجاتا ہی اور نفقہ زوجہ اگرچہ صلہ ہوا ایک راہ سے لیکن دوسری راہ سے
عوض ہو کیونکہ وہ احتباس کا بدلا ہی اور اسیطرح ناظر وقف پر تسلیم مال وقف واجب ہی اگرچہ وہ صلہ محض ہو اگر مقابلہ عمل کے نہو اور پانچوین صورت نفقہ اقارب کی ہی اور چھٹی
صورت ادائے دیت ہی عاقلہ پر کیونکہ ایجاب عاقلہ پر بطریق صلہ کے ہی کذا فی الطحطاوی وقد حررت ابیاتنا الوہبانیۃ علی وفق ما فی شرحہا للشرنبلالی فقلت شعر وواہب
دین لیس یرجع مطلقا * وابراء ذی نصف یصح المحرر * اور البتہ مین نے ابیات وہبانیہ کی تحریر اور تنقیح کی ہو شرنبلالی کی شرح کے موافق تو مین نے یون کہا
اور دین کا ہبہ کرنے والا رجوع نہین کرتا ہر طرح یعنی خواہ مدیون قبول کرے یا نہ قبول کرے اور نصف دین والے کا ابرا کرنا صحیح ہی اور یہی قول محرر اور محقق ہی ہم ابرائے
نصف دین کی یہ صورت ہی کہ دو شخصون کا دین مشترک ہو ایک شخص پر پھر ایک شخص نے دین معاف کردے تو اگر دائن یون کہے کہ مین نے اپنا حصہ معاف کردیا تو یہ بالاتفاق
صحیح ہی اور اگر یون کہا بلا اضافت کہ مین نے نصف دین معاف کردیا تو ظاہر الروایۃ یہ ہی کہ پہلی صورت کی طرح اسکا تمام حصہ معاف ہوگا اور بعضون نے کہا کہ نصف النصف
یعنی چہارم دین معاف ہوگا کذا فی الطحطاوی شعر علی حجہا او ترکہ ظلمہ لہا * اذا وہبت مہرا ولم یوف یخسر * جبکہ عورت نے اپنے زوج کو مہر ہبہ کیا اپنے حج کروانے پر
یا زوج کے ظلم نہ کرنے پر اور زوج نے شرط مذکور پوری نہ کی تو زوج کو نقصان ہوگا ہم صورت اسکی یہ ہی کہ بشرط حج کروانے عورت کے یا ترک ظلم کے عورت نے
مہر اپنا معاف کیا اور زوج نے قبول کیا پھر نہ اسکو حج لیگیا نہ ظلم کرنا چھوڑا تو مہر بحال سابق باقی رہیگا اسواسطے کہ عورت ترک مہر پر راضی نہ تھی مگر شرط
مذکور سے پھر جب شرط فوت ہوئی تو رضامندی فوت ہوگئی یہی قول مفتی بہ ہی ہان اگر زوج تادیب مستحق پر زوجہ کو ماریگا تو البتہ مہر معاف ہوجائیگا اسواسطے کہ
جو حق زوج ہو وہ ظلم نہین کذا فی شرح الوہبانیہ لعبد البر شعر معلق تطلیق بابراء مہرہا * عن النکاح اخری لم یرد یظفر * طلاق کا معلق کرنے والا عورت کے ابراء مہر اور
دوسری عورت سے نکاح کرنے پر اگر ابرا کو رد کرے تو ظفر یاب ہوگا یعنے طلاق نہ واقع ہوگی ہم صورت اسکی یہ ہی کہ زوج نے زوجہ سے کہا کہ جب مین تیرے
اوپر دوسری عورت کا نکاح کرون اور تو اپنا مہر مجکو معاف کردے تو تو طالق ہی پھر جب زوجہ نے مہر سے ابرا کیا تو زوج نے ابرا قبول نہ کیا تو طلاق نہ واقع
ہوگی یہ مسئلہ وہبانیہ مین نہین بلکہ شرنبلالی نے اسکو نظم کیا ہو شعر وان قبض الانسان مال مبیعہ * فابراؤہ منہ کالدین اظہر * اور اگر آدمی نے اپنے
مبیع کا مال یعنی ثمن اسکا لیا پھر ثمن اسکا معاف کردیا تو ثمن مذکور اس سے پھیر لیا جائیگا مانند دین کے یہ قول ظاہر تر ہی ہم ابراء ثمن کی یہ صورت ہی
کہ کوئی چیز بیچی اور مشتری سے اسکا ثمن قبض کیا پھر بائع نے مشتری کو ثمن معاف کردیا بعد قبض کے تو ابرا صحیح ہی اور مشتری نے جو ثمن دیا تھا
اسکو بائع سے پھیر لیگا اسیطرح اگر دائن بعد قبض دین مدیون کو دین معاف کردے تو مدیون اس سے دین پھر لیگا شعر ومن دون ارض فی البناء صحیحۃ *
وعندی فیہ وقفۃ فیحرر * اور زمین کے سوا فقط عمارت مین ہبہ کرنا صحیح ہی اور میرے نزدیک اسمین توقف اور تامل ہی تو اسکی تحریر اور تحقیق کرنا چاہیے
قلت وجہ توقفی تصریحہم فی کتاب الرہن بان رہن البناء دون الارض وعکسہ لا یصح لانہ کالشائع فتاملہ مین کہتا ہون اور میرے توقف کی وجہ مسئلہ
مذکورہ مین تصریح کرنا فقہا کا ہی کتاب الرہن مین اس مسئلے کا کہ رہن رکھنا عمارت کا بدون زمین کے اور زمین کا رہن رکھنا بدون عمارت کے
صحیح نہین اسواسطے کہ یہ شائع کے مانند ہی تو اسمین تامل کر ہم اصل توقف علامہ عبد البر شارح وہبانیہ سے ہی شارح مذکور نے کہا کہ مسئلہ ہبہ عمارت

بلا ارض ذخیرہ اور منیہ اور تتمہ سے منقول ہی اور دلیل مسئلے کی تتمہ مین یون مذکور ہی کہ مشتری جب کہے کہ مین نے زمین مول لی ہی اور بائع نے عمارت اُسکی ہبہ کی ہی اور شفیع کہے بلکہ تو نے زمین اور عمارت دونون مول لین ہین تو مشتری کا قول مقبول ہوگا پھر شارح نے کہا کہ میرے نزدیک استدلال مین نظر ہی اسواسطے کہ یہان کی صحت تقدم ملک ارض سے حاصل ہوئی ہی اور لائق یہ ہی کہ ہبہ عمارت کا بدون ارض صحیح نہوا اسواسطے کہ قبض شرط ہی ہبہ مین اور یہ بمنزلہ مشاع کے ہی بتصریح مسئلہ کتاب الرہن کہ رہن عمارت بلا ارض و بالعکس صحیح نہین کیونکہ بمنزلہ مشاع کے ہی انتہی اور کافی مین ہی کہ اگر غلہ مزروع ہبہ کیا زمین مین اور پھل درخت پر اور زیور تلوار مین اور عمارت گھر مین اور من بھر اناج ڈھیر سے اور موہوب لہ کو کھیت کاٹنے اور پھل توڑنے اور زیور اوکھیڑنے اور عمارت ڈھانے اور اناج تول لینے کا امر کیا اور موہوب لہ نے امر کے موافق عمل کیا تو ہبہ صحیح ہوگا استحسان کی وجہ سے گویا اُسے علیحدہ کرنے کے بعد ہبہ کیا اور اگر واہب قبض کا اذن ندے اور موہوب لہ ویسا کرے تو تاوان اُسپر لازم ہوگا انتہی تو مدار تحقیق اس تفصیل پر ٹھہرا اور کافی کا کلام فیصلہ توقف مین کافی ہوگیا یعنے صحت ہبہ عمارت بلا ارض اُس صورت مین ہی جبکہ واہب بنے عمارت ڈھانے اور قبض کرنے کا امر کیا اور موہوب لہ نے اُسپر عمل کیا کذا فی الطحطاوی واشرت باظہر لمافی العمادیۃ عن خواہرزادہ انہ لا یرجع واختارہ بعض المشائخ اور اشارہ کیا مین نے بلفظ اظہر جو چوتھی بیت مین اس قول ضعیف کی طرف جو عمادیہ مین ہی خواہرزادہ سے کہ بعد قبض ثمن مشتری بائع سے ثمن نہ پھیرلے اور بعض مشائخ نے اس قول کو پسند کیا ہی وبظفر ای بنکاح ضرتہا لانہ یردہ للابراء البطلہ فلا حنث فلیحفظ اور بلفظ یظفر اشارہ کیا تیسری بیت مین یعنے زوجہ کی سوت کے ساتھ نکاح کرنے پر زوج ظفریاب ہوا اسواسطے کہ ابرا کے رد کرنے سے اُسنے تعلیق طلاق کو باطل کردیا تو قسم نہ ٹوٹی سو اسکو یاد رکھنا چاہیے **خاتمہ** تاتارخانیہ مین ہی طحطاوی نے کہا کہ اگر تحفہ اور ہدیہ ایسا ہو کہ قسمت کا محتمل نہو جیسا کہ کپڑا یا اُس قسم سے ہو کہ فی الحال ماکول نہو جیسا کہ گوشت اور مانند اُسکے تو اپنے ہمنشینون اور ساتھیون کو اُسمین سے کچھ ندے اور اگر فی الحال کھانے کے لائق ہو تو صحبت والون کو اُسمین سے کچھ دے اور باقی اپنے اہل وعیال کے واسطے رکھے سراج وہاج مین ہی ایک مرد مرگیا سو دوسرے شخص نے اُسکے فرزند کو کپڑا بھیجا اُسکے کفن کے واسطے تو اُس کپڑے کا فرزند کیا مالک ہوگا کہ اَور کپڑے سے کفن اُسکا کرے اور وہ کپڑا اُس کے واسطے رکھ چھوڑے یا مالک نہین جواب یہ ہی کہ اگر میت بزرگ شخص ہو جسکی تکفین سے برکت لینا منظور ہو بسبب اُسکے علم یا پرہیزگاری کے تو فرزند اسکا مالک نہین اور اگر دوسرا کفن دیگا تو کپڑے کا پھیر دینا اُسپر واجب ہوگا اور اگر ایسا نہین تو فرزند کو جائز ہی کہ کپڑے کو جہان چاہے صرف کرے کذا فی الطحطاوی واللہ سبحانہ اعلم واستغفر اللہ الحکیم الکریم وصلے اللہ علے سیدنا وشفیعنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین ۞

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ علے احسانہ کہ جلد تیسری غایۃ الاوطار ترجمۂ اُردو دُرمختار بار چہارم مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بعلو ہمتی منشی پراگ نراین صاحب مالک مطبع موصوف بماہ محرم الحرام ۱۳۱۸ھ مطابق ماہ مئی ۱۹۰۰ء چھپکر تیار ہوئی۔

نام کتاب	قیمت
نام حق ـ مشہور درسی از شیخ شرف الدین بخاری ـ	۶ پائی
مائۃ مسائل ـ سو مسائل از مولانا احمد الصدر رحمہ اللہ ـ	۴ر۳
شرح وقایہ فارسی ـ مع حاشیہ ملتقی الابحر از شاہ عبد الحق محدث دہلوی	۱۴ر۲
مسلک المتقین ـ مرغوب علمائے ولایت از مولوی الہ یار خان ـ	[illegible]
فتاوی برہنہ ـ جامع ابواب فقہ از مفتی نصیر الدین ـ	۸ر
قدوری ـ	۶ ر
شرح فارسی مختصر وقایہ ـ از عبد الرحمن جامی ـ	۱۵ ر
کنز فارسی ـ از مفتی نصیر الدین کرمانی محشی مع فرہنگ ـ	۹
ما لا بد منہ ـ از قاضی ثناء الصدر رحمہ اللہ مع وصیت نامہ ـ	۵ر۳
شرح مختصر وقایہ کو رمیری ـ از مولانا جلال الدین سمرقندی ـ	[illegible]
رسالۂ تنبیہ الانسان ـ در حلت و حرمت جانوران ـ	۹ پائی
رسالۂ قاضی قطب ـ ذکر ایمان ارکان	۳ پائی

کتب فقہ عربی

نام کتاب	قیمت
ابو المکارم ـ شرح مختصر وقایہ از عبد اللہ بن محمد معروف ـ	عہ ر
مبادی الاصول ـ مصنفہ مولانا	

نام کتاب	قیمت
ابی المنصور الحسن بن یوسف ـ	۱ر۹
برجندی ـ شرح مختصر وقایہ از مولانا عبد العلی برجندی معتبر شرح ہے ـ	[illegible]
کنز الدقائق ـ	
جامع الرموز ـ شرح مختصر وقایہ از ملا شمس محمد قہستانی متداول ـ	[illegible]
فتح القدیر ـ بقلم جلی ہدایہ اور بقلم مناسب فتح القدیر از امام کمال الدین بن الہمام نہایت مستند و باعظمت شرح مشہور و معروف اور آخرین تکملۂ زین الدین آفندی کامل چار مجلد ضخیم بتفصیل ذیل ـ کاغذ سفید گندہ ـ	[illegible]
ایضاً ـ کاغذ حنائی ـ	[illegible]
ہدایہ ـ حاشیہ جدید نہایت عمدہ زوائد و فوائد محشی مولانا محمد حسن سنبھلی مرحوم ہر چہار جلد کامل دو مجلدات تین بشرح ذیل ـ	[illegible]
۱ ـ جلدین اولین عبادات ـ	[illegible]
۲ ـ جلدین آخرین معاملات ـ	[illegible]
ہدایہ مع شرح الکفایہ ـ از سید جلال الدین کرلانی بہت معروف و مستند متداول چار جلدین اس شرح ہدایہ پر حاشیہ بہت مستند لکھے گئے ہین کاغذ سفید کامل و بتفصیل ذیل ـ	[illegible]
ایضاً ـ جلد اول و ثانی تا آخر نکاح ـ	۱۲ر
ایضاً ـ جلد سوم و چہارم تا آخر کتاب ـ	۱۲ر

نام کتاب	قیمت
فتاوائے عالمگیری ـ ہر چہار جلد کامل در سہ جلد کاغذ حنائی و سفید ـ	[illegible]
فتاوی قاضیخان مع سراجیہ ـ از امام قاضی حسن بن منصور قاضی خان مستند معتمد معروف متداول دو مجلد کامل ـ	[illegible]
شرح وقایہ ـ از امام صدر الشریعہ جلی قلم مع کامل حاشیہ ذخیرۃ العقبی از یوسف بن جنید چلپی داخل درس تقطیع کلان خوشخط و صحیح کاغذ سفید ـ	[illegible]
ایضاً ـ کاغذ حنائی ـ	[illegible]
شرح وقایہ خرد ـ مع دائرۂ ہندیہ متوسط قلم ـ	۸ر۲
ذخیرۃ العقبی ـ حاشیہ شرح وقایہ از یوسف بن جنید چلپی متداول معروف ـ	[illegible]
اشباہ و النظائر ـ مع شرح حموی معروف مستند متداول ـ	[illegible]
ملا مسکین ـ از بیوع تا وصایا محشی جدید ـ	[illegible]
کنز الدقائق محشی متداول درسی کتاب ـ	۸ر
مستخلص الحقائق ـ شرح کنز الدقائق مشہور متداول ـ	[illegible]
عینی شرح کنز الدقائق محشی ہر چہار جلد مستند معروف متداول دو مجلدین	۲ر
(۱) جلدین اولین عبادات مین ـ	۸ر
(۲) جلدین آخرین معاملات مین	۱۰ر
شرح الیاسی ـ شرح مختصر وقایہ از شیخ محمود بن الیاس کمل یکجائی ـ	[illegible]

نام کتاب	قیمت
مختصر وقایہ محشی - از امام صدر الشریعۃ درسی متداول -	۹ر
عمدۃ البضاعۃ - فی مسائل الرضاعۃ از مولوی تراب علی مرحوم -	۶ پائی
قدوری محشی - تالیف امام ابو الحسن قدوری متداول -	۴ر
کتب حدیث اُردو	
مظاہر حق - ترجمہ مشکوۃ المصابیح ترجمہ جناب مولانا محمد قطب الدین دہلوی مرحوم و مغفور کا چار جلدوں میں ہے حامل المتن یعنی اول عبارت عربی حدیث کی بعدہ اسکا ترجمہ اُردو میں کاغذ سفید گندہ -	عـہ ب
الیضاً - کاغذ حنائی و سفید معمولی -	لعہ ب
تحفۃ الاخیار - ترجمہ اُردو مشارق الانوار مترجمہ مولوی خرم علی - کاغذ سفید و حنائی -	عہ ۱۲ر ب
ترجمہ جامع ترمذی - حامل المتن جلد اول مترجمہ مولوی فضل احمد انصاری لاہوری کاغذ سفید و حنائی -	عـا ر ب
الیضاً - جلد دوم کاغذ سفید و حنائی -	عـا ر ب
کتب حدیث فارسی	
اشعۃ اللمعات حامل المتن شرح مشکوۃ از مولانا محدث عبد الحق دہلوی چار مجلد اشتہ جیت پوری شرح مع ترجمہ کاغذ سفید و حنائی -	لعہ ر ب
کتب حدیث عربی	
تیسیر الوصول الی احادیث جامع الاصول	

نام کتاب	قیمت
از شیخ عبد الرحمن بن علی یمنی معروف -	عـا ر ب
جامع ترمذی - از امام ابو عیسیٰ صحاح ستہ میں سے معروف مع رسالہ اصول حدیث جرجانی و شمائل ترمذی جدید	عـا ر ب
قسطلانی - شہاب الدین قسطلانی کی شرح صحیح البخاری مسمیٰ بارشاد الساری معروف بہ قسطلانی دس مجلدات میں یعنی شرح خط نسخ کاغذ سفید ولایتی گندہ -	عـہ ر ب
سنن ابی داؤد - ہر چہار جلد کامل دو جلد میں از امام سلیمان بن اشعث داخل صحاح ستہ معروف بہ جدید الطبع -	عـا ر ب
دلائل الخیرات - با ترجمہ فارسی و اسمائے متبرکہ و خواص سمار حسنے معروف -	۸ر
زاد السبیل الی الجنۃ والسلسبیل ذخیرہ احادیث از مولانا غلام یحییٰ -	۴ر
عناصر الخیرات - با ترجمہ اُردو از حکیم ناصر علی صاحب آروی بے نقط درود کا مجموعہ -	۱۱ر
کتب تفسیر اُردو	
مقدمہ تفسیر مواہب الرحمن -	۸ر ب
تفسیر مواہب الرحمن - پارہ اول مؤلفہ مولوی امیر علی صاحب مترجم فتاویٰ عالمگیری مع مقدمہ -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ دوم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ سوم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ چہارم -	عـہ ر ب

نام کتاب	قیمت
تفسیر مواہب الرحمن - پارہ پنجم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ ششم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ ہفتم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ ہشتم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ نہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ دہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ یازدہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ دوازدہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ سیزدہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ چہاردہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ پانزدہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ شانزدہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ ہفدہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ ہشتدہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ نوزدہم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ بستم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ بست و یکم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ بست و دوم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ بست و سوم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ بست و چہارم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ بست و پنجم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ بست و ششم -	عـہ ر ب
الیضاً - پارہ بست و ہفتم -	عـہ ر ب
تفسیر سورہ فاتحہ مسمیٰ بہ تحفۃ الاسلام از مولوی اکرام الدین -	۲ر